الامام العام شیخ الاسلام أبی یعلی کی شہرہ آفاق کتاب مسند أبی یعلی الموصلی کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

مُسنَدُ ابو یعلی الموصلیؒ

1

مصنف:

الامام العام شیخ الاسلام أبی یعلی احمد بن علی بن المثنی الموصلی
المتوفی سنۃ ۳۰۷ھ

مُترجم غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

الامام الهمام شیخ الاسلام ابی یعلی کی شہرہ آفاق کتاب مُسند ابی یعلی الموصلی کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

مُسند
ابی یعلی الموصلیؒ

جلد اوّل

مصنف:

الامام الهمام شیخ الاسلام ابی یعلی احمد بن علی بن المثنی الموصلی

المتوفی سنۃ ۳۰۷ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795
پروگریسو بکس

مُسنَد أبی یعلی الموصلیؒ

مصنف:
الامام الهمام شیخ الاسلام ابی یعلی احمد بن علی بن المثنی الموصلی
المتوفی سنۃ ۳۰۷ ھ

مترجم
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

جلد اوّل

بار اول .... ستمبر 2016
پرنٹرز .... آصف صدیق، پرنٹرز
سرورق .... النافع گرافکس
تعداد 1100/-
ناشر .... چوہدری غلام رسول ـ میاں جواد رسول
میاں شہزاد رسول
قیمت .... =/ روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941
0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ٥ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ٥ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

کتاب العلم

کتاب الایمان

کتاب الطهارة

کتاب الاضحیة

کتاب الصلٰوۃ

كتاب الجنائز

كتاب الصوم

کتاب فضائل القرآن

کتاب التفسیر

كتاب الحج

كتاب الجنة والجهنم

کتاب البیوع

کتاب الجهاد

كتاب النكاح

كتاب آداب الطعام والشراب

كتاب حرمت الشراب

كتاب المريض

کتاب الدعاء

کتاب فضائل سیّد الانبیاء

كتاب فضائل الصحابة

كتاب مناقب الامة

كتاب المواريث

كتاب الزكوة والصدقه

کتاب الذکر

كتاب علامات الساعة والفتن

كتاب البر

كتاب اللباس

كتاب الحدود

كتاب متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

فہرست
(بلحاظِ حروفِ تہجی)

عنوانات	صفحہ

☆☆☆☆☆

انتساب

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو بحر العلم وعرفان سیّد السادات حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ اور محقق وقت، بحر العلوم، امام الواصلین، حجۃ الواصلین، تاجدار گولڑہ شریف حضرت پیر سیّد مہر علی شاہ قدس سرہٗ العزیز اور امام عالرفین سلطان الفقر سیّدی مرشدی حضرت پیر سیّد غلام دستگیر چشتی کاظمی موسوی قدس سرہٗ العزیز، جانشین سلطان الفقر، وارثِ علومِ دستگیریہ، علمی مشائخ سروبہ شریف سیدی مرشدی پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی چشتی دام اللہ ظلہ کے اسماء گرامی سے منسوب کرتا ہے۔ جن کے روحانی تصرفات نے ہر مشکل مقام پر میری مدد فرمائی، ان کے طفیل اللہ عزوجل میری اس سعی کو مقبول، مفید اور میرے لیے ذریعۂ نجات ہے۔ آمین بجاہ سیّد العالمین!

احقر العباد: غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ، بلال گنج وسکیاں

☆☆☆☆☆

الاهداء

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو اپنے استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر' استاذی المکرّم مفتی گل احمد خان عتیقی شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ اور محافظِ ناموسِ رسالت' داعیٔ اتحادِ اہل سنت' مجاہد اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی' ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ' صدر تحفظ ناموسِ رسالت اور مفکر اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم ڈاکٹر محمد عارف نعیمی صاحب ناظم اعلیٰ و شیخ الحدیث جامعہ نعمیہ للبنات کی خدمت عالیہ میں بصد عقیدت و احترام پیش کرتا ہے جن کی محنت شاقہ اور شفقت بے بہا سے مجھ بے مایہ کو اللہ عزوجل نے اس قابل بنایا' یہ انہیں کا فیض ہے جس کی ادنیٰ جھلک اس صورت میں دیکھ رہے ہیں' اللہ عزوجل ان کے سایہ کو سلامت و قائم و دائم رکھے۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج وسکیاں

☆☆☆☆☆

عرضِ ناشر

انسان دنیا میں رہ کر اپنی عزت' شہرت' عظمت اور ناموری کے لیے گوناگوں کام کرتا ہے لیکن دل کی اتھاہ گہرائیوں میں حقیقی اور واقعی اطمینان وسکون نہیں پاتا' آخر وجہ کیا ہے؟ اس کا جواب قرآنِ مجید کی یہ آیت مبارکہ ہے:

ءَالا بذکر اللّٰه تطمئن القلوب۔

کے دلوں کا اطمینان وسکون ذکرِ الٰہی ہی میں مضمر ہے جس کے ذیل میں تلاوت' نوافل' خوش گفتاری اور تالیفِ قلوب وغیرہ جیسے بے شمار اعمال واعتقادات آتے ہیں جن سے آخرت سنورتی ہے اور جو مدعائے مسلم ہے' البتہ سرورِ کونین ﷺ کی نگاہِ انور میں سب سے پسندیدہ کام دینِ متین میں لگے رہنا ہے خواہ تدریسی' تقریری' تالیفی وتصنیفی شکل میں ہو یا تعلمی و محافلِ علمیہ کے انعقاد کی صورت میں ہو' بہرحال ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ اپنی آخرت سنوارنے کے لیے دنیا میں رہ کر کچھ تو ضرور کرے تاکہ بارگاہِ الٰہی ومصطفائی میں حاضری کے موقع پر کائنات کے سامنے رسوائی اُٹھانا نہ پڑے۔

بفضلہٖ تعالیٰ ہم نے بھی دوسرے بھائیوں کی طرح نثری سلسلے کا آغاز کر رکھا ہے اور مختصر عرصہ میں مسند ابوداؤد طیالسی' صحیح ابن حبان' صحیح ابن خزیمہ' مسند حمیدی' المعجم الصغیر' المعجم الاوسط' المعجم الکبیر للطبرانی' جیسی ضخیم کتب کے تراجم شائع کیے ہیں جنہیں زبردست پذیرائی ملی ہے۔ علاوہ ازیں کئی بھاری بھرکم کتب کے تراجم کرائے جارہے ہیں جو ان شاء اللہ جلد یا بدیر شائع کیے جائیں گے۔

اس وقت ہم بارگاہِ رسولِ انور ﷺ میں امام ابویعلیٰ کی مشہور ومعروف کتاب ''**مسند أبی یعلی الموصلی**'' جو حدیث کی مایہ ناز کتب ہے' اس کا ترجمہ پیش کر رہے ہیں' کتاب کے ٹائٹل' جلد' بائنڈنگ اور سیٹنگ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

مولانا نے اس کتاب کی فہرست کو بھی ''**المعجم الأوسط**'' کی طرح فقہی ترتیب پر مرتب کیا ہے' جس سے قارئین کو مسائل کے حوالے سے احادیث تلاش کرنے میں خاصی آسانی ہوگی۔

ہم اسے نہایت عقیدت ومحبت کے ساتھ بہترین صورت میں پیش کر رہے ہیں۔

کتاب کی بارہا پروف ریڈنگ کروائی گئی ہے اور کتاب کو اپنی طرف سے غلطیوں سے پاک کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے' تاہم پھر بھی اگر کوئی غلطی یا کوتاہی رہ گئی ہے تو نشاندہی ضرور کریں تاکہ ادارہ اس کی تصحیح کر سکے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت سے نوازے اور ہمارے لیے ذریعۂ نجات بنائے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

☆ چوہدری غلام رسول ☆ چوہدری شہباز رسول ☆ چوہدری جواد رسول ☆ چوہدری شہزاد رسول ☆

عرضِ مترجم

تمام حمدیں وتعریفیں اللہ عزوجل کے لیے اور درود وسلام ہو جانِ عالم، نورِ مجسم، شفیع الامم حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی آل و اصحاب پر۔ امابعد! راقم الحروف نے اپنے رب خالق و مالک اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے سے اور بزرگوں کی نگاہِ کرم کے صدقے خصوصاً حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما، حضور سیّدی غوثِ اعظم اور حضور فیض عالم، حضور پیر سیّد غلام دستگیر کاظمی اور حضور سیّدی پیر احسان الحق شاہ مشہدی کاظمی اور جملہ اساتذہ کرام خصوصاً استاذ الاساتذہ مفتی گل احمد خان عتیقی اور استاذ الاساتذہ صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی اور استاذ الاساتذہ مفتی اشرف بندیالوی اور استاذ الاساتذہ مفتی ڈاکٹر محمد عارف نعیمی کی اور والد گرامی اور والدہ ماجدہ کی دعاؤں کے صدقے سے 7 جلدوں میں معجم الاوسط، 3 جلدوں میں مسند ابوداؤد الطیالسی، معجم الصغیر اور معجم الصغیر، معجم الصحابہ کے ترجمہ کی بھی سعادت اور توفیق حاصل ہوئی اور مسند ابویعلیٰ شریف کے ترجمہ کی سعادت حاصل ہوئی جو آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس میں راقم الحروف کا کوئی کمال نہیں ہے، نہ اس قابل تھا نہ کبھی سوچا تھا، یہ صرف اللہ اور اس کے رسول حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضل وکرم اور بزرگوں کی دعاؤں کے صدقے سے ہوا۔ مسند ابویعلیٰ کی حدیث نمبر: 3412 کے تحت عشق ومحبت کے شہر راولپنڈی کے عظیم مذہبی اسکالر مناظر اسلام محترم المقام محمد عاطف سلیم رضا صاحب کا ایک علمی مقالہ شامل کیا گیا ہے جو باذوق علماء کے لیے ایک علمی تحفہ ہے، جس سے باذوق علماء کی علمی پیاس بجھ جائے گی۔ اللہ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اللہ اس نوجوان عالم کے علم وعمل میں برکت دیں اور حاسد کے حسد اور شریر کے شر اور ظالم کے ظلم سے محفوظ رکھے۔ آخر میں اپنے انتہائی مخلص دوست و بھائی جن کی دن رات کاوش سے یہ مکمل کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے، میری مراد محترم المقام میاں جواد رسول صاحب اور استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر المفتی محمد عبدالغفار سیالوی دام اللہ ظلہ کا جنہوں نے راقم الحروف کے ساتھ تعاون کیا جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ اللہ عزوجل استاذ گرامی کی محبت وشفقت میں اضافہ فرمائے اور میں ہمارے کمپوزر محترم المقام ریحان علی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، اللہ عزوجل اور جن دوست واحباب نے راقم الحروف کے لیے دعائیں کیں، ان سب کو ایمان کی دولت سے مالا مال کرے اور آخر میں اپنے شیخ طریقت کے لختِ جگر اور نورِ نظر شیخ المشائخ، سیّدی مرشدی پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی چشتی کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ یہ کتاب کا مکمل ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل ہوئی، اے اللہ عزوجل! ان کی ہم پاک لوگوں کے طفیل وصدقہ سے میری اس کاوش کو قبول فرما اور جو میری کم علمی کی بناء پر غلطی کوتاہی ہوئی، اس کو

معاف فرما! جو اس میں تیرے فضل سے کوئی خوبی ہے' اس کو قبول فرما! اس کو میرے اور میرے اساتذہ کرام اور والدین کے لیے دنیا و قبر اور آخرت میں ذریعۂ نجات سبب بنا۔ معجم الکبیر شریف کے ترجمہ کو جلد از جلد کرنے کی سعادت و توفیق عطا کر اور جو زندگی کے سانس باقی ہیں' حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دین کی خدمت کرتے رہنے کی توفیق عطا فرما اور موت بھی خدمتِ دین کرتے ہوئے آئے۔ آمین بجاہ نبی الکریم الامین!

احقر العباد بندہ چند روزہ:
غلام دستگیر چشتی غفرلہ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ
بلال گنج وسکیاں' لاہور

☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ذلك فضل اللہ یعطیه من یشاء

استاذ الاساتذہ یادگارِ اسلاف شیخ الحدیث والتفسیر

مفتی محمد گل احمد خان عتیقی صاحب' حال شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ' جامعہ ہجویریہ

سابق مدرس ومفتی جامعہ رضویہ فیصل آباد' سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علٰی سیّدالانبیاء والمرسلین خاتم النبیین

رحمة للعٰلمین الذی کان نبیًا وآدم لَمُنجَدل فی طینةٍ وعلی آلِهِ الْمُجْتبٰی وَعلٰی

اصحابه الذین هم نجوم الهدی وَبَعْدُ .

ایمان کے بعد علم دین بہت بڑی نعمت ہے' قرآن پاک اور احادیث نبویہ میں علم دین اور علماءِ حق کے بہت فضائل بیان کیے گئے ہیں' چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''اِنَّـمَا یَخْشَی اللّٰہ من عبادہ العلماء '' کہ اللہ کے بندوں میں سے اللہ سے ڈرنے والے صرف علماء ہی ہیں اور سورۂ مجادلہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ (ترجمہ:) ''اللہ تمہارے ایمان والوں کے اور ان کے جن کو علم دیا گیا ہے درجے بلند فرمائے گا''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے اُسے دین میں فقاہت عطا فرماتا ہے''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس آدمی کو خوش وخرم اور تروتازہ رکھے جس نے میری بات سنی اور پھر اسے یاد رکھا اور محفوظ رکھا اور اسے دوسروں تک پہنچایا اور بہت لوگ دین کے حامل ہوتے ہیں مگر خود مستفید نہیں ہوتے اور بہت سے حاملانِ دین اس کو ایسے بندوں تک پہنچا دیتے ہیں جو ان سے زیادہ فقیہہ ہوتے ہیں''۔

اور بڑے سعادت منداور خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو خود راتیں جاگ کر اور بڑی بڑی مشقتیں برداشت کر کے کتبِ احادیث کے آسان تراجم کر کے عام لوگوں تک پہنچا کر سرورِ کونین ﷺ کی اس دعا کے مستحق بنتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو خوش وخرم اور تروتازہ رکھے' انہی خوش قسمت اور سعادت مندوں میں سے ایک مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی' مدرس جامعہ رسولیہ شیرازی بھی ہیں جو صغرسنی ہی میں سات کتبِ احادیث کا ترجمہ کر کے خواص وعوام تک احادیث نبویہ کا تحفہ عنایت کر رہے ہیں' یہ محض اللہ تعالیٰ کی توفیق اور سرورِ کونین ﷺ کی محبت میں وارفتگی کا نتیجہ ہے۔ مولانا نے ''**مسند أبو يعلى الموصلی**'' کا ترجمہ بڑی محنت اور جانفشانی سے کیا ہے' جو آپ کے سامنے ہے۔

اس بابرکت اور عظیم المرتبت کتاب' رحمتِ کائنات' باعثِ تخلیقِ کائنات' شفیع المذنبین' سیّد الانبیاء والمرسلین ﷺ کے پروانوں' جانثاروں' مستانوں اور دیوانوں کے فضائل اور ان کے روح پرور اور ایمان افروزی کے محبت بھرے پُرکشش

واقعات ہیں جنہیں پڑھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے اور ایک مسلمان ان کی اداؤں پر مرمٹنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ بہرحال اللہ تعالیٰ مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی کے علم، عمل، زہد وتقویٰ اور جذبۂ اشاعتِ دینِ اسلام اور اشاعتِ احادیث میں مزید ترقی عنایت کرے اور ان کی خدمات کو شرفِ قبولیت بخشتے ہوئے ان کے لیے آخرت کی نجات کا ذریعہ بنائے۔

حررہ محمد گل احمد خان عتیقی

خادم الحدیث الشریف جامعہ ہجویریہ

معارف اولیاء داتا دربار، لاہور

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مُسْنَدُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

1 - أَخْبَرَنَا الْحَافِظُ أَبُو الْقَاسِمِ زَاهِرُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّحَّامِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ أَخْبَرَنَا أَبُو سَعْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجَنْزَرُوذِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُو عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَمْدَانَ الْحِيرِيُّ الْفَقِيهُ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الْإِمَامُ أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ بِالْمَوْصِلِ، سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِمِائَةٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ: عَنْ أَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ: عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللّٰهُ بِمَا شَاءَ مِنْهُ، وَإِذَا حَدَّثَنِي غَيْرِي لَمْ أُصَدِّقْهُ إِلَّا أَنْ يَحْلِفَ، فَإِذَا حَلَفَ صَدَّقْتُهُ. وَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ،

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان‘ نہایت رحم والا ہے

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مسند [1]

حضرت مولیٰ کائنات سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث سنتا۔ اللہ عزوجل مجھے نفع دیتا جو اس سے چاہتا اور جب مجھے کوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ بیان کرتا تو میں اس کی تصدیق نہیں کرتا جب تک وہ قسم نہ اٹھالیتا۔ جب وہ قسم اٹھالیتا میں اس کی تصدیق کرتا اور جناب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث بیان کی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سچ کہا، کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بھی مسلمان گناہ کرتا ہے پھر وہ وضو کرتا ہے اور دو رکعت (نفل) ادا کرتا ہے اور اللہ عزوجل سے بخشش طلب کرتا ہے، اللہ اس کی بخشش کردے گا۔

1- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه **10,9,8,2**‘ وأبوداؤد في الصلاة رقم الحديث: **1521**‘ باب: في الاستغفار . والترمذي في التفسير رقم الحديث: **3009**‘ باب: ومن سورة آل عمران . وأخرجه الحميدي برقم: **4,1** . وابن ماجه في الاقامة رقم الحديث: **1395**‘ باب: ما جاء في أن الصلاة كفارة . وابن حبان رقم الحديث: **611** كما في موارد الظمآن .

وَيَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِلَّا غَفَرَ لَهُ

2 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَنَا وَلِيُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجِئْتَ أَنْتَ وَهَذَا، يَعْنِي الْعَبَّاسَ وَعَلِيًّا، تَطْلُبُ أَنْتَ مِيرَاثَكَ مِنَ ابْنِ أَخِيكَ، وَيَطْلُبُ هَذَا مِيرَاثَ امْرَأَتِهِ مِنْ أَبِيهَا، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ

حضرت مالک بن اوس بن حدثان امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک ہوا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نائب ہوں۔ پس عباس رضی اللہ عنہ وعلی رضی اللہ عنہ دونوں آئے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ اپنے بھائی کے بیٹے کی وراثت طلب کرتے ہیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی بیوی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی ان کے والد گرامی سے ملنے والی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہم کسی کو وارث نہیں بناتے، جو ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔

3 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ

حضرت مالک بن اوس بن حدثان حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم کسی کو وارث نہیں بناتے جو ہم چھوڑتے ہیں، وہ صدقہ ہوتا ہے۔

4 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ أَبُو عُمَرَ،

حضرت مالک بن حدثان بیان کرتے ہیں کہ میری

2- أخرجه البخاری فی الخمس رقم الحديث: 3094' باب: فرض الخمس . ومسلم فی الجهاد رقم الحديث: 50' و رقم الحديث: 1757' باب: حكم الفئ . وأخرجه أبوداؤد فی الخراج والامارة رقم الحديث: 2963' باب: فی تدوين العطاء' و رقم الحديث: 2964-2965 . والترمذی فی السير رقم الحديث: 1610' باب: ما جاء فی تركة رسول الله صلى الله عليه وسلم . والحميدی رقم الحديث: 22 . والبخاری فی الفرائض رقم الحديث: 6728' باب: قول النبی صلى الله عليه وسلم: لا نورث ما تركنا صدقة . والنسائی فی الفئ جلد7 صفحه 135-137 . وأخرجه أحمد جلد1صفحه47,48,49,60,161,164,179,191,208 .

4- أخرجه أحمد جلد1صفحه48,162,164,191 . ومسلم فی الجهاد رقم الحديث: 1757' باب: حكم الفئ .

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ قَالَ: أَرْسَلَ إِلَيَّ عُمَرُ بَعْدَمَا مَتَعَ النَّهَارُ، فَأَذِنَ لِي، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، وَهُوَ عَلَى سَرِيرٍ لِيفٍ، مُسْنِدٌ ظَهْرَهُ إِلَى رِمَالِهِ مُتَّكِءٌ عَلَى وِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ فَقَالَ لِي: يَا مَالِ، إِنَّهُ قَدْ دَفَّ دَافَّةٌ مِنْ قَوْمِكَ وَقَدْ أَمَرْتُ لَهُمْ بِمَالٍ، فَخُذْهُ فَاقْسِمْهُ بَيْنَهُمْ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، مَا لِي عَلَى ذَلِكَ مِنْ قُوَّةٍ، فَلَوْ أَمَرْتَ بِهِ غَيْرِي، فَقَالَ: خُذْهُ فَاقْسِمْهُ فِيهِمْ ـ قَالَ: ثُمَّ جَاءَهُ يَرْفَأُ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، هَلْ لَكَ فِي عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَالزُّبَيْرِ وَسَعْدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوا، ثُمَّ جَاءَهُ فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، هَلْ لَكَ فِي عَلِيٍّ وَالْعَبَّاسِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَدَخَلَا وَالْعَبَّاسُ يَقُولُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اقْضِ بَيْنِي وَبَيْنَ هَذَا، قَالَ سُفْيَانُ: وَذَكَرَ كَلَامًا شَدِيدًا، فَقَالَ الْقَوْمُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، اقْضِ بَيْنَهُمَا، وَأَرِحْ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِنْ صَاحِبِهِ، فَقَالَ لَهُمْ عُمَرُ: أَنْشُدُكُمْ بِاللَّهِ الَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَوَاتُ وَالْأَرْضُ، أَتَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَقَالَ عُمَرُ: إِنَّ اللَّهَ خَصَّ رَسُولَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَاصَّةٍ لَمْ يَخُصَّ بِهَا أَحَدًا غَيْرَهُ، ثُمَّ قَرَأَ الْآيَةَ: (مَا أَفَاءَ اللَّهُ

طرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کسی کو بھیجا دن چڑھنے کے بعد مجھے اجازت دی، میں آپ کے پاس آیا آپ اپنے بستر پر تھے۔ بھوری چھال سے بنے ہوئے تکیے پر سہارا لیے ہوئے تھے مجھے فرمایا اے مالک آپ کی قوم کے لوگ آہستہ آہستہ آ رہے ہیں ۔ میں نے ان کے لیے مال کا حکم دیا تھا تو اس کو پکڑو اس کو ان کے درمیان تقسیم کر دے میں نے عرض کی اے امیر المومنین میرے بس کی بات نہیں، اگر آپ میرے علاوہ کسی اور کو حکم دیں، آپ نے فرمایا پکڑو اور اس کو تقسیم کرو میں پھر آپ کے پاس عرض کی اے امیر المومنین میں عثمان بن عفان اور عبدالرحمٰن بن عون اور زبیر اور سعد کو آنے کی اجازت ہے، آپ نے فرمایا: جی ہاں ان کو اجازت دی۔ وہ داخل ہوئے پھر اے امیر المومنین کیا علی و عباس کو آنے کی اجازت ہے، آپ نے فرمایا جی ہاں دونوں داخل ہوئے۔ حضرت عباس فرمانے لگے اے امیر المومنین میرے اور اس کے درمیان فیصلہ فرمائیں، حضرت سفیان فرماتے ہیں حضرت عباس نے سخت گفتگو کی قوم نے عرض کی اے امیر المومنین ان دونوں کے درمیان فیصلہ کریں ان میں سے ہر ایک کو اپنے ساتھی سے راحت پہنچاؤ حضرت عمر نے ان کو فرمایا میں تمہیں قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے یہ زمین و آسمان قائم ہیں کیا تم جانتے ہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: ہم وارث نہیں بناتے ہیں جو ہم میں رہ جاتا ہے وہ صدقہ ہوتا ہے۔ حضور نے عرض کی

وأبو داؤد في الخراج والامارة رقم الحديث: 2965' باب: في تدوين العطاء .

عَلَى رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ) (الحشر: 6) الْآيَةَ . قَالَ سُفْيَانُ: وَلَا أَدْرِي قَرَأَ الْآيَةَ الَّتِي بَعْدَهَا أَمْ لَا، قَالَ: فَقَسَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَكُمْ أَمْوَالَ بَنِي النَّضِيرِ، فَوَاللَّهِ مَا اسْتَأْثَرَ عَلَيْكُمْ وَلَا أَحْرَزَهَا دُونَكُمْ، فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْخُذُ مِنْهُ نَفَقَتَهُ وَنَفَقَةَ عِيَالِهِ لِسَنَتِهِ، وَيَجْعَلُ مَا فَضَلَ فِي الْكُرَاعِ وَالسِّلَاحِ، عُدَّةً فِي سَبِيلِ اللَّهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: أَنْشُدُكُمْ بِالَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ، أَتَعْلَمُونَ ذَلِكَ؟ قَالُوا: نَعَمْ، ثُمَّ نَشَدَ عَلِيًّا وَالْعَبَّاسَ بِمَا نَشَدَ الْقَوْمَ بِهِ: أَتَعْلَمَانِ ذَلِكَ؟ قَالَا: نَعَمْ، قَالَ: فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ أَبُو بَكْرٍ وَلِيَّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْتَ يَا عَبَّاسُ تَطْلُبُ مِيرَاثَكَ مِنَ ابْنِ أَخِيكَ، وَجَاءَ عَلِيٌّ يَطْلُبُ مِيرَاثَ امْرَأَتِهِ مِنْ أَبِيهَا، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَرَأَيْتُمَانِي وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ مَضَى بَارًّا رَاشِدًا، مَانِعًا لِلْحَقِّ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ، فَقُلْتُ: أَنَا وَلِيُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَلِيُّ أَبِي بَكْرٍ، فَرَأَيْتُمَانِي وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَنِّي صَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ، فَجِئْتُمَانِي وَأَمْرُكُمَا وَاحِدٌ فَسَأَلْتُمَانِي أَنْ أَدْفَعَهَا إِلَيْكُمْ، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتُمَا دَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا عَلَى أَنَّ عَلَيْكُمَا عَهْدَ اللَّهِ أَنْ تَعْمَلَا فِيهَا بِالَّذِي كَانَ يَعْمَلُ فِيهَا

جی ہاں حضرت عمر نے فرمایا بے شک اللہ نے اپنے رسول کو خاص کیا آپ کے علاوہ کسی اور کو خاص نہیں کیا پھر یہ آیت پڑھی: ما افا اللّٰہ علی رسول اللّٰہ الٰی اخرہ ۔ سفیان فرماتے ہیں: میں نہیں جانتا ہوں آیت اس کے بعد والی بھی پڑھی یا نہیں۔ حضور ﷺ نے تمہارے درمیان بنی نضیر کا مال تقسیم کیا اللہ کی قسم میں تم پر کسی کو فوقیت نہ دوں گا نہ تمہارے علاوہ بچا کر رکھوں گا۔ حضور ﷺ اس پر اپنا خرچ لیتے تھے اور اس کو ایک سال تک اپنے گھر والوں پر خرچ کرتے تھے جو بچ جاتا تھا اس کو ہتھیاروں اور گھوڑوں کی خریداری میں خرچ کر دیتے تھے۔ اللہ کی راہ میں تیار کیے گئے تھے پھر ان کو فرمایا تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان و زمین قائم ہیں کیا تم یہ جانتے ہو دلائی جو قوم کو لائی تھی۔ کیا تم دونوں یہ جانتے ہو دونوں نے عرض کی جی ہاں۔ جب حضور ﷺ کا وصال ہوا حضرت ابوبکر رسول اللہ ﷺ کے ولی بنے۔ آپ اے عباس تشریف لائے تھے آپ اپنے بھائی کے بیٹے کی وارثت طلب کی تھی اور علی اپنی بیوی کے باپ کی وارثت لینے آئے تھے حضرت ابوبکر نے فرمایا حق ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے جو ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے ہم کسی کو وارث نہیں بناتے ہیں ان دونوں نے مجھے دیکھا اللہ کی قسم آپ جاتے ہیں میں سچا اچھا سلوک کرنے والا رہنمائی کرنے والا حق کے تابع ہوں، تم دونوں میرے پاس آئے ہو تم دونوں کا کام ایک ہے تم دونوں مجھ سے مانگتے ہو میں تم

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذْتُمَاهَا بِذَلِكَ. فَقَالَ لَهُمَا: أَكَذَاكَ؟ قَالَا: نَعَمْ. قَالَ: ثُمَّ جِئْتُمَانِي لِأَقْضِيَ بَيْنَكُمَا، وَاللّٰهِ لَا أَقْضِي بَيْنَكُمَا بِغَيْرِ ذَلِكَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ، فَإِنْ عَجَزْتُمَا فَرُدَّاهَا إِلَيَّ

دونوں میں سمجھتا ہوں اگر تم دونوں چاہتے ہو تو میں تم دونوں کو دے دیتا ہوں اس شرط پر کہ تم اس سلسلہ میں وہی طریقہ کرو گے جو حضور ﷺ کرتے تھے، تم دونوں اس کو لے لو۔ آپ نے دونوں سے فرمایا کیا اس طرح ہو سکتا ہے؟ دونوں نے عرض کی جی ہاں حضرت ابوبکر نے فرمایا پھر تم دونوں میرے پاس آئے ہو تا کہ میں تمہارے درمیان فیصلہ کروں اللہ کی قسم! میں تمہارے درمیان اس کے علاوہ کوئی فیصلہ نہیں کروں گا یہاں تک کہ قیامت آجائے اگر تم دونوں عاجز آجاؤ تم مجھے واپس کر دینا۔

5 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ الْأَنْدَرَاوَرْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عُمَرَ اطَّلَعَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ وَهُوَ يَمُدُّ لِسَانَهُ، فَقَالَ: مَا تَصْنَعُ يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: إِنَّ هَذَا أَوْرَدَنِي الْمَوَارِدَ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ شَيْءٌ مِنَ الْجَسَدِ، إِلَّا وَهُوَ يَشْكُو ذَرَبَ اللِّسَانِ

حضرت زید بن اسلم اپنے باپ (اسلم) سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے ہیں، آپ (یعنی ابوبکر رضی اللہ عنہ) زبان کو کھینچ رہے تھے، آپ (یعنی عمر فاروق رضی اللہ عنہ) نے کہا، اے رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ! آپ کیا کر رہے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہی جہنم میں لے جانے والی ہے، بے شک رسول پاک ﷺ نے فرمایا: جسم میں ہر ٹکڑا زبان سے شکایت کرتا ہے۔

6 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، أَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ،

حضرت زہری رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت

5- أخرجه ابن السني في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 7 . وابن أبي الدنيا في الورع ق165/2 . والبيهقي في الشعب 2/65/9 . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 302 . وأخرجه السيوطي في الجامع الكبير 2/227/2 .

6- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 12 و جلد 2 صفحه 27 . والنسائي في النكاح جلد 6 صفحه 77-78، باب: عرض الرجل ابنته على من يرضىٰ، وجلد 6 صفحه 83، باب: انكاح الرجل ابنته الكبيرة . والبخاري في المغازي رقم الحديث: 4005، باب: 12، وفي النكاح رقم الحديث: 5122، باب: عرض الانسان ابنته أو أخته على أهل الخير، و رقم الحديث: 5129، باب: من قال: لانكاح الابولي، و رقم الحديث: 5145 باب: تفسير ترك الخطبة .

عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي سَالِمٌ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ، يُحَدِّثُ أَنَّ عُمَرَ، لَمَّا تَأَيَّمَتْ حَفْصَةُ مِنَ ابْنِ حُذَافَةَ، قَالَ عُمَرُ: لَقِيتُ عُثْمَانَ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَفْصَةَ، قَالَ: سَأَنْظُرُ فِي أَمْرِي، فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ ثُمَّ لَقِيَنِي، فَقَالَ: قَدْ بَدَا لِي أَنْ لَا أَتَزَوَّجَ يَوْمِي هَذَا. قَالَ عُمَرُ: فَلَقِيتُ أَبَا بَكْرٍ، فَقُلْتُ: أُنْكِحُكَ حَفْصَةَ فَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيَّ شَيْئًا، فَكُنْتُ عَلَيْهِ أَوْجَدَ مِنِّي عَلَى عُثْمَانَ، فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ ثُمَّ خَطَبَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنْكَحْتُهُ إِيَّاهَا، فَلَقِيَنِي أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ: لَعَلَّكَ وَجَدْتَ عَلَيَّ حِينَ عَرَضْتَ حَفْصَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: لَمْ يَمْنَعْنِي أَنْ أَرْجِعَ إِلَيْكَ إِلَّا أَنِّي كُنْتُ عَلِمْتُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَهَا، فَلَمْ أَكُنْ لِأُفْشِيَ سِرَّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكَهَا قَبِلْتُهَا. قَالَ عُمَرُ: فَشَكَوْتُ عُثْمَانَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَزَوَّجَ حَفْصَةَ خَيْرٌ مِنْ عُثْمَانَ، وَتَزَوَّجَ عُثْمَانُ خَيْرًا مِنْ حَفْصَةَ فَزَوَّجَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَتَهُ

سالم رحمہ اللہ نے بیان کیا کہ انہوں نے اپنے باپ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا جب ابن حذافہ سے بیوہ ہوئیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ملا۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ اُن پر پیش کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے اس معاملہ میں مہلت دیں، (حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں چند راتیں ٹھہرا پھر میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا بے شک میرے لیے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ اس دن میں شادی نہ کروں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملا، میں نے کہا، آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ حفصہ کا نکاح کر دوں؟ پس آپ رضی اللہ عنہ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ میں نے اپنے دل میں آپ رضی اللہ عنہ کے متعلق زیادہ غصہ پایا بہ نسبت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے۔ پس میں چند رات ٹھہرا پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کا پیغام بھیجا۔ میں نے حضرت حفصہ کا نکاح آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کر دیا۔ پھر میری حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شاید تو نے میرے متعلق اپنے دل میں کوئی بات پائی ہو، جس وقت حفصہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ مجھ پر پیش کیا تھا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے کوئی چیز مانع نہیں تھی کہ آپ (یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ) کو جواب نہ دوں مگر مجھے علم

تھا کہ رسول پاک ﷺ نے اس بات کا اظہار کیا تھا۔۔۔ پس میں نہیں چاہتا تھا کہ رسول کریم ﷺ کے راز کو ظاہر کروں۔ اگر آپ ﷺ نکاح نہ کرتے تو میں قبول کرتا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شکایت رسول پاک ﷺ کو لگائی۔ پس رسول پاک ﷺ نے فرمایا: حفصہ رضی اللہ عنہا کی شادی عثمان رضی اللہ عنہ سے بہتر کے ساتھ ہوئی ہے اور عثمان رضی اللہ عنہ کی شادی حفصہ سے بہتر کے ساتھ ہوئی ہے۔ پس نبی کریم ﷺ نے اپنی صاحبزادی کی شادی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کر دی۔

7 - حَـدَّثَـنَـا أَبُـو خَيْثَمَةَ، أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْـرَاهِيمَ، أَخْبَرَنَا أَبِي، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَـرَنَـا سَـالِـمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُـمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، حِينَ تَأَيَّمَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ مِنْ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ عُمَرُ: أَتَيْتُ عُثْـمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ. قَـالَ: قُـلْـتُ: إِنْ شِـئْـتَ أَنْـكَحْتُكَ حَفْصَةَ، فَقَالَ: سَأَنْظُرُ فِي أَمْرِي، فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ، ثُمَّ لَقِيَنِي فَقَالَ: قَدْ بَـدَا لِـي أَنْ لَا أَتَزَوَّجَ يَوْمِي هَذَا، قَالَ عُمَرُ: فَلَقِيتُ أَبَـا بَـكْـرٍ الـصِّـدِّيقَ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنْ شِئْتَ زَوَّجْتُكَ حَـفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ، فَصَمَتَ أَبُو بَكْرٍ فَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيَّ شَيْـئًا، فَكُنْتُ عَلَيْهِ أَوْجَدَ مِنِّي عَلَى عُثْمَانَ، فَلَبِثْتُ أَيَّـامًا ثُمَّ " خَـطَبَهَـا رَسُولُ الـلّٰـهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنْكَحْتُهَا إِيَّاهُ، فَلَقِيَنِي أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ: لَعَلَّكَ

حضرت امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سالم رحمہ اللہ نے بیان کیا کہ انہوں نے اپنے باپ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو جب ابن حذافہ سے بیوہ ہوگئیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ملا۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ اُن پر پیش کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے اس معاملہ میں مہلت دیں، (حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں چند راتیں ٹھہرا پھر میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا بے شک میرے لیے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ اس دن میں شادی نہ کروں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملا، میں نے کہا، آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ حفصہ کا نکاح کر دوں؟ پس آپ رضی اللہ عنہ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ میں نے اپنے دل

وَجَدْتَ عَلَيَّ حِينَ عَرَضْتَ عَلَيَّ حَفْصَةَ، فَلَمْ أَرْجِعْ إِلَيْكَ شَيْئًا، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَإِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِي أَنْ أَرْجِعَ إِلَيْكَ فِيمَا عَرَضْتَ عَلَيَّ، إِلَّا أَنِّي قَدْ كُنْتُ عَلِمْتُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ذَكَرَهَا، فَلَمْ أَكُنْ أُفْشِي سِرَّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَبِلْتُهَا

میں آپ رضی اللہ عنہ کے متعلق زیادہ غصہ پایا بہ نسبت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے۔ پس میں چند رات ٹھہرا پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کا پیغام بھیجا۔ میں نے حضرت حفصہ کا نکاح آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کر دیا۔ پھر میری حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شاید تو نے میرے متعلق اپنے دل میں کوئی بات پائی ہو، جس وقت حفصہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ مجھ پر پیش کیا تھا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے کوئی چیز مانع نہیں تھی کہ آپ رضی اللہ عنہ کو جواب دوں مگر مجھے علم تھا کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا اظہار کیا تھا۔۔۔ پس میں نہیں چاہتا تھا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے راز کو ظاہر کروں۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نکاح نہ کرتے تو میں قبول کرتا۔

8 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِمْيَرِيِّ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، قَالَ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ، قَامَ خَطِيبًا فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِينَا عَامَ أَوَّلَ فَقَالَ: إِنَّهُ لَمْ يُقْسَمْ بَيْنَ النَّاسِ شَيْءٌ أَفْضَلُ مِنَ الْمُعَافَاةِ بَعْدَ الْيَقِينِ، أَلَا إِنَّ الصِّدْقَ وَالْبِرَّ فِي الْجَنَّةِ، أَلَا إِنَّ الْكَذِبَ وَالْفُجُورَ فِي النَّارِ

حضرت حمید بن عبدالرحمٰن حمیری روایت کرتے ہیں کہ بیشک حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خطبہ کے لیے کھڑے ہوئے، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے سال ہم میں خطبہ کے لیے کھڑے ہوئے اور فرمایا: بے شک لوگوں کے درمیان عافیت سے بڑی کوئی شے تقسیم نہیں کی گئی ایمان کے بعد۔ خبردار سچائی اور نیکی جنت میں لے جاتی ہیں، خبردار! بے شک جھوٹ اور بے حیائی جہنم میں لے جاتی ہیں۔

9 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ الْكُوفِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ السَّلَامِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بِشْرٍ،

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے

8- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 9 .

عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَ: لَمَّا قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُسْوِسَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فَكُنْتُ فِيمَنْ وُسْوِسَ، قَالَ: فَمَرَّ عُمَرُ عَلَيَّ فَسَلَّمَ عَلَيَّ فَلَمْ أَرُدَّ عَلَيْهِ، فَشَكَانِي إِلَى أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: فَجَاءَ نَا فَقَالَ لِي: سَلَّمَ عَلَيْكَ أَخُوكَ فَلَمْ تَرُدَّ عَلَيْهِ قَالَ: قُلْتُ: مَا عَلِمْتُ بِتَسْلِيمِهِ، وَإِنِّي عَنْ ذَاكَ فِي شُغُلٍ. قَالَ: وَلِمَ؟ قُلْتُ: قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ أَسْأَلْهُ عَنْ نَجَاةِ هَذَا الْأَمْرِ. قَالَ: فَقَدْ سَأَلْتُهُ. قَالَ: فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَاعْتَنَقْتُهُ، قَالَ: قُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، أَنْتَ أَحَقُّ بِذَلِكَ. قَالَ: قَدْ سَأَلْتُهُ فَقَالَ: مَنْ قَبِلَ الْكَلِمَةَ الَّتِي عَرَضْتُهَا عَلَى عَمِّي فَهِيَ لَهُ نَجَاةٌ

ہیں کہ جب حضور سرورِ کونین ﷺ کا (ظاہری طور پر) وصال ہوگیا۔ صحابہ کرام میں کچھ پریشانی میں مبتلا ہونے کے قریب ہو گئے۔ میں بھی انہیں میں شامل تھا، جن کو وہم کی بیماری ہوئی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے، مجھے سلام کیا۔ میں نے آپ رضی اللہ عنہ کے سلام کا جواب نہیں دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے میری شکایت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کی۔ پس دونوں بزرگ میرے پاس آئے۔ مجھے فرمایا، آپ کے بھائی نے آپ کو سلام کیا، آپ رضی اللہ عنہ نے جواب کیوں نہیں دیا؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا، میں نے عرض کی کہ مجھے آپ رضی اللہ عنہ کے سلام کا پتا نہیں چلا، بے شک میں کسی الجھن میں پھنسا تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا وہ الجھن کیا ہے؟ میں نے عرض کی رسول پاک ﷺ کا وصال مبارک ہوگیا اور میں نے اس معاملہ میں نجات کے متعلق نہیں پوچھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اس کے متعلق حضور ﷺ سے پوچھا ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف کھڑا ہوا میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے معانقہ کیا۔ میں نے کہا اے ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ رضی اللہ عنہ پر میرے ماں باپ فدا ہوں، یہ تمہارا ہی حق تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے اس کے متعلق دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ کو قبول کرلیا، جو میں نے اپنے چچا ابو طالب پر پیش کیا تھا

10 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ، مِنَ الْأَنْصَارِ، مِنْ أَهْلِ الْفِقْهِ، غَيْرُ مُتَّهَمٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يُحَدِّثُ: أَنَّ رِجَالًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَزِنُوا عَلَيْهِ، حَتَّى كَادَ بَعْضُهُمْ أَنْ يُوَسْوِسَ، فَقَالَ عُثْمَانُ: فَكُنْتُ مِنْهُمْ. فَبَيْنَا أَنَا جَالِسٌ فِي ظِلِّ أُطُمٍ، مَرَّ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَسَلَّمَ عَلَيَّ فَلَمْ أَشْعُرْ أَنَّهُ مَرَّ وَلَا سَلَّمَ، فَانْطَلَقَ عُمَرُ حَتَّى دَخَلَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: أَلَا أُعْجِبُكَ مَرَرْتُ عَلَى عُثْمَانَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ، فَأَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فِي وِلَايَةِ أَبِي بَكْرٍ، حَتَّى أَتَيَا فَسَلَّمَا جَمِيعًا، ثُمَّ قَالَ أَبُو بَكْرٍ: جَاءَنِي أَخُوكَ عُمَرُ، فَزَعَمَ أَنَّهُ مَرَّ عَلَيْكَ فَسَلَّمَ، فَلَمْ تَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ، فَمَا الَّذِي حَمَلَكَ عَلَى ذَلِكَ؟ فَقُلْتُ: مَا فَعَلْتُ. قَالَ عُمَرُ: بَلَى، وَلَكِنَّهَا عُبِّيَّتُكُمْ يَا بَنِي أُمَيَّةَ. قَالَ عُثْمَانُ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا شَعَرْتُ بِأَنَّكَ مَرَرْتَ وَلَا سَلَّمْتَ. قَالَ: فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: صَدَقَ عُثْمَانُ. وَقَدْ شَغَلَكَ عَنْ ذَلِكَ أَمْرٌ؟ قَالَ: قُلْتُ: أَجَلْ. قَالَ: فَمَا هُوَ؟ قَالَ عُثْمَانُ: قُلْتُ: تَوَفَّى اللّٰهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ

تو اس کے لیے نجات ہے۔

حضرت ابن شہاب رحمۃ اللہ سے روایت ہے، آپ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے انصار میں سے اہل فقہ جو قابل اعتراض نہیں ہیں، انہوں نے بتایا کہ انہوں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ یہ حدیث پاک بیان کی کہ جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک ہوا، بہت سے صحابہ کرام پریشان ہوئے یہاں تک کہ ان میں بعض بیماری وہم میں مبتلا ہو گئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بھی اُن میں شامل تھا۔ میں ایک دن ٹیلہ کے سایہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ میرے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ گزرے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے سلام کیا۔ لیکن مجھے نہیں معلوم ہوا کہ آپ رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے ہیں اور مجھے سلام کیا ہے۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ چلے گئے یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ آکر عرض کی، اے امیر المومنین رضی اللہ عنہ کیا میں آپ رضی اللہ عنہ کو ایک تعجب کی بات نہ بتاؤں؟ میں عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا، میں نے آپ رضی اللہ عنہ کو سلام کیا لیکن آپ رضی اللہ عنہ نے میرے سلام کا جواب نہ دیا۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ دونوں آئے۔ ان دونوں نے سلام کیا (یہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا واقعہ ہے)۔ پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ

10- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 6 . والبزار رقم الحديث: 1 . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 14-15 وقال فيه: رواه أحمد والطبراني في الاوسط والبزار بنحوه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ أَسْأَلَهُ عَنْ نَجَاةِ هَذَا الْأَمْرِ. قَالَ أَبُو بَكْرٍ: قَدْ سَأَلْتُهُ عَنْ ذَلِكَ. قَالَ عُثْمَانُ: فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، أَنْتَ أَحَقُّ بِهَا. فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا نَجَاةُ هَذَا الْأَمْرِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَبِلَ مِنِّي الْكَلِمَةَ الَّتِي عَرَضْتُ عَلَى عَمِّي فَرَدَّهَا، فَهِيَ لَهُ نَجَاةٌ

کے پاس آپ کا بھائی عمر آیا تھا۔ اس نے بتایا ہے کہ وہ آپ کے پاس سے گزرا اور آپ کو سلام کیا۔ آپ نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔ آپ کو اس بات پر کس نے برانگیختہ کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی حضور! میں نے ایسے نہیں کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے ایسا کیا ہے لیکن اے بنی امیہ تم نے تکبر کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کہا: اللہ کی قسم! مجھے معلوم نہیں کہ آپ میرے پاس سے گزرے ہوں اور آپ نے سلام کیا ہو۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عثمان نے سچا کہا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے عثمان! آپ کسی الجھن میں پھنسے ہوں گے؟ حضرت عثمان نے عرض کی: جی ہاں! حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ عرض کرتے ہیں، میں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پاس بلوا لیا ہے، اس سے پہلے کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نجات کے متعلق پوچھتا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، بیشک میں نے اس کے متعلق پوچھا ہے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ اس کے زیادہ حق دار تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس معاملہ سے نجات کیسے ہوگی؟ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ سے کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ لیا جو میں نے اپنے چچا ابو طالب پر

پیش کیا تھا۔ انہوں نے رد کر دیا تھا، پس یہی اس کے لیے نجات ہے۔

11 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ أَبُو بَحْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْأَسَدِيِّ، عَنْ أَسْمَاءِ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: كُنْتُ امْرَأً إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللَّهُ بِمَا شَاءَ أَنْ يَنْفَعَنِي، وَإِذَا حَدَّثَنِي أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِهِ اسْتَحْلَفْتُهُ، فَإِذَا حَلَفَ لِي صَدَّقْتُهُ، وَإِنَّهُ حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّمَا عَبْدٍ أَذْنَبَ ذَنْبًا فَتَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى، ثُمَّ اسْتَغْفَرَ اللَّهَ إِلَّا غَفَرَ لَهُ ثُمَّ قَرَأَ (وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ) (آل عمران: 135)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایسا آدمی ہوں کہ جب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث سنتا ہوں، اللہ عزوجل مجھے نفع دیتا ہے جو چاہتا ہے جب مجھے کوئی آپ کے صحابہ سے بیان کرتا، میں اس سے قسم لیتا ہوں، جب مجھے قسم دیتا ہے میں اس کی تصدیق کرتا ہوں مجھے ابوبکر نے بیان کیا اور ابوبکر نے سچ کہا انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ کوئی بندہ گناہ کرتا ہے اس کے بعد وہ اچھا وضو کرتا ہے پھر کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہے پھر اللہ سے بخشش طلب کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو معاف کر دے گا پھر یہ آیت پڑھی: ''اور وہ ایسے لوگ ہیں کہ اگر بے حیائی کا کوئی کام یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھیں''۔

12 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، وَسُفْيَانُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْوَالِبِيِّ، عَنْ أَسْمَاءِ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللَّهُ بِمَا شَاءَ مِنْهُ، وَإِذَا حَدَّثَنِي عَنْهُ غَيْرُهُ اسْتَحْلَفْتُهُ، فَإِذَا حَلَفَ لِي صَدَّقْتُهُ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ، حَدَّثَنِي، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ، أَنَّهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت مولیٰ کائنات سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث سنتا۔ اللہ عزوجل مجھے نفع دیتا جو اس سے چاہتا اور جب مجھے کوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتا تو میں اس کی تصدیق نہ کرتا جب تک وہ قسم نہ اٹھا لیتا۔ جب وہ قسم اٹھا لیتا میں اس کی تصدیق کرتا اور جناب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث بیان کی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سچ کہا، کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم

11- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 10 . وأبو داؤد فى الصلاة رقم الحديث: 1521' باب: فى الاستغفار . والترمذى فى التفسير رقم الحديث: 3009' باب: ومن سورة آل عمران .

12- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 2 . وابن ماجة فى الاقامة رقم الحديث: 1395' باب: ما جاء فى أن الصلاة كفارة .

وَسَلَّمَ قَالَ: " مَا مِنْ أَحَدٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا فَيَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ، قَالَ مِسْعَرٌ: ثُمَّ يُصَلِّي، قَالَ سُفْيَانُ: يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ إِلَّا غُفِرَ لَهُ"

نے ارشادفرمایا: جوبھی مسلمان گناہ کرتا ہے پھر وہ اچھی طرح وضوکرتا ہے حضرت مسعر نے کہا: پھرنماز ادا کرتا ہے۔حضرت سفیان نے کہا: دو رکعت پڑھتا ہے پھر اللہ عزوجل سے بخشش طلب کرتا ہے، اللہ اس کی بخشش کر دے گا۔

13 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ الْمُغِيرَةِ الثَّقَفِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ رَبِيعَةَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ يُقَالُ لَهُ أَسْمَاءُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا نَفَعَنِي اللَّهُ بِمَا شَاءَ أَنْ يَنْفَعَنِي مِنْهُ، فَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَا مِنْ عَبْدٍ، قَالَ شُعْبَةُ: أَحْسَبُهُ قَالَ: مُسْلِمٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ، ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللَّهَ لِذَلِكَ الذَّنْبِ، إِلَّا غَفَرَ لَهُ." قَالَ شُعْبَةُ: وَقَرَأَ إِحْدَى هَاتَيْنِ الْآيَتَيْنِ: (مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ) (النساء :123)، (وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ) (آل عمران:135)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایسا آدمی ہوں جب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث سنتا اللہ عزوجل مجھے نفع دیتا ہے جو نفع مجھے دینا چاہتا ہے مجھے ابوبکر نے بیان کیا اور ابوبکر نے سچ کہا انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ کوئی مسلمان گناہ کرتا ہے اس کے بعد وہ اچھا وضوکرتا ہے پھر دو رکعت نماز پڑھتا ہے پھر اللہ سے اس گناہ کے لیے بخشش طلب کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو معاف کر دیتا ہے پھر ان دو آیتوں میں سے ایک آیت پڑھی: ''وہ لوگ جب بے حیائی کرتے ہیں یا اپنی جان پر ظلم کرتے ہیں''۔

14 - حَدَّثَنَا بِهِ أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ رَبِيعَةَ، رَجُلًا مِنْ بَنِي أَسَدٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَسْمَاءٍ، أَوِ ابْنِ أَسْمَاءٍ، مِنْ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث سنتا ہوں ،اللہ عزوجل مجھے جو نفع دینا چاہتا نفع دیتا ہے مجھے ابوبکر نے بتایا اور ابوبکر نے سچ کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔پھر اوپر والی حدیث ذکر فرمائی۔

13- أخرجه أحمد جلد1صفحه908 .

بَنِي فَزَارَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللّٰهُ بِمَا شَاءَ أَنْ يَنْفَعَنِي مِنْهُ، وَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ - وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ - أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

15 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْجُشَمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ إِذَا حُدِّثْتُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا اسْتَحْلَفْتُ صَاحِبَهُ، فَإِذَا حَلَفَ لِي صَدَّقْتُهُ، فَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ، أَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا، فَيَتَوَضَّأُ، وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، وَيَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، إِلَّا غَفَرَ لَهُ

حضرت مولیٰ کائنات سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب مجھے کوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ بیان کرتا تو میں اس کی تصدیق نہیں کرتا جب تک وہ قسم نہ اٹھالیتا۔ جب وہ قسم اٹھالیتا میں اس کی تصدیق کرتا اور جناب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث بیان کی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سچ کہا کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بھی مسلمان گناہ کرتا ہے پھر وہ وضو کرتا ہے اور دو رکعت (نفل) ادا کرتا ہے اور اللہ عزوجل سے بخشش طلب کرتا ہے، اللہ اس کی بخشش کر دے گا۔

16 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيِّ، عَنْ زَائِدَةَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وحضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے درمیان جا رہے تھے اور (میں) عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نماز پڑھ رہا تھا۔ میں نے سورۃ النساء

16- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 445-454 . وابن ماجه في المقدمة (138) . وأبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه 125 . وأخرج الحاكم نحوه عن علي جلد 3 صفحه 317 .

وَعُمَرَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ يُصَلِّي، فَافْتَتَحَ سُورَةَ النِّسَاءِ فَسَنَحَ لَهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْهُ قِرَاءَةَ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ ثُمَّ سَأَلَ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَلْ تُعْطَهْ، سَلْ تُعْطَهْ فَقَالَ فِيمَا يَسْأَلُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ. فَأَتَى عُمَرُ عَبْدَ اللّٰهِ لِيُبَشِّرَهُ، فَوَجَدَ أَبَا بَكْرٍ خَارِجًا قَدْ سَبَقَهُ، فَقَالَ: إِنْ فَعَلْتَ، إِنَّكَ لَسَبَّاقٌ بِالْخَيْرِ

شریف شروع کی تھی۔ میں اس کو ترتیل کے ساتھ پڑھ رہا تھا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس کو یہ پسند ہو کہ وہ قرآن پاک کو تروتازہ پڑھنا چاہے جیسے اترا ہے اس کو چاہیے عبداللہ بن مسعود کی قرأت پر پڑھے۔ پھر (میں) مانگنے لگا، نبی کریم ﷺ فرما رہے تھے: (عبداللہ) مانگو تم کو دیا جائے گا مانگو تم کو دیا جائے گا، آپ ﷺ نے پوچھا آپ نے اس میں کیا مانگا۔ میں نے یہ دعا مانگی، اے اللہ! تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں کہ دوبارہ مرتد نہ ہو جاؤں ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو اور اپنے پیارے آقا نبی کریم ﷺ کی رفاقت مانگتا ہوں، اعلیٰ جنت میں جو ہمیشہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تاکہ مجھے اس معاملہ کی بشارت دیں۔ پس ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو وہاں باہر پایا۔ بے شک وہ سبقت لے گئے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر آپ نے یہ کام کرلیا ہے' آپ (یعنی ابوبکر) ہر خیر والے معاملہ میں سبقت لے جاتے ہیں۔

17 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ فِي الْمَسْجِدِ أُصَلِّي، فَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَسَحَلْتُ سُورَةَ النِّسَاءِ، فَقَرَأْتُهَا، فَلَمَّا فَرَغْتُ جَلَسْتُ، فَبَدَأْتُ الثَّنَاءَ عَلَى اللّٰهِ، وَالصَّلَاةَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ دَعَوْتُ لِنَفْسِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا حضور ﷺ (مسجد) میں داخل ہوئے آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما تھے میں نے سورہ نساء شروع کی، میں نے اس کو پڑھا جب پڑھ کر میں فارغ ہوا تو میں بیٹھ گیا، میں نے اللہ کی تعریف شروع کی اور حضور ﷺ پر درود پڑھا، پھر میں نے اپنے لیے دعا کی، حضور ﷺ نے فرمایا: مانگو! آپ کو عطا کیا جائے گا، پھر آپ ﷺ نے فرمایا جس کو پسند

17- أخرجه ابن ماجه في المقدمة (138) باب: فضل عبد الله بن مسعود۔

وَسَلَّمَ: سَلْ تُعْطَ . ثُمَّ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا فَلْيَقْرَأْهُ كَمَا يَقْرَأُ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلَى مَنْزِلِي، فَأَتَانِي أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ: هَلْ تَحْفَظُ مِمَّا كُنْتَ تَدْعُو شَيْئًا؟ قُلْتُ: نَعَمْ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ، فَأَتَى عُمَرُ عَبْدَ اللّٰهِ لِيُبَشِّرَهُ، فَوَجَدَ أَبَا بَكْرٍ خَارِجًا قَدْ سَبَقَهُ، فَقَالَ: إِنْ فَعَلْتَ إِنَّكَ لَسَبَّاقٌ بِالْخَيْرِ

قرآن پڑھنا تروتازہ اس کو چاہیے کہ وہ ابن ام عبد (حضرت عبداللہ کی کنیت ہے) کی قرأت پر پڑھے، اس کے بعد میں اپنے گھر آیا میرے پاس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے فرمایا کیا آپ کو یاد ہے جو کچھ آپ مانگ رہے تھے؟ میں نے عرض کی جی ہاں (وہ دعا یہ تھی:) اے اللہ! تجھ سے ایمان مانگتا ہوں کہ دوبارہ مرتد نہ ہو جاؤں ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو اور اپنے پیارے آقا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت مانگتا ہوں، اعلیٰ جنت میں جو ہمیشہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تا کہ آپ رضی اللہ عنہ کو اس معاملہ کی بشارت دیں۔ پس ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو وہاں پایا۔ بے شک وہ سبقت لے گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ رضی اللہ عنہ ہر خبر والے معاملہ میں سبقت لے جاتے ہیں۔

18 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ الْجَصَّاصِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ لِغُلَامِهِ: لَا تَمُرَّ بِي عَلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ، فَغَفَلَ الْغُلَامُ، فَمَرَّ بِهِ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَرَآهُ، فَقَالَ: رَحِمَكَ اللّٰهُ، مَا عَلِمْتُكَ إِلَّا صَوَّامًا قَوَّامًا، وَصُولًا لِلرَّحِمِ، أَمَا وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرْجُو مَعَ مَسَاوِءِ مَا قَدْ عَمِلْتَ مِنَ الذُّنُوبِ، أَنْ لَا يُعَذِّبَكَ، قَالَ مُجَاهِدٌ: ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَيَّ فَقَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، أَنَّ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے غلام سے فرمایا: مجھے ابن زبیر کے پاس سے نہ گزارنا، غلام بھول گیا آپ کو ابن زبیر کے پاس سے گزارا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنا سر اٹھایا، اس کو فرمایا: اللہ تجھ پر رحم کرے! میں تجھے نہیں دیکھتا مگر روزے رکھنے والا' رات کا قیام کرنے والا اور لوگوں کے تعلقات جوڑنے والا' بہرحال اللہ کی قسم! میں گناہ گار کی معافی کی امید رکھتا ہوں جو تو نے گناہ کیا ہے کہ تجھے اس کا عذاب نہیں دیا جائے گا۔ حضرت مجاہد فرماتے ہیں:

18- أخرجه أحمد جلد 1صفحه6 . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7صفحه12 . وأورده ابن كثير في تفسيره جلد2صفحه398 . وأخرجه الحاكم جلد2صفحه308 .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ فِي الدُّنْيَا

پھر آپ نے میری طرف توجہ فرمائی اور فرمایا: مجھے ابوبکر نے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو بُرا عمل کرے اس کو دنیا میں اس کی سزا دی جائے گی۔

19 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ شَبِيبٍ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا كَوْثَرُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا نَجَاةُ هَذَا الْأَمْرِ الَّذِي نَحْنُ فِيهِ؟ قَالَ: مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، فَهُوَ لَهُ نَجَاةٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اس معاملہ سے نجات کیسے حاصل ہو گی جس میں ہم ہیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے گواہی دی اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ، یہی اس کے لیے نجات ہے۔

20 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَمَّا تَأَيَّمَتْ حَفْصَةُ، وَكَانَتْ تَحْتَ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ، أَتَى عُمَرُ أَبَا بَكْرٍ فَعَرَضَهَا عَلَيْهِ، فَسَكَتَ، فَأَتَى عُثْمَانَ فَعَرَضَهَا عَلَيْهِ، فَقَالَ عُثْمَانُ: مَا لِي فِي النِّسَاءِ مِنْ حَاجَةٍ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَطَبَهَا فَزَوَّجَهَا فَلَقِيَ أَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ: إِنِّي كُنْتُ عَرَضْتُ عَلَيْكَ حَفْصَةَ فَسَكَتَّ، فَلَأَنَا كُنْتُ عَلَيْكَ أَشَدَّ غَضَبًا مِنِّي عَلَى عُثْمَانَ، وَقَدْ رَدَّنِي، قَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّهُ قَدْ كَانَ مِنْ أَمْرِهَا ذِكْرٌ، وَلَكِنَّهُ كَانَ سِرًّا، فَكَرِهْتُ أَنْ أُفْشِيَ السِّرَّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب حفصہ بیوہ ہوئیں جو کہ خنیس بن حذافہ کے نکاح میں تھیں تو حضرت عمر، حضرت ابوبکر کے پاس آئے اور آپ کو نکاح کا پیغام دیا، آپ خاموش رہے، حضرت عثمان کے پاس آئے آپ کو نکاح کرنے کا پیغام دیا تو حضرت عثمان نے فرمایا: مجھے عورتوں کی ضرورت نہیں ہے۔ اتنے میں حضور ﷺ نے نکاح کا پیغام بھیجا۔ تو حفصہ کی شادی حضور ﷺ سے کی گئی۔ حضرت عمر، حضرت ابوبکر سے ملے تو حضرت عمر نے فرمایا: میں نے آپ کو حفصہ کے نکاح کا پیغام بھیجا تھا تو آپ جواب دینے سے خاموش رہے تھے، مجھے آپ پر حضرت عثمان کے انکار سے زیادہ غصہ آیا تھا۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: آپ ﷺ نے اس معاملہ کا ذکر کیا تھا لیکن یہ ایک راز تھا، میں نے راز

19- أخرجه الهيثمي في مجمع الزوائدجلد1صفحه15 وعزاه الى المؤلف وقال: في اسناده كوثر، وهو متروك .

کھولنے کو ناپسند کیا۔

21 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي مَوْلَى ابْنِ سِبَاعٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُنْزِلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ وَلَا يَجِدْ لَهُ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا) (النساء: 123) فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا بَكْرٍ، أَلَا أُقْرِئُكَ آيَةً أُنْزِلَتْ عَلَيَّ؟. قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ. قَالَ: فَأَقْرَأَنِيهَا. قَالَ: فَلَا أَعْلَمُ إِلَّا وَأَنِّي وَجَدْتُ انْقِصَامًا فِي ظَهْرِي، حَتَّى تَمَطَّأْتُ لَهَا فِي ظَهْرِي، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا أَنْتَ يَا أَبَا بَكْرٍ وَأَصْحَابُكَ الْمُؤْمِنُونَ فَتُجْزَوْنَ بِذَلِكَ فِي الدُّنْيَا حَتَّى تَلْقَوُا اللَّهَ وَلَيْسَتْ لَكُمْ ذُنُوبٌ، وَأَمَّا الْآخَرُونَ فَيُجْمَعُ ذَلِكَ لَهُمْ حَتَّى يُجْزَوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر آیت کریمہ اُتری: ''جو برے عمل کرے گا اسے سزا ملے گی اس کی اور نہ پائے گا اپنے لیے اللہ کے بغیر کوئی دوست اور نہ مددگار'' (النساء)۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر! کیا میں اس آیت کو نہ پڑھوں جو مجھ پر ابھی نازل کی گئی ہے؟ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیوں نہیں؟ آپ نے مجھ پر پڑھی۔ میں نہیں جانتا ہوں مگر یہ کہ میں نے اپنی پیٹھ کو توڑا ہوا پایا یہاں تک کہ اس کے لیے میں نے اپنی پیٹھ جھکا دی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر اور آپ کے مومن ساتھی! ان کو دنیا میں گناہوں کا بدلہ دیا جائے گا جب وہ اللہ سے ملیں گے تو ان کے نامہ اعمال میں کوئی گناہ نہیں ہو گا۔ بہرحال دوسروں کیلئے ان کو جمع کیا جائے گا یہاں تک کہ ان کو قیامت کے دن ان کے گناہوں کا بدلہ دیا جائے گا۔

22 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى السَّامِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ

حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا: جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کھودنے کا ارادہ کیا گیا تو حضرت ابوعبیدہ بن الجراح

21- أخرجه الترمذی فی التفسیر رقم الحدیث: 3042، باب: ومن سورة النساء.

22- أخرجه أحمد رقم الحدیث: 39 و رقم الحدیث: 2357 و رقم الحدیث: 2661. وابن ماجه فی الجنائز رقم الحدیث: 1628، باب: ذکر وفاته ودفنه صلی الله علیه وسلم. والبیهقی فی السنن الکبریٰ جلد 3 صفحه 407. وابن سعد 2/2/74-75

اللَّهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا أَرَادُوا أَنْ يَحْفِرُوا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ يَضْرَحُ، يَحْفِرُ، لِأَهْلِ مَكَّةَ، وَكَانَ أَبُو طَلْحَةَ زَيْدُ بْنُ سَهْلٍ هُوَ الَّذِي كَانَ يَحْفِرُ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ، وَكَانَ يَلْحَدُ، فَدَعَا الْعَبَّاسُ رَجُلَيْنِ، فَقَالَ لِأَحَدِهِمَا: اذْهَبْ إِلَى أَبِي عُبَيْدَةَ، وَلِلْآخَرِ: اذْهَبْ إِلَى أَبِي طَلْحَةَ، اللَّهُمَّ خِرْ لِرَسُولِكَ . فَوَجَدَ صَاحِبُ أَبِي طَلْحَةَ أَبَا طَلْحَةَ فَجَاءَ بِهِ، فَلَحَدَ لِرَسُولِ اللَّهِ، فَلَمَّا فُرِغَ مِنْ جِهَازِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ، وُضِعَ عَلَى سَرِيرِهِ، وَقَدْ كَانَ الْمُسْلِمُونَ اخْتَلَفُوا فِي دَفْنِهِ، فَقَالَ قَائِلٌ: نَدْفِنُهُ فِي مَسْجِدِهِ، وَقَالَ قَائِلٌ: بَلْ يُدْفَنُ مَعَ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا قُبِضَ نَبِيٌّ إِلَّا دُفِنَ حَيْثُ قُبِضَ . فَرُفِعَ فِرَاشُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ، فَحُفِرَ لَهُ تَحْتَهُ، ثُمَّ دَعِيَ النَّاسُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلُّونَ عَلَيْهِ إِرْسَالًا: الرِّجَالُ، حَتَّى إِذَا فُرِغَ مِنْهُمْ، أُدْخِلَ النِّسَاءُ، حَتَّى إِذَا فُرِغَ مِنَ النِّسَاءِ أُدْخِلَ الصِّبْيَانُ، وَلَمْ يَؤُمَّ النَّاسَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدٌ. فَدُفِنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَوْسَطِ اللَّيْلِ لَيْلَةَ الْأَرْبِعَاءِ .

رضی اللہ عنہ اہل مکہ کے لیے قبر بناتے تھے اور ابوطلحہ زید بن سہل رضی اللہ عنہ اہل مدینہ کے لیے قبریں بناتے تھے اور آپ لحد بناتے تھے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے دو آدمیوں کو بلوایا اور ایک کو کہا کہ آپ ابوعبیدہ کی طرف جائیں اور دوسرے کو کہا کہ آپ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی طرف جائیں۔ اے اللہ! اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قبر کو کھودو۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی طرف جانے والے نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو پایا وہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو لے کر آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے لحد بنائی۔ جب منگل کے دن رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو کفن و غسل سے فارغ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو چارپائی پر رکھا گیا۔ صحابہ کرام کو دفن کرنے کی جگہ میں اختلاف ہو گیا۔ کچھ کہنے لگے کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں دفن کریں گے، کچھ کہنے لگے ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے ساتھ جنت البقیع شریف میں دفن کریں گے۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ کسی نبی کا وصال نہیں ہوتا مگر اسی جگہ دفن کیا جاتا ہے جہاں اس کا وصال ہوا ہے۔ پس رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی چارپائی اٹھائی، جس جگہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تھا، اس کے نیچے قبر کھودی گئی پھر رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرے مبارک میں صحابہ کرام کو بلوایا گیا، انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پاک پڑھا، مرد جب فارغ ہو گئے پھر عورتوں کو داخل کیا گیا۔ جب عورتیں فارغ ہو گئیں تو پھر بچوں کو داخل کیا گیا۔ لوگوں میں کسی نے بھی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازے کی

امامت نہیں کی۔ پھر بدھ کی درمیانی رات کو آپ ﷺ کو دفن کر دیا گیا۔

23 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَا قُبِضَ نَبِيٌّ إِلَّا دُفِنَ حَيْثُ يُقْبَضُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس جگہ نبی کا وصال ہوتا اسی جگہ اس کو دفن کیا جاتا ہے۔

24 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ الْبَصْرِيُّ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا حُسَامُ بْنُ مِصَكٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَسَ كَتِفًا، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک نبی کریم ﷺ نے بکری کا کندھا کھایا۔ پھر آپ ﷺ نے نماز پڑھی اور آپ ﷺ نے وضو نہیں فرمایا تھا۔

25 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الطُّوسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ (تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ) جَاءَتِ امْرَأَةُ أَبِي لَهَبٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ، فَلَمَّا رَآهَا أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّهَا امْرَأَةٌ بَذِيئَةٌ، وَأَخَافُ أَنْ تُؤْذِيَكَ، فَلَوْ قُمْتَ؟ قَالَ: إِنَّهَا لَنْ تَرَانِي . فَجَاءَتْ فَقَالَتْ: يَا أَبَا بَكْرٍ، صَاحِبُكَ هَجَانِي. قَالَ: مَا يَقُولُ

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ جب سورۃ تبت یدا ابی لہب نازل ہوئی تو ابولہب کی بیوی (ام جمیل) نبی کریم ﷺ کی طرف آ رہی تھی جبکہ آپ ﷺ کے پاس سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔ جب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس کو دیکھا۔ عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! بدترین عورت ہے۔ مجھے خوف تھا کہ آپ کو تکلیف نہ دے، پس اگر اُٹھ جائیں (تو کیا ہی بہتر ہو)؟ آپ ﷺ نے فرمایا یہ مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گی۔ پس

25- أخرجه الحافظ ابن حجر في هدى السارى صفحه 428، والبزار . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 144 .

الشِّعْرَ . قَالَتْ: أَنْتَ عِنْدِي مُصَدَّقٌ، وَانْصَرَفَتْ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَمْ تَرَكَ قَالَ: لَمْ يَزَلْ مَلَكٌ يَسْتُرُنِي مِنْهَا بِجَنَاحَيْهِ

وہ آئی اس نے کہا اے ابوبکر رضی اللہ عنہ تیرے ساتھی نے میری مذمت بیان کی ہے۔سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے وہ شعر نہیں کہتا ہے، اس نے کہا: آپ میرے نزدیک سچے ہیں اور وہ چلی گئی۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کو اس نے نہیں دیکھا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک فرشتہ مسلسل مجھے اس کے دیکھنے سے اپنے پروں کے ساتھ ڈھانپے ہوئے تھا۔

26 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلَى الْعَبَّاسِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ أَبُو بَكْرٍ، خَاصَمَ الْعَبَّاسُ عَلِيًّا فِي أَشْيَاءَ تَرَكَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: شَيْءٌ تَرَكَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُحَرِّكْهُ فَلَا أُحَرِّكُهُ

حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک ہوا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنایا گیا۔حضرت عباس رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان اشیاء کے متعلق جھگڑے جن کو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف چھوڑا تھا۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جن اشیاء کو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑا ہے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کوئی حرکت نہیں دی اور میں بھی اس کو کوئی حرکت نہیں دوں گا (یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا ہے کہ کس کس کو وراثت دینی ہے)۔

27 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَعَائِشَةَ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَبَّلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَيِّتٌ

حضرت ابن عباس اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بوسہ لیا اس حال میں کہ آپ کا وصال ہو چکا تھا۔

26- أخرجه أحمد جلد1صفحه13 . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه207 .

27- أخرجه أحمد جلد 6صفحه55 . والبخاري في المغازي رقم الحديث: 4455' باب: مرض النبي صلى الله عليه وسلم ووفاته' وفي الطب رقم الحديث: 5709 باب: اللدود . والنسائي في الجنائز جلد4صفحه11' باب: تقبيل الميت . وابن ماجه في الجنائز رقم الحديث: 1457' باب: ما جاء في تقبيل الميت .

28 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ خَالِدٍ يَعْنِي الْحَذَّاءَ، عَنْ يُوسُفَ أَبِي يَعْقُوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ أَوِ الْحَارِثِ، قَالَ: ذُكِرَ ابْنُ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ: طَالَمَا حَرَصَ عَلَى الْإِمَارَةِ. قُلْتُ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِصٍّ، فَأَمَرَ بِقَتْلِهِ، فَقِيلَ: إِنَّهُ سَرَقَ. قَالَ: اقْطَعُوهُ. ثُمَّ جِيءَ بِهِ بَعْدَ ذَلِكَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ قَدْ سَرَقَ، وَقَدْ قُطِعَتْ قَوَائِمُهُ. فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: مَا أَجِدُ لَكَ شَيْئًا إِلَّا مَا قَضَى فِيكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أَمَرَ بِقَتْلِكَ، فَإِنَّهُ كَانَ أَعْلَمَ بِكَ، فَأَمَرَ بِقَتْلِهِ أُغَيْلِمَةً مِنْ أَبْنَاءِ الْمُهَاجِرِينَ، أَنَا فِيهِمْ. قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ: أَمِّرُونِي عَلَيْكُمْ، فَأَمَّرْنَاهُ عَلَيْنَا، فَانْطَلَقْنَا بِهِ إِلَى الْبَقِيعِ فَقَتَلْنَاهُ

حضرت محمد بن حاطب یا حارث فرماتے ہیں کہ ابن زبیر کا ذکر کیا گیا فرمایا: وہ برابر حکومت کے حریص تھے، میں نے عرض کیا: کیسے؟ فرمایا: حضور ﷺ کے پاس ایک چور لایا گیا آپ نے اس کے قتل کا حکم دیا، عرض کی گئی: اس نے چوری کی ہے؟ فرمایا: اس کے ہاتھ کاٹ دو! پھر اس کے بعد اس کو حضرت ابوبکر کے پاس لایا گیا اس نے چوری کی تھی اس حالت میں کہ اس کے پاؤں وغیرہ کاٹ دیئے گئے تھے۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: میں تیرے لیے کوئی شے نہیں پاتا ہوں مگر وہی جو تیرے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے قتل کرنے کا حکم دیا، آپ تجھے زیادہ جانتے تھے۔ کیونکہ آپ نے مہاجرین کے بیٹوں کو اس کے قتل کرنے کا حکم دیا تھا، میں ان میں موجود تھا۔ ابن زبیر نے فرمایا: مجھے اپنے اوپر امیر بناؤ! ہم نے ان کو اپنے اوپر امیر بنایا، ہم اس کو لے کر جنت البقیع کی طرف آئے، اس کے بعد اس کو قتل کر دیا۔

29 - حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ یہ الفاظ حضرت غسان کی حدیث کے ہیں کہ حضرت سیدنا ابوبکر

28- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6صفحه277 . وأخرجه النسائي في قطع السارق جلد 8صفحه89' باب: قطع الرجل من السارق بعد اليد . والبيهقي في السنن الكبرى جلد8صفحه272-273 .

29- أخرجه أحمد جلد1صفحه7,4,3 . وأخرجه البخاري في الأذان رقم الحديث: 834' باب: الدعاء قبل الاسلام' وفي الدعوات رقم الحديث: 6326' باب: الدعاء في الصلاة' وفي التوحيد رقم الحديث: 7387 باب: (وكان الله سميعًا بصيرًا) . ومسلم في الذكر رقم الحديث: 2705 . والترمذي في الدعوات رقم الحديث: 3521' باب: دعاء يقال في الصلاة . والنسائي في السهو جلد 3صفحه53' باب: نوع آخر في الدعاء . وابن ماجه في الدعاء رقم الحديث: 3835' باب: دعاء رسول الله صلى الله عليه وسلم .

وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، وَعَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ غَسَّانَ، أَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلِّمْنِي دُعَاءً أَدْعُو بِهِ فِي صَلَاتِي، قَالَ: " اللّٰهُمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي ظُلْمًا كَثِيرًا، وَفِي حَدِيثِ الْقَوَارِيرِيِّ وَحْدَهُ عَنْ عَاصِمٍ: كَبِيرًا، وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، فَاغْفِرْ لِي مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ، وَارْحَمْنِي إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ." قَالَ أَبُو يَعْلَى: قَالَ اللَّيْثُ: عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ. وَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَلَمْ يُجَاوِزْ بِهِ

صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے کوئی دعا سکھائیں، میں اس کو نماز میں مانگا کروں گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ دعا مانگو، اے اللہ میں نے اپنے نفس پر بہت ظلم کیا۔ حضرت قواریری کی حدیث میں صرف عاصم سے کبیراً کا لفظ ہے۔ مزید دعا یہ ہے: اے اللہ! تو ہی گناہوں کو معاف کرنے والا ہے، اپنی جناب سے میرے گناہ معاف فرما اور مجھ پر رحم فرما، بے شک تو غفور رحیم ہیں۔ امام ابویعلی فرماتے ہیں: یہ حدیث لیث ابوبکر صدیق سے اور عمرو بن حارث، عبداللہ بن عمر سے روایت کرنے میں دونوں نے کوئی تجاوز نہیں کیا ہے۔

30 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، يَقُولُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي دُعَاءً أَدْعُوا بِهِ فِي صَلَاتِي،

حضرت ابوخیر سے روایت ہے کہ انہوں نے عبداللہ بن عمرو سے سنا ہے، وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے کوئی دعا سکھائیں، میں اس کو نماز میں مانگا کروں اس حالت میں کہ میں اپنے گھر میں ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ دعا مانگو، اے اللہ! میں نے اپنے نفس پر

30- أخرجه البخاري في التوحيد رقم الحديث: 7387' باب: (وكان اللّٰه سميعًا بصيرًا) . ومسلم في الذكر رقم الحديث: 2705' باب: استحباب خفض الصوت في الذكر .

وَفِي بَيْتِي. قَالَ: قُلِ اللّٰهُمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي ظُلْمًا كَثِيرًا، وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، فَاغْفِرْ لِي مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ، وَارْحَمْنِي إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

بہت ظلم کیا۔ اے اللہ تو ہی گناہوں کو معاف کرنے والا ہے، اپنی جناب سے میرے گناہ معاف فرما اور رحم فرما بے شک تو غفور رحیم ہیں۔

31 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَأَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ سُبَيْعٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، وَفِي حَدِيثِ أَبِي مُوسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الدَّجَّالَ يَخْرُجُ مِنْ أَرْضٍ قِبَلَ الْمَشْرِقِ يُقَالُ لَهَا خُرَاسَانُ، يَتْبَعُهُ أَقْوَامٌ كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اور ابوموسیٰ کی حدیث میں ہے کہ ہمیں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا کہ دجال مشرق کی جانب زمین سے نکلے گا اس سرزمین کو خراسان کہا جاتا ہے۔ اس کی اتباع ایسے لوگ کریں گے جن کے چہرے کوٹی ہوئی ڈھال یا گنجے کالے سیاہ انگوروں کی طرح ہوں گے۔

32 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنِي الْفَزَارِيُّ، يَعْنِي أَبَا إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَوْذَبٍ وَحَدَّثَنَا الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي غَنِيَّةَ، خَتَنُ أَبِي إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ سُبَيْعٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ سُبَيْعٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، أَنَّهُ مَرِضَ، فَلَمَّا

حضرت عمرو بن حریث حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے جب ان کے چہرے سے کپڑا اٹھایا گیا تو فرمایا: اے لوگو! کیا میں تم کو نصیحت نہ کروں جو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال مشرق کی سرزمین سے نکلے گا۔ اس سرزمین کو خراسان کہا جاتا ہے۔ اس کی اتباع ایسی قوم کرے گی گویا کہ ان کے چہرے چپٹی ڈھال کی طرح ہوں گے۔ ابن کثیر کی حدیث کے الفاظ ہارون نے مکمل نقل نہیں کیے ہیں جس طرح الدورقی نے

31- أخرجه ابن ماجه في الفتن رقم الحديث: 4072، باب: فتنة الدجال وخروج عيسٰى . والترمذي في الفتن رقم الحديث: 2238، باب: ما جاء في أين يخرج الدجال . وأحمد جلد1صفحه7,4 .

كُثِيرٍ عَنْهُ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي لَمْ آلُكُمْ نُصْحًا، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ أَرْضٍ بِالْمَشْرِقِ يُقَالُ لَهَا خُرَاسَانُ، يَتْبَعُهُ قَوْمٌ كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ. وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ ابْنِ كَثِيرٍ، وَلَمْ يُتِمَّهُ هَارُونُ كَمَا أَتَمَّهُ الدَّوْرَقِيُّ

مکمل نقل کیے ہیں۔

33 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جُمَيْعٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، قَالَ: أَرْسَلَتْ فَاطِمَةُ إِلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَتْ: مَا لَكَ يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ أَنْتَ وَرِثْتَ رَسُولَ اللّٰهِ، أَمْ أَهْلُهُ؟ قَالَ: لَا بَلْ أَهْلُهُ. قَالَتْ: فَمَا بَالُ سَهْمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَطْعَمَ نَبِيًّا طُعْمَةً، ثُمَّ قَبَضَهُ إِلَيْهِ جَعَلَهُ لِلَّذِي يَقُومُ بَعْدُ فَرَأَيْتُ، أَنَا بَعْدَهُ، أَنْ أَرُدَّهُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ. قَالَتْ: أَنْتَ وَمَا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت ابوطفیل رحمہ اللہ سے روایت ہے، آپ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیدہ طیبہ حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا نے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا اور فرمایا: اے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے جانشین! آپ کو کیا ہے؟ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی وراثت کے آپ رضی اللہ عنہ وارث ہیں یا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والے؟ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی میں تو نہیں وارث بلکہ آپ کے خاندان کے لوگ وارث ہیں۔ حضرت سیدہ طیبہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ پھر رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ کہاں ہے؟ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ بے شک اللہ جب تک اپنے نبی کو کھلاتا ہے پھر اپنے پاس بلاتا ہے اس کو اس کے قبضہ میں دیتا ہے جو اس کے بعد قائم مقام ہوتا ہے اس میں میری رائے یہ ہے کہ میں آپ کے بعد یہ مال مسلمانوں کے درمیان تقسیم کردوں۔ پھر سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ رضی اللہ عنہ نے جو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم

33- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 4 . وأبو داؤد فی الخراج والامارة رقم الحديث: 2973' باب: فی صفايا رسول الله صلى الله عليه وسلم فی الأموال . والحافظ فی الفتح جلد 6 صفحه 202 .

سے سنا ہے، وہ ٹھیک ہے۔

34 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَيَالٍ، وَعَلِيٌّ يَمْشِي إِلَى جَنْبِهِ، فَمَرَّ بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ، فَاحْتَمَلَهُ أَبُو بَكْرٍ عَلَى عَاتِقِهِ، وَجَعَلَ يَقُولُ: وَا بِأَبِي شَبِيهُ النَّبِيِّ، لَيْسَ شَبِيهٌ بِعَلِيٍّ قَالَ: وَعَلِيٌّ يَضْحَكُ

حضرت عقبہ بن حارث سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: رسول پاک ﷺ کی وفات کے کچھ راتوں بعد نماز عصر پڑھ کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلا اور حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ بھی آپ رضی اللہ عنہ کی ایک جانب تھے۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے۔ آپ رضی اللہ عنہ (یعنی امام حسن رضی اللہ عنہ) بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے آپ کو اپنے کندھوں پر اٹھا لیا اور فرمانے لگے: میرے ماں باپ اس ہستی پر فدا ہوں! جو اپنے نانا جناب رسول پاک ﷺ کے مشابہ ہے۔ علی رضی اللہ عنہ کے مشابہ نہیں ہے۔ راوی حدیث بیان کرتے ہیں یہ سن کر حضرت علی رضی اللہ عنہ ہنس پڑے۔

35 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ، يَحْمِلُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَيَقُولُ: يَا بِأَبِي شَبِيهُ النَّبِيِّ لَيْسَ شَبِيهٌ بِعَلِيٍّ وَعَلِيٌّ مَعَهُ يَتَبَسَّمُ

حضرت عقبہ بن حارث سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ امام حسن رضی اللہ عنہ کو اٹھائے ہوئے تھے اور فرما رہے تھے: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ حضور ﷺ کے مشابہ ہیں علی کے مشابہ نہیں ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ تبسم فرما رہے تھے۔

36 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى الْخُتَّلِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِي بَكْرٍ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں سرکارِ دو عالم ﷺ کے ساتھ تھا۔ حضرت ماعز بن مالک آپ کے پاس آئے، انہوں نے زنا کا اقرار کیا۔

34- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 8 . والبخارى فى المناقب رقم الحديث: 3542، باب: صفة النبى صلى الله عليه وسلم، وفى فضائل الصحابة رقم الحديث: 3750 باب: مناقب الحسن والحسين .

36- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 8 . وذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 266

الصِّدِّيقِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ فَاعْتَرَفَ بِالزِّنَى، فَرَدَّهُ، ثُمَّ عَادَ الثَّانِيَةَ فَرَدَّهُ، ثُمَّ عَادَ الثَّالِثَةَ فَرَدَّهُ، فَقُلْتُ: إِنْ عُدْتَ الرَّابِعَةَ رَجَمَكَ ۔ فَعَادَ الرَّابِعَةَ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَبْسِهِ، ثُمَّ أَرْسَلَ فَسَأَلَ عَنْهُ قَالُوا: لَا نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا فَأَمَرَ بِرَجْمِهِ

آپ ﷺ نے رد کر دیا، پھر دوبارہ اقرار کیا، آپ ﷺ نے دوبارہ رد کر دیا، تیسری مرتبہ اقرار کیا، آپ ﷺ نے ردّ کر دیا۔ میں نے حضرت ماعز سے کہا: اگر آپ نے چوتھی مرتبہ اقرار کر لیا تو آپ کو رجم کیا جائے گا۔ انہوں نے چوتھی دفعہ بھی اقرار کر لیا۔ نبی کریم ﷺ نے انہیں باندھنے کا حکم دیا۔ پھر آپ نے چھوڑ دیا اس کے بعد پوچھا صحابہ کرام فرماتے ہیں: ہم ان کے متعلق بھلائی ہی جانتے ہیں (یعنی حضرت ماعز کے متعلق) اس کے بعد آپ نے رجم کرنے کا حکم دیا۔

37 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الْكُوفِيُّ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت ماعز بن مالک کی بات کو چار مرتبہ رد کیا۔

38 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، وَمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَا: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ فِي بِضْعَ عَشْرَةَ مِائَةً مِنْ أَصْحَابِهِ، حَتَّى إِذَا كَانُوا بِذِي الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْهَدْيَ، وَأَشْعَرَ، وَأَحْرَمَ بِالْعُمْرَةِ فَجَاءَ

حضرت مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم دونوں فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ حدیبیہ کے زمانہ میں اپنے ایک سو دس سے اوپر صحابہ کے ساتھ نکلے، جب ذی الحلیفہ کے مقام پر پہنچے تو نبی کریم ﷺ نے اپنے قربانی کے جانوروں سے قلادہ پہنایا اور اس کو نشان لگایا اور عمرہ کا احرام باندھا، عروہ بن مسعود ثقفی آیا، اس نے کہا: میں سمجھتا ہوں کہ یہ لوگ تجھے چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: لات کے تھن چوس! کیا ہم

37- أخرجه البزار رقم الحديث: **1554** .

38- أخرجه عبدالرزاق رقم الحديث: **9720** . والبخارى فى الشروط رقم الحديث: **2731**' باب: الشروط فى الجهاد . وأحمد جلد**4**صفحه**329,325,324** .

عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ: إِنِّي أَرَى أَوْجُهًا خَلِيقًا أَنْ يَفِرُّوا وَيَدَعُوكَ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: مُصَّ بَظْرَ اللَّاتِ، أَنَحْنُ نَفِرُّ وَنَدَعُهُ؟

بھاگ جائیں گے اور آپ کو چھوڑ جائیں گے؟

39 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ، زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَتْ أَبَا بَكْرٍ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللَّهِ أَنْ يَقْسِمَ لَهَا مِيرَاثَهَا مِمَّا تَرَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْهِ. فَقَالَ لَهَا أَبُو بَكْرٍ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نُورَثُ، مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ

حضرت ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد سوال کیا کہ ان کے لیے اس میراث کو تقسیم کر دیں جو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑا ہے جو اللہ نے آپ رضی اللہ عنہ کو دیا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی بے شک رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: جو ہم چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے، ہم اس کے وارث نہیں بناتے۔

40 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، وَمُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الْوَزِيرِ، حَدَّثَنَا زَنْفَلُ الْعَرَفِيُّ، يَنْزِلُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، وَفِي حَدِيثِ مُوسَى بْنِ حَيَّانَ، كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ الْأَمْرَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ خِرْ لِي، وَاخْتَرْ لِي

موسیٰ بن حیان رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کام کا ارادہ کرتے تھے تو آپ فرماتے: اللّٰھم خرلی و اخترلی۔

39- أخرجه مسلم في الجهاد رقم الحديث: **1759**' باب: قول النبي صلى الله عليه وسلم: لا نورث ما تركنا فهو صدقة . كما أخرجه أحمد جلد **1** صفحه**9,6** . والبخاري في فرض الخمس رقم الحديث: **3092**' باب: فرض الخمس . وفي فضائل الصحابة رقم الحديث: **3711**' باب: مناقب قرابة رسول الله صلى الله عليه وسلم' وفي المغازي رقم الحديث: **4240**' باب: غزوة خيبر .

40- أخرجه الترمذي في الدعوات رقم الحديث: **3511**' باب: اللّهم خر لي واختر لي .

41 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى الْهَرَوِيُّ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اخْتَلَفُوا فِي دَفْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قُبِضَ. فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يُقْبَضُ النَّبِيُّ إِلَّا فِي أَحَبِّ الْأَمْكِنَةِ إِلَيْهِ فَقَالَ: ادْفِنُوهُ حَيْثُ قُبِضَ

حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت صحابہ کے درمیان اختلاف ہوا دفن کرنے کے متعلق، جس وقت آپ کا وصال ہوا۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب نبی کا وصال ہوتا ہے تو اسے اس جگہ دفن کرنا جو اس کے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہوتا ہے اور حضرت ابوبکر نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی جگہ دفن کر دو جس جگہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا ہے۔

42 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مَطِيرٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ حَتَّى اسْتَقْبَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَوْرَتِهِ يَبُولُ. قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَيْسَ الرَّجُلُ يَرَانَا؟ قَالَ: لَوْ رَآنَا لَمْ يَسْتَقْبِلْنَا بِعَوْرَتِهِ، يَعْنِي وَهُمَا فِي الْغَارِ

حضرت ام المومنین سید عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے میرے والد محترم ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ مشرکین میں سے ایک آدمی آیا۔ یہاں تک کہ بالکل رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منہ کر کے ننگا ہو کر پیشاب کرنے لگا۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا یہ آدمی ہم کو دیکھ نہیں رہا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر ہم کو دیکھتا تو برہنہ حالت میں ہماری طرف منہ کر کے پیشاب نہ کرتا، یعنی جب دونوں غار میں تھے۔

43 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَكِيمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ

حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ بیشک عبداللہ بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا جب وصال ہو گیا تو ان پر رویا گیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مردوں کی طرف نکلے،

41- اخرجه الترمذى فى الجنائز رقم الحديث: 1018 .

42- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد6صفحه54 .

43- أخرجه البزار رقم الحديث: 802 . وذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد3صفحه16 .

الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي بَكْرٍ لَمَّا تُوُفِّيَ بُكِيَ عَلَيْهِ، فَخَرَجَ أَبُو بَكْرٍ، إِلَى الرِّجَالِ، فَقَالَ: إِنِّي أَعْتَذِرُ إِلَيْكُمْ مِنْ شَأْنِ أُولَاءِ، إِنَّهُنَّ حَدِيثَاتُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْمَيِّتَ يُنْضَحُ عَلَيْهِ الْحَمِيمُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ

آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ان باتوں سے معذور ہوں جو یہ زمانہ جاہلیت کی باتیں کر رہی ہیں۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میت پر کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا زندوں کے رونے کی وجہ سے۔

44 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مَرْحُومُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ بَابَنُوسَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعْدَ وَفَاتِهِ فَوَضَعَ فَمَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى صُدْغَيْهِ، وَقَالَ: وَانَبِيَّاهُ، وَاخَلِيلَاهُ، وَاصَفِيَّاهُ

حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر آپ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے، اپنا منہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دونوں آنکھوں کے درمیان رکھا اور دونوں ہاتھ آپ کے دونوں کانوں کے درمیان رکھے اور عرض کرنے لگے: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! اے اللہ کے خلیل صلی اللہ علیہ وسلم! اے اللہ کے چنے ہوئے!

45 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَوْ أَسْمَاءَ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، قَامَ مَقَامَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّيْفِ عَامَ الْأَوَّلِ، فِي مِثْلِ مَقَامِي هَذَا، ثُمَّ فَاضَتْ عَيْنَاهُ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّيْفِ عَامَ الْأَوَّلِ، فِي مِثْلِ مَقَامِي، ثُمَّ فَاضَتْ

حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا یا حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی جگہ پر کھڑے ہوئے جس سال رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تمہارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے گرمیوں میں گزشتہ سال اسی جگہ پہ سنا تھا۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ پھر فرمایا: میں نے تمہارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے گرمیوں میں گزشتہ سال اس جگہ پہ سنا تھا، پھر آپ رضی اللہ عنہ کی

44- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 220,219,31 . والترمذي في الشمائل رقم الحديث: 273 . وانظر المناوي في الفتح الرباني جلد 21 صفحه 250 .

عَيْنَاهُ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّيْفِ عَامَ الْأَوَّلِ، فِي مِثْلِ مَقَامِي هٰذَا، ثُمَّ فَاضَتْ عَيْنَاهُ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ نَبِيَّكُمْ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فِي مِثْلِ مَقَامِي هٰذَا، يَقُولُ: سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ، وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے، پھر فرمایا: بے شک میں نے تمہارے نبی کریم ﷺ سے گرمیوں میں اسی جگہ گذشتہ سال سنا، پھر آپ رضی اللہ عنہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ پھر فرمایا: میں نے تمہارے نبی کریم ﷺ سے اسی جگہ پر یہ فرماتے ہوئے سنا: اللہ سے دنیا و آخرت میں معافی' عافیت اور معافات مانگو۔

46 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، دَخَلَ عَلَيْهَا، وَعِنْدَهَا جَارِيَتَانِ تَضْرِبَانِ بِدُفَّيْنِ، فَانْتَهَرَهُمَا أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُنَّ، فَإِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيدًا

حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آپ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور آپ ﷺ کے پاس دو بچیاں دف بجا رہی تھیں۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کو جھڑکا۔ حضور ﷺ نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو فرمایا: ان کو چھوڑ دو بے شک ہر قوم کی عید ہوتی ہے۔

47 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْأَسْلَمِيُّ، حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ حَبِيبٍ، مَوْلَى عُرْوَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَسْمَاءَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ: رَأَيْتُ أَبِي يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، فَقُلْتُ: يَا أَبَهْ، تُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ،

حضرت حبیب رحمہ اللہ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ کے غلام فرماتے ہیں کہ میں نے اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے باپ ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ایک کپڑے میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ میں نے عرض کی: اے میرے والد ماجد! آپ ایک ہی

46- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 134,99,33 لا 186 . والنسائى فى صلاة العيدين جلد 3 صفحه 195' باب: ضرب الدف يوم العيد . وأخرجه البخارى فى العيدين رقم الحديث: 949' باب: الحراب والدرق يوم العيد' و رقم الحديث: 952 باب: سنة العيدين لأهل الاسلام . و رقم الحديث: 987 باب: اذا فاته العيد يصلى ركعتين' وفى مناقب الأنصار رقم الحديث: 3529 باب: قصة الحبش من طريق يحيىٰ بن بكير' و رقم الحديث: 3931 . وأخرجه مسلم فى العيدين رقم الحديث: 892' باب: الرخصة فى اللعب الذى لا معصية فيه أيام العيد . وابن ماجه فى النكاح رقم الحديث: 1898' باب: الغناء والدف .

47- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 48 . والبخارى فى الصلاة رقم الحديث: 358' باب: الصلاة فى الثوب الواحد وقارن بالطحاوى فى شرح معانى الآثار جلد 1 صفحه 380 .

وَثِيَابُكَ مَوْضُوعَةٌ؟ فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ اِنَّ آخِرَ صَلَاةٍ صَلَّاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفِي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ

کپڑے میں نماز پڑھتے ہیں، حالانکہ آپ کے پاس اور بھی کپڑے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میری لخت جگر بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری نماز جو میرے پیچھے پڑھی تھی وہ ایک ہی کپڑے میں تھی۔

48 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنِ ابْنِ تَدْرُسَ، مَوْلَى حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ، أَنَّهُمْ قَالُوا لَهَا: مَا أَشَدُّ مَا رَأَيْتِ الْمُشْرِكِينَ بَلَغُوا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: كَانَ الْمُشْرِكُونَ قَعَدُوا فِي الْمَسْجِدِ يَتَذَاكَرُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يَقُولُ فِي آلِهَتِهِمْ ۔ فَبَيْنَا هُمْ كَذَلِكَ، اِذْ أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامُوا اِلَيْهِ بِأَجْمَعِهِمْ، فَأَتَى الصَّرِيخُ اِلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقِيلَ: أَدْرِكْ صَاحِبَكَ: فَخَرَجَ مِنْ عِنْدِنَا وَاِنَّ لَهُ لَغَدَائِرَ أَرْبَعًا، وَهُوَ يَقُولُ: " وَيْلَكُمْ: (أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَاءَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ) (غافر: 28) ؟" فَلَهَوْا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَقْبَلُوا عَلَى أَبِي بَكْرٍ ۔ قَالَتْ: فَرَجَعَ اِلَيْنَا أَبُو بَكْرٍ، فَجَعَلَ لَا يَمَسُّ شَيْئًا مِنْ غَدَائِرِهِ اِلَّا

حضرت حکیم بن حزام کے غلام حضرت ابن تدرس حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ رضی اللہ عنہا نے مشرکین کی طرف رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سب سے زیادہ سخت سلوک کیا دیکھا ہے؟ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ مشرکین مسجد حرام میں بیٹھتے تھے اور ذکر کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے خداؤں کے متعلق کیا فرماتے ہیں، اسی حالت میں وہ گفتگو کر رہے تھے کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم آ گئے وہ سارے لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ٹوٹ پڑے تو کسی نے بلند آواز سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو پکارا اور کہا کہ آپ اپنے ساتھی کے پاس پہنچیں۔ پس آپ ہمارے پاس سے نکلے اس وقت آپ کے بال لمبے تھے اور آپ فرما رہے تھے: تمہارے لیے ہلاکت! کیا تم ایسی ذات کو قتل کرنا چاہتے ہو جو کہہ رہی ہے کہ اللہ میرا رب ہے؟ بے شک تمہارے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے ہیں'

48- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 324 . وذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 6صفحه16-17 و جلد 9 صفحه 46-47 . والحافظ ابن حجر فى الفتح جلد 7صفحه169 . وأخرجه أحمد جلد 2صفحه204-218 . والبزار فى رواية محمد بن على . والبخارى فى فضائل الصحابة رقم الحديث: 3678' باب: قول النبى صلى الله عليه وسلم: لو كنت متخذًا خليلًا' وفى مناقب الأنصار رقم الحديث: 3856 باب: ما لقى النبى صلى الله عليه وسلم وأصحابه من المشركين بمكة' وفى التفسير رقم الحديث: 3815 باب: سورة المؤمن .

جَاءَ مَعَهُ، وَهُوَ يَقُولُ: تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ .

تمہارے رب کی طرف سے۔ پس مشرکین مکہ نے رسول پاک ﷺ کو چھوڑا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہمارے پاس واپس آئے، آپ رضی اللہ عنہ کے جن بالوں میں ہاتھ لگایا جاتا وہ ہاتھ کے ساتھ آجاتا، اور عاشق صادق فرما رہے ہوتے ، اے جلال اورعزت والے تو برکت دے۔

49 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْوَلِيدِ، عَنِ ابْنِ تَدْرُسَ، عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَتْ تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ جَاءَتِ الْعَوْرَاءُ أُمُّ جَمِيلٍ، وَلَهَا وَلْوَلَةٌ، وَفِي يَدِهَا فِهْرٌ، وَهِيَ تَقُولُ: مُذَمَّمٌ أَبَيْنَا، أَوْ أَتَيْنَا- الشَّكُّ مِنْ أَبِي مُوسَى- وَدِينَهُ قَلَيْنَا، وَأَمْرَهُ عَصَيْنَا، وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ، وَأَبُو بَكْرٍ إِلَى جَنْبِهِ، أَوْ قَالَ مَعَهُ، قَالَ: فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: لَقَدْ أَقْبَلَتْ هَذِهِ، وَأَنَا أَخَافُ أَنْ تَرَاكَ. فَقَالَ: إِنَّهَا لَنْ تَرَانِي وَقَرَأَ قُرْآنًا اعْتَصَمَ بِهِ: (وَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ حِجَابًا مَسْتُورًا) (الاسراء: 45) قَالَ: فَجَاءَتْ حَتَّى قَامَتْ عَلَى أَبِي بَكْرٍ، وَلَمْ تَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا بَكْرٍ، بَلَغَنِي أَنَّ صَاحِبَكَ هَجَانِي، قَالَ أَبُو بَكْرٍ: لَا وَرَبِّ هَذَا الْبَيْتِ مَا هَجَاكِ، فَانْصَرَفَتْ وَهِيَ تَقُولُ: قَدْ عَلِمَتْ قُرَيْشٌ أَنِّي بِنْتُ سَيِّدِهَا

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں جب سورۃ تبت یدا ابی لہب نازل ہوئی تو بوڑھی ام جمیل آئی اور اس کو بڑا غصہ تھا اور اس کے ہاتھ میں کنکریاں تھیں وہ یہ کہہ رہی تھی وہ قابل مذمت ہے جس کا ہم نے انکار کیا ہے یا جو ہمارے پاس آیا ہے۔ راوی حدیث کو شک ہے اور جس کے دین کو ہم نے چھوڑا ہے اور اس کے حکم کی نافرمانی کی ہے۔ اور رسول پاک ﷺ بیٹھے ہوئے تھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک طرف یا آپ ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ یہ عورت آئی ہے، مجھے خوف ہے کہ آپ ﷺ کو دیکھ نہ لے، آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گی۔ پھر آپ ﷺ قرآن پڑھنے لگے اور آپ ﷺ قرآن کے ذریعے مضبوطی حاصل کر رہے تھے اور اے محبوب تم قرآن پڑھنا۔ ہم نے تم پر [illegible]ان میں کہ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ایک چھپا ہوا پردہ کر دیا (سورۃ بنی اسرائیل آیت: ۴۵)۔ وہ عورت ام جمیل آئی، یہاں تک کہ حضرت ابوبکر

صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس کھڑی ہوگئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا اور آکر کہنے لگی اے ابوبکر رضی اللہ عنہ تیرے دوست نے میری مذمت بیان کی ہے، مجھے یہ خبر پہنچی ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں اس رب کعبہ کی قسم، تیری مذمت نہیں بیان کی، وہ چلی گئی وہ کہہ رہی تھی کہ قریش جانتے ہیں کہ میں سردار کی بیٹی ہوں۔

50 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ أَنَّهَا نُفِسَتْ بِذِي الْحُلَيْفَةِ، فَسَأَلَ أَبُو بَكْرٍ، النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مُرْهَا فَلْتَغْتَسِلْ وَلْتُهِلَّ

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں کہ ان کو ذی حلفیہ کے مقام پر نفاس آگیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مسئلہ پوچھا اس کے متعلق۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ وہ غسل کرلیں اور احرام باندھا۔

51 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا الْكَلْبِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، قَالَ: خَرَجْتُ بِخَلْخَالَيْنِ أَبِيعُهُمَا، وَكَانَ أَهْلُنَا قَدِ احْتَاجُوا إِلَى

حضرت ابی رافع رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ میں دو عدد پازیب لے کر نکلا تاکہ میں ان کو فروخت کر کے آؤں۔ اس وقت ہمارے اہل وعیال کو نفقہ کی ضرورت تھی۔ پس میں نے حضرت ابوبکر

50- أخرجه مالك فى الحج صفحه 214، باب: الغسل للاهلال برقم واحد . وأحمد جلد 6صفحه339 . والنسائى فى المناسك جلد 5صفحه127، بـاب: الغسل للاهلال، وفى الطهارة جلد 1صفحه122 باب: الاغتسال من النفاس . والنووى فى شرح مسلم جلد 3صفحه301 . والزرقانى فى شرح الموطأ جلد 3صفحه4 . وابن ماجه فى المناسك رقم الحديث: 2911 بـاب: النـفساء والحـائض تهل بالحج، و رقم الحديث: 2913 . ومسـلـم فى الحج رقم الحديث: 1209،بـاب: احرام النفساء، و رقم الحديث: 1210 . وأبـو داؤد فى المناسك رقم الحديث: 1743، باب: الحائض تهل بالحج . والدارمى فى المناسك جلد 2صفحه33، باب: النفساء والحائض اذا أرادتا الحج وبلغتا الميقات .

51- أخرجه البزار رقم الحديث: 1318 . وذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 4صفحه115 . وأخرجه البخارى فى البيوع رقم الحديث: 2176، باب: بيع الفضة بالفضة . ومسلم فى المساقاة رقم الحديث: 1584، باب: الربا .

نَفَقَةٍ، فَرَأَيْتُ أَبَا بَكْرِ الصِّدِّيقَ، فَقَالَ: أَيْنَ تُرِيدُ؟ قَالَ: قُلْتُ: احْتَاجَ أَهْلُنَا إِلَى نَفَقَةٍ، فَأَرَدْتُ بَيْعَ هَذَيْنِ الْخَلْخَالَيْنِ. قَالَ: وَأَنَا قَدْ خَرَجْتُ بِدُرَيْهِمَاتٍ أُرِيدُ بِهَا فِضَّةً أَجْوَدَ مِنْهَا. قَالَ: فَوَضَعَ الْخَلْخَالَيْنِ فِي كِفَّةٍ، وَوَضَعَ الدَّرَاهِمَ فِي كِفَّةٍ، فَرَجَحَ الْخَلْخَالَانِ عَلَى الدَّرَاهِمِ شَيْئًا، فَدَعَا بِمِقْرَاضٍ. قَالَ: فَقُلْتُ: سُبْحَانَ اللَّهِ هُوَ لَكَ، هُوَ لَكَ. قَالَ: إِنَّكَ إِنْ تَتْرُكْهُ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَتْرُكُهُ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، الزَّائِدُ وَالْمُزْدَادُ فِي النَّارِ

صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ کا کیا ارادہ ہے؟ میں نے کہا، میرے اہل و عیال نان و نفقہ کے محتاج ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ یہ دونوں پازیب فروخت کر دوں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں چند درہم لے کر نکلا ہوں تا کہ اس کے ساتھ اس سے عمدہ چاندی خریدوں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے پازیب ایک مٹھی میں اور درہم ایک پلڑے میں رکھے۔ پازیب درہموں پر کچھ بھاری نکلے، آپ رضی اللہ عنہ نے ایک قینچی منگوائی، میں نے کہا: سبحان اللہ! جتنا (زیادہ) ہے یہ آپ کا ہے' آپ کا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر تو نے چھوڑ دیا، بے شک اللہ نہیں چھوڑے گا۔ میں نے حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ سونا سونے کے برابر اور چاندی چاندی کے برابر فروخت کرو، زیادہ کرنے والا اور جس کیلئے زیادہ دیا گیا ہے (دونوں) جہنم میں جائیں گے۔

52 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا أَبُو نَعَامَةَ، حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ بْنُ نَوْفَلٍ، عَنْ وَالَانَ الْعَدَوِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: أَصْبَحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَصَلَّى

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز پڑھائی پھر بیٹھے رہے یہاں تک کہ صبح ہوگئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے، پھر اپنی جگہ پر بیٹھے رہے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر و عصر و مغرب کی نماز پڑھائی۔ اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلام

52- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 5,4 . والدولابي في الكنى جلد 2 صفحه 156,155 . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 374 . وأخرجه مسلم في الايمان رقم الحديث: 194,193' باب: أدنى أهل الجنة منزلة فيها . وابن ماجه في الزهد رقم الحديث: 4312' باب: ذكر الشفاعة . والترمذي في صفة القيامة رقم الحديث: 2436' باب: ما جاء في الشفاعة . والبخاري في الأنبياء رقم الحديث: 3340' باب: قول الله عزوجل: (لقد أرسلنا نوحًا الى قومه)' وفي التفسير رقم الحديث: 4712 باب: (ذرية من حملنا مع نوح أنه كان عبدًا شكورًا)' وفي الرقاق رقم الحديث: 6565 باب: صفة الجنة والنار .

الْغَدَاةَ، ثُمَّ جَلَسَ حَتَّى إِذَا كَانَ مِنَ الضُّحَى، ضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَلَسَ مَكَانَهُ حَتَّى صَلَّى الْأُولَى، وَالْعَصْرَ، وَالْمَغْرِبَ، كُلُّ ذَلِكَ لَا يَتَكَلَّمُ، حَتَّى صَلَّى الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ، ثُمَّ قَامَ إِلَى أَهْلِهِ، فَقَالَ النَّاسُ لِأَبِي بَكْرٍ: سَلْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَأْنُهُ صَنَعَ الْيَوْمَ شَيْئًا لَمْ يَصْنَعْهُ قَطُّ؟ فَقَالَ: " نَعَمْ، عُرِضَ عَلَيَّ مَا هُوَ كَائِنٌ مِنْ أَمْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، فَجُمِعَ الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ، فَفُظِعَ النَّاسُ بِذَلِكَ، فَانْطَلَقُوا إِلَى آدَمَ، وَالْعَرَقُ يَكَادُ يُلْجِمُهُمْ، فَقَالُوا: يَا آدَمُ أَنْتَ أَبُو الْبَشَرِ، وَأَنْتَ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ، اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، فَقَالَ: لَقَدْ لَقِيتُ مِثْلَ الَّذِي لَقِيتُمْ، انْطَلِقُوا إِلَى أَبِيكُمْ، بَعْدَ أَبِيكُمْ، إِلَى نُوحٍ، وَإِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَى نُوحًا وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ۔ قَالَ: فَيَنْطَلِقُونَ إِلَى نُوحٍ، فَيَقُولُونَ: اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَنْتَ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ، وَاسْتَجَابَ لَكَ فِي دُعَائِكَ، فَلَمْ يَدَعْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا، فَيَقُولُ: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِي، انْطَلِقُوا إِلَى مُوسَى، فَإِنَّ اللّٰهَ كَلَّمَهُ تَكْلِيمًا ۔ فَيَقُولُ مُوسَى: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِي، وَلَكِنِ انْطَلِقُوا إِلَى عِيسَى، فَإِنَّهُ كَانَ يُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَيُحْيِي الْمَوْتَى ۔ فَيَقُولُ عِيسَى: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِي، وَلَكِنِ انْطَلِقُوا إِلَى سَيِّدِ وَلَدِ آدَمَ، فَإِنَّهُ أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ،

سیر ہو گئے ہیں۔ پھر فرمایا: قیامت کے دن اللہ پاک ضرور بضرورتم سے ان نعمتوں کے متعلق پوچھے گا۔ پھر آپ ﷺ نے واقفی سے کہا، کیا تمہارا خادم ہے کہ وہ تمہیں پانی پلائے؟ عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ نہیں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: جب ہمارے پاس قیدی آئیں تو ہمارے پاس آنا، ہم ایک خادم دیں گے۔ تھوڑی دیر ہی ٹھہرے تھے کہ آپ ﷺ کے پاس قیدی آئے۔ حضرت واقفی آئے، آپ ﷺ نے فرمایا: کس غرض کے لیے آئے ہو؟ عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اس وعدہ کے پیش نظر جو آپ نے مجھ سے کیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ قیدی ہیں اٹھیے جس کو اختیار کرنا ہے اختیار کر لیجیے۔ حضرت واقفی نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! آپ میرے لیے پسند کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس غلام کو پکڑ اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔ راوی حدیث فرماتے ہیں کہ انہوں نے غلام لیا اور اس کو اپنی بیوی کے پاس لے کر آئے، اہلیہ نے کہا یہ کیا ہے (فرماتے ہیں) میں نے سارا قصہ بیان کیا۔ بیوی نے کہا تو نے کوئی بات کی تھی۔ میں نے کہا ہاں میں نے ﷺ سے عرض کی تھی کہ آپ جس غلام کو پسند فرمائیں۔ بیوی نے کہا تو نے اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا ہے، انہوں نے کہا احسان کیا ہے؟ بیوی نے کہا کہ تو اس کو آزاد کر دے۔ انہوں نے کہا: میں نے اللہ کی رضا کے لیے اس کو آزاد کر دیا۔

74 - حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت ابی برزہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ابوبکر

74- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 10 . والنسائی فی تحریم الدم جلد 7 صفحه 111,109 باب: ذكر الاختلاف علی الأعمش . والحمیدی رقم الحدیث: 6 .

زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، يَعْنِي: ابْنَ عُبَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: بَيْنَا أَبُو بَكْرٍ فِي عَمَلِهِ فَغَضِبَ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَاشْتَدَّ غَضَبُهُ عَلَيْهِ جِدًّا، فَلَمَّا رَأَيْتُ ذَلِكَ، قُلْتُ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ أَضْرِبُ عُنُقَهُ؟ فَلَمَّا ذَكَرْتُ الْقَتْلَ أَضْرَبَ عَنْ ذَاكَ الْحَدِيثِ أَجْمَعَ، إِلَى غَيْرِ ذَلِكَ مِنَ النَّحْوِ. فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُو بَكْرٍ بَعْدَ ذَلِكَ فَقَالَ: يَا أَبَا بَرْزَةَ، مَا قُلْتَ؟ قَالَ: وَنَسِيتُ الَّذِي قُلْتُ. قَالَ: قُلْتُ: وَمَا قُلْتُ، ذَكِّرْنِيهِ؟ قَالَ: وَمَا تَذْكُرُ مَا قُلْتَ؟ قُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ. قَالَ: " أَرَأَيْتَ حِينَ رَأَيْتَنِي غَضِبْتُ عَلَى الرَّجُلِ، فَقُلْتَ: أَضْرِبُ عُنُقَهُ يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ. أَمَا تَذْكُرُ ذَاكَ؟ أَوَكُنْتَ فَاعِلًا ذَلِكَ؟" قَالَ: نَعَمْ وَاللّٰهِ، وَالْآنَ إِنْ أَمَرْتَنِي فَعَلْتُ، فَقَالَ: وَيْحَكَ، أَوْ وَيْلَكَ، وَاللّٰهِ مَا هِيَ لِأَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ کسی کام میں مشغول تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ کو مسلمانوں میں سے ایک آدمی پر غصہ آیا۔ بہت سخت غصہ آیا جب میں نے آپ رضی اللہ عنہ کی یہ حالت دیکھی میں نے عرض کی، اے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ! میں اس کی گردن نہ اڑا دوں؟ جب میں نے قتل کا ذکر کیا آپ رضی اللہ عنہ نے گفتگو کو بدل دیا اور کوئی اور گفتگو کرنے لگے۔ جب ہم جدا ہو گئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کے بعد مجھے اپنی طرف بلوایا اور فرمایا اے ابو برزہ تم نے کیا کہا تھا؟ میں نے کہا، میں بھول گیا ہوں جو میں نے کہا تھا، مجھے یاد کرا دیجیے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو تو نے کہا تجھے یاد نہیں؟ میں نے کہا، اللہ کی قسم مجھے یاد نہیں ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے بتاؤ جس وقت تو نے مجھے ایک آدمی پر غصہ کرتے ہوئے دیکھا تھا تو تو نے کہا تھا: اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ رضی اللہ عنہ میں اس کی گردن اڑا دوں، کیا یاد آیا؟ کیا تو ایسا یقیناً کرنے والا تھا؟ (میں نے کہا) جی ہاں، اللہ کی قسم۔ آپ رضی اللہ عنہ مجھے حکم فرمائیں، میں ایسا کروں گا، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیری بربادی، اللہ کی قسم حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یہ کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔

75 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي نَصْرٍ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَ: غَضِبَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى رَجُلٍ غَضَبًا

حضرت ابی برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپ رضی اللہ عنہ کو ایک آدمی پر غصہ آیا۔ بہت سخت غصہ آیا' آپ کو اس سے زیادہ غصے کی حالت میں کسی دن نہیں دیکھا گیا' میں نے عرض کی، اے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ رضی اللہ عنہ! آپ

75- أخرجه النسائي في تحريم الدم جلد7صفحه110 .

شَدِيدًا لَمْ يُرَ أَشَدَّ غَضَبًا مِنْهُ يَوْمَئِذٍ، فَقَالَ لَهُ أَبُو بَرْزَةَ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللَّهِ، مُرْنِي فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ، قَالَ: فَكَأَنَّهَا نَارٌ طُفِيَتْ، قَالَ: وَخَرَجَ أَبُو بَرْزَةَ، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ مَا قُلْتَ؟ قَالَ: قُلْتُ: وَاللَّهِ لَئِنْ أَمَرْتَنِي بِقَتْلِهِ لَأَقْتُلَنَّهُ. قَالَ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ أَبَا بَرْزَةَ، إِنَّهَا لَمْ تَكُنْ لِأَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مجھے حکم دیں! میں اس کی گردن اڑا دوں؟ ابو برزہ فرماتے ہیں کہ ایسے محسوس ہوا کہ یہ کلمہ کہنے کے بعد آگ بجھا دی گئی، ابو برزہ نکلے پھر میری طرف حضرت ابوبکر نے بلانے کے لیے پیغام بھیجا، فرمایا: تیری ماں تجھ پہ روئے! تو نے کیا کہا تھا؟ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! اگر آپ مجھے قتل کرنے کا حکم دیتے تو میں ضرور اس کو قتل کرتا، حضرت ابوبکر نے فرمایا: تیری ماں تجھ پر روئے! اے ابو برزہ! یہ رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔

76 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ تَوْبَةَ الْعَنْبَرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قُدَامَةَ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَ: أَغْلَظَ رَجُلٌ لِأَبِي بَكْرٍ، قَالَ: فَكِدْتُ أَقْتُلُهُ. قَالَ: فَانْتَهَرَنِي أَبُو بَكْرٍ وَقَالَ: لَيْسَ لِأَحَدٍ إِلَّا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابوبکر کے متعلق سخت کلمہ کہا، قریب تھا کہ میں اس کو قتل کر دیتا، حضرت ابوبکر نے فرمایا: حضور ﷺ کے علاوہ کسی کے لیے یہ جائز نہیں ہے' یہ صرف رسول کریم ﷺ کیلئے جائز تھا۔

77 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي تَوْبَةُ الْعَنْبَرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا السَّوَّارِ عَبْدَ اللَّهِ، يُحَدِّثُ: عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، أَنَّ رَجُلًا سَبَّ أَبَا بَكْرٍ، قَالَ: فَقُلْتُ: أَلَا أَضْرِبُ عُنُقَهُ يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللَّهِ؟ قَالَ: لَا، لَيْسَتْ لِأَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو گالی دی۔ میں نے عرض کی: اے رسول اللہ ﷺ کے جانشین! کیا میں اس کی گردن نہ مار دوں؟ حضرت ابوبکر نے فرمایا: نہیں! حضور ﷺ کے بعد کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔

76- أخرجه أحمد جلد 1صفحه9 . والنسائي في تحريم الدم جلد 7صفحه109' باب: الحكم فيمن سب النبي صلى الله عليه وسلم .

77- قارنه بالأحاديث الثلاث التي مرت .

78 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ، عَنْ مُرَّةَ الطَّيِّبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ جَسَدٌ غُذِّيَ بِحَرَامٍ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں وہ جسم داخل نہیں ہوگا جس کی تربیت حرام غذا کے ساتھ کی گئی ہو۔

79 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَسْلَمَ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ جَسَدٌ غُذِّيَ بِحَرَامٍ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں وہ آدمی داخل نہیں ہوگا جس کی تربیت حرام غذا کے ساتھ کی گئی ہو۔

80 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَلِيٍّ الْوَسَاوِسِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ الْعُكْلِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْغَسِيلِ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَعْوَادِ الْمِنْبَرِ يَقُولُ: اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، فَإِنَّهَا تُقِيمُ الْعَوَجَ، وَتَدْفَعُ مِيتَةَ السُّوءِ، وَتَقَعُ مِنَ الْجَائِعِ مَوْقِعَهَا مِنَ الشَّبْعَانِ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے منبر کی سیڑھیوں پر سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم کی آگ سے بچو اگرچہ ایک کھجور کے ساتھ ہو۔ بے شک یہ تیڑھا پن کو درست رکھتی ہے، برائی کو مٹا دیتی ہے، بھوک کو ختم کر دیتی ہے اور پیٹ بھر جاتا ہے۔

78- قال: الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 293: رواه أبو يعلى، والبزار، والطبراني في الأوسط، ورجال أبي يعلى ثقات، وفي بعضهم خلاف .

79- مَرَّ الكلام عنه في الحديث الذي قبله وهو نظيره .

80- ذكره العقيلي في الضعفاء . والهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 106,105 . وأخرجه البزار رقم الحديث: 933 . والبخاري في المناقب رقم الحديث: 3595، باب: علامات النبوة في الاسلام . وصححه ابن حبان رقم الحديث: 3308 .

81 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيهِ رِفَاعَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، يَقُولُ عَلَى الْمِنْبَرِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَكَى أَبُو بَكْرٍ حِينَ ذَكَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَكَى أَبُو بَكْرٍ حِينَ ذَكَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْقَيْظِ عَامَ الْأَوَّلِ يَقُولُ: سَلُوا اللَّهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ، وَالْيَقِينَ فِي الْآخِرَةِ وَالْأُولَى

حضرت معاذ بن رفاعہ بن رافع انصاری اپنے باپ رفاعہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے، حضرت ابوبکر رو پڑے جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرنا شروع کیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے آہستہ بات کی' پھر فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، ابوبکر رضی اللہ عنہ رو پڑے جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے آہستہ بات کی' پھر فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا گزرے سال اس گرمی میں یہ فرماتے ہوئے کہ اللہ عزوجل سے عفو اور عافیت مانگو اور ایمان مانگو دنیا و آخرت میں۔

82 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، عَلَى مِنْبَرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: فَبَكَى أَبُو بَكْرٍ حِينَ ذَكَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

حضرت معاذ بن رفاعہ بن رافع انصاری اپنے باپ رفاعہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے، حضرت ابوبکر رو پڑے جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرنا شروع کیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے آہستہ گفتگو کی' پھر فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، ابوبکر رضی اللہ عنہ رو پڑے جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے آہستہ گفتگو کی' پھر فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا

81- أخرجه أحمد في مسنده جلد **1** صفحه **3**' والترمذي في الدعوات رقم الحديث: **3553** .

82- أنظر الحديث الذي قبل وهو نظيره .

فِـي مِثْـلِ هَـذَا الْـقَيْـظِ عَامَ الْأَوَّلِ: سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ، وَالْيَقِينَ فِي الْآخِرَةِ وَالْأُولَى

گزرے سال اس گرم دن میں یہ فرماتے ہوئے کہ اللہ عزوجل سے عفو اور عافیت مانگو دنیا و آخرت میں۔

83 - حَـدَّثَـنَـا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْـدُ بْـنُ الْـحُبَـابِ، عَـنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي هُـودُ بْـنُ عَـطَاءٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو بَـكْـرٍ: نَهَـى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّينَ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازیوں کو مارنے سے منع فرمایا۔

84 - حَـدَّثَـنَـا عَـمْـرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ هُودِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَنَـسٍ، عَـنْ أَبِـي بَـكْـرٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّينَ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازیوں کو مارنے سے منع فرمایا۔

85 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْـنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا مُـحَـمَّـدُ بْـنُ الـزِّبْـرِقَانِ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، أَخْبَـرَنِـي هُودُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَـانَ فِـي عَهْـدِ رَسُـولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُـلٌ يُـعْـجِبُـنَا تَعَبُّدُهُ وَاجْتِهَادُهُ، فَذَكَرْنَاهُ لِرَسُولِ الـلّٰـهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاسْمِهِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ، وَوَصَـفْنَاهُ بِصِفَتِهِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ نَذْكُرُهُ إِذْ طَلَعَ الرَّجُلُ، قُلْنَا: هَا هُوَ ذَا ـ قَالَ: إِنَّكُمْ لَتُخْبِرُونِي عَـنْ رَجُـلٍ، إِنَّ عَـلَـى وَجْهِهِ سَفْعَةً مِنَ الشَّيْطَانِ ـ فَأَقْبَلَ حَتَّى وَقَفَ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُسَلِّمْ. فَقَالَ لَهُ رَسُولُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مقدس میں ایک آدمی تھا ہم اس کی عبادت و ریاضت پر تعجب کرتے ہم نے حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس کا نام ذکر کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس کو نہیں جانتا۔ ہم نے اس کے اوصاف ذکر کیے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس کو نہیں جانتا۔ ہم اس حالت میں اس کے متعلق گفتگو کر رہے تھے کہ وہ آدمی آ گیا۔ ہم نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے ایسے آدمی کے متعلق بتلاتے ہو جس کے چہرے پر شیطانی اثرات نظر آتے ہیں۔ وہ

83- أخرجه أحمد جلد5صفحه258,250 . والهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه238,237 .

84- هو نظير الحديث الذي قبله .

85- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه226: ورواه أبو يعلى فيه موسى بن عبيدة وهو متروك .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ، هَلْ قُلْتَ حِينَ وَقَفْتَ عَلَى الْمَجْلِسِ: مَا فِي الْقَوْمِ أَحَدٌ أَفْضَلُ مِنِّي أَوْ أَخْيَرُ مِنِّي" ؟ قَالَ: اللّٰهُمَّ نَعَمْ. ثُمَّ دَخَلَ يُصَلِّي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَقْتُلُ الرَّجُلَ؟ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَنَا، فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَوَجَدَهُ قَائِمًا يُصَلِّي، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ أَقْتُلُ رَجُلًا يُصَلِّي، وَقَدْ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّينَ؟ فَخَرَجَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فَعَلْتَ؟ قَالَ: كَرِهْتُ أَنْ أَقْتُلَهُ وَهُوَ يُصَلِّي، وَقَدْ نَهَيْتَ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّينَ. قَالَ عُمَرُ: أَنَا. فَدَخَلَ فَوَجَدَهُ وَاضِعًا وَجْهَهُ، فَقَالَ عُمَرُ: أَبُو بَكْرٍ أَفْضَلُ مِنِّي، فَخَرَجَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْ؟ قَالَ: وَجَدْتُهُ وَاضِعًا وَجْهَهُ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَقْتُلَهُ، فَقَالَ: مَنْ يَقْتُلُ الرَّجُلَ؟ فَقَالَ عَلِيٌّ: أَنَا. قَالَ: أَنْتَ إِنْ أَدْرَكْتَهُ. قَالَ: فَدَخَلَ عَلِيٌّ فَوَجَدَهُ قَدْ خَرَجَ، فَرَجَعَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَهْ؟ قَالَ: وَجَدْتُهُ قَدْ خَرَجَ، قَالَ: لَوْ قُتِلَ مَا اخْتَلَفَ فِي أُمَّتِي رَجُلَانِ. كَانَ أَوَّلَهُمْ وَآخِرَهُمْ. قَالَ مُوسَى: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ، يَقُولُ: هُوَ الَّذِي قَتَلَهُ عَلِيٌّ ذَا الثُّدَيَّةِ

آدمی آیا مجلس کے پاس کھڑا ہو گیا اور اس نے سلام نہیں کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تجھے اللہ کی قسم دیکھ کر کہتا ہوں جب تو مجلس کے پاس کھڑا تھا (تیرے دل کے اندر یہ بات تھی) اس مجلس میں مجھ سے افضل کوئی نہیں ہے یا مجھ سے بہتر نہیں۔ اس نے کہا، جی ہاں۔ پھر مسجد میں داخل ہوا اور نماز پڑھنے لگا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس آدمی کو کون قتل کرے گا؟ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میں۔ آپ رضی اللہ عنہ اس کے پاس آئے اس کو قیام کی حالت میں پایا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، سبحان اللہ! میں ایسے آدمی کو قتل کروں جو نماز پڑھتا ہے حالانکہ حضور ﷺ نے نمازیوں کو مارنے سے منع فرمایا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ واپس آ گئے، آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر رضی اللہ عنہ تو نے کیا کیا؟ عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میں نے ناپسند کیا کہ میں نمازی کو قتل کروں اور آپ ﷺ نے نمازیوں کو مارنے سے منع بھی فرمایا ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ مجھے اجازت دیں، آپ رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے، اس نے اپنا سر سجدہ میں رکھا ہوا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا، ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھ سے افضل ہیں۔ وہ نکلے تھے تو رسول پاک ﷺ نے فرمایا تھا چھوڑ دیا۔ میں نے اس کو سجدہ کی حالت میں پایا ہے، پس میں نے اس حالت میں اس کو مارنا ناپسند کیا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کون ہے جو اس آدمی کو مارے گا؟ مولائے کائنات سیدنا علی المرتضٰی شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم رضی اللہ عنہ

نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میں اس بد بخت کو قتل کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: علی رضی اللہ عنہ اگر تو نے اس کو پا لیا (تو یقیناً قتل کر دے گا) حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے، وہ بد بخت دفع ہو گیا تھا۔ پس حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: چھوڑ دیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میں گیا تو وہ چلا گیا تھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر آج اس کو قتل کر دیا جاتا میری امت اولین و آخرین میں دو آدمی اختلاف نہ کرتے۔ حضرت موسیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے محمد بن کعب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اس کو حضرت علی نے قتل کیا تھا۔

86 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، حَدَّثَهُ قَالَ: أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُو بَكْرٍ مَقْتَلَ أَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَإِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَهُ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّ عُمَرَ أَتَانِي، فَقَالَ: إِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ، وَإِنِّي أَخْشَى أَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ فِي الْمَوَاطِنِ، فَيَذْهَبَ كَثِيرٌ مِنَ الْقُرْآنِ، وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَأْمُرَ فَيُجْمَعَ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ أَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ. فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي

حضرت زید فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میری طرف کسی کو بھیجا جنگ یمامہ میں آپ کے پاس حضرت عمر بن خطاب بھی تھے۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: عمر میرے پاس آیا ہے اس نے عرض کی ہے کہ جنگ یمامہ سے بڑے قاری قرآن شہید ہوئے ہیں، میں خوف کرتا ہوں کہ اس طرح قاری شہید ہوتے رہے تو سارا قرآن چلا جائے گا۔ میری رائے یہ ہے کہ آپ قرآن جمع کرنے کا حکم دیں۔ حضرت ابوبکر نے حضرت عمر کو فرمایا: کیا میں ایسا کام کروں جو حضور ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت عمر نے عرض کی: اللہ کی قسم! یہ بہتر جمع کرنا، مسلسل حضرت عمر مجھے عرض کرتے رہے۔ یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے میرے سینے کو کھول دیا جس طرح اللہ

86- مرّ تخريجه' أنظر الحديث: 59، 66 .

فِـي ذَلِكَ إِلَى أَنْ شَرَحَ اللَّهُ لِذَلِكَ صَدْرِي، وَرَأَيْتُ فِـي ذَلِكَ الَّـذِي رَأَى عُمَرُ، قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: قَالَ أَبُـو بَـكْـرٍ: إِنَّكَ فَتًى شَابٌّ، عَاقِلٌ، لَا نَتَّهِمُكَ، وَقَدْ كُـنْـتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ. قَـالَ زَيْدٌ: وَاللَّهِ لَوْ كَلَّفَنِي نَـقْـلَ جَبَـلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ أَثْقَلَ عَلَيَّ مِنَ الَّذِي أَمَـرَنِـي بِـهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ قَالَ: " قُلْتُ: كَيْفَ تَـفْـعَلُونَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟" قَالَ: هُوَ وَاللَّهِ خَيْرٌ. فَـلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي حَتَّـى شَـرَحَ اللَّهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ لَهُ صَدْرَ أَبِي بَـكْـرٍ وَعُـمَرَ، وَرَأَيْتُ فِي ذَلِكَ الَّذِي رَأَيَا، فَتَتَبَّعْتُ الْـقُـرْآنَ أَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ، وَاللِّخَافِ، وَالْعُسُبِ، وَصُـدُورِ الـرِّجَـالِ، حَتَّى فَقَدْتُ آخِرَ سُورَةِ التَّوْبَةِ فَوَجَدْتُهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَـلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ) إِلَى خَاتِمَةِ بَرَاءَةَ، وَكَـانَـتِ الـصُّـحُفُ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ حَيَاتَهُ، حَتَّى تَـوَفَّـاهُ الـلَّهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتَّى تَوَفَّاهُ اللَّهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ

نے حضرت عمر کے سینے کو کھولا ہوا تھا۔ میری بھی وہی رائے ہوگئی جو حضرت عمر کی تھی۔ حضرت زید فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نے فرمایا: آپ نوجوان، سمجھدار ہیں، ہم آپ کو متہم بھی نہیں کرتے حالانکہ آپ حضور ﷺ کی وحی لکھتے تھے، آپ قرآن کو تلاش کریں، آپ جمع کریں۔ حضرت زید فرماتے ہیں اگر مجھے ایک پہاڑ اٹھا کر دوسری جگہ منتقل کرنے کا مکلّف بنایا جاتا تو مجھے ایسے کرنا زیادہ آسان تھا۔ میں نے عرض کی: میں وہ کام کیسے کروں جو حضور ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت ابوبکر نے فرمایا: اللہ کی قسم! حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما مجھے مسلسل ابھارتے رہے یہاں تک کہ انہوں نے میرے سینے کو کھول دیا جس طرح ابوبکر و عمر کے سینے کو کھولا تھا۔ میں نے قرآن تلاش کرنا شروع کیا، میں نے جمع کیا پرچوں اور شانے کی ہڈیوں اور کھجور کے پتوں سے۔ اور مردوں کے سینوں سے، میں نے سورہ توبہ کی آخری آیت خزیمہ بن ثابت سے پائی۔ وہ آیت یہ ہے: لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ ۔ وہ مصاحف جو ہم نے جمع کیا تھا جس میں قرآن تھا وہ حضرت ابوبکر کے پاس رہا ان کی زندگی میں، حضرت ابوبکر کا وصال ہوا تو حضرت عمر کے پاس رہا، جب حضرت عمر کا وصال ہوا تو پھر حضرت حفصہ کے پاس رہا۔

87 - حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الْـعَـزِيـزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ الْـعُـمَـرِيُّ، حَـدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَـنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ قَدِمَ عَلَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ بن یمان، حضرت عثمان کے پاس آئے، حضرت حذیفہ اہل شام کے ساتھ ارمینیہ اور آذربائیجان میں اہل

87- أخرجه البخاري في فضائل القرآن رقم الحديث: 4987، باب: جمع القرآن .

عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَكَانَ يُغَازِي أَهْلَ الشَّامِ فِي فَتْحِ أَرْمِينِيَةَ وَأَذْرَبِيجَانَ مَعَ أَهْلِ الْعِرَاقِ، فَأَفْزَعَ حُذَيْفَةَ اخْتِلَافُهُمْ فِي الْقِرَاءَةِ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ لِعُثْمَانَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، أَدْرِكْ هَذِهِ الْأُمَّةَ قَبْلَ أَنْ يَخْتَلِفُوا فِي الْكِتَابِ اخْتِلَافَ الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى، فَأَرْسَلَ عُثْمَانُ إِلَى حَفْصَةَ أَنْ أَرْسِلِي إِلَيْنَا بِالصُّحُفِ نَنْسَخُهَا فِي الْمَصَاحِفِ ثُمَّ نَرُدُّهَا إِلَيْكِ، فَأَرْسَلَتْ بِهَا حَفْصَةُ إِلَى عُثْمَانَ، فَأَمَرَ عُثْمَانُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ، وَعَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ يَنْسَخُونَهَا فِي الْمَصَاحِفِ، وَقَالَ لِلرَّهْطِ الْقُرَشِيِّينَ الثَّلَاثَةِ: إِذَا أَنْتُمُ اخْتَلَفْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فِي شَيْءٍ مِنَ الْقُرْآنِ، فَاكْتُبُوهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ، فَإِنَّمَا نَزَلَ بِلِسَانِهِمْ، فَفَعَلُوا ۔ حَتَّى إِذَا نُسِخَتِ الصُّحُفُ، رَدَّ عُثْمَانُ الصُّحُفَ إِلَى حَفْصَةَ وَأَرْسَلَ إِلَى كُلِّ أُفُقٍ بِمُصْحَفٍ مِمَّا نَسَخُوا، وَأَمَرَ بِمَا سِوَاهُ مِمَّا فِيهِ الْقُرْآنُ فِي كُلِّ صَحِيفَةٍ وَمُصْحَفٍ أَنْ يُمْحَا، أَوْ يُحْرَقَ قَالَ إِبْرَاهِيمُ: قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَأَخْبَرَنِي خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، يَقُولُ: " فَقَدْتُ آيَةً مِنْ سُورَةِ الْأَحْزَابِ حِينَ نُسِخَتِ الْمَصَاحِفُ، وَقَدْ كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَؤُهَا، فَالْتَمَسْتُهَا فَوَجَدْتُهَا عِنْدَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ (مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ) (الأحزاب:

عراق کے ساتھ جنگ لڑ رہے تھے، حضرت حذیفہ کو ان کی قرأت کے اختلاف نے پریشان کر دیا۔ حضرت حذیفہ نے حضرت عثمان سے عرض کی: اے امیر المومنین! اس امت کو سنبھالیں ایسا نہ ہو کہ یہ یہود اور عیسائیوں کی طرح اللہ کی کتاب میں اختلاف کریں، حضرت عثمان نے حضرت حفصہ کی طرف پیغام بھیجا کہ آپ میری طرف مصحف کو بھیجیں۔ ہم اس کو مصاحف میں لکھتے ہیں پھر ہم یہ آپ کو واپس کر دیں گے۔ حضرت حفصہ نے وہ حضرت عثمان کی طرف بھیجا۔ حضرت عثمان نے زید بن ثابت اور عبداللہ بن زبیر، سعید بن عاص، عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام کو مصاحف میں نقل کرنے کا حکم دیا اور قریش کے تین افراد سے فرمایا: جب تم اختلاف کرو اور زید بن ثابت کسی آیت کے لکھنے کے متعلق تو اس کو قریش کی زبان میں لکھو کیونکہ قرآن اُن کی زبان میں نازل ہوا ہے، حضرت عثمان نے مصحف حضرت حفصہ کو واپس کر دیا اور ہر شہر میں ایک ایک نسخہ بھیجا جو اس سے نقل کیا گیا تھا اور حکم دیا: جو اس کے علاوہ کسی کے پاس قرآن ہو اُس کو مٹا دیا جائے یا جلا دیا جائے۔ حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ زہری نے فرمایا: مجھے خارجہ بن زید بن ثابت نے بتایا، انہوں نے زید بن ثابت کو فرماتے ہوئے سنا کہ سورۂ احزاب کی ایک آیت نہیں مل رہی جس سے مصحف کو نقل کیا گیا، وہ حال یہ ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے پڑھی ہے، اس کو تلاش کرو۔ میں حضرت خزیمہ بن ثابت کے پاس پائی۔ وہ آیت یہ تھی: مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ

23) فَأَلْحَقْتُهَا فِي سُورَتِهَا فِي الْمُصْحَفِ" صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ . میں نے اس کو مصحف میں نقل کیا۔

88 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا فَرْقَدٌ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خَبٌّ، وَلَا سَيِّئُ الْمَلَكَةِ، وَإِنَّ أَوَّلَ مَنْ يَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ الْمَمْلُوكُ وَالْمَمْلُوكَةُ إِذَا أَحْسَنَا عِبَادَةَ رَبِّهِمَا وَنَصَحَا لِسَيِّدِهِمَا

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں چند لوگ نہیں جائیں گے: (۱) دھوکہ باز (۲) برے اخلاق والا۔ جنت میں سب سے پہلے غلام اور لونڈیاں داخل ہوں گی بشرطیکہ دونوں اچھے طریقے سے اللہ کی عبادت کرتے ہوں، دونوں اپنے آقا کے لیے بھی خیر خواہ ہوں۔

89 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ مُسْلِمٍ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ، عَنْ مُرَّةَ الطَّيِّبِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَيِّئُ الْمَلَكَةِ . قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَيْسَ أَخْبَرْتَنَا أَنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ أَكْثَرُ الْأُمَمِ مَمْلُوكِينَ وَأَيْتَامًا؟ قَالَ: فَأَكْرِمُوهُمْ كَرَامَةَ أَوْلَادِكُمْ، وَأَطْعِمُوهُمْ مِمَّا تَأْكُلُونَ، وَاكْسُوهُمْ مِمَّا تَلْبَسُونَ . قَالَ: فَمَا تَنْفَعُنَا الدُّنْيَا يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: فَرَسٌ تَرْتَبِطُهُ فِي

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں بداخلاق نہیں جائے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی نے ہمیں بتایا نہیں کہ اس امت میں زیادہ غلام اور یتیم ہوں گے؟ فرمایا، جی ہاں۔ فرمایا: تم ان کی ایسے ہی عزت کرو جس طرح اپنی اولاد کی کرتے ہو۔ جو تم خود کھاتے ہو اُن کو بھی کھلاؤ، جو تم خود پہنتے ہو، ان کو بھی پہناؤ۔ صحابہ نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں اس کا کیا فائدہ ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ گھوڑا جو اللہ کی راہ میں تو نے باندھا، تمہارا غلام تمہاری کفایت

88- اخرجه أحمد جلد1صفحه7,4 .

89- أخرجه أحمد جلد 1صفحه12 و جلد5صفحه158 . والبخاري في الايمان رقم الحديث: 30' باب المعاصي في أمر الجاهلية' وفي الأدب رقم الحديث: 6050 باب: ما ينهى عن السباب واللغو . ومسلم في الايمان رقم الحديث: 1661' باب: اطعام المملوك مما يأكل . وأبو داؤد في الأدب رقم الحديث: 5157 و رقم الحديث: 5158' باب: في حق المملوك . والترمذي في البر رقم الحديث: 1946' باب: ما جاء في الاحسان الى الخدم . وابن ماجه في الأدب رقم الحديث: 3690 و رقم الحديث: 3691' باب: الاحساب الى المماليك .

سَبِيلِ اللَّهِ، وَمَمْلُوكٌ يَكْفِيكَ، فَإِذَا صَلَّى فَهُوَ أَخُوكَ فَإِذَا صَلَّى فَهُوَ أَخُوكَ

کرے گا۔ جب وہ نماز پڑھیں وہ تمہارے بھائی ہیں جب وہ نماز پڑھیں وہ تمہارے بھائی ہیں۔

90 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ، عَنْ مُرَّةَ الطَّيِّبِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خَبٌّ، وَلَا بَخِيلٌ، وَلَا مَنَّانٌ، وَلَا سَيِّءُ الْمَلَكَةِ، وَإِنَّ أَوَّلَ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الْمَمْلُوكُ إِذَا أَطَاعَ اللَّهَ وَأَطَاعَ سَيِّدَهُ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں چند لوگ نہیں جائیں گے: (۱) دھوکہ باز (۲) بخیل (۳) احسان جتانے والا (۴) برے اخلاق والا۔ سب سے پہلے جنت میں غلام جائے گا بشرطیکہ وہ اللہ کی اطاعت کرتا ہو اور اپنے آقا کی بھی اطاعت کرتا ہو۔

91 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَيِّءُ مَلَكَتُهُ، مَلْعُونٌ مَنْ ضَارَّ مُسْلِمًا أَوْ غَرَّهُ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں برے اخلاق والا اور لعنتی جس نے مسلمان کو نقصان دیا یا دھوکہ دینے والا داخل نہیں ہوگا۔

92 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، وَأَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ: قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مِثْلِ مَقَامِي، ثُمَّ بَكَى، فَقَالَ: " سَلُوا اللَّهَ الْعَافِيَةَ فَإِنَّ أَحَدًا لَمْ يُعْطَ شَيْئًا خَيْرًا مِنَ الْعَافِيَةِ لَيْسَ الْيَقِينَ، وَقَالَ أَبُو مُعَاوِيَةَ: إِلَّا الْيَقِينَ،

حضرت ابوصالح سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میری اس جگہ کی طرح کھڑے ہوئے تھے پھر حضرت ابوبکر رو پڑے اس کے بعد فرمایا: اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگو، کیونکہ ایمان کے بعد سب سے بڑی شے عافیت ہے اس سے زیادہ بہتر کسی کو کوئی شی نہیں دی گئی۔ ابو معاویہ نے کہا: مگر ایمان۔

93 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ،

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے وایت ہے فرماتے

90- أخرجه أحمد جلد1صفحه4 . والترمذي في البر رقم الحديث: 1947' باب: ما جاء في الاحسان الى الخدم .

91- أخرجه الترمذي في البر رقم الحديث: 1942' باب: ما جاء في الخيانة والغش .

93- أخرجه أحمد جلد 1صفحه11 . وصححه ابن حبان أنظر موارد الظمآن رقم الحديث: 1734 و

حَدَّثَنَا يَحْيَى، وَعَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ الصَّلَاحُ بَعْدَ هَذِهِ الْآيَةِ؟ (مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ) (النساء: 123) إِنَّا لَمُجَازَوْنَ بِكُلِّ مَا يَكُونُ مِنَّا؟ قَالَ: رَحِمَكَ اللَّهُ أَبَا بَكْرٍ، أَلَسْتَ تَحْزَنُ؟ أَلَسْتَ تَنْصَبُ؟ أَلَسْتَ تُصِيبُكَ اللَّأْوَاءُ؟ قُلْتُ: بَلَى. قَالَ: فَهَذَا مَا تُجَازَوْنَ بِهِ

ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس آیت کے بعد کیسے اصلاح ہوگی کہ جو بُرا عمل کرے اس کو اس کا بدلہ دیا جائے گا ہم کو ہر شے کا بدلہ دیا جائے گا جو ہم سے ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ابوبکر! اللہ تم پر رحم کرے! کیا آپ غم زدہ ہوتے ہیں کہ آپ کو پریشانی لاحق نہیں ہوتی ؟ یعنی آپ کو بیماریاں نہیں لگتی ہیں، میں نے عرض کیا: کیوں نہیں؟ آپ نے فرمایا: یعنی بدلہ ہے۔

94 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَوَكِيعٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، وَقَالَ يَحْيَى: عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ الصَّلَاحُ بَعْدَ هَذِهِ الْآيَةِ؟ (مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ) (النساء: 123) فَقَالَ: رَحِمَكَ اللَّهُ أَبَا بَكْرٍ، أَلَسْتَ تَنْصَبُ؟ أَلَسْتَ تُصِيبُكَ اللَّأْوَاءُ؟ فَذَاكَ مَا تُجَازَوْنَ بِهِ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس آیت کے بعد کیسے اصلاح ہوگی کہ جو بُرا عمل کرے اس کو اس کا بدلہ دیا جائے گا ہم کو ہر شے کا بدلہ دیا جائے گا جو ہم سے ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ابوبکر! اللہ تم پر رحم کرے! کیا آپ غم زدہ ہوتے ہیں کیا آپ کو پریشانی لاحق نہیں ہوتی ؟ آپ کو بیماریاں نہیں لگتی ہیں، میں نے عرض کیا: کیوں نہیں؟ آپ نے فرمایا: یہی بدلہ ہے۔

95 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي زُهَيْرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ الصَّلَاحُ بَعْدَ هَذِهِ الْآيَةِ؟ (مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ) (النساء: 123) كُلَّ سُوءٍ نَعْمَلُهُ نُجْزَى بِهِ؟ قَالَ: رَحِمَكَ اللَّهُ أَبَا بَكْرٍ،

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے وایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس آیت کے بعد کیسے اصلاح ہوگی کہ ''جو بُرا عمل کرے اس کو اس کا بدلہ دیا جائے گا'' ہم کو ہر شے کا بدلہ دیا جائے گا جو ہم سے ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ابوبکر! اللہ تم پر رحم کرے! کیا آپ غم زدہ ہوتے ہیں کیا آپ کو پریشانی لاحق نہیں

رقم الحديث: 1735 . والحاكم جلد3صفحه74-75 .

94- أخرجه أحمد جلد1صفحه11 . والطبرى جلد5صفحه294,295 .

95- قارن بالحديث رقم: 98و99 .

أَلَسْتَ تَمْرَضُ؟ أَلَسْتَ تَنْصَبُ؟ أَلَسْتَ تُصِيبُكَ اللَّأْوَاءُ؟ فَذَاكَ مَا تُجْزَوْنَ بِهِ

ہوتی ؟ آپ کو بیماریاں نہیں لگتی ہیں، میں نے عرض کیا: کیوں نہیں؟ آپ نے فرمایا: یہی بدلہ ہے۔

96 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ ثَقِيفٍ يُقَالُ لَهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي زُهَيْرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ الصَّلَاحُ بَعْدَ هَذِهِ الْآيَةِ: (مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ) (النساء : 123) كُلُّ سُوءٍ عَمِلْنَا نُجْزَى بِهِ؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " غَفَرَ اللَّهُ لَكَ، أَوْ: رَحِمَكَ اللَّهُ، أَلَسْتَ تَمْرَضُ؟ أَلَسْتَ تَحْزَنُ؟ أَلَسْتَ تُصِيبُكَ اللَّأْوَاءُ؟"

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس آیت کے بعد کہ ''جو بُرا عمل کرتا ہے اس کو اس کا بدلہ دیا جائے گا'' اصلاح کیسے ہو گی کہ ہر بُرا عمل جو ہم کرتے ہیں ہمیں ہر شے کا بدلہ دیا جائے گا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (مجھے) فرمایا: اللہ آپ کو بخشے یا آپ پر رحم کرے! کیا آپ بیمار نہیں ہوتے ہیں؟ کیا آپ پریشان نہیں ہوتے ہیں؟ کیا آپ کو آزمائش نہیں پہنچتی ہے؟

97 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: حُدِّثْتُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ لَقِيَ طَلْحَةَ فَقَالَ: مَالِي أَرَاكَ وَاجِمًا؟ قَالَ: كَلِمَةٌ سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزْعُمُ أَنَّهَا مُوجِبَةٌ، فَلَمْ أَسْأَلْهُ عَنْهَا. فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَنَا أَعْلَمُ مَا هِيَ. قَالَ: مَا هِيَ؟ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ .

حضرت ابووائل سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ مجھے بیان کیا گیا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حضرت طلحہ سے ملاقات ہوئی۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: کیا ہے! میں آپ کو پریشان دیکھتا ہوں؟ حضرت طلحہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ گمان ہے کہ وہ واجب کرنے والی ہے' میں نے اس کے متعلق آپ سے پوچھا نہیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں جانتا ہوں کہ وہ کیا ہے؟ فرمایا: لا الہ الا اللہ۔

98 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک جگہ اُترے۔ ایک عورت نے اپنے بیٹے کے ساتھ ایک بکری بھیجی' آپ نے اس کا دودھ نکالا' پھر

97- قال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 15: رواه أبو يعلى' ورجاله رجال الصحيح الا أن أبا وائل لم يسمع من أبي بكر .

98- قال الهيثمي جلد 6 صفحه 58 . رواه البزار ورجاله رجال الصحيح .

أَبِـي لَيْـلَـى، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: نَزَلَ النَّبِيُّ مَنْزِلًا، فَبَعَثَتْ إِلَيْهِ امْرَأَةٌ مَعَ ابْنٍ لَهَا شَاةً، فَحَلَبَ ثُمَّ قَـالَ: انْـطَلِقْ بِهِ إِلَى أُمِّكَ فَشَرِبَتْ حَتَّى رَوِيَتْ. ثُمَّ جَاءَ بِشَاةٍ أُخْرَى فَحَلَبَ ثُمَّ سَقَى أَبَا بَكْرٍ، ثُمَّ جَاءَ بِشَاةٍ أُخْرَى فَحَلَبَ ثُمَّ شَرِبَ

فرمایا: یہ اپنی ماں کے پاس لے جاؤ، ان کی ماں نے پیا یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئیں' پھر دوسری بکری لائی گئی آپ نے اس کا دودھ نکالا پھر حضرت ابوبکر کو پینے کے لیے دیا' پھر ایک اور بکری لائی گئی' آپ نے اس کا دودھ نکالا' پھر خود اس کو نوش کیا۔

99 - حَـدَّثَـنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا وَكِيـعٌ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ يُثَيْعٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ بِبَرَاءَةَ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ: لَا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلَا يَطُوفَنَّ بِالْبَيْتِ عُرْيَانُ، وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَمَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُدَّةٌ فَأَجَلُهُ إِلَى مُدَّتِهِ، وَاللّٰهُ بَرِيءٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَرَسُولُهُ. قَالَ: فَسَارَ بِهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ لِعَلِيٍّ: الْحَقْهُ، فَرُدَّ عَلَيَّ أَبَا بَكْرٍ وَبَلِّغْهَا. قَالَ: فَفَعَلَ. قَالَ: فَلَمَّا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ بَكَى، وَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحَدَثَ فِيَّ شَيْءٌ؟ قَالَ. ثُمَّ قَالَ: " مَا حَدَثَ فِيكَ إِلَّا خَيْرٌ، إِلَّا أَنِّي أُمِرْتُ بِذَلِكَ: أَنْ لَا يُبَلِّغَ إِلَّا أَنَا أَوْ رَجُلٌ مِنِّي

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (مجھے) اہل مکہ کی طرف برأت کا اعلان کرنے کے لیے بھیجا کہ آئندہ سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ کوئی خانہ کعبہ کا طواف ننگ ہو کر کرے۔ جنت میں صرف مسلمان ہی جائیں گے۔ جس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معاہدہ ہو اس کا معاہدہ اس کی موت تک برقرار رہے گا۔ اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین سے بری ہیں۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تین دن کی مسافت طے کر چکے تھے۔ پھر جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے بھیجا اور کہا کہ ابوبکر کو میرے پاس بلا کر لاؤ اور ان کو پیغام پہنچاؤ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسے ہی کیا۔ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ واپس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو رو پڑے۔ عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا میرے متعلق کوئی نیا حکم نازل ہو گیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے متعلق تو ہمیشہ بھلائی ہی اترتی ہے مگر (مجھے اللہ کی جانب سے حکم تھا) کہ اس پیغام کو میں خود

99- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 3 . والهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 238-239 . والترمذي في التفسير رقم الحديث: 3091' باب: ومن سورة براء ة .

پہنچاؤں یا میرے خاندان میں سے کوئی ہو۔

100 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْرُجْ فَنَادِ فِي النَّاسِ مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ. قَالَ: فَخَرَجْتُ فَلَقِيَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: مَا لَكَ أَبَا بَكْرٍ؟ فَقُلْتُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْرُجْ فَنَادِ فِي النَّاسِ مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ. قَالَ عُمَرُ: ارْجِعْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِنِّي أَخَافُ أَنْ يَتَّكِلُوا عَلَيْهَا، فَرَجَعْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا رَدَّكَ؟ فَأَخْبَرْتُهُ بِقَوْلِ عُمَرَ، فَقَالَ: صَدَقَ

حضرت سلیم بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے سنا، حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جاؤ اور لوگوں میں اعلان کر دو جو بھی آدمی ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' پڑھے اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یعنی (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ) میں نکلا، میری ملاقات حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! کس لیے باہر نکلے ہو؟ میں نے کہا، مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ہے، نکلیے اور لوگوں کو بتائیے کہ جو شخص بھی ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' پڑھ لے اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض جائیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف مجھے خوف ہے کہ لوگ اس بات پر بھروسہ کر لیں گے۔ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واپس کیوں آگئے ہو؟ میں نے بتایا: عمر کی بات کے پیش نظر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمر نے سچ کہا۔

101 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ الْخِرِّيتِ، عَنْ أَبِي لَبِيدٍ، قَالَ: خَرَجَ رَجُلٌ مِنَ الْأَسْرِ، مِنْ طَاحِيَةَ، يُقَالُ لَهُ بَيْرَحُ بْنُ أَسَدٍ مُهَاجِرًا اِلَى الْمَدِينَةِ، وَقَدْ مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُبَيْلَ ذَلِكَ، قَالَ: فَرَأَى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ،

حضرت ابی لبید فرماتے ہیں کہ قبیلہ ازد کا ایک آدمی وادی حاجیہ سے نکلا (اس کو بیرح بن اسد کہا جاتا ہے) مدینہ شریف کی طرف ہجرت کر کے نکلا اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم اس سے کچھ دیر پہلے وفات پا چکے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیرحا کو مدینہ شریف کی گلیوں میں گھومتے ہوئے دیکھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو اجنبی جانا۔

100- قال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه15: رواه أبو يعلى وفي اسناده سويد من عبد العزيز متروك.

101- أخرجه أحمد جلد1صفحه44. وقارن الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه52.

بَيْرَحًا يَطُوفُ فِي سِكَكِ الْمَدِينَةِ فَأَنْكَرَهُ، فَقَالَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ عُمَانَ. فَأَخَذَ بِيَدِهِ فَذَهَبَ بِهِ إِلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ، هَذَا مِنَ الْأَرْضِ الَّتِي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ أَهْلَهَا، مِنْ أَهْلِ عُمَانَ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنِّي لَأَعْلَمُ أَرْضًا يُنْضَحُ بِنَاحِيَتِهَا الْبَحْرُ، بِهَا حَيٌّ مِنَ الْعَرَبِ، لَوْ أَتَاهُمْ رَسُولِي لَمْ يَرْمُوهُ بِسَهْمٍ وَلَا حَجَرٍ

آپ ﷺ نے فرمایا، تو کون ہے؟ اس نے کہا میں اہل عمان کا ایک آدمی ہوں، آپ ﷺ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس لے آئے، عرض کی: اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! یہ آدمی اس ملک کا ہے جس کے متعلق میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے اس کے اہل کا ذکر کرتے ہوئے اہل عمان سے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں ایسے ملک کو جانتا ہوں اس کو سمندر نے بہا دیا ہوگا وہ عرب کا ایک قبیلہ ہے' اگر میرا بھیجا ہوا آیا اُن کے پاس تو وہ اس کو تیر اور پتھر نہیں ماریں گے۔

102 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَيَّبَكَ؟ قَالَ: شَيَّبَتْنِي هُودٌ، وَالْوَاقِعَةُ، وَعَمَّ يَتَسَاءَلُونَ، وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ.

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور سرورِ کونین ﷺ سے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! آپ کو کون سی چیز نے بوڑھا کر دیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے سورہ ہود، سورہ واقعہ، سورہ عم یتساءلون اور سورہ واذا الشّمس کورت۔

103 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَيَّبَكَ؟ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور سرورِ کونین ﷺ سے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ آپ کو کون سی چیز نے بوڑھا کر دیا ہے؟ اس کے بعد حسبِ سابق حدیث ذکر کی۔

104 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

-102 قال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه118,37: رواه الطبراني في الأوسط' ورجاله رجال الصحيح' ورواه أبو يعلى الا أن عكرمه لم يدرك أبا بكر وأخرجه الترمذي في التفسير رقم الحديث: 3293' باب: ومن سورة هود. وصححه الحاكم جلد2صفحه476. وانظر الدر المنثور جلد3صفحه319.

-103 قال ابن حجر في الفتح جلد4صفحه159: قال عبد الأعلى: هذا خطأ انما هو عن عائشة.

-104 أخرجه أحمد 10/3/1' وجلد6صفحه146,124,47. وانظر الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1

النَّرْسِیُّ، حَدَّثَنَا قَالَ: وَسَأَلْتُ عَنْهُ فَقَالَ: هَذَا خَطَأٌ. ثُمَّ حَدَّثَنِي بِهِ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَتِيقٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ

حضور ﷺ نے فرمایا: مسواک منہ کے لیے پاکی کا آلہ ہے اور رب کی رضا حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

105 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَتِيقٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسواک منہ کے لیے پاکی کا آلہ ہے اور رب کی رضا حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

106 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ السَّامِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَبُو إِسْحَاقَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَا يَتَبَايَعُونَ، وَلَوْ تَبَايَعُوا مَا تَبَايَعُوا إِلَّا بِالْبَزِّ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت والے خرید وفروخت نہیں کریں گے اگر آپس میں خرید وفروخت کرتے تو وہ گندم کی خرید وفروخت کرتے۔

107 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، صَاحِبُ الطَّيَالِسَةِ، حَدَّثَنَا

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں میری امت کے لوگ

صفحه 220 . وأخرجه النسائي في الطهارة رقم الحديث: 5' باب: الترغيب في السواك . والبخاري في الصيام جلد 4 صفحه 158' باب: سواك الرطب واليابس للصائم . والدارمي في الوضوء جلد 1 صفحه 174' باب: السواك مطهرة للفم . وصححه ابن حبان في الموارد برقم 142 و 144 .

106- قال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 416: رواه أبو يعلىٰ' وفيه اسمٰعيل بن نوح وهو متروك .

107- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 6 . والهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 410 . والبخاري في الرقاق رقم الحديث: 6543' باب: يدخل الجنة سبعون ألفًا بغير حساب . ومسلم في الايمان رقم الحديث: 219' باب: الدليل علىٰ دخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب ولا عذاب .

الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَخْنَسِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ، وُجُوهُهُمْ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، قُلُوبُهُمْ عَلَى قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ، فَاسْتَزَدْتُ رَبِّي فَزَادَنِي مَعَ كُلِّ رَجُلٍ سَبْعِينَ أَلْفًا ۔ قَالَ أَبُو بَكْرٍ: فَكُنَّا نَرَى ذَلِكَ قَدْ أَتَى عَلَى أَهْلِ الْقُرَى وَيُصِيبُ مَنْ زَادَ مِنْ أَهْلِ الْبَوَادِي

ستّر ہزار بغیر حساب کتاب کے جنت میں جائیں گے۔ ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوں گے اور ان کے دل ایک آدمی کے دل پر ہوں گے میں نے اپنے رب سے اضافہ چاہا، پس میرے لیے اضافہ کیا کہ ان ستّر ہزار میں ہر ایک کے ساتھ ستّر ہزار ہوں گے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم دیکھتے تھے کہ آپ بستی والوں کے پاس آئے اور پالیا جس نے بستی والوں میں سے اضافہ کیا۔

108 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ: لَمَّا خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ، مَرَرْنَا بِرَاعٍ وَقَدْ عَطِشَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَلَبْتُ لَهُ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَشَرِبَ حَتَّى رَضِيتُ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب میں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے مدینہ کی طرف نکلے، ہم ایک چرواہے کے پاس سے گزرے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پیاس لگی، میں نے ایک پیالہ میں تھوڑا سا دودھ دوہا، اس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے کر آیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پیا یہاں تک کہ میں خوش ہوگیا۔

109 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، يَقُولُ: لَمَّا أَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ تَبِعَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَدَعَا عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی تو سراقہ بن مالک بن جعشم نے آپ کا پیچھا کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے خلاف دعا کی۔ اس کا گھوڑا زمین میں دھنس گیا، اس نے کہا اللہ سے میرے لیے دعا کریں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نقصان نہیں دوں گا۔ رسول

108- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 9 . والبخاری فی مناقب الأنصار رقم الحديث: 3908' باب: هجرة النبی صلی الله عليه وسلم' وفی الأشربة رقم الحديث: 5607' باب: شرب اللبن .

109- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 9 . والبخاری فی مناقب الأنصار رقم الحديث: 3908' باب: هجرة النبی صلی الله عليه وسلم .

وَسَلَّمَ، فَسَاخَتْ بِهِ فَرَسُهُ، فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ وَلَا أَضُرُّكَ، قَالَ: فَدَعَا اللّٰهَ لَهُ، قَالَ: فَعَطِشَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرُّوا بِرَاعِي غَنَمٍ، قَالَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ: فَأَخَذْتُ قَدَحًا فَحَلَبْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، فَأَتَيْتُهُ فَشَرِبَ حَتَّى رَضِيتُ

اللہ ﷺ نے اس کے لیے دعا کی، رسول اللہ ﷺ کو پیاس لگی، پس ہمارا گزر ایک بکریاں چرانے والے کے پاس سے ہوا' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں نے ایک پیالہ لیا اس میں حضور ﷺ کے لیے تھوڑا سا دودھ دوہا' اس کو لے کر میں حضور ﷺ کے پاس آیا۔ آپ ﷺ نے اس سے پیا یہاں تک کہ میں خوش ہو گیا۔

110 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، قَالَ: لَمَّا أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ تَبِعَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَدَعَا عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاخَتْ بِهِ فَرَسُهُ، فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ لِي وَلَا أَضُرُّكَ، فَدَعَا لَهُ، فَعَطِشَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرُّوا بِرَاعٍ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ: فَأَخَذْتُ قَدَحًا فَحَلَبْتُ فِيهِ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، فَأَتَيْتُهُ فَشَرِبَ، ثُمَّ شَرِبَ حَتَّى رَضِيتُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی تو سراقہ بن مالک بن جعشم نے آپ کا پیچھا کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کے لیے بددعا کی۔ اس کا گھوڑا زمین میں دھنس گیا، اس نے کہا اللہ سے میرے لیے دعا کریں میں آپ ﷺ کو نقصان نہیں دوں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کے لیے دعا کی، رسول اللہ ﷺ کو پیاس لگی، پس ہمارا گزر ایک بکریوں کے چرواہے کے پاس سے ہوا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ میں نے ایک پیالہ لیا اس میں حضور ﷺ کے لیے تھوڑا سا دودھ دوہا' اس کو لے کر حضور ﷺ کے پاس آیا۔ آپ ﷺ نے اس سے پیا پھر پیا یہاں تک کہ میں خوش ہو گیا۔

111 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

110- أخرجه البخاری فی مناقب الأنصار رقم الحديث: 3908' باب: هجرة النبی صلی اللّٰه عليه وسلم .

111- أخرجه أحمد جلد 1صفحه3,2 . والبخاری فيا للقطة رقم الحديث: 2439' وفی فضائل الصحابة رقم الحديث: 3652 باب: مناقب المهاجرين وفضلهم' وفی مناقب الأنصار رقم الحديث: 3615 باب: علامات النبوة فی الاسلام' ورقم الحديث: 3917 باب: هجرة النبی صلی اللّٰه عليه وسلم . ومسلم فی الزهد رقم الحديث: 2009' باب: فی حديث الهجرة .

عُمَرَ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: اشْتَرَى أَبُو بَكْرٍ، مِنْ أَبِي رَحْلًا بِثَلَاثَةَ عَشَرَ دِرْهَمًا، فَقَالَ: مُرِ الْبَرَاءَ يَحْمِلْهُ إِلَى رَحْلِي، فَقَالَ: لَا، حَتَّى تُخْبِرَنِي، كَيْفَ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَقَالَ: ارْتَحَلْنَا فَاحْتُبِسْنَا يَوْمَنَا وَلَيْلَتَنَا حَتَّى قَامَ ظُهْرًا، أَوْ قَالَ: قَامَ قَائِمُ الظَّهِيرَةِ، فَرَمَيْتُ بِبَصَرِي فَإِذَا أَنَا بِصَخْرَةٍ لَهَا بَقِيَّةٌ مِنْ ظِلٍّ فَرَشَشْتُهُ وَفَرَشْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ فَرْوَةً. فَقُلْتُ: نَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ۔ ثُمَّ انْطَلَقْتُ أَنْفُضُ مَا حَوْلِي، هَلْ أَرَى مِنَ الطَّلَبِ أَحَدًا؟ فَإِذَا أَنَا بِرَاعِي غَنَمٍ يُرِيدُ مِنَ الصَّخْرَةِ مِثْلَ مَا أَرَدْتُ، فَقُلْتُ: مَنْ أَنْتَ يَا غُلَامُ؟ قَالَ: لِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَعَرَفْتُهُ، فَقُلْتُ: هَلْ فِي غَنَمِكَ مِنْ لَبَنٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: هَلْ أَنْتَ حَالِبُنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَمَرْتُهُ فَاعْتَقَلَ شَاةً مِنَ الْغَنَمِ، فَأَمَرْتُهُ فَنَفَضَ ضَرْعَهَا، ثُمَّ أَمَرْتُهُ فَنَفَضَ كَفَّيْهِ مِنَ الْغُبَارِ۔ فَحَلَبَ لِي كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ وَمَعِي إِدَاوَةٌ عَلَى فَمِهَا خِرْقَةٌ، فَصَبَبْتُ الْمَاءَ عَلَى اللَّبَنِ، ثُمَّ أَتَيْتُ بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَافَقْتُهُ قَدِ اسْتَيْقَظَ، قُلْتُ: اشْرَبْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ۔ وَارْتَحَلْنَا، فَلَمْ يَلْحَقْنَا مِنَ الطَّلَبِ أَحَدٌ غَيْرُ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ عَلَى فَرَسٍ لَهُ، فَقُلْتُ: هَذَا الطَّلَبُ قَدْ لَحِقَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ۔ قَالَ: لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۔ فَلَمَّا دَنَا، دَعَا عَلَيْهِ رَسُولُ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے میرے پاس سے تیرہ دراہم کے بدلے ایک اونٹ کی زین خریدی اور فرمایا کہ براء سے کہنا کہ زین کو اٹھا لائے۔ حضرت عازب رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں اتنی جلدی نہیں، یہاں تک کہ آپ مجھے بتائیں کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ شریف سے مدینہ تک کیسے نکلے تھے؟ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بتایا: ہم ہجرت کی رات چلے، ایک رات اور دن تک روک لیا گیا یہاں تک کہ دوپہر کا وقت ہوگیا۔ میں نے اپنی نگاہ دوڑائی، پس جب میں نے ایک چٹان دیکھی اس کا سایہ باقی تھا۔ میں نے اس کو پانی ڈال کر صاف کیا اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اپنی چادر بچھادی۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ آرام فرمالیں، پھر میں چلا کہ دیکھوں کہ اردگرد کوئی ہم کو دیکھنے والا تو کوئی نہیں ہے؟ پس اچانک میں نے ایک بکریوں کا چرواہا دیکھا چٹان سے وہ پتھر سے وہی چاہتا تھا جو میں چاہتا تھا۔ میں نے اس کو کہا کہ آپ کس کے غلام ہیں؟ اس نے قریش کے ایک آدمی کا نام لیا۔ اس کو میں جانتا تھا، میں نے اس کو کہا کیا تیری بکریوں میں کوئی دودھ دیتی ہے؟ اس نے کہا، جی ہاں۔ میں نے اس سے کہا کہ کیا آپ مجھے دودھ دوہنے دیں گے؟ اس نے کہا، ٹھیک ہے۔ میں نے اس کو بکری پکڑنے کا حکم دیا، اس نے ایک بکری قابو کی۔ میں نے اس کو بکری کے تھن صاف کرنے کا حکم دیا، اس نے وہ صاف کیے پھر میں نے اس کو اپنے دونوں ہاتھوں کو صاف کرنے کا حکم دیا، اس نے میرے لیے برتن میں

اللّٰهَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاخَ فَرَسُهُ فِي الْأَرْضِ إِلَى بَطْنِهِ، وَوَثَبَ عَنْهُ، وَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ هَذَا عَمَلُكَ، فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُخَلِّصَنِي مِمَّا أَنَا فِيهِ، وَلَكَ عَلَيَّ لَأُعَمِّيَنَّ عَلَى مَنْ وَرَائِي، وَهَذِهِ كِنَانَتِي فَخُذْ سَهْمًا مِنْهَا، فَإِنَّكَ سَتَمُرُّ عَلَى إِبِلِي وَغِلْمَانِي بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَخُذْ مِنْهَا حَاجَتَكَ. فَقَالَ: لَا حَاجَةَ لِي فِي إِبِلِكَ، فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ لَيْلًا، فَتَنَازَعُوا أَيُّهُمْ يَنْزِلُ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: أَنْزِلُ عَلَى بَنِي النَّجَّارِ أَخْوَالِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أُكْرِمُهُمْ بِذَلِكَ، فَصَعِدَ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ فَوْقَ الْبُيُوتِ، وَتَفَرَّقَ الْغِلْمَانُ وَالْخَدَمُ فِي الطُّرُقِ يُنَادُونَ: يَا مُحَمَّدُ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَا مُحَمَّدُ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ

تھوڑا سا دودھ دوہا اور میرے پاس ایک برتن تھا اس کے منہ پر کپڑا لپیٹا ہوا تھا پھر میں نے اس دودھ میں پانی ڈالا۔ پھر اس دودھ کو حضور ﷺ کی بارگاہ اقدس میں لایا۔ حضور ﷺ جاگ چکے تھے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! نوش فرمائیں۔ وہاں سے ہم چلے ہم کو راستہ میں سراقہ بن مالک بن جعشم کے علاوہ کوئی نہیں ملا جس نے ہم کو تلاش کیا ہو، میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! اس نے تلاش کر لیا ہے ہم کو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے صدیق! غم نہ کریں، اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ جب وہ قریب ہوا حضور ﷺ نے اس کے خلاف دعا کی اس کا گھوڑا زمین میں دھنس گیا پیٹ تک اور سراقہ گھوڑے سے نیچے گر گیا اور کہا: اے محمد! میں جانتا ہوں یہ آپ کا عمل ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے جس مصیبت میں پھنسا ہوں اس سے چھٹکارا مل جائے میں یقین دلاتا ہوں کہ میں اپنے پیچھے کسی کو نہیں بتاؤں گا۔ یہ میرا تیر ہے اس کو نشانی کے طور پر لے لیں فلاں فلاں جگہ پر آپ کا گزر ہوگا وہاں پر اونٹ ہوں گے، آپ کو جس اونٹ کی ضرورت ہوئی، آپ اس کو لے لینا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ہمیں تیرے اونٹوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ جب ہم مدینہ شریف رات کو پہنچے تو اہل مدینہ کا جھگڑا ہوا کہ آپ ﷺ کس گھر کو شرف بخشیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: آج میں بنی نجار جو عبدالمطلب کے خالہ زاد ہیں اُن کے گھر جاؤں گا تا کہ ان کے لیے عزت کا باعث ہو جائے۔ مدینہ منورہ میں مرد اور عورتیں

گھروں کی چھتوں پر چڑھ گئے بچے اور غلام بازاروں میں گھومنے لگے، اور یا محمد ﷺ یا رسول اللہ ﷺ یا محمد ﷺ یا رسول اللہ ﷺ کے نعرے لگانے لگے۔

112 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَرْبُوعٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الْعَجُّ، وَالثَّجُّ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا: کون سا عمل افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: افضل حج وہ ہے جس میں بلند آواز سے تلبیہ ہو اور اونٹ کی قربانی کی جائے۔

113 - حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَامٍ الْعَطَّارُ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي سَبْرَةَ الْعَامِرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَرْبُوعٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ بَيْتِي وَمِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَمِنْبَرِي عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری قبر اور میرے منبر کے درمیان جو جگہ ہے وہ جنت کی کیاریوں میں ایک کیاری ہے اور میرا منبر جنت کی نہروں میں سے ایک نہر پر ہے۔

112- أخرجه الترمذی فی الحج رقم الحديث: 827، باب: ما جاء فی فضل التلبية والنحر، وفی التفسير رقم الحديث: 3001 باب: ومن سورة آل عمران . وابن ماجه فی المناسك رقم الحديث: 2896، باب: ما يوجب الحج، و رقم الحديث: 2924 باب: رفع الصوت بالتلبية . والدارمی فی المناسك جلد 2 صفحه 31، باب: أی الحج أفضل؟ والبيهقی فی السنن جلد 5 صفحه 42، باب: رفع الصوت بالتلبية . وصححه الحاكم جلد 1 صفحه 451 .

113- أخرجه البزار رقم الحديث: 1194، و رقم الحديث: 1195 و رقم الحديث: 1197 . وانظر الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 8 وصفحه 9 . وأخرجه البخاری رقم الحديث: 1195، وفی فضل الصلاة فی مسجد مكة والمدينة رقم الحديث: 1196 باب: فضل ما بين القمر والمنبر . ومسلم رقم الحديث: 1390، وفی الحج رقم الحديث: 1191 باب: مابين القبر والمنبر .

114 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، قَالَ: جَاءَتِ الْجَدَّةُ إِلَى أَبِي بَكْرٍ، تَسْأَلُهُ عَنْ مِيرَاثِهَا، فَقَالَ: مَا لَكِ فِي كِتَابِ اللّٰهِ شَيْءٌ، وَمَا لَكِ فِي سُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ، فَارْجِعِي حَتَّى أَسْأَلَ النَّاسَ

حضرت قبیصہ بن ذؤیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میری دادی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اور اپنی میراث کے متعلق پوچھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرا حصہ کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں نہیں ہے تو جا میں اس کے متعلق صحابہ سے مشورہ کرتا ہوں۔

115 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، أَنَّ الْجَدَّةَ جَاءَتْ إِلَى أَبِي بَكْرٍ، بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: أُخْبِرْتُ أَنَّ لِي حَقًّا، فَقَالَ: أَبُو بَكْرٍ: مَا أَجِدُ لَكِ فِي الْكِتَابِ مِنْ حَقٍّ، وَمَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْضِي لَكِ بِشَيْءٍ، قَالَ: فَشَهِدَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، فَقَالَ: مَنْ يَشْهَدُ مَعَكَ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَاهَا السُّدُسَ. قَالَ الزُّهْرِيُّ: هِيَ أُمُّ أَبِ الْأُمِّ، أَوِ الْأَبِ فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ جَاءَتِ الَّتِي تُخَالِفُهَا، فَقَالَ عُمَرُ: أَيُّكُمَا انْفَرَدَتْ بِهِ، فَهُوَ لَهَا، فَإِنِ اجْتَمَعْتُمَا فَهُوَ بَيْنَكُمَا

حضرت قبیصہ بن ذؤیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کی دادی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد آئی، آکر عرض کی: مجھے بتائیں کہ میرا حق بھی ہے وراثت میں، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تیرا حصہ کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں نہیں پاتا ہوں۔ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اس کا حصہ ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کی تائید کون کرے گا؟ محمد بن مسلمہ نے کہا: رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے دادی کو چھٹا حصہ دیا تھا۔ حضرت امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جدہ سے مراد عام دادی ہو یا نانی ہو جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے، آپ رضی اللہ عنہ نے اس کی مخالفت کی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر اکیلی ہے تو مکمل چھٹا حصہ لے جائے گی اگر دادی اور نانی دونوں ہیں تو آدھا آدھا آپس میں تقسیم کرلیں

114- أخرجه أبو داؤد فی الفرائض رقم الحديث: **2894** باب: فی الجدة . والترمذی فی الفرائض رقم الحديث: **2102**' باب: فی ميراث الجدة . وابن ماجه فی الفرائض رقم الحديث: **2724**' باب: ميراث الجدة .

115- أخرجه الترمذی فی الفرائض رقم الحديث: **1201**' باب: ما جاء فی ميراث الجدة . وعبد الرزاق رقم الحديث: **19083** .

گی۔

116 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَوْسَطَ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: خَطَبَنَا أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْأَوَّلِ، ثُمَّ بَكَى أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ: سَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ، فَإِنَّ النَّاسَ لَمْ يُعْطُوا فِي الدُّنْيَا بَعْدَ الْيَقِينِ شَيْئًا أَفْضَلَ مِنَ الْمُعَافَاةِ، أَلَا وَعَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّهُ مَعَ الْبِرِّ، وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَإِنَّهُ مَعَ الْفُجُورِ، وَهُمَا فِي النَّارِ، وَلَا تَقَاطَعُوا، وَلَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَحَاسَدُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا كَمَا أَمَرَكُمُ اللّٰهُ

حضرت اوسط البجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم کو حضرت ابوبکر نے خطبہ دیا اس کے بعد فرمایا: ہم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھلے سال خطبہ دیا تھا' اس کے بعد اللہ سے عافیت مانگو بے شک لوگوں کو دنیا میں ایمان کے بعد معافات سے بڑھ کر کوئی افضل شے نہیں دی گئی' خبردار! تم سچ بولا کرو کیونکہ یہ نیکی ہے' دونوں جنت میں لے جانے والے اعمال ہیں' جھوٹ سے بچو! کیونکہ جھوٹ بُرائی کی طرف لے جاتا ہے' دونوں جہنم میں لے جانے والے اعمال ہیں' رشتے داریاں نہ توڑو' آپس میں غصہ نہ کرو اور آپس میں حسد نہ کرو' اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی ہو جاؤ جس طرح اللہ نے تم کو حکم دیا ہے۔

117 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ: أَخْبَرَنِي قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَوْسَطَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَوْسَطَ الْبَجَلِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّهُ مَعَ الْبِرِّ، وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَإِنَّهُ مَعَ الْفُجُورِ، وَهُمَا فِي النَّارِ، وَلَا تَقَاطَعُوا، وَلَا تَدَابَرُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا كَمَا أَمَرَكُمُ اللّٰهُ

حضرت اوسط البجلی رضی اللہ عنہ' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پر سچ لازم ہے کیونکہ سچ کے ساتھ نیکی ملتی ہے' دونوں جنت میں لے جانے والے عمل ہیں' جھوٹ سے بچو! کیونکہ جھوٹ بُرائی کی طرف لے جاتا ہے' دونوں جہنم میں لے جانے والے عمل ہیں' رشتے داریاں نہ توڑو! تدبیر نہ کرو! اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی ہو جاؤ جس طرح اللہ نے تم کو حکم دیا ہے۔

118 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، أَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ،

حضرت سلیم بن عامر سے روایت ہے کہ وہ حمص کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ اس نے

116- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 7 . وأحمد جلد 1 صفحه 7,5,3 . وابن ماجه في الدعاء رقم الحديث: 3849' باب: الدعاء بالعفو والعافية .

قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ أَهْلِ حِمْصٍ، وَكَانَ قَدْ أَدْرَكَ أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ خَطَبَنَا حِينَ اسْتُخْلِفَ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَامِي هَذَا عَامَ الْأَوَّلِ، ثُمَّ بَكَى، ثُمَّ قَالَ: سَلُوا اللَّهَ الْعَفْوَ وَالْمُعَافَاةَ

حضور ﷺ کے صحابہ سے ملاقات کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے سنا' آپ نے ہمیں خطبہ دیا جس وقت ان کو خلیفہ بنایا گیا۔ فرمایا: حضور ﷺ میری جگہ پر پچھلے سال کھڑے ہوئے' پھر حضرت ابوبکر رو پڑے۔ پھر فرمایا: اللہ سے عفو اور معافات مانگو۔

119 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ: أَخْبَرَنِي قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، رَجُلًا مِنْ حِمْيَرَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَوْسَطَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَوْسَطَ الْبَجَلِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، أَنَّهُ قَالَ حِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِينَا عَامَ أَوَّلٍ مَقَامِي هَذَا، ثُمَّ قَالَ: سَلُوا اللَّهَ الْمُعَافَاةَ، فَإِنَّهُ لَمْ يُؤْتَ أَحَدٌ بَعْدَ الْيَقِينِ شَيْئًا خَيْرًا مِنَ الْمُعَافَاةِ

حضرت اوسط بن اسماعیل بن اوسط البجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس وقت رسول اللہ ﷺ کا وصال مبارک ہوا' کہ جب حضور ﷺ ہم میں پچھلے سال اس میری جگہ پر کھڑے ہوئے تھے' پھر فرمایا: اللہ عزوجل سے معافات مانگو کیونکہ ایمان کے بعد کسی کو بھی معافات سے بڑھ کر کوئی شے نہیں دی گئی۔

120 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَيُّوبَ، وَعَبْدَ الرَّحْمَنِ السَّرَّاجَ، وَعُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ، يُحَدِّثُونَهُ عَنْ نَافِعٍ، أَنَّهُ قَرَأَ كِتَابَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: أَنَّهُ لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةٍ مِنَ الْإِبِلِ شَيْءٌ، وَإِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا فَفِيهَا شَاةٌ إِلَى تِسْعٍ، فَإِذَا كَانَتْ عَشْرًا فَشَاتَانِ إِلَى أَرْبَعَ عَشْرَةَ، فَإِذَا بَلَغَ خَمْسَ عَشْرَةَ فَفِيهَا ثَلَاثٌ إِلَى تِسْعَ عَشْرَةَ، فَإِذَا بَلَغَتِ الْعِشْرِينَ فَأَرْبَعٌ وَإِلَى أَرْبَعٍ

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا خط پڑھا، اس میں لکھا ہوا تھا کہ پانچ سے کم اونٹوں میں زکوٰۃ نہیں ہے۔ جب ۵ اونٹ ہو جائیں اس میں ایک بکری ہے، یہ ۹ اونٹوں تک ہے جب ۱۰' اونٹ ہو جائیں اس میں ۲ بکریاں ہیں۔ یہ ۱۴' اونٹوں تک ہے۔ جب ۱۵ اونٹ ہو جائیں اس میں ۳ بکریاں ہیں۔ یہ سلسلہ ۱۹ بکریوں تک چلے گا۔ جب ۲۰ بکریاں ہو جائیں تو اس میں ایک یک سالہ اونٹنی ہوگا یہ سلسلہ ۳۵ تک چلے گا۔ ۴۵ تک دو

120- قال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه74: رواه أبو يعلى وجادة' ورجاله ثقات .

وَعِشْرِينَ، فَإِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِينَ فَفِيهَا بِنْتُ مَخَاضٍ إِلَى خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِيهَا ابْنَةُ لَبُونٍ إِلَى خَمْسٍ وَأَرْبَعِينَ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِيهَا حِقَّةٌ إِلَى السِّتِّينَ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِيهَا ابْنَتَا لَبُونٍ إِلَى التِّسْعِينَ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِيهَا حِقَّتَانِ إِلَى الْعِشْرِينَ وَمِائَةٍ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِي كُلِّ خَمْسِينَ حِقَّةٌ، وَفِي كُلِّ أَرْبَعِينَ ابْنَةُ لَبُونٍ، وَلَيْسَ فِي الْغَنَمِ شَيْءٌ فِيمَا دُونَ الْأَرْبَعِينَ، فَإِذَا بَلَغَتِ الْأَرْبَعِينَ فَفِيهَا شَاةٌ إِلَى الْعِشْرِينَ وَمِائَةٍ، فَإِذَا زَادَتْ فَشَاتَانِ إِلَى الْمِائَتَيْنِ، فَإِنْ زَادَتْ عَلَى الْمِائَتَيْنِ فَثَلَاثُ شِيَاهٍ إِلَى الثَّلَاثِ مِائَةٍ، فَإِذَا زَادَتْ عَلَى الثَّلَاثِ مِائَةٍ، فَفِي كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ.

سالہ اونٹنی ہوگا ہر تک حقہ ہوگا۔ ۹۰ تک دو سالہ اونٹ ہو گا۔ ۱۲۰ تک ۲ تین سالہ ہوں گے پھر ہر ۵۰ میں ایک تین سالہ کا اضافہ ہوگا، ہر چالیس میں ایک دو سالہ اونٹنی ہو گی۔ چالیس سے کم میں زکوۃ نہیں ہوگی۔ جب چالیس بکریاں ہو جائیں ان میں سے ایک بکری پر زکوۃ ہوگی۔ ۱۲۰ تک کا ہوگا جب دو سو ہو جائیں تو ۲ بکریاں ہوں گی۔ تین سو تک تین بکریاں ہو جائیں گی۔ جب تین سو پر اضافہ ہو جائے تو ہر ۱۰۰ پر ایک بکری ہوگی۔

121 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، قَالَ: رَأَيْنَا عِنْدَ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَنَسٍ كِتَابًا كَتَبَهُ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، حِينَ بَعَثَهُ عَلَى صَدَقَةِ الْبَحْرَيْنِ، عَلَيْهِ خَاتَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيهِ مِثْلُ هَذَا الْقَوْلِ

حضرت ایوب رحمۃ اللہ ہم کو بیان کرتے ہیں کہ ہم نے ثمامہ بن عبداللہ بن انس رحمۃ اللہ کے پاس ایک خط دیکھا جو حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا تھا۔ جس وقت انس رضی اللہ عنہ کو بحرین کا صدقہ پر عامل مقرر کیا تھا، اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر تھی، اس بات کی طرح۔

122 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ

حضرت حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے یہ

121- انظر كلام الحافظ ابن حجر فى الفتح جلد **3** صفحه **318** .

122- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **11-12** . وأبو داؤد فى الزكاة رقم الحديث: **1567**' باب: فى زكاة السائمة . والنسائى فى الزكاة جلد **5** صفحه **18** . وابن ماجه فى الزكاة رقم الحديث: **1800**' باب: اذا أخذ المصدق سنًا دون سن' أو فوق سن . كما أخرجه البخارى فى الزكاة رقم الحديث: **1448**' باب: العرض فى الزكاة' و رقم الحديث: **1450**' باب: لا يجمع بين متفرق' ولا يفرق بين مجتمع' و رقم الحديث: **1451** باب: ما كان من خليطين فانهما يتراجعان بينهما بالسوية' و رقم الحديث: **1453** باب: من بلغت عنده صدقة بنت مخاض

مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: أَخَذْتُ هَذَا الْكِتَابَ مِنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، كَتَبَ لَهُ: إِنَّ هَذِهِ فَرَائِضُ الصَّدَقَةِ الَّتِي أَمَرَ اللَّهُ بِهَا رَسُولَهُ، فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ عَلَى وَجْهِهَا فَلْيُعْطِهَا، وَمَنْ سُئِلَ فَوْقَهُ فَلا يُعْطِهِ، فِيمَا دُونَ خَمْسٍ وَعِشْرِينَ مِنَ الْإِبِلِ فِي خَمْسٍ ذَوْدٍ شَاةٌ، فَإِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِينَ فَفِيهَا ابْنَةُ مَخَاضٍ إِلَى خَمْسٍ وَثَلاثِينَ، فَإِذَا لَمْ يَكُنِ ابْنَةُ مَخَاضٍ فَابْنُ لَبُونٍ ذَكَرٌ، فَإِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَثَلاثِينَ فَفِيهَا ابْنَةُ لَبُونٍ إِلَى خَمْسٍ وَأَرْبَعِينَ، فَإِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَأَرْبَعِينَ فَفِيهَا حِقَّةٌ طَرُوقَةُ الْفَحْلِ إِلَى سِتِّينَ، فَإِذَا بَلَغَتْ وَاحِدًا وَسِتِّينَ فَفِيهَا جَذَعَةٌ إِلَى خَمْسٍ وَسَبْعِينَ، فَإِذَا بَلَغَتْ سِتَّةً وَسَبْعِينَ فَفِيهَا ابْنَتَا لَبُونٍ إِلَى تِسْعِينَ، فَإِذَا بَلَغَتْ وَاحِدًا وَتِسْعِينَ فَفِيهَا حِقَّتَانِ طَرُوقَتَا الْفَحْلِ، إِلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ، فَإِذَا زَادَتْ عَلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ فَفِي كُلِّ أَرْبَعِينَ بِنْتُ لَبُونٍ، وَفِي كُلِّ خَمْسِينَ حِقَّةٌ، فَإِذَا تَبَايَنَ أَسْنَانُ الْإِبِلِ فِي الْفَرَائِضِ الصَّدَقَاتُ، فَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ الْجَذَعَةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ جَذَعَةٌ، وَعِنْدَهُ حِقَّةٌ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَانِ إِنِ اسْتَيْسَرَتَا لَهُ، أَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا، وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ

خط ثمامہ بن عبداللہ بن انس سے لیا' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کے لیے ایک خط لکھا، جس میں یہ لکھا ہوا تھا کہ یہ فرض زکوٰۃ جس کا اللہ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا ہے، جس مسلمان سے اس طریقہ سے زکوٰۃ وصول کی جائے وہ ضرور ادا کرے، جس سے اس کے اوپر مانگی جائے وہ نہ دے۔ پچیس سے کم ہر ۵ اونٹوں میں ایک بکری واجب ہوگی' جب اونٹوں کی تعداد ۲۵ ہو جائے تو اس میں یک سالہ ہوگا' یہ سلسلہ ۳۵ اونٹوں تک چلے گا۔ اگر یک سالہ نہ ہو تو ایک دوسالہ دیا جائے جو مذکر ہو۔ جب ۳۶ ہو جائیں تو اس میں دوسالہ ہوگا' یہ سلسلہ ۴۵ تک ہوگا۔ جب ۴۶ ہو جائیں تو اس میں ایک تین سالہ ہوگا یہ سلسلہ ۶۰ تک ہوگا جب ۶۱ ہو جائیں تو اس میں ایک جزعہ ہوگا، یہ سلسلہ ۷۵ تک ہوگا جب ۷۶ ہو جائیں گے، اس میں ۲ دوسالہ ہوں گے یہ سلسلہ ۹۰ تک ہوگا جب ۹۱ ہو جائیں اس میں دو تین سالہ ہوں گے۔ یہ سلسلہ ۱۲۰ تک ہوگا۔ جب ۱۲۰ سے زیادہ ہو جائیں تو ہر چالیس میں ایک دوسالہ ہوگا۔ ہر ۵۰ میں تین سالہ ہوگا۔ اگر زکوٰۃ کے اونٹوں کی عمریں مختلف ہو جائیں۔ جس پر زکوٰۃ چار سالہ کی ہو اور چار سالہ اس کے پاس نہ ہو اور اس کے پاس تین سالہ ہو تو اس سے تین سالہ قبول کیا

وليست عنده' و رقم الحديث: 1454 باب: زكاة الغنم' و رقم الحديث: 1455 باب: لا تؤخذ في الصدقة هرمة ولا ذات عوار ولا تيس الا ما شاء المصدق' وفي الشركة رقم الحديث: 2487 باب: ما كان من خليطين' وفي فرض الخمس رقم الحديث: 3106 باب: ما ذكر من درع النبي صلى الله عليه وسلم' وفي اللباس رقم الحديث: 5878 باب: هل يجعل نقش الخاتم ثلاثة أسطر؟ وفي الحيل رقم الحديث: 6955 باب: في الزكاة .

صَدَقَةُ الْحِقَّةِ، وَلَيْسَ عِنْدَهُ إِلَّا جَذَعَةٌ، فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَّدِّقُ عِشْرِينَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ، وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ، وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ، وَعِنْدَهُ ابْنَةُ لَبُونٍ فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ إِنِ اسْتَيْسَرَتَا أَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ ابْنَةَ لَبُونٍ، وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ إِلَّا حِقَّةٌ، فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَّدِّقُ عِشْرِينَ دِرْهَمًا أَوْ شَاتَيْنِ، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ ابْنَةَ لَبُونٍ، وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ ابْنَةَ لَبُونٍ، وَعِنْدَهُ ابْنَةُ مَخَاضٍ، فَإِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ إِنِ اسْتَيْسَرَتَا، أَوْ عِشْرِينَ دِرْهَمًا، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ ابْنَةَ مَخَاضٍ، وَلَيْسَ عِنْدَهُ إِلَّا ابْنُ لَبُونٍ ذَكَرٌ، فَإِنَّهُ يُقْبَلُ مِنْهُ وَلَيْسَ مَعَهُ شَيْءٌ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ إِلَّا أَرْبَعَةٌ مِنَ الْإِبِلِ فَلَيْسَ فِيهَا شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا، وَفِي صَدَقَةِ الْغَنَمِ فِي سَائِمَتِهَا، إِذَا كَانَتْ أَرْبَعِينَ، فَفِيهَا شَاةٌ إِلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِيهَا شَاتَانِ إِلَى مِائَتَيْنِ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِيهَا ثَلَاثُ شِيَاهٍ إِلَى ثَلَاثِ مِائَةٍ، فَإِذَا زَادَتْ وَاحِدَةٌ فَفِي كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ، وَلَا تُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ، وَلَا ذَاتُ عَوَارٍ وَلَا تَيْسُ الْغَنَمِ، إِلَّا أَنْ يَشَاءَ الْمُصَّدِّقُ، وَلَا يَجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ، وَلَا يُفَرِّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ، وَمَا كَانَ مِنْ خَلِيطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ إِذَا كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً مِنَ الْأَرْبَعِينَ شَاةً وَاحِدَةً فَلَيْسَ فِيهَا إِلَّا أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا، وَفِي الرِّقَةِ

جائے اور ساتھ اس کے ساتھ دو بکریاں مل جائیں اگر دونوں آسانی سے لے لیں لیکن یا بیس درہم لیے جائیں جس پر زکوٰۃ اونٹوں کی حقہ کے لحاظ سے ہو اور اس کے حقہ نہ ہو بلکہ جذعہ ہو تو اس سے وہ لیا جائے اور اس کو واپس زکوٰۃ کے مال سے بیس درہم یا ۲ بکریاں واپس کر دی جائیں۔ جس پر زکوٰۃ حقہ کے لحاظ سے ہو سکے، جس پر زکوٰۃ ابن لبون کے لحاظ سے ہو اور اس کے پاس حقہ ہو اور بنت لبون نہ ہو تو اس سے حقہ لیا جائے اور اس کو ۲۰ درہم یا دو بکریاں واپس دی جائیں۔ جس پر کہ بنت لبون کے لحاظ سے ہو اور اس کے نیت لبون نہ ہو بلکہ اس کے پاس بنت مخاض ہو تو اس سے بنت مخاض لیا جائے اور اس سے اگر آسانی سے ہو تو ۲ بکریاں یا ۲۰ درہم واپس لیے جائیں۔ جس پر زکوٰۃ بنت مخاض کے لحاظ کے پاس بنت مخاض نہ ہو بلکہ اس کے پاس ابن لبون نہ ہو تو اس سے اور اس کے ساتھ کوئی چیز نہ کی جائے جس کے ہمیں چار اونٹ ہوں اس سے کوئی چیز نہ کی جائے مگر اس کا مالک چاہے تو دے۔ سائمہ بکریوں کی زکوٰۃ میں تفصیل یہ ہے: جب چالیس بکریاں ہو جائیں تو اس میں ایک بکری ہے۔ یہ سلسلہ ۱۲۰ بکریوں تک ہے۔ جب دو سو بکریاں ہو جائیں اس میں ۲ بکریاں ہیں۔ جب تین سو ہو جائیں تو ۳ بکریاں ہیں اور ہر سو بکریوں میں ایک بکری ہے۔ زکوٰۃ میں بوڑھی، عیب دار بکریاں نہ کی جائیں اور نہ عمدہ بکریاں کی جائیں مگر زکوٰۃ لینے والا خود لے۔ زکوٰۃ کے خوف کی وجہ سے متفرق

رُبُعُ الْعُشُورِ، فَإِذَا لَمْ يَكُنِ الْمَالُ إِلَّا تِسْعِينَ وَمِائَةَ دِرْهَمٍ فَلَيْسَ فِيهِ شَيْءٌ أَلَا أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا" قَالَ أَبُو خَيْثَمَةَ: الرِّقَّةُ يَعْنِي الدَّرَاهِمَ

بکریوں کو جمع نہ کیا جائے اور نہ جمع کو متفرق کیا جائے اگر دونوں بکریاں اور اونٹ جمع ہو جائیں تو ان دونوں کے درمیان برابری کی جائے۔ سالمہ بکریاں اگر چالیس سے کم ہوں تو ان میں زکوٰۃ نہیں ہے مگر مالک خود دینا چاہے۔ اگر چاندی کے درہم ربع عشر واجب ہوگا اگر کسی شخص کے پاس ۱۷۹ روپے ہیں تو اس پر زکوٰۃ نہیں ہے مگر اس کی مالک چاہے۔ ابوخیثمہ فرماتے ہیں: رقہ سے مراد درہم ہے۔

123 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّكُمْ تَقْرَءُونَ هَذِهِ الْآيَةَ، وَتَضَعُونَهَا عَلَى غَيْرِ مَا وَضَعَهَا اللّٰهُ (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ) (المائدة: 105) ، إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوُا الْمُنْكَرَ فَلَمْ يُغَيِّرُوهُ، يُوشِكُ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ."

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! تم یہ آیت پڑھتے ہو لیکن جس جگہ اللہ نے رکھی تم اس کے علاوہ جگہ پہ رکھتے ہو۔ وہ آیت یہ ہے: ''اے ایمان والو! تم پر اپنی جانوں کی فکر لازمی ہے، نہیں نقصان پہنچا سکے گا تمہیں جو گمراہ ہوا، جب تم ہدایت یافتہ ہو''۔ بے شک لوگ جب برائی کو دیکھیں اور اس کو نہ روکیں تو قریب ہے کہ پھر عذاب عمومی طور پر آئے۔

124 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، بِمِثْلِ ذَلِكَ لَا يَذْكُرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت قیس بن ابوحازم، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں، اس میں حضور ﷺ کا ذکر نہیں ہے۔

123- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 7,5,2 . وأبو داؤد في الملاحم رقم الحديث: 4338، باب: الأمر والنهي . والترمذي في الفتن رقم الحديث: 2169، باب: ما جاء في نزول العذاب اذا لم يغير المنكر، وفي التفسير رقم الحديث: 3059 باب: ومن سورة المائدة . وابن ماجه في الفتن رقم الحديث: 4005، باب: الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر .

125 - حَدَّثَنَا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوُا الْمُنْكَرَ فَلَمْ يُغَيِّرُوهُ، يُوشِكُ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللَّهُ بِعِقَابٍ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا' آپ نے فرمایا: بے شک لوگ جب برائی کو دیکھیں اور اس کو روکیں نہ تو قریب ہے کہ پھر عذاب عمومی طور پر آئے۔

126 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ، يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّكُمْ تَقْرَءُونَ هَذِهِ الْآيَةَ، وَتَضَعُونَهَا عَلَى غَيْرِ مَوَاضِعِهَا (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ) (المائدة: 105) وَإِنَّا سَمِعْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوُا الْمُنْكَرَ فَلَمْ يُغَيِّرُوهُ، أَوْشَكَ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللَّهُ بِعِقَابِهِ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! تم یہ آیت پڑھتے ہو لیکن جس جگہ اللہ نے رکھی تم اس کے علاوہ جگہ پہ رکھتے ہو۔ وہ آیت یہ ہے: ''اے ایمان والو! تم پر اپنی جانوں کی فکر لازمی ہے' نہیں نقصان پہنچا سکے گا تمہیں جو گمراہ ہوا، جب تم ہدایت یافتہ ہو''۔ بے شک لوگ جب برائی کو دیکھیں اور اس کو روکیں نہ تو قریب ہے کہ پھر عذاب عمومی طور پر آئے۔

127 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: قَرَأَ أَبُو بَكْرٍ هَذِهِ الْآيَةَ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ) (المائدة: 105) ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ النَّاسَ يَضَعُونَ هَذِهِ الْآيَةَ عَلَى غَيْرِ مَوْضِعِهَا، أَلَا وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْقَوْمَ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! تم یہ آیت پڑھتے ہو لیکن جس جگہ اللہ نے رکھی تم اس کے علاوہ جگہ پہ رکھتے ہو۔ وہ آیت یہ ہے: ''اے ایمان والو! تم پر اپنی جانوں کی فکر لازمی ہے' نہیں نقصان پہنچا سکے گا تمہیں جو گمراہ ہوا، جب تم ہدایت یافتہ ہو''۔ بے شک لوگ جب برائی کو دیکھیں اور اس کو

127- مرّ تخريج الحديث، أنظر الأرقام: 123، 124، 125، 127 .

إِذَا رَأَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَأْخُذُوا عَلَى يَدَيْهِ، وَالْمُنْكَرَ فَلَمْ يُغَيِّرُوهُ، عَمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابِهِ

روکیں نہ تو قریب ہے کہ پھر عذاب عمومی طور پر آئے۔

128 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرٌو، يَعْنِي ابْنَ أَبِي عَمْرٍو، عَنْ أَبِي الْحُوَيْرِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ مَرَّ عَلَى عُثْمَانَ وَهُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ، فَدَخَلَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ فَاشْتَكَى ذَلِكَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: مَرَرْتُ عَلَى عُثْمَانَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ. قَالَ: فَأَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: هُوَ فِي الْمَسْجِدِ قَاعِدٌ، قَالَ: فَانْطَلَقْنَا إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ أَبُو بَكْرٍ: مَا مَنَعَكَ أَنْ تَرُدَّ عَلَى أَخِيكَ حِينَ سَلَّمَ عَلَيْكَ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا شَعَرْتُ أَنَّهُ سَلَّمَ، مَرَّ بِي وَأَنَا أُحَدِّثُ نَفْسِي فَلَمْ أَشْعُرْ أَنَّهُ سَلَّمَ. فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: فَمَاذَا تُحَدِّثُ نَفْسَكَ؟ قَالَ: خَلَا بِيَ الشَّيْطَانُ فَجَعَلَ يُلْقِي فِي نَفْسِي أَشْيَاءَ مَا أُحِبُّ أَنِّي تَكَلَّمْتُ بِهَا وَأَنَّ لِي مَا عَلَى الْأَرْضِ، قُلْتُ فِي نَفْسِي حِينَ أَلْقَى الشَّيْطَانُ ذَلِكَ فِي نَفْسِي: يَا لَيْتَنِي سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا الَّذِي يُنْجِينَا مِنْ هَذَا الْحَدِيثِ الَّذِي يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِي أَنْفُسِنَا؟ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: فَإِنِّي وَاللّٰهِ قَدِ اشْتَكَيْتُ ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَأَلْتُهُ: مَا الَّذِي يُنْجِينَا مِنْ هَذَا الْحَدِيثِ الَّذِي يُلْقِي الشَّيْطَانُ مِنْهُ فِي أَنْفُسِنَا؟

حضرت محمد بن جبیر رضی اللہ عنہ روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت عثمان کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ حضرت عثمان مسجد میں تشریف فرما تھے' حضرت عمر نے آپ کو سلام کیا' حضرت عثمان نے جواب نہیں دیا' حضرت عمر' حضرت ابوبکر کے پاس آئے اور اس کے متعلق بتایا کہ میں حضرت عثمان کے پاس سے گزرا' میں نے آپ کو سلام کیا تو آپ نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: وہ کہاں ہیں؟ حضرت عمر نے عرض کی: وہ مسجد میں تشریف فرما ہیں۔ دونوں حضرات آپ کی طرف چلے' حضرت ابوبکر نے حضرت عثمان کو فرمایا: جب آپ کے بھائی نے آپ کو سلام کیا تھا تو آپ کو کون سی شی جواب دینے سے رکاوٹ تھی؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! مجھے معلوم نہیں کہ آپ میرے پاس سے گزرے ہوں اور آپ نے مجھے سلام کیا ہو' میں اپنے دل میں کوئی بات پاتا ہوں' مجھے معلوم نہیں ہے کہ آپ میرے پاس سے گزرے ہوں اور مجھے سلام کیا ہو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ اپنے دل میں کیا بات پاتے ہیں؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: شیطان نے میرے دل میں کچھ ایسی باتیں ڈال دی ہیں کہ میں اُن کو زبان پر لانا پسند نہیں کرتا ہوں' میں اس زمین پر کسی کو نہیں پاتا ہوں جو

128- أخرجه أحمد جلد1صفحه7-8 . وانظر الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه33 .

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُنْجِيكُمْ مِنْ ذَلِكَ أَنْ تَقُولُوا مِثْلَ الَّذِى أَمَرْتُ بِهِ عَمِّى عِنْدَ الْمَوْتِ فَلَمْ يَفْعَلْ

میں اپنے دل میں پاتا ہوں' جس وقت شیطان نے میرے دل میں بات ڈالی ہے' کاش! میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا ہوتا تو میں اس کام سے نجات پا سکتا ہوں' جو بات شیطان نے میرے دل میں ڈالی ہوئی ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے یہ شکایت رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں کی تھی' اللہ کی قسم! اور میں نے اس بات کے متعلق پوچھا تھا کہ اس سے نجات کیسے حاصل کی جا سکتی ہے' جو بات شیطان ہمارے دلوں میں ڈال دیتا ہے؟ آپ نے فرمایا: تم اس کلمہ سے نجات پا سکتے ہو جس کا میں نے اپنے چچا کو موت کے وقت کہا تھا' لیکن اُنہوں نے نہیں پڑھا۔

129 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الْحَجَّاجِ، قَالَ: قَامَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، بَعْدَ وَفَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَا قَامَ فِيكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْأَوَّلِ، قَالَ: سَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فَإِنَّهُ لَمْ يُعْطَ عَبْدٌ شَيْئًا أَفْضَلَ مِنَ الْمُعَافَاةِ إِلَّا الْيَقِينَ . وَأَنَا أَسْأَلُ اللّٰهَ الْيَقِينَ وَالْعَافِيَةَ

حضرت ثابت بن حجاج سے روایت کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کی وفات کے بعد کھڑے ہوئے' فرمایا: میں تم سے زیادہ جانتا ہوں کہ حضور ﷺ پچھلے سال اس جگہ کھڑے ہوئے تھے' آپ نے فرمایا: اللہ سے عافیت طلب کرو کیونکہ اللہ کے بندہ کو ایمان کے بعد عافیت سے بڑی کوئی شے نہیں دی گئی' میں اللہ سے ایمان اور عافیت مانگتا ہوں۔

130 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، وَإِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَبَكَى: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّيْفِ عَامَ الْأَوَّلِ،

حضرت یحییٰ بن جعدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے منبر پر فرمایا اور رو پڑے کہ میں نے حضور ﷺ سے پچھلے سال گرمی میں سنا ہے کہ قیامت قریب ہے! اللہ عزوجل سے ایمان اور عافیت مانگو۔

وَالْعَهْدُ قَرِيبٌ، يَقُولُ: سَلُوا اللّٰهَ الْيَقِينَ وَالْعَافِيَةَ

131 - حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفُورِ، عَنْ أَبِي نُصَيْرَةَ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " عَلَيْكُمْ بِلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَالِاسْتِغْفَارِ فَأَكْثِرُوا مِنْهُمَا، فَإِنَّ إِبْلِيسَ قَالَ: أَهْلَكْتُ النَّاسَ بِالذُّنُوبِ، فَأَهْلَكُونِي بِلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَالِاسْتِغْفَارِ، فَلَمَّا رَأَيْتُ ذٰلِكَ أَهْلَكْتُهُمْ بِالْأَهْوَاءِ وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ مُهْتَدُونَ"

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پر ''لا الہ الا اللہ استغفر اللہ'' ضروری ہے۔ ان دونوں کا کثرت سے ذکر کرو بے شک شیطان کہتا ہے میں نے لوگوں کو گناہوں کے ساتھ ہلاک کیا۔ انہوں نے مجھے لا الہ الا اللہ کے ساتھ ہلاک کیا ہے۔ جب میں نے یہ دیکھا تو میں نے تم کو خواہشات کے ساتھ ہلاک کیا' وہ خواہشات پر عمل کر کے خیال کرتے ہیں کہ وہ ہدایت پر ہیں۔

132 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِي نُصَيْرَةَ، قَالَ: لَقِيتُ مَوْلًى لِأَبِي بَكْرٍ، فَقُلْتُ لَهُ: سَمِعْتَ أَبَا بَكْرٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ، وَإِنْ عَادَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِينَ مَرَّةً؟ ،

حضرت ابونصیرہ سے روایت ہے کہ میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے غلام سے ملا' میں نے کہا: آپ نے ابوبکر کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بخشش مانگی' اس نے گناہ پر اصرار نہیں کیا' اگرچہ دن میں ستر مرتبہ ہی کیوں نہ ہو۔

133 - حَدَّثَنَاهُ إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، وَغَيْرُهُ، حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى عَبْدُ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِي نُصَيْرَةَ، عَنْ مَوْلًى، لِأَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

134 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنَا عَفِيفُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے بخشش

131- أخرجه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه207 وقال: رواه أبو يعلى وفيه عثمان بن مطر وهو ضعيف .

132- أخرجه أبو داؤد في الصلاة رقم الحديث: 1514' باب: في الاستغفار . والترمذي في الدعوات رقم الحديث: 3554' باب: ما أصر من استغفر .

وَاقِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو نُصَيْرَةَ، عَنْ مَوْلًى لِأَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اسْتَغْفَرَ فَلَمْ يُصِرَّ وَإِنْ عَادَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِينَ مَرَّةً

مانگی اس پر اصرار نہ کیا' اگر چہ دن میں ستر مرتبہ ہی کیوں نہ ہو۔

مُسْنَدُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

امیر المومنین سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی مسند

135 - وَبِالْإِسْنَادِ، حَدَّثَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، بِالْمَدِينَةِ، فَتَرَاءَيْنَا الْهِلَالَ، وَكُنْتُ رَجُلًا حَدِيدَ الْبَصَرِ، فَرَأَيْتُهُ وَلَيْسَ أَحَدٌ يَزْعُمُ أَنَّهُ رَآهُ غَيْرِي، قَالَ: فَجَعَلْتُ أَقُولُ لِعُمَرَ: أَمَا تَرَاهُ؟ فَجَعَلَ لَا يَرَاهُ۔ قَالَ: يَقُولُ عُمَرُ: سَأَرَاهُ وَأَنَا مُسْتَلْقٍ عَلَى فِرَاشِي، ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا عَنْ أَهْلِ بَدْرٍ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُرِينَا مَصَارِعَ أَهْلِ بَدْرٍ بِالْأَمْسِ۔ قَالَ: يَقُولُ: هٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: فَوَالَّذِي بَعَثَهُ بِالْحَقِّ مَا أَخْطَأُوا الْحُدُودَ الَّتِي حَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَجُعِلُوا فِي بِئْرٍ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم مدینہ شریف میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے، ہم نے چاند دیکھا۔ میں تیز بصارت والا آدمی تھا۔ میرا خیال تھا کہ میرے علاوہ کسی نے نہیں دیکھا۔ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ کیا آپ رضی اللہ عنہ نے چاند دیکھا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ فرمانے لگے نہیں دیکھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ابھی دیکھتا ہوں، میں اس وقت بستر پر چت لیٹا ہوا تھا۔ پھر حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ہمیں بدر والوں کے متعلق بیان کرنے لگے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بدر کے کافروں کے متعلق ایک دن پہلے ہی دکھا دیا تھا کہ یہ فلاں کافر کے گرنے کی جگہ ہے، آئندہ دن ان شاء اللہ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس ذات کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے جس جگہ کا تعین حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا اُس جگہ سے (وہ کافر) ذرا ادھر اُدھر نہیں ہوئے، پس ان

135- أخرجه مسلم في الجنة رقم الحديث: **2873**' باب: عرض مقعد الميت من الجنة أو النار عليه . وأحمد جلد **1** صفحه **26-27** . والنسائي في الجنائز جلد **4** صفحه **109** .

حَتَّى انْتَهَى إِلَيْهِمْ فَقَالَ: يَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ، وَيَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ، هَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ حَقًّا؟ فَإِنِّي قَدْ وَجَدْتُ مَا وَعَدَنِي اللَّهُ حَقًّا. قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، تُكَلِّمُ أَجْسَادًا لَا أَرْوَاحَ فِيهَا؟ فَقَالَ: مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُولُ مِنْهُمْ. غَيْرَ أَنَّهُمْ لَا يَسْتَطِيعُونَ أَنْ يَرُدُّوا عَلَيَّ شَيْئًا

کافروں کو ایک کنواں میں ڈالا گیا ایک دوسرے کے اوپر، پھر رسول پاک ﷺ آئے اس جگہ پہنچے اور فرمایا: اے فلاں بن فلاں اے فلاں بن فلاں کیا تم نے اس چیز کو پالیا جس چیز کا وعدہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے کیا تھا؟ بے شک میں نے پالیا ہے جو میرے اللہ نے میرے ساتھ حق وعدہ کیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! آپ ایسے جسموں کے ساتھ کلام کرتے ہیں جن میں روحیں نہیں رہیں ہیں۔ آپ ﷺ نے جواب دیا: اے عمر! تم ان سے زیادہ نہیں سن رہے جو میں ان کو کہہ رہا ہوں لیکن فرق صرف اتنا ہے کہ یہ کافر کسی چیز کا جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے۔

136 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ، يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ السُّوَائِيِّ، فَقَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، قَامَ فِينَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَامِي فِيكُمُ الْيَوْمَ، فَقَالَ: أَحْسِنُوا إِلَى أَصْحَابِي ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتَّى يَشْهَدَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّهَادَةِ لَا يُسْأَلُهَا، وَيَحْلِفُ عَلَى الْيَمِينِ لَا يُسْأَلُهَا، فَمَنْ أَرَادَ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الِاثْنَيْنِ أَبْعَدُ، فَلَا

حضرت جابر بن سمرہ السوائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت عمر فاروق بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا جابیہ کے مقام پر، فرمایا: اے لوگو! ہم میں حضور ﷺ میری جگہ پر کھڑے تھے جس جگہ آج میں تم میں کھڑا ہوں' آپ نے فرمایا تھا: میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ بھلائی سے پیش آنا' پھر تابعین سے اس کے بعد جھوٹ پھیل جائے گا یہاں تک کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کی گواہی دے گا حالانکہ اس سے پوچھا نہیں گیا تھا۔ ایسی چیز پر قسم اٹھائے گا جس کے متعلق سوال نہیں کیا گیا ہو گا۔ جو شخص جنت کا ٹھکانا چاہتا ہے وہ جماعت کے دامن

136- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 18-26 . ابن ماجه في الأحكام رقم الحديث: 2363' باب: كراهية الشهادة لمن لم يستشهد . والترمذي في الفتن رقم الحديث: 2166' باب: ما جاء في لزوم الجماعة . والحميدي رقم الحديث: 32 . وصححه الحاكم جلد 1 صفحه 112 .

يَخْلُوَنَّ أَحَدُكُمْ بِامْرَأَةٍ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ ثَالِثُهُمَا، مَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ۔

کو پکڑے، بیشک شیطان ایک ساتھ ہوتا ہے اور دو سے دور ہوتا ہے کوئی آدمی اجنبی عورت کے ساتھ خلوت نہیں کرتا مگر تیسرا اس کے ساتھ شیطان ہوتا ہے، جس آدمی کو اس کی نیکی خوش کرے اور برائی پریشان کرے وہ مومن ہے۔

137 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْزَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَامِي فِيكُمُ الْيَوْمَ فَقَالَ: أَلَا أَحْسِنُوا إِلَى أَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ شَيْبَانَ

حضرت جابر بن سمرہ السوائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت عمر فاروق بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا جابیہ کے مقام پر، فرمایا: اے لوگو! گزشتہ سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی جگہ پر کھڑے تھے، جہاں آج میں کھڑا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ فرمایا تھا کہ میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ بھلائی سے پیش آنا پھر تابعین سے' اس کے بعد شیبان والی حدیث ذکر کی۔

138 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَطَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، النَّاسَ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي مِثْلِ مَقَامِي هَذَا، فَقَالَ: أَحْسِنُوا إِلَى أَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ، حَتَّى يَحْلِفَ الرَّجُلُ عَلَى الْيَمِينِ قَبْلَ أَنْ يُسْتَحْلَفَ، وَيَشْهَدَ عَلَى الشَّهَادَةِ قَبْلَ أَنْ يُسْتَشْهَدَ عَلَيْهَا، فَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنَالَ مِنْكُمْ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الِاثْنَيْنِ أَبْعَدُ۔ أَلَا لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ، فَإِنَّ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ، أَلَا

حضرت جابر بن سمرہ السوائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت عمر فاروق بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا جابیہ کے مقام پر، فرمایا: اے لوگو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی جگہ پر کھڑے تھے، جہاں آج میں کھڑا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ فرمایا تھا کہ میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ بھلائی سے پیش آنا پھر تابعین سے اس کے بعد جھوٹ پھیل جائے گا یہاں تک کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کی گواہی دے گا حالانکہ اس سے پوچھا نہیں گیا تھا۔ ایسی چیز پر قسم اٹھائے گا جس کے متعلق سوال نہیں کیا گیا ہوگا۔ جو شخص جنت کا ٹھکانا چاہتا ہے وہ جماعت کے دامن کو پکڑے، بیشک شیطان ایک ساتھ ہوتا ہے اور دو سے دور ہوتا ہے کوئی آدمی عورت کے ساتھ خلوت نہیں کرتا مگر تیسرا اس

137- أخرجه الذهبي في سير أعلام النبلاء جلد7 صفحه10 . من طريق المصنف بهذ الاسناد .

وَمَنْ كَانَ مِنكُمْ تَسُوؤُهُ سَيِّئَتُهُ وَتَسُرُّهُ حَسَنَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

کے ساتھ شیطان ہوتا ہے، جس آدمی کو اس کی نیکی خوش کرے اور برائی پریشان کرے وہ مومن ہے۔

139 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو هِلَالٍ، حَدَّثَنَا غَيْلَانُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَعْبَدٍ الزِّمَّانِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ أَتَى عَلَى رَجُلٍ فَقِيلَ: مَا أَفْطَرَ مُذْ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: لَا صَامَ وَلَا أَفْطَرَ، أَوْ مَا صَامَ وَمَا أَفْطَرَ، شَكَّ غَيْلَانُ، فَلَمَّا رَأَى عُمَرُ غَضَبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ صَوْمُ يَوْمَيْنِ وَإِفْطَارُ يَوْمٍ؟ قَالَ: وَيُطِيقُ ذَاكَ أَحَدٌ؟ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، صَوْمُ يَوْمٍ وَإِفْطَارُ يَوْمٍ؟ قَالَ: ذَاكَ صَوْمُ أَخِي دَاوُدَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، صَوْمُ يَوْمٍ وَإِفْطَارُ يَوْمَيْنِ؟ قَالَ: وَمَنْ يُطِيقُ ذَاكَ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، صَوْمُ يَوْمِ الِاثْنَيْنِ؟ قَالَ: ذَاكَ يَوْمٌ وُلِدْتُ فِيهِ، وَيَوْمٌ أُنْزِلَ عَلَيَّ النُّبُوَّةُ. قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، صَوْمُ يَوْمِ عَرَفَةَ وَيَوْمِ عَاشُورَاءَ؟ قَالَ: " أَحَدُهُمَا يُكَفِّرُ، وَقَالَ: الْآخَرُ مَا قَبْلَهَا أَوْ مَا بَعْدَهَا، " شَكَّ أَبُو هِلَالٍ

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، اچانک ایک آدمی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' عرض کی گئی: کون کون سے دن افطار کروں؟ آپ نے فرمایا: نہ وہ روزے رکھے اور نہ افطار کرے! یا فرمایا: نہ وہ روزے رکھے نہ وہ افطار کرے! غیلان کو شک ہے۔ جب عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو غصہ کی حالت میں دیکھا تو عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! دو دن روزے اور ایک دن افطاری' اس کا حکم کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کون اس کی طاقت رکھتا ہے؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک دن روزہ اور ایک دن افطاری اس کا حکم کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میرے بھائی داؤد علیہ السلام کے روزے ہیں۔ پھر عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک دن روزہ اور دو دن افطاری اس کا کیا حکم ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی طاقت کون رکھتا ہے؟ پھر عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! پیر شریف کے دن روزہ رکھنے کا کیا حکم ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس دن میں پیدا ہوا ہوں اور اسی دن مجھے نبوت عطا کی گئی ہے۔ عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! عرفہ اور عاشورا کے روزہ کے بارے میں کیا حکم ہے؟ فرمایا:

139- أخرجه أحمد جلد5صفحه297 ـ ومسلم في الصيام رقم الحديث: 1162' باب: استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر' وصوم يوم عرفة وعاشوراء ـ النسائي في الصوم جلد 4صفحه209,207' باب: ذكر الاختلاف على غيلان بن جرير' وباب: صوم ثلثي الدهر ـ ابن ماجه في الصيام رقم الحديث: 1713' باب: ما جاء في صيام داؤد عليه السلام ـ

ان میں سے ایک گناہ مٹا دیتا ہے اور دوسرا پہلے یا بعد کے گناہ مٹا دیتا ہے۔ ابو ہلال کو شک ہے۔

140 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ الْمَدِينَةَ وَقَدْ وَقَعَ بِهَا مَرَضٌ، فَهُمْ يَمُوتُونَ مَوْتًا ذَرِيعًا، فَجَلَسْتُ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَمَرَّتْ بِهِ جِنَازَةٌ فَأُثْنِيَ عَلَى صَاحِبِهَا خَيْرٌ، فَقَالَ عُمَرُ: وَجَبَتْ. ثُمَّ مَرَّتْ أُخْرَى فَأُثْنِيَ عَلَى صَاحِبِهَا شَرٌّ. فَقَالَ عُمَرُ: وَجَبَتْ. فَقَالَ أَبُو الْأَسْوَدِ: قُلْتُ: مَا وَجَبَتْ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ قَالَ: قُلْتُ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّمَا مُسْلِمٍ شَهِدَ لَهُ أَرْبَعَةٌ بِخَيْرٍ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ . قَالَ: قُلْنَا: وَثَلَاثَةٌ؟ قَالَ: وَثَلَاثَةٌ . قُلْنَا: وَاثْنَانِ؟ قَالَ: وَاثْنَانِ . ثُمَّ لَمْ نَسْأَلْهُ عَنِ الْوَاحِدِ

حضرت ابو الاسود الدیلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ آیا وہاں مدینہ شریف میں ایک مرض پھیل گئی تھی، جس کی وجہ سے بہت زیادہ لوگ مر رہے تھے۔ میں امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک جنازہ گزرا، لوگوں نے اس (جنازہ) کی تعریف کی بہتر ہونے کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: واجب ہوگئی، پھر دوسرا جنازہ گزرا، اس کی برائی بیان کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: واجب ہوگئی۔ حضرت ابوالاسود نے عرض کی: حضور! کیا واجب ہوگئی؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے ایسے ہی کہا جیسے میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مسلمان کی چار مسلمان آدمی بھلائی کی گواہی دیں اللہ عزوجل اس کو جنت میں داخل کر دے گا۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر تین گواہی دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں اگر تین بھی گواہی دیں پھر عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر دو گواہی دیں فرمایا: ٹھیک ہے اگرچہ دو دیں۔ پھر ہم نے ایک

140- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 46,45,30,32,12‘ و جلد 2 صفحه 528,470,466,261 . والبخارى فى الجنائز رقم الحديث: 1367‘ و رقم الحديث: 1368 باب: ثناء الناس على الميت‘ وفى الشهادات رقم الحديث: 2642‘ و رقم الحديث: 2643 باب: تعديل كم يجوز؟ . والترمذى فى الجنائز رقم الحديث: 1059‘ باب: ما جاء فى الثناء الحسن على الميت . والنسائى الجنائز جلد 4 صفحه 51,50‘ باب: الثناء . وأبو داؤد فى الجنائز رقم الحديث: 2233‘ باب: فى الثناء على الميت . وابن ماجه رقم الحديث: 1491‘ و رقم الحديث: 1492‘ باب: ما جاء فى الثناء على الميت . مسلم فى الجنائز رقم الحديث: 949‘ باب: فيمن يثنى عليه خير أو شر من الموتٰى .

کے متعلق نہیں پوچھا۔

141 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: " يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَلَا لَا تُخْدَعُوا عَنِ الرَّجْمِ، أَلَا لَا تُخْدَعُوا عَنِ الرَّجْمِ، فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ، وَأَبُو بَكْرٍ رَجَمَ، وَرَجَمْتُ، وَإِنَّهُ يَكُونُ قَوْمٌ يُكَذِّبُونَ بِالرَّجْمِ، وَبِالشَّفَاعَةِ، وَبِالدَّجَّالِ، وَبِقَوْمٍ يَخْرُجُونَ مِنَ النَّارِ بَعْدَمَا مَحَشَتْهُمْ أَوِ امْتُحِشُوا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! خبردار! رجم کے متعلق تم دھوکہ میں نہ رہنا، خبردار رجم کے متعلق تم دھوکہ میں نہ رہنا۔ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم رجم کرتے تھے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ رجم کرتے تھے اور میں بھی رجم کرتا ہوں۔ ایک ایسی قوم آئے گی جو رجم اور شفاعت اور دجال کے بارے انکار کرے گی اور ایسی قوم کے متعلق جن کو جہنم سے نکالا جائے گا' اس کے بعد وہ جہنم میں کوئلہ کی طرح ہو جائیں گے۔

142 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، وَزَحْمَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا مَنْصُورٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَخْبَرَنِي غَيْرُ وَاحِدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ مجھے یہ حدیث کئی صحابہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے بتائی ہے، اُن میں سے ایک عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ ہیں جو مجھے ان تمام سے محبوب ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

141- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 91,40,49,23 . وبعد الرزاق رقم الحديث: 13364 . والبخارى فى الحدود رقم الحديث: 6829' باب: الاعتراف بالزنا' ورقم الحديث: 6830 باب: رجم الحبلى من الزنا اذا أحصنت . ومالك صفحه 514 فى الحدود (8) باب: ما جاء فى الرجم . ومسلم فى الحدود رقم الحديث: 1691' باب: رجم الثيب فى الزنا . وأبو داؤد فى الحدود رقم الحديث: 4418' باب: فى الرجم . والترمذى فى الحدود رقم الحديث: 1432' باب: ما جاء فى تحقيق الرجم . وابن ماجه فى الحدود رقم الحديث: 2553' باب: الرجم . والدارمى جلد 2 صفحه 169' باب: فى حد المحصنين بالزنا .

142- أخرجه مسلم فى صلاة المسافرين رقم الحديث: 826' باب: الأوقات التى نهى عن الصلاة فيها . والترمذى فى الصلاة رقم الحديث: 183' باب: ما جاء فى كراهية الصلاة بعد العصر' وبعد الفجر . والنسائى فى المواقيت رقم الحديث: 563' باب: النهى عن الصلاة فى المواقيت رقم الحديث: 563' باب: النهى عن الصلاة بعد الصبح . وأحمد جلد 1 صفحه 50,39,21,18 . وأبو داؤد فى الصلاة رقم الحديث: 1276' باب: من رفض فيهما اذا كانت الشمس مرتفعة . وابن ماجة فى الاقامة رقم الحديث: 1250' باب: النهى عن الصلاة بعد الفخر وبعد العصر . والبخارى فى المواقيت رقم الحديث: 581' باب: الصلاة بعد الفجر حتى ترتفع الشمس .

وَسَلَّمَ، مِنهُم عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَكَانَ عُمَرُ مِنْ أَحَبِّهِمْ إِلَيَّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْفَجْرِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ

حضور ﷺ نے فجر کے بعد نماز پڑھنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے اور عصر کے بعد نماز پڑھنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے۔

143 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُصْعَبٍ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ يُسَايِرُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ فَلَمْ يُجِبْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ فَلَمْ يُجِبْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ فَلَمْ يُجِبْهُ، فَقَالَ عُمَرُ: فَقُلْتُ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ عُمَرُ سَأَلْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا، كُلُّ ذَلِكَ لَا يُجِيبُكَ، فَحَرَّكْتُ بَعِيرِي وَتَقَدَّمْتُ بَيْنَ يَدَيِ النَّاسِ، فَلَمْ أَنْشَبْ أَنْ سَمِعْتُ صَارِخًا يُنَادِي، فَأَتَيْتُ، قُلْتُ: لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ يَكُونَ قَدْ نَزَلَ فِيَّ قُرْآنٌ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَزَلَتْ عَلَيَّ اللَّيْلَةَ سُورَةٌ هِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ، ثُمَّ قَرَأَ: إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بعض سفروں میں مَیں حضور ﷺ کے ساتھ ہوتا تھا۔ ایک چیز کے متعلق آپ ﷺ سے سوال کیا۔ آپ ﷺ نے اس کا جواب نہیں فرمایا، پھر آپ ﷺ سے سوال کیا آپ ﷺ نے جواب نہیں دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے کہا تیری ماں تجھ پر روئے، اے عمر! تو نے رسول اللہ ﷺ سے تین مرتبہ سوال کیا ہے، آپ ﷺ نے جواب نہیں دیا۔ میں نے اپنی اونٹنی کو حرکت دی اور لوگوں سے آگے نکل گیا۔ مجھے نہیں معلوم کہ پیچھے سے مجھے کوئی چیخ کر پکار رہا ہے۔ میں آیا، میں نے عرض کی، میں اس لیے چلا گیا تھا کہ کہیں میرے متعلق قرآن نہ اتر جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: آج رات مجھ پر ایسی سورۃ اتری جو مجھے ان تمام دنوں سے پسند ہے جس دن سورج طلوع ہوا ہو پھر آپ ﷺ نے اس کو پڑھا: ''بے شک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح عطا فرمائی تا کہ اللہ تمہارے سبب سے آپ کی امت کے گناہ بخش دے اگلوں اور تمہارے پچھلوں کے''۔

143- أخرجه البخاري في المغازي رقم الحديث: **4177**' باب: غزة الحديبية' في التفسير رقم الحديث: **4833**' باب: (انا فتحنا لك فتحًا مبينًا)' وفي فضائل القرآن رقم الحديث: **5012** باب: فضل سورة الفتح ـ والترمذي في التفسير رقم الحديث: **3258**'باب: ومن سورة الفتح ـ

144 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، وَإِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ، وَالْقَوَارِيرِيُّ، قَالُوا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالْوَرِقِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَفِي حَدِيثِ إِسْحَاقَ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ. وَفِيهِ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسٍ، سَمِعْتُ عُمَرَ، يُخْبِرُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت مالک بن اوس بن حدثان سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سونا چاندی کے بدلہ فروخت کرنا سود ہے مگر برابر برابر اور اسحاق کی حدیث میں ہے: کھجور کھجور کے بدلے فروخت کرنا سود ہے مگر برابر برابر جائز ہے' اس میں ہے کہ زہری' مالک اوس سے' وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سنا' وہ بتاتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

145 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، سَمِعَ أَبَا عُبَيْدٍ، مَوْلَى الزُّهْرِيِّينَ، قَالَ: شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ عُمَرَ بْنِ

حضرت ابو عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں عید کے خطبہ میں حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ حاضر تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے خطبہ سے پہلے نماز پڑھی اور فرمایا کہ رسول

144- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 12' وأحمد جلد 1 صفحه 45,35,24 . والبخارى فى البيوع رقم الحديث: 2134' باب: ما يذكر فى بيع الطعام والحكرة' و رقم الحديث: 2170 باب: بيع التمر بالتمر' و رقم الحديث: 2174 باب: بيع الشعير بالشعير . ومسلم فى المساقاة رقم الحديث: 1586 باب: الصرف وبيع الذهب . ومالك فى الموطأ صفحه 194 فى البيوع (38) باب: ما جاء فى الصرف . وعبد الرزاق رقم الحديث: 14541 . والترمذى فى البيوع رقم الحديث: 1243' باب: ما جاء فى الصرف والنسائى فى البيوع جلد 7 صفحه 273' باب: بيع التمر بالتمر متفاضلًا . وابن ماجه فى التجارات رقم الحديث: 2259' باب: صرف الذهب بالورق .

145- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 8 . وأحمد جلد 1 صفحه 40,24 . وأبو داؤد فى الصوم رقم الحديث: 2416' باب: فى صوم العيدين . وابن ماجه فى الصيام رقم الحديث: 1722' باب: النهى عن صيام يوم الفطر والأضحى . ومالك فى الموطأ صفحه 127' فى العيدين (5) باب: الأمر بالصلاة قبل الخطبة فى العيدين . والترمذى فى الصوم رقم الحديث: 771' باب: ما جاء فى كراهية الصوم يوم الفطر والنحر . ومسلم فى الصيام رقم الحديث: 1137' باب: النهى عن صوم يوم الفطر ويوم الأضحى . والبخارى فى الصوم رقم الحديث: 1990' باب: صوم يوم الفطر' وفى الأضاحى رقم الحديث: 5571 باب: ما يؤكل من لحوم الأضاحى .

الْخَطَّابِ، فَبَدَأَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ، وَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صِيَامِ هَذَيْنِ الْيَوْمَيْنِ، أَمَّا يَوْمُ الْفِطْرِ فَفِطْرُكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ، وَأَمَّا يَوْمُ الْأَضْحَى، فَكُلُوا مِنْ لَحْمِ نُسُكِكُمْ. لَمْ يَذْكُرْ فِيهِ أَكْثَرَ مِنْ هَذَا

پاک ﷺ نے ان دنوں میں روزہ رکھنے سے منع فرمایا، بہرحال عید الفطر کے دن اس لیے کہ یہ روزوں کے اختتام کا دن ہے اور عید الاضحیٰ کے دن اس لیے کہ تم قربانی کا گوشت کھاؤ۔ اس سے زیادہ کا ذکر نہیں ہے۔

146 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا زَالَتِ الشَّمْسُ صَعِدَ عُمَرُ الْمِنبَرَ وَأَذَّنَ الْمُؤَذِّنُونَ، فَخَطَبَ، فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَقَالَ فِي خُطْبَتِهِ: الرَّجْمُ حَقٌّ لِلْمُحْصَنِ إِذَا كَانَتْ بَيِّنَةٌ، أَوْ حَمْلٌ، أَوِ اعْتِرَافٌ، وَقَدْ رَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا مَعَهُ وَبَعْدَهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب سورج ڈھل گیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر تشریف لائے پھر مؤذن نے اذان دی، آپ رضی اللہ عنہ نے خطبہ شروع کیا، اللہ کی حمد اور ثناء کی اور خطبہ میں ارشاد فرمایا: رجم حق ہے شادی شدہ کے لیے جب گواہ یا حمل یا اعتراف ہو جائے۔ بے شک رسول پاک ﷺ نے رجم کیا، ہم نے آپ ﷺ کے ساتھ اور آپ ﷺ کے بعد بھی رجم کیا۔

147 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ، قَالَ: شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ عُمَرَ، فَبَدَأَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صِيَامِ

حضرت ابی عبیدہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ عید کے دن حاضر تھا۔ آپ نے نماز پڑھائی خطبہ سے پہلے پھر فرمایا کہ حضور ﷺ نے ان دنوں میں روزہ رکھنے سے منع کیا، عیدالاضحیٰ کے دن اس

146- أخرجه البخاری فی الحدود رقم الحديث: 6829، باب: الاعتراف بالزنیٰ، و رقم الحديث: 6830 باب: رجم الحبلیٰ من الزنیٰ اذا أحصنت . ومسلم فی الحدود رقم الحديث: 1691، باب: رجم الثيب فی الزنیٰ . وابن ماجه فی الحدود رقم الحديث: 2553 باب: الرجم . ومالك فی الموطأ صفحه 514 فی الحدود (8)، باب: ما جاء فی الرجم . وأحمد جلد 1 صفحه 40 . والدارمی فی الحدود جلد 2 صفحه 179، باب: فی حد المحصنين بالزناء . وعبد الرزاق رقم الحديث: 13329 . والترمذی فی الحدود رقم الحديث: 1432، باب: ما جاء فی تحقيق الرجم . والحميدی رقم الحديث: 25 . وأبو داؤد فی الحدود رقم الحديث: 4418، باب: فی الرجم .

147- أخرجه البخاری فی الأضاحی رقم الحديث: 5571 و رقم الحديث: 5572 و رقم الحديث: 5573، باب: ما يؤكل من لحوم الأضاحی وما يتزود منها .

هَـذَيْـنِ الْيَـوْمَيْـنِ: أَمَّـا يَوْمُ الْأَضْحَى، فَتَأْكُلُونَ مِنْ نُسُـكِكُمْ، وَأَمَّا يَوْمُ الْفِطْرِ فَفِطْرُكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ. قَـالَ: وَشَهِـدْتُـهُ مَـعَ عُـثْـمَـانَ، فَبَـدَأَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْـخُـطْبَةِ، فَـوَافَقَ ذَاكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا يَـوْمٌ يَـجْتَـمِـعُ فِيـهِ عِيدَانِ، مَنْ كَانَ هَاهُنَا مِنْ أَهْلِ الْـعَـوَالِـي فَقَدْ أَذِنَّا لَهُ، فَإِنْ شَاءَ أَنْ يَرْجِعَ فَلْيَرْجِعْ، وَمَـنْ أَحَـبَّ أَنْ يَـمْـكُـثَ فَلْيَمْكُثْ ثُمَّ شَهِدْتُهَا مَعَ عَـلِـيٍّ، فَبَـدَأَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ، وَقَالَ: لَا يَأْكُلْ أَحَدُكُمْ مِنْ نُسُكِهِ فَوْقَ ثَلَاثٍ

لیے کہ تم اپنی قربانی کا گوشت کھاؤ اور عید الفطر کے دن کہ تم اپنے روزوں کے اختتام پر ہو۔ حضرت ابوعبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ عید کی نماز میں شریک تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے بھی خطبہ سے پہلے نماز پڑھائی (اتفاقاً) اس دن عید کی نماز جمعہ کے دن ہوئی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: آج اس دن دو عیدیں جمع ہو گئی ہیں جو لوگ دیہات سے آئے ہیں۔ ان کو اجازت ہے اگر جانا چاہیں تو وہ جا سکتے ہیں اگر وہ ٹھہرنا چاہیں تو وہ ٹھہر سکتے ہیں۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ عید کی نماز میں شریک تھا، آپ رضی اللہ عنہ نے بھی خطبہ سے پہلے عید کی نماز پڑھائی اور آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کوئی بھی قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ نہ کھائے۔

148 - حَـدَّثَـنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، وَعُبَيْـدُ الـلّٰـهِ بْـنُ عُـمَـرَ الْـقَوَارِيرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَـانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: "لَا تُـطْـرُونِي كَمَا أَطْرَتِ النَّصَارَى عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ، وَلَكِنْ قُولُوا: عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ"

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے ایسے نہ بڑھاؤ جیسے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو (عیسائیوں نے خدا) کہہ دیا' لیکن کہو کہ اللہ کا بندہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔

149 - حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الْأَعْـلَى بْنُ حَمَّـادٍ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے

148- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **7** . والبخاري في الأنبياء رقم الحديث: **3445**' باب: قوله تعالى: (واذكر في الكتاب مريم اذا انتبذت من أهلها) . والبخاري في الحدود رقم الحديث: **6829**' باب: الاعتراف بالزمن . وأحمد جلد **1**صفحه**55,27,23** . والدارمي في الرقاق جلد **2**صفحه**320**' باب: قوم النبي صلى الله عليه وسلم لا تطروني .

149- أخرجه البخاري رقم الحديث: **865**' وفي الجمعة رقم الحديث: **900** باب: هل على من لم يشهد الجمعة

النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَمْنَعُوا إِمَاءَ اللّٰهِ مَسَاجِدَ اللّٰهِ

فرمایا: اللہ کی بندیوں کو مسجد میں آنے سے نہ روکو۔

150 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میت کو عذاب ہوتا ہے اس پر اہل خانہ کے رونے کی وجہ سے۔

151 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، حَدَّثَ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ فِي قَبْرِهِ مَا نِيحَ عَلَيْهِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میت کو اس کی قبر میں عذاب ہوتا ہے اس پر اہل خانہ کے رونے کی وجہ سے۔

152 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے

غسل من النساء والصبيان وغيرهم؟ . وذكره الحافظ في الفتح . والهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 33 . ومسلم في الصلاة رقم الحديث: 442 . والترمذي في الصلاة رقم الحديث: 570 . وابن ماجه في المقدمة رقم الحديث: 16 . أبي داؤد في الصلاة رقم الحديث: 565' باب: ما جاء في خروج النساء الى المساجد' و رقم الحديث: 566 .

150- أخرجه النسائي في الجنائز جلد 4 صفحه 15' باب: النهي عن البكاء على الميت .

151- أخرجه البخاري في الجنائز رقم الحديث: 1292' باب: ما يكره في النياحة على الميت . ومسلم في الجنائز رقم الحديث: 927 .

152- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 36,26 . والبخاري في الجنائز رقم الحديث: 1292' باب: ما يكره في النياحة على الميت . ومسلم في الجنائز (927) (17) . والنسائي في الجنائز جلد 4 صفحه 16-17: باب: النياحة على الميت . وابن ماجه في الجنائز رقم الحديث: 1593' باب: ما جاء في الميت يعذب بما نيح عليه . والبيهقي جلد 4 صفحه 71 . والترمذي في الجنائز رقم الحديث: 1002' باب: ما جاء في كراهية البكاء على الميت .

يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ فِي قَبْرِهِ مَا نِيحَ عَلَيْهِ، أَوْ مَا بُكِيَ عَلَيْهِ

ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک میت کو اس کی قبر میں عذاب ہوتا ہے اس پر اہل خانہ کے رونے کی وجہ سے۔

153 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنِي نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَيِّتُ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک میت کو عذاب ہوتا ہے اس پر اہل خانہ کے رونے کی وجہ سے۔

154 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي قَتَادَةُ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي رِجَالٌ، وَأَعْجَبُهُمْ إِلَيَّ عُمَرُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ الْغَدَاةِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ مجھے یہ حدیث کئی صحابہ نے حضور ﷺ کے حوالہ سے بتائی ہے، اُن میں سے ایک عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ ہیں جو مجھے ان تمام سے محبوب ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فجر کے بعد نماز پڑھنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے اور عصر کے بعد نماز پڑھنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے۔

155 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فَقَالَ: أَنْبِئُونِي بِأَفْضَلِ أَهْلِ الْإِيمَانِ إِيمَانًا،

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے بتاؤ! ایمان والوں میں سے کس کا ایمان افضل ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! فرشتوں کا ہوگا؟ آپ نے فرمایا:

154- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 50 . وابن ماجه في الاقامة رقم الحديث: 1250' باب: النهي عن الصلاة بعد الفجر .

155- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 65 . الى المصنف . وقال: رواه البزار .

قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، الْمَلَائِكَةُ. قَالَ: هُمْ كَذَلِكَ، وَيَحِقُّ لَهُمْ ذَلِكَ، وَمَا يَمْنَعُهُمْ وَقَدْ أَنْزَلَهُمُ اللَّهُ الْمَنْزِلَةَ الَّتِي أَنْزَلَهُمْ بِهَا؟ بَلْ غَيْرُهُمْ؟. قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، الْأَنْبِيَاءُ الَّذِينَ أَكْرَمَهُمُ اللَّهُ بِرِسَالَتِهِ وَالنُّبُوَّةِ، قَالَ: هُمْ كَذَلِكَ، وَيَحِقُّ لَهُمْ، وَمَا يَمْنَعُهُمْ، وَقَدْ أَنْزَلَهُمُ اللَّهُ الْمَنْزِلَةَ الَّتِي أَنْزَلَهُمْ بِهَا؟ بَلْ غَيْرُهُمْ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، الشُّهَدَاءُ الَّذِينَ اسْتُشْهِدُوا مَعَ الْأَعْدَاءِ. قَالَ: هُمْ كَذَلِكَ وَيَحِقُّ لَهُمْ، وَمَا يَمْنَعُهُمْ، وَقَدْ أَكْرَمَهُمُ اللَّهُ بِالشَّهَادَةِ مَعَ الْأَنْبِيَاءِ؟ بَلْ غَيْرُهُمْ. قَالُوا: فَمَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: أَقْوَامٌ فِي أَصْلَابِ الرِّجَالِ يَأْتُونَ مِنْ بَعْدِي، يُؤْمِنُونَ بِي، وَلَمْ يَرَوْنِي، وَيُصَدِّقُونَ بِي، وَلَمْ يَرَوْنِي، يَجِدُونَ الْوَرَقَ الْمُعَلَّقَ فَيَعْمَلُونَ بِمَا فِيهِ، فَهَؤُلَاءِ أَفْضَلُ أَهْلِ الْإِيمَانِ إِيمَانًا

وہ اسی طرح ہیں' ان پر یہ حق ہے اُن کو کون سی شے رکاوٹ ہے' اللہ نے ان کو ایک مقام دیا ہے' ان کا اللہ کے ہاں ایک مقام ہے' بلکہ ان کے علاوہ ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! انبیاء ہوں گے' ان کو اللہ عزوجل نے عزت دی رسالت اور نبوت دے کر۔ آپ نے فرمایا: کس طرح اُن کا ایمان افضل ہوسکتا ہے' اُن پر حق ہے' اُن کو کون سی شے رکاوٹ ہے' اللہ عزوجل نے اُن کو ایک مقام دیا ہے' ان کا اللہ کے ہاں ایک مقام ہے' بلکہ ان کے علاوہ ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! شہدا ہوں گے جو دشمنوں کے ساتھ لڑتے ہوئے شہید ہوتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: ان کا ایمان کیسے ہوسکتا ہے' اُن کو کون سی شے رکاوٹ ہے یہ درجہ دینے سے' اللہ عزوجل نے ان کو شہادت کے بدلے انبیاء کے ساتھ درجہ نہیں دیا؟ بلکہ ان کے علاوہ ہیں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! وہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: ایسے لوگ جو ابھی اپنے باپ کی پشتوں میں ہیں جو میرے بعد آئیں گے' وہ مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا نہیں' وہ لٹکی ہوئی چاندی پائیں گے تو وہ عمل کریں گے جو اس میں ہے' وہ ایمان والوں میں افضل ہوں گے۔

156 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا ابْنُ الدَّرَاوَرْدِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں بتاؤں کہ تمہارے اماموں

156- أخرجه الترمذى فى الفتن رقم الحديث: 2265'باب: خيار الأمراء من تحبونهم ويحبونكم. وأحمد جلد 6 صفحه 28,24. ومسلم فى الامارة رقم الحديث: 1855' باب: خيار الائمة وشرارهم. والدارمى فى الرقاق جلد 2 صفحه 324'باب: فى الطاعة ولزوم الجماعة.

زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخِيَارِ أَئِمَّتِكُمْ مِنْ شِرَارِهِمْ؟ الَّذِينَ تُحِبُّونَهُمْ وَيُحِبُّونَكُمْ، وَيَدْعُونَ لَكُمْ وَتَدْعُونَ لَهُمْ، وَشِرَارُ أَئِمَّتِكُمُ الَّذِينَ تُبْغِضُونَهُمْ وَيُبْغِضُونَكُمْ، وَتَلْعَنُونَهُمْ وَيَلْعَنُونَكُمْ

(حکمرانوں) میں سے اچھے کون ہیں اور بُرے کون ہیں؟ وہ تمہارے لیے اور تم ان کیلئے دعا کرتے ہو' اور تمہارے بُرے حکمران وہ ہیں جنہیں تم ناپسند کرتے ہو اور وہ تمہیں ناپسند کرتے ہیں' تم ان پر لعنت کرتے ہو اور وہ تم پر لعنت کرتے ہیں۔

157 - حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: فَرَضَ عُمَرُ، لِأُسَامَةَ أَكْثَرَ مِمَّا فَرَضَ لِي، فَقُلْتُ: إِنَّمَا هِجْرَتِي وَهِجْرَةُ أُسَامَةَ وَاحِدَةٌ، فَقَالَ: إِنَّ أَبَاهُ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَبِيكَ، وَإِنَّهُ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكَ، وَإِنَّمَا هَاجَرَ بِكَ أَبَوَاكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کا وظیفہ مجھ سے زیادہ مقرر کیا۔ میں نے عرض کی: میں نے ۲ ہجرتیں کی ہیں اور اسامہ رضی اللہ عنہ نے ایک ہجرت کی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُن کو جواب میں فرمایا: اس کا باپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ محبوب تھے تیرے باپ سے، خود اسامہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ محبوب تھے، تجھ سے۔ رہی بات ہجرت کی' تیرے والدین نے تو تیرے ساتھ ہجرت کی ہے۔

158 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آلَى مِنْ نِسَائِهِ شَهْرًا، فَلَمَّا مَضَتْ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ نَزَلَ إِلَيْهِنَّ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواجِ مطہرات کے ساتھ ایک ماہ تک ایلاء فرمایا۔ جب ۲۹ دن گزرے تو آپ اُن کے پاس گئے۔

159 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب

157- أخرجه الترمذي في المناقب رقم الحديث: 3815' باب: مناقب زيد بن حرثة . والبزار كما في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 3-6 .

158- أخرجه مسلم في الطلاق (1479) (32) باب: في الايلاء واعتزال النساء وتخييرهن .

159- أخرجه مسلم في الطلاق رقم الحديث: 1479' باب: في الايلاء واعتزال النساء وتخييرهن' و (1479) (31) و (1479) (33) و (1479) (34) . كما أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 33' والترمذي في التفسير

عُمَرَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ سِمَاكٍ أَبِي زُمَيْلٍ الْحَنَفِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَ: لَمَّا اعْتَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا النَّاسُ يَنْكُتُونَ بِالْحَصَى، وَيَقُولُونَ: طَلَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ، وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ يُؤْمَرَ بِالْحِجَابِ، قَالَ عُمَرُ: فَقُلْتُ: لَأَعْلَمَنَّ ذَلِكَ الْيَوْمَ. قَالَ: فَدَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَقُلْتُ: يَا بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ، أَقَدْ بَلَغَ مِنْ شَأْنِكِ أَنْ تُؤْذِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ: مَا لِي وَلَكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ؟ عَلَيْكَ بِعَيْبَتِكَ، قَالَ: فَدَخَلْتُ عَلَى حَفْصَةَ ابْنَةِ عُمَرَ، فَقُلْتُ: يَا حَفْصَةُ، أَقَدْ بَلَغَ مِنْ شَأْنِكِ أَنْ تُؤْذِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحِبُّكِ، وَلَوْلَا أَنَا لَطَلَّقَكِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَبَكَتْ أَشَدَّ الْبُكَاءِ، فَقُلْتُ لَهَا: أَيْنَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَتْ: هُوَ فِي خِزَانَتِهِ فِي الْمَشْرُبَةِ. فَدَخَلْتُ إِذَا أَنَا بِرَبَاحٍ غُلَامِ

حضور ﷺ اپنی ازواج سے علیحدہ ہوئے تو میں مسجد میں داخل ہوا تو لوگ کنکریوں کو پلٹ رہے تھے اور کہہ رہے تھے: رسول اللہ ﷺ نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہیں! یہ بات پردے کا حکم نازل ہونے سے پہلے کی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں آج ضرور بتاؤں گا! میں حضرت عائشہ کے پاس آیا' میں نے کہا: اے بنت ابوبکر! کیا آپ کی طرف سے رسول اللہ ﷺ کو تکلیف پہنچی ہے؟ حضرت عائشہ نے فرمایا: اے ابن خطاب! مجھے اور آپ کو کیا؟ آپ اپنے عیب دیکھیں! میں حضرت حفصہ بنت عمر کے پاس آیا' میں نے کہا: اے حفصہ! کیا آپ کی طرف سے رسول اللہ ﷺ کو تکلیف ہوئی ہے؟ اللہ کی قسم! میں جانتا ہوں کہ حضور ﷺ آپ سے محبت نہیں کرتے ہیں' اگر میں نہ ہوتا تو حضور ﷺ ضرور تجھے طلاق دے دیتے۔ حضرت حفصہ بہت زیادہ رونے لگیں، میں نے اس کو کہا: رسول اللہ ﷺ کہاں ہیں؟ حضرت حفصہ نے کہا: کنویں میں اپنے خزانہ میں ہیں! میں وہاں داخل ہوا تو میں نے حضرت رباح حضور ﷺ کے غلام کو کنویں کے کنارہ پر بیٹھا ہوا دیکھا جو اپنی ٹانگیں

رقم الحديث: 3315' باب: ومن سورة التحريم . والنسائى فى الصيام جلد 4صفحه137' باب: كم الشهر؟ . وأخرجه البخارى فى العلم (89)' باب: التفاوت فى العلم' وفى المظالم رقم الحديث: 2468 باب: الغرفة والعلية المشرفة' وفى النكاح رقم الحديث: 5191 باب: موعظة الرجل ابنته لحال زوجها' و رقم الحديث: 5218 باب: حب الرجل بعض نسائه أفضل من بعض' وفى التفسير رقم الحديث: 4913 باب: (تبتغي مرضاة أزواجك' قد فرض الله تحلة ايمانكم)' وفى اللباس رقم الحديث: 5843 باب: ما كان النبى صلى الله عليه وسلم يتجوز من اللباس والبسط' فى أخبار الآحاد رقم الحديث: 7256 باب: ما جاء فى اجازة خبر الواحد' و رقم الحديث: 7263 باب: قوله تعالى: (لا تدخلوا بيوت النبى الا أن يؤذن لكم) .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدًا عَلَى أُسْكُفَّةِ الْمَشْرُبَةِ، مُدَلٍّ رِجْلَيْهِ عَلَى نَقِيرٍ مِنْ خَشَبٍ، وَهُوَ جِذْعٌ يَرْقَى عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَنْحَدِرُ، فَنَادَيْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَبَاحُ، اسْتَأْذِنْ لِي عِنْدَكَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَظَرَ رَبَاحٌ إِلَى الْغُرْفَةِ ثُمَّ نَظَرَ إِلَيَّ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، فَقُلْتُ: يَا رَبَاحُ، اسْتَأْذِنْ لِي عِنْدَكَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَظَرَ رَبَاحٌ إِلَى الْغُرْفَةِ ثُمَّ نَظَرَ إِلَيَّ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، فَقُلْتُ: يَا رَبَاحُ، اسْتَأْذِنْ لِي عِنْدَكَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَظَرَ إِلَى الْغُرْفَةِ ثُمَّ نَظَرَ إِلَيَّ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، ثُمَّ رَفَعْتُ صَوْتِي، فَقُلْتُ: يَا رَبَاحُ، اسْتَأْذِنْ لِي عِنْدَكَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ، فَإِنِّي أَظُنُّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَنَّ أَنِّي جِئْتُ مِنْ أَجْلِ حَفْصَةَ، وَاللّٰهِ لَئِنْ أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضَرْبِ عُنُقِهَا لَأَضْرِبَنَّ عُنُقَهَا۔ وَرَفَعْتُ صَوْتِي، فَأَوْمَأَ إِلَيَّ أَنِ ائْذَنْهُ۔ فَدَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلَى حَصِيرٍ، فَجَلَسْتُ، فَإِذَا عَلَيْهِ إِزَارُهُ وَلَيْسَ عَلَيْهِ غَيْرُهُ، فَإِذَا الْحَصِيرُ قَدْ أَثَّرَ فِي جَنْبِهِ، فَنَظَرْتُ بِبَصَرِي فِي خِزَانَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا أَنَا بِقَبْضَةٍ مِنْ شَعِيرٍ نَحْوَ الصَّاعِ، وَمِثْلِهَا قَرَظًا فِي نَاحِيَةِ الْغُرْفَةِ، وَإِذَا أَفِيقٌ مُعَلَّقٌ۔ قَالَ: فَابْتَدَرَتْ عَيْنَايَ، قَالَ: مَا يُبْكِيكَ يَا ابْنَ

اس میں لٹکائے ہوئے تھے۔ حضور ﷺ اس کے اوپر تشریف فرما تھے' میں نے آواز دی: اے رباح! میرے لیے حضور ﷺ کے ہاں اجازت مانگیں! رباح نے کمرے کی طرف دیکھا پھر میری طرف دیکھا اور کوئی جواب نہیں دیا، میں نے کہا: اے رباح! میرے لیے رسول اللہ ﷺ کے ہاں اجازت مانگیں! حضرت رباح نے کمرے کی طرف دیکھا پھر میری طرف دیکھا اور کوئی جواب نہیں دیا، میں نے کہا: اے رباح! میرے لیے رسول اللہ ﷺ کے ہاں اجازت مانگیں! حضرت رباح نے کمرے کی طرف دیکھا پھر میری طرف دیکھا اور کوئی جواب نہیں دیا۔ میں نے اپنی آواز بلند کی اور میں نے کہا: اے رباح! میرے لیے رسول اللہ ﷺ کے ہاں اجازت مانگیں! میں نے خیال کیا کہ ہوسکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے گمان کیا ہو کہ حفصہ کے لیے آیا ہے' اللہ کی قسم! اگر حضور ﷺ مجھے حفصہ کی گردن اتارنے کا حکم دیتے تو میں ضرور اس کی گردن اتار کر لے آتا، میں نے اپنی آواز بلند کی، میری طرف اجازت کا اشارہ کیا گیا تو میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے۔ میں بیٹھ گیا آپ نے تہبند پہنا ہوا تھا اور اس کے علاوہ آپ کے جسم اطہر پر کوئی کپڑا نہیں تھا' آپ کے جسم اقدس پر چٹائی کے نشانات تھے' میں نے حضور ﷺ کے خزانہ کو دیکھا تو اس میں ایک صاع جو تھے جو کمرے کے ایک کنارے میں لٹکے ہوئے تھے۔ میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے' آپ نے فرمایا: اے ابن

الْخَطَّابِ؟ . فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، وَمَا لِي لَا أَبْكِي وَهَذَا الْحَصِيرُ قَدْ أَثَّرَ فِي جَنْبِكَ؟ وَهَذِهِ خِزَانَتُكَ لَا أَرَى فِيهَا إِلَّا مَا أَرَى؟ وَذَاكَ قَيْصَرُ وَكِسْرَى فِي الثِّمَارِ وَالْأَنْهَارِ وَأَنْتَ رَسُولُ اللَّهِ وَصَفْوَتُهُ، وَهَذِهِ خِزَانَتُكَ؟ قَالَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، أَلَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ لَنَا الْآخِرَةُ وَلَهُمُ الدُّنْيَا؟ قُلْتُ: بَلَى . قَالَ: وَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، حِينَ دَخَلْتُ، وَأَنَا أَرَى فِي وَجْهِهِ الْغَضَبَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا يَشُقُّ عَلَيْكَ مِنْ شَأْنِ النِّسَاءِ؟ فَإِنْ كُنْتَ طَلَّقْتَهُنَّ فَإِنَّ اللَّهَ مَعَكَ وَمَلَائِكَتَهُ، وَجِبْرِيلَ، وَمِيكَائِيلَ، وَأَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَالْمُؤْمِنُونَ مَعَكَ، وَقَلَّمَا تَكَلَّمْتُ، وَأَحْمَدُ اللَّهَ، بِكَلَامٍ إِلَّا رَجَوْتُ أَنْ يَكُونَ اللَّهُ يُصَدِّقُ قَوْلِيَ الَّذِي أَقُولُ، قَالَ: وَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ، آيَةُ التَّخْيِيرِ (عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ) (التحريم: 5) ، (وَإِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَلِكَ ظَهِيرٌ) (التحريم:4) وَكَانَتْ عَائِشَةُ بِنْتُ أَبِي بَكْرٍ وَحَفْصَةُ تَظَاهَرَانِ عَلَى سَائِرِ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَطَلَّقْتَهُنَّ؟ قَالَ: لَا . فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ وَالْمُسْلِمُونَ يَنْكُتُونَ بِالْحَصَاةِ وَيَقُولُونَ: طَلَّقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ، فَأَنْزِلُ فَأُخْبِرُهُمْ أَنَّكَ لَمْ تُطَلِّقْهُنَّ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنْ شِئْتَ . فَلَمْ أَزَلْ أُحَدِّثُهُ حَتَّى تَحَسَّرَ

خطاب! کیا ہوا؟ تجھے کس چیز نے رلایا؟ میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں کیوں نہ روؤں! یہ چٹائی کے نشانات آپ کے جسم پر ہیں' یہ خزانہ ہے کہ میں اس کے علاوہ دیکھ ہی نہیں رہا ہوں' جبکہ یہ قیصر اور کسریٰ پھلوں اور نہروں میں ہیں' آپ اللہ کے رسول اور اس کی تعریف کرنے والے ہیں اور آپ کے لیے یہ خزانہ؟ آپ نے فرمایا: اے ابن عمر! کیا تُو خوش نہیں ہے کہ ان کے لیے دنیا ہوجائے اور ہمارے لیے آخرت؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! میں آپ کے پاس جس وقت داخل ہوا تھا تو میں نے آپ کے چہرے پر غصے کے اثرات دیکھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کو عورتوں کی طرف سے کیا تکلیف ہوئی ہے؟ اگر آپ ان کو طلاق دیتے ہیں تو اللہ اور اس کے فرشتے اور جبرئیل و میکائیل اور میں اور ابوبکر اور ایمان والے آپ کے ساتھ ہیں' میں بہت کم گفتگو کروں گا' میں اللہ کی تعریف کروں گا' میں امید کرتا ہوں کہ اس سلسلہ میں میری تصدیق اللہ کرے گا۔ جو میں نے عرض کی تو یہ آیت نازل ہوئی: عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ الیٰ آخرہ۔ حضرت عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما دونوں نے زور باندھا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام ازواج پر۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے ان کو طلاق دے دی ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں مسجد میں داخل ہوا تو صحابہ کرام کنکریوں کے ساتھ کھیل رہے تھے اور کہہ رہے تھے: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہے۔

الْغَضَبُ عَنْ وَجْهِهِ وَحَتَّى كَشَرَ فَضَحِكَ، وَكَانَ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ ثَغْرًا، ثُمَّ نَزَلَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلْتُ أَتَشَبَّثُ بِالْجِذْعِ، وَنَزَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّمَا يَمْشِي عَلَى الْأَرْضِ مَا يَمَسُّهُ بِيَدِهِ . فَقُلْتُ لَهُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّمَا كُنْتَ فِي الْغُرْفَةِ تِسْعَةً وَعِشْرِينَ يَوْمًا؟ قَالَ: إِنَّ الشَّهْرَ يَكُونُ تِسْعًا وَعِشْرِينَ . فَقُمْتُ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ، فَنَادَيْتُ بِأَعْلَى صَوْتِي: لَمْ يُطَلِّقْ نِسَاءَهُ، قَالَ : وَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَى أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ) (النساء :83) فَكُنْتُ أَنَا الَّذِي اسْتَنْبَطْتُ ذَاكَ الْأَمْرَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ آيَةَ التَّخْيِيرِ

آپ نے فرمایا: ان کے پاس جاؤ اوران کو بتاؤ کہ آپ نے طلاق نہیں دی! فرمایا: ٹھیک ہے اگر تو چاہے تو میں مسلسل بتاتا رہوں گا۔ یہاں تک کہ غصہ آپ کے چہرے سے چلا گیا یہاں تک کہ آپ کے چہرے سے مسکراہٹ ظاہر ہوئی۔ آپ کے دانت مبارک لوگوں میں سے سب سے زیادہ خوبصورت تھے۔ پھر حضور ﷺ نیچے اترے تو میں بھی اترا' حضور ﷺ اترے تو ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ آپ کے ہاتھ زمین سے مس نہیں ہو رہے ہیں۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کمرے میں ۲۹ دن رہے ہیں؟ یا آپ نے فرمایا: مہینہ ۲۹ کا بھی ہوتا ہے۔ میں مسجد کے دروازہ میں داخل ہوا تو میں نے اپنی بلند آواز سے آواز دی کہ حضور ﷺ نے طلاق نہیں دی ہے۔ اور یہ آیت نازل ہوئی: وَإِذَا جَاءَهُمْ الیٰ آخرہ۔ میں وہ تھا جس نے اس سے یہ معاملہ استنباط کیا تھا' اللہ عزوجل نے اختیار والی آیت نازل فرمائی۔

160 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: لیلۃ القدر کو رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں تلاش کرو۔

160- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد 4 صفحه 33 . والبزار رقم الحديث: 1027 وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 174 . والبخاري في صلاة التراويح رقم الحديث: 2017' باب: تحري ليلة القدر في الوتر من العشر الأواخر' وفي فضل ليلة القدر رقم الحديث: 2021 و رقم الحديث: 2022 باب: تحري ليلة القدر في الوتر من العشر الأواخر . ومسلم في الصيام رقم الحديث: 1166 و رقم الحديث: 1169' باب: فضل ليلة القدر . والترمذي في الصوم رقم الحديث: 792' باب: ما جاء في ليلة القدر . وصححه ابن حبان رقم الحديث: 3683 كما في الموارد .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْتَمِسُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ

161 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي،، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ أَنَّهُ وَجَدَ فَرَسًا قَدْ كَانَ حَمَلَ عَلَيْهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَأَرَادَ أَنْ يَشْتَرِيَهَا، فَسَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَاهُ عَنْهَا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے جس گھوڑا کو اللہ کی راہ میں دیا تھا (اس کو بازار میں فروخت ہوتے ہوئے پایا) میں نے اس گھوڑے کوخریدنے کا ارادہ کیا لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمادیا۔

162 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي،، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ نہیں

161- أخرجه مالك في الموطأ صفحه 189 في الزكاة رقم الحديث: 50' باب: اشتراء الصدقة والعود فيها' وصفحه 190 في الزكاة رقم الحديث: 51' باب: اشتراء الصدقة . وأحمد جلد 1 صفحه 54,40,25 . ومسلم في الهبات رقم الحديث: 1621' رقم الحديث: 1621' باب: كراهة شراء الانسان ما تصدقبه معن تصدق عليه . والحميدى رقم الحديث: 15 . والنسائي في الزكاة جلد 5 صفحه 109,108' باب: شراء الصدقة . وأبو داؤد في الزكاة رقم الحديث: 1593' باب: الرجل يبتاع اصدقته . والترمذى في الزكاة رقم الحديث: 668' باب: ما جاء في كراهية العود في الصدقة . والبخارى في الوصايا رقم الحديث: 2775' باب: وقف الدواب والكراع والعروض والصامت' وفي الزكاة رقم الحديث: 1490 باب: هل يشترى صدقته؟ وفي الهبة رقم الحديث: 2623 باب: لا يحل لأحد أن يرجع في هبته وصدقته' و رقم الحديث: 2636 باب: اذا حمل رجل على فرس فهي كالعمرى والصدقة' وفي الجهاد رقم الحديث: 2970 باب: الجعائل والحملان في السبيل و رقم الحديث: 3003 باب: اذا حمل على فرس فرآها تباع .

162- أخرجه مالك في الموطأ صفحه 616 في الصدقة رقم الحديث: 9' باب: ما جاء في التعفف عن المسألة . انظر الزرقاني في شرح الموطأ جلد 5 صفحه 498 . وأخرجه الحميدى رقم الحديث: 21 . والبخارى في الأحكام رقم الحديث: 7163 و رقم الحديث: 7164' باب: رزق الحاكم والعاملين عليها' وفي الزكاة رقم الحديث: 1473 باب: من أعطاه الله شيئاً من غير ولا اشراف نفس . وأحمد جلد 1 صفحه 21 . ومسلم في الزكاة (1045) (111)' باب: اباحة الأخذ لمن أعطى من غير مسألة ولا اشراف . والبيهقي جلد 6 صفحه 184 . والنسائي في الزكاة جلد 5 صفحه 105' باب: من آتاه الله عزوجل مالًا من غير مسألة الدارمي في الزكاة جلد 1 صفحه 388' باب: النهى عن رد الهدية .

عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَيْسَ قَدْ قُلْتَ لِي: إِنَّ خَيْرًا لَكَ أَنْ لَا تَسْأَلَ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ شَيْئًا؟ قَالَ: إِنَّمَا ذَاكَ أَنْ تَسْأَلَ، وَمَا آتَاكَ اللَّهُ مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ فَإِنَّمَا هُوَ رِزْقٌ رَزَقَكَهُ اللَّهُ

فرمایا تھا کہ تیرے لیے بھلائی یہ ہے کہ تو لوگوں میں سے کسی سے کوئی شی نہ مانگنا؟ یہ جو آپ ﷺ عطا کر رہے ہیں یہ بھی تو مانگنے کے زمرہ میں آرہا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو اللہ عزوجل عطا کرے بغیر مانگے (وہ لے لیا کرو) یہ وہ رزق ہے جو آپ کو اللہ نے دیا ہے۔

163 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اطْلُبُوهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ وِتْرًا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم کو معلوم ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ رمضان کے آخری عشرے میں لیلۃ القدر کو طاق راتوں میں تلاش کرو۔

164 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَقِيتُ عُمَرَ، وَهُوَ بِالْمَوْسِمِ، فَنَادَيْتُهُ مِنْ وَرَاءِ الْفُسْطَاطِ أَلَا إِنِّي فُلَانٌ ابْنُ فُلَانٍ الْجَرْمِيُّ، وَإِنَّ ابْنَ أُخْتٍ لَنَا، لَهُ أَخٌ عَانٍ فِي بَنِي فُلَانٍ، وَقَدْ عَرَضْنَا عَلَيْهِ فَرِيضَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبَى، قَالَ: فَرَفَعَ عُمَرُ جَانِبَ الْفُسْطَاطِ، فَقَالَ: أَتَعْرِفُ صَاحِبَكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، هُوَ ذَاكَ. قَالَ: انْطَلِقَا بِهِ حَتَّى يُنَفِّذَ لَكُمَا قَضِيَّةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَكُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّ الْقَضِيَّةَ أَرْبَعٌ مِنَ الْإِبِلِ

حضرت عاصم بن کلیب رحمہ اللہ اپنے باپ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ کے والد صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی، آپ رضی اللہ عنہ حج کے لیے آئے ہوئے تھے۔ میں نے خیمہ کے پاس پیچھے سے آواز دی خبردار، میں فلاں بن فلاں جرمی ہوں، ہماری بہن کا بیٹا اس کا بھائی ہے اس نے بنی فلاں کی مدد کی ہے۔ ہم نے اس پر رسول پاک ﷺ کا فیصلہ پیش کیا، اس نے انکار کر دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خیمہ کی ایک جانب کو اٹھایا، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ اس صاحب کو جانتے ہیں، میں نے کہا: جی ہاں! وہ ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کے پاس دونوں چلتے ہیں۔ ہم اس کے پاس آئے' ہم تمہارے لیے رسول اللہ ﷺ کا فیصلہ نافذ کرتے ہیں، راوی فرماتے ہیں: ہم بیان کر

164- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه298 الى المصنف وقال: رجاله ثقات .

رہے تھے بے شک فیصلہ چار اونٹ ہیں۔

165 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَالِمٌ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ سَأَلَ عُمَرَ عَنِ الْمَسْحِ، فَقَالَ عُمَرُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ بِالْمَسْحِ عَلَى ظَهْرِ الْخُفَّيْنِ إِذَا لَبِسَهُمَا وَهُمَا طَاهِرَتَانِ"

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے موزوں پر مسح کے متعلق مسئلہ پوچھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم موزوں کے ظاہر پر مسح کرنے کا حکم دیتے تھے جب دونوں پاکی کی حالت میں پہنے ہوئے ہوں۔

166 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدٌ، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا سَالِمٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا بِالْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں موزوں پر مسح کرنے کا حکم دیتے تھے اور مسافر کے لیے تین دن اور تین راتیں اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات۔

167 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے، وہ رو رہی

165- ذکره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد1صفحه255 .

166- أخرجه الطحاوی فی شرح معانی الآثار جلد 1صفحه83,82,81 . وأحمد جلد1صفحه 149,133, 120,118,113,100,96 وجلد 4صفحه239 . وعبد الرزاق رقم الحديث: 788 ورقم الحديث: 789 ورقم الحديث: 793 . ومسلم رقم الحديث: 274 ورقم الحديث: 276 . والنسائی جلد 1 صفحه 84,83 . وابن ماجه رقم الحديث: 544 و552و556 . والبيهقی جلد 1صفحه 282,281, 276,275,272 . والترمذی رقم الحديث: 96 . والدارمی جلد1صفحه181 . والبخاری رقم الحديث: 206 . وصححه ابن خزيمة رقم الحديث: 17 و190 و191 و192 و193 و194 و195 . وابن حبان رقم الحديث: 1309 و1910 و1911 و1912 و1913 و1916 و1917 و1918 و1921 كما فی الموارد .

167- قال الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد9صفحه244 رواه الطبرانی ورجاله رجال الصحيح .

قَالَ: دَخَلَ عُمَرُ عَلَى حَفْصَةَ وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ لَهَا: مَا يُبْكِيكِ؟ لَعَلَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَّقَكِ؟ إِنَّهُ قَدْ كَانَ طَلَّقَكِ مَرَّةً، ثُمَّ رَاجَعَكِ مِنْ أَجْلِي، وَاللّٰهِ لَئِنْ كَانَ طَلَّقَكِ مَرَّةً أُخْرَى لَا أُكَلِّمُكِ أَبَدًا

تھیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا کہ آپ کیوں رو رہی ہیں؟ شاید رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ رضی اللہ عنہا کو طلاق دی ہے؟ پھر آپ سے رجوع کرلیا ہے میری وجہ سے' اللہ کی قسم! اگر آپ کو دوبارہ طلاق دی تو میں آپ سے ہمیشہ گفتگو نہیں کروں گا۔

168 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ طَلَّقَ حَفْصَةَ ثُمَّ رَاجَعَهَا .

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دی تھی۔ پھر آپ سے رجوع کرلیا۔

169 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، وَغَيْرُهُ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن صالح اور اس کے علاوہ اپنی سند کے ساتھ اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

170 - حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا بَشِيرُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَذْكُرُ أَهْلَ مَقْبَرَةٍ يَوْمًا، قَالَ: فَصَلَّى عَلَيْهَا فَأَكْثَرَ الصَّلَاةَ عَلَيْهَا، قَالَ: فَسُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا، فَقَالَ: أَهْلُ مَقْبَرَةِ شُهَدَاءِ عَسْقَلَانَ، يُزَفُّونَ إِلَى الْجَنَّةِ كَمَا تُزَفُّ الْعَرُوسُ إِلَى زَوْجِهَا

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک اہلِ قبرستان کا ذکر کر رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے لیے دعا کی، بہت زیادہ دعا فرمائی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قبرستان کے متعلق پوچھا گیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ قبرستان والے عسقلان کے شہداء ہیں۔ ان کو جنت میں خوبصورت کر کے بھیج دیا گیا، جس طرح دلہن کو خوبصورت اور سجا کر شوہر کی طرف بھیجا جاتا ہے۔

168- أخرجه أبو داؤد في الطلاق رقم الحديث: 2283' باب: في المراجعة . وابن ماجة في الطلاق رقم الحديث: 2016' باب: حدثنا سويد بن سعيد . والدارمي في الطلاق جلد2صفحه161,160' باب: في الرجعة .

170- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه61: الى المصنف' وقال: فيه بشهيدين ميمون وهو متروك .

171 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ، أَنَّ رَجُلًا كَانَ يُلَقَّبُ حِمَارًا، وَكَانَ يُهْدِى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعُكَّةَ مِنَ السَّمْنِ وَالْعُكَّةَ مِنَ الْعَسَلِ، فَإِذَا جَاءَ صَاحِبُهَا يَتَقَاضَاهُ جَاءَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَعْطِ هَذَا ثَمَنَ مَتَاعِهِ، فَمَا يَزِيدُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَنْ يَتَبَسَّمَ وَيَأْمُرَ بِهِ فَيُعْطَى، فَجِيءَ بِهِ يَوْمًا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ، فَقَالَ رَجُلٌ: اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ، مَا أَكْثَرَ مَا يُؤْتَى بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلْعَنُوهُ؛ فَإِنَّهُ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ.

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی جس کا لقب حمار (گدھا) تھا۔ وہ حضور ﷺ کے لیے ایک کپی گھی اور ایک کپی شہد کی بطور ہدیہ بھیجتا تھا۔ جب اس کا مالک اس سے قرض کا مطالبہ کرتا وہ حضور ﷺ کی طرف اسے اپنے ساتھ لاتا۔ عرض کرتا، یا رسول اللہ ﷺ اس کو اس کے سامان کا پیسہ دیں۔ حضور ﷺ زیادہ تبسم فرماتے، آپ ﷺ کسی کو حکم دیتے تو وہ اسے اس کے پیسے دے دیتا۔ ایک دن اس کو رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا۔ اس حالت میں کہ اس نے شراب پی تھی۔ ایک آدمی کہنے لگا، اے اللہ اس پر لعنت فرما۔ اس سے زیادہ جو حضور ﷺ کو دیتا تھا حضور ﷺ نے فرمایا: اس پر لعنت نہ کرو، یہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے۔

172 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ بَرَّادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت ہشام بن سعد' حضرت زید بن اسلم سے روایت کرتے ہیں' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

173 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِى شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِى ثَوْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، مَنِ الْمَرْأَتَانِ الْمُتَظَاهِرَتَانِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: عَائِشَةُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ان دو عورتوں کے متعلق پوچھا جنہوں نے حضور ﷺ پر جرأت کی تھی؟ فرمایا: عائشہ اور حفصہ۔

171- أخرجه البخارى فى الحدود رقم الحديث: 6780' باب: ما يكره فى لعن شارب الخمر .

وَحَفْصَةُ

174 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ فِي قَبْرِهِ مَا نِيحَ عَلَيْهِ، أَوْ مَا بُكِيَ عَلَيْهِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میت کو اس کی قبر میں عذاب دیا جاتا ہے، اس پر نوحہ یا رونے کی وجہ سے۔

175 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَهُ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، أَنَّهُ كَانَ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ عُمَرُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَ: "مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ وَرَفَعَ بَصَرَهُ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فُتِحَتْ لَهُ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابٍ مِنَ الْجَنَّةِ يَدْخُلُ مِنْ أَيِّهَا شَاءَ"

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرے آنے سے پہلے فرمایا: جس نے اچھا وضو کیا اور آسمان کی طرف اپنی نگاہ کو اٹھایا اور پڑھا: "اشهدان لا الـه الا الله و اشهد ان محمدًا عبده و رسوله"۔ اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے جس دروازے سے چاہے داخل ہو۔

176 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ:

حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

175- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 19، وجلد 4 صفحه 153,146,145 . أبو داؤد فی الطهارة رقم الحديث: 169 و 170، باب: ما يقول الرجل اذا توضأ . ومسلم فی الطهارة رقم الحديث: 234، باب: الذكر المستحب عقب الوضوء . والنسائی فی الطهارة رقم الحديث: 142، باب: القول بعد الفراغ من الوضوء . والدارمی فی الطهارة جلد 1 صفحه 182، باب: القول بعد الوضوء .

176- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 36 . ومسلم فی صلاة المسافرين رقم الحديث: 686، باب: صلاة المسافرين وقصرها . وأبو داؤد فی الصلاة رقم الحديث: 1199 و 1200، باب: صلاة المسافر . والترمذی فی التفسير رقم الحديث: 3037، باب: ومن سورة النساء . والنسائی فی تقصير الصلاة جلد 3 صفحه 116 . وابن ماجه فی الاقامة رقم الحديث: 1065، باب: تقصير الصلاة فی السفر . والدارمی فی الصلاة جلد 1 صفحه 354، باب: قصر الصلاة فی السفر . والطبری جلد 5 صفحه 243 .

حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي عَمَّارٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَابَيْهِ، عَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ، قَالَ: قُلْتُ لِعُمَرَ: فِيمَ اقْتِصَارُ النَّاسِ الصَّلَاةَ الْيَوْمَ؟ وَإِنَّمَا قَالَ: (إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا) (النساء: 101) فَقَدْ ذَهَبَ ذَاكَ الْيَوْمُ، قَالَ: عَجِبْتُ مِمَّا عَجِبْتَ مِنْهُ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللَّهُ بِهَا عَلَيْكُمْ فَاقْبَلُوا صَدَقَتَهُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ عرض کی کہ لوگ نماز کو قصر کیوں کرتے ہیں آج، حالانکہ اللہ فرماتا ہے کہ اگر تم کو خوف ہو کہ کافر تم کو فتنہ میں ڈال دیں آج وہ دن چلے گئے ہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، مجھے تعجب ہوا تھا جیسے آپ کو ہوا ہے۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ذکر کیا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ صدقہ ہے، اللہ نے یہ تم پر کیا ہے، یہ صدقہ قبول کرو۔

177 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ عَتِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَابَيْهِ، عَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ، قَالَ: طُفْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الرُّكْنِ الثَّالِثِ، مِمَّا يَلِي الْحَجَرَ، أَوِ الْحُجُرَاتِ الَّتِي تَلِي الْبَابَ، أَخَذْتُ بِيَدِهِ لِأَسْتَلِمَ، فَقَالَ: أَمَا طُفْتَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: بَلَى. قَالَ: فَهَلْ رَأَيْتَهُ مُسْتَلِمَهُ؟ قُلْتُ: لَا. قَالَ: فَانْفُذْ عَنْكَ، فَإِنَّ لَكَ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةً حَسَنَةً

حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ طواف کیا۔ جب تیسرے رکن کے پاس تھے جو حجرے اسود کے قریب ہے، یا اس حجرے کے پاس جو دروازے کے قریب ہے، میں نے اپنے ہاتھ سے پکڑا تا کہ میں استلام کروں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تو نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ طواف کیا ہے؟ میں نے کہا، کیوں نہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے استلام کیا تھا؟ میں نے عرض کی، نہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر اس کو چھوڑ دو! بے شک آپ کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی بطور نمونہ ہے۔

178 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

177- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 37-45 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 240 الى الطبراني في الأوسط أصله في البخاري في الحج رقم الحديث: 1605، باب: الرمل في الحج والعمرة .

178- أخرجه مسلم في الزهد رقم الحديث: 2978 . وأحمد جلد 1 صفحه 24 . وابن ماجه في الزهد رقم الحديث: 4146، باب: معيشة آل محمد صلى الله عليه وسلم .

غُنْدَرُ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ، يَخْطُبُ، قَالَ: ذَكَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مَا أَصَابَ النَّاسُ مِنَ الدُّنْيَا، فَقَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَظَلُّ الْيَوْمَ يَلْتَوِي مَا يَجِدُ دَقَلًا يَمْلَأُ بِهِ بَطْنَهُ

عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں کو دنیا اتنی مل گئی ہے۔ حالانکہ میں نے (ساری کائنات کے مالک و مختار) حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سارا دن ردّی کھجور بھی نہیں پاتے تھے، جس کے ساتھ پیٹ بھر سکتے۔

فائدہ: یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فقر اختیاری تھا ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاہتے تو ساری کائنات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں آجاتی لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کو پسند نہیں فرمایا۔

179 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَطَبَ يَوْمَ جُمُعَةٍ، فَذَكَرَ نَبِيَّ اللّٰهِ، وَذَكَرَ أَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ كَأَنَّ دِيكًا نَقَرَنِي نَقْرَةً أَوْ نَقْرَتَيْنِ، وَإِنِّي لَا أُرَاهُ إِلَّا لِحُضُورِ أَجَلِي، وَإِنَّ أَقْوَامًا يَأْمُرُونَنِي أَنْ أَسْتَخْلِفَ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُنْ لِيُضَيِّعَ دِينَهُ، وَلَا خِلَافَتَهُ، وَلَا الَّذِي بَعَثَ بِهِ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنِّي قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ أَقْوَامًا سَيَطْعَنُونَ فِي هَذَا الْأَمْرِ أَنَا ضَرَبْتُهُمْ بِيَدِي هَذِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، فَإِنْ فَعَلُوا فَأُولَئِكَ أَعْدَاءُ اللّٰهِ الْكُفَّارُ الضَّلَالُ، فَإِنْ عَجِلَ بِي أَمْرٌ فَالْخِلَافَةُ شُورَى بَيْنَ هَؤُلَاءِ النَّفَرِ

حضرت معدان بن ابو طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جمعہ کے دن خطبہ دیا' اس خطبہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر کا ذکر کیا' اس کے بعد فرمایا: میں نے (خواب) دیکھا کہ گویا مجھے ایک مرغ نے ایک یا دو ٹھونگے مارے ہیں' میں خیال کرتا ہوں کہ میری موت قریب ہے' لوگ مجھے خلیفہ مقرر کرنے کا حکم دیتے ہیں، بے شک اللہ جانتا ہے کہ اس کا دن اور خلافت ضائع نہیں ہوگی' نہ وہ شے ضائع ہوگی جو اس نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دے کر بھیجا ہے' میں جانتا ہوں کہ کچھ لوگ اس معاملہ میں طعنہ دیں گے' میں ان کو اپنے ہاتھ سے ماروں گا' اس اسلام پر اگر انہوں نے ایسے کیا تو وہ اللہ کے دشمن کفار گمراہ ہیں' اگر تم خلافت والے معاملہ میں جلدی چاہتے ہو تو پھر خلافت کے لیے اُن افراد میں سے

422 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: أَتَى عَلِيًّا، رَجُلٌ فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، أَخْبِرْنِي بِشَهْرٍ أَصُومُهُ بَعْدَ رَمَضَانَ، قَالَ: فَقَالَ: لَقَدْ سَأَلْتَنِي عَنْ شَيْءٍ، مَا سَمِعْتُ أَحَدًا سَأَلَ عَنْهُ بَعْدَ رَجُلٍ سَمِعْتُهُ يَسْأَلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: إِنْ كُنْتَ صَائِمًا شَهْرًا بَعْدَ رَمَضَانَ، فَصُمِ الْمُحَرَّمَ؛ فَإِنَّهُ شَهْرُ اللَّهِ، وَفِيهِ يَوْمٌ تَابَ اللَّهُ فِيهِ عَلَى قَوْمٍ، وَيُتَابُ فِيهِ عَلَى آخَرِينَ

حضرت نعمان بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت علی کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: اے امیر المومنین! مجھے ایسے ماہ کے متعلق بتائیں جو رمضان کے بعد ہو' میں اس کے روزے رکھوں؟ آپ نے فرمایا: آپ نے مجھے ایسی شے کے متعلق پوچھا ہے جب سے میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے ابھی تک کسی نے مجھ سے نہیں پوچھا' آپ نے فرمایا: اگر تو نے رمضان کے بعد روزے رکھنے ہیں تو محرم کے روزے رکھ کیونکہ وہ اللہ کا مہینہ ہے' اس دن ایک قوم کی توبہ قبول ہوئی تھی' دوسروں کی توبہ قبول ہوگی۔

423 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت نعمان بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت علی کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: اے امیر المومنین! مجھے ایسے ماہ کے متعلق بتائیں جو رمضان کے

421- مرّ تخريجه تحت رقم: 267 .

423- أخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 1 صفحه 156 . والترمذي في البر رقم الحديث: 1985' باب: ما جاء في قول المعروف' وفي صفة رقم الحديث: 2529 باب: ما جاء في صفة غرف الجنة . وأحمد جلد 5 صفحه 343 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَخْبِرْنِي بِشَهْرٍ أَصُومُهُ بَعْدَ رَمَضَانَ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ: إِنْ كُنْتَ صَائِمًا شَهْرًا بَعْدَ رَمَضَانَ، فَصُمِ الْمُحَرَّمَ؛ فَإِنَّهُ شَهْرُ اللَّهِ، وَفِيهِ يَوْمٌ تَابَ اللَّهُ فِيهِ عَلَى قَوْمٍ وَيُتَابُ فِيهِ عَلَى آخَرِينَ

بعد ہو میں اس کے روزے رکھوں؟ آپ نے فرمایا: آپ نے مجھے ایسی شے کے متعلق پوچھا ہے جب سے میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے ابھی تک کسی نے مجھ سے نہیں پوچھا' آپ نے فرمایا: اگر تُو نے رمضان کے بعد روزے رکھنے ہیں تو محرم کے روزے رکھ کیونکہ وہ اللہ کا مہینہ ہے' اس دن ایک قوم کی توبہ قبول ہوئی تھی' دوسروں کی توبہ قبول ہوگی۔

424 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ أَبُو الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُرَى بُطُونُهَا مِنْ ظُهُورِهَا، وَظُهُورُهَا مِنْ بُطُونِهَا ، فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: فَلِمَنْ هِيَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: لِمَنْ قَالَ طَيِّبَ الْكَلَامِ، وَأَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَأَفْشَى السَّلَامَ، وَصَلَّى بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں جو کمرے ہیں' ان کے اندر سے باہر کا ماحول دیکھا جاسکتا ہے، ایک دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کس کے لیے ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کے لیے جس کی گفتگو اچھی ہو اور کھانے کھلانے اور سلام کرنے اور رات کو نماز پڑھے' اُس وقت جب لوگ سو رہے ہوں۔

425 - وَبِهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ سُوقًا مَا فِيهِ بَيْعٌ وَلَا شِرَاءٌ إِلَّا الصُّوَرُ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، فَإِذَا اشْتَهَى الرَّجُلُ صُورَةً دَخَلَهَا ، قَالَ: وَفِيهَا مَجْمَعٌ لِلْحُورِ الْعِينِ ، قَالَ: يَرْفَعْنَ أَصْوَاتًا لَمْ تَسْمَعِ الْخَلَائِقُ بِمِثْلِهَا ، قَالَ: " يَقُلْنَ: نَحْنُ الْخَالِدَاتُ فَلَا نَبِيدُ، وَنَحْنُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک جنت میں ایک ایسا بازار ہے جس میں خرید وفروخت نہیں ہوگی مگر مردوں اور عورتوں کی صورتیں ہوں گی' جب آدمی کسی صورت کی چاہت کرے گا تو وہ اس میں داخل ہوجائے گا' اس میں حور العین کا مجمع ہوگا' وہ اپنی آواز بلند کریں گی' مخلوق میں سے ایسی آواز کسی

424- مرّ تخريجه تحت رقم: **268** .

425- أخرجه البخاري في الطب رقم الحديث: **5707**' باب: الجذام' ورقم الحديث: **5755** باب: ولا هامة . ومسلم في السلام رقم الحديث: **2220**' باب: لا عدوى ولا طيرة . وأبو داؤد في الطب رقم الحديث: **3912**' باب: في الطيرة .

النَّاعِمَاتُ فَلَا نَبْأَسُ، وَنَحْنُ الرَّاضِيَاتُ فَلَا نَسْخَطُ، طُوبَى لِمَنْ كَانَ لَنَا، وَكُنَّا لَهُ"

نے بھی نہیں سنی ہوگی وہ پڑھ رہی ہوں گی:۔ ہم ہمیشہ ہیں' ہم پرانی نہیں ہوں گی' ہم نرم و نازک ہیں' ہم پرانی نہیں ہوں گی' ہم ناراضی نہیں ہوں گی جو ہمارے لیے ہے ہم اس کے لیے ہیں۔

426 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ يَزِيدَ السَّعْدِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا صَفَرَ، وَلَا هَامَةَ، وَلَا يُعْدِي صَحِيحًا سَقِيمٌ قَالَ: فَقُلْتُ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: " نَعَمْ، سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ، وَأَبْصَرَتْهُ عَيْنَايَ

حضرت ثعلبہ بن یزید السعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ماہِ صفر کی نحوست اور مقتول کے سر سے پرندہ کا نکلنا کوئی شی نہیں ہے اور بیماری تندرست کی طرف متعدی نہیں ہوتی' میں نے آپ سے عرض کی: آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے اپنے دونوں کانوں سے سنا اور اپنی دونوں آنکھوں سے دیکھا۔

فائدہ: زمانۂ جاہلیت میں لوگوں کا گمان تھا کہ مقتول کے سر سے ایک سبز پرندہ نکلتا ہے' جب تک اس کا بدلہ نہ لیا جائے' وہ چکر لگاتا رہتا ہے۔

427 - أَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ، قَالَ عُثْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ، فِي حَدِيثِ عُثْمَانَ الْحِمَّانِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا صَفَرَ، وَلَا هَامَةَ، وَلَا يُعْدِي صَحِيحًا سَقِيمٌ

حضرت ثعلبہ بن یزید السعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صفر ھامہ نہیں ہے اور بیماری تندرست کی طرف متعدی نہیں ہوتی۔

428 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت عبداللہ حارث فرماتے ہیں کہ ان کے باپ نے حضرت عثمان کے لیے کھانا تیار کیا' میرے

427- مرّ تخريجه تحت رقم: 356 .

428- أخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 1 صفحه 105 . وابن ماجه في المناسك رقم الحديث: 3091' باب: ما ينهى عنه المحرم من الصيد . ومسلم رقم الحديث: 1193 و 1195 و 1196 .

الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، أَنَّ أَبَاهُ، وَلِيَ طَعَامَ عُثْمَانَ، قَالَ أَبِي: فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى الْحَجَلِ حَوْلَ الْجِفَانِ، فَجَاءَ رَجُلٌ، فَقَالَ لِعُثْمَانَ: إِنَّ عَلِيًّا يَكْرَهُ هَذَا، فَبَعَثَ إِلَى عَلِيٍّ، فَجَاءَ وَذِرَاعَاهُ مُتَلَطِّخَتَانِ مِنَ الْخَبَطِ، فَقَالَ: إِنَّكَ لَكَثِيرُ الْخِلَافِ إِلَيْنَا، فَقَالَ عَلِيٌّ: أُذَكِّرُ اللَّهَ رَجُلًا شَهِدَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُهْدِيَ إِلَيْهِ عَجُزُ حِمَارِ وَحْشٍ، فَقَالَ: إِنَّا مُحْرِمُونَ، فَأَطْعِمُوهُ أَهْلَ الْحِلِّ، فَقَامَ رِجَالٌ فَشَهِدُوا، فَقَالَ عَلِيٌّ: أُذَكِّرُ اللَّهَ رَجُلًا شَهِدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُهْدِيَ خَمْسَ بَيْضَاتِ نَعَامٍ، فَقَالَ: إِنَّا مُحْرِمُونَ، فَأَطْعِمُوهُ أَهْلَ الْحِلِّ، فَقَامَ رِجَالٌ فَشَهِدُوا، فَقَامَ عُثْمَانُ، فَدَخَلَ فُسْطَاطَهُ، وَظَعَنَ النَّاسُ، وَتَرَكُوا الطَّعَامَ لِأَهْلِ الْمَاءِ

باپ کہتے ہیں کہ گویا کہ میں اب بھی دیکھ رہا ہوں کہ پیالوں کے اردگرد قبوں کی طرف' اس کے بعد ایک آدمی آیا' اُس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کو ناپسند کرتے ہیں' حضرت عثمان نے حضرت علی کی طرف کسی کو بھیجا' حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے اس حال میں کہ آپ اپنے دونوں ہاتھ صاف کر رہے تھے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ آپ کو اس آدمی کی بات یاد کروائے کہ جس وقت ایک آدمی نے آپ کو ایک وحشی گدھا ہدیہ کے طور پر دیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: ہم حالتِ احرام میں ہیں' جو احرام میں نہیں ہیں ان کو کھلاؤ' کئی لوگ کھڑے ہوئے' اُنہوں نے اس بات کی گواہی دی۔ حضرت علی نے فرمایا: اللہ آپ کو اس آدمی کی بات بھی یاد کروائے جس نے آپ کو پانچ انڈے دیئے تھے۔ آپ نے فرمایا: ہم حالت احرام میں ہیں' جو حالت احرام میں نہیں ہیں ان کو کھلاؤ' کئی لوگ کھڑے ہوئے اور اُنہوں نے گواہی دی۔ حضرت عثمان کھڑے ہوئے اور اپنے خیمہ میں داخل ہوئے' لوگ بھی چلے گئے اور کھانا ماء والوں کے لیے چھوڑا۔

429 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شکاری گوشت لایا گیا آپ حالت احرام میں تھے تو آپ نے اس کو کھایا نہیں۔

429- أخرجه مسلم في السلام' باب: من حق المسلم في المسلم رد السلام . والترمذي في الأدب رقم الحديث: 2737' باب: ما جاء في تشميت العاطس . وابن ماجه في الجنائز رقم الحديث: 1433' باب: ما جاء في عيادة المريض . وأحمد جلد 1صفحه89 . والدارمي في الاستئذان جلد 2صفحه275 . باب: في حق المسلم على المسلم .

عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمِ صَيْدٍ وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَلَمْ يَأْكُلْهُ

430 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: شَهِدْتُ عَلِيًّا وَعُثْمَانَ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، وَعُثْمَانُ يَنْهَى عَنِ الْمُتْعَةِ، وَلَمْ يَجْمَعْ بَيْنَهُمَا، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ عَلِيٌّ أَهَلَّ بِهِمَا، فَقَالَ: لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجٍّ مَعًا، فَقَالَ عُثْمَانُ: تَرَانِي أَنْهَى النَّاسَ وَأَنْتَ تَفْعَلُهُ؟ فَقَالَ عَلِيٌّ: لَمْ أَكُنْ أَدَعَ سُنَّةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقَوْلِ أَحَدٍ مِنَ النَّاسِ

مروان بن حکم فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی و عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ موجود تھا مکہ اور مدینہ کے درمیان' حضرت عثمان حج تمتع سے منع کرتے تھے' آپ عمرہ اور حج دونوں اکٹھے نہیں کرتے تھے' جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ معاملہ دیکھا تو آپ نے حج و عمرہ دونوں کا تلبیہ پڑھا: حج وعمرہ دونوں کے ساتھ حاضر ہوں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ مجھے دیکھتے نہیں ہیں کہ میں لوگوں کو ایسا کرنے سے منع کرتا ہوں اور آپ ایسا کر رہے ہیں؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں لوگوں میں سے کسی کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت نہیں چھوڑوں گا۔

431 - حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ بِالْمَعْرُوفِ: يُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ، وَيُجِيبُهُ إِذَا دَعَاهُ، وَيُشَمِّتُهُ إِذَا عَطَسَ، وَيَعُودُهُ إِذَا مَرِضَ، وَيُشَيِّعُ جِنَازَتَهُ إِذَا مَاتَ، وَيُحِبُّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ"

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان کے لیے چھ نیک کام لازم ہیں: ① جب ملاقات ہو تو اس کو سلام کرے ② اس کی دعوت قبول کرے جب وہ اس کو دعوت دے ③ اس کی چھینک کا جواب دے جب اس کو چھینک آئے ④ جب بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے ⑤ جنازہ میں شریک ہو جب وہ مر جائے ⑥ اس کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

432 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (میں) نے

431- أخرجه النسائي في الزينة جلد 8 صفحه 213' باب: التصاوير ـ وابن ماجه في الأطعمة رقم الحديث: 3359' باب: اذا رأى الضيف منكرًا رجع ـ

432- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 139,130 ـ ومسلم في اللباس والزينة رقم الحديث: 2071' باب: تحريم استعمال اناء الذهب والفضة على الرجال ـ وأبو داؤد في اللباس رقم الحديث: 4043' باب: ما جاء في لبس

الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّهُ صَنَعَ طَعَامًا، فَدَعَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ فَرَأَى فِي الْبَيْتِ سِتْرًا فِيهِ تَصَاوِيرُ، فَرَجَعَ، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا رَجَعَكَ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي؟ قَالَ: إِنَّ فِي الْبَيْتِ سِتْرًا فِيهِ تَصَاوِيرُ، وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ تَصَاوِيرُ

کھانا تیار کیا حضور ﷺ کو دعوت دی تو آپ تشریف لائے، آپ نے گھر کے پردہ میں تصاویر دیکھیں تو آپ واپس تشریف لے گئے۔ (میں) نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! آپ واپس کیوں تشریف لے گئے؟ آپ نے فرمایا: گھر کے پردہ میں تصویریں لگی ہوئی تھیں بے شک فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس گھر میں تصویریں ہوں۔

433 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ الْحَنَفِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ أُكَيْدِرَ دُومَةَ أَهْدَى إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَ حَرِيرٍ، فَأَعْطَاهُ عَلِيًّا، فَقَالَ: شَقِّقْهُ خُمُرًا بَيْنَ الْفَوَاطِمِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اکیدر دومہ نے حضور ﷺ کو ریشم کا کپڑا ہدیہ دیا۔ آپ نے وہ (مجھے) دے دیا اور فرمایا: اس کو دو فاطمہ کے درمیان آدھا آدھا تقسیم کر کے دے دو۔

434 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَغُرَفًا يُرَى ظُهُورُهَا مِنْ بُطُونِهَا، وَبُطُونُهَا مِنْ ظُهُورِهَا، فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: لِمَنْ هِيَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: لِمَنْ أَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَأَفْشَى السَّلَامَ، وَصَلَّى بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں جو کمرے ہیں ان کے اندر سے باہر کا ماحول دیکھا جاسکتا ہے، ایک دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کس کے لیے ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کے لیے جس کی گفتگو اچھی ہو اور کھانے کھلانے اور سلام کرنے اور رات کو نماز پڑھے اُس وقت جب لوگ سو رہے ہوں۔

الحرير . والنسائي في الزينة جلد8صفحه197' باب: ذكر الرخصة للنساء في لبس السيراء .

433- مرّ تخريجه تحت رقم: 428 .

434- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10صفحه147 . الى المؤلف وقال: فيه محمد بن الحسن بن أبي يزيد' وهو متروك . وصححه الحاكم جلد1صفحه492 .

435 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ، وَعِمَادُ الدِّينِ، وَنُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعا مومن کا ہتھیار ہے اور دین کا ستون ہے اور زمین و آسمانوں کا نور ہے۔

436 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلِيمِيُّ، عَنِ الْخَلِيلِ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الْفُرَاتِ بْنِ سَلْمَانَ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: أَلَا يَقُومُ أَحَدُكُمْ، فَيُصَلِّي أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الْعَصْرِ، وَيَقُولُ فِيهِنَّ مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَمَّ نُورُكَ فَهَدَيْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ، عَظُمَ حِلْمُكَ فَعَفَوْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ، بَسَطْتَ يَدَكَ فَأَعْطَيْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ رَبَّنَا، وَجْهُكَ أَكْرَمُ الْوُجُوهِ، وَجَاهُكَ أَعْظَمُ الْجَاهِ، وَعَطِيَّتُكَ أَفْضَلُ الْعَطِيَّةِ وَأَهْنَؤُهَا، تُطَاعُ رَبَّنَا فَتَشْكُرُ، وَتُعْصَى رَبَّنَا فَتَغْفِرُ، وَتُجِيبُ الْمُضْطَرَّ، وَتَكْشِفُ الضُّرَّ، وَتَشْفِي السَّقِيمَ، وَتَغْفِرُ الذَّنْبَ، وَتَقْبَلُ التَّوْبَةَ، وَلَا يَجْزِي بِآلَائِكَ أَحَدٌ، وَلَا يَبْلُغُ مِدْحَتَكَ قَوْلُ قَائِلٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا تم میں سے کوئی اُٹھ نہیں سکتا ہے کہ وہ چار رکعت عصر سے پہلے پڑھے اور اس میں وہی پڑھے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے: ''تَمَّ نُورُكَ فَهَدَيْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ، عَظُمَ حِلْمُكَ فَعَفَوْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ، بَسَطْتَ يَدَكَ فَأَعْطَيْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ رَبَّنَا، وَجْهُكَ أَكْرَمُ الْوُجُوهِ، وَجَاهُكَ أَعْظَمُ الْجَاهِ، وَعَطِيَّتُكَ أَفْضَلُ الْعَطِيَّةِ وَأَهْنَؤُهَا، تُطَاعُ رَبَّنَا فَتَشْكُرُ، وَتُعْصَى رَبَّنَا فَتَغْفِرُ، وَتُجِيبُ الْمُضْطَرَّ، وَتَكْشِفُ الضُّرَّ، وَتَشْفِي السَّقِيمَ، وَتَغْفِرُ الذَّنْبَ، وَتَقْبَلُ التَّوْبَةَ، وَلَا يَجْزِي بِآلَائِكَ أَحَدٌ، وَلَا يَبْلُغُ مِدْحَتَكَ قَوْلُ قَائِلٍ-''۔

437 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

435- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 158 . وابن حجر في المطالب العالية برقم: 3412' وفي كنز العمال برقم: 21798 كلهم عزوه الى المصنف .

436- أخرجه أبو داؤد في الأدب رقم الحديث: 5210' باب: ما جاء في رد الواحد عن الجماعة .

437- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 196 . الى البزار والطبراني في الأوسط والحافظ ابن حجر في المطالب العالية رقم الحديث: 1035 الى المصنف . وأخرجه البزار رقم الحديث: 1054 .

النَّرسِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُجْزِءُ عَنِ الْجَمَاعَةِ إِذَا مَرَّتْ أَنْ يُسَلِّمَ أَحَدُهُمْ، وَيُجْزِءُ عَنِ الْقُعُودِ أَنْ يَرُدَّ أَحَدُهُمْ

فرمایا: جماعت کی طرف سے کافی ہے کہ جب وہ گزرے ان میں ایک سلام کر دے تو یہ بیٹھنے والوں کے لیے کافی ہے کہ ان میں سے ایک جواب دے دے۔

438 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: صَوْمُ شَهْرِ الصَّبْرِ، وَثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، صَوْمُ الدَّهْرِ وَيُذْهِبُ وَهْيَ الصَّدْرِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبر کے مہینہ کا روزہ رکھو اور ہر ماہ تین روزے رکھو زمانہ کے روزے ہو جاتے ہیں یعنی سینے کو۔

439 - حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُهْدِيَتْ لَهُ حُلَّةٌ مِنْ حَرِيرٍ، قَالَ: فَكَسَانِيهَا، قَالَ عَلِيٌّ: فَخَرَجْتُ فِيهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَسْتُ أَرْضَى لَكَ مَا أَكْرَهُ لِنَفْسِي، فَأَمَرَنِي، فَشَقَقْتُهَا بَيْنَ نِسَائِي فَاطِمَةَ وَعَمَّتِهَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ریشم کا ایک حلہ ہدیہ دیا گیا' میں نے اس کو پہنا اور اس کو پہن کر نکلا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تیرے لیے وہی پسند کرتا ہوں جو اپنے لیے پسند کرتا ہوں اور تیرے لیے وہی ناپسند کرتا ہوں جو میں اپنے لیے ناپسند کرتا ہوں' میں نے اس کے دو ٹکڑے کر کے اپنی عورتوں کو دے دیا فاطمہ اور اپنی پھوپھی کو۔

440 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ، أَنَّ عَلِيًّا، قَالَ: قَدْ أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجوسی سے جزیہ لیتے تھے اور ابوبکر بھی اور میں بھی لیتا ہوں۔

438- مرّ تخريجه تحت رقم: 319 و 329 و 437 .

439- مرّ تخريجه تحت رقم: 301

440- أخرجه الحاكم جلد 3 صفحه 111-112' وأخرجه ابن ماجه في المقدمة رقم الحديث: 120' باب: فضل علي بن أبي طالب .

وَسَلَّمَ مِنَ الْمَجُوسِ الْجِزْيَةَ وَأَبُو بَكْرٍ وَأَنَا

441 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي النَّضْرُ بْنُ حُمَيْدٍ الْكُوفِيُّ، عَنْ أَبِي الْجَارُودِ، عَنِ الْحَارِثِ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيًّا جَاءَ حَتَّى صَعِدَ، فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: قَضَاءٌ قَضَاهُ اللَّهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ: أَنَّهُ لَا يُحِبُّنِي إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يُبْغِضُنِي إِلَّا مُنَافِقٌ، وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَى . قَالَ: قَالَ النَّضْرُ: وَقَالَ عَلِيٌّ: أَنَا أَخُو رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَابْنُ عَمِّهِ، لَا يَقُولُهَا أَحَدٌ بَعْدِي

حضرت حارث الھمدانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ تشریف لائے یہاں تک کہ منبر پر جلوہ افروز ہوئے' اللہ کی حمد اور اس کی ثناء کی' پھر فرمایا: فیصلہ اللہ کا فیصلہ ہے' جو تمہارے نبی کی زبان سے جاری ہوا ہے' وہ یہ ہے کہ مجھ سے مومن ہی محبت کرے گا اور منافق ہی بغض رکھے گا' وہ نقصان میں ہے جس نے افتراء باندھا۔ حضرت علی فرماتے ہیں: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھائی ہوں اور آپ کے چچا کا بیٹا ہوں' میرے بعد حضور کو بھائی کوئی نہ کہے۔

442 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ حَبَّةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: بُعِثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَأَسْلَمْتُ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت پیر کے دن ہوئی اور میں منگل کے دن اسلام لایا۔

443 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا الْأَجْلَحُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ حَبَّةَ بْنِ جُوَيْنٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا عَبَدَ اللَّهَ قَبْلِي، لَقَدْ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس امت میں سے کسی نے نہیں جانا آپ کے نبی ہونے کو سوائے میرے کسی نے نہیں جانا' میں نے اللہ کی عبادت کی ہے اُس وقت کسی نے عبادت نہیں کی' میں اس وقت چھ یا سات

441- أخرجه الترمذي في المناقب رقم الحديث: **3730**' باب: من أول المسلمين . وصححه الحاكم جلد **3** صفحه **112** . ووافقه الذهبي .

442- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **99** . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **102** الى أحمد كما مرّ والى المصنف والبزار والطبراني في الأوسط . وصححه الحاكم جلد **3** صفحه **112** وتعقبه الذهبي .

443- مرّ تخريجه تحت رقم: **263** .

عَبَدْتُهُ قَبْلَ أَنْ يَعْبُدَهُ أَحَدٌ مِنْهُمْ خَمْسَ سِنِينَ أَوْ سَبْعَ سِنِينَ

سال کا تھا۔

444 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: مَا عِنْدَنَا إِلَّا كِتَابُ اللّٰهِ وَهَذِهِ يَعْنِي الصَّحِيفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس اللہ کی کتاب اور یہ صحیفہ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے ہے' پھر باقی حدیث ذکر کی۔

445 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ صَالِحٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الْجُلَّاسِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ لِعَبْدِ اللّٰهِ السَّبَائِيِّ: وَيْلَكَ، وَاللّٰهِ مَا أَفْضَى إِلَيَّ بِشَيْءٍ كَتَمَهُ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ، وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ ثَلَاثِينَ كَذَّابًا وَإِنَّكَ لَأَحَدُهُمْ.

حضرت ابی جلاس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنا' آپ عبداللہ بن سبائی کو فرما رہے تھے: تیرے لیے ہلاکت ہو! اللہ کی قسم! میرے پاس کوئی شے نہیں جو میں نے چھپا کر رکھی ہو اور اس کو لوگوں میں کسی پر چھپا کر رکھی ہو' بے شک میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے' آپ نے فرمایا: قیامت سے پہلے تیس جھوٹے ہوں گے' ان میں سے ایک تو بھی ہے۔

446 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، بِإِسْنَادِهِ، مِثْلَهُ

حضرت محمد بن حسن اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

447 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، أَخْبَرَنِي أَبُو جُحَيْفَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيٍّ: هَلْ عِنْدَكُمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ سِوَى كِتَابِ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا،

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کی: کیا آپ کے پاس کتاب اللہ کے علاوہ کوئی شے ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! اس ذات کی قسم جس نے دانہ کو پھاڑا اور دانہ کو چیرا۔ ہمارے

444- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه333 الى المصنف .

446- أخرجه الحميدى برقم:40 . والطحاوى فى شرح معانى الآثار جلد3صفحه193 (338) .

447- أخرجه أحمد جلد 1صفحه79 . والترمذى فى الحج رقم الحديث: 871 و872' باب: ما جاء فى كراهـ الطواف عريانًا . والدارمى فى المناسك جلد2صفحه68' باب: لا يطوف بالبيت عريان .

وَالَّذِي فَلَقَ الْحَبَّةَ، وَبَرَأَ النَّسَمَةَ، مَا عِنْدَنَا شَيْءٌ سِوَى كِتَابِ اللَّهِ، إِلَّا أَنْ يُؤْتِيَ اللَّهُ رَجُلًا فَهْمًا فِي هَذَا الْقُرْآنِ، وَمَا فِي هَذِهِ الصَّحِيفَةِ، قَالَ: الْعَقْلُ، وَفِكَاكُ الْأَسِيرِ، وَلَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ

پاس کتاب اللہ کے علاوہ کوئی شے نہیں مگر ایک آدمی کو اللہ عزوجل نے قرآن کی سمجھ عطا فرمائی ہو جو اس صحیفہ میں ہے۔ یعنی دیت قیدیوں کو آزاد کرنے کے متعلق اور مسلمان کو کافر کے بدلے قتل نہیں کیا جائے گا۔

448 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أُثَيْعٍ، قَالَ: سَأَلْنَا عَلِيًّا، بِأَيِّ شَيْءٍ بُعِثْتَ؟ قَالَ: " بُعِثْتُ بِأَرْبَعٍ: أَلَّا يَطُوفَنَّ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ، وَلَا يَدْخُلُ الْحَرَمَ مُشْرِكٌ، وَمَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهْدٌ فَهُوَ إِلَى مُدَّتِهِ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ عَهْدٌ، فَلَهُ أَجَلُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ، وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا نَفْسٌ مُؤْمِنَةٌ." قَالَ زُهَيْرٌ: كَذَا قَالَ زَيْدُ بْنُ أُثَيْعٍ، وَإِنَّمَا هُوَ ابْنُ يُثَيْعٍ

حضرت زید بن اثیع فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کون سی شے دے کر آپ کو بھیجا گیا تھا؟ آپ نے فرمایا: مجھے چار حکم دے کر بھیجا گیا تھا① کوئی ننگے ہو کر طواف نہ کرے② حرم میں کوئی مشرک داخل نہ ہو جس کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان معاہدہ ہو اس کا معاہدہ اس کی مدت تک ہے جس کے لیے کوئی معاہدہ نہیں ہے اس کے لیے چار ماہ مہلت ہے اور جنت میں صرف مومن ہی داخل ہو گا۔ حضرت زہیر فرماتے ہیں: زید بن اثیع نے ایسے ہی کہا ہے وہ ابن یثیع ہی ہیں۔

449 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ، وَمَحْمُودُ بْنُ خِدَاشٍ وَغَيْرُهُمَا، قَالُوا: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنِ الْأَزْهَرِ بْنِ رَاشِدٍ الْكَاهِلِيِّ، وَفِي حَدِيثِ مَحْمُودٍ: حَدَّثَنَا الْأَزْهَرُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنِ الْخَضِرِ بْنِ الْقَوَّاسِ، عَنْ أَبِي سُخَيْلَةَ، قَالَ: قَالَ لَنَا عَلِيٌّ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ، وَفِي حَدِيثِ الْجُمَحِيِّ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي سُخَيْلَةَ، عَنْ

حضرت ابی سخیلہ رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، آپ نے فرمایا: کیا میں تم کو قرآن کی افضل آیت نہ بتاؤں جو مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائی ہے! وہ آیت ''مَا اَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَنْ كَثِيرٍ'' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! میں تمہارے لیے اس کی تفسیر کرتا ہوں جو تم کو دنیا میں آزمائش یا مرض یا سزا ملے اللہ زیادہ معزز ہے کہ وہ تم کو آخرت میں دوبارہ سزا دے اور جو تم کو دنیا میں معاف کر

448- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 159,99,85 . والترمذي في الايمان رقم الحديث: 2628، باب: ما جاء في لا يزني الزاني وهو مؤمن . وابن ماجه في الحدود رقم الحديث: 2604، باب: الحد كفارة .

449- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 99 الى المصنف .

عَلِيٌّ، أَنَّهُ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَفْضَلِ آيَةٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ حَدَّثَنِي بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: (مَا أَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَنْ كَثِيرٍ) (الشورى:30) قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَأُفَسِّرُهَا لَكَ يَا عَلِيُّ، مَا أَصَابَكُمْ فِي الدُّنْيَا مِنْ بَلَاءٍ أَوْ مَرَضٍ أَوْ عُقُوبَةٍ فَاللَّهُ أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يُثَنِّيَ عَلَيْكُمُ الْعُقُوبَةَ فِي الْآخِرَةِ، وَمَا عَفَا عَنْهُ فِي الدُّنْيَا، فَاللَّهُ أَحْلَمُ مِنْ أَنْ يَعُودَ بَعْدَ عَفْوِهِ

دیا' اللہ زیادہ بردبار ہے اس کے کہ وہ اس کے معاف کرنے کے بعد دوبارہ لوٹا لائے۔

450 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ، صَاحِبِ الرُّمَّانِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: دَخَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَقَدْ وَرِمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تُخْرِجُوهُ عَنْهُ؟ قَالَ: فَبُطَّ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاهِدٌ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ انصار کے ایک گھر میں داخل ہوئے' اس حال میں کہ اس انصاری کو کوئی تکلیف پہنچی تھی' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے اس کو نکالتے کیوں نہیں ہو؟ اس نے کہا: پھوڑے کو پھاڑ کر پیپ وغیرہ نکالی گئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کو دیکھ رہے تھے۔

451 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا مَسْرُورُ بْنُ سَعِيدٍ التَّمِيمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكْرِمُوا عَمَّتَكُمُ النَّخْلَةَ، فَإِنَّهَا خُلِقَتْ مِنَ الطِّينِ الَّذِي خُلِقَ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی پھوپھی کھجور کی عزت کرو' یہ اس مٹی سے پیدا کی گئی ہے جس سے آدم کو پیدا کیا گیا ہے' کسی اور درخت سے لقح نہ کرو اس کے علاوہ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی عورتوں کو بچے کی پیدائش

450- أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء جلد6صفحه123 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه89 الى المصنف .

451- أخرجه النسائي في الطهارة جلد 1صفحه97' باب: ما ينقض الوضوء' وما لا ينقض الوضوء . والحميدي رقم الحديث:39 .

مِنْهُ آدَمُ، وَلَيْسَ مِنَ الشَّجَرِ يُلْقَحُ غَيْرُهَا، وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَطْعِمُوا نِسَاءَ كُمُ الْوُلَّدَ الرُّطَبَ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ رُطَبٌ فَالتَّمْرُ، وَلَيْسَ مِنَ الشَّجَرِ أَكْرَمُ عَلَى اللَّهِ مِنْ شَجَرَةٍ نَزَلَتْ تَحْتَهَا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ

کے وقت تازہ کھجور کھلاؤ، اگر تازہ نہ ملے تو خشک کھلایا کرو، اس درخت سے زیادہ اللہ کے ہاں کوئی درخت عزت والا نہیں ہے، حضرت مریم اس درخت کے نیچے اتری تھیں۔

452 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، سَمِعَ عَمْرٌو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشِ بْنِ أَنَسٍ، سَمِعَ عَلِيًّا، يُحَدِّثُ النَّاسَ عَلَى الْمِنْبَرِ: قُلْتُ لِعَمَّارٍ: سَلْ لِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ، فَإِنَّ ابْنَتَهُ تَحْتِي، وَإِنِّي أَسْتَحْيِي أَنْ أَسْأَلَهُ، فَسَأَلَهُ، فَقَالَ: إِذَا وَجَدَ ذَاكَ، فَلْيَتَوَضَّأْ

حضرت عائش بن انس فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنا کہ لوگوں سے منبر پر بیان کر رہے تھے: میں نے عمار سے کہا کہ میرے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مذی کے متعلق پوچھو کیونکہ آپ کی لخت جگر میرے نکاح میں ہے' اس وجہ سے حیاء کرتا ہوں۔ حضرت عمار سے پوچھا تو آپ نے ارشاد فرمایا: جب یہ ہو جائے تو وضو کرلیا کرو۔

453 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ؟ فَقَالَ: فِيهِ الْوُضُوءُ، وَيَغْسِلُهُ، وَفِي الْمَنِيِّ الْغُسْلُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مذی کے متعلق پوچھا گیا؟ آپ نے فرمایا: اس میں وضو اور آلہ تناسل کو دھونا اور منی میں غسل ہے۔

454 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایسا آدمی تھا

452- مرَّ تخريجه تحت رقم: 314 و 362 و 456 و 458 .

453- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 107 . وعبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 1 صفحه 150,149 . وأبو داؤد في الضحايا رقم الحديث: 2790' باب: الأضحية عن الميت . والترمذي في الأضاحي رقم الحديث: 1495' باب: ما جاء في الأضحية عن الميت . والبيهقي جلد 9 صفحه 288 . وعزاه الحاكم في المستدرك جلد 4 صفحه 230 . وعبد الرزاق رقم الحديث: 8137' باب: الضحايا جلد 4 صفحه 381 .

454- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 107 . وعبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 1 صفحه 150,149 . وأبو داؤد في الضحايا رقم الحديث: 2790' باب: الأضحية عن الميت . والترمذي في الأضاحي رقم الحديث: 1495'

مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ مُنْذِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ رَجُلًا مَذَّاءً، فَاسْتَحْيَا أَنْ يَسْأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ، قَالَ: فَقَالَ لِلْمِقْدَادِ: سَلْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَذْيِ، قَالَ: فَسَأَلَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيهِ الْوُضُوءُ

کہ جس کو بہت زیادہ مذی آتی تھی لیکن میں رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھنے سے حیاء کرتا تھا میں نے مقداد سے کہا کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے مذی کے متعلق پوچھیں حضرت مقداد نے آپ سے پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس صورت میں وضو لازم آتا ہے۔

455 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي الْحَسْنَاءِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ حَنَشٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُضَحِّيَ عَنْهُ بِكَبْشَيْنِ، فَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَفْعَلَهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ میں آپ کی طرف سے دو مینڈھوں کی قربانی کروں میں ایسا کرنا پسند کرتا ہوں۔

456 - حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ أَسْلَمَ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِتِسْعِ سُوَرٍ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ، وَإِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ، وَإِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ، وَفِي الثَّانِيَةِ الْعَصْرُ، وَإِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ، وَإِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ، وَفِي

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ وتروں میں نو سورتیں پڑھتے تھے پہلی رکعت میں الھاکم التکاثر اور انا انزلنا فی لیلۃ القدر اور اذا زلزلت الارض اور دوسری میں سورۂ عصر اور اذا جاء نصر اللّٰہ والفتح اور انا اعطیناك الکوثر اور تیسری رکعت میں قل یا ایھا الکفرون اور سورہ تبت اور قل ھو اللّٰہ احد۔

باب: ما جاء فی الأضحية عن الميت . والبيهقی جلد 9 صفحه 288 . وعزاه الحاكم فی المستدرك جلد 4 صفحه 230 . وعبد الرزاق رقم الحديث: 8137، باب: الضحايا جلد 4 صفحه 381 .

455- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 89 . والترمذی فی الصلاة رقم الحديث: 460، باب: ما جاء فی الوتر بثلاث . والطحاوی فی شرح معانی الآثار جلد 1 صفحه 290 .

456- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 92 . ومسلم فی الصيام رقم الحديث: 1141، باب: تحريم صوم أيام التشرق، و رقم الحديث: 1442 فی الصيام، باب: تحريم صوم أيام التشرق .

الثَّالِثَةِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَتَبَّتْ، وَقُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ

457 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ مَسْعُودِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ أُمِّهِ، أَنَّهَا حَدَّثَتْهُ قَالَتْ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى عَلِيٍّ عَلَى بَغْلَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الشَّهْبَاءِ فِي شِعْبِ الْأَنْصَارِ، وَهُوَ يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّهَا لَيْسَتْ أَيَّامَ صِيَامٍ، إِنَّهَا أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ، أَيَّامُ مِنًى

حضرت مسعود بن حکم اپنی امی سے بیان کرتے ہیں کہ وہ فرماتی ہیں: گویا میں اب بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھ رہی ہوں کہ آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خچر اشھباء پر انصار کے گروہ میں سوار تھے اور فرما رہے تھے: اے لوگو! بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منی کے دن روزے رکھنے کے نہیں ہیں' یہ دن کھانے پینے کے ہیں۔

458 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي أَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: دُفِعْتُ مَعَ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ، فَلَمْ أَزَلْ أَسْمَعُهُ، يَقُولُ: لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ حَتَّى انْتَهَى إِلَى الْجَمْرَةِ، قُلْتُ لَهُ: مَا هَذَا الْإِهْلَالُ يَا أَبَا عَبْدِ اللَّهِ؟ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ أَبِي عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ يُهِلُّ حَتَّى إِذَا انْتَهَى إِلَى الْجَمْرَةِ، وَحَدَّثَنِي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهَلَّ حَتَّى انْتَهَى إِلَيْهَا

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے ساتھ مزدلفہ سے لوٹا۔ میں مسلسل آپ کو لبیک لبیک پڑھتے ہوئے سنتا رہا یہاں تک کہ جمرہ کے پاس آئے' میں نے عرض کی: اے عبداللہ! یہ کون سا تلبیہ ہے؟ فرمایا: میں نے اپنے والد ماجد علی بن ابی طالب کو تلبیہ پڑھتے ہوئے سنا جب تک آپ جمرات کے پاس نہیں پہنچے اور مجھے بتایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہاں پہنچنے تک تلبیہ پڑھتے رہتے تھے۔

457- مرّ تخريجه تحت رقم: 321 .

458- أخرجه النسائي في الفيء جلد 3 صفحه 131 وجلد 7 صفحه 131 . وابن ماجه في الجهاد رقم الحديث: 2850' باب: الغلول . وأبي داؤد في الجهاد رقم الحديث: 2755' باب: في الامام يستأثر بشيء من الفيء .

459 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ أَبَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو ابْنُ أَخِي عِلْبَاءٍ، عَنْ عِلْبَاءٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ مَرَّتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِبِلُ الصَّدَقَةِ فَأَخَذَ وَبَرَةً مِنْ ظَهْرِ بَعِيرٍ فَقَالَ: مَا أَنَا أَحَقُّ بِهَذِهِ الْوَبَرَةِ مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت علباء' حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم زکوۃ کے اونٹوں کے پاس سے گزرے تو آپ نے اونٹ کی پیٹھ سے بال لیے اور فرمایا: مسلمانوں میں سے کسی ایک آدمی سے زیادہ اس کے بال لینے کا زیادہ حق دار نہیں ہوں۔

460 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، " أَنَّ عَلِيًّا كَانَ يَسِيرُ حَتَّى إِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَأَظْلَمَ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ، ثُمَّ تَعَشَّى، ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ، عَلَى إِثْرِهَا، ثُمَّ يَقُولُ: هَكَذَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ"

حضرت عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی اپنے باپ دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ چل رہے تھے یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا اور اندھیرا چھا گیا۔ آپ اترے یعنی پڑاؤ ڈالا' آپ نے مغرب کی نماز پڑھائی، پھر عشاء کا وقت ہوا آپ نے عشاء کی نماز پڑھائی اس کے بعد پھر فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے کرتے ہوئے دیکھا۔

461 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَاسِينَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَهْدِيُّ مِنْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ يُصْلِحُهُ اللّٰهُ فِي لَيْلَةٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہدی تم سے ہے' اے اہل بیت! اللہ عزوجل اس کی اصلاح کرے گا ایک رات کے اندر۔

459- أخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 1صفحه136 . وأبو داؤد في الصلاة رقم الحديث: 1234' باب: حتى يتم المسافر .

461- أخرجه أحمد جلد 1صفحه84 . وابن ماجه في الفتن رقم الحديث: 4085' باب: خروج المهدى . وأحمد جلد 1صفحه98 وجلد 5صفحه278,145 . والترمذى في الفتن رقم الحديث: 2230' باب: ما جاء في الأئمة المضلين . والدارمي في المقدمة جلد 2صفحه70 . وابن ماجه في الفتن رقم الحديث: 3952' باب: ما يكون في الفتن .

462 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُجَيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ نَائِمٌ، فَذَكَرْنَا الدَّجَّالَ، فَاسْتَيْقَظَ مُحْمَرًّا وَجْهُهُ فَقَالَ: " غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُ عِنْدِي عَلَيْكُمْ مِنَ الدَّجَّالِ: أَئِمَّةٌ مُضِلُّونَ"

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' ہم نے دجال کا ذکر کیا تو آپ اٹھے تو آپ کا چہرہ سرخ تھا۔ آپ نے فرمایا: مجھے دجال کے علاوہ تم پر خوف ہے: گمراہ کن ائمہ کا۔

463 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا أَبُو كُدَيْنَةَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ دَجَاجَةَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عَلِيٍّ إِذْ جَاءَهُ أَبُو مَسْعُودٍ، فَقَالَ عَلِيٌّ: قَدْ جَاءَ فَرُّوخُ، فَجَلَسَ، فَقَالَ عَلِيٌّ: إِنَّكَ تُفْتِي النَّاسَ؟ فَقَالَ: أَجَلْ، وَأُخْبِرُهُمْ أَنَّ الْآخِرَةَ شَرٌّ، قَالَ: فَأَخْبِرْنِي، هَلْ سَمِعْتَ مِنْهُ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُهُ، يَقُولُ: " لَا يَأْتِي عَلَى النَّاسِ سَنَةُ مِائَةٍ وَعَلَى الْأَرْضِ عَيْنٌ تَطْرِفُ، فَقَالَ عَلِيٌّ: أَخْطَأَتِ اسْتُكَ الْحُفْرَةَ، وَأَخْطَأْتَ فِي أَوَّلِ فُتْيَاكَ، إِنَّمَا قَالَ: ذَاكَ لِمَنْ حَضَرَهُ يَوْمَئِذٍ، هَلِ الرَّخَاءُ إِلَّا بَعْدَ الْمِائَةِ؟

حضرت نعیم بن دجاجہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اچانک ابومسعود آئے حضرت علی نے فرمایا: فروخ آیا ہے۔ پس وہ بیٹھ گئے حضرت علی نے فرمایا: تو لوگوں کو فتوی دیتا ہے؟ عرض کی: جی ہاں! میں ان کو بتاتا ہوں سو بعد میں آنے والا وقت' شر ہے مجھے بتائیے کیا آپ نے اس حوالہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی شے سنی ہے؟ عرض کی: جی ہاں! میں نے سنا ہے فرماتے ہوئے کہ لوگوں پر ایک سو سال آئے گا اور زمین پر آنکھ جھپکنے والا نہیں رہے گا۔ حضرت علی نے فرمایا: تیری پیٹھ نے گڑھا کھودنے میں خطاء کر دی اور تو نے پہلے فتوی میں غلطی کی ہے اور فرمایا: یہ اس کے لیے ہے جو اس دن حاضر ہوگا' کیا خوشحالی سو سال کے بعد آئے گی؟

464 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا مِنْدَلٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عَابِسٍ، عَنْ أَبِيهَا، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ:

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بچہ ماں کے پیٹ سے گر جاتا ہے' اگر اس کے والدین کو اللہ عزوجل جہنم میں داخل کرے گا تو وہ اپنے

462- أخرجه أحمد جلد1صفحه93 . وابنه عبد الله في زوائد المسند جلد1صفحه140 .

463- أخرجه ابن ماجه في الجنائز رقم الحديث:1608' باب: ما جاء فيمن أصيب بسقط .

464- أخرجه أحمد جلد2صفحه367 . وأبو داؤد في المناسك رقم الحديث:2032' باب: زيارة القبور .

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ السِّقْطَ لَيُرَاغِمُ رَبَّهُ إِنْ أَدْخَلَ أَبَوَيْهِ النَّارَ حَتَّى يُقَالَ لَهُ: أَيُّهَا السِّقْطُ الْمُرَاغِمُ رَبَّهُ، ارْجِعْ فَإِنِّي قَدْ أَدْخَلْتُ أَبَوَيْكَ الْجَنَّةَ" ، قَالَ: فَيَجُرُّهُمَا بِسَرَرِهِ حَتَّى يُدْخِلَهُمَا الْجَنَّةَ

رب سے جھگڑے گا یہاں تک کہ اس کو کہا جائے گا: اے گر جانے والے بچے! واپس چلا جا میں نے تیرے والدین کو جنت میں داخل کردیا وہ گرنے والا بچہ اپنی انتڑیوں کے ساتھ اپنے ماں باپ کو کھینچ کر جنت میں داخل کرے گا۔

465 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، مِنْ وَلَدِ ذِي الْجَنَاحَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، أَنَّهُ رَأَى رَجُلًا يَجِيءُ إِلَى فُرْجَةٍ كَانَتْ عِنْدَ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَدْخُلُ فِيهَا فَيَدْعُو، فَنَهَاهُ، فَقَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكُمْ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَتَّخِذُوا قَبْرِي عِيدًا، وَلَا بُيُوتَكُمْ قُبُورًا، فَإِنَّ تَسْلِيمَكُمْ يَبْلُغُنِي أَيْنَمَا كُنْتُمْ

حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انہوں نے ایک آدمی دیکھا وہ خالی جگہ کی طرف آیا جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے پاس تھی' اس میں داخل ہوا' اس کو بلوایا اور اس کو منع کیا اور فرمایا: کیا میں آپ کو حدیث بیان کروں جو میں نے اپنے ابو سے' انہوں نے میرے نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے کہ آپ نے فرمایا: میری قبر کو عید نہ بناؤ اور قبروں کو گھروں میں نہ بناؤ بے شک تمہارا سلام مجھے پہنچا دیا جاتا ہے تم جہاں بھی ہوتے ہو۔

466 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، أَخْبَرَنِي الْعَبَّاسُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زَيْدِ بْنِ طَلْقٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: لَمَّا تَزَوَّجْتُ فَاطِمَةَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا أَبِيعُ، فَرَسِي أَوْ دِرْعِي؟ قَالَ: بِعْ دِرْعَكَ فَبِعْتُهَا بِثِنْتَيْ عَشْرَةَ أُوقِيَّةً فَكَانَ ذَاكَ مَهْرَ فَاطِمَةَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب میں نے فاطمہ سے شادی کی' میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اپنا گھوڑا یا اپنی زرہ فروخت کروں؟ آپ نے فرمایا: اپنی زرہ فروخت کرو! میں نے وہ فروخت کی بارہ اوقیہ چاندی کے بدلے' وہ حضرت فاطمہ کا مہر تھا۔

467 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ،

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے لیے رات

465- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه283 الى المصنف .

466- أخرجه ابن ماجه في الزهد رقم الحديث:4154' باب: ضجاع آل محمد صلى الله عليه وسلم .

467- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه239,238 . الى المصنف' وقال: رواه البزار بنحوه . وذكره

وَأَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: مَا كَانَ لَنَا لَيْلَةَ أَهْدَى إِلَيَّ فَاطِمَةَ شَيْءٌ نَنَامُ عَلَيْهِ إِلَّا جِلْدُ كَبْشٍ

کو سونے کے لیے فاطمہ کی طرف سے کوئی شے ہدیہ نہیں دی گئی سوائے مینڈھے کے چمڑے کے۔

468 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَأَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، وَهَذَا لَفْظُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عَلِيٍّ وَهُوَ فِي بَعْضِ أَمْرِ النَّاسِ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ عَلَيْهِ ثِيَابُ السَّفَرِ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَشَغَلَ عَلِيًّا مَا كَانَ فِيهِ مِنْ أَمْرِ النَّاسِ، قَالَ: إِنِّي . فَقُلْتُ: مَا شَأْنُكَ؟ قَالَ: فَقَالَ: كُنْتُ حَاجًّا، أَوْ مُعْتَمِرًا، قَالَ: لَا أَدْرِي أَيَّ ذَلِكَ قَالَ، فَمَرَرْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَقَالَتْ: مَنْ هَؤُلَاءِ الْقَوْمِ الَّذِينَ خَرَجُوا قِبَلَكُمْ يُقَالُ لَهُمُ الْحَرُورِيَّةُ؟ قَالَ: قُلْتُ: فِي مَكَانٍ يُقَالُ لَهُ حَرُورَاءُ، قَالَ: فَسُمُّوا بِذَلِكَ الْحَرُورِيَّةَ، قَالَ: فَقَالَتْ: طُوبَى لِمَنْ شَهِدَ هَلَكَتَهُمْ، قَالَتْ: أَمَا وَاللَّهِ لَوْ سَأَلْتُمُ ابْنَ أَبِي طَالِبٍ لَأَخْبَرَكُمْ خَبَرَهُمْ، فَمِنْ ثَمَّ جِئْتُ أَسْأَلُهُ عَنْ ذَلِكَ، قَالَ: وَفَرَغَ عَلِيٌّ فَقَالَ: أَيْنَ الْمُسْتَأْذِنُ؟ فَقَامَ عَلَيْهِ فَقَصَّ عَلَيْهِ مِثْلَ مَا قَصَّ عَلَيَّ، قَالَ: فَأَهَلَّ عَلِيٌّ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ عِنْدَهُ أَحَدٌ إِلَّا عَائِشَةُ، قَالَ:

حضرت عاصم بن کلیب اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت علی کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپ لوگوں کے کاموں میں مشغول تھے اچانک آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اُس نے سفر والے کپڑے پہنے ہوئے تھے، اس نے عرض کی: اے امیر المومنین! پس اس نے حضرت علی کو لوگوں کے کاموں سے بے خبر کر دیا' کہنے لگا: بے شک میں۔ میں نے کہا: تجھے کیا کام ہے' اس نے کہا: جی ہاں! حج یا عمرہ کروں' فرمایا: میں نے کہا: مجھے معلوم نہیں۔ میں حضرت عائشہ کے پاس سے گزرا' حضرت عائشہ نے فرمایا: یہ لوگ کون تھے جو تم سے پہلے نکلے ہیں' کیا ان کو حروریہ کہا جاتا ہے؟ میں نے عرض کی: جس مکان میں ہیں' اس کو حروراء کہا جاتا ہے۔ حضرت عائشہ نے فرمایا: خوشخبری اس کے لیے جو ان کو ہلاک ہوتا دیکھے۔ حضرت عائشہ نے فرمایا: بہرحال اللہ کی قسم! اگر تم علی بن ابی طالب سے پوچھو گے تو تم کو ان کے متعلق بتائیں گے۔ پھر میں آیا اور میں نے آپ سے ان کے متعلق پوچھا' حضرت علی فارغ ہو چکے تھے' فرمایا: اجازت لینے والا کہاں ہے؟ اس کے بعد حضرت علی

الحافظ ابن حجر في المطالب العالية برقم: 4502 وعزاه الى ابن أبي شيبة والمصنف أيضًا .

468- أخرجه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 238,237 . وعزاه الحافظ ابن حجر في المطالب العالية رقم الحديث: 4504 الى أبي بكر واسحق والمصنف وصحح اسناده .

فَقَالَ لِي: يَا عَلِيُّ، كَيْفَ أَنْتَ وَقَوْمٌ يَخْرُجُونَ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ، يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ أَوْ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُونَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، فِيهِمْ رَجُلٌ مُخْدَجُ الْيَدِ كَأَنَّ يَدَهُ ثَدْيُ حَبَشِيَّةٍ، ثُمَّ قَالَ: نَشَدْتُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، أَحَدَّثْتُكُمْ أَنَّهُ فِيهِمْ، قَالُوا: نَعَمْ، فَذَهَبْتُمْ فَالْتَمَسْتُمُوهُ ثُمَّ جِئْتُمْ بِهِ تَسْحَبُونَهُ كَمَا نُعِتَ لَكُمْ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

کھڑے ہوئے' وہی بات بتائی جو مجھے بتائی گئی تھی' حضرت علی نے تین مرتبہ لا الٰہ الا اللہ پڑھا پھر فرمایا: میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا آپ کے پاس حضرت عائشہ کے علاوہ کوئی نہیں تھا' مجھے فرمایا: اے علی! آپ کیسی حالت میں ہوں گے اس وقت ایک قوم فلاں فلاں جگہ سے نکلے گی ہاتھ سے اشارہ کیا مشرق کی جانب قرآن پڑھیں گے قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ وہ اسلام سے نکل جائیں جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے ان میں ایک آدمی ہوگا اس کا ہاتھ ایسے ہوگا جس طرح حبشی عورت کا پستان ہوتا ہے' پھر فرمایا: میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے کیا میں نے تم کو بیان کیا ہے وہ ان میں موجود ہے۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! پس تم نے جا کر اسے تلاش کیا' پھر تم اس کو لے آئے' اس حال میں کہ تم اسے گھسیٹ رہے تھے' جس طرح تم کو میں نے بتایا ہے' پھر فرمایا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا ہے' تین مرتبہ فرمایا۔

469 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ سِيَاهٍ، حَدَّثَنَا حَبِيبُ بْنُ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: أَتَيْتُهُ فَسَأَلْتُهُ عَنْ هَؤُلَاءِ الْقَوْمِ الَّذِينَ قَتَلَهُمْ عَلِيٌّ، قَالَ: قُلْتُ: فِيمَ فَارَقُوهُ؟ وَفِيمَ اسْتَحَلُّوهُ؟ وَفِيمَ دَعَاهُمْ؟ وَفِيمَ فَارَقُوهُ؟ وَبِمَ اسْتَحَلَّ دِمَاءَهُمْ؟ قَالَ:

حضرت ابی وائل فرماتے ہیں کہ میں آپ کے پاس آیا میں نے ان لوگوں کے متعلق پوچھا جن کو حضرت علی نے قتل کیا تھا میں نے کہا ان کا خون کیوں بہا تھا؟ ان کا خون کیوں مباح کیا تھا کس لیے ان کو اس طرف دعوت دی تھی یا کیوں ان کا خوب بہا ہے کس وجہ سے ان کا خون کو مباح جانا گیا؟ فرمایا: جب شام میں مقام

469- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 87,86 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 237,235 الى المصنف .

إِنَّهُ لَمَّا اسْتَحَرَّ الْقَتْلُ فِي أَهْلِ الشَّامِ بِصِفِّينَ اعْتَصَمَ مُعَاوِيَةُ وَأَصْحَابُهُ بِحِيَلٍ، فَقَالَ لَهُ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ: أَرْسِلْ إِلَيَّ بِالْمُصْحَفِ، فَلَا وَاللَّهِ لَا نَرُدُّهُ عَلَيْكَ، قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ يَحْمِلُهُ فَنَادَى: بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللَّهِ (أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِنَ الْكِتَابِ) (آل عمران: 23) الْآيَةَ، قَالَ عَلِيٌّ: نَعَمْ، بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللَّهِ إِنَّا أَوْلَى بِهِ مِنْكُمْ، فَجَاءَتِ الْخَوَارِجُ، وَكُنَّا نُسَمِّيهِمْ يَوْمَئِذٍ الْقُرَّاءَ، وَجَاءُوا بِأَسْيَافِهِمْ عَلَى عَوَاتِقِهِمْ، وَقَالُوا: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، أَلَا تَمْشِي إِلَى هَؤُلَاءِ الْقَوْمِ حَتَّى يَحْكُمَ اللَّهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، فَقَامَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ اتَّهِمُوا أَنْفُسَكُمْ، لَقَدْ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَلَوْ نَرَى قِتَالًا قَاتَلْنَا، وَذَاكَ فِي الصُّلْحِ الَّذِي كَانَ بَيْنَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ الْمُشْرِكِينَ، فَجَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَسْنَا عَلَى حَقٍّ وَهُمْ عَلَى بَاطِلٍ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: فَعَلَامَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِينِنَا وَنَرْجِعُ وَلَمْ يَحْكُمِ اللَّهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ؟ قَالَ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ وَلَنْ يُضَيِّعَنِي اللَّهُ أَبَدًا، فَانْطَلَقَ عُمَرُ وَلَمْ يَصْبِرْ مُتَغَيِّظًا، حَتَّى أَتَى أَبَا بَكْرٍ فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ، أَلَسْنَا عَلَى حَقٍّ وَهُمْ عَلَى بَاطِلٍ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ، قَالَ: بَلَى، قَالَ:

ٹھنڈ بھی لگ رہی تھی' میں نے صوف کا ایک کپڑا لیا جو ہمارے پاس ہوتا تھا' پھر میں نے اُسے اپنی گردن میں داخل کیا' اس کو اپنے سینے تک چڑھایا' میں اس سے گرمی حاصل کررہا تھا' اللہ کی قسم! میرے گھر میں کوئی شی کھانے کی نہیں تھی' اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں ہوتی تو مجھے ضرور پہنچا دیتے' میں مدینہ کے کسی گاؤں کی طرف نکلا' میں ایک یہودی کے باغ میں داخل ہوا' میں نے دیوار کے سوراخ سے جھانک کر دیکھا تو اس نے کہا: اے دیہاتی کیا ہے؟ کیا آپ ایک ڈول کے بدلے کھجور لینے کو تیار ہیں مزدوری پر؟ میں نے کہا: جی ہاں! اس نے میرے لیے باغ کا دروازہ کھولا' میں داخل ہوا' میں ڈول کھینچنے لگا' وہ مجھے کھجوریں دینے لگا یہاں تک کہ میری ہتھیلی بھر گئی' میں نے کہا: مجھے تیری طرف سے اب کافی ہیں' میں نے اُن کو کھایا پھر پانی پیا' پھر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' میں آپ کے ساتھ مسجد میں بیٹھا' آپ اپنے صحابہ کے گروہ کے ساتھ تھے' ہمارے پاس مصعب بن عمیر ایک پرانی چادر میں آئے حالانکہ وہ مکہ میں بڑے مال دار تھے' جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھا تو اس کا ذکر کیا جو مال دار تھا اور اس کی حالت دیکھی جو موجود تھی' آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے' آپ روئے' پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم آج بہتر ہو کہ یا تم پر ایسا وقت آئے گا کہ تمہارے پاس روٹی اور گوشت اور طرح طرح کے کھانے ہوں گے' ایک کپڑے کا جوڑا صبح اور ایک شام کو پہنو گے اور تم اپنے گھروں میں پردے اس طرح

خَيْرٌ، نَتَفَرَّغُ لِلْعِبَادَةِ، قَالَ: بَلْ أَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ

لٹکاؤ گے جس طرح کعبہ پر لٹکائے جائیں گے۔ ہم نے عرض کی: ہم اس دن اچھے ہوں گے' ہم اچھی طرح عبادت کریں گے۔ آپ نے فرمایا: تم آج بہتر ہو۔

499 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، زَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ عَلَى دِرْعِ حَدِيدٍ حُطَمِيَّةٍ، وَكَانَ سَلَّحَنِيهَا وَقَالَ: ابْعَثْ بِهَا إِلَيْهَا تُحَلِّلْهَا بِهَا، فَبَعَثْتُ بِهَا إِلَيْهَا، وَاللّٰهِ مَا ثَمَنُهَا كَذَا وَأَرْبَعِ مِائَةِ دِرْهَمٍ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لوہے کی زرہ مہر پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح مجھ کر دیا جبکہ آپ نے وہ مجھے بطور ہتھیار دی تھی اور فرمایا: اسے ان کی طرف لے جاؤ اور اس کے بدلے ان کو لباس لے کر پہناؤ' میں اس کو لے کر گیا تو قسم بخدا! اس کی قیمت چار سو درہم لگائی گئی۔

500 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَيْرُوزَ، حَدَّثَنِي حُضَيْنُ بْنُ الْمُنْذِرِ الرَّقَاشِيُّ، قَالَ: شَهِدْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ وَأُتِيَ بِالْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ قَدْ صَلَّى بِأَهْلِ الْكُوفَةِ الصُّبْحَ أَرْبَعًا، ثُمَّ قَالَ: أَزِيدُكُمْ؟، قَالَ: شَهِدَ عَلَيْهِ حُمْرَانُ وَرَجُلٌ آخَرُ، شَهِدَ أَحَدُهُمَا أَنَّهُ رَآهُ يَشْرَبُهَا، يَعْنِي الْخَمْرَ، وَشَهِدَ الْآخَرُ أَنَّهُ رَآهُ يَتَقَيَّؤُهَا، فَقَالَ عُثْمَانُ: إِنَّهُ لَمْ يَتَقَيَّأْهَا حَتَّى شَرِبَهَا، فَقَالَ: لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَقِمْ

حضرت حصین بن منذر الرقاشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر تھا، آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ولید بن عقبہ کو لایا گیا اس نے صبح کی نماز میں اہل کوفہ کو چار رکعتیں پڑھائی تھیں۔ پھر فرمایا کیا تم نے اضافہ کیا ہے؟ اس پر حمران نے گواہی دی، ایک دوسرے آدمی نے کہا کہ ان میں سے ایک کو دیکھا ہے اس نے شراب پی۔ دوسرے نے گواہی دی اس نے دیکھا ہے اس کو کہ اس نے شراب کی قے کی ہے؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اُس نے شراب کی قے کی ہے'

499- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 145,144,140,82 . ومسلم في الحدود رقم الحديث: 1707' باب: حد الخمر . وأبو داؤد في الحدود رقم الحديث: 4481,4480' باب: الحد في الخمر . وابن ماجه في الحدود رقم الحديث: 2571' باب: حد السكران . والدارمي في الحدود جلد 2 صفحه 175' باب: في حد الخمر .

500- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 327 الى المصنف . كما أورده الحافظ ابن حجر في المطالب العالية رقم الحديث: 1960 .

عَلَيْهِ الْحَدَّ، فَقَالَ عَلِيٌّ لِابْنِهِ الْحَسَنِ: أَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ، فَقَالَ الْحَسَنُ: وَلِّ حَارَّهَا مَنْ تَوَلَّى قَارَّهَا، فَقَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ ابْنِ أَخِيهِ: أَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ فَأَخَذَ سَوْطًا فَجَلَدَهُ، وَعَلِيٌّ يَعُدُّ فَلَمَّا بَلَغَ أَرْبَعِينَ، قَالَ: أَمْسِكْ، جَلَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعِينَ، وَأَبُو بَكْرٍ أَرْبَعِينَ، وَعُمَرُ ثَمَانِينَ، وَكُلٌّ سُنَّةٌ وَهَذَا أَحَبُّ إِلَيَّ

اس کا مطلب ہے کہ اس نے شراب پی ہے' حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا اس پر حد لگائیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے لخت جگر مولا حسن رضی اللہ عنہ سے کہا. اس پر حد لگاؤ۔ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اس پر حد لگاؤ۔ آپ رضی اللہ عنہ نے کوڑا پکڑا اس کو کوڑے لگانے شروع کیے۔ حضرت علی شمار کر رہے تھے۔ جب چالیس ہوئے۔ فرمایا: بس کرو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے چالیس لگائے تھے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے اسّی لگائے تھے۔ سارے سنت ہیں یہ طریقہ بنالو۔

501 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: كَانَ شِعَارُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا كُلَّ خَيْرٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارک تھی' اے ساری خیر ہے۔

502 - حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي الْمُوَرِّعِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جِنَازَةٍ، فَقَالَ: أَلَا رَجُلٌ يَذْهَبُ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَلَا يَدَعُ قَبْرًا إِلَّا سَوَّاهُ، وَلَا صُورَةً إِلَّا طَلَخَهَا، وَلَا وَثَنًا إِلَّا كَسَرَهُ، فَقَامَ رَجُلٌ وَهَابَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ، فَقَامَ عَلِيٌّ، فَقَالَ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَذَهَبَ ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ آتِكَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازہ پڑھانے کے لیے نکلے۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا کوئی آدمی جاتا ہے مدینہ کی طرف وہ قبروں کو برابر کر دے اور تصویروں کو ختم کر دے؟ بتوں کو گرا دے ایک آدمی کھڑا ہوا اہل مدینہ نے اس کو ہدیہ دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی: میں جاتا ہوں! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جاؤ۔ پھر (میں) آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نہیں آؤں

501- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 87 . وعبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 1 صفحه 139,138 . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 173,172 .

502- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 145 . وابنه عبد الله في زوائد المسند جلد 1 صفحه 150 .

حَتَّى لَمْ أَدَعْ فِيهَا قَبْرًا إِلَّا سَوَّيْتُهُ، وَلَا صُورَةً إِلَّا لَطَّخْتُهَا، وَلَا وَثَنًا إِلَّا كَسَرْتُهُ، قَالَ: مَنْ عَادَ إِلَى صَنْعَةِ شَيْءٍ مِنْهُ فَقَدْ كَفَرَ بِمَا أُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا تَكُونَنَّ فَتَّانًا، وَلَا مُخْتَالًا، وَلَا تَاجِرًا، إِلَّا تَاجِرَ خَيْرٍ، فَإِنَّ أُولَئِكَ الْمُسَبَّقُونَ فِي الْعَمَلِ

گا آپ ﷺ کے پاس مگر ہر قبر کو برابر کروں گا اور تصویروں کو گرادوں گا اور ہر بت کو توڑ دوں گا۔ پھر جس نے ان میں سے کوئی چیز بنائی' اس نے اس کا انکار کیا جو حضور ﷺ پر نازل ہوا ہے۔ فتنہ باز نہ بنو، نہ تکبر کرو' اور اچھے تاجر بنو۔ یہی لوگ نیکیوں میں سبقت کرنے والے ہیں۔

503 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَشْوَعَ، عَنْ حَنَشٍ الْكِنَانِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، أَنَّهُ دَعَا صَاحِبَ شُرْطَتِهِ، فَقَالَ: انْطَلِقْ فَلَا تَدَعْ قَبْرًا إِلَّا سَوَّيْتَهُ، وَلَا زُخْرُفًا إِلَّا وَضَعْتَهُ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ تَدْرِي فِيمَا بَعَثْتُكَ؟ بَعَثْتُكَ فِيمَا بَعَثَنِي فِيهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت حنش الکنانی فرماتے ہیں کہ حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو بلوایا اس کے بعد فرمایا: جاؤ، ہر قبر کو برابر کر دو اور سجاوٹ کو گرا دو اور پھر فرمایا: میں جانتا ہوں میں نے آپ ﷺ کو کیوں بھیجا ہے کیونکہ مجھے بھی حضور ﷺ نے اس مقصد کے لیے بھیجا تھا۔

فائدہ: اس حدیث سے بعض لوگ استدلال کرتے ہیں کہ قبروں پر گنبد وغیرہ بنانا جائز نہیں ہے۔ جواب یہ ہے کہ یہ حدیث تو کافروں کی قبریں گرانے کے لیے ہے خود حضور ﷺ نے حضرت عثمان بن مظعون کی قبر پر پتھر لگایا تھا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ وہ اتنا اونچا تھا کہ ہم اس کو پار نہیں کر سکتے تھے باقی رہی یہ بات گنبدوں کی اس کی دلیل خود حضور ﷺ قبر شریف پر ہے گنبد ہے۔ (سیالکوٹی غفرلہ)

504 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ سَوَّارٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَنْحَرَ الْبُدْنَ، وَأَنْ أَتَصَدَّقَ بِلُحُومِهَا، فَرَجَعْتُ إِلَيْهِ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے حکم دیا بڑا جانور نحر کرنے کا اور اس کا گوشت صدقہ کرنے کا میں واپس آیا پوچھا: اس کی کھال اور پالان کے متعلق آپ نے مجھے حکم دیا اس کو بھی صدقہ کرنے کا۔

503- قارن بالحديث رقم: 298 .

504- قارن بالحديث رقم: 435 .

أَسْأَلُهُ عَنْ جِلَالِهَا وَجُلُودِهَا، فَأَمَرَنِي أَنْ أَتَصَدَّقَ بِهَا

505 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ نَصْرِ بْنِ حَاجِبٍ، حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ خَبَّابٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ: يُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ، وَيُجِيبُهُ إِذَا دَعَاهُ، وَيَنْصَحُ لَهُ بِالْغَيْبِ، وَيُشَمِّتُ عَلَيْهِ إِذَا عَطَسَ، وَيَعُودُهُ إِذَا مَرِضَ، وَيَشْهَدُ جِنَازَتَهُ إِذَا مَاتَ"

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے پر چھ حق ہیں: ① جب ملاقات کرے تو سلام کرے۔ ② جب دعوت دے تو قبول کرے۔ ③ جب موجود نہ ہو تو خیر خواہی کرے۔ ④ چھینک آئے تو جواب دے۔ ⑤ بیمار ہو تو عیادت کرے۔ ⑥ مر جائے تو جنازہ میں شریک ہو۔

506 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي فَاخِتَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِفَاطِمَةَ: " إِنِّي وَإِيَّاكِ وَهَذَا، يَعْنِينِي، وَهَذَيْنِ: الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي مَكَانٍ وَاحِدٍ"

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سیدہ فاطمہ اور میرے اور حسن و حسین رضی اللہ عنہم اور میرے متعلق فرمایا: یہ جنت میں ایک جگہ ہوں گے۔

507 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْهُذَيْلِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَسْعُودٍ الْعَبْدِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ وہ دیکھے اس آدمی کو جس کے بعض اعضاء جنت میں جلدی چلے گئے ہیں تو وہ زید بن

505- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 101 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 170,169 الى المصنف وأحمد والبزار والطبراني .

506- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 398 الى المصنف . وانظر الخطيب في تاريخ بغداد جلد 8 صفحه 440 .

507- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 251 الى المصنف . كما عزاه ابن حجر في المطالب العالية (163) الى المصنف .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ تَسْبِقُهُ بَعْضُ أَعْضَائِهِ إِلَى الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى زَيْدِ بْنِ صُوحَانَ

صوحان کو دیکھ لے۔

508 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ الثَّرِيدَ وَيَشْرَبُ اللَّبَنَ وَيُصَلِّي وَلَا يَتَوَضَّأُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ثرید کھاتے تھے اور دودھ پیتے تھے اور نماز پڑھتے اور وضو دوبارہ نہیں کرتے تھے۔

509 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ بِنْتِ السُّدِّيِّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَكْذِبُوا عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ يَكْذِبْ عَلَيَّ يَلِجِ النَّارَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر جھوٹ نہ باندھو جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے گا وہ جہنم میں داخل ہوگا۔

510 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: مَا كُنْتُ أَدِي مَنْ أَقَمْتُ عَلَيْهِ الْحَدَّ إِلَّا شَارِبَ الْخَمْرِ، فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسُنَّ فِيهِ شَيْئًا، إِنَّمَا هُوَ شَيْءٌ قُلْنَاهُ نَحْنُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نہیں جانتا ہوں کہ میں اس پر حد قائم کروں مگر شراب پینے والے پر بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق کوئی طریقہ نہیں ہے یہ وہ شے ہے جو ہم کہتے ہیں۔

511 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت عقبہ بن علقمہ یشکری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ

-508 أخرجه الترمذي في العلم رقم الحديث: 2662' باب: ما جاء في تعظيم الكذب على رسول الله صلى الله عليه وسلم . وابن ماجه في المقدمة رقم الحديث: 31' باب: التغليظ في تعمد على رسول الله صلى الله عليه وسلم .

-509 انظر الحديث رقم: 336 .

-510 أخرجه الترمذي في المناقب رقم الحديث: 3741' باب: مناقب طلحة . وصححه الحاكم جلد3صفحه364 .

-511 انظر الحديث رقم: 402 .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: أَبُو سَعِيدٍ سَأَلَهُ رَجُلٌ، عَنِ اسْمِهِ قَالَ: نَصْرُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ الْيَشْكُرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَوْمَ الْجَمَلِ، يَقُولُ: مَرَّ بِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ جَارَايَ فِي الْجَنَّةِ

میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یوم جمل کے موقع پر سنا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ میرے پاس سے گزرے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: طلحہ و زبیر رضی اللہ عنہما دونوں جنت میں میرے پڑوسی ہیں۔

512 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، " أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ عَشَرَةً: آكِلَ الرِّبَا، وَمُوكِلَهُ، وَكَاتِبَهُ، وَشَاهِدَيْهِ، وَالْوَاشِمَةَ، وَالْمُسْتَوْشِمَةَ، وَمَانِعَ الصَّدَقَةِ، وَالْمُحِلَّ، وَالْمُحَلَّلَ لَهُ"

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے دس لوگوں پر لعنت فرمائی ہے: (۱) سودخور (۲) سود کھلانے والا (۳) اسے لکھنے والا (۴، ۵) اس کے گواہ (۶) بال نوچنے والی (۷) بال نوچوانے والی (۸) صدقہ سے روکنے والا (۹) بغیر ضرورت کے جان بوجھ کر حلالہ نکالنے والا (۱۰) جس کے لیے حلالہ نکالا جائے۔

513 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ وَرْدَانَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ (وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حَجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا) (آل عمران: 97) ، قَالَ الْمُؤْمِنُونَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَفِي كُلِّ عَامٍ؟ مَرَّتَيْنِ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَفِي كُلِّ عَامٍ؟ مَرَّتَيْنِ، قَالَ: لَا، وَلَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ) (المائدة: 101)"

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت: وللّٰہ علی الناس الی آخرہ نازل ہوئی، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا ہر سال حج فرض ہے؟ دو مرتبہ عرض کی۔ حضور ﷺ خاموش رہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! کیا ہر سال حج فرض ہے؟ دو مرتبہ عرض کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! فرمایا: اگر میں ہاں کر دیتا تو واجب ہو جاتا۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: یا ایھا الذین الی آخرہ۔

512- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 113 . والترمذي في التفسير رقم الحديث: 3057، باب: ومن سورة المائدة . وابن ماجه في المناسك رقم الحديث: 2884 . وصححه الحاكم جلد 2 صفحه 294,293 .

513- عزاه الحافظ ابن حجر في المطالب العالية (4461) للحارث . وعزاه الحافظ الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 135 الى المصنف .

514 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سَهْلٍ الْفَزَارِيُّ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، عَلَى الْمِنْبَرِ وَأَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، مَالِي أَرَاكَ تَسْتَحِيلُ النَّاسَ اسْتِحَالَةَ الرَّجُلِ إِبِلَهُ، أَبِعَهْدٍ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ شَيْئًا رَأَيْتَهُ، قَالَ: وَاللَّهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، وَلَا ضَلَلْتُ وَلَا ضُلَّ بِي، بَلْ عَهْدٌ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَهُ إِلَيَّ، وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَى

حضرت علی بن ربیعہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنا منبر پر کہ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے عرض کی: اے امیر امومنین! مجھے کیا ہے کہ میں دیکھتا ہوں کہ آپ لوگوں سے اسی طرح حیلہ کرتے ہیں جیسے آدمی اپنے اونٹ سے کرتا ہے' کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے یا یہ ایسی شی ہے جو تُو نے دیکھی ہے۔ اُس نے کہا: قسم بخدا! نہ میں نے جھوٹ بولا نہ کسی نے مجھے جھوٹا کہا' نہ گمراہ ہوا' نہ میری وجہ سے کوئی گمراہ کیا گیا' بلکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے' آپ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا' جو بہتان باندھے' وہ خائب وخاسر ہو۔

515 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سَهْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، عَلَى مِنْبَرِكُمْ هَذَا، يَقُولُ: عَهِدَ إِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاكِثِينَ وَالْقَاسِطِينَ وَالْمَارِقِينَ

حضرت علی بن ربیعہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے تمہارے اس منبر پر سنا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے معاہدہ لیا کہ میں قتل کروں وعدہ خلافی کرنے والے بے انصافی کرنے والے خون بہانے والوں کو۔

516 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَمَّارٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَنَامِي، فَشَكَوْتُ إِلَيْهِ مَا لَقِيتُ مِنْ أُمَّتِهِ مِنَ الْأَوَدِ وَاللَّدَدِ فَبَكَيْتُ، فَقَالَ لِي: لَا تَبْكِ يَا عَلِيُّ، وَالْتَفَتَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی جو مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے پہنچی تھی۔ تکلیف و پریشانی میں میں رو پڑا۔ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی رضی اللہ عنہ! نہ رو، آپ نے توجہ کی۔ میں نے توجہ کی تو دیکھا

514- عزاه الحافظ الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه238 الى البزار والطبراني في الأوسط . كما عزاه الحافظ ابن حجر في المطالب العالية (4462) الى المصنف .

515- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه138 الى المصنف .

516- انظر الحديث رقم:436 .

فَالْتَفَتُّ، فَإِذَا رَجُلَانِ يَتَصَعَّدَانِ وَإِذَا جَلَامِيدُ تُرْضَخُ بِهَا رُءُوسُهُمَا حَتَّى تُفْضَخَ ثُمَّ يَرْجِعُ، أَوْ قَالَ: يَعُودُ، قَالَ: فَغَدَوْتُ إِلَى عَلِيٍّ كَمَا كُنْتُ أَغْدُو عَلَيْهِ كُلَّ يَوْمٍ، حَتَّى إِذَا كُنْتُ فِي الْخَرَّازِينَ لَقِيتُ النَّاسَ، فَقَالُوا: قُتِلَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ

کہ دو آدمی ہیں جو چڑھ رہے ہیں جب وہ چڑھتے ہیں ان کے سروں کو پھاڑا جاتا ہے پھر دوبارہ درست ہو جاتا ہے یا دوبارہ اسی حالت پر آ جاتا ہے۔ ابو صالح فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس گیا جس طرح ہر صبح میں آپ کے پاس جاتا تھا' جب میں خرازین کے مقام میں تھا تو میں لوگوں سے ملا' انہوں نے کہا: امیر المومنین کو شہید کیا گیا ہے۔

517 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: إِنَّهُ صَنَعَ طَعَامًا فَدَعَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَى فِي الْبَيْتِ شَيْئًا فِيهِ تَصَاوِيرُ فَرَجَعَ، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا رَجَعَكَ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي؟، قَالَ: إِنَّ فِي الْبَيْتِ سِتْرًا فِيهِ تَصَاوِيرُ، وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ تَصَاوِيرُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے کھانا بنایا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دعوت دی' آپ نے گھر میں تصویریں دیکھیں تو آپ واپس چلے گئے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں' آپ واپس کیوں چلے گئے؟ آپ نے فرمایا: گھر میں لٹکی ہوئی تصویریں تھیں' بے شک فرشتے اُس گھر میں داخل نہیں ہوتے ہیں جس گھر میں تصاویر ہوں۔

518 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ جَعْفَرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، بِالْكُوفَةِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: خَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ، هِيَ خَيْرُ نِسَائِهَا

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کوفہ میں سنا، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی اسرائیل کی بہترین عورت مریم علیہا السلام بنت عمران تھی وہ اُس وقت میں بہتر تھی اس وقت کی عورتوں میں سے

517- أخرجه مسلم في الفضائل رقم الحديث: 2430' باب: فضائل خديجة أم المؤمنين . وأحمد جلد 1 صفحه143,132,84 . وعبد الله في زوائد المسند جلد 1صفحه116 . والبخاري في أحاديث الأنبياء رقم الحديث: 3432' باب: (واذ قالت الملائكة: يا مريم' ان الله اصطفاك وطهرك......)' وفي مناقب الأنصار رقم الحديث: 3815 باب: تزويج النبي صلى الله عليه وسلم خديجة وفضلها . والترمذي في المناقب رقم الحديث: 3887' باب: فضل خديجة .

518- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه38 الى المصنف .

يَوْمَئِذٍ، وَخَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ

خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد ہے۔

519 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا حَبِيبُ بْنُ حَبِيبٍ، أَخُو حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " الْإِسْلَامُ ثَمَانِيَةُ أَسْهُمٍ: الْإِسْلَامُ سَهْمٌ، وَالصَّلَاةُ سَهْمٌ، وَالزَّكَاةُ سَهْمٌ، وَالْحَجُّ سَهْمٌ، وَالْجِهَادُ سَهْمٌ، وَصَوْمُ رَمَضَانَ سَهْمٌ، وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ سَهْمٌ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ سَهْمٌ، وَخَابَ مَنْ لَا سَهْمَ لَهُ"

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام کے آٹھ حصے ہیں: اسلام بھی حصہ ہے اور نماز بھی حصہ ہے، حج بھی حصہ ہے، جہاد بھی حصہ ہے، روزہ بھی حصہ ہے، نیکی کا حکم دینا یہ بھی حصہ ہے، بُرائی سے منع کرنا یہ بھی حصہ ہے، وہ گھاٹے میں ہے، جن کے لیے حصہ نہیں ہے۔

520 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلِمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَحْجُبُهُ عَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ إِلَّا أَنْ يَكُونَ جُنُبًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن پڑھنے سے کوئی شی رکاوٹ نہیں ہوتی تھی سوائے حالتِ جنابت کے۔

521 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حُذَيْفَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: رَأَيْتُ الْقَمَرَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ كَأَنَّهُ شِقُّ جَفْنَةٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے لیلۃ القدر کی رات چاند دیکھا گویا وہ ٹوٹا ہوا پیالہ ہے۔

519- أنظر الهيثمي مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 276 . والحديث رقم: 406 .

520- اخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 1 صفحه 101 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 174 الى المصنف .

521- اخرجه أحمد جلد 1 صفحه 115,99 . وأبو داؤد في الطلاق رقم الحديث: 2280' باب: من أحق بالولد . والترمذي في المناقب رقم الحديث: 3769' باب: مناقب جعفر . والبخاري في الصلح رقم الحديث: 2699' باب: كيف يكتب: (هٰذا ما صالح فلان بن فلان......)' وفي المغازي رقم الحديث: 4251' باب: عمرة القضاء .

522 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، وَهَانِءِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ حِينَ تَنَازَعُوا فِي ابْنَةِ حَمْزَةَ: وَأَمَّا أَنْتَ يَا زَيْدُ فَأَخُونَا وَمَوْلَانَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے زید بن حارثہ کے لیے فرمایا جس وقت وہ حضرت حمزہ کی بیٹی کے متعلق جھگڑ رہے تھے' آپ نے فرمایا: اے زید! تُو ہمارا بھائی اور ہمارا آزاد کردہ غلام ہے۔

523 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَذْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ نَبْهَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْمُغَنِّيَاتِ وَالنَّوَّاحَاتِ، وَعَنْ شِرَائِهِنَّ، وَبَيْعِهِنَّ، وَتِجَارَةٍ فِيهِنَّ، وَقَالَ: كَسْبُهُنَّ حَرَامٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ منع فرمایا گانوں اور نوحہ سے ان کے خرید نے اور فروخت کرنے سے' ان کی کمائی حرام ہے۔

524 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الصُّهْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ، عَنْ أَبِي الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: طَلَبَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَنِي فِي جَدْوَلٍ نَائِمًا، فَقَالَ: قُمْ مَا أَلُومُ النَّاسَ يُسَمُّونَكَ أَبَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے تلاش کیا مجھے نرم ریت کی زمین پر سویا ہوا پایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اٹھو! تیرا نام ابوتراب ہے۔ آپ ﷺ نے مجھے دیکھا گویا اس کے متعلق میں نے اپنے دل میں بات پائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اٹھو! اللہ کی قسم! میں تم کو

522- أخرجه الترمذي في البيوع رقم الحديث: 1282' باب: ما جاء في كراهية بيع المغنيات. وابن ماجه في التجارات رقم الحديث: 2168' باب: ما لا يحل بيعه.

523- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه122,121 الى المصنف.

524- أخرجه أحمد جلد1صفحه140,138,119,83. والبخاري في الأشربة رقم الحديث: 5594'باب: ترخيص النبي صلى الله عليه وسلم في الأوعية والظروف بعد النهي. ومسلم في الأشربة رقم الحديث: 1994'باب: النهي عن الانتباذ في المزفت. والنسائي جلد8صفحه302' باب: النهي عن نبيذ الجمعة'وفي الأشربة جلد8صفحه305 باب: النهي عن نبيذ الدباء والمزفت. وأبو داؤد في الأشربة رقم الحديث: 3697' باب: في الأوعية.

تُرَابٍ، قَالَ: فَرَأَى كَأَنِّي وَجَدْتُ فِي نَفْسِي مِنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: قُمْ فَوَاللّٰهِ لَأُرْضِيَنَّكَ، أَنْتَ أَخِي، وَأَبُو وَلَدَيَّ، تُقَاتِلُ عَنْ سُنَّتِي، وَتُبْرِءُ ذِمَّتِي مَنْ مَاتَ فِي عَهْدِي فَهُوَ كَنْزُ اللّٰهِ، وَمَنْ مَاتَ فِي عَهْدِكَ فَقَدْ قَضَى نَحْبَهُ، وَمَنْ مَاتَ يُحِبُّكَ بَعْدَ مَوْتِكَ خَتَمَ اللّٰهُ لَهُ بِالْأَمْنِ وَالْإِيمَانِ، مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ أَوْ غَرَبَتْ، وَمَنْ مَاتَ يُبْغِضُكَ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً، وَحُوسِبَ بِمَا عَمِلَ فِي الْإِسْلَامِ

ضرور راضی کروں گا۔ تو میرا بھائی ہے تو میرے بچوں کا باپ ہے' میرے طریقے کے مطابق لڑا وہ میرے ذمہ بَری ہے' جو میرے زمانہ میں مرا وہ اللہ کے ذمہ ہے' جو تیرے زمانہ میں مرا اُس کا وقت پورا ہوگیا ہے' جو تیری محبت پر مرا اس کا خاتمہ امن اور ایمان پر ہوگا' سورج طلوع اور غروب نہیں ہوگا' جو تیرے بغض میں مرا وہ جاہلیت کی موت مرا' اس سے اسلام کے عمل کا حساب لیا جائے گا۔

525 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ مُسْلِمٍ يَعْنِي الْأَعْوَرَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْيَمَنِ فَأَمَرَنِي أَنْ أَنْهَى عَنِ الدُّبَّاءِ، وَالْحَنْتَمِ، وَالْمُزَفَّتِ، وَالْمُقَيَّرِ وَالنَّقِيرِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یمن کی طرف بھیجا تو مجھے دباء' حنتم اور مزفت اور نقیر کے برتنوں میں کھانے پینے سے منع کیا۔ (دباء' مزفت اور نقیر ان برتنوں کے نام ہیں' جن میں حرام ہونے سے پہلے شراب بنائی جاتی تھی۔ از مترجم)

526 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَوْنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: قَاتَلْتُ يَوْمَ بَدْرٍ قِتَالًا، ثُمَّ جِئْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ سَاجِدٌ، يَقُولُ: يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ، ثُمَّ ذَهَبْتُ فَقَاتَلْتُ ثُمَّ جِئْتُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بدر کے دن لڑا پھر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کی حالت میں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ میں پڑھ رہے تھے یا حی یا قیوم پھر میں چلا گیا، اس کے بعد میں لڑا پھر میں آیا (دیکھا) حضور صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کی حالت میں ہیں اور یا حی یا قیوم پڑھ رہے ہیں۔ تو اللہ عزوجل نے کافروں پر ہمیں فتح دے دی۔

525- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه147 الى المصنف والبزار .

526- أخرجه ابن ماجه في الديات رقم الحديث:2664' باب: هل يقتل الحر بالعبد؟ والبيهقي جلد8صفحه36 .

فَإِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ يَقُولُ: يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ ، قَالَ: فَفَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ

527 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ رَجُلًا قَتَلَ عَبْدَهُ مُتَعَمِّدًا، فَجَلَدَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةً، وَنَفَاهُ سَنَةً، وَمَحَا سَهْمَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، وَلَمْ يُقِدْهُ بِهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی ایک غلام کو جان بوجھ کر قتل کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو سو کوڑے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا۔ اس کا حصہ مسلمانوں نے ختم کر دیا، اس سے فدیہ نہیں لیا۔

528 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ اللَّخْمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: زَيْنُ الصَّلَاةِ الْحِذَاءُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز کی زینت خشوع اور خضوع ہے۔

529 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَانِ سَيِّدَا كُهُولِ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْأَوَّلِينَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا۔ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں آئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دونوں جنتی بزرگوں کے سردار ہوں گے اول و آخر کے۔ مگر انبیاء و رسولوں کے نہیں۔ اے علی رضی اللہ عنہ! ان دونوں کو بتانا نہیں۔

527- أخرجه البخاري في الصلاة رقم الحديث: 386' باب: الصلاة في النعال .

528- أخرجه الترمذي رقم الحديث: 3666' وفي المناقب رقم الحديث: 3667 باب: أبو بكر و عمر سيدا كهول أهل الجنة . وابن ماجه في المقدمة رقم الحديث: 95 و100' باب: فضل أبي بكر الصديق . وعبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد1صفحه80 .

529- أخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد1صفحه160 . وعزاه الهيثمي أيضًا في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه133 . الى المصنف والبزار وصححه الحاكم جلد3صفحه133 .

وَالْآخِرِينَ إِلَّا النَّبِيِّينَ وَالْمُرْسَلِينَ، يَا عَلِيُّ، لَا تُخْبِرْهُمَا

530 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ، عَنْ أَبِي صَادِقٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ نَاجِدٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيكَ مَثَلٌ مِنْ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ أَبْغَضَتْهُ يَهُودُ حَتَّى بَهَتُوا أُمَّهُ وَأَحَبَّتْهُ النَّصَارَى حَتَّى أَنْزَلُوهُ بِالْمَنْزِلَةِ الَّتِي لَيْسَ بِهِ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ عَلِيٌّ: يَهْلِكُ فِيَّ رَجُلَانِ: مُحِبٌّ مُطْرٍ يُفْرِطُ لِي بِمَا لَيْسَ فِيَّ، وَمُبْغِضٌ مُفْتَرٍ يَحْمِلُهُ شَنَآنِي عَلَى أَنْ يَبْهَتَنِي

حضرت ربیعہ بن ناجد رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علی رضی اللہ عنہ تیری مثال عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی طرح ہے۔ یہود نے ان سے بغض رکھا یہاں تک کہ ان کی امی پر بہتان لگایا۔ نصاریٰ نے ان سے ایسی محبت کی ان کو وہ درجہ دے دیا جوان کا نہیں تھا (یعنی خدا ٹھہرا دیا) پھر فرمایا: علی تیرے ذریعے دو آدمی ہلاک ہوں گے۔ ایک محبت میں آگے بڑھ جائے گا۔ ایک بغض میں آگے نکل جائے گا۔

531 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ عُرْفُطَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ خَيْرٍ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيًّا تَمَضْمَضَ ثَلَاثًا مَعَ الِاسْتِنْشَاقِ بِمَاءٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى طُهُورِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَهَذَا طُهُورُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبد خیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ تین دفعہ کلی اس کے ساتھ ناک میں پانی ڈالا ایک ہی چلو کے ساتھ پھر فرمایا جس کا ارادہ ہو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کی طرف دیکھنے کا تو یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو ہے۔

532 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

530- أخرجه أبو داؤد في الطهارة رقم الحديث: 113' باب: صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم . والنسائي في الطهارة جلد1صفحه68-69' باب: عدد غسل الوجه' وباب: غسل اليدين .

531- أخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد1صفحه106 . والطبري في تفسيره جلد 1صفحه12 . وصححه الحاكم جلد2صفحه224,223 .

532- أخرجه مسلم في الصلاة (480) (213)' باب: النهي عن قراءة القرآن في الركوع . والنسائي في الافتتاح جلد2صفحه188' وفي الزينة جلد8صفحه167 .

أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قُلْتُ لِرَجُلٍ: أَقْرِئْنِي مِنَ الْأَحْقَافِ ثَلَاثِينَ آيَةً، فَأَقْرَأَنِي خِلَافَ مَا أَقْرَأَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقُلْتُ لِآخَرَ: أَقْرِئْنِي مِنَ الْأَحْقَافِ ثَلَاثِينَ آيَةً، فَأَقْرَأَنِي خِلَافَ مَا أَقْرَأَنِي الْأَوَّلُ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلِيٌّ عِنْدَهُ جَالِسٌ، فَقَالَ عَلِيٌّ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَءُوا كَمَا عُلِّمْتُمْ

نے ایک آدمی سے کہا کہ مجھے سورۃ احقاف کی ۳۰ آیتیں پڑھائیں۔ مجھے انہوں نے اس قرأت کے خلاف پڑھائیں جو میں نے حضور ﷺ سے پڑھی تھی۔ میں نے دوسرے آدمی سے کہا: مجھے سورۃ احقاف کی تیس آیتیں پڑھائیں۔تو اُس نے مجھے اس قرأت کے خلاف پڑھایا جو میں نے حضور ﷺ سے پڑھی تھیں۔ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا۔حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ نے فرمایا: اسے پڑھو جیسے تم کو سکھائی ہے میں نے تم کو۔

533 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى الزَّمِنُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: نَهَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ، وَأَنْ أَقْرَأَ وَأَنَا رَاكِعٌ، وَعَنِ الْقَسِّيِّ وَالْمُعَصْفَرِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے سونے کی انگوٹھی اور رکوع کی حالت میں قرآن پڑھنے اور شام و مصر کا ریشمی کپڑا اور عُصفر رنگ کا لباس پہننے سے منع کیا۔

534 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے دباء اور مزفت کے برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کیا۔

535 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ابن

533- انظر الحديث رقم: 529 .

534- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 422,421,114 . وأبو نعيم في حلية الأولياء جلد 1 صفحه 126,117 . وزاد الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 289,288 فعزاه الى الطبراني .

535- اخرجه البخاري في فضائل الصحابة رقم الحديث: 3671' باب: قول النبي صلى الله عليه وسلم لو كنت

فُضَيْلٍ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أُمِّ مُوسَى، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَقُولُ: أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ مَسْعُودٍ أَنْ يَصْعَدَ شَجَرَةً فَيَأْتِيَهِ بِشَيْءٍ مِنْهَا، فَنَظَرَ أَصْحَابُهُ إِلَى حُمُوشَةِ سَاقَيْهِ فَضَحِكُوا مِنْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَضْحَكُونَ؟ لَرِجْلُ عَبْدِ اللَّهِ عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَثْقَلُ مِنْ أُحُدٍ

مسعود رضی اللہ عنہ کو درخت پر چڑھنے کا حکم دیا تا کہ اس سے کوئی چیز لائیں' آپ رضی اللہ عنہ درخت کے اوپر چڑھے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ان کی پتلی پنڈلی کی طرف دیکھا وہ مسکرا پڑے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کیوں مسکرا رہے ہو؟ عبداللہ کی پنڈلی قیامت کے دن احد پہاڑ سے بھی زیادہ وزنی ہوگی۔

536 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ سَعِيدٍ، أَخُو سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ، يَقُولُ عَلَى هَذَا الْمِنْبَرِ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ هَذِهِ الْأُمَّةِ بَعْدَ نَبِيِّهَا؟، قَالَ: فَذَكَرَ أَبَا بَكْرٍ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِالثَّانِي؟، قَالَ: فَذَكَرَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: لَئِنْ شِئْتُ لَأَخْبَرْتُكُمْ بِالثَّالِثِ، قَالَ: ثُمَّ سَكَتَ، قَالَ: ثُمَّ ظَنَنَّا أَنَّهُ يَعْنِي نَفْسَهُ. قَالَ حَبِيبٌ: فَقُلْتُ لِعَبْدِ خَيْرٍ: أَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ عَلِيٍّ، قَالَ: نَعَمْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ وَإِلَّا فَصُمَّتَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ منبر پر ارشاد فرمایا: کیا میں تم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس امت میں بہتر آدمی کے متعلق نہ بتاؤں؟ فرمایا: وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں' پھر فرمایا: ان کے بعد اچھے آدمی کے متعلق نہ بتاؤں؟ فرمایا: وہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہیں۔ پھر میں تیسرے کے متعلق نہ بتاؤں اگر میں چاہوں۔ پھر آپ خاموش ہوئے۔ راوئ حدیث فرماتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ آپ نے اپنے متعلق بتانا تھا۔ حضرت حبیب فرماتے ہیں کہ میں نے عبدخیر سے کہا: آپ نے یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنا ہے؟ فرمایا: ربِ کعبہ کی قسم! میں نے سنا ہے۔

537 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، أَخْبَرَنِي الرَّبِيعُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ نَوْفَلِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ السَّوْمِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج کے طلوع سے پہلے گفتگو کرنے سے منع کیا اور بتوں کے پاس ذبح کرنے سے منع کیا۔

متخذًا خليلًا . وأبو داؤد في السنة رقم الحديث: **4629**' باب: في التفضيل . وأخرجه أحمد جلد**1**صفحه**106** . وعبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد **1**صفحه**106** . وأخرجه ابن ماجه في المقدمة رقم الحديث: **106**' باب: فضل عمر بن الخطاب .

536- أخرجه ابن ماجه في التجارات رقم الحديث: **2206**' باب: السوم . والحاكم جلد**4**صفحه**234** .

قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَعَنْ ذَبْحِ ذَوَاتِ الدَّرِّ

538 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ وَرْدَانَ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حَجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا) (آل عمران: 97)، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَفِي كُلِّ عَامٍ؟ فَسَكَتَ، ثُمَّ قَالُوا: فِي كُلِّ عَامٍ؟ قَالَ: " لَا، وَلَوْ قُلْتُ: نَعَمْ لَوَجَبَتْ "، فَأَنْزَلَ اللَّهُ (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ) (المائدة: 101) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت: وللّٰہ علی الناس الی آخرہٖ نازل ہوئی، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہر سال حج فرض ہے؟ دو مرتبہ عرض کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہر سال حج فرض ہے؟ دو مرتبہ عرض کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! فرمایا: اگر میں ہاں کر دیتا تو واجب ہو جاتا۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: یا ایھا الذین الی آخرہٖ۔

539 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ لِلْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رُمْحٌ، فَكُنَّا إِذَا خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ فَرَكَزَهُ فَيَمُرُّ بِهِ النَّاسُ فَيَحْمِلُونَهُ، فَقُلْتُ لَهُ: لَئِنْ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأُخْبِرَنَّهُ، فَقَالَ: إِنَّكَ إِنْ فَعَلْتَ لَمْ تَرْفَعْ ضَالَّةً

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ کے پاس نیزہ تھا جب ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی غزوہ میں نکلتے تھے تو آپ اس کو آگے گاڑ لیتے' لوگ آگے سے گزرتے اس کو اٹھا لیتے' میں نے ان کو کہا: اگر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو میں آپ کو ضرور بتاؤں گا' اس نے کہا: اگر تو نے ایسا کیا تو ذلت ہی اُٹھائے گا۔

540 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: وَقَفَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میدان عرفات میں ٹھہرے اور فرمایا: یہ میدانِ عرفات ہے یہ عرفات ساری ٹھہرنے کی جگہ ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم (میدانِ عرفات) سے روانہ ہوئے جس وقت سورج

538- انظر الحديث رقم: 311

539- انظر الحديث رقم: 312

540- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 94. وعزاه الهيثمي أيضًا في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 238 الى البزار.

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ، فَقَالَ: هَـٰذِهِ عَرَفَةُ، وَهَذَا الْمَوْقِفُ، وَعَرَفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ، ثُمَّ أَفَاضَ حِينَ غَابَتِ الشَّمْسُ، فَأَرْدَفَ أُسَامَةَ، وَجَعَلَ يَسِيرُ عَلَى هَيْئَتِهِ، وَالنَّاسُ يَضْرِبُونَ يَمِينًا وَشِمَالًا لَا يَلْتَفِتُ إِلَيْهِمْ، وَهُوَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، عَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ، ثُمَّ أَتَى جَمْعًا فَصَلَّى بِهِمُ الصَّلَاتَيْنِ جَمِيعًا، فَلَمَّا أَصْبَحَ أَتَى قُزَحَ، فَوَقَفَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: هَـٰذَا قُزَحُ، وَهَذَا الْمَوْقِفُ، وَجَمْعٌ كُلُّهَا مَوْقِفٌ، ثُمَّ أَفَاضَ فَلَمَّا انْتَهَى إِلَى وَادِي مُحَسِّرٍ قَرَعَ نَاقَتَهُ فَخَبَّتْ حَتَّى جَازَ الْوَادِيَ، وَقَفَ وَأَرْدَفَ الْفَضْلَ، ثُمَّ أَتَى الْجَمْرَةَ فَرَمَاهَا، ثُمَّ أَتَى الْمَنْحَرَ، فَقَالَ: هَذَا الْمَنْحَرُ وَمِنًى كُلُّهَا مَنْحَرٌ، وَاسْتَفْتَتْهُ جَارِيَةٌ مِنْ خَثْعَمٍ فَقَالَتْ: إِنَّ أَبِي شَيْخٌ كَبِيرٌ قَدْ أَفْنَدَ، وَقَدْ أَدْرَكَتْهُ فَرِيضَةُ اللّٰهِ فِي الْحَجِّ، فَيُجْزِءُ أَنْ أَحُجَّ عَنْهُ؟، قَالَ: حُجِّي عَنْ أَبِيكِ وَلَوَى عُنُقَ الْفَضْلِ، فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ: لِمَ لَوَيْتَ عُنُقَ ابْنِ عَمِّكَ؟ قَالَ: رَأَيْتُ شَابًّا وَشَابَّةً فَلَمْ آمَنِ الشَّيْطَانَ عَلَيْهِمَا، وَأَتَى رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أَفَضْتُ قَبْلَ أَنْ أَحْلِقَ؟ قَالَ: احْلِقْ، وَقَصِّرْ، وَلَا حَرَجَ، وَجَاءَ رَجُلٌ آخَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي ذَبَحْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ، قَالَ: ارْمِ وَلَا حَرَجَ، ثُمَّ أَتَى الْبَيْتَ فَطَافَ بِهِ، ثُمَّ أَتَى زَمْزَمَ فَقَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، سِقَايَتَكُمْ، لَوْلَا أَنْ يَغْلِبَكُمُ النَّاسُ لَنَزَعْتُ بِهَا

غروب ہوا اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو پیچھے بٹھا لیا، لوگ دائیں بائیں بھاگنے لگے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے لوگو! تم اطمینان سے چلو، پھر میدان مزدلفہ میں آئے یہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو نمازیں مغرب وعشاء اکٹھی پڑھیں۔ جب صبح ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم (جبل) قزح کے پاس آئے پھر یہاں ٹھہرے' اس کے بعد فرمایا: یہ جبل قزح ہے' یہ ہمارے ٹھہرنے کی جگہ ہے۔ پھر آپ لوٹے، جب آپ وادی محسر آئے اور اپنی اونٹنی کو تیز کیا' وادی محسر کو پار کیا پھر یہاں رکے پھر آپ نے حضرت فضل رضی اللہ عنہ کو پیچھے بٹھا لیا۔ پھر جمرہ کے پاس آئے پھر قربان گاہ کی جگہ آئے اور فرمایا: یہ قربان گاہ کی جگہ ہے اور منیٰ شریف ساری قربان گاہ کی جگہ ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں وہاں قبیلہ خثعم کی عورت نے مسئلہ پوچھا، عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا باپ بوڑھا ہے، وہ چل پھر نہیں سکتا ہے اور پر حج فرض ہو گیا ہے۔ کیا اگر میں اس کی طرف سے حج کروں تو اس کا حج ادا ہو جائے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو اپنے باپ کی طرف سے حج کر۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فضل رضی اللہ عنہ کی گردن پھیر دی۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اپنے چچا کے بیٹے کی گردن کو کیوں پھیر دیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اور یہ عورت دونوں نوجوان ہیں، مجھے ان کے متعلق شیطان سے امن کی امید نہیں تھی۔ پھر ایک اور آدمی آیا، اس نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے حلق سے پہلے

کنکریاں ماری ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: حلق کرو یا قصر کرو یعنی بال کاٹ لو تو کوئی حرج نہیں، پھر ایک اور آدمی آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کر لی ہے، فرمایا: کنکریاں ماری ہیں یا نہیں کوئی حرج نہیں پھر خانہ کعبہ کے پاس آئے اس کا طواف کیا پھر آپ زم زم کے پاس آئے اور فرمایا: اے بنی عبدالمطلب رضی اللہ عنہ! تم حاجیوں کو پانی پلاتے رہو اگر تم لوگ غالب نہ آتے تو میں بھی ڈول نکالتا۔

541 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: مَا تَرَوْنَ فِي فَضْلٍ فَضَلَ عِنْدَنَا مِنْ هَذَا الْمَالِ؟ فَقَالَ النَّاسُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، قَدْ شَغَلْنَاكَ عَنْ أَهْلِكَ وَضَيْعَتِكَ وَتِجَارَتِكَ فَهُوَ لَكَ، قَالَ لِي: مَا تَقُولُ أَنْتَ؟ قُلْتُ: أَشَارُوا عَلَيْكَ، قَالَ: قُلْ، فَقُلْتُ: لِمَ تَجْعَلُ يَقِينَكَ ظَنًّا، وَعِلْمَكَ جَهْلًا؟ قَالَ: لَتَخْرُجَنَّ مِمَّا قُلْتَ أَوْ لَأُعَاقِبَنَّكَ، فَقُلْتُ: أَجَلْ لَأَخْرُجَنَّ مِنْهُ، أَمَا تَذْكُرُ حَيْثُ بَعَثَكَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعِيًا، فَأَتَيْتَ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَمَنَعَكَ صَدَقَتَهُ، فَقُلْتَ لِي: انْطَلِقْ مَعِي إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْنُخْبِرَنَّهُ بِالَّذِي صَنَعَ الْعَبَّاسُ، فَانْطَلَقْنَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْنَاهُ خَاثِرًا، فَرَجَعْنَا ثُمَّ غَدَوْنَا عَلَيْهِ الْغَدَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کیا خیال کرتے ہیں اس مال کے متعلق جو ہمارے پاس اضافی ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اے امیر المومنین! آپ ہمارے لیے کام کرتے ہیں، آپ تجارت بھی نہیں کر سکتے ہیں، آپ ہی کا ہے۔ مجھے حضرت عمر نے فرمایا: تم کیا سمجھتے ہو؟ میں نے کہا: انہوں نے آپ پر اشارہ کیا ہے، فرمایا: تم بولو! میں نے کہا کہ آپ یقین کو گمان اور علم کو جہالت میں کیوں لے جاتے ہیں، آپ نے جو فرمایا تھا اس سے ضرور نکل جائیں گے یا آپ کو سزا ملے گی۔ میں نے کہا: جی ہاں میں آپ سے نکل جاؤں گا، کیا آپ کو یاد نہیں ہے جس وقت حضور ﷺ نے آپ کو بھیجا تھا عامل بنا کر۔ آپ حضرت عباس کے پاس آئے تھے۔ حضرت عباس نے زکوۃ نہیں دی تھی تو آپ نے مجھے کہا تھا: میرے ساتھ حضور ﷺ کی بارگاہ میں چلیں۔ آپ کو بتایا جائے

541- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه112 الى المصنف .

فَوَجَدْنَاهُ طَيِّبَ النَّفْسِ فَأَخْبَرْتَهُ بِالَّذِي صَنَعَ الْعَبَّاسُ، فَقَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ أَبِيهِ، وَذَكَرْنَا لَهُ الَّذِي رَأَيْنَا مِنْ خُثُورِهِ فِي الْيَوْمِ الْأَوَّلِ، وَمَا رَأَيْنَا مِنْ طِيبِ نَفْسِهِ فِي الْيَوْمِ الثَّانِي، فَقَالَ: إِنَّكُمَا أَتَيْتُمَانِي فِي الْيَوْمِ الْأَوَّلِ وَقَدْ بَقِيَ عِنْدِي مِنَ الصَّدَقَةِ دِينَارٌ، فَكَانَ الَّذِي رَأَيْتُمَا لِذَلِكَ، وَأَتَيْتُمَانِي الْيَوْمَ وَقَدْ وَجَّهْتُ، فَذَلِكَ الَّذِي رَأَيْتُمَا مِنْ طِيبِ نَفْسِي، فَقَالَ عُمَرُ: صَدَقْتَ، أَمَا وَاللَّهِ لَأَشْكُرَنَّ، يَعْنِي لَكَ، الْأُولَى وَالْآخِرَةَ، فَقُلْتُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَلِمَ تُعَجِّلُ الْعُقُوبَةَ، وَتُؤَخِّرُ الشُّكْرَ؟

جو حضرت عباس نے کیا ہے۔ ہم حضور ﷺ کی بارگاہ میں گئے تھے۔ ہم نے آپ کو پریشانی کی حالت میں پایا تھا' ہم واپس آ گئے تھے' پھر دوسرے دن گئے تھے تو ہم نے آپ کو خوش حال پایا تھا' آپ نے بتایا جو حضرت عباس نے کیا تھا تو آپ نے فرمایا تھا: کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ آدمی کا چچا باپ کے قائم مقام ہوتا ہے۔ ہم نے یاد کرو وہ معاملہ جو ہم نے آپ کو پریشانی کی حالت میں دیکھا تھا کہ ہم نے آپ کو پہلے دن پریشانی میں دیکھا' دوسرے دن خوشی میں دیکھا۔ آپ نے فرمایا: جب تم پہلے دن میرے پاس آئے تھے تو میں پریشان اس لیے تھا کہ میرے پاس صدقہ کا ایک دینار تھا' اس لیے میں پریشان تھا۔ دوسرے دن میں خوش تھا اس لیے کہ میں نے وہ دے دیا تھا۔ حضرت عمر نے فرمایا: آپ نے سچ فرمایا! اللہ کی قسم! میں ضرور بضرور آپ کا پہلے اور آخر میں شکریہ ادا کروں گا۔ میں نے کہا: اے امیر المومنین! آپ نے سزا کے معاملہ میں جلدی کی اور شکر کو مؤخر کیوں کیا؟

542 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعُقَيْلِيُّ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ أَبِي حَفْصَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: " لَمَّا انْجَلَى النَّاسُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ، نَظَرْتُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب صحابہ کرام حضور ﷺ سے احد کے دن پیچھے ہوئے (کیونکہ اطلاع ملی تھی کہ معاذ اللہ حضور ﷺ شہید ہو گئے ہیں اس لیے صحابہ پیچھے ہو گئے تھے) میں نے لڑائی کی جگہ دیکھا تو

542- أخرجه أحمد جلد1صفحه142 . والبخاري في المساقاة رقم الحديث: 2375' باب: بيع الحطب والكلأ' وفي فرض الخمس رقم الحديث: 3091' باب: فرض الخمس' وفي المغازي رقم الحديث: 4003 باب: رقم: 12 . ومسلم في الأشربة رقم الحديث: 1979'باب: تحريم الخمر . وأبو داؤد في الخراج والامارة رقم الحديث: 2986' باب: في بيان مواضع قسم الخمس وسهم ذي العربي .

فِي الْقَتْلَى فَلَمْ أَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا كَانَ لِيَفِرَّ، وَمَا أَرَاهُ فِي الْقَتْلَى، وَلَكِنْ أَرَى اللّٰهَ غَضِبَ عَلَيْنَا بِمَا صَنَعْنَا فَرَفَعَ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا فِيَّ خَيْرٌ مِنْ أَنْ أُقَاتِلَ حَتَّى أُقْتَلَ، فَكَسَرْتُ جَفْنَ سَيْفِي، ثُمَّ حَمَلْتُ عَلَى الْقَوْمِ فَأَفْرَجُوا لِي، فَإِذَا أَنَا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ"

میں نے حضور ﷺ کو نہیں دیکھا' میں نے دل میں خیال کیا کہ اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ بھاگنے والے تو نہیں ہیں۔ اللہ کا غضب ہو جو ہم نے کیا ہے۔ نبی کریم ﷺ اُٹھے' مجھ سے بہتر لڑنے والا کوئی نہیں تھا' میں لڑا یہاں تک کہ میری تلوار ٹوٹ گئی' میں قوم کے پاس گیا' مجھے اُمید تھی کہ رسول اللہ ﷺ اُن کے درمیان ہوں گے۔

543 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَصَبْتُ شَارِفًا فِي مَغْنَمِ بَدْرٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَعْطَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَارِفًا، فَأَنَخْتُهُمَا عِنْدَ بَابِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ أُرِيدُ أَنْ أَحْمِلَ عَلَيْهِمَا إِذْخِرًا أَبِيعُهُ، وَمَعِي رَجُلٌ صَائِغٌ مِنْ بَنِي قَيْنُقَاعَ، قَالَ عَلِيٌّ: أَسْتَعِينُ بِهِ عَلَى وَلِيمَةِ فَاطِمَةَ وَحَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فِي الْبَيْتِ يَشْرَبُ وَمَعَهُ قَيْنَةٌ تُغَنِّيهِ تَقُولُ: أَلَا يَا حَمْزُ لِلشُّرُفِ النِّوَاءِ، فَثَارَ إِلَيْهِمَا بِالسَّيْفِ فَجَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا، وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا، وَأَخَذَ مِنْ أَكْبَادِهِمَا، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ شِهَابٍ: وَمِنَ السَّنَامِ؟ قَالَ: قَدْ جَبَّ أَسْنِمَتَهُمَا، قَالَ: فَنَظَرْتُ إِلَى أَمْرٍ أَفْظَعَنِي، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بدر کے مالِ غنیمت میں میرے حصہ میں مجھے ایک بوڑھی اونٹنی ملی اور مجھے حضور ﷺ نے ایک اور بوڑھی اونٹنی دی۔ میں نے اُن دونوں کو ایک انصاری آدمی کے گھر کے پاس بٹھایا۔ میں چاہتا تھا ان دونوں پر اذخر گھاس لا کر اس کو فروخت کروں گا۔ حال یہ تھا کہ بنوقینقاع کا ایک سنار میرے ساتھ تھا (میرا اس کے ساتھ ارادہ یہ تھا) کہ اس سے فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ولیمہ پر مدد لے لوں۔ حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اس گھر میں شراب پی رہے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک باندی تھی جو اشعار بول رہی تھی' خبردار اے حمزہ رضی اللہ عنہ شرف نوا ہے۔ (حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ ان دنوں مسلمان نہیں تھے) آپ نے اونٹنیوں پر غصے سے تلوار سونت لی۔ ان دونوں کی کوہانیں کاٹ ڈالیں ان کو چیر دیا ان کے جگر سے کلیجی لے لی۔ راوی فرماتے ہیں کہ میں نے ابن شہاب سے عرض کی: سنام سے کیا؟ انہوں نے ان دونوں کو چیر دیا۔ حضرت علی فرماتے ہیں جب یہ

543- انظر الحديث رقم: 464 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، وَخَرَجْتُ مَعَهُ، حَتَّى قَامَ عَلَى حَمْزَةَ، قَالَ: فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، قَالَ: فَرَفَعَ حَمْزَةُ بَصَرَهُ فَقَالَ: وَهَلْ أَنْتُمْ إِلَّا عَبِيدُ آبَائِي؟ قَالَ: فَرَجَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَهْقِرُ عَنْهُ

معاملہ میں نے دیکھا تو مجھے پریشانی لاحق ہوئی۔ میں حضور ﷺ کے پاس آیا جبکہ آپ ﷺ کے ساتھ حضرت زید بن حارثہ تھے' آپ ﷺ کے ساتھ نکلا یہاں تک کہ حضرت حمزہ کے پاس کھڑے ہو گئے۔ آپ ﷺ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ سے ناراض ہوئے۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے اپنی آنکھ اٹھائی۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے تم سب میرے آباؤ اجداد کے غلام ہو،نہیں ہو؟ حضور ﷺ الٹے پاؤں واپس آ گئے۔

544 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ عَلِيًّا كَانَ إِذَا سَافَرَ سَارَ بَعْدَ مَا تَغْرُبُ الشَّمْسُ حَتَّى يَكَادُ أَنْ يُظْلِمَ، ثُمَّ يَنْزِلُ فَيُصَلِّي الْمَغْرِبَ، ثُمَّ يَدْعُو بِعَشَائِهِ فَيَتَعَشَّى، ثُمَّ يُصَلِّي الْعِشَاءَ، ثُمَّ يَرْتَحِلُ، وَيَقُولُ: هَكَذَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ

حضرت عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی بن ابوطالب اپنے والد اور دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جب سفر کرتے تو سورج کے غروب ہونے کے بعد تک چلتے رہتے یہاں تک کہ اندھیرا چھا جاتا' پھر اُترتے' مغرب کی نماز پڑھتے پھر رات کا کھانا مانگتے اور اسے کھاتے' پھر عشاء کی نماز پڑھتے' پھر سواری پر بیٹھتے اور فرماتے کہ رسول اللہ ﷺ ایسے ہی کرتے تھے۔

545 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ، مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَزْهَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَقُولُ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَبْقَى عِنْدَكُمْ مِنْ لَحْمِ نُسُكِكُمْ شَيْءٌ بَعْدَ ثَلَاثٍ

حضرت ابوعبید' عبدالرحمٰن بن ازہر کے غلام فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ رکھنے سے منع فرمایا۔

546 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى. حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے

544- انظر الحديث رقم: 278 .

545- أخرجه الترمذي في المناقب رقم الحديث: 3715' باب: مناقب علي بن أبي طالب .

546- انظر الحديث رقم: 274 .

حَمَّادٍ أَبُو عَتَّابٍ الدَّلَّالُ، حَدَّثَنَا مُخْتَارُ بْنُ نَافِعٍ التَّمِيمِيُّ، حَدَّثَنِي أَبُو حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللَّهُ أَبَا بَكْرٍ زَوَّجَنِي ابْنَتَهُ، وَحَمَلَنِي إِلَى دَارِ الْهِجْرَةِ، وَأَعْتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهِ، رَحِمَ اللَّهُ عُمَرَ يَقُولُ الْحَقَّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا، تَرَكَهُ الْحَقُّ وَمَالَهُ صَدِيقٌ، رَحِمَ اللَّهُ عُثْمَانَ تَسْتَحْيِيهِ الْمَلَائِكَةُ، رَحِمَ اللَّهُ عَلِيًّا، اللَّهُمَّ أَدِرِ الْحَقَّ مَعَهُ كَيْفَ دَارَ

فرمایا: اللہ ابوبکر پر رحم کرے! اس نے اپنی بیٹی کی شادی مجھ سے کی اور ہجرت کے گھر تک اٹھا کر لے گئے اور بلال کو اپنے مال سے آزاد کیا۔ عمر پر اللہ رحم کرے! وہ حق کہتا ہے اگرچہ وہ کڑوا ہو۔ اللہ عثمان پر رحم کرے! فرشتے اس سے حیاء کرتے ہیں۔ اللہ علی پر رحم کرے! اے اللہ! حق کو اس سمت کر دے جہاں علی ہو۔

547 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قُلْتُ لِفَاطِمَةَ: لَوْ أَتَيْتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْتِهِ خَادِمًا، فَإِنَّهُ قَدْ أَجْهَدَكِ الْعَمَلُ، فَأَتَتْهُ فَلَمْ تُوَافِقْهُ، فَقَالَ: أَلَا أَدُلُّكُمَا عَلَى خَيْرٍ مِمَّا سَأَلْتُمَا؟، إِذَا أَوَيْتُمَا إِلَى فِرَاشِكُمَا فَسَبِّحَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَاحْمَدَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَكَبِّرَا أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ، فَذَلِكَ مِائَةٌ عَلَى اللِّسَانِ وَأَلْفٌ فِي الْمِيزَانِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: اگر آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جائیں! آپ سے خادم کا سوال کریں کیونکہ آپ کام کر کے تھک جاتی ہیں۔ آپ تشریف لائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خادم نہ دیا' فرمایا: جو تُو نے مانگا ہے اس سے بہتر نہ دوں؟ جب تُو اپنے بستر پر آئے تو تینتیس مرتبہ سبحان اللہ' چونتیس مرتبہ اللہ اکبر' تینتیس مرتبہ الحمد للہ پڑھ لیا کرو کیونکہ یہ زبان پر سو مرتبہ ہیں اور میزان پر ایک ہزار کے برابر ثواب ملے گا۔

548 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: " أَتَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى وَضَعَ قَدَمَهُ بَيْنِي وَبَيْنَ فَاطِمَةَ فَعَلَّمَنَا مَا نَقُولُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے یہاں تک کہ آپ نے اپنا پاؤں میرے اور فاطمہ کے درمیان رکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سکھایا کہ جب ہم اپنے بستر پر سونے کے لیے آئیں تو کیا پڑھیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ۳۳ مرتبہ

547- انظر الحديث رقم: 274 .

548- عزاه الهيثمى فى المجمع الزوائد جلد 8 صفحه 91 الى المصنف . وذكره الحافظ فى المطالب العالية برقم: 2694 .

إِذَا أَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا: ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَسْبِيحَةً، وَثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَحْمِيدَةً، وَأَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ تَكْبِيرَةً" ، قَالَ عَلِيٌّ: مَا تَرَكْتُهَا بَعْدُ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ؟، قَالَ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ

سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر (پڑھ لیا کرو)۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس کے بعد میں نے کبھی نہیں چھوڑا ہے۔ ایک آدمی نے عرض کی: جنگِ صفین میں بھی؟ فرمایا: ہاں! جنگ صفین میں بھی نہیں چھوڑا۔

549 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدٍ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ كُرَيْبٍ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: الْقَائِلُ الْفَاحِشَةَ، وَالَّذِي يَسْمَعُ فِي الْإِثْمِ سَوَاءٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بے حیائی کرنے والا اور سننے والا گناہ میں برابر کے شریک ہیں۔

550 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، وَهَانِءِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ حِينَ تَنَازَعُوا ابْنَةَ حَمْزَةَ: وَأَمَّا أَنْتَ يَا زَيْدُ فَأَخُونَا وَمَوْلَانَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن حارثہ سے فرمایا جس وقت جھگڑا ہوا حضرت حمزہ کی بیٹی کے متعلق: تُو ہمارا بھائی اور غلام ہے۔

551 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا جَمِيلُ بْنُ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي الْوَضِيءِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ عَلِيٍّ حِينَ قُتِلَ أَهْلُ النَّهْرَوَانِ، قَالَ: الْتَمِسُوا الْمُخْدَجَ، فَانْطَلَقَ الْقَوْمُ فَلَمْ يَجِدُوهُ، قَالَ: ارْجِعُوا فَالْتَمِسُوهُ، فَانْطَلَقُوا فَلَمْ يَجِدُوهُ، قَالَ: ارْجِعُوا فَالْتَمِسُوهُ، فَوَاللَّهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، قَالَ: فَانْطَلَقُوا فَاسْتَخْرَجُوهُ مِنْ تَحْتِ

حضرت ابی وضی فرماتے ہیں کہ ہم حضرت علی کے ساتھ تھے جس وقت اہل نہروان کو قتل کیا گیا آپ نے فرمایا: ناقص ہاتھ والے کو تاش کرو، تلاش کیا لیکن اس کو پایا نہیں فرمایا دوبارہ جاؤ اسکو تلاش کرو اللہ کی قسم میں نے نہ جھوٹ بولا اور نہ مجھ سے جھوٹ بولا گیا ہے' وہ چلے اس کو مقتولین کے نیچے مٹی میں پایا گیا اس کو آپ کے پاس لے کر آئے میں گویا وہ منظر اب بھی دیکھ رہا ہوں اس

549- انظر الحديث رقم: 526 .

550- انظر الحديث رقم: 480 .

الْقَتْلَى فِي طِينٍ، فَجَاءُوا بِهِ، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ، حَبَشِيٌّ عَلَيْهِ قُرْطَقٌ إِحْدَى يَدَيْهِ مِثْلُ حَلَمَةِ الْمَرْأَةِ، عَلَيْهِ شَعَرَاتٌ مِثْلُ شَعَرَاتٍ تَكُونُ عَلَى ذَنَبِ الْيَرْبُوعِ

کے ہاتھ اس طرح تھے جس طرح عورت کے پستان ہوتے ہیں اس پر بال تھے جنگلی چوہے کی دُم کی طرح۔

552 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مُعَاذٌ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، أَنَّ عَلِيًّا، صَنَعَ طَعَامًا، فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى إِذَا نَظَرَ إِلَى الْبَيْتِ رَجَعَ، فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا رَجَعَكَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ، فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي؟ قَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ فِي بَيْتِكَ سِتْرًا فِيهِ تَصَاوِيرُ، وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ تَصَاوِيرُ

حضرت سعید بن میّب فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کھانا تیار کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے جب آپ کے گھر کی طرف دیکھا تو واپس آ گئے حضرت علی نے عرض کی اے اللہ کے نبی میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں آپ واپس کیوں آ گئے فرمایا میں نے تیرے گھر میں پردہ پر تصویریں دیکھیں تھیں بے شک فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس گھر میں تصویریں ہوں۔

553 - وَبِهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّهُ قَالَ: الْإِخْوَةُ مِنَ الْأُمِّ لَا يَرِثُونَ دِيَةَ أَخِيهِمْ لِأُمِّهِمْ إِذَا قُتِلَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اخیافی بہن کے متعلق کہ اس کو قتل کرنے کی صورت میں اس کی دیت اس کے اخیافی بھائی کو نہیں ملے گی۔

554 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ الْجُعْفِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُعَوِّرَ آبَارَهَا، يَعْنِي يَوْمَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا پست جگہ کنواں کھودنے کا بدر کے دن۔

552- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد4صفحه229 الى المصنف .

553- عزاه الهيثمى مجمع الزوائد جلد6صفحه80 . والحافظ فى المطالب العالية برقم: 4304 كلاهما الى المصنف .

554- أخرجه أحمد جلد 1صفحه113 . والبخارى فى استتابة المريدين رقم الحديث: 6930' باب: قتل الخوارج والملحدين . ومسلم فى الزكاة رقم الحديث: 1066' باب: التحريض على قتل الخوارج . وأبو داؤد فى السنة رقم الحديث: 4767' باب: فى قتل الخوارج .

بَدْرٍ

555 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: إِذَا حَدَّثْتُكُمْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَأَنْ أَخِرَّ مِنَ السَّمَاءِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَقُولَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ يَقُلْ، وَلَكِنَّ الْحَرْبَ خُدْعَةٌ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب میں تم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث بیان کرتا ہوں تو مجھے زیادہ پسند ہے آسمان سے گرنا کہ میں وہ کہوں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ فرمایا ہو‘ لیکن جنگ دھوکہ ہے۔

556 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَرْقَمَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ، قَالَ: أَتَيْتُ عَلِيًّا فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَمَسَحْنَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمًا

حضرت شریح بن ھانی فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی کے پاس آیا میں نے آپ سے موزوں پر مسح کے متعلق پوچھا آپ نے فرمایا ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے آپ سفر میں ہم نے تین دن تک مسح کیا اور مقیم حضرات نے ایک دن اور ایک رات کیا۔

557 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَبِي حَزْمٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُفِيَ لَكُمْ عَنْ صَدَقَةِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ، وَلَكِنْ هَلُمُّوا صَدَقَةَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لیے گھوڑے اور غلاموں پر زکوٰۃ معاف ہے لیکن چاندی کی زکوٰۃ لو ہر چالیس درہم میں سے ایک درہم ہے‘ پھر نہ لیا جائے یہاں تک کہ دوسو درہم ہو جائیں‘ جب دوسو درہم ہو جائیں تو پانچ درہم زکوٰۃ ہو

555- أخرج الحميدى رقم الحديث: 46 . وعبد الرزاق رقم الحديث: 788 .

556- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 146,132,121,113,92 . وابن ماجه في الزكاة رقم الحديث: 1790، باب: زكاة الورق والذهب، و رقم الحديث: 1813 باب: صدقة الخيل والرقيق . وعبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد 1 صفحه 148,145 . وأبو داؤد في الزكاة رقم الحديث: 1572 و 1573، باب: في زكاة السائمة . والترمذي في الزكاة جلد 5 صفحه 37، باب: زكاة الورق .

557- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 119 . والنسائي في القسامة جلد 8 صفحه 24، باب: سقوط القود في المسلم للكافر .

الْوَرِقِ، مِنْ كُلِّ أَرْبَعِينَ دِرْهَمًا دِرْهَمًا، وَلَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ شَيْءٌ حَتَّى تَكُونَ مِائَتَيْ دِرْهَمٍ، فَإِذَا كَانَتْ مِائَتَيْ دِرْهَمٍ فَفِيهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ

گی۔

558 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي حَسَّانَ الْأَعْرَجِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْمُؤْمِنُونَ تَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ، وَهُمْ يَدٌ عَلَى مَنْ سِوَاهُمْ، يَسْعَى بِذِمَّتِهِمْ أَدْنَاهُمْ، أَلَا لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ، وَلَا ذُو عَهْدٍ فِي عَهْدِهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان والوں کے خون کا بدلہ ہے وہ اپنے علاوہ دیگر لوگوں پر ایک احسان کی مانند ہیں ان کے ذمہ میں ان کا ادنیٰ کوشش کرے خبردار! کسی مؤمن کو کسی کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے اور نہ ہی کسی کافر کے بدلے کسی وعدے والے (ذمّی) کو اس کے وعدہ کے زمانے میں قتل کیا جائے۔

559 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا السَّكَنُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبُرْجُمِيُّ أَبُو عَمْرٍو، حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنِ ابْنِ أَشْوَعَ، عَنْ حَنَشٍ الْكِنَانِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، أَنَّهُ بَعَثَ عَامِلَ شُرْطَتِهِ، فَقَالَ لَهُ: " تَدْرِي عَلَامَ أَبْعَثُكَ؟ أَبْعَثُكَ عَلَى مَا بَعَثَنِي عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَنْحِتَ لَهُ كُلَّ زُخْرُفٍ، قَالَ: يَعْنِي كُلَّ صُورَةٍ، وَأَنْ أُسَوِّيَ كُلَّ قَبْرٍ"

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے اپنے پولیس کمانڈر کو بھیجا' اس کو فرمایا: کیا تجھے معلوم ہے کہ تجھے کس کام کیلئے بھیج رہا ہوں' میں تجھے اس کام کیلئے بھیج رہا ہوں' جس کام کیلئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھیجا تھا کہ ہر بت کی صورت وشکل مٹا دوں اور ہر اونچی قبر کو برابر کر دوں۔

560 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ الْعَبْدِيُّ، عَنْ حَفْصِ بْنِ خَالِدٍ الْعَبْدِيِّ،

حضرت حفص بن خالد العبدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے باپ نے بیان کیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے

558- أخرجه عبد الله بن أحمد فی زوائد المسند جلد8صفحه150 .

559- أخرجه أحمد جلد2صفحه270' جلد3صفحه183,129' وجلد4صفحه424,421,396 . والبزار رقم الحديث: 1853,1582,1579 . وصححه الحاكم جلد4صفحه501 .

560- عزاه الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد9صفحه118 . والحافظ فی المطالب العالية رقم الحديث: 3960 كلاهما الى المصنف والبزار كما صححه الحاكم جلد3صفحه139 .

حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَقَالَ: " أَلَا إِنَّ الْأُمَرَاءَ مِنْ قُرَيْشٍ، أَلَا إِنَّ الْأُمَرَاءَ مِنْ قُرَيْشٍ، أَلَا إِنَّ الْأُمَرَاءَ مِنْ قُرَيْشٍ مَا أَقَامُوا بِثَلَاثٍ: مَا حَكَمُوا فَعَدَلُوا، وَمَا عَاهَدُوا فَوَفَوْا، وَمَا اسْتُرْحِمُوا فَرَحِمُوا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ"

فرمایا کہ حضور ﷺ نے لوگوں کو ایک دن خطبہ دیا۔ فرمایا خبردار امراء قریش سے ہیں خبردار امراء قریش سے ہیں۔ جب تک تین باتوں پر قائم رہے (۱) جب فیصلہ کریں تو عدل کریں۔ (۲) جب وعدہ کریں تو پورا کریں۔ (۳) جب رحم کیا جائے تو رحم کریں۔ جو ان میں سے ایسے نہ کرے اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

561 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ عُمَيْرَةَ أَبُو قُتَيْبَةَ الْقَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَيْمُونُ الْكُرْدِيُّ أَبُو نُصَيْرٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِذٌ بِيَدِي، وَنَحْنُ نَمْشِي فِي بَعْضِ سِكَكِ الْمَدِينَةِ، إِذْ أَتَيْنَا عَلَى حَدِيقَةٍ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا أَحْسَنَهَا مِنْ حَدِيقَةٍ قَالَ: لَكَ فِي الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْهَا، ثُمَّ مَرَرْنَا بِأُخْرَى فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا أَحْسَنَهَا مِنْ حَدِيقَةٍ، قَالَ: لَكَ فِي الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْهَا، حَتَّى مَرَرْنَا بِسَبْعِ حَدَائِقَ، كُلُّ ذٰلِكَ أَقُولُ مَا أَحْسَنَهَا وَيَقُولُ: لَكَ فِي الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْهَا، فَلَمَّا خَلَا لَهُ الطَّرِيقُ اعْتَنَقَنِي ثُمَّ أَجْهَشَ بَاكِيًا، قَالَ: قُلْتُ: يَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے آپ نے میرا ہاتھ پکڑا ہوا تھا اور ہم مدینہ شریف کی کسی گلی میں چل رہے تھے اچانک ہم ایک باغ کے پاس آئے میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ باغ کتنا اچھا ہے! آپ نے فرمایا: آپ کے لیے جنت میں اس سے بھی اچھا باغ ہے پھر دوسرے باغ کے پاس سے گزرے تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ اس سے بھی اچھا باغ ہے آپ نے فرمایا: آپ کے لیے جنت میں اس سے بھی اچھا باغ ہے۔ ہمارا گزر سات باغوں کے پاس سے ہوا ہر ایک کے متعلق عرض کیا کہ یہ اس سے اچھا باغ ہے آپ نے بھی ہر مرتبہ فرمایا کہ آپ کے لیے اس سے بھی اچھا باغ ہوگا۔ جب راستے سے ہٹے تو آپ نے مجھ سے معانقہ کیا پھر آپ

561- أخرجه البخاري في الأنبياء رقم الحديث: 3349' باب: قوله تعالى: (واتخذ الله ابراهيم خليلًا) . ومسلم في الجنة (2860) (58) باب: فناء الدنيا وبيان الحشر يوم القيامة . والترمذي في القيامة رقم الحديث: 2425' باب: ما جاء في شأن الحشر' وفي التفسير رقم الحديث: 3166 باب: ومن سورة الأنبياء . والنسائي في الجنائز جلد 4 صفحه 114' باب: البعث' وجلد 4 صفحه 117 باب: ذكر أول من يكسٰى . والدارمي في الرقاق جلد 2 صفحه 326' باب: في صفة الحشر .

رَسُولَ اللّٰهِ مَا يُبْكِيكَ؟ قَالَ: ضَغَائِنُ فِي صُدُورِ أَقْوَامٍ، لَا يُبْدُونَهَا لَكَ إِلَّا مِنْ بَعْدِي، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي سَلَامَةٍ مِنْ دِينِي؟، قَالَ: فِي سَلَامَةٍ مِنْ دَيْنِكَ

رونے لگے میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ فرمایا: اس بغض کی وجہ سے جولوگوں کے سینہ میں تیرے لیے ہے جس کا اظہار میرے بعد کریں گے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میرا دین سلامت رہے گا؟ آپ نے فرمایا: آپ کا دین سلامت رہے گا۔

562 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَوَّلُ مَنْ يُكْسَى مِنَ الْخَلَائِقِ إِبْرَاهِيمُ قُبْطِيَّتَيْنِ، وَيُكْسَى مُحَمَّدٌ بُرْدَةً حِبَرَةً، قَالَ: وَهُوَ عَنْ يَمِينِ الْعَرْشِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مخلوق میں سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دو قطبی کپڑے پہنائے جائیں گے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حبر ہ کی چادر پہنائی جائے گی وہ عرش کے دائیں جانب سے لائی جائے گی۔

563 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَرْقَمَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: شَهِدْتُ عَلِيًّا فِي الرَّحْبَةِ يُنَاشِدُ النَّاسَ: أَنْشُدُ اللّٰهَ مَنْ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ فِي يَوْمِ غَدِيرِ خُمٍّ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، لَمَا قَامَ فَشَهِدَ، قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ فَقَامَ اثْنَا عَشَرَ بَدْرِيًّا، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى أَحَدِهِمْ عَلَيْهِ سَرَاوِيلُ، فَقَالُوا: نَشْهَدُ أَنَّا سَمِعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ: أَلَسْتُ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ وَأَزْوَاجِي أُمَّهَاتُهُمْ، قُلْنَا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَمَنْ كُنْتُ

حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رحبہ کے مقام پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا۔ لوگ قسمیں کھانے لگے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کسی نے مجھ پر خم کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب فرمایا تھا جس کا میں مددگار ہوں اس کا علی مددگار ہے؟ پہلے کوئی بھی کھڑا نہ ہوا کہ گواہی دے' حضرت عبدالرحمن فرماتے ہیں کہ ۱۲ آدمی کھڑے ہوئے۔ گویا ان میں سے ایک کی شلوار کو دیکھ رہا ہوں انہوں نے عرض کی ہم گواہی دیتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ جس دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غدیر خم کے موقع پر فرمایا تھا کہ کیا میں مومنوں کی جانوں سے

562- أخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد المسند جلد **1** صفحه **119,118** . وأحمد جلد **1** صفحه **22** . وصححه ابن حبان برقم: **2205** كما في موارد الظمآن .

563- انظر الحديث رقم: **578** .

مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللَّهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

زیادہ قریب نہیں ہوں اور میری بیویاں تمہاری مائیں نہیں ہیں؟ ہم نے عرض کی تھی کیوں نہیں؟ پھر آپ ﷺ نے فرمایا تھا جس کا میں مددگار ہوں اس کا علی مددگار ہے۔ تو اس کو دوست رکھ جو اس کو دوست رکھے اور تُو اس سے دشمنی رکھ جو اس سے رکھے۔

564 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا الْفُرَاتُ بْنُ سَلْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْجَزَّارِ الَّذِي يَنْحَرُ بُدْنَهُ، فَأَمَرَنِي أَنْ أَتَصَدَّقَ بِلُحُومِهِنَّ وَجُلُودِهِنَّ وَأَجِلَّتِهِنَّ، وَلَا أُعْطِي مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا، وَقَالَ: إِنَّا نُعْطِيهِ مِنْ غَيْرِ ذَلِكَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے اونٹوں کے چمڑوں کی طرف بھیجا جو قربانی کے وقت اتارے گئے تھے، مجھے حکم دیا اُن کا گوشت، چمڑا اور رسیاں صدقہ کرنے کا، ان کو بطور مزدوری نہ دینا، ہم مزدوری اس کے علاوہ دیں گے۔

565 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ يَزِيدَ بْنِ أُمَيَّةَ الدِّيلِيِّ، قَالَ: مَرِضَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ مَرَضًا شَدِيدًا حَتَّى أَدْنَفَ وَخِفْنَا عَلَيْهِ، ثُمَّ إِنَّهُ بَرَأَ وَنَقِهَ، فَقُلْنَا: هَنِيئًا لَكَ أَبَا الْحَسَنِ، الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي عَافَاكَ، قَدْ كُنَّا نَخَافُ عَلَيْكَ، قَالَ: لَكِنِّي لَمْ أَخَفْ عَلَى نَفْسِي، أَخْبَرَنِي الصَّادِقُ الْمُصَدَّقُ أَنِّي لَا أَمُوتُ حَتَّى أُضْرَبَ عَلَى هَذِهِ، وَأَشَارَ إِلَى مُقَدَّمِ رَأْسِهِ الْأَيْسَرِ، فَتَخْضَبُ هَذِهِ مِنْهَا بِدَمٍ، وَأَخَذَ

حضرت ابوسنان یزید بن مرہ الدیلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سخت بیمار ہوئے یہاں تک کہ آپ بہت کمزور ہو گئے۔ ہم کو آپ کی وفات کا خوف ہونے لگا۔ پھر آپ تندرست ہو گئے۔ ہم نے عرض کی: اے ابوالحسن! آپ کو مبارک ہو! تمام خوبیاں اس کے لیے جس نے آپ کو عافیت دی۔ ہم آپ پر خوف کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا: مجھے تو خوف نہیں تھا اپنے اوپر کسی کا بھی کیونکہ مجھے مخبر صادق المصدوق نے بتایا ہے کہ میں نہیں مروں گا یہاں تک کہ

564- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه137 الى المصنف .

565- انظر الحديث رقم:308 .

بِلِحْيَتِهِ، وَقَالَ لِي: يَقْتُلُكَ أَشْقَى هَذِهِ الْأُمَّةِ كَمَا عَقَرَ نَاقَةَ اللَّهِ أَشْقَى بَنِي فُلَانٍ مِنْ ثَمُودَ، قَالَ: فَنَسَبَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى فَخِذِهِ الدُّنْيَا دُونَ ثَمُودَ

مجھے اس جگہ مارا جائے اور اشارہ کیا اپنے سر کے آگے کے بائیں جانب اس داڑھی کو خون سے رنگا جائے گا اور مجھے کہا ہے آپ کو اس امت کا سب سے بدترین آدمی قتل کرے گا جیسے کہ بنی فلاں سے ثمود قوم والے بدبخت نے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں۔

566 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ مَسْعُودِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: رَأَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فَقُمْنَا وَقَعَدَ فَقَعَدْنَا، يَعْنِي فِي الْجِنَازَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے ہوتے دیکھا تو ہم بھی کھڑے ہو گئے آپ بیٹھے تو ہم بھی بیٹھ گئے یعنی جنازہ میں۔

567 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حَيَّةَ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر اعضائے وضو کو تین تین مرتبہ دھویا۔

568 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، حَدَّثَنِي عَبْدَةُ بْنُ أَبِي لُبَابَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ شَقِيقَ بْنَ سَلَمَةَ، يَقُولُ: رَأَيْتُ عَلِيًّا يَتَوَضَّأُ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَقَالَ: هَكَذَا تَوَضَّأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت شقیق بن سلمہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو وضو کرتے وقت دیکھا کہ آپ نے ہر عضو کو تین مرتبہ دھویا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔

569 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر فرض

566- أخرجه أحمد جلد 1صفحه157 . والترمذی فی الطهارة رقم الحديث: 44' باب: ما جاء فی الوضوء ثلاثًا ثلاثًا .

568- أخرجه أحمد جلد 1صفحه124 . وعبد الله ابنه فی زوائد المسند جلد 1صفحه144 . وأبو داؤد فی الصلاة رقم الحديث: 1275' باب: فی رخص فيهما اذا كانت الشمس مرتفعة .

569- أخرجه مسلم فی صلاة المسافرين رقم الحديث: 771' باب: الدعاء فی صلاة الليل وقيامه . والترمذی

الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ رَكْعَتَيْنِ، إِلَّا الْعَصْرَ وَالصُّبْحَ

نماز کے بعد دو رکعت پڑھتے مگر عصر اور فجر کے بعد نہیں پڑھتے تھے۔

570 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، حَدَّثَنِي عَمِّي الْمَاجِشُونُ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَفْتَحَ الصَّلَاةَ كَبَّرَ، ثُمَّ قَالَ: وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، لَا شَرِيكَ لَهُ، وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ، اللَّهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، أَنْتَ رَبِّي وَأَنَا عَبْدُكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِي، وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي، فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا، لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، وَاهْدِنِي لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ لَا يَهْدِي لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا، لَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ الْخَيْرُ كُلُّهُ فِي يَدَيْكَ، وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ، إِنَّا بِكَ وَإِلَيْكَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ، وَإِذَا رَكَعَ، قَالَ: اللَّهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، خَشَعَ لَكَ سَمْعِي،

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو اللہ اکبر کہتے' پھر پڑھتے تھے: ''وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ الى آخره'' جب رکوع کرتے تو یہ پڑھتے: ''اللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ الى آخره'' جب رکوع سے سر اُٹھاتے تو یہ پڑھتے تھے: ''سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ الى آخره'' جب سجدہ کرتے تو یہ پڑھتے: ''اللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ الى آخره''۔

فی الدعوات رقم الحديث: 3417' باب: نوع آخر من الذكر والدعاء .

وَبَصَرِى، وَعِظَامِى، وَمُخِّى، وَعَصَبِى ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ، قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَاوَاتِ، وَمِلْءَ الْأَرْضِ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ ، فَإِذَا سَجَدَ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِي خَلَقَهُ وَصَوَّرَهُ، فَأَحْسَنَ صُوَرَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ، فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ فَإِذَا سَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّى، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ

571 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْمَاجِشُونُ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ فِي حَدِيثِهِ: أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح کی روایت کرتے ہیں مگر اس میں اضافہ ہے کہ آپ پڑھتے تھے: ''أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ''۔

-571 أخرجه الحميدى رقم الحديث: 37 ۔ وأحمد جلد 1 صفحه 79 ۔ والبخارى فى النكاح رقم الحديث: 5115' باب: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن نكاح المتعة أخيرًا' وفى المغازى رقم الحديث: 4216 باب: غزوة خيبر' وفى الذبائح والصيد رقم الحديث: 5523 باب: لحوم الحمر الانسية' وفى الحيل رقم الحديث: 6961 باب: الحيلة فى النكاح ۔ ومسلم فى النكاح (1407) (30) باب: نكاح المتعة' و(1407) (31) ۔ والترمذى فى النكاح رقم الحديث: 1121' باب: ما جاء فى تحريم نكاح المتعة' وفى الأطعمة رقم الحديث: 1795 باب: ما جاء فى تحريم لحوم الحمر الأهلية ۔ والنسائى فى الصيد جلد 7 صفحه 203,202' باب: تحريم أكل لحوم الحمر الأهلية ۔ ومالك فى الموطأ صفحه 335' فى النكاح (41) باب: نكاح المتعة ۔ وابن ماجه فى النكاح رقم الحديث: 1961' باب: النهى عن نكاح المتعة ۔

572 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَسَنٍ، وَعَبْدِ اللَّهِ، ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِمَا، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ يَوْمَ خَيْبَرَ، وَعَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن نکاحِ متعہ اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا۔

573 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَقُومَ عَلَى بُدْنِهِ، وَأَنْ أَقْسِمَ جُلُودَهَا وَجِلَالَهَا، وَأَمَرَنِي أَلَّا أُعْطِيَ الْجَازِرَ مِنْهَا شَيْئًا، وَقَالَ: نَحْنُ نُعْطِيهِ مِنْ عِنْدِنَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا اونٹ پر کھڑے ہونے کا اور اس کی جلد اور رسیاں تقسیم کرنے کا حکم دیا' اور مجھے حکم دیا کہ ان چیزوں کو بطور اُجرت نہ دینا' ہم مزدوری اپنی طرف سے دیں گے۔

574 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: أَتَتْ فَاطِمَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْتَخْدِمُهُ خَادِمًا، فَقَالَ: " أَدُلُّكِ، أَوْ أُعَلِّمُكِ، مَا هُوَ خَيْرٌ لَكِ مِنْ ذَلِكَ؟، إِذَا أَوَيْتِ إِلَى فِرَاشِكِ تُسَبِّحِينَ ثَلَاثَةً وَثَلَاثِينَ، وَكَبِّرِي وَاحْمَدِي: أَحَدُهُمَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَالْآخَرُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ" ، قَالَ عَلِيٌّ: فَلَمْ أَدَعْهَا بَعْدَ أَنْ سَمِعْتُهَا، قِيلَ لَهُ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ؟ قَالَ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئیں اور خادم کا مطالبہ کیا' آپ نے فرمایا: کیا میں آپ کو راہنمائی نہ کروں یا نہ سکھاؤں جو اس سے بہتر ہے! جب تُو اپنے بستر پر آئے تو تینتیس مرتبہ سبحان اللہ' تینتیس مرتبہ اللہ اکبر' چونتیس مرتبہ الحمد للہ پڑھ لیا کرو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے یہ سننے کے بعد کسی رات اسے نہیں چھوڑا۔ عرض کی گئی: صفین کی رات؟ فرمایا: صفین کی رات بھی نہیں۔

572- انظر الحديث رقم: 568 .

573- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 43 . وأحمد جلد 1 صفحه 95 . والبخارى فى النفقات رقم الحديث: 5362' باب: خادم المرأة . ومسلم فى الذكر رقم الحديث: 2727' باب: التسبيح أول النهار وعند النوم .

574- انظر الحديث رقم: 524 .

575 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهُ كَانَ لَا يَحْجُبُهُ عَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ إِلَّا الْجَنَابَةُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سوائے جنابت' قرآن پڑھنے سے کوئی چیز رکاوٹ نہیں بنتی تھی۔

576 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ تَجَوَّزْنَا لَكُمْ عَنْ صَدَقَةِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے لیے گھوڑوں اور غلاموں سے زکوٰۃ کو معاف کر رہا ہوں۔

577 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ الْأَجْدَعِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُصَلِّ بَعْدَ الْعَصْرِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ الشَّمْسُ بَيْضَاءَ مُرْتَفِعَةً

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عصر کے بعد نماز نہ پڑھنا یہاں تک کہ سورج سفید ہو اور بلندی پہ کھڑا ہو۔

578 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنَّا فِي جَنَازَةٍ فِي بَقِيعِ الْغَرْقَدِ، وَجَاءَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَعَدَ وَقَعَدْنَا حَوْلَهُ، وَمَعَهُ مِخْصَرَةٌ فَنَكَّسَ فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِمِخْصَرَتِهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ، مَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ إِلَّا وَقَدْ كَتَبَ اللّٰهُ مَكَانَهَا مِنَ الْجَنَّةِ وَمَكَانَهَا مِنَ النَّارِ، وَإِلَّا قَدْ كُتِبَتْ شَقِيَّةً أَوْ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جنت البقیع میں ایک جنازہ کے لیے حاضر تھے' ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' آپ بیٹھ گئے' ہم آپ کے اردگرد بیٹھ گئے' آپ کے پاس چھڑی تھی' آپ اس کے ساتھ کرید نے لگے پھر فرمایا: دنیا میں کوئی انسان بھی ہے تو اس کا ٹھکانہ جنت اور جہنم میں لکھ دیا گیا ہے اور اس کا نیک اور بدبخت ہونا لکھ دیا گیا ہے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم لکھے ہوئے پر بھروسہ کریں

576- أخرجه النسائی فی الصلاة رقم الحديث: 574' باب: الرخصة فی الصلاة بعد العصر .

577- انظر الحديث رقم: 375 .

578- انظر الحديث رقم: 376 .

سَعِيدَةً ، قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَا نَمْكُثُ عَلَى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ؟ فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَسَيَصِيرُ إِلَى عَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَسَيَصِيرُ إِلَى عَمَلِ أَهْلِ الشَّقَاءِ؟، فَقَالَ: اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ، أَمَّا أَهْلُ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ، وَأَمَّا أَهْلُ الشِّقْوَةِ فَيُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ أَهْلِ الشِّقْوَةِ، ثُمَّ قَرَأَ (فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى) (الليل:6)

اور عمل کرنے کو چھوڑ دیں؟ کیونکہ جو نیک ہوگا وہ نیکی کرے گا اور جو بد بخت ہوگا وہ بُرے عمل کرے گا؟ آپ نے فرمایا: عمل کیا کرو کیونکہ جو نیک ہوگا اس کے لیے نیکی والے کام آسان کر دیئے جائیں گے اور جو بد بخت ہوگا تو اُس کے لیے بدبختی والے عمل آسان کر دیئے جائیں گے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی الٰی آخرہٖ''۔

579 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِأَرْبَعٍ: أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ بَعَثَنِي بِالْحَقِّ، وَيُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَيُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ "

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک بندہ چار چیزوں پر ایمان نہ لائے وہ ایمان والا نہیں ہو سکتا ہے: (۱) لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ (۲) میرے اللہ کے رسول ہونے پر (۳) میرے حق ہونے اور قیامت کے دن اُٹھنے کے بارے میں (۴) تقدیر پر۔

580 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ دَجَاجَةَ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عَلِيٍّ فَدَخَلَ عَلَيْهِ أَبُو مَسْعُودٍ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: يَا فَرُّوخُ أَنْتَ الْقَائِلُ: لَا يَأْتِي عَلَى النَّاسِ مِائَةُ سَنَةٍ وَعَلَى الْأَرْضِ عَيْنٌ تَطْرِفُ، أَخْطَأَتْ اِسْتُكَ الْحُفْرَةَ، إِنَّمَا قَالَ: لَا يَأْتِي

حضرت نعیم بن دجاجہ الاسدی فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' آپ کے پاس ابومسعود آئے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا: اے فروخ! تُو کہتا ہے کہ لوگوں پر سو سال نہیں آئے گا اور زمین پر آنکھ جھپکنے والا نہیں رہے گا' تُو نے اس کے بیان میں غلطی کی ہے' لوگ سو سال اور زمین پر نہیں دیکھے گی' آج کا زندہ

579- انظر الحديث رقم: 417 .

580- انظر الحديث رقم: 317 و322 .

عَلَى النَّاسِ مِائَةُ سَنَةٍ وَعَلَى الْأَرْضِ عَيْنٌ تَطْرِفُ مِمَّا هُوَ الْيَوْمَ حَيٌّ، وَإِنَّمَا رَخَاءُ هَذِهِ الْأُمَّةِ وَفَرَحُهَا بَعْدَ الْمِائَةِ

آدمی آسانی اور خوشحالی سوسال یہ اُمت کے بعد ہے۔

581 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ، فَأَوْتِرُوا يَا أَهْلَ الْقُرْآنِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ وتر ہے اور وتر کو پسند کرتا ہے‘ وتر پڑھا کرو! اے اہل قرآن!

582 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيًّا أُتِيَ بِدَابَّةٍ، فَوَضَعَ رِجْلَهُ فِي الرِّكَابِ، قَالَ: بِسْمِ اللَّهِ، فَلَمَّا اسْتَوَى عَلَيْهَا قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ، ثُمَّ قَالَ: (سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ) (الزخرف: 14)، ثُمَّ كَبَّرَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ:

حضرت علی بن ربیعہ الاسدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا۔ آپ کے پاس سواری لائی گئی۔ آپ نے اپنا پاؤں اس کی رکاب میں رکھا اور بسم اللہ پڑھی جب اس پر سیدھے ہو کر بیٹھ گئے تو الحمد للہ پڑھی پھر پڑھا: سبحان الذی الی آخرہ۔ پھر تین مرتبہ اللہ اکبر پڑھا۔ پھر سبحانك انی ظلمت الی آخرہ۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ مسکرانے لگے۔ میں نے عرض

581- أخرجه أحمد جلد 1صفحه128,115,97 . وأبو داؤد فی الجهاد رقم الحديث: 2602‘ باب: ما يقول الرجل اذا ركب . والترمذی فی الدعوات رقم الحديث: 3443‘ باب: ما جاء ما يقول اذا ركب دابة . والسيوطی فی الدر المنثور جلد6صفحه14 .

582- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 4400,4399 و 4401‘ وفی الحدود رقم الحديث: 4402 باب: فی المجنون يسرق أو يصيب شيئًا و رقم الحديث: 5503باب: فی المجنون يسرق أو يصيب حدًا . وأخرجه أحمد جلد 1صفحه140,118 . وصححه الحاكم جلد 1صفحه258 وجلد 2صفحه59 وجلد 4 صفحه 389 . وأخرجه ابن ماجه فی الطلاق رقم الحديث: 2042‘ باب: طلاق المعتوه والصغير والنائم . والترمذی فی الحدود رقم الحديث: 1423‘ باب: ما جاء فيمن لا يجب عليه الحد . والنسائی فی الطلاق جلد6صفحه156‘ باب: من لايقع طلاقه من الأزواج . والدارمی فی الحدود جلد 2صفحه171‘ باب: رفع القلم عن ثلاثة .

سُبْحَانَكَ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، ثُمَّ اسْتَضْحَكَ؟، فَقُلْتُ: مِمَّ اسْتَضْحَكْتَ؟ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ يَوْمًا مِثْلَ مَا قُلْتُ، ثُمَّ اسْتَضْحَكَ، فَقُلْتُ: مِمَّ اسْتَضْحَكْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: " تَعَجَّبَ رَبُّنَا مِنْ قَوْلِ عَبْدِهِ: سُبْحَانَكَ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ " ، قَالَ: عَلِمَ عَبْدِي أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ

کی کہ مسکرانے کی وجہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک دن ایسے ہی کرتے دیکھا تھا۔ میں نے عرض کی تھی: یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کیوں مسکرائے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہمارا رب اپنے بندہ کی بات سے تعجب کرتا ہے جب وہ کہتا ہے: اس کو معلوم ہے کہ میرے گناہ میرا رب ہی معاف کرسکتا ہے۔

583 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ، قَالَ: أُتِيَ عُمَرُ بِامْرَأَةٍ قَدْ فَجَرَتْ، فَأَمَرَ بِهَا أَنْ تُرْجَمَ فَمُرَّ بِهَا عَلَى عَلِيٍّ فَعَرَفَهَا، فَخَلَّى سَبِيلَهَا، فَأُتِيَ عُمَرُ فَقِيلَ لَهُ: إِنَّ عَلِيًّا أَخَذَهَا مِنْ أَيْدِينَا فَأَرْسَلَهَا، فَقَالَ: ادْعُوهُ لِي، فَأَتَاهُ، فَقَالَ: لِمَ أَرْسَلْتَهَا؟ قَالَ: وَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " قَدْ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ: عَنِ النَّائِمِ حَتَّى يَسْتَيْقِظَ، وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتَّى يَبْلُغَ، وَعَنِ الْمَجْنُونِ حَتَّى يَبْرَأَ " ، وَإِنَّ هَذِهِ مَجْنُونَةُ بَنِي فُلَانٍ، وَلَعَلَّ الَّذِي فَجَرَ بِهَا أَتَاهَا وَهِيَ فِي بَلَائِهَا

حضرت ابو ظبیان رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک عورت لائی گئی اس سے زنا ہوا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو رجم کرنے کا حکم دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس سے وہ گزرے آپ نے اس کو پہچان لیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو۔ وہ لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ عرض کی آپ سے کہ حضرت علی نے اس کو پکڑا اور اس کو چھوڑ دیا۔ حضرت عمر نے فرمایا: علی کو بلاؤ، آپ کو لایا گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے اس کو کیوں چھوڑا؟ حضرت علی نے فرمایا: اے امیر المومنین رضی اللہ عنہ! آپ کو معلوم نہیں ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ تین آدمیوں سے قلم اٹھا لیا گیا ہے۔ (۱) سونے والے سے یہاں تک کہ وہ جاگ جائے، (۲) بچہ سے یہاں تک کہ وہ بالغ ہو جائے اور (۳) مجنون سے یہاں تک کہ وہ ٹھیک ہو جائے اور یہ بنی فلان مجنونہ کی عورت ہے، ہوسکتا ہے اس کے ساتھ

583- انظر الحديث رقم: 496 .

حالتِ جنون میں زنا کیا گیا ہو۔

584 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ الْحِمَّانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ، وَأَشْهَدُ أَنَّهُ مِمَّا كَانَ يُشِيرُ إِلَيَّ لَيُخَضَّبَنَّ هَذَا مِنْ دَمِ هَذَا، يَعْنِي لِحْيَتَهُ مِنْ دَمِ رَأْسِهِ

حضرت ثعلبہ حمانی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے میری طرف اشارہ کیا تھا کہ اس کی داڑھی اور سر خون آلود ہوگا۔

585 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُنْبَذَ فِي الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دباء اور مزفت کے برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کیا۔

586 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَبُعٍ، قَالَ: خَطَبَنَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، فَقَالَ: وَالَّذِي فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَأَ النَّسَمَةَ لَتُخَضَّبَنَّ هَذِهِ مِنْ هَذِهِ، يَعْنِي لِحْيَتَهُ مِنْ دَمِ رَأْسِهِ، قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ: وَاللَّهِ لَا يَقُولُ ذَاكَ أَحَدٌ إِلَّا أَبَرْنَا عِتْرَتَهُ، فَقَالَ: أَذْكُرُ اللَّهَ، أَوْ أَنْشُدُ اللَّهَ، أَنْ تُقْتَلَ بِي إِلَّا قَاتِلِي، فَقَالَ رَجُلٌ: أَلَا تَسْتَخْلِفُ يَا أَمِيرَ

حضرت عبداللہ بن سبع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہم کو خطبہ دیا' فرمایا: وہ ذات جس نے دانہ کو پھاڑا اور جان کو پیدا کیا، ضرور بضرور یہ داڑھی اور سر خون سے رنگا جائے گا۔ ایک آدمی نے کہا: اللہ کی قسم! ایسا کوئی نہیں کرے گا' ہم اپنی اولاد کو سمجھائیں گے۔ آپ نے فرمایا: میں اللہ کو یاد کرتا ہوں' یا میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں کہ مجھے قتل ہی کیا جائے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: اے امیر المومنین! کیا آپ خلیفہ نہیں مقرر

584- انظر الحديث رقم: 538 .

585- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 130 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 137 الى المصنف .

586- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 415,385,131,126,122 . وابنه عبد الله في زوائد المسند جلد 1 صفحه 130 . وابن ماجه في المقدمة رقم الحديث: 19 و 20' باب: تعظيم حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم . والدارمي في المقدمة جلد 1 صفحه 146,145' باب: تأويل حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم .

الْمُؤْمِنِينَ؟، قَالَ: لَا، وَلَكِنْ أَتْرُكُكُمْ إِلَى مَا تَرَكَكُمْ إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: فَمَا تَقُولُ لِلَّهِ إِذَا لَقِيتَهُ؟، قَالَ: أَقُولُ: اللَّهُمَّ تَرَكْتَنِي فِيهِمْ مَا بَدَا لَكَ، ثُمَّ تَوَفَّيْتَنِي وَتَرَكْتُكَ فِيهِمْ، فَإِنْ شِئْتَ أَصْلَحْتَهُمْ، وَإِنْ شِئْتَ أَفْسَدْتَهُمْ

کریں گے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن میں تم کو ویسے ہی چھوڑوں گا جس طرح حضور ﷺ نے چھوڑا ہے۔ انہوں نے آپ سے عرض کی: آپ اللہ کے حضور کیا کہیں گے جب اُس سے ملیں گے؟ آپ نے فرمایا: میں عرض کروں گا کہ اے اللہ! تُو نے مجھے اُن میں چھوڑے رکھا سامنے ہے جو تیرے لیے واضح ہوا پھر مجھے موت دی اور میں نے ان میں تجھے چھوڑا' اگر تو چاہے تو ان کی اصلاح فرما اور اگر چاہے تو ان کو تباہ کر۔

587 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: إِذَا حَدَّثْتُكُمْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا فَظُنُّوا بِهِ الَّذِي هُوَ أَهْيَأُ، وَالَّذِي هُوَ أَهْدَى، وَالَّذِي هُوَ أَتْقَى

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں تم کو حضور ﷺ کے حوالہ سے حدیث بیان کروں تو اس سے انہوں نے خیال کیا' اس ہستی کو جو خوش منظر ہدایت والی ہے اور وہ جو صاحبِ تقوی ہے۔

588 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُجَيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: كَانَتْ لِي مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعَةٌ مِنَ السَّحَرِ آتِيهِ فِيهَا، فَكُنْتُ إِذَا أَتَيْتُ اسْتَأْذَنْتُ، فَإِنْ وَجَدْتُهُ يُصَلِّي سَبَّحَ، فَدَخَلْتُ وَإِنْ وَجَدْتُهُ فَارِغًا أَذِنَ لِي، فَأَتَيْتُهُ لَيْلَةً فَأَذِنَ لِي فَقَالَ: " أَتَانِي الْمَلَكُ، أَوْ قَالَ: جِبْرِيلُ " ، فَقُلْتُ:

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے ساتھ سحری کے وقت ایک گھڑی تھی میں جس میں آپ کے پاس آتا' میں جب آپ کے پاس آتا تو میں اجازت لیتا اگر میں پاتا نفل نماز پڑھتے ہوئے آپ بلند آواز سے تسبیح پڑھتے تو میں داخل ہوتا' اگر میں فارغ پاتا تو آپ مجھے اجازت دیتے' میں ایک رات کو آیا تو مجھے اجازت دی گئی' آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: میرے پاس فرشتہ آیا یا جبرئیل آئے' میں نے کہا: داخل

587- انظر الحديث رقم: 626 .

588- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 78 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 122 الى المصنف .

ادْخُلْ، فَقَالَ: اِنَّ فِي الْبَيْتِ مَا لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَدْخُلَ، قَالَ: فَنظَرْتُ فَقُلْتُ: لَا أَجِدُ شَيْئًا، فَطَلَبْتُ، فَقَالَ لِي: انْظُرْ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا جَرْوٌ لِلْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ مَرْبُوطٌ بِقَائِمِ السَّرِيرِ فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ " ، فَقَالَ: إِنَّ الْمَلَائِكَةَ، أَوْ إِنَّا مَعْشَرَ الْمَلَائِكَةِ، لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ تِمْثَالٌ أَوْ كَلْبٌ أَوْ جُنُبٌ

ہوجاؤ! فرمایا: اس گھر میں میں داخل ہونے کی طاقت نہیں رکھتا ہوں! میں نے دیکھا' میں نے کہا: میں کوئی شے نہیں پاتا ہوں' میں نے تلاش کیا' مجھے کہا: دیکھو! میں نے دیکھا تو حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے کھیلنے والا گھوڑا حضرت اُم سلمہ کے گھر میں ان کی چارپائی کے پائے سے بندھا ہوا تھا۔ فرمایا: بے شک فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے ہیں جس گھر میں تصاویر' کتا یا جنبی آدمی ہوتا ہے۔

589 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أُمِّ مُوسَى، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَلِيًّا، يَقُولُ: مَا رَمِدْتُ وَلَا صُدِعْتُ مُنْذُ مَسَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجْهِي، وَتَفَلَ فِي عَيْنَيَّ يَوْمَ خَيْبَرَ حِينَ أَعْطَانِي الرَّايَةَ

حضرت ام موسیٰ فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت علی سے سنا فرماتے ہوئے کہ میری آنکھ اور میرے سر پر درد نہیں ہوئی جب سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے چہرے پر ہاتھ پھیرا ہے اور میری آنکھ میں تھوک مبارک لگایا خیبر کے دن' جس وقت مجھے جھنڈا اعطا فرمایا۔

590 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أُمِّ مُوسَى، قَالَتْ: اسْتَأْذَنَ قَاتِلُ الزُّبَيْرِ عَلَى عَلِيٍّ، فَقَالَ: لِيَدْخُلِ النَّارَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيٌّ وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ

حضرت اُم موسیٰ فرماتی ہیں کہ حضرت زبیر کے قاتل نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کے پاس آنے کی اجازت مانگی' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چاہیے کہ وہ جہنم میں داخل ہو' میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے' آپ نے فرمایا: ہر نبی کا حواری ہے' میرا حواری زبیر ہے۔

589- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 103,102,89' جلد 3 صفحه 365,338,314,307 . والطبرانی رقم الحديث: 227 و 228 و 243 . والحميدى رقم الحديث: 1231 . وابن ماجه فى المقدمة رقم الحديث: 122' باب: فضل الزبير' و رقم الحديث: 123 . وصححه الحاكم جلد 3 صفحه 367,362 . والترمذى فى المناقب رقم الحديث: 3745' باب: الزبير فى حوارى النبى صلى الله عليه وسلم' و رقم الحديث: 3746 باب: مناقب الزبير . والبخارى فى فضائل الصحابة رقم الحديث: 3719' باب: مناقب الزبير . ومسلم فى فضائل الصحابة رقم الحديث: 2415' باب: من فضائل طلحة .

590- انظر الحديث رقم: 539 .

591 - وَبِهِ، عَنْ أُمِّ مُوسَى، قَالَتْ: ذُكِرَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ عِنْدَ عَلِيٍّ فَذَكَرَ مِنْ فَضْلِهِ، ثُمَّ قَالَ: لَقَدِ ارْتَقَى مَرَّةً شَجَرَةً أَرَادَ أَنْ يَجْتَنِيَ لِأَصْحَابِهِ، فَضَحِكَ أَصْحَابُهُ مِنْ دِقَّةِ سَاقِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَضْحَكُونَ؟ فَلَهُوَ أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ أُحُدٍ

حضرت اُم موسیٰ فرماتی ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا تذکرہ ہوا' ان کی فضیلت بیان کرنے کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو درخت پر چڑھنے کا حکم دیا۔ آپ رضی اللہ عنہ درخت کے اوپر چڑھے تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے ان کی پتلی پنڈلی کی طرف دیکھا وہ مسکرا پڑے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کیوں مسکرا رہے ہو؟ عبداللہ کی پنڈلی قیامت کے دن احد پہاڑ سے بھی زیادہ وزنی ہو گی۔

592 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا مُغِيرَةُ، عَنْ أُمِّ مُوسَى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ آخِرُ كَلَامِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّلَاةَ، الصَّلَاةَ، اتَّقُوا اللَّهَ فِيمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ

حضرت ام موسیٰ' حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کا آخری کلام تھا نماز' نماز اور اللہ سے ڈرو ان کے متعلق جو تمہاری ملکیت میں ہیں۔

593 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ فِي أَوَّلِ اللَّيْلِ وَفِي وَسَطِهِ وَفِي آخِرِهِ، ثُمَّ أَثْبَتَ لَهُ الْوِتْرَ فِي آخِرِهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رات کے اول' درمیان' آخر میں وتر پڑھتے تھے پھر رات کے آخر میں وتر پڑھتے تھے۔

591- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 78 . وأبو داؤد في الأدب رقم الحديث: 5156' باب: في حق المملوك . وابنماجه رقم الحديث: 2697' وفي الوصايا رقم الحديث: 2698 باب: هل أوصى رسول الله صلى الله عليه وسلم' وفي الجنائز رقم الحديث: 1625 باب: ما جاء في ذكر مرض رسول الله صلى الله عليه وسلم .

592- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 87 وانظر الحديث رقم: 585 .

593- أخرجه مسلم في الحدود رقم الحديث: 1707' باب: حد الخمر .

594 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ الدَّانَاجِ، عَنْ حُضَيْنٍ أَبِي سَاسَانَ، " أَنَّهُ رَكِبَ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ إِلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَأَخْبَرُوهُ بِمَا كَانَ مِنْ أَمْرِ الْوَلِيدِ، أَيْ يَشْرَبُ الْخَمْرَ، فَكَلَّمَهُ فِي ذَلِكَ عَلِيٌّ، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ: دُونَكَ ابْنَ عَمِّكَ فَأَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ، قَالَ: قُمْ يَا حَسَنُ فَاجْلِدْهُ، قَالَ: فِيمَ أَنْتَ مِنْ هَذَا؟ وَلِّ غَيْرِي، قَالَ: بَلْ ضَعُفْتَ وَوَهَنْتَ، قُمْ يَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ جَعْفَرٍ فَاجْلِدْهُ، فَجَعَلَ يَجْلِدُهُ، وَيَعُدُّ عَلِيٌّ حَتَّى بَلَغَ أَرْبَعِينَ فَقَالَ: كُفَّ، أَوْ أَرْسِلْهُ، جَلَدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعِينَ، وَأَبُو بَكْرٍ أَرْبَعِينَ، وَكَمَّلَهَا عُمَرُ ثَمَانِينَ وَكُلٌّ سُنَّةٌ

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میری عیادت کی اس حالت میں کہ میں مریض تھا' آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تُو نے وصیت کی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: کتنے مال کی؟ میں نے عرض کی: مکمل مال کی اللہ کی راہ میں۔ فرمایا: تُو نے اپنے بچوں کے لیے کیا چھوڑا ہے؟ میں نے عرض کی: وہ بھلائی کے ساتھ مال دار ہیں۔ آپ نے فرمایا: دسویں حصہ کی وصیت کر۔ میں مسلسل کم کرتا رہا اور آپ مجھ سے کم کرواتے رہے یہاں تک کہ آپ نے فرمایا: ایک تہائی کی وصیت کر اور تہائی بھی زیادہ ہے۔ حضرت ابوعبدالرحمٰن فرماتے ہیں: ہمارے لیے مستحب ہے کہ ہم تہائی سے بھی کم کی وصیت کریں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول کی وجہ سے: ''اور تہائی بھی زیادہ ہے''۔

776 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي عَامِرٍ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنَا فِي فِتْنَةِ السَّرَّاءِ أَخْوَفُ عَلَيْكُمْ مِنْ فِتْنَةِ الضَّرَّاءِ، إِنَّكُمْ قَدِ ابْتُلِيتُمْ بِفِتْنَةِ الضَّرَّاءِ فَصَبَرْتُمْ، وَإِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم پر خوشحالی کے فتنہ کا زیادہ خوف کرتا ہوں تنگی کے فتنہ سے بے شک تم تنگی کے فتنے سے آزمائے جاؤ گے، تم صبر کرنا ہے بے شک دنیا سرسبز میٹھی ہے۔

777 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ:

حضرت عمرو بن سعید سے روایت ہے کہ ہم حمید بن عبدالرحمٰن کے ساتھ غلاموں کے بازار میں تھے'

775- أخرجه أبو نعيم في حلية الأولياء .

776- أخرجه مسلم في الوصية' باب: الوصية بالثلث . وأحمد جلد1صفحه168 .

777- أخرجه مسلم في فضائل الصحابة' باب: في فضل سعد بن أبي وقاص . والواحدي في أسباب النزول .

كُنَّا مَعَ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ فِي سُوقِ الرَّقِيقِ، فَقَامَ مِنْ عِنْدِنَا، ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْنَا فَقَالَ: هَذَا آخِرُ ثَلَاثَةٍ مِنْ بَنِي سَعْدٍ، كُلُّهُمْ قَدْ حَدَّثَنِي هَذَا الْحَدِيثَ، قَالَ: مَرِضَ سَعْدٌ بِمَكَّةَ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَدْ رَهِبْتُ أَنْ أَمُوتَ بِالْأَرْضِ كَمَا مَاتَ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ، فَادْعُ اللَّهَ أَنْ يَشْفِيَنِي، فَقَالَ: اللَّهُمَّ اشْفِ سَعْدًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَلِي مَالٌ كَثِيرٌ وَلَيْسَ لِي وَارِثٌ إِلَّا كَلَالَةً، أَفَأُوصِي بِنِصْفِ مَالِي؟ قَالَ: لَا قَالَ: فَأُوصِي بِثُلُثِ مَالِي؟ قَالَ: " الثُّلُثُ كَبِيرٌ - أَوْ كَثِيرٌ - إِنَّ صَدَقَتَكَ مِنْ مَالِكَ لَكَ صَدَقَةٌ، وَإِنَّ أَكْلَ امْرَأَتِكَ مِنْ طَعَامِكَ صَدَقَةٌ، وَإِنَّ نَفَقَتَكَ عَلَى أَهْلِكَ صَدَقَةٌ، وَإِنَّكَ إِنْ تَدَعْ أَهْلَكَ بَعْدَكَ بِعَيْشٍ - أَوْ قَالَ: بِغِنًى - خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَتَكَفَّفُوا "

حضرت حمید ہمارے پاس سے اُٹھے' پھر ہم میں واپس آئے اور اس کے بعد فرمایا: یہ بنی سعد سے آخری تین ہیں' ان میں سے ہر ایک نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے' وہ فرماتے ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ مکہ میں بیمار ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اُن کی عیادت کرنے کے لیے آئے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ڈرتا ہوں کہ میں اس ملک میں نہ مرجاؤں جس طرح حضرت سعد بن خولہ فوت ہوئے ہیں' اللہ عزوجل سے میری شفاء کے لیے دعا کریں۔ آپ نے فرمایا:"اے اللہ! سعد کو شفاء دے! یہ تین مرتبہ فرمایا' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس بہت مال ہے اور میرا وارث کوئی نہیں ہے مگر ایک بیٹی' تو کیا میں اپنے مال میں سے نصف مال کی وصیت کروں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: ایک تہائی کی کروں؟ آپ نے فرمایا: تہائی زیادہ یا بڑا ہے' اگر تُو اپنے مال سے صدقہ کرے تو یہ بھی صدقہ ہے' اگر تُو اپنی بیوی کو کھلائے تو یہ بھی صدقہ ہے' اگر تُو اپنے خاندان پر خرچ کرے تو یہ بھی صدقہ ہے' اگر تُو اپنے گھر والوں کو مال دار چھوڑے تو یہ بہتر ہے اس سے کہ وہ مانگتے پھریں۔

778 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنِي مُصْعَبُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ نَزَلَتْ فِيهِ

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ قرآن کی چند آیات نازل ہوئیں۔ اُم سعد نے قسم اُٹھائی کہ وہ ہمیشہ گفتگو نہیں کرے گی یہاں

778- أخرجه مسلم في الامارة' باب: قوله صلى الله عليه وسلم: لا تزال طائفة في أمتي ظاهرين على الحق لا يضرهم في خالفهم .

آيَاتٌ مِنَ الْقُرْآنِ، قَالَ: حَلَفَتْ أُمُّ سَعْدٍ لَا تُكَلِّمُهُ أَبَدًا حَتَّى يَكْفُرَ بِدِينِهِ، وَلَا تَأْكُلُ وَلَا تَشْرَبُ، قَالَتْ: زَعَمْتَ أَنَّ اللَّهَ أَوْصَاكَ بِوَالِدَيْكَ، وَأَنَا أُمُّكَ، وَأَنَا آمُرُكَ بِهَذَا، قَالَ: مَكَثَتْ ثَلَاثًا حَتَّى غُشِيَ عَلَيْهَا مِنَ الْجَهْدِ، فَقَامَ ابْنٌ لَهَا يُقَالُ لَهُ عُمَارَةُ فَسَقَاهَا، فَجَعَلَتْ تَدْعُو عَلَى سَعْدٍ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ هَذِهِ الْآيَةَ (وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا وَإِنْ جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا) (العنكبوت:8) قَالَ: وَأَصَابَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنِيمَةً عَظِيمَةً، فَإِذَا فِيهَا سَيْفٌ، فَأَخَذْتُهُ فَأَتَيْتُ بِهِ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: نَفِّلْنِي هَذَا السَّيْفَ، فَأَنَا مَنْ قَدْ عَلِمْتَ، قَالَ: فَقَالَ: رُدَّهُ مِنْ حَيْثُ أَخَذْتَهُ فَرَجَعْتُ بِهِ، ثُمَّ رَجَعْتُ بَعْدَ ذَلِكَ فَرَاجَعْتُهُ فَقَالَ: رُدَّهُ مِنْ حَيْثُ أَخَذْتَهُ فَانْطَلَقْتُ حَتَّى إِذَا أَرَدْتُ أَنْ أُلْقِيَهُ فِي الْقَبْضِ لَامَتْنِي نَفْسِي، فَرَجَعْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ: أَعْطِنِيهِ، قَالَ: فَشَدَّ لِي صَوْتَهُ فَقَالَ: رُدَّهُ مِنْ حَيْثُ أَخَذْتَهُ فَأَنْزَلَ اللَّهُ (يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ) (الأنفال: 1) وَأَرْسَلْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَانِي فَقُلْتُ: دَعْنِي أَقْسِمُ مَالِي حَيْثُ شِئْتُ، فَأَبَى، فَقُلْتُ: فَالنِّصْفُ، فَأَبَى، فَقُلْتُ: فَالثُّلُثُ، فَسَكَتَ، فَكَانَ يُعَدُّ الثُّلُثُ جَائِزًا، قَالَ: وَأُتِيتُ عَلَى نَفَرٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرِينَ فَقَالُوا: تَعَالَ نُطْعِمُكَ وَنَسْقِيكَ خَمْرًا، وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ

تک کہ (میں) دین سے نہ پھروں' وہ نہ کھائے گی اور نہ پیئے گی' اس نے خیال تھا کہ اللہ نے والدین کے متعلق وصیت کی ہے اور میں تیری ماں ہوں' میں تجھے اس کا حکم دیتی ہوں۔ وہ تین دن رُکی رہی یہاں تک کہ اس پر بھوک کی وجہ سے غشی طاری ہوئی' اس کا بیٹا کھڑا ہوا اُسے عمار کہا جاتا تھا' اس نے پانی پلایا' وہ سعد کو بلانے لگی۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ الٰی آخرہ '' حضور ﷺ کو بہت زیادہ مالِ غنیمت ملا' اس میں ایک تلوار بھی تھی' میں نے اس کو لیا اور اس تلوار کو لے کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: مجھے یہ تلوار ہدیہ دیں! میں وہ ہوں جسے آپ جانتے ہیں (کہ جنگ کو پسند کرتا ہوں)۔ آپ نے فرمایا: جہاں سے لی ہے وہیں رکھ دو۔ میں اسے لے کر واپس چلا گیا' میں اس کے بعد پھر اُسے لے کر واپس آیا تو آپ نے فرمایا: اس کو وہاں رکھو جہاں سے لی ہے۔ میں چلا یہاں تک کہ میں نے ارادہ کیا کہ اس کو قبضہ میں ڈال دوں۔ میں آپ کے پاس واپس آیا' میں نے عرض کی: آپ مجھے دیں۔ آپ نے میرے لیے آواز اونچی کی اور آپ نے فرمایا: جہاں سے لی ہے وہیں واپس کر دو۔ تو یہ آیت اُتری: ''آپ سے مالِ غنیمت کے متعلق پوچھتے ہیں'' میری طرف رسول اللہ ﷺ نے کسی کو بھیجا' میں آپ کے پاس آیا اور میں نے عرض کی: آپ مجھے چھوڑیں تا کہ میں جہاں چاہوں مال تقسیم کروں۔ آپ نے انکار کیا تو میں نے عرض کی:

تُحَرَّمَ الْخَمْرُ، فَأَتَيْتُهُمْ فِي حَشٍّ- وَالْحَشُّ الْبُسْتَانُ - فَإِذَا رَأْسُ جَزُورٍ مَشْوِيٍّ عِنْدَهُمْ، وَزِقٌّ مِنْ خَمْرٍ، قَالَ: فَأَكَلْتُ وَشَرِبْتُ مَعَهُمْ، قَالَ: فَذَكَرْتُ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرِينَ فَقُلْتُ: الْمُهَاجِرُونَ خَيْرٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: فَأَخَذَ رَجُلٌ لَحْيَ الرَّأْسِ فَضَرَبَنِي بِهِ فَجَرَحَ بِأَنْفِي، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيَّ- يَعْنِي نَفْسَهُ- شَأْنَ الْخَمْرِ (إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ) (المائدة:90)

نصف؟ آپ نے انکار کیا' میں نے عرض کی: تہائی؟ آپ خاموش رہے' آپ تہائی کو زیادہ سمجھتے تھے' میرے پاس انصار و مہاجرین کا گروہ آیا' اُنہوں نے کہا: آئیں ہم آپ کو کھلاتے ہیں اور شراب پلاتے ہیں' یہ شراب کی حرمت نازل ہونے سے پہلے کی بات ہے' میں ایک باغ میں آیا تو وہاں ان کے پاس اونٹ کا بھونا ہوا سر موجود تھا اور شراب کی مشک تھی' میں نے ان کے ساتھ کھایا اور پیا' میں نے انصار و مہاجرین کا ذکر کیا' میں نے کہا: مہاجر' انصار سے بہتر ہیں۔ ایک آدمی نے اونٹ کی نکیل پکڑی اور مجھے ماری تو اس سے میری ناک زخمی ہو گئی' میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو اللہ عزوجل نے شراب کی حرمت نازل فرمائی: ''اِنَّمَا الْخَمْرُ الٰی آخرہٖ''۔

779 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنُ أَبِي سَمِينَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ أَهْلُ الْعَرَبِ ظَاهِرِينَ عَلَى الْحَقِّ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اہل عرب ہمیشہ حق پر رہیں گے یہاں تک کہ قیامت قائم ہوگی۔

780 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ أَبِي الْعَبَّاسِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ قِرْوَاشٍ، عَنْ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ ذَا الثُّدَيَّةِ، قَالَ: شَيْطَانُ رَدْهَةٍ يَحْدُرُهُ رَجُلٌ مِنْ بَجِيلَةَ يُقَالُ لَهُ الْأَشْهَبُ- أَوِ ابْنُ الْأَشْهَبِ- عَلَامَةٌ فِي قَوْمٍ ظَلَمَةٍ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ایک پستان نما ہاتھ والے کا ذکر کیا' فرمایا: شیطان' ردھہ کا ہے' اس کو بجیلہ کا ایک آدمی اُچک لے گا' اس کو اشہب یا ابن اشہب کہا جاتا ہے' اس قوم کی علامت ظلم ہے۔

779- مرّ تخريجه' انظر رقم: 748 .

780- مرّ تخريجه' أنظر رقم: 755 .

781 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَعْدٍ، أَنَّهُ نَهَضَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ فَسَبَّحُوا بِهِ، قَالَ: فَاسْتَتَمَّ قَائِمًا، قَالَ: وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ حِينَ انْصَرَفَ، ثُمَّ قَالَ: أَتَرَوْنِي أَجْلِسُ؟ إِنَّمَا صَنَعْتُ كَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ

حضرت قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی، آپ رضی اللہ عنہ دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہو گئے۔ ہم نے کہا: سبحان اللہ! آپ رضی اللہ عنہ سیدھے کھڑے ہو گئے، قیام میں رہے یہاں تک کہ فارغ ہو گئے۔ تو آپ نے سہو کے دو سجدے کیے پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مجھے دیکھتے تھے کہ میں بیٹھ جاؤں؟ میں نے وہی کیا جس طرح میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے ہوئے دیکھا تھا۔

782 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْمَرٍ، أَخْبَرَنِي عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا اصْطَبَحَ رَجُلٌ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ مِمَّا بَيْنَ لَابَتَيْهَا فَضَرَّهُ سُمٌّ ذَلِكَ الْيَوْمَ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی صبح کے وقت نہار منہ سات عجوہ کھجور کھائے اس کو اس دن کوئی زہر نقصان نہیں دے گا۔

783 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَةً لَمْ يَضُرَّهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ سُمٌّ وَلَا سِحْرٌ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی صبح کے وقت نہار منہ سات عجوہ کھجور کھائے اس کو اس دن کوئی زہر اور جادو نقصان نہیں دے گا۔

784 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ

حضرت سعید بن میسّب فرماتے ہیں کہ میں نے

781- مرّ تخريجه' أنظر رقم: 712 .

783- أخرجه البخارى فى النكاح'باب: ما يكره فى التبتل والخصاء . ومسلم فى النكاح' باب: استحباب النكاح لمن تاقت اليه نفسه . وأحمد جلد 1 صفحه 176,175,173 . والترمذى فى النكاح'باب: ما جاء فى النهى عن التبتل . والنسائى فى النكاح'باب: النهى عن التبتل . وابن ماجه فى النكاح' باب: النهي عن التبتل . والدارمى فى النكاح' باب: النهى عن التبتل . والبيهقى فى السنن .

784- أخرجه الحاكم فى المستدرك جلد 4 صفحه 441 .

اِبْـرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَـنْ سَعِيـدِ بْـنِ الْـمُسَيّـبِ، قَـالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا، يَـقُـولُ: لَـقَدْ رَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَـلَـى عُثْـمَـانَ بْـنِ مَـظْـعُونِ التَّبَتُّلَ، وَلَوْ أَذِنَ لَـهُ لَاخْتَصَيْنَا

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کوفرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون کی شادی نہ کرنے والی بات کو ردّ کر دیا۔ اگر آپ کو اجازت دے دیتے تو ہم بھی اپنے آپ کو خصی کر لیتے۔

785 - حَـدَّثَـنَـا سُـوَيْـدُ بْـنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَـعْـدِ بْـنِ مَـالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّمَ: تَكُونُ فِتْنَةٌ الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ الْقَائِمِ، وَالْـقَـائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي خَيْرٌ مِنَ السَّـاعِـي، وَالسَّـاعِـي فِيهَـا خَيْـرٌ مِنَ الرَّاكِبِ، وَالرَّاكِبُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَوْضِعِ

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فتنے ہوں گے اس میں بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، کھڑے ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا۔ چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا اور دوڑنے والا سوار ہونے والے سے بہتر ہوگا اور سوار اس فتنے میں پڑ جانے والے سے بہتر ہوگا۔

786 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْـنُ إِسْـحَـاقَ الْـمُسَيَّبِـيُّ، حَـدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ إِيَـاسٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ الـنَّبِـيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ يُـحِـبُّ الطِّيبَ، نَظِيفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ، كَرِيمٌ يُحِبُّ الْـكَـرَمَ، جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُودَ، فَنَظِّفُوا بُيُوتَكُمْ، وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ الَّتِي تَجْمَعُ الْأَكْنَافَ فِي دُورِهَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ پاک ہے، پاکی کو پسند کرتا ہے، کریم ہے کرم کو پسند کرتا ہے، سخی ہے سخاوت کو پسند کرتا ہے، اپنے گھروں کو پاک رکھو یہود کی مشابہت نہ کرو کہ وہ اپنے گھر میں گندگی رکھتے ہیں۔

787 - حَـدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْـمَـلِكِ بْـنُ عَمْرٍو أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْـنُ إِلْيَـاسَ الْـقُـرَشِيُّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ حَسَّانَ، قَالَ:

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ پاک ہے، پاکی کو پسند کرتا ہے، کریم ہے کرم کو پسند کرتا ہے، سخی ہے سخاوت

786- أخرجه الترمذي في الأدب' باب: ما جاء في النظافة .

787- أخرجه أبو داؤد في الأدب' باب: في الرفق . والحاكم في المستدرك جلد 1 صفحه 63-64 . والبيهقي في السنن .

سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يَقُولُ: إِنَّ اللَّهَ طَيِّبٌ يُحِبُّ الطِّيبَ، نَظِيفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ، كَرِيمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ، جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُودَ، فَنَظِّفُوا أَفْنَاءَكُمْ وَسَاحَاتِكُمْ، وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ تَجْمَعُ الْأَكْنَافَ فِي دُورِهَا . قَالَ خَالِدٌ: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ فَقَالَ: حَدَّثَنِي بِهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: نَظِّفُوا أَفْنِيَتَكُمْ

کو پسند کرتا ہے، اپنے گھروں کے صحنوں پاک رکھو یہود کی مشابہت اختیار نہ کرو۔ حضرت خالد فرماتے ہیں کہ میں نے مہاجر بن مسمار کے ہاں ذکر کیا' اُس نے کہا: مجھے عامر بن سعد نے از والد خود از حضور ﷺ روایت بیان کی' اس میں ''نَظِّفُوا اَفْنِيَتَكُمْ'' کے الفاظ نہیں ہیں۔

788 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، - قَالَ الْأَعْمَشُ: وَسَمِعْتُهُمْ يَذْكُرُونَهُ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، - وَلَا أَعْلَمُهُمْ إِلَّا ذَكَرُوهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التُّؤَدَةُ فِي كُلِّ شَيْءٍ خَيْرٌ إِلَّا فِي عَمَلِ الْآخِرَةِ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جوڑا ہر شے میں بھلائی ہے مگر آخرت کے عمل میں نہیں ہے۔

789 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ گزرے تو میں دو انگلیوں کے ساتھ پکار رہا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک ایک! اور اشارہ کیا سبابہ

788- أخرجه الترمذي في الدعوات . والنسائي في السهو' باب: النهي عن الاشارة باصبعين . وأبو داؤد في الصلاة' باب: الدعاء . وصححه الحاكم في المستدرك جلد 1 صفحه 536 .

789- أخرجه البخاري في الأذان رقم الحديث: 829' باب: من لم ير التشهد في الأولى ومسلم في المساجد' باب: السهو في الصلاة والسجود له . والترمذي في الصلاة' باب: ما جاء في سجدتي السهو قبل التسليم . والنسائي في الافتتاح . باب: ترك التشهد الأول' وفي السهو باب: ما يفعل من قام في اثنين ناسيًا' وباب: التكبير في سجدتي السهو . وأبي داؤد في الصلاة' باب: من قام في ثنتين ولم يتشهد . ومالك في الصلاة' باب: من قام بعد الاتمام .

أَدْعُو بِأُصْبُعَيَّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحَدْ أَحَدْ وَأَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ

یعنی ایک انگلی کے ساتھ۔

790 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ، نَهَضَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ، فَسَبَّحُوا بِهِ فَاسْتَتَمَّ، ثُمَّ قَالَ: أَكُنْتُمْ تَرَوْنِي أَجْلِسُ؟ اِنَّمَا صَنَعْتُ كَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ

حضرت قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی، آپ رضی اللہ عنہ دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہو گئے۔ ہم نے کہا: سبحان اللہ! آپ رضی اللہ عنہ سیدھے کھڑے ہو گئے، قیام میں رہے یہاں تک کہ فارغ ہو گئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مجھے دیکھتے تھے کہ میں بیٹھ جاؤں؟ میں نے وہی کیا جس طرح میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

791 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ سَعْدًا، يَقُولُ: لَقَدْ جَمَعَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ، قَالَ يَحْيَى: أَحْسِبُهُ قَالَ: فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي وَكَانَ سَعْدٌ جَيِّدَ الرَّمْيِ

حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد کے دن میرے لیے اپنے والدین جمع کیے۔ یحییٰ کہتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا: فداك ابی وامی! حضرت سعد رضی اللہ عنہ اچھی تیراندازی کرتے تھے۔

792 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، أَخْبَرَنَا مُوسَى الْجُهَنِيُّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: عَلِّمْنِي كَلَامًا أَقُوْلُهُ، قَالَ: " قُلْ: لَا

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: مجھے کوئی ایسا کلام سکھائیں جو میں پڑھا کروں! آپ نے فرمایا: تُو پڑھا کر: ''لا الٰـہ اِلّا

790- مرّ تخريجه' انظر رقم: 752 .

791- مرّ تخريجه' انظر رقم: 768 .

792- أخرجه البخاری فی الأدب' باب: ما يكره أن يكون الغالب على الانسان الشعر . ومسلم فی الشعر . وأحمد جلد1صفحه181,177,174 . والترمذی فی الأدب' باب: ما جاء: لأن يمتلیء جوف أحدكم قيحًا خير من أن يمتلیء شعرًا . وأبو داؤد فی الأدب' باب: ما جاء فی الشعر . وابن ماجه فی الأدب' باب: ما كره من الشعر . وانظر النووی فی شرح مسلم .

إِلَـهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ " قَالَ: هَذَا لِرَبِّي، فَمَا لِي؟ قَالَ: " قُلِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي، وَاهْدِنِي، وَعَافِنِي، وَارْزُقْنِي "

اللّٰهُ الٰی آخرہٖ'' اس نے عرض کی: یہ میرے رب کے لیے ہے' میرے لیے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تُو یہ پڑھ ''اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ الٰی آخرہٖ''۔

793 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا حَتَّى يُرِيَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کوئی قے سے اپنے پیٹ کو بھرلے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ برے اشعار سے اپنے پیٹ کو بھرے۔

794 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنِ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: سَأَلْتُ سَعْدًا عَنِ الطِّيَرَةِ، فَانْتَهَرَنِي وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ، فَإِنْ تَكُنِ الطِّيَرَةُ فِي شَيْءٍ فَفِي الْفَرَسِ وَالْمَرْأَةِ وَالدَّارِ

حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے فال کے متعلق پوچھا تو آپ نے مجھے جھڑک دیا اور فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا' آپ نے فرمایا: کوئی چھوت چھات نہیں ہے' اگر فال کسی شی میں ہوتی تو گھوڑے اور عورت اور گھر میں ہوتی۔

795 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

793- مرّ تخريجه' انظر رقم: 766 .

794- شاهده في البخاري في الحدود' باب: قوله تعالىٰ: (والسارق والسارقة فاقطعوا أيديهما......) . ومسلم في الحدود' باب: حد السرقة ونصابها . وأبي داؤد في الحدود' باب: ما يقطع فيه السارق . وأخرجه ابن ماجه في الحدود' باب: حد السارق . والطحاوي في شرح معاني الآثار' باب: المقدار الذي يقطع فيه السارق . والبيهقي في السنن' باب: اختلاف الناقلين في ثمن المجن .

795- مرّ تخريجه' انظر رقم: 766 .

بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُقْطَعُ الْيَدُ فِي ثَمَنِ الْمِجَنِّ

حضور ﷺ نے فرمایا: ڈھال کی قیمت میں ہاتھ کاٹا جائے گا۔

796 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدٍ، أَنَّ يَحْيَى بْنَ سَعْدٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: ذُكِرَ الطَّاعُونُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: رِجْزٌ أُصِيبَ بِهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتَ بِهَا فَلَا تَخْرُجْ مِنْهَا، وَإِذَا كَانَ بِهَا فَلَا تَدْخُلْهَا

حضرت سعید فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں طاعون کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا: پلیدی ہے تم سے پہلے لوگوں کو پہنچی، پس جب یہ کسی علاقے میں موجود ہو اور تم بھی پہلے سے وہاں ہو تو وہاں سے نہ نکلو اور جب کسی جگہ یہ بیماری ہو (اور تم وہاں نہ ہو) تو وہاں داخل نہ ہو۔

797 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، وَأَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ حَتَّى يَبْدُوَ خَدُّهُ، وَعَنْ يَسَارِهِ حَتَّى يَبْدُوَ خَدُّهُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دائیں جانب سلام پھیرتے تھے یہاں تک کہ آپ ﷺ کے رخسار نظر آتے تھے اور بائیں جانب سلام پھیرتے یہاں تک کہ آپ ﷺ کے رخسار دکھائی دیتے تھے۔

798 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ عُثْمَانُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن مظعون نے حضور ﷺ سے بغیر شادی رہنے کے متعلق اجازت مانگی، اگر آپ کو اجازت دے دیتے ہم بھی اپنے آپ کو خصی کر لیتے۔

796- اخرجه مسلم فی المساجد' باب: السلام للتحلل من الصلاة عند فراغها . وأحمد جلد 1 صفحه 181,172 . والنسائی فی السهو' باب: السلام . وابن ماجه فی الاقامة' باب: التسليم . والدارمی فی الصلاة' باب: التسليم فی الصلاة . والطحاوی فی شرح معانی الآثار' باب: السلام فی الصلاة كيف هو .

797- مرّ تخريجه' انظر رقم: 788 .

798- مرّ تخريجه' انظر رقم: 781 .

التَّبَتُّلِ، وَلَوْ أَذِنَ لَهُ لَاخْتَصَيْنَا

799 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ، وَهُوَ بِمَكَّةَ وَهُوَ يَكْرَهُ أَنْ يَمُوتَ بِالْأَرْضِ الَّتِي هَاجَرَ مِنْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَرْحَمُ اللَّهُ سَعْدَ ابْنَ عَفْرَاءَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ إِلَّا ابْنَةٌ وَاحِدَةٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ؟ قَالَ: لَا قَالَ: فَالنِّصْفُ؟ قَالَ: لَا قَالَ: فَالثُّلُثُ؟، قَالَ: الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ، إِنَّكَ إِنْ تَدَعْ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ فِي أَيْدِيهِمْ، وَإِنَّكَ مَهْمَا تُنْفِقْ مِنْ نَفَقَةٍ فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ، حَتَّى اللُّقْمَةَ الَّتِي تَرْفَعُهَا فِي فِي امْرَأَتِكَ، وَلَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يَرْزُقَكَ فَيَنْتَفِعَ بِكَ أُنَاسٌ وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُونَ

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اُن کی عیادت کے لیے مکہ میں آئے' وہ اس جگہ موت ناپسند کرتے تھے جہاں سے ہجرت کی گئی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل سعد بن عفراء پر رحم کرے! اس کی صرف ایک ہی بیٹی ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں کل مال کی وصیت کر دوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: آدھے مال کی کردوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: ایک تہائی کی؟ آپ نے فرمایا: تہائی زیادہ ہے' اگر تو اپنے وارثوں کو مال دار چھوڑے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں' جو تُو اس مال میں سے اُن پر خرچ کرے گا وہ بھی صدقہ ہے یہاں تک کہ وہ لقمہ جو تُو اپنی بیوی کے منہ میں ڈالے وہ بھی صدقہ ہے' یقیناً اللہ تجھے صحت دے گا' کچھ لوگ تجھ سے نفع لیں گے اور کچھ نقصان اُٹھائیں گے۔

800 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْقَرَّاظُ، أَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ، وَأَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولَانِ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ فِي مَدِينَتِهِمْ، وَبَارِكْ لَهُمْ

حضرت سعد بن مالک اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما دونوں سے روایت ہے' دونوں فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! اہل مدینہ کے مُد اور ان کے صاع میں برکت دے! اے اللہ! ان کے مُد میں برکت دے! اے اللہ! بے شک ابراہیم تیرا بندہ اور تیرا خلیل

799- أخرجه البخاري في فضائل المدينة' باب: اثم من كاد أهل المدينة . ومسلم في الحج' باب: من أراد أهل المدينة بسوء أذابه الله . وأحمد جلد1صفحه183-184 . والبيهقي في السنن .

800- أخرجه الترمذي في الحج'باب: ما جاء في التمتع . والنسائي في المناسك . باب: التمتع . ومالك في الحج' باب: ما جاء في التمتع . والبيهقي في السنن .

فِي صَاعِهِمْ، وَبَارِكْ لَهُمْ فِي مُدِّهِمْ، اللَّهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ عَبْدُكَ وَخَلِيلُكَ وَإِنِّي عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، وَإِنَّ إِبْرَاهِيمَ سَأَلَكَ لِأَهْلِ مَكَّةَ وَإِنِّي أَسْأَلُكَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ مِثْلَ مَا سَأَلَكَ إِبْرَاهِيمُ لِأَهْلِ مَكَّةَ وَمِثْلَهُ مَعَهُ، إِنَّ الْمَدِينَةَ مُشَبَّكَةٌ عَلَى كُلِّ نَقْبٍ مِنْهَا مَلَكَانِ يَحْرُسَانِهَا، لَا يَدْخُلُهَا الطَّاعُونُ، وَلَا الدَّجَّالُ، مَنْ أَرَادَهَا بِسُوءٍ أَذَابَهُ اللَّهُ كَمَا يَذُوبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ

تھا' میں بھی تیرا بندہ اور تیرا رسول ہوں' میں تجھ سے دعا کرتا ہوں اہل مدینہ کے لیے کہ جس طرح ابراہیم نے اہل مکہ کے لیے دعا کی تھی' اس کے ساتھ یہ بھی کہ مدینہ کی ہر گلی میں دو فرشتے حفاظت کے لیے لگوا دے جو طاعون اور دجال کو نہ آنے دیں' جو مدینہ کے ساتھ بُرائی کا ارادہ کرے اللہ اس کو ہلاک کرے جس طرح نمک پانی کے اندر حل ہو جاتا ہے۔

801 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نَوْفَلٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ، وَالضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ، عَامَ حَجَّ مُعَاوِيَةُ، وَهُمَا يَذْكُرَانِ التَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ، فَقَالَ الضَّحَّاكُ: لَا يَصْنَعُ ذَلِكَ إِلَّا مَنْ جَهِلَ أَمْرَ اللَّهِ، فَقَالَ سَعْدٌ: بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا ابْنَ أَخِي، فَقَالَ الضَّحَّاكُ: قَدْ نَهَى عُمَرُ عَنْهَا، فَقَالَ سَعْدٌ: قَدْ صَنَعَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَنَعْنَاهَا مَعَهُ

حضرت سعد بن ابی مالک رضی اللہ عنہ اور ضحاک بن قیس دونوں نے اس سال حج کیا جس سال حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کیا تھا دونوں حج تمتع کا ذکر کر رہے تھے۔ حضرت ضحاک نے کہا: یہ وہ کرے گا جو اللہ کے حکم سے ناواقف ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: اے میرے بھائی کے بیٹے! تُو نے جو کہا ہے برا کہا ہے۔ حضرت ضحاک نے کہا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منع کیا ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: بے شک اس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اور ہم نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیا تھا۔

802 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: سَمِعْتُ يَعْلَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: شَهِدْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ وَأَتَاهُ قَوْمٌ فِي عَبْدٍ لَهُمْ أَخَذَ سَعْدٌ سَلَبَهُ، رَآهُ يَصِيدُ

حضرت سلیمان بن ابی عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں سعد بن ابی وقاص کے پاس تھا' آپ کے پاس ایک قوم آئی' ایک غلام کے معاملہ میں جو حضرت سعد نے حرمِ مدینہ میں اُن سے چھینا تھا جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حرم

801- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 170 . وأبو داؤد في المناسك' باب: في تحريم المدينة . والبيهقي في السنن .

802- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 184 . والنسائي في الصيام' باب: ذكر الاختلاف على اسمٰعيل في خبر سعد بن مالك فيه . وابن ماجه في الصيام' باب: ما جاء في الشهر تسع وعشرون .

فِي حَرَمِ الْمَدِينَةِ الَّذِي حَرَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ سَلَبَهُ، فَكَلَّمُوهُ فِي أَنْ يَرُدَّ عَلَيْهِمْ سَلَبَهُ فَأَبَى، وَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ حِينَ حَدَّ حُدُودَ حَرَمِ الْمَدِينَةِ فَقَالَ: مَنْ أَخَذْتُمُوهُ يَصِيدُ فِي هَذِهِ الْحُدُودِ، فَمَنْ أَخَذَهُ فَلَهُ سَلَبُهُ فَلَا أَرُدُّ عَلَيْكُمْ طُعْمَةً أَطْعَمَنِيهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَكِنْ إِنْ شِئْتُمْ غَرِمْتُ لَكُمْ ثَمَنَ سَلَبِهِ

قرار دیا تھا' وہاں شکار کرتے ہوئے دیکھا تو حضرت سعد نے اس شکار کو پکڑ لیا' اُنہوں نے واپس کر دینے کے متعلق گفتگو کی تو اُنہوں نے انکار کیا' اور کہا: حضورﷺ نے فرمایا ہے: جس نے مدینہ کے حرم میں حدلگائی اور فرمایا: جس نے اس حد میں شکار کیا اس کو پکڑو' جس نے پکڑا وہ شکار اس کا ہوگا' اس نے کہا ہے: میں تمہیں کھانے کے لیے نہیں دوں گا' وہ چیز جو حضورﷺ نے مجھے دی ہے' لیکن اگر تم چاہتے ہو تو میں تم کو اس کے بدلے قرض دیتا ہوں۔

803 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا عَشْرٌ وَعَشْرٌ وَتِسْعٌ مَرَّةً

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مہینہ اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے ۲۹ اور ۳۰ کا ہوتا ہے۔

804 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عَتِيقٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا تَنَخَّمَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَلْيُغَيِّبْ نُخَامَتَهُ، لَا يُصِيبُ جِلْدَ مُؤْمِنٍ أَوْ ثَوْبَهُ فَيُؤْذِيَهُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی تھوکے، مسجد میں اس تھوک کو غائب کر دے تاکہ کسی مسلمان کے جسم کو نہ چمٹے یا کپڑے کو وہ اس سے تکلیف محسوس کرے۔

805 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ

حضرت ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد

803- أخرجه البزار برقم' باب: دفن النخامة . وأحمد جلد1صفحه179 .

805- أخرجه البخاري في بدء الخلق' باب: صفة ابليس وجنوده . وفي فضائل الصحابة باب: مناقب عمر' وفي الأدب باب: التبسم والضحك . ومسلم في فضائل الصحابة' باب: من فضائل عمر . وأحمد جلد 1صفحه 187,

إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعَلِيٍّ هَذِهِ الْمَقَالَةَ: أَفَلا تَرْضَى يَا عَلِيُّ أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى، إِلَّا أَنَّهُ لا نَبِيَّ بَعْدِي

سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضور ﷺ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق یہ جملہ فرماتے ہوئے سنا: (اے علی!) کیا تُو راضی نہیں ہے کہ تیرا میرے ہاں وہی مقام ہے جو ہارون علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا مگر میرے بعد نبی نہیں ہے۔

806 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ عُمَرُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ نِسَاءٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُكَلِّمْنَهُ وَيَسْتَكْثِرْنَهُ عَالِيَةٌ أَصْوَاتُهُنَّ، فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ قُمْنَ يَبْتَدِرْنَ الْحِجَابَ، فَأَذِنَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُولُ اللَّهِ يَضْحَكُ، فَقَالَ عُمَرُ: أَضْحَكَ اللَّهُ سِنَّكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجِبْتُ مِنْ هَؤُلَاءِ اللَّاتِي كُنَّ عِنْدِي فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ قَالَ عُمَرُ: فَأَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ كُنْتَ أَحَقَّ أَنْ يَهَبْنَ، ثُمَّ قَالَ عُمَرُ: أَيْ عَدُوَّاتِ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کے پاس آنے کے لیے اجازت چاہی۔ آپ ﷺ کے پاس قریش کی عورتیں تھیں، گفتگو کر رہی تھیں اور اونچی آواز میں گفتگو کر رہی تھیں۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت چاہی وہ جلدی جلدی کھڑی ہوئی اور پردہ کرنے لگی۔ حضور ﷺ نے ان کو اجازت دی اس حالت میں کہ حضور ﷺ مسکرا رہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! اللہ آپ ﷺ کے دانتوں کو مسکراتا رکھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے ان تمام پر تعجب کیا جو میرے پاس تھیں جب آپ کی آواز سنی جلدی جلدی پردہ کرنے لگیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ زیادہ حق دار ہیں کہ آپ ﷺ سے ڈریں، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اپنی نفس کی دشمنو! مجھ سے خوف کرتی ہو اور حضور ﷺ سے نہیں ڈرتی ہو؟ انہوں

182,171 .

-806 أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 182,178 . والنسائي في المزارعة' باب: ذكر الأحاديث في النهي عن كراء الأرض بالثلث . وأبو داؤد في البيوع' باب: في المزارعة . والدارمي في البيوع' باب: الرخصة في كراء الارض بالذهب والفضة . والبيهقي في السنن .

أَنْفُسِهِنَّ، أَتَهَبْنَنِي وَلَا تَهَبْنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْنَ: نَعَمْ، أَنْتَ أَفَظُّ وَأَغْلَظُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ سَالِكًا فَجًّا إِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ

نے کہا: آپ رسول اللہ ﷺ سے زیادہ سخت ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! شیطان جس گلی میں آپ سے ملے گا وہ دوسری گلی میں راستہ اختیار کرے گا۔

807 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِكْرِمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَبِيبَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، أَنَّ أَصْحَابَ الْمَزَارِعِ فِي زَمَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوا يُكْرُونَ مَزَارِعَهُمْ بِمَا يَكُونُ عَلَى السَّوَاقِي مِنَ الزَّرْعِ، وَمَا سَعِدَ بِالْمَاءِ مِمَّا حَوْلَ الْبِئْرِ، فَجَاءُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاخْتَصَمُوا فِي بَعْضِ ذَلِكَ، فَنَهَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُكْرُوا بِذَلِكَ، وَقَالَ لَهُمْ: أَكْرُوا بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے صحابہ حضور ﷺ کے زمانہ میں کھیتی باڑی کرتے تھے' وہ اپنی کھیتی باڑی کو ناپسند کرتے تھے جو اس وجہ سے جو بازار میں ہوتا تھا۔ حضور ﷺ اُن کے پاس آئے' اُنہوں نے بعض معاملات میں گفتگو کی' حضور ﷺ نے اُنہیں ایسا کرنے سے منع کیا اور اُنہیں فرمایا: سونا چاندی کے بدلے فروخت کرنے کو ناپسند کرو۔

808 - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهُ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ

حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

807- أخرجه البخاري في الأذان' باب: وضع الأكف على الركب في الركوع . ومسلم في المساجد' باب: الندن الى وضع الأيدى على الركب في الركوع' ونسخ التطبيق . والترمذى في الصلاة' باب: ما جاء في وضع الأيدى على الركبتين في الركوع . والنسائي في الافتتاح' باب: نسخ ذلك . وأبو داؤد في الصلاة' باب: وضع اليد على الركبتين . وابن ماجه في الاقامة' باب: وضع اليدين على الركبتين . والدارمي في الصلاة' باب: العمل في الركوع . والطحاوى في شرح معاني الآثار . والبيهقي في السنن .

808- أخرجه البخاري في الجمعة' باب: ما يقرأ في صلاة الفجر يوم الجمعة' وفي سجود القرآن باب: سجدة (تنزيل السجدة) . ومسلم في الجمعة' باب: ما يقرأ في صلاة الجمعة . وأحمد جلد 1صفحه226 . والترمذى في الصلاة'باب: ما جاء ما يقرأ به في صلاة الصبح يوم الجمعة . والنسائي في الافتتاح' باب: القرأة في الصبح يوم

أَبِي حَصِينٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ فَطَبَّقْتُ، فَنَهَانِي أَبِي وَقَالَ: أُمِرْنَا أَنْ نَضَعَ، أَيْدِينَا عَلَى الرُّكَبِ

نے نماز پڑھی میں نے دونوں ہاتھ رکوع میں گھٹنوں کے درمیان رکھے، اور کہا: میرے باپ نے مجھے منع کیا اور فرمایا ہم کو حکم دیا گیا ہے کہ ہم اپنے ہاتھ گھٹنوں پر رکھیں۔

809 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غَيَّابٍ أَبُو بَحْرٍ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ الم تَنْزِيلُ، وَهَلْ أَتَى عَلَى الْإِنْسَانِ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز میں الم تنزیل اور هل اتی علی الانسان پڑھتے تھے۔

810 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خِيَارُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ، قَالَ: وَأَخَذَ بِيَدِي فَأَقْعَدَنِي مَقْعَدِي هَذَا أُقْرِءُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ حضرت مصعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے باپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے میری جگہ بٹھایا کہ میں پڑھوں۔

811 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَتْنِي أُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ بِنْتُ نَابِلٍ، مَوْلَاةُ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ،

حضرت عائشہ بنت سعد اپنے والد سعد سے روایت کرتی ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چل رہا تھا ایک ٹوکری پائی اس میں کھجوریں تھیں۔

الجمعة، وفى الجمعة باب: القرأة فى صلاة الجمعة بسورة الجمعة، والمنافقين . وأبو داؤد فى الصلاة، باب: ما يقرأ فى صلاة الصبح يوم الجمعة . وابن ماجه فى الاقامة، باب: القرأة فى صلاة الفجر يوم الجمعة .

809- أخرجه البخارى فى فضائل القرآن، باب: خيركم من تعلم القرآن وعلمه . وأحمد: والترمذى فى ثواب القرآن، باب: ما جاء فى تعليم القرآن . وأبو داؤد فى الصلاة، باب: ثواب قرأة القرآن . وابن ماجه فى المقدمة، باب: فضل من تعلم القرآن وعلمه . والدارمى فى فضائل القرآن، باب: خياركم من تعلم القرآن وعلمه . والحاكم فى المستدرك جلد 1 صفحه 554 .

810- أخرجه البزار فى اللقطة، باب: القليل التافه .

811- مرّ تخريجه، انظر رقم: 797 .

عَنْ أَبِيهَا سَعْدٍ، قَالَ: كُنْتُ أَمْشِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدَ تُفْرُوقَةً فِيهَا تَمْرٌ، فَأَخَذَ تَمْرَةً وَأَعْطَانِي تَمْرَةً

آپ ﷺ نے اس میں سے کھجوریں پکڑیں اور ایک کھجور مجھے دے دی۔

812 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النُّكْرِيُّ، حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا

حضرت محمد بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی کا پیٹ قے سے بھر جائے' بہتر ہے اس سے کہ برے اشعار سے اپنے پیٹ کو بھرے۔

813 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَيْضًا، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ يُونُسَ بْنَ جُبَيْرٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی کا پیٹ قے سے بھر جائے' بہتر ہے اس سے کہ وہ برے اشعار سے اپنے پیٹ کو بھرے۔

814 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِسْحَاقَ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَخَذَ طَرِيقَ الْفُرْعِ أَهَلَّ إِذَا اسْتَقَلَّتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ، فَإِذَا أَخَذَ الطَّرِيقَ الْأُخْرَى أَهَلَّ إِذَا عَلَا شَرَفَ الْبَيْدَاءِ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب فرع کا راستہ پکڑتے تو آپ ﷺ لا الہ الا اللہ پڑھتے۔ جب سواری پر سیدھا بیٹھ جاتے جب دوسرا راستہ پکڑتے تو آپ پڑھتے لا الہ الا اللہ۔ جب بیداء کی بلندی پر چڑھتے۔

815 - حَدَّثَنَاهُ عِدَّةٌ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

اس حدیث کو ہم سے کئی حضرات نے بیان کیا'

813- أخرجه أبو داؤد في المناسك' باب: في وقت الاحرام . والبيهقي في السنن .

815- أخرجه أحمد جلد1صفحه185 . والحاكم في المستدرك جلد3صفحه328-329 .

عَرْعَرَةَ، وَغَيْرُهُ قَالُوا: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

ابراہیم بن محمد بن عرعرہ اور ان کے علاوہ اُنہوں نے فرمایا: ہمیں وہب بن جریر نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل حدیث سنائی۔

816 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِي سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقِيعِ الْخَيْلِ، فَأَقْبَلَ الْعَبَّاسُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَمُّ نَبِيِّكُمْ، أَجْوَدُ قُرَيْشٍ كَفًّا وَأَوْصَلُهَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے بقیع الخیل میں، حضرت عباس رضی اللہ عنہ آئے حضور ﷺ نے فرمایا: یہ عباس رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ہیں تمہارے نبی ﷺ کے چچا ہیں قریش میں سے سب سے زیادہ سخی ہیں ہتھیلی کے لحاظ سے۔

817 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَاوِلُنِي السَّهْمَ يَوْمَ أُحُدٍ وَيَقُولُ: ارْمِ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اُحد کے دن مجھے تیر پکڑاتے اور فرماتے: پھینکو! میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں!

818 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ (الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ) (الماعون:5) قَالَ: هُمُ الَّذِينَ يُؤَخِّرُونَ الصَّلَاةَ عَنْ وَقْتِهَا

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضور ﷺ سے اس آیت کی تفسیر پوچھی: ''وہ لوگ جو اپنی نماز میں سستی کرتے ہیں''۔ تو آپ نے فرمایا: اس سے مراد یہ ہے کہ جو نماز کو وقت پر نہیں پڑھتے ہیں۔

816- مرّ تخريجه، أنظر رقم: 790 .

817- مرّ تخريجه، أنظر رقم: 799 .

818- مرّ تخريجه، أنظر رقم: 802 .

819 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا ثُمَّ نَقَصَ فِي الثَّالِثَةِ أُصْبُعًا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہینہ اس طرح اور اس طرح اور اس طرح ہوتا ہے پھر آپ نے تیسری مرتبہ ایک انگلی کم کر لی۔

820 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَنَخَّمَ أَحَدُكُمْ فِي الْمَسْجِدِ فَلْيَدْفِنْهَا، لَا يُصِيبُ جِلْدَ مُؤْمِنٍ أَوْ ثَوْبَهُ فَيُؤْذِيَهُ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی تھوکے، مسجد میں اس تھوک کو غائب کر دے تا کہ کسی مسلمان کے جسم کو نہ چمٹے یا اس کے کپڑے کو وہ اس سے تکلیف محسوس کرے۔

821 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ، أَنَّ سَعْدًا، سُئِلَ عَنِ الْبَيْضَاءِ بِالسُّلْتِ فَكَرِهَهُ وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُسْأَلُ عَنِ الرُّطَبِ بِالتَّمْرِ فَقَالَ: أَيَنْقُصُ الرُّطَبُ إِذَا يَبِسَ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَلَا إِذًا

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے پوچھا گیا کہ کیا خشک کھجوریں تر کے بدلے فروخت کی جا سکتی ہے؟ (میں نے کہا:) میں اسے ناپسند سمجھتا ہوں اور فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تر کو خشک کے بدلے فروخت کرنے کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا: کیا تر جب خشک ہو جائیں تو کم نہیں ہو جاتیں؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: پھر جائز نہیں۔

822 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ،

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''ولا تطرد الذين الى آخره'' چھ افراد کے متعلق

819- مرّ تخريجه' أنظر رقم: 803 .

820- مرّ تخريجه' أنظر رقم: 708 .

821- أخرجه مسلم فى فضائل الصحابة' باب: فضل سعد بن أبى وقاص . وابن ماجه فى الزهد' باب: مجالسة الفقراء . والطبرى فى التفسير . والواحدى فى أسباب النزول .

822- مرّ تخريجه' أنظر رقم: 800 .

عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَعْدٍ: (وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ) (الأنعام:52) وَالْعَشِيِّ قَالَ: " نَزَلَ فِي سِتَّةٍ، أَنَا وَابْنُ مَسْعُودٍ مِنْهُمْ، وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ قَالُوا لَهُ: أَتُدْنِي هَؤُلَاءِ؟"

نال ہوئی۔ میں اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ ان میں شامل ہیں، مشرکین کہنے لگے ان کے متعلق ان کو ہمارے قریب نہ ہونے دو۔

823 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نَوْفَلٍ، أَنَّهُ سَمِعَ الضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ، فِي حَجَّةِ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ يَقُولُ: إِنَّهُ لَا يُفْتِي بِالتَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ إِلَّا مَنْ جَهِلَ أَمْرَ اللَّهِ، فَقَالَ لَهُ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ: بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا ابْنَ أَخِي، فَوَاللَّهِ لَقَدْ فَعَلَ ذَلِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَعَلْنَاهُ مَعَهُ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نوفل نے حضرت ضحاک بن قیس سے سُنا' حضرت معاویہ بن سفیان کے حج کے بارے میں' یہ کہتے ہوئے کہ یہ وہ کرے گا جو اللہ کے حکم سے ناواقف ہے' وہی حج کے ساتھ عمرہ کو ملا کر تمتع کرنے کا فتویٰ دے گا۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے کہا: اے میرے بھائی کے بیٹے! تُو نے جو کہا ہے برا کہا ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: بے شک اس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اور ہم نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیا تھا۔

824 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ الصَّائِغِ، عَنْ قَهْرَمَانَ، لِسَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَنَعَ فَضْلَ مَاءٍ مَنَعَهُ اللَّهُ فَضْلَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنی ضرورت سے بچا ہوا پانی روکے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس سے روکے گا۔

825 - حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُوسَى الْجُهَنِيِّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اس بات سے

823- أخرجه البخاري في المساقاة' باب: اثم من منع ابن السبيل الماء . وأحمد جلد2صفحه221,183,179 .

824- مرّتخريجه' انظر رقم:718 .

825- أخرجه أحمد جلد 1صفحه185,180,174,172 . والترمذي في الزهد' باب: ما جاء في الصبر على البلاء . وابن ماجه في الزهد' باب: الصبر على البلاء . والدارمي في الرقائق' باب: في أشد الناس بلاء . وصححه الحاكم في المستدرك جلد4صفحه307 .

أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيَعْجَزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَكْسِبَ كُلَّ يَوْمٍ أَلْفَ حَسَنَةٍ؟ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: كَيْفَ يُكْتَبُ لَهُ أَلْفُ حَسَنَةٍ؟ قَالَ: يُسَبِّحُ أَلْفَ تَسْبِيحَةٍ فَيُكْتَبُ لَهُ أَلْفُ حَسَنَةٍ، وَيُمْحَى عَنْهُ أَلْفُ خَطِيئَةٍ

عاجز ہے کہ وہ ہر روز ایک ہزار نیکیاں کمائے؟ اُن بیٹھنے والوں میں سے ایک نے کہا، ہم میں سے کوئی کیسے ایک ہزار نیکیاں کما سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک سو مرتبہ سبحان اللہ کہنے سے ایک ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی، ایک ہزار گناہ مٹا دیئے جائیں گے۔

826 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ: الْأَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْأَمْثَلُ فَالْأَمْثَلُ، فَيُبْتَلَى الْعَبْدُ عَلَى حَسَبِ دِينِهِ قَالَ: فَمَا يَبْرَحُ الْبَلَاءُ بِالْعَبْدِ حَتَّى يَمْشِي عَلَى الْأَرْضِ وَمَا عَلَيْهِ خَطِيئَةٌ قَالَ حَمَّادٌ: هَزَّهَا عَاصِمٌ

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگوں میں سب سے زیادہ آزمائشیں کس پر آتی ہیں؟ آپ نے فرمایا: انبیاء علیہم السلام پر پھر اُن کے درجہ کے لوگوں پر' بندہ کو اس کے دین پر عمل کے مطابق آزمایا جاتا ہے' بندہ پر مسلسل آزمائشیں آتی ہیں یہاں تک کہ وہ زمین پر چلتا ہے تو اس کے ذمہ کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ حضرت حماد فرماتے ہیں: عاصم نے یقین دلایا۔

827 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْتُلُوا الْفُوَيْسِقَ يَعْنِي الْوَزَغَ"

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چھپکلی کو مار دو۔

828 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِمِثْلِهِ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اسی کی مثل فرمایا (چھپکلی کو مار دو)۔

826- أخرجه البخاري في بدء الخلق' باب: خير مال المسلم غنم تتبع به شعب الجبال . ومسلم في السلام' باب: استحباب قتل الوزغ . وأحمد جلد 6صفحه155,87 . والنسائي في المناسك'باب: قتل الوزغ . وابن ماجه في الصيد'باب: قتل الوزغ . وانظر: أبو داؤد في الأدب' باب: في قتل الأوزاغ .

828- مرّ تخريجه' انظر رقم: 821 .

829 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لَهُ يَوْمَ أُحُدٍ وَهُوَ يَرْمِي: اِيهًا فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے لیے اُحد کے دن فرمایا اس حال میں کہ وہ تیر پھینک رہے تھے کہ میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں!

ان دو جھوٹوں سے کی ہے۔ ایک یمن والا ہے اس کا نام اسود بن کعب العنسی ہے' دوسرا یمامہ والا ہے' اور جو اسود تھا اس نے حضور ﷺ کے زمانہ میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔

1059 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْهَبِ، حَدَّثَنَا أَبُو نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ فِي سَفَرٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلَى رَاحِلَتِهِ قَالَ: فَجَعَلَ يَضْرِبُ يَمِينًا وَشِمَالًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ مَعَهُ فَضْلُ ظَهْرٍ فَلْيَعُدْ بِهِ عَلَى مَنْ لَا ظَهْرَ لَهُ، وَمَنْ كَانَ لَهُ فَضْلُ زَادٍ فَلْيَعُدْ بِهِ عَلَى مَنْ لَا زَادَ لَهُ، فَذَكَرَ مِنْ أَصْنَافِ الْمَالِ مَا ذَكَرَ حَتَّى رَأَيْنَا أَنْ لَا حَقَّ لِأَحَدٍ مِنَّا فِي فَضْلٍ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے اچانک ایک آدمی سواری پر آیا وہ دائیں اور بائیں جانب دیکھنے لگا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے پاس زیادہ سواری ہو، وہ اس کو دے اور جس کے پاس سواری نہیں ہے، جس کے پاس زیادہ کھانا ہو' وہ اس کو دے' جس کے پاس زادِ راہ نہیں ہے۔ حضور ﷺ نے مال کی اقسام ذکر کیں۔ یہاں تک کہ ہم کو گمان ہوا کہ ہم کو زیادہ مال میں حق ہی نہیں ہے۔

1060 - عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى فِي أَصْحَابِهِ تَأَخُّرًا، فَقَالَ لَهُمْ: تَقَدَّمُوا فَأْتَمُّوا بِي، وَلْيَأْتَمَّ بِكُمْ مَنْ بَعْدَكُمْ، لَا يَزَالُ قَوْمٌ يَتَأَخَّرُونَ حَتَّى يُؤَخِّرَهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم میں پیچھے رہنے کی عادت کو دیکھا وہ پیچھے تھا حضور ﷺ نے فرمایا: آگے بڑھو، میرے قریب ہو کر صف مکمل کرو تاکہ بعد والے تمہارے پیچھے آ کر صف مکمل کر سکیں' ہمیشہ لوگ پیچھے ہوتے رہتے ہیں حتیٰ کہ اللہ ان کو بھی پیچھے کر دیتا ہے۔

1059- أخرجه مسلم في اللقطة' باب: استحباب المواساة بفضول المال . وأحمد جلد 3 صفحه 34 . وأبو داؤد في الزكاة' باب: في حقوق المال .

1060- أخرجه مسلم في الصلاة' باب: تسوية الصفوف واقامتها' وفضل الأول فالأول منها . وأحمد جلد 3 صفحه 54,34,19 . والنسائي في الامامة' باب: الائتمام بمن يأتم بالامام . وأبو داؤد في الصلاة' باب: صف النساء وكراهية التأخر عن الصف الأول . وابن ماجه في الاقامة' باب: من يستحب أن يلي الامام .

1061 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ جِبْرِيلَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اشْتَكَيْتَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ قَالَ: بِاسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيكَ، مِنْ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ اللّٰهُ يَشْفِيكَ، بِاسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيكَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی: اے محمد! آپ تکلیف میں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ وظیفہ پڑھ لیا کریں: ''باسم اللّٰہ الٰی آخرہ''۔

1062 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُومُ إِلَى خَشَبَةٍ يَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا، يَخْطُبُ كُلَّ جُمُعَةٍ حَتَّى أَتَاهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَقَالَ: إِنْ شِئْتَ جَعَلْتُ لَكَ شَيْئًا إِذَا قَعَدْتَ عَلَيْهِ كُنْتَ كَأَنَّكَ قَائِمٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَجَعَلَ لَهُ الْمِنْبَرَ، فَلَمَّا جَلَسَ عَلَيْهِ حَنَّتِ الْخَشَبَةُ حَنِينَ النَّاقَةِ عَلَى وَلَدِهَا، حَتَّى نَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ، رَأَيْتُهَا قَدْ حُوِّلَتْ، فَقُلْنَا: مَا هَذَا؟ قَالُوا: جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَارِحَةَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ فَحَوَّلُوهَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک لکڑی کے ساتھ ٹیک لگا کر جمعہ کا خطبہ دیتے تھے۔ یہاں تک قوم میں سے ایک آدمی آیا' عرض کی: اگر آپ چاہیں تو آپ کے لیے منبر بنا دیں، اس پر خطبہ دیا کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے منبر بنایا گیا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر بیٹھے وہ لکڑی کا تنا سسکیاں لے کر رونے لگا۔ جس طرح اونٹنی اپنے بچہ کے لیے روتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے نیچے اترے اس پر اپنا دست مبارک رکھا۔ جب دوسرا دن آیا، میں نے اس کو دیکھا اس کو بدل دیا گیا۔ ہم نے عرض کی: یہ کیا ہے؟ لوگوں نے جواب دیا: گزشتہ رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما آئے' اُنہوں نے اس کو تبدیل کر دیا۔

1063 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ،

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ لکڑی

1061- أخرجه مسلم في السلام' باب: الطب والمرضى والرقى . وأحمد جلد 3 صفحه 75,58,56,28 . والترمذى فى الجنائز' باب: ما جاء فى التعوذ للمريض . وابن ماجه فى الطب' باب: ما عوذ به النبى صلى الله عليه وسلم وما عُوّذ به .

1062- أخرجه الدارمى فى المقدمة . وعزاه الهيثمى الى المصنف فى مجمع الزوائد' باب: فى المنبر .

1063- أخرجه البخارى فى الجمعة' باب: الخطبة على المنبر' وفى المناقب باب: علامات النبوة فى الاسلام .

حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: فَحَنَّتِ الْخَشَبَةُ حَنِينَ النَّاقَةِ الْحَلُوبِ

کا تنا رونے لگا جس طرح اونٹنی کا بچہ اس سے چھین لیا جائے تو روتی ہے۔

1064 - حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا الْيَمَانُ بْنُ نَصْرٍ - صَاحِبُ الدَّقِيقِ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَعْدٍ الْمُزَنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ يَقُولُ: رَأَيْتُ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ كَأَنِّي تَحْتَ شَجَرَةٍ، وَكَأَنَّ الشَّجَرَةَ تَقْرَأُ ص، فَلَمَّا أَتَتْ عَلَى السَّجْدَةِ سَجَدَتْ، فَقَالَتْ فِي سُجُودِهَا: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي بِهَا، اللَّهُمَّ حُطَّ عَنِّي بِهَا وِزْرًا، وَأَحْدِثْ لِي بِهَا شُكْرًا، وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ سَجْدَتَهُ، فَغَدَوْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: سَجَدْتَ أَنْتَ يَا أَبَا سَعِيدٍ؟ ، قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَأَنْتَ أَحَقُّ بِالسُّجُودِ مِنَ الشَّجَرَةِ ، ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُورَةَ ص ثُمَّ أَتَى عَلَى السَّجْدَةِ وَقَالَ فِي سُجُودِهِ مَا قَالَتِ الشَّجَرَةُ فِي سُجُودِهَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا گویا میں ایک درخت کے نیچے ہوں گویا درخت سورہ ص پڑھ رہا ہے جب میں سجدہ والی تلاوت پہ پہنچا تو اس درخت نے سجدہ کیا۔ اس نے سجدہ میں یہ پڑھا: ''اللّٰھم اغفرلی الٰی اخرہٖ ''۔ صبح میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا میں نے آپ ﷺ کو بتایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوسعید! تُو نے سجدہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: تو سجدہ کا حق دار زیادہ تھا درخت سے۔ پھر حضور ﷺ نے سورۃ ص پڑھی پھر سجدہ کی جگہ پہ آئے آپ ﷺ نے سجدہ کیا اور سجدہ میں وہی پڑھا جو اس درخت نے پڑھا تھا۔

وأحمد جلد 3صفحه324,306,295,293 . والنسائي في الجمعة' باب: مقام الامام في الخطبة . وابن ماجه في الاقامة' باب: ما جاء في بدر شأن المنبر . والدارمي في الصلاة .

1064- أخرجه الترمذي في الصلاة' باب: ما يقول في سجود القرآن . وابن ماجه في الاقامة' باب: سجود القرآن . وعزاه الهيثمي الى المصنف والطبراني في الأوسط في مجمع الزوائد . وذكر ابن حبان كما في موارد الظمآن' باب: سجود التلاوة . وابن خزيمة . والحاكم جلد1صفحه219-220 .

1065 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ أَبِي هَارُونَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا ضَرَبَ أَحَدُكُمْ خَادِمَهُ فَذَكَرَ اللّٰهَ فَارْفَعُوا أَيْدِيَكُمْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں کوئی اپنے خادم کو مارے وہ خادم اللہ کا ذکر کرے اس سے تم اپنے ہاتھ اٹھا دو۔

1066 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ پانچ اواق سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے اور پانچ وسقوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں اور پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

1067 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مَسْجِدِ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، فَمَرَّ بِقَرْيَةِ بَنِي سَالِمٍ، فَهَتَفَ بِرَجُلٍ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد بنی عمرو بن عوف کی طرف نکلے، بنی سالم کی بستی کے پاس سے گزرے، آپ نے ایک آدمی کو پکارا اور راوی نے مکمل حدیث ذکر کی۔

1068 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ، أَنَّ شَرِيكَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک دینار لے کر آئے۔ آپ رضی اللہ عنہ کو بازار سے ملا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی تین دن تک تشہیر کرو، تشہیر کی تو کوئی نہیں آیا۔ دوبارہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس واپس آئے

1065- أخرجه الترمذي في البر والصلة' باب: ما جاء في أدب الخادم .

1066- انظر الحديث: 975 .

1068- أخرجه البزار برقم وعزاه الهيثمي الى البزار والمصنف في مجمع الزوائد .

أَنَّ عَلِيًّا أَتَاهُ بِدِينَارٍ وَجَدَهُ فِي السُّوقِ، فَقَالَ: عَرِّفْهُ ثَلَاثًا، فَلَمْ يَجِدْ مَنْ يَعْرِفُهُ، فَرَجَعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ: كُلْهُ، أَوْ شَأْنُكَ بِهِ، فَابْتَاعَ مِنْهُ بِثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ شَعِيرًا، وَبِثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ تَمْرًا، وَابْتَاعَ بِدِرْهَمٍ لَحْمًا، وَبِدِرْهَمٍ زَيْتًا، وَفَضَلَ عِنْدَهُ دِرْهَمٌ، وَكَانَ الصَّرْفُ أَحَدَ عَشَرَ بِدِينَارٍ- حَتَّى إِذَا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ جَاءَ صَاحِبُهُ فَعَرَفَهُ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَكْلِهِ، فَانْطَلَقَ صَاحِبُهُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ كُلَّهُ، فَقَالَ لِعَلِيٍّ: رُدَّهُ عَلَى الرَّجُلِ، فَقَالَ: قَدْ أَكَلْتُهُ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ جَاءَنَا شَيْءٌ أَدَّيْنَاهُ إِلَيْكَ

اس معاملہ کی خبر دی، آپ ﷺ نے فرمایا: خود اس کو کھا لو یا کسی اور کام میں استعمال کرلو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس سے تین درہم کے جو خریدے اور تین درہم کے بدلے کھجوریں خریدلیں' ایک درہم کا گوشت اور ایک درہم کا زیتون، ایک درہم بچ گیا' صرف گیارہ دینار کا تھا یہاں تک کہ وہ آدمی آ گیا جو مالک تھا۔ اس کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے حضور ﷺ نے حکم دیا کہ کھا لو، وہ مالک حضور ﷺ کے پاس چلا گیا۔ یہ ساری بات بتائی۔ آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اس آدمی کو واپس کر دو۔ عرض کی: میں نے اس کو کھا لیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر ہمارے پاس کوئی شے آئی ہم اس کو واپس کر دیں گے۔

1069 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ إِلَّا قَدْ أَنْذَرَ الدَّجَّالَ قَوْمَهُ، وَإِنِّي أُنْذِرُكُمُوهُ، إِنَّهُ أَعْوَرُ ذُو حَدَقَةٍ جَاحِظَةٍ، وَلَا يَخْفَى كَأَنَّهَا نُخَاعَةٌ فِي جَنْبِ جِدَارٍ، وَعَيْنُهُ الْيُسْرَى كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ، وَمَعَهُ مِثْلُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، فَجَنَّتُهُ عَيْنٌ ذَاتُ دُخَانٍ، وَنَارُهُ رَوْضَةٌ خَضْرَاءُ، وَبَيْنَ يَدَيْهِ رَجُلَانِ يُنْذِرَانِ أَهْلَ الْقُرَى، كُلَّمَا خَرَجَا مِنْ قَرْيَةٍ دَخَلَ أَوَائِلُهُمْ، فَيُسَلَّطُ عَلَى رَجُلٍ لَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی نبی علیہ السلام ایسا نہیں گزرا جس نے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا نہ ہو میں بھی تم کو اس سے ڈراتا ہوں، وہ ایک آنکھ سے کانا ہوگا' وہ اُبھری ہوئی کالی سیاہ آنکھ والا ہوگا' کسی پر پوشیدہ نہیں ہوگا' ایسے محسوس ہوگا جس طرح دیوار کی ایک تھوک ہے' اس کی بائیں آنکھ ایسے ہوگی گویا چمکتا ہوا ستارہ' اس کے ساتھ جنت اور دوزخ بھی ہوگی' اس کی حقیقت چمکتا ہوا دھواں ہوگا اس کی آگ کی حقیقت سرسبز باغ ہوگا' اس کے آگے دو آدمی ہوں گے' وہ دونوں بستی والوں کو ڈرا رہے ہوں گے' جب وہ دونوں بستی سے نکلیں گے تو اس کے

1069- عزاه الهيثمي الى المصنف والبزار في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في الدجال .

يُسَلَّطُ عَلَى غَيْرِهِ فَيَذْبَحُهُ ثُمَّ يَضْرِبُهُ بِعَصَاهُ، ثُمَّ يَقُولُ: قُمْ، فَيَقُولُ لِأَصْحَابِهِ: كَيْفَ تَرَوْنَ، أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ؟ فَيَشْهَدُونَ لَهُ بِالشِّرْكِ، فَيَقُولُ الرَّجُلُ الْمَذْبُوحُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ هَذَا الْمَسِيحُ الدَّجَّالُ الَّذِى أَنْذَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَعُودُ أَيْضًا فَيَذْبَحُهُ، ثُمَّ يَضْرِبُهُ بِعَصَاهُ، فَيَقُولُ لَهُ: قُمْ، فَيَقُولُ لِأَصْحَابِهِ: كَيْفَ تَرَوْنَ، أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ؟ فَيَشْهَدُونَ لَهُ بِالشِّرْكِ، فَيَقُولُ الْمَذْبُوحُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، هَا إِنَّ هَذَا الْمَسِيحُ الدَّجَّالُ الَّذِى أَنْذَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا زَادَنِى هَذَا فِيكَ إِلَّا بَصِيرَةً، وَيَعُودُ فَيَذْبَحُهُ الثَّالِثَةَ، فَيَضْرِبُهُ بِعَصَاهُ، فَيَقُولُ: قُمْ، فَيَقُولُ لِأَصْحَابِهِ: كَيْفَ تَرَوْنَ، أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ؟ فَيَشْهَدُونَ لَهُ بِالشِّرْكِ، فَيَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ هَذَا الْمَسِيحُ الدَّجَّالُ الَّذِى أَنْذَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا زَادَنِى هَذَا فِيكَ إِلَّا بَصِيرَةً، ثُمَّ يَعُودُ فَيَذْبَحُهُ الرَّابِعَةَ فَيَضْرِبُ اللهُ عَلَى حَلْقِهِ بِصَفْحَةِ نُحَاسٍ فَلَا يَسْتَطِيعُ ذَبْحَهُ- " قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: فَوَاللهِ مَا رَأَيْتُ النُّحَاسَ إِلَّا يَوْمَئِذٍ- قَالَ: فَيَغْرِسُ النَّاسُ بَعْدَ ذَلِكَ وَيَزْرَعُونَ قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: كُنَّا نَرَى ذَلِكَ الرَّجُلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ لِمَا نَعْلَمُ مِنْ قُوَّتِهِ وَجَلَدِهِ

گروہ کے پہلے لوگ داخل ہوں گے' وہ ایک آدمی پر مسلط ہوگا اس کے علاوہ کسی پر مسلط نہیں ہوگا' وہ اس کو ذبح کرے گا' پھر اس کو اپنے عصا کے ساتھ مارے گا' پھر وہ کہے گا: اُٹھ! وہ اپنے ساتھیوں سے کہے گا: تم کیسے دیکھتے ہو! کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ وہ اس کے لیے شرک کی گواہی دیں گے' وہ ذبح شدہ آدمی کہے گا: اے لوگو! یہ مسیح دجال ہے' یہ وہی ہے جس کے متعلق ہم کو حضور ﷺ نے ڈرایا ہے' وہ اس کی طرف لوٹیں گے' وہ اس کو ذبح کریں گے' پھر اس کو عصا کے ساتھ ماریں گے' وہ اس کو کہے گا: اُٹھ! وہ اپنے ساتھیوں سے کہے گا: کیا تم دیکھتے ہو کہ میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ وہ اس کیلئے شرک کی گواہی دیں گے' وہ ذبح شدہ آدمی کہے گا: اے لوگو! یہ مسیح دجال ہے جس کے متعلق ہم کو حضور ﷺ نے ڈرایا ہے' اس نے میری بصیرت میں اضافہ کیا ہے' ایک اور مرتبہ وہ آدمی آئے گا' وہ تیسری بار اس کو ذبح کرے گا' وہ اس کو اپنے عصا کے ساتھ مارے گا' وہ کہے گا: اُٹھ! وہ اپنے ساتھیوں سے کہے گا: تم کیا دیکھتے ہو کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ وہ اُن کو شرک کی گواہی دلا دے گا' وہ کہے گا: اے لوگو! وہ مسیح دجال ہے جس کے متعلق ہم کو حضور ﷺ نے ڈرایا ہے' میری بصیرت میں ہی اضافہ ہوا ہے۔ پھر ایک بار لوٹ کر آئے گا' چوتھی بار اس کو ذبح کرے گا' اس کے بعد اللہ عزوجل اس کے حلق پر تانبہ مارے گا' اس کے بعد وہ اس کو ذبح کی طاقت نہیں رکھے گا۔ حضرت ابوسعید فرماتے ہیں: اللہ کی قسم!

میں نے نحاس نہیں دیکھا مگر اس دن۔ فرمایا: لوگ اس کے بعد اس کو گاڑیں گے اور کھیتی باڑی کریں گے۔ حضرت ابوسعید فرماتے ہیں: ہم خیال کرتے ہیں کہ وہ آدمی عمر بن خطاب ہوگا کیونکہ ہم اس کی قوت اور طاقت جانتے ہیں۔

1070 - قَرَأْتُ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ يَزِيدَ الطَّحَّانِ هَذَا الْحَدِيثَ فَقَالَ: هُوَ مَا قَرَأْتُ عَلَى سَعِيدِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: " لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (وَآتِ ذَا الْقُرْبَى حَقَّهُ) (الاسراء : 26) دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ وَأَعْطَاهَا فَدَكَ"

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ قریبی رشتہ دار کو اس کا حق دو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلوایا اور ان کو باغ فدک دیا۔

1071 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: اعْتَكَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ مِنْ رَمَضَانَ يَلْتَمِسُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، ثُمَّ أَمَرَ بِالْبِنَاءِ فَنُقِضَ، ثُمَّ بُيِّنَتْ لَهُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ، فَأَمَرَ بِهِ فَأُعِيدَ، فَخَرَجَ إِلَيْنَا فَقَالَ: إِنَّهَا بُيِّنَتْ لَيْلَةُ الْقَدْرِ، وَإِنِّي خَرَجْتُ لِأُبَيِّنَهَا لَكُمْ، فَتَلَاحَى رَجُلَانِ فَنُسِّيتُهَا، فَالْتَمِسُوهَا فِي التَّاسِعَةِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے درمیانی عشرہ میں اعتکاف کیا پھر لیلۃ القدر تلاش کرنے لگے پھر بناء کا حکم دیا' اس کو ختم دیا گیا' پھر اس کو بیان کیا گیا' آخری عشرہ میں آپ نے اس کا حکم دیا' اس کو لوٹایا گیا' آپ ہماری طرف نکلے فرمایا: لیلۃ القدر کو واضح کر دیا گیا تھا' میں نکلا تا کہ تمہارے لیے بیان کروں تو دو آدمی جھگڑ رہے تھے تو یہ مجھے بھلا دی گئی' تو اب لیلۃ القدر تلاش کرو: پانچ'

1070- عزاه الهيثمي الى الطبراني في مجمع الزوائد' باب: سورة الأسراء .

1071- أخرجه البخاري' باب: التماس ليلة القدر في السبع الأواخر' وفي فضل ليلة القدر باب: تحرى ليلة القدر في الوتر من العشر الأواخر' وفي الاعتكاف باب: الاعتكاف في العشر الأواخر' والبخاري في الأذان . ومسلم في الصيام' باب: فضل ليلة القدر والحث على طلبها . وأحمد جلد 3 صفحه 94,74,60,24,10,7 . والنسائي في السهو' باب: ترك مسح الجبهة بعد التسليم . وأبو داؤد في الصلاة' باب: فيمن قال ليلة احدى وعشرين . وابن ماجه في الصيام' باب: في ليلة القدر . ومالك في الاعتكاف' باب: ما جاء في ليلة القدر .

وَالسَّابِعَةِ وَالْخَامِسَةِ، قُلْتُ: يَا أَبَا سَعِيدٍ، إِنَّكُمْ أَعْلَمُ بِالْعَدَدِ مِنَّا، فَأَيُّ لَيْلَةٍ: التَّاسِعَةُ وَالسَّابِعَةُ وَالْخَامِسَةُ؟ فَقَالَ: أَجَلْ، وَنَحْنُ أَحَقُّ بِذَلِكَ، إِذَا كَانَتْ لَيْلَةُ إِحْدَى وَعِشْرِينَ، ثُمَّ دَعْ لَيْلَةً، ثُمَّ الَّتِي تَلِيهَا هِيَ الثَّالِثَةُ، ثُمَّ دَعِ اللَّيْلَةَ، وَالَّتِي تَلِيهَا الْخَامِسَةُ، قَالَ الْجُرَيْرِيُّ: فَحَدَّثَنِي أَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالثَّالِثَةُ

سات اور نو رمضان میں۔ راوی حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے ابوسعید! تم تعداد کو ہم سے زیادہ جانتے ہو کہ کون سی رات پانچ' سات یا نو ہے؟ حضرت ابوسعید نے فرمایا: جی ہاں! ہم اس کے زیادہ حق دار ہیں' جب اکیسویں رمضان کی رات ہو تو اس کو چھوڑ دو وہ پانچوں جو اس کے ساتھ ملی ہوئی ہیں۔ حضرت جریری فرماتے ہیں: مجھے ابوالعلاء نے بیان کی' اُنہوں نے مطرف سے' اُنہوں نے معاویہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین!

1072 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ الْوُضُوءُ، وَتَحْرِيمُهَا التَّكْبِيرُ، وَإِحْلَالُهَا التَّسْلِيمُ، وَفِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ تَسْلِيمٌ، وَلَا تَجُوزُ صَلَاةٌ لَا يُقْرَأُ فِيهَا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَشَيْءٍ مَعَهَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نماز کی کنجی وضو ہے' اس کو حرام کرنے والی تکبیر ہے اس کو حلال کرنے والا سلام ہے۔ ہر دو رکعتوں میں التحیات ہے کوئی نماز مکمل نہیں ہوتی جس میں سورۃ فاتحہ اور اس کے ساتھ کوئی آیت یا سورۃ نہ ملائی جائے۔

1073 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ: أُرَاهُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا أَهْلَ الْمَدِينَةِ، لَا تَأْكُلُوا لُحُومَ الْأَضَاحِي فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، قَالَ: فَشَكَوْا إِلَيْهِ أَنَّ لَهُمْ عِيَالًا وَخَدَمًا،

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے اہل مدینہ! قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ نہ کھاؤ' آپ ﷺ سے شکایت کی گئی کہ ان کے بچہ اور غلام بھی ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کھاؤ اور کھلاؤ اور رکھ بھی لو۔

1072- اخرجه الترمذی فی الصلاة' باب: ما جاء فی تحریم الصلاة وتحلیلها ۔ وابن ماجه فی الطهارة' باب: مفتاح الصلاة الطهور ۔ والحاکم جلد1صفحه132 ۔

1073- أخرجه البخاری فی الأذان' باب: اتمام التکبیر فی الرکوع ۔ ومسلم فی الأضاحی' باب: بیان ما کان من النهی عن أکل لحوم الأضاحی بعد ثلاث وبیان نسخه ۔

فَقَالَ: كُلُوا وَأَطْعِمُوا وَاحْتَبِسُوا

1074 - وَعَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ: أُرَاهُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اكْتَسَى ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهِ: عِمَامَةٍ أَوْ قَمِيصٍ أَوْ رِدَاءٍ وَيَقُولُ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ كَسَوْتَنِي، أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی کپڑے پہنتے تھے تو اس کا نام رکھتے تھے عمامہ یا قمیض، یا چادر اور یہ دعا کرتے: ''اللّٰھم لك الحمد الٰی آخرہٖ''۔

1075 - وَعَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَهَرٍ مِنْ مَاءٍ وَهُوَ عَلَى بَغْلٍ وَالنَّاسُ صِيَامٌ، وَالْمُشَاةُ كَثِيرٌ فَقَالَ: اشْرَبُوا، فَجَعَلُوا يَنْظُرُونَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: اشْرَبُوا، فَإِنِّي أَيْسَرُكُمْ فَجَعَلُوا يَنْظُرُونَ إِلَيْهِ، فَحَوَّلَ وَرِكَهُ فَشَرِبَ وَشَرِبَ النَّاسُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم پانی کی ایک نہر کے پاس سے گزرے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم خچر پر سوار تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم روزہ کی حالت میں تھے، سفر بھی کافی تھا۔ صحابہ کرام آپ کا انتظار کرنے لگے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پیو، میں تم پر آسانی کرنے کے لیے آیا ہوں، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے لگے آپ صلی اللہ علیہ وسلم خچر سے نیچے اُترے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی پیا، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی پیا۔

1076 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ فَبَصُرَ بِنُخَامَةٍ فِي قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَاسْتَبَانَهَا بِعُودٍ كَانَ مَعَهُ، أَوْ قَصَبَةٍ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى الْقَوْمِ يَعْرِفُونَ الْغَضَبَ فِي وَجْهِهِ فَقَالَ: مَنْ صَاحِبُ هٰذَا؟، فَسَكَتَ الْقَوْمُ،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کی قبلہ کی جانب تھوک کو دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھڑی کے ساتھ یا لکڑی کے ساتھ اس کو صاف کر دیا۔ پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جانب متوجہ ہوئے، صحابہ کرام آپ کا

1074- أخرجه أحمد جلد 3صفحه50,30 . والترمذى فى اللباس' باب: ما يقول اذا لبس ثوبًا جديدًا . وأبو داؤد فى اللباس . وأخرجه ابن حبان كما فى موارد الظمآن' باب: ما يقول اذا استجد ثوبًا' والحاكم فى المستدرك جلد4صفحه192 .

1075- أخرجه أحمد جلد3صفحه21 . والنسائى فى الصيام' باب: الاختلاف على أبى نضرة المنذربن مالك بن قطعة .

1076- راجع الحديث: 989,971 .

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ إِذَا قَامَ فِي مُصَلَّاهُ أَنْ يَسْتَقْبِلَهُ رَجُلٌ فَيَنْخَعَ فِي وَجْهِهِ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا نُحِبُّ ذٰلِكَ، قَالَ: فَإِنَّ اللّٰهَ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ، فَلَا يُوَاجِهَنَّ أَحَدُكُمْ بِشَيْءٍ مِنَ الْأَذَى بَيْنَ يَدَيْهِ، وَلٰكِنْ عَنْ يَسَارِهِ أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ

غصہ آپ ﷺ کے چہرے سے معلوم کر رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کس نے کیا ہے؟ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین خاموش ہو گئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی ایک پسند کرتا ہے کہ جب نماز کی حالت میں کھڑا ہو اس کے منہ پر کوئی تھوک دے؟ عرض کی: یا رسول اللہ! ہم میں سے کوئی بھی پسند نہیں کرے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ کی رحمت کی تجلیات تمہارے آگے ہوتی ہیں‘ تم میں سے کوئی اپنے سامنے کوئی تکلیف دہ چیز نہ پھینکے، لیکن اپنے بائیں جانب اور اپنے قدموں کے نیچے پھینکے۔

1077 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهِ قَالَ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ كَسَوْتَنِي هٰذَا الْقَمِيصَ، أَوِ الرِّدَاءَ، أَوِ الْعِمَامَةَ، نَسْأَلُكَ خَيْرَهُ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب کپڑے پہنتے تھے اس کا نام رکھتے تھے عمامہ یا قمیص، یا چادر اور یہ دعا کرتے: ”اللّٰھم لك الحمد الٰی آخرہٖ“۔

1078 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلَكَ الْمُثْرُونَ، هَلَكَ الْمُثْرُونَ إِلَّا ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِلَّا مَنْ؟ قَالَ: " إِلَّا مَنْ قَالَ: هٰكَذَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مال کی کثرت والے ہلاک ہو گئے‘ کثیر مال والے ہلاک ہو گئے مگر۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی: یا رسول اللہ! کن لوگوں کو آپ نے الگ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے دائیں اور بائیں جانب اس طرح

1077- أخرجه مسلم في الفتن' باب: ذكر ابن صياد .

1078- أخرجه أحمد جلد3صفحه52 . وابن ماجه في الزهد' باب: في المكثرين . وعزاه الهيثمي الى ابن ماجه وأحمد في مجمع الزوائد'باب: في المكثرين .

وَهَكَذَا عَنْ يَمِينِهِ، وَعَنْ شِمَالِهِ"

اس طرح کیا (یعنی اللہ کی راہ میں مال لوٹانے والے)۔

1079 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ أَنْعَمُ وَصَاحِبُ الصُّورِ قَدِ الْتَقَمَ وَحَنَا جَبْهَتَهُ يَنْتَظِرُ مَتَى يُؤْمَرُ أَنْ يَنْفُخَ؟ ، قِيلَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا نَقُولُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: " قُولُوا: حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ، عَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْنَا"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کس طرح خوش ہوں' بے شک صور پھونکنے والے فرشتے نے اس کو منہ میں لیا ہوا ہے وہ اس انتظار میں ہیں کہ کب پھونکنے کا حکم ہوتا ہے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! ہم اس دن کیا کہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہو! ''حسبنا اللّٰہ نعم الوکیل علی اللّٰہ توکلنا''۔

1080 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ أَتَاهُ اللَّهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَتْلُوهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، فَهُوَ يَقُولُ: لَوْ أُوتِيتُ مِثْلَ مَا أُوتِيَ هَذَا، لَفَعَلْتُ كَمَا يَفْعَلُ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللَّهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُهُ فِي حَقِّهِ، فَهُوَ يَقُولُ: لَوْ أُوتِيتُ مِثْلَ مَا أُوتِيَ هَذَا لَفَعَلْتُ كَمَا يَفْعَلُ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد جائز نہیں مگر دو آدمیوں پر۔ ایک وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے قرآن کی سمجھ عطا فرمائی ہو۔ وہ دن ورات اس کی تلاوت کرتا ہے وہ کہے اگر مجھے بھی اس کی مثل دیا جائے جو اس کو دیا گیا ہے میں بھی ایسے ضرور کروں گا۔ ایک وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے مال دیا وہ اس کو اس کی راہ میں خرچ کرتا ہے۔ وہ عرض کرے گا: اے اللہ! اگر مجھے اس کی مثل دیا جائے جس طرح اس کو دیا گیا ہے میں ایسے ہی کروں گا ضرور۔

1081 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے

1079- أخرجه أحمد جلد3صفحه73 . والحميدى . والترمذى فى صفة القيامة' باب: ما جاء فى شأن الصور .

1080- أخرجه البخارى فى فضائل القرآن'باب: اغتباط صاحب القرآن' وفى التوحيد باب: قول النبى صلى الله عليه وسلم: رجل آتاه اللّٰه القرآن فهويقوم به آناء الليل والنهار . وفى العلم باب: الاغتباط فى العلم والحكمة . ومسلم فى صلاة المسافرين'باب: فضل من يقول بالقرآن ويعلمه . وأحمد جلد2صفحه479 . والترمذى فى البر والصلة' باب: ما جاء فى الحسد . وعزاه الهيثمى الى أحمد فى مجمع الزوائد' باب: لا حسر الا فى اثنتين .

1081- أخرجه أحمد جلد3صفحه82,33 . وعزاه الهيثمى الى أحمد فى مجمع الزوائد' باب: فى قتاله ومن يقاتله .

أَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ مِنْكُمْ مَنْ يُقَاتِلُ عَلَى تَأْوِيلِ الْقُرْآنِ كَمَا قَاتَلْتُ عَلَى تَنْزِيلِهِ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَنَا هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، قَالَ عُمَرُ: أَنَا هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنَّهُ خَاصِفُ النَّعْلِ، وَكَانَ أَعْطَى عَلِيًّا نَعْلَهُ يَخْصِفُهَا

کون ہے جو قرآن کی تاویل پر قتال کرے جس طرح میں اس کے نازل ہونے پر لڑتا ہوں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں ہوں! یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں وہ ہوں؟ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! لیکن یہ جوتی ٹانکنے والا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو عطا کیا تھا' آپ اپنی جوتی میں پیوند لگاتے تھے۔

1082 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي، فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا، مَا نِلْتُمْ مُدَّ أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابی کو گالی نہ دو' اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تم میں سے کوئی اُن کے ایک مُد اور اس کے حصہ کو نہ پا سکے گا (یعنی اُن کے ثواب کو)۔

1083 - حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ، حَدَّثَنَا أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِمَامٌ جَائِرٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے زیادہ سخت عذاب ظالم بادشاہ کو ہوگا۔

1082- أخرجه البخاری فی فضائل الصحابة' باب: قول النبی صلی الله علیه وسلم: لو کنت متخذًا خلیلًا . ومسلم فی فضائل الصحابة' باب: تحریم سب الصحابة . وأحمد جلد3صفحه11 . والترمذی فی المناقب' باب: فیمن سب أصحاب النبی صلی الله علیه وسلم . وأبو داؤد فی السّنّة' باب: النهی عن سبّ اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم .

1083- أخرجه أحمد جلد3صفحه77,28,27 . وابن ماجه فی الفتن' باب: قوله تعالیٰ: (یا ایها الذین امنوا علیکم انفسکم) .

1084 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي طُوَالَةَ، عَنْ نَهَارٍ الْعَبْدِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يُسْأَلُ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يَسْأَلَهُ: مَا مَنَعَكَ أَنْ رَأَيْتَ الْمُنْكَرَ أَنْ تُنْكِرَهُ؟ فَإِذَا لَقَّنَ اللهُ عَبْدًا حُجَّتَهُ، قَالَ: يَا رَبِّ رَجَوْتُكَ وَخِفْتُ النَّاسَ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ سے قیامت کے دن پوچھا جائے گا یہاں تک کہ اس سے پوچھا جائے گا کہ تجھے کس نے روکے رکھا جب تو نے برائی کو دیکھا اس کو روکا نہیں۔ جب اللہ بندہ پر اپنی دلیل مکمل کرے گا وہ بندہ عرض کرے گا: اے رب! میں تجھ سے امید رکھتا ہوں اور لوگوں سے خوف رکھتا ہوں۔

1085 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، وَهُوَ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُتَوَشِّحًا بِهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھ رہے تھے۔

1086 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قُدِّسَتْ أُمَّةٌ لَا يُعْطَى الضَّعِيفُ فِيهَا حَقَّهُ غَيْرَ مُتَعْتَعٍ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اُمت پاک نہیں کی جائے گی (جس میں) کمزور کو اس کا حق نہ دیا جائے فائدہ اُٹھائے بغیر۔

1087 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار میں نیکی بدن کے ساتھ لگی ہوتی ہے اور لوگ اوپر کے کپڑے کی مانند ہیں' اگر ہجرت نہ

1084- أخرجه مسلم في الصلاة' باب: الصلاة في ثوب واحد وصفة لبسه . وابن ماجه في الاقامة' باب: الصلاة في الثوب الواحد .

1086- أخرجه ابن ماجه في الصدقات' باب: لصاحب الحق سلطان .

1087- أخرجه البخاري في المغازي' باب: غزوة الطائف . ومسلم في الزكاة' باب: اعطاء المؤلفة قلوبهم على الاسلام .

قَالَ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْأَنْصَارُ شِعَارٌ وَالنَّاسُ دِثَارٌ، وَلَوْلَا الْهِجْرَةُ كُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ

ہوتی تو میں انصار کا ایک آدمی ہوتا۔

1088 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَهْضَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شِرَى مَا فِي بُطُونِ الْأَنْعَامِ حَتَّى تَضَعَ، وَعَمَّا فِي ضُرُوعِهَا اِلَّا بِكَيْلٍ، وَعَنْ شِرَى الْعَبْدِ وَهُوَ آبِقٌ، وَعَنْ شِرَى الْمَغَانِمِ حَتَّى تُقْسَمَ، وَعَنْ شِرَى الصَّدَقَاتِ حَتَّى تُقْبَضَ، وَعَنْ ضَرْبَةِ الْغَائِصِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اس چیز کو خریدنے سے جو ابھی پیٹ میں ہو یہاں تک کہ پیدا ہو جائے اور اس سے جو تھنوں میں ہو مگر اندازے سے اور بھاگے ہوئے غلام کو مالِ غنیمت کو تقسیم سے پہلے اور صدقات قبضہ سے پہلے اور غوطہ خور کا غوطہ بیچنا (یعنی اس میں مچھلی پکڑے گا)۔

1089 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْآنِ اِذَا دَخَلَ الْجَنَّةِ: اقْرَأْ وَاصْعَدْ، فَيَقْرَأُ وَيَصْعَدُ بِكُلِّ آيَةٍ دَرَجَةً"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حافظِ قرآن کو کہا جائے گا جب وہ جنت میں داخل ہوگا: پڑھتا جا اور چڑھتا جا! پس پڑھ اور ہر آیت پر ایک درجہ چڑھے گا۔

1090 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عِيَاضٍ، عَنْ أَبِي

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دادا کو وراثت دیتے تھے۔

1088- أخرجه أحمد جلد3صفحه42 . والترمذي في السير' باب: ما جاء في كراهية بيع المغانم حتى تقسم . وابن ماجه في التجارات' باب: النهي عن شراء ما في ضروع الأنعام .

1089- أخرجه أحمد جلد2صفحه471,192' وجلد 3صفحه40 . والترمذي في ثواب القرآن . وأبي داؤد في الصلاة' باب: استحباب الترتيل في القرأة .

1090- أخرجه البزار' باب: في الجد . وعزاه الهيثمي الى المصنف في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في الجدّ .

سَعِيدٍ قَالَ: كُنَّا نُوَرِّثُهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي الْجَدَّ

1091 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقِّنُوا مَوْتَاكُمْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے مردوں کو لا الہ الا اللہ کی تلقین کرو۔

1092 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو مَسْلَمَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَهْلُ النَّارِ الَّذِينَ هُمْ أَهْلُهَا فَإِنَّهُمْ لَا يَمُوتُونَ وَلَا يَحْيَوْنَ، وَلَكِنْ أُنَاسٌ - أَوْ كَمَا قَالَ - فَتُصِيبُهُمُ النَّارُ بِذُنُوبِهِمْ - أَوْ قَالَ: بِخَطَايَاهُمْ - قَالَ: هَكَذَا، قَالَ أَبُو نَضْرَةَ - فَيُمِيتُهُمْ حَتَّى إِذَا صَارُوا فَحْمًا أُذِنَ فِي الشَّفَاعَةِ، فَيُجَاءُ بِهِمْ ضَبَائِرَ فَيَنْبُتُونَ عَلَى أَنْهَارِ الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ: أَفِيضُوا عَلَيْهِمْ، فَيَنْبُتُونَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم والے وہ رہنے والے ہیں کیونکہ اُن کو نہ موت آئے گی نہ زندہ سمجھے جائیں گے لیکن کچھ لوگ' یا جیسے فرمایا: آگ اُن کو اُن کے گناہوں کے مطابق پہنچے گی یا ان کی غلطیوں کے مطابق اسی طرح۔ حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں: وہ مریں گے یہاں تک کہ جب وہ کوئلہ ہو جائیں گے تو ان کے متعلق شفاعت کا اذن ہوگا' ان کو ضبائر پر لایا جائے گا' ان کو جنت کی نہر میں ڈالا جائے گا' اہل جنت کو کہا جائے گا: ان پر ڈالو! ان کا گوشت آئے گا جس طرح دانہ جب

1091- أخرجه مسلم في الجنائز' باب: تلقين الموتى: لا اله الا الله ـ وأحمد جلد 3 صفحه3 ـ والترمذى فى الجنائز' باب: ما جاء في تلقين المريض عند الموت ـ وأبو داؤد في الجنائز' باب: في التلقين ـ والنسائى في الجنائز' باب: تلقين الميت ـ وابن ماجه وفي الجنائز' باب: تلقين الميت: لا اله الا الله ـ

1092- أخرجه البخارى فى التفسير' باب: (ان الله لا يظلم مثقال ذرة) و رقم الحديث: 4919 باب: (يوم يكشف عن ساق)' وفي التوحيد باب: (وجوه يومئذ ناضرة الى ربها ناظرة)' وفي الرقاق باب: صفة الجنة والنار' باب: الصراط جسر جهنم' وفي الايمان باب: تفاضل أهل الايمان فى الأعمال ـ كما أخرجه مسلم فى الايمان' باب: معرفة طريقة الرؤية' باب: اثبات الشفاعة واخراج المؤحدين من النار ـ والترمذى فى صفة جهنم' باب: آخر أهل النار خروجًا' وآخر أهل الجنة دخولًا ـ

حَمِيلِ السَّيْلِ" ، قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: كَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْبَادِيَةِ، فَقَالَ إِسْمَاعِيلُ: " الْحِبَّةُ: الْبَذْرُ يَسْقُطُ مِنَ الشَّجَرَةِ فَيُصِيبُهُ الْبَرَازُ فَيَنْبُتُ، فَكَذَلِكَ تُسَمِّيهَا الْعَرَبُ"

زمین میں ڈالا جائے تو وہ اُگتا ہے۔ قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: گویا ایسے محسوس ہوتا ہے کہ حضور ﷺ دیہات میں رہتے ہیں۔ اسماعیل نے فرمایا: الحبۃ سے مراد وہ بیج ہے جو درخت سے گرتا ہے اس کو بذر پہنچے گی وہ اُگے گا اسی لیے عرب والے اس کا نام حبہ رکھتے ہیں۔

1093 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " رَحْمَةُ اللّٰهِ مِائَةُ جُزْءٍ، فَقَسَمَ جُزْءًا مِنْهَا بَيْنَ الْخَلَائِقِ فِيهِ يَتَرَاحَمُونَ: النَّاسُ وَالْوُحُوشُ وَالطَّيْرُ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی رحمت کے سو حصے ہیں۔ اس نے ایک حصہ مخلوق پر تقسیم کیا ہے، اس رحمت کی وجہ سے لوگ اور کپڑے پرندے آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ مہربانی سے پیش آتے ہیں۔

1094 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِابْنِ عَبَّاسٍ: يَا غُلَامُ يَا غُلَيِّمُ،- أَوْ يَا غُلَيِّمُ يَا غُلَامُ- احْفَظْ عَنِّي كَلِمَاتٍ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ فِي الْمُعْجَمِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے غلام! اے غلیم! یا فرمایا: اے غلیم! اے غلام! مجھ سے چند کلمات یاد کرلو۔ باقی حدیث میں نے اپنی معجم میں ذکر کی ہے۔

1095 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن ہر بالغ مرد پر غسل کرنا واجب ہے اور خوشبو لگانا

1093- أخرجه البخاري في الرقاق' باب: الرجاء مع الخوف . ومسلم في التوبة' باب: في سعة رحمة الله تعالى' وأنها سبقت غضبه . والترمذي في الدعوات' باب: خلق الله مائة رحمة' واحدة منها في الأرض . وابن ماجه في الزهد' باب: ما يرجى من رحمة الله يوم القيامة .

1094- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 307,303,293 . والترمذي في صفة القيامة' باب: ولكن يا حنظلة ساعة وساعة . وذكره الهيثمي بمعناه . وعزاه الى الطبراني في مجمع الزوائد' باب: حف القلم بما هو كائن .

1095- انظر الحديث: 974

سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ، وَمَسُّ الطِّيبِ إِنْ كَانَ عِنْدَهُ

اگر اس کے پاس ہو یعنی سنت مؤکدہ ہے۔

1096 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَةً بَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلَى مُغَيْرِبَانِ الشَّمْسِ، حَفِظَهَا مَنْ حَفِظَهَا وَنَسِيَهَا مَنْ نَسِيَهَا، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيهَا فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُونَ، أَلَا فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ، أَلَا إِنَّ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءً كَغَدْرَتِهِ، وَلَا غَدْرَ أَكْثَرُ مِنْ غَدْرِ أَمِيرِ جَمَاعَةٍ، أَلَا إِنَّ خَيْرَ الرِّجَالِ مَنْ كَانَ بَطِيءَ الْغَضَبِ، سَرِيعَ الْفَيْءِ، وَشَرَّ الرِّجَالِ مَنْ كَانَ سَرِيعَ الْغَضَبِ بَطِيءَ الْفَيْءِ، فَإِذَا كَانَ سَرِيعَ الْغَضَبِ سَرِيعَ الْفَيْءِ فَإِنَّهَا بِهَا، وَإِذَا كَانَ بَطِيءَ الْغَضَبِ بَطِيءَ الْفَيْءِ فَإِنَّهَا بِهَا، أَلَا إِنَّ خَيْرَ التُّجَّارِ مَنْ كَانَ حَسَنَ الْقَضَاءِ حَسَنَ الطَّلَبِ، وَشَرُّ التُّجَّارِ مَنْ كَانَ سَيِّءَ الْقَضَاءِ سَيِّءَ الطَّلَبِ، فَإِذَا كَانَ الرَّجُلُ سَيِّءَ الْقَضَاءِ حَسَنَ الطَّلَبِ فَإِنَّهَا بِهَا،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عصر کے بعد خطبہ دیا، سورج کے غروب ہونے تک یاد رکھا جس نے یاد رکھا اُس نے یاد رکھا' بھول گیا جو بھول گیا وہ بھول گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی حمد اور اس کی تعریف کی۔ فرمایا: اس کے بعد دنیا میٹھی سرسبز ہے۔ بے شک اللہ نے تم کو اس میں خلیفہ بنانے والا ہے تاکہ دیکھے کہ تم کیا عمل کرتے ہو۔ خبردار! دنیا سے ڈرو اور عورتوں سے بچو۔ ہر دھوکہ باز کی پشت پر جھنڈا لگایا جائے گا سب سے بڑا دھوکہ باز وہ ہے جو جماعت کے امیر سے غداری کرتا ہے۔ خبردار! مردوں میں سب سے بہتر وہ ہے جسے دیر سے غصہ آتا ہے اور جلدی چلا جاتا ہے بدترین مردوں میں سے وہ ہے جس کو جلدی غصہ آتا ہے اور دیر سے جاتا ہے۔ خبردار! بہترین تاجر وہ ہے جو پورا کر کے دینے اور مطالبہ کے لحاظ سے اچھا ہو۔ بدترین تاجر وہ ہے جو پورا کر کے دینے اور لینے کے لحاظ سے برا ہو۔ اگر کوئی پورا کر کے دینے کے لحاظ سے برا ہو اور طلب کے لحاظ سے اچھا ہو وہ بھی انہیں

1096- أخرجه مسلم في الجهاد' باب: تحريم الغدر' وفي الذكر باب: أكثر أهل الجنة الفقراء . وأحمد جلد3 صفحه 84,71,70,64,46,35,29,22,18,7 . والترمذي في الفتن' باب: ما جاء ما أخبر النبي صلى الله عليه وسلم أصحابه بما هو كائن الى يوم القيامة . وابن ماجه في الجهاد' باب: الوفاء بالبيعة' وفي الفتن باب: فتنة النساء' باب: الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر . والحميدي .

وَإِذَا كَانَ الرَّجُلُ حَسَنَ الْقَضَاءِ سَيِّءَ الطَّلَبِ فَإِنَّهَا بِهَا، أَلَا إِنَّ الْغَضَبَ جَمْرَةٌ تُوقَدُ فِي جَوْفِ ابْنِ آدَمَ، أَوَلَمْ تَرَوْا إِلَى عَيْنَيْهِ وَانْتِفَاخِ أَوْدَاجِهِ؟ فَمَنْ أَحَسَّ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ فَلْيَلْزَقْ بِالْأَرْضِ، وَلَا يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ مَهَابَةُ النَّاسِ أَنْ يَقُولَ الْحَقَّ إِذَا عَلِمَهُ، أَلَا إِنَّ أَفْضَلَ الْجِهَادِ كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ مُغَيْرِبَانِ الشَّمْسِ قَالَ: أَلَا إِنَّ قَدْرَ مَا قَضَى مِنَ الدُّنْيَا فِيمَا بَقِيَ مِنْهَا كَقَدْرِ مَا مَضَى مِنْ يَوْمِنَا فِيمَا بَقِيَ

میں شامل ہے اگر اس کا عکس ہو تو بھی اس کا شمار انہیں میں سے ہے۔ خبردار! غصہ ایک آگ کا انگار ہے جو انسان کے پیٹ میں جلتا ہے۔ کیا تم اس کی آنکھیں نہیں دیکھتے اور اس کی رگیں پھول نہیں ہوتی ہیں؟ جو یہ محسوس کرے وہ زمین سے چمٹ جائے تم میں سے کسی کو لوگوں کا خوف حق بات کہنے سے نہ روکے، جب حق اس کو معلوم بھی ہو۔ خبردار! افضل جہاد بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے۔ جب سورج غروب ہونے کے قریب ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: خبردار! دنیا کی مقدار گزر گئی یہ جو باقی ہے وہ اتنی ہے جتنی سورج غروب ہونے تک ہے (اب سے)۔

1097 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ صُفُوفِ الرِّجَالِ الْمُقَدَّمُ، وَشَرُّهَا الْمُؤَخَّرُ، وَخَيْرُ صُفُوفِ النِّسَاءِ الْمُؤَخَّرُ وَشَرُّهَا الْمُقَدَّمُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مردوں کی بہترین صف آگے والی ہے، بدترین پیچھے والی ہے۔ عورتوں کی بہترین صف پیچھے والی ہے اور بدترین صف آگے والی ہے۔

1098 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے زمانہ پاک میں اپنی عورت سے وطی

1097- أخرجه مسلم فى الصلاة' باب: تسوية الصفوف واقامتها . وأحمد جلد 3 صفحه 16,3 . والترمذى فى الصلاة' باب: ما جاء فى فضل الصف الأول . والنسائى فى الامامة' باب: ذكر خير صفوف النساء وشر صفوف الرجال . وأبى داؤد فى الصلاة' باب: صف النساء وكراهية التأخر عن الصف الأول . وعزاه الهيثمى الى المصنف وأحمد فى مجمع الزوائد' باب: منه فى تعديل الصفوف وصفوف الرجال والنساء وذكره فى موارد الظمآن بمعناه' باب ما جاء فى الصف للصلاة .

1098- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد' كتاب التفسير' سورة البقرة الى المصنف .

بْـنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: " أَبْـعَـرَ رَجُـلٌ امْـرَأَتَهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: أَبْعَرَ فُلَانٌ امْرَأَتَهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ " : (نِسَاؤُكُـمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ) (البقرة:223)

اونٹ کی طرح کرتا تھا۔ صحابہ کرام نے کہا: تو اپنی عورت سے وطی اونٹ کی طرح کرتا ہے؟ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''(لوگو!) تمہاری بیویاں (نسل بڑھانے کیلئے) تمہاری کھیتی ہیں تو جہاں سے چاہو (جائز طریقے سے) اپنی کھیتی کی جگہ آؤ''۔

1099 - حَـدَّثَـنَـا عُبَيْـدُ اللّٰـهِ بْـنُ عُمَـرَ الْـقَـوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَلْخِيُّ، عَنِ الْـجُـعَيْـدِ بْـنِ عَبْـدِ الـرَّحْـمَنِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ الـرَّحْـمَـنِ، أَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ، يَسْأَلُ عَبْدَ الـرَّحْـمَـنِ بْـنَ أَبِـي سَعِيـدٍ: مَـا سَمِعْتَ مِنْ أَبِيكَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عَبْدُ الـرَّحْـمَنِ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَـلَّـى اللّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَثَلُ الَّذِي يَلْعَبُ بِـالـنَّرْدِ ثُمَّ يَقُومُ يُصَلِّي مَثَلُ الَّذِي يَتَوَضَّأُ بِقَيحٍ وَدَمِ خِنْزِيرٍ يَقُولُ: لَا تُقْبَلُ صَلَاتُهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی مثال جو شطرنج سے کھیلتا ہے پھر نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے اس آدمی کی طرح ہے جو وضو کرتا ہے خنزیر کے خون یا پیپ کے ساتھ، اس کی نماز قبول نہیں ہوتی ہے۔

1100 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ أَبُو أَيُّـوبَ، حَـدَّثَـنَـا سَهْـلُ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ عَلَى تَظَاهُرِ الْعُمُرِ وَانْقِطَاعٍ مِنَ الزَّمَانِ إِمَامٌ يَكُونُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آخر زمانہ میں تمام لوگوں سے زیادہ عطا کرنے والا امام ہوگا' عمریں ظاہر ہونے اور زمانہ ختم ہونے پر ایک آدمی آئے گا وہ مال اس کی گود میں ڈالے گا' اس کو غم میں ڈال دے گا' وہ شخص جس کے مال کا

1099- أخرجه مسلم في الشعر' باب: تحريم اللعب بالنردشير . وأبي داؤد في الأدب' باب: في النهي عن اللعب بالنرد . وابن ماجه في الأدب' باب: اللعب بالنرد . وعزاه الهيثمي الى أحمد والطبراني والمصنف في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في القمار .

1100- اخرجه أحمد جلد 3صفحه98,96,80,60,49-48 . وعزاه الهيثمي الى المصنف مختصرًا في مجمع الزوائد'باب: ما جاء في المهدى . ووثقه ابن معين .

أَعْطَى النَّاسِ، يَجِيئُهُ الرَّجُلُ فَيَحْثُو لَهُ فِي حِجْرِهِ، يُهِمُّهُ مَنْ يَقْبَلُ عَنْهُ صَدَقَةَ ذَلِكَ الْمَالِ، مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَهْلِهِ، لِمَا يُصِيبُ النَّاسَ مِنَ الْخَيْرِ

صدقہ وہ قبول کرے گا' اس کے اور اس کے اہل کے درمیان وہ چیز ہو گی جو وقف ہو گی' اس کیلئے جس سے لوگوں کو بھلائی ملے۔

1101 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَمَثَلُ الْإِيمَانِ كَمَثَلِ فَرَسٍ فِي آخِيَّتِهِ يَجُولُ ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى آخِيَّتِهِ، وَإِنَّ الْمُؤْمِنَ يَسْهُو ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى الْإِيمَانِ، فَأَطْعِمُوا طَعَامَكُمُ الْأَتْقِيَاءَ، وَأَوْلُوا مَعْرُوفَكُمُ الْمُؤْمِنِينَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی مثال اور ایمان کی مثال اس گھوڑے کی طرح ہے جو اپنی لگام سے باندھا ہوا ہو، وہ اس کے اردگرد گھومتا رہتا ہے۔ پھر واپس دوبارہ اس جگہ آ جاتا ہے، بے شک مومن بھول جاتا ہے۔ پھر ایمان میں واپس آ جاتا ہے اپنا کھانا متقی لوگوں کو کھلاؤ اور نیکی مومنوں سے کیا کرو۔

1102 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقْرَأَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ فِي لَيْلَةٍ؟ قَالُوا: مَنْ يُطِيقُ ذَلِكَ؟ قَالَ: " يَقْرَأُ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ فَهُوَ ثُلُثُ الْقُرْآنِ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں کوئی عاجز ہے، ایک رات میں تہائی قرآن پاک پڑھنے سے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس کی طاقت کون رکھتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قل ھو اللہ احد پڑھا کرو' یہ تہائی قرآن پڑھنے کے برابر ثواب ہے۔

1103 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1101- أخرجه أحمد جلد3صفحه55,38 . وعزاه الهيثمي الى المصنف وأحمد في مجمع الزوائد' باب: المؤمن يسهو ثم يرجع .

1102- راجع الحديث:1014 .

1103- أخرجه أحمد جلد3صفحه50 . والترمذي في الصلاة' باب: ما يقول عند افتتاح الصلاة . والنسائي في الافتتاح' باب: نوح آخر من الذكر بين افتتاح الصلاة' وبين القراة . وأبو داؤد في الصلاة' باب: من رائ الاستفتاح

سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَلِيٍّ الرِّفَاعِيُّ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ اللَّيْلَ اسْتَفْتَحَ صَلَاتَهُ فَكَبَّرَ ثُمَّ يَقُولُ: سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا إِلَهَ غَيْرَكَ، ثَلَاثًا، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا، ثَلَاثًا، أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، مِنْ هَمْزِهِ وَنَفْثِهِ وَنَفْخِهِ ثُمَّ يَقْرَأُ

حضور ﷺ جب رات کو تہجد کے لیے کھڑے ہوتے تو اپنی نماز کو شروع کرتے تو اللہ اکبر کہتے پھر ''سبحانك اللّٰهم الٰی آخرہٖ'' پڑھتے تھے۔

1104 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا دَرَّاجٌ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ دَرَجَةً رَفَعَهُ اللّٰهُ دَرَجَةً، حَتَّى يَجْعَلَهُ فِي عِلِّيِّينَ، وَمَنْ تَكَبَّرَ عَلَى اللّٰهِ دَرَجَةً يَضَعُهُ اللّٰهُ دَرَجَةً حَتَّى يَجْعَلَهُ فِي أَسْفَلِ السَّافِلِينَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ کے لیے عاجزی کرتا ہے اللہ پاک اس کا ایک درجہ بلند کرتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کو علیین میں رکھا جاتا ہے جو اللہ کے مقابلہ میں تکبر کرتا ہے اللہ اس کا درجہ گرا دیتا ہے، یہاں تک کہ اس کا درجہ اسفل السافلین میں بنا دیتا ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے۔ عرض کی: یا رسول اللہ! میں حد کو پہنچ گیا ہوں، مجھ پر حد لگائیں۔ حضور ﷺ نے ان کو تین مرتبہ رد فرمایا۔ جب اس نے چوتھی بار اقرار کیا تو حضور ﷺ نے اس سے پوچھا: کوئی بیماری ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ! نہیں! مگر یہ حد کو پہنچا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ اس گناہ سے بری الذمہ نہیں ہوگا مگر اس حد کے ساتھ۔ حضور ﷺ نے ان کو حد لگانے کا حکم دیا۔ ہم حضرت ماعز کو جنت البقیع کی طرف لے چلے۔ ہم نے ان کے لیے گڑھا نہ کھودا نہ ان کو باندھا ہم نے ان کو کنکریاں اور ہڈیاں ماریں۔ ان کو سخت لگیں' یہ مقام حرہ کی طرف بھاگ گئے تو ہم نے ان کا پیچھا کیا' ہم حرہ کی زمین کے پتھروں کے ساتھ مارتے رہے یہاں تک کہ پھر حضور ﷺ خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے'

فَلَمْ يلْعَنْهُ وَلَمْ يَسْتَغْفِرْ لَهُ

آپ ﷺ نے فرمایا: جب ہم اللہ کی راہ میں نکلتے ہیں تم میں کوئی ان کے پیچھے رہ جاتا ہے مست بکرے کی طرح اس کی آواز ہے ان میں سے کوئی ایک جب میرے پاس لایا جائے گا تو میں اسے دہری سزا دوں گا۔ راوی کا بیان ہے: گمان ہے کہ آپ نے نہ اس پر لعنت فرمائی نہ اس کیلئے استغفار کیا۔

1211 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا دَاوُدُ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ خَلِيفَةٌ يَقْسِمُ الْمَالَ وَلَا يَعُدُّهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آخری زمانہ میں ایک خلیفہ ہوگا، وہ مال دے گا وہ شمار نہیں کرے گا۔

1212 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ الزَّعْفَرَانِيُّ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، وَالذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، سَوَاءٌ بِسَوَاءٍ، مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَمَنْ زَادَ أَوِ اسْتَزَادَ فَقَدْ أَرْبَى، وَالْآخِذُ وَالْمُعْطِي سَوَاءٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چاندی کے بدلے چاندی، سونے کے بدلے سونا برابر برابر فروخت کرو۔ جس نے زیادہ کیا یا کروایا اس نے سود لیا، لینے والا اور دینے والا برابر۔

1213 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ أَسْلَمَ، حَدَّثَنِي حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا سَعِيدٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ابن صائد سے جنت کی مٹی کے متعلق

1211- أخرجه مسلم في الفتن' باب: لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل فيتمنى أن يكون مكان الميت من البلاء .

1212- أخرجه مسلم في المساقاة' باب: الصرف وبيع الذهب بالورق نقدًا . والنسائي في البيوع' باب: بيع الشعير بالشعير .

1213- أخرجه مسلم في الفتن' باب: ذكر ابن صياد .

الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ ابْنَ صَائِدٍ عَنْ تُرْبَةِ الْجَنَّةِ، فَقَالَ: دَرْمَكَةٌ بَيْضَاءُ، مِسْكٌ خَالِصٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ

پوچھا، اس نے کہا: سفید اور خالص مسک کی خوشبو کی طرح ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: سچ کہا ہے۔

1214 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ أَسْلَمَ، أَخْبَرَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ، قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَيْرٍ فَأَخْرِجُوهُ مِنَ النَّارِ، قَالَ: فَيُخْرَجُونَ قَدِ امْتَحَشُوا وَصَارُوا حُمَمًا، فَيُلْقَوْنَ فِي نَهَرٍ يُقَالُ لَهُ: نَهَرُ الْحَيَاةِ، فَيَنْبُتُونَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي حَمِيلِ السَّيْلِ - " أَوْ قَالَ: فِي حَمِيلِ الشَّيْحِ شَكَّ أَبُو عَمْرٍو - فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَمْ يَرَوْا إِلَيْهَا تَنْبُتُ صَفْرَاءَ مُلْتَوِيَةً؟

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اہل جنت، جنت میں داخل ہوں گے اور اہل دوزخ دوزخ میں داخل ہوں گے، اللہ تبارک وتعالیٰ فرمائے گا: جس کے دل میں ذرہ برابر بھی بھلائی ہے، اس کو جہنم سے نکال دو۔ وہ نکالیں گے اس حالت میں کہ وہ جل کر کوئلے کی طرح کالے ہو گئے ہوں گے۔ ان کو نہر میں ڈالا جائے گا، اس کو نہر حیات کہا جاتا ہے پس وہ سیلاب کے کوڑے کرکٹ میں اُگنے والے دانے کی طرح اُگیں گے۔ یا کہا: حمیل الشیخ (نباتات جسے جانور کھاتے ہیں)۔ حضرت ابوعمرو کو شک ہے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا لوگوں نے ان کی طرف نہیں دیکھا وہ زرد رنگ بل کھائے ہوئے اُگ رہے ہوتے ہیں؟

1215 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ أَسْلَمَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِابْنِ صَائِدٍ: مَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ابن صائد سے کہا: تُو نے کیا دیکھا ہے؟ اس نے کہا: میں نے دیکھا کہ عرش پانی پہ ہے اور اس کے اردگرد سانپ ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس نے

1214- أخرجه البخاري في الرقاق' باب: صفة الجنة والنار . ومسلم في الايمان .

1215- أخرجه مسلم في الفتن' باب: ذكر ابن صياد . والترمذي في الفتن' باب: ذكر ابن صائد . وعزاه الهيثمي الى أحمد في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في ابن صياد .

تَرَى؟ ، قَالَ: أَرَى عَرْشًا عَلَى مَاءِ الْبَحْرِ وَحَوْلَهُ الْحَيَّاتُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَأَى عَرْشَ إِبْلِيسَ

ابلیس کا عرش دیکھا ہے۔

1216 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ أَبُو أَحْمَدَ، أَخْبَرَنَا كَثِيرُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ رُبَيْحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا وَضُوءَ لِمَنْ لَمْ يُذْكَرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں پڑھی اس کا وضو (کامل) نہیں ہے (وضو ہو جائے گا صرف ان اعضاء کے گناہ معاف ہوں گے جو اعضاء دھوئے گئے ہیں اگر بسم اللہ پڑھ کر وضو کرتا اللہ اس کے سارے جسم کے گناہ معاف کر دیتا۔ غلام دستگیر سیالکوٹی غفرلہ)

1217 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي عِيسَى الْأُسْوَارِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُودُوا الْمَرْضَى، وَاتْبَعُوا الْجَنَائِزَ تُذَكِّرْكُمُ الْآخِرَةَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مریض کی عیادت کرو، جنازہ پڑھو تم کو آخرت یاد آئے گی۔

1218 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الْحَكَمِ، حَدَّثَنِي أَخِي، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْجَرِّ، وَالدُّبَّاءِ، وَالْمُزَفَّتِ، وَنَهَى عَنِ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا مٹکے اور دباء و مزفت کے برتنوں میں نبیذ بنانے سے اور خشک اور تر کھجوروں سے نبیذ بنانے سے۔

1219 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ) (مریم: 39) قَالَ: فِي الدُّنْيَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کے متعلق فرمایا: ''وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ'' (مریم: ۳۹)، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے مراد دنیا بتائی۔

1220 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: رَجُلٌ جَاهَدَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَرَجُلٌ - يَعْنِي فِي شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ - يَعْبُدُ رَبَّهُ وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا، اس نے عرض کی: کون سے لوگ بہتر ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ آدمی جو اپنی جان و مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے اور ایک وہ آدمی جو کسی جنگل میں اللہ کی عبادت کرتا ہو۔ اور اس نے لوگوں کو چھوڑ دیا ہوتا کہ لوگ اس کے شر سے بچتے رہیں۔

1221 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ أَنْكَرَهُ، فَقَالَ: أَنَّى لَكَ هَذَا؟، فَقَالَ: أَخَذْتُهُ بِصَاعَيْنِ مِنْ تَمْرٍ، فَقَالَ: أَضْعَفْتَ وَأَرْبَيْتَ، أَوْ أَرْبَيْتَ وَأَضْعَفْتَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی کھجور لے کر آیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ناپسند کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہاں سے لے کر آیا ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے دو صاع لیے ہیں ایک صاع کھجور دے کر۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو نے اضافہ کیا اور سود کا کاروبار کیا' سود کا کاروبار کیا اور اضافہ کیا۔

1222 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

1220- أخرجه البخاري في الرقاق' باب: العزلة راحة من خلاط السوء' وفي الجهاد باب: أفضل الناس مؤمن مجاهد بنفسه وماله . ومسلم في الامارة' باب: فضل الجهاد والرباط . والترمذي في الجهاد' باب: ما جاء في أي الناس أفضل . والنسائي في الجهاد' باب: فضل من يجاهد في سبيل الله بنفسه وماله . وأبو داؤد في الجهاد' باب: في ثواب الجهاد . وابن ماجه في الجهاد' باب: العزلة .

1221- أخرجه مسلم في المساقاة' باب: بيع الطعام مثلًا بمثل . وأحمد جلد 3 صفحه 97,67,66,60,50,49 . والدارمي في البيوع' باب: النهي عن البيع الطعام الا مثلًا بمثل .

1222- أخرجه البخاري في الزكاة' باب: صدقة الفطر صاعًا من الطعام' باب: صاع من زبيب . باب: الصدقة قبل العيد . ومسلم في الزكاة' باب: زكاة الفطر على المسلمين من التمر والشعير . والترمذي في الزكاة' باب: ما جاء في صدقة الفطر . والنسائي في الزكاة' باب: الزبيب' وباب: التمر في زكاة الفطر . باب: الدقيق' باب: الشعير' باب: الأقط . وأبو داؤد في الزكاة' باب: كم يؤدى في صدقة الفطر . وابن ماجه في الزكاة' باب: صدقة الفطر .

بْـنُ سَـعِيدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، حَدَّثَنَا عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللَّـهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: لَا أُخْرِجُ أَبَدًا إِلَّا صَاعًا، إِنَّا كُنَّا نُخْرِجُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ شَعِيرٍ أَوْ أَقِطٍ أَوْ زَبِيبٍ

ہمیشہ نہیں نکالوں گا مگر ایک صاع۔ ہم حضور ﷺ کے زمانہ میں ایک صاع نکالتے تھے کھجور سے یا جو سے یا پنیر سے کشمش سے۔

1223 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرٌ، حَـدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَـرِيـرٍ، حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: سَمِعْتُ يُونُسَ، يُحَدِّثُ، عَـنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِـي سَـعِيـدٍ الْـخُـدْرِيِّ، عَـنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّمَ قَالَ: مَـا بُـعِـثَ مِنْ نَبِيٍّ، وَلَا اسْتُخْلِفَ مِنْ خَلِيـفَةٍ إِلَّا كَـانَتْ لَهُ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْخَيْرِ وَتَـحُضُّهُ عَلَيْهِ، وَبِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالشَّرِّ وَتَحُضُّهُ عَلَيْهِ، وَالْمَعْصُومُ مَنْ عَصَمَ اللّٰهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بھی نبی مبعوث کیا گیا نہ کسی خلیفہ کو خلیفہ بنایا گیا ہے مگر اس کے ساتھ دو غیبی بندے ہوتے ہیں' ایک اس کو نیکی کا حکم دیتا ہے اور اس پر ابھارتا ہے' ایک اس کو برائی کا حکم دیتا ہے اور اس پر ابھارتا ہے' محفوظ وہ ہوتا ہے جس کو اللہ بچائے۔

1224 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرٌ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُـمَرَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي مَسْلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ان کے پاس بارہ خلیفوں کا پھر امیر کا ذکر ہوا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ کی قسم! ہمارے بعد ہوں گے: خون ریزی' مدد کیے ہوئے اور مہدی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف جائیں گے۔

1225 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرٌ، حَـدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَـرِيـرٍ، حَـدَّثَنَا أَبِي قَالَ: سَمِعْتُ يُونُسَ، يُحَدِّثُ، عَـنِ الـزُّهْـرِيِّ، عَـنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ أَبِي سَـعِيدٍ قَالَ: سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُـلٌ مِـنَ الْأَنْـصَـارِ عَـنِ الْعَزْلِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے انصار کے ایک آدمی نے عزل کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس کو کرتے ہو؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی جان ایسی نہیں جس کو اللہ نے پیدا کرنا ہو تو

1223- أخـرجـه البـخـاري في الـقـدر' بـاب: الـمعصوم من عصم الله' وفي الأحكام باب: بطانة الامام وأهل مشورته . والنسائي في البيعة' باب: بطانة الامام .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَفْعَلُوا، فَإِنَّهُ لَيْسَتْ نَسَمَةٌ كَتَبَ اللّٰهُ أَنْ تَخْرُجَ إِلَّا هِيَ خَارِجَةٌ

اللہ اس کوضرور پیدا کرے گا۔

1226 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ الْبَتِّيُّ، عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: أَصَبْنَا يَوْمَ أَوْطَاسٍ سَبَايَا، وَلَهُنَّ أَزْوَاجٌ فِي قَوْمِهِنَّ، فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَنَزَلَتْ: (وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ) (النساء: 24)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو اوطاس کے دن کچھ قیدی عورتیں ملیں، اُن کی قوموں میں ان کے شوہر تھے (تو ہم نے ان سے جماع کو ناپسند کیا)۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں ان کا ذکر کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی: ''وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ الٰی آخرہٖ''۔

1227 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُلَيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ، وَالْمُسْتَمِرِّ بْنِ الرَّيَّانِ قَالَا: سَمِعْنَا أَبَا نَضْرَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ امْرَأَةً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ حَشَتْ خَاتَمَهَا مِسْكًا، وَالْمِسْكُ أَطْيَبُ الطِّيبِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی اسرائیل کی ایک عورت کا ذکر کیا، جس کی انگوٹھی سے کستوری کی خوشبو مہک رہی ہوتی تھی، کیونکہ اس نے اپنی انگوٹھی کو کستوری سے بھرا ہوا ہوتا تھا' کستوری کی خوشبو سب سے اچھی خوشبو ہے۔

1228 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ، قَالَ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ: أَخْبَرَنَا عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ عَلَاءٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: لَمَّا خَرَجَتِ الْحَرُورِيَّةُ جِئْنَا أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ فَقُلْنَا: أَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الْحَرُورِيَّةَ؟ فَقَالَ: لَا وَلٰكِنْ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: يُوشِكُ أَنْ يَأْتِيَ قَوْمٌ تَحْقِرُونَ صَلَاتَكُمْ مَعَ صَلَاتِهِمْ، وَأَعْمَالَكُمْ مَعَ أَعْمَالِهِمْ،

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ہم حروریہ کی طرف نکلے تو ہم حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ہم نے عرض کی: کیا آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حروریہ کا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے؟ فرمایا: نہیں! لیکن میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ قریب ہے کہ ایک قوم آئے گی کہ تم اپنی نمازوں کو اُن کی نمازوں کے مقابلہ میں اور اُن کے اعمال سے اپنے اعمال کو کم محسوس کرو گے' لیکن وہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جس

1227- أخرجه مسلم في كتاب الألفاظ من الأدب وغيرها (2252) (19)' باب: المسك وأنه أطيب الطيب . والترمذى فى الجنائز' باب: ما جاء فى المسك للميت . والنسائى فى الزينة' باب: ذكر أطيب الطيب' وفى الجنائز باب: المسك .

يَمْرُقُونَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، حَتَّى يَأْخُذَهُ صَاحِبُهُ فَيَنْظُرَ إِلَى نَصْلِهِ فَلَا يَرَى شَيْئًا، ثُمَّ يَنْظُرَ إِلَى رُعْظِهِ فَلَا يَرَى شَيْئًا، ثُمَّ يَنْظُرُ إِلَى قِدْحِهِ فَلَا يَرَى فِيهِ شَيْئًا، ثُمَّ يَنْظُرُ إِلَى قُذَذِهِ هَلْ يَرَى فِيهِ شَيْئًا أَمْ لَا؟

طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے یہاں تک کہ اُن میں سے کوئی اپنے تیر کی کمان کی طرف دیکھتا ہے اور اس میں کوئی شی نہیں دیکھتا ہے' پھر وہ تیر میں بھالا لگانے کے سوراخ کی طرف دیکھتا ہے اور اس میں کوئی شی نہیں دیکھتا' پھر اس کے پھل لگانے کے تیر کے چیرنے کی طرف دیکھتا ہے اور اس میں کوئی شی نہیں دیکھتا' پھر اس کے پروں کی طرف دیکھتا ہے کہ کیا اس میں کوئی شی دیکھے گا یا نہیں؟

1229 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: اشْتَكَى أَبُو هُرَيْرَةَ وَغُلِبَ، قَالَ: فَصَلَّى أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ فَجَهَرَ بِالتَّكْبِيرِ حِينَ افْتَتَحَ، وَحِينَ رَكَعَ وَبَعْدَ أَنْ قَالَ: سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، وَحِينَ رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُودِ، وَحِينَ سَجَدَ، وَحِينَ رَفَعَ، وَحِينَ قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ حَتَّى صَلَّى صَلَاتَهُ عَلَى ذَلِكَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قِيلَ لَهُ: قَدِ اخْتَلَفَ النَّاسُ عَلَى صَلَاتِكَ، فَقَامَ حَتَّى قَامَ عِنْدَ الْمِنْبَرِ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي وَاللَّهِ مَا أُبَالِي اخْتَلَفَتْ صَلَاتُكُمْ أَوْ لَمْ تَخْتَلِفْ، إِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَكَذَا يُصَلِّي

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیمار ہو گئے، ان پر بیماری غالب آ گئی۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی۔ اللہ اکبر کو اونچا کہا جس وقت نماز شروع کی اور جس وقت رکوع کیا اور سمع اللہ لمن حمدہ کہنے کے بعد اور جس وقت سجدہ سے سر کو اٹھایا اور جس وقت سجدہ کیا' جس وقت سجدہ سے سر اٹھایا، جس وقت دو رکعتوں سے اٹھے یہاں تک کہ آپ رضی اللہ عنہ نے نماز مکمل فرمائی جب سلام پھیرا تو آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: لوگوں کو آپ کی نماز سے اختلاف ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے یہاں تک کہ منبر کے پاس کھڑے ہوئے۔ فرمایا: اے لوگو! اللہ کی قسم! مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے کہ تم میری نماز میں اختلاف کرو یا نہ کرو' میں نے اپنے آقا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔

1229- أخرجه البخاري في الأذان' باب: يكبر وهو ينهض من السجدتين . وأحمد جلد3صفحه18 . وعزاه الهيثمي الى أحمد في مجمع الزوائد' باب التكبير .

1230 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، وَعَمِّهِ قَتَادَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُوا لُحُومَ الْأَضَاحِي وَادَّخِرُوا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قربانی کا گوشت کھاؤ اور ذخیرہ بھی کر سکتے ہو۔

1231 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، عَنْ زُهَيْرٍ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ إِلَى قُبَاءَ، فَمَرَّ بِنَا فِي بَنِي سَالِمٍ، فَوَقَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَابِ ابْنِ عِتْبَانَ فَصَاحَ بِهِ وَهُوَ عَلَى بَطْنِ امْرَأَتِهِ، فَخَرَجَ وَهُوَ يَجُرُّ إِزَارَهُ، فَلَمَّا رَآهُ قَالَ: أَعْجَلْنَا الرَّجُلَ فَقَالَ ابْنُ عِتْبَانَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَرَأَيْتَ الرَّجُلَ إِذَا أُعْجِلَ عَنِ امْرَأَتِهِ فَلَمْ يُمْنِ مَاذَا عَلَيْهِ؟ قَالَ: إِنَّمَا الْمَاءُ مِنَ الْمَاءِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پیر شریف کے دن قباء کی طرف نکلے۔ ہم بنی سالم کے پاس سے گزرے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ابن عتبان کے دروازے کے پاس کھڑے ہوئے، آپ نے اس کو آواز دی تو وہ اپنی بیوی کے پاس لیٹا ہوا تھا، وہ اس حالت میں نکلا کہ اس کا تہبند لٹکا ہوا تھا، جب آپ نے اس کو دیکھا تو آپ نے فرمایا: اس آدمی نے ہمارے پاس آنے میں جلدی کی۔ ابن عتبان نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ ایک آدمی جب اپنی بیوی کے پاس ہو اور اس سے پانی نہ نکلے (تو غسل فرض ہے)؟ آپ نے فرمایا: پانی پانی سے ہے۔

1232 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مومن مرد کو غم و پریشانی تکلیف پہنچتی ہے یہاں تک کہ کانٹا بھی اگر چبھتا ہے اللہ عزوجل اس کے ذریعے اس کی غلطیاں معاف کرتا ہے۔

1230- أخرجه أحمد جلد3صفحه48 .

1231- أخرجه البخاري في الوضوء' باب: من لم ير الوضوء الا من المخرجين القبل والدبر . ومسلم في الحيض' باب: انما الماء من الماء . وأبو داؤد في الطهارة' باب: في الاكسال . وابن ماجه في الطهارة' باب: الماء من الماء .

1232- أخرجه البخاري في المرض' باب: ما جاء في كفارة المرضى . ومسلم في البر' باب: ثواب المؤمن فيما يصيبه من مرض . والترمذي في الجنائز' باب: ما جاء في ثواب المريض .

يُصِيبُ الْمَرْءَ الْمُؤْمِنَ مِنْ نَصَبٍ، وَلَا وَصَبٍ، وَلَا هَمٍّ، وَلَا حَزَنٍ، وَلَا غَمٍّ، وَلَا أَذًى، حَتَّى الشَّوْكَةُ يُشَاكُهَا إِلَّا كَفَّرَ اللَّهُ بِهَا مِنْ خَطَايَاهُ

1233 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، عَنْ زُهَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَلَى هَذَا الْمِنْبَرِ: مَا بَالُ رِجَالٍ يَقُولُونَ: إِنَّ رَحِمَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْفَعُ قَوْمَهُ؟ بَلَى وَاللَّهِ إِنَّ رَحِمِي مَوْصُولَةٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَإِنِّي يَا أَيُّهَا النَّاسُ فَرَطٌ لَكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، فَإِذَا جِئْتُمْ قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، وَقَالَ آخَرُ: أَنَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، فَأَقُولُ: أَمَّا النَّسَبُ فَقَدْ عَرَفْتُهُ وَلَكِنَّكُمْ أَحْدَثْتُمْ بَعْدِي وَارْتَدَدْتُمُ الْقَهْقَرَى

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس منبر پر فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان لوگوں کا کیا حال ہے جو کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت لوگوں کو فائدہ نہیں دے گی۔ کیوں نہیں!، اللہ کی قسم! میری رحمت دنیا و آخرت میں مل رہی ہے۔ اے لوگو! میں تمہارا حوض پر انتظار کروں گا جب تم آؤ گے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں فلاں بن فلاں ہوں، دوسرے آدمی نے کہا: میں فلاں بن فلاں ہوں۔ میں نے ان کو کہا: بہرحال میں تمہارا نسب پہچانتا ہوں لیکن تم میرے بعد بدعت ایجاد کرو گے اور تم ایڑیوں کے بل پلٹو گے۔

1234 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے مردوں کو لا الہ الا اللہ کی تلقین کرو۔

1233- أخرجه البخاری فی الرقاق' باب: فی الحوض . وعزاه الهیثمی للمصنف فی مجمع الزوائد' باب: ما جاء فی حوض النبی .

1234- أخرجه البخاری فی الصلاة' باب: یرد المصلی من مر بین یدیه' وفی بدء الخلق باب: صفة ابلیس وجنوده . ومسلم فی الصلاة' باب: منع المار بین یدی المصلی . والنسائی فی القبلة' باب: التشدید فی المرور بین یدی المصلی وبین سترته' وفی القسامة باب: من اقتص وأخذ حقه دون السلطان . وأبو داؤد وفی الصلاة' باب: ما یؤمر المصلی أن یدرأ عن الممر بین یدیه . وابن ماجه فی الاقامة' باب: ادرأ ما استطعت . ومالك فی قصر الصلاة فی السفر' باب: التشدید أن یمر أحد بین یدی المصلی .

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَقِّنُوا مَوْتَاكُمْ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ

1235 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ قَالَ: بَيْنَمَا أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يُصَلِّي إِلَى شَيْءٍ يَسْتُرُهُ مِنَ النَّاسِ، إِذْ جَاءَ شَابٌّ مِنْ بَنِي مُعَيْطٍ، فَأَرَادَ أَنْ يَجْتَازَ بَيْنَ يَدَيْهِ، قَالَ: فَدَفَعَهُ أَبُو سَعِيدٍ فِي نَحْرِهِ، فَلَمْ يَجِدْ مَسَاغًا إِلَّا مَا بَيْنَ يَدَيْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، فَعَادَ فَدَفَعَهُ فِي نَحْرِهِ أَشَدَّ مِنَ الدَّفْعَةِ الْأُولَى، قَالَ: فَمَثَلَ قَائِمًا ثُمَّ نَالَ مِنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: فَدَخَلَ أَبُو سَعِيدٍ عَلَى مَرْوَانَ فَقَالَ: مَا لَكَ وَلِابْنِ أَخِيكَ جَاءَ يَشْتَكِيكَ؟ فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَأَرَادَ أَحَدٌ أَنْ يَجْتَازَ بَيْنَ يَدَيْهِ فَلْيَدْفَعْ فِي نَحْرِهِ، فَإِنْ أَبَى فَلْيُقَاتِلْهُ فَإِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ

حضرت ابو صالح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم کو ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن نماز پڑھا رہے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کے سامنے گزرنے کے لیے سترہ گاڑا ہوا تھا اچانک بنی معیط سے ایک نوجوان آیا اس نے ارادہ کیا کہ وہ درمیان سے گزر جائے۔ حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ نے اس کو روک دیا' وہ اس کے علاوہ گزرنے کی جگہ نہیں پاتا تھا' وہ دوبارہ گزرنے لگا تو آپ نے دوبارہ سختی سے اس کو روکا جو پہلی مرتبہ سے زیادہ سخت تھا۔ پھر وہ سیدھا کھڑا ہو گیا' پھر ابو سعید سے مار پڑی' اس کے بعد ابو سعید' مروان کے پاس آئے' اس نے کہا: آپ کو اور آپ کے بھائی کے بیٹے کو کیا ہے کہ وہ شکایت کے لیے آئے تھے؟ حضرت ابو سعید نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے اور کوئی ایک اُس کے آگے سے گزرنے کا ارادہ کرے تو وہ اُس کو روکے' اگر رُکنے سے انکار کرے تو اس کو قتل کر دے۔

1236 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِيَاضٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: أَحَدُنَا يُصَلِّي فَلَا يَدْرِي كَمْ صَلَّى؟ فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلَّى فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ، وَإِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے وہ نہیں جانتا ہے کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔ وہ بیٹھنے کی حالت میں دو سجدہ سہو کرے۔ جب تم میں سے کسی کے پاس نماز کی حالت میں شیطان آ جائے اور وہ کہے: تُو بے وضو ہو گیا ہے۔ تو وہ جھوٹا ہے مگر جو بُو پائے اپنے ناک سے سونگھنے کے ساتھ یا اس کی آواز سنے

وَهُوَ فِي صَلَاتِهِ فَقَالَ: إِنَّكَ قَدْ أَحْدَثْتَ فَلْيَقُلْ: كَذَبْتَ، إِلَّا مَا وَجَدَ رِيحَهُ بِأَنْفِهِ أَوْ سَمِعَ صَوْتًا بِأُذُنِهِ

اپنے کانوں کے ساتھ۔

1237 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مَا يُخْرِجُ اللَّهُ لَكُمْ مِنْ زِينَةِ الدُّنْيَا وَزَهْرَتِهَا، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَوَيَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَسَكَتَ عَنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَأَيْنَا أَنَّهُ يُنَزَّلُ عَلَيْهِ، فَقِيلَ لَهُ: مَا شَأْنُكَ، تُكَلِّمُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يُكَلِّمُكَ؟ فَسُرِّيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَمْسَحُ عَنْهُ الرُّحَضَاءَ، فَقَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ فَرَأَيْنَا أَنَّهُ حَمِدَهُ فَقَالَ: إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِي بِالشَّرِّ، وَإِنَّ مِمَّا يُنْبِتُ الرَّبِيعُ يَقْتُلُ - أَوْ يُلِمُّ - حَبَطًا، أَلَمْ تَرَوْا إِلَى آكِلَةِ الْخَضِرِ أَكَلَتْ حَتَّى امْتَلَأَتْ خَاصِرَتَاهَا، فَاسْتَقْبَلَتْ عَيْنَ الشَّمْسِ فَثَلَطَتْ فَبَالَتْ، ثُمَّ رَتَعَتْ؟ وَإِنَّ الْمَالَ حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، وَنِعْمَ صَاحِبُ الْمُسْلِمِ هُوَ إِنْ وَصَلَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا' آپ نے فرمایا: مجھے تم پر دنیا کی زینت اور خوبصورتی کا اندیشہ ہے' ایک آدمی نے آپ سے عرض کی: یارسول اللہ! کیا خیر شر لاتی ہے؟ آپ اس کا جواب دینے سے خاموش رہے' ہم نے دیکھا کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے' آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا وجہ ہے کہ اللہ کا بھیجا ہوا گفتگو نہیں کرتا ہے اور آپ گفتگو کرتے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے وحی کی کیفیت چلی گئی تو آپ اپنے آپ سے پسینہ صاف کر رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: سائل کہاں ہے؟ ہم نے دیکھا کہ آپ اس کی تعریف کر رہے ہیں' آپ نے فرمایا: بے شک بھلائی شر نہیں لاتی ہے' بے شک موسم ربیع گھاس اُگاتا ہے یا گھاس اُگتی ہے' وہ کھائی جاتی ہے یا ختم ہو جاتی ہے' کیا تم نہیں دیکھتے کہ جانور سرسبز کھاتا ہے یہاں تک کہ اس کے پیٹ کے دونوں طرف بھر جاتے ہیں' وہ صبح کرتی ہے تو اس کا پیٹ خالی ہوتا ہے' وہ پیشاب کرتی ہے' پھر چرتی ہے' بے شک مال میٹھا سرسبز ہے' کتنا اچھا مسلمان ہے وہ جو رشتہ داریاں جوڑے اور

1237- أخرجه البخاري في الجمعة' باب: يستقبل الامام القوم' واستقبال الناس الامام اذا خطب' وفي الزكاة باب: الصدقة على اليتامى' وفي الجهاد باب: فضل النفقة في سبيل الله' وفي الرقاق باب: ما يحذر من زهرة الحياة الدنيا والتنافس فيها ۔ ومسلم في الزكاة' باب: تخوف ما يخرج من زهرة الدنيا ۔ والنسائي في الزكاة' باب: الصدقة على اليتيم ۔ وابن ماجه في الفتن' باب: فتنة المال ۔

الـرَّحِـمَ، وَأَنْـفَقَ فِی سَبِیلِ اللَّهِ، وَمَثَلُ الَّذِی یَأْخُذُهُ بِـغَیْـرِ حَـقِّـهِ کَمَثَلِ الَّذِی یَأْکُلُ وَلَا یَشْبَعُ، وَیَکُونُ عَـلَیْـهِ شَهِیـدًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ ، قَالَ زُهَیْرٌ: قَالَ: خَبَطًا وَهُوَ حَبَطًا

اللہ کی راہ میں خرچ کرے اس کی مثال جو بغیر حق کے کسی کا مال لیتا ہے اس کی طرح ہے جو کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا ہے وہ اس پر قیامت کے دن گواہ ہوگا۔ زہیر فرماتے ہیں: حبطا اور وہ حبطا ہے۔

1238 - حَـدَّثَنَا أَبُو خَیْثَمَةَ، حَدَّثَنَا یَزِیدُ بْنُ هَـارُونَ، أَخْبَـرَنَـا سَعِیدُ بْنُ أَبِی عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَـنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، عَنْ أَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ، أَنَّ غُلَامًا لِـلـنَّبِـیِّ صَـلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ أَتَی بِتَمْرٍ رَیَّانَ، وَکَانَ تَمْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَـمْرًا بَعْلًا فِیهِ یَبَسٌ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَـلَیْـهِ وَسَلَّمَ: أَنّٰی لَکَ هَذَا التَّمْرُ؟ ، قَالَ: هَذَا صَاعٌ ابْتَـعْتُـهُ بِصَاعَیْنِ مِنْ تَمْرِنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰـهُ عَـلَیْـهِ وَسَـلَّـمَ: إِنَّ هَذَا لَا یَصْلُحُ، وَلَکِنْ إِذَا أَرَدْتَ ذٰلِکَ فَبِعْ تَمْرَکَ ثُمَّ اشْتَرِ أَیَّ تَمْرٍ شِئْتَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دو غلام تھے وہ آپ کے پاس ریان کھجور لائے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کھجوریں خشک تھیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہاں سے لائے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: میں نے دو صاع دے کر ایک صاع خریدی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ درست نہیں ہے معاملہ اگر ایسے ہی کرنا ہے تو تو اپنی کھجوریں فروخت کر پھر اس کے بعد جو چاہے کھجور خرید لے۔

1239 - حَـدَّثَـنَـا زُهَیْـرٌ، حَـدَّثَنَا یَزِیدُ بْنُ هَـارُونَ، أَخْبَرَنَا الْجُرَیْرِیُّ، عَنْ أَبِی نَضْرَةَ، عَنْ أَبِی سَـعِیـدٍ الْـخُدْرِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَتَـی أَحَـدُکُـمْ عَلَی رَاعٍ فَلْیُنَادِ: یَا رَاعِیَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی چرواہے کے پاس آئے تو اس کو آواز دے، اونٹ چرانے والے تین مرتبہ اگر وہ جواب دیتا ہے تو ٹھیک ورنہ اس کا دودھ

1238- أخرجه مسلم فی المساقاة' باب: بیع الطعام مثلًا بمثل .

1239- أخـرجـه الـبـخاری فی الأدب' باب: من کان یؤمن باللّٰه والیوم الآخر فلا یؤذ جاره' باب: حق الضیف' وفی الرقاق بـاب: حـفظ اللسان . ومسلم فی الصیام' باب: صوم سرر شعبان' وفی اللقطة باب: الضیافة ونحوها . والترمذی فی البیوع' باب: ما جاء فی احتلاب المواشی بغیر اذن الأرباب' وفی البر باب: ما جاء فی الضیافة . وأبو داؤد فی الجهاد' باب: فی ابن السبیل یأکل ویشرب من اللبن اذا مر به' وفی الأطعمة باب: ما جاء فی الضیافة . وابن ماجه فـی الـتـجـارات' بـاب: من مر علی ماشیة قوم أو حائط هل یصیب منه' وفی الأدب باب: حق الضیف . ومالک فی صفة النبی صلی اللّٰه علیه وسلم' باب: جامع ما جاء فی الطعام والشراب .

الْإِبِلِ ثَلَاثًا، فَإِنْ أَجَابَهُ وَإِلَّا فَلْيَحْلِبْ فَلْيَشْرَبْ، وَلَا يَحْمِلَنَّ، وَإِذَا أَتَى أَحَدُكُمْ عَلَى حَائِطِ بُسْتَانٍ فَلْيُنَادِ ثَلَاثًا: يَا صَاحِبَ الْحَائِطِ، فَإِنْ أَجَابَهُ وَإِلَّا فَلْيَأْكُلْ وَلَا يَحْمِلْ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ، فَمَا زَادَ فَصَدَقَةٌ

دوھے اور نوش کرے اور لے کر نہ آئے۔ جب تم میں سے کوئی کسی کے باغ میں آئے تو اس کو آواز دے تین مرتبہ باغ کا مالک اگر جواب دے تو ٹھیک ہے ورنہ اس سے کھائے اور لے کر نہ آئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: مہمان نوازی تین دن ہوتی ہے جو اس سے زیادہ ہو وہ صدقہ ہوتا ہے۔

1240 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُلَيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ اسْتِهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت کے دن ہر دھوکہ باز کے لیے ایک جھنڈا ہوگا سرین کے پاس لگایا جائے گا۔

1241 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَمْرُقُ مَارِقَةٌ عِنْدَ فِرْقَةٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَقْتُلُهَا أَوْلَى الطَّائِفَتَيْنِ بِالْحَقِّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان جب گروہوں میں بٹ جائیں گے تو ایک نکلنے والا یوں نکل جائے گا کہ اس کو حق پر دو گروہوں میں سے وہ قتل کرے گا جو بہتر ہوگا۔

1242 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَالْجُلُوسَ فِي الطُّرُقَاتِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لَنَا مِنْ مَجَالِسِنَا بُدٌّ، نَتَحَدَّثُ فِيهَا؟ قَالَ: فَإِذَا أَبَيْتُمْ إِلَّا الْمَجْلِسَ فَأَعْطُوا الطَّرِيقَ حَقَّهُ، قَالُوا: وَمَا حَقُّ الطَّرِيقِ؟ قَالَ: غَضُّ الْبَصَرِ، وَكَفُّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: راستہ میں بیٹھنے سے بچو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہمارا راستہ میں بیٹھنا مجبوری ہے ہم نے اس میں گفتگو کرنی ہوتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم نے ایسے کرنا ہی ہے تو راستہ کا حق بھی ادا کرو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! راستہ کا حق کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا:

1242- أخرجه البخاري في الاستئذان' باب: قوله تعالى: (يا ايها الذين آمنوا لا تدخلوا بيوتًا غير بيوتكم)' وفي المظالم باب: أفنية الدور والجلوس فيها . ومسلم في اللباس' باب: النهي عن الجلوس في الطرقات . وأبو داؤد في الأدب' باب: في الجلوس في الطرقات .

الْأَذَى، وَرَدُّ السَّلَامِ، وَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ

آنکھیں جھکانا، تکلیف دینے سے رکنا، سلام کا جواب دینا، نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا۔

1243 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، عَنْ زُهَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ يُصَلِّي فَلَا يَتْرُكَنَّ أَحَدًا يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَإِنْ أَبَى فَلْيُقَاتِلْهُ فَإِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب تم میں کوئی نماز پڑھے، ہرگز نہ چھوڑے کوئی کسی کو کہ وہ اس کے آگے سے گزرے، اگر وہ انکار کرے تو اس سے جھگڑا کرو بیشک وہ شیطان ہے۔

1244 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْتِي أَحَدَكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَيَمُدُّ شَعْرَةً فِي دُبُرِهِ، فَيَرَى أَنَّهُ قَدْ أَحْدَثَ، فَلَا يَنْصَرِفْ حَتَّى يَسْمَعَ صَوْتًا أَوْ يَجِدَ رِيحًا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر کسی کے پاس شیطان آتا ہے، نماز کی حالت میں اس کی دبر سے بالوں کو کھینچتا ہے وہ خیال کرتا ہے کہ وہ بے وضو ہو گیا ہے وہ نماز کو نہ چھوڑے یہاں تک کہ آواز سن لی ہو یا ہوا پائے۔

1245 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ، فَقَالَ: أَوَتَفْعَلُونَ ذَلِكَ؟ لَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَفْعَلُوا ذَلِكَ، لَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَفْعَلُوا، فَإِنَّهُ لَيْسَ نَسَمَةٌ قَضَى اللَّهُ أَنْ تَكُونَ إِلَّا هِيَ كَائِنَةٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے ایک آدمی نے عزل کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس کو کرتے ہو؟ نہیں! تم پر لازم نہیں ہے کہ تم لوگ ایسا نہ کرو! نہیں ہے تم پر کہ تم لوگ ایسا نہ کرو! کوئی جان ایسی نہیں جس کو اللہ نے پیدا کرنا ہو تو اللہ اس کو ضرور پیدا کرے گا۔

1244- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 96 . وابن ماجه في الطهارة' باب: لا وضوء الامن حدث . وعزاه الهيثمي للمصنف وابن ماجه في مجمع الزوائد' باب: فيمن كان على طهارة وشك في الحدث .

1246 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، حَدَّثَنَا أَبُو سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَآهُ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُتَوَشِّحًا بِهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے' آپ کو دیکھا کہ آپ ایک ہی کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھ رہے تھے۔

1247 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنَا أَبُو إِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ الْأَغَرَّ أَبَا مُسْلِمٍ يَقُولُ: أَشْهَدُ عَلَى أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ إِلَّا غَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ، وَحَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ، وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ، وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگ بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرتے ہیں ان کو اللہ کی رحمت ڈھانپ لیتی ہے، فرشتے اس ان کو پروں سے گھیر لیتے ہیں، ان پر سکینہ اترتی ہے اللہ ان کا چرچا فرشتوں کے پاس کرتا ہے۔

1248 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عِبَادَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا أَبُو نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " يَمُرُّ النَّاسُ عَلَى جِسْرِ جَهَنَّمَ، وَعَلَيْهِ حَسَكٌ وَكَلَالِيبُ وَخَطَاطِيفُ تَخْطَفُ النَّاسَ يَمِينًا وَشِمَالًا، وَعَلَى جَنْبَتَيْهِ مَلَائِكَةٌ يَقُولُونَ: اللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ، فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَمُرُّ مِثْلَ الْبَرْقِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ مِثْلَ الرِّيحِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمُرُّ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ جہنم کے پل سے گزریں گے' اس کے اوپر خم دار تین نوک والی لوہے کی سلاخیں' کانٹے دار اور اُچکنے والی اشیاء ہوں گی' جو لوگوں کو دائیں بائیں سے اُچک لیں گی' اس کے ایک طرف فرشتے ہوں گے وہ عرض کر رہے ہوں گے: اے اللہ! بچا بچا! لوگوں میں سے کچھ بجلی کی طرح گزریں اور اُن میں سے کچھ ہوا کی طرح گزریں' ان میں سے کچھ گھوڑے کی رفتار سے

1247- أخرجه مسلم فی الذكر . والترمذی فی الدعوات' باب: القوم يجلسون فيذكرون الله' ما لهم من الفضل . وابن ماجة فی الأدب' باب: فضل الذكر .

1248- أخرجه البخاری فی التوحيد' باب: قوله تعالٰی: (وجوه يومئذ ناضرة الٰی ربها ناظرة)' وفی الأذان باب: فضل السجود' وفی الرقاق باب: الصراط جسر جهنم . ومسلم (182)' وفی الايمان' باب: معرفة طريق الرؤية .

مِثْلَ الْفَرَسِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَسْعَى سَعْيًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي مَشْيًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يَحْبُوا حَبْوًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يَزْحَفُ زَحْفًا، فَأَمَّا أَهْلُ النَّارِ الَّذِينَ هُمْ أَهْلُهَا فَلا يَمُوتُونَ وَلا يَحْيَوْنَ، وَأَمَّا أُنَاسٌ فَيُؤْخَذُونَ بِذُنُوبٍ وَخَطَايَا، قَالَ: فَيَحْتَرِقُونَ فَيَكُونُونَ فَحْمًا، ثُمَّ يُؤْذَنُ فِي الشَّفَاعَةِ، فَيُؤْخَذُونَ ضِبَارَاتٍ ضِبَارَاتٍ، فَيُقْذَفُونَ عَلَى نَهَرٍ مِنْ أَنْهَارِ الْجَنَّةِ، فَيَنْبُتُونَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي حَمِيلِ السَّيْلِ" ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَمَا رَأَيْتُمُ الصَّبْغَاءَ شَجَرَةً تَنْبُتُ فِي الْغُثَاءِ؟ فَيَكُونُ مِنْ آخِرِ مَنْ أُخْرِجَ مِنَ النَّارِ رَجُلٌ عَلَى شَفَتِهَا، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ اصْرِفْ وَجْهِي عَنْهَا، فَيَقُولُ: عَهْدَكَ وَذِمَّتَكَ لا تَسْأَلْنِي غَيْرَهَا؟ قَالَ: وَعَلَى الصِّرَاطِ ثَلاثُ شَجَرَاتٍ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ حَوِّلْنِي إِلَى هَذِهِ الشَّجَرَةِ آكُلُ مِنْ ثَمَرِهَا، وَأَكُونُ فِي ظِلِّهَا، فَيَقُولُ: عَهْدَكَ وَذِمَّتَكَ لا تَسْأَلْنِي غَيْرَهَا؟ قَالَ: يَرَى أُخْرَى أَحْسَنَ مِنْهَا فَيَقُولُ: يَا رَبِّ حَوِّلْنِي إِلَى هَذِهِ آكُلُ مِنْ ثَمَرِهَا وَأَكُونُ فِي ظِلِّهَا، قَالَ: فَيَقُولُ عَهْدَكَ وَذِمَّتَكَ لا تَسْأَلْنِي غَيْرَهَا؟ قَالَ: ثُمَّ يَرَى أُخْرَى فَيَقُولُ: يَا رَبِّ حَوِّلْنِي إِلَى هَذِهِ آكُلُ مِنْ ثَمَرِهَا وَأَشْرَبُ فِي ظِلِّهَا، ثُمَّ يَرَى سَوَادَ النَّاسِ وَيَسْمَعُ كَلامَهُمْ، قَالَ: فَيَقُولُ: يَا رَبِّ أَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ" ، قَالَ أَبُو نَضْرَةَ: اخْتَلَفَ أَبُو سَعِيدٍ وَرَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ

گزریں گے کچھ تیز چلنے کے لحاظ سے چلیں گے کچھ اپنی چال کے چلنے کے لحاظ سے چلیں گے اُن میں سے کچھ گریں گے اور ان میں سے کچھ چمٹیں گے بہرحال جہنم والے تو وہ اس کے اہل ہیں وہ نہ مریں گے نہ زندہ ہوں گے بہرحال لوگوں کو ان کے گناہوں اور غلطیوں کے مطابق سزا ملے گی وہ جلائے جائیں گے وہ کوئلے کی طرح ہوں گے پھر شفاعت کی اجازت دی جائے گی ان کو پکڑا جائے گا جماعت در جماعت پھر ان کو جنت کی نہروں میں سے کسی نہر پر ڈالا جائے گا تو اس کے جسم پر گوشت اُگے گا جس طرح سیلاب سے جاگ پر دانہ اُگتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بہرحال تم دیکھو! خربوزہ کے درخت سے خربوزہ نکلتا ہے! جہنم کے آخر میں اپنی شفاعت کی وجہ سے خود نکل جائے گا۔ وہ عرض کرے گا: اے رب! میرا چہرہ جہنم سے پھیر دے اور تجھ سے وعدہ اور مؤعدہ کرتا ہوں کہ اس کے علاوہ اور کچھ نہیں مانگوں گا۔ راستے میں تین درخت ہوں گے وہ عرض کرے گا: اے رب! مجھے اس درخت تک جانے کی اجازت دے تاکہ میں اس کا پھل کھاؤں اور اس کے سایہ میں رہوں اور عرض کرے گا: میں تجھ سے وعدہ کرتا ہوں کہ اس کے علاوہ اور کچھ نہیں مانگوں گا۔ اس کے بعد وہ اس سے بھی زیادہ خوبصورت دیکھے گا تو عرض کرے گا: یا رب! مجھے اس درخت تک پھیر دے تاکہ میں اس کا پھل کھاؤں اور اس کے سایہ میں بیٹھوں۔ اللہ پاک فرمائے گا: تُو نے وعدہ اور ذمہ کیا تھا کہ میں اس کے علاوہ نہیں مانگوں گا۔

أَحَدُهُمَا: فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ، فَيُعْطَى الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا وَقَالَ الْآخَرُ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ فَيُعْطَى الدُّنْيَا وَعَشَرَةَ أَمْثَالِهَا

پھر اور دیکھے گا اور عرض کرے گا: اے رب! مجھے اس سے پھیر دے میں اس کا پھل کھاؤں اور اس کے سایہ میں پیوں۔ پھر لوگوں کی سیاہی دیکھے گا اور اُن کا کلام سنے گا' وہ بندہ عرض کرے گا: اے رب! مجھے جنت میں داخل کر۔ ابونضرہ فرماتے ہیں: ابوسعید اور حضور ﷺ کے صحابہ نے اختلاف کیا ہے' ان میں سے ایک نے کہا: اس کو جنت میں داخل کیا جائے گا' دنیا اور دنیا کی مثل اس کو عطا کیا جائے گا' دوسرا کہے گا: اس کو جنت میں داخل کیا جائے گا' اس کو دنیا اور دس کی دس مثل دیا جائے گا۔

1249 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، قَالَ أَبُو خَيْثَمَةَ: أُرَاهُ عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَخْرُجُ نَاسٌ مِنَ النَّارِ قَدِ احْتَرَقُوا وَكَانُوا مِثْلَ الْحُمَمِ، ثُمَّ لَا يَزَالُ أَهْلُ الْجَنَّةِ يَرُشُّونَ عَلَيْهِمُ الْمَاءَ حَتَّى يَنْبُتُوا نَبَاتَ الْغُثَاءِ فِي السَّيْلِ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے حضور ﷺ سے سنا' آپ نے فرمایا: لوگوں کو جہنم سے نکالا جائے گا اس حالت میں کہ وہ جل کر راکھ ہو جائیں گے کوئلے کی طرح' پھر مسلسل جنت والے ان پر پانی ڈالیں گے یہاں تک کہ اُن پر گوشت اُگے گا جس طرح خربوزہ اُگتا ہے سیلاب کی جاگ میں۔

1250 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " يَخْرُجُ ضِبَارَةٌ مِنَ النَّارِ قَدْ كَانُوا فَحْمًا، فَيُقَالُ: بَوِّئُوهُمُ الْجَنَّةَ، وَرُشُّوا عَلَيْهِمْ مِنَ الْمَاءِ " ، قَالَ: فَيَنْبُتُونَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي حَمِيلِ السَّيْلِ ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: كَأَنَّكَ كُنْتَ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ يَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جہنم سے ایک جماعت نکالی جائے گی اس حالت میں کہ وہ کوئلے کی طرح ہوں گے' ان کو جنت میں ڈالا جائے گا اور ان پر پانی ڈالا جائے گا تو ان پر گوشت اُگے گا جس طرح دریا کے سیلاب کی جاگ سے دانہ اُگتا ہے۔ قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: گویا ایسے محسوس ہوتا ہے' یا رسول اللہ!

1250- أخرجه أحمد جلد3صفحه90 .

رَسُولَ اللّٰهِ؟

کہ آپ دیہات کے رہنے والے ہیں۔

1251 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يُصِيبُهُ نَصَبٌ، وَلَا وَصَبٌ، وَلَا حَزَنٌ، وَلَا أَذًى، حَتَّى الْهَمُّ يُهِمُّهُ إِلَّا اللّٰهُ يُكَفِّرُ مِنْ سَيِّئَاتِهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مومن مرد کو غم و پریشانی تکلیف پہنچتی ہے یہاں تک کہ وہ غم اس کو پریشان کرتا ہے اللہ عزوجل اس کے ذریعے اس کی غلطیاں معاف کرتا ہے۔

1252 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَصُومُ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، إِلَّا أَبْعَدَ اللّٰهُ بِذَلِكَ الْيَوْمِ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ ایک دن کا روزہ اللہ کی رضا کے لیے رکھتا ہے اللہ عزوجل اس روزہ کی برکت سے اس کے چہرے کو جہنم سے ستر سال کی مسافت سے بچائے گا۔

1253 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ و حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ "لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر" کہتا ہے اس کی تصدیق ربّ تعالیٰ کرتا ہے، فرماتا ہے: میرے بندہ نے سچ کہا۔ میرے علاوہ

1251- أخرجه أحمد جلد3صفحه81,61,24,4 . والترمذی فی الجنائز' باب: ما جاء فی ثواب المریض .

1252- أخرجه البخاری فی الجهاد' باب: فضل الصوم فی سبیل الله . ومسلم فی الصیام' باب: فضل الصیام فی سبیل الله لمن یطیقه . وأحمد جلد3صفحه45,26 . والترمذی فی الجهاد' باب: ما جاء فی فضل الصوم فی سبیل الله . والنسائی فی الصوم' باب: ثواب من صام یومًا فی سبیل الله عزوجل . باب: ذکر الاختلاف علٰی سفینٰ الثوری فیه . وابن ماجه فی الصیام' باب: فی صیام یوم فی سبیل الله . والدارمی فی الجهاد' باب: من صام یومًا فی سبیل الله .

قَالَ الْعَبْدُ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، صَدَّقَهُ رَبُّهُ قَالَ: صَدَقَ عَبْدِی، لَا اِلَهَ اِلَّا أَنَا وَأَنَا أَكْبَرُ، فَإِذَا قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ، صَدَّقَهُ رَبُّهُ: لَا اِلَهَ اِلَّا أَنَا وَحْدِی، فَإِذَا قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، صَدَّقَهُ رَبُّهُ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا أَنَا لَا شَرِيكَ لِی، فَإِذَا قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، صَدَّقَهُ رَبُّهُ فَقَالَ: صَدَقَ عَبْدِی لَا اِلَهَ اِلَّا أَنَا، لِیَ الْمُلْكُ، وَلِیَ الْحَمْدُ، فَإِذَا قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، صَدَّقَهُ رَبُّهُ قَالَ: صَدَقَ عَبْدِی، لَا اِلَهَ اِلَّا أَنَا، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِی"

کوئی خدانہیں ہے، میں ہی بڑا ہوں۔ جب بندہ ''لا الٰہ الا اللہ وحدہ'' کہتا ہے، اللہ عزوجل اس کی تصدیق کرتا ہے' فرماتا ہے: میں ایک ہوں' میرا کوئی شریک نہیں ہے۔ جب بندہ کہتا ہے: ''لا الٰہ الا اللہ لہ الملک ولہ الحمد'' اللہ عزوجل اس کی تصدیق کرتا ہے، فرماتا ہے: میرے بندے نے سچ کہا: میرے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے' میرے لیے بادشاہی ہے' میرے لیے حمد ہے۔ جب بندہ کہتا ہے: ''لا الٰہ الا اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ'' اللہ عزوجل اس کی تصدیق کرتا ہے' فرماتا ہے: میرے بندے نے سچ کہا' میرے علاوہ کوئی خدانہیں ہے نیکی کی توفیق' گناہ سے بچنے کی طاقت میں ہی دیتا ہوں۔

1254 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الزَّهْوِ وَالتَّمْرِ، وَعَنِ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ، فَقُلْتُ: أَنْ يُنْبَذَا جَمِيعًا؟ فَقَالَ: نَعَمْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کشمش اور کھجوروں کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع کیا' میں نے عرض کی: ان تمام سے نبیذ بنائی جاتی ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں!

1255 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ أَبِی نَضْرَةَ، عَنْ أَبِی سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَقَدِ اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سعد بن معاذ کی وفات پر عرش لرز اٹھا ہے۔

1255- أخرجه البخاری فی مناقب الأنصار' باب: مناقب سعد بن معاذ . ومسلم فی فضائل الصحابة' باب: من فضائل سعد بن معاذ . والترمذی فی المناقب' باب: مناقب سعد بن معاذ . وابن ماجه فی المقدمة' باب: فضل سعد بن معاذ .

1256 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَخِي اسْتَطْلَقَ بَطْنُهُ، فَقَالَ: اسْقِهِ عَسَلًا ، قَالَ: فَسَقَاهُ، قَالَ: فَأَتَاهُ فَقَالَ: قَدْ سَقَيْتُهُ عَسَلًا فَلَمْ يَزِدْهُ إِلَّا اسْتِطْلَاقًا؟ قَالَ: فَقَالَ: اسْقِهِ عَسَلًا ، ثُمَّ أَتَاهُ فَقَالَ: قَدْ سَقَيْتُهُ فَلَمْ يَزِدْهُ إِلَّا اسْتِطْلَاقًا؟ قَالَ: فَقَالَ: اسْقِهِ عَسَلًا ، قَالَ: فَأَمَّا فِي الثَّالِثَةِ أَوْ فِي الرَّابِعَةِ حَسِبْتُهُ قَالَ: فَشُفِيَ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَكَذَبَ بَطْنُ أَخِيكَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ! میرے بھائی کا پیٹ خراب ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو شہد پلاؤ' اس کو شہد پلایا گیا' وہ دوبارہ آیا' اس نے عرض کی: میں نے اس کو شہد پلایا ہے اس سے پیٹ اور زیادہ جاری ہوا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو شہد پلا۔ پھر وہ آیا تو اس نے عرض کی: میں نے اس کو شہد پلایا ہے مگر اور اضافہ ہوا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو شہد پلا، اس نے پلایا' تیسری مرتبہ یا چوتھی مرتبہ وہ شفایاب ہو گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کا وعدہ سچ ہے تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے۔

1257 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ مُعَيْقِيبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اللّٰهُمَّ إِنِّي أَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا تُؤَدِّيهِ إِلَيَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ: إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ فَأَيُّ الْمُسْلِمِينَ آذَيْتُهُ أَوْ شَتَمْتُهُ - أَوْ قَالَ: ضَرَبْتُهُ أَوْ شَتَمْتُهُ - فَاجْعَلْهَا لَهُ صَلَاةً، وَاجْعَلْهَا لَهُ زَكَاةً وَقُرْبَةً تُقَرِّبُهُ بِهَا إِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! میرا تیرے ساتھ وعدہ ہے تو مجھے قیامت کے دن لوٹا دے، بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا ہے۔ میں بظاہر انسان ہوں کسی مسلمان کو میں تکلیف دوں یا اس کو گالی دوں یا میں اس کو ماروں اس کے لیے نماز رکھ دے، اس کے لیے زکوٰۃ رکھ دے، اس کو ثواب رکھ دے، وہ مجھے قیامت کے دن اس کا ثواب عطا فرما۔

1256- أخرجه البخاري في الطب' باب: الدواء بالعسل' باب: دواء المبطون ـ ومسلم في السلام' باب: التداوي بسقي العسل ـ والترمذي في الطب' باب: ما جاء في التداوي بالعسل ـ

1257- أخرجه البخاري في الدعوات' باب: قول النبي صلى الله عليه وسلم: من آذيته فاجعل له زكاة ورحمة ـ ومسلم في البر' باب: من لعنه النبي صلى الله عليه وسلم أو سبه أو دعا عليه ـ

1258 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي إِبْرَاهِيمَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَقَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَأَصْحَابُهُ إِلَّا أَبَا قَتَادَةَ وَعُثْمَانَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَرْحَمُ اللَّهُ الْمُحَلِّقِينَ، قَالُوا: وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: يَرْحَمُ اللَّهُ الْمُحَلِّقِينَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَالْمُقَصِّرِينَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالْمُقَصِّرِينَ فِي الثَّالِثَةِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے دن اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے حلق کروایا مگر ابوقتادہ رضی اللہ عنہ وعثمان رضی اللہ عنہ نے نہیں کروایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ رحم کرے حلق کروانے والوں پر۔ عرض کی: کٹوانے والے پر! یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ رحم کرے سر کے بال منڈانے والوں پر! صحابہ کرام نے عرض کی: کٹوانے والے پر نہیں! یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ فرمایا: کٹوانے والے پر اللہ رحم کرے۔

1259 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي سَعِيدٌ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ: وَاللَّهِ مَا أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَيُّهَا النَّاسُ إِلَّا مَا يَخْرُجُ لَكُمْ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَصَمَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے' آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: اللہ کی قسم! اے لوگو! مجھے تم پر خوف نہیں سوائے دنیا کی زینت کے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا خیر شر کے ساتھ آتی ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے' پھر باقی حدیث ذکر کی جو پیچھے گزر چکی ہے۔

1258- أخرجه البخارى فى الحج' باب: الحلق والتقصير عند الاحلال . ومسلم فى الحج' باب: تفضيل الحلق على التقصير . الترمذى فى الحج' باب: ما جاء فى الحلق والتقصير . وأبو داؤد فى المناسك' باب: الحلق والتقصير . وابن ماجه فى المناسك' باب: الحلق . ومالك فى الحج' باب: الحلاق . وعزاه الهيثمى للمصنف وأحمد فى مجمع الزوائد' باب: فى الحلق والتقصير وقوله توضع النواحى الا فى حج أو عمرة .

1259- أخرجه مسلم فى الزكاة' باب: تخوف ما يخرج من زهرة الدنيا .

1260 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، حَدَّثَنِي سَعِيدٌ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ، فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ: قَدِّمُونِي قَدِّمُونِي، وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ: يَا وَيْلَهَا، أَيْنَ يَذْهَبُونَ بِهَا؟ يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا الْإِنْسَانَ، وَلَوْ سَمِعَهَا الْإِنْسَانُ لَصَعِقَ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب جنازہ رکھا جائے اور لوگ اس کو اپنے کندھوں پر اٹھاتے ہیں' اگر نیک ہوتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ مجھے جلدی جلدی لے چلو' اگر نیک نہیں ہوتا تو کہتا ہے: ہائے ہلاکت! مجھے کہاں لے کر جا رہے ہو؟ ہر چیز اس کی آواز سنتی ہے مگر انسان نہیں' اگر انسان سن لے تو بے ہوش ہو جائے۔

1261 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، حَدَّثَنِي سَعِيدٌ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ مَوْلَى الْمَهْرِيِّ، أَنَّهُ جَاءَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، لَيَالِيَ الْحَرَّةِ فَاسْتَشَارَهُ فِي الْجَلَاءِ مِنَ الْمَدِينَةِ، وَشَكَا إِلَيْهِ أَسْعَارَهَا، وَكَثْرَةَ عِيَالِهِ، وَأَخْبَرَهُ أَنْ لَا صَبْرَ لَهُ عَلَى جَهْدِ الْمَدِينَةِ، فَقَالَ لَهُ: وَيْحَكَ، لَا آمُرُكَ بِذَلِكَ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَصْبِرُ أَحَدٌ عَلَى جَهْدِ الْمَدِينَةِ وَلَأْوَائِهَا، فَيَمُوتُ، إِلَّا كُنْتُ لَهُ شَفِيعًا، أَوْ شَهِيدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِذَا كَانَ مُسْلِمًا

حضرت ابوسعید مولیٰ المہری فرماتے ہیں کہ وہ حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کے پاس گرمیوں کی رات آئے اور آپ سے مدینہ کو چھوڑنے کا مشورہ کیا اور مہنگائی کی شکایت کی اور زیادہ اولاد ہونے کی اور بتایا کہ وہ مدینہ کی مشکلات پر صبر نہیں کر سکتا ہے۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے اسے بتایا: میں تمہیں اس کا حکم نہیں دیتا ہوں' میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو مدینہ کی مشکلات پر صبر کرتا ہے اور وہ اسی حالت میں مر جاتا ہے تو میں اس کے لیے قیامت کے دن شفاعت کروں گا' یا اس کا گواہ ہوں گا جب وہ مسلمان ہو۔

1262 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: حَدَّثَ هِلَالُ بْنُ حِصْنٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: أَصَابَهُ مَرَّةً

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے ایک مرتبہ سخت ضرورت پڑی' مجھے بعض گھر والوں نے کہا کہ اگر آپ ہمارے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

1260- أخرجه البخاري في الجنائز' باب: حمل الرجال الجنازة دون النساء' باب: قول الميت وهو على الجنازة . قدموني' باب: كلام الميت على الجنازة . وأحمد . والنسائي في الجنائز' باب: السرعة بالجنازة .

1261- أخرجه مسلم في الحج' باب: الترغيب في سكن المدينة . والترمذي في المناقب' باب: في فضل المدينة . ومالك في الجامع' باب: ما جاء في سكن المدينة والخروج منها .

جَهْدٌ شَدِيدٌ، فَقَالَ لِي بَعْضُ أَهْلِي: لَوْ سَأَلْتَ لَنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: فَانْطَلَقْتُ مُحْنَقًا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ أَوَّلَ مَا وَاجَهَنِي بِهِ مِنْ قَوْلِهِ أَنَّهُ قَالَ: مَنِ اسْتَعَفَّ أَعَفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنِ اسْتَغْنَى أَغْنَاهُ اللّٰهُ، وَمَنْ سَأَلَنَا لَمْ نَدَّخِرْ عَنْهُ شَيْئًا وَجَدْنَاهُ ، قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلَى نَفْسِي أُخَيِّرُ إِلَيْهَا: أَلَا أَسْتَعِفُّ فَيُعِفَّنِي اللّٰهُ؟ أَلَا أَسْتَغْنِي فَيُغْنِيَنِي اللّٰهُ؟ قَالَ: فَمَا مَشَيْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ أَسْأَلُهُ شَيْئًا مِنْ فَاقَةٍ حَتَّى أَقْبَلَتْ عَلَيْنَا الدُّنْيَا، فَغَرَّقَتْنَا إِلَّا مَا عَصَمَ اللّٰهُ

سوال کریں‘ میں چلا اور رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچا‘ میں وہ پہلا شخص ہوں جس نے حضور ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: جو سوال سے بچنا چاہتا ہے تو اللہ اس کو بچالیتا ہے‘ جو غناء چاہتا ہے اللہ اس کو غنی کر دیتا ہے‘ جو ہم سے مانگے تو ہم جمع نہیں کرتے ہیں‘ جو شی ہم پاتے ہیں۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس کے بعد میں کسی شی کا سوال کرنے کے لیے آپ کی بارگاہ میں کبھی نہیں گیا بھوک کی وجہ سے یہاں تک کہ ہم کو دنیا آ ملی ہے اور ہم اس میں پھنس گئے مگر جس کو اللہ بچالے۔

1263 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلَاتَيْنِ، وَعَنْ نِكَاحَيْنِ، وَعَنْ صِيَامَيْنِ: عَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وَعَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ الْفَجْرِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَعَنْ صِيَامِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ النَّحْرِ، وَأَنْ تُنْكَحَ الْمَرْأَةُ عَلَى خَالَتِهَا أَوْ عَلَى عَمَّتِهَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دو وقت نمازوں، دو نکاحوں، دو دن روزہ رکھنے سے منع کیا۔ عصر کی نماز کے بعد سورج کے غروب ہونے تک اور فجر کے بعد سورج طلوع ہونے تک۔ عید الفطر، عید الاضحیٰ کے دن روزہ رکھنے سے منع کیا۔ عورت اور اس کی خالہ یا اس کی پھوپھی سے نکاح کیا جائے اس کی موجودگی میں۔

1264 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بیع مزابنہ ومحاقلہ سے منع کیا۔

1264- أخرجه الترمذي في الصلاة' باب: ما جاء في صلاة الضحى .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ

1265 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحَى حَتَّى نَقُولَ لَا يَدَعُهَا، وَيَدَعُهَا حَتَّى نَقُولَ لَا يُصَلِّيهَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز پڑھتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو نہیں چھوڑیں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم چھوڑتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں پڑھیں گے۔

1266 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ أَعْرَابِيًّا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ لِي إِبِلًا، وَإِنِّي أُرِيدُ الْهِجْرَةَ فَمَا تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: هَلْ تَمْنَحُ مِنْهَا؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَتُؤَدِّي زَكَاتَهَا؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَتَحْلُبُهَا يَوْمَ وِرْدِهَا؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَانْطَلِقْ فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَنْ يَتِرَكَ مِنْ عَمَلِكَ شَيْئًا، وَإِنَّ شَأْنَ الْهِجْرَةِ شَدِيدٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے اونٹ ہیں اور میں ہجرت کا ارادہ کرتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا کسی کو ان میں سے ہدیہ کے طور پر دیتے ہو؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو اس کی زکوٰۃ دیتا ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کا دودھ دھوتے ہو، جس دن ان کو گھاٹ پہ لے جاتے ہو؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چل! سمندر کے پیچھے بھی یہ عمل کرتا رہ۔ بے شک اللہ تعالیٰ تیرے عمل سے کوئی شے ضائع نہیں کرے گا۔ بے شک ہجرت یہ بہت سخت ہے۔

1267 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ ایک دن کا روزہ اللہ کی رضا کے لیے رکھتا ہے۔ اللہ عزوجل

1265- أخرجه البخاري في الزكاة' باب: زكاة الابل' وفي مناقب الأنصار باب: هجرة النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه الى المدينة' وفي الأدب باب: ما جاء في قول الرجل: ويلك' وفي الهبة باب: فضل المنيحة . ومسلم في الامارة' باب: تحريم رجوع المهاجر الى استيطان وطنه . وأحمد . والنسائي في البيعة' باب: شأن الهجرة . وأبو داؤد في الجهاد' باب: ما جاء في الهجرة وسكنى البدو .

الْخُدْرِيّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَصُومُ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ إِلَّا أَبْعَدَ اللّٰهُ بِذَلِكَ الْيَوْمِ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا

اس روزہ کی برکت سے اس کے چہرے کو جہنم سے ستر سال کی مسافت سے بچائے گا۔

1268 - وَعَنْ يَزِيدَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " إِنَّ إِبْلِيسَ قَالَ لِرَبِّهِ: بِعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ لَا أَبْرَحُ أُغْوِي ابْنَ آدَمَ مَا دَامَتِ الْأَرْوَاحُ فِيهِمْ، قَالَ لَهُ رَبُّهُ: فَبِعِزَّتِي وَجَلَالِي لَا أَبْرَحُ أَغْفِرُ لَهُمْ مَا اسْتَغْفَرُونِي "

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابلیس نے رب تعالیٰ سے کہا: تیری عزت و جلال کی قسم! میں ابن آدم کو گمراہ کروں گا، جب تک روح اس کے جسم میں ہے۔ اللہ عزوجل نے اس کو جواب دیا: میرے عزت و جلال کی قسم! جب تک مجھ سے بخشش طلب کرتے رہیں میں ان کو معاف کرتا رہوں گا۔

1269 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ الْمَشْرِقِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثٍ ذَكَرَ فِيهِ قَوْمًا يَخْرُجُونَ عَلَى فُرْقَةٍ مِنَ النَّاسِ مُخْتَلِفَةٍ، يَقْتُلُهُمْ أَقْرَبُ الطَّائِفَتَيْنِ مِنَ الْحَقِّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ مختلف فرقوں میں تقسیم ہو کر نکلیں گے جو ان دونوں میں سے حق کے زیادہ قریب ہو گا' اُن کو قتل کر دے گا۔

1270 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، أَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِي

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کے دونوں دروازوں کے

1268- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 76,41,29 . وعزاه الهيثمي للمصنف والطبراني في الأوسط في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في الاستغفار .

1269- أخرجه مسلم في الزكاة' باب: ذكر الخوارج وصفاتهم .

1270- أخرجه البخاري في التفسير' باب: (ذرية من حملنا مع نوح) . ومسلم في الايمان' باب: أدنى أهل الجنة منزلة فيها . وأحمد جلد 3 صفحه 29 . والترمذي في صفة القيامة' باب: ما جاء في الشفاعة . وعزاه الهيثمي الى المصنف في مجمع الزوائد' باب: في سعة أبواب الجنة .

الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيْنِ فِي الْجَنَّةِ مَسِيرَةُ أَرْبَعِينَ سَنَةً

درمیان فاصلہ چالیس سال کی مسافت ہے۔

1271 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا رِبْعِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْحَارِثِ مَوْلَى ابْنِ سِبَاعٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَغَنَّى أَغْنَاهُ اللَّهُ، وَمَنْ تَعَفَّفَ أَعَفَّهُ اللَّهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص غنی ہونا چاہتا ہے اللہ اس کو غنی کر دیتا ہے' جو سوال کرنے سے بچنا چاہتا ہے اس کو اللہ بچا لیتا ہے۔

1272 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عِيسَى، عَنِ الْمُجَالِدِ، عَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كَانَ عِنْدَنَا خَمْرٌ لِيَتِيمٍ، فَلَمَّا نَزَلَتِ الْآيَةُ الَّتِي فِي الْمَائِدَةِ، سَأَلْنَا عَنْهُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا: إِنَّهُ لِيَتِيمٍ؟ فَقَالَ: أَهْرِيقُوهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس ایک یتیم کی شراب تھی، جب سورہ مائدہ کی وہ آیت نازل ہوئی' ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق ہم نے پوچھا' ہم نے عرض کی: یہ ایک یتیم کی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو بہا دو۔

1273 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ أَهْلَ عِلِّيِّينَ لَيَرَاهُمْ مَنْ هُوَ أَسْفَلُ مِنْهُمْ كَمَا تَرَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ فِي أُفُقِ السَّمَاءِ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ وَأَنْعَمَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک جنت کے اعلیٰ درجہ والے اپنے نیچے والوں کو دیکھیں گے، جیسے چمکتے ہوئے ستارے اُفق آسمان میں چمکتے ہوئے دیکھتے ہوں۔ بے شک ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ انہیں سے ہیں ان دونوں پر انعام کیا گیا ہے۔

1274 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عورتوں

1271- أخرجه أحمد جلد3صفحه4 .

1272- أخرجه الترمذى فى البيوع' باب: ما جاء فى النهى للمسلم أن يدفع الى الذمى الخمر يبيعها له' باب: ما جاء فى بيع الخمر . وأبى داؤد فى الأشربة' باب: ما جاء فى الخمر تخلل .

1274- أخرجه البخارى فى العلم' باب: هل يجعل يوم علىٰ حدة للعلم' وفى الجنائز باب: فضل من مات له ولد

سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قُلْنَ النِّسَاءُ: غَلَبَنَا عَلَيْكَ الرِّجَالُ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَاجْعَلْ لَنَا يَوْمًا؟ قَالَ: فَوَاعَدَهُنَّ يَوْمًا، فَجِئْنَ فَوَعَظَهُنَّ، وَقَالَ لَهُنَّ فِيمَا قَالَ لَهُنَّ: مَا مِنْكُنَّ مِنِ امْرَأَةٍ تُقَدِّمُ ثَلَاثَةً مِنْ وَلَدِهَا إِلَّا كَانُوا لَهَا حِجَابًا مِنَ النَّارِ، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَاثْنَيْنِ؟ فَقَدْ مَاتَ لَهَا اثْنَانِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاثْنَيْنِ

کہنے لگیں: ہم پر مرد غالب آگئے ہیں' یا رسول اللہ! ہمارے لیے ایک دن مقرر فرمائیں۔ حضور ﷺ نے ان سے ایک دن کا وعدہ فرمایا' آپ ﷺ آئے اور ان کو وعظ کیا۔ ان کو فرمایا: کسی عورت کے تین بچے فوت ہو جائیں تو قیامت کے دن وہ اس کے لیے جہنم میں جانے سے آڑ بن جائیں گے۔ ایک عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر دو فوت ہو جائیں؟ اس کے دو بچے فوت ہوئے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: دو بھی۔

1275 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ: تَذَاكَرْنَا لَيْلَةَ الْقَدْرِ، فَأَتَيْنَا أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَا سَعِيدٍ، هَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ؟ فَقَالَ: اعْتَكَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ، وَاعْتَكَفْنَا مَعَهُ، فَلَمَّا كَانَتْ صَبِيحَةُ عِشْرِينَ رَجَعَ وَرَجَعْنَا مَعَهُ، فَنَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَى لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْمَنَامِ ثُمَّ أُنْسِيَهَا، فَخَرَجَ عَشِيَّةً فَخَطَبَنَا فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْمَنَامِ ثُمَّ أُنْسِيتُهَا، وَأَرَانِي تِلْكَ اللَّيْلَةَ أَسْجُدُ فِي مَاءٍ وَطِينٍ، فَمَنْ كَانَ اعْتَكَفَ مَعَنَا فَلْيَرْجِعْ إِلَى مُعْتَكَفِهِ، ابْغُوهَا فِي

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لیلۃ القدر کا مذاکرہ کر رہے تھے' ہم حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' میں نے عرض کی: اے ابوسعید! کیا آپ نے حضور ﷺ کو لیلۃ القدر کا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ نے رمضان المبارک کے درمیانہ عشرے میں اعتکاف کیا' ہم نے آپ کے ساتھ اعتکاف کیا' جب بیسویں رمضان کی صبح ہوئی تو آپ گھر آئے' ہم بھی آپ کے ساتھ واپس آئے' حضور ﷺ سوئے تو آپ نے لیلۃ القدر نیند کی حالت میں دیکھی پھر آپ کو بھلا دی گئی' آپ صبح نکلے اور ہمیں خطبہ دیا' فرمایا: میں نے آج رات نیند میں لیلۃ القدر دیکھی ہے' پھر مجھے بھلا دی گئی' میں نے آج رات دیکھا کہ میں پانی اور مٹی میں سجدہ کر رہا ہوں' جو ہمارے

فاحتسب' وفي التوحيد باب: تعليم النبي أمته من الرجال والنساء مما علمه الله ليس برأى ولا تمثيل . ومسلم باب: فضل من يموت له ولد فيحتسبه .

الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فِي الْوِتْرِ مِنْهَا، فَإِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ، قَالَ: فَرَجَعْنَا فَهَاجَتْ عَلَيْنَا السَّمَاءُ تِلْكَ الْعَشِيَّةَ، وَكَانَ سَقْفُ الْمَسْجِدِ عَرِيشًا مِنْ جَرِيدِ النَّخْلِ، فَاعْتَكَفَ، فَوَالَّذِي أَكْرَمَهُ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ لَرَأَيْتُهُ لَيْلَةَ إِحْدَى وَعِشْرِينَ، وَإِنَّ جَبْهَتَهُ وَأَرْنَبَةَ أَنْفِهِ فِي الْمَاءِ وَالطِّينِ

ساتھ اعتکاف بیٹھے ہوئے تھے وہ واپس اعتکاف والی جگہ آئیں اور لیلۃ القدر کو تلاش کرو آخری عشرے کی طاق راتوں میں' بے شک اللہ تعالیٰ طاق ہے اور طاق کو پسند کرتا ہے۔ ہم لوٹے' ہم پر رات کو آسمان سے بارش برسی' مسجد کی چھت کھجور کی چھال کی تھی تو وہ ذات جس نے آپ کو عزت دی! آپ پر کتاب نازل فرمائی! میں نے اکیسویں رمضان کی رات کو دیکھا کہ آپ کی پیشانی اور ناک کی نرم ہڈی پانی اور مٹی میں تھی۔

1276 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ: قُلْنَا لِأَبِي سَعِيدٍ: هَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الْحَرُورِيَّةَ؟ فَقَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت ابوسعید صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: کیا آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حروریہ کا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا' اس کے بعد حسبِ سابق حدیث ذکر کی۔

1277 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، مَوْلَى الْمَهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى بَنِي لَحْيَانَ قَالَ: فَقَالَ: لِيَنْبَعِثْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا، وَالْأَجْرُ بَيْنَهُمَا، ثُمَّ قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ فِي صَاعِنَا وَمُدِّنَا، وَاجْعَلْ مَعَ الْبَرَكَةِ بَرَكَتَيْنِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی عیان کی طرف بھیجا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان میں ہر دو مردوں میں سے ایک جائے ثواب دونوں کے برابر ہو گا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ! ہمارے صاع و مد (اس دور میں استعمال کیے جانے والے وزن کے پیمانے) میں برکت فرما! اس میں ایک برکت کے ساتھ دو برکتیں رکھ دے۔

1276- أخرجه ابن ماجه في المقدمة' باب: في ذكر الخوارج .

1277- أخرجه مسلم في الحج' باب: الترغيب في سكن المدينة والصبر على لأوائها . وفي الامارة . وأبو داؤد في الجهاد' باب: ما يجزئ من الغزو .

1278 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ قَالَ: أَشْهَدُ عَلَى أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَا جَلَسَ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ إِلَّا حَفَّتْ بِهِمُ الْمَلَائِكَةُ، وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ، وَتَنَزَّلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ، وَذَكَرَهُمُ اللَّهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگ بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرتے ہیں ان کو اللہ کی رحمت ڈھانپ لیتی ہے، فرشتے اس ان کو پروں سے گھیر لیتے ہیں، ان پر سکینہ اترتی ہے اللہ ان کا چرچا فرشتوں کے پاس کرتا ہے۔

1279 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى الْمَهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا إِلَى بَنِي لَحْيَانَ مِنْ هُذَيْلَ قَالَ: لِيَنْبَعِثْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا، وَالْأَجْرُ بَيْنَهُمَا ، وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي صَاعِنَا وَمُدِّنَا، وَاجْعَلْ مَعَ الْبَرَكَةِ بَرَكَتَيْنِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی عیان کی طرف بھیجا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان میں ہر دو مردوں میں سے ایک جائے ثواب دونوں کے برابر ہوگا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ! ہمارے صاع و مد (وزن کے دو پیمانے) میں برکت فرما، اس میں ایک برکت کے ساتھ دو برکتیں رکھ دے۔

1280 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ مَطَرٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ ذَكْوَانَ أَبِي صَالِحٍ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ خَيْرًا، عَنْ جَابِرٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُمْ نُهُوا عَنِ الصَّرْفِ وَرَجُلَانِ مِنْهُمْ يَرْفَعَانِ ذَلِكَ إِلَى

حضرت جابر و ابو ہریرہ و ابو سعید خدری رضی اللہ عنہم سب بیع صرف سے منع کرتے تھے۔ ان میں دو آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوعاً نقل کرتے ہیں۔

1279- أخرجه مسلم في الحيج' باب: الترغيب في سكنى المدينة والصبر على لأوائها .

1280- أخرجه أحمد جلد2صفحه437 وجلد3صفحه298,297,8 .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

1281 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَكُونُ أُمَرَاءُ يَغْشَاهُمْ غَوَاشٍ مِنَ النَّاسِ- أَوْ قَالَ: حَوَاشِي- قَالَ شُعْبَةُ: أَحْسِبُهُ قَالَ:- فَيَظْلِمُونَ وَيَكْذِبُونَ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَأَعَانَهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّي، وَلَا أَنَا مِنْهُ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّي، وَأَنَا مِنْهُ"

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسے حکمران ہوں گے جو لوگوں پر ظلم کریں گے۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: میرا خیال ہے کہ وہ ظلم کریں گے اور جھوٹ بولیں گے جو اُن کے جھوٹ کی تصدیق اور اُن کے ظلم پر اُن کی مدد کرے گا' اس کا تعلق مجھ سے نہیں' میرا اُن سے کوئی تعلق نہیں ہے' جو اُن کے جھوٹ کی تصدیق اور اُن کے ظلم پر اُن کی مدد نہ کرے' اُن کا تعلق مجھ سے ہے اور میں اُن سے ہوں۔

1282 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَتَى أَحَدُكُمْ عَلَى رَاعِي إِبِلٍ فَلْيُنَادِ: يَا رَاعِيَ الْإِبِلِ ثَلَاثًا، فَإِنْ أَجَابَهُ، وَإِلَّا فَلْيَحْلِبْ فَيَشْرَبْ، وَلَا يَحْمِلَنَّ، وَإِذَا أَتَى أَحَدُكُمْ عَلَى حَائِطِ بُسْتَانٍ فَلْيُنَادِ ثَلَاثًا: يَا صَاحِبَ الْحَائِطِ، فَإِنْ أَجَابَهُ وَإِلَّا فَلْيَأْكُلْ وَلَا يَحْمِلْ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ، فَمَا زَادَ فَهُوَ صَدَقَةٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اونٹ کے چرواہے کے پاس سے گزرے تو اس کو تین مرتبہ آواز دے: اے اونٹ کے چرواہے! اگر وہ جواب دے تو ٹھیک ہے ورنہ اس کا دودھ دوھے' وہ پئے لیکن اس کو ساتھ نہ لے جائے' جب تم میں سے کوئی کسی باغ میں آئے تو وہ اس کو آواز دے: اے باغ کے مالک! اگر جواب دے تو ٹھیک ہے ورنہ اس سے کھائے اور ساتھ نہ لے جائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہمان نوازی تین دن تک ہے' اس کے بعد جو کرے گا وہ صدقہ ہے۔

1283 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری طرف سے قرآن کے علاوہ کوئی اور شی نہ لکھو' جو میرے حوالہ سے قرآن کے علاوہ کوئی شی لکھے وہ اس کو مٹا دے۔

تَكْتُبُوا عَنِّي شَيْئًا غَيرَ الْقُرْآنِ، فَمَنْ كَتَبَ عَنِّي شَيْئًا غَيرَ الْقُرْآنِ فَلْيَمْحُهُ

1284 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَامَ عَنِ الْوِتْرِ أَوْ نَسِيَهُ فَلْيُوتِرْ إِذَا ذَكَرَ أَوِ اسْتَيْقَظَ

حضرت ابوسعیدالخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو وتر پڑھے بغیر سو جائے یا بھول جائے تو وہ وتر پڑھ لے جب یاد آئے یا جب وہ بیدار ہو۔

1285 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ صَالِحٍ قَالَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: حَدَّثَنِي أَبُو أُمَامَةَ بْنُ سَهْلٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُونَ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ، مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثَّدِيَّ، وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ دُونَ ذَلِكَ، وَمَرَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَيْهِ قَمِيصٌ يَجُرُّهُ، قَالُوا: مَاذَا تَأَوَّلْتَ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: الدِّينَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں سویا ہوا تھا کہ میں نے لوگوں کو دیکھا ان پر قمیص ہے، کسی کی قمیص سینہ تک ہے اور کسی کی اس سے کم ہے، حضرت عمر بن خطاب گزرے تو ان پر قمیص تھی جو گھسٹ رہی تھی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کی تاویل کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دین ہے۔

1286 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو بَدْرٍ، عَنْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

1284- أخرجه مسلم في الزهد' باب: التثبت في الحديث . وأحمد جلد 3صفحه56,39,21,12 . والدارمي في المقدمة' باب: من لم ير كتابة الحديث . كما أخرجه الحاكم جلد 1صفحه127,126 .

1285- أخرجه البخاري في فضائل الصحابة' باب: مناقب عمر بن الخطاب' وفي التعبير باب: القمص في المنام . ومسلم في فضائل الصحابة' باب: من فضائل عمر . وأحمد . والترمذي في الرؤيا' باب: في رؤيا النبي صلى الله عليه وسلم اللبن والقميص . والنسائي في الايمان' باب: زيادة الايمان . والدارمي في الرؤيا' باب: في القميص والبعير واللبن والعسل .

1286- أخرجه مسلم في المساجد' باب: من أحق بالامامة . والنسائي في الامامة' باب: اجتماع القوم في موضع هم فيه سواء .

سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَانَ ثَلَاثَةٌ فَلْيَؤُمَّهُمْ أَحَدُهُمْ، وَأَحَقُّهُمْ بِالْإِمَامَةِ أَقْرَؤُهُمْ

ﷺ نے فرمایا: جب تین افراد ہوں ان میں سے ایک امامت کروائے ان میں سے زیادہ حق دار وہ جو زیادہ قاری ہے۔

1287 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كُنَّا نَحْزِرُ قِيَامَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، فَحَزَرْنَا قِيَامَهُ فِي الظُّهْرِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ كَقَدْرِ قِرَاءَةِ ثَلَاثِينَ آيَةً، كَقَدْرِ قِرَاءَةِ الم تَنْزِيلُ السَّجْدَةِ، وَفِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُخْرَيَيْنِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ ذَلِكَ، وَحَزَرْنَا قِيَامَهُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلَى قَدْرِ الْأُخْرَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ، وَالْأُخْرَيَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ ذَلِكَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ظہر وعصر میں قیام کا اندازہ لگاتے تھے۔ ہم نے ظہر کی دو پہلی رکعتوں میں اندازہ کیا کہ آپ ﷺ کا ان رکعتوں میں قیام تیس آیتوں کی مقدار تھا' ہر رکعت میں قرأت کی مقدار تنزیل السجدہ پڑھنے جتنی تھی۔ ہم نے عصر کی پہلی دو رکعتوں میں اور ظہر کی آخری رکعتوں جتنا تھا' ہم نے آخری دو رکعتوں میں قرأت کا اندازہ لگایا تو وہ اس سے بھی نصف تھا۔

1288 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا الْمُسْتَمِرُّ بْنُ الرَّيَّانِ، حَدَّثَنَا أَبُو نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوا النِّسَاءَ قَالَ: ثُمَّ ذَكَرَ ثَلَاثَ نِسْوَةٍ كُنَّ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ: وَاحِدَةً قَصِيرَةً، وَثِنْتَيْنِ طَوِيلَتَيْنِ، فَجَعَلَتْ رِجْلًا مِنْ خَشَبٍ حَتَّى لَحِقَتْ بِهِمَا، وَاتَّخَذَتْ خَاتَمًا وَجَعَلَتْ لَهُ غَلَقًا، وَحَشَتْهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دنیا سرسبز میٹھی ہے' اللہ سے ڈرو اور عورتوں سے بچو۔ پھر آپ نے تین عورتوں کا ذکر کیا جو بنی اسرائیل کی تھیں: ایک چھوٹی تھی' دو لمبی تھیں' اُن میں ایک نے لکڑی کا پاؤں بنایا یہاں تک کہ دونوں کے ساتھ مل گئی' ایک نے انگوٹھی بنائی اور اس کے نگینے کی جگہ ایسی بنائی کہ اسے کستوری سے بھر دیا' خوشبو لگائی' جب وہ کسی مجلس کے پاس سے گزرتی تو اُسے کھولتی تو اس سے

1288- أخرجه مسلم في الفتن' باب: لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل فيتمنى أن يكون مكان الميت من البلاء .

بِأَطْيَبِ الطِّيبِ - الْمِسْكِ- فَكَانَتْ إِذَا مَرَّتْ عَلَى مَجْلِسٍ فَتَحَتِ الْغَلَقَ فَفَاحَ رِيحُ الْمِسْكِ"

مشک کی خوشبو آتی۔

1289 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي مَسْلَمَةَ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ خَلِيفَةٌ يَحْثِي الْمَالَ لَا يَعُدُّهُ عَدًّا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک خلیفہ وہ گا وہ مال دے گا اور دیتے وقت شمار نہیں کرے گا۔

1290 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ شَيْبَانَ قَالَ يَحْيَى: أَخْبَرَنِي، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْفَضْلِ، أَنَّ أَبَا صَالِحٍ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسَلَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِهِ قَالَ: فَخَرَجَ إِلَيْهِ الرَّجُلُ فَعَمَدَ إِلَى الْمَشْرَبَةِ فَاغْتَسَلَ فِيهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْجَلْتُكَ؟ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كُنْتُ بَيْنَ رِجْلِي الْمَرْأَةِ، وَلَمْ أُمْنِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا عَلَيْكَ غُسْلٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے صحابہ میں سے کسی کو ایک آدمی کی طرف بھیجا' وہ آدمی اس کی طرف نکلا' وہ پانی کی جگہ آیا تو اس میں سے اس نے غسل کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے تیری طرف بھیجنے میں جلدی ہو۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اپنی عورت کی دونوں ٹانگوں کے درمیان تھا، مجھے منی نہیں آئی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تجھ پر غسل نہیں تھا۔

1291 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: حُبِسْنَا يَوْمَ الْخَنْدَقِ عَنِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ حَتَّى كُفِينَا، وَذَلِكَ قَوْلُ اللَّهِ: (وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو خندق کے دن ظہر، عصر، مغرب وعشاء پڑھنے سے روک دیا گیا یہاں تک کہ ہم کو کفایت کرے گا، اللہ کا یہ ارشادہ کہ اللہ کافی ہے مومنوں کو جنگ کے وقت اللہ قوی غالب ہے۔ حضور ﷺ کھڑے ہوئے، بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا اذان اور اقامت کا۔ پھر ظہر کی نماز پڑھائی، جس طرح

1291- أخرجه النسائي في الأذان' باب: الأذان للفائت من الصلوات . والبيهقي في السنن جلد3صفحه251 .

وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيزًا) (الأحزاب:25) ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِلَالًا فَأَقَامَ، ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ كَمَا كَانَ يُصَلِّيهَا قَبْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ كَمَا كَانَ يُصَلِّيهَا قَبْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ أَقَامَ الْمَغْرِبَ فَصَلَّاهَا كَمَا كَانَ يُصَلِّيهَا قَبْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ أَقَامَ الْعِشَاءَ فَصَلَّاهَا كَمَا كَانَ يُصَلِّيهَا قَبْلَ ذٰلِكَ ، وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ يَنْزِلَ: (فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا) (البقرة:239)

پہلے پڑھتے تھے۔ پھر عشاء کی اقامت پڑھی اس کو پڑھا جس طرح پہلے پڑھتے تھے۔ یہ آیت نازل ہونے سے پہلے کا حکم ہے اگر تم حالت خوف میں ہو تو پیدل یا سواری پر نماز پڑھ لو۔

1292 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا الْمُسْتَمِرُّ بْنُ الرَّيَّانِ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ مَخَافَةُ رَجُلٍ - أَوْ مَخَافَةُ بَشَرٍ - أَنْ يَتَكَلَّمَ بِالْحَقِّ إِذَا رَآهُ، أَوْ عَلِمَهُ ، قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: فَلَقِيتُ مُعَاوِيَةَ فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّهُ لَيْسَ صَاحِبُ غَدْرٍ إِلَّا لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِوَاءُ غَدْرٍ بِغَدْرَتِهِ، وَلَا غَادِرَ أَعْظَمُ مِنْ أَمِيرِ عَامَّةٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی کو کسی انسان کا ڈر حق بات کہنے سے نہ روکے' جب حق اس کو معلوم ہو اور وہ جانتا بھی ہو۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت معاویہ سے ملا' میں نے کہا: جو آدمی دھوکہ باز ہو گا' اس دھوکہ باز پر قیامت کے دن اس کی دھوکہ بازی کی وجہ سے جھنڈا لگایا جائے گا' سب سے بڑا دھوکہ وقت کے حکمران کے خلاف ہے (بشرطیکہ شریعت کی خلاف ورزی کرنے والا نہ ہو)۔

1293 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ رَجُلًا مِمَّنْ خَلَا مِنَ النَّاسِ رَغَسَهُ اللّٰهُ مَالًا وَوَلَدًا، فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ دَعَا بَنِيهِ فَقَالَ: أَيَّ أَبٍ كُنْتُ لَكُمْ؟ قَالُوا: خَيْرَ أَبٍ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سے پہلے ایک آدمی تھا' اس نے کبھی کوئی نیکی کا کام نہیں کیا تھا۔ حضرت قتادہ نے اس کی تفسیر کی ہے کہ اللہ کے ہاں اس کی کوئی نیکی ذخیرہ نہ تھی' اس نے وفات کے وقت اپنے بچوں سے کہا: تمہارا باپ تم سے کیسا سلوک کرتا رہا ہے؟ انہوں نے کہا: اچھا

1293- أخرجه مسلم في التوبة' باب: في سعة رحمة الله تعالى .

قَالَ: فَإِنَّهُ وَاللّٰهِ مَا ابْتَأَرَ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرًا قَطُّ، فَإِذَا مَاتَ فَأَحْرِقُوهُ، حَتَّى إِذَا كَانَ فَحْمًا فَاسْحَقُوهُ، ثُمَّ اذْرُوهُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ" ، قَالَ: وَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَخَذَ مَوَاثِيقَهُمْ عَلَى ذٰلِكَ وَرَبِّي، فَفَعَلُوا وَرَبِّي، لَمَّا مَاتَ أَحْرَقُوهُ، حَتَّى إِذَا كَانَ فَحْمًا سَحَقُوهُ، ثُمَّ أَذْرَوْهُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ، قَالَ: فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ: كُنْ، فَإِذَا هُوَ رَجُلٌ قَائِمٌ، قَالَ لَهُ رَبُّهُ: مَا حَمَلَكَ عَلَى الَّذِي صَنَعْتَ؟ قَالَ: رَبِّ خِفْتُ عَذَابَكَ، قَالَ: فَوَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ مَا تَلَافَاهُ عِنْدَهَا أَنْ غَفَرَ لَهُ" ، قَالَ قَتَادَةُ: رَجُلٌ خَافَ عَذَابَ اللّٰهِ فَأَنْجَاهُ اللّٰهُ مِنْ مَخَافَتِهِ

کیا ہے۔ اس نے کہا: جب میں مرجاؤں تو مجھے جلا دینا' یا کہا: مجھے راکھ کر دینا' یا کہا: میری ہتک کرنا' جب ہوا کا دن ہوتو مجھے اس میں اُڑا دینا۔ جب وہ مرگیا تو اس کے ساتھ ایسے ہی کیا گیا' اللہ عزوجل نے فرمایا: ہو جا! وہ ہو گیا آنکھ جھپکنے سے بہت زیادہ تیز چلے۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: اے بندے! تجھے ایسا کرنے پر کس نے اُبھارا تھا؟ اس بندے نے عرض کی: اے رب! میں تجھ سے ڈر گیا تھا۔ اللہ فرمائے گا: تُو اس سے ملے گا تو وہ معاف کر دے گا۔ قتادہ نے کہا: جو آدمی اللہ کے عذاب سے ڈرا' تو اللہ اُسے ڈر سے نجات دے گا۔

1294 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا سَالِمٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صُهْبَانَ، وَكَثِيرٌ النَّوَّاءُ، وَابْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى لَيَرَاهُمْ مَنْ تَحْتَهُمْ كَمَا تَرَوْنَ النَّجْمَ الطَّالِعَ فِي أُفُقِ السَّمَاءِ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ وَأَنْعَمَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک جنت کے اعلیٰ درجہ والے اپنے نیچے والوں کو دیکھیں گے، جیسے چمکتے ہوئے ستارے اُفق آسمان میں چمکتے ہوئے دیکھتے ہوں۔ بے شک ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ انہیں سے ہیں ان دونوں پر انعام کیا گیا ہے۔

1295 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَهِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پر ایسے حکمران مسلط ہوں گے ان پر دل مطمئن ہوں گے' جلدیں ان کے لیے نرم ہوں

1295- أخرجه مسلم في الامارة' باب: وجوب الانكار على الأمراء فيما يخالف الشرع' باب: خيار الأئمة وشرارهم . وأحمد جلد3صفحه29,28' وجلد6صفحه321,305,302,265 . والترمذي في الفتن . وأبي داؤد في السنة' باب: في قتل الخوارج . وعزاه الهيثمي للمصنف وأحمد في مجمع الزوائد' باب: لزوم الجماعة وطاعة الأئمة والنهي عن قتالهم .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ تَطْمَئِنُّ إِلَيْهِمِ الْقُلُوبُ، وَتَلِينُ لَهُمُ الْجُلُودُ، ثُمَّ يَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ تَقْشَعِرُّ مِنْهُمُ الْجُلُودُ، وَتَشْمَئِزُّ مِنْهُمُ الْقُلُوبُ، قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ؟ قَالَ: لَا مَا أَقَامُوا الصَّلَاةَ

گی، پھر اس کے بعد تم پر ایسے حکمران مسلط ہوں گے ان سے جلدیں کانپیں گی، دل ان سے ڈریں گے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا ہم ان سے جہاد نہ کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! جب وہ نماز پڑھتے ہوں (تو پھر نہیں)۔

1296 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ حَبِيبٍ مَوْلَى بَنِي زُهْرَةَ، عَنْ أَبِي الْمُثَنَّى الْجُهَنِيِّ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، فَجَاءَ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، فَقَالَ لَهُ مَرْوَانُ: سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت ابو المثنی الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مروان کے پاس تھا۔ حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ مروان نے آپ سے عرض کی کہ آپ ﷺ نے پانی میں پھونکنے سے منع کیا ہے؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں!

1297 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَلّٰهُ أَفْرَحُ بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ مِنْ رَجُلٍ أَضَلَّ رَاحِلَتَهُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْأَرْضِ، فَطَلَبَهَا فَلَمْ يَقْدِرْ عَلَيْهَا، فَتَسَجَّى لِلْمَوْتِ، فَبَيْنَمَا هُوَ كَذَلِكَ إِذْ سَمِعَ وَجْبَةَ الرَّاحِلَةِ حِينَ بَرَكَتْ، فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ فَإِذَا هُوَ بِرَاحِلَتِهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اپنے بندہ کی توبہ سے اتنا زیادہ خوش ہوتا ہے کہ جس طرح ایک آدمی کی سواری جنگل میں گم ہو جائے وہ اس کو تلاش کرے، اس کو نہ ملے اس نے سونے کے لیے کپڑا اوپر لے لیا' وہ اسی حالت میں تھا کہ اچانک اس نے سواری کے چلنے کی آواز سنی اس نے اپنے چہرے سے کپڑا ہٹایا تو سواری اس کے سامنے تھی۔

1296- أخرجه الترمذي في الأشربة' باب: ما جاء في كراهية النفخ في الشراب. وأبو داؤد في الأشربة' باب: الشرب من ثلمة القدح. ومالك في صفة النبي صلى الله عليه وسلم' باب: النهي عن الشراب في آنية الفضة والنفخ في الشراب. والدارمي في الأشربة' باب: النهي عن النفخ في الشراب.

1297- أخرجه البخاري في الدعوات' باب: التوبة. ومسلم في التوبة' باب: في الحض على التوبة. والترمذي في صفة القيامة' باب: المؤمن يرى ذنبه كالجبل فوقه. وابن ماجه في الزهد' باب: ذكر التوبة.

1298 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ رَافِعًا، مَوْلَى الشِّفَاءِ أَخْبَرَهُ قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي طَلْحَةَ عَلَى أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ نَعُودُهُ، فَقَالَ لَنَا أَبُو سَعِيدٍ: أَخْبَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ تَمَاثِيلُ أَوْ صُورَةٌ، شَكَّ إِسْحَاقُ لَا يَدْرِي أَيُّهُمَا قَالَ أَبُو سَعِيدٍ

حضرت رافع مولیٰ اشفاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت عبداللہ بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی عیادت کرنے کے لیے گئے۔ ہم کو حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ ہم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ فرشتے اس کے گھر میں داخل نہیں ہوتے، جس میں تصویر ہو۔ اسحاق کو شک ہے کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے تماثیل یا صورۃ کا لفظ فرمایا' اس میں شک اسحاق نامی راوی کو ہے' وہ اندازہ نہ کر سکے کہ ان دونوں میں سے کون سا' کہا: حضرت ابوسعید نے کہا۔

1299 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي نَوْفٍ، عَنْ سَلِيطٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: انْتَهَيْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَوَضَّأُ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَتَتَوَضَّأُ مِنْهَا وَهِيَ يُلْقَى فِيهَا مَا يُلْقَى مِنَ النَّتَنِ؟ فَقَالَ: إِنَّ الْمَاءَ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اس حالت میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وضو فرما رہے تھے، بضاعہ کے کنواں سے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے وضو کر رہے ہیں؟ اس میں نجاستیں ڈالی جاتی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی کو کوئی شے نجس نہیں کرتی ہے۔

1300 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1298- أخرجه البخارى فى بدء الخلق' باب: اذا قال أحدكم' آمين مع فروعه . ومسلم فى اللباس' باب: تحريم صورة الحيوان . والترمذى فى الأدب' باب: ما جاء أن الملائكة لا تدخل بيتًا فيه صورة ولا كلب . والنسائى فى الزينة' باب: التصاوير . وأبو داؤد فى اللباس' باب: فى الصور . ومالك فى الاستئذان' باب: ما جاء فى الصور والتماثيل .

1299- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 15-86,31,16 . والترمذى فى الطهارة' باب: ما جاء فى أن الماء لا ينجسه شىء . والنسائى فى المياه' باب: ذكر بئر بضاعة . وأبو داؤد فى الطهارة' باب: ما جاء فى بئر بضاعة .

1300- أخرجه أحمد جلد3 صفحه 10,9 . وأبو داؤد فى الحروف والقراء ات .

بْنُ خَازِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَعْدٍ الطَّائِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبَ الصُّوَرِ فَقَالَ: عَنْ يَمِينِهِ جِبْرِيلُ، وَعَنْ يَسَارِهِ مِيكَائِيلُ

حضور ﷺ نے صور پھونکنے والے کا ذکر کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی دائیں جانب حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں اور بائیں جانب حضرت میکائیل علیہ السلام ہیں۔

1301 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَخِيهِ مَعْبَدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: قُلْنَا لِأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَزْلِ شَيْئًا؟ قَالَ: سَأَلْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ قَالَ: وَمَا الْعَزْلُ؟ قَالَ: قُلْنَا: الرَّجُلُ تَكُونُ لَهُ الْمَرْأَةُ تُرْضِعُ، فَيُصِيبُ مِنْهَا وَيَكْرَهُ أَنْ تَحْبَلَ فَيَعْزِلُ عَنْهَا، وَتَكُونُ لَهُ الْجَارِيَةُ فَيُصِيبُ مِنْهَا وَيَكْرَهُ أَنْ تَحْبَلَ فَيَعْزِلُ عَنْهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَلَيْكُمْ أَلَّا تَفْعَلُوا ذَلِكَ، فَإِنَّمَا هُوَ الْقَدَرُ

حضرت معبد بن سیرین فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ نے حضور ﷺ سے عزل کے متعلق پوچھا ہے؟ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عزل کیا ہے؟ اس نے عرض کی: ہم میں سے کوئی آدمی دودھ پلانے والی عورت سے وطی کرنا چاہتا ہے' وہ حاملہ ہونے کو ناپسند کرتی ہے' تو اس سے عزل کرنا چاہے اور اس کی ایک لونڈی ہے وہ اس سے وطی کرنا چاہتا ہے وہ حاملہ ہونے کو ناپسند کرتی ہے تو اس سے عزل کرنا چاہیے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: عزل کرنے میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہے' یہ تقدیر ہے (جس نے آنا ہے وہ آ کر ہی رہے گا)۔

1302 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي الْعَلَانِيَةِ قَالَ: سَأَلْنَا أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ، قَالَ: قُلْنَا: فَالْجُفُّ؟ قَالَ: ذَاكَ شَرٌّ

حضرت ابی العلانیہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مٹکے کی نبیذ کے متعلق پوچھا' حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے مٹکے کی نبیذ سے منع کیا ہے' ہم نے عرض کی: چمڑے کے ڈول میں بنانے کے متعلق کیا حکم ہے؟ فرمایا: وہ اس سے بھی بدتر ہے۔

1303 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

1302- أخرجه أحمد جلد3صفحه66 .

1303- أخرجه مسلم في الصلاة' باب: الصلاة في ثوب واحد وصفة لبسه' وفي المساجد باب: جواز صلاة الجماعة في النافلة' والصلاة على حصير وخمرة وثوب وغيرها .

عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي عَلَى حَصِيرٍ وَيَسْجُدُ عَلَيْهِ

حضور ﷺ کے پاس اس حالت میں آیا کہ آپ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے چٹائی پر اور اس پر سجدہ کر رہے تھے۔

1304 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبْرِدُوا بِالظُّهْرِ فِي الْحَرِّ، فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گرمیوں میں ظہر ٹھنڈی کر کے پڑھو' بے شک گرمی کی شدت جہنم کی سانس سے ہے۔

1305 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كُنْتُ أَمْشِي مَعَ ابْنِ عُمَرَ فِي الْبَلَاطِ، فَمَرَّ بِرَجُلٍ يَجُرُّ إِزَارَهُ، فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ جَرَّ ثِيَابَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَقُلْتُ: إِنِّي سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَأَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بلاط میں چل رہا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس سے ایک آدمی گزرا وہ اپنی تہبند لٹکائے ہوئے تھا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنے آقا رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو تکبر سے اپنی چادر لٹکاتا ہے اللہ عزوجل قیامت کے دن اس پر نظر رحمت نہیں کرے گا۔ فرمایا: میں نے کہا کہ میں نے ابوسعید سے یہ حدیث حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان کرتے ہوئے سنی ہے۔ حضرت

1304- أخرجه البخاري في بدء الخلق' باب: صفة النار' وفي المواقيت باب: الابراد بالظهر في شدة الحر . وابن ماجه في الصلاة' باب: الابراد بالظهر في شدة الحر .

1305- أخرجه البخاري في فضائل الصحابة' باب: قول النبي صلى الله عليه وسلم: لو كنت متخذًا خليلًا . وفي اللباس' باب: قول الله تعالى: (قل من حرم زينة الله التي أخرج لعباده)' باب: من جر ازاره من خيلاء . باب: من جر ثوبة خيلاء . ومسلم في اللباس' باب: تحريم جر الثوب خيلاء . والترمذي في اللباس' باب: ما جاء في كراهية جر الازار . والنسائي في اللباس جلد 8صفحه206' باب: التغليظ في جر الازار . وأبو داؤد في اللباس' باب: ما جاء في اسبال الازار . وابن ماجه في اللباس' باب: من جر ثوبة من الخيلاء .

ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنی ہے۔

1306 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ أَسْوَأَ النَّاسِ سَرِقَةً- قَالَ: - الَّذِي يَسْرِقُ صَلَاتَهُ" ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ يَسْرِقُهَا؟ قَالَ: لَا يُتِمُّ رُكُوعَهَا وَلَا سُجُودَهَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سے سب سے بڑا چور وہ ہے جو اپنی نماز میں چوری کرتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے عرض کی: یارسول اللہ! نماز میں کیسے چوری کرتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. وہ رکوع وسجود مکمل نہیں کرتا ہے۔

1307 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ عَتَّابٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَوْ حَبَسَ اللّٰهُ الْقَطْرَ عَنْ أُمَّتِي عَشْرَ سِنِينَ، ثُمَّ أُنْزِلَتْ لَأَصْبَحَتْ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي بِهَا كَافِرِينَ، يَقُولُونَ: هُوَ بِنَوْءِ الْمِجْدَحِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ میری اُمت سے بارش کا قطرہ دس سال بھی روک لے پھر اس کے بعد نازل کرے تو میری اُمت کا ایک گروہ اس کے ساتھ کافر ہو جائے گا' وہ کہیں گے: وہ بنومجدح ہے۔

1308 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت اور دوزخ کا آپس میں مناظرہ ہوا' جہنم نے کہا: میرے اندر تکبر کرنے والے ہوں گے' عظمت والے مال دار ہوں گے۔ جنت نے

1306- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 56 وجلد 5 صفحه 310 . ومالك في قصر الصلاة' باب: العمل في جامع الصلاة . والدارمي في الصلاة جلد 1 صفحه 305,304' باب: في الذي لا يتم الركوع والسجود . والبزار وعزاه الهيثمي الى أحمد والبزار والمصنف في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في الركوع والسجود .

1307- أخرجه النسائي في صلاة الاستسقاء' باب: كراهية الاستمطار بالكوكب . والدارمي في الرقاق' باب: النهي أن يقول: مطرنا بنوء كذا وكذا .

1308- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 78,13 .

قَالَ: افْتَخَرَتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ، فَقَالَتِ النَّارُ: أَيْ رَبِّ، يَدْخُلُنِي الْجَبَابِرَةُ وَالْمُلُوكُ وَالْعُظَمَاءُ وَالْأَشْرَافُ، وَقَالَتِ الْجَنَّةُ: يَا رَبِّ، يَدْخُلُنِي الْفُقَرَاءُ وَالضُّعَفَاءُ وَالْمَسَاكِينُ، فَقَالَ اللّٰهُ لِلنَّارِ: أَنْتِ عَذَابِي أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاءُ، وَقَالَ لِلْجَنَّةِ: أَنْتِ رَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ، وَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْكُمَا مِلْؤُهَا، فَأَمَّا النَّارُ فَيُلْقَى فِيهَا أَهْلُهَا وَتَقُولُ: هَلْ مِنْ مَزِيدٍ، حَتَّى يَأْتِيَهَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى فَتُزْوَى وَتَقُولُ: قَدْنِي قَدْنِي، وَأَمَّا الْجَنَّةُ فَيَبْقَى فِيهَا مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَبْقَى، ثُمَّ يُنْشِئُ اللّٰهُ لَهَا خَلْقًا مِمَّا يَشَاءُ

بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَلَمَّا رَآهُمْ لَا يَرُدُّونَ عَلَيْهِ شَيْئًا قَالَ: " أَفَلَا تَقُولُونَ: قَاتَلَكَ قَوْمُكَ فَنَصَرْنَاكَ، وَأَخْرَجَكَ قَوْمُكَ فَآوَيْنَاكَ " ، قَالُوا: نَحْنُ لَا نَقُولُ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَنْتَ تَقُولُهُ؟ قَالَ: فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِالدُّنْيَا وَأَنْتُمْ تَذْهَبُونَ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَا تَرْضَوْنَ أَنَّ النَّاسَ لَوْ سَلَكُوا وَادِيًا وَسَلَكْتُمْ وَادِيًا لَسَلَكْتُ وَادِيَ الْأَنْصَارِ؟ ، قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ، الْأَنْصَارُ كَرِشِي وَأَهْلُ بَيْتِي، عَيْبَتِي الَّتِي آوِي إِلَيْهَا، اعْفُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ، وَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ ، قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: فَمَا عَلِمَ ذَلِكَ ابْنُ مَرْجَانَةَ عَدُوُّ اللَّهِ، قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: قُلْتُ لِمُعَاوِيَةَ: أَمَا إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ حَدَّثَنَا أَنَّا سَنَرَى بَعْدَهُ أَثَرَةً ، قَالَ مُعَاوِيَةُ: فَمَا أَمَرَكُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ: أَمَرَنَا أَنْ نَصْبِرَ ، قَالَ: فَاصْبِرُوا إِذًا

کیوں نہیں! یا رسول اللہ! جب آپ نے اُن کو دیکھا کہ وہ کسی شی کا جواب نہیں دیتے ہیں تو آپ نے فرمایا: کیا تم نہیں کہتے ہو کہ آپ قوم سے لڑیں ہم آپ کی مدد کریں گے؟ آپ قوم سے نکلیں ہم پناہ دیں گے؟ اُنہوں نے کہا: یارسول اللہ! ہم نہیں کہتے ہیں' آپ فرمائیں! آپ نے فرمایا: اے انصار کے گروہ! کیا تم پسند کرتے ہو کہ لوگ دنیا لے جائیں اور تم رسول اللہ ﷺ کو لے جاؤ؟ یا فرمایا: اے انصار کے گروہ! کیا تم پسند کرتے ہو کہ لوگ اگر وادی میں چلیں اور تم بھی وادی میں چلو گے تو میں انصار کی وادی میں چلوں گا؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار کا آدمی ہوتا' انصار میری عزت اور میری اہل بیت' میری پناہ ہیں' میں ان کی طرف پناہ لیتا ہوں تو ان کی بُرائیوں کو معاف کرو اور نیکیاں قبول کرو۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: علم نہیں تھا کہ ابن مرجانہ اللہ کا دشمن ہے۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے معاویہ سے کہا: بہرحال حضور ﷺ نے حدیث بیان کی ہے کہ عنقریب میرے بعد ترجیحات دیکھو گے۔ حضرت معاویہ نے فرمایا: تم کیا حکم دیتے ہو؟ فرمایا: میں کہتا ہوں کہ ہمیں صبر کا حکم دیں اُس وقت صبر کرنا۔

1354 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ الْمَدَنِيِّ، حَدَّثَنِي حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ أَبِي

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تین آدمی سفر میں نکلیں، ان میں سے ایک امامت کروائے۔ حضرت نافع فرماتے

سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا خَرَجَ ثَلَاثَةٌ فِي سَفَرٍ فَلْيَؤُمَّهُمْ أَحَدُهُمْ قَالَ نَافِعٌ: قُلْتُ لِأَبِي سَلَمَةَ: أَنْتَ أَمِيرُنَا

ہیں: میں نے حضرت ابوسلمہ سے عرض کی: آپ ہمارے امیر ہیں۔

1355 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذُكِرَ عِنْدَهُ أَبُو طَالِبٍ فَقَالَ: لَعَلَّهُ أَنْ تَنْفَعَهُ شَفَاعَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُجْعَلُ فِي ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ إِلَى كَعْبَيْهِ يَغْلِي مِنْهُ أُمُّ دِمَاغِهِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ حضرت ابو طالب کا ذکر کیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہوسکتا ہے قیامت کے دن ان کو میری شفاعت نفع دے۔ ان کو جہنم کے ایک کونے میں ڈال دیا جائے گا اور آگ ان کے ٹخنوں تک پہنچے گی جس سے ان کا دماغ ابلے گا۔

1356 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ عَلَى صَلَاةِ الْفَذِّ بِخَمْسٍ وَعِشْرِينَ دَرَجَةً

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا اکیلے نماز پڑھنے سے ستائیس گناہ زیادہ ثواب کا درجہ رکھتا ہے۔

1357 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ خَمْسَةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ، قَالَ يَزِيدُ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ يُحَدِّثُ بِهَذَا الْحَدِيثِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اچھا خواب نبوت کے پینتالیسواں حصہ ہے۔ حضرت یزید فرماتے ہیں کہ میں نے ابوسلمہ کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ عمر بن عبدالعزیز سے روایت کرتے

1355- أخرجه البخاري في الرقاق' باب: صفة الجنة والنار' وفي مناقب الأنصار باب: قصة أبي طالب . ومسلم في الايمان' باب: شفاعة النبي صلى الله عليه وسلم لأبي طالب .

1356- أخرجه البخاري في الأذان'باب: فضل صلاة الجماعة .

1357- أخرجه البخاري في التعبير'باب: الرؤيا الصالحة جزء من ستة وأربعين جزءًا من النبوة .

الْعَزِيزِ، فَقَالَ عُمَرُ: لَوْ كَانَتْ حَصَاةً مِنْ عَدَدِ الْحَصَى لَرَأَيْتُهَا صِدْقًا

ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر کنکریوں کی تعداد کے مطابق خواب آئے تو میں سچ شمار کروں گا۔

1358 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ: إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ رُؤْيَا يُحِبُّهَا فَإِنَّهَا مِنَ اللّٰهِ، فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ عَلَيْهَا وَلْيُحَدِّثْ بِهَا، وَإِذَا رَأَى غَيْرَ ذٰلِكَ مِمَّا يَكْرَهُ فَإِنَّهَا مِنَ الشَّيْطَانِ فَلْيَسْتَعِذْ مِنْ شَرِّهَا، وَلَا يَذْكُرْهَا لِأَحَدٍ فَإِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی خواب اچھا دیکھے تو یہ اللہ کی جانب سے ہے اس پر اللہ کی تعریف کرے جب اس کے علاوہ ناپسند خواب دیکھے یہ شیطان کی طرف سے ہے اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے کسی کے سامنے اس کا ذکر نہ کرے بے شک یہ نقصان دے نہیں ہوگا۔

1359 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هٰذَا السَّلَامُ عَلَيْكَ، فَكَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْكَ؟ قَالَ: " قُولُوا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ"

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجتے ہیں ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کس طرح بھیجیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پڑھو! ''اللّٰهم صل على محمدٍ الى آخره''۔

1360 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ كَانَ تُصِيبُهُ الْجَنَابَةُ مِنَ اللَّيْلِ فَيُرِيدُ أَنْ يَنَامَ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَتَوَضَّأَ ثُمَّ يَنَامَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ رات کو جنبی ہو گئے تھے میں نے سونے کا ارادہ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ وضو کرنے کا اور پھر سو

1358- أخرجه البخارى فى التعبير' باب: الرؤيا من الله' باب: اذا رأى ما يكره فلا يخبر بها ولا يذكرها' وفى بدء الخلق باب: صفة ابليس وجنوده . ومسلم فى الرؤيا . والترمذى فى الدعوات' باب: ما يقول اذا رأى رؤيا يكرهها' وفى الرؤيا . وأبو داؤد فى الأدب' باب: ما جاء فى الرؤيا .

1359- أخرجه البخارى فى التفسير' باب: (ان الله وملائكته يصلون على النبى)' وفى الدعوات باب: الصلاة علىء النبى صلى الله عليه وسلم . والنسائى فى السهو' باب: نوع آخر من الصلاة على النبى صلى الله عليه وسلم .

1360- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 55 . وابن ماجه فى الطهارة' باب: من قال: لا ينام الجنب حتى يتوضأ وضوء ه للصلاة .

جانے گا۔

1361 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنِ الدَّجَّالِ قَالَ: " إِنَّهُ سَيُسَلَّطُ عَلَى نَفْسٍ وَاحِدَةٍ يَقْتُلُهَا ثُمَّ يُحْيِيهَا، فَيَقُولُ: أَلَسْتُ بِرَبِّكَ؟ فَيَقُولُ: مَا كُنْتَ فِي نَفْسِي أَكْذَبَ مِنْكَ السَّاعَةَ " ، قَالَ: فَمَا كُنَّا نَرَى إِلَّا أَنَّهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ حَتَّى مَاتَ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کے متعلق بیان کیا' فرمایا: عنقریب ایک آدمی پر مسلط ہوگا' اس کو قتل کرے گا پھر اس کو زندہ کرے گا' وہ کہے گا: کیا میں تیرا رب نہیں ہوں؟ وہ کہے گا: اس وقت میرے خیال کے مطابق تجھ سے زیادہ جھوٹا کوئی نہیں ہے۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے دیکھا کہ حضرت عمر اسی پر رہے یہاں تک کہ اُن کا وصال ہو گیا۔

1362 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ أَبُو إِسْحَاقَ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ أَبِي شُجَاعٍ، عَنْ أَبِي السَّمْحِ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " (وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ) (المؤمنون: 104) قَالَ: تَشْوِيهِ النَّارُ فَتَقْلِصُ شَفَتُهُ حَتَّى تَبْلُغَ وَسْطَ رَأْسِهِ، وَتَسْتَرْخِي الْأُخْرَى حَتَّى تَضْرِبَ سُرَّتَهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ فرماتا ہے اور وہ اس میں منہ چڑھائے ہوں گے'' (المومنون: ۱۰۴) ان کو آگ بھون ڈالے گی ان کے دونوں ہونٹ اوپر والا سر کے وسط تک پہنچ جائے گا۔ دوسرا لٹک کر اس کے ناف تک چلا جائے گا۔

1363 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1362- أخرجه الترمذي في صفة جهنم' باب: ما جاء في صفة طعام أهل النار' وفي التفسير باب: ومن سورة المؤمنين . الحاكم في المستدرك جلد2صفحه395 .

1363- أخرجه البخاري في الخصومات' باب: ما يذكر في الأشخاص والخصومة بين المسلمين واليهود' وفي أحاديث الأنبياء باب: قوله تعالى: (وواعدنا موسى ثلاثين ليلة)' وفي التفسير باب: (ولما جاء موسى لميقاتنا وكلمه ربه) . وفي الديات باب: اذا لطم المسلم يهوديًا عند الغضب' وفي التوحيد باب: (وكان عرشه على الماء) (وهو رب العرش العظيم) . ومسلم في الفضائل' باب: من فضائل موسى . وأبو داؤد في السنة' باب: في التخيير بين

الـرَّحْـمَنِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُخَيِّرُوا بَيْنَ الْأَنْبِيَاءِ

حضور ﷺ نے فرمایا: انبیاء علیہم السلام کو ایک دوسرے پر ترجیح فوقیت نہ دو۔

1364 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَـنْ أَيُّـوبَ، عَـنْ نَـافِعٍ قَالَ: حَدَّثَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ بِهَـذَا الْـحَدِيـثِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، يُحَدِّثُهُ عَـنْ رَسُـولِ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ إِلَيْهِ حَتَّـى دَخَلَ عَلَى أَبِي سَعِيدٍ وَأَنَا مَعَهُ، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا حَـدَّثَـنِـي عَنْكَ حَدِيثًا تُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى الـلّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ، أَفَسَـمِعْتَهُ؟ قَالَ: بَصَرُ عَيْنِي وَسَـمْـعُ أُذُنِـي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ يَـقُـولُ: لَا تَبِيـعُـوا الـذَّهَبَ بِالذَّهَبِ، وَلَا الْـوَرِقَ بِـالْـوَرِقِ، إِلَّا مِثْلًا بِـمِثْلٍ، وَلَا تَبِيعُوا شَيْئًا غَائِبًا بِنَاجِزٍ

ایک آدمی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو یہ حدیث حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کرتے تھے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے یہاں تک کہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، میں آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا۔ فرمایا: یہ مجھے آپ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حدیث بیان کرتا ہے اور تو کیا آپ نے حضور ﷺ سے سنی ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری آنکھوں نے دیکھا اور میرے دونوں کانوں نے سنا کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے فرمایا: سونے کو سونے کے بدلے چاندی کو چاندی کے بدلے نہ فروخت کرو مگر برابر کسی غائب شے کو اندازاً نہ فروخت کرو۔

1365 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، حَـدَّثَـنَـا أَبُـو سَلَمَةَ سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّـا أَهْـلُ النَّارِ الَّذِينَ هُمْ أَهْلُهَا فَـإِنَّهُـمْ لَا يَمُوتُونَ فِيهَا وَلَا يَحْيَوْنَ، وَلَكِنْ أُنَاسٌ - أَوْ كَـمَـا قَـالَ- تُـصِيبُهُـمْ بِـذُنُـوبِهِمْ - أَوْ قَـالَ: بِخَطَايَاهُمْ - فَتُمِيتُهُمْ إِمَاتَةً، حَتَّى إِذَا صَارُوا فَحْمًا أُذِنَ فِـي الشَّـفَـاعَةِ فَجِيءَ بِهِمْ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ فَبُثُّوا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جہنم والے وہ رہنے والے ہیں کیونکہ اُن کو نہ موت آئی نہ زندہ ہونا ہے لیکن لوگ' یا جیسے آپ نے فرمایا: آگ اُن کو اُن کے گناہوں کے مطابق پہنچے گی یا ان کی غلطیوں کے مطابق اسی طرح۔ حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں: وہ مریں گے یہاں تک کہ جب وہ کوئلہ ہو جائیں گے تو ان کے متعلق شفاعت کا اذن ہوگا' ان کو ضبائر پر لایا جائے گا' ان کو جنت کی نہر

الأنبياء عليهم السلام) .

1364- أخرجه مسلم في المساقاة' باب: الربا .

عَلَى أَنْهَارِ الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ أَفِيضُوا عَلَيْهِمْ، فَيَنْبُتُونَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي حَمِيلِ السَّيْلِ، قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ حِينَئِذٍ: كَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي الْبَادِيَةِ

میں ڈالا جائے گا' اہل جنت کو کہا جائے گا: ان پر ڈالو! ان کا گوشت آئے گا جس طرح دانہ جب زمین میں ڈالا جائے تو وہ اُگتا ہے۔قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: گویا ایسے محسوس ہوتا ہے کہ حضور ﷺ دیہات میں رہتے ہیں۔

1366 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ قَالَ: يَدٌ بِيَدٍ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: لَا بَأْسَ، قَالَ: فَلَقِيتُ أَبَا سَعِيدٍ فَأَخْبَرْتُهُ أَنِّي سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّرْفِ فَقَالَ: لَا بَأْسَ بِهِ، قَالَ: أَوَقَالَ ذَلِكَ؟ أَمَا إِنَّا سَنَكْتُبُ إِلَيْهِ فَلَا يُفْتِيكُمُوهُ، قَالَ: فَوَاللّٰهِ لَقَدْ جَاءَ بَعْضُ فِتْيَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ فَأَنْكَرَهُ، فَقَالَ: كَأَنَّ هَذَا لَيْسَ مِنْ تَمْرِ أَرْضِنَا؟، قَالَ: كَانَ فِي تَمْرِ الْعَامِ بَعْضُ الشَّيْءِ، فَأَخَذْتُ هَذَا وَزِدْتُ بَعْضَ الزِّيَادَةِ، فَقَالَ: أَضْعَفْتَ، أَرْبَيْتَ، لَا تَقْرَبَنَّ هَذَا، إِذَا رَابَكَ مِنْ تَمْرِكَ شَيْءٌ فَبِعْهُ ثُمَّ اشْتَرِ الَّذِي تُرِيدُ مِنَ التَّمْرِ

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیع صرف کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: نقد نقد جائز ہے' میں نے کہا: ٹھیک ہے! آپ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ میں حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے ملا تو میں نے آپ کو بتایا کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بیع صرف کے متعلق پوچھا تو اُنہوں نے کہا: کوئی حرج نہیں ہے' انہوں نے کہا: کیا اس کے علاوہ کوئی اور لفظ فرمائے؟ بہرحال ہم آپ کو لکھ کر بھیجیں گے تو وہ تمہیں اس کا فتویٰ نہ دیں گے' اللہ کی قسم! بعض نوجوان حضور ﷺ کے پاس کھجوریں لے کر آئے' آپ نے لینے سے انکار کر دیا اور فرمایا: معلوم ہوتا ہے کہ یہ کھجوریں ہمارے ملک کی نہیں ہیں؟ اور عرض کی: اس سال کی کھجوروں میں کوئی شی تھی' میں نے لیا' بعض کا اضافہ کیا تو آپ نے فرمایا: تُو نے اضافہ کیا اور سودی کاروبار کیا' جب تیری کھجوروں میں سود ہو تو میں اس کے قریب ہرگز نہیں جاؤں گا' اس کو فروخت کر پھر اس کے ساتھ وہی کھجوریں خرید۔

1367 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم

1366- أخرجه مسلم في المساقاة' باب: بيع الطعام مثلًا بمثل .

عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَمَضَانَ، فَمِنَّا الصَّائِمُ وَمِنَّا الْمُفْطِرُ، فَلَا يَجِدُ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ، وَلَا الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ، يَرَوْنَ أَنَّهُ مَنْ وَجَدَ قُوَّةً فَصَامَ، ذٰلِكَ حَسَنٌ، وَيَرَوْنَ أَنَّهُ مَنْ وَجَدَ ضَعْفًا فَأَفْطَرَ، فَإِنَّ ذٰلِكَ حَسَنٌ

حضور ﷺ کے ساتھ مل کر رمضان المبارک میں جہاد کرتے' ہم میں سے بعض روزہ کی حالت میں ہوتے' بعض روزہ کی حالت میں نہ ہوتے' روزہ رکھنے والے نہ رکھنے والے پر اعتراض نہ کرتے تھے اور روزہ نہ رکھنے والے رکھنے والے پر اعتراض نہ کرتے تھے' جنہوں نے خیال کیا کہ وہ قوی ہیں تو اُنہوں نے روزہ رکھا اور جنہوں نے خیال کیا کہ وہ کمزور ہیں تو اُنہوں نے افطار کرلیا' دونوں نے اچھا کیا۔

1368 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي مُتَوَشِّحًا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس اس حالت میں آیا کہ آپ ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھ رہے تھے۔

1369 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا دَرَّاجٌ أَبُو السَّمْحِ، أَنَّ أَبَا الْهَيْثَمِ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، طُوبَى لِمَنْ رَآكَ وَآمَنَ بِكَ؟ قَالَ: طُوبَى لِمَنْ رَآنِي وَآمَنَ بِي، ثُمَّ طُوبَى، ثُمَّ طُوبَى، ثُمَّ طُوبَى لِمَنْ آمَنَ بِي وَلَمْ يَرَنِي، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: وَمَا طُوبَى؟ قَالَ: شَجَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ مَسِيرَةُ مِائَةِ سَنَةٍ، ثِيَابُ أَهْلِ الْجَنَّةِ تَخْرُجُ مِنْ أَكْمَامِهَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! خوشخبری اس کے لیے جس نے آپ ﷺ کو دیکھا اور آپ ﷺ پر ایمان لایا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: خوشخبری اس کے لیے جس نے مجھے دیکھا نہیں اور مجھ پر ایمان لایا، پھر خوشخبری، پھر خوشخبری، پھر خوشخبری جو مجھ پر ایمان لایا جس نے مجھے دیکھا نہیں۔ ایک آدمی نے آپ ﷺ سے عرض کی: یہ خوشخبری کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک درخت ہے، اس کی مسافت ایک سو سال ہے اہل جنت کے کپڑے سے نکل جائیں گے۔

1369- أخرجه أحمد جلد3صفحه70-71' وجلد5صفحه264,257,248 . وعزاه الهيثمي وأحمد والمصنف في مجمع الزوائد' باب: ما جاء فيمن آمن بالنبي صلى الله عليه وسلم ولم يره . وذكره ابن حبان في الثقات .

1370 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَجُلٌ: مَا (كَالْمُهْلِ) (الكهف: 29) ؟ قَالَ: كَعَكَرِ الزَّيْتِ، فَإِذَا قَرَّبَهُ إِلَيْهِ سَقَطَتْ فَرْوَةُ وَجْهِهِ مِنْهُ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے آپ سے عرض کی: کالمھل کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ دوزخ کا پانی ہے' وہ تلچھٹ کی طرح ہوگا' جب وہ اس کے قریب لایا جائے گا تو منہ کی کھال گر جائے گی۔

1371 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيرًا حَتَّى يَقُولُوا: مَجْنُونٌ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا ذکر اتنا کرو کہ لوگ تم کو مجنوں کہیں۔

1372 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ ضُرِبَ بِمِقْمَعٍ مِنْ حَدِيدٍ الْجَبَلُ لَتَفَتَّتَ ثُمَّ عَادَ كَمَا كَانَ

حضرت ابوسعیدالخدری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اگر لوہے کا گرز پہاڑ پر مارا جائے (یعنی جہنم کے لوہے کا گرز) تو ساری کائنات ریزہ ریزہ ہو جائے' پھر ایسے ہی ہو جائے جس طرح پہلے تھی۔

1373 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ يَعْمَلُ فِي صَخْرَةٍ صَمَّاءَ لَيْسَ لَهَا بَابٌ وَلَا كُوَّةٌ لَخَرَجَ عَمَلُهُ إِلَى النَّاسِ كَائِنًا مَا كَانَ

حضرت ابوسعیدالخدری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اگر ایسی بند چٹان میں کوئی عمل کرنے والا' جس کا نہ کوئی دروازہ ہو نہ روشن دان ہو' اس کا عمل لوگوں کو معلوم ہو جائے جو بھی کرتا تھا۔

1370- أخرجه الترمذى فى صفة جهنم' باب: ما جاء فى صفة شراب أهل النار' وفى التفسير باب: ومن سورة (سأل سائل). وانظر الدر المنثور.

1371- أخرجه أحمد جلد 3صفحه71,68 . والحاكم جلد 1صفحه499 . عزاه الهيثمى لأحمد والمصنف فى مجمع الزوائد' باب: فضل ذكر الله تعالى والأكثار منه.

1372- أخرجه أحمد جلد 3صفحه83 . وصححه الحاكم جلد 4صفحه601 . وعزاه الهيثمى لأحمد والمصنف فى مجمع ازوائد' كتاب صفة النار.

1373- أخرجه أحمد جلد3صفحه28 . وعزاه الهيثمى لأحمد والمصنف فى مجمع الزوائد' باب: لو عمل أحد فى صخرة صماء وخرج عمله الى الناس.

1374 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: كُلُّ حَرْفٍ فِي الْقُرْآنِ يُذْكَرُ فِيهِ الْقُنُوتُ فَهُوَ طَاعَةٌ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر حرف جو قرآن میں ہے اس میں قنوت کا ذکر ہے اس سے مراد اطاعت ہے۔

1375 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " أَتَانِي جِبْرِيلُ فَقَالَ: إِنَّ رَبِّي وَرَبَّكَ يَقُولُ: كَيْفَ رَفَعْتُ ذِكْرَكَ؟ قَالَ: وَاللّٰهُ أَعْلَمُ، قَالَ: إِذَا ذُكِرْتُ ذُكِرْتَ مَعِي "

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس حضرت جرائیل علیہ السلام آئے، عرض کی: یا رسول اللہ! میرے اور تمہارے رب نے فرمایا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیسے بلند کیا گیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ زیادہ جانتا ہے، اللہ فرماتا ہے جب میرا ذکر کیا جائے گا' تیرے ذکر بھی میرے ساتھ کیا جائے گا۔

1376 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ دَلْوًا مِنْ غَسَّاقٍ يُهْرَاقُ فِي الدُّنْيَا لَأَنْتَنَ أَهْلَ الدُّنْيَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر جہنم سے ایک ڈول بھی پیپ کا دنیا میں بہا دیا جائے ساری دنیا میں اس کی بدبو پھیل جائے۔

1377 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَأْكُلُ التُّرَابُ كُلَّ شَيْءٍ مِنَ الْإِنْسَانِ إِلَّا عَجْبَ ذَنَبِهِ ،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مٹی انسان کی ہر شے کھائے گی مگر اس ریڑھ کی ہڈی۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس کی

1374- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 .

1375- أخرجه الطبری فی التفسير . وأخرجه ابن حبان كما في موارد الظمآن' سورة (آلم نشرح) وعزاه الهيثمي للمصنف في مجمع الزوائد' باب: عظم قدره صلى الله عليه وسلم .

1376- أخرجه أحمد . والترمذی فی كتاب صفة جهنم' باب: ما جاء في صفة شراب . . . .

1377- أخرجه البخاری فی التفسير' باب: ونفخ في الصور . ومسلم في الفتن وما بعده' باب: ما بين النفختين . والنسائي في الجنائز' باب: أرواح المؤمنين . وأبو داؤد في السنة' باب: في ذكر البعث والصور . وابن ماجه في الزهد' باب: ذكر القبر والبلىٰ' باب: قيام الساعة وكيف ينشبون .

1378- أخرجه الترمذی في صفة جهنم' باب: ما جاء في صفة قعر جهنم' وفي التفسير باب: ومن سورة المدثر .

قِيلَ: وَمِثْلُ مَا هُوَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: مِثْلُ حَبَّةِ الْخَرْدَلِ مِنْهُ يَنْبُتُونَ

مثال کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: رائی کے دانہ کے برابر جس سے لوگ اُگنے کی طرح پیدا ہوں گے۔

1378 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْلٌ: وَادٍ فِي جَهَنَّمَ يَهْوِي فِيهِ الْكَافِرُ أَرْبَعِينَ خَرِيفًا قَبْلَ أَنْ يَبْلُغَ قَعْرَهُ، وَقَالَ: " الصَّعُودُ: جَبَلٌ مِنْ نَارٍ يَصْعَدُ فِيهِ سَبْعِينَ خَرِيفًا، ثُمَّ يَهْوِي بِهِ كَذَلِكَ فِيهِ أَبَدًا"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ویل جہنم میں ایک وادی ہے' کافر کو اس میں ڈالا جائے گا' اس کی تہہ تک پہنچنے سے پہلے اور فرمایا: صعود' جہنم میں ایک پہاڑ ہے' اس میں ستر سال تک چڑھتا رہے گا' پھر اس سے گرایا جائے گا اسی طرح ہمیشہ ہمیشہ ہوتا رہے گا۔

1379 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَكْثِرُوا مِنَ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ، قِيلَ: وَمَا هُنَّ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: الْمِلَّةُ، قِيلَ: وَمَا هِيَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: التَّهْلِيلُ، وَالتَّكْبِيرُ، وَالتَّسْبِيحُ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیشہ رہنے والے نیک کاموں کو کثرت سے کرو۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! وہ کیا ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کلمہ۔ عرض کی: یا رسول اللہ! وہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''لا الہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر، سبحان اللّٰہ، الحمد للّٰہ ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ''۔

1380 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُنْصَبُ لِلْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِقْدَارُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ كَمَا لَمْ يَعْمَلْ لِلَّهِ فِي الدُّنْيَا، وَإِنَّ الْكَافِرَ يَرَى جَهَنَّمَ وَيَظُنُّ أَنَّهَا مُوَاقِعَتُهُ مِنْ مَسِيرَةِ أَرْبَعِينَ سَنَةً

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت کا دن کافر کے لیے پچاس ہزار سال کی مقدار مقرر کیا جائے گا' یا اسے معلوم ہوگا کہ اس نے دنیا میں اللہ کے لیے کوئی کام کیا ہی نہیں' کافر جہنم کو دیکھے گا' خیال کرے گا وہ جہنم میں چالیس سال کی مسافت سے پڑا ہوا ہے۔

1379- أخرجه أحمد جلد3صفحه75,71 .

1380- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 . وعزاه الهيثمي لأحمد والمصنف في مجمع الزوائد' باب: (بعد باب ما جاء في هول المطلع وشدة يوم القيامة) .

1381 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَّكِءُ فِي الْجَنَّةِ مَسِيرَةَ سَبْعِينَ سَنَةً قَبْلَ أَنْ يَتَحَوَّلَ، ثُمَّ تَأْتِيهِ امْرَأَةٌ فَتَضْرِبُ عَلَى مَنْكِبَيْهِ، فَيَنْظُرُ وَجْهَهُ فِي خَدِّهَا أَصْفَى مِنَ الْمِرْآةِ، وَإِنَّ أَدْنَى لُؤْلُؤَةٍ عَلَيْهَا لَتُضِيءُ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ إِلَى الْمَغْرِبِ، فَتُسَلِّمُ عَلَيْهِ، فَيَرُدُّ عَلَيْهَا السَّلَامَ وَيَسْأَلُهَا: مَنْ أَنْتِ؟ فَتَقُولُ: أَنَا هِيَ الْمَزِيدُ، وَإِنَّهُ لِيَكُونُ عَلَيْهَا سَبْعُونَ ثَوْبًا، أَدْنَاهَا مِثْلُ النُّعْمَانِ مِنْ طُوبَى، فَيَنْفُذُهَا بَصَرُهُ حَتَّى يَرَى مُخَّ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ ذٰلِكَ، وَإِنَّ عَلَيْهِمُ التِّيجَانَ، إِنَّ أَدْنَى لُؤْلُؤَةٍ فِيهَا لَتُضِيءُ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ"

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی جنت میں ستّر سال چلنے کی مقدار ٹیک لگا کر رکھے گا، وہ پہلو نہیں بدلے گا، پھر ایک عورت آئے گی وہ اس کے کندھے پر مارے گی، وہ اپنا چہرہ اس کے رخسار میں دیکھے گا، وہ شیشے سے بھی زیادہ صاف ہو گی اور ایک ادنیٰ موتی اس پر نچوڑا جائے گا جس کے ساتھ مشرق سے لے کر مغرب تک روشن ہو گئی ہے، وہ اس کو سلام کرے گی، وہ اس کے سلام کا جواب دے گا، وہ اس سے پوچھے گا: تُو کون ہے؟ وہ کہے گی: میں مزید ہوں! اس پر ستّر کپڑے ہوں گے، ادنیٰ کپڑا طوبیٰ کے نعمان کی طرح ہو گا، وہ اپنی آنکھ سے اس کو دیکھے گا یہاں تک کہ اس کے کپڑوں کے باہر سے اس کی پنڈلی کا مغز دیکھے گا، ان پر تاج ہوں گے، اس تاج پر موتی ہو گا جو ادنیٰ سا ہو گا، اس کے ساتھ مشرق اور مغرب روشن ہو جائیں گے، اگر دنیا میں ڈالا جائے۔

1382 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشِّتَاءُ رَبِيعُ الْمُؤْمِنِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سردیاں مؤمن کا موسمِ بہار ہے۔

1383 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَقْعَدُ الْكَافِرِ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ، كُلُّ ضِرْسٍ لَهُ مِثْلُ أُحُدٍ، وَفَخِذُهُ مِثْلُ وَرِقَانٍ، وَجِلْدُهُ سِوَى لَحْمِهِ وَعِظَامِهِ أَرْبَعُونَ ذِرَاعًا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم میں کافر کے بیٹھنے کی جگہ تین دن کی مسافت کے برابر ہو گی پھر اس کی ہر داڑھ احد پہاڑ کے برابر ہو گی، اس کی ران ورقان پہاڑ کے برابر ہو گی اس کی کھال، گوشت و ہڈیوں کے علاوہ چالیس گز

1381- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 . وعزاه الهيثمي للمصنف والطبراني وأحمد في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في نساء أهل الجنة من الحور العين وغيرهن .

1383- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 .

ہو گی۔

1384 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ مِقْمَعًا مِنْ حَدِيدٍ وُضِعَ فِي الْأَرْضِ وَاجْتَمَعَ عَلَيْهِ الثَّقَلَانِ مَا أَقَلُّوهُ مِنَ الْأَرْضِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر جہنم کا ایک لوہے کا زمین میں رکھ دیا جائے تو انسان اور جن جمع ہو جائیں اس کو زمین سے ہلا نہیں سکیں گے۔

1385 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لِسُرَادِقِ النَّارِ أَرْبَعَةُ جُدُرٍ، بَيْنَ كُلِّ جِدَارٍ مِثْلُ أَرْبَعِينَ سَنَةً

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جہنم کی دیواریں چار ہوں گی جن میں سے ہر دیوار کے درمیان چالیس سال کی مسافت ہو گی۔

1386 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَوْمٌ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ، مَا أَطْوَلَ هٰذَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، إِنَّهُ لَيُخَفَّفُ عَلَى الْمُؤْمِنِ حَتَّى يَكُونَ أَخَفَّ عَلَيْهِ مِنْ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ يُصَلِّيهَا فِي الدُّنْيَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! ''قیامت کے دن کی مقدار پچاس ہزار سال ہو گی'' یہ کتنی زیادہ مقدار ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے! مؤمن پر یہ دن اتنا مختصر ہو گا یہاں تک کہ فرض نماز سے بھی زیادہ مختصر ہو گا، جو وہ دنیا میں پڑھتا ہے۔

1387 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1384- أخرجه مسلم في الجنة . وأحمد جلد3صفحه29 . والترمذي . وعزاه الهيثمي للمصنف وأحمد في مجمع الزوائد' باب: عظم خلق الكافر في النار .

1385- أخرجه أحمد جلد3صفحه29 . وعزاه الهيثمي للمصنف وأحمد في مجمع الزوائد . وصححه الحاكم جلد4 صفحه600 .

1386- أخرجه أحمد جلد3صفحه29 . والترمذي في صفة جهنم' باب: ما جاء في صفة شراب أهل النار . والحاكم في المستدرك جلد4صفحه601,600 .

1387- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 . وعزاه الهيثمي للمصنف وأحمد في مجمع الزوائد' باب: خفة يوم القيامة على

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيَذْكُرَنَّ اللّٰهَ قَوْمٌ فِي الدُّنْيَا عَلَى الْفُرُشِ الْمُمَهَّدَةِ يُدْخِلُهُمُ الْجِنَّانَ الْعُلَى

حضور ﷺ نے فرمایا: ضرور بضرور اللہ کا ذکر کرے گی ایک قوم دنیا میں اپنے بستروں پر ہوگی' اللہ عزوجل ان کو داخل کرے گا جنت کے اعلیٰ درجات میں۔

1388 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ عُرِّفَ الْكَافِرُ بِعَمَلِهِ، فَجَحَدَ وَخَاصَمَ، فَيُقَالُ: هَؤُلَاءِ جِيرَانُكَ يَشْهَدُونَ عَلَيْكَ، فَيَقُولُ: كَذَبُوا، فَيَقُولُ: أَهْلُكَ، عَشِيرَتُكَ؟ فَيَقُولُ: كَذَبُوا، فَيَقُولُ: احْلِفُوا، فَيَحْلِفُونَ، ثُمَّ يُصْمِتُهُمُ اللّٰهُ وَتَشْهَدُ أَلْسِنَتُهُمْ، ثُمَّ يُدْخِلُهُمُ النَّارَ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا کافر کو اس کے عمل کی وجہ سے پہچانا جائے گا، وہ انکار کرے گا اور جھگڑے گا اس کو کہا جائے گا: تیرے سارے پڑوس تجھ پر گواہی دیتے ہیں اس کے متعلق۔ کہے گا: یہ جھوٹ بولتے ہیں' اس کو کہا جائے گا: تیرے اہل خانہ اور تیرے رشتہ دار کہتے ہیں۔ وہ کہے گا: یہ جھوٹ بولتے ہیں۔ ان کو کہا جائے گا: قسم اٹھاؤ! وہ قسم اٹھائیں گے' پھر اللہ عزوجل ان کو گونگا کر دے گا، ان کی زبانیں گونگی رہیں گی پھر ان کو جہنم میں ڈالا جائے گا۔

1389 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " قَالَ مُوسَى: يَا رَبِّ، عَلِّمْنِي شَيْئًا أَذْكُرُكَ وَأَدْعُوكَ بِهِ، قَالَ: قُلْ يَا مُوسَى: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: كُلُّ عِبَادِكَ يَقُولُ هَذَا، قَالَ: قُلْ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، إِنَّمَا أُرِيدُ شَيْئًا تَخُصُّنِي بِهِ، قَالَ: يَا مُوسَى، لَوْ أَنَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعَ وَعَامِرَهُنَّ غَيْرِي وَالْأَرَضِينَ السَّبْعَ فِي كِفَّةٍ، وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ فِي كِفَّةٍ مَالَتْ بِهِنَّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے رب! مجھے کوئی شے سکھا کہ اس کے ذریعے میں تجھے یاد کروں اور تجھ سے دعا کروں۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: اے موسیٰ! لا الٰہ الا اللہ کہو۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے اللہ! یہ تو تیرے سارے بندے کہتے ہیں۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: موسیٰ! کہو! لا الٰہ الا اللہ۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: تُو ہی اللہ ہے' میں چاہتا ہوں کہ مجھے کسی خاص شے

المؤمنين .

1388- عزاه الهيثمي للمصنف في مجمع الزوائد' باب: ما جاء في الحسان .

1389- عزاه الهيثمي للمصنف في مجمع الزوائد'باب: ما جاء في فضل لا اله الا الله .

لَا اِلَهَ اِلَّا اللَّهُ"

کے ساتھ خاص کر۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: اے موسیٰ! اگر سات آسمان اور اس میں رہنے والے میرے علاوہ اور سات زمینیں ایک پلڑے میں ہوں اور لا الہ الا اللہ دوسرے پلڑے میں رکھ دیا جائے تو لا الہ الا اللہ والا پلڑا بھاری ہوگا۔

1390 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " الْمَجَالِسُ ثَلَاثَةٌ: سَالِمٌ، وَغَانِمٌ، وَشَاجِبٌ"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجالس تین ہیں: جس میں کسی کی غیبت سے بچا رہا، غانم مراد جس میں کوئی نیکی کی اور جس میں کوئی گناہ کیا تو وہ نقصان دِہ ہوگی۔

1391 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: (وَفُرُشٌ مَرْفُوعَةٌ) (الواقعة: 34) قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنَّ ارْتِفَاعَهَا لَكَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، وَإِنَّ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَمَسِيرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کے اس ارشاد کے متعلق فرمایا: ''وَفُرُشٌ مَّرْفُوْعَةٌ'' (الواقعہ:۳۴) اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اس کی بلندی زمین و آسمان کے برابر ہے اور زمین و آسمان کے درمیان مسافت پانچ سو سال کے برابر ہے۔

1392 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: الشِّيَاعُ حَرَامٌ، قَالَ ابْنُ لَهِيعَةَ: يَعْنِي: الَّذِي يَفْتَخِرُ بِالْجِمَاعِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیاع حرام ہے، ابن لہیعہ فرماتے ہیں: مراد یہ ہے کہ جماع پر فخر کرنا حرام ہے۔

1393 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بسا

1391- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 . والترمذی فی صفة الجنة' باب: ما جاء فی صفة ثیاب أهل الجنة .

1392- أخرجه أحمد جلد 3صفحه29 . وعزاه الهیثمی للمصنف فی مجمع الزوائد' باب: كتمان ما یكون بین الرجل وأهله .

1393- عزاه الهیثمی فی مجمع الزوائد' باب: الصلاة علی غیر .. صححه ابن حبان كما فی موارد الظمآن' باب: الصلاة علی النبی صلی الله علیه وسلم .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " رُبَّمَا رَجُلٌ كَسَبَ مَالًا مِنْ حَلَالٍ فَأَطْعَمَ نَفْسَهُ، وَرَجُلٌ يَكُونُ لَهُ مَالٌ تَكُونُ فِيهِ الصَّدَقَةُ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ، فَإِنَّهُ لَهُ زَكَاةٌ"

اوقات ایک آدمی حلال طریقے سے مال کماتا ہے وہ خود کھاتا ہے، اور ایک آدمی ہے اس کے لیے مال ہوتا ہے اس میں صدقہ ہوتا ہے وہ یہ والا درود پاک پڑھے: ''اَللّٰھم صل علی محمد الی آخرہٖ ''اس طرح اس کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

1394 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْجَنَّةِ مِائَةُ دَرَجَةٍ، لَوْ أَنَّ الْعَالَمِينَ اجْتَمَعُوا فِي إِحْدَاهُنَّ وَسِعَتْهُمْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت کے سو درجہ ہیں' اگر دنیا کے سارے عالم جمع ہو جائیں تو آپ ﷺ کا ایک درجہ ان سے وسیع ہوگا۔

1395 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِنَّ الشَّيْطَانَ قَالَ: وَعِزَّتِكَ يَا رَبِّ، لَا أَبْرَحُ أُغْوِي عِبَادَكَ مَا دَامَتْ أَرْوَاحُهُمْ فِي أَجْسَادِهِمْ، قَالَ الرَّبُّ: وَعِزَّتِي وَجَلَالِي لَا أَزَالُ أَغْفِرُ لَهُمْ مَا اسْتَغْفَرُونِي"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ابلیس نے رب تعالیٰ سے کہا: تیری عزت و جلال کی قسم! میں ابن آدم کو گمراہ کروں گا، جب تک روح اس کے جسم میں ہے۔ اللہ عزوجل نے اس کو جواب دیا: میری عزت و جلال کی قسم! جب تک مجھ سے بخشش طلب کرتے رہیں میں ان کو معاف کرتا رہوں گا۔

1396 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنَّهُ لَيَخْتَصِمُ حَتَّى الشَّاتَانِ فِيمَ انْتَطَحَتَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! قیامت کے دن ضرور بدلہ دیا جائے گا یہاں تک کہ دو بکریوں سے بھی' ایک سینگ اور دوسری بغیر سینگ والی کو جو مارنے والی ہے۔

1394- أخرجه أحمد جلد3صفحه29 . والترمذي في الجنة' باب: ما جاء في صفة درجات الجنة .

1395- أخرجه أحمد جلد3صفحه29 .

1396- أخرجه أحمد جلد3صفحه29 .

1397 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيُّ الْعِبَادَةِ أَفْضَلُ دَرَجَةً عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: الذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَمِنَ الْغَازِي فِي سَبِيلِ اللَّهِ؟ قَالَ: لَوْ ضَرَبَ بِسَيْفِهِ الْكُفَّارَ وَالْمُشْرِكِينَ حَتَّى يَنْكَسِرَ وَيَخْتَضِبَ دَمًا لَكَانَ الذَّاكِرُ اللَّهَ أَفْضَلَ مِنْهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! قیامت کے دن اللہ کے ہاں کون سے بندے افضل ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے یہ بڑا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر مجاہد اپنی تلوار کے ساتھ مشرکین و کفار کو مارے یہاں تک کہ اس کی تلوار ٹوٹ جائے وہ خون میں لت پت ہو جائے تو پھر بھی اللہ کا ذکر کرنے والے افضل ہوں گے اس مجاہد سے۔

1398 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ قَالَ: هَاجَرَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْيَمَنِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَجَرْتَ الشِّرْكَ، وَلَكِنَّهُ الْجِهَادُ، هَلْ بِالْيَمَنِ أَبَوَاكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: أَذِنَا لَكَ؟ قَالَ: لَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ إِلَى أَبَوَيْكَ فَاسْتَأْذِنْهُمَا، فَإِنْ فَعَلَا فَجَاهِدْ وَإِلَّا فَبَرَّهُمَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی یمن سے ہجرت کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو نے شرک چھوڑ دیا ہے جہاد باقی ہے۔ کیا یمن میں تیرا ماں باپ موجود ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو نے ان سے اجازت لی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے ماں باپ کے پاس واپس چلے جاؤ! ان سے اجازت لو اگر اجازت دیں تو جہاد کرو ورنہ ان کے ساتھ نیکی کرو۔

1399 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " يَقُولُ الرَّبُّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: سَيَعْلَمُ أَهْلُ الْجَمْعِ الْيَوْمَ مَنْ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل قیامت کے دن فرمائے گا: عنقریب جمع ہونے والے جان لیں گے کہ

1397- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 . والترمذي في الدعوات' باب: أي العباد أفضل عند الله .

1398- أخرجه البخاري في الجهاد' باب: الجهاد باذن الأبوين . ومسلم في البر'باب: بر الوالدين . وأحمد جلد3 صفحه75-76 . وأبو داؤد في الجهاد' باب: في الرجل يغزو وأبواه كارهان .

1399- أخرجه أحمد جلد3صفحه75 . والترمذي في الجنة' باب: ما جاء ما لأدنى أهل الجنة من الكرامة .

أَهْلُ الْكَرَمِ، فَقِيلَ: وَمَنْ أَهْلُ الْكَرَمِ؟ قَالَ: أَهْلُ الذِّكْرِ فِي الْمَسَاجِدِ"

اہل کرم کون ہیں؟ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! اہل کرم کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ذکر کی مجالس جو مساجد میں ہوتی ہیں۔

1400 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً الَّذِي لَهُ ثَمَانُونَ أَلْفَ خَادِمٍ، وَاثْنَانِ وَسَبْعُونَ زَوْجًا، يُنْصَبُ لَهُ قُبَّةٌ مِنْ لُؤْلُؤٍ وَيَاقُوتٍ وَزَبَرْجَدٍ، كَمَا بَيْنَ الْجَابِيَةِ وَصَنْعَاءَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں سب سے کم درجہ والے کو اسّی ہزار خادم ملیں گے، ۷۰ بیویاں ہوں گی، اس کے لیے موتیوں اور یاقوت اور زبرجد کا خیمہ اتنا بڑا ہوگا جتنا جابیہ (ایک جگہ کا نام) اور صنعاء کے درمیان فاصلہ ہے۔

1401 - وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - شَكَّ أَبُو خَيْثَمَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ- أَنَّهُ قَالَ: مَنْ مَاتَ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا صَغِيرًا أَوْ كَبِيرًا يُرَدُّونَ إِلَى سِتِّينَ سَنَةً فِي الْجَنَّةِ، لَا يَزِيدُونَ عَلَيْهَا أَبَدًا وَكَذَلِكَ أَهْلُ النَّارِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو دنیا میں چھوٹا یا بڑا مرے گا اس کو جنت میں ساٹھ سال تک کی عمر تک پہنچایا جائے گا، اس پر ہمیشہ اضافہ نہیں ہوگا، اسی طرح اہل جہنم کے ساتھ کیا جائے گا۔

1402 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَيَأْخُذَنَّ الرَّجُلُ بِيَدِ أَبِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَيُقَطِّعَنَّهُ النَّارُ يُرِيدُ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، فَيُنَادَى: إِنَّ الْجَنَّةَ لَا يَدْخُلُهَا مُشْرِكٌ، أَلَا إِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ الْجَنَّةَ عَلَى كُلِّ مُشْرِكٍ، فَيَقُولُ: رَبِّ أَبِي، رَبِّ أَبِي، رَبِّ أَبِي، قَالَ: فَيُحَوَّلُ فِي صُورَةٍ قَبِيحَةٍ وَرِيحٍ مُنْتِنَةٍ فَيَتْرُكُهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ضرور ایک آدمی قیامت کے دن اپنے باپ کا ہاتھ پکڑے گا اس سے آگ کی زنجیریں کاٹے گا اس کو جنت میں داخل کرنے کا ارادہ کرے گا آواز آئے گی کہ جنت میں مشرک داخل نہیں ہوگا، بے شک اللہ نے جنت ہر مشرک پر حرام قرار دی ہے۔ وہ عرض کرے گا: اے رب! میرا باپ! اے رب! میرا باپ! اے رب! میرا باپ! اس کی صورت کو ایک بدشکل میں تبدیل کر دیا جائے گا، اس سے بدبو پھیل جائے گی،

1401- أخرجه الترمذي في الجنة'باب: ما جاء ما لأدنى أهل الجنة من الكرامة .

"قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: فَكَانَ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ يَرَوْنَ أَنَّ ذَاكَ الرَّجُلَ إِبْرَاهِيمُ، وَلَمْ يَزِدْهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ذٰلِكَ"

اس کو وہ چھوڑ دے گا۔ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ نے خیال کیا کہ وہ ابراہیم ہوں گے، رسول اللہ ﷺ نے اس پر اضافہ نہیں کیا۔

1403 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنِ الْوِصَالِ فِي الصِّيَامِ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لَكَ أَنْتَ تَفْعَلُهُ؟ فَقَالَ: إِنِّي لَسْتُ كَأَحَدِكُمْ، إِنِّي أُطْعَمُ وَأُسْقَى

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے لگاتار روزے رکھنے سے منع کیا۔ آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ رکھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں تمہاری طرح نہیں ہوں، مجھے کھلایا اور پلایا جاتا ہے۔

1404 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَلِيحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا مَضَى أَحَدُكُمْ فِي صَلَاةٍ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى بَيْتِهِ فَلْيُصَلِّ، وَلْيَجْعَلْ لِبَيْتِهِ نَصِيبًا مِنْ صَلَاتِهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ جَاعِلٌ مِنْ صَلَاتِهِ فِي بَيْتِهِ خَيْرًا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھنے کے لیے جائے پھر اپنے گھر واپس آجائے وہ گھر میں بھی نماز پڑھے، نماز کا حصہ اپنے گھر کے لیے بھی رکھے بے شک اللہ عزوجل نماز کی برکت سے گھر میں بھلائی ڈالتا ہے۔

1405 - قَرَأْتُ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ يَزِيدَ الطَّحَّانِ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: (وَآتِ ذَا الْقُرْبَى حَقَّهُ) (الاسراء: 26) دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ وَأَعْطَاهَا فَدَكَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ قریبی رشتہ داروں کو اس کا حق دو۔ حضور ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلوایا اور ان کو باغ فدک دیا۔

1404- أخرجه مسلم في صلاة المسافرين' باب: استحباب صلاة النافلة في بيته' وجوازها في المسجد . وابن ماجه في الاقامة' باب: ما جاء في التطوع في البيت .

1406 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ قَيْسِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أَبِي الْوَدَّاكِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فَيَتَوَجَّهُ قِبَلَهُ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَتَلْقَاهُ الْمَسَالِحُ: مَسَالِحُ الدَّجَّالِ، فَيَقُولُونَ لَهُ: أَيْنَ تَعْمِدُ؟ فَيَقُولُ: أَعْمِدُ إِلَى هَذَا الَّذِي خَرَجَ، فَيَقُولُونَ لَهُ: أَوَمَا تُؤْمِنُ بِرَبِّنَا؟ قَالَ: يَقُولُ: مَا أَرَى - أَحْسِبُهُ - حَقًّا، قَالَ: يَقُولُونَ: اقْتُلُوهُ، قَالَ: فَيَقُولُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: أَلَيْسَ قَدْ نَهَاكُمْ رَبُّكُمْ أَنْ تَقْتُلُوا أَحَدًا دُونَهُ؟ قَالَ: فَيَنْطَلِقُونَ بِهِ إِلَى الدَّجَّالِ، قَالَ: فَإِذَا رَآهُ الْمُؤْمِنُ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، هَذَا الدَّجَّالُ الَّذِي ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَيَأْمُرُ بِهِ الدَّجَّالُ فَيُشَبَّحُ، قَالَ: فَيَقُولُ: خُذُوهُ فَاشْبَحُوهُ، قَالَ: فَيُشَبَّحُ، قَالَ: فَيُمْصَعُ ظَهْرُهُ وَبَطْنُهُ ضَرْبًا، قَالَ: فَيَقُولُ لَهُ: أَمَا تُؤْمِنُ بِي؟ قَالَ: فَيَقُولُ: أَنْتَ الْمَسِيحُ الْكَذَّابُ، قَالَ: فَيَأْمُرُ بِهِ فَيُنْشَرُ بِالْمِنْشَارِ مِنْ مَفْرِقِهِ حَتَّى يُفَرِّقَ بَيْنَ رِجْلَيْهِ، قَالَ: ثُمَّ يَمْشِي الدَّجَّالُ بَيْنَ الْقِطْعَتَيْنِ، قَالَ: ثُمَّ يَقُولُ: قُمْ، فَيَسْتَوِي قَائِمًا، قَالَ: فَيَقُولُ لَهُ: أَمَا تُؤْمِنُ بِي؟ قَالَ: فَيَقُولُ لَهُ: مَا ازْدَدْتُ فِيكَ إِلَّا بَصِيرَةً، قَالَ: ثُمَّ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّهُ لَا يَفْعَلُ الَّذِي فَعَلَ بِي بِأَحَدٍ مِنَ النَّاسِ، قَالَ: فَيَأْخُذُهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال نکلے گا' مسلمانوں میں سے ایک آدمی اس کی جانب متوجہ ہوگا' دجال کے لوگ' اس سے ملیں گے جو ہتھیار باندھے ہوئے ہوں گے' وہ اس آدمی کو کہیں گے: تیرا کہاں کا ارادہ ہے؟ وہ کہے گا: میرا ارادہ اس کی طرف ہے جو نکلا ہے۔ وہ کہیں گے: کیا تُو ہمارے رب پر ایمان نہیں رکھتا ہے؟ وہ کہے گا کہ وہ اس کو خدا نہیں سمجھتا ہے' وہ کہیں گے: اس کو قتل کر دو! وہ ایک دوسرے سے کہیں گے: کیا تم کو تمہارے رب نے اپنی اجازت کے بغیر قتل کرنے سے منع نہیں کیا؟ وہ اس کو لے کر دجال کی طرف جائیں گے' جب ایمان والا اس کو دیکھے گا یعنی دجال کو تو وہ کہے گا: اے لوگو! یہ وہی دجال ہے جس کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے' اس کے بعد دجال اس کو زخمی کرنے کے متعلق حکم دے گا' وہ اس کو پکڑیں گے اور اس کو زخمی کریں گے اور اس کے پیٹ اور پیٹھ پر ماریں گے' دجال کہے گا: کیا تُو مجھ پر ایمان لاتا ہے؟ وہ مؤمن کہے گا: تو مسیح کذاب ہے۔ وہ دجال اس کے متعلق حکم دے گا کہ اس کے سر پر آرا چلایا جائے' وہ لوگ اس کے سر کے درمیان آرا چلائیں گے' اس کے سر سے لے کر اس کے پاؤں تک دو ٹکڑے کر دیں گے۔ پھر وہ دجال کہے گا: اُٹھ! تو وہ سیدھا کھڑا ہو جائے گا۔ وہ اس کو کہے گا: کیا تُو مجھ پر ایمان لاتا ہے؟ وہ مؤمن کہے گا: مجھے تیرے متعلق اور بصیرت حاصل ہوگئی ہے۔

1406- أخرجه مسلم في الفتن' باب: في صفة الدجال' وتحريم المدينة عليه وقتله المؤمن واحيائه .

الدَّجَّالُ لِيَذْبَحَهُ، فَيُجْعَلُ مَا بَيْنَ ذَقْنِهِ إِلَى تَرْقُوَتِهِ نُحَاسًا، فَلَا يَسْتَطِيعُ إِلَيْهِ سَبِيلًا، قَالَ: فَيَأْخُذُ بِيَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ فَيَقْذِفُ بِهِ، فَيَحْسِبُ النَّاسُ أَنَّهُ قَذَفَهُ فِي النَّارِ، وَإِنَّمَا أُلْقِيَ فِي الْجَنَّةِ" ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا أَعْظَمُ النَّاسِ شَهَادَةً عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِينَ

پھر وہ بندۂ مؤمن کہے گا: اے لوگو! میرے بعد اس طرح کسی اور سے نہیں کرے گا۔ اس کے بعد دجال اس کو پکڑے گا تاکہ اسکو ذبح کیا جائے تو اس مؤمن کے گلے سے لے کر اس کی آخری حد تک جسم تانبے کا بن جائے گا' وہ اس تک جانے کی طاقت نہیں رکھے گا' پھر دجال اس کے پاؤں اور ہاتھ سے پکڑے گا اور اس کو ڈالا جائے گا' لوگ سمجھیں گے کہ اس کو آگ میں ڈالا ہے' حالانکہ وہ جنت میں جا کر گرا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ آدمی تمام کائنات کو پالنے والے کے ہاں سب سے زیادہ شہادت کا درجہ رکھے گا۔

1407 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نَسِيرٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ زِيَادٍ قَالَ: لَمَّا هَزَمَ يَزِيدُ بْنُ الْمُهَلَّبِ أَهْلَ الْبَصْرَةِ قَالَ الْمُعَلَّى: فَخَشِيتُ أَنْ أَجْلِسَ فِي حَلْقَةِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ فَأُوجَدَ فِيهَا فَأُعْرَفَ، فَأَتَيْتُ الْحَسَنَ فِي مَنْزِلِهِ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَقُلْتُ: يَا أَبَا سَعِيدٍ، كَيْفَ بِهَذِهِ الْآيَةِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَيَّةُ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ ، قُلْتُ: قَوْلُ اللّٰهِ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: (وَتَرَى كَثِيرًا مِنْهُمْ يُسَارِعُونَ فِي الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (المائدة: 62) ، قَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، إِنَّ الْقَوْمَ عَرَضُوا السَّيْفَ فَحَالَ السَّيْفُ دُونَ الْكَلَامِ ، قُلْتُ: يَا أَبَا سَعِيدٍ، فَهَلْ تَعْرِفُ لِمُتَكَلِّمٍ فَضْلًا؟ قَالَ: لَا ، قَالَ الْمُعَلَّى: ثُمَّ

حضرت معلّٰی بن زیاد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب یزید بن مہلب نے اہل بصرہ کو شکست دی۔ معلّٰی فرماتے ہیں: میں حسن بن ابوالحسن کے حلقہ میں بیٹھنے سے ڈرتا تھا' میں ان کے حلقہ میں پایا جاؤں گا تو پہچان لیا جاؤں گا' میں حسن کے پاس اُن کے گھر پر آیا' میں آپ کے پاس داخل ہوا تو میں نے عرض کی: اے ابوسعید! آپ اللہ عزوجل کے اس ارشاد کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کے کلام کی کون سی آیت ہے؟ میں نے عرض کی: یہ آیت ''آپ ان میں سے بہت زیادہ یہودیوں کو دیکھتے ہو کہ گناہ' زیادتی اور سود کھانے میں دوڑتے ہیں وہ ضرور ہی بہت بُرے کام کرتے رہے ہیں''۔ اُنہوں نے فرمایا: اے عبداللہ! بے شک ایک قوم نے تلوار چلائی' تلوار اُن کے کلام کے درمیان حائل ہوئی'

1407- ذكره الهيثمى للمصنف فى مجمع الزوائد'باب: فيمن خاف فأنكر بقلبه ومن تكلم فى مصباح الزجاج .

حَدَّثَ بِحَدِيثَيْنِ: حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَدِيثٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا لَا يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ رَهْبَةُ النَّاسِ أَنْ يَقُولَ الْحَقَّ إِذَا رَآهُ، أَنْ يَذْكُرَ تَعْظِيمَ اللّٰهِ فَإِنَّهُ لَا يُقَرِّبُ مِنْ أَجَلٍ، وَلَا يُبْعِدُ مِنْ رِزْقٍ قَالَ: ثُمَّ حَدَّثَ الْحَسَنُ بِحَدِيثٍ آخَرَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يَذِلَّ نَفْسَهُ قِيلَ: وَمَا إِذْلَالُهُ نَفْسَهُ؟ قَالَ: يَتَعَرَّضُ مِنَ الْبَلَاءِ لِمَا لَا يُطِيقُ قِيلَ: يَا أَبَا سَعِيدٍ فَيَزِيدُ الضَّبِّيُّ وَكَلَامُهُ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَخْرُجْ مِنَ السِّجْنِ حَتَّى نَدِمَ، قَالَ الْمُعَلَّى: فَقُمْتُ مِنْ مَجْلِسِ الْحَسَنِ فَأَتَيْتُ يَزِيدَ فَقُلْتُ: يَا أَبَا مَوْدُودٍ، بَيْنَمَا أَنَا وَالْحَسَنُ نَتَذَاكَرُ إِذْ نَصَبْتُ أَمْرَكَ نَصْبًا، فَقَالَ: مَهْ يَا أَبَا الْحَسَنِ، قَالَ: قُلْتُ: قَدْ فَعَلْتَ؟ قَالَ: فَمَا قَالَ الْحَسَنُ؟ قُلْتُ قَالَ: أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَخْرُجْ مِنَ السِّجْنِ حَتَّى نَدِمَ عَلَى مَقَالَتِهِ، قَالَ يَزِيدُ: مَا نَدِمْتُ عَلَى مَقَالَتِي، وَايْمُ اللّٰهِ لَقَدْ قُمْتُ مَقَامًا أُخْطِرُ فِيهِ بِنَفْسِي، قَالَ يَزِيدُ: فَأَتَيْتُ الْحَسَنَ فَقُلْتُ: يَا أَبَا سَعِيدٍ، غُلِبْنَا عَلَى كُلِّ شَيْءٍ، نُغْلَبُ عَلَى صَلَاتِنَا؟ فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، إِنَّكَ لَمْ تَصْنَعْ شَيْئًا، إِنَّكَ تَعْرِضُ نَفْسَكَ لَهُمْ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَقَالَ لِي مِثْلَ مَقَالَتِهِ، قَالَ: فَقُمْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِي الْمَسْجِدِ وَالْحَكَمُ بْنُ أَيُّوبَ يَخْطُبُ، فَقُلْتُ: رَحِمَكَ اللّٰهُ، الصَّلَاةَ، قَالَ: فَلَمَّا قُلْتُ ذٰلِكَ احْتَوَشَتْنِي الرِّجَالُ

میں نے عرض کی: اے ابوسعید! کیا آپ پہچانتے ہیں گفتگو کرنے والے کیلئے کوئی فضیلت؟ اُنہوں نے فرمایا: نہیں! معلیٰ فرماتے ہیں: پھر اُنہوں نے دو حدیثیں بیان کیا کہ ہم کو ابوسعید نے حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خبردار! تم میں سے کسی کو لوگوں کا ڈر حق بات کہنے سے نہ روکے' جبکہ وہ حق جانتے بھی ہوں اور حق کو اللہ کی رضا حاصل کرنے کیلئے بیان کریں کیونکہ وہ جو ناحق پر ہے' وہ نہ تو موت پر قریب کر سکتا ہے اور نہ رزق کو دور کر سکتا ہے۔ پھر حسن نے دوسری حدیث بیان کی کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کے لیے جائز نہیں ہے کہ اپنے آپ کو ذلیل کرے۔ عرض کی گئی: ذلیل کرنے سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: اپنے آپ کو ایسی آزمائش میں ڈالے جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا ہے۔ عرض کی گئی: اے ابوسعید! یزید الضبی اور اس کا کلام نماز کے بارے میں کیا ہے؟ فرمایا: وہ قید سے نہیں نکلے گا یہاں تک کہ وہ شرمسار ہوگا۔ میں یزید کے پاس آیا' میں نے کہا: اے ابومودود! ہم اور حسن آپس میں گفتگو کر رہے تھے کہ اچانک میں نے آپ کا ذکر کیا' اُنہوں نے فرمایا: اے ابوالحسن! اس کو چھوڑیں! میں نے کہا: آپ نے کچھ کیا ہے؟ اس نے کہا: حسن نے کیا کہا ہے؟ میں نے کہا: اُنہوں نے فرمایا کہ وہ قید سے نہیں نکلے یہاں تک کہ اپنی کہی ہوئی بات پر شرمسار نہ ہو۔ یزید نے کہا: میں اپنی بات پر شرمسار نہیں ہوں گا' اللہ کی قسم! میں اس جگہ کھڑا ہوں جس میں میری جان کو خطرہ ہے۔ یزید نے

2699 - حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ الْبَكْرَاوِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ الْمَكِّيِّ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم سے بچو! اگر کھجور کا ٹکڑا صدقہ کرنے سے۔

2700 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَرْقَمِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ مِنَ الْقِرَاءَةِ مِنْ حَيْثُ انْتَهَى أَبُو بَكْرٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں سے قرأت شروع کی تھی جہاں پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ختم کی تھی۔

2701 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس آیت کا معنی بیان

2698- الحديث في المقصد العلي برقم: 286 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه85 وقال: رواه أبو يعلى وهو مرسل .

2699- الحديث في المقصد العلي برقم: 1046 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3صفحه105 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الكبير وفيه أبو بحر البكراوي وفيه كلام وقد وثق .

2700- اخرجه أحمد جلد 1صفحه232,231 من طريق يحيى بن زكريا بن أبي زائدة بهذا الاسناد . وأخرجه أحمد جلد1صفحه356,355 . وابن ماجة رقم الحديث: 1235 من طريق اسرائيل' عن أبي اسحاق به .

2701- الحديث في المقصد العلي برقم: 1167 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6صفحه318 وقال: رواه أبو يعلى' وفيه خصيف وثقه العجلي وابن معين' وضعفه جماعة . وأخرجه الطبري في التفسير جلد 2 صفحه272,265 . والبيهقي في السنن الكبرى جلد5صفحه67 من طريقين عن سفيان بهذا السند .

سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ خُصَيْفًا، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: (فَلَا رَفَثَ) (البقرة:197)، قَالَ: " الرَّفَثُ: الْجِمَاعُ "، (وَلَا فُسُوقَ) (البقرة: 197) قَالَ: " الْفُسُوقُ: الْمَعَاصِي " (وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ) (البقرة:197)" قَالَ: الْمِرَاءُ

کرتے ہیں: ''فَلَا رَفَثَ'' سے مراد جماع ہے۔ ''وَلَا فُسُوقَ'' سے مراد گناہ ہے۔ ''وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ'' سے مراد ریاکاری ہے۔

2702 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَغَيْرِ وَاحِدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَا: لَمَّا نَزَلَتْ آيَةُ الدَّيْنِ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ أَوَّلَ مَنْ جَحَدَ آدَمُ، إِنَّ أَوَّلَ مَنْ جَحَدَ آدَمُ، إِنَّ اللَّهَ لَمَّا خَلَقَهُ مَسَحَ ظَهْرَهُ فَأَخْرَجَ مِنْهُ مَا هُوَ ذَارِئٌ فَجَعَلَ يَعْرِضُهُمْ عَلَيْهِ فَرَأَى فِيهِمْ رَجُلًا يَزْهَرُ، فَقَالَ: أَيْ رَبِّ، أَيُّ بَنِيَّ هَذَا؟ قَالَ ابْنُكَ: دَاوُدُ، قَالَ: يَا رَبِّ كَمْ عُمْرُهُ؟ قَالَ: سِتُّونَ سَنَةً، قَالَ: أَيْ رَبِّ، زِدْهُ فِي عُمْرِهِ قَالَ: لَا، إِلَّا أَنْ تَزِيدَهُ أَنْتَ مِنْ عُمْرِكَ، قَالَ: وَكَانَ عُمْرُ آدَمَ أَلْفَ سَنَةٍ فَوَهَبَ لَهُ مِنْ عُمْرِهِ أَرْبَعِينَ سَنَةً فَكَتَبَ اللَّهُ عَلَيْهِ كِتَابًا وَأَشْهَدَ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةَ. فَلَمَّا احْتُضِرَ آدَمُ أَتَتْهُ مَلَائِكَةٌ لِتَقْبِضَهُ، فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ بَقِيَ مِنْ عُمْرِي أَرْبَعُونَ سَنَةً، قَالُوا: قَدْ وَهَبْتَهَا لِابْنِكَ دَاوُدَ، قَالَ: مَا فَعَلْتُ، فَأَبْرَزَ اللَّهُ الْكِتَابَ وَشَهِدَتْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب قرض والی آیت نازل ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے انکار حضرت آدم علیہ السلام نے کیا تھا' وہ انکار یہ تھا بے شک اللہ عزوجل نے جب مخلوق کو پیدا فرمایا' آپ کی پیٹ کو مسح کیا اس سے آپ کی اولاد نکالی گئی۔ آپ پر پیش کی گئی۔ آپ نے ان سے بہت خوبصورت آدمی دیکھا۔ عرض کی: اے رب! یہ میرا کون سا بیٹا ہے؟ فرمایا: یہ تیرا بیٹا حضرت حوا علیہا السلام آدمی ہیں' عرض کی: اے رب! اس کی عمر کتنی ہے؟ فرمایا: ساٹھ سال! عرض کی: اے رب! اس میں اضافہ فرما۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: نہیں! ایسے نہیں ہوگا مگر ایک صورت ہے' وہ یہ ہے کہ تیری عمر سے لے کر اس کی عمر میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام کی عمر ہزار سال تھی۔ آپ علیہ السلام نے اپنی عمر سے چالیس سال ان کو ہبہ کر دی۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو لکھ لیا' اس پر فرشتوں کو گواہ بنا لیا۔ جب حضرت آدم علیہ السلام کے پاس موت کا

2702- الحديث في المقصد العلي برقم: **1138** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8**صفحه**206** وقال: رواه أحمد والطبراني وقال في أوله: لما نزلت . وفيه: علي بن زيد وضعفه الجمهور وبقية رجاله ثقات . وأخرجه الطيالسي رقم الحديث: **1935** . وأحمد جلد **1**صفحه**371,299,252,251** من طرق عن حماد ابن سلمة بهذا السند . وأورده السيوطي في الدر المنثور جلد**1**صفحه**370** .

عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ، وَأَكْمَلَ لِآدَمَ أَلْفَ سَنَةٍ، وَأَكْمَلَ لِدَاوُدَ مِائَةَ سَنَةٍ"

فرشتہ آیا تا کہ آپ کی روح قبض کی جائے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: میری عمر سے چالیس سال باقی ہیں۔ فرشتہ نے عرض کی: آپ علیہ السلام نے اپنے بیٹے داؤد کو چالیس سال ہدیہ نہیں کیے تھے؟ حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: میں نے ایسا نہیں کیا تھا' اللہ تعالیٰ نے وہ کتاب ظاہر کی' اس پر فرشتوں کو گواہ کیا تھا۔ حضرت آدم علیہ السلام کی ہزار سال مکمل کی گئی۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی سو سال مکمل کی گئی۔

2703 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا نَضْرُ بْنُ عَرَبِيٍّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الَّذِي يَشْرَبُ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ إِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک آدمی سونے اور چاندی کے برتن میں پانی پیتا ہے' اس کے پیٹ کو جہنم کی آگ سے بھر دیا جائے گا۔

2704 - حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَنْ تَرَكَ الْجُمُعَةَ ثَلَاثَ جُمَعٍ مُتَوَالِيَاتٍ فَقَدْ نَبَذَ الْإِسْلَامَ وَرَاءَ ظَهْرِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لگاتار تین جمعہ چھوڑ دیے تو بے شک اسلام کو اس نے اپنی پیٹھ کے پیچھے ڈال لیا۔

2705 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ سَيْحَانَ، حَدَّثَنَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

2703- الحديث في المقصد العلي برقم: **1522** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **76** وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الثلاثة' وفيه: محمد بن يحيى بن أبي سمينة وثقه أبو حاتم وابن حبان وغيرهما وفيه كلام لا يضر' وبقية رجاله ثقات . وأخرجه الطبراني في الصغير جلد **1** صفحه **115** من طريق سليم بن مسلم الخشاب المكي بهذا السند .

2704- الحديث في المقصد العلي برقم: **371** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **193** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **628** . وأخرجه عبد الرزاق في المصنف رقم الحديث: **5169** من طريق جعفر بن سلمان' حدثنا عوف العبدي' بهذا السند .

2705- اخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **5211** قال: حدثنا عثمان بن أبي شيبة . وابن ماجة رقم الحديث: **3627** قال:

يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " أَحْسَنُ مَا غَيَّرْتُمْ بِهِ الشَّيْبَ: الْحِنَّاءُ، وَالْكَتَمُ"

روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: سب سے اچھا جس کے ساتھ تم اپنے بڑھاپے کو بدلتے ہو وہ مہندی اور کتم ہے۔

2706 - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَحُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ يُونُسُ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ الْأَصْحَابِ أَرْبَعَةٌ، وَخَيْرُ السَّرَايَا أَرْبَعُمِائَةٍ، وَخَيْرُ الْجُيُوشِ أَرْبَعَةُ آلَافٍ، وَمَا هُزِمَ قَوْمٌ بَلَغُوا اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا مِنْ قِلَّةٍ إِذَا صَدَقُوا وَصَبَرُوا إِلَّا أَنَّ حُجَيْنًا قَالَ: عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَلَمْ يَقُلْ فِي آخِرِ الْحَدِيثِ وَصَبَرُوا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین ساتھی چار ہیں، بہترین سرایا وہ جس میں چار سو لوگ ہیں اور بہترین لشکر وہ جو چار ہزار پر مشتمل ہو، بارہ ہزار قلت کی بنا پر مغلوب نہیں ہو سکتے، جب وہ صدقِ دل سے صبر کے ساتھ لڑیں، مگر حجین نے کہا: حضرت ابن شہاب سے روایت ہے اور انہوں نے حدیث کے آخر میں ''وصبروا'' کے الفاظ ذکر نہیں کیے۔

2707 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجُزُّ شَارِبَهُ، وَكَانَ إِبْرَاهِيمُ يَجُزُّ شَارِبَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنی مونچھوں کو تراشتے تھے اور ابراہیم علیہ السلام بھی اپنی مونچھوں کو تراشتے تھے۔

2708 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

حدثنا أبو بكر .

2706- الحديث سبق برقم: 2580 .

2707- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 301 رقم الحديث: 2738 قال: حدثنا يحيى بن أبي بكير، قال: حدثنا حسن بن صالح . والترمذي رقم الحديث: 2760 قال: حدثنا محمد بن عمر بن الوليد الكندي الكوفي، قال: حدثنا يحيى بن آدم، عن اسرائيل .

2708- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 227 رقم الحديث: 1999 قال: حدثنا يحيى . وفي جلد 1 صفحه 339

حَـدَّثَـنَـا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَـنْ عِـكْـرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْخِنْصَرُ وَالْإِبْهَامُ سَوَاءٌ

نے فرمایا: خنصر اور انگوٹھا (دیت) میں برابر ہیں۔

2709 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرٌ، حَـدَّثَـنَا يَزِيدُ بْنُ هَـارُونَ، أَخْبَـرَنَـا حُسَيْـنٌ الْـمُـعَلِّمُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُـعَيْبٍ، عَنْ طَاوُسٍ، سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، وَابْنَ عَبَّاسٍ، يُـحَـدِّثَانِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَـحِـلُّ لِرَجُلٍ مُسْلِمٍ أَنْ يُعْطِيَ الْعَطِيَّةَ ثُمَّ يَرْجِعَ فِيهَا إِلَّا الْـوَالِـدُ فِيمَا يُعْطِي وَلَدَهُ، وَمَثَلُ الَّذِي يَرْجِعُ فِي عَـطِيَّتِـهِ كَـمَثَلِ الْكَلْبِ أَكَلَ حَتَّى إِذَا شَبِعَ قَاءَ ثُمَّ رَجَعَ فِي قَيْئِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی کو عطیہ دے کر واپس لے لے مگر باپ جو اس نے اپنے بیٹے کو دیا ہے وہ واپس لے سکتا ہے۔ اس کی مثال جو کسی کو عطیہ دے کر واپس لیتا ہے اس طرح جس طرح کتا جب سیر ہو جائے وہ قئے کر کے دوبارہ چاٹ لیتا ہے۔

2710 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرٌ، أَخْبَـرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَـارُونَ، أَخْبَـرَنَـا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَـجِيـحٍ، عَـنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُـولَ الـلّٰـهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَلَيْـهِ وَسَلَّمَ، قَالَ يَوْمَ الْـحُـدَيْبِيَةِ: يَـرْحَـمُ الـلّٰـهُ الْـمُـحَـلِّقِيـنَ قَـالُوا: وَالْـمُـقَـصِّـرِيـنَ يَـا رَسُـولَ الـلّٰهِ؟ قَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ الْـمُحَلِّقِينَ قَالُوا: وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: يَـرْحَمُ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ قَالُوا: وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرتے تھے: اے اللہ! حلق کرنے والوں کو بخش دے، ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! قصر کرنے والوں کے لیے بھی دعا کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر دعا کی: اے اللہ! حلق کرنے والوں کو بخش دے۔ تیسری مرتبہ یا چوتھی مرتبہ دعا کی: اے اللہ! قصر کرنے والوں کو بھی بخش دے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! بال کاٹنے والوں کو دوسروں پر ترجیح دینے کی حکمت کیا ہے؟ آپ

رقم الحديث: **3190** قال: حدثنا محمد بن جعفر، وحجاج . وفي جلد **1** صفحه**345** رقم الحديث: **3220** قال: حدثنا وكيع . وعبد بن حميد: **572** قال: اخبرنا يزيد بن هارون .

2709- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه**250** رقم الحديث: **2250** قال: حدثنا أبو معاوية، قال: حدثنا الحجاج، عن أبي الزبير . وفي جلد **1** صفحه**250** رقم الحديث: **2251** قال: حدثنا ابن نُمير، قال: حدثنا حجاج، عن أبي الزبير .

2710- الحديث سبق تخريجه: **2471** فراجعه .

اللّٰـهِ؟ قَـالَ: وَالْـمُقَصِّرِينَ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا بَـالُ الْـمُـحَلِّقِينَ؟ لِمَ ظَاهَرْتَ لَهُمْ بِالتَّرَحُّمِ؟ قَالَ: اِنَّهُمْ لَمْ يَشُكُّوا

نے فرمایا: اس لیے کہ انہوں نے شک نہیں کیا (بال چھوٹے کرنے والوں کو شک رہتا ہے کہ شاید اس سے کم یا زیادہ کاٹنے ہوں)۔

2711 - حَـدَّثَـنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُـوسَـى، حَـدَّثَـنَـا ثَـابِـتٌ أَبُو زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْـمَـانَ بْـنِ خُثَـيْـمٍ، عَـنْ سَـعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّـاسٍ، قَـالَ: قَـالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ: اِنَّ لِهٰـذَا الْـحَجَرِ لِسَانًا وَشَفَتَيْنِ يَشْهَدَانِ لِمَنِ اسْتَلَمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِحَقٍّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس پتھر (حجراسود) کے دو ہونٹ اور ایک زبان ہوگی دونوں گواہی دیں گے اس کے لیے جس نے اس کو بوسہ دیا ہوگا قیامت کے دن حق کے ساتھ۔

2712 - حَـدَّثَـنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُـوسَـى، حَـدَّثَـنَـا ثَـابِـتٌ أَبُو زَيْدٍ، عَنْ هِلَالٍ، عَنْ عِـكْـرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أُسْرِىَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ اِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، ثُمَّ جَاءَ مِنْ لَيْـلَتِـهِ فَـحَـدَّثَهُـمْ بِمَسِيرِهِ وَبِعَلَامَةِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ وَبِعِيرِهِمْ، قَالَ: قَالَ أُنَاسٌ: نَحْنُ لَا نُصَدِّقُ مُحَمَّدًا فَـارْتَدُّوا كُفَّارًا فَضَرَبَ اللّٰهُ أَعْنَاقَهُمْ مَعَ أَبِي جَهْلٍ، قَـالَ: وَقَـالَ أَبُـو جَهْـلٍ: يُـخَـوِّفُـنَا مُحَمَّدٌ بِشَجَرَةِ الـزَّقُّـومِ، هَـاتُـوا تَـمْرًا وَزُبْدًا تَزَقَّمُوا، قَالَ: وَرَأَى الـدَّجَّـالَ فِـى صُـورَتِـهِ رُؤْيَـا عَيْنٍ لَيْـسَ رُؤْيَا مَنَامٍ وَعِيسَـى ابْـنَ مَـرْيَـمَ وَاِبْـرَاهِـيـمَ، قَالَ فَسُئِلَ النَّبِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت المقدس کی سیر کروائی گئی تھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس رات آئے ان کو بتایا سیر کے متعلق اور بیت المقدس کی نشانی۔ مشرکین کہنے لگے: ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق نہیں کرتے ہیں۔ لوگوں نے کہا: ہم محمد کی تصدیق نہیں کریں گے وہ کافر ہوکر مرتد ہو گئے اللہ عزوجل نے ابوجہل کے ساتھ اُن کو مارا۔ ابوجہل کہنے لگے: محمد! ہم کو زقوم کے درخت سے ڈراتا ہے کھجور اور مکھن لے آؤ وہ زقوم کی طرح ہو جائے گا اس نے دجال کو اپنی جاگتی آنکھ سے دیکھا ہے نہ کہ صرف خواب میں اور عیسیٰ ابن مریم اور ابراہیم کو دیکھا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق پوچھا

2711- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **247** رقم الحديث: **2215** قال: حدثنا على بن عاصم . وفى جلد **1** صفحه **266** رقم الحديث: **2398** قال: حدثنا حسن بن موسىٰ قال: حدثنا ثابت أبو يزيد . وفى جلد **1** صفحه **291** رقم الحديث: **2643** قال: خدثنا عفان قال: حدثنا حماد بن سلمة .

2712- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1253** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **67,66** وقال: رواه أحمد ورجاله ثقات الا أن هلالًا ابن خباب قال يحيىٰ القطان: انه تغير قبل موته .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَالِ، فَقَالَ: " رَأَيْتُهُ فَيْلَمَانِيًّا أَقْمَرَ هِجَانًا، إِحْدَى عَيْنَيْهِ قَائِمَةٌ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ، كَأَنَّ شَعْرَهُ أَغْصَانُ شَجَرَةٍ، وَرَأَيْتُ عِيسَى: شَابًّا أَبْيَضَ جَعْدَ الرَّأْسِ حَدِيدَ الْبَصَرِ مُبَطَّنَ الْخَلْقِ، وَرَأَيْتُ مُوسَى: أَسْحَمَ، آدَمَ: كَثِيرَ الشَّعْرِ، شَدِيدَ الْخَلْقِ، وَرَأَيْتُ إِبْرَاهِيمَ، فَلَا أَنْظُرُ إِلَى إِرْبٍ مِنْ آرَابِهِ إِلَّا نَظَرْتُ إِلَيْهِ كَأَنَّهُ صَاحِبُكُمْ " قَالَ: وَقَالَ لِي جِبْرِيلُ: سَلِّمْ عَلَى أَبِيكَ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ

گیا دجال کے دیکھنے کے متعلق تو آپ نے فرمایا: میں نے اس کو دیکھا ہے' جسم بھاری بھرکم' چاند سے چمکیلا' اعلیٰ نسب والا' اس کی ایک آنکھ ہے اس طرح گویا وہ چمکتا ہوا ستارہ ہے' اس کے بال ایسے ہیں جس طرح درخت کی ٹہنیاں ہوتی ہیں' میں نے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کو دیکھا وہ نوجوان تھے' سفید رنگ والے تھے' آپ گھنگھریالے بالوں والے تھے' تیز نگاہ والے تھے' خوش اخلاق تھے' میں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا کہ آپ تھوڑے گھنگھریالے بالوں والے تھے لیکن بال مبارک بہت زیادہ تھے' سخت طبیعت کے تھے' میں نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا' میں نے آپ کے اعضاء میں سے ایک ایک عضو کو دیکھا مگر میں نے ان کی طرف دیکھا گویا وہ تمہارا صاحب ہے یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خود اپنی ذاتِ پاک۔ مجھے جبرائیل نے عرض کی: اپنے والد ماجد کو سلام کریں تو میں نے ان کو سلام کیا۔

2713 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ وَضَّاحٌ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّقُوا الْحَدِيثَ عَنِّي إِلَّا مَا عَلِمْتُمْ، فَإِنَّهُ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ كَذَبَ بِالْقُرْآنِ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری حدیث بیان کرنے میں احتیاط کیا کرو۔ وہی بیان کرو جس کا تم کو علم ہو۔ جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لے۔ جس نے قرآن میں بغیر علم کے کہا اس کو بھی چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لے۔

2714 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

2713- الحديث سبق برقم: **2334** فراجعه .

مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، عَنْ عِلْبَاءَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَطَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ خُطُوطٍ، فَقَالَ: أَتَدْرُونَ مَا هَذَا؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْضَلُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَفَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ، وَمَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ، وَآسِيَةُ بِنْتُ مُزَاحِمٍ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ

نے چار خط کھینچے، فرمایا: جانتے ہیں یہ کیا ہیں؟ عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت کی افضل ترین عورتوں میں حضرت خدیجہ بنت خویلد، فاطمہ بنت محمد، مریم بنت عمران، آسیہ بنت مزاحم (فرعون کی بیوی ہیں)۔

2715 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: ذَكَرَ طَلْحَةُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: تَزَوَّجَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ امْرَأَةً مِنْ بَنِي عَجْلَانَ، فَدَخَلَ بِهَا، فَبَاتَ عِنْدَهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ قَالَ: مَا وَجَدْتُهَا عَذْرَاءَ، قَالَ: فَرُفِعَ شَأْنُهُمَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا الْجَارِيَةَ فَسَأَلَهَا فَقَالَتْ: بَلَى قَدْ كُنْتُ عَذْرَاءَ، قَالَ: فَأَمَرَ بِهِمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَلَاعَنَا وَأَعْطَاهَا الْمَهْرَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک انصار کے آدمی نے بنی عجلان کی عورت سے شادی کر لی۔ اس کے پاس گیا رات اس کے ہاں گزاری جب صبح ہوئی اس نے کہا کہ میں نے اس کو کنواری نہیں پایا۔ یہ معاملہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں پہنچ گیا۔ حضور ﷺ نے اس بچی کو بلوایا اور اس سے پوچھا اس کے متعلق۔ اس نے عرض کی: جی ہاں! یا رسول اللہ! میں کنواری تھی۔ حضور ﷺ نے حکم دیا کہ دونوں کے درمیان لعان کرنے کا اور اس کو مہر دیا۔

2716 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ زُرَيْقٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا: سونے کی انگوٹھی، مصری وشامی ریشم، میثرہ

2715- أخرجه أحمد جلد 1صفحه261 رقم الحديث: 2367 . وابن ماجة رقم الحديث: 2070 قال: حدثنا على بن سلمة النيسابورى . كلاهما (أحمد، وعلى بن سلمة) عن يعقوب بن ابراهيم بن سعد، قال: حدثنا أبى، عن ابن اسحاق، قال: وذكر طلحة بن نافع، عن سعيد بن جبير، فذكره .

2716- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1554 . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 5صفحه146 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَوَاتِيمِ الذَّهَبِ وَالْقِسِّيَّةِ وَالْمِيثَرَةِ الْحَمْرَاءِ الْمُشْبَعَةِ مِنَ الْمُعَصْفَرِ، وَعَنْ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ وَهُوَ رَاكِعٌ أَوْ سَاجِدٌ

حمراء جو رنگ کیا گیا ہو معصفر سے اور قرآن رکوع اور سجدہ کی حالت میں پڑھنے سے۔

2717 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ زُرَيْقٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الظُّهْرُ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ وَالْفَجْرُ يَوْمَ عَرَفَةَ بِمِنًى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز آٹھویں ذوالحجہ کے دن اور فجر کی نماز نویں ذوالحجہ کے دن منیٰ میں پڑھی۔

2718 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، وَاحْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت احرام میں شادی کی اور حالتِ احرام میں پچھنے لگوائے۔

2719 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ أَكْحَالِكُمُ الْإِثْمِدُ عِنْدَ النَّوْمِ يُنْبِتُ الشَّعْرَ وَيَجْلُو الْبَصَرَ، وَخَيْرُ ثِيَابِكُمُ الْبِيضُ الْبَسُوهَا وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین سرمہ اثمد ہے جو سوتے وقت لگایا جائے جو بال اُگاتا ہے اور نظر تیز کرتا ہے' بہترین کپڑے جو تم پہنتے ہو وہ سفید کپڑے ہیں اور اس میں تم مُردوں کو کفن دو۔

2717- الحديث سبق برقم: **2420** فراجعه .

2718- الحديث سبق برقم: **2465,2443,2389,2386,2356** فراجعه .

2719- الحديث سبق برقم: **2406** فراجعه .

2720 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْقَمَ بْنَ أَبِي أَرْقَمَ الزُّهْرِيَّ عَلَى بَعْضِ الصَّدَقَةِ، فَمَرَّ بِأَبِي رَافِعٍ فَاسْتَتْبَعَهُ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: يَا أَبَا رَافِعٍ إِنَّ الصَّدَقَةَ حَرَامٌ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، وَإِنَّ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْهُمْ أَوْ مِنْ أَنْفُسِهِمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارقم بن ابو ارقم زہری کو بعض صدقہ پر بھیجا۔ وہ حضرت ابورافع کے پاس سے گزرے وہ ان کے پیچھے پیچھے چلے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے' آپ کے سامنے اس بات کا ذکر کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابورافع! بے شک صدقہ محمد اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر حرام ہے۔ بے شک قوم کا غلام انہیں میں شامل ہوتا ہے' یا ان ہی میں سے ہے۔

2721 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ حَبْتَرٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الْجَرِّ الْأَبْيَضِ وَالْأَخْضَرِ وَالْأَحْمَرِ، فَقَالَ: إِنَّ أَوَّلَ مَنْ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ فَقَالَ: لَا تَشْرَبُوا فِي الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ وَالنَّقِيرِ وَالْحَنْتَمِ، وَلَا تَشْرَبُوا فِي الْجَرِّ، وَاشْرَبُوا فِي الْأَسْقِيَةِ، قَالَ: فَصَبُّوا عَلَيْهَا الْمَاءَ، فَقَالَ لَهُ فِي الثَّالِثَةِ أَوْ فِي الرَّابِعَةِ: أَهْرِيقُوهُ ثُمَّ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيَّ - أَوْ حَرَّمَ - الْخَمْرَ وَالْمَيْسِرَ وَالْكُوبَةَ، وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ: مَا الْكُوبَةُ؟ قَالَ: الطَّبْلُ

حضرت قیس بن حبتر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سفید اور سبز اور سرخ مٹکے کی نبیذ کے متعلق پوچھا' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جس نے سب سے پہلے اس کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا وہ عبدالقیس کا وفد تھا' آپ نے فرمایا: دباء' مزفت' نقیر اور حنتم کے برتنوں میں نہ پیو' مٹکے میں نہ پیو' مشکیزہ میں پیو۔ فرمایا: اس پر پانی ڈال لو۔ آپ نے تیسری یا چوتھی مرتبہ فرمایا: اس کو بہا دو! بے شک اللہ عزوجل نے مجھ پر حرام کیا' شراب' جوا اور طبلہ اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں: میں نے علی بن بذیمہ سے کہا: کوبہ کیا ہے؟ فرمایا: طبل (طبلہ)۔

2720- الحديث في المقصد العلي برقم: **490** . وأوردها الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**91** وقال: رواه أبو يعلٰى' والطبراني في الكبير' وفيه محمد بن أبي ليلٰى' وفيه كلام . وأخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار جلد**2**صفحه**7** من طريق محمد بن كثير العبدي' عن سفيان به .

2721- الحديث سبق برقم: **2562** فراجعه .

2722 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أَخْبَرَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّقِيرِ وَالدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ، وَقَالَ: لَا تَشْرَبُوا إِلَّا فِي إِنَاءٍ فَصَنَعُوا جُلُودَ الْإِبِلِ وَجَعَلُوا لَهَا أَعْنَاقًا مِنْ جُلُودِ الْغَنَمِ، فَبَلَغَهُ ذَلِكَ فَقَالَ: لَا تَشْرَبُوا إِلَّا فِيمَا أَعْلَاهُ مِنْهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نقیر و دباء ومزفت میں پینے سے منع کیا۔ فرمایا: نہ پیو مگر برتن میں اونٹ کے چمڑے سے بنایا کرتے اور اوپر منہ بکری کے چمڑے سے بنالیتے' یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ پیو مگر اس میں جس کے اوپر سے ہو۔

2723 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبَّادٍ قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الْغُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، قَالَ: كَانَ أَبُو لُؤْلُؤَةَ عَبْدًا لِلْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، وَكَانَ يَصْنَعُ الْأَرْحَاءَ، وَكَانَ الْمُغِيرَةُ يَسْتَغِلُّهُ كُلَّ يَوْمٍ أَرْبَعَةَ دَرَاهِمَ، فَلَقِيَ أَبُو لُؤْلُؤَةَ عُمَرَ فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ الْمُغِيرَةَ قَدْ أَثْقَلَ عَلَيَّ غَلَّتِي فَكَلِّمْهُ يُخَفِّفْ عَنِّي، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: " اتَّقِ اللَّهَ وَأَحْسِنْ إِلَى مَوْلَاكَ، وَمِنْ نِيَّةِ عُمَرَ أَنْ يَلْقَى الْمُغِيرَةَ فَيُكَلِّمَهُ يُخَفِّفُ، فَغَضِبَ الْعَبْدُ، وَقَالَ: وَسِعَ النَّاسَ كُلَّهُمْ عَدْلُهُ غَيْرِي، فَأَضْمَرَ عَلَى قَتْلِهِ، فَاصْطَنَعَ خِنْجَرًا لَهُ رَأْسَانِ، وَشَحَذَهُ، وَسَمَّهُ، ثُمَّ أَتَى بِهِ الْهُرْمُزَانَ، فَقَالَ: كَيْفَ

ابورافع فرماتے ہیں کہ ابولؤلؤ' حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کا غلام تھا' وہ چکیاں بناتا تھا' حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ اس سے ہر دن چار درہم ٹیکس لیتے تھے۔ ابولؤلؤ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملا اور عرض کی: اے امیر المؤمنین! بے شک حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ مجھ سے زیادہ ٹیکس لیتے ہیں' اس سے آپ گفتگو کریں کہ کچھ تخفیف کریں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا: تُو اللہ سے ڈر اور اپنے آقا سے اچھا سلوک کر۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نیت یہ تھی کہ یہ مغیرہ سے ملے اور اس سے کلام کرے' وہ تخفیف کرے۔ وہ غلام ناراض ہوا' اُس نے کہا: آپ میرے علاوہ تمام لوگوں سے عدل کرتے ہیں' اس نے آپ کو قتل کرنے کا ارادہ اپنے دل میں رکھا۔ اُس نے ایک خنجر بنوایا اس کے دو منہ تھے' اس

2722- الحديث في المقصد العلي برقم: **1530** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **60** وقال: قلت: في الصحيح طرف من أوله . رواه أحمد وأبو يعلى وفيه: حسين بن عبد الله بن عبيد الله وهو متروك' ضعفه الجمهور وحكى عن ابن معين في رواية أنه لا بأس به يكتب حديثه .

2723- الحديث في المقصد العلي برقم: **1305** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **76** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **3928** .

تَرَى هَذَا؟ قَالَ: أَرَى أَنَّكَ لَا تَضْرِبُ بِهَذَا أَحَدًا إِلَّا قَتَلْتَهُ، قَالَ: فَتَحَيَّنَ أَبُو لُؤْلُؤَةَ فَجَاءَ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ حَتَّى قَامَ وَرَاءَ عُمَرَ، وَكَانَ عُمَرُ إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَتَكَلَّمَ يَقُولُ: " أَقِيمُوا صُفُوفَكُمْ كَمَا كَانَ يَقُولُ، فَلَمَّا كَبَّرَ وَجَأَهُ أَبُو لُؤْلُؤَةَ فِي كَتِفِهِ وَوَجَأَهُ فِي خَاصِرَتِهِ فَسَقَطَ عُمَرُ وَطَعَنَ بِخَنْجَرِهِ ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا فَهَلَكَ مِنْهُمْ سَبْعَةٌ وَأَفْرَقَ مِنْهُمْ سِتَّةٌ، وَجَعَلَ عُمَرُ يُذْهَبُ بِهِ إِلَى مَنْزِلِهِ، وَصَاحَ النَّاسُ حَتَّى كَادَتْ تَطْلُعُ الشَّمْسُ، فَنَادَى عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، الصَّلَاةَ، الصَّلَاةَ، الصَّلَاةَ، قَالَ: وَفَزِعُوا إِلَى الصَّلَاةِ، فَتَقَدَّمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فَصَلَّى بِهِمْ بِأَقْصَرِ سُورَتَيْنِ مِنَ الْقُرْآنِ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ تَوَجَّهُوا إِلَى عُمَرَ، فَدَعَا بِشَرَابٍ لِيَنْظُرَ مَا قَدْرُ جُرْحِهِ، فَأُتِيَ بِنَبِيذٍ فَشَرِبَهُ فَخَرَجَ مِنْ جُرْحِهِ فَلَمْ يُدْرَ أَنَبِيذٌ هُوَ أَمْ دَمٌ، فَدَعَا بِلَبَنٍ فَشَرِبَهُ فَخَرَجَ مِنْ جُرْحِهِ، فَقَالُوا: لَا بَأْسَ عَلَيْكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَالَ: إِنْ يَكُنْ لِلْقَتْلِ بَأْسٌ، فَقَدْ قُتِلْتُ، فَجَعَلَ النَّاسُ يُثْنُونَ عَلَيْهِ يَقُولُونَ: جَزَاكَ اللَّهُ خَيْرًا يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ كُنْتَ وَكُنْتَ، ثُمَّ يَنْصَرِفُونَ وَيَجِيءُ قَوْمٌ آخَرُونَ فَيُثْنُونَ عَلَيْهِ، فَقَالَ عُمَرُ: أَمَا وَاللَّهِ عَلَى مَا تَقُولُونَ وَدِدْتُ أَنِّي خَرَجْتُ مِنْهَا كَفَافًا لَا عَلَيَّ وَلَا لِيَ، وَأَنَّ صُحْبَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ سَلِمَتْ لِي فَتَكَلَّمَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَكَانَ عِنْدَ رَأْسِهِ وَكَانَ خَلِيطَهُ كَأَنَّهُ مِنْ

کو زہر لگا کر رکھ لیا' پھر وہ اس خنجر کو لے کر ھرمزان کے پاس آیا' اُس نے کہا: آپ اس کو کیسا دیکھتے ہیں؟ اُس نے کہا: میرا خیال ہے کہ تُو اس کے ساتھ جس کو بھی مارے گا وہ قتل ہو جائے گا۔ ابولؤلؤ نے ارادہ کیا' وہ صبح کی نماز کے لیے آیا یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پیچھے کھڑا ہوا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ جب نماز کے لیے اقامت کہی جاتی تو آپ گفتگو فرماتے کہ اپنی صفیں سیدھی کر لو' جس طرح پہلے فرماتے تھے۔ ابولؤلؤ آپ کے کندھے کے پیچھے سے آیا' اُس نے آپ کے شانے پر وار کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ گر گئے' اُس نے ۱۳ اور آدمیوں کو بھی اس خنجر سے زخمی کیا' سات تو وہاں ہی شہید ہو گئے' چھ اُن میں سے زخمی ہوئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو گھر لے جایا گیا' لوگ پریشان ہوئے یہاں تک کہ قریب تھا کہ سورج طلوع ہو جاتا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو آواز دی: اے لوگو! نماز! نماز! نماز! لوگ نماز کے لیے آئے تو حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی تو قرآن کی چھوٹی دو سورتیں پڑھیں' جب نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ نے پینے کے لیے کوئی شی مانگی تاکہ دیکھیں کہ کتنا زخمی ہوا ہے' آپ کے پاس نبیذ لائی گئی تو آپ نے اس کو پیا' وہ آپ کے زخم سے نکل گئی' معلوم نہیں ہوا کہ نبیذ ہے یا خون ہے' آپ نے دودھ مانگا' وہ لایا گیا تو آپ نے اسے پیا' وہ بھی آپ کے زخم سے نکل گیا۔ صحابہ کرام نے کہا: آپ پر کوئی حرج نہیں! اے

أَهْلِهِ، وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ، فَتَكَلَّمَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ: وَاللَّهِ لَا تَخْرُجُ مِنْهَا كَفَافًا، لَقَدْ صَحِبْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَحِبْتَهُ خَيْرَ مَا صَحِبَهُ صَاحِبٌ، كُنْتَ لَهُ، وَكُنْتَ لَهُ، وَكُنْتَ لَهُ، حَتَّى قُبِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْكَ رَاضٍ، ثُمَّ صَحِبْتَ خَلِيفَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ وُلِّيتَهَا يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْتَ فَوَلِيتَهَا بِخَيْرِ مَا وَلِيَهَا وَالٍ، كُنْتَ تَفْعَلُ، وَكُنْتَ تَفْعَلُ، فَكَانَ عُمَرُ يَسْتَرِيحُ إِلَى حَدِيثِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، كَرِّرْ عَلَيَّ حَدِيثَكَ، فَكَرَّرَ عَلَيْهِ، فَقَالَ عُمَرُ: " أَمَا وَاللَّهِ عَلَى مَا تَقُولُونَ لَوْ أَنَّ لِي طِلَاعَ الْأَرْضِ ذَهَبًا لَافْتَدَيْتُ بِهِ الْيَوْمَ مِنْ هَوْلِ الْمَطْلَعِ، قَدْ جَعَلْتُهَا شُورَى فِي سِتَّةٍ: فِي عُثْمَانَ، وَعَلِيٍّ، وَطَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَسَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، وَجَعَلَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ مَعَهُمْ مُشِيرًا وَلَيْسَ مِنْهُمْ، وَأَجَّلَهُمْ ثَلَاثًا، وَأَمَرَ صُهَيْبًا أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ"

امیرالمؤمنین! آپ نے فرمایا: اگر قتل ہونے میں کوئی حرج ہے تو میں قتل تو ہو چکا ہوں۔ صحابہ کرام آپ کی تعریف کرنے لگے کہنے لگے: اے امیرالمؤمنین! اللہ آپ کو جزاءِ خیر دے! اے امیرالمؤمنین! آپ ایسے ایسے تھے۔ پھر یہ حضرات چلے گئے پھر ان کے بعد دوسرے لوگ آئے وہ بھی آپ کی تعریف کرنے لگے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بہرحال اللہ کی قسم! جو تم کہتے ہو میں چاہتا ہوں کہ میں دنیا سے اسی حالت میں جاؤں کہ مجھ پر کسی کا قرض نہ ہو اور نہ میرا کسی پر ہو۔ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میرے لیے سلامت رہی۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے گفتگو کی اس حالت میں کہ وہ آپ کے سر کے پاس تھے اس طرح آپ سے ملے ہوئے تھے کہ آپ کے خاندان کے لگتے تھے۔ ابن عباس قرآن پڑھا کرتے تھے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے گفتگو کی عرض کی: اللہ کی قسم! آپ دنیا سے اسی طرح رخصت ہو رہے ہیں کہ ان کے ذمے کوئی چیز نہیں ہے آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت اختیار کی اور سنگت کا حق ادا کیا' آپ انہیں کے تھے' آپ انہیں کے تھے' آپ انہیں کے تھے یہاں تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا' اس حال میں کہ وہ آپ سے راضی تھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صحبت اختیار کی' اے امیرالمؤمنین! آپ خلیفہ بنے' آپ کی خلافت کرنے والوں سے بہتر تھے' آپ کام کرنے والے تھے' کام سے منہ موڑنے والے نہیں تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ'

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی بات سے راحت محسوس کرتے رہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن عباس! دوبارہ گفتگو کرو جو آپ نے ابھی کی ہے۔ آپ نے دوبارہ وہی گفتگو کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں چاہتا ہوں کہ اگر میرے پاس سونے کی زمین بھری ہوئی ہوتو میں سورج کے غروب ہونے سے پہلے اس کو قربان کر دوں ظاہر شدہ ھول سے' میں نے آپ کی مجلس شوریٰ کے لیے ان چھ افراد کو چن لیا: عثمان' علی' طلحہ بن عبیداللہ' زبیر بن عوام' عبدالرحمٰن بن عوف' سعد بن ابی وقاص۔ عبداللہ بن عمر کو ان کے ساتھ مشیر مقرر کیا لیکن امیر کے لیے ان کا انتخاب نہیں کیا' آپ نے اُن کو تین دن کی مہلت دی' حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔

2724 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، أَخْبَرَنَا أَبُو جَمْرَةَ، أَنَّهُ كَانَ يَجْلِسُ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَكَانَ يَدْفَعُ عَنْهُ النَّاسَ، قَالَ: فَاحْتُبِسْتُ عَنْهُ أَيَّامًا، فَقَالَ لِي: مَا حَبَسَكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: الْحُمَّى، فَقَالَ لِي: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَأَطْفِئُوهَا عَنْكُمْ بِمَاءِ زَمْزَمَ

حضرت ابوحمزہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے تھے لوگوں کو آپ سے دور کرتے تھے' فرمایا: میں آپ کے پاس چند دن رُکا رہا۔ ابوحمزہ کہ میں کچھ دن نہ جا سکا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے مجھے فرمایا: کس نے آپ کو روکا ہوا تھا؟ عرض کی بخار نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بخار جہنم کی گرمی کا اثر ہے اس کو زمزم کے پانی سے بجھا دیا کرو۔

2725 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مَخْلَدُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انہوں نے

2724- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **291** رقم الحديث: **2649** قال: حدثنا عفان . والبخارى جلد **4** صفحه **146** قال: حدثني عبد الله بن محمد' قال: حدثنا أبو عامر . والنسائى فى الكبرىٰ (تحفة الأشراف) رقم الحديث: **6530** عن الحسن بن اسحاق' عن عفان .

2725- الحديث سبق برقم: **2348** فراجعه .

بْنُ يَزِيدَ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ رَأَى أَبَا هُرَيْرَةَ وَهُوَ يَتَوَضَّأُ، فَقَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، هَلْ تَدْرِي مِمَّ أَتَوَضَّأُ مِنْ أَثْوَارِ أَقِطٍ أَكَلْتُهَا، قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي مِمَّا تَوَضَّأْتَ؟ أَمَّا أَنَا فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكَلَ خُبْزًا وَلَحْمًا ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا وہ وضو کر رہے تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن عباس! آپ کو معلوم ہے کہ میں وضو کیوں کر رہا ہوں؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں نہیں جانتا ہوں کہ آپ نے وضو کیوں کیا؟ بہرحال میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا روٹی اور گوشت کھاتے ہوئے' پھر آپ نماز کے لیے کھڑے ہوئے اور آپ نے وضو نہیں کیا۔

2726 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَطَاءِ بْنِ أَبِي الْخُوَارِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ عَرْقًا ثُمَّ أَتَاهُ الْمُؤَذِّنُ فَوَضَعَهُ ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا گوشت کھاتے ہوئے' پھر آپ کے پاس مؤذن آیا' آپ نے اس کھانے کو وہیں رکھا پھر نماز کے لیے آئے اور آپ نے پانی کو ہاتھ بھی نہیں لگایا۔

2727 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ تَمَّامٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْوَسْمِ فِي الْوَجْهِ، فَلَمَّا سَمِعَ الْعَبَّاسُ بِذَلِكَ وَسَمَ فِي الْجَاعِرَتَيْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چہرے میں داغنے سے منع کیا جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے یہ سنا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ تو دم کے دونوں طرف کو داغا کرتے تھے۔

2728 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر

2726- الحديث سبق برقم: **2725,2348** فراجعه .

2727- الحديث في المقصد العلي برقم: **1106** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **109** وقال: رواه أبو يعلى والطبراني ورجالهما ثقات' وفي بعضهم خلاف الا أن جعفر بن تمام بن العباس لم يسمع من جده والله أعلم . وأورده ابن حجر في المطالب العالية: **3235** .

2728- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **297** رقم الحديث: **2703** قال: حدثنا حسن . والترمذي رقم الحديث: **2980** قال: حدثنا عبد بن حميد' قال: حدثنا الحسن بن موسى . والنسائي في الكبرى (تحفة الأسراف) رقم الحديث: **5469** عن أحمد بن الخليل' عن يونس بن محمد (ح) وعن علي بن معبد بن نوح البغدادي' عن

مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هَلَكْتُ، قَالَ: وَمَا الَّذِي أَهْلَكَكَ؟ قَالَ: حَوَّلْتُ رَحْلِي اللَّيْلَةَ، قَالَ: فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ شَيْئًا، قَالَ: فَأُوحِيَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الْآيَةَ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ) (البقرة: 223) يَقُولُ: أَقْبِلْ وَأَدْبِرْ وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ

بن خطاب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: میں ہلاک ہو گیا۔ آپ ﷺ نے پوچھا: کیسے ہلاک ہوئے ہو؟ عرض کی: آج رات میں نے اپنی بیوی سے جماع کیا، پیچھے سے آگے والے راستہ میں۔ آپ ﷺ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کی طرف وحی کی: ''تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں اپنی کھیتی میں جس جگہ سے چاہو آؤ'' (البقرہ:۲۲۳) آگے یا پیچھے سے لیکن دبر سے بچو اور حالت حیض میں بچو۔

2729 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ أُخْتَ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ نَذَرَتْ أَنْ تَحُجَّ، مَاشِيَةً، فَسَأَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ غَنِيٌّ عَنْ نَذْرِ أُخْتِكِ، لِتَرْكَبْ وَتُهْدِ بَدَنَةً

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ عقبہ بن عامر کی بہن نے نذر مانی تھی کہ حج پیدل کروں گی۔ حضور ﷺ نے سوال کیا اس کے متعلق۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ بے پرواہ ہے تیری بہن کی نذر سے اس کو چاہیے کہ وہ سوار ہو اور اونٹنی کی قربانی کرے۔

2730 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي أُمَيَّةَ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے منع کیا گیا ہے بات کرنے والے' سونے

يونس بن محمد .

2729- اخرجه أحمد جلد 1 صفحه 239 رقم الحديث: 2134 قال: حدثنا بهز' قال: أخبرنا همام' قال: حدثنا قتادة . وفي جلد 1 صفحه 239 رقم الحديث: 2139 قال: حدثنا يزيد' قال: أخبرنا همام' عن قتادة . وفي جلد 1 صفحه 252 رقم الحديث: 2278 قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا همام' قال: أخبرنا قتادة .

2730- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 694 من طريق عبد الله بن مسلمة القعنبي' حدثنا عبد الملك بن كعب القرظي قال: قلت له يعني لعمر بن عبد العزيز حدثني عبد الله بن عباس . وأخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 959 من طريق محمد بن اسماعيل' حدثنا زيد بن الحباب' حدثني أبو المقدام هشام بن زياد عن محمد بن كعب عن ابن عباس .

عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نُهِيتُ أَنْ أُصَلِّيَ وَرَاءَ الْمُتَحَدِّثِينَ وَالنِّيَامِ

والوں کے پیچھے نماز پڑھنے سے۔

2731 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ، أَنَّ نَجْدَةَ الْحَرُورِيَّ، حِينَ خَرَجَ فِي فِتْنَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، أَرْسَلَ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ عَنْ سَهْمِ ذِي الْقُرْبَى لِمَنْ يَرَاهُ؟ قَالَ: هُوَ لِقُرْبَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَسَمَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُمْ، وَقَدْ كَانَ عُمَرُ عَرَضَ عَلَيْنَا مِنْهُ عَرْضًا رَأَيْنَاهُ دُونَ حَقِّنَا فَرَدَدْنَاهُ عَلَيْهِ وَأَبَيْنَا أَنْ نَقْبَلَهُ، وَكَانَ الَّذِي عَرَضَ عَلَيْهِمْ أَنْ يُعِينَ نَاكِحَهُمْ وَأَنْ يَقْضِيَ عَنْ غَارِمِهِمْ، وَأَنْ يُعْطِيَ فَقِيرَهُمْ، وَأَبَى أَنْ يَزِيدَهُمْ عَلَى ذَلِكَ

حضرت یزید بن ھرمز سے روایت ہے کہ نجدہ حروری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف خط لکھا جس وقت ابن زبیر والی آزمائش سے نکلے' پوچھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قریبی رشتہ داروں کے حصہ کے متعلق کہ اس کے حق دار کون ہیں؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قریبی رشتہ داروں کے لیے ہے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو تقسیم کیا ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی ہم پر اس سے حق پیش کرتے تھے' ہم اپنے سے زیادہ حق دار دوسروں کو سمجھتے ہیں' ہم اُن کو واپس کر دیتے تھے ہم قبول کرنے سے انکار کر دیتے تھے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں پر پیش کرتے تھے کہ ان کے نکاح کرنے والے کی مدد کی جائے' ان کا قرض ادا کیا جائے' ان کے فقیروں کو دیا جائے' اس سے زیادہ دینے پر انکار کرتے تھے۔

2732 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ (وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا وَأُولَئِكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''اور وہ لوگ جو پارسا عورتوں کو عیب لگائیں پھر چار گواہ نہ لائیں تو ان کو اسی کوڑے لگاؤ اور ان کی کوئی گواہی کبھی نہ مانو، وہی فاسق ہیں'' (النور:۴) حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' وہ انصار کے

2731- الحديث سبق برقم: 2544 فراجعه .

2732- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 238 رقم الحديث: 2131 قال: حدثنا يزيد . وفي جلد 1 صفحه 245 رقم الحديث: 2199 قال: حدثنا محمد بن ربيعة . وأبو داؤد رقم الحديث: 2256 قال: حدثنا الحسن بن علي، قال: حدثنا يزيد بن هارون .

هُمُ الْفَاسِقُونَ) (النور: 4) قَالَ سَعْدُ بْنُ عِبَادَةَ: وَهُوَ سَيِّدُ الْأَنْصَارِ: أَهَكَذَا أُنْزِلَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَا تَسْمَعُونَ إِلَى مَا يَقُولُ سَيِّدُكُمْ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَا تَلُمْهُ فَإِنَّهُ رَجُلٌ غَيُورٌ، وَاللّٰهِ مَا تَزَوَّجَ امْرَأَةً قَطُّ إِلَّا بِكْرًا، وَلَا طَلَّقَ امْرَأَةً قَطُّ فَاجْتَرَأَ رَجُلٌ مِنَّا عَلَى أَنْ يَتَزَوَّجَهَا مِنْ شِدَّةِ غَيْرَتِهِ، فَقَالَ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي لَأَعْلَمُ أَنَّهَا حَقٌّ وَأَنَّهَا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ، وَلَكِنْ قَدْ تَعَجَّبْتُ أَنِّي لَوْ وَجَدْتُ لَكَاعًا قَدْ تَفَخَّذَهَا رَجُلٌ لَمْ يَكُنْ لِي أَنْ أَهِيجَهُ وَلَا أُحَرِّكَهُ حَتَّى آتِيَ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ؟ فَوَاللّٰهِ لَا آتِي بِهِمْ حَتَّى يَقْضِيَ حَاجَتَهُ قَالَ: فَمَا لَبِثُوا إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى جَاءَ هِلَالُ بْنُ أُمَيَّةَ، وَهُوَ أَحَدُ الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ تِيبَ عَلَيْهِمْ، فَجَاءَ مِنْ أَرْضِهِ عِشَاءً فَوَجَدَ عِنْدَ أَهْلِهِ رَجُلًا فَرَأَى بِعَيْنَيْهِ وَسَمِعَ بِأُذُنَيْهِ، فَلَمْ يَهِجْهُ حَتَّى أَصْبَحَ فَغَدَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي جِئْتُ أَهْلِي عِشَاءً فَوَجَدْتُ عِنْدَهَا رَجُلًا فَرَأَيْتُ بِعَيْنِي وَسَمِعْتُ بِأُذُنِي، وَكَرِهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا جَاءَ بِهِ وَاشْتَدَّ عَلَيْهِ، وَاجْتَمَعَتِ الْأَنْصَارُ فَقَالُوا: قَدِ ابْتُلِينَا بِمَا قَالَ سَعْدُ بْنُ عِبَادَةَ: إِلَّا أَنْ يَضْرِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ وَيُبْطِلَ شَهَادَتَهُ فِي الْمُسْلِمِينَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لِي مِنْهَا مَخْرَجًا،

سردار تھے' بولے، یا رسول اللہ ﷺ! اسی طرح نازل ہوئی ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اے انصار کے گروہ! کیا تم سنتے نہیں اس بات کو جو تمہارا سردار کہہ رہا ہے؟ انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! اس کو سلامت نہ کریں یہ غیرت مند آدمی ہے۔ اللہ کی قسم! یہ شادی ہمیشہ کنواری سے کرتا ہے کسی عورت کو طلاق نہیں دیتا، ہم میں سے کوئی آدمی جرأت نہیں کرتا اس کی غیرت مندی کی وجہ سے اس کی عورت سے شادی کرنے کی۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! میں یقین رکھتا ہوں کہ یہ حق ہے اور یہ اللہ کی جانب سے ہے لیکن تعجب خیز بات یہ ہے کہ اگر میں کسی مرد کو اس حالت میں پاؤں کہ اس نے اس عورت کو اپنی رانوں میں دبایا ہوا ہو۔ میرے لیے ممکن نہیں کہ میں اس پہ چار گواہ لے آؤں۔ اللہ کی قسم میرے آنے تک وہ کام مکمل کر چکا ہوگا۔ تھوڑی دیر ہوئی تھی کہ حضرت ہلال بن امیہ تشریف لائے وہ ان تین میں شامل تھے جن کی توبہ قبول ہوئی تھی، رات کو اپنے باغ سے آئے۔ اپنے اہل خانہ کے پاس ایک مرد کو پایا انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور اپنے دونوں کانوں سے سنا لیکن مقدمہ پیش کرنے کی جرأت نہیں ہوئی یہاں تک کہ صبح ہوئی۔ صبح حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں رات کو اپنے اہل خانہ کے پاس آیا میں نے اس کے پاس ایک مرد کو پایا میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اپنے کانوں سے سنا۔ حضور ﷺ نے اس کو ناپسند خیال کیا' آپ پر شاق گزری۔ انصار جمع

فَقَالَ هِلَالٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي قَدْ أَرَى مَا اشْتَدَّ عَلَيْكَ مِمَّا جِئْتُ بِهِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنِّي لَصَادِقٌ، فَوَاللَّهِ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُرِيدُ أَنْ يَأْمُرَ بِضَرْبِهِ إِذْ نَزَلَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَحْيُ، وَكَانَ إِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ عَرَفُوا ذَلِكَ فِي تَرَبُّدِ جِلْدِهِ فَأَمْسَكُوا عَنْهُ حَتَّى فَرَغَ مِنَ الْوَحْيِ، فَنَزَلَتْ (وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ) (النور:6) الْآيَةَ كُلَّهَا، فَسُرِّيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَبْشِرْ يَا هِلَالُ، قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لَكَ فَرَجًا وَمَخْرَجًا فَقَالَ هِلَالٌ: قَدْ كُنْتُ أَرْجُو ذَاكَ مِنْ رَبِّي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْسِلُوا إِلَيْهَا فَأَرْسَلُوا إِلَيْهَا، فَجَاءَتْ: فَتَلَاهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَّرَهُمَا وَأَخْبَرَهُمَا أَنَّ عَذَابَ الْآخِرَةِ أَشَدُّ مِنْ عَذَابِ الدُّنْيَا، فَقَالَ هِلَالٌ: وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَقَدْ صَدَقْتُ عَلَيْهَا، فَقَالَتْ: كَذَبَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَاعِنُوا بَيْنَهُمَا فَقَالَ لِهِلَالٍ: اشْهَدْ، فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ، فَلَمَّا كَانَتِ الْخَامِسَةُ قِيلَ: يَا هِلَالُ اتَّقِ اللَّهِ فَإِنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ، وَإِنَّ هَذِهِ الْمُوجِبَةُ الَّتِي تُوجِبُ الْعَذَابَ، فَقَالَ: وَاللَّهِ لَا يُعَذِّبُنِي اللَّهُ عَلَيْهَا كَمَا لَمْ تَجْلِدْنِي عَلَيْهَا، فَشَهِدَ الْخَامِسَةَ أَنَّ لَعْنَةَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ

ہو گئے' کہنے لگے: جو حضرت سعد بن عبادہ نے کہا تھا ہم بھی اس میں مبتلا ہوئے ہیں مگر یہ کہ حضرت ہلال بن امیہ کو سزا ہوگی، مسلمانوں میں ان کی گواہی باطل قرار دیں گے۔ حضرت ہلال کہنے لگے: اللہ کی قسم میں امید رکھتا ہوں کہ اللہ میرے لیے کوئی بہتر راستہ نکال دے گا۔ اس سے حضرت ہلال نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں نے بے شک دیکھا۔ آپ ﷺ پر شاق گزرا ہے، اس وجہ سے جو میں لے کر آیا ہوں اللہ کی قسم جانتا ہوں میں سچا ہوں۔ اللہ کی قسم! بے شک حضور ﷺ ضرور ان پر سزا کا حکم لگانے والے تھے اچانک رسول اللہ ﷺ پر وحی آنا شروع ہوگئی۔ آپ ﷺ پر جب وحی نازل ہوتی تھی اس کو آپ ﷺ کے چہرے سے معلوم کر لیا جاتا تھا کہ وہ اس طرح کہ آپ ﷺ کا رنگ بدل جاتا تھا وہ آپ ﷺ سے رُک گئے یہاں تک کہ وحی آنا ختم ہوگئی۔ پس یہ آیت نازل ہوئی: ''وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر تہمت لگاتے ہیں اور ان کے پاس گواہ نہیں ہوتے مگر اپنے آپ ہی'' (النور:٦) فرمایا: خوشخبری ہو اے ہلال، بے شک اللہ عزوجل نے تیرے لیے گنجائش اور راستہ نکال دیا ہے۔ حضرت ہلال کہتے ہیں بے شک مجھے اپنے ربّ کی ذات پر امید تھی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کی بیوی کو بلواؤ، پس اس کو بلوایا گیا۔ حضور ﷺ نے اس کے سامنے یہ آیت تلاوت فرمائی، اس کو وعظ و نصیحت فرمائی کہ آخرت کا عذاب دنیا کے عذاب سے سخت ہے۔ حضرت ہلال نے کہا: اللہ کی قسم!

الْكَاذِبِينَ، ثُمَّ قِيلَ لَهَا: اشْهَدِي، فَشَهِدَتْ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ فَلَمَّا كَانَتِ الْخَامِسَةُ قِيلَ لَهَا: اتَّقِي اللّٰهَ فَإِنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ، وَإِنَّ هَذِهِ الْمُوجِبَةُ الَّتِي تُوجِبُ عَلَيْكِ الْعَذَابَ، فَتَلَكَّأَتْ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَتْ: وَاللّٰهِ لَا أَفْضَحُ قَوْمِي، فَشَهِدَتِ الْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ، فَفَرَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا وَقَضَى أَنْ لَا يُدْعَى وَلَدُهَا لِأَبٍ وَلَا يُرْمَى وَلَدُهَا، وَمَنْ رَمَاهَا أَوْ رَمَى وَلَدَهَا فَعَلَيْهِ الْحَدُّ، وَقَضَى أَنْ لَا بَيْتَ لَهَا عَلَيْهِ، وَلَا قُوتَ مِنْ أَجْلِ أَنَّهُمَا يَتَفَرَّقَانِ مِنْ غَيْرِ طَلَاقٍ وَلَا مُتَوَفًّى عَنْهَا، وَقَالَ: إِنْ جَاءَتْ بِهِ أُصَيْهِبَ أُثَيْبِجَ أُرَيْسِحَ حَمْشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِهِلَالٍ، وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَوْرَقَ جَعْدًا جُمَالِيًّا، خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ، سَابِغَ الْأَلْيَتَيْنِ، فَهُوَ لِلَّذِي رُمِيَتْ بِهِ، فَجَاءَتْ بِهِ أَوْرَقَ جَعْدًا جُمَالِيًّا خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ سَابِغَ الْأَلْيَتَيْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا الْأَيْمَانُ لَكَانَ لِي وَلَهَا شَأْنٌ قَالَ عِكْرِمَةُ: وَكَانَ بَعْدَ ذَلِكَ أَمِيرًا عَلَى مِصْرَ وَمَا يُدْعَى لِأَبٍ

یارسول اللہ ﷺ! میں اس کے خلاف سچ بولتا ہوں۔ اس عورت نے کہا: اس نے سچ نہیں بولا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ان دونوں کے درمیان لعان کرو۔ حضرت ہلال نے کہا، گواہی دے! اس نے چار مرتبہ گواہی دی کہ اللہ کی قسم! میں سچوں میں سے ہوں جب پانچ، پانچویں دفعہ سہادت آئی تو کہا گیا اے ہلال اللہ سے ڈر بے شک دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے تھوڑا ہے۔ یہ پانچویں دفعہ شہادت واجب کرنے والی ہے۔ حضرت ہلال نے کہا اللہ کی قسم تم مجھے اس پر عذاب نہیں ہوگا جس طرح کہ مجھے اس پر کوڑے نہیں پڑے۔ انہوں نے پانچویں دفعہ گواہی دی کہ اللہ کا غضب اس پر اگر وہ جھوٹوں میں سے ہو۔ پھر اس عورت سے کہا گیا کہ تو گواہی دے۔ چار مرتبہ اس طرح گواہی دے کہ اللہ کی قسم وہ جھوٹوں میں سے ہے۔ جب پانچویں مرتبہ گواہی دینے لگی تو اس کو کہا گیا اللہ سے ڈر، بے شک دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے تھوڑا ہے، یہ پانچویں مرتبہ تجویز ثابت کرنے والی ہے۔ وہ ایک گھڑی روئی۔ پھر اللہ کی قسم کھا کر کہا میں اپنی قوم کو رسوانہیں کروں گی۔ اس نے پانچویں دفعہ گواہی دی۔ اس پر اللہ کا غضب ہو اگر وہ (اس کا خاوند) سچوں میں سے ہو۔ حضور ﷺ نے ان دونوں کے درمیان جدائی ڈال دی' یہ فیصلہ دیا کہ اس عورت کی اولاد کو باپ کی طرف منسوب نہ کیا جائے۔ جو شخص اس پر یا اس کی اولاد پر تہمت لگائے اس پر حد ہو گی۔ یہ فیصلہ دیا گیا کہ اس عورت کے لیے نہ گھر ہوگا۔

نہ نان نفقہ ہوگا۔ اس وجہ سے کہ اُن دونوں کے درمیان فرق کیا جا رہا ہے بغیر طلاق اور بغیر وفات کے اور فرمایا اگر اس عورت نے بچہ جنا اس طرح کا سرخ و سفید رنگ کا، ہلکی سیرین والا، پتلی پنڈلیوں والا' وہ ہلال کا ہوگا۔ اگر گندی رنگت والا ہو گھنگرے بالوں والا ہو موٹی پنڈلیوں والا، موٹی سرین والا ہو۔ یہ اس آدمی کا ہوگا جس کی طرف اس کو منسوب کیا گیا اس نے نا گندمیں رنگ والا موٹی پنڈلیوں والا۔ موٹی سیرین والا بچہ جنا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے اور اس عورت کے درمیان قسم نہ ہوتی تو معاملہ کچھ اور ہوتا۔ حضرت عکرمہ فرماتے اس کے بعد وہی مصر کا گورنر بنا۔ اس کو باپ کی طرف منسوب نہیں کیا جاتا تھا۔

2733 - أخبرنا أبو يعلى حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، بِنَحْوِهِ

حضرت ابویعلیٰ نے ہمیں خبر دی' میرے باپ نے ہمیں حدیث سنائی' یزید بن ہارون نے اس جیسی حدیث ہمیں سنائی۔

3134- الحديث سبق برقم: **2918** فراجعه .

3135- الحديث برقم: **2902** فراجعه .

3136- الحديث سبق برقم: **2873** فراجعه .

3137 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَبِي حَزْمٍ الْقُطَعِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنْ يَهُودِيًّا مَرَّ بِصَبِيَّةٍ عَلَيْهَا حُلِيٌّ فَانْتَزَعَ حُلِيَّهَا وَقَذَفَهَا فِي بِئْرٍ، فَأُدْرِكَتْ فَأُخْرِجَتْ وَبِهَا رَمَقٌ، فَقِيلَ: مَنْ قَتَلَكِ؟ قَالَتْ: فُلَانٌ الْيَهُودِيُّ، فَرُفِعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَتَلَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک یہودی' ایک بچی کے پاس سے گزرا' جس نے زیور پہن رکھا تھا' اس نے اس کا زیور چھین کر اسے کنویں میں ڈال دیا' پس (جلدی پتہ چل گیا) اُسے پالیا گیا' کنویں سے نکالا گیا تو اس میں ابھی زندگی باقی تھی' کسی نے کہا: تجھے کس نے قتل کرنے کی کوشش کی؟ اُس نے کہا: فلاں یہودی ہے۔ پس یہ مسئلہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ نے اس کو قتل کروا دیا۔

3138 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سحری کیا کرو، بے شک سحری میں برکت ہے۔

3139 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ مِنَ الْخَيْرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد کی جان ہے! کوئی شخص اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہی بھلائی پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

3140 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ میں

3137- الحديث سبق برقم: 2859 فراجعه .

3138- الحديث سبق برقم: 3118 فراجعه .

3139- الحديث سبق برقم: 2958 فراجعه .

3140- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 274,170 قال: حدثنا محمد بن جعفر' وحجاج . وفي جلد 3 صفحه 180 قال: حدثنا وكيد' وابن جعفر . وفي جلد 3 صفحه 274 قال: حدثنا وكيع' وبهز' وأبو النضر . وفي جلد 3 صفحه 291 قال: حدثنا بهز . والبخاري جلد 3 صفحه 216' وفي الأدب المفرد رقم الحديث: 879' وفي

حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ بِالْمَدِينَةِ فَزَعٌ فَرَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِأَبِي طَلْحَةَ كَانَ يَقْطِفُ، فَرَجَعَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَجَدْنَاهُ بَحْرًا مِنَ الْبُحُورِ قَالَ: فَكَانَ لَا يُجَارَى

گھبراہٹ ہوئی تو حضور ﷺ حضرت ابوطلحہ کے گھوڑے پر سوار ہوئے' جو بہت چلنے والا تھا' پس آپ ﷺ واپس تشریف لائے تو فرمایا: ہم نے اس کو سمندروں میں سے ایک سمندر دیکھا' فرمایا: جو چل ہی نہیں رہا تھا۔

3141 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ ذَكَرَ أَنَّ يَهُودِيًّا مَرَّ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَعَ أَصْحَابِهِ - أَوْ قَالَ وَمَعَهُ أَصْحَابُهُ - فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَقَالَ: أَتَدْرُونَ مَا قَالَ؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: رُدُّوهُ عَلَيَّ قَالَ: قُلْتَ: سَامٌ عَلَيْكُمْ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ فَقُولُوا: وَعَلَيْكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے ایک یہودی کا ذکر کیا جو رسول کریم ﷺ کے پاس سے گزرا جبکہ آپ صحابہ کے ساتھ تھے' یا فرمایا: آپ کے ساتھ صحابہ بھی تھے' پس اس نے آپ پر سلام کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں معلوم ہے اس نے کیا کہا؟ صحابہ نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: اسے پکڑ کے میرے پاس لاؤ۔ آپ نے فرمایا: تُو نے ''سام علیکم'' کہا؟ اس نے کہا: ہاں! رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تمہیں کتابی سلام کریں تو تم صرف وعلیکم کہا کرو۔

3142 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَرَادَ أَنْ يَكْتُبَ إِلَى الْأَعَاجِمِ، قِيلَ لَهُ: إِنَّهُمْ لَا يَقْبَلُونَ كِتَابًا إِلَّا بِخَاتَمٍ، قَالَ: فَاتَّخَذَ خَاتَمًا فَنَقَشَ فِيهِ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے عجمیوں کی طرف خط لکھنے کا ارادہ کیا، آپ ﷺ سے عرض کی گئی: یا رسول اللہ! عجمی لوگ خط بغیر مہر کے قبول نہیں کرتے ہیں۔ حضور ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس پر نقش تھا: محمد رسول اللہ!

خلق أفعال العباد صفحه 72 قال: حدثنا آدم .

3141- الحديث سبق برقم: 2909 فراجعه .

3142- الحديث سبق برقم: 3063 فراجعه .

3143 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنْ يَهُودِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً عَلَى أَوْضَاحٍ، فَقَتَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک یہودی نے ایک لونڈی کو اوضاح پر قتل کیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس یہودی کو قتل کیا اُس کے بدلے قصاصاً۔

3144 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، فِي التَّفْلِ فِي الْمَسْجِدِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هِيَ خَطِيئَةٌ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ اس کو دفن کرنا ہے۔

3145 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَتِمُّوا الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، فَوَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرَاكُمْ مِنْ بَعْدِ ظَهْرِي إِذَا رَكَعْتُمْ وَإِذَا سَجَدْتُمْ ثُمَّ قَالَ قَتَادَةُ: يُرِيهُ اللّٰهُ مِنْ ذَلِكَ مَا لَا تَرَوْنَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رکوع اور سجدہ مکمل کیا کرو' اللہ کی قسم! میں اپنی پشت کے پیچھے سے تم کو دیکھتا ہوں جب تم رکوع اور سجدہ کرتے ہو۔ پھر حضرت قتادہ نے فرمایا: اللہ آپ کو دکھا دیتا ہے جو آپ نہیں دیکھتے ہیں۔

3146 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، إِلَّا إِنَّهُ لَمْ يَقُلْ يُرِيهِ اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں' مگر یہ الفاظ کہ اللہ آپ کو دکھا دیتا ہے' یہ روایت نہیں کیے۔

3147 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز شروع کرتے وقت میں نماز

3143- الحديث سبق برقم: **3137** فراجعه .

3144- الحديث سبق برقم: **3075** فراجعه .

3145- الحديث سبق برقم: **2962** فراجعه .

3146- الحديث سبق برقم: **2962** فراجعه .

3147- الحديث سبق برقم: **3132** فراجعه .

أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي لَأَدْخُلُ فِي الصَّلَاةِ أُرِيدُ إِطَالَتَهَا فَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَأَتَجَوَّزُ فِي صَلَاتِي مِمَّا أَعْلَمُ مِنْ شِدَّةِ وَجْدِ أُمِّهِ مِنْ بُكَائِهِ

لمبی کرنے کا ارادہ کرتا ہوں تو میں کسی بچے کی آواز سنتا ہوں' اپنی نماز مختصر کر دیتا ہوں کیونکہ میں جانتا ہوں' اس سے اس کی ماں کو کتنی تکلیف ہوتی ہے۔

3148 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُ رِعْلٌ وَذَكْوَانُ وَعُصَيَّةُ وَبَنُو لِحْيَانَ فَزَعَمُوا أَنَّهُمْ قَدْ أَسْلَمُوا، فَاسْتَمَدُّوهُ عَلَى قَوْمِهِمْ، فَأَمَدَّهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعِينَ مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ أَنَسٌ: كُنَّا نُسَمِّيهِمْ فِي زَمَانِهِمُ الْقُرَّاءَ، كَانُوا يُجَاهِدُونَ بِالنَّهَارِ وَيُصَلُّونَ بِاللَّيْلِ، فَانْطَلَقُوا بِهِمْ حَتَّى إِذَا أَتَوْا بِئْرَ مَعُونَةَ غَدَرُوا بِهِمْ فَقَتَلُوهُمْ، فَقَنَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ يَدْعُو عَلَى هَذِهِ الْأَحْيَاءِ رِعْلٍ وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ وَبَنِي لِحْيَانَ قَالَ قَتَادَةُ: وَحَدَّثَنَا أَنَسٌ أَنَّهُمْ قَرَءُوا بِهِ قُرْآنًا: بَلِّغُوا عَنَّا قَوْمَنَا أَنَّا لَقِينَا رَبَّنَا، فَرَضِيَ عَنَّا وَأَرْضَانَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ رِعل' ذکوان اور عصیہ اور بنولحیان کے لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے' اُنہوں نے ظاہر کیا کہ وہ مسلمان ہوئے ہیں' اپنی قوم کے خلاف اُنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مدد مانگی' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی مدد کی ستّر انصار کے ساتھ۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اس زمانہ میں ان کا نام قراء رکھتے تھے' وہ دن کو جہاد کرتے اور رات کو نماز پڑھتے' وہ انصار اُن کے ساتھ چلے یہاں تک کہ بئر معونہ آئے' اُنہوں نے دھوکہ کیا او ان انصار کو قتل کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ماہ تک صبح کی نماز میں ان قبائل کے لیے بددعا کی' یعنی قبیلہ رعل' ذکوان' عصیہ اور بنی لحیان کے لیے۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا: وہ قاریٔ قرآن تھے' ہمیں اُن کے حوالہ سے خبر پہنچی کہ اُنہوں نے کہا: ہم رب سے اس حالت میں ملے ہیں کہ وہ ہم سے راضی تھا اور ہم اُس سے راضی تھے۔

3149 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا حال ہے اس قوم کا جو اپنی

3148- الحديث سبق برقم: 2914 فراجعه .

3149- الحديث سبق برقم: 2956 فراجعه .

أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَرْفَعُونَ أَبْصَارَهُمْ إِلَى السَّمَاءِ فِي صَلَاتِهِمْ فَاشْتَدَّ قَوْلُهُ فِي ذَلِكَ حَتَّى قَالَ: لَيَنْتَهُنَّ عَنْ ذَلِكَ أَوْ لَتُخْطَفَنَّ أَبْصَارُهُمْ

نماز میں اپنی آنکھیں آسمان کی طرف اٹھا لیتے ہیں۔ آپ ﷺ نے اپنے اس آرشاد میں سختی فرمائی حتیٰ کہ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے ڈر ہے کہیں ان کی آنکھیں اچک نہ لی جائیں۔

3150 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النُّخَاعَةُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ اس کو دفن کرنا ہے۔

3151 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ تَسَحَّرَا فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ سُحُورِهِ يَعْنِي: قُلْتُ لَهُ كَمْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ دُخُولِهِ فِي صَلَاتِهِ؟، قَالَ: قَدْرَ مَا يَقْرَأُ الرَّجُلُ خَمْسِينَ آيَةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے سحری کی' پس جب آپ ﷺ سحری سے فارغ ہوئے' یعنی میں نے ان سے کہا: آپ کے اور نماز کے درمیان کتنا فاصلہ تھا؟ اُنہوں نے جواب دیا: پچاس آیات پڑھنے کی مقدار۔

3152 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَتِمُّوا الصَّفَّ الْمُقَدَّمَ، فَإِنْ كَانَ نُقْصَانٌ فَلْيَكُنْ فِي الْمُؤَخَّرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پہلے آگے والی صف مکمل کرو، اگر آگے جگہ کم ہوتو پیچھے ہو جاؤ۔

3153 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

3150- الحديث سبق برقم: **3075** فراجعه .

3151- الحديث سبق برقم: **3029,2936** فراجعه .

3152- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **215,132** قال: حدثنا محمد بن بكر . وفي جلد **3** صفحه **233** قال: حدثنا عبد الوهاب . وأبو داؤد رقم الحديث: **671** قال: حدثنا محمد بن سليمان الأنباري' قال: حدثنا عبد الوهاب بن عطاء .

3153- الحديث سبق برقم: **3104** فراجعه .

عَدِيّ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ، سَأَلَتْ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْأَةِ تَرَى فِي مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ ذَاكَ فِي مَنَامِهَا فَلْتَغْتَسِلْ قَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: وَاسْتَحْيَيْتُ مِنْ ذَلِكَ فَقُلْتُ: أَيَكُونُ ذَلِكَ؟ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، فَمِنْ أَيْنَ يَكُونُ الشَّبَهُ، إِنَّ مَاءَ الرَّجُلِ غَلِيظٌ أَبْيَضُ، وَإِنَّ مَاءَ الْمَرْأَةِ أَصْفَرُ رَقِيقٌ فَأَيُّهُمَا عَلَا أَوْ سَبَقَ كَانَ مِنْهُ الشَّبَهُ

بے شک سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اس عورت کے بارے میں جوخواب میں وہ دیکھے جو مرد دیکھتا ہے (احتلام وغیرہ) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت پانی دیکھے اور اس کو انزال ہو گیا ہو تو اس پر غسل واجب ہے، تو ام سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ! وہ یہ ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! مرد کا پانی گاڑھا اور سفید ہوتا ہے اور عورت کا پانی پتلا اور پیلا ہوتا ہے۔ ان پانیوں میں سے جو بھی سبقت لے جائے یا بلند ہو تو بچہ اسی کے مشابہ ہوتا ہے۔

3154 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى أَنْ يَشْرَبَ الرَّجُلُ قَائِمًا ، قَالَ قَتَادَةُ: فَقُلْنَا: فَالْأَكْلُ؟ قَالَ: ذَاكَ شَرٌّ - أَوْ أَخْبَثُ-

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آدمی کو کھڑے ہو کر پانی پینے سے منع فرمایا۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں: ہم نے سوال اُٹھایا: پس کھانا؟ اُنہوں نے جواب دیا: یہ اس سے زیادہ برا ہے۔

3155 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُضَحِّي بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ يَطَأُ عَلَى صِفَاحِهِمَا وَيَذْبَحُهُمَا بِيَدِهِ وَيَقُولُ: بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دو سرخ وسفید مینڈھے لائے ان دونوں کو اپنے ہاتھوں سے ذبح کیا اور اپنی زبان سے "بسم اللہ اللہ اکبر" کہی۔

3156 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى رَجُلٍ يَسُوقُ بَدَنَةً،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک آدمی کے پاس سے گزرے وہ ایک بدنہ (قربانی کے بڑے جانور اونٹ وغیرہ کو کہا جاتا ہے) کو

3154- الحديث سبق برقم: 2964 فراجعه .

3155- الحديث سبق برقم: 2965 فراجعه .

3156- الحديث سبق برقم: 2755 فراجعه .

قَالَ: ارْكَبْهَا قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: ارْكَبْهَا، وَيْلَكَ

ہانک رہا تھا تو اس سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تو اس پر سوار ہو جا۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ (بدنہ) قربانی کا جانور ہے۔ فرمایا: اس پر سوار ہو' تیرے لیے ہلاکت ہو!

3157 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَخَفِّ النَّاسِ صَلَاةً فِي تَمَامٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ کی نماز تمام لوگوں میں سب سے زیادہ مختصر تھی، تمام نمازوں میں۔

3158 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلَا يَتْفِلَنَّ قُدَّامَهُ، وَلَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَإِنَّهُ يُنَاجِي رَبَّهُ وَلَكِنْ، عَنْ يَسَارِهِ أَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز میں ہو تو وہ آگے بڑھکر اور نہ اپنے سامنے تھوکے کیونکہ وہ اپنے رب سے مناجات کر رہا ہوتا ہے' یا تو اپنے بائیں طرف یا اپنے بائیں پاؤں کے نیچے تھوکے۔

3159 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَهْطًا، مِنْ عُكْلٍ وَعُرَيْنَةَ أَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا أَهْلَ ضَرْعٍ وَلَمْ نَكُنْ أَهْلَ رِيفٍ، قَالَ: فَاسْتَوْخَمُوا الْمَدِينَةَ فَأَمَرَ لَهُمْ بِذَوْدٍ وَرَاعٍ أَنْ يَخْرُجُوا فِيهَا فَيَشْرَبُوا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا، فَقَتَلُوا رَاعِيَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَاقُوا الذَّوْدَ وَكَفَرُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ بنو عرینہ کا ایک گروہ نبی پاک ﷺ کے پاس آیا۔ راوی کہتے ہیں: انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! ہمیں مدینہ کی آب و ہوا ناموافق آئی ہے۔ ہمارے پیٹ بڑے ہو گئے ہیں اور ہمارے گوشت لاغر ہو گئے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ بیت المال کے اونٹوں کے داعی کے پاس جائیں تو انہوں نے اونٹوں کا دودھ اور ان کا پیشاب پیا تو وہ تندرست ہو گئے۔ ان کے جسم

3157- الحديث سبق برقم: 3056 فراجعه .

3158- الحديث سبق برقم: 2877 فراجعه .

3159- الحديث سبق برقم: 3034,2875 فراجعه .

بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِهِمْ فَأُتِيَ بِهِمْ، فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، وَسَمَرَ أَعْيُنَهُمْ، وَتَرَكَهُمْ فِي الْحَرَّةِ حَتَّى مَاتُوا

بھی ٹھیک ہو گئے انہوں نے راعی کو چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے اور مرتد ہو گئے۔ نبی پاک ﷺ نے ان کے پیچھے لوگوں کو بھیجا ان کو لایا گیا ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے گئے اور آپ ﷺ نے ان کی آنکھیں نکال دیں اور ان کو گرمی میں (سورج کی دھوپ میں) ڈال دیا۔

3160 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، حَدَّثَهُمْ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ أُحُدًا فَتَبِعَهُ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ فَرَجَفَ بِهِمْ فَقَالَ: اسْكُنْ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ احد پہاڑ پر جلوہ افروز تھے اس وقت آپ ﷺ کے ساتھ ابوبکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ اور عثمان رضی اللہ عنہ بھی تھے تو احد پہاڑ ہلا (زلزلہ آیا) تو آپ ﷺ نے فرمایا: رُک جا! تیرے اوپر ایک نبی ﷺ، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔

3161 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ بِالزَّوْرَاءِ فَأُتِيَ بِإِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ لَا يَغْمُرُ أَصَابِعَهُ - أَوْ قَالَ: مَا يُوَارِي أَصَابِعَهُ - فَأَمَرَ أَصْحَابَهُ أَنْ يَتَوَضَّئُوا، وَوَضَعَ كَفَّهُ فِي الْمَاءِ فَجَعَلْنَا نَرَى الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ حَتَّى تَوَضَّأَ الْقَوْمُ ، قُلْنَا لِأَنَسٍ: كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: ثَلَاثَمِائَةٍ أَوْ زُهَاءَ ثَلَاثِمِائَةٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ زوراء کے مقام پر تھے' آپ ﷺ کے پاس ایک پانی والا برتن لایا گیا' جس میں آپ کی مبارک انگلیاں پوری طرح نہیں ڈوب رہی تھیں' پس آپ ﷺ نے صحابہ کو حکم فرمایا کہ وضو کرو! اپنی ہتھیلی کو اس پانی میں رکھ دیا' پس ہم نے پانی کو دیکھنا شروع کیا' وہ آپ کی انگلیوں کے درمیان سے نکل رہا تھا یہاں تک کہ سارے لوگوں نے وضو کر لیا۔ ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: اس دن آپ لوگ کتنے تھے؟ اُنہوں نے جواب دیا: تین سو۔

3160- الحديث سبق برقم: 2903 فراجعه .

3161- الحديث سبق برقم: 2888 فراجعه .

3162 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ بنت حیی سے نکاح کیا، آپ کو آزاد کرنا آپ کا حق مہر بنایا گیا۔

3163 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا غَلَبَ عَلَى قَوْمٍ أَحَبَّ أَنْ يُقِيمَ بِعَرْصَتِهِمْ ثَلَاثًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ، حضرت ابوطلحہ سے راوی ہیں، وہ فرماتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم پر غالب آ جاتے تو تین دن وہاں اقامت اختیار فرماتے۔

3164 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوفُ عَلَى نِسَائِهِ فِي لَيْلَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی رات میں اپنی تمام ازواج کے پاس جاتے تھے۔

3165 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدُورُ عَلَى نِسَائِهِ فِي السَّاعَةِ مِنَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُنَّ إِحْدَى عَشْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: فَهَلْ كَانَ يُطِيقُ ذَلِكَ؟ قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّهُ أُعْطِيَ قُوَّةَ أَرْبَعِينَ

حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک اللہ کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ازواج کے پاس دن کو بھی اور رات کی گھڑیوں میں بھی چکر لگایا کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کی تعداد گیارہ (۱۱) تھی۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اتنی قدرت رکھتے تھے؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم باتیں کیا کرتے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس (۴۰)

3162- الحديث سبق برقم: **3120** فراجعه .

3163- الحديث في مسند أبي طلحة برقم: **1427,1411** .

3164- الحديث سبق برقم: **2935** فراجعه .

3165- الحديث سبق برقم: **2934** فراجعه .

مردوں جتنی طاقت ہے۔

3166 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَسِيَ صَلَاةً أَوْ نَامَ عَنْهَا فَكَفَّارَتُهَا أَنْ يُصَلِّيَهَا إِذَا ذَكَرَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوشخص نماز پڑھنا بھول جائے یا سو جائے تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ جب اُسے یاد آئے، پڑھ لے۔

3167 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكُمْ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا يُحَدِّثُكُمْ أَحَدٌ بَعْدِي سَمِعَهُ مِنْهُ: إِنَّهُ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَيَفْشُوَ الزِّنَى، وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَيَذْهَبَ الرِّجَالُ، وَيَبْقَى النِّسَاءُ حَتَّى يَكُونَ لِخَمْسِينَ امْرَأَةً قَيِّمٌ وَاحِدٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کیا میں تم کو ایک ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے اور یہ حدیث میرے بعد تم کسی سے بھی نہیں سنو گے۔ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت عام ہو جائے گی، شراب کھلم کھلا پی جائے گی، زنا عام ہو جائے گا، مرد کم ہو جائیں گے اور عورتیں بہت زیادہ ہو جائیں گی، اتنی زیادہ کہ ایک مرد پچاس عورتوں کے لیے ہوگا۔

3168 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَصْحَابَ النَّبِيِّ، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ يُسَلِّمُونَ عَلَيْنَا فَكَيْفَ نَرُدُّ عَلَيْهِمْ؟ قَالَ: قُولُوا: وَعَلَيْكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرام نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی: اہل کتاب ہم پر سلام کرتے ہیں ہم ان کا جواب کیسے دیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی اہل کتاب تم کو سلام کہے تو تم کہا کرو: وعلیکم (اور تم پر بھی)۔

3169 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

3166- الحديث سبق برقم: **2847** فراجعه .

3167- الحديث سبق برقم: **2924** فراجعه .

3169- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **122** قال: حدثنا يزيد . وفي جلد **3** صفحه **272,127** قال: حدثنا حجاج . وفي

بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَبُّكُمْ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: إِذَا تَقَرَّبَ الْعَبْدُ مِنِّي شِبْرًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ ذِرَاعًا، وَإِذَا تَقَرَّبَ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ بَاعًا، وَإِذَا أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً

حضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہارا رب فرماتا ہے جب بندہ میرے قریب ایک بالشت ہو تو میری رحمت اس کے ایک ہاتھ قریب ہوتی ہے، جب وہ اللہ کے ایک ہاتھ قریب آئے گا تو اللہ کی رحمت اس کے پاس چل کر آئے گی، جب وہ اللہ کے قریب چل کر آئے گا تو اللہ کی رحمت دوڑ کر آئے گی۔

3170 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسٍ، قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ، فَلَا أَدْرِي أَشَيْءٌ نَزَلَ أَوْ شَيْءٌ كَانَ يَقُولُ: لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَيْنِ مِنْ مَالٍ لَتَمَنَّى - أَوْ لَابْتَغَى إِلَيْهِمَا وَادِيًا ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر ابن آدم (آدم کے بیٹے) کے پاس مال کی ایک وادی ہو تو وہ دوسری کی تلاش میں ہوگا اور اس کے پاس دو ہوں تو وہ ضرور تیسری کی تلاش و فکر میں ہوگا اور ابنِ آدم کا پیٹ مٹی کے سوا کوئی شے نہیں بھر سکتی اور اللہ تعالیٰ صرف اسی کی توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرتا ہے۔

3171 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ وَلِجَارِهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

3172 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

جلد 3 صفحہ 272,130 قال: حدثنا محمد بن جعفر . وعبد بن حُميد: 1169 قال: اخبرنا يزيد ابن هارون . والبخارى جلد 9 صفحه 191 وفى (خلق أفعال العباد): 56 قال: حدثنا محمد ابن عبد الرحيم' قال: حدثنا أبو زيد سعيد بن الربيع الهروى .

3170- الحديث سبق برقم: 3131,2944 فراجعه .

3171- الحديث سبق برقم: 2943 فراجعه .

عَـدِيٍّ، عَـنْ حُسَيْـنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تم میں سے کوئی بندہ مومن نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

3173 - حَـدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْأُبُلِّيُّ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ بِالْبُرَاقِ مُسْرَجًا مُلْجَمًا، فَاسْتَصْعَبَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ: أَبِمُحَمَّدٍ تَفْعَلُ هَذَا؟ فَمَا رَكِبَكَ أَحَدٌ أَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْهُ، قَالَ: فَارْفَضَّ الْبُرَاقُ عَرَقًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ معراج کی رات حضور ﷺ کے لیے براق کو سجا کر اور لگام ڈال کر لایا گیا اور اُس پر دشوار گزرا' حضرت جبریل علیہ السلام نے اسے فرمایا: کیا تو محمد ﷺ کے ساتھ یہ کرے گا؟ تیرے اوپر اللہ کے ہاں اس سے زیادہ معزز کوئی نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا: اس وقت براق پسینہ پسینہ ہو گیا۔

3174 - حَـدَّثَـنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ (عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى) (النجم: **14**) قَالَ: أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُفِعَتْ لِيَ سِدْرَةُ الْمُنْتَهَى فِي السَّمَاءِ السَّابِعَةِ نَبْقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرَ، وَوَرَقُهَا مِثْلُ آذَانِ الْفِيَلَةِ، يَخْرُجُ مِنْ سَاقِهَا نَهْرَانِ ظَاهِرَانِ، وَنَهْرَانِ بَاطِنَانِ، فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ مَا هَذَا؟ قَالَ: أَمَّا النَّهْرَانِ الْبَاطِنَانِ فَفِي الْجَنَّةِ، وَأَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيلُ وَالْفُرَاتُ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے متعلق "عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى" فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے لیے سدرۃ المنتہیٰ اٹھائے گا ساتویں آسمان سے اس کے بیر اتنے بڑے تھے جس طرح مقامِ ہجر کے مٹکے' اس کے پتے ہاتھی کے کانوں کی طرح ہیں اس کی پنڈلی سے دو ظاہری طور پر نہریں نکلتی ہیں اور دو باطنی طور پر۔ میں نے کہا: اے جرائیل! یہ کیا ہے؟ عرض کی: بہرحال دو نہریں باطن والی تو وہ جنت میں ہے' جو دو ظاہر ہیں وہ نیل اور فرات ہیں۔

3173- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **143** . وعبد بن حُميد: **1186** . الترمذی رقم الحديث: **3131** قال: حدثنا اسحاق بن منصور .

3174- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **164** قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: حدثنا معمر' عن قتادة' فذكره . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **128** قال: حدثنا محمد بن أبي عدى' عن حُميد' فذكره .

3175 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، فِي قَوْلِهِ (إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ) (الكوثر: 1) أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَأَيْتُ الْكَوْثَرَ نَهَرًا فِي الْجَنَّةِ، حَافَّتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ، فَقُلْتُ: مَا هَذَا يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَذَا الْكَوْثَرُ الَّذِي أَعْطَاكُمُ اللّٰهُ

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کے متعلق کہ ہم نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو کوثر عطا فرمائی۔ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے کوثر دیکھی وہ جنت میں نہر ہے۔ اس کو ڈھانپا ہوا ہے موتیوں کے ساتھ، میں نے کہا: جبرائیل! یہ کیا ہے؟ عرض کی: یہ وہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ رضی اللہ عنہما کو عطا کی ہے۔

3176 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، سَأَلَ أَهْلُ مَكَّةَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آيَةً فَانْشَقَّ الْقَمَرُ بِمَكَّةَ مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ: (اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ وَإِنْ يَرَوْا آيَةً يُعْرِضُوا وَيَقُولُوا سِحْرٌ مُسْتَمِرٌّ) (القمر: 2) يَقُولُ: ذَاهِبٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اہل مکہ نے کسی معجزہ کا سوال کیا، مکہ شریف میں دو مرتبہ چاند شق ہوا۔ اس کے بعد حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: "اقتربت الساعة الٰی آخرہ"۔

3177 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مِنْ تَمَامِ الصَّلَاةِ إِقَامَةُ الصَّفِّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صف کو سیدھا کرنا' نماز مکمل کرنے کا جز ہے۔

3178 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رکوع اور سجدہ مکمل کیا کرو' اللہ کی قسم! میں اپنی پشت

3175- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 103 قال: حدثنا ابن أبي عدي . وفي جلد 3 صفحه 115 قال: حدثنا يحيى وفي جلد 3 صفحه 263 قال: حدثنا عبد الله بن بكر .

3176- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 165 . ومسلم رقم الحديث: 2802 من طريق محمد بن رافع . وأخرجه الترمذي رقم الحديث: 3282 من طريق عبد بن حميد .

3177- الحديث سبق برقم: 3125,3045,2988 .

3178- الحديث سبق برقم: 3145 فراجعه .

عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَتِمُّوا الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ فَوَاللَّهِ إِنِّي لَأَرَاكُمْ مِنْ بَعْدِ ظَهْرِي إِذَا مَا رَكَعْتُمْ أَوْ سَجَدْتُمْ

کے پیچھے سے تم کو دیکھتا ہوں جب تم رکوع اور سجدہ کرتے ہو۔

3179 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتْفِلُ أَحَدٌ مِنْكُمْ فِي صَلَاتِهِ أَمَامَهُ، وَلَا عَنْ يَمِينِهِ فَإِنَّهُ يُنَاجِي رَبَّهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک اپنی نماز میں اپنے سامنے نہ تھوکے اور نہ اپنی دائیں طرف کیونکہ وہ اپنے رب سے مناجات کر رہا ہوتا ہے۔

3180 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، وَيَحْيَى، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَرْفَعُونَ أَبْصَارَهُمْ إِلَى السَّمَاءِ فِي صَلَاتِهِمْ؟ فَاشْتَدَّ قَوْلُهُ فِي ذَلِكَ حَتَّى قَالَ: لَيَنْتَهُنَّ عَنْ ذَلِكَ أَوْ لَتُخْطَفَنَّ أَبْصَارُهُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معلوم نہیں ان لوگوں کو کیا ہے جو اپنی نمازوں میں اپنی آنکھوں کو آسمان کی طرف اُٹھاتے ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں اتنی سخت بات فرمائی حتیٰ کہ فرمایا: وہ لوگ اس سے رُک جائیں ورنہ ان کی آنکھیں اُچک لی جائیں گی۔

3181 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَقَدَ أَحَدُكُمْ عَنِ الصَّلَاةِ أَوْ نَامَ عَنْهَا فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا قَالَ اللَّهُ: (أَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِي) (طه: **14**)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ ایک آدمی نماز کے وقت سویا رہتا ہے' یا غفلت میں رہتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کا کفارہ یہ ہے کہ جب اس کو یاد آئے اس کو پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ''أَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِي''۔

3182 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

3179- الحديث سبق برقم: **3158** فراجعه .

3180- الحديث سبق برقم: **2911,2056** فراجعه .

3181- الحديث سبق برقم: **3053** فراجعه .

3182- الحديث سبق برقم: **3161,2888** فراجعه .

حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ قَدْرَ مَا يَغْمُرُ أَصَابِعَهُ أَوْ لَا يَغْمُرُ - شَكَّ سَعِيدٌ - فَجَعَلُوا يَتَوَضَّئُونَ وَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ، قَالَ: فَقُلْنَا لِأَنَسٍ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: ثَلَاثَمِائَةٍ، قَالَ خَالِدٌ: ثُمَّ ذَكَرَ كَلِمَةً، ثُمَّ قَالَ: ثَلَاثَمِائَةٍ

کی بارگاہ میں ایک برتن لایا گیا' جس میں پانی تھا' اتنی مقدار جس میں آپ ﷺ کی انگلیاں ڈوب سکتی تھیں یا مکمل وہ بھی ڈوب نہیں سکتی تھیں' حضرت سعید کو شک ہے' پس صحابہ کرام نے وضو کرنا شروع کر دیا اور آپ کی مبارک انگلیوں سے پانی کا چشمہ پھوٹ رہا تھا۔ راوی کا بیان ہے: ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی: آپ لوگ کتنے تھے؟ آپ نے فرمایا: ہم تین سو تھے' فرمایا: حضرت خالد نے پھر ایک کلمہ ذکر کیا' پھر فرمایا: تین سو۔

3183 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَجُلًا يَسُوقُ بَدَنَةً فَقَالَ: ارْكَبْهَا قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: ارْكَبْهَا، وَيْلَكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے وہ ایک قربانی کے جانور کو ہانک رہا تھا تو اس سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تو اس پر سوار ہو جا۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ (بدنہ) قربانی کا جانور ہے۔ فرمایا: اس پر سوار ہو' تیرے لیے ہلاکت ہو!

3184 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا، قَالَ: وَسُئِلَ عَنِ الْأَكْلِ قَائِمًا - قَالَ خَالِدٌ: لَا أَدْرِي مَنِ الْمَسْئُولُ - قَالَ: ذَاكَ شَرٌّ - أَوْ قَالَ: ذَاكَ أَخْبَثُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے کھڑے ہو کر پینے سے روکا۔ راوی کا بیان ہے: کھڑے ہو کر کھانے کے بارے سوال ہوا۔ خالد کا قول ہے: مجھے معلوم نہیں کس سے پوچھا گیا' جواب دیا: یہ بُرا ہے' یا فرمایا: یہ خبیث ہے۔

3185 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

3183- الحديث سبق برقم: **3156** فراجعه .

3184- الحديث سبق برقم: **3154,2964** فراجعه .

3185- الحديث سبق برقم: **3160,2903** فراجعه .

وَيَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ أُحُدًا وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ فَرَجَفَ بِهِمُ الْجَبَلُ . فِي حَدِيثِ يَزِيدَ فَضَرَبَ بِرِجْلِهِ وَقَالَ: اثْبُتْ أُحُدُ، فَإِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ

بے شک نبی اکرم ﷺ احد پہاڑ پر جلوہ افروز تھے اس وقت آپ ﷺ کے ساتھ ابوبکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ اور عثمان رضی اللہ عنہ بھی تھے تو احد پہاڑ ہلا۔ یزید کی روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے (پہاڑ پر) پاؤں مارا اور فرمایا: رُک جا! تیرے اوپر ایک نبی ﷺ، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔

3186 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُرَى فِيهِ أَبَارِيقُ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ كَعَدَدِ نُجُومِ السَّمَاءِ قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: يَعْنِي حَوْضَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس (حوضِ کوثر) میں سونے چاندی کے پیالے دیکھے جائیں گے، جن کی تعداد آسمان کے تاروں کے برابر ہوگی۔ حضرت ابوسعید کا قول ہے: یعنی آپ ﷺ کے حوض میں۔

3187 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسًا، أَنْبَأَهُمْ فِيمَنْ جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَزَيْدٌ، وَأَبُو زَيْدٍ ، قَالَ: وَكُلُّهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے مبارک میں کس نے قرآن جمع کیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابی بن کعب، معاذ بن جبل، زید بن ثابت اور ابوزید رضی اللہ عنہم نے، اور فرمایا: یہ تمام لوگ انصار سے تھے۔

3188 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَوْ عَنْ أُنَاسٍ، مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُمْ كَانُوا يَضَعُونَ جُنُوبَهُمْ فَيَنَامُونَ مِنْهُمْ مَنْ يَتَوَضَّأُ وَمِنْهُمْ مَنْ لَا يَتَوَضَّأُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے صحابہ حالت جنابت میں ہوتے وہ اس کے بعد سو جاتے، ان میں سے کچھ وضو کرتے، کچھ وضو نہ کرتے تھے۔

3186- الحديث سبق برقم: 3103 فراجعه .

3187- الحديث سبق برقم: 2871 فراجعه .

3188- الحديث في المقصد العلى برقم: 145 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 248 وقال: رواه البزار ورجاله رجال الصحيح، ورواه أبو يعلى..... ورجاله رجال الصحيح .

3189 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَتْ أُمِّي: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ خَادِمُكَ فَادْعُ اللّٰهَ لَهُ، قَالَ: اللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَبَارِكْ لَهُ فِيمَا أَعْطَيْتَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری امی نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! یہ آپ کا خادم ہے اس کے لیے اللہ سے دعا کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! اس کے مال و اولاد میں برکت عطا فرما اور جو عطا کیا ہے اس میں برکت دے۔

3190 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الدُّبَّاءُ، وَرَأَيْتُهُ يَوْمًا يَأْكُلُ طَعَامًا فِيهِ دُبَّاءُ، فَجَعَلْتُ أُقَرِّبُهُ إِلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کدو شریف بہت پسند فرمایا کرتے تھے، جب میں نے آپ کو کدو سے کھانا کھاتے دیکھا تو مجھے بھی یہ اچھے لگنے لگے۔

3191 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، (إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا) (الفتح: 1) قَالَ: الْحُدَيْبِيَةُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ "ہم نے آپ کے لیے واضح فتح دی" سے مراد صلح حدیبیہ ہے۔

3192 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا مُعَاذٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدُورُ عَلَى نِسَائِهِ فِي السَّاعَةِ مِنَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَهُنَّ إِحْدَى عَشْرَةَ، فَقُلْتُ لِأَنَسٍ: وَهَلْ كَانَ يُطِيقُ ذَلِكَ؟ قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّهُ أُعْطِيَ قُوَّةَ ثَلَاثِينَ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک اللہ کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ازواج کے پاس دن کو بھی اور رات کی گھڑیوں میں بھی چکر لگایا کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کی تعداد گیارہ (۱۱) تھی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اتنی قدرت رکھتے تھے؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم باتیں کیا کرتے تھے کہ

3189- [illegible] البخاري جلد 8 صفحه 101,91 قال: حدثنا سعيد بن الربيع . وفي جلد 8 صفحه 93 قال: حدثنا عبد [illegible] أبي الأسود' قال: حدثنا حرمي .

3190- [illegible] سبق برقم: 2937,2997 فراجعه .

3191- [illegible] سبق برقم: 2925 فراجعه .

3192- [illegible] سبق برقم: 3165 فراجعه .

آپ ﷺ کے پاس (۳۰) مردوں جتنی طاقت ہے۔

3193 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرْجِعَهُ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ، أُنْزِلَتْ وَأَصْحَابُهُ مُخَالِطُو الْحُزْنِ، وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ نُسُكِهِمْ، فَنَحَرُوا الْهَدْيَ بِالْحُدَيْبِيَةِ، فَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: لَقَدْ نَزَلَتْ عَلَيَّ آيَةٌ هِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا جَمِيعًا فَلَمَّا تَلَاهَا نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: هَنِيئًا مَرِيئًا يَا نَبِيَّ اللَّهِ قَدْ بَيَّنَ اللَّهُ لَنَا مَا يَفْعَلُ بِكَ فَمَاذَا يَفْعَلُ بِنَا؟ فَأَنْزَلَ اللَّهُ بَعْدَهَا (لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ) (الفتح: 5) الْآيَةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ آیت نبی کریم ﷺ پر حدیبیہ سے واپس لوٹتے ہوئے نازل ہوئی' یہ اس حال میں نازل ہوئی کہ صحابہ کرام غم و اندوہ میں ڈوبے ہوئے تھے' اور ان کے اور ان کی ادائیگی کے درمیان یہ چیز رکاوٹ بن چکی تھی' پس وہ حدیبیہ کے مقام پر ہی اپنی قربانیوں کو نحر کر چکے تھے' پس جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپ ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: مجھ پر ایک ایسی آیت نازل ہوئی ہے جو مجھے تمام دنیا سے زیادہ پسند ہے' پس جب آپ نے اسے تلاوت فرمایا تو صحابہ میں سے ایک آدمی نے مبارکباد پیش کی اور کہا. اے اللہ کے نبی ﷺ! اللہ نے ہمارے لیے یہ بات تو واضح کر دی کہ وہ آپ کے ساتھ کیا کرے گا لیکن وہ ہمارے ساتھ کیا کرے گا؟ اس کے بعد اللہ نے یہ آیت نازل کی: ''ليدخل المؤمنين والمؤمنات الى آخره''۔

3194 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسًا، حَدَّثَهُمْ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً عَلَى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کسی عورت سے شادی کی، سونے کی ایک ڈلی کے وزن پر۔

3195 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

3193- الحديث سبق برقم: **2925** فراجعه .

3194- أخرجه مسلم جلد**4**صفحه**144** قال: حدثنا اسحاق بن ابراهيم' قال: أخبرنا وكيع' قال: حدثنا شعبة' عن قتادة' وحُميد' فذكراه .

3195- الحديث سبق برقم: **2879** فراجعه .

بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ قَوْمًا يَخْرُجُونَ مِنَ النَّارِ بَعْدَمَا يُصِيبُهُمْ سَفْعٌ مِنْهَا فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ يُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّينَ

بے شک اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: ایک قوم جہنم سے نکلے گی اپنی سزا پانے کے بعد اور ان کے رنگ بدل گئے ہوں گے وہ لوگ جنت میں داخل کر دیے جائیں گے، اہلِ جنت ان کو جہنمین کہہ کر پکاریں گے۔

3196 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ الْأَنْصَارَ، وَقَالَ: هَلْ فِيكُمْ مِنْ غَيْرِكُمْ؟ قَالُوا: لَا، إِلَّا ابْنَ أُخْتٍ لَنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ- أَوْ قَالَ: مِنَ الْقَوْمِ -

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے انصار کو جمع کیا، اس کے بعد فرمایا: کیا تم میں ان کے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! مگر ہماری ایک بہن کا بیٹا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہوتا ہے۔ یا فرمایا: قوم میں سے ہے۔

3197 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنِي حَجَّاجٌ، حَدَّثَنِي شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْأَنْصَارَ كَرِشِي وَعَيْبَتِي، وَإِنَّ النَّاسَ سَيُكْثِرُونَ وَيُقِلُّونَ، فَاقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَاعْفُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: انصار میرے ساتھی اور میرے راز دار ہیں اور بے شک لوگ زیادہ مالدار بھی اور کم مال والے بھی ہوں گے' ان میں سے احسان کرنے والے کی نیکی کو قبول کرنا اور ان میں سے غلطی کرنے والے کی خطا سے درگزر کرنا۔

3198 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَةِ فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: (اے اللہ!) نہیں زندگی مگر آخرت کی زندگی' انصار اور مہاجرین کی مغفرت فرما!

3199 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا بَهْزٌ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے

3196- الحديث سبق برقم: 2993 فراجعه .

3197- الحديث سبق برقم: 2975 فراجعه .

3198- الحديث سبق برقم: 2994 فراجعه .

شُعْبَةُ، قَالَ قَتَادَةُ: أَخْبَرَنِي أَنَّهُ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ وَيُعْجِبُنِي الْفَأْلُ قَالَ: فَقُلْتُ: وَمَا الْفَأْلُ قَالَ: الْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ

شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نہ ہی تعدیہ ہے (بیماری کا متعدی ہونا کہ بیمار سے لوگ بیماری کی وجہ سے نفرت کریں) اور نہ ہی بدشگونی لینا ہے اور مجھے اچھی فال اچھی لگتی ہے اچھی بات تو اچھی ہوتی ہے۔

3200 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، وَهِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسًا، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ بَهْزٍ، غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ: الْفَأْلُ: الْكَلِمَةُ الْحَسَنَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نہ ہی تعدیہ ہے (بیماری کا متعدی ہونا کہ بیمار سے لوگ بیماری کی وجہ سے نفرت کریں) اور نہ ہی بدشگونی لینا ہے اور مجھے اچھی فال اچھی لگتی ہے اچھی بات تو اچھی ہوتی ہے۔

3201 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا بَهْزٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَوُّوا صُفُوفَكُمْ، فَإِنَّ تَسْوِيَةَ الصَّفِّ مِنْ تَمَامِ الصَّلَاةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم اپنی صفیں درست کیا کرو۔ بے شک صف کا سیدھا کرنا یہ نماز کے مکمل ہونے سے۔

3202 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَوُّوا صُفُوفَكُمْ، فَإِنَّ تَسْوِيَةَ الصَّفِّ مِنْ تَمَامِ الصَّلَاةِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ: قَالَ شُعْبَةُ: دَاهَنْتُ فِي هَذَا لَمْ أَسْأَلْ قَتَادَةَ: سَمِعَهُ أَمْ لَا؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم اپنی صفیں درست کیا کرو۔ بے شک صف کا سیدھا کرنا یہ نماز کے مکمل ہونے سے۔ ابوداؤد نے کہا کہ شعبہ نے کہا: مجھے اس میں شک ہے، میں حضرت قتادہ سے سوال نہ کر سکا: کیا اُنہوں نے یہ سنا یا نہیں؟

3203 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا بَهْزٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی اہل کتاب تم کو سلام

3200- الحديث سبق برقم: 3199,3018,3017 فراجعه .

3201- الحديث سبق برقم: 3125 فراجعه .

3202- الحديث سبق برقم: 3201,3125 فراجعه .

3203- الحديث سبق برقم: 3168 فراجعه .

أَهْلُ الْكِتَابِ إِذَا سَلَّمُوا عَلَيْنَا كَيْفَ نَرُدُّ عَلَيْهِمْ؟ قَالَ: قُولُوا: عَلَيْكُمْ

کہے تو تم کہا کرو: وعلیکم اور تم پر۔

3204 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا بَهْزٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُوَاصِلُوا . قَالُوا: إِنَّكَ تُوَاصِلُ . قَالَ: إِنَّكُمْ لَسْتُمْ فِي ذَلِكَ مِثْلِي، إِنِّي أَظَلُّ - أَوْ قَالَ: أَبِيتُ - أُطْعَمُ وَأُسْقَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لگاتار روزے نہ رکھو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ تو لگاتار روزے رکھتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں رات اس حال میں گزارتا ہوں کہ مجھے کھلایا بھی جاتا ہے اور مجھے پلایا بھی جاتا ہے۔

3205 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا بَهْزٌ، وَوَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اعْتَدِلُوا فِي السُّجُودِ وَلَا يَبْسُطْ أَحَدُكُمْ ذِرَاعَيْهِ كَمَا يَبْسُطُ الْكَلْبُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں کہ بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سجدوں میں اعتدال کرو اور تم میں سے کوئی بھی اپنی کلائیاں اس طرح نہ پھیلائے جس طرح کتا پھیلاتا ہے۔

3206 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى رَجُلٍ يَسُوقُ بَدَنَةً، قَالَ: وَيْحَكَ - أَوْ: وَيْلَكَ - ارْكَبْهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک آدمی کے پاس سے گزرے وہ ایک جانور اونٹ کو ہانک رہا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے لیے بربادی ہو! یا (فرمایا:) تیرے لیے ہلاکت ہو! اس پر سوار ہو۔

3207 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْكَبْهَا فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ بَهْزٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا: سوار ہو جا! پھر بہز کی حدیث کی مثل روایت ذکر کی۔

3204- الحديث سبق برقم: 3042 فراجعه .

3205- الحديث سبق برقم: 2977,2845 فراجعه .

3206- الحديث سبق برقم: 2755 فراجعه .

3207- الحديث سبق برقم: 2755,3206 فراجعه .

3208 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَأَمَرَ بِهِ فَضُرِبَ بِنَعْلَيْنِ أَرْبَعِينَ، ثُمَّ أُتِيَ أَبُو بَكْرٍ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ، فَصَنَعَ بِهِ مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ أُتِيَ عُمَرُ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ، فَاسْتَشَارَ النَّاسَ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ: أَقَلَّ الْحُدُودِ ثَمَانِينَ، فَضَرَبَهُ عُمَرُ ثَمَانِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک ایک آدمی کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اس حال میں حاضر کیا گیا کہ اس نے شراب پی ہوئی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو مارو تو اس کو اپنے جوتوں کے ساتھ چالیس مارے۔ پھر اسی طرح ایک بندے کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا جس نے شراب پی ہوئی تھی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو ۴۰ کوڑے مروائے پھر ایک آدمی کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا جس نے شراب پی تھی، اس سلسلے میں آپ نے لوگوں سے مشورہ کیا تو حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کم سے کم حد اسی ہے، تو آپ نے اسی لگوائے۔

3209 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا بَهْزٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاةٍ فَإِنَّهُ يُنَاجِي رَبَّهُ، فَلَا يَتْفِلَنَّ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا عَنْ يَمِينِهِ، وَلْيَتْفِلْ عَنْ يَسَارِهِ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم نماز میں ہوتے ہو تو کیونکہ تم اپنے رب سے مناجات کر رہے ہوتے ہو، تو ایسے میں کوئی بھی اپنے دائیں ہرگز نہ تھوکے، اسے چاہیے کہ وہ اپنے بائیں طرف بائیں پاؤں کے نیچے تھوکے۔

3210 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا كَانَ فِي الصَّلَاةِ إِنَّمَا يُنَاجِي رَبَّهُ، فَلَا يَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا عَنْ يَمِينِهِ، وَلَكِنْ عَنْ يَسَارِهِ تَحْتَ قَدَمِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم نماز میں ہوتے ہو تو بے شک تم اپنے رب سے مناجات کر رہے ہوتے ہو تو ایسے میں کوئی بھی اپنے دائیں ہرگز نہ تھوکے، اسے چاہیے کہ وہ اپنے بائیں طرف بائیں پاؤں کے نیچے

3208- الحديث سبق برقم: 3043 فراجعه.

3209- الحديث سبق برقم: 2959 فراجعه.

3210- الحديث سبق برقم: 2209 فراجعه.

تھوکے۔

3211 - وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبُزَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ كَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ اس کو دفن کرنا ہے۔

3212 - حَدَّثَنَا بَهْزٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ بِالْمَدِينَةِ فَزْعَةٌ، فَاسْتَعَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِأَبِي طَلْحَةَ يُقَالُ لَهُ: مَنْدُوبٌ، فَرَكِبَهُ وَقَالَ: مَا رَأَيْنَا مِنْ فَزَعٍ، وَإِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مدینہ شریف میں گھبراہٹ تھی' حضور صلی اللہ علیہ وسلم ابوطلحہ کے گھوڑے پر سوار ہوئے' اس کو مندوب کہا جاتا تھا' ہم نے ایسی گھبراہٹ نہیں دیکھی اگر چہ ہم سمندر پار کر جائیں۔

3213 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا أَحَدٌ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ فَيَسُرُّهُ أَنْ يَخْرُجَ مِنْهَا وَإِنَّ لَهُ مَا عَلَى الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا الشَّهِيدُ، فَإِنَّهُ يَتَمَنَّى أَنْ يَرْجِعَ فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرَى مِنَ الْكَرَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنتیوں میں سے کوئی بھی ایسا نہ ہوگا جو اس بات میں خوشی محسوس کرتا ہو کہ اس کو دوبارہ دنیا میں بھیجا جائے اور اس کو پہلے جیسی دس گنا زیادہ مراعات حاصل ہوں سوائے شہید کے، شہید چاہے گا کاش کہ اس کو دوبارہ دنیا کی طرف لوٹا دیا جائے اور وہ اللہ کی راہ میں دس مرتبہ قتل کیا جائے اس کے لیے وہ اس کی فضیلت کو دیکھ چکا ہوگا۔

3214 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَنْبَأَنِي أَبُو إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، يَقُولُ: أُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سندس کا ایک جُبّہ ہدیہ دیا گیا حالانکہ آپ ریشم سے منع کرتے تھے' لوگوں کو وہ جبّہ بڑا پسند آیا' آپ نے فرمایا:

3211- الحديث سبق برقم: 3076 فراجعه .

3212- الحديث سبق برقم: 2989 فراجعه .

3213- الحديث سبق برقم: 3046 فراجعه .

3214- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحُلَّةِ حَرِيرٍ، فَجَعَلُوا يَلْمِسُونَهَا وَيَعْجَبُونَ مِنْ لِينِهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنْ هَذَا- أَوْ: أَلْيَنُ مِنْ هَذَا -

اللہ کی قسم! سعد بن معاذ کے لیے جنت میں اس سے بھی زیادہ خوبصورت جبّہ ہے' یا فرمایا: اس سے بھی زیادہ نرم۔

3215 - قَالَ شُعْبَةُ: فَحَدَّثَنِي قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هَذَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی حدیث کی مثل روایت کرتے ہیں۔

3216 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ نَزَلَ بِهِ، فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی کسی مصیبت کی وجہ سے جو اس کو پہنچی ہے' موت کی تمنا نہ کرے' اگر ضرور ہی تمنا کرنی ہے تو وہ یہ دعا کرے: "اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِي الٰی آخرہٖ"۔

3217 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِمُعَاذٍ: اعْلَمْ أَنَّهُ مَنْ مَاتَ وَهُوَ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ- صِدْقًا مِنْ قَلْبِهِ- دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تُو جان لے جو اس حالت میں دنیا سے گیا کہ وہ لا الٰہ الا اللہ وانّ محمد رسول اللہ کی گواہی صدقِ دل سے دیتا ہو تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

3218 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ

حضرت ابوتیاح فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

3215- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3216- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **3109** قال: حدثنا محمد بن بشار . والنسائي في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: **1060** قال: أخبرنا عبد الله بن الهيثم بن عثمان .

3217- أخرجه البخاري جلد **1** صفحه **44** قال: حدثنا اسحاق بن ابراهيم . ومسلم جلد **1** صفحه **45** قال: حدثنا اسحاق بن منصور .

3218- الحديث سبق برقم: **3196** فراجعه .

حَرْبٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْفَتْحِ وَغَدَتْ قُرَيْشٌ قَالَتِ الْأَنْصَارُ: وَاللّٰهِ إِنَّ هَذَا لَعَجَبٌ، إِنَّ سُيُوفَنَا تَقْطُرُ مِنْ دِمَاءِ قُرَيْشٍ، وَإِنَّ غَنَائِمَنَا تُقْسَمُ بَيْنَهُمْ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَ إِلَى الْأَنْصَارِ خَاصَّةً فَقَالَ: مَا هَذَا الَّذِي بَلَغَنِي عَنْكُمْ؟ - قَالَ: وَكَانُوا لَا يَكْذِبُونَ - قَالُوا: هُوَ الَّذِي بَلَغَكَ. قَالَ: أَمَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَذْهَبَ النَّاسُ بِالْغَنَائِمِ وَتَرْجِعُونَ بِرَسُولِ اللّٰهِ إِلَى بُيُوتِكُمْ؟ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا - أَوْ قَالَ: شِعْبًا - لَسَلَكْتُ شِعْبَ الْأَنْصَارِ قَالَ شُعْبَةُ: وَحَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، بِنَحْوِهِ، وَزَادَ فِيهِ قَالَ: دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَنْصَارَ خَاصَّةً قَالَ: هَلْ فِيكُمْ أَحَدٌ مِنْ غَيْرِكُمْ؟ قَالُوا: لَا، إِلَّا ابْنُ أُخْتٍ لَنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ قُرَيْشًا حَدِيثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ، وَإِنِّي أَرَدْتُ أَنْ أَتَأَلَّفَهُمْ فَأَجْبُرَهُمْ

انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب فتح کا دن تھا تو قریش کی صبح کی تو انصار نے کہا: اللہ کی قسم! یہ عجیب ہے خون ہماری تلواریں بہاتی ہیں اور ہمارا مالِ غنیمت ان کے درمیان تقسیم کیا جاتا ہے۔ یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے صرف انصار کو بلوایا اور آپ نے فرمایا: میری طرف تمہاری کیا بات پہنچی ہے؟ انصار صحابہ جھوٹ نہیں بولتے تھے اُنہوں نے عرض کی: بات وہی ہے جو آپ تک پہنچی ہے۔ آپ نے فرمایا: کیا تم پسند نہیں کرتے ہو کہ وہ لوگ مالِ غنیمت لے کر جائیں اور تم اپنے گھروں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لے کر جاؤ! اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر لوگ وادی یا اونچی جگہ میں چلیں تو میں انصار کی گھاٹی میں چلوں گا۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: ہمیں حضرت قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے اسی طرح بتایا ہے اس میں اضافہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کو خاص طور پر بلوایا اور فرمایا: کیا تمہارے علاوہ اور کوئی رہ گیا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! مگر ہماری بہن کا بیٹا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قوم کی بہن کا بیٹا اُن میں شامل ہوتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریش زمانۂ جاہلیت کے قریب والے ہیں ابھی میں مال دے کر اُن کے دلوں میں محبت ڈالنا چاہتا ہوں۔

3219 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رکوع کے بعد عرب کے قبیلوں میں سے ایک قبیلہ کے خلاف

3219- الحديث سبق برقم: **3057** فراجعه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ شَهْرًا بَعْدَ الرُّكُوعِ يَدْعُو عَلَى أَحْيَاءٍ مِنَ الْعَرَبِ، ثُمَّ تَرَكَهُ

ایک ماہ تک دعا کرتے رہے' پھر اسے ترک کر دیا۔

3220 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسًا، يُحَدِّثُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى: أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي، وَأَنَا مَعَهُ إِذَا دَعَانِي

حضرت قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں' میں اُس کے ساتھ ہی ہوتا ہوں جب مجھے پکارتا ہے۔

3221 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عِبَادَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً فَدَعَا بِهَا فِي أُمَّتِهِ، وَإِنِّي اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی علیہ السلام کے لیے ایک خاص دعا کا اختیار تھا جو اس نے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے اس کو قبول فرمایا اور میں نے اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لیے چھپا کر رکھا ہے۔

3222 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيهِ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْمَدِينَةِ: يَأْتِيهَا الدَّجَّالُ فَيَجِدُ الْمَلَائِكَةَ يَحْرُسُونَهَا فَلَا يَدْخُلُهَا الدَّجَّالُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک دجال مدینہ دیکھے گا کہ فرشتوں کو مدینے کے دروازوں اور گلیوں میں پائے گا' مدینے کی دجال سے حفاظت کر رہے ہوں گے' پس دجال مدینہ میں داخل نہ ہو سکے گا۔

3223 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، حَدَّثَنِي شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے'

3220- الحديث في المقصد العلي برقم: **1694** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**148** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

3221- الحديث سبق برقم: **2834** فراجعه .

3222- الحديث سبق برقم: **2933** فراجعه .

3223- الحديث في المقصد العلي برقم: **429** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2**صفحه**320** وقال: رواه أحمد' وأبو يعلى' والبزار' ورجال أحمد رجال الصحيح .

مَالِكٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَائَهُ

اللہ بھی اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اور جو اللہ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے' اللہ بھی اس سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔

3224 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: أَنبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، عَنْ عُبَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَ حَدِيثِ حَجَّاجٍ

حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے حجاج کی حدیث کی طرح روایت کرتے ہیں۔

3225 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ رُؤْيَا الْمُسْلِمِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کا خواب نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔

3226 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أُمِّ سُلَيْمٍ، أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنَسٌ خَادِمُكَ، ادْعُ اللّٰهَ لَهُ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَبَارِكْ لَهُ فِيمَا أَعْطَيْتَهُ قَالَ أَنَسٌ: أَخْبَرَنِي بَعْضُ وَلَدِي أَنَّهُ دُفِنَ مِنْ وَلَدِي، وَوَلَدِ وَلَدِي أَكْثَرُ مِنْ مِائَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری امی نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! یہ آپ کا خادم ہے اس کے لیے اللہ سے دعا کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! اس کے مال و اولاد میں برکت عطا فرما اور جو عطا کیا ہے اس میں برکت دے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے بعض بچوں نے بتایا کہ وہ اپنی اولاد کی اولاد میں سے سو سے زیادہ افراد کو دفن کر چکے ہیں۔

3227 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ،

حضرت شعبہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ہشام

3224- الحديث سبق برقم: **3223** فراجعه .

3225- أخرجه أحمد جلد **5** صفحه **319** من طريق عبد الرحمن بن مهدي، وحجاج، عن شعبة به . وأخرجه الطيالسي رقم الحديث: **1788** ومن طريقه أخرجه مسلم رقم الحديث: **2264** .

3226- الحديث سبق برقم: **3189** فراجعه .

حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ زَيْدٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، بِمِثْلِ ذَٰلِكَ

بن زید کو بیان کرتے ہوئے سنا' وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

3228 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنَامُونَ ثُمَّ يُصَلُّونَ وَلَا يَتَوَضَّئُونَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سو جاتے' پھر (بیدار ہو کر) نماز پڑھتے اور وضو نہ کرتے تھے' یعنی بیٹھے بیٹھے سوتے تھے۔

3229 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسًا، عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ، فَقَالَ: لَمْ أَسْمَعْ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ شَيْئًا فَكَانَ أَنَسٌ يَكْرَهُهُ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نبیذ کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق کچھ نہیں سنا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ اس کو ناپسند کرتے تھے۔

3230 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ فَزَعٌ بِالْمَدِينَةِ، فَاسْتَعَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِأَبِي طَلْحَةَ يُقَالُ لَهُ: مَنْدُوبٌ، قَالَ: فَرَكِبَ، فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَأَيْنَا مِنْ فَزَعٍ، وَإِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مدینہ شریف میں گھبراہٹ تھی' حضور صلی اللہ علیہ وسلم ابوطلحہ کے گھوڑے پر سوار ہوئے' اس کو مندوب کہا جاتا تھا' ہم نے ایسی گھبراہٹ نہیں دیکھی اگرچہ ہم سمندر پار کر جائیں۔

3231 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا بَهْزٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ الْقَرْعَ أَوِ الدُّبَّاءَ قَالَ: فَرَأَيْتُهُ يَوْمًا يَأْكُلُهُ، قَالَ: فَجَعَلْتُ أَضَعُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کدو شریف بہت پسند فرمایا کرتے تھے' جب میں نے آپ کو کدو سے کھانا کھاتے دیکھا تو مجھے بھی یہ اچھے لگنے لگے۔

3232 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

3228- الحديث سبق برقم: 3188 فراجعه .

3229- الحديث سبق برقم: 3133 فراجعه .

3230- الحديث سبق برقم: 2989 فراجعه .

3231- الحديث سبق برقم: 3190 فراجعه .

قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ إِلَيْهِ لَحْمٌ فَقَالَ: مَا هَذَا؟ . قَالُوا: شَيْءٌ تُصِدِّقَ بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ

کے پاس گوشت لایا گیا' آپ سے عرض کی گئی: یہ حضرت بریرہ پر صدقہ کیا گیا ہے' آپ نے فرمایا: اس کے لیے صدقہ ہے اور ہمارے لیے ہدیہ ہے۔

3233 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَلْفَ أَبِي بَكْرٍ، وَخَلْفَ عُمَرَ، وَخَلْفَ عُثْمَانَ، فَلَمْ يَكُونُوا يَسْتَفْتِحُونَ الْقِرَاءَةَ بِـ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ) (الفاتحة: 1) قَالَ شُعْبَةُ: قُلْتُ لِقَتَادَةَ: أَسَمِعْتَهُ مِنْ أَنَسٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، سَأَلْتُ عَنْهُ أَنَسًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ اور عثمان رضی اللہ عنہ سارے اپنی قرأت کا آغاز الحمد للہ رب العلمین سے کیا کرتے تھے۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت قتادہ سے کہا: کیا آپ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنا ہے؟ فرمایا: جی ہاں! ہم نے اس کے متعلق سوال کیا تھا۔

3234 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ حِينَ أُنْزِلَتْ لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا: إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا . قَالَ: أَسَمَّانِي لَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: فَبَكَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: بے شک اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تجھے قرآن سناؤں! وہ سورہ یہ ہے: ''لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا'' عرض کی: میرا نام لیا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ رو پڑے۔

3235 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، وَهِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو موٹے فربے سینگوں والے مینڈھے

3233- الحديث سبق برقم: 2996 فراجعه .

3234- الحديث سبق برقم: 2986 فراجعه .

3235- الحديث سبق برقم: 3064,2870 فراجعه .

قَالَ: ضَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ، يُسَمِّي وَيُكَبِّرُ، وَقَدْ رَأَيْتُهُ وَاضِعًا عَلَى صِفَاحِهِمَا قَدَمَهُ

ذبح فرمائے تو آپ ﷺ نے اپنا پاؤں مبارک ان کے سر کی چار ہڈیوں پر رکھا آپ ﷺ نے ان دونوں کو اپنے ہاتھ سے ذبح کیا ان پر اللہ تعالیٰ کا نام پکارا اور تکبیر پڑھی۔

3236 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: ضَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَذْبَحُهُمَا بِيَدِهِ وَاضِعًا عَلَى صَفْحَتِهِمَا قَدَمَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے دو موٹے فربے سینگوں والے مینڈھے ذبح فرمائے تو آپ ﷺ نے اپنی پاؤں مبارک ان کے سر کی چار ہڈیوں پر رکھا آپ ﷺ نے ان دونوں کو اپنے ہاتھ سے ذبح کیا ان پر اللہ تعالیٰ کا نام پکارا اور تکبیر پڑھی۔

3237 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَخَّصَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - أَوْ رُخِّصَ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ مِنْ حِكَّةٍ كَانَتْ بِهِمَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے رخصت دی' یا راوی نے کہا: رخصت دی گئی' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر بن عوام کو ریشم پہننے کی' اس وجہ سے کہ ان کو خارش تھی۔

3238 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسًا، يَقُولُ: رُخِّصَ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَلِلزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فِي قَمِيصِ الْحَرِيرِ

حضرت قتادہ نے' حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہما کو ریشم کی قمیص پہننے کی رخصت دی گئی۔

3239 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے

3236- الحديث سبق برقم: **3235,3064,2870** فراجعه .

3237- الحديث سبق برقم: **3136** فراجعه .

3238- الحديث سبق برقم: **3237,3136** فراجعه .

3239- الحديث سبق برقم: **2873** فراجعه .

بْنِ عَوْفٍ، وَالزُّبَيْرَ، شَكَيَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَمْلَ فَرَخَّصَ لَهُمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَمِيصِ الْحَرِيرِ، قَالَ أَنَسٌ: فَكِلَاهُمَا رَأَيْتُ عَلَيْهِ قَمِيصَ حَرِيرٍ

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے خارش (کھجلی) کی شکایت کی۔ ان دونوں کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشم پہننے کی رخصت عنایت فرما دی۔ میں نے ان میں سے ہر ایک پر ریشم کی قمیض دیکھی ہے۔

3240 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا لِيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ) (الفتح: 2) قَالَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَنِيئًا مَرِيئًا لَكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَمَا لَنَا؟ قَالَ: فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ) (الفتح: 5) قَالَ شُعْبَةُ: وَكَانَ قَتَادَةُ، يَذْكُرُ هَذَا الْحَدِيثَ فِي قَصَصِهِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ لَمَّا رَجَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ (إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا لِيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ) (الفتح: 1) قَالَ: ثُمَّ يَقُولُ: قَالَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَنِيئًا لَكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ . ، هَذَا الْحَدِيثُ، قَالَ: فَظَنَنْتُ أَنَّهُ كُلُّهُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: فَأَتَيْتُ الْكُوفَةَ فَحَدَّثْتُ بِهِ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، ثُمَّ رَجَعْتُ فَلَقِيتُ قَتَادَةَ بِوَاسِطٍ فَإِذَا هُوَ يَقُولُ أَوَّلَهُ: عَنْ أَنَسٍ، وَآخِرَهُ: عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: فَأَتَيْتُهُمْ بِالْكُوفَةِ فَأَخْبَرْتُهُمْ بِذَلِكَ

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب آیت کریمہ ''انا فتحنا لك فتحًا الٰی آخرہٖ'' نازل ہوئی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کو مبارک ہو! پس ہمارے لیے کیا ہے؟ راوی کا بیان ہے: تو یہ آیت نازل ہوئی: ''لیدخل المؤمنین الٰی آخرہٖ''۔ حضرت شعبہ نے کہا: اور حضرت قتادہ اپنے قصوں میں اس حدیث کو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ذکر کرتے تھے' فرمایا: یہ آیت نازل ہوئی' جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ سے واپس تشریف لائے' ''انا فتحنا لك فتحًا الٰی آخرہٖ'' فرمایا: پھر کہتے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام نے آپ کو مبارک باد پیش کی' یہ حدیث ہے۔ پس میرا گمان ہے کہ یہ ساری چیزیں حضرت انس صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہیں' فرماتے ہیں: پس میں کوفہ آیا تو میں نے اس حدیث کو حضرت قتادہ سے روایت کیا' اُنہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا' پھر میں واپس آیا تو میں حضرت قتادہ سے ملا' واسط کے مقام پر۔ اچانک میں نے سنا تو وہ کہہ رہے تھے' اس کے اوّل راوی حضرت انس اور دوسرے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہما ہیں۔ فرماتے ہیں: میں ان کے پاس کوفہ میں

3240- الحديث سبق برقم: **3193,2925** فراجعه .

آیا تو میں نے ان سب کو اس کی خبر دی۔

3241 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نَزَلَتْ إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ رَجَعَ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ''ہم نے آپ کے لیے واضح فتح دی'' سے مراد صلح حدیبیہ ہے۔

3242 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ مَرَّتَيْنِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شق قمر کا واقعہ دو مرتبہ ہوا۔

3243 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسًا، يَقُولُ: جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَةٌ، كُلُّهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ: مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَأَبُو زَيْدٍ قَالَ قَتَادَةُ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: مَنْ أَبُو زَيْدٍ؟ قَالَ: أَحَدُ عُمُومَتِي

حضرت قتادہ کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنا کہ اُنہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک میں جن چار لوگوں نے قرآن جمع کیا' وہ تمام لوگ انصار سے تھے: معاذ بن جبل' ابی بن کعب' زید بن ثابت اور ابوزید رضی اللہ عنہم۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: ابوزید کون ہیں؟ انہوں نے فرمایا: میرے چچاؤں میں سے ایک تھے۔

3244 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَجَدَ بِهِنَّ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ، مَنْ يَكُنِ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَأَنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد کی جان ہے! کوئی شخص اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہی بھلائی پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

3241- الحديث سبق برقم: **3191** فراجعه .

3242- الحديث سبق برقم: **3129** فراجعه .

3243- الحديث سبق برقم: **3187** فراجعه .

3244- الحديث سبق برقم: **3139** فراجعه .

أَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ، وَأَنْ يُحِبَّ الْمَرْءَ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلّٰهِ

3245 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ وَقَالَ: لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَلَدِهِ وَوَالِدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ وَقَالَ: لَا يَجِدُ أَحَدُكُمْ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ حَتَّى يَكُونَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَحَتَّى يُحِبَّ الرَّجُلَ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلّٰهِ، وَلَأَنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَرْجِعَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایمان والا نہیں ہو سکتا ہے یہاں تک کہ اپنے بھائی کے لیے وہی پسند کرے جو اپنی ذات کے لیے پسند کرے۔ اور آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایمان دار نہیں ہو سکتا ہے یہاں تک کہ اپنے آپ اور اپنی اولاد' والدین اور تمام لوگوں سے بڑھ کر مجھ سے محبت نہ کرے اور آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایمان کی حلاوت نہیں پا سکتا ہے یہاں تک کہ اللہ اور اس کے رسول سے ہر شی سے بڑھ کر محبت نہ کرے اور آدمی صرف اللہ کے لیے محبت کرے کیونکہ وہ آگ میں پھینکا جانا' زیادہ پسند کرے گا کفر میں جانے سے اور اس کے بعد کہ اللہ نے اس کو بچا لیا ہے۔

3246 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ وَلَهُ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا إِلَّا الشَّهِيدُ، فَإِنَّهُ يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ، لَمَّا يَرَى مِنْ فَضْلِ الْكَرَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنتیوں میں سے کوئی بھی ایسا نہ ہوگا جو اس بات میں جو شے محسوس کرتا ہو کہ اس کو دوبارہ دنیا میں بھیجا جائے اور اس کو پہلے جیسی دس گنا زیادہ مراعات حاصل ہوں سوائے شہید کے، شہید چاہے گا کاش اس کو دوبارہ دنیا کی طرف لوٹا دیا جائے اور وہ اللہ کی راہ میں دس مرتبہ قتل کیا جائے اس کے لیے وہ اس کی فضیلت کو دیکھ چکا ہوگا۔

3245- الحديث سبق برقم: **3171,3130,3039,2943** فراجعه .

3246- الحديث سبق برقم: **3046** فراجعه .

3247 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقَاطَعُوا، وَلَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَحَاسَدُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا كَمَا أَمَرَكُمُ اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قطع تعلق نہ کرو، بغض نہ رکھو، حسد نہ کرو، اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ! جیسے کہ تم کو اللہ حکم دیتا ہے۔

3248 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَخَفِّ النَّاسِ صَلَاةً فِي تَمَامٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز تمام لوگوں میں سب سے زیادہ مختصر اور مکمل تھی۔

3249 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسًا، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ كَمَا فَضْلِ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى

حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور قیامت' ان دو انگلیوں کی مانند ہیں' جیسے ان دو میں سے ایک' دوسری پر زائد ہے۔

3250 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، وَأَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ يَعْنِي: السَّبَّابَةَ وَالْوُسْطَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور قیامت' ان دو یعنی شہادت اور درمیان کی انگلیوں کی مانند بھیجے گئے ہیں۔

3247- أخرجه أحمد جلد 3صفحه277,209 قال: حدثنا روح . ومسلم جلد8صفحه9 قال: حدثنا محمد بن المثنٰى قال: حدثنا أبو داؤد (ح) وحدثنيه على بن نصر الجهضمى' قال: حدثنا وهب بن جرير .

3248- الحديث سبق برقم: 3157,3056,2857,2844,2779 فراجعه .

3249- الحديث سبق برقم: 2990,2918 فراجعه .

3250- الحديث سبق برقم: 3249,2990,2918 فراجعه .

3251 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسٌ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَ أُمَّتَهُ الْأَعْوَرَ الْكَذَّابَ، أَلَا إِنَّهُ أَعْوَرُ وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ، يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ہم کو حدیث بیان کی، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی علیہ السلام نے اپنی اُمت کو کانے جھوٹے سے ڈرایا، خبردار! وہ کانا ہے جبکہ تمہارا رب کانا نہیں ہے، اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہے، جسے ہر مؤمن پڑھ لے گا۔

3252 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- فَلَا أَدْرِي أَشَيْءٌ أُنْزِلَ عَلَيْهِ أَمْ كَانَ يَقُولُهُ - : لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَتَمَنَّى أَوْ لَابْتَغَى وَادِيًا ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، مجھے اس بات کا اندازہ نہیں ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی چیز نازل ہوئی تھی یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا: اگر آدمی کے لیے مال کی دو وادیاں ہوں تو وہ تمنا کرے، یا فرمایا: چاہے تیسری وادی۔ آدمی کا پیٹ مٹی ہی بھر سکتی ہے اور جو توبہ کرے گا اللہ اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔

3253 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعْتُ أَنَسًا، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادٍ مِنْ مَالٍ لَابْتَغَى إِلَيْهِ ثَانِيًا، وَلَوْ كَانَ ثَانِيًا لَابْتَغَى إِلَيْهِ ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهِ عَلَى مَنْ تَابَ قَالَ أَنَسٌ: فَلَا أَدْرِي أَشَيْءٌ أُنْزِلَ عَلَيْهِ أَوْ قَوْلٌ كَانَ يَقُولُهُ

حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر آدمی کے لیے مال کی ایک پوری وادی ہو تو وہ دوسری کی طلب کرے اور اگر دو وادیاں ہوں تو تیسری چاہے، آدم کے بیٹے کا پیٹ مٹی ہی بھرے گی، اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والے کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوئی یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بذاتِ خود یہ بات فرمائی۔

3251- الحديث سبق برقم: 3008 فراجعه .

3252- الحديث سبق برقم: 3131 فراجعه .

3253- الحديث سبق برقم: 3252 فراجعه .

3254 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَهْرَمُ ابْنُ آدَمَ وَيَبْقَى مِنْهُ اثْنَتَانِ: الْحِرْصُ وَالْأَمَلُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم بوڑھا ہو جاتا ہے اور اس کی خواہشیں جوان ہوجاتی ہیں: (۱) مال کے حرص کی (۲) اور اُمید۔

3255 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ بْنَ دِعَامَةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَبُّكُمْ: إِذَا تَقَرَّبَ الْعَبْدُ مِنِّي شِبْرًا تَقَرَّبْتُ ذِرَاعًا، وَإِذَا تَقَرَّبَ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ بَاعًا، وَإِذَا أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا رب فرماتا ہے جب بندہ میرے قریب ایک بالشت ہوتو میری رحمت اس کے ایک ہاتھ قریب ہو جاتی ہے، جب وہ اللہ کے ایک ہاتھ قریب آئے تو اللہ کی رحمت اس کے پاس چل کر آئے گی، جب وہ اللہ کے قریب چل کر آئے گا تو اللہ کی رحمت دوڑ کر آئے گی۔

3256 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسًا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: إِنْ تَقَرَّبَ مِنِّي عَبْدِي شِبْرًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ ذِرَاعًا، وَإِنْ تَقَرَّبَ مِنِّي ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ بَاعًا، وَإِنْ أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ أُهَرْوِلُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا رب فرماتا ہے جب بندہ میرے قریب ایک بالشت ہوتو میری رحمت اس کے ایک ہاتھ قریب ہو جاتی ہے، جب وہ اللہ کے ایک ہاتھ قریب آئے گا تو اللہ کی رحمت اس کے پاس چل کر آئے گی، جب وہ اللہ کے قریب چل کر آئے گا تو اللہ کی رحمت دوڑ کر آئے گی۔

3257 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَى الرُّومِ فَقِيلَ لَهُ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے روم کی طرف خط لکھنے کا ارادہ کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی گئی: یا رسول اللہ! عجمی لوگ خط

3254- الحديث سبق برقم: 3001,2970,2850 فراجعه .

3255- الحديث سبق برقم: 3169 فراجعه .

3256- الحديث سبق برقم: 3255,3169 فراجعه .

3257- الحديث سبق برقم: 3142,3063,3000 .

إِنَّهُمْ لَا يَقْبَلُونَ كِتَابًا إِلَّا بِخَاتَمٍ فَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِهِ فِي يَدِهِ، نَقْشُهُ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ

بغیر مہر کے قبول نہیں کرتے ہیں۔حضور ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی (جس اندر مہر تھی) بنائی گویا کہ اب وہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ وہ سفیدی آپ ﷺ کے ہاتھوں میں' اُس پر یہ نقش تھا: محمد رسول اللہ!

3258 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا أَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَكْتُبَ إِلَى الرُّومِ قِيلَ لَهُ: إِنَّهُمْ لَنْ يَقْرَءُوا كِتَابًا إِذَا لَمْ يَكُنْ مَخْتُومًا فَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، وَنَقْشُهُ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ قَالَ أَنَسٌ: فَكَأَنَّمَا أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِهِ بِيَدِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے رومیوں کی طرف خط لکھنے کا ارادہ کیا، آپ ﷺ سے عرض کی گئی: یا رسول اللہ! عجمی لوگ خط بغیر مہر کے قبول نہیں کرتے ہیں۔حضور ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنائی' اُس پر یہ نقش تھا: محمد رسول اللہ! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: گویا کہ اب بھی وہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ وہ سفیدی آپ ﷺ کے ہاتھوں میں۔

3259 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ أَبُو دَاوُدَ: وَحَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ هِشَامٌ - يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ - قَالَ شُعْبَةُ: أَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ بُرَّةً، أَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ ذَرَّةً - وَقَالَ شُعْبَةُ: ذُرَةً - وَيَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ شَعِيرَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کو آگ سے نکال دیا جائے گا جس نے لا الہ الا اللہ کہا اور اس کے دل میں ایک جو کے وزن برابر بھی ایمان ہوا پھر اس کو بھی آگ سے نکال دیا جائے گا جس نے لا الہ الا اللہ کہا اور اس کے دل میں ایک دانے برابر بھی ایمان ہو پھر اس کو دوزخ سے نکال دیا جائے گا جس نے لا الہ الا اللہ کہا اور اس کے دل میں ایک ذرے جتنا بھی ایمان ہو اور حضرت شعبہ نے فرمایا: ذرّہ کے ذال پر پیش ہے' اور دوزخ کی آگ سے' اسے بھی نکال لیا جائے گا' جس کے دل میں ایک ج(و کے دانے برابر ایمان ہو اور اس نے زبان سے کلمہ طیبہ: لا

3258- الحديث سبق برقم: 3257 فراجعه .

3259- الحديث سبق برقم: 2948 فراجعه .

الٰہ الا اللہ الیٰ آخرہ پڑھا ہوگا۔

3260 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي ثَابِتٌ، سَمِعَ أَنَسًا، يَقُولُ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُكْثِرُ أَنْ يَدْعُوَ بِهَذَا الدُّعَاءِ: رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ قَالَ شُعْبَةُ: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِقَتَادَةَ، فَقَالَ: كَانَ أَنَسٌ، يَدْعُو

حضرت ثابت رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کثرت سے یہ دُعا مانگتے تھے: اے اللہ! ہمیں دنیا و آخرت میں اچھائی عطا فرما اور ہم کو قبر کے عذاب سے محفوظ رکھ۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: میں نے یہ بات حضرت قتادہ سے ذکر کی کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی یہ دعا کرتے تھے۔

ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ أَنَسٍ

وہ حدیثیں جو ثابت البنانی، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3261 - حَدَّثَنَا أَبُو نَصْرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْقُشَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ، وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کو مشکلات سے گھیرا گیا ہے اور جہنم کو شہوات کے ساتھ۔

3262 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

3260- أخرجه مسلم جلد 8صفحه68 قال: حدثنا محمد بن المثنیٰ وابن بشار . والنسائی فی عمل الیوم واللیلة رقم الحدیث:1055 قال: أخبرنا محمد بن المثنیٰ .

3261- أخرجه أحمد جلد 3صفحه254 قال: حدثنا غسان بن الربیع . وفی جلد 3صفحه284 قال: حدثنا عفان . وعبد بن حُمید: 1311 قال: حدثنا حجاج بن منهال . ومسلم جلد8صفحه142 قال: حدثنا عبد الله بن مسلمة بن قعنب .

3262- الحدیث فی المقصد العلی برقم: 1722 . أورده الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد 10صفحه99 وقال: رواه الطبرانی فی الأوسط، وأبو یعلیٰ، وفیه: یحییٰ الحمانی ضعفه أحمد ورماه بالکذب، ورواه البزار وضعفه براوٍ آخر .

الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَرِيقٍ وَمَرَّتِ امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ، فَقَالَ لَهَا رَجُلٌ: الطَّرِيقَ. فَقَالَتِ: الطَّرِيقُ؟ مَهْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعُوهَا فَإِنَّهَا جَبَّارَةٌ

حضور ﷺ ایک راستہ سے گزرے اور ایک کالے رنگ کی عورت بھی گزر رہی تھی' ایک آدمی نے اس کو کہا: راستہ چھوڑ! راستہ چھوڑ! اس عورت نے کہا: راستے کے متعلق بات چھوڑ! حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو! یہ متکبرہ ہے۔

3263 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، وَحَوْثَرَةُ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَتَى تَقُومُ السَّاعَةُ؟ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ قَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ عَنِ السَّاعَةِ؟ قَالَ: هَا أَنَا ذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَقَالَ: إِنَّهَا قَائِمَةٌ فَمَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: مَا أَعْدَدْتُ لَهَا مِنْ كَبِيرِ عَمَلٍ، غَيْرَ أَنِّي أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ. فَقَالَ: أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ. قَالَ: وَعِنْدَهُ غُلَامٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ: مُحَمَّدٌ، فَقَالَ: إِنْ يَعِشْ هَذَا فَلَنْ يُدْرِكَ الْهَرَمَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ وَهُوَ مِنْ نُسْخَةِ عَبْدِ الْأَعْلَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ جب نبی کریم ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: سوال کرنے والا کہاں ہے جو قیامت کے آنے کے متعلق پوچھ رہا تھا؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں یہاں ہوں۔ آپ نے فرمایا: وہ تو آنے والی ہے' تُو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے کوئی عمل تیار نہیں کیا لیکن میں اللہ اور اُس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ تُو محبت کرتا ہے تُو اسی کے ساتھ ہوگا۔ آپ کے پاس انصار کا ایک غلام آیا اس کو محمد کہا جاتا تھا' اُس نے کہا: زندگی تو یہ ہوئی جس نے بڑھاپا نہیں پانا ہے قیامت آنے تک۔ یہ عبدالاعلیٰ کے نسخہ کے الفاظ ہیں۔

3264 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمْ يَعْمَلْ بِعَمَلِهِمْ؟ قَالَ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی کچھ لوگوں سے محبت کرتا ہے لیکن ان جیسا عمل نہیں کرتا ہے؟

3263- الحديث سبق برقم: 3060,3015,3014,2750 فراجعه .

3264- الحديث سبق برقم: 3263,3060,3015,3014,2750 فراجعه .

الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ قَالَ حَمَّادٌ: وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ: فَمَا فَرِحَ الْمُسْلِمُونَ بِشَيْءٍ بَعْدَ الْإِسْلَامِ مَا فَرِحُوا بِهِ

آپ ﷺ نے فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔ حماد اس حدیث کے متعلق فرماتے ہیں: مسلمان اسلام لانے کے بعد کسی بات سے اتنے خوش نہیں ہوئے جتنے اس حدیث سے خوش ہوئے۔

3265 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ: مَنْ كَانَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَرْجِعَ يَهُودِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًّا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں جس میں ہوں اُس نے ایمان کی حلاوت پالی' وہ یہودیت ونصرانیت کی طرف جانے سے زیادہ اللہ اور اُس کے رسول سے محبت کرتا ہو۔

3266 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَتَى رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ عَلَى الْعَمَلِ مِنَ الْخَيْرِ يَعْمَلُونَ، وَلَمَّا يَعْمَلْ بِمِثْلِهِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ - أَوْ مَعَ مَنْ يُحِبُّ - قَالَ: فَفَرِحَ بِذَلِكَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَحًا لَمْ أَرَهُمْ فَرِحُوا بِشَيْءٍ مِثْلِ فَرَحِهِمْ بِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی کچھ لوگوں سے محبت کرتا ہے لیکن ان جیسا عمل نہیں کرتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔ حماد اس حدیث کے متعلق فرماتے ہیں: مسلمان اسلام لانے کے بعد کسی بات سے اتنے خوش نہیں ہوئے جتنے اس حدیث سے خوش ہوئے۔

3267 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ آپ نے فرمایا: تُو نے قیامت

3265- الحديث سبق برقم: **3245,3244,3130,2991,2805** .

3266- الحديث سبق برقم: **3265,3245,3244,3130,2991,2805** فراجعه .

3267- الحديث سبق برقم: **3266,3265,3245,3244,3130,2991,2805** فراجعه .

فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ ۔ قَالَ: فَإِنَّكَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ أَنَسٌ: فَأَنَا أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ

کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ پھر آپ نے فرمایا: جس کے ساتھ تُو محبت کرتا ہو گا۔ انس فرماتے ہیں: میں اللہ اور اُس کے رسول سے محبت کرتا ہوں۔

3268 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاصَلَ فِي رَمَضَانَ، فَوَاصَلَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: لَوْ مُدَّ لِيَ الشَّهْرُ لَوَاصَلْتُ وِصَالًا يَدَعُ الْمُتَعَمِّقُونَ تَعَمُّقَهُمْ، إِنِّي أَظَلُّ يُطْعِمُنِي رَبِّي وَيَسْقِينِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم وصال رکھنا شروع کیے تو لوگوں نے بھی صوم وصال رکھنا شروع کر دیئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر مہینہ میرے لیے لمبا ہو جائے تو بھی میں ایسے صومِ وصال رکھوں کہ معاملہ کی تہہ میں اُترنے والوں کو باریکی میں جانا' بھول جائے' میں دن گزارتا ہوں' میرا رب مجھے کھلاتا ہے اور وہی مجھے پلاتا ہے۔

3269 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: ذَهَبْتُ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَنَاوَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ وَهُوَ فِي عَبَاءَةٍ يَهْنَأُ بَعِيرًا لَهُ، فَقَالَ: هَلْ مَعَكَ تَمْرٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَنَاوَلْتُهُ تَمَرَاتٍ فَأَلْقَاهُنَّ فِي فِيهِ فَلَاكَهُنَّ، ثُمَّ فَغَرَ فَا الصَّبِيِّ فَمَجَّهُ فِي فِيهِ فَجَعَلَ يَتَلَمَّظُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبُّ الْأَنْصَارِ التَّمْرُ وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں عبداللہ بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے کر گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پکڑا اس حالت میں کہ آپ رضی اللہ عنہ اونٹ کے بالوں کی چادر میں لپیٹے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے پاس کوئی کھجور ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اپنے منہ میں چبایا پھر اس کے منہ میں ڈالی اور وہ اسے چبانے لگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصار کھجور سے محبت کرتے ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام عبداللہ رکھا۔

3270 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

3268- الحديث سبق برقم: **3204,3087,3042,2963,2867** فراجعه .

3269- أخرجه مسلم رقم الحديث: **2144** من طريق عبد الأعلى بن حماد به . وأخرجه الطيالسي رقم الحديث: **2590** . وأحمد جلد **3** صفحه **288,287,212,175** . وأبو داؤد رقم الحديث: **4951** من طريق عن حماد به .

3270- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **2437** من طريق عبد الرزاق' عن معمر' عن ثابت' عن أنس . وقال: هذا حديث

الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَصَرِيُّ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَفَاعَتِي لِأَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِي

حضور ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہوں والے کے لیے ہے۔

3271 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَنَسٌ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِي، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِي، وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا بے شک اس نے مجھے ہی دیکھا، کیونکہ شیطان میری شکل میں نہیں آ سکتا ہے، مومن کا خواب نبوت کا چالیس جزء ہے۔

3272 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، صَاحِبُ السَّابِرِيِّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ السُّنْبُلَةِ تَمِيلُ أَحْيَانًا وَتَقُومُ أَحْيَانًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مؤمن کی مثال گندم کے خوشے کی سی ہے وہ کبھی جھکتا ہے کبھی کھڑا ہوتا ہے۔

3273 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، وَحَوْثَرَةُ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَدِمَ أَهْلُ الْيَمَنِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل یمن حضور ﷺ کے پاس آئے۔ عرض کی: ہمارے ساتھ ایسے آدمی بھیجیں جو ہمیں دین سکھائیں۔ آپ ﷺ نے

حسن صحيح غريب من هذا الوجه .

3271- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 269 قال: حدثنا عفان . والبخارى جلد 9 صفحه 42 قال: حدثنا معلى بن أسد . والترمذى فى الشمائل رقم الحديث: 413 قال: حدثنا عبد الله بن عبد الرحمٰن الدارمى' قال: حدثنا معلى بن أسد .

3272- الحديث سبق برقم: 3067 فراجعه . وقد أخرجه البخارى فى التاريخ الكبير جلد 6 صفحه 4 من طريق هدبة بن خالد بهذا السند .

3273- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 125 قال: حدثنا يزيد بن هارون . وفى جلد 3 صفحه 146 قال: حدثنا حسن . وفى جلد صفحه 175 قال: حدثنا مؤمل . وفى جلد 3 صفحه 212 قال: حدثنا عبد الصمد .

قَالُوا: ابْعَثْ مَعَنَا رَجُلًا يُعَلِّمُنَا ۔ قَالَ: فَأَخَذَ بِيَدِي أَبِي عُبَيْدَةَ فَبَعَثَهُ مَعَهُمْ وَقَالَ: هَذَا أَمِينُ هَذِهِ الْأُمَّةِ

حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور ان کے ساتھ بھیج دیا اور فرمایا: یہ اس امت کا امین ہے۔

3274 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وُلِدَ لِيَ اللَّيْلَةَ، فَسَمَّيْتُهُ بِاسْمِ أَبِي: إِبْرَاهِيمَ، ثُمَّ دَفَعْتُهُ إِلَى أُمِّ سَيْفٍ: امْرَأَةِ قَيْنٍ بِالْمَدِينَةِ وَفِي حَدِيثِ شَيْبَانَ: فَانْطَلَقَ يَأْتِيهِ - وَفِي حَدِيثِ هُدْبَةَ: فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِيهِ- فَاتَّبَعْتُهُ، فَانْتَهَيْنَا إِلَى أَبِي سَيْفٍ وَهُوَ يَنْفُخُ فِي كِيرِهِ، وَقَدِ امْتَلَأَ الْبَيْتُ دُخَانًا، فَأَسْرَعْتُ الْمَشْيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقُلْتُ: يَا أَبَا سَيْفٍ، جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ فَأَمْسِكْ ۔ فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّبِيِّ، فَضَمَّهُ إِلَيْهِ وَقَالَ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَقُولَ، قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ بَعْدَ ذَلِكَ وَهُوَ يَكِيدُ بِنَفْسِهِ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَفِي حَدِيثِ هُدْبَةَ: وَعَيْنُ رَسُولِ اللَّهِ تَدْمَعُ ۔ وَفِي حَدِيثِ شَيْبَانَ: - فَدَمَعَتْ عَيْنَا رَسُولِ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَدْمَعُ الْعَيْنُ وَيَحْزَنُ الْقَلْبُ، وَلَا نَقُولُ إِلَّا مَا يُرْضِي رَبَّنَا وَفِي حَدِيثِ شَيْبَانَ: وَاللَّهِ إِنَّا بِكَ يَا إِبْرَاهِيمُ لَمَحْزُونُونَ ۔ وَفِي حَدِيثِ هُدْبَةَ: وَإِنَّا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج رات میرے ہاں بیٹا پیدا ہوا ہے۔ میں نے اس کا نام اپنے باپ ابراہیم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر رکھا ہے۔ پھر میں نے حضرت ام سیف کو دیا جو مدینہ شریف کی ایک گاؤں کی عورت تھی۔ شیبان کی حدیث میں ہے: آپ ان کو لینے گئے' اور ہدبہ کی حدیث میں ہے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے لخت سے ملنے کے لیے جاتے، میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جاتا ہم حضرت ابی سیف کے پاس پہنچے۔ وہ اپنی پھونکنی میں پھونک مار رہے تھے' یعنی اپنے گھر میں ترکھان کا کام کرتے تھے۔ ان کا گھر دھواں سے بھرا ہوا تھا۔ میں جلدی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آگے چلا۔ میں نے کہا: اے ابوسیف! حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا رہے ہیں رُک جاؤ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے لخت جگر کو بلوایا اس کو اپنے سینے سے لگایا اور جتنا اللہ نے چاہا، کہا: اس کے بعد (جب ان کا وصال ہو گیا) تو وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تھے۔ ہدبہ کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوئے۔ اور شیبان کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری ہوئے اور فرمانے لگے: آنکھوں سے آنسو جاری ہیں اور دل پریشان ہے' ہم

3274- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**194** قال: حدثنا بهز وعفان' وحدثنا هاشم بن القاسم ۔ وعبد بن حُميد: **1287** قال: حدثنا عبد الملك بن عمرو ۔ ومسلم جلد**7**صفحه**76** قال: حدثنا هدّاب ابن خالد' وشيبان بن فروخ ۔

بِكَ يَا إِبْرَاهِيمُ لَمَحْزُونُونَ

وہی کہتے ہیں جیسے ہمارا رب راضی ہے۔ اور شیبان کی حدیث میں ہے کہ اللہ کی قسم! اے ابراہیم! آپ کی وجہ سے ہم پریشان ہیں۔ اور ہدبہ کی حدیث میں ہے کہ اے ابراہیم! ہم آپ کی جدائی میں پریشان ہیں۔

3275 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْجِبُهُ الرُّؤْيَا، فَرُبَّمَا رَأَى الرَّجُلُ الرُّؤْيَا فَسَأَلَ عَنْهُ إِذَا لَمْ يَكُنْ يَعْرِفُهُ، فَإِذَا أُثْنِيَ عَلَيْهِ مَعْرُوفًا، كَانَ أَعْجَبَ لِرُؤْيَاهُ عَلَيْهِ. فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، رَأَيْتُ كَأَنِّي أُتِيتُ فَأُخْرِجْتُ مِنَ الْمَدِينَةِ، فَأُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ، فَسَمِعْتُ وَجْبَةً ارْتَجَّتْ لَهَا الْجَنَّةُ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، وَفُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، فَسَمَّتِ اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا- كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ بَعَثَ سَرِيَّةً بِمِثْلِ ذَلِكَ - فَجِيءَ بِهِمْ عَلَيْهِمْ ثِيَابٌ طُلْسٌ، تَشْخَبُ أَوْدَاجُهُمْ، فَقِيلَ: اذْهَبُوا بِهِمْ إِلَى نَهَرِ الْبَيْذَجِ - أَوِ الْبَيْرِحِ - قَالَ: فَغُمِسُوا فِيهِ، فَخَرَجُوا وَوُجُوهُهُمْ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَأَتَوْا بِصَحْفَةٍ مِنْ ذَهَبٍ فِيهَا بُسْرَةٌ، فَأَكَلُوا مِنْ بُسْرِهِ مَا شَاءُوا، فَمَا يَقْلِبُونَهَا مِنْ وَجْهٍ إِلَّا أَكَلُوا مِنَ الْفَاكِهَةِ مَا أَرَادُوا، وَأَكَلْتُ مَعَهُمْ، فَجَاءَ الْبَشِيرُ مِنْ تِلْكَ السَّرِيَّةِ، فَقَالَ: كَانَ مِنْ أَمْرِنَا كَذَا وَكَذَا،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خواب کو پسند کرتے تھے' بسااوقات کوئی آدمی خواب دیکھتا' وہ آپ سے اس کے متعلق پوچھتا' جب اس کی تعبیر ظاہر نہ ہوتی تو اس کی تعریف کی جاتی۔ ایک بہت اچھی خواب یہ تھی کہ آپ کے پاس ایک عورت آئی اور عرض کی: یارسول اللہ! میں نے دیکھا ہے گویا کہ میں آئی ہوں اور مجھے مدینہ سے نکال دیا گیا' مجھے جنت میں داخل کیا گیا' میں نے ایک آواز سنی جو جنت سے نکلی' میں نے دیکھا تو فلاں بن فلاں بن فلاں' اُس نے بارہ آدمیوں کے نام لیے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سریہ بھیجا تھا' اس کی مثل ان کو لایا گیا اُن پر طلسی کپڑے تھے' ان کی رگیں پھولی ہوئی تھیں' اس کے بعد کہا گیا: ان کو بیذج یا بیرح کی نہر کی طرف لے جاؤ' اس میں ان کو ڈبوؤ۔ اس میں ڈبویا گیا' ان کو نکالا اس حالت میں ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح تھے' اس کے بعد ان کے پاس پیالہ لایا گیا' اس میں خشک کھجوریں تھیں' اُنہوں نے خشک کھجوریں کھائیں جتنا چاہا' وہ ان سے نہیں ہٹائی گئی تھی' اُنہوں نے پھل کھایا جو چاہا' میں نے بھی اُن کے ساتھ

3275- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **135** قال: حدثنا بهز' وفي جلد **3** صفحه **257** قال: حدثنا عفان . وفي جلد **3** صفحه **135** . وعبد بن حُميد: **1275** قالا (أحمد' وعبد): حدثنا أبو النضر هاشم بن القاسم .

فَأُصِيبَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ، حَتَّى عَدَّ اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَرْأَةَ فَقَالَ: قُصِّي رُؤْيَاكِ . فَقَصَّتْهَا وَجَعَلَتْ تَقُولُ: جِيءَ بِفُلَانٍ، وَجِيءَ بِفُلَانٍ، كَمَا قَالَ

کھایا' اس کے بعد سریہ سے ایک خوشخبری دینے والا آیا اور اُس نے کہا: ہمارے ساتھ فلاں فلاں کام ہوا ہے' فلاں فلاں شہید ہو گیا ہے یہاں تک کہ اس نے بارہ افراد گنے۔ حضور ﷺ نے اس عورت کو بلوایا اور فرمایا: تُو خواب بیان کر! اُس نے بیان کیا' کہنے لگی: فلاں فلاں آیا ہے' جیسے کہا۔

3276 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُعْطِيتُ الْكَوْثَرَ فَضَرَبْتُ بِيَدِي إِلَى تُرْبَتِهِ فَإِذَا مِسْكٌ أَذْفَرُ، وَإِذَا حَصَاهُ اللُّؤْلُؤُ، وَإِذَا حَافَّتَاهُ قِبَابُ الدُّرِّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے کوثر عطا کی گئی' میں نے اس کی مٹی کو ہاتھ لگایا ہے' وہ اذخر جیسی خوشبو والی ہے' اس کی کنکریاں موتیوں کی مانند ہیں اور اس کے پیالے گویا کہ موتیوں کے گنبد ہیں۔

3277 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اسْتَوُوا - مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا- وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنِّي لَأَرَاكُمْ مِنْ خَلْفِي كَمَا أَرَاكُمْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَزَادَ حُمَيْدٌ، فِي الْحَدِيثِ: اسْتَوُوا وَتَرَاصُّوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سیدھے رہو! دو مرتبہ یا تین مرتبہ فرمایا' اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! میں تم کو پیچھے سے دیکھتا ہوں جیسے آگے سے دیکھتا ہوں۔ حمید کی حدیث میں اضافہ ہے کہ سیدھے رہو۔

3278 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: يَخْرُجُ رَجُلَانِ مِنَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمیوں کو جہنم سے نکالا جائے گا۔ دونوں کو اللہ کی بارگاہ

3276- الحديث سبق برقم: 3175,3103,2868 فراجعه .

3277- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 268 قال: حدثنا عفان . والنسائي جلد 2 صفحه 91' وفي الكبرى رقم الحديث: 798 قال: أخبرنا أبو بكر بن نافع' قال: حدثنا بهز بن أسد .

3278- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 221 قال: حدثنا حسن . وفي جلد 3 صفحه 285 قال: حدثنا عفان . ومسلم جلدصفحه 123 قال: حدثنا هدّاب بن خالد .

فَيُعْرَضَانِ عَلَى اللّٰهِ، فَيُوَجَّهُ بِهِمَا عَلَى النَّارِ- فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ- فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ

میں پیش کیا جائے گا۔ اللہ عزوجل ان کے چہرے کو جہنم کی طرف پھیر دے گا۔ باقی حدیث عبدالرحمٰن والی ہے' اس کے بعد ان کو جنت میں داخل کرے گا۔

3279 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ فَتًى مِنْ أَسْلَمَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أُرِيدُ الْجِهَادَ وَلَيْسَ لِي مَا أَتَجَهَّزُ بِهِ ـ قَالَ: اذْهَبْ إِلَى فُلَانٍ الْأَنْصَارِيِّ، فَإِنَّهُ قَدْ كَانَ تَجَهَّزَ، فَقُلْ لَهُ: يُقْرِئُكَ رَسُولُ اللّٰهِ السَّلَامَ وَيَقُولُ لَكَ: ادْفَعْ لِي مَا تَجَهَّزْتَ بِهِ . فَأَتَاهُ فَقَالَ الرَّجُلُ- أَحْسِبُهُ لِامْرَأَتِهِ- : لَا تُخْفِي مِنْهُ شَيْئًا، فَوَاللّٰهِ لَا تُخْفِي مِنْهُ شَيْئًا فَيُبَارِكُ لَنَا فِيهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ اسلم سے ایک نوجوان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: یا رسول اللہ! میں جہاد کا ارادہ رکھتا ہوں میرے پاس جہاد کے لیے سامان نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلاں انصاری کے پاس چلے جاؤ۔ اس نے سامان تیار کیا تھا۔ اس کو کہنا کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو سلام کہتے ہیں اور اس کو کہنا کہ وہ سامان تجھے دے جو اس نے اپنے لیے تیار کیا تھا۔ وہ اس انصاری کے پاس آیا۔ اس انصاری نے اپنی عورت سے کہا کہ کسی شے کو چھپانا نہیں' اللہ کی قسم! تو اس سے کوئی شے نہیں چھپائے گی' اللہ عزوجل اس میں برکت دے گا۔

3280 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ فَيَقْرَأُ بِالسُّورَةِ الصَّغِيرَةِ وَالسُّورَةِ الْخَفِيفَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بچے کے رونے کی آواز سنتے جبکہ آپ نماز میں ہوتے تو آپ چھوٹی اور ہلکی سورت کی قرأت فرماتے۔

3281 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الْغُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، نَحْوَهُ

حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

3279- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **207** قال: حدثنا روح وعفان . وعبد بن حُميد: **1330** قال: حدثني سليمان بن حرب . ومسلم جلد **6** صفحه **41** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة' قال: حدثنا عفان (ح) وحدثني أبو بكر بن نافع' قال: حدثنا بهز .

3280- الحديث سبق برقم: **3147,3132** فراجعه .

3281- الحديث سبق برقم: **3280** فراجعه .

3282 - حَدَّثَنَا بِشْرٌ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْزُو بِأُمِّ سُلَيْمٍ مَعَهَا نِسْوَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَيَسْقِينَ الْمَاءَ وَيُدَاوِينَ الْجَرْحَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ام سلیم رضی اللہ عنہا بھی جہاد کرنے جاتی تھیں۔ ان کے ساتھ انصار کی عورتیں تھیں وہ مجاہدین کو پانی پلاتی اور زخمیوں کو پٹی کرتی تھیں۔

3283 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِي دَخَلَ فِيهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ أَضَاءَ مِنْهَا كُلُّ شَيْءٍ، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِي مَاتَ فِيهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَظْلَمَ مِنْهَا كُلُّ شَيْءٍ، وَمَا نَفَضْنَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَيْدِي - إِنَّا لَفِي دَفْنِهِ - حَتَّى أَنْكَرْنَا قُلُوبَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب وہ دن تھا جس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ شریف داخل ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد پر ہر شے روشن ہوگئی۔ جب وہ دن آیا جس دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا ہر شے پہ اندھیرا چھا گیا۔ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ہاتھوں سے دفن نہیں کرنا چاہتے تھے یہاں تک کہ ہمارے دلوں نے انکار کیا۔

3284 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا بَشَّارُ بْنُ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْخَصْلَةَ الصَّالِحَةَ تَكُونُ فِي الرَّجُلِ فَيُصْلِحُ اللّٰهُ بِهَا عَمَلَهُ كُلَّهُ، وَطُهُورُ الرَّجُلِ لِصَلَاتِهِ يُكَفِّرُ اللّٰهُ بِطُهُورِهِ ذُنُوبَهُ وَتَبْقَى صَلَاتُهُ لَهُ نَافِلَةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اچھی خصلت جس آدمی میں ہوتی ہے اس خصلت کے ذریعے اس کے سارے عمل درست ہو جاتے ہیں' آدمی کا نماز کے لیے وضو اس وضو کے ذریعے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں' اس کی نماز اس کے لیے زیادہ ثواب کا ذریعہ ہو جاتی ہے۔

3285 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

3282- أخرجه مسلم جلد5صفحه196 قال: حدثنا يحيٰى بن يحيٰى . وأبو داؤد رقم الحديث: 2531 قال: حدثنا عبد السلام بن مُطَهَّر .

3283- أخرجه الترمذى رقم الحديث: 3622 وفى الشمائل رقم الحديث: 374 . وابن ماجة رقم الحديث: 1631 من طريق بشر بن هلال الصواف بهذا السند .

3284- الحديث فى المقصد العلى برقم: 131 . وأخرجه البزار رقم الحديث: 253 من طريق معلى بن أسد' حدثنا بشار بن الحكم بهذا السند .

السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا بَشَّارُ بْنُ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَقِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا ذَرٍّ فَقَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى خَصْلَتَيْنِ هُمَا أَخَفُّ عَلَى الظَّهْرِ وَأَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ غَيْرِهَا؟ . قَالَ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: عَلَيْكَ بِحُسْنِ الْخُلُقِ وَطُولِ الصَّمْتِ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا تَجَمَّلَ الْخَلَائِقُ بِمِثْلِهِمَا

حضور ﷺ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ملے۔ اس کے بعد فرمایا: اے ابوذر! کیا میں تم کو دو خصلتوں کے متعلق نہ بتاؤں جو پیٹھ پر ہلکی ہیں اور میزان میں بھاری ہی۔ ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیوں نہیں! یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: حسن خلق کو اپناؤ اور لمبی خاموشی رکھو۔ فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! ان دونوں کے ساتھ تیری خوبصورتی میں اضافہ ہوگا۔

3286 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حُبَيِّبُ بْنُ حَجَرٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَرَجْتُ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَجِّهًا إِلَى أَهْلِي، فَمَرَرْتُ بِغِلْمَانٍ، فَأَعْجَبَنِي لَعِبُهُمْ، فَقُمْتُ عَلَى الْغِلْمَانِ فَانْتَهَى إِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا قَائِمٌ عَلَيْهِمْ، فَسَلَّمَ عَلَى الْغِلْمَانِ، ثُمَّ أَرْسَلَنِي فِي حَاجَةٍ لَهُ فَرَجَعْتُ إِلَى أُمِّي بَعْدَ الْوَقْتِ الَّذِي كُنْتُ أَرْجِعُ إِلَيْهِمْ فِيهِ، فَقَالَتْ لِي أُمِّي: مَا حَبَسَكَ الْيَوْمَ يَا بُنَيَّ؟ قُلْتُ: أَرْسَلَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَةٍ . فَقَالَتْ: أَيُّ حَاجَةٍ؟ قَالَ: قُلْتُ: يَا أُمَّهْ، إِنَّهَا سِرٌّ . قَالَتْ: يَا بُنَيَّ، فَاحْفَظْ عَلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِرَّهُ قَالَ ثَابِتٌ: فَقُلْتُ لِأَنَسٍ: يَا أَبَا حَمْزَةَ، أَتَحْفَظُ تِلْكَ الْحَاجَةَ الْيَوْمَ أَوْ تَذْكُرُهَا؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس سے نکلا اپنے گھر جانے کے لیے میں دو بچوں کے پاس سے گزرا مجھے ان کا کھیل بڑا پسند آیا میں ان بچوں کے پاس کھڑا ہو گیا' نبی کریم ﷺ میرے پاس آئے جبکہ میں انہیں کے پاس کھڑا تھا' آپ ﷺ نے بچوں پر سلام فرمایا۔ پھر آپ ﷺ نے مجھے کسی کام کے لیے بھیجا میں کافی دیر کے بعد اپنی امی کے پاس گیا۔ مجھے میری امی نے کہا: اے میرے بیٹے! تجھے کس نے روک لیا تھا؟ میں نے عرض کی: مجھے حضور ﷺ نے کسی کام کے لیے بھیجا تھا۔ میری امی نے کہا: کام کیا تھا؟ میں نے عرض کی: اے امی! یہ راز ہے۔ حضرت ام سلیم نے کہا: اے میرے بیٹے! اللہ کے نبی ﷺ کے راز کی حفاظت کر۔ حضرت ثابت فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابوحمزہ! کیا

3286- أخرجه البخاري في الأدب المفرد رقم الحديث: **1139** قال: حدثنا محمد بن سلام . وابن ماجة رقم الحديث: **3700** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة .

قَالَ: إِنِّي لَهَا لَحَافِظٌ، وَلَوْ حَدَّثْتُ بِهَا أَحَدًا لَحَدَّثْتُكَ بِهَا يَا ثَابِتُ

آپ کو وہ کام یاد ہے یا آپ کو یاد کروایا جائے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے وہ یاد ہے' اگر میں کسی کو بتاتا تو اے ثابت! تجھے بتاتا۔

3287 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ أَبُو بَحْرٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنَّ يُدْلِجْنَ بِالْقِرَبِ يَسْقِينَ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج پاک (جنگ) کے دوران مشکیزے لاتی تھیں' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اس سے پانی پیتے تھے۔

3288 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ أُحُدٍ وَهُوَ يَسْلُتُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ: كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ شَجُّوا نَبِيَّهُمْ وَكَسَرُوا رُبَاعِيَّتَهُ وَهُوَ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللّٰهِ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ) (آل عمران: 128)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے احد کے دن فرمایا اس حالت میں کہ آپ کے چہرے سے خون بہہ رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: وہ لوگ کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں جنہوں نے اپنے نبی کو زخمی کیا اور ان کے آگے والے دانت توڑے، اس حالت میں کہ وہ اللہ کی طرف دعوت دیتا ہے اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ الی آخرہ''۔

3289 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ فَأَعْطَاهُ غَنَمًا بَيْنَ جَبَلَيْنِ، فَأَتَى الرَّجُلُ قَوْمَهُ، فَقَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا۔ آپ نے اس کو دو پہاڑوں کے درمیان چرنے والی بکریاں دے دی۔ وہ آدمی اپنی قوم کے پاس آیا، اس نے کہا: اے میری قوم

3287- الحديث سبق برقم: 3282 فراجعه .

3288- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 288,253 قال: حدثنا عفان . وعبد بن حميد: 1204 قال: حدثنا روح بن عبادة . ومسلم جلد 5 صفحه 179 قال: حدثنا عبد الله بن مسلمة بن قعنب .

3289- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 175 قال: حدثنا مؤمل . وفي جلد 3 صفحه 259 قال: حدثنا أسود بن عامر . وفي جلد 3 صفحه 284 قال: حدثنا عفان .

أَيْ قَوْمِ، أَسْلِمُوا، فَوَاللَّهِ إِنَّ مُحَمَّدًا يُعْطِي عَطَاءَ رَجُلٍ مَا يَخَافُ فَاقَةً وَإِنْ كَانَ الرَّجُلُ لَيَأْتِي إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يُرِيدُ إِلَّا دُنْيَا يُصِيبُهَا، فَمَا يُمْسِي حَتَّى يَكُونَ دِينُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

کے لوگو! مسلمان ہو جاؤ! اللہ کی قسم! محمد دیتا ہے جیسے اس کو فاقہ کا خوف ہی نہیں' حضور ﷺ کے پاس کوئی آدمی دنیا حاصل کرنے کے لیے اسلام لاتا تو چند دن ہی حضور ﷺ کے پاس ٹھہرتا تو اس کو اسلام دنیا و مافیہا سے زیادہ پسند ہو جاتا۔

3290 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: أَحْسِبُهُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ يَعُودُهُ فَوَافَقَهُ وَهُوَ فِي الْمَوْتِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ وَقَالَ: كَيْفَ تَجِدُكَ؟ ، قَالَ: بِخَيْرٍ يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَرْجُو اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَأَخَافُ ذُنُوبِي . فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ يَجْتَمِعَا فِي قَلْبِ رَجُلٍ عِنْدَ هَذَا الْمَوْطِنِ إِلَّا أَعْطَاهُ اللَّهُ رَجَاءَهُ، وَأَمَّنَهُ مِمَّا يَخَافُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک آدمی کے پاس اس کی عیادت کرنے کے لیے آئے۔ اس کو موت کی حالت میں پایا۔ آپ ﷺ نے اس کو سلام کیا۔ فرمایا: تُو کیسا ہے؟ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! بہتر ہوں۔ میں اللہ سے اپنے گناہوں کی بخشش کا اُمیدوار بھی ہوں اور اپنے گناہوں کے متعلق ڈرتا بھی ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ہرگز یہ دونوں چیزیں کسی مؤمن کے دل میں جمع نہیں ہوتی ہیں مگر اللہ عزوجل اس کو عطا کر دیتا ہے' اس خوف سے امن دیتا ہے۔

3291 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ بُرْزِينَ يَعْنِي الطُّهَوِيَّ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: غَدَا أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَلَكْنَا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ . فَقَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: النِّفَاقُ، النِّفَاقُ . قَالَ: أَلَسْتُمْ تَشْهَدُونَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ؟

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب نے ایک دن صبح کی' اُنہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم ہلاک ہو گئے! ربِ کعبہ کی قسم! آپ نے فرمایا: کیا ہوا؟ اُنہوں نے عرض کی: منافقت منافقت! آپ نے فرمایا: کیا تم لا الہ الا اللّٰہ وحدہٗ لا شریک له وانّ محمدًا عبدہٗ ورسولہٗ کی گواہی نہیں دیتے؟ اُنہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: یہ

3290- أخرجه الترمذي رقم الحديث: 983 . وابن ماجة رقم الحديث: 4261 من طريق عبد الله بن الحكم بن أبي زياد' حدثنا سيار .

3291- الحديث سبق برقم: 3025 فراجعه .

قَالُوا: بَلَى ۔ قَالَ: لَيْسَ ذَاكَ النِّفَاقَ ۔ قَالَ: ثُمَّ عَادُوا الثَّانِيَةَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلَكْنَا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ۔ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوا: النِّفَاقُ النِّفَاقُ ۔ قَالَ: أَلَسْتُمْ تَشْهَدُونَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ؟ قَالُوا: بَلَى ۔ قَالَ: لَيْسَ ذَاكَ النِّفَاقَ ۔ قَالَ: ثُمَّ عَادُوا الثَّالِثَةَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلَكْنَا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ ۔ قَالُوا: النِّفَاقُ ۔ قَالَ: أَلَسْتُمْ تَشْهَدُونَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ؟ ۔ قَالُوا: بَلَى ۔ قَالَ: لَيْسَ ذَاكَ النِّفَاقَ ۔ قَالُوا: إِنَّا إِذَا كُنَّا عِنْدَكَ كُنَّا عَلَى حَالٍ، وَإِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِكَ هَمَّتْنَا الدُّنْيَا وَأَهْلُونَا ۔ قَالَ: لَوْ أَنَّكُمْ إِذَا خَرَجْتُمْ مِنْ عِنْدِي تَكُونُونَ عَلَى الْحَالِ الَّذِي تَكُونُونَ عَلَيْهِ، لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ بِطُرُقِ الْمَدِينَةِ

منافقت نہیں ہے۔ صحابہ کرام دوبارہ لوٹ کر آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! ہم ہلاک ہوگئے! ربِ کعبہ کی قسم! آپ نے فرمایا: کیا ہوا؟ اُنہوں نے عرض کی: منافقت منافقت! آپ نے فرمایا: کیا تم گواہی نہیں دیتے ہو اللہ کے ایک ہونے اور محمد کے اُس کے بندہ اور اُس کے رسول ہونے کی؟ اُنہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: یہ منافقت نہیں ہے۔ تیسری مرتبہ وہ دوبارہ آئے اور عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! ہم ہلاک ہو گئے! ربِ کعبہ کی قسم! آپ نے فرمایا: کیا ہوا؟ اُنہوں نے عرض کی: منافقت منافقت! آپ نے فرمایا: کیا تم گواہی نہیں دیتے ہو کہ لا الٰہ الا اللّٰہ وانّ محمدًا عبدہٗ ورسولہٗ؟ اُنہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: یہ منافقت نہیں ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: جب ہم آپ کے پاس ہوتے ہیں تو کسی اور حالت پر ہوتے ہیں اور جب ہم آپ کے پاس سے نکلتے ہیں تو ہم دنیادار بن جاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اگر تم اُسی پر رہو جس حالت میں میرے پاس ہوتے ہو تو مدینہ کے راستوں میں فرشتے تمہارے ساتھ مصافحہ کریں۔

3292 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو ثَابِتٍ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تین کھجوروں سے روزہ افطار کرنے کو پسند کرتے تھے اگر کھجوریں نہ پاتے تو ایسی شی سے افطار

3292- الحديث في المقصد العلي برقم: **508** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **155** وقال: رواه أبو يعلى، وفيه عبد الواحد بن ثابت وهو ضعيف .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ أَنْ يُفْطِرَ عَلَى ثَلَاثِ تَمَرَاتٍ أَوْ شَيْءٍ لَمْ تُصِبْهُ النَّارُ

کرتے جو آگ سے نہ پکائی گئی ہوتی۔

3293 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَّرَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ ذَاتَ لَيْلَةٍ إِلَى شَطْرِ اللَّيْلِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى بِهِمْ وَلَمْ يُذْكُرِ الْوُضُوءَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز عشاء کو رات کے چوتھائی حصہ تک موخر کرتے تھے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نکلتے اور صحابہ کرام کو نماز پڑھاتے (وضو کا ذکر نہیں کیا)۔

3294 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُغِيرُ عِنْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ فَيَسْتَمِعُ الْأَذَانَ، فَإِنْ سَمِعَ أَذَانًا وَإِلَّا أَغَارَ، فَاسْتَمَعَ ذَاتَ يَوْمٍ فَسَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ: اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَى الْفِطْرَةِ . قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ . فَقَالَ: خَرَجْتَ مِنَ النَّارِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے وقت حملہ آور ہوا کرتے تھے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم اذان سننے کے لیے کان لگاتے' پس اگر تو اذان کی آواز سن لیتے تو ٹھیک ورنہ حملہ کر دیتے تھے' پس ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کان لگائے تو ایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا: اللہ اکبر! اللہ اکبر! پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو دینِ فطرت پر ہے' اس نے کہا: اشہد ان لا الٰہ الا اللہ! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو دوزخ سے نکل گیا۔

3295 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ، ثُمَّ نَتَرَامَى فَيَرَى أَحَدُنَا مَوْقِعَ نَبْلِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھتے پھر ہم تیر اندازی کرتے تو ہم تیر گرنے کی جگہ کو پہچان لیتے تھے۔

3293- أخرجه أحمد جلد3صفحه267 قال: حدثنا عفان . وعبد بن حميد: 1292 قال: حدثنا يونس بن محمد . ومسلم مختصرًا جلد6صفحه152 قال: حدثني أبو بكر بن خلاد' قال: حدثنا عبد الرحمٰن ابن مهدى .

3294- أخرجه أحمد جلد 3صفحه132 قال: حدثنا عبد الرحمٰن . وفى جلد 3صفحه229 قال: حدثنا يونس . وفى جلد3صفحه241 قال: حدثنا مؤمل . وفى جلد3صفحه270,253 قال: حدثنا عفان .

3295- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 416 قال: حدثنا داؤد بن شبيب . وابن خزيمة رقم الحديث: 338 قال: حدثنا محمد بن عبد الله بن المبارك مُخَرمى' قال: حدثنا يحيٰى بن اسحاق .

3296 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُقِيمَتْ صَلَاةُ الْعِشَاءِ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ لِي حَاجَةً فَقَامَ مَعَهُ يُنَاجِيهِ حَتَّى نَعَسَ الْقَوْمُ - أَوْ بَعْضُ الْقَوْمِ - ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى، وَلَمْ يَذْكُرْ وُضُوءًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ حالت جنابت میں ہوتے وہ اس کے بعد سو جاتے، ان میں سے کچھ وضو کرتے، کچھ وضو نہ کرتے تھے۔

3297 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، بِنَحْوِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت ہے۔

3298 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَقَتَادَةَ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَاسًا مِنْ عُرَيْنَةَ قَدِمُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْتَوَوْهَا فَأَرْسَلَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي إِبِلِ الصَّدَقَةِ، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَشْرَبُوا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ عرینہ سے کچھ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے' ان کے پیٹ بڑے ہو گئے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو صدقے کے اونٹوں کی طرف بھیجا اور انہیں حکم دیا ان اونٹوں کے دودھ اور پیشاب کو پینے کا۔

3299 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا لَعَقَ أَصَابِعَهُ الثَّلَاثَ وَقَالَ: إِذَا سَقَطَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ، فَلْيُمِطْ عَنْهَا الْأَذَى، وَلْيَأْكُلْهَا، وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ وَأَمَرَنَا أَنْ نَسْلُتَ الصَّحْفَةَ، وَقَالَ: إِنَّ أَحَدَكُمْ لَا يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ يُبَارَكُ لَهُ فِيهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب کھانا کھاتے تھے تو اپنی انگلیاں تین دفعہ چاٹتے تھے اور فرماتے: جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو وہ اس سے گندگی جھاڑ لے اور اس کو کھا لے' اسے شیطان کے لیے نہ چھوڑے اور ہمیں پیالہ صاف کرنے کا حکم دیتے' فرماتے: تم نہیں جانتے کہ کھانے کے کس حصہ میں برکت ہے۔

3296- الحديث سبق برقم: 3293,3188 فراجعه .

3297- الحديث سبق برقم: 3296 فراجعه .

3298- الحديث سبق برقم: 3159,3034,2875 فراجعه .

3299- أخرجه أحمد جلد3صفحه177 . ومسلم جلد6صفحه115 قال: حدثنيه أبو بكر بن نافع . وأخرجه الترمذي رقم الحديث: 1803' وفي الشمائل رقم الحديث: 138 قال: حدثنا الحسن ابن علي الخلال .

3300 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، أَنَّهُمْ قَالُوا لِأَنَسٍ: هَلْ كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ خَاتَمٌ؟ قَالَ: أَخَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ ذَاتَ لَيْلَةٍ حَتَّى ذَهَبَ شَطْرُ اللَّيْلِ - أَوْ كَادَ يَذْهَبُ شَطْرُ اللَّيْلِ - ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: إِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوا، وَلَنْ تَزَالُوا فِي صَلَاةٍ مَا انْتَظَرْتُمُ الصَّلَاةَ . قَالَ أَنَسٌ: فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى وَبِيصِ خَاتَمِهِ مِنْ فِضَّةٍ قَالَ: وَرَفَعَ أَنَسٌ يَدَهُ الْيُسْرَى يُرِينَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی مہر تھی؟ فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عشاء کو ایک رات مؤخر کیا یہاں تک کہ آدھی رات ہوگئی یا قریب تھا کہ آدھی رات ہو جاتی' پھر فرمایا کہ بے شک لوگوں نے نماز پڑھ لی ہے تم مسلسل نماز ہی میں ہو جب سے نماز کا انتظار کر رہے ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گویا کہ اب بھی میں آپ کی چاندی کی انگوٹھی کی چمک کو دیکھ رہا ہوں۔ حضرت ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اپنا بایاں ہاتھ اُٹھایا ہمیں دکھانے کے لیے۔

3301 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ عَلَى نِسَائِهِ بِغُسْلٍ وَاحِدٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی غسل کے ساتھ تمام ازواج سے وطی کرتے تھے۔

3302 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَلْقُ عِيَالُ اللّٰهِ، فَأَحَبُّهُمْ إِلَى اللّٰهِ أَنْفَعُهُمْ لِعِيَالِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخلوق اللہ کی رحمت ہے' اللہ کے ہاں زیادہ محبوب وہ ہے جو اس کی رحمت کو زیادہ نفع دے۔

3303 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3300- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 182 قال: حدثنا يحيٰى . وفي جلد 3 صفحه 189 قال: حدثنا محمد بن عبد الله . وفي جلد 3 صفحه 200 قال: حدثنا يزيد بن هارون .

3301- الحديث سبق برقم: 3194,3165,3164,3117,2935,2934 فراجعه .

3302- الحديث في المقصد العلي برقم: 1040 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 191 وقال: رواه أبو يعلٰى' والبزار' وفيه يوسف بن عطية الصفار وهو متروك .

3303- الحديث في المقصد العلي برقم: 1920 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 211 وقال:

أَبِي حَزْمٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَعَدَهُ اللَّهُ عَلَى عَمَلٍ ثَوَابًا فَهُوَ مُنْجِزُهُ لَهُ، وَمَنْ وَعَدَهُ عَلَى عَمَلٍ عِقَابًا فَهُوَ فِيهِ بِالْخِيَارِ

حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جس نیک عمل پر ثواب کا وعدہ فرمایا ہے وہ اس کے لیے نجات کا ذریعہ ہو گا۔ جس بُرے عمل پر اس نے سزا کا وعدہ کیا ہے (اس میں اس کو اختیار ہے چاہے عذاب دے چاہے معاف کرے)۔

3304 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَبِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِي حَزْمٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: ﴿هُوَ أَهْلُ التَّقْوَى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ﴾ (المدثر: **56**) قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ رَبُّكُمْ: أَنَا أَهْلٌ أَنْ أُتَّقَى فَلَا يُشْرَكُ بِي غَيْرِي، وَأَنَا أَهْلٌ لِمَنِ اتَّقَى أَنْ يُشْرِكَ بِي غَيْرِي أَنْ أَغْفِرَ لَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اس آیت کے متعلق فرمایا: ''اہل تقویٰ اور اہل مغفرت''۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا رب فرماتا ہے کہ میں حقدار ہوں کہ مجھ سے ڈرا جائے، میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا جائے' میں اس کا ہوں جو ڈرے اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے' میں اس کو بخش دوں گا۔

3305 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ أُحُدٍ: اللَّهُمَّ إِنَّكَ إِنْ تَشَأْ لَا تُعْبَدْ فِي الْأَرْضِ .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے احد کے دن عرض کی: اے اللہ! اگر تو چاہے تو تیری اس زمین میں عبادت نہ کی جائے۔

3306 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

رواه أبو يعلى، والطبراني في الأوسط، وفيه: سهيل بن أبي حزم وقد وثق على ضعفه، وبقية رجاله رجال الصحيح .

3304- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **4299** من طريق هدبة بن خالد بهذا السند . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه**243,142** . والترمذي رقم الحديث: **3325** .

3305- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه**152** قال: حدثنا عبد الصمد وعفان . وفي جلد **3** صفحه**252** قال: حدثنا عفان . وعبد بن حُميد: **1348** قال: حدثني سليمان بن حرب .

3306- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه**286** قال: حدثنا عفان . وعبد بن حُميد: **1387** قال: حدثني ابن أبي شيبة، قال:

ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ أُحُدٍ لَمَّا رَهِقُوهُ وَهُوَ فِي سَبْعَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَرَجُلَيْنِ مِنْ قُرَيْشٍ: مَنْ يَرُدُّهُمْ عَنَّا وَهُوَ رَفِيقِي فِي الْجَنَّةِ؟ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، ثُمَّ قَالَ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَامَ آخَرُ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، فَلَمْ يَزَلْ يَقُولُ مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى قُتِلَ السَّبْعَةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَنْصَفْنَا أَصْحَابَنَا

ﷺ نے احد کے دن فرمایا: (جب لڑائی کے لیے آگے آئے' وہ سات آدمی انصار سے تھے اور دو آدمی قریش سے تھے) ہم نے ان کو کون دور کرے گا؟ جو دور کرے گا وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا۔ انصار میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا' وہ لڑا یہاں تک کہ شہید ہو گیا' پھر اسی طرح فرمایا تو دوسرا آدمی کھڑا ہوا' وہ بھی لڑا یہاں تک کہ وہ شہید ہو گیا' آپ مسلسل کہتے تھے یہاں تک کہ ساتوں ہی شہید ہو گئے' اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا: ہمارے اصحاب نے ہمت نہیں ہاری۔

3307 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ أَبِي عُبَيْدَةَ وَبَيْنَ أَبِي طَلْحَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ابوعبیدہ اور ابوطلحہ کے درمیان بھائی چارہ فرمایا۔

3308 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ جَعَلَ إِبْلِيسُ يُطِيفُ بِهِ يَنْظُرُ إِلَيْهِ، فَلَمَّا رَآهُ أَجْوَفَ قَالَ: ظَفِرْتُ خَلْقًا لَا يَتَمَالَكُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا، ابلیس آپ علیہ السلام کے گرد گھومنے لگا، آپ علیہ السلام کی طرف دیکھنے لگا' جب اس نے اندر سے دیکھا، کہنے لگا: میں کامیاب ہو گیا ایسی مخلوق پر جو اپنے نفس پر قابو نہیں پا سکتی ہے۔

3309 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

حدثنا الأسود بن عامر .

3307- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 152 . ومسلم رقم الحديث: 2528 من طريقين عن عبد الصمد، حدثنا حماد بن سلمة بهذا السند .

3308- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 254,240,229,152 . ومسلم رقم الحديث: 2611 من طرق عن حماد بهذا السند .

3309- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 258,220,219 . ومسلم رقم الحديث: 1779 . وأبو داؤد رقم

ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَرَدَ بَدْرًا أَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى الْأَرْضِ فَقَالَ: هَذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ . فَوَاللَّهِ مَا أَمَاطَ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ مَصْرَعِهِ

حضور ﷺ نے بدر کے دن اپنے ہاتھ سے زمین کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: یہ فلاں کے گرنے کی جگہ ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! اس نشان سے ذرہ کے برابر بھی آگے پیچھے نہیں گرے۔

3310 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا صَالَحَ قُرَيْشًا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ قَالَ لِعَلِيٍّ: اكْتُبْ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ . فَقَالَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو: لَا نَعْرِفُ الرَّحْمَنَ الرَّحِيمَ، اكْتُبْ: بِاسْمِكَ اللَّهُمَّ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: اكْتُبْ: هَذَا مَا صَالَحَ عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ . فَقَالَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو: لَوْ نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ لَاتَّبَعْنَاكَ وَلَمْ نُكَذِّبْكَ، اكْتُبْ نَسَبَكَ مِنْ أَبِيكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: اكْتُبْ: مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ . فَكَتَبَ: مَنْ أَتَانَا مِنْكُمْ رَدَدْنَاهُ إِلَيْكُمْ، وَمَنْ أَتَاكُمْ مِنَّا تَرَكْنَاهُ عَلَيْكُمْ . فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ تُعْطِيهِمْ هَذَا؟ قَالَ: مَنْ أَتَاهُمْ مِنَّا فَأَبْعَدَهُ اللَّهُ، وَمَنْ أَتَانَا مِنْهُمْ فَرَدَدْنَاهُ عَلَيْهِمْ جَعَلَ اللَّهُ لَهُ فَرَجًا وَمَخْرَجًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جب قریش سے صلح فرمائی حدیبیہ کے دن حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: لکھو! بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ سہیل بن عمرو نے کہا: ہم رحمٰن رحیم کو نہیں جانتے ہیں، تم اپنے نام سے لکھو۔ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: لکھو! یہ صلح نامہ ہے محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے! سہیل بن عمرو نے کہا کہ اگر ہم آپ کو رسول اللہ جانتے تو ہم آپ کی اتباع کرتے ہم آپ کو نہ جھٹلاتے، اپنے باپ کے نسب کے حوالہ سے لکھیں۔ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: لکھو! محمد بن عبداللہ کی طرف سے! اس میں لکھا جو تمہارے پاس آیا، ہم اس کو تمہاری طرف واپس کر دیں گے جو ہمارا تمہارے پاس آئے اس کو تمہارے ذمہ پر چھوڑ دیں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ بھی واپس کر دیں گے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ہم سے آئے گا اللہ اس کو سلامت رکھے گا، جو ان میں سے آئے گا، ہم اس کو واپس کر دیں گے۔ اللہ عزوجل نے اس کے لیے

الحديث: 2681 من ثلاثة طرق حدثنا حماد بن سلمة بهذا السند .

3310- أخرجه البيهقي جلد9صفحه226 من طريق يوسف بن يعقوب، حدثنا هدبة بن خالد بهذا السند . وأخرجه أحمد جلد3صفحه268 . ومسلم رقم الحديث: 1784 من طريق عفان، حدثنا حماد بن سلمة بهذا السند .

کوئی نہ کوئی راستہ بنا ہی دے گا۔

3311 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوا يَقُولُونَ، وَهُمْ يَحْفِرُونَ الْخَنْدَقَ:

(البحر الرجز)

نَحْنُ الَّذِينَ بَايَعُوا مُحَمَّدَا . . . عَلَى الْقِتَالِ مَا بَقِينَا أَبَدَا

وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الْآخِرَةِ، فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ جب خندق کھود رہے تھے تو یہ شعر پڑھ رہے تھے:

''ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی ہے جہاد پر جب تک ہم زندہ ہیں''۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما رہے تھے: اے اللہ! زندگی آخرت کی زندگی ہے' انصار اور مہاجرین کو بخش دے!

3312 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، وَشَيْبَانُ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَرَرْتُ بِمُوسَى لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي قَبْرِهِ عِنْدَ الْكَثِيبِ الْأَحْمَرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں موسیٰ علیہ السلام کی قبر کے پاس سے معراج کی رات گزرا وہ کھڑے ہو کر اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے، کثیب احمر کے پاس (بعض علماء نے لکھا کہ آپ کھڑے ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں درود پڑھ رہے تھے۔غلام دستگیر سیالکوٹی)۔

3313 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ قَتْلَى بَدْرٍ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَتَاهُمْ فَقَامَ عَلَيْهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مقتولین بدر کو تین دن چھوڑا پھر ان کے پاس آئے' اس کے بعد اُن پر کھڑے ہوئے اور ان کو آواز

3311- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 288,252 قال: حدثنا عفان . وعبد بن حُميد: 1319 قال: حدثنا محمد بن الفضل . ومسلم جلد 5 صفحه 189 قال: حدثني محمد بن حاتم' قال: حدثنا بهز .

3312- أخرجه النسائي جلد 3 صفحه 215 وفي الكبرى رقم الحديث: 1237 قال: أخبرنا محمد بن علي بن حرب' قال: حدثنا معاذ بن خالد' قال: أنبأنا حماد بن سلمة' عن سليمان التيمي' عن ثابت' فذكره .

3313- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 219 قال: حدثنا عبد الصمد . وفي جلد 3 صفحه 287,257,220 قال: حدثنا عفان . ومسلم جلد 5 صفحه 170 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة' قال: حدثنا عفان .

فَنَادَاهُمْ، فَقَالَ: يَا أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ، يَا أُمَيَّةُ بْنَ خَلَفٍ، يَا عُتْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، يَا شَيْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، هَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ فَإِنِّي قَدْ وَجَدْتُ مَا وَعَدَنِي رَبِّي حَقًّا؟ فَسَمِعَ عُمَرُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ يَسْمَعُوا؟ وَأَنَّى يُجِيبُوا وَقَدْ جَيَّفُوا؟ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُولُ مِنْهُمْ، غَيْرَ أَنَّهُمْ لَا يَقْدِرُونَ أَنْ يُجِيبُوا ۔ ثُمَّ أَمَرَ بِهِمْ فَسُحِبُوا إِلَى قَلِيبِ بَدْرٍ

دی: اے ابوجہل بن ہشام! اے امیہ بن خلف! اے عتبہ بن ربیعہ! اے شیبہ بن ربیعہ! کیا تم نے اپنے رب کے وعدہ کو حق پالیا؟ بے شک میں نے تو پالیا ہے، جو میرے ساتھ میرے رب نے وعدہ کیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بات سنی، عرض کی: یا رسول اللہ! کیا یہ سنتے ہیں؟ کیا یہ جواب دیتے ہیں؟ یہ تو مر گئے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! تم سے زیادہ سنتے ہیں سوائے اس بات کے کہ یہ جواب دینے پر قادر نہیں ہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ان کو بدر کے کنواں میں بند کیا جائے۔

3314 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: حَدِّثْنِي بِشَيْءٍ مِنْ هَذِهِ الْأَعَاجِيبِ لَا يُحَدِّثُهُ غَيْرُكَ ۔ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ، ثُمَّ أَتَى الْمَقَاعِدَ الَّتِي كَانَ يَأْتِيهِ عَلَيْهَا جِبْرِيلُ، فَقَعَدَ عَلَيْهَا، فَجَاءَ بِلَالٌ، فَنَادَى بِالْعَصْرِ، فَقَامَ مَنْ لَهُ أَهْلٌ بِالْمَدِينَةِ يَتَوَضَّئُونَ وَيَقْضُونَ حَوَائِجَهُمْ، وَبَقِيَ رِجَالٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ لَا أَهْلَ لَهُمْ بِالْمَدِينَةِ، فَأَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ - يَعْنِي: رَحْرَاحٍ - فِيهِ مَاءٌ، فَوَضَعَ أَصَابِعَهُ فِي الْقَدَحِ، فَمَا وَسِعَ أَصَابِعَهُ كُلَّهَا، فَوَضَعَ هَؤُلَاءِ الْأَرْبَعَ، فَقَالَ: هَلُمُّوا فَتَوَضَّئُوا ۔ فَتَوَضَّئُوا

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: ان عجیب وغریب چیزوں میں سے کوئی ایک بتائیں جو آپ کے علاوہ کوئی بیان نہیں کر سکتا ہے اُنہوں نے کہا: مدینہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن ظہر کی نماز پڑھی پھر اس جگہ پر تشریف لائے جس جگہ حضرت جبریل علیہ السلام آپ کے پاس آتے تھے آپ اس پر بیٹھ گئے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ آئے اُنہوں نے عصر کی اذان دی تو وہ لوگ کھڑے ہوئے جو مدینہ کے مقام تھے وضو کرنے اور اپنی ضروریات کو پورا کرنے لگے صرف مہاجرین میں سے وہ لوگ باقی رہ گئے جن کے گھر والے مدینہ میں نہ تھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک پیالہ لے کر تشریف لائے اس میں پانی تھا آپ نے

3314- الحدیث سبق برقم: 3182,3161,3026,2888,2751 فراجعه .

أَجْمَعِينَ، قُلْتُ لِأَنَسٍ: كَمْ تُرَاهُمْ؟ قَالَ: مَا بَيْنَ السَّبْعِينَ إِلَى الثَّمَانِينَ

اس میں اپنی انگلی رکھی' اس میں ساری انگلیاں نہ آتی تھیں' آپ نے یہ چار (انگوٹھے کے علاوہ) انگلیاں رکھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: آ کر وضو کرلو' تمام نے وضو کر لیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے میں نے عرض کی: تیرے خیال میں وہ کتنے تھے؟ اُنہوں نے فرمایا: ستّر سے اسّی تک تھے۔

3315 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَتَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا هُوَ إِلَّا أَنَا، وَأُمِّي، وَخَالَتِي أُمُّ حَرَامٍ، فَقَالَ: قُومُوا فَلَأُصَلِّ لَكُمْ وَذَلِكَ فِي غَيْرِ وَقْتِ صَلَاةٍ، فَقَالَ رَجُلٌ لِثَابِتٍ: فَأَيْنَ جَعَلَ أَنَسًا؟ قَالَ: عَنْ يَمِينِهِ . قَالَ: فَدَعَا لَنَا أَهْلَ الْبَيْتِ بِكُلِّ خَيْرٍ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، فَقَالَتْ أُمِّي: يَا رَسُولَ اللَّهِ، خُوَيْدِمُكَ أَنَسٌ، ادْعُ اللَّهَ لَهُ . فَدَعَا لِي بِكُلِّ خَيْرٍ، فَكَانَ آخِرَ مَا دَعَا لِي: اللَّهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَبَارِكْ لَهُ فِيهِ

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے۔ صرف میں' میری ماں اور میری خالہ اُم حرام تھیں تو آپ ﷺ نے فرمایا: اُٹھو! میں تمہارے لیے نماز پڑھوں حالانکہ کسی نماز کا وقت نہ تھا' پس ایک آدمی نے حضرت ثابت رضی اللہ عنہ سے عرض کی: آپ نے انس کو کہاں کھڑا کیا؟ اُنہوں نے جواب دیا: اپنی دائیں طرف۔ فرماتے ہیں: آپ ﷺ نے ہمارے لیے دعا فرمائی' سارے گھر والوں کو دنیا و آخرت کی بھلائیوں میں سے ہر بھلائی کی دعا دی۔ میری ماں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! انس آپ کا خادم ہے' اس کے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کریں' پس آپ نے میرے لیے ہر خیر کی دعا کی۔ پس آپ نے میرے لیے جو آخری دعا کی' وہ یہ تھی: اے اللہ! اس کا مال اور اولاد زیادہ کر اور اس کیلئے میں برکت ڈال دے۔

3316 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے

3315- الحديث سبق برقم: 3189 فراجعه .

3316- الحديث سبق برقم: 3182,3171,3026,2751 فراجعه .

حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا بِمَاءٍ فَأُتِيَ بِقَدَحٍ رَحْرَاحٍ قَالَ: فَجَعَلَ الْقَوْمُ يَتَوَضَّئُونَ، فَحَزَرْتُ مَا بَيْنَ السِّتِّينَ إِلَى الثَّمَانِينَ ـ قَالَ: فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَى الْمَاءِ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ

پانی منگوایا' آپ کے پاس کشادہ پیالہ لایا گیا' لوگوں نے وضو کیا' میں نے اُن کو شمار کیا وہ افراد ساٹھ سے اسّی تک تھے' میں پانی کی طرف دیکھنے لگا' وہ آپ کی انگلیوں سے چشمہ جاری ہے۔

3317 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا أَعْرِفُ شَيْئًا كُنْتُ أَعْرِفُهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ قَوْلُكُمْ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ قَالَ: قِيلَ: الصَّلَاةُ يَا أَبَا الْحَمْزَةَ؟ قَالَ: قَدْ صَلَّيْتُمُوهَا عِنْدَ الْمَغْرِبِ فَكَانَتْ تِلْكَ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ مَعَ أَنِّي لَمْ أَرَ زَمَانًا خَيْرًا لِعَامِلٍ مِنْ زَمَانِكُمْ هَذَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں کسی ایسی شے کو نہیں پہچانتا جو میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پہچانتا تھا وہ قول لا الہ الا اللہ ہے۔ عرض کی گئی: اے ابوحمزہ! نماز؟ آپ نے فرمایا: تم نے اس کو مغرب کے وقت ادا کیا تو کیا۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز تھی؟ باوجودیکہ کسی عمل کرنے والے کے لیے میں نے تمہارے زمانہ سے بہتر زمانہ نہیں دیکھا۔

3318 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ) (الحجرات: 2) قَعَدَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ فِي بَيْتِهِ وَقَالَ: أَنَا الَّذِي كُنْتُ أَرْفَعُ صَوْتِي وَأَجْهَرُ لَهُ بِالْقَوْلِ، وَأَنَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ ـ فَتَفَقَّدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرُوهُ، فَقَالَ: بَلْ هُوَ مِنْ أَهْلِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''اے ایمان والو! (بات کرتے وقت) اپنی آوازوں کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سے اونچا نہ کرو، اور جیسے تم ایک دوسرے کے سامنے آواز اونچی کرتے ہو' اسی طرح نبی کے سامنے آواز کو اونچا نہ کیا کرو''۔ حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ اپنے گھر بیٹھ گئے، کہنے لگے میں ہی وہ ہوں کہ جس کی آواز سب سے زیادہ اونچی ہے اور چلا چلا کر بولتا ہوں۔ میں ہی اہل جہنم سے

3317- أخرجه أحمد جلد3صفحه270 من طريق عفان' حدثنا سليمان بن المغيرة بهذا السند . وأخرجه البخارى رقم الحديث: 529 من طريق موسٰى بن اسماعيل' حدثنا مهدى بن غيلان عن أنس .

3318- أخرجه أحمد جلد 3صفحه145 قال: حدثنا حسن . وفى جلد3صفحه287 قال: حدثنا عفان . ومسلم جلد1صفحه77 قال: حدثنا أبو بكر بن أبى شيبة' قال: حدثنا الحسن بن موسٰى .

الْجَنَّةِ ـ قَالَ أَنَسٌ: فَكُنَّا نَرَاهُ يَمْشِي بَيْنَ أَظْهُرِنَا وَنَحْنُ نَعْلَمُ أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الْيَمَامَةِ وَكَانَ ذَاكَ الِانْكِشَافُ، لَبِسَ ثِيَابَهُ وَتَحَنَّطَ وَتَقَدَّمَ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ

ہوں، حضور ﷺ نے اس کو کافی دن نہیں پایا، آپ ﷺ کو سارے معاملہ کی خبر دی گئی، آپ ﷺ نے فرمایا: بلکہ وہ تو اہل جنت سے ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم دیکھتے تھے جب وہ ہمارے درمیان چل رہا ہوتا تھا ہم جانتے تھے کہ یہ جنتی ہے جب یمامہ کا دن آیا اور اس بات کا انکشاف ہوا' آپ نے کپڑے پہنے اور خوشبو لگائی اور آگے بڑھے' اس کے بعد لڑ کر شہید ہو گئے۔

3319 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، قَالَ: قَالَ ثَابِتٌ: قَالَ أَنَسٌ: لَمَّا انْقَضَتْ عِدَّةُ زَيْنَبَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْدٍ: اذْهَبْ إِلَيْهَا فَاذْكُرْهَا عَلَيَّ قَالَ: فَانْطَلَقَ زَيْدٌ فَأَتَاهَا وَهِيَ تَخْتَبِزُ عَجِينَتَهَا، قَالَ: فَعَظُمَتْ فِي صَدْرِي، فَمَا اسْتَطَعْتُ أَنْ أَنْظُرَ إِلَيْهَا حِينَ عَرَفْتُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ذَكَرَهَا، فَوَلَّيْتُهَا ظَهْرِي وَنَكَصْتُ عَلَى عَقِبِي، قُلْتُ: يَا زَيْنَبُ أَبْشِرِي، رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَكِ، قَالَتْ: مَا أَنَا بِصَانِعَةٍ شَيْئًا حَتَّى أُوَامِرَ رَبِّي، فَقَامَتْ إِلَى مَسْجِدِهَا وَنَزَلَ الْقُرْآنُ فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِغَيْرِ إِذْنٍ، قَالَ أَنَسٌ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَطْعَمَنَا عَلَيْهَا الْخُبْزَ وَاللَّحْمَ حَتَّى امْتَدَّ النَّهَارُ، قَالَ: فَخَرَجَ النَّاسُ وَبَقِيَ رَهْطٌ فِي الْبَيْتِ

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی عدت ختم ہو گئی تو حضور ﷺ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا: زینب رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ! اس کو میرے اوپر بیان کرو۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ چلے' حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے پاس آئے تو آپ آٹا گوندھ کر روٹیاں پکا رہی تھیں' میرے دل میں ان کی بزرگی کی بات آئی لیکن میں ان کی طرف دیکھنے کی طاقت نہیں رکھتا تھا' جس وقت میں نے جان لیا کہ حضور ﷺ نے ان کا ذکر کیا ہے تو میں نے اپنی پیٹھ ان کی طرف کی اور میں نے اپنا ارادہ چھوڑ دیا۔ میں نے کہا: اے زینب! آپ کو خوشخبری ہو! رسول اللہ ﷺ نے آپ کا ذکر کیا ہے۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں ایسی کوئی شی نہیں کروں گی یہاں تک کہ میرا رب مجھے حکم دے۔ آپ نماز کے لیے کھڑی ہونے لگیں' قرآن نازل ہوا تو حضور ﷺ آپ کے پاس آپ کی اجازت کے بغیر گئے۔ حضرت

3319- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 195 قال: حدثنا بهز (ح) وحدثنا هاشم . وعبد بن حُميد: 1206 قال: حدثنا هاشم . ومسلم جلد 4 صفحه 148 قال: حدثنا محمد بن حاتم' قال: حدثنا ابو النضر هاشم بن القاسم .

يَتَحَدَّثُونَ قَدْ أَنِسَ بِهِمُ الْحَدِيثُ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّبَعْتُهُ، فَجَعَلَ يَتَتَبَّعُ حُجَرَ نِسَائِهِ يُسَلِّمُ عَلَيْهِنَّ، وَجَعَلْنَ يَقُلْنَ: كَيْفَ وَجَدْتَ أَهْلَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَلا أَدْرِي أَنَا أَخْبَرْتُهُ أَنَّ الْقَوْمَ قَدْ خَرَجُوا، أَوْ أُخْبِرَ، فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى دَخَلَ الْبَيْتَ، فَذَهَبْتُ أَدْخُلُ مَعَهُ فَأَلْقَى السِّتْرَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ، وَنَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ وَوُعِظَ الْقَوْمُ بِمَا وُعِظُوا بِهِ

انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' ہم نے آپ کے اس نکاح پر روٹی اور گوشت کھایا یہاں تک کہ دن لمبا ہو گیا' کچھ لوگ نکل گئے اور ایک گروہ باقی رہا' وہ باتوں سے مانوس ہو کر گفتگو کرنے لگے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نکلے تو میں آپ کے پیچھے چلا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کے حجروں کی طرف جانے لگے اور انہیں سلام کرنے لگے۔ آپ کی ازواج کہنے لگیں: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیسے اپنے اہل خانہ کو پایا؟ میں نہیں جانتا ہوں کہ میں نے بتایا ہو کہ لوگ نکل گئے' یا آپ کو بتایا گیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم چلے یہاں تک کہ گھر داخل ہوئے' میں بھی آپ کے ساتھ گھر میں داخل ہونے کے لیے گیا' آپ نے میرے اور اپنے درمیان پردہ لٹکا دیا تو پردہ کا حکم نازل ہو گیا' آپ نے لوگوں کو وعظ و نصیحت کی۔

3320 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنَّا نَهَابُ أَنْ نَسْأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَيْءٍ، وَكَانَ يُعْجِبُنَا أَنْ يَأْتِيَهُ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ فَيَسْأَلَهُ وَنَحْنُ نَسْتَمِعُ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، أَتَانَا رَسُولُكَ فَزَعَمَ أَنَّكَ تَزْعُمُ أَنَّ اللّٰهَ أَرْسَلَكَ. قَالَ: صَدَقَ. قَالَ: فَمَنْ خَلَقَ السَّمَاءَ؟ قَالَ: اللّٰهُ. قَالَ: فَمَنْ خَلَقَ الْأَرْضَ؟

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی شی کے متعلق سوال کرنے سے ڈرتے تھے' ہم پسند کرتے تھے کہ کوئی دیہاتی آدمی آپ کے پاس آئے اور آپ سے پوچھے اور ہم سنیں۔ ان میں سے ایک آدمی آیا' اُس نے عرض کی: اے محمد! آپ کو بھیجا گیا ہے' آپ گمان کرتے ہیں کہ آپ کو اللہ نے بھیجا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس نے سچ کہا ہے! اس نے عرض کی: آسمان کس نے پیدا کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ نے! اُس نے عرض کی: زمین کس نے پیدا کی ہے؟

3320- أخرجه أحمد جلد 3صفحه143 قال: حدثنا هاشم بن القاسم . وفي جلد 3صفحه193 قال: حدثنا بهز وعفان . وعبد بن حُميد: 1285 قال: حدثنا هاشم .

(۶) امام نسائی فرماتے ہیں:

"ثقه" ۔ (تہذیب الکمال للمزی جلد 4 صفحہ 347' رقم:811)

(۷) امام شمس الدین ذہبی آپ کے متعلق فرماتے ہیں:

"وكان رأسا فی العلم والعمل" ۔

آپ علم اور عمل کی بنیاد تھے۔ (الکاشف للذہبی جلد 2 صفحہ 38' رقم:681)

(۸) امام ابن شاہین نے آپ کا تذکرہ "تاریخ اسماء الثقات" میں فرمایا۔ (تاریخ اسماء الثقات لابن شاہین صفحہ 8' رقم:144)

(۹) امام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں:

"ثقه عابد" ۔ (تہذیب التہذیب جلد 1 صفحہ 143 رقم:812)

(۱۰) یادرہے کہ ثابت البنانی' امام بخاری اور امام مسلم کے شیوخ میں سے ہیں۔

اصول الحدیث کی روشنی میں زیر بحث حدیث مبارکہ بالکل "صحیح" ہے اور اس کے تمام رجال ثقہ اور سند متصل ہے' باوجود اس کے کہ اتمامِ حجت کیلئے مذکورہ بالا حدیث مبارکہ کے شواہدات ذیل میں پیش خدمت ہیں تاکہ بات زیادہ پختہ اور واضح ہوجائے۔

شاہد نمبر:ا

اخبرنا ابو خليفة حدثنا مسدد حدثنا عيسٰى بن يونس عن سليمان التيمی عن انس بن مالك قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:

مررت ليلة أسرى بی علی موسٰی عليه السلام يصلی فی قبره ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں معراج کی رات موسیٰ علیہ السلام کی قبر پر سے گزرا وہ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔

''شیخ شعیب الارنووط مذکورہ بالا سند کے متعلق فرماتے ہیں:''اسناده صحيح على شرط البخاری''۔

(صحیح ابن حبان' کتاب الاسراء' جلد 1 صفحہ 241' رقم:49)

شاہد نمبر:۲

حدثنا محمود بن محمد نا محمد بن حرب نا صلة بن سليمان عن عوف عن ابی نضرة عن أبی سعيد أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ليلة أسری بی مررت بموسیٰ وهو قائم يصلی فی قبره عند الكثيب الاحمر .

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ نے فرمایا: معراج کی رات میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر جو کہ سرخ ٹیلے کے پاس ہے' سے گزرا تو آپ قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔

(المعجم الاوسط' باب من اسمہ محمود' جلد 8 صفحہ 13' رقم:7806)

شاہد نمبر:۳

حدثنا الحسن بن يحيىٰ وابراهيم بن المعتمر قال حدثنا عمر بن حبيب عم سليمان التيمی عن انس عن أبی هريرة قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم رأيت موسیٰ يصلی فی قبره ليلة أسری بی .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے معراج کی رات حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھا۔ (مسند البزار' مسند أبی ہریرۃ' جلد 2 صفحہ 371' رقم:7616)

شاہد نمبر:۴

ثنا عيسىٰ بن هشام حدثنی ابو احمد المغيره بن عبد الرحمٰن الحرانی ثنا فياض بن محمد الرقی ثنا الغفاری عن ابی جريج عن عمرو بن دينار عن ابن عباس: أن النبی صلی الله عليه وسلم مر علىٰ موسیٰ وهو قائم يصلی فی قبره . (اخبار اصبہانی لابی نعیم' من اسمہ عبدالرحمٰن' جلد 7 صفحہ 288' رقم:40622)

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بسند صحیح ثابت ہے کہ ''انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں'' اور پھر معراج کی رات آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنا مشاہدہ بیان فرما کر انبیاء علیہم السلام کی حیاتِ برزخی پر مہر ثبت فرما دی، ممکن ہے کہ آقا کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنا مشاہدہ اس حکمت کے تحت بھی بیان فرمایا ہو کہ:

"ليس الخبر كالمعاينة".

خبر دیکھنے کی طرح نہیں ہے۔ (الحدیث)

(مستدرک للحاکم، تفسیر سورۃ الاعراف، جلد 2 صفحہ 351، رقم: 3250) (صحیح ابن حبان، باب: بدء الخلق، جلد 3 صفحہ 96، رقم: 6213) (مجمع الزوائد للہیثمی، باب فی الخبر، جلد 1 صفحہ 383، رقم: 688) وقال رجالہ ثقات

شاہد نمبر: ۵

عن يوسف بن عطية قال سمعت ثابت البناني رحمة الله عليه يقول لحميد الطويل هل بلغك ان احدًا يصلي في قبره الا الانبياء قال لا قال ثابت اللّهم ان اذنت لاحد ان يصلي في قبره فاذن لثابت ان يصلي في قبره .

(ترجمہ:) حضرت یوسف بن عطیہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ثابت سے سنا کہ اُنہوں نے حمید الطّویل سے فرمایا کہ اے ابوعبید! کیا تمہیں کوئی ایسی حدیث پہنچی ہے کہ حضرات انبیاء کرام کے علاوہ کوئی شخص قبر میں نماز پڑھتا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ نہیں! تو حضرت ثابت نے دعا مانگی: اے اللہ! اگر کسی کو قبر میں نماز پڑھنے کی توفیق واجازت دیتا ہے تو ثابت کو اجازت عطا فرما کہ وہ اپنی قبر میں نماز پڑھے۔ (حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ترجمہ ثابت البنانی، جلد 1 صفحہ 354)

امام شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

امام حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ان هذه الدعوة استجيبت وانه رُئِ بعد موته يصلي في قبره .

ان کی (ثابت البنانی رضی اللہ عنہ) کی دعا قبول ہوئی اور آپ کو بعد از وصال دیکھا گیا کہ آپ قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔ (سیر اعلام النبلاء ترجمہ ثابت بن اسلم، جلد 5 صفحہ 222)

تصریحات آئمہ و محدثین

(۱) امام عبدالرؤف المناوی المصری فرماتے ہیں کہ:

"الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون لانھم کالشھداء بل افضل والشھداء احیاء عند ربھم وفائدة لیست بظاھرة عندنا وھما کالملئکة وکذا الانبیاء ولھذا کانت الانبیاء لا تورث .

(ترجمہ:) انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں کیونکہ وہ شہداء کی طرح بلکہ ان سے بہت افضل ہیں، یہاں اپنے رب کے ہاں کی قید کا یہ فائدہ ہے کہ اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ ان شہداء کی زندگی ہمارے پاس ظاہر نہیں ہے اور وہ شہداء ملائکۃ کی طرح ہیں جیسا کہ حضرات انبیاء کرام (کیونکہ فرشتے بھی حیات ہیں لیکن ہماری نظروں سے اوجھل ہیں، اسی طرح انبیاء ہیں، اسی لیے انبیاء کا کوئی وارث نہیں ہوتا۔

(فیض القدیر للمناوی جلد **3** صفحہ **184**، تحت رقم الحدیث: **3089**)

(۲) امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ، انبیاء علیہم السلام کی حیاتِ برزخی کے متعلق فرماتے ہیں:

"انھم احیاء فی قبورھم یصلون" .

(انبیاء) اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ (شرح سنن النسائی للسیوطی، کتاب قیام اللیل وتطوع جلد **2** صفحہ **371**)

(۳) امام ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

لأن الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون .

کیونکہ انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ (مرقات المفاتیح، باب الایمان بالقدر، جلد **1** صفحہ **343**)

(۴) امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

بل الثابت فی الاحادیث الکثیرة الصحیحة أن الانبیاء أحیاء فیی قبورھم یصلون .

لیکن کثیر صحیح احادیث سے ثابت ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز ادا کرتے ہیں۔

(تحفۃ المحتاج بشرح المنہاج، جلد **2** صفحہ **227**)

(۵) امام سلیمان الجمل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

لأن اللّٰہ تعالٰی حرم علی الارض أکل اجسادھم ولانھم أحیاء فی قبورھم یصلون .

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے (انبیاء علیہم السلام) کے اجسام مٹی پر کھانا حرام کر دیئے ہیں کیونکہ وہ اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ (حاشیۃ الجمل علی المنہج لشیخ الاسلام زکریا الانصاری' باب صفۃ الصلاۃ جلد 2 صفحہ 510)

(٦) فتاویٰ الرملی میں ہے کہ:

"أما الانبياء فلانهم احياء فی قبورهم يصلون ويحجون كما وردت به الاخبار" .

پس انبیاء کیونکہ اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز وحج ادا کرتے ہیں جیسا کہ اخبار (احادیث) میں وارد ہوا ہے۔

(فتاویٰ الرملی' باب تفضیل البشر علی الملائکۃ' جلد 2 صفحہ 317)

(٧) امام تاج الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"الانبياء احياء فی قبورهم يصلون" .

انبیاء اپنی قبور میں حیات ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ (کتاب الکلیات لابی البقاء الکفومی' فصل الحاء' جلد 1 صفحہ 670)

(٨) شیخ عبدالواحد بن عبدالعزیز بن الحارث تمیمی' امام احمد بن حنبل کا قول نقل فرماتے ہیں کہ:

"ان الانبياء احياء فی قبورهم يصلون" .

بے شک انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز ادا کرتے ہیں۔ (اعتقاد الامام ابن حنبل صفحہ 303)

(٩) امام بدرالدین زرکشی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وهو حيى فی قبره يصلى فيه باذان واقامة بانه صلى الله عليه وسلم سراج كما قال الله تعالى وسراجًا منيرًا .

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں اور اذان واقامت کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورج ہیں' اللہ تعالیٰ نے آپ کو سراجاً منیراً کہا ہے۔ (زرقانی علی المواہب جلد 5 صفحہ 395)

(١٠) شیخ محمد احمد الشوبری الشافعی (المتوفی 1069 ہجری) فرماتے ہیں:

"وكرامات الاولياء لا تنقطع بموتهم اما الانبياء فلانهم احياء فی قبورهم يصلون ويحجون كما وردت به الاخبار" .

اور اولیاء کی کرامات ان کی موت کے ساتھ منقطع نہیں ہوتی اور بہرحال انبیاء کرام تو وہ اپنی قبور میں زندہ ہیں' نماز یں

پڑھتے ہیں اورحج کرتے ہیں جیسا کہ احادیث میں وارد ہے۔

(فتویٰ فی کرامات اولیاء صفحہ 11' لشیخ الشوبری ملحق الدر السنیۃ مطبوعہ ترکی)

(۱۱) حضرت سید شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ المعروف بہ غوث اعظم فرماتے ہیں:

"الانبياء والاولياء يصلون في قبورهم كما يصلون في بيوتهم" .

انبیاء واولیاء اپنی قبروں میں اسی طرح نماز پڑھتے ہیں جیسا کہ اپنے گھروں میں۔

(سر الاسرار فیما یحتاج الیہ الابرار صفحہ 104)

(۱۲) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ان الانبياء لا يموتون وانهم يصلون ويحجون قبورهم .

انبیاء کرام فوت نہیں ہوتے بلکہ وہ اپنی قبور میں نماز پڑھتے ہیں اور حج کرتے ہیں۔ (فیوض الحرمین صفحہ 31)

(۱۳) امام شافعی حنفی فرماتے ہیں کہ:

"ان الانبياء عليهم الصلوٰة والسلام احياء في قبورهم" .

انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ (ردالمختار علی درالمختار' کتاب الجہاد' جلد 4 صفحہ 151)

(۱۴) امام زرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"لحياته في قبره يصلي فيه باذان واقامة .

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی قبر میں زندہ ہیں اور اذان واقامت کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔

(زرقانی علی المواہب جلد 6 صفحہ 169)

(۱۵) امام حسن بن عمار بن علی شرنبلالی حنفی فرماتے ہیں:

"ولما هو مقرر عند المحققين انه صلى الله عليه وسلم حيي يرزق متمتع لجميع الملاذ والعبادات غير انه حجب عن ابصار القاصرين عن شريف المقامات" .

اور محققین کے نزدیک یہ طے شدہ ہے کہ آپ ﷺ زندہ ہیں اور آپ کو رزق دیا جاتا ہے اور آپ عبادات سے لطف اُٹھاتے ہیں' ہاں! یہ بات ہے کہ وہ ان آنکھوں سے پردے میں ہیں جو ان مقدس مقامات تک پہنچنے سے قاصر ہیں۔

(نور الایضاح صفحہ 189' مکتبہ امدادیہ' ملتان)

(١٦) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے شیخ حضرت امام نجم الدین الغیطی فرماتے ہیں کہ:

"بانهم كالشهداء بل افضل منهم احياء فی قبورهم يصلون ويحجون كما ورد فی الحديث الآخر" .

بے شک وہ (انبیاء کرام) شہداء کی طرح ہیں بلکہ ان سے بہت افضل ہیں' اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں اور حج کرتے ہیں جیسا کہ دوسری حدیث میں وارد ہے۔ (المعراج الکبیر صفحہ 67)

(١٧) شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

انبیاء کرام علیہم السلام قبور میں نماز پڑھتے ہیں' یہ تو آپ نے سنا ہی ہوگا اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام معراج کی رات جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر پر گزرے تو آپ نے دیکھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نماز پڑھ رہے تھے۔

(مکتوبات دفتر دوم' مکتوب: 16' صفحہ 43)

اولیاء کرام کی حیاتِ برزخی پر آئمہ کرام و بزرگانِ دین کی تصریحات

(١) ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ولذا قيل اولياء الله لا يموتون ولكن ينتقلون من دار الٰی دار" .

اسی لیے کہا جاتا ہے کہ اولیاء کرام مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر تشریف لے جاتے ہیں۔

(مرقات المفاتیح' باب الجمعہ' جلد 5 صفحہ 39)

اسی طرح ملا علیٰ قاری رحمۃ اللہ علیہ ایک مقام پر فرماتے ہیں:

میں کہتا ہوں: "أن الانبياء لايموتون" یعنی انبیاء علیہم السلام مرتے نہیں۔

"بل ينتقلون من دار الفناء الی دار البقاء" بلکہ دار الفناء (جہانِ فانی) سے دار البقاء (آخرت) کی طرح منتقل ہوتے ہیں۔ (مرقات المفاتیح' باب فی المعراج' جلد 9 صفحہ 82)

(٢) امام ابو حفص عمر بن علی ابن عادل الدمشقی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"المؤمنون لا يموتون بل ينقلون من دار الٰی دار" .

مؤمنین مرتے نہیں ہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہوتے ہیں۔

(اللباب فی علوم الکتاب' تفسیر سورۃ العنکبوت جلد 5 صفحہ 370)

(۳) امام ابوعبداللہ محمد بن عمر بن الحسن بن الحسین التیمی الرازی فرماتے ہیں:

"اولیاء اللّٰہ لا یموتون ولکن ینقلون من دار الٰی دار" ۔

اولیاء اللہ مرتے نہیں ہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہوتے ہیں۔

(تفسیر مفاتیح الغیب' تفسیر سورۃ آل عمران' تحت آیت: 169' جلد 3 صفحہ 469)

(۴) امام نظام الدین الحسن بن محمد بن حسین القمی النیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"فان اولیاء اللّٰہ لا یموتون ولکن ینقلون من دار الٰی دار ۔

کیونکہ اولیاء اللہ مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر تشریف لے جاتے ہیں۔

(تفسیر غرائب القرآن' تفسیر سورۃ العنکبوت' آیت: 42' جلد 6 صفحہ 194)

(۵) امام اسماعیل حقی بن مصطفیٰ الحنفی الخلوتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"لان المؤمنین الکاملین لا یموتون بل ینقلون من دار الی دار" ۔

کیونکہ مؤمنین کاملین مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہوتے ہیں۔

(تفسیر روح البیان' تفسیر سورۃ الزخرف' جلد 8 صفحہ 303)

(۶) امام محمد علی الصابونی فرماتے ہیں:

"قال العلماء لیس الموت فناء وانقطاعا بالکلیة عن الحیاۃ وانما هو انتقال من دار الٰی دار" ۔

علمائے کرام فرماتے ہیں کہ موت کُلّی طور پر انقطاع اور فناء (حیات سے) کا نام نہیں بلکہ وہ ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہونے کا نام ہے۔ (صفوۃ التفاسیر' سورۃ الملک' جلد 3 صفحہ 377)

(۷) شیخ عبدالرحمٰن بن محمد القماش فرماتے ہیں:

"اولیاء اللّٰہ لا یموتون ولکن ینقلون من دار الٰی دار" ۔ (تفسیر مراح لبید' تفسیر سورۃ النمل' جلد 4 صفحہ 91)

(۸) امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ' رسالہ قشیریہ میں ایک واقعہ نقل فرماتے ہیں کہ:

حضرت ابوسعید خزاز قدس سرہ الممتاز فرماتے ہیں کہ میں مکہ معظمہ میں تھا' باب بنی شیبہ پر ایک جوان مردہ پڑا پایا'

جب میں نے اُس کی طرف نظر کی' مجھے دیکھ کر مسکرایا اور کہا:

"یا ابا سعید أما علمت أن الاحباء أحیاء و ان ماتوا و انما ینقلون من دار الی دار" .

اے ابوسعید! کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اللہ کے پیارے زندہ ہیں' اگر چہ مر جائیں' وہ تو یہی ایک گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہوتے ہیں۔ (رسالہ القشیریہ باب الخروج من الدنیا صفحہ 140)

(۹) امام ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ اسی طرح ایک اور واقعہ نقل فرماتے ہیں کہ:

حضرت سیدی ابوعلی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک فقیر کو قبر میں اتارا' جب کفن کھولا اوران کا سر خاک پر رکھ دیا کہ اللہ اُن کے حال پر رحم فرمائے' اُس فقیر نے آنکھیں کھول دیں اور مجھ سے فرمایا: اے ابوعلی! مجھے اُس کے سامنے ذلیل کرتے ہو جو میرے ناز اُٹھاتا ہے۔ میں نے کہا: اے میرے سردار! کیا موت کے بعد زندگی؟ فرمایا:

"بلی انا حیی و کل محب اللہ حیی" .

ہاں! میں زندہ ہوں اور خدا کا ہر پیارہ زندہ ہے۔ (الرسالۃ القشیریۃ' باب الخروج من الدنیا' صفحہ 41)

(۱۰) حضرت بلال بن سعد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"یا اھل الخلود و یا اھل البقاء انکم لم تخلقوا للفناء و انما خلقتم للخلود و الابد و لکنکم تنقلون من دار الی دار" .

اے ہیشگی والو! اے بقاء والو! تم فناء ہونے کیلئے تخلیق نہیں ہوئے بلکہ دوام و ہیشگی کیلئے بنے ہو' ہاں! ایک گھر سے دوسرے گھر میں چلے جاتے ہو۔ (حلیۃ الاولیاء لابی نعیم' ذکر بلال بن سعد جلد 3 صفحہ 229) (سیر اعلام النبلاء للذہبی' ترجمہ بلال بن سعد' جلد 5 صفحہ 91) (تہذیب الکمال للمزی' من اسمہ بلال بن سعد' جلد 4 صفحہ 294)

زیر بحث حدیث مبارکہ پر اعتراضات کے جوابات

اعتراض نمبر:ا

صحاح ستہ کی کسی کتاب کو یہ شرف حاصل نہیں کہ اس حدیث کے زیور سے آراستہ ہوتی' اگر یہ شرف حاصل ہوا ہے تو چوتھی صدی کے صرف اور صرف ایک محدث جس کا نام احمد بن علی ابویعلیٰ موصلی ہے جس کی کتاب طبقہ ثالثہ میں شمار ہوتی ہے۔ (ندائے حق' مؤلفہ: جلد 2 صفحہ 19)

الجواب: کسی حدیث مبارکہ کا صحاح ستہ میں ہونا اُس کی صحت کو مستلزم نہیں ہوا کرتا اور نہ ہی صحاح ستہ کے علاوہ کتب احادیث ضعف و موضوعیت احادیث سے مکمل طور پر بھری پڑی ہیں' حدیث کی صحت کیلئے محدثین کرام نے جو اصول وضع فرمائے ہیں' اُن اصولوں وضوابط کی روشنی میں احادیث پر صحت کا حکم لگایا جاتا ہے۔ حدیث صحیح کی تعریف محدثین کرام نے کچھ یوں بیان فرمائی ہے:

"اَمـا الـحـديـث الـصـحـيـح فهو الحديث المسند الذی يتصل اسناده بنقل العدل الضابط عن العدل الضابط الى منتهاه ولا يكون شاذا ولا معللا".

یعنی صحیح حدیث اُس مسند حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند عادل وضابط راویوں کی سند کے ساتھ آخر تک متصل ہو اور شاذ ومعلول نہ ہو۔ (مقدمہ ابن الصلاح' النوع الاوّل من انواع علوم الحدیث معرفۃ الصحیح من الحدیث' صفحہ 11)

(۲) اسی طرح امام اسمٰعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی (المتوفی 774 ہجری) نے اختصار علوم الحدیث (تعریف الحدیث الصحیح' صفحہ 3) پر حافظ ابن صلاح کی اسی تعریف کو نقل فرمایا ہے۔

مذکورہ بالا شرائط پر پوری اُترنے والی حدیث مبارکہ صحیح کہلائے گی نا کہ صحاح ستہ میں شامل ہونے کی بناء پر۔

مسند ابو یعلیٰ کا طبقہ ثالثہ میں ہونا

یاد رہے کہ احادیث مبارکہ کا کتب طبقہ ثالثہ ورابعہ سے ہونا مستلزم ضعف نہیں ہوا کرتا' مذکورہ بالا طبقاتی تقسیم سے خود شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی مکمل اتفاق نہیں' چہ جائیکہ اس قانون کو علی الاطلاق تسلیم کیا جائے۔

ثانیاً: خود شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے تصانیف خطیب بغدادی اور امام ابونعیم اصبہانی کو طبقہ رابعہ میں شمار فرمایا ہے اور پھر آپ خود ہی اپنی تصنیف بستان المحدثین میں کچھ یوں رقمطراز ہیں:

"از نوادر کتب او کتاب حلیۃ الاولیاء ست کہ نظیر آں در اسلام تصنیف نشدہ"۔

یعنی ان کی تصانیف میں سے حلیۃ الاولیاء ایسے نوادرات میں سے جس کی مثل اسلام میں آج تک کوئی تصنیف نہ ہوئی۔ (بستان المحدثین مع اُردو ترجمہ' متخرج علی صحیح مسلم' مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی' کراچی' صفحہ 115)

اور پھر خود ہی خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک کتاب کا تعارف یوں کرواتے ہیں کہ "کتاب اقتضاء العلم والعمل از تصانیف خطیب است بسیار خوب کتابے است در باب خود"۔

خطیب بغدادی کی کتاب میں اقتضاء العلم والعمل اپنے فن میں بہت سی خوبیوں کی حامل ہے۔

(بستان المحدثین مع اُردو ترجمہ' کتاب اقتضاءِ العلم والعمل للخطیب' مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی' کراچی' صفحہ 169)

معلوم ہوا کہ اپنی اس طبقاتی تقسیم سے مطلقاً شاہ صاحب کو بھی اتفاق نہیں ہے' خود امام ابونعیم کی حلیۃ الاولیاء کو بے مثل نوادرات سے تعبیر کرنا اور خطیب بغدادی کی کتاب اقتضاء العلم والعمل کو بہت سی خوبیوں وفوائد کا حامل قرار دینا ہمارے دعویٰ پر بیّن دلائل ہیں۔

ثالثاً: شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے خود تصانیف امام حاکم کو بھی طبقہ رابعہ میں شمار فرمایا ہے جبکہ مستدرک میں امام حاکم نے کئی احادیث مبارکہ کو صحیح بخاری ومسلم کی شرط پر صحیح فرمایا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ امام ذہبی نے بھی اُن سے موافقت فرمائی ہے۔ ملاحظہ ہو (مستدرک للحاکم' کتاب الایمان' جلد 1 صفحہ 46' تحت رقم الحدیث:9) (مستدرک للحاکم' کتاب الایمان' جلد 1 صفحہ 51' تحت رقم الحدیث:17) (مستدرک للحاکم' کتاب العلم' جلد 1 صفحہ 119' تحت رقم الحدیث:294) (مستدرک للحاکم للحاکم' کتاب الطہارۃ' جلد 1 صفحہ 185' تحت رقم الحدیث:456) (مستدرک للحاکم' باب فی مواقیت الصلاۃ' جلد 1 صفحہ 672' تحت رقم الحدیث:672)

اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ہی بستان المحدثین میں مرقوم ہیں کہ:

انصاف یہ ہے کہ مستدرک میں اکثر احادیث ان دونوں بزرگوں (بخاری ومسلم) یا ان میں سے کسی ایک کے شرائط پر ہیں لیکن ظن غالب یہ ہے کہ تقریباً نصف کتاب اسی قبیل سے اور تقریباً اس کا ایک چوتھائی ایسا ہے کہ بظاہر ان کی اسناد صحیح ہیں لیکن شیخین کی شرائط پر نہیں اور باقی چوتھائی واہیات مناکیر بلکہ بعض موضوعات بھی ہیں۔

(بستان المحدثین مع اُردو ترجمہ' مستدرک میں احادیث موضوع کا اندراج' صفحہ 112)

مذکورہ بالا تحقیق خود شاہد ہے کہ شاہ صاحب کا یہ طبقاتی تقسیم کا قاعدہ علی الاطلاق انہیں خود مسلم نہیں' چہ جائیکہ محدثین کرام کے منہج پر ثابت ہو جانے والی احادیث کو محض اس طبقاتی تقسیم کی آڑ لے کر جھٹلا دیا جائے اور یہ بات بھی یاد رہے کہ اس طبقاتی تقسیم کے موجد شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ہیں جبکہ ماہرین نقد ورجال ومحدثین کرام کے ہاں حدیث مبارکہ کو منہج محدثین پر قبول وارد کیا جاتا ہے نہ کہ طبقاتی تقسیم کی بناء پر کسی بھی حدیث مبارکہ کو اپنے عیقدے کے خلاف دیکھ کر اس تقسیم کی آڑ میں جھٹلایا جاتا ہے۔

امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

"اذا صح حدیث النبی خلاف قولی فاعملوا بالحدیث ودعوا قولی فهو مذهبی"۔

جب نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کوئی حدیث صحیح میرے قول کے خلاف ثابت ہو جائے تو اُس پر عمل کرو اور میرا قول چھوڑ دو، وہی (حدیث) میرا مذہب ہے۔ (مرقات المفاتیح' کتاب اللباس' جلد **8** صفحہ **70**)

اسی طرح امام شافعی کا یہ قول "شرح مسلم للنووی' باب النھی عن لبس الرجل" جلد **7** صفحہ **55** پر بھی موجود ہے۔

آئمہ کرام اپنی رائے اور قول پر احادیث مبارکہ کو ترجیح دیا کرتے تھے اور ایک یہ مقام ہے کہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے اقوال کی زد میں ہزاروں احادیث مبارکہ کو جھٹلایا جا رہا ہے۔

اعتراض نمبر:۲

اس حدیث مبارکہ کے ایک راوی "ازرق بن علی ابوالجہم" صدوق یغرب ہیں' یعنی راوی تو سچے مگر غریب حدیثیں لاتے ہیں۔ (ملاحظہ ہو: ندائے حق صفحہ **19**' جلد دوم) (آئینہ تسکین الصدور صفحہ **45**)

الجواب: اصولِ حدیث کا مسلمہ قاعدہ ہے کہ غرابت' حدیث کی صحت کے منافی نہیں ہوا کرتی جیسا کہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

أن الغرابة لاتنا فی الصحة ویجوز أن یکون الحدیث صحیحًا غریبًا ۔

بلاشبہ غرابت صحت کے منافی نہیں ہے اور جائز ہے کہ حدیث صحیح غریب ہو۔ (مقدمہ مشکوٰۃ صفحہ **6**)

ثانیاً: اگر بالفرض "**صدوق یغرب**" کے الفاظ جرح میں شمار ہوتے ہیں تو مندرجہ ذیل راویوں کے متعلق کیا حکم لگایا جائے گا:

(۱) مسکین بن بکیر الحرانی:

"صدوق یغرب"۔ (الکاشف للذہبی جلد **1** صفحہ **103**' رقم: **5404**)

یاد رہے کہ مذکورہ بالا راوی صحیح بخاری و مسلم' سنن نسائی اور سنن ابوداؤد کے رجال سے ہے۔

(۲) أزھر بن جمیل بن جناح الھاشمی:

"صدوق یغرب"۔ (تقریب التہذیب جلد **1** صفحہ **72**' رقم: **303**)

مذکورہ بالا راوی سے احادیث صحیح بخاری، سنن ابوداؤد اور سنن نسائی میں موجود ہیں۔

(۳) سلمة بن رجاء التیمی: ''صدوق یغرب''۔ (تقریب التهذیب جلد 1 صفحہ 374)

یہ راوی بھی صحیح بخاری، ترمذی اور ابن ماجہ کے رجال میں سے ہے۔

(۴) اگر مان بھی لیا جائے کہ راوی کا غریب ہونا (یعنی متفرد) ثقاہت کے منافی ہے تو مندرجہ ذیل رجال پر کیا حکم لگایا جائے گا:

(۱) العلاء بن صالح:

''ثقه یغرب''۔ (الکاشف للذہبی جلد 1 صفحہ 39، رقم: 4334)

(۲) محمد بن مصفی الحمصی:

''ثقه یغرب''۔ (الکاشف للذہبی جلد 1 صفحہ 88، رقم: 5157)

(۳) یحییٰ بن سعید بن ابان:

''ثقه یغرب''۔ (الکاشف للذہبی جلد 1 صفحہ 146، رقم: 6172)

(۴) اسحاق بن فرات تجیبی قاضی مصر:

''ثقه یغرب''۔ (الکاشف للذہبی جلد 2 صفحہ 21، رقم: 315)

(۵) ابراہیم بن سوید:

''ثقه یغرب''۔ (تقریب التهذیب جلد 1 صفحہ 55، رقم: 183)

(۶) ابراہیم بن طہمان:

''ثقه یغرب''۔ (تقریب التهذیب جلد 1 صفحہ 56، رقم: 189)

ثالثاً: بالفرض محال اگر ''صدوق یغرب'' کو جرح مان بھی لیا جائے تو امام ابونعیم الاصبہانی نے اس روایت کو ''تاریخ اصبہان'' میں بھی نقل فرمایا ہے جس کی سند میں ''ازرق بن علی'' کا متابع عبداللہ بن محمد بن یحییٰ بن ابی بکیر موجود ہے، ملاحظہ ہو:

حدثنا علی بن محمود ثنا عبد اللہ بن ابراھیم بن الصباح ثنا عبد اللہ بن محمد بن أبی بکیر ثنا یحییٰ

بن أبي بكير ثنا المستلم بن سعيد عن حجاج عن ثابت البنانى عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الانبياء احياء فى قبورهم يصلون ۔

(تاریخ اصبہان لابی نعیم' ترجمہ: عبداللہ بن ابراہیم بن الصباح المقری' صفحہ 225)

یادرہے''ازرق بن علی'' کا متابع ''عبداللہ بن محمد بن یحییٰ بن اَبی بکیر'' ثقہ ہے جیسا کہ امام ابن حبان نے ان کا ذکر اپنی کتاب الثقات میں فرمایا' ملاحظہ ہو: کتاب الثقات لابن حبان جلد 7 صفحہ 141' رقم: 13897۔

(۲) امام خطیب بغدادی فرماتے ہیں:

''و کان ثقه'' ۔ (تاریخ بغدادی من اسمہ عبداللہ بن محمد بن یحییٰ' جلد 2 صفحہ 97)

(۳) امام ابونعیم الاصبہانی فرماتے ہیں:

''و کان صدوقا'' ۔ (طبقات المحدثین باصبہان' صفحہ 129' رقم: 208)

(۴) شیخ شعیب الارنؤوط ''محقق صحیح ابن حبان'' نے مذکورہ بالا راوی سے مروی ایک حدیث مبارکہ کے متعلق لکھا:

''اسناده صحيح'' ۔ (صحیح ابن حبان' باب: صلاۃ الجمعہ' تحت رقم الحدیث: 2810)

اعتراض نمبر:۳

اس حدیث کا ایک راوی مستلم بن سعید ثقہ ہونے کے ساتھ ساتھ وہم کا شکار بھی ہو جاتا ہے۔

(اقامۃ البرہان صفحہ 251)

الجواب: اس سے پہلے کہ معترضین کے سوالات کے جوابات کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ پیش کیا جائے' سب سے پہلے امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تقریب التہذیب سے عبارت پیش خدمت ہے جس کی وجہ سے مستلم بن سعید پر اعتراضات وارد کرتے ہیں:

''مستلم بن سعيد الثقفى الواسطى صدوق عابد ربما وهم'' ۔ (تقریب التہذیب جلد 1 صفحہ 450)

یہ بات یادرہے کہ'' ربما وهم '' کے الفاظ یا اس کے مترادف الفاظ ''له اوهام '' یا ''اويهم'' کے الفاظ کو جرح کے الفاظ میں شمار کرنا معترضین کی علم جرح وتعدیل سے نابلدی ہے' کسی بھی فن جرح وتعدیل کے امام '' ربما وهم '' کے الفاظ کو'' جرح '' میں شمار نہیں فرمایا' خود حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں '' ربما وهم '' سے

راوی کی ثقاہت پر کوئی حرج نہیں پڑتا۔ تقریب التہذیب کے مندرجہ ذیل رات کے تراجم میں ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں:

(۱) الحسین بن ذکوان:

''**ثقه ربما وهم**''۔ (تقریب التہذیب جلد **1** صفحہ **213**)

(۲) حفص بن میسرة العقیلی:

''**ثقه ربما وهم**''۔ (تقریب التہذیب جلد **1** صفحہ **227**)

(۳) الحکم بن عبداللہ بن خطاف:

''**ثقه ربما وهم**''۔ (تقریب التہذیب جلد **1** صفحہ **229**)

(۴) سہل بن بکار بن بشر:

''**ثقه ربما وهم**''۔ (تقریب التہذیب جلد **1** صفحہ **396**)

(۵) ہمام بن یحییٰ بن دینار:

''**ثقه ربما وهم**''۔ (تقریب التہذیب جلد **2** صفحہ **117**)

ثانیاً: بالفرض یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ ''**له اوهام**'' کے الفاظ جرح ثابت کرنے کیلئے کافی ہیں تو ''امام حماد بن ابی سلیمان'' جو کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کے شیوخ میں سے ہیں' اُن کے متعلق امام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ:

"**حماد بن أبی سلیمان مسلم الاشعری مولاهم أبو اسماعیل الکوفی فقیه صدوق له اوهام**".

(تقریب التہذیب جلد **1** صفحہ **236**' رقم: **1505**)

ثالثاً: بالفرض یہ الفاظ جرح میں شمار ہو بھی جائیں تو جمہور محدثین سے مستلم بن سعید کی توثیق نقل کر دی گئی ہے' لہٰذا ترجیح جمہور کے قول ہی کو ہوگی۔

اعتراض نمبر:۴

امام ذہبی نے ''حجاج الاسود'' کو مجہول کہا ہے۔ (آئینہ تسکین الصدور صفحہ **41**)

الجواب: امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے ''حجاج الاسود'' کو میزان الاعتدال (جلد **1** صفحہ **305**' رقم: **1727**) میں مجہول فرمایا

ہے جبکہ تلخیص المستدرک جو کہ امام ذہبی نے میزان الاعتدال کے بعد لکھی' اُس میں خود ''حجاج بن الاسود'' سے مروی حدیث مبارکہ کو ''صحیح'' فرمایا ہے' ملاحظہ ہو (تلخیص المستدرک' کتاب الرقاق' جلد 4 صفحہ 368' تحت رقم الحدیث: 7947) لہٰذا امام ذہبی کے اپنے قول ہی سے ''حجاج بن الاسود'' کی توثیق ثابت ہے۔ یاد رہے کہ امام شمس الدین ذہبی کی کتاب ''میزان الاعتدال'' اور تلخیص المستدرک میں دو متضاد اقوال جب پائیں جائیں تو ترجیح ''تلخیص المستدرک'' میں موجود امام ذہبی کے قول ہی کو ہوگی' ملاحظہ ہو (لسان المیزان ترجمہ الحارث بن محمد بن ابی اسامۃ جلد 2 صفحہ 157' رقم: 692) لہٰذا امام ذہبی کا جرح کرنا ساقط ہو جائے گا' مزید برآں امام ذہبی خود ہی حجاج بن الاسود کے متعلق ''سیر اعلام النبلاء'' میں فرماتے ہیں:

حدث عن شهر وابی نضرة وجماعة بصری صدوق روی عنه جعفر بن سليمان وعيسٰی بن يونس وروح وكان من الصلحاء وثقه ابن معين . (سیر اعلام النبلاء للذہبی جلد 7 صفحہ 76' رقم: 30)

مذکورہ بالا حوالہ اس امر پر شاہد ہے کہ خود ذہبی رحمۃ اللہ علیہ سے ''حجاج بن الاسود'' کی ثقاہت ثابت ہے' لہٰذا میزان الاعتدال کا حوالہ پیش کرنا کسی صورت مضر نہیں ہے۔

ثانیاً: گزشتہ اوراق میں 13 علماء ومحدثین کے حوالہ جات سے ''حجاج الاسود'' کی توثیق نقل کر دی گئی ہے' لہٰذا جہالت کا اعتراض خود بخود رفع ہو گیا' یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ ''حجاج بن أبی زیاد الاسود'' کا تذکرہ امام بخاری نے تاریخ کبیر (جلد 2 صفحہ 142' رقم: 2819) میں بھی کیا لیکن جرح نہیں فرمائی اور مکمل سکوت اختیار فرمایا۔

ثالثاً: جب کسی مجہول راوی سے دو یا دو سے زیادہ ثقہ راوی روایت کریں تو اُس کی جہالت (مجہول) رفع ہو جاتی ہے۔ امام شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ میزان الاعتدال میں ایک راوی ''الولید بن محمد بن صالح'' جن کو مجہول کہا گیا ہے' اُن سے جہالت کا اعتراض یوں رفع فرماتے ہیں کہ:

قلت قد روی عنه أبو أمية الطرسوسی' وأبو بكر الاعين' فارتفعت الجهالة".

میں کہتا ہوں: اُن سے ابوامیہ الطرسوسی اور ابوبکر الاعین نے روایت لی ہے' پس اُن کی جہالت رفع ہو جائے گی۔

(میزان الاعتدال' ترجمہ الولید بن محمد بن صالح الایلی' جلد 3 صفحہ 227' رقم: 9401)

امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کی حجاج بن الاسود پر جرح اُن کے اپنے ہی مذکورہ بالا قاعدہ کی روشنی میں ختم ہو جائے گی کیونکہ امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

وعنه جرير بن حازم وحماد بن سلمة وروح بن عبادة وآخرون .

حجاج بن الاسود سے جریر بن حازم‘ حماد بن سلمۃ‘ روح بن عبادہ اور دیگر حضرات روایت کرتے ہیں۔

(لسان المیزان‘ جلد 2 صفحہ 128‘ رقم: 787)

رابعاً: جب محدثین کرام کسی راوی کی توثیق فرما دیں تو راوی پر جہالت کا اعتراض رفع ہو جایا کرتا ہے جیسا کہ امام نورالدین علی بن اَبی الہیثمی ایک مقام پر مجمع الزوائد میں رقمطراز ہیں کہ:

”والراوی ثقة من رجال الصحيح فارتفعت الجهالة“ .

(مجمع الزوائد‘ باب: سقی الماء‘ جلد 3 صفحہ 321‘ تحت رقم الحدیث: 4724)

حجاج بن الاسود کی توثیق کرنے والے محدثین ملاحظہ ہوں:

(۱) امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

”ثقه“ .

(۲) امام یحییٰ بن معین فرماتے ہیں:

”ثقه“ . (العلل ومعرفۃ الرجال لاحمد جلد 2 صفحہ 287‘ رقم: 3892)

(۳) امام ابوداؤد فرماتے ہیں:

”ثقه“ . (سؤالات ابی عبداللہ الآجری جلد 1 صفحہ 427‘ رقم: 887)

(۴) امام ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ”تاریخ اسماء الثقات“ میں ذکر فرمایا۔

(تاریخ اسماء الثقات لابن شاہین‘ صفحہ 12‘ رقم: 255)

(۵) امام ابن حبان نے اپنی کتاب الثقات میں تذکرہ فرمایا۔

(کتاب الثقات لابن حبان‘ جلد 5 صفحہ 60‘ رقم: 7370)

لہٰذا ثابت ہوا کہ حجاج بن الاسود پر جہالت (مجہول ہونا) والا اعتراض ہی باطل ہے‘ جس کی اصول وضوابط و منہج محدثین پر کوئی حیثیت نہیں ہے۔ (اللہ ورسولہ اعلم بالصواب!)

اعتراض نمبر:۵

امام شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث حدیث مبارکہ کو ''خبر منکر'' کہا ہے' ملاحظہ ہو!

(میزان الاعتدال جلد **1** صفحہ **305**' ترجمہ: حجاج بن الاسود' رقم: **1727**)

الجواب: یاد رہے کہ بعض لوگوں کے زعم کے مطابق یہ ایک قوی اعتراض ہے' اس اعتراض کے جوابات مندرجہ ذیل ہیں:

سب سے پہلے قارئین ''منکر'' کی تعریف جان لیں کہ منکر کا اطلاق محدثین کرام کس کس اثر پر کیا کرتے ہیں' حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

''المنكر وهو كالشاذ ان خالف راوية الثقات فمنكر مردود وكذا ان لم يكن عدلا ضابطًا وان لم يخالف فمنكر مردود واما ان كان الذى تفرد به عدل ضابط حافظ قبل شرعا ولا يقال له منكر وان قيل له ذلك لغة''.

منکر یہ شاذ کی طرح مردود ہوتی ہے' اگر اس کا (ضعیف) راوی ثقہ راویوں کی مخالفت کرے تو منکر مردود ہوتی ہے اور اسی طرح اگر راوی عادل ضابط نہ ہو اور ثقہ راویوں کی مخالفت نہ کرے تو منکر مردود ہوتی ہے' اگر تفرد کرنے والا راوی عادل ضابط حافظ ہو تو شرعاً یہ مقبول روایت ہے' اسے منکر نہیں کہا جاتا' اگرچہ لغوی طور پر اسے منکر کہا جاتا ہے۔

(اختصار علوم الحدیث' النوع الرابع عشر المنکر' صفحہ **28**)

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق ثقات کے تفردات پر بھی لغوی طور پر منکر کا اطلاق ہوتا ہے اور فریق مخالف کی اپنی تصریح کے مطابق اگر دیکھا جائے تو یہ امکان زیادہ قوی نظر آتا ہے کہ علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے محض تفرد روات کے باعث اسے لغوی طور پر منکر کہا ہو۔

اوّلاً: علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے اپنے قول میں اس حدیث مبارکہ کو خبر منکر کہنے کی تصریح بھی موجود ہے' علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

''ما روى عنه فيما أعلم سوى مستلم بن سعيد''.

ہماری دانست کے مطابق مستلم بن سعید کے بغیر ان سے کسی نے روایت نہیں کی۔

(میزان الاعتدال جلد 1 صفحہ 305، رقم: 1727)

لہٰذا ثابت ہوا کہ یہاں پر خبر منکر کہنا علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے لغوی طور پر ہوگا' اس کے علاوہ امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"قلت المنکر اطلقه احمد بن حنبل وجماعة علی الحدیث الفرد الذی لا متابع له" .

میں کہتا ہوں کہ امام احمد اور جماعت (محدثین) ایسی حدیث جن کا کوئی متابع نہ ہو' پر بھی منکر کا اطلاق کرتے ہیں۔

(مقدمہ فتح الباری' ترجمہ: محمد بن ابراہیم الحارث' جلد 1 صفحہ 473)

اسی طرح شیخ عبدالغنی بن احمد جبر مزھر فرماتے ہیں:

"قد یطلقون المنکر علی الحدیث الفرد ولو کان روایة مقبولا وهذا اصطلاح بعض المتقدمین" .

(اصول التصحیح والتضعیف صفحہ 2)

شیخ عبدالعزیز بن محمد العبداللطیف فرماتے ہیں کہ:

"وأن الامام احمد وجماعة من المحدثین یطلقون المنکر علی الحدیث الفرد الذی لا متابع له" .

(ضوابط الجرح والتعدیل صفحہ 99)

یعنی متابعت نہ ہونے پر بھی محدثین منکر کا اطلاق کر دیا کرتے ہیں' بالفرض یہ امر تسلیم کر بھی لیا جائے کہ "خبر منکر" جرح ہے تو بھی فریق مخالف کو سودمند نہیں ہے کیونکہ منار اور پھر اُس کی شرح نورالانوار میں ہے کہ:

"(والطعن المبهم من ایمة الحدیث لا یجرح الراوی) عندنا بان بقول هذا الحدیث مجروح او منکر او نحوهما فیعمل به" .

اگر آئمہ حدیث کی جانب سے مبہم طعن ہو تو راوی کی عدالت پر جرح نہ ہوگی' مثلاً یہ کہا جائے کہ یہ حدیث مجروح یا منکر یا اسی جیسے جروجات۔ (نورالانوار' بحث الطعن المبہم والمفسر' صفحہ 204)

جب "حدیث منکر" کی جرح عندالاحناف جرح مبہم ہے تو فریق مخالف کا اس خبر پر منکر کا طعن کوئی فائدہ مند نہیں ہے کیونکہ مسلمہ قاعدہ ہے کہ جرح مبہم قابل قبول نہیں ہوا کرتی' ملاحظہ ہو: تصریحات آئمہ و محدثین کرام اس ضمن میں مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) امام نووی فرماتے ہیں کہ:

"لا يقبل الجرح اطلا مفسرا مبين السبب" ۔ (شرح صحیح مسلم جلد 1 صفحہ 25)

(۲) اسی طرح امام عینی فرماتے ہیں کہ:

"الجرح المبهم غير مقبول عند الحذاق من الاصوليين" ۔ (البنایۃ شرح الہدایۃ' فی بحث شعر المیتۃ جلد 1 صفحہ 234)

(۳) شیخ محمد بن صالح العثیمین فرماتے ہیں کہ:

"فلا يقبل الجرح المبهم" ۔ (علم مصطلح الحدیث' بحث الجرح والتعدیل' صفحہ 26)

ثانیاً: بالفرض "منکر" کو ہم جرح تسلیم کر بھی لیں تو بھی فریق مخالف کیلئے یہ امر انتہائی مشکل اور دشوار ہے کہ محدثین کرام نے جو تعریف "منکر" (ضعیف حدیث) کی بیان فرمائی ہے' زیر بحث حدیث مبارکہ ان شرائط پر پوری اُترتی ہو' امام مسلم رضی اللہ عنہ منکر کی تعریف کچھ یوں بیان فرماتے ہیں کہ:

"وعلامة المنكر في حديث المحدث اذا ما عرضت روايته للحديث على رواية غيره من اهل الحفظ والرضى خالفت روايته روايتهم او لم تكد نوافقها فاذا كان الاغلب من حديثه كذلك كان مهجور الحديث غير مقبوله ولا مستعمله" ۔

حدیث بیان کرنے والے کی حدیث کے منکر ہونے کی علامت یہ ہے کہ جب اس کی حدیث دوسرے اہل حفظ اور پسندیدہ راویوں کی حدیث پر پیش کی جائے تو اس کی روایت ان کی روایت کے مخالف ہو یا ممکن ہی نہ ہو کہ اُس کی روایت اُن کی روایت کے موافق ہو سکے' جب اس کی حدیث پر یہ اغلب ہو تو اس کی حدیث متروک اور غیر مقبول ہو گی۔

(مقدمہ صحیح مسلم جلد 1 صفحہ 3)

اگر امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی تعریف "منکر" کو مدنظر رکھا جائے تو کسی طرح بھی فریق مخالف زیر بحث حدیث مبارکہ پر منکر کا اطلاق ثابت نہیں کر سکتا بلکہ حد تواتر تک پہنچ جانے والی حدیث "مررت على موسى وهو يصلي في قبره" یعنی میں موسیٰ علیہ السلام (کی قبر) کے پاس سے گزرا' وہ اپنی قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔

(صحیح مسلم' باب من فضائل موسیٰ' جلد 2 صفحہ 411' رقم: 6308)

اس کی مکمل تائید کرتی ہے جیسا کہ امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا کہ:

"وشاهدًا لحديث الاوّل ما ثبت فی صحيح مسلم من رواية حماد بن سلمة" ۔

پہلی حدیث (زیر بحث حدیث مبارکہ) کا شاہد ومؤید وہ حدیث ہے جو صحیح مسلم میں حماد بن سلمہ کی سند سے ہے۔

(القول البدیع صفحہ 168)

اسی طرح امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ولحياة الانبياء بعد موتهم صلوات الله عليهم شواهد من الاحاديث الصحيحة منها..... ان النبی صلی الله عليه وسلم ليلة الاسری به مر علی موسٰی عليه السلام وهو يصلی فی قبره" ۔

اور انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات بعداز وفات پر صحیح احادیث میں سے شواہد موجود ہیں' ان میں سے وہ حدیث ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم معراج کی رات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر گزرے تو وہ اپنی قبر میں نماز ادا کر رہے تھے۔

(حیاۃ الانبیاء للبیہقی صفحہ 6' تحت رقم الحدیث: 5)

دوسرا یہ کہ منکر وہ روایت ہوتی ہے کہ جس میں کوئی ضعیف راوی ثقہ راویوں کے خلاف روایت کرے یا پھر بقول بعض کوئی ثقہ راوی اپنے سے اوثق راوی کی مخالفت کرے جبکہ اس حدیث میں تمام رجال ثقات ہیں کوئی ضعیف راوی موجود نہیں کہ وہ ثقہ کی مخالفت کر رہا ہو اور نہ ہی ثقہ کسی اوثق کی مخالت کر رہا ہے بلکہ امام بیہقی اور امام سخاوی کی تصریحات سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ صحیح میں موجود اس حدیث مبارکہ کی مؤید اور شواہدات میں سے ہے تو تحقیق کی روشنی میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ فریق مخالف کا اسے منکر قرار دینا باطل ہے۔

اشکال

ممکن ہے یہاں پر یہ اشکال بھی وارد ہوسکتا ہے کہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث مبارکہ کو 'حجاج بن الاسود' کی جہالت کی وجہ سے منکر فرمایا ہے تا کہ تفردات ثقہ کی بناء پر اسے منکر قرار دیا ہے۔

الجواب: گذشتہ اوراق میں الحمد للہ ''حجاج بن الاسود'' کی توثیق کئی جلیل القدر محدثین کرام سے پیش کر دی گئی ہے' لہٰذا جہالت کا اعتراض رفع ہو گیا اور حدیث مبارکہ کو منکر فرمانے کی جرح بھی ختم ہو جائے گی۔

اعتراض نمبر:۶

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشادِ گرامی ہے کہ:

لو كان موسٰى حيًا وادرك نبوتى لا تبعنى ۔ (مشکوۃ صفحہ 30)

یعنی اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے اور میری نبوت کا زمانہ پالیتے تو بے شک وہ میری اتباع کرتے۔

لہٰذا یہ حدیث حضرت موسیٰ علیہا السلام کی حیات کی نفی پر دال ہے۔ (ندائے حق جلد 2 صفحہ 41)

الجواب: مکمل حدیث مبارکہ ملاحظہ ہو:

"لو كان موسٰى حيا بين اظهركم ما حل له الا ان يتبعنى" ۔

اگر موسیٰ تمہارے درمیان ہوتے تو میری اتباع کے علاوہ ان کے لیے کوئی چارہ کار نہ تھا۔

(اتحاف الخیرہ للبوصیری' کتاب الایمان' جلد 1 صفحہ 248' رقم: 376) (مسند امام احمد' مسند جابر بن عبداللہ' جلد 22 صفحہ 468' رقم: 14631) (مجمع الزوائد' باب لیس لأحد مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلد 1 صفحہ 419' رقم: 810)

حدثنا عبد الله حدثنى أبى ثنا يونس وغيره قال ثنا حماد يعنى ابن زيد ثنا مجالد عن عامر الشعبى عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم..........لو كان موسٰى حيا..........الخ ۔

(مسند امام احمد' مسند جابر بن عبداللہ' جلد 3 صفحہ 338' رقم: 14672)

اور امام بیہقی نے اسے شعب الایمان میں مندرجہ ذیل سے نقل فرمایا:

حدثنا ابو محمد بن يوسف الاصبهانى املاء أنا ابو سعيد احمد بن محمد بن زياد البصرى بمكة لنا الهيثم بن سهل التسترى ثنا حماد بن زياد ثن مجالد بن سعيد واخبرنا احمد بن الحسن القاضى ثنا ابو على حامد بن محمد الوفاء ثنا محمد بن شاذان الجوهرى ثنا زكريا بن عدى ثنا حماد بن زيد عن مجالد عن الشعبى عن جابر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لو كان موسٰى حيا عليه السلام.........الحديث ۔

(شعب الایمان' ذکر حدیث جمع القرآن جلد 1 صفحہ 200' رقم الحدیث: 179)

قطع نظر باقی تمام راویانِ اسناد کے قارئین کرام کی خدمت میں ''مجالد بن سعید'' جو کہ مذکورہ بالا دونوں اسناد کا مشترکہ راوی ہے' کے متعلق آئمہ نقد ورجال کی تصریحات ذیل میں پیش خدمت ہیں:

امام شمس الدین ذہبی فرماتے ہیں:

"لين فيه" ۔

امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں:

"لیس بشیء" ۔

امام نسائی فرماتے ہیں:

"لیس بالقوی" ۔

امام دارقطنی فرماتے ہیں:

"ضعیف"۔

امام یحییٰ بن سعید نے (مجالد بن سعید کو) ضعیف فرمایا ہے۔

امام ابن مہدی آپ سے روایت نہیں لیتے تھے۔ (میزان الاعتدال جلد 2 صفحہ 295' رقم: 7070)

امام جوزجانی نے مجالد بن سعید سے مروی احادیث کو ضعیف کہا ہے۔ (احوال الرجال للجوزجانی صفحہ 12' رقم: 126)

امام یحییٰ بن معین فرماتے ہیں:

"مجالد ضعیف واهی الحدیث" ۔

امام ابوحاتم رازی فرماتے ہیں:

"لیس مجالد بقوی الحدیث" ۔ (الجرح والتعدیل جلد 6 صفحہ 362' رقم: 14780)

اعتراض نمبر: ۷

امام بیہقی نے اس حدیث مبارکہ کی تصحیح کہیں نہیں فرمائی۔ (ندائے حق جلد 2 صفحہ 21)

الجواب: امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کی تصحیح اگر حیاۃ الانبیاء بعد وفاتھم میں نہیں مل سکی تو ممکن ہے کہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث مبارکہ کی حجت کو اپنی کسی اور کتاب میں تسلیم فرمالیا ہو' جس پر محدثین نے مطلع ہو کر اس تصحیح کو امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے بیان فرما دیا ہو۔

ثانیاً: بالفرض یہ امر تسلیم بھی کرلیا جائے کہ امام بیہقی سے اس حدیث مبارکہ کی تصحیح کہیں منقول نہیں تو بھی ہمارے مؤقف کیلئے نقصان دِہ نہیں ہے کیونکہ محدثین نے امام بیہقی کی تصحیح نقل کرنے کے بعد اُس سے اختلاف نہیں فرمایا جو کہ ان محدثین کے ہاں اس حدیث مبارکہ کی صحت پر دال ہے' اگر اُن محدثین کو اس حدیث مبارکہ میں کسی طرح کلام ہوتا تو وہ ضرور امام

بیہقی کی تصحیح سے اختلاف فرماتے نہ کہ موافقت میں خاموش رہتے۔

ثالثاً: جب اصول وقواعد کی روشنی میں حدیث مبارکہ بالکل صحیح ہے تو امام بیہقی کا صحت بیان فرمانا نہ فرمانا برابر ہے جیسا کہ امام زرقانی فرماتے ہیں کہ:

وجمع البیهقی کتابًا لطیفًا فی حیاة الانبیاء وروی فیه باسناد صحیح .

(شرح زرقانی علیٰ مؤطا مالک جلد **4** صفحہ **357**)

گزشتہ اوراق میں کثیر حوالہ جات پیش کیے جا چکے ہیں کہ علمائے اعلام نے اس حدیث مبارکہ کی صحت کو تسلیم فرمایا ہے' صرف امام بیہقی کے صحیح نہ فرمانے سے نہ ہی ہمیں کوئی نقصان پہنچتا ہے۔

رابعاً: بر سبیل تنزل یہ مان بھی لیا جائے کہ یہ حدیث مبارکہ شدید ضعیف ہے تو اس سے یہ عقیدہ کیسے ثابت ہو جائے گا۔

خامساً: اگر مجموعی طور پر حیاۃ الانبیاء کی احادیث کو بنظر انصاف دیکھا جائے تو امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح کے مطابق یہ آثار حد تواتر تک پہنچ چکے ہیں' آپ فرماتے ہیں:

حیاة النبی صلی اللّٰه علیه وسلم فی قبره وهو سائر الانبیاء معلومة عندنا علما قطعیا لما قام عندنا من الادلة فی ذلك وتواترت به الاخبار الدالة علیٰ ذٰلك .

نبی کریم ﷺ کی اپنی قبر مبارک میں اور اسی طرح دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات ہمارے نزدیک قطعی طور پر ثابت ہے کیونکہ اس پر ہمارے نزدیک دلائل قائم ہیں اور تواتر کے ساتھ اخبار موجود ہیں جو اس پر دلالت کرتے ہیں۔

(الحاوی للفتاویٰ للسیوطی)

اسی طرح امام محمد بن جعفر الکتانی رحمۃ اللہ علیہ نے امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے نحیاۃ الانبیاء فی قبورھم کے آثار کو متواتر فرمایا ہے۔ (نظم المتناثر صفحہ **126**' تحت رقم الحدیث: **115**)

جب آثار حیات الانبیاء از قبیل تواتر ہیں تو قاعدہ یہ ہے کہ:

"والمو تر لا یبحث عن رجاله بل یجب العمل به من غیر بحث" .

اور متواتر کے رجال سے بحث نہیں کی جاتی بلکہ بغیر بحث اس پر عمل واجب ہے۔ (شرح نخبۃ الفکر صفحہ **35**)

3413 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَصَابَنَا مَطَرٌ - وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَحَسَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ وَقَالَ: إِنَّهُ حَدِيثُ عَهْدٍ بِرَبِّهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو بارش پہنچی اس حالت میں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے‘ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا کپڑا کھول دیا (بارش کا پانی لینے کے لیے) اور فرمایا: یہ ابھی ابھی اپنے رب کی طرف سے آئی ہے۔

3414 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ أَبُو عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ خَطِيبَ الْأَنْصَارِ، فَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ) (الحجرات: 2) الْآيَةُ، قَالَ ثَابِتٌ: أَنَا الَّذِي كُنْتُ أَرْفَعُ صَوْتِي فَوْقَ صَوْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ ـ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ هُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، بَلْ هُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ”اے ایمان والو! اپنی آوازوں کو اونچا نہ کرو، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سے اونچا نہ بولا کرو“۔ حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ اپنے گھر میں بیٹھ گئے، کہنے لگے میں ہی وہ ہوں کہ میری آواز نبی کی آواز پر اونچی ہے۔ میں ہی اہل جہنم سے ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ وہ تو اہل جنت سے ہے بلکہ وہ جنتی ہے۔

3415 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ فَيَجِيءُ الْحَسَنُ أَوِ الْحُسَيْنُ فَيَرْكَبُ عَلَى ظَهْرِهِ، فَيُطِيلُ السُّجُودَ فَيُقَالُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَطَلْتَ السُّجُودَ؟ فَيَقُولُ: ارْتَحَلَنِي ابْنِي فَكَرِهْتُ أَنْ أُعَجِلَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کی حالت میں تھے، امام حسن یا حسین رضی اللہ عنہما تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت پر سوار ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سجدہ کو لمبا کرلیا، عرض کی گئی: اے اللہ کے نبی! آپ نے سجدہ کو لمبا کرلیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا بیٹا میرے اوپر سوار ہوگیا تھا‘ میں نے ناپسند کیا جلدی کرنے کو۔

3416 - حَدَّثَنَا أَبُو الْجَهْمِ الْأَزْرَقُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَقَدَ الرَّجُلَ مِنْ إِخْوَانِهِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، سَأَلَ عَنْهُ، فَإِنْ كَانَ غَائِبًا دَعَا لَهُ، وَإِنْ كَانَ شَاهِدًا زَارَهُ، وَإِنْ كَانَ مَرِيضًا عَادَهُ، فَفَقَدَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ، فَسَأَلَ عَنْهُ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَرَكْنَاهُ مِثْلَ الْفَرْخِ، لَا يَدْخُلُ فِي رَأْسِهِ شَيْءٌ إِلَّا خَرَجَ مِنْ دُبُرِهِ . قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَعْضِ أَصْحَابِهِ: عُودُوا أَخَاكُمْ . قَالَ: فَخَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعُودُهُ، وَفِي الْقَوْمِ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، فَلَمَّا دَخَلْنَا عَلَيْهِ إِذَا هُوَ كَمَا وُصِفَ لَنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ تَجِدُكَ؟ . قَالَ: لَا يَدْخُلُ فِي رَأْسِي شَيْءٌ إِلَّا خَرَجَ مِنْ دُبُرِي، قَالَ: وَمِمَّ ذَاكَ؟ . قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَرَرْتُ بِكَ وَأَنْتَ تُصَلِّي الْمَغْرِبَ، فَصَلَّيْتُ مَعَكَ وَأَنْتَ تَقْرَأُ هَذِهِ السُّورَةَ (الْقَارِعَةُ مَا الْقَارِعَةُ) (القارعة: 2)- إِلَى آخِرِهَا - (نَارٌ حَامِيَةٌ) (القارعة: 11) قَالَ: فَقُلْتُ: اللّٰهُمَّ مَا كَانَ لِي مِنْ ذَنْبٍ أَنْتَ مُعَذِّبِي عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ، فَعَجِّلْ لِي عُقُوبَتَهُ فِي الدُّنْيَا، فَنَزَلَ بِي مَا تَرَى . قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِئْسَ مَا قُلْتَ، أَلَا سَأَلْتَ اللّٰهَ أَنْ يُؤْتِيَكَ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَيَقِيكَ عَذَابَ النَّارِ؟ . قَالَ:

حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب آپ کسی آدمی کو تین دن تک نہ پاتے تو آپ اس کے متعلق پوچھتے تھے' اگر غائب ہوتا تو آپ اُس کے لیے دعا کرتے' اگر حاضر ہوتا تو آپ اس کی ملاقات کے لیے جاتے' اگر مریض ہوتا تو مریض کی عیادت کرتے' انصار کے ایک آدمی کو تین دن تک نہ پایا تو آپ نے اُس کے متعلق پوچھا' عرض کی گئی: یارسول اللہ! ہم نے اس کو ناتواں کی مثل چھوڑا ہے' اس کے سر میں کوئی شی داخل ہوتی ہے تو اس کی دُبر سے نکل جاتی ہے۔ حضور ﷺ نے اپنے بعض اصحاب سے فرمایا: اپنے بھائی کی عیادت کرو! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم حضور ﷺ کے ساتھ اس کی عیادت کرنے کے لیے نکلے۔ لوگوں میں حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما تھے' جب ہم اس کے پاس داخل ہوئے تو وہ ایسے ہی تھا جیسے ہمیں بیان کیا گیا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم کیسے ہو؟ عرض کی: میرے سر میں کوئی شی داخل کی جاتی ہے تو وہ دُبر کے راستے سے نکل جاتی ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کی وجہ کیا ہے؟ عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے پاس سے گزرا اس حال میں کہ آپ نمازِ مغرب پڑھا رہے تھے اور آپ سورۃ ''الْقَارِعَةُ مَا الْقَارِعَةُ'' آخر ''نَارٌ حَامِيَةٌ'' تک پڑھا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ! میرے نامۂ اعمال میں گناہ ہیں' اس کا عذاب تُو نے مجھے آخرت میں دینا ہے' وہ عذاب تُو مجھے دنیا میں دیدے۔ اس کے بعد میرے اوپر یہ بیماری آئی ہے جو آپ دیکھ رہے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو

فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا بِذَلِكَ، وَدَعَا لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَقَامَ كَأَنَّمَا نَشَطَ مِنْ عِقَالٍ، قَالَ: فَلَمَّا خَرَجْنَا قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَضَضْتَنَا آنِفًا عَلَى عِيَادَةِ الْمَرِيضِ، فَمَا لَنَا فِي ذَلِكَ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمَرْءَ الْمُسْلِمَ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ يَعُودُ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ، خَاضَ فِي الرَّحْمَةِ إِلَى حَقْوَيْهِ، فَإِذَا جَلَسَ عِنْدَ الْمَرِيضِ غَمَرَتْهُ الرَّحْمَةُ وَغَمَرَتِ الْمَرِيضَ الرَّحْمَةُ، وَكَانَ الْمَرِيضُ فِي ظِلِّ عَرْشِهِ، وَكَانَ الْعَائِدُ فِي ظِلِّ قُدْسِهِ، وَيَقُولُ اللّٰهُ لِمَلَائِكَتِهِ: انْظُرُوا كَمِ احْتَسَبُوا عِنْدَ الْمَرِيضِ الْعُوَّادُ قَالَ: تَقُولُ: أَيْ رَبِّ، فُوَاقًا - إِنْ كَانُوا احْتَسَبُوا فُوَاقًا - فَيَقُولُ اللّٰهُ لِمَلَائِكَتِهِ: اكْتُبُوا لِعَبْدِي الْعَائِدِ عِبَادَةَ أَلْفِ سَنَةٍ، قِيَامَ لَيْلِهِ وَصِيَامَ نَهَارِهِ، وَأَخْبِرُوهُ أَنِّي لَمْ أَكْتُبْ عَلَيْهِ خَطِيئَةً وَاحِدَةً قَالَ: وَيَقُولُ لِمَلَائِكَتِهِ: انْظُرُوا كَمِ احْتَسَبُوا؟ قَالَ: يَقُولُونَ: سَاعَةً - قَالَ: إِنْ كَانُوا احْتَسَبُوا سَاعَةً - فَيَقُولُ: اكْتُبُوا لَهُ دَهْرًا، وَالدَّهْرُ عَشَرَةُ آلَافِ سَنَةٍ، إِنْ مَاتَ قَبْلَ ذَلِكَ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَإِنْ عَاشَ لَمْ يُكْتَبْ عَلَيْهِ خَطِيئَةٌ وَاحِدَةٌ، وَإِنْ كَانَ صَبَاحًا صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتَّى يُمْسِيَ، وَكَانَ فِي خِرَافِ الْجَنَّةِ، وَإِنْ كَانَ مَسَاءً صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتَّى يُصْبِحَ، وَكَانَ فِي خِرَافِ الْجَنَّةِ

نے بہت بُرا کہا' تُو نے اللہ تعالیٰ سے یہ کیوں نہیں مانگا' اے اللہ! تجھے دنیا اور آخرت میں بھلائی دے اور جہنم کے عذاب سے بچائے؟ حضور ﷺ نے اس کو یہ دعا کرنے کا حکم دیا' حضور ﷺ نے اس کے لیے دعا کی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ ایسے کھڑا ہوا جیسے وہ بالکل تندرست ہے۔ جب ہم نکلے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ابھی ہم مریض کی عیادت کر کے اُٹھے ہیں' ہمارے لیے کیا ثواب ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان مرد جب اپنے گھر سے اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کے لیے نکلتا ہے تو اللہ کی رحمت اس کو ڈھانپ لیتی ہے' جب مریض کے پاس بیٹھتا ہے تو اس کو بھی اللہ کی رحمت ڈھانپ لیتی ہے اور مریض کو بھی اور مریض عرش کے سایہ میں ہوتا ہے اور عیادت کرنے والا بھی عرش کے سایہ میں ہوتا ہے۔ اللہ عزوجل فرشتوں سے فرماتا ہے: دیکھو! مریض کے پاس عیادت کرنے والے کتنی دیر رُکے ہیں؟ وہ عرض کرتے ہیں: اتنی دیر جتنی دیر اونٹنی کے دوسری بار دودھ دوھنے میں ہوتی ہے۔ اللہ عزوجل فرشتوں سے فرماتا ہے: میرے عیادت کرنے والے بندے کے لیے ایک ہزار سال عبادت کرنے اور ایک ہزار سال رات کو قیام کرنے کا اور ایک ہزار دن روزہ رکھنے کا ثواب لکھ دو اور اس کو بتا دو کہ میں نے تمہارا ایک گناہ بھی نہیں لکھا ہے۔ اللہ عزوجل فرشتوں سے کہتا ہے: دیکھو! میرا بندہ مریض کے پاس کتنی دیر رُکا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: ایک

گھڑی! اللہ عزوجل فرماتا ہے: اگر وہ ایک گھڑی رُکا ہے تو اس کے لیے ایک زمانہ کی نیکیاں لکھ دو' ایک زمانہ دس ہزار سال کا ہوتا ہے' اگر اس سے پہلے مر جائے تو وہ جنت میں داخل ہو جائے گا' اگر زندہ رہا تو اس کے نامۂ اعمال میں ایک گناہ بھی نہیں لکھا جائے گا' اگر صبح کے وقت مریض کی عیادت کرے گا تو ستر ہزار فرشتے اس کے لیے شام تک رحمت کی دعا کرتے رہیں گے' اس دوران وہ جنت میں ہوتا ہے' اگر شام کے وقت عیادت کرے تو ستر ہزار فرشتے اس کے لیے صبح تک دعائے رحمت کرتے ہیں' اس دوران وہ جنت میں ہوتا ہے۔

3417 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں: ایمان والے آدمی کے خواب' نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں۔

3418 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَفْضَلِ الصِّيَامِ، قَالَ: شَعْبَانُ تَعْظِيمًا لِرَمَضَانَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سے روزے افضل ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شعبان کے رمضان کی تعظیم کے لیے۔

3419 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ الْخَرَّازُ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3417- الحديث سبق برقم: **3225** فراجعه .

3418- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **663** . ومن طريقه أخرجه البغوي في شرح السنة: **1778** . والطحاوي جلد**2** صفحه**83** من طريقين حدثنا موسى بن اسماعيل' حدثنا صدقة بن موسى به .

3419- أخرجه أحمد جلد**3** صفحه**150** . والترمذي رقم الحديث: **3505** من طريق عبد الصمد' حدثنا محمد بن ثابت به .

حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوا . قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَمَا رِيَاضُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: حِلَقُ الذِّكْرِ

حضور ﷺ نے فرمایا: جب جنت کے باغوں سے گزرا کرو تو اس سے کھا لیا کرو، عرض کی: یا رسول اللہ! جنت کے باغ کیا ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ذکر کا حلقہ۔

3420 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا مُسْتَوْرِدٌ أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا تَرَكْتُ حَاجَةً وَلَا دَاجَّةً إِلَّا قَدْ أَتَيْتُ . قَالَ: أَلَيْسَ تَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ؟ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: ذَاكَ يَأْتِي عَلَى ذَلِكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: یا رسول اللہ! میں ہر ضرورت' خدمت اور کام چھوڑ کر آیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو توحید و رسالت کی گواہی دیتا ہے، تین مرتبہ فرمایا' اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا ثواب ملے گا۔

3421 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ الطَّائِفِيُّ، حَدَّثَنَا الْأَزْوَرُ بْنُ غَالِبٍ الْبَصْرِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، وَسُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلَّهِ فِي كُلِّ يَوْمِ جُمُعَةٍ سِتَّمِائَةَ أَلْفِ عَتِيقٍ يَعْتِقُهُمْ مِنَ النَّارِ - قَالَ أَحَدُهُمَا فِي حَدِيثِهِ - كُلُّهُمْ قَدِ اسْتَوْجَبُوا النَّارَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل جمعہ کے دن ساٹھ ہزار آدمیوں کو جنت دیتا ہے جن پر جہنم واجب ہو گئی تھی (جہنم سے نکال دیتا ہے، ان تمام پر جہنم واجب ہوگئی ہوتی ہے)۔

3422 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3420- الحديث في المقصد العلي برقم: 1638 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 83 وقال: رواه أبو يعلى والبزار بنحوه' والطبراني في الصغير' والأوسط' ورجالهم ثقات .

3421- أخرجه ابن حبان في المجروحين جلد 1 صفحه 178 من طريق الحسين بن عبد الله القطان بالرقة' حدثنا عمرو بن هشام الحراني .

3422- الحديث سبق برقم: 3421 فراجعه .

مَيْمُونٌ، شَيْخٌ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلّٰهِ فِي كُلِّ سَاعَةٍ مِنْ سَاعَاتِ الدُّنْيَا سِتَّمِائَةَ أَلْفِ عَتِيقٍ يُعْتِقُهُمْ مِنَ النَّارِ، كُلُّهُمْ قَدِ اسْتَوْجَبَ النَّارَ

حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل دنیا کی گھڑیوں میں سے ہر گھڑی ساٹھ ہزار آدمیوں کو جنت دیتا ہے جن پر جہنم واجب ہوگئی تھی۔

3423 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الْغُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَيَقْرَأُ السُّورَةَ الْخَفِيفَةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب آپ حالتِ نماز میں ماں کے ساتھ بچے کے رونے کی آواز سنتے تو آپ مختصر قرأت کرتے یا چھوٹی سورت پڑھتے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس سال کی عمر میں اعلان نبوت فرمایا' جب وصال مبارک ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر ساٹھ سال تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک اور داڑھی شریف میں صرف بیس بال سفید تھے۔

3626 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ رَبِيعَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: مَا كَانَ فِي رَأْسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

حضرت ربیعہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اور داڑھی شریف میں بیس سے زیادہ بال سفید نہ تھے۔

3627 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ يَهُودِيَّةِ أَصْبَهَانَ، مَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفًا مِنَ الْيَهُودِ عَلَيْهِمُ السِّيجَانُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال اصفہان کے یہود سے نکلے گا۔ اس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے جن پر وہ کمانڈر ہوگا۔

3628 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ:

حضرت ربیعہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اور داڑھی شریف میں بیس سے زیادہ بال سفید نہ تھے۔

3625- الحديث سبق برقم: 3578,3560 فراجعه .

3626- الحديث سبق برقم: 3625,3578,3560 فراجعه .

3627- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 224 قال: حدثنا محمد بن مصعب' قال: حدثنا الأوزاعي' عن ربيعة' فذكره .
وأخرجه مسلم جلد 8 صفحه 207 قال: حدثنا منصور بن أبي مُزاحم' قال: حدثنا يحيى بن حمزة' عن الأوزاعي' عن اسحاق' فذكره .

3628- الحديث سبق برقم: 3625 فراجعه .

لَمْ يَكُنْ فِي رَأْسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

3629 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَبِيعَةَ الرَّأْيِ يَقُولُ: قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ سِتِّينَ سَنَةً لَيْسَ فِي رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال اس حالت میں ہوا کہ آپ کی عمر اس وقت ساٹھ سال تھی' آپ کے سر اور داڑھی شریف میں بیس سے زیادہ بال سفید نہیں تھے۔

3630 - حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْغَضِيضِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ قُرَّةَ، أَنَّ رَبِيعَةَ بْنَ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَهُ، أَنَّهُ شَهِدَ بَابًا مِنْ بَقِيعِ الْغَرْقَدِ كَانَ قَاعِدًا خَلْقٌ خَلْفَهُ، فِيهِمْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: فَسَمِعْتُهُ يَذْكُرُ مِنْ صِفَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ فِيمَا ذَكَرَ أَنْ قَالَ: تَنَبَّأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ أَرْبَعِينَ، فَمَكَثَ بِمَكَّةَ عَشْرًا وَبِالْمَدِينَةِ عَشْرًا، وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ سِتِّينَ وَلَيْسَ فِي رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

حضرت ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: اس حالت میں کہ آپ جنت البقیع کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے' مخلوقِ خدا آپ کے پیچھے تھی' ان میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بھی تھے' میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ بیان کرتے ہوئے سنا' کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس سال کی عمر میں اعلانِ نبوت فرمایا' آپ دس سال مکہ رہے' دس سال مدینہ شریف رہے' آپ کے سر اور داڑھی کے بالوں میں بیس سے زیادہ بال سفید نہیں تھے۔

3631 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ: وَأَخْبَرَنِي رَبِيعَةُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجِلَ الشَّعَرِ، لَيْسَ بِالسَّبِطِ وَلَا الْجَعْدِ الْقَطَطِ، كَانَ أَزْهَرَ لَيْسَ بِالْآدَمِ، وَلَا الْأَبْيَضِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سیدھے بالوں والے تھے نہ بہت ہی سیدھے اور نہ گھنگھریالے بال تھے' رنگ ظاہر و باہر نہ گندم گو نہ بالکل سفید (سرخ بھی نہیں تھا) قوم میں نمایاں لگتے' نہ قد لمبا تھا اور نہ لمبے تڑنگے۔ چالیس سال

3629- الحديث سبق برقم: 3625 فراجعه .

3630- الحديث سبق برقم: 3625 فراجعه .

3631- الحديث سبق برقم: 3625 فراجعه .

الْأَمْهَقِ، كَانَ رَبْعَةً مِنَ الْقَوْمِ لَيْسَ بِالْقَصِيرِ وَلَا بِالطَّوِيلِ الْبَائِنِ، بُعِثَ عَلَى رَأْسِ أَرْبَعِينَ، أَقَامَ بِمَكَّةَ عَشْرًا وَبِالْمَدِينَةِ عَشْرًا، وَتُوُفِّيَ عَلَى رَأْسِ سِتِّينَ لَيْسَ فِي رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُونَ شَعَرَةً بَيْضَاءَ

کی عمر میں آپ ﷺ کی بعثت مبارک ہوئی' دس سال مکہ میں اور دس سال مدینہ میں اقامت پذیر رہے اور آپ ﷺ کا وصال تقریباً ساٹھ سال کی عمر میں ہوا' اس حال میں کہ آپ ﷺ کے سر اور داڑھی میں کوئی بیس بال سفید تھے۔

سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَنَسٍ

وہ احادیث جو حضرت سعد بن ابراہیم' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3632 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ أَبُو سَعِيدٍ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ، إِذَا حَكَمُوا فَعَدَلُوا، وَإِذَا عَاهَدُوا فَوَفَوْا، وَإِذَا اسْتُرْحِمُوا فَرَحِمُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ائمہ قریش سے ہوں گے' جب فیصلہ کریں تو عدل کریں' جب وعدہ کریں تو پورا کریں' جب ان سے رحم طلب کیا جائے تو رحم کریں۔

3633 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا سِكِّينُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا سَيَّارُ بْنُ سَلَامَةَ الرِّيَاحِيُّ أَبُو الْمِنْهَالِ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِي عَلَى أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، وَإِنَّ فِي أُذُنَيَّ يَوْمَئِذٍ قُرْطَيْنِ - أَيْ غُلَامٌ- فَقَالَ أَبُو بَرْزَةَ: إِنِّي لَأَحْمَدُ

حضرت سیار بن سلامہ الریاحی ابوالمنہال فرماتے ہیں کہ میں اپنے لڑکے کے ساتھ حضرت ابو برزہ اسلمی کے پاس داخل ہوا' میرے دونوں کانوں میں اس دن دو بالیاں تھیں' حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اللہ کی حمد کرتا ہوں' میں نے صبح اس قریش کے قبیلہ میں لڑائی کی

3632- أخرجه الطيالسي رقم الحديث: **2596** . ومن طريقه أخرجه البزار رقم الحديث: **1578**: وأبو نعيم في الحلية جلد**3**صفحه**171** .

3633- الحديث في المقصد العلي برقم: **860** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5**صفحه**193** وقال: أخرجه أحمد' وأبو يعلى أتم منه وفيه قصة' والبزار' ورجال أحمد رجال الصحيح خلا سكين بن عبد العزيز وهو ثقة .

اللّٰهَ أَنِّي أَصْبَحْتُ ذَامًّا لِهَذَا الْحَيِّ مِنْ قُرَيْشٍ، فُلَانٌ هَا هُنَا يُقَاتِلُ عَلَى الدُّنْيَا، وَفُلَانٌ يُقَاتِلُ عَلَى الدُّنْيَا- يَعْنِي: عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ مَرْوَانَ - حَتَّى ذَكَرَ ابْنَ الْأَزْرَقِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ أَحَبَّ النَّاسِ إِلَيَّ لَهَذِهِ الْعِصَابَةُ الْمُلَبَّدَةُ الْخَمِيصَةُ بُطُونِهِمْ مِنْ أَمْوَالِ الْمُسْلِمِينَ، الْخَفِيفَةُ ظُهُورُهُمْ مِنْ دِمَائِهِمْ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأُمَرَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ، ثَلَاثًا، لَكُمْ عَلَيْهِمْ حَقٌّ، وَلَهُمْ عَلَيْكُمْ حَقٌّ مَا فَعَلُوا ثَلَاثًا: مَا حَكَمُوا فَعَدَلُوا، وَاسْتُرْحِمُوا فَرَحِمُوا، وَعَاهَدُوا فَوَفَوْا، وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

ہے' فلاں نے یہاں دنیا کے لیےلڑائی کی ہے' فلاں نے یہاں دنیا کے لیےلڑائی کی ہے' یعنی عبدالملک بن مروان نے' یہاں تک کہ ابن ازرق کا بھی ذکر کیا۔ پھر فرمایا: مجھے لوگوں میں سے سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جو مضبوط گروہ ہے' مسلمانوں کے مالوں سے ان کے پیٹ خالی ہیں بجائے اس کے کہ وہ خفیہ طور پر مسلمان کا خون بہا کر مال لیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: امراء قریش سے ہوں گے' تین تمہارے لیے' ان پر حق ہیں' ان کے لیے نیکی ہے جب تک تین کام کریں: انصاف کریں تو عدل کریں' رحم طلب کیا جائے تو رحم کریں' وعدہ کریں تو پورا کریں' جو ان میں سے یہ نہ کرلے اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔

3634 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُصْعَبٍ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهِلُّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ مَعًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو حج اور عمرہ کا تلبیہ اکٹھا پڑھتے ہوئے سنا۔

3635 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُصْعَبٍ، سَمِعَهُ مِنْ أَنَسٍ يَقُولُ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ وَهُوَ مُحْتَفِزٌ أَكْلًا حَثِيثًا، وَهُوَ يَقْسِمُهُ وَيُرْسِلُنِي بِهِ ، أُرَاهُ يَعْنِي: التَّمْرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا۔ آپ ﷺ تناول کر رہے تھے اور جلدی کی حالت میں بیٹھے ہوئے تھے' اور آپ ﷺ تقسیم کر رہے تھے، وہ میری طرف بھی بھیجا میں نے دیکھا تو وہ کھجور تھی۔

3636 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، عَنْ -

حضرت انس رضی اللہ عنہ لوگوں کو خبردار فرما رہے تھے کہ

3634- الحديث سبق برقم: 3016,3394 فراجعه .

3635- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 1221 . ومسلم جلد 6صفحه122 قال: حدثنا زهير بن حرب' وابن أبى عمر . وأخرجه أحمد جلد3صفحه180 .

حُمَيْدٍ، وَمُصْعَبٍ، سَمِعَا أَنَسًا يُخْبِرُ النَّاسَ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْبَيْدَاءِ وَهُوَ رِدْفُ أَبِي طَلْحَةَ يُهِلُّ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ

انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا اس حال میں کہ وہ بیداء کے مقام پر تھے جبکہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے بیٹھے تھے' آپ ﷺ عمرہ اور حج دونوں کا تلبیہ کہہ رہے تھے۔

يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت یحییٰ بن سعید کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بیان کردہ احادیث

3637 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْطَعَ الْأَنْصَارَ أَرْضًا مِنَ الْبَحْرَيْنِ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَإِخْوَانُنَا مِنَ الْمُهَاجِرِينَ فَأَقْطِعْهُمْ أَيْضًا، فَقَالَ: إِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً فَاصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے انصار کو بحرین سے زمین دی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہمارے بھائی مہاجر بھی ہیں ان کو بھی زمین دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میرے بعد عنقریب ترجیحات دیکھو گے۔ تم صبر کرو یہاں تک کہ حوض کوثر پر مجھے ملو۔

3638 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، جَمِيعًا عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُورِ الْأَنْصَارِ؟، قَالُوا:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تم کو انصار کے بہترین قبیلہ کے متعلق نہ بتاؤں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: کیوں نہیں! یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: بنی نجار قبیلہ، پھر بنی عبد الاشہل کا قبیلہ پھر بنی عبدالحارث کا قبیلہ پھر

3637- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **171** . والبخاري جلد **5** صفحه **41** قال: حدثنا محمد بن بشار . كلاهما (أحمد، ومحمد) قالا: حدثنا محمد بن جعفر، قال: حدثنا شعبة، عن هشام بن زيد، فذكره .

3638- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **1197** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **1** صفحه **56** قال: حدثنا اسحاق بن عيسٰى، قال: أخبرني مالك .

بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: دُورُ بَنِي النَّجَّارِ، ثُمَّ دُورُ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ دُورُ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ دُورُ بَنِي سَاعِدَةَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَفِي كُلِّ دُورِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ - وَقَالَ أَحَدُهُمَا فِي حَدِيثِهِ:- وَرَفَعَ بِهَا صَوْتَهُ

بنی ساعدہ کا قبیلہ بہتر ہے ان سب سے بہتر انصار کا قبیلہ ہے، پھر یہ بات کہنے میں آپ نے اپنی آواز بلند فرمائی۔ یہ دوراویوں میں سے ایک کا قول ہے۔

3639 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ سَتُصِيبُكُمْ بَعْدِي أَثَرَةٌ، فَاصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب تم کو میرے بعد ترجیحات پہنچیں گی، تم صبر کرنا یہاں تک کہ مجھے حوض پر ملو۔

3640 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ أَبُو خَيْثَمَةَ يَعْنِي الْأَنْصَارِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: إِنَّ أَعْرَابِيًّا بَالَ فِي الْمَسْجِدِ، فَأَرَادَ أَصْحَابُهُ أَنْ يَمْنَعُوهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعُوهُ فَأَمَرَ بِمَاءٍ فَصَبَّ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی مسجد میں پیشاب کرنے لگا' صحابہ کرام نے اس کو منع کرنے کا ارادہ کیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو! اس کے بعد آپ نے حکم دیا کہ اس (پیشاب) پر پانی بہادو۔

3641 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي عَلَى حِمَارٍ، وَهُوَ ذَاهِبٌ إِلَى خَيْبَرَ وَالْقِبْلَةُ خَلْفَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ گدھے پر نماز پڑھ رہے تھے' آپ خیبر کی طرف جا رہے تھے اور قبلہ آپ کے پیچھے تھا' یعنی نفل نماز پڑھ رہے تھے۔

3639- الحديث سبق برقم: 3637 فراجعه .

3640- الحديث سبق برقم: 3454 فراجعه .

3641- الحديث سبق برقم: 2628 فراجعه .

3642 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: دَخَلَ أَعْرَابِيٌّ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَامَ إِلَى نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ فَصَاحَ بِهِ النَّاسُ فَكَفَّهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى فَرَغَ، ثُمَّ دَعَا بِذَنُوبٍ مِنْ مَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَى بَوْلِ الْأَعْرَابِيِّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی مسجد میں پیشاب کرنے لگا' صحابہ کرام نے اس کو منع کرنے کا ارادہ کیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو! اس کے بعد آپ نے حکم دیا کہ پانی کا ڈول لا کر اس (پیشاب) پر پانی بہا دو۔

أَبُو الزِّنَادِ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت ابوالزناد کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

3643 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، وَغَيْرُهُ، قَالُوا: حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّلَاةُ نُورُ الْمُؤْمِنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز مومن کا نور ہے۔

3644 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عِيسَى الْحَنَّاطِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَسَدُ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِءُ الْخَطِيئَةَ كَمَا يُطْفِءُ الْمَاءُ النَّارَ، وَالصَّلَاةُ نُورُ الْمُؤْمِنِ، وَالصِّيَامُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے، صدقہ غلطیوں کو مٹا دیتا ہے جس طرح پانی آگ کو بجھا دیتی ہے اور نماز مومن کا نور ہے اور روزہ جہنم سے ڈھال ہے۔

3642- الحديث سبق برقم: **3640** فراجعه .

3643- الحديث مختصر من الحديث التالي برقم: **3644** .

3644- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **4210** قال: هارون بن عبد الله الحمال' وأحمد بن الأزهر' قالا: حدثنا ابن أبي فُديك' عن عيسٰى بن أبي عيسٰى الحنّاط' عن أبي الزناد' فذكره .

جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ

عطاء الخراسانى' عن انس

حضرت عطاء خراسانی کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

3645 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْمُثَنَّى، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَتَخَلَّفَ لِحَاجَتِهِ، ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: هَلْ مِنْ مَاءٍ؟ ، فَأَتَيْتُهُ بِإِدَاوَةٍ مِنْ مَاءٍ فَتَوَضَّأَ بِهَا، ثُمَّ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کے لیے پیچھے رہے، پھر تشریف لائے اور اس کے بعد فرمایا: کیا آپ کے پاس پانی ہے؟ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پانی کا برتن لے کر آیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ وضو کیا پھر موزوں پر مسح کیا۔

3646 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْمُثَنَّى، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَتَخَلَّفَ لِحَاجَتِهِ، ثُمَّ لَحِقَنِي فَقَالَ: هَلْ مِنْ مَاءٍ؟ فَتَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، ثُمَّ لَحِقَ الْجَيْشَ فَأَمَّهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کے لیے پیچھے رہے، پھر تشریف لائے اور اس کے بعد فرمایا: کیا آپ کے پاس پانی ہے؟ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پانی کا برتن لے کر آیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ وضو کیا پھر موزوں پر مسح کیا پھر لشکر کو ملے اور آپ نے اُن کی امامت کروائی۔

عَطَاءُ بْنُ أَبِي

حضرت عطاء بن ابی میمونہ کی

3645- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 332 قال: حدثنا محمد بن عبد الله بن نمير' قال: حدثنا عُمر بن عبيد' عن ابن المثنى' عن عطاء' فذكره .

3646- الحديث سبق برقم: 3645 فراجعه .

مَيْمُونَةَ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

3647 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ إِلَى الْغَائِطِ أَتَيْتُهُ أَنَا وَغُلَامٌ بِإِدَاوَةٍ وَعَنَزَةٍ فَاسْتَنْجَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم قضاء حاجت کے لیے نکلے میں اور ایک بچہ برتن اور نیزہ لے کر آتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم استنجاء کرتے۔

3648 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى ابْنِهِ إِبْرَاهِيمَ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بیٹے ابراہیم رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار تکبیریں کہیں۔

3649 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ بَكْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِي مَيْمُونَةَ يُحَدِّثُ، لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُرْفَعْ إِلَيْهِ قِصَاصٌ قَطُّ إِلَّا أَمَرَ فِيهِ بِالْعَفْوِ ، فَقَالَ ابْنُ بَكْرٍ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی بدلہ نہیں لیتے تھے بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس میں درگزر کا حکم کرتے تھے۔ حضرت ابن بکر فرماتے ہیں: میں حضرت انس سے روایت کرتا ہوں اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ انہوں نے کہا: انس سے میں نے کہا:

3647- أخرجه أحمد جلد 3صفحه171 قال: حدثنا محمد بن جعفر . وفي جلد 3صفحه203 قال: حدثنا يزيد بن هارون . وفي جلد3صفحه284,259 قال: حدثنا عفان . والدارمي رقم الحديث: 681 قال: أخبرنا يزيد بن هارون .

3648- الحديث في المقصد العلي برقم: 466 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3صفحه35 . وقال: رواه أبو يعلى، وفيه محمد بن عبيد الله العرزمي وهو ضعيف .

3649- أخرجه أحمد جلد 3صفحه213 قال: حدثنا عبد الصمد . وفي جلد 3صفحه252 قال: حدثنا عفان . وأبو داؤد رقم الحديث: 4497 قال: حدثنا موسى بن اسماعيل .

كُنْتُ أُحَدِّثُهُ عَنْ أَنَسٍ لَا شَكَّ فِيهِ، فَقَالُوا: عَنْ أَنَسٍ، فَقُلْتُ لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنْ أَنَسٍ

میں جانتا ہوں حضرت انس کے حوالہ سے ہوں۔

3650 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، وَغُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: كُنْتُ أَخْرُجُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا غُلَامٌ، وَمَعِي إِدَاوَةٌ وَعَنَزَةٌ فَيَقْضِي حَاجَتَهُ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلتا تھا اس وقت میں بچہ تھا اور میرے پاس برتن اور نیزہ ہوتا تھا' آپ قضاء حاجت کرتے' پھر اس کے بعد وضو کرتے۔

3651 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، حَدَّثَنِي رَوْحٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَرَّزُ لِحَاجَتِهِ فَآتِيهِ بِالْمَاءِ فَيَغْتَسِلُ بِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم قضاءِ حاجت کے لیے علیحدہ ہوتے' میں آپ کے پاس پانی لے کر آتا' آپ اس کے ساتھ ہاتھ دھوتے تھے۔

3652 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا انْطَلَقَ لِحَاجَتِهِ تَبَاعَدَ حَتَّى لَا يَكَادُ يُرَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب قضاء حاجت کے لیے نکلتے تو آپ دور جاتے یہاں تک کہ آپ دکھائی نہیں دیتے تھے۔

3653 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا، وَبِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ - يَعْنِي الْعَصْرَ-

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں چار رکعت نمازِ ظہر ادا فرمائی اور ذوالحلیفہ کے مقام پر دو رکعت یعنی عصر کی نماز۔

أَبُو نَضْرَةَ

حضرت ابونضرہ کی

3650- الحديث سبق برقم: 3647 فراجعه .

3651- الحديث سبق برقم: 3650,3647 فراجعه .

3652- الحديث في المقصد العلي برقم: 113 . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: 35 .

عَنْ أَنَسٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

3654 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِي مَسْلَمَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: بَعَثَتْنِي أُمُّ سُلَيْمٍ بِرُطَبٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى طَبَقٍ فِي أَوَّلِ مَا أَيْنَعَ ثَمَرُ النَّخْلِ، قَالَ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَوَضَعْتُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَأَصَابَ مِنْهُ ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِي فَخَرَجْنَا، فَكَانَ حَدِيثَ عَهْدٍ بِعُرْسِ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، قَالَ: فَمَرَّ بِنِسَاءٍ مِنْ نِسَائِهِ وَعِنْدَهُنَّ رِجَالٌ يَتَحَدَّثُونَ، قَالَ: هَنَّأَنَهُ وَهَنَّأَهُ النَّاسُ، فَقَالُوا: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَقَرَّ عَيْنَكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَمَضَى حَتَّى أَتَى عَائِشَةَ فَإِذَا عِنْدَهَا رِجَالٌ قَالَ: فَكَرِهَ ذَلِكَ، وَكَانَ إِذَا كَرِهَ الشَّيْءَ عُرِفَ ذَلِكَ فِي وَجْهِهِ، قَالَ: فَأَتَيْتُ أُمَّ سُلَيْمٍ فَأَخْبَرْتُهَا، فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ: لَئِنْ كَانَ كَمَا قَالَ ابْنُكِ هَذَا لَيَحْدُثَنَّ أَمْرٌ، قَالَ: فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْعَشِيِّ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَى طَعَامٍ) (الأحزاب: 53)، قَالَ: فَأَمَرَ بِالْحِجَابِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے اُم سلیم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کھجوروں کے نئے پھل تھال میں ڈال کر بھیجا' میں آپ کے پاس داخل ہوا تو میں نے اس کو آپ کے آگے رکھ دیا' آپ نے اس سے کچھ لیا' پھر میرا ہاتھ پکڑا اور ہم نکلے' ابھی آپ کی حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے نئی نئی شادی ہوئی تھی' آپ کچھ عورتوں کے پاس سے گزرے اُن کے پاس مرد تھے جو گفتگو کر رہے تھے۔ پھر فرمایا: یہاں لوگ شر اور فساد کریں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جس نے یارسول اللہ! آپ کی آنکھوں کو ٹھنڈا کیا ہے۔ آپ چلے یہاں تک کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے تو اُن کے پاس بھی مرد تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ناپسند کیا' آپ جب کسی شی کو ناپسند کرتے تھے تو ناپسندیدگی آپ کے چہرے سے معلوم ہو جاتی تھی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت اُم سلیم کے پاس آیا اور میں نے آپ کو سارا معاملہ بتایا' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر معاملہ اس طرح ہے جس طرح تمہارا بیٹا کہہ رہا ہے تو ضرور اس کے متعلق کوئی نیا حکم نازل ہوگا' جب رات ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نکلے' آپ منبر

3654- اخرجه الواحدی فی أسباب النزول: **270** من طريق هشام بن عمار قال: أخبرنا الخليل بن موسىٰ' قال: أخبرنا عبد الله بن عوف' عن عمرو بن شعيب' عن أنس . والحديث سبق من طريق آخر برقم: **3319** فراجعه .

پر جلوہ افروز ہوئے' یہ آیت تلاوت کی: ''اے لوگو! غیب کی خبریں بتانے والے نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو مگر جب تم کو کھانے کی اجازت دی جائے'' آپ نے پردہ کا حکم دیا۔

3655 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ أَبِي مَسْلَمَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: أَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي النَّعْلَيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت ابی سلمہ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم پاک جوتوں میں نماز پڑھتے تھے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں!

3656 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ زَيْدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: ذُكِرَ رَجُلٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُ نِكَايَةٌ فِي الْعَدُوِّ وَاجْتِهَادٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا أَعْرِفُ هَذَا، قَالَ: بَلْ نَعْتُهُ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: مَا أَعْرِفُهُ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ كَذَلِكَ إِذْ طَلَعَ الرَّجُلُ فَقَالَ: هُوَ هَذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا كُنْتُ أَعْرِفُ هَذَا، هَذَا أَوَّلُ قَرْنٍ رَأَيْتُهُ فِي أُمَّتِي، إِنَّ فِيهِ لَسَفْعَةً مِنَ الشَّيْطَانِ، فَلَمَّا دَنَا الرَّجُلُ سَلَّمَ فَرَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ هَلْ حَدَّثْتَ نَفْسَكَ حِينَ طَلَعْتَ عَلَيْنَا أَنْ لَيْسَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک آدمی کا ذکر کیا گیا کہ وہ دشمن کو مغلوب کرنے والا ہے اور عبادت بڑی کرتا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس کو نہیں پہچانتا ہوں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کی اس اس طرح تعریف کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس کو نہیں پہچانتا ہوں' ہم اسی حالت میں تھے کہ اچانک وہ آدمی آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ وہ ہے' آپ نے فرمایا: میں اس کو نہیں پہچانتا تھا' فرمایا: یہ پہلا سینگ ہے جو میں نے اپنی اُمت میں دیکھا ہے' اس کو شیطان نے چھولیا ہے۔ جب وہ آدمی قریب ہوا تو اس نے سلام کیا' آپ نے اس کے سلام کا جواب دیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

3655- أخرجه أحمد جلد3صفحه100 قال: حدثنا عباد بن عباد' وغسان بن مضر . وفي جلد 3صفحه166 قال: حدثنا غسان بن مضر . وفي جلد 3صفحه189 قال: حدثنا عثمان بن عمر' قال: أخبرنا شعبة . والبخاري جلد1صفحه108 قال: حدثنا آدم بن أبي اياس' قال: حدثنا شعبة .

3656- الحديث في المقصد العلي برقم: 1802 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7صفحه258,257 وقال: رواه أبو يعلى' وفيه أبو معشر نجيح وفيه ضعيف .

فِي الْقَوْمِ أَحَدٌ أَفْضَلَ مِنْكَ؟ ، قَالَ: اللّٰهُمَّ نَعَمْ، قَالَ: فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلَّى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي بَكْرٍ: قُمْ فَاقْتُلْهُ ، فَدَخَلَ أَبُو بَكْرٍ فَوَجَدَهُ قَائِمًا يُصَلِّي، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ فِي نَفْسِهِ: إِنَّ لِلصَّلَاةِ حُرْمَةً وَحَقًّا، وَلَوْ أَنِّي اسْتَأْمَرْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَقَتَلْتَهُ؟ ، قَالَ: لَا، رَأَيْتُهُ يُصَلِّي، وَرَأَيْتُ لِلصَّلَاةِ حُرْمَةً وَحَقًّا، وَإِنْ شِئْتَ أَنْ أَقْتُلَهُ قَتَلْتُهُ، قَالَ: لَسْتَ بِصَاحِبِهِ، اذْهَبْ أَنْتَ يَا عُمَرُ فَاقْتُلْهُ ، فَدَخَلَ عُمَرُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا هُوَ سَاجِدٌ فَانْتَظَرَهُ طَوِيلًا ثُمَّ قَالَ فِي نَفْسِهِ: إِنَّ لِلسُّجُودِ حَقًّا، وَلَوْ أَنِّي اسْتَأْمَرْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدِ اسْتَأْمَرَهُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي، فَجَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَقَتَلْتَهُ؟ قَالَ: لَا، رَأَيْتُهُ سَاجِدًا، وَرَأَيْتُ لِلسُّجُودِ حَقًّا، وَإِنْ شِئْتَ أَنْ أَقْتُلَهُ قَتَلْتُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَسْتُ بِصَاحِبِهِ، قُمْ يَا عَلِيُّ أَنْتَ صَاحِبُهُ إِنْ وَجَدْتَهُ ، فَدَخَلَ فَوَجَدَهُ قَدْ خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَرَجَعَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَقَتَلْتَهُ؟ قَالَ: لَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قُتِلَ الْيَوْمَ مَا اخْتَلَفَ رَجُلَانِ مِنْ أُمَّتِي حَتَّى يَخْرُجَ الدَّجَّالُ ثُمَّ حَدَّثَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْأُمَمِ فَقَالَ: تَفَرَّقَتْ أُمَّةُ مُوسَى عَلَى إِحْدَى وَسَبْعِينَ مِلَّةً،

اسے فرمایا: میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا تیرے دل میں یہ بات تھی جس وقت تُو ہمارے پاس آیا تھا کہ لوگوں میں تجھ سے زیادہ افضل کوئی نہیں ہے؟ اُس نے کہا: اللہ کی قسم! جی ہاں! حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ مسجد میں داخل ہوا اور اُس نے نماز پڑھنا شروع کی' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر سے فرمایا: اُٹھو اور اس کو قتل کر دو! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے تو اسے کھڑے ہو کر نماز پڑھتے ہوئے پایا' حضرت ابوبکر نے دل میں کہا: نماز قابلِ احترام اور ضروری ہے' اگر میں اس کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ کر لوں۔ حضرت ابوبکر' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا: کیا تُو نے اسے قتل کیا ہے؟ عرض کی: نہیں! میں نے اسے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو میں نے خیال کیا کہ نماز قابلِ احترام اور ضروری ہے' اگر آپ چاہیں کہ میں اس کو قتل کر دوں تو میں قتل کر دیتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو نہیں کرے گا' اے عمر! تُو جا اور اسے قتل کر! حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے تو وہ حالتِ سجدہ میں تھا' آپ رضی اللہ عنہ دیر تک اس کا انتظار کرتے رہے' دل میں کہا: سجدہ ضروری ہے' اگر ہو سکے تو میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ کر لوں' کیونکہ مجھ سے بہتر آدمی نے بھی مشورہ کیا ہے۔ تو وہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تُو نے اسے قتل کیا؟ عرض کی: نہیں! میں نے اس کو حالتِ سجدہ میں دیکھا تو میں نے خیال کیا کہ سجدہ ضروری ہے' اگر آپ چاہیں تو میں قتل کر دوں؟

سَبْعُونَ مِنْهَا فِي النَّارِ وَوَاحِدَةٌ فِي الْجَنَّةِ، وَتَفَرَّقَتْ أُمَّةُ عِيسَى عَلَى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ مِلَّةً، إِحْدَى وَسَبْعُونَ مِنْهَا فِي النَّارِ وَوَاحِدَةٌ فِي الْجَنَّةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَتَعْلُوا أُمَّتِي عَلَى الْفِرْقَتَيْنِ جَمِيعًا بِمِلَّةٍ، اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِي النَّارِ وَوَاحِدَةً فِي الْجَنَّةِ، قَالُوا: مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: الْجَمَاعَاتُ، قَالَ يَعْقُوبُ بْنُ زَيْدٍ، وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِذَا حَدَّثَ بِهَذَا الْحَدِيثِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَا فِيهِ قُرْآنًا: (وَمِنْ قَوْمِ مُوسَى أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ) (الأعراف:159)، ثُمَّ ذَكَرَ أُمَّةَ عِيسَى فَقَالَ: (وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ) (المائدة:65) إِلَى قَوْلِهِ (سَاءَ مَا يَعْمَلُونَ) (المائدة:66)، ثُمَّ ذَكَرَ أُمَّتَنَا: (وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ) (الأعراف:181)

حضور ﷺ نے فرمایا: تُو نے ایسا نہیں کرنا ہے' اے علی! تُو اُٹھ! اگر تُو نے اسے پالیا تو یہ تیرا شکار ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اور اسے پایا کہ وہ مسجد سے نکل چکا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی طرف گئے' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تُو نے اس کو قتل کیا ہے؟ عرض کی: نہیں! حضور ﷺ نے فرمایا: اگر اس کو قتل کیا جاتا تو میری اُمت میں دو اختلاف کرنے والے نہ پاتے یہاں تک کہ دجال نکل آتا۔ پھر حضور ﷺ نے پہلی اُمتوں کے متعلق بیان کیا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت اکہتر فرقوں میں ہوگی جن میں سے ستر جہنم میں جائیں گے اور ایک جنتی ہوگا' حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اُمت بہتر فرقوں میں تقسیم ہوگئی جن میں سے اکہتر جہنم میں ہوں گے اور ایک جنت میں ہوگا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت اس سے بڑھ جائے گی' بہتر جہنم میں جائیں گے اور ایک جنتی ہوگا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کون ہیں جو جنتی ہیں؟ آپ نے فرمایا: جماعت والے! یعنی اہل سنت و جماعت۔ حضرت یعقوب بن زید فرماتے ہیں کہ حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ جب حضور ﷺ کے حوالہ سے حدیث بیان کرتے تو قرآن کی یہ آیت بھی پڑھتے تھے کہ ''موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں ایک اُمت تھی جو حق کی طرف راہنمائی کرتی تھی اور اس کے ساتھ انصاف کرتی تھی' پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اُمت کا ذکر کیا' اگر اہل کتاب ایمان لاتے اور ڈرتے تو ہم ان کے گناہ معاف کر دیتے' کتنا بُرا تھا وہ کام جو وہ کرتے تھے''۔ پھر ہماری اُمت کا ذکر کرتے:

''ہم نے ایک اُمت پیدا کی جو حق کی راہنمائی کرتی ہے اس سے انصاف کرتی ہے''۔

3657 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، حَدَّثَنَا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ قَالَ: صَلَّيْتُ الظُّهْرَ مَعَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ ثُمَّ انْصَرَفْنَا إِلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَلَمَّا دَخَلْنَا عَلَيْهِ قَالَ: قَدْ صَلَّيْتُمْ؟ ، قُلْنَا: نَعَمْ، فَقَالَ: يَا جَارِيَةُ، هَلُمِّي لِي وَضُوءًا، مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ إِمَامٍ بَعْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشْبَهَ صَلَاةً بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِمَامِكُمْ هَذَا ، قَالَ زَيْدٌ: وَكَانَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ يُتِمُّ الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، وَيُخَفِّفُ الْقِيَامَ وَالْقُعُودَ

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ظہر کی نماز پڑھی حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کے پیچھے۔ پھر ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے نماز پڑھ لی ہے؟ ہم نے کہا: جی ہاں! پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لونڈی! میرے لیے وضو کرنے کا پانی لا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی امام کے پیچھے نماز نہیں پڑھی جس کی نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ ہو سوائے تمہارے امام کے۔ حضرت زید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ رکوع اور سجدہ مکمل کرتے تھے، قیام اور قعود مختصر کرتے تھے۔

عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت عبد اللہ بن عبد الرحمٰن انصاری کی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

3658 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3657- أخرجه أحمد جلد3صفحه225 قال: حدثنا عصام بن خالد' ويونس بن محمد . والنسائي جلد 2صفحه166 وفي الكبرى رقم الحديث:963 قال: أخبرنا قتيبة .

3658- أخرجه أحمد جلد3صفحه156 قال: حدثنا معاوية بن عمرو' قال: حدثنا زائدة . وفي جلد 3صفحه264 قال: حدثنا سليمان بن داؤد' قال: حدثنا اسماعيل بن جعفر .

إِسْمَاعِيلُ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ

حضور ﷺ نے فرمایا: عائشہ کی فضیلت تمام عورتوں پر ایسے حاصل ہے جیسے کہ ثرید کو تمام کھانوں پر ہے۔

3659 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عائشہ کی فضیلت تمام عورتوں پر ایسے حاصل ہے جیسے کہ ثرید کو تمام کھانوں پر ہے۔

3660 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عائشہ کی فضیلت تمام عورتوں پر ایسے حاصل ہے جیسے کہ ثرید کو تمام کھانوں پر ہے۔

3661 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عائشہ کی فضیلت تمام عورتوں پر ایسے حاصل ہے جیسے کہ ثرید کو تمام کھانوں پر ہے۔

3662 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے گھر داخل ہوئے ہم نے آپ کے لیے ایک برتن

3659- الحديث سبق برقم: 3658 فراجعه .

3660- الحديث سبق برقم: 3659,3658 فراجعه .

3661- الحديث سبق برقم: 3660,3659,3658 فراجعه .

3662- الحديث سبق برقم: 3601,3542 فراجعه .

أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: حُلِبَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ، فَأُتِيَ بِلَبَنِهَا قَالَ: فَدَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَى اللَّبَنِ، فَشَرِبَ، وَعُمَرُ مُوَاجِهُهُ، وَأَبُو بَكْرٍ عَنْ يَسَارِهِ، وَأَعْرَابِيٌّ عَنْ يَمِينِهِ، قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: أَبُو بَكْرٍ عِنْدَكَ، قَالَ: فَقَالَ: الْأَيْمَنُونَ فَنَاوَلَهَا الْأَعْرَابِيَّ

میں بکری کا دودھ نکالا' اس میں اپنے گھر کے کنویں کا پانی ملایا' حضور ﷺ نے نوش کیا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کی بائیں جانب تھے اور ایک دیہاتی آپ کی دائیں جانب تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک طرف تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوبکر کو دیں! حضور ﷺ نے دیہاتی کو دیا۔

3663 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: اتَّكَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ بِنْتِ مِلْحَانَ قَالَ: فَأَغْفَى، فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَبْتَسِمُ، قَالَ: فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مِمَّ ضَحِكْتَ؟ قَالَ: مِنْ نَاسٍ مِنْ أُمَّتِي يَرْكَبُونَ فِي هَذَا الْبَحْرِ الْأَخْضَرِ، مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا مِنْهُمْ، قَالَ: فَنَكَحَتْ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ، فَرَكِبَتِ الْبَحْرَ مَعَ بِنْتِ قَرَظَةَ، فَلَمَّا رَجَعَتْ وَقَصَتْ بِهَا دَابَّتُهَا فَقَتَلَتْهَا فَدُفِنَتْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت بنت ملحان رضی اللہ عنہا کے گھر میں ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ پر نیند طاری ہوگئی پھر اٹھے اس حالت میں کہ آپ ﷺ مسکرا رہے تھے۔ حضرت بنت ملحان رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیوں مسکرائے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میری امت میں سے کچھ لوگ ہوں گے، اس سمندر میں سوار ہوکر (جہاد کریں گے) اُن کی مثال ان بادشاہوں کی طرح ہوگی جو تختوں پر بیٹھے ہوتے ہیں۔ حضرت بنت ملحان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اللہ سے دعا کریں کہ مجھے اُن میں شامل کرے۔ آپ ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! اس کو ان میں شامل کر دے۔ انہوں نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے شادی کی۔ حضرت بنت ملحان رضی اللہ عنہا اپنی بیٹی قرظہ کے ساتھ سوار ہوئیں، سمندری سفر میں۔ جب واپس آئیں آپ رضی اللہ عنہا سواری سے نیچے گریں اور فوت ہوگئیں ان کو وہاں دفن کیا گیا۔

3663- أخرجه أحمد جلد3صفحه264 قال: حدثنا معاوية بن عمرو' قال: حدثنا زائدة . وفي جلد 3صفحه265 قال: حدثنا معاوية بن عمرو' قال: حدثنا أبو اسحاق .

3664 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْمَرٍ الْأَنْصَارِيُّ، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ ابْنِ أَبِي شَيْبَةَ، عَنْ حُسَيْنٍ، إِلَّا أَنَّ فِي، حَدِيثِ زُهَيْرٍ: حَتَّى إِذَا هِيَ قَفَلَتْ رَكِبَتْ دَابَّةً بِالسَّاحِلِ فَوَقَصَتْ بِهَا فَسَقَطَتْ فَمَاتَتْ

زہیر کی حدیث میں ہے کہ آپ سمندر میں سواری پر سوار ہوئیں' آپ اس سے گریں اور اس کے بعد وصال کر گئیں۔

3665 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْمَرِ بْنِ حَزْمٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَ رَأْسَهُ فِي بَيْتِ ابْنَةِ مِلْحَانَ، وَهِيَ إِحْدَى خَالَاتِهِ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَضَحِكَ، فَقَالَتْ: مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: أُنَاسٌ مِنْ أُمَّتِي يَرْكَبُونَ هَذَا الْبَحْرَ، مِثْلَ الْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، فَدَعَا لَهَا أَنْ يَجْعَلَهَا مِنْهُمْ، ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ رَفَعَهُ فَضَحِكَ، فَقَالَتْ: مَا يُضْحِكُكَ؟ فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ فِي الْأَوَّلِ، فَقَالَتْ: ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، فَقَالَ: أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَلَسْتِ مِنَ الْآخِرِينَ، قَالَ: يَقُولُ ذَلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، قَالَ: فَتَزَوَّجَ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ بِنْتَ مِلْحَانَ، فَرَكِبَ بِهَا ثَبَجَ الْبَحْرِ، فَلَمَّا كَانَتْ بِالسَّاحِلِ رَكِبَتْ دَابَّتَهُ فَوَقَصَتْ فَصُرِعَتْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت بنت ملحان رضی اللہ عنہا کے گھر میں ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر نیند طاری ہوگئی پھر اٹھے اس حالت میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا رہے تھے۔ حضرت بنت ملحان رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں مسکرائے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں سے کچھ لوگ ہوں گے، اس سمندر میں سوار ہوکر (جہاد کریں گے) اُن کی مثال ان بادشاہوں کی طرح ہوگی جو تختوں پر بیٹھے ہوتے ہیں۔ حضرت بنت ملحان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اللہ سے دعا کریں کہ مجھے اُن میں شامل کرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی: اے اللہ! اس کو ان میں شامل کر دے۔ انہوں نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے شادی کی۔ حضرت بنت ملحان رضی اللہ عنہا اپنی بیٹی قرظہ کے ساتھ سوار ہوئیں، سمندری سفر میں۔ جب واپس آئیں آپ رضی اللہ عنہا سواری سے نیچے گریں اور فوت ہوگئیں ان کو وہاں دفن کیا گیا۔

3664- الحديث سبق برقم: **3663** فراجعه .

3665- الحديث سبق برقم: **3664,3663** فراجعه .

فَمَاتَتْ

3666 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنِي خَالِدُ الزَّيَّاتُ، حَدَّثَنِي دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْمَرِ بْنِ حَزْمٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، رَفَعَ الْحَدِيثَ قَالَ: الْمَوْلُودُ حَتَّى يَبْلُغَ الْحِنْثَ مَا عَمِلَ مِنْ حَسَنَةٍ كُتِبَ لِوَالِدِهِ أَوْ لِوَالِدَيْهِ، وَمَا عَمِلَ مِنْ سَيِّئَةٍ لَمْ تُكْتَبْ عَلَيْهِ وَلَا عَلَى وَالِدَيْهِ، فَإِذَا بَلَغَ الْحِنْثَ جَرَى عَلَيْهِ الْقَلَمُ، أَمَرَ الْمَلَكَانِ اللَّذَانِ مَعَهُ أَنْ يَحْفَظَا وَأَنْ يُشَدِّدَا، فَإِذَا بَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً فِي الْإِسْلَامِ أَمَّنَهُ اللّٰهُ مِنَ الْبَلَايَا الثَّلَاثَةِ: الْجُنُونِ وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ، فَإِذَا بَلَغَ الْخَمْسِينَ خَفَّفَ اللّٰهُ مِنْ حِسَابِهِ، فَإِذَا بَلَغَ السِّتِّينَ رَزَقَهُ اللّٰهُ الْإِنَابَةَ إِلَيْهِ بِمَا يُحِبُّ، فَإِذَا بَلَغَ السَّبْعِينَ أَحَبَّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، فَإِذَا بَلَغَ الثَّمَانِينَ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ حَسَنَاتِهِ وَتَجَاوَزَ عَنْ سَيِّئَاتِهِ، فَإِذَا بَلَغَ التِّسْعِينَ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ، وَشَفَّعَهُ فِي أَهْلِ بَيْتِهِ، وَكَانَ أَسِيرَ اللّٰهِ فِي أَرْضِهِ، فَإِذَا بَلَغَ أَرْذَلَ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمُ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ مِثْلَ مَا كَانَ يَعْمَلُ فِي صِحَّتِهِ مِنَ الْخَيْرِ، فَإِذَا عَمِلَ سَيِّئَةً لَمْ تُكْتَبْ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ مرفوعاً حدیث بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بچہ بالغ ہونے سے پہلے جو نیکی کرتا ہے اس کا ثواب اس کے والدین کے لیے لکھا جاتا ہے اور جب کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کو نہیں لکھا جاتا ہے' جب بالغ ہو جاتا ہے تو اب اس کے متعلق قلم جاری ہو جاتا ہے' اس کی حفاظت کرنے کے لیے دو فرشتے مقرر کیے جاتے ہیں' جب چالیس سال کی عمر کو پہنچتا ہے حالت اسلام میں تو اللہ عزوجل اس کو تین آفات سے امن میں رکھتا ہے: (۱) جنون (۲) جذام (۳) برص' جب پچاس سال کا ہوتا ہے تو اللہ اس کے حساب میں کمی کرتا ہے' جب ساٹھ سال کا ہوتا ہے تو اللہ اس کو اپنی جانب سے رزق دیتا ہے جو اسے پسند کرتا ہے' جب ستر سال کا ہوتا ہے تو آسمان والے بھی اس سے محبت کرتے ہیں' جب اسّی سال کا ہوتا ہے تو اللہ عزوجل اس کی نیکیاں لکھتا ہے اور گناہوں سے درگزر کرتا ہے' جب نوّے سال کی عمر کا ہوتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے پہلے اور اگلے گناہ معاف کرتا ہے' اس کی شفاعت اپنے گھر والوں کے حق میں قبول کرتا ہے' وہ زمین میں اللہ کا قیدی ہوتا ہے' جب انتہائی ارذل عمر کو پہنچتا ہے تو وہ کسی شی کو نہیں جانتا ہے اللہ عزوجل اس کے لیے وہی نیکیاں

3666- الحديث في المقصد العلي برقم: **1761** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10**صفحه**205,204** وقال: رواها كلها يعني الروايات أبو يعلى بأسانيد' ورواه أحمد موقوفًا باختصار' بل هو مرفوع..... وفي أحد أسانيد أبي يعلى ياسين الزيات (أبو خلف) .

لکھتا ہے جو وہ حالتِ صحت میں کرتا تھا' جب کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کو نہیں لکھتا ہے۔

بُرَيْدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

برید بن ابی مریم کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

3667 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا إِنَّ الدُّعَاءَ لَا يُرَدُّ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ فَادْعُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعا اذان اور اقامت کے درمیان رد نہیں ہوتی تم دعا کیا کرو۔

3668 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ السَّلُولِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدُّعَاءُ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ مُسْتَجَابٌ فَادْعُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعا اذان اور اقامت کے درمیان رد نہیں ہوتی تم دعا کیا کرو۔

3669 - حَدَّثَنَا الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ أَبُو الْجَهْمِ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو میرا نام لے وہ مجھ پر درود

3667- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 155 قال: حدثنا أسود' وحسين بن محمد . وفي جلد 3 صفحه 254 قال: حدثنا حسين بن محمد .

3668- الحديث سبق برقم: 3667 فراجعه .

3669- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 102 قال: حدثنا محمد بن فُضَيل . وفي جلد 3 صفحه 261 . والبخاري في الأدب المفرد رقم الحديث: 643 قالا (أحمد' والبخاري): حدثنا أبو نُعيم .

عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ذَكَرَنِي فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ، وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

پڑھے، جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھا تو اللہ عزوجل اس پر دس رحمتیں بھیجے گا۔

3670 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ ثَلَاثًا قَالَتِ الْجَنَّةُ: اللّٰهُمَّ أَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَمَنْ تَعَوَّذَ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ ثَلَاثًا قَالَتِ النَّارُ: اللّٰهُمَّ أَعِذْهُ مِنِّي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ سے تین مرتبہ جنت مانگے، جنت کہتی ہے: اے اللہ! اس کو داخل فرما۔ جو جہنم سے تین مرتبہ پناہ مانگے تو جہنم کہتی ہے: اے اللہ! اس کو پناہ دے۔

3671 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْأَلُ الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ إِلَّا قَالَتِ الْجَنَّةُ: اللّٰهُمَّ أَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَمَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَعِيذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ إِلَّا قَالَتِ النَّارُ: اللّٰهُمَّ أَجِرْهُ مِنِّي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ سے تین مرتبہ جنت مانگے، جنت کہتی ہے: اے اللہ! اس کو داخل فرما۔ جو جہنم سے تین مرتبہ پناہ مانگے تو جہنم کہتی ہے: اے اللہ! اس کو پناہ دے۔

3672 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كُنَّا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں خشک اور تازہ کھجوروں کی نبیذ بناتے تھے جب شراب کی حرمت نازل ہوئی تو ہم نے

3670- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 117 قال: حدثنا قران بن تمام' عن يونس . وفى جلد 3 صفحه 208 قال: حدثنا حُجين بن المثنىٰ' قال: حدثنا اسرائيل .

3671- الحديث سبق برقم: 3670 فراجعه .

3672- الحديث سبق برقم: 3232,2999 فراجعه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيذُ الرُّطَبِ وَالْبُسْرِ، فَلَمَّا نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ أَهْرَقْنَاهُمَا مِنَ الْأَوْعِيَةِ ثُمَّ تَرَكْنَاهَا

اس کو برتنوں سے بہا دیا' پھر ہم نے نبیذ بنانی چھوڑ دی۔

أَبُو سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت ابوسفیان کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بیان کردہ احادیث

3673 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَهُوَ جَالِسٌ حَزِينٌ- وَقَدْ ضَرَبَهُ بَعْضُ أَهْلِ مَكَّةَ- فَقَالَ: مَالَكَ؟ قَالَ: فَعَلَ بِي هَؤُلَاءِ وَفَعَلُوا، قَالَ: تُحِبُّ أَنْ أُرِيَكَ آيَةً؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَنَظَرَ إِلَى شَجَرَةٍ مِنْ وَرَاءِ الْوَادِي، فَقَالَ: ادْعُ تِلْكَ الشَّجَرَةَ، قَالَ: فَدَعَاهَا، فَجَاءَتْ تَمْشِي حَتَّى قَامَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ لَهَا: ارْجِعِي، قَالَ: فَرَجَعَتْ إِلَى مَكَانِهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے اس حالت میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم غم زدہ تھے، اس وقت بعض اہل مکہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیفیں دی تھیں۔ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا ہوا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انہوں نے میرے ساتھ یہ کیا کیا ہے؟ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم پسند کرتے ہیں کہ ان کو کوئی نشانی دکھائیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! عرض کی: اس درخت کی طرف دیکھیں جو اس وادی کے پیچھے ہے اور اس درخت کو اپنی طرف بلائیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درخت کو بلایا وہ درخت چل کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واپس چلا جا! وہ دوبارہ اپنی جگہ پر چلا گیا۔

3674 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

3673- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 113 . والدارمي رقم الحديث: 23 قال: أخبرنا اسحاق بن ابراهيم . ابن ماجة رقم الحديث: 4028 قال: حدثنا محمد بن طريف .

3674- الحديث سبق برقم: 3673 فراجعه .

نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، وَهُوَ حَزِينٌ جَالِسٌ قَدْ ضَرَبَهُ بَعْضُ أَهْلِ مَكَّةَ، قَالَ: فَقَالَ: فَعَلَ بِي هَؤُلَاءِ وَفَعَلُوا، قَالَ: تُحِبُّ أَنْ أُرِيَكَ آيَةً؟ فَنَظَرَ إِلَى شَجَرَةٍ مِنْ وَرَاءِ الْوَادِي فَقَالَ: ادْعُ تِلْكَ الشَّجَرَةَ، فَدَعَاهَا فَجَاءَتْ تَمْشِي حَتَّى قَامَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ لَهَا: ارْجِعِي فَرَجَعَتْ حَتَّى عَادَتْ إِلَى مَكَانِهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَسْبِي

جبرائیل علیہ السلام حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اس حالت میں کہ آپ ﷺ غم زدہ تھے، اس وقت بعض اہل مکہ نے آپ ﷺ کو تکلیفیں پہنچائی تھیں۔ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: آپ ﷺ کو کیا ہوا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: انہوں نے میرے ساتھ یہ کیا کیا ہے؟ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: آپ ﷺ پسند کرتے ہیں کہ ان کو کوئی نشانی دکھائیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! عرض کی: اس درخت کی طرف دیکھیں جو اس وادی کے پیچھے ہے اور اس درخت کو اپنی طرف بلائیں، آپ ﷺ نے اس درخت کو بلایا وہ درخت چل کر آپ ﷺ کے پاس آیا یہاں تک کہ آپ ﷺ کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: واپس چلا جا! وہ دوبارہ اپنی جگہ پر چلا گیا۔

3675 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، آمَنَّا بِكَ وَبِمَا جِئْتَ بِهِ، فَهَلْ تَخَافُ عَلَيْنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنَّ الْقُلُوبَ بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللّٰهِ يُقَلِّبُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کثرت سے یہ دعا کرتے: اے دلوں کے پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ پر ایمان لائے ہیں اور اس پر بھی جو آپ لے کر آئے ہیں، کیا آپ ہم پر خوف کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! فرمایا: بے شک اللہ عزوجل کی انگلیوں (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) میں سے دو انگلیوں کے درمیان ہے جس طرح چاہے پلٹے۔

3676 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3675- أخرجه أحمد جلد 3صفحه112 قال: حدثنا أبو معاوية . وفي جلد 3صفحه257 قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا عبد الواحد .

3676- الحديث سبق برقم: 3675 فراجعه .

عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، آمَنَّا بِكَ وَبِمَا جِئْتَ بِهِ، فَهَلْ تَخَافُ عَلَيْنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنَّ الْقُلُوبَ بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللّٰهِ يُقَلِّبُهَا

حضور ﷺ کثرت سے دعا کرتے تھے: اے دلوں کو پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھنا۔ عرض کی: یا رسول اللہ! ہم آپ پر ایمان لائے، جو آپ لے کر آئے ہیں' کیا ہم پر آپ کو خوف ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! فرمایا: دل اللہ عزوجل کی دو انگلیوں (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) کے درمیان ہے' وہ (کسی وقت بھی) پلٹ سکتا ہے۔

3677 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ غَضْبَانُ، فَخَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ: لَا تَسْأَلُونِي عَنْ شَيْءٍ الْيَوْمَ إِلَّا أَخْبَرْتُكُمْ بِهِ، وَنَحْنُ نَرَى أَنَّ جِبْرِيلَ مَعَهُ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا حَدِيثِي عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ، مَنْ أَبِي؟ قَالَ: أَبُوكَ حُذَافَةُ لِأَبِيهِ الَّذِي كَانَ يُدْعَى، فَسَأَلَهُ عَنْ أَشْيَاءَ، فَقَامَ إِلَيْهِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا حَدِيثِي عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ، فَلَا تُبْدِ عَلَيْنَا سَوْآتِنَا قَالَ: أَتَفْضَحُنَا بِسَرَائِرِنَا فَاعْفُ عَنَّا، عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ، رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا، قَالَ: فَسُرِّيَ عَنْهُ ثُمَّ نَظَرَ فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ، إِنَّهَا عُرِضَتْ عَلَيَّ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ دُونَ الْحَائِطِ، فَمَا رَأَيْتُ أَكْثَرَ مُقَنَّعًا مِنْ يَوْمَئِذٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نکلے اس حالت میں کہ آپ غصہ میں تھے' آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا' آپ نے فرمایا: مجھ سے آج جس شی کے متعلق بھی پوچھو گے میں تمہیں اس کے متعلق بتاؤں گا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم آپ کے ساتھ جبریل کو دیکھ رہے تھے' آپ کی طرف ایک آدمی کھڑا ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ! ہم زمانۂ جاہلیت کے قریب ہیں' مجھے بتائیں کہ میرا باپ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تیرا باپ حذافہ ہے جس کی طرف تُو منسوب ہے۔ آپ ﷺ سے اور بھی اشیاء کے متعلق پوچھا گیا' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ! ہم زمانۂ جاہلیت کے قریب ہیں' ہمارے راز نہ ظاہر کریں' ہم رسوا ہو جائیں گے' ہم سے درگزر کریں' اللہ آپ پر رحمت فرمائے! ہم اللہ کے رب اور اسلام کے دین اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہو گئے ہیں! آپ ﷺ اس بات سے خوش ہو گئے' پھر آپ نے

3677- الحديث سبق برقم: 3676 فراجعه .

دیکھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے آج کے دن کی طرح بھلائی اور برائی نہیں دیکھی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے سامنے جنت اور دوزخ رکھی گئی اس باغ کے سامنے چاردیواری' کے میں نے آج کے دن سے زیادہ روتے ہوئے اور ضبط کرتے ہوئے کسی کو نہیں دیکھا۔

3678 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَهُوَ غَضْبَانُ، وَنَحْنُ نَرَى أَنَّ مَعَهُ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَتَّى صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَمَا رَأَيْتُ يَوْمًا كَانَ أَكْثَرَ بَاكِيًا مُتَقَنِّعًا، فَقَالَ: سَلُونِي، فَوَاللّٰهِ لَا تَسْأَلُونِي عَنْ شَيْءٍ إِلَّا أَنْبَأْتُكُمْ بِهِ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ أَبِي؟ قَالَ: أَبُوكَ حُذَافَةُ الَّذِي تُدْعَى لَهُ، فَقَامَ إِلَيْهِ آخَرُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَفِي الْجَنَّةِ أَنَا أَوْ فِي النَّارِ؟ فَقَالَ: فِي النَّارِ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَعَلَيْنَا الْحَجُّ فِي كُلِّ عَامٍ؟ فَقَالَ: لَوْ قُلْتُ: نَعَمْ لَوَجَبَتْ، وَلَوْ وَجَبَتْ لَمْ تَقُومُوا بِهَا، وَلَوْ لَمْ تَقُومُوا بِهَا عُذِّبْتُمْ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، وَلَا تَفْضَحْنَا بِسَرَائِرِنَا، وَاعْفُ عَنَّا عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ، قَالَ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اس حالت میں کہ آپ غصہ میں تھے' ہم آپ کے ساتھ جبریل کو دیکھ رہے تھے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لائے' پس میں نے کسی دن لوگوں کو اس قدر روتے ہوئے اور بتکلف ضبط کرتے ہوئے نہیں دیکھا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے پوچھو! قسم بخدا! تم جو بھی سوال کرو گے میں اس کا جواب دوں گا۔ آپ کی طرف ایک آدمی کھڑا ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تیرا باپ حذافہ ہے جس کی طرف تُو منسوب ہے۔ دوسرا آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: میں جنت میں ہوں یا دوزخ میں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دوزخ میں۔ پس ایک اور کھڑا ہوا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہم پر حج ہر سال فرض ہے/ فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دیتا تو (ہر سال) واجب ہو جاتا اور اگر (ہر سال) واجب ہو جاتا تو تم اسے ادا نہ کر سکتے اور تم اسے ادا نہ کرتے تو تمہیں عذاب دیا جاتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور بھی اشیاء کے متعلق پوچھا گیا' حضرت عمر بن

3678- الحديث سبق برقم: 3677 فراجعه .

فَسُرِّيَ عَنْهُ، ثُمَّ الْتَفَتَ نَحْوَ الْحَائِطِ فَقَالَ: لَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ، أُرِيتُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ وَرَاءَ هَذَا الْحَائِطِ

خطاب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی: یارسول اللہ! ہم اللہ کے رب اور اسلام کے دین اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول ہونے پر راضی ہیں! ہمارے راز کھول کر ہمیں رسوا نہ کریں، ہمیں معاف کریں، اللہ آپ کو معاف کرے! آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بات سے خوش ہو گئے، پھر آپ نے باغ کی طرف دیکھا۔ فرمایا: میں نے آج کے دن کی طرح بھلائی اور بُرائی میں کوئی دن نہیں دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے سامنے جنت اور دوزخ رکھی گئی اس باغ کی طرف۔

3679 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَقَدْ ضَرَبُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً حَتَّى غُشِيَ عَلَيْهِ، فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَجَعَلَ يُنَادِي: وَيْلَكُمْ (أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ) (غافر: **28**)؟ فَقَالُوا: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: ابْنُ أَبِي قُحَافَةَ الْمَجْنُونُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک مرتبہ تکلیف دی گئی یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر بے ہوشی طاری ہو گئی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور آوازیں دینے لگے: تمہارے لیے ہلاکت! ''کیا تم ایسے آدمی کو قتل کرتے ہو جو کہتا ہے کہ اللہ میرا رب ہے''(غافر:۲۸) انہوں نے کہا: یہ کون ہے؟ یہ ابن ابی قحافہ کا بیٹا ہے جو مجنون ہو گیا ہے۔

3680 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ عَامِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ لِكُلِّ صَلَاةٍ، قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے وضو کرتے تھے اور فرماتے: ہمارے لیے ایک ہی وضو کافی ہے جب تک ہم بے وضو نہ ہوں۔

3679- أخرجه الحاكم جلد **3** صفحه **67** من طريق محمد بن عبد الله بن نمير بهذا السند . وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبي .

3680- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **133,132** قال: حدثنا عبد الرحمٰن بن مهدى . والدارمى رقم الحديث: **726**. والبخارى جلد **1** صفحه **64** قالا: حدثنا محمد بن يوسف .

فَأَنْتُم؟ قَالَ: نَكْتَفِي بِالْوَضُوءِ مَا لَمْ نُحْدِثْ

3681 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ قَاسِمِ الرَّحَالِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرِبًا لِبَنِي النَّجَّارِ، يَقْضِي حَاجَتَهُ، فَخَرَجَ إِلَيْنَا مَذْعُورًا فَقَالَ: لَوْلَا أَنْ لَا تَدَافَنُوا لَسَأَلْتُ اللَّهَ أَنْ يُسْمِعَكُمْ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ حَتَّى تَسْمَعُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بنی نجار کی ویران جگہ گئے آپ نے اپنی قضاء حاجت فرمائی آپ ہمارے پاس پریشانی کی حالت میں آئے آپ نے فرمایا: اگر یہ خوف نہ ہوتا تو تم دفن نہ کرتے تو میں اللہ سے سوال کرتا: تم کو عذاب سنائے اور تم سنتے۔

3682 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي الْعَمْيَاءِ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ أَبِي أُمَامَةَ، حَدَّثَهُ، أَنَّهُ دَخَلَ هُوَ وَأَبُوهُ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بِالْمَدِينَةِ زَمَنَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَهُوَ أَمِيرٌ، فَصَلَّى صَلَاةً خَفِيفَةً كَأَنَّهَا صَلَاةُ مُسَافِرٍ أَوْ قَرِيبٌ مِنْهَا، فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ: يَرْحَمُكَ اللَّهُ، أَرَأَيْتَ هَذِهِ الصَّلَاةُ الْمَكْتُوبَةُ أَمْ شَيْءٌ تَنَفَّلْتَهُ؟ قَالَ: إِنَّهَا الْمَكْتُوبَةُ، وَإِنَّهَا صَلَاةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا أَخْطَأْتُ إِلَّا شَيْئًا سَهَوْتُ عَنْهُ، إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: لَا تُشَدِّدُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ فَيُشَدِّدَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ، فَإِنَّ قَوْمًا شَدَّدُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ فَشُدِّدَ عَلَيْهِمْ، فَتِلْكَ بَقَايَاهُمْ فِي الصَّوَامِعِ وَالدِّيَارَاتِ: (رَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا

حضرت سہل بن ابی امامہ بیان کرتے ہیں کہ وہ اور ان کے باپ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، مدینہ شریف میں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے زمانہ میں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز اس وقت حکمران تھے انہوں نے مختصر نماز پڑھائی گویا مسافر کی نماز ہے یا اس کے قریب تھی۔ جب حضرت عمر نے سلام پھیرا عرض کی: آپ پر اللہ رحم کرے! آپ کا کیا خیال ہے؟ یہ فرض نماز ہے یا نفلی نماز؟ فرمایا: فرض نماز ہے۔ یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز ہے میں نے اس میں غلطی بھی نہیں کی نہ میں اس سے بھولا ہوں۔ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سختی نہ کرو تم پر سختی کی جائے گی۔ بے شک ایک قوم نے سختی کی ان پر سختی کی گئی۔ ان کے گرجے اور دیر باقی ہیں۔ انہوں نے رہبانیت خود گھڑی ہم نے ان پر فرض نہیں کی تھی۔ پھر صبح کی اُنہوں نے کہا: ہم سوار ہوتے ہیں اور ہم

3681- الحديث سبق برقم: **2996** فراجعه.

3682- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **4904** من طريق أحمد بن صالح حدثنا ابن وهب بهذا السند. وأخرجه ابن كثير في التفسير جلد**6**صفحه**569** من طريق أبي يعلى.

كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ) (الحديد: 27) ، ثُمَّ غَدَوْا مِنَ الْغَدِ فَقَالُوا: نَرْكَبُ فَنَنْظُرُ وَنَعْتَبِرُ، قَالَ: نَعَمْ، فَرَكِبُوا جَمِيعًا، فَإِذَا هُمْ بِدِيَارٍ قَفْرٍ، قَدْ بَادَ أَهْلُهَا وَانْقَرَضُوا وَنُفُوا، خَاوِيَةٍ عَلَى عُرُوشِهَا، فَقَالُوا: أَتَعْرِفُ هَذِهِ الدِّيَارَ؟ قَالَ: مَا أَعْرَفَنِي بِهَا وَبِأَهْلِهَا، هَؤُلَاءِ أَهْلُ دِيَارٍ أَهْلَكَهُمُ الْبَغْيُ وَالْحَسَدُ، إِنَّ الْحَسَدَ يُطْفِءُ نُورَ الْحَسَنَاتِ، وَالْبَغْيُ يُصَدِّقُ ذَلِكَ أَوْ يُكَذِّبُهُ، وَالْعَيْنُ تَزْنِي، وَالْكَفُّ، وَالْقَدَمُ، وَالْيَدُ، وَاللِّسَانُ، وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذَلِكَ أَوْ يُكَذِّبُهُ

دیکھتے ہیں اور ہم اعتبار کرتے ہیں۔ فرمایا: جی ہاں! تمام سوار ہو جب وہ چٹیل میدانوں والے گھروں میں تھے وہاں بستیوں کے پاس پہنچے تو وہ بستیاں اپنی چھتوں کے بل گری ہوئی تھیں۔ اُنہوں نے کہا: کیا تم جانتے ہو کہ یہ بستیوں والے کون تھے؟ اس نے کہا: نہیں! میں نہ بستی والوں کو اور نہ اس کے رہنے والوں کو جانتا ہوں ان کو ہلاک کیا گیا تھا بغاوت اور حسد کی وجہ سے بے شک حسد نیکیوں کے نور کو مٹا دیتا ہے بغاوت اس کی تصدیق کرتی ہے یا اس کو جھٹلاتی ہے آنکھ زنا کرتی ہے ہاتھ اور پاؤں اور ہتھیلیاں اور زبان بھی اور شرمگاہ اس کی تصدیق کرتی ہے یا جھٹلاتی ہے۔

3683 - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَوَاتٌ لَا يَدَعُهُنَّ، كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْغَمِّ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَغَلَبَةِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم چند دعائیں چھوڑتے نہیں تھے آپ یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ الٰی آخره''۔

3684 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ حِينَ صَلَّيْنَا الظُّهْرَ، فَقَالَتْ لَهُ جَارِيَتُهُ: الصَّلَاةُ، فَقُلْتُ:

حضرت علاء بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، جس وقت ہم نے ظہر کی نماز پڑھی آپ رضی اللہ عنہ سے آپ کی لونڈی نے عرض کی: نماز! میں نے کہا: کون سی نماز؟ اے

3683- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3684- أخرجه مالك الموطأ رقم الحديث: 153 . وأحمد جلد 3 صفحه 149 قال: حدثنا اسحاق بن عيسى . وفي جلد 3 صفحه 185 قال: قرأت على عبد الرحمٰن .

أَيَّةُ صَلَاةٍ يَا أَبَا حَمْزَةَ؟ قَالَ: الْعَصْرُ، قُلْتُ: إِنَّمَا صَلَّيْنَا الظُّهْرَ الْآنَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تِلْكَ صَلَاةُ الْمُنَافِقِ، يَتْرُكُ الصَّلَاةَ حَتَّى إِذَا كَانَتْ فِي قَرْنِ الشَّيْطَانِ أَوْ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ قَامَ فَصَلَّى لَا يَذْكُرُ اللّٰهَ إِلَّا قَلِيلًا

ابوحمزہ! فرمایا: عصر کی نماز۔ میں نے کہا: ابھی ہم نے ظہر کی نماز پڑھی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ منافق کی نماز ہے کہ وہ اس نماز کو چھوڑتا ہے یہاں تک کہ جب سورج شیطان کے سینگ میں یا دو سینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے وہ نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے۔ وہ اللہ کا ذکر کرتا ہے بہت تھوڑا۔

3685 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْهُذَلِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ إِمَامٍ أَخَفَّ صَلَاةً مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی امام کے پیچھے نماز نہیں پڑھی جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مختصر نماز پڑھتا ہو۔

3686 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

3687 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، نَحْوَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

3688 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَوَاتٌ لَا يَدَعُهُنَّ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْعَجْزِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم چند دعائیں چھوڑتے نہیں تھے' آپ یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اِلٰى آخِرِهٖ''۔

3685- الحديث سبق برقم: 3685 فراجعه .

3686- الحديث سبق برقم: 3685 فراجعه .

3687- الحديث سبق برقم: 3685 فراجعه .

3688- الحديث سبق برقم: 3683 فراجعه .

وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

3689 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرًا مَوْلَى الْمُطَّلِبِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَفَلَ بِالْجَيْشِ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

حضرت عمر حضرت مطلب کے غلام فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت قافلہ سے واپس آتے تو یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اِلٰی آخرہٖ''۔

3690 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطَّلَعَ عَلَى أُحُدٍ فَقَالَ: هَذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَإِنِّي أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم احد پہاڑ پر چڑھے، فرمایا: یہ ہم سے محبت کرتا ہے، ہم اس سے محبت کرتے ہیں' اے اللہ! ابراہیم علیہ السلام نے مکہ شریف کو حرم قرار دیا ہے، میں مدینہ شریف کے دونوں کناروں کو حرام قرار دیتا ہوں۔

3691 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ أَبِي عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي طَلْحَةَ: الْتَمِسْ لَنَا غُلَامًا مِنْ غِلْمَانِكُمْ يَخْدُمُنِي، قَالَ: فَخَرَجَ بِي أَبُو طَلْحَةَ يُرْدِفُنِي وَرَاءَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ہمارے لیے تم غلاموں میں سے کوئی غلام تلاش کر کے لاؤ جو میری خدمت کرے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ مجھے لے کر نکلے' مجھے اپنے پیچھے بٹھا لیا' میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتا تھا' آپ جب بھی اُترتے تو میں آپ سے سنتا کہ آپ

3689- الحديث سبق برقم: **3683** فراجعه .

3690- اخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **554** . وأحمد جلد**3**صفحه**149** قال: حدثنا اسحاق بن عيسٰى . والبخارى جلد**4**صفحه**177** قال: حدثنا عبد اللّٰه بن مسلمة .

3691- الحديث سبق برقم: **3690** فراجعه .

هُ، فَكُنْتُ أَخْدُمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا نَزَلَ فَكُنْتُ أَسْمَعُهُ يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ فَلَمْ أَزَلْ أَخْدُمُهُ حَتَّى أَقْبَلْنَا مِنْ خَيْبَرَ، وَأَقْبَلَ بِصَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ قَدْ حَازَهَا، وَكُنْتُ أَرَاهُ كَذَا يُحَوِّي وَرَاءَهُ بِعَبَاءَةٍ أَوْ بِكِسَاءٍ ثُمَّ يُرْدِفُهَا وَرَاءَهُ، حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَاءِ صَنَعَ حَيْسًا فِي نِطَعٍ، ثُمَّ أَرْسَلَنِي فَدَعَوْتُ رِجَالًا، فَأَكَلُوا وَكَانَ ذٰلِكَ بِنَاءَهُ بِهَا ثُمَّ أَقْبَلَ حَتَّى إِذَا بَدَا لَهُ أُحُدٌ قَالَ: هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، فَلَمَّا أَشْرَفَ عَلَى الْمَدِينَةِ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ جَبَلَيْهَا مِثْلَ مَا حَرَّمَ إِبْرَاهِيمُ مَكَّةَ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِي مُدِّهِمْ وَصَاعِهِمْ

کثرت سے یہ دعا کرتے: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ'' میں ہمیشہ آپ کی خدمت کرتا رہا یہاں تک کہ ہم خیبر سے واپس آئے' آپ صفیہ بنت حیی کی طرف متوجہ ہوئے' خراماں خراماں چلے' میں اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ رہا تھا' آپ نے اپنی چادر سے ان کو سمیٹ کر پھر اپنے پیچھے بٹھایا یہاں تک کہ جب ہم مقام صہباء پر آئے تو آپ نے کچھ پنیر کا حلوہ بنا کر دسترخوان پر رکھ دیا' مجھے بھیجا تو میں نے چند مردوں کو بلوایا' انہوں نے کھایا' یہ آپ کی سہاگ رات تھی' وہ اسی طرح باقی رہا' پھر آپ اُحد کی طرف متوجہ ہوئے اور آپ نے فرمایا: یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں' جب مدینہ سامنے ہوا تو آپ نے فرمایا: اے اللہ! میں مدینہ کی دونوں جانبوں کو حرم قرار دیتا ہوں جس طرح ابراہیم نے مکہ کو حرم قرار دیا تھا' اے اللہ! اس کے مُد (پیمانہ) اور صاع (ساڑھے چار سیر) میں برکت دے۔

3692 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَاتِمٍ الطَّوِيلُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ أَبِي عَمْرٍو، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَصْفَى صَفِيَّةَ لِنَفْسِهِ أَوْ بِنَفْسِهِ، حَتَّى إِذَا أَتَى الصَّهْبَاءَ عَرَّسَ بِهَا، فَأَمَرَنِي فَدَعَوْتُ مَنْ كَانَ حَوْلَهُ، وَأَتَى بِسَوِيقٍ وَتَمْرٍ، فَكَانَتْ تِلْكَ وَلِيمَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَرَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ بن حیی رضی اللہ عنہا سے شادی کی جب مقامِ صہباء پر آئے تو آپ نے یہاں رات گزاری' مجھے آپ نے حکم دیا تو میں نے اردگرد کے لوگوں کو دعوت دی' میں جو اور کھجور لے کر آیا' یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ولیمہ تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ خراماں خراماں چل رہے تھے یا سمٹ رہے تھے' پھر

3692- الحديث سبق برقم: 3691,3690 فراجعه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحُوزُ لَهَا أَوْ يُحَوِّي لَهَا ثُمَّ يَضَعُ لَهَا رِجْلَهُ حَتَّى تَرْكَبَ

آپ نے حضرت صفیہ کیلئے اپنا پاؤں رکھا یہاں تک کہ وہ سوار ہوگئیں۔

3693 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَلَاثٍ: عَنْ لُحُومِ الْأَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلَاثٍ، وَعَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، وَعَنْ هَذَا النَّبِيذِ فِي هَذِهِ الظُّرُوفِ ، ثُمَّ قَالَ: أَلَا إِنِّي نَهَيْتُكُمْ عَنْ ثَلَاثٍ، ثُمَّ بَدَا لِي أَنَّ النَّاسَ يُبْقُونَ إِدَامَهُمْ وَيُتْحِفُونَ ضَيْفَهُمْ وَيَحْبِسُونَ لِغَائِبِهِمْ، فَكُلُوا وَأَمْسِكُوا مَا شِئْتُمْ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، - أَظُنُّ شَكَّ أَبُو بَكْرٍ - فَزُورُوهَا وَلَا تَقُولُوا هُجْرًا - كَأَنَّهُ قَالَ: - تُرِقُّ الْقَلْبَ وَتُدْمِعُ الْعَيْنَ وَتُذَكِّرُ الْآخِرَةَ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ النَّبِيذِ فَانْتَبِذُوا فِيمَا شِئْتُمْ، مَنْ شَاءَ أَوْكَى سِقَاءَهُ عَلَى إِثْمٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین اشیاء سے منع کیا: (۱) قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ رکھنے سے (۲) زیارت قبور سے منع کیا (۳) ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے۔ پھر فرمایا: خبردار! میں تم کو تین اشیاء سے منع کرتا تھا' پھر میرے لیے ظاہر ہوا ہے کہ لوگ اپنے سالن ہمیشہ باقی رکھتے ہیں' اپنے مہمانوں کو تحفہ دیتے ہیں، غائبوں کے لیے روک لیتے ہیں، اب کھاؤ اور روک لو جتنا تم چاہتے ہو۔ میں تم کو قبروں کی زیارت سے منع کرتا تھا، اب زیارت کیا کرو مگر فضول اور بے ہودہ کلام نہ کیا نہ کرو گویا کہ قبروں کی زیارت دلوں کو نرم کرتی ہے، آنکھوں سے آنسو بہاتی ہے اور آخرت یاد کرواتی ہے۔ میں تم کو نبیذ سے منع کرتا تھا اب تم نبیذ بنا لیا کرو جس برتن میں چاہو جو چاہے وہ اپنی مشک کو اوندھا کر دے۔

3694 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

حضرت عبدالرحیم بن سلیمان اپنی سند کے ساتھ اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

3695 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الْجَابِرُ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ مَوْلَى أَنَسٍ، وَعَمْرِو بْنِ عَامِرٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین اشیاء سے منع کیا: (۱) قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ رکھنے سے (۲) زیارت قبور سے منع کیا (۳) ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے۔ پھر

3693- الحديث في المقصد العلي برقم: 289 .

3694- الحديث سبق برقم: 3693 فراجعه .

3695- الحديث سبق برقم: 3694,3693 فراجعه .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، وَعَنْ لُحُومِ الْأَضَاحِيّ بَعْدَ ثَلَاثٍ، وَعَنِ النَّبِيذِ فِي الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ قَالَ: ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ثَلَاثٍ: إِنِّي كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ ثَلَاثٍ ثُمَّ بَدَا لِي فِيهِمْ؛ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ ثُمَّ بَدَا لِي أَنَّهُ تُرِقُّ الْقَلْبَ، وَتُدْمِعُ الْعَيْنَ وَتُذَكِّرُ الْآخِرَةَ فَزُورُوهَا، وَلَا تَقُولُوا هُجْرًا، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُومِ الْأَضَاحِيّ أَنْ تَأْكُلُوهَا فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ، ثُمَّ بَدَا لِي أَنَّ النَّاسَ يُبْقُونَ أُدُمَهُمْ وَيُتْحِفُونَ ضَيْفَهُمْ وَيَحْبِسُونَ لِغَائِبِهِمْ فَأَمْسِكُوا مَا شِئْتُمْ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ النَّبِيذِ فِي هَذِهِ الْأَوْعِيَةِ فَاشْرَبُوا فِيمَا شِئْتُمْ وَلَا تَشْرَبُوا مُسْكِرًا، مَنْ شَاءَ أَوْكَى سِقَاءَهُ عَلَى إِثْمٍ

فرمایا: خبردار! میں تم کو تین اشیاء سے منع کرتا تھا' پھر میرے لیے ظاہر ہوا ہے کہ لوگ اپنا سالن ہمیشہ باقی رکھتے ہیں' اپنے مہمانوں کو تحفہ دیتے ہیں اور اپنے مسافروں کے لیے روک لیتے ہیں، اب کھاؤ اور روک لو جتنا تم چاہتے ہو۔ میں تم کو قبروں کی زیارت سے منع کرتا تھا، اب زیارت کیا کرو مگر بے ہودہ کلام نہ کیا کرو گویا کہ قبروں کی زیارت دلوں کو نرم کرتی ہے، آنکھوں سے آنسو بہاتی ہے اور آخرت یاد کرواتی ہے۔ میں تم کو نبیذ سے منع کرتا تھا اب تم نبیذ بنا لیا کرو جس برتن میں چاہو اور نشہ آور چیز نہ پیؤ جو چاہے اپنی مشک کو اوندھا کر دے۔

3696 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ، قَالَ: قُلْتُ: فَأَنْتُمْ، كَيْفَ تَصْنَعُونَ؟ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الصَّلَاةَ بِطُهْرٍ وَاحِدٍ مَا لَمْ نُحْدِثْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے وضو کرتے تھے۔ حضرت عمرو بن عامر فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: تم کیسے کرتے ہو؟ فرمایا: ہم ایک ہی وضو کے ساتھ نماز پڑھ لیتے ہیں' جب تک ہم بے وضو نہ ہوں۔

3697 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرٍو قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَجِمُ، وَلَمْ يَكُنْ يَظْلِمُ أَحَدًا أَجْرَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پچھنے لگواتے تھے اور اس کی مزدوری سے کسی کو محروم نہیں رکھتے تھے۔

3696- الحديث سبق برقم: **3680** فراجعه .

3697- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3698 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: احْتَجَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ لَا يَظْلِمُ أَحَدًا أَجْرَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پچھنے لگواتے تھے اور اس کی مزدوری سے کسی کو محروم نہیں رکھتے تھے۔

3699 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَالَ اللّٰهُ: إِذَا ابْتَلَيَ عَبْدِي بِحَبِيبَتَيْهِ ثُمَّ صَبَرَ عَوَّضْتُهُ عَنْهُمَا الْجَنَّةَ يُرِيدُ عَيْنَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے جب میرے بندے کو آزمایا جائے اس کی دو محبوب چیزوں (دونوں آنکھوں کو لینے) کے ساتھ پھر وہ صبر کرے میں اس کے بدلے جنت دوں گا' مراد محبوب چیزوں سے آنکھیں ہیں۔

3700 - حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ قَالَ: وَأَخْبَرَنِي سَالِمٌ، أَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ الْجُهَنِيَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَحْنُ بِحَيْثُ قَدْ عَلِمْتَ وَلَا نَسْتَطِيعُ أَنْ نَحْضُرَ الشَّهْرَ فَأَخْبِرْنَا بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ، قَالَ: احْضُرِ السَّبْعَ الْأَوَاخِرَ مِنَ الشَّهْرِ، قَالَ: لَا أَسْتَطِيعُ ذَلِكَ، قَالَ: الْتَمِسْهَا لَيْلَةَ سَابِعَةٍ تَبْقَى، وَهِيَ هَذِهِ اللَّيْلَةُ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذِهِ لَيْلَةُ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ، وَهِيَ لِثَمَانٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جہنی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم اس حالت میں ہیں کہ آپ جانتے ہیں کہ ہم پورا ماہ رمضان المبارک قیام نہیں کر سکتے ہیں' ہم کو لیلۃ القدر کے متعلق بتائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آخری سات راتوں میں تلاش کر لیا کرو۔ اس نے عرض کی: میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آخری ۲۷ کی رات کو تلاش کر لینا' اس رات کو لیلۃ القدر ہوتی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ رات تئیس کو نہیں ہوتی' جب سات

3698- الحديث سبق برقم: **3697** فراجعه .

3699- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **144** قال: حدثنا يونس . والبخاري جلد **7** صفحه **151** قال: حدثنا عبد الله بن يوسف . وفي الأدب المفرد رقم الحديث: **534** قال: حدثنا عبد الله بن صالح' وابن يوسف .

3700- الحديث في المقصد العلي برقم: **523** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **176** وقال: رواه أبو يعلىٰ' وفيه من لم أعرفه .

بَـقِيـنَ، فَـقَـالَ: كَذَا هَذَا الشَّهْرُ يَنْقُصُ، وَهِيَ سَبْعٌ بَقِينَ

روزے باقی رہ جائیں۔آپ نے فرمایا: مہینہ کم بھی ہوتا ہے۔

3701 - حَـدَّثَنَا يَحْيَىٰ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُـعَـاوِيَةَ، حَـدَّثَـنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي دَاوُدَ، عَـنْ أَنَـسٍ، عَـنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَـالَ: مَـا مِـنْ ذِي غِـنًـى إِلَّا يَسُرُّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنَّ مَا أُوتِيَ فِي الدُّنْيَا كَانَ قُوتًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دنیا میں مال دار اور آسانی میں ہوگا قیامت کے دن اس کے لیے مشکل دن ہوگا' جتنی دنیا میں اس کے لیے آسانی تھی۔

3702 - حَـدَّثَـنَـا سُـوَيْـدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا مَـرْوَانُ بْـنُ مُـعَـاوِيَةَ، عَنْ عِيسَى بْنِ أَبِي عِيسَى، - وَلَيْـسَ، بِـالْأَسْوَارِيِّ - عَـنْ أَنَـسِ بْـنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيِّدُ إِدَامِكُمُ الْمِلْحُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے سالن کا سردار نمک ہے۔

3703 - حَـدَّثَـنَـا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الـلّٰـهِ بْـنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَـالَ: قَـالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَيْـنَ يَـدَيِ الـسَّـاعَةِ سِنِيـنَ خَـوَادِعَةً، يُصَدَّقُ فِيهَا الْـكَـاذِبُ، وَيُـكَـذَّبُ فِيـهَـا الصَّادِقُ، وَيُؤْتَـمَنُ فِيهَا الْـخَـائِنُ، وَيَتَكَلَّمُ فِيهَا الرُّوَيْبِضَةُ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت سے پہلے ساٹھ دھوکے باز ہوں گے' اس میں سچ کو جھوٹ اور جھوٹ کو سچ کر کے دکھائیں گے' ان میں امانت دار خائن ہوں گے' ان میں کم عقل لوگ (اہم اُمور میں) گفتگو کریں گے۔صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! رویبضہ کیا ہے؟ فرمایا: گھٹیا آدمی' عوام الناس کے اہم اُمور میں گفتگو کرے

3701- أخرجه أبو نعيم فى الحلية جلد 10صفحه69 من طريق على بن محمد الطنافسى' عن أبى معاوية به . وأخرجه أحمد جلد3صفحه167,117 .

3702- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 3315 من طريق هشام بن عمار' حدثنا مروان بن معاوية' عن رجل أراه موسى' عن أنس .

3703- أخرجه أحمد جلد 3صفحه220 وابنه فى الزوائد' من طريق عثمان بن أبى شيبة قال: حدثنى عبد الله ابن ادريس بهذا السند .

اللّٰهِ، وَمَا الرُّوَيْبِضَةُ؟ قَالَ: الْفُوَيْسِقُ يَتَكَلَّمُ فِي أَمْرِ الْعَامَّةِ

گے۔

3704 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے گا اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لے۔

3705 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو سَهْلٍ يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ الصَّفَّارُ قَالَ: سَمِعْتُ ثَابِتًا يَقُولُ: قَالَ أَنَسٌ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ أُمَّتِي مَثَلُ الْمَطَرِ لَا يُدْرَى أَوَّلُهُ خَيْرٌ أَوْ آخِرُهُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی مثال بارش کی طرح ہے۔ وہ نہیں جانتا ہے کہ اس کے اول میں یا اس کے آخر میں خیر ہے۔

حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

حضرت حمید الطّویل کی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

3706 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَطُوفُ عَلَى جَمِيعِ نِسَائِهِ فِي لَيْلَةٍ بِغُسْلٍ وَاحِدٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات ایک ہی غسل کے ساتھ اپنی تمام ازواج پاک کے ساتھ جماع کرتے تھے۔

3707 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3704- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3705- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3706- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس . وأخرجه أحمد جلد3صفحه185 قال: حدثنا عبد الرحمٰن . وعبد بن حُميد: 1263 قال: حدثنا سليمان بن داؤد .

حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثنا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ عَلَى نِسَائِهِ فِي لَيْلَةٍ بِغُسْلٍ وَاحِدٍ

حضور ﷺ ایک رات ایک ہی غسل کے ساتھ اپنی تمام ازواج پاک کے ساتھ جماع کرتے تھے۔

3708 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اعْتَدِلُوا فِي صَلَاتِكُمْ وَتَرَاصُّوا، فَإِنِّي أَرَاكُمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِي، قَالَ أَنَسٌ: لَقَدْ رَأَيْتُ أَحَدَنَا يُلْزِقُ مَنْكِبَهُ بِمَنْكِبِ صَاحِبِهِ وَقَدَمَهُ بِقَدَمِهِ، وَلَوْ ذَهَبْتَ تَفْعَلُ ذَلِكَ الْيَوْمَ لَتَرَى أَحَدَهُمْ كَأَنَّهُ بَغْلٌ شَمُوسٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم اپنی صفیں برابر اور سیدھی رکھو میں تم کو اپنی پشت کے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا: ہم میں سے ہر ایک اپنے کندھے دوسرے سے ملاتے تھے اور ایک قدم کو دوسرے کے قدم سے' اگر تُو چاہے تو اس طرح کر جس طرح آج ہو رہا ہے' تُو اسکے متعلق گمان ہوتا کہ یہ دُن ہلانے والا خچر ہے۔

3709 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اعْتَدِلُوا فِي صُفُوفِكُمْ وَتَرَاصُّوا، فَإِنِّي أَرَاكُمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اپنی صفوں میں اعتدال اختیار کرو اور سیدھے رہو کیونکہ میں اپنی پیٹھ کے پیچھے سے تم لوگوں کو دیکھتا ہوں۔

3710 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَخَفِّ النَّاسِ صَلَاةً وَأَوْجَزَهُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ سب سے زیادہ ہلکی اور مختصر نماز پڑھایا کرتے تھے۔

3711 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک میں نماز کی صف میں ہوتا

3708- الحديث سبق برقم: 3277 فراجعه .

3709- الحديث سبق برقم: 3708,3277 فراجعه .

3710- الحديث سبق برقم: 3280 فراجعه .

3711- الحديث سبق برقم: 3611,3363,3423 فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي أَكُونُ فِي الصَّفِّ فِي الصَّلَاةِ فَأَسْمَعُ صَوْتَ الصَّبِيِّ يَبْكِي فَأَتَجَوَّزُ فِي صَلَاتِي مَخَافَةَ أَنْ يَشُقَّ عَلَى أُمِّهِ

ہوں تو میں بچے کے رونے کی آواز سنتا ہوں تو میں اپنی نماز میں اختصار کرتا ہوں' اس ڈر سے کہ کہیں اس کی ماں کو تکلیف نہ ہو۔

3712 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ صَوْتَ صَبِيٍّ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ فَخَفَّفَ الصَّلَاةَ، وَظَنَنَّا أَنَّهُ خَفَّفَ مِنْ أَجْلِ أَنَّ أُمَّهُ فِي الصَّلَاةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بچے کی آواز سنی اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں تخفیف کی' اس خاطر کہ اس کی ماں بھی نماز میں ہے۔

3713 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَجْرَ فَسَمِعَ بُكَاءَ صَبِيٍّ فِي الصَّفِّ فَظَنَنَّا أَنَّهُ إِنَّمَا فَعَلَ ذَلِكَ رَحْمَةً لَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں فجر کی نماز پڑھائی' پس آپ نے صف میں ایک بچے کے رونے کی آواز سماعت فرمائی تو ہم نے گمان کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عمل (نماز مختصر کرنا) اس پر مہربانی کی بناء پر کیا۔

3714 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ حُمَيْدٌ: حَدَّثَنَا، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا أَنَا بِنَهَرٍ حَافَّتَاهُ خِيَامُ اللُّؤْلُؤِ، فَضَرَبْتُ بِيَدِي فِي مَجْرَى الْمَاءِ، فَإِذَا مِسْكٌ أَذْفَرُ، فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، مَا هَذَا؟ قَالَ: هَذَا الْكَوْثَرُ الَّذِي أَعْطَاكَهُ اللهُ- أَوْ أَعْطَاكَ رَبُّكَ -

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے ایک دریا دیکھا' جس کے دونوں کناروں کے ساتھ موتیوں کے بنے ہوئے خیمے لگے ہوئے ہیں' پس میں نے پانی کی گزرگاہ میں اپنا ہاتھ مارا تو کستوری اذفر۔ میں نے کہا: اے جبریل! یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا: یہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے خاص کر کے آپ کو عطا فرمائی ہے۔

3715 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بنی نجار

3712- الحديث سبق برقم: 3711,3611,3363,3423 فراجعه .

3713- الحديث سبق برقم: 3712,3711,3611,3363,3423 فراجعه .

3714- الحديث سبق برقم: 3276 فراجعه .

وَيَزِيدُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِحَائِطٍ لِبَنِي النَّجَّارِ فَسَمِعَ صَوْتًا فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: إِنْسَانٌ مَاتَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، قَالَ: لَوْلَا أَنْ لَا تَدَافَنُوا لَسَأَلْتُ رَبِّي أَنْ يُسْمِعَكُمْ عَذَابَ الْقَبْرِ

کی دیوار کے پاس سے گزرے آپ ﷺ نے ایک آواز سنی تو آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ عرض کی: انسان تھے جو جاہلیت میں مر گئے تھے آپ نے فرمایا: مجھے ڈر نہ ہوتا کہ تم دفن نہ کرو گے تو میں اپنے رب سے سوال کرتا کہ تم کو عذابِ قبر سنائے۔

3716 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آلَى مِنْ نِسَائِهِ شَهْرًا، فَقَعَدَ فِي مَشْرُبَةٍ لَهُ وَقَدِ انْفَكَّتْ قَدَمُهُ قَالَ: فَدَخَلُوا عَلَيْهِ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَصَلَّى بِهِمْ قَاعِدًا، فَصَلَّوْا قِيَامًا، ثُمَّ نَزَلَ لِتِسْعٍ وَعِشْرِينَ، فَقَالُوا: إِنَّكَ آلَيْتَ شَهْرًا، قَالَ: الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی ازواج پاک سے ایک ماہ تک ایلاء (قسم کھائی کہ ان کے قریب نہ جاؤں گا) فرمایا۔ ایک جگہ بیٹھ گئے۔ آپ ﷺ کے پاؤں مبارک میں ورم پڑ گئے۔ صحابہ کرام آپ ﷺ کے پاس آئے نماز کا وقت ہو گیا۔ آپ ﷺ نے اُن کو بیٹھ کر نماز پڑھائی۔ صحابہ کرام نے آپ ﷺ کے پیچھے کھڑے ہو کر نماز پڑھی۔ پھر ۲۹ ویں دن کو آپ ﷺ نے رجوع کر لیا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: کیا آپ ﷺ نے ایک ماہ کا ایلاء نہیں کیا تھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مہینہ ۲۹ دن کا بھی ہوتا ہے۔

3717 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمْ يَبْلُغِ الشَّيْبُ الَّذِي كَانَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِشْرِينَ شَعَرَةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ بڑھاپے کو نہیں پہنچے تھے کہ آپ کے بیس بال سفید تھے۔

3718 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ رَفَعَهُ قَالَ: أَتَتْهُ امْرَأَةٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ مرفوعاً فرماتے ہیں: آپ ﷺ کی بارگاہ میں وہ عورت آئی جس کے بیٹے کو قتل کر دیا گیا

3716- أخرجه البخارى جلد**3**صفحه**35** وجلد **8**صفحه**173** قال: حدثنا عبد العزيز بن عبد الله . وفى جلد **7** صفحه **41** قال: حدثنا خالد بن مخلد .

3717- الحديث سبق برقم: **3625** فراجعه .

3718- الحديث سبق برقم: **3487** فراجعه .

قُتِلَ ابْنُهَا وَلَمْ يَكُنْ لَهَا غَيْرُهُ، وَكَانَ اسْمُهُ حَارِثَةَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ يَكُنْ فِي الْجَنَّةِ أَصْبِرْ، وَإِنْ يَكُنْ فِي غَيْرِ ذٰلِكَ فَسَتَعْلَمُ مَا أَصْنَعُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا جِنَانٌ كَثِيرَةٌ، وَإِنَّهُ فِي الْفِرْدَوْسِ الْأَعْلَى

تھا' اس بیٹے کے علاوہ اس کا کوئی نہ تھا' اس کا نام حارثہ تھا' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر میرا بیٹا جنت میں ہے تو میں صبر کروں اور اگر اس کے علاوہ میں ہے تو آپ ﷺ جلدی جان لیں گے کہ میں کیا کرتی ہوں' تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک جنتیں کثیر ہیں اور وہ فردوسِ اعلیٰ میں ہے۔

3719 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهُ نَاقَةٌ يُقَالُ لَهَا: الْعَضْبَاءُ، لَا تُسْبَقُ، فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ عَلَى قَعُودٍ لَهُ فَسَبَقَهَا، فَشَقَّ عَلَى الْمُسْلِمِينَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سُبِقَتِ الْعَضْبَاءُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ أَنْ لَا يَرْتَفِعَ مِنْهَا شَيْءٌ إِلَّا وَضَعَهُ يَعْنِي الدُّنْيَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی ایک اونٹنی تھی۔ اس کو عضباء کیا جاتا تھا اس کے آگے کوئی نہیں نکل سکتا تھا۔ ایک دیہاتی آیا وہ اپنی سواری پر بیٹھا ہوا تھا، وہ آپ ﷺ کی اونٹنی سے آگے نکل گیا۔ صحابہ کرام پر بڑا دشوار گزرا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی عضباء سے آگے نکل گیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ پر حق ہے کہ جو شے بلند ہوئی اس کو دنیا میں نیچے ضرور گراتا ہے۔

3720 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: جَاءَ أَبُو طَلْحَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي جَعَلْتُ حَائِطِي لِلّٰهِ، وَلَوِ اسْتَطَعْتُ أَنْ أُخْفِيَهُ مَا أَظْهَرْتُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلْهُ فِي فُقَرَاءِ أَهْلِكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! میں نے یہ باغ اللہ کی رضا کے لیے دیا، میں طاقت رکھتا ہوں کہ میں اس کو چھپا کر دوں، ظاہر کر کے نہ دوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے غریب رشتہ داروں کو دے دو۔

3721 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3719- أخرجه أحمد جلد 3صفحه103 قال: حدثنا ابن أبي عدى . والبخارى جلد4صفحه38 قال: حدثنا عبد الله ابن محمد' قال: حدثنا معاوية (ابن عمرو)' قال: حدثنا أبو اسحاق (ابراهيم بن محمد) .

3720- أخرجه أحمد جلد 3صفحه115 قال: حدثنا يحيٰى بن سعيد . وفى جلد3صفحه174 قال: حدثنا محمد بن عبد الله الأنصارى . وفى جلد3صفحه262 حدثنا عبد الله بن بكر .

إِبْرَاهِيمَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ وَقَدْ أُقِيمَتْ، فَعَرَضَ لَهُ رَجُلٌ فَكَلَّمَهُ حَتَّى كَادَ الْقَوْمُ أَنْ يَنْعَسُوا

حضور ﷺ نماز پڑھنے کے لیے نکلے، نماز کے لیے اقامت کہی گئی تھی۔ آپ ﷺ نے ایک آدمی سے گفتگو کی، قریب تھا کہ قوم نیند کی وجہ سے اونگھنے لگتی۔

3722 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَلَّى أَبُو بَكْرٍ جَالِسًا فِي ثَوْبٍ مُتَوَشِّحًا فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس ایک ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھی۔ اس مرض میں جس میں آپ ﷺ نے وصال فرمایا۔

3723 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى يُحَاذِي بِإِبْهَامَيْهِ أُذُنَيْهِ، ثُمَّ يَقُولُ: سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز شروع کرتے تھے تو اللہ اکبر کہتے، دونوں ہاتھوں کو کانوں کی لو تک۔ پھر آپ "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ الٰى آخره" پڑھتے تھے۔

3724 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَإِذَا أَنَا بِقَصْرٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هَذَا الْقَصْرُ؟ فَقِيلَ: لِفَتًى مِنْ قُرَيْشٍ، فَظَنَنْتُ أَنِّي أَنَا هُوَ فَقُلْتُ: وَمَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا، میں نے ایک سونے کا محل دیکھا۔ میں نے کہا یہ محل کس کا ہے؟ عرض کی گئی، قریش کے ایک نوجوان کا۔ میں نے گمان کیا تھا یہ میرا ہے، میں نے کہا وہ کون ہے؟ عرض کی عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، اللہ کی قسم! ابو حفص مجھے اس کے داخل

3722- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

3723- أخرجه الدارقطني جلد **1** صفحه**300** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**2** صفحه**107** وقال: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله موثقون .

3724- أخرجه أحمد جلد**3** صفحه**107** قال: حدثنا ابن أبي عدي . وفي جلد **3** صفحه**179** قال: حدثنا يحيى . وفي جلد**3** صفحه**263** قال: حدثنا عبد الله بن بكر .

هُوَ؟ فَقِيلَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَوَاللّٰهِ مَا مَنَعَنِي يَا أَبَا حَفْصٍ مِنْ دُخُولِهِ إِلَّا مَا عَلِمْتُ مِنْ غَيْرَتِكَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ كُنْتُ أَغَارُ عَلَيْهِ فَإِنِّي لَمْ أَكُنْ أَغَارُ عَلَيْكَ، وَقَالَ حَمَّادٌ: هَذَا فِيمَا يَرَى النَّاسُ

ہونے میں کوئی رکاوٹ نہیں تھی تیری غیرت یاد تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! کون ہے میں جس پر غیرت کروں؟ کیونکہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر غیرت نہیں کرسکتا ہوں۔ امام حماد فرماتے ہیں: یہ اس میں ہے جولوگ دیکھیں گے۔

3725 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَيْدَاءِ، وَأَنَا رَدِيفُ أَبِي طَلْحَةَ يُهِلُّ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مقام بیداء میں سنا اس حال میں کہ میں ابوطلحہ کے پیچھے سوار تھا' آپ نے حج اور عمرہ دونوں کا تلبیہ پڑھا۔

3726 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ يَوْمَ أُحُدٍ، وَشُجَّ فِي جَبْهَتِهِ حَتَّى سَالَ الدَّمُ عَلَى وَجْهِهِ . قَالَ: فَقَالَ: كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ فَعَلُوا هَذَا بِنَبِيِّهِمْ وَهُوَ يَدْعُوهُمْ إِلَى رَبِّهِمْ؟ فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ) (آل عمران: 128)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے والے دانت مبارک اُحد کے دن ٹوٹ گئے اور پیشانی میں زخم آئے یہاں تک کہ آپ کے چہرے سے خون بہنا شروع ہوگیا' آپ نے فرمایا: وہ لوگ کیسے کامیاب ہوسکتے ہیں' جنہوں نے یہ کام اپنے نبی سے کیا ہے حالانکہ ان کو وہ اپنے رب کی طرف بلاتا ہے' یہ آیت نازل ہوئی: ''لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ الٰى آخره''۔

3727 - حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ وَفْدَ ثَقِيفٍ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَرْضَنَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ ثقیف کے وفد نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم ٹھنڈے علاقے میں رہتے ہیں' ہم غسل کس طرح کریں؟ آپ نے

3725- الحديث سبق برقم: 3636 فراجعه .

3726- الحديث سبق برقم: 3288 فراجعه .

3727- الحديث في المقصد العلي برقم: 167 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 271 وقال: رواه أبو يعلى' ورجاله رجال الصحيح .

أَرْضٌ بَارِدَةٌ، فَمَا يَكْفِينَا مِنْ غُسْلِ الْجَنَابَةِ؟ قَالَ: أَمَّا أَنَا فَأُفِيضُ عَلَى رَأْسِي ثَلَاثًا

فرمایا: میں تو اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتا ہوں۔

3728 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى تُزْهِيَ، فَقِيلَ: وَمَا تُزْهِي؟ قَالَ: حَتَّى تَحْمَرَّ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَأَيْتَ إِنْ مَنَعَ اللّٰهُ الثَّمَرَةَ فَبِمَ يَأْخُذُ أَحَدُكُمْ مَالَ أَخِيهِ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کو سرخ ہونے سے پہلے فروخت کرنے سے منع فرمایا۔ عرض کی گئی: زھو سے کیا مراد ہے: فرمایا: سرخ ہونا مراد ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے بتاؤ اگر اللہ نے سرخ ہونے سے پہلے پھلوں کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے تو تم اپنے بھائی کا مال کسی چیز کے بدلے لیتے ہو؟

3729 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ لَوْنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْمَرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ مبارک گندمی تھا۔

3730 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ؟ قَالَ: أَخْبَرَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَنَّ نَارًا تَحْشُرُهُمْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا، قیامت کی پہلی نشانی کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے جبرائیل علیہ السلام نے بتایا ہے کہ مشرق کی جانب سے آگ آئے گی۔

3731 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3728- أخرجه مالك الموطأ رقم الحديث: **382** . والبخارى جلد **2** صفحه **157** قال: حدثنا قتيبة . وفى جلد **3** صفحه **101** قال: حدثنا عبد الله بن يوسف .

3729- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1270** . أخرجه الترمذى رقم الحديث: **1754** وفى الشمائل رقم الحديث: **2** ومن طريق الترمذى أخرجه البغوى فى شرح السنة جلد **13** صفحه **220** من طريق حميد بن مسعدة فيما رواه عنه ابن كثير فى الشمائل صفحه **10** .

3730- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ شَعَرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ

حضور ﷺ کے بال مبارک آپ ﷺ کے کانوں کے نصف تک تھے۔

3732 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَزْهُوَ، وَعَنْ بَيْعِ الْعِنَبِ حَتَّى يَسْوَدَّ، وَعَنْ بَيْعِ الْحَبِّ حَتَّى يَشْتَدَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پھلوں کی بیع سے منع کیا یہاں تک کہ سرخ ہو جائے اور انگور کی بیع سے یہاں تک کہ کالے ہو جائیں اور دانے کی بیع سے یہاں تک کہ سخت ہو جائے۔

3733 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، وَكَانَ بَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ نِسَائِهِ شَيْءٌ، فَجَعَلَ يَرُدُّ بَعْضُهُنَّ عَنْ بَعْضٍ، فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: احْثُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ التُّرَابَ وَاخْرُجْ إِلَى الصَّلَاةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز کے لیے اقامت کہی گئی، حضور ﷺ اور آپ ﷺ کی ازواج پاک کے درمیان کوئی بات چل رہی تھی۔ آپ ﷺ بعض کے جواب دے رہے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور عرض کی ان کے منہ میں مٹی ڈالو، آپ ﷺ نماز کے لیے تشریف لائیں۔

3734 - حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ، وَبَسَّامُ بْنُ يَزِيدَ قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ، وَلَا تُعَذِّبُوا أَبْنَاءَكُمْ بِالْغَمْزِ مِنَ الْعُذْرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حجامت سب سے بہتر دوا ہے' تم اپنے بیٹوں کو عذاب نہ دو! عذرہ بیماری میں داغنے کے ساتھ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اُنہوں نے روایت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات اس گڑھے کے اوپر کھڑے ہوئے جس میں ابوجہل اور اس کے ساتھ تھے' میدانِ بدر تھا اور ان کو قتل ہوئے تین دن ہو چکے تھے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نداء دی: اے ابوجہل بن ہشام! اے عتبہ بن ربیعہ! اے شیبہ بن ربیعہ! اور اے

3794- أخرجه أحمد جلد33صفحه126 قال: حدثنا روح بن عبادة' قال: حدثنا هشام بن حسان . وفي جلد3صفحه232 قال: حدثنا على بن عاصم . وفي جلد3صفحه250 قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا حماد بن سلمة .

3795- الحديث مختصر من الحديث رقم:3794 فراجعه .

3796- الحديث سبق برقم:3316 فراجعه .

وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَكُمْ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ فَإِنِّي قَدْ وَجَدْتُ مَا وَعَدَنِي رَبِّي حَقًّا ، فَقَالَ: فَخَرَجَ إِلَيْهِ مَنْ شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَخْرُجَ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، تُنَادِي قَوْمًا قَدْ جَيَّفُوا مُنْذُ ثَلَاثٍ؟ فَقَالَ: مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُولُ مِنْهُمْ، إِلَّا أَنَّهُمْ لَا يَسْتَطِيعُونَ أَنْ يُجِيبُونِي

امیہ بن خلف! کیا تم نے سچ پا لیا' وہ وعدہ جو تمہارے رب نے تم سے فرمایا تھا؟ (عذاب کا وعدہ) کیونکہ میں نے تو وہ وعدہ سچ پا لیا ہے جو میرے رب نے مجھ سے کیا تھا (فتح کا وعدہ)۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ ﷺ کے صحابہ میں سے کچھ حضرات لشکر سے نکل کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ ایک ایسی قوم کو ندا دے رہے ہیں جو تین دن سے مر چکے ہیں؟ پس آپ ﷺ نے فرمایا: تم میری بات کو ان سے زیادہ سننے والے نہیں ہو' مگر انہیں طاقت نہیں ہے کہ مجھے جواب دیں (لیکن مسلمان جواب بھی دیتا ہے جسے وہ سنتا ہے جس کے دل کے کان ہوں)۔

3797 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَشْرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْقَلِيبِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جو کافر کنویں میں ڈالے گئے' آپ نے اُن پر جھانکا' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

3798 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوقُ بَدَنَةً قَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْكَبْهَا قَالَ: بَدَنَةٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ . قَالَ: ارْكَبْهَا وَإِنْ كَانَتْ بَدَنَةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اسی دوران کہ ایک آدمی قربانی ہانک کر لے جا رہا تھا' رسول کریم ﷺ نے اس سے ارشاد فرمایا: اس پر سوار ہو جا! اس نے عرض کی: یہ قربانی ہے (اس لیے میں اس پر سوار نہیں ہو رہا) اے اللہ کے رسول! فرمایا: اس پر سوار ہو جا اگرچہ قربانی ہے۔

3799 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ جنت البقیع کے پاس سے گزرے' پس اچانک ایک آدمی

-3797 الحديث سبق برقم: 3796,3316 فراجعه .

-3798 الحديث سبق برقم: 3613 فراجعه .

-3799 الحديث سبق برقم: 3775 فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِبَقِيعِ الْغَرْقَدِ، فَإِذَا رَجُلٌ يُنَادِي صَاحِبَهُ: يَا أَبَا الْقَاسِمِ، فَالْتَفَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَمْ أَعْنِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّمَا عَنَيْتُ فُلَانًا، فَقَالَ: سَمُّوا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي

نے اپنے ساتھی کو نداء دی: اے ابوالقاسم! پس نبی کریم ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے' اس نے فوراً عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے آپ کو آواز نہیں دی' میں نے تو فلاں کو آواز دی ہے۔ پس آپ ﷺ نے ارشادفرمایا: میرے نام پر نام رکھ سکتے ہو لیکن میری کنیت پر کنیت نہ رکھا کرو۔

3800 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مؤمن کے خواب' نبوت کا چھیالیسواں جز ہیں۔

3801 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، اطَّلَعَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنْ خَلَلٍ فَسَدَّدَ لَهُ بِمِشْقَصٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے گھر میں ایک سوراخ سے جھانکنے لگا' آپ نے اس سوراخ کو ایک لکڑی سے بند کروادیا۔

3802 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَلْيَمْشِ عَلَى هِينَتِهِ، فَلْيُصَلِّ مَا أَدْرَكَ وَلْيَقْضِ مَا سَبَقَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز کے لیے آئے، وہ اپنی حالت پہ آئے۔ جو مل جائے اس کو پڑھو، جو رہ جائے وہ بعد میں پڑھ لے۔

3803 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3800- الحديث سبق برقم: **3442,3417** فراجعه .

3801- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه **108** قال: حدثنا ابن أبى عدى . وفى جلد **3** صفحه **125** قال: حدثنا يحيٰى . وفى صفحه **178** قال: حدثنا سهل .

3802- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه **243,229,189,188,106** من طريق ابن أبى عدى' ومحمد بن عبد اللّٰه' وسليمان بن حيان' وعلى بن عاصم جميعهم عن حميد بهذا السند .

3803- أخرجه الدارمى رقم الحديث: **2270** قال: أخبرنا سعيد بن سليمان' عن هُشيم' عن حُميد' فذكره . وأخرجه

هُشَيْمٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ طَلَّقَ حَفْصَةَ أُمِرَ أَنْ يُرَاجِعَهَا فَرَاجَعَهَا

حضور ﷺ نے جس وقت حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دینے کا ارادہ کیا۔ آپ ﷺ سے رجوع کرنے کی عرض کی گئی۔ آپ ﷺ نے ان سے رجوع کرلیا۔

3804 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحِبُّ أَنْ يَلِيَهُ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ لِيَأْخُذُوا عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ پسند کرتے تھے کہ مہاجرین و انصار کو اپنے قریب کرنا تاکہ وہ آپ ﷺ سے خوب استفادہ کریں۔

3805 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ صَلَاةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرِيبًا بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ، وَكَانَتْ صَلَاةُ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مُتَقَارِبَةً، ثُمَّ بَسَطَ عُمَرُ فِي صَلَاةِ الْغَدَاةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی نماز بعض بعض کے قریب ہے اور حضرت ابوبکر کی نماز درمیانی تھی' حضرت عمر نے فجر کی نماز میں لمبی قرأت کی۔

3806 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ لُقْمَةً سَقَطَتْ مِنْ يَدِهِ فَطَلَبَهَا حَتَّى وَجَدَهَا وَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَقَطَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيُمِطْ عَنْهَا وَلْيَأْكُلْهَا، وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ لقمہ جو ان کے ہاتھ سے گرجائے' پس وہ اس کو تلاش کریں گے یہاں تک کہ وہ مل جائے کیونکہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کا لقمہ گرجائے تو وہ اسے جھاڑ لے اور اس کو کھالے' اسے شیطان کے لیے نہ چھوڑے۔

3807 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ مِنَ الشَّهْرِ حَتَّى نَقُولَ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ کسی ماہ کے روزے یوں رکھتے تھے کہ ہم

ابن سعد فی الطبقات جلد8صفحه59,58 من طریق عثمان بن محمد بن أبی شیبة' عن هشیم به .

3804- أخرجه أحمد جلد3صفحه100 قال: حدثنا معتمر . وفی جلد3صفحه199 . وعبد بن حُمید: 1407 قال: أحمد: حدثنا' وقال عبد بن حُمید: أخبرنا یزید .

3805- الحدیث سبق برقم: 3347 فراجعه .

3806- الحدیث سبق برقم: 3299 فراجعه .

3807- الحدیث سبق برقم: 3522 فراجعه .

مَا يُفْطِرُ، وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ: مَا يَصُومُ مِنْهُ شَيْئًا

کہتے کہ اب افطار نہ کریں گے اور کبھی افطار کرتے تھے تو ہم کہتے کہ اب کبھی نفلی روزہ نہ رکھیں گے۔

3808 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ الْأَنْصَارَ كَانَ لَهُمْ يَوْمَانِ يَلْعَبُونَ فِيهِمَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَدْ أَبْدَلَكُمُ اللّٰهُ يَوْمَيْنِ خَيْرًا مِنْهُمَا: الْفِطْرَ وَالْأَضْحَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار کے لیے زمانہ جاہلیت میں دو دن تھے ان دونوں میں وہ کھیلتے تھے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے تمہارے لیے ان دونوں کے بدلے دو بہتر دن دیئے ہیں عید الفطر و عید الاضحیٰ۔

3809 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ؟ قَالَ: يُوَفِّقُهُ فَيَعْمَلُ عَمَلًا صَالِحًا قَبْلَ مَوْتِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل جب کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو نیک عمل کی توفیق دے دیتا ہے' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیسے؟ آپ نے فرمایا: اس کو مرنے سے پہلے نیک عمل کی توفیق دے دیتا ہے۔

3810 - وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ بَيْنَ يَدَيَّ خَشَفَةً قَالَتْ: أَنَا الْغُمَيْصَاءُ بِنْتُ مِلْحَانَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا میں نے ایک آہٹ سنی ہے' میں نے کہا: کس کی آہٹ ہے؟ عرض کی گئی: غمیصاء بنت ملحان کی۔

3811 - وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا أَنَا بِنَهَرٍ يَجْرِي حَافَّتَاهُ خِيَامُ اللُّؤْلُؤِ قَالَ: فَضَرَبْتُ بِيَدِي إِلَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا' اچانک میں ایک دریا کے پاس تھا جس کا پانی چل رہا تھا' اس کے دونوں

3808- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 178,103 من طريق ابن أبی عدی' وسهل بن يوسف . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 178 . والبيهقی فی الكبرىٰ جلد 3 صفحه 277 . والبغوی فی شرح السنة جلد 4 صفحه 292 .

3809- الحديث سبق برقم: 3744 فراجعه .

3810- الحديث سبق برقم: 3492 فراجعه .

3811- الحديث سبق برقم: 3714 فراجعه .

الطِّينِ فَإِذَا مِسْكٌ أَذْفَرُ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، مَا هَذَا؟ قَالَ: هَذَا الْكَوْثَرُ الَّذِي أَعْطَاكَ اللَّهُ

کنارے موتیوں کے خیمے تھے' فرماتے ہیں: میں نے اس کی مٹی پر ہاتھ مارا' پس وہ مشک اذفر تھی' میں نے کہا: اے جبریل! یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا: یہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کی ہے۔

3812 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ مُهَاجِرًا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: لِي مَالٌ فَنِصْفُهُ لَكَ، وَلِي امْرَأَتَانِ فَانْظُرْ أَيُّهُمَا أَحَبُّ إِلَيْكَ أُطَلِّقْهَا، فَإِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا تَزَوَّجْتَهَا، قَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: بَارَكَ اللَّهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ، دُلُّونِي عَلَى السُّوقِ، فَمَا رَجَعَ يَوْمَئِذٍ حَتَّى جَاءَ بِشَيْءٍ قَدْ أَصَابَهُ مِنَ السُّوقِ، فَفَقَدَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيَّامًا ثُمَّ أَتَاهُ وَعَلَيْهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْيَمْ قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: مَا سُقْتَ مِنْهَا، قَالَ: نَوَاةً مِنْ ذَهَبٍ أَوْ- قَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ- فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کر کے آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اور سعد بن ربیع کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا' پس حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے کہا: میرے پاس جو مال ہے وہ آدھا تیرا ہے' میری دو بیویاں ہیں' پس دیکھو! ان دو میں سے جو تمہیں پسند ہو' میں اُسے طلاق دے دیتا ہوں' پس جب اس کی عدت گزر جائے تو تم اس سے شادی کر لو۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اللہ تعالیٰ آپ کو' آپ کے مال اور اہل میں برکت عطا فرمائے! مجھے بازار کا راستہ دکھا دو! پس وہ بازار جا کر وہاں سے واپس نہ پلٹے یہاں تک کہ وہ کوئی چیز لائے جو انہیں بازار سے ملی' پس کئی دن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نہ دیکھا' پھر وہ اس حال میں آئے کہ ان پر زردی کے نشانات تھے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے اس بارے دریافت کیا تو اُنہوں نے عرض کی کہ میں نے ایک انصاری عورت سے شادی کی ہے' فرمایا: اس کا مہر؟ عرض کی: سونے کی ایک ڈلی' یا عرض کی: سونے میں سے گٹھلی کے برابر وزن۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے

3812- الحديث سبق برقم: 3769 فراجعه .

فرمایا: ولیمہ ضرور کرو خواہ ایک بکری کے ساتھ۔

3813 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آلَى مِنْ نِسَائِهِ شَهْرًا، فَكَانَ فِي مَشْرُبَةٍ لَهُ، فَانْفَكَّتْ قَدَمُهُ، فَجَاءَهُ أَصْحَابُهُ لِيَزُورُوهُ فَصَلَّى بِهِمْ قَاعِدًا وَهُمْ قِيَامٌ، ثُمَّ جَاءُوا لِصَلَاةٍ أُخْرَى فَقَعَدَ وَقَامُوا، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِمْ أَنِ اقْعُدُوا، فَصَلَّوْا خَلْفَهُ وَهُمْ قُعُودٌ، فَلَمَّا مَضَتْ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ لَيْلَةً، نَزَلَ إِلَيْهِمْ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّمَا مَضَتْ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ لَيْلَةً، فَقَالَ: إِنَّ الشَّهْرَ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویوں سے ایک ماہ تک ایلاء کیا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ آپ کی زیارت کو آئے تو آپ نے انہیں بیٹھ کر نماز پڑھائی جبکہ صحابہ کھڑے تھے پھر دوسری نماز کا وقت آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور صحابہ کھڑے رہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بیٹھنے کا اشارہ فرمایا' پس اُنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھ کر نماز ادا کی' پس جب انتیس دن گزر گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُتر کر صحابہ کے پاس تشریف لائے' پس عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! ابھی تو انتیس دن گزرے ہیں' آپ نے فرمایا: مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔

3814 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ كَانُوا يُصَلُّونَ نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ : (فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ) (البقرة: 144) ، مَرَّ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَلِمَةَ فَنَادَاهُمْ وَهُمْ رُكُوعٌ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ: أَلَا إِنَّ الْقِبْلَةَ قَدْ حُوِّلَتْ، فَمَالُوا كَمَا هُمْ وَهُمْ رُكُوعٌ نَحْوَ الْقِبْلَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے۔ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ ''اپنے چہرے کو مسجد حرام کی طرف پھیر دیں'' (البقرہ: ۱۴۴) ایک آدمی بنی سلمہ کے پاس سے گزرا ان کو آواز دی وہ رکوع کی حالت میں تھے، نماز فجر میں بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہے تھے کہ بھائی قبلہ شریف تبدیل ہو گیا' وہ اسی وقت پھر گئے رکوع کی حالت میں قبلہ کی جانب۔

3813- الحديث سبق برقم: 3716 فراجعه .

3814- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 284 . ومسلم جلد 2 صفحه 66 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة . وأخرجه النسائي في الكبرى (تحفة الأشراف) رقم الحديث: 314 عن أبي بكر بن نافع .

3815 - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ فَصُّهُ مِنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی ایک انگوٹھی بنائی اور اس میں نگ بھی تھا۔

3816 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ الشَّهْرَ حَتَّى نَقُولَ: لَا يُفْطِرُ، وَيُفْطِرُ الشَّهْرَ حَتَّى نَقُولَ: لَا يَصُومُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم روزے رکھنا شروع کرتے تو پورا مہینہ روزے ہی رکھتے رہتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی روزے رکھنا بند نہ فرمائیں گے اور کسی مہینے روزے نہ رکھنے کا سلسلہ شروع ہوتا تو ہم کہتے کہ اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی روزے نہ رکھیں گے۔

3817 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الْبُرْهَةَ مِنْ عُمْرِهِ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَإِذَا كَانَ قَبْلَ مَوْتِهِ تَحَوَّلَ يَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الْبُرْهَةَ مِنْ عُمْرِهِ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، فَإِذَا كَانَ قَبْلَ مَوْتِهِ عَمِلَ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَمَاتَ فَدَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک ایک آدمی اپنی زندگی کا ایک عرصہ جنتیوں والے اعمال کرتا رہتا ہے پس جب اس کی موت سے پہلے وقت ہوتا ہے وہ پھر جاتا ہے دوزخیوں والے اعمال کرنا شروع کر دیتا ہے اور مر کر دوزخ میں داخل ہو جاتا ہے بے شک کوئی آدمیوں اپنی زندگی کا ایک زمانہ دوزخیوں والے اعمال کرتا رہتا ہے اچانک اپنی موت سے پہلے وہ تبدیل ہو جاتا ہے اور جنتیوں والے اعمال کرنے لگتا ہے وہ اسی حال میں موت پا کر جنت میں داخل ہو جاتا ہے۔

3818 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم

3815- الحديث سبق برقم: **3788** فراجعه .

3816- الحديث سبق برقم: **3807** فراجعه .

3817- الحديث سبق برقم: **3744** فراجعه .

3818- الحديث سبق برقم: **2854,2766** فراجعه .

حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَثَابِتٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: غَلَا السِّعْرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ غَلَا السِّعْرُ فَسَعِّرْ لَنَا، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمُسَعِّرُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الرَّازِقُ، إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ أَلْقَى اللّٰهَ وَلَيْسَ أَحَدٌ مِنْكُمْ يَطْلُبُنِي بِمَظْلِمَةٍ فِي دَمٍ وَلَا مَالٍ

کے زمانے میں بھاؤ بڑھ گیا' صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مہنگائی ہو گئی ہے' آپ ﷺ ہمارے لیے قیمتیں مقرر فرمائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے حکم سے بھاؤ مقرر ہوتے ہیں' تنگی کرنے والا' فراخی کرنے والا اور رزق عطا کرنے والا وہی ہے' بے شک مجھے قوی اُمید ہے کہ میں اللہ سے اس حال میں ملاقات کروں گا کہ تم میں سے کوئی ایک بھی مجھ سے خون اور مال میں ظلم کے بدلے کا مطالبہ کرنے والا نہ ہوگا۔

3819 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى حَبْلًا مَمْدُودًا بَيْنَ سَارِيَتَيْنِ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هَذَا الْحَبْلُ؟ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ تُصَلِّي، فَإِذَا أَعْيَتْ تَعَلَّقَتْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِتُصَلِّ، فَإِذَا أَعْيَتْ فَلْتَقْعُدْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مسجد کے اندر' دو ستونوں کے درمیان ایک رسّی بندھی ہوئی دیکھی' تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ رسّی کیسی ہے؟ عرض کی گئی: جحش کی بیٹی نماز پڑھتی ہے' پس جب تھک جاتی ہے تو اپنے بالوں کو رسّی سے باندھ لیتی ہے' پس آپ ﷺ نے فرمایا: اسے چاہیے کہ وہ نماز پڑھے لیکن جب تھک جائے تو بیٹھ جائے (یا سو جائے)۔

3820 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبْعَةً، حَسَنُ الْجِسْمِ، لَيْسَ بِالطَّوِيلِ وَلَا بِالْقَصِيرِ، وَكَانَ شَعَرُهُ لَيْسَ بِجَعْدٍ وَلَا سَبْطٍ، أَسْمَرَ اللَّوْنِ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' آپ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ درمیانہ قد' خوبصورت جسم والے' نہ زیادہ لمبے قد والے' نہ چھوٹے قد والے تھے اور آپ ﷺ کے بال مبارک نہ اکٹھے تھے اور نہ ہی زیادہ لمبے اور گھنے تھے۔ گندمی رنگ تھے' جب چلتے تو یوں لگتا

3819- الحديث سبق برقم: **3774** فراجعه .

3820- الحديث سبق برقم: **3751** فراجعه .

إِذَا مَشَى يَتَوَكَّأُ

جیسے کسی چیز پر ٹیک لگائے ہوئے ہیں۔

3821 - حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ الْجِيزِيُّ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلِظُّوا بِيَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یا ذوالجلال والاکرام اپنے اوپر لازم کرلو۔

3822 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ، حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، تَزَوَّجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا، وَجَعَلَ الْوَلِيمَةَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، وَبَسَطَ نِطَعًا جَاءَتْ بِهِ أُمُّ سُلَيْمٍ، وَأَلْقَى عَلَيْهِ أَقِطًا وَتَمْرًا، وَأَطْعَمَ النَّاسَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ سے شادی کی اور ان کا آزاد کرنا ہی حق مہر بنایا' آپ کا ولیمہ تین دن تک کیا' ایک دستر خوان بچھایا گیا' حضرت اُم سلیم آئیں' اس پر کھجوریں ڈال دیں تو صحابہ کرام تین دن تک کھاتے رہے۔

3823 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَبَا مُوسَى اسْتَحْمَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَافَقَ مِنْهُ شُغْلًا، فَحَلَفَ أَنْ لَا يَحْمِلَنِي قَالَ: وَأَنَا أَحْلِفُ لَأَحْمِلَنَّكَ فَحَمَلَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سواری کا مطالبہ کیا' سواریاں مصروف تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حلف اُٹھایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے سواری نہیں دیں گے' فرمایا: میں حلف اُٹھاتا ہوں کہ تمہیں ضرور سوار کروں گا' پس اُنہوں نے سوار کیا (دوسری بار)۔

3824 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت

3821- أخرجه الترمذى رقم الحديث: 3525 قال: حدثنا محمود بن غيلان' قال: حدثنا المؤمل' عن حماد بن سلمة' عن حُميد' فذكره .

3822- الحديث سبق برقم: 3765,3692,3566,3545,3040 فراجعه .

3823- أخرجه أحمد جلد 3صفحه108 قال: حدثنا ابن أبى عدى . وفى جلد 3صفحه179 قال: حدثنا يحيىٰ . وفى جلد3صفحه235 قال: حدثنا محمد بن عبد الله الأنصارى .

هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، هَاجَرَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَآخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ، فَقَالَ لَهُ سَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، إِنِّي مِنْ أَكْثَرِ الْأَنْصَارِ مَالًا، وَأَنَا مُقَاسِمُكَ وَلِي امْرَأَتَانِ، فَأَنَا أُطَلِّقُ لَكَ إِحْدَاهُمَا فَإِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَتَزَوَّجْهَا، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ وَلَكِنْ دُلَّنِي عَلَى السُّوقِ، فَدَلَّهُ، فَلَمْ يَرْجِعْ يَوْمَئِذٍ حَتَّى أَصَابَ شَيْئًا مِنْ سَمْنٍ وَأَقِطٍ قَدْ رَبِحَهُ فَمَكَثَ أَيَّامًا، ثُمَّ مَرَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَى وَضَرَ صُفْرَةٍ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْيَمْ قَالَ: تَزَوَّجْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ؟ قَالَ: امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: مَا أَصْدَقْتَ؟ قَالَ: نَوَاةً أَوْ وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ: أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سعد بن ربیع کا بھائی بنایا' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اے عبدالرحمٰن! تمام انصار کی نسبت میرے پاس مال زیادہ ہے' میں آپ کو تقسیم کر سکتے دے دوں گا اور میری دو بیویاں بھی ہیں' پس میں ان میں سے ایک کو تیرے لیے طلاق بھی دے دوں گا' پس جب اس کی عدت تمام ہو جائے تو آپ اس سے شادی کر لینا (آپ بالکل پریشان نہ ہوں)۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اللہ تعالیٰ آپ کے اہل میں بھی برکت دے' لیکن آپ صرف ایک کام کریں' مجھے بازار کا راستہ دکھا دیں۔ پس انہوں نے بازار کا راستہ بتایا' پس وہ اس وقت تک نہیں لوٹے یہاں تک کہ انہیں گھی اور کھجوریں مل گئیں' اُنہوں نے نفع کما لیا' پس وہ کئی دن ٹھہرے' اس کے بعد وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زعفران جیسی رنگدار چیز دیکھی' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے شادی کر لی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کس سے؟ عرض کی: ایک انصاری عورت سے' فرمایا: تُو نے مہر کیا رکھا؟ عرض کی: سونے کی ڈلی' آپ نے فرمایا: ولیمہ بھی کرو' اگرچہ ایک بکری کے ساتھ۔

3825 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کی بیمار پرسی فرمائی جو بے

3825- الحديث سبق برقم: 3790 فراجعه .

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَ رَجُلًا قَدْ صَارَ مِثْلَ الْفَرْخِ الْمَنْتُوفِ فَقَالَ: هَلْ كُنْتَ تَدْعُو بِشَيْءٍ أَوْ تَسْأَلُهُ؟، قَالَ: قُلْتُ: اللّٰهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبِي بِهِ فِي الْآخِرَةِ فَعَجِّلْهُ لِي فِي الدُّنْيَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، إِذًا لَا تُطِيقُ ذٰلِكَ وَلَا تَسْتَطِيعُهُ، فَلَوْلَا قُلْتَ: رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

پر و بال چوزے کی مانند ہو گیا تھا' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو کسی چیز کی دعا یا اس کا سوال کرتا تھا؟ اس نے عرض کی: میں نے یہ دعا کی: اے اللہ! جو سزا تُو نے مجھے آخرت میں دینی ہے' وہ تُو مجھے جلدی دنیا میں دیدے' تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ پاک ہے (سبحان اللہ!) پھر تُو اس کی طاقت نہیں رکھے گا اور نہ ہی طاقت رکھ سکتا ہے' پس تُو کیوں نہیں عرض کرتا: اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی حسنہ اور آخرت میں بھی حسنہ عطا فرما! اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

3826 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، وَأَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هٰذَا نَنْصُرُهُ مَظْلُومًا، فَكَيْفَ نَنْصُرُهُ ظَالِمًا؟ قَالَ: تَمْنَعُهُ مِنَ الظُّلْمِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کر چاہے وہ ظالم ہو یا مظلوم ہو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم مظلوم کی مدد کرتے ہیں، ظالم کی مدد کیسے کریں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ظالم کی مدد یہ ہے کہ اس کو ظلم سے روکا جائے۔

3827 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، أَخْبَرَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَدَنَا مِنَ الْمَدِينَةِ، قَالَ: إِنَّ بِالْمَدِينَةِ لَأَقْوَامًا مَا سِرْتُمْ مِنْ مَسِيرٍ وَلَا قَطَعْتُمْ مِنْ وَادٍ، إِلَّا كَانُوا مَعَكُمْ فِيهِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَهُمْ بِالْمَدِينَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ، حَبَسَهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ غزوہ تبوک سے واپس آئے، مدینہ شریف کے قریب ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: مدینہ شریف میں کچھ ایسے لوگ ہیں جنہوں نے سفر نہیں کیا نہ کسی وادی کو پار کیا ہے مگر وہ تمہارے ساتھ تھے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: وہ مدینے میں کیوں رہے ہیں؟ آپ ﷺ نے

3826- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 201 قال: حدثنا يزيد بن هارون . والبخارى جلد 3 صفحه 168 قال: حدثنا مسدد' قال: معتمر بن سليمان .

3827- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 103 قال: حدثنا ابن أبى عدى . وفى جلد 3 صفحه 182 قال: حدثنا يحيىٰ . وعبد بن حُميد: 1402 قال: أخبرنا يزيد بن هارون .

الْعُذْرُ

فرمایا: ان کوعذر نے روکا ہوا تھا۔

3828 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَلَيْكُمْ أَلَّا تَعْجَبُوا بِأَحَدٍ حَتَّى تَنْظُرُوا بِمَ يُخْتَمُ لَهُ، فَإِنَّ الْعَامِلَ يَعْمَلُ زَمَانًا مِنْ عُمْرِهِ، أَوْ بُرْهَةً مِنْ دَهْرِهِ، بِعَمَلٍ صَالِحٍ لَوْ مَاتَ عَلَيْهِ لَدَخَلَ الْجَنَّةَ، ثُمَّ يَتَحَوَّلُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلٍ سَيِّءٍ، وَإِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ زَمَانًا مِنْ عُمْرِهِ بِعَمَلٍ سَيِّءٍ لَوْ مَاتَ عَلَيْهِ لَدَخَلَ النَّارَ، ثُمَّ يَتَحَوَّلُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلٍ صَالِحٍ، وَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَكَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ؟ قَالَ: يُوَفِّقُهُ لِعَمَلٍ صَالِحٍ ثُمَّ يَقْبِضُهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں ہے تم پر کہ تم کسی ایک (کی نیکی یا بدی دیکھ کر اس) پر تعجب نہ کرو یہاں تک کہ تم دیکھ لو اس کا اختتام کس چیز کے ساتھ ہوتا ہے کیونکہ عمل کرنے والا اپنی عمر کا لمبا زمانہ نیک عمل کرتا رہتا ہے اگر اس پر اسے موت آ جائے تو وہ جنت میں جائے پھر اس میں تبدیلی آ جاتی ہے وہ بُرے عمل کرنا شروع کر دیتا ہے اور ایک بندہ اپنی عمر کا ایک زمانہ بُرے اعمال کرتا ہے اگر اس پہ اسے موت آ جائے تو وہ دوزخ میں جائے اس کے بعد اس میں تبدیلی آ جاتی ہے پس وہ نیک اعمال شروع کر دیتا ہے اور جب اللہ کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اسے توفیق عطا فرماتا ہے صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ کیسے توفیق عطا کرتا ہے؟ فرمایا: اس کی طبیعت عمل صالح کے موافق بنا دیتا ہے پھر اسی پر اسے موت دے دیتا ہے۔

3829 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَلَهُمْ يَوْمَانِ يَلْعَبُونَ فِيهِمَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي قَدْ قَدِمْتُ عَلَيْكُمْ وَلَكُمْ يَوْمَانِ تَلْعَبُونَ فِيهِمَا، وَقَدْ أَبْدَلَكُمُ اللَّهُ يَوْمَيْنِ خَيْرًا مِنْهُمَا: يَوْمَ الْفِطْرِ وَيَوْمَ النَّحْرِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے مدینہ والوں کے لیے دو دن ایسے تھے جن میں وہ لھو ولعب کرتے تھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے پاس اس حال میں آیا ہوں کہ تمہارے دو دن خوشی کے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو ان سے بہتر دو دنوں میں تبدیل فرما دیا ہے: (۱) عید فطر کا دن (۲) عید قربان کا دن۔

3828- الحديث سبق برقم: 3817,3744 فراجعه .

3829- الحديث سبق برقم: 3808 فراجعه .

3830 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَجُلًا يُهَادَى بَيْنَ ابْنَيْهِ فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قَالُوا: نَذَرَ أَنْ يَمْشِيَ إِلَى الْبَيْتِ، فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ عَنْ تَعْذِيبِ هَذَا نَفْسَهُ ثُمَّ أَمَرَهُ فَرَكِبَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو اپنے دو بیٹوں کے درمیان سہارا لیے ہوئے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ صحابہ نے عرض کی: اس نے بیت اللہ شریف تک پیدل جانے کی نذر مانی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ' اس طرح آپ کو عذاب دینے سے بے پرواہ ہے' پھر آپ نے اسے حکم دیا' وہ سوار ہو گیا۔

3831 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَرَأَى حَبْلًا مَمْدُودًا بَيْنَ سَارِيَتَيْنِ فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قَالُوا: لِفُلَانَةٍ تُصَلِّي، فَإِذَا أَعْيَتْ تَعَلَّقَتْ بِهِ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِتُصَلِّ مَا عَقَلَتْ، فَإِذَا خَشِيَتْ أَنْ تُغْلَبَ فَلْتَنَمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے تو ایک رسّی' دو ستونوں کے درمیان بندھی ہوئی دیکھی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کیا: یہ کیا ہے؟ صحابہ نے عرض کی: یہ فلاں عورت کی ہے' وہ نماز پڑھتی ہے' پس جب وہ تھک جاتی ہے تو اس سے لٹک جاتی ہے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک سمجھتا رہے' نماز پڑھتی رہے' جب نیند غالب آ جائے تو سو جائے۔

3832 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَتْ صَلَاةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ مُتَقَارِبَةً، حَتَّى كَانَ عُمَرُ فَمَدَّ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز ایک دوسرے کے مشابہ تھیں یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو آپ نے صبح کی نماز کو لمبا کیا۔

3833 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3830- الحديث سبق برقم: **3411** فراجعه .

3831- الحديث سبق برقم: **3819,3774** فراجعه .

3832- الحديث سبق برقم: **3805** فراجعه .

3833- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **105** قال: حدثنا ابن أبي عدى . وفي جلد **3** صفحه **223,155** قال: حدثنا

حُـمَيْـدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقْدَمُ قَوْمٌ هُمْ أَرَقُّ أَفْئِدَةً مِنْكُمْ ، فَقَدِمَ الْأَشْعَرِيُّونَ، فِيهِمْ أَبُو مُوسَى، فَجَعَلُوا يَرْتَجِزُونَ يَقُولُونَ:

(البحر الرجز)

غَدًا نَلْقَى الْأَحِبَّهْ . . . مُحَمَّدًا وَحِزْبَهْ

حضور ﷺ نے فرمایا: ایسے لوگ آئیں گے ان کے دل تم سے زیادہ نرم ہوں گے۔ اشعریین آئے ان میں حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بھی تھے، وہ رجز پڑھنے لگے:

''ہم کل اپنے محبوبوں سے ملیں گے، وہ محمد اور اس کا لشکر ہے''۔

3834 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدَّجَّالُ مَمْسُوحُ الْعَيْنِ عَلَيْهَا ظَفَرَةٌ غَلِيظَةٌ، مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ ك ف ر

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دجال کی آنکھ لپٹی ہوئی ہوگی اس کے اوپر سخت ناخنہ (ایک بیماری) سوگی اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''ک ف ر'' لکھا ہوا ہوگا۔

3835 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ، وَلَكِنْ لِيَقُلْ: اللَّهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي إِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک موت کی تمنا نہ کرے کسی تکلیف کی وجہ سے جو اس پر نازل ہوئی ہے لیکن یہ دعا کرسکتا ہے: اے اللہ! مجھے زندہ رکھ جب تک زندگی میرے لیے بہتر ہے مجھے موت دے دے جب میرے لیے وفات تیرے علم میں بہتر ہو۔

3836 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحِبُّ أَنْ يَلِيَهُ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ فِي الصَّلَاةِ لِيَأْخُذُوا عَنْهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ پسند فرمایا کرتے تھے کہ نماز میں آپ ﷺ کے ساتھ مہاجرین و انصار ملے ہوئے ہوں تاکہ وہ آپ ﷺ سے خوب استفادہ کریں۔

3837 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں:

يحيٰى بن اسحاق .

3834- الحديث سبق برقم: 3757 فراجعه .

3835- الحديث سبق برقم: 3787 فراجعه .

3836- الحديث سبق برقم: 3804 فراجعه .

حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ بُيُوتِ نِسَائِهِ، فَأَهْدَتْ لِلنَّبِيِّ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ قَصْعَةً مِنْ ثَرِيدٍ فَضَرَبَتْهَا بِيَدِهَا فَوَقَعَتْ فَانْكَسَرَتِ الْقَصْعَةُ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْخُذُ الثَّرِيدَ بِيَدِهِ فَيَرُدُّهُ فِي الْقَصْعَةِ وَيَقُولُ: كُلُوا، غَارَتْ أُمُّكُمْ، ثُمَّ انْتَظَرَ حَتَّى جَاءَتِ الْقَصْعَةُ الْأُخْرَى، فَأَخَذَهَا فَدَفَعَهَا إِلَى صَاحِبَةِ الْقَصْعَةِ الْمَكْسُورَةِ

رسول کریم ﷺ اپنی ایک زوجہ محترمہ کے گھر میں تھے' ان میں سے ایک عورت نے آپ کو پیالے میں ثرید ہدیہ کیا' پس محترمہ نے پیالے کو ہاتھ مار کر گرا دیا' وہ پیالہ ٹوٹ گیا۔ پس رسول کریم ﷺ اپنے مبارک ہاتھ سے ثرید اُٹھا کر پیالے میں ڈالنے لگے اور فرما رہے تھے: کھاؤ! تمہاری ماں غارت ہو! پھر آپ ﷺ نے تھوڑا انتظار کی تو دوسرا پیالہ لایا گیا' پس آپ ﷺ نے اسے پکڑ کر ٹوٹے ہوئے پیالے کے مالک کو عطا کر دیا۔

3838 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَمَهُ أَبُو طَيْبَةَ، فَأَمَرَ لَهُ بِصَاعَيْنِ مِنْ طَعَامٍ، وَكَلَّمَ مَوَالِيَهُ فَخَفَّفُوا عَنْهُ مِنْ ضَرِيبَتِهِ، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ، وَالْقُسْطُ الْبَحْرِيُّ، وَلَا تُعَذِّبُوا صِبْيَانَكُمْ بِالْغَمْزِ مِنَ الْعُذْرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ کو ابوطیبہ نے پچھنے لگائے تو آپ ﷺ نے اس کیلئے کھانے کے دو صاع کا حکم دیا اور اپنے موالی سے کلام کیا' پس آپ ﷺ سے اُنہوں نے تخفیف کی' اس کے برتن سے اور رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تمہاری بہترین دواء پچھنے لگوانا اور عود ہندی ہے' پس تم غدودوں کی وجہ سے اپنے بچوں کے گلے دبا کر ان کو عذاب نہ دیا کرو۔

3839 - وَعَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ حَتَّى تَزْهُوَ، قُلْنَا: وَمَا زَهْوُهُ؟ قَالَ: تَحْمَرُّ، قَالَ أَنَسٌ: أَرَأَيْتَ إِنْ مَنَعَ اللّٰهُ النَّخْلَ، بِمَ تَسْتَحِلُّ مَالَ أَخِيكَ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے پھل پکنے سے پہلے اس کی بیع سے منع فرمایا' ہم نے عرض کی: اس کا پکنا کب شمار کریں گے؟ فرمایا: جب وہ سرخ ہو جائے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا قول ہے: تیرا کیا خیال ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کھجور کے درخت سے منع فرما دے تو کس چیز کے بدلے اپنے بھائی کے

3838- الحديث سبق برقم: 3746,3734 فراجعه .

3839- الحديث سبق برقم: 3732,3728 فراجعه .

مال کو حلال جانے گا؟

3840 - وَعَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، مَا كُنَّا نَشَاءُ أَنْ نَرَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ مُصَلِّيًا إِلَّا رَأَيْنَاهُ، وَمَا كُنَّا نَشَاءُ أَنْ نَرَاهُ مِنَ اللَّيْلِ نَائِمًا إِلَّا رَأَيْنَاهُ نَائِمًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کو نماز پڑھتے دیکھنا چاہتے تو ہم دیکھتے تھے اور اگر ہم آپ کو آرام کرنے کی حالت میں دیکھنا چاہتے تو دیکھ سکتے تھے۔

3841 - وَعَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ فَرَأَى نُخَامَةً فِي وَجْهِهِ، رُئِيَ شِدَّةُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَامَ يُصَلِّي إِنَّمَا يَقُومُ يُنَاجِي رَبَّهُ، أَوْ رَبُّهُ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ، فَإِذَا بَزَقَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْزُقْ عَنْ يَسَارِهِ تَحْتَ قَدَمِهِ، أَوْ يَتْفِلْ هٰكَذَا وَبَزَقَ فِي طَرَفِ رِدَائِهِ، وَدَلَكَ بَعْضَهُ بِبَعْضٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سامنے تھوک ملاحظہ فرمائی' اس پر اس کی شدت دیکھی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک تم میں سے کوئی ایک جب نماز پڑھنے کیلئے کھڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے رب سے سرگوشی کر رہا ہوتا ہے یا اس کا رب اس سے سرگوشی کر رہا ہوتا ہے' اس کے اور قبلہ کے درمیان یہی صورتِ حال ہوتی ہے' پس جب تمہارا کوئی آدمی تھوکے تو اسے چاہیے کہ اپنے بائیں یا اپنے پاؤں کے نیچے تھوکے یا اس طرح تھوکے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تھوک اپنی چادر میں لے لی اور اس کو مل دیا۔

3842 - وَعَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مُرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ، فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ، ثُمَّ مُرَّ بِجَنَازَةٍ، فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا شَرًّا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ، أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا تو لوگوں نے اس کی تعریف کی۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واجب ہو گئی' پھر ایک دوسرا جنازہ گزرا' لوگوں نے اس کی بُرائی بیان کی اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو۔

3840- أخرجه النسائی فی الکبریٰ جلد3صفحه213 من طریق اسحاق بن ابراهیم' حدثنا یزید به .

3841- الحدیث سبق برقم: 3210,3209,2959 فراجعه .

3842- الحدیث سبق برقم: 3748 فراجعه .

3843 - أَخْبَرَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا يَحْيَى، وَحُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُورِ الْأَنْصَارِ؟، قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: دُورُ بَنِي النَّجَّارِ، ثُمَّ دُورُ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ دُورُ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ دُورُ بَنِي سَاعِدَةَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَفِي كُلِّ دُورِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ، قَالَ أَحَدُهُمَا: وَرَفَعَ بِهَا صَوْتَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم لوگوں کو انصار میں سے بہترین گھر کی خبر نہ دوں؟ صحابہ نے عرض کی: کیوں نہیں! اے اللہ کے رسول! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے نمبر پر بنی نجار کے گھر، دوسرے پر بنوعبدالاشہل، تیسرے پر بنوحارث بن خزرج پھر بنوساعدہ۔ پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصار کے گھروں میں سے ہر گھر بہتری سے بھرا ہوا ہے، دو راویوں میں سے ایک کا قول ہے: یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز سے فرمائی۔

3844 - أَخْبَرَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ سَلَامٍ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي سَائِلُكَ عَنْ ثَلَاثَةِ أَشْيَاءَ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا نَبِيٌّ، قَالَ: سَلْ، قَالَ: مَا أَوَّلُ أَمْرِ السَّاعَةِ أَوْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ؟ وَمَا أَوَّلُ مَا يَأْكُلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ؟ وَمَا يَنْزِعُ الْوَلَدُ إِلَى أَبِيهِ، وَالْوَلَدُ إِلَى أُمِّهِ؟ قَالَ: أَخْبَرَنِي بِهِنَّ جِبْرِيلُ آنِفًا، قَالَ: جِبْرِيلُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: ذَاكَ عَدُوُّ الْيَهُودِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، قَالَ: أَمَّا أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْمَشْرِقِ فَتَحْشُرُ النَّاسَ إِلَى الْمَغْرِبِ، وَأَمَّا أَوَّلُ مَا يَأْكُلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ حُوتٍ، وَأَمَّا مَا يَنْزِعُ الْوَلَدُ إِلَى أَبِيهِ وَيَنْزِعُ الْوَلَدُ إِلَى أُمِّهِ، فَإِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْأَةِ نَزَعَ إِلَى أَبِيهِ، وَإِذَا سَبَقَ مَاءُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے، عرض کی: میں آپ سے تین چیزوں کا سوالی ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مانگ! اس نے عرض کی: قیامت آنے کی ابتداء کس سے ہوگی یا قیامت کی ابتداء کی پہلی نشانی؟ سب سے پہلے جنت والے کیا کھائیں گے؟ بچہ جو باپ اور ماں کے مشابہ ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے ابھی ابھی حضرت جبریل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! اس نے کہا: فرشتوں میں سے جبریل، یہودیوں کا دشمن ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت قائم ہونے کی پہلی نشانی ایک آگ ہے جو مشرق سے نکلے گی، پس وہ لوگوں کو اکٹھا کر کے مغرب کی طرف لائے گی، جنتی اپنے کھانے کی ابتداء مچھلی کی کلیجی سے کریں گے

3843- الحديث سبق برقم: **3638** فراجعه .

3844- الحديث سبق برقم: **3401** فراجعه .

الْمَرْأَةِ مَاءَ الرَّجُلِ نَزَعَ إِلَى أُمِّهِ ، قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ الْيَهُودَ قَوْمٌ بُهتٌ، فَأَخْتَبِءُ لَهُمْ ثُمَّ سَلْهُمْ عَنِّي- قَبْلَ أَنْ يَعْلَمُوا بِإِسْلَامِي- أَيُّ رَجُلٍ أَنَا فِيهِمْ، فَجَاءَ نَفَرٌ مِنْهُمْ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ رَجُلٍ عَبْدُ اللَّهِ فِيكُمْ؟ ، قَالُوا: خَيْرُنَا وَابْنُ خَيْرِنَا، وَسَيِّدُنَا وَابْنُ سَيِّدِنَا، وَأَعْلَمُنَا وَابْنُ أَعْلَمِنَا، قَالَ: أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَسْلَمَ عَبْدُ اللَّهِ؟ ، قَالُوا: أَعَاذَهُ اللَّهُ مِنْ ذَلِكَ، قَالَ: فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ عَبْدُ اللَّهِ فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، قَالُوا: شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا، وَنَحْوَ ذَلِكَ، قَالَ: يَقُولُ عَبْدُ اللَّهِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا الَّذِي كُنْتُ أَخَافُ

اور جہاں تک تعلق ہے بچے کے باپ اور ماں کے مشابہ ہونے کا تو اگر مرد کا پانی عورت کے پانی پر غالب آ جائے تو باپ کے اور اگر عورت کا پانی مرد کے پانی پر غالب آ جائے تو بچہ ماں کے مشابہ ہوتا ہے۔ حضرت عبداللہ نے پڑھا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ ﷺ اللہ کے سچے رسول ہیں۔ پھر عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک یہودی بہتان باز قوم ہے میں ان سے چھپ جاتا ہوں پھر آپ ان سے میرے بارے سوال کریں۔ اس سے قبل کہ انہیں میرے اسلام لانے کا علم ہو کہ میں ان میں کیسا آدمی ہوں۔ پس ایک گروہ آیا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں عبداللہ کیسا آدمی ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا: ہم میں سے بہتر ہے اور ہم سب میں سے بہتر کا بیٹا ہے ہمارا سردار ہے اور ہمارے سردار کا بیٹا ہے آپ ﷺ نے فرمایا: اگر عبداللہ اسلام لے آئے تو تمہارا کیا خیال ہے؟ اُنہوں نے کہا: اس سے اللہ اس کو اپنی پناہ دے۔ راوی کا بیان ہے: اُنہوں نے فوراً کہا: یہ ہم سب کے سامنے آئے اور پڑھا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اللہ کے رسول ہیں۔ اُنہوں نے فوراً کہا: یہ ہم سب سے بُرا ہے بُرے کا بیٹا ہے اور اس جیسی باتیں۔ حضرت عبداللہ کہنے لگے: اے اللہ کے رسول! مجھے اسی بات کا ڈر تھا۔

3845 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ

3845- الحديث سبق برقم: **3796** فراجعه .

حُـمَـيْـدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَـمِـعَـهُ الْـمُـسْـلِـمُـونَ وَهُوَ يَقُولُ: يَا أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَـامٍ، وَيَـا أُمَيَّةُ بْنَ خَلَفٍ، وَيَا عُتْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، وَيَا شَيْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، هَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَكُمْ رَبُّكُمْ حَقًّا، فَـإِنِّـي قَـدْ وَجَدْتُ مَا وَعَدَنِي رَبِّي حَقًّا ، فَقَالُوا: يَا رَسُـولَ الـلّٰـهِ، تُنَادِي قَوْمًا قَدْ جَيَّفُوا؟ قَالَ: مَا أَنْتُمْ بِـأَسْـمَعَ لِمَا أَقُولُ مِنْهُمْ، وَلَكِنَّهُمْ لَا يَسْتَطِيعُونَ أَنْ يُجِيبُوا

کو مسلمانوں نے سنا' آپ فرما رہے تھے: اے ابوجہل بن ہشام' اے امیہ بن خلف' اے عتبہ بن ربیعہ اور اے شیبہ بن ربیعہ! کیا تم نے پالیا' اپنے رب کے وعدہ کو سچا کیونکہ میں نے تو اپنے رب کے وعدہ کو سچا پالیا ہے۔ تو صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ ایک ایسی قوم کو نداء دے رہے ہیں جو مردار ہو چکی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم ان سے زیادہ میری بات نہیں سن رہے ہو' لیکن ان کافروں میں جواب دینے کی طاقت نہیں ہے (لیکن مؤمن جواب بھی دیتے ہیں)۔

3846 - حَـدَّثَـنَـا أَبُـو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَـرَنَـا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى الـلّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّمَ بَعْدَ أَنْ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ قَبْلَ أَنْ يُـكَبِّـرَ، أَقْبَـلَ عَـلَـى الْـقَـوْمِ بِوَجْهِـهِ فَقَالَ: أَقِيمُوا صُفُوفَكُمْ وَتَرَاصُّوا، فَإِنِّي أَرَاكُمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِي ، قَالَ: فَلَقَدْ كُنْتُ أَرَى الرَّجُلَ فِي الصَّفِّ وَهُوَ يُلْزِقُ مَنْكِبَهُ بِمَنْكِبِ صَاحِبِهِ

حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ قوم کی طرف متوجہ ہوئے جبکہ اقامت کہہ دی گئی تھی' لیکن آپ ﷺ نے ابھی تکبیر تحریمہ نہ کہی تھی' فرمایا: ابھی صفوں کو سیدھا کرو اور مل جل کر کھڑے ہو' کیونکہ میں تمہیں اپنی پیٹھ کے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں' فرمایا: میں ایک آدمی کو صف میں دیکھتا ہوں اس حال میں کہ وہ اپنے کندھے کو اپنے ساتھی کے کندھے سے ملائے ہوئے ہے۔

3847 - حَـدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُـولَ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى ذَاتَ لَيْـلَـةٍ فِي حُجْرَتِهِ، فَسَمِعَ النَّاسُ صَوْتَهُ، فَلَمَّا كَانَتِ الـلَّيْـلَـةُ الـثَّـانِيَـةُ جَـاءَ نَاسٌ فَصَلُّوا بِصَلَاتِهِ، فَخَفَّفَ

حضرت انس بن مالک ﷺ سے روایت ہے کہ ایک رات رسول کریم ﷺ نے اپنے حجرہ میں نماز ادا کی' پس صحابہ نے آپ ﷺ کی آواز سن لی' پس جب دوسری رات آئی تو لوگ آپ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھنے کیلئے آئے تو رسول کریم ﷺ مختصر نماز پڑھا کر تشریف

3846- الحديث سبق برقم: 3708 فراجعه .

3847- الحديث سبق برقم: 3743 فراجعه .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ انْصَرَفَ، فَلَمَّا أَصْبَحُوا قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّيْنَا مَعَكَ اللَّيْلَةَ، وَنَحْنُ نُحِبُّ أَنْ تَمُدَّ فِي قِرَاءَتِكَ، فَقَالَ: قَدْ عَلِمْتُ بِمَكَانِكُمْ وَعَمْدًا فَعَلْتُ ذَٰلِكَ

لے گئے، پس جب صحابہ نے صبح کی تو عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم نے رات کو آپ کے ساتھ نماز پڑھی ہے پس ہم پسند کرتے ہیں کہ آپ لمبی قرأت فرمائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے جذبات کو جانتا ہوں، میں نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے۔

3848 - وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَرَأَيْتُ قَصْرًا مِنْ ذَهَبٍ قُلْتُ: لِمَنْ هَذَا؟ قَالُوا: لِشَابٍّ مِنْ قُرَيْشٍ، فَظَنَنْتُ أَنِّي هُوَ، فَقُلْتُ: لِمَنْ؟ قِيلَ: لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے سونے کا ایک محل دیکھا، میں نے کہا: یہ کس کا ہے؟ فرشتوں نے عرض کی: قریش سے ایک نوجوان کا ہے، میں نے گمان کیا کہ وہ میں ہوں، میں نے کہا: وہ نوجوان کون ہے؟ عرض کی گئی: عمر بن خطاب!

3849 - وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ: أَوْلَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِزَيْنَبَ، فَأَشْبَعَ الْمُسْلِمِينَ خُبْزًا وَلَحْمًا، ثُمَّ خَرَجَ كَمَا كَانَ يَصْنَعُ إِذَا تَزَوَّجَ، فَيَأْتِي حُجَرَ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ، فَيُسَلِّمُ عَلَيْهِنَّ وَيَدْعُو لَهُنَّ، وَيُسَلِّمْنَ عَلَيْهِ وَيَدْعُونَ لَهُ، ثُمَّ رَجَعَ فَإِذَا فِي الْبَيْتِ رَجُلَانِ قَدْ جَرَى بِهِمَا الْحَدِيثُ، فَلَمَّا رَآهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَ، فَلَمَّا رَأَى ذَٰلِكَ الرَّجُلَانِ وَثَبَا فَزِعِينَ فَخَرَجَا، فَلَا أَدْرِي مَنْ أَخْبَرَهُ: أَنَا أَخْبَرْتُهُ أَوْ غَيْرِي؟ فَرَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا ولیمہ کیا۔ صحابہ کرام کو پیٹ بھر کر کھانا کھلایا، گوشت اور روٹیاں۔ پھر آپ ﷺ باہر تشریف لائے جس طرح آپ ﷺ کرتے تھے جب شادی کرتے تھے۔ آپ ﷺ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے حجروں کے پاس آئے، ان کو سلام کیا اور اُن کے لیے دعا کی۔ انہوں نے بھی آپ ﷺ کو سلام کیا اور آپ ﷺ کے لیے دعا کی۔ پھر آپ ﷺ واپس آئے جب کہ آپ ﷺ کے گھر میں دو آدمی تھے۔ ان کے درمیان گفتگو جاری تھی۔ جب حضور ﷺ نے ان کو دیکھا، آپ ﷺ واپس چلے گئے۔ جب ان دو

3848- الحديث سبق برقم: 3824 فراجعه .

3849- أخرجه أحمد جلد3صفحه172 قال: محمد بن جعفر . ومسلم جلد4صفحه149 قال: حدثنا محمد بن عمرو بن عباد بن جبلة بن أبي روّاد، ومحمد بن بشار، قالا: حدثنا محمد بن جعفر .

آدمیوں نے آپ ﷺ کو دیکھا تو پریشان ہوئے، وہ دونوں نکلے۔ میں نہیں جانتا کہ ان کو کس نے خبر دی؟ میں نے ان کو بتایا تھا یا میرے علاوہ کسی اور نے؟ پس حضور ﷺ واپس لوٹ گئے۔

3850 - وَعَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَقْتِ صَلَاةِ الْفَجْرِ، فَأَمَرَ بِلَالًا فَأَذَّنَ لِصَلَاةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَخَّرَ حَتَّى أَسْفَرَ، ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَقَامَ فَصَلَّى، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ؟ فَقَامَ الرَّجُلُ فَقَالَ: مَا بَيْنَ هَذَا وَهَذَا وَقْتٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ سے دریافت کیا کہ فجر کا وقت کیا ہے؟ پس آپ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا' پس اُنہوں نے فجر کی نماز کیلئے اذان دی' پھر اُنہوں نے اقامت کہی' پھر آپ ﷺ نے نماز پڑھائی' پھر جب دوسری صبح ہوئی تو آپ ﷺ نے فجر کی نماز ادا کرنے میں دیر کی یہاں تک کہ خوب روشنی ہوگئی' پس جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو فرمایا: سواری کہاں ہے؟ پس وہ آدمی کھڑا ہوا' آپ نے فرمایا: اس کے اور اس کے درمیان کا وقت ہے۔

3851 - قَالَ: وَسُئِلَ أَنَسٌ: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ؟ قَالَ: نَعَمْ، بَيْنَمَا هُوَ ذَاتَ يَوْمِ جُمُعَةٍ يَخْطُبُ النَّاسَ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَحَطَ الْمَطَرُ، وَأَجْدَبَتِ الْأَرْضُ، وَهَلَكَ الْمَالُ، فَادْعُ اللّٰهَ، قَالَ: فَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى رَأَيْتُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ، فَاسْتَسْقَى وَمَا أَرَى فِي السَّمَاءِ سَحَابَةً، فَمَا قَضَيْنَا الصَّلَاةَ حَتَّى إِنَّ الشَّابَّ الْقَرِيبَ الدَّارِ يُهِمُّهُ الرُّجُوعُ إِلَى أَهْلِهِ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: کیا رسول کریم ﷺ ہاتھ بلند فرما کر دعا کیا کرتے تھے؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں! جمعہ کے دن ایک مرتبہ آپ ﷺ خطبہ دے رہے تھے تو عرض کی گئی: بارش نہیں ہوئی' اللہ سے دعا کریں! حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آپ ﷺ نے اپنے مبارک ہاتھوں کو بلند کیا حتیٰ کہ میں نے آپ کی بغلوں کی سفیدی کی زیارت کی' پس بارش آئی جبکہ آسمان میں کوئی بادل میں نے نہیں دیکھا' پس

3850- الحديث سبق برقم: **3789** فراجعه .

3851- الحديث سبق برقم: **3496,3321,3092** فراجعه .

فَدَامَتْ جُمُعَةً، فَلَمَّا كَانَتِ الْجُمُعَةُ الثَّانِيَةُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَهَدَّمَتِ الْبُيُوتُ، وَاحْتَبَسَ الرُّكْبَانُ، وَهَلَكَ الْمَالُ قَالَ: فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ بِيَدِهِ فَفَرَّجَ بَيْنَهُمَا، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا، وَفَرَّقَ بَيْنَ يَدَيْهِ، قَالَ: فَكُشِفَتْ عَنِ الْمَدِينَةِ

4097 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ صَبِيحٍ، وَمَسْرُوقٌ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ السَّامِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ الثَّلَاثَةِ بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ ایام تشریق کے روزے رکھنے سے دسویں ذوالحجہ کے دن۔

4098 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَادَ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ، فَأَخَذَ جِبْرِيلُ بِثَوْبِهِ فَقَالَ: (وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ) (التوبة: 84)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن ابی کا نماز جنازہ پڑھنے کا ارادہ کیا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کپڑے سے پکڑا اور عرض کی: اس کی نماز نہ پڑھیں ہمیشہ نہ ان کی قبر پر کھڑے ہوں۔

4099 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

رواه أبو يعلى' وفيه موسى بن عبيدة الربذى وهو ضعيف .

4097- الحديث فى المقصد العلى برقم: **545** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**203** وقال: رواه أبو يعلى وهو ضعيف من طرق كلها .

4098- الحديث فى المقصد العلى برقم: **473** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**42** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه يزيد الرقاشى' وفيه كلام وقد وثق .

إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ سَلَامَةَ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وُقِيَ عَذَابَ الْقَبْرِ

حضور ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے دن مرتا ہے اس کو عذاب سے محفوظ رکھا جائے گا۔

4100 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَعَاذَ بِاللهِ فِي الْيَوْمِ عَشْرَ مَرَّاتٍ مِنَ الشَّيْطَانِ وَكَّلَ اللهُ بِهِ مَلَكًا يَرُدُّ عَنْهُ الشَّيَاطِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو دن میں دس مرتبہ شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگے اللہ عزوجل اس کے لیے فرشتہ وکیل بنا دے گا جو اس کو شیطانوں سے بچا رکھے گا۔

4101 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَفَاعَتِي لِأَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِي، قَالَ: فَقَالَ: تَصْدِيقُ هَذَا فِي الْقُرْآنِ، قَالَ: فَقَرَأَ عَلَيْنَا: (إِنْ تَجْتَنِبُوا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُدْخَلًا كَرِيمًا) (النساء: 31)، فَهَؤُلَاءِ الَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ الْكَبَائِرَ، وَهَؤُلَاءِ الَّذِينَ وَاقَعُوا الْكَبَائِرَ بَقِيَتْ لَهُمْ شَفَاعَةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَقَالَ يَزِيدُ لِأَنَسٍ: صَدَقْتَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت میری اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اور اس کی تصدیق قرآن میں بھی ہے' اگر تم کبیرہ گناہوں سے بچو گے تو اللہ عزوجل تمہارے گناہ معاف کرے گا اور تم کو جنت میں داخل کرے گا' یعنی لوگ کبیرہ گناہ سے بچتے ہیں' یعنی یہ لوگ کبیرہ گناہ کرتے ہیں' اور یہ ان کے لیے حضور ﷺ کی شفاعت ہے۔ یزید نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ نے سچ کہا۔

4102 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا دُرُسْتُ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورج اور چاند دونوں نور ہیں'

4100- الحديث في المقصد العلي برقم: **1672** .

4101- الحديث سبق برقم: **4091** فراجعه .

4102- الحديث في المقصد العلي برقم: **1937** . وأخرجه الطيالسي برقم: **2288** . والطحاوي جلد **1** صفحه **67** . وابن حبان في المجروحين جلد **1** صفحه **293** من طرق عن درست بن زياد به .

حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ثَوْرَانِ عَقِيرَانِ فِي النَّارِ

دونوں جہنم میں باندھ کر ڈال دیئے جائیں گے یعنی دوزخ والوں کو ان کے ذریعے عذاب دیا جائے گا۔

4103 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صَوْمِ خَمْسَةِ أَيَّامٍ مِنَ السَّنَةِ: يَوْمِ الْفِطْرِ، وَيَوْمِ النَّحْرِ، وَأَيَّامِ التَّشْرِيقِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا: سال میں پانچ دن روزے رکھنے سے (۱) عید الفطر (۲) یوم نحر (۳) ایام تشریق کے۔

4104 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الْغُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَمَا يَسْتَطِيعُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقْرَأَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فِي لَيْلَةٍ؟ فَإِنَّهَا تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں کوئی طاقت رکھتا ہے کہ وہ قل ہو اللہ احد رات میں تین مرتبہ پڑھے، اس کا ثواب تہائی قرآن کے برابر ہے۔

4105 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَيْمُونٍ الْمُجَاشِعِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَلْطَفَ مُؤْمِنًا أَوْ خَفَّ لَهُ فِي شَيْءٍ مِنْ حَوَائِجِهِ، صَغُرَ ذَاكَ أَوْ كَبُرَ، كَانَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی نے کسی مؤمن پر مہربانی کی یا اس کی کسی ضرورت میں تخفیف کی خواہ وہ ضرورت چھوٹی ہو یا بڑی ہو تو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ کرام پر یہ حق لیا ہے کہ اسے جنت کے خادموں میں سے کوئی خادم

4103- الحديث في المقصد العلى برقم: **543** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **203** وقال: رواه أبو يعلى وهو ضعيف من طرقه كلها .

4104- الحديث في المقصد العلى برقم: **1212** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **147** وقال: رواه أبو يعلى وفيه عبيس وهو متروك .

4105- الحديث سبق برقم: **4079** فراجعه .

حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُخْدِمَهُ مِنْ خَدَمِ الْجَنَّةِ

عطا فرمائے۔

4106 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ صَخْرٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَأُصِيبَتْ ذِمَّتُهُ فَقَدِ اسْتُبِيحَ حِمَى اللّٰهِ وَأُخْفِرَتْ ذِمَّتُهُ، وَأَنَا طَالِبٌ بِذِمَّتِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جس نے صبح کی نماز پڑھی اس نے ذمہ کو پالیا' اللہ کی حفاظت کا حقدار بن گیا اور اس کے ذمہ کو حاصل کر لیا اور میں اس کے ذمہ کا طالب ہوں۔

4107 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ صَبِيحٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُجَاءُ بِابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَأَنَّهُ بَذَجٌ ، وَرُبَّمَا قَالَ: كَأَنَّهُ جَمَلٌ، فَيَقُولُ ابْنَ آدَمَ: أَنَا خَيْرُ قَسِيمٍ، انْظُرْ إِلَى عَمَلِكَ الَّذِي عَمِلْتَهُ لِي فَأَنَا أَجْزِيكَ، وَانْظُرْ إِلَى عَمَلِكَ الَّذِي عَمِلْتَهُ لِغَيْرِي فَيُجَازِيكَ عَلَى الَّذِي عَمِلْتَ لَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم کو قیامت کے دن لایا جائے' ایسے محسوس ہو گا جیسے بکری کا بچہ ہے یا اونٹ ہے۔ اللہ فرمائے گا: اے آدمی! میں بہتر تیرا مدمقابل ہوں' وہ کام دیکھ جو تُو میرے لیے کرتا تھا' میں اس کا تجھے بدلہ دوں اور وہ کام بھی دیکھ جو تُو میرے علاوہ کسی اور کے لیے کرتا تھا' وہ تجھے بدلہ دے جس کے لیے تُو وہ کام کرتا تھا۔

4108 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا دُرُسْتُ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَاتَ فُلَانٌ، قَالَ: أَلَيْسَ كَانَ مَعَنَا آنِفًا؟ ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے۔ ایک آدمی آیا، اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! فلاں فوت ہو گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابھی وہ ہمارے ساتھ نہیں تھا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: کیوں نہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ پاک

4106- الحديث سبق برقم: **4093** فراجعه .

4107- الحديث في المقصد العلي برقم: **1714** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **221** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه مدلسون .

4108- الحديث في المقصد العلي برقم: **710** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **209** وقال: روى ابن ماجة منه: المحروم من حرم وصيته' رواه أبو يعلى واسناده حسن .

قَـالُـوا: بَـلَـى، قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، كَأَنَّهَا إِخْذَةٌ عَلَى غَضَبٍ، الْمَحْرُومُ مَنْ حُرِمَ وَصِيَّتَهُ

ہے گویا اس نے غصہ کیا، محروم وہ ہوتا ہے جو اپنی وصیت سے محروم کیا گیا ہو۔

4109 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَـمَّـادٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَـالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ النَّسَاءُ فِي أَجَلِهِ، وَالزِّيَادَةُ فِي رِزْقِهِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی کو یہ بات خوش کرے کہ اس کی عمر لمبی ہو اور اس کے رزق میں برکت ہو تو وہ صلہ رحمی کرے۔

4110 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَـمَّـادٌ، حَـدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَوَّلَ مَا افْتَـرَضَ الـلّٰهُ عَلَى النَّاسِ مِنْ دِينِهِمُ الصَّلَاةُ، وَآخِرَ مَـا يَبْـقَـى الـصَّـلَاةُ، وَأَوَّلَ مَا يُحَاسَبُونَ بِهِ الصَّلَاةُ، يَـقُـولُ الـلّٰـهُ: انْظُرُوا فِي صَلَاةِ عَبْدِي، فَإِنْ كَانَتْ تَامَّةً كُتِبَتْ تَامَّةً، وَإِنْ وُجِدَتْ نَاقِصَةً قَالَ: انْظُرُوا، هَـلْ لَـهُ مِـنْ تَـطَـوُّعٍ؟ فَـإِنْ وُجِدَ لَـهُ تَطَوُّعٌ تَمَّتِ الْـفَـرِيـضَـةُ مِنَ التَّطَوُّعِ، ثُمَّ قَالَ: انْظُرُوا هَلْ زَكَاتُهُ تَـامَّةٌ؟ فَـإِنْ وُجِـدَتْ زَكَـاتُـهُ تَامَّةً كُتِبَتْ تَامَّةً، وَإِنْ كَـانَـتْ نَـاقِـصَـةً قَـالَ: انْظُرُوا، هَلْ لَهُ صَدَقَةٌ؟ فَإِنْ كَانَتْ لَهُ صَدَقَةٌ تَمَّتْ لَهُ زَكَاتُهُ مِنَ الصَّدَقَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کے دین میں سے سب سے پہلے جو چیز اللہ تعالیٰ نے ان پر فرض فرمائی وہ نماز ہے اور جو آخرت تک باقی رہے گی وہ بھی نماز ہے سب سے پہلے اللہ تعالیٰ لوگوں سے جس کا حساب لے گا وہ بھی نماز ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میرے بندے کی نمازوں میں نظر کرو پس اگر وہ پوری ہیں تو پوری لکھو اور اگر پوری نہیں ہیں تو دیکھو کہ کیا اس کی نفل نمازیں ہیں اگر میرے بندے کے نوافل ہیں تو فرائض کو نوافل سے پورا کرو۔ اس کے بعد فرمائے گا: دیکھو! کیا میرے بندے کی زکوٰۃ مکمل ہے اگر تو زکوٰۃ مکمل ہے تو مکمل لکھو اور اگر ناقص ہے تو دیکھو! نفلی صدقات ہیں؟ پس اگر نفلی صدقات ہیں تو اس کی زکوٰۃ کو ان سے مکمل کر کے لکھو۔

4111 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ أَجْلِسَ مَعَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبح سے طلوعِ آفتاب تک ذکر کرنے والی قوم یا گروہ کے ساتھ میرا بیٹھنا میرے

4109- الحديث سبق برقم: **4083** فراجعه .

4110- الحديث في المقصد العلى برقم: **181** . والحديث سبق برقم: **3963** فراجعه .

4111- الحديث في المقصد العلى برقم: **1642** . والحديث سبق برقم: **4074** فراجعه .

قَوْمٍ يَذْكُرُونَ اللَّهَ مِنْ غُدْوَةٍ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ

نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے' ہر اس چیز سے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے۔

4112 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ زِيَادٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ أَجْلِسَ مَعَ قَوْمٍ يَذْكُرُونَ اللَّهَ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلَى أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ ثَمَانِيَةً مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عصر کی نماز سے لے کر غروبِ آفتاب تک اللہ کا ذکر کرنے والوں کے ساتھ بیٹھنا' مجھے بنو اسماعیل سے آٹھ غلام آزاد کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

4113 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ فِي حَوْضِ زَمْزَمَ وَالنَّاسُ مُجْتَمِعُونَ عَلَيْهِ مِنْ قُرَيْشٍ وَغَيْرِهِمْ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللَّهِ، فَإِذَا رَجَعَ وَحَطَّ عَنْ رَاحِلَتِهِ عَمَدَ إِلَى مَسْجِدِ الرَّسُولِ فَجَعَلَ يُصَلِّي فِيهِ فَيُطِيلُ الصَّلَاةَ، حَتَّى جَعَلَ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرَوْنَ أَنَّ لَهُ فَضْلًا عَلَيْهِمْ، فَمَرَّ يَوْمًا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِي أَصْحَابِهِ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ أَصْحَابِهِ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، هَذَا ذَاكَ الرَّجُلُ - فَإِمَّا أَرْسَلَ إِلَيْهِ نَبِيُّ اللَّهِ، وَإِمَّا جَاءَ مِنْ قِبَلِ نَفْسِهِ - فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلًا قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّ بَيْنَ

ہمیں یزید رقاشی نے زمزم کے حوض کے پاس اس حال میں حدیث سنائی کہ لوگ قریش اور غیر قریش وہاں جمع تھے' فرمایا: مجھے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث سنائی' اُنہوں نے فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک آدمی تھا جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں جنگ کرتا تھا' پس جب وہ واپس آیا اور اپنی سواری سے سامان اُتارا تو سیدھا مسجد نبوی شریف کی طرف گیا' وہاں اُس نے نماز پڑھنا شروع کر دیا' نماز کو خوب لمبا کیا حتیٰ کہ کچھ صحابہ کرام نے خیال کرنا شروع کیا کہ اسے ان پر فضیلت حاصل ہے۔ (وہ وقت گزر گیا) پس ایک دن وہ گزرا اس حال میں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھیوں میں بیٹھے تھے تو بعض صحابہ نے اس کے لیے عرض کی: اے اللہ کے نبی! یہ وہی آدمی ہے۔ (راوی کو شک ہے کہ) یا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف

4112- الحديث سبق برقم: **4111,4074** فراجعه .

4113- الحديث سبق برقم: **3656** فراجعه .

عَيْنَيْهِ سُفْعَةً مِنَ الشَّيْطَانِ ، فَلَمَّا وَقَفَ عَلَى الْمَجْلِسِ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَقُلْتَ فِي نَفْسِكَ حِينَ وَقَفْتَ عَلَى الْمَجْلِسِ: لَيْسَ فِي الْقَوْمِ خَيْرٌ مِنِّي؟ ، قَالَ: نَعَمْ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَأَتَى نَاحِيَةً مِنَ الْمَسْجِدِ، فَخَطَّ خَطًّا بِرِجْلِهِ، ثُمَّ صَفَّ كَعْبَيْهِ فَقَامَ يُصَلِّي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: أَيُّكُمْ يَقُومُ إِلَى هَذَا يَقْتُلُهُ؟ ، فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: أَقَتَلْتَ الرَّجُلَ؟ ، قَالَ: وَجَدْتُهُ يُصَلِّي فَهِبْتُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: أَيُّكُمْ يَقُومُ إِلَى هَذَا يَقْتُلُهُ؟ ، قَالَ عُمَرُ: أَنَا، وَأَخَذَ السَّيْفَ فَوَجَدَهُ قَائِمًا يُصَلِّي، فَرَجَعَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ لِعُمَرَ: أَقَتَلْتَ الرَّجُلَ؟ ، قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَجَدْتُهُ يُصَلِّي فَهِبْتُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّكُمْ يَقُومُ إِلَى هَذَا يَقْتُلُهُ؟ ، قَالَ عَلِيٌّ: أَنَا، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: أَنْتَ لَهُ إِنْ أَدْرَكْتَهُ ، فَذَهَبَ عَلِيٌّ فَلَمْ يَجِدْهُ، فَرَجَعَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: أَقَتَلْتَ الرَّجُلَ؟ ، قَالَ: لَمْ أَدْرِ أَيْنَ سَلَكَ مِنَ الْأَرْضِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا أَوَّلُ قَرْنٍ خَرَجَ مِنْ أُمَّتِي ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ قَتَلْتَهُ - أَوْ قَتَلَهُ - مَا اخْتَلَفَ فِي أُمَّتِي اثْنَانِ، إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ تَفَرَّقُوا عَلَى وَاحِدٍ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، وَإِنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ - يَعْنِي أُمَّتَهُ - سَتَفْتَرِقُ عَلَى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، كُلُّهَا فِي النَّارِ إِلَّا فِرْقَةً وَاحِدَةً ، فَقُلْنَا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَنْ تِلْكَ الْفِرْقَةُ؟ قَالَ: الْجَمَاعَةُ ، قَالَ يَزِيدُ

پیغام بھیجا یا وہ بذاتِ خود آیا۔ پس جب رسول کریم ﷺ نے اس کی طرف مکمل توجہ کے ساتھ دیکھا تو فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! بے شک اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان شیطان کی طرف سے ایک سیاہ داغ ہے' پس جب وہ مجلس کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا تو رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: جب مجلس کے پاس آ کر کھڑا ہوا تو کیا تُو نے اپنے دل میں بات کہی ہے کہ اس گروہ میں مجھ سے بہتر کوئی نہیں؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! پھر وہ مجلس سے ہٹ کر مسجد کے ایک کونے میں چلا گیا' اس نے اپنے پاؤں سے ایک لکیر کھینچی پھر اپنے ٹخنوں کو سیدھا کیا اور اُٹھ کر نماز پڑھنے لگا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کون ہے جو اس آدمی کو قتل کرے؟ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے تو رسول کریم ﷺ نے ان سے سوال کیا: کیا تم نے اس آدمی کو قتل کیا؟ آپ نے عرض کی: میں نے اسے نماز پڑھتے ہوئے پایا' اس کی اس حالت نے مجھے اس کے قتل سے ڈرا دیا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کون ہے جو اسے جا کر قتل کر دے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے تلوار کے دستے پر ہاتھ رکھا تو اس آدمی کو نماز پڑھتے ہوئے پایا' پس واپس لوٹ آئے' اللہ کے نبی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تُو نے اس آدمی کو قتل کیا: عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں نے اسے دیکھا تو وہ نماز پڑھ رہا تھا' حضور! میں تو ڈر گیا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں

الرَّقَاشِيُّ: فَقُلْتُ لِأَنَسٍ: يَا أَبَا حَمْزَةَ، وَأَيْنَ الْجَمَاعَةُ؟ قَالَ: مَعَ أُمَرَائِكُمْ، مَعَ أُمَرَائِكُمْ

سے کون ہے جو اُٹھ کھڑا ہو اور اس آدمی کو قتل کرے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں (قتل کروں گا)! رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! اگر تو نے اسے پالیا تو ضرور قتل کرے گا۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ چلے لیکن آپ نے اس کو نہیں پایا' سو آپ لوٹ آئے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے اس آدمی کو قتل کر دیا ہے؟ آپ نے عرض کی: میں اندازہ نہیں کر سکا کہ وہ زمین کے کس کونے میں چلا گیا ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک یہ پہلا سینگ ہے جو میری اُمت سے نکلے گا (شیطانی)۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم اسے قتل کر دیتے یا وہ قتل ہو جاتا تو میری اُمت میں دو آدمی بھی آپس میں اختلاف نہ کرتے' بے شک بنواسرائیل کے اکہتر فرقے ہوئے' میری اُمت کے بہتر فرقے ہوں گے' ایک گروہ کے علاوہ سب جہنم میں جائیں گے۔ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! وہ گروہ کون سا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ بڑی جماعت ہے۔ حضرت یزید رقاشی نے کہا: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: اے ابوحمزہ! جماعت کہاں ہے؟ اُنہوں نے فرمایا: تمہارے اماموں کے ساتھ' تمہارے اماموں کے ساتھ۔

4114 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام) نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر ہم میں سے کوئی اپنے دل میں کوئی بات پاتا ہے تو اس کو اپنی زبان پر

4114- الحديث في المقصد العلي برقم: **27** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **33** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح' الا يزيد بن أبان الرقاشي .

أَحَدَنَا يُحَدِّثُ نَفْسَهُ بِالشَّيْءِ الَّذِي لَأَنْ يَخِرَّ مِنَ السَّمَاءِ فَيَنْقَطِعَ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ بِهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تِلْكَ مَحْضُ الْإِيمَانِ

لانے سے بہتر سمجھتا ہے کہ وہ آسمان سے گر کر ختم ہو جائے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ ایمان ہی ہے۔

4115 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ الْحُلْوَانِيُّ، حَدَّثَنَا دُرُسْتُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كُنْتُ أَمْشِي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي: يَا بُنَيَّ، ادْعُ لِي مِنْ هَذِهِ الدَّارِ بِوَضُوءٍ، فَقُلْتُ: رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْلُبُ وَضُوءًا؟ فَقَالَ: أَخْبِرْهُ أَنَّ دَلْوَنَا جِلْدُ مَيْتَةٍ، فَقَالَ: سَلْهُمْ، هَلْ دَبَغُوهُ؟، قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّ دِبَاغَهُ طُهُورُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا۔ آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے میرے بیٹے! اس گھر والوں سے میرے لیے وضو کا پانی مانگو۔ میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ پانی مانگ رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا ہمارے پاس مردار کے چمڑے کا ڈول ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ان سے پوچھو کہ کیا تم نے اس کو دباغت دی ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی دباغت اس کو پاک کرتی ہے۔

4116 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ فَيُفْتَحُ بَابٌ مِنْ ذَهَبٍ وَحَلَقُهُ مِنْ فِضَّةٍ، فَيَسْتَقْبِلُنِي النُّورُ الْأَكْبَرُ، فَأَخِرُّ سَاجِدًا، فَأُلْقِي مِنَ الثَّنَاءِ عَلَى اللَّهِ مَا لَمْ يُلْقِ أَحَدٌ قَبْلِي، فَيُقَالُ لِي: ارْفَعْ رَأْسَكَ، سَلْ تُعْطَهْ، وَقُلْ يُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَقُولُ: أُمَّتِي، فَيُقَالُ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے جنت کا دروازہ کھٹکھٹایا، ایسا دروازہ کھولا گیا جو سونے کا تھا، اس کا حلقہ چاندی کا تھا، میرے سامنے بہت بڑا نور آیا، میں سجدہ میں گر پڑا، میں نے اللہ کی ایسی تعریف کی کہ ایسی تعریف کسی نے نہیں کی۔ مجھے کہا: اپنا سر اٹھائیں، مانگیں، دیا جائے گا۔ فرمائیں: سنا جائے گا۔ شفاعت کریں، شفاعت قبول کی جائے گی۔ میں نے عرض کی: اے میرے رب! میری

4115- الحديث في المقصد العلي برقم: 111 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 217 وقال: رواه أبو يعلى وفيه درست بن زياد' عن يزيد الرقاشي وكلاهما مختلف في الاحتجاج به .

4116- الحديث في المقصد العلي برقم: 1914 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 373 وقال: قلت لأنس أحاديث في الصحيح غير هذا' رواه أبو يعلى وفيه يزيد الرقاشي وهو ضعيف .

لَكَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ شَعِيرَةٍ مِنْ إِيمَانٍ، قَالَ: ثُمَّ أَسْجُدُ الثَّانِيَةَ، ثُمَّ أُلْقِي مِثْلَ ذَلِكَ، وَيُقَالُ لِي: مِثْلُ ذَلِكَ، وَأَقُولُ: أُمَّتِي، فَيُقَالُ لِي: لَكَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ خَرْدَلَةٍ مِنْ إِيمَانٍ، ثُمَّ أَسْجُدُ الثَّالِثَةَ، فَيُقَالُ لِي: مِثْلُ ذَلِكَ، ثُمَّ أَرْفَعُ رَأْسِي فَأَقُولُ: أُمَّتِي، فَيُقَالُ لِي: لَكَ مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ مُخْلِصًا

امت۔ پس کہا جائے گا: جس کے دل میں رائی کے دانے برابر ایمان ہو وہ آپ ﷺ کا ہے۔ پھر میں سجدہ کروں گا، دوبارہ، پھر اس کی مثل دیا جائے گا۔ میں کہوں گا: میری امت۔ مجھے کہا جائے گا: جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر ایمان ہے وہ آپ ﷺ کا ہے۔ پھر میں تیسری مرتبہ سجدہ کروں گا، مجھے کہا جائے گا: اس کی مثل، پھر میں اپنا سر اٹھاؤں گا، میں عرض کروں گا: میری امت؟ مجھے کہا جائے گا: آپ ﷺ کا ہے جس نے لا الہ الا اللہ دل سے پڑھ لیا۔

4117 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، حَدَّثَنَا عَثَّامٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلرُّؤْيَا بَاطِنًا، فَكَنُّوهَا بِكُنَاهَا، وَسَمُّوهَا بِأَسْمَائِهَا، وَالرُّؤْيَا لِأَوَّلِ عَابِرٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خوابوں کے لیے باطن بھی ہوتا ہے' ان کو صیغۂ راز میں رکھو اور ان کا نام رکھ لو اور خواب کی تعبیر وہی ہوتی ہے جو پہلا معبر بتائے۔

4118 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْجَوْهَرِيُّ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَعَثَ اللَّهُ ثَمَانِيَةَ آلَافِ نَبِيٍّ: أَرْبَعَةَ آلَافٍ إِلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ، وَأَرْبَعَةَ آلَافٍ إِلَى سَائِرِ النَّاسِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے آٹھ ہزار نبی مبعوث فرمائے ہیں۔ چار ہزار بنی اسرائیل میں بھیجے ہیں اور چار ہزار تمام مخلوق کی طرف۔

4117- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3915** من طريق محمد بن عبد الله بن نمير' حدثنا أبي' حدثنا الأعمش بهذا السند ـ

4118- الحديث في المقصد العلي برقم: **1236** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **210** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه موسى بن عبيدة الربذي وهو ضعيف جدًا ـ

4119 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ، أَخْبَرَنِي يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ إِلَّا وَلَهُ فِي السَّمَاءِ بَابَانِ: بَابٌ يَدْخُلُ عَمَلُهُ، وَبَابٌ يَخْرُجُ فِيهِ عَمَلُهُ وَكَلَامُهُ، فَإِذَا مَاتَ فَقَدَاهُ وَبَكَيَا عَلَيْهِ، وَتَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: (فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ) (الدخان: 29)، فَذَكَرَ أَنَّهُمْ لَمْ يَكُونُوا يَعْمَلُونَ عَلَى الْأَرْضِ عَمَلًا صَالِحًا تَبْكِي عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يَصْعَدْ لَهُمْ إِلَى السَّمَاءِ مِنْ كَلَامِهِمْ وَلَا عَمَلِهِمْ كَلَامٌ طَيِّبٌ، وَلَا عَمَلٌ صَالِحٌ فَتَفْقِدُهُمْ، فَتَبْكِي عَلَيْهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی بندہ ایسا نہیں ہے، اس کے لیے آسمان میں دو دروازے ہوتے ہیں۔ ایک دروازے کے ذریعے اس کے عمل داخل ہوتے ہیں۔ ایک دروازے کے ذریعے اس کا عمل اور کلام نکلتا ہے جب وہ مر جائے تو وہ دونوں اس کو نہیں پاتے' دونوں اس پر روتے ہیں' آپ نے یہ آیت پڑھی: ''تو ان (کی ہلاکت وتباہی) پر آسمان وزمین نہ روئے'' یہ ذکر کیا گیا کہ زمین کے جس حصہ پر وہ ذکر کرتا تھا' وہ روتے ہیں کیونکہ آسمان کی طرف اس کا کلام اور اس کا عمل' اچھی بات اور نیک عمل نہیں جاتے' وہ اُن کو نہیں پاتا ہے' وہ اس پر روتے ہیں۔

4120 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، ابْكُوا، فَإِنْ لَمْ تَبْكُوا فَتَبَاكَوْا، فَإِنَّ أَهْلَ النَّارِ يَبْكُونَ فِي النَّارِ حَتَّى تَسِيلَ دُمُوعُهُمْ فِي وُجُوهِهِمْ كَأَنَّهَا جَدَاوِلُ، حَتَّى تَنْقَطِعَ الدُّمُوعُ، فَتَسِيلَ - يَعْنِي الدِّمَاءَ - فَتَقْرَحَ الْعُيُونَ، فَلَوْ أَنَّ سُفُنًا أُرْخِيَتْ فِيهَا لَجَرَتْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! رویا کرو اگر رونا نہ آئے تو رونے کی شکل بناؤ، بے شک اہل نار جہنم میں روئیں گے۔ یہاں تک کہ ان کے آنسو ان کے چہروں پر ہوں گے گویا کہ نشانات ہیں یہاں تک کہ آنسو ختم ہو جائیں گے ان سے خون کے آنسو جاری ہو جائیں گے یہاں تک کہ چشمے جاری ہوں گے' اگر اس میں کشتیاں چلائی تو کشتیاں چلنی شروع ہو جائیں۔

4119- الحديث في المقصد العلي برقم: **1196** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **105** وقال: روى الترمذي بعضه . رواه أبو يعلى وفيه: موسى بن عبيدة الربذي وهو ضعيف .

4120- الحديث في المقصد العلي برقم: **1834** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **391** وقال: روى ابن ماجة بعضه . رواه أبو يعلى' وأضعف من فيه يزيد الرقاشي وقد وثق على ضعفه .

4121 - حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا شِهَابُ بْنُ خِرَاشٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَخَافُ عَلَى أُمَّتِي بَعْدِي خَمْسًا: تَكْذِيبٌ بِالْقَدَرِ، وَتَصْدِيقٌ بِالنُّجُومِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اپنی امت پہ پانچ چیزوں کا خوف کرتا ہوں (۱) تقدیر کو جھٹلانا، (۲) ستاروں کی تصدیق کرنا۔

4122 - حَدَّثَنَا أَبُو إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا يَسْتَطِيعُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقْرَأَ فِي اللَّيْلَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ فَإِنَّهَا تَعْدِلُ الْقُرْآنَ كُلَّهُ قَالَ: وَقَالَ: لَا بُدَّ لِلنَّاسِ مِنْ عَرِيفٍ، وَالْعَرِيفُ فِي النَّارِ قَالَ: وَيُؤْتَى بِالشُّرْطِيِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ لَهُ: ضَعْ سَوْطَكَ وَادْخُلِ النَّارَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں کوئی طاقت رکھتا ہے کہ ایک رات میں قل ہو اللہ احد پڑھے۔ کیونکہ اس کا ثواب تہائی قرآن کے برابر ہے۔ اور فرمایا: لوگوں کے لیے ضروری ہے اور سردار جہنم میں ہوگا' اور پولیس والے کو قیامت کے دن لایا جائے گا' اس کو کہا جائے گا: اپنی چھڑی رکھ اور جہنم میں داخل ہو جاؤ۔

4123 - كَتَبَ إِلَيَّ مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ بِخَطِّهِ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُثَنَّى، قَالَ أَبُو يَعْلَى - يَعْنِي جَدِّي - حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ، فَيُفْتَحُ لِي بَابٌ مِنْ ذَهَبٍ وَحِلَقَةٌ مِنْ فِضَّةٍ، فَيَسْتَقْبِلُنِي النُّورُ الْأَكْبَرُ، فَأَخِرُّ سَاجِدًا، فَأُلْقِي مِنَ الثَّنَاءِ عَلَى اللّٰهِ مَا لَمْ يُلْقِ أَحَدٌ قَبْلِي،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا' پس میرے لیے ایک دروازہ کھولا جائے گا' جو سونے کا بنا ہوا ہوگا اور اس کے حلقے چاندی کے ہوں گے' پس نورِ اکبر میرا استقبال کرے گا' میں سجدہ کرتے ہوئے گر جاؤں گا' اللہ کی ثناء مجھے القاء کی جائے گی' جیسی مجھ سے پہلے کسی پر القاء نہیں ہوئی' پس مجھے کہا جائے گا: اپنا

4121- الحديث في المقصد العلي برقم: **1157** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **203** وقال: رواه أبو يعلى مقتصرًا على اثنتين من الخمس' وفيه: يزيد الرقاشي وهو ضعيف ووثقه ابن عدى .

4122- الحديث في المقصد العلي برقم: **1854** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **234** وقال: رواه أبو يعلى وفيه: عيسى بن ميمون وهو متروك .

4123- الحديث سبق برقم: **4116** فراجعه .

فَيُقَالُ لِي: ارْفَعْ رَأْسَكَ، وَسَلْ تُعْطَ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، قُلْ يُسْمَعْ مِنْكَ، فَأَقُولُ: أُمَّتِي، فَيُقَالُ: لَكَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ شَعِيرَةٍ مِنْ إِيمَانٍ، قَالَ: ثُمَّ أَسْجُدُ الثَّانِيَةَ، فَأُلْقِي مِثْلَ ذَلِكَ، فَأَقُولُ: أُمَّتِي، فَيُقَالُ لِي: لَكَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيمَانٍ، ثُمَّ أَسْجُدُ الثَّالِثَةَ، فَأُلْقِي مِثْلَ ذَلِكَ، فَيُقَالُ لِي مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ أَرْفَعُ رَأْسِي فَأَقُولُ: أُمَّتِي، فَيُقَالُ: لَكَ مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ مُخْلِصًا

سر اُٹھاؤ! مانگو عطا کیا جائے گا' شفاعت کرو قبول کی جائے گی' بولیے آپ کی بات سنی جائے گی' پس میں بولوں گا: میری اُمت! کہا جائے گا: آپ کے حوالے ہر وہ جو اپنے دل میں جَو کے دانے برابر ایمان رکھتا ہے' فرمایا: پھر دوسری بار میں سجدے میں جاؤں گا' پس پہلے کی مثل مجھے ثناء القاء کی جائے گی' پس میں کہوں گا: میری اُمت (کو عذاب سے بچا)! پس مجھ سے کہا جائے گا: جس کے دل میں رائی کے دانے برابر ایمان ہے وہ بھی تیرے حوالے۔ پھر میں تیسری بار سجدہ کروں گا' پس اسی کی مثل ثناء مجھے القاء ہوگی۔ پس میں عرض کروں گا: میری اُمت (میرے حوالے کی جائے)! پس فرمایا جائے گا: جس نے بھی خلوصِ نیت سے کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ پڑھا' وہ تیرے حوالے ہے۔

4124 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَلَّامٌ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَّسَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَأَذَّنَ بِلَالٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهِ، وَشَهِدَ مِثْلَ شَهَادَتِهِ فَلَهُ الْجَنَّةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سفر کی حالت میں رات کو ٹھہرے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اس کی مثل یہ کلمات پڑھے اور اس کی مثل گواہی دی وہ جنت میں داخل ہوگا (یعنی جو کلمات اذان دینے والے نے کہے ہیں وہی کلمات سننے والا پڑھے)۔

4125 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ السَّدُوسِيُّ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب دو مسلمان آپس میں ملاقات

4124- الحديث في المقصد العلي برقم: 215 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 332 وقال: رواه أبو يعلى وفيه يزيد الرقاشي' ضعفه شعبة وغيره' ووثقه ابن عدي' وابن معيل في رواية .

4125- الحديث في المقصد العلي برقم: 1091 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 36: رواه أحمد والبزار وأبو يعلى ورجال أحمد رجال الصحيح' غير ميمون بن عجلان' وثقه ابن حبان ولم يضعفه أحد .

حَدَّثَنَا مَيْمُونُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ سِيَاهٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ الْتَقَيَا فَأَخَذَ أَحَدُهُمَا بِيَدِ صَاحِبِهِ إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ أَنْ يُجِيبَ دُعَاءَهُمَا وَلَا يَرُدَّ أَيْدِيَهُمَا حَتَّى يَغْفِرَ لَهُمَا

کرتے ہیں ان میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑتا ہے تو اللہ پر حق ہے کہ ان دونوں کی دعائیں قبول کرے۔ ان دونوں کے ہاتھوں کو واپس نہ کرے یہاں تک کہ اُن کو بخش دے۔

4126 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مَيْمُونُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ سِيَاهٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ أَتَى أَخًا لَهُ يَزُورُهُ فِي اللَّهِ إِلَّا نَادَاهُ مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ: أَنْ طِبْتَ، وَطَابَتْ لَكَ الْجَنَّةُ، وَإِلَّا قَالَ اللَّهُ فِي مَلَكُوتِ عَرْشِهِ: زَارَ فِيَّ وَعَلَيَّ قِرَاهُ، فَلَمْ أَرْضَ لَهُ بِقِرًى دُونَ الْجَنَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان بندہ اپنے بھائی کی زیارت کے لیے آتا ہے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے تو آسمان سے آواز آتی ہے کہ خوشخبری اور تیرے لیے جنت سے ورنہ اللہ عزوجل فرماتا ہے عرش اُٹھانے والوں سے: میرے بندے نے میری رضا کے لیے زیارت کی میں اس کے لیے جنت کے سوا اور مہمان نوازی نہیں کروں گا۔

4127 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مَيْمُونُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ سِيَاهٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ قَوْمٍ اجْتَمَعُوا يَذْكُرُونَ اللَّهَ، لَا يُرِيدُونَ بِذَلِكَ إِلَّا وَجْهَهُ، إِلَّا نَادَاهُمْ مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ: أَنْ قُومُوا مَغْفُورًا لَكُمْ، قَدْ بُدِّلَتْ سَيِّئَاتُكُمْ حَسَنَاتٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگ جمع ہوتے ہیں، اللہ کا ذکر کرتے ہیں، اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے تو آسمان سے آواز آتی ہے کھڑے ہونے سے پہلے تمہارے لیے بخشش ہے، تمہاری برائیاں نیکیوں سے بدل دی گئی ہیں۔

4126- الحديث في المقصد العلي برقم: **1019** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **173** وقال: رواه البزار، وأبو يعلى، ورجال أبي يعلى رجال الصحيح غير ميمون بن عجلان وهو ثقة .

4127- الحديث في المقصد العلي برقم: **1626** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **76** وقال: رواه أحمد، أبو يعلى، والبزار، والطبراني في الأوسط، وفيه: ميمون المرئي وثقه جماعة، وفيه ضعف، وبقية رجال أحمد رجال الصحيح .

سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ مُسْلِمَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، قَالَ: مَيْمُونُ بْنُ سِيَاهٍ سَيِّدُ الْقُرَّاءِ

امام ابویعلیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے ابراہیم بن محمد بن عرعرہ سے سنا' انہوں نے فرمایا: میں نے مسلم بن ابراہیم سے سنا' ہم کو بیان کیا سلام بن مسکین نے فرمایا: میمون بن سیاہ قراء کے سردار ہیں۔

هُودٌ الْعَصَرِيُّ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت ھود العصری کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ روایات

4128 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ أَبُو جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، أَخْبَرَنِي هُودُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يُعْجِبُنَا تَعَبُّدُهُ وَاجْتِهَادُهُ، قَدْ عَرَّفْنَاهُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاسْمِهِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ، وَوَصَفْنَاهُ بِصِفَتِهِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ، فَبَيْنَمَا نَحْنُ نَذْكُرُهُ إِذْ طَلَعَ الرَّجُلُ، قُلْنَا: هُوَ هَذَا، قَالَ: إِنَّكُمْ لَتُخْبِرُونَ عَنْ رَجُلٍ، إِنَّ عَلَى وَجْهِهِ سُفْعَةً مِنَ الشَّيْطَانِ، فَأَقْبَلَ حَتَّى وَقَفَ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يُسَلِّمْ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْشُدُكَ بِاللَّهِ، هَلْ قُلْتَ حِينَ وَقَفْتَ عَلَى الْمَجْلِسِ: مَا فِي الْقَوْمِ أَحَدٌ أَفْضَلُ، أَوْ خَيْرٌ مِنِّي؟ ، قَالَ: اللَّهُمَّ نَعَمْ، ثُمَّ دَخَلَ يُصَلِّي، فَقَالَ رَسُولُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک آدمی تھا جس کی عبادت اور کوشش ہمیں تعجب میں ڈالتی تھی' ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس کا نام لیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اسے نہیں پہچانتا' پھر ہم نے اس کی چند صفات کا تذکرہ کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نہیں جانتا ہوں (کہ وہ کون ہے)۔ اسی دوران کہ ہم اس کا ذکر کر رہے تھے' وہ آدمی سامنے آیا' ہم نے عرض کی: وہ یہ آدمی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جس آدمی کے ظاہر کو دیکھ کر اتنی تعریفیں کر رہے ہو اس کے چہرے پر تو کالا سیاہ شیطانی داغ ہے' پس سامنے ہوا حتیٰ کہ تھوڑی دیر ان کے پاس ٹھہرا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: میں تجھے قسم دے کر پوچھتا ہوں' سچ بتانا! جب تو مجلس کے پاس آ کر کھڑا ہوا تو کیا تو نے دل میں یہی کہا ہے کہ اس گروہ

4128- الحديث سبق برقم: 4113,3656 فراجعه .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَقْتُلُ الرَّجُلَ؟ ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَنَا، فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَوَجَدَهُ يُصَلِّي، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، أَقْتُلُ رَجُلًا يُصَلِّي، وَقَدْ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّينَ، فَخَرَجَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فَعَلْتَ؟ ، قَالَ: كَرِهْتُ أَنْ أَقْتُلَهُ وَهُوَ يُصَلِّي، وَقَدْ نَهَيْتَ عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّينَ، قَالَ: مَنْ يَقْتُلُ الرَّجُلَ؟ ، قَالَ عُمَرُ: أَنَا، فَدَخَلَ فَوَجَدَهُ وَاضِعًا وَجْهَهُ، قَالَ عُمَرُ: أَبُو بَكْرٍ أَفْضَلُ مِنِّي، فَخَرَجَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْ؟ ، قَالَ: وَجَدْتُهُ وَاضِعًا وَجْهَهُ لِلّٰهِ فَكَرِهْتُ أَنْ أَقْتُلَهُ، قَالَ: مَنْ يَقْتُلُ الرَّجُلَ؟ ، فَقَالَ عَلِيٌّ: أَنَا، قَالَ: أَنْتَ إِنْ أَدْرَكْتَهُ ، قَالَ: فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَوَجَدَهُ قَدْ خَرَجَ، فَرَجَعَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: مَهْ؟ ، قَالَ: وَجَدْتُهُ قَدْ خَرَجَ، فَقَالَ: لَوْ قُتِلَ مَا اخْتَلَفَ مِنْ أُمَّتِي رَجُلَانِ، كَانَ أَوَّلَهُمْ وَآخِرَهُمْ ، قَالَ مُوسَى: فَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ فَقَالَ: هُوَ الَّذِي قَتَلَهُ عَلِيٌّ، ذُو الثُّدَيَّةِ

میں مجھ سے افضل یا مجھ سے بہتر کوئی نہیں ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! پھر وہ مجلس سے ہٹ کر مسجد کے ایک کونے میں چلا گیا' اس نے اپنے پاؤں سے لکیر کھینچی' پھر اپنے ٹخنوں کو سیدھا کیا اور اُٹھ کر نماز پڑھنے لگا' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کون ہے جو اس آدمی کو قتل کرے؟ حضرت ابوبکر صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے' آپ نے اسے نماز پڑھتے ہوئے پایا' کہا: سبحان اللہ! میں نمازی کو قتل کروں جبکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازیوں کو قتل کرنے سے منع کیا ہے۔ نکل آئے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے سوال کیا کہ آپ نے اس آدمی کو قتل کیا؟ اُنہوں نے عرض کی: میں نے اسے نماز پڑھتے ہوئے پایا' اس کی اس حالت نے مجھے اس کے قتل سے ڈرا دیا' رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کون ہے جو اسے قتل کر دے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں! اور تلوار کے دستے پر ہاتھ رکھا تو اس آدمی کو نماز پڑھتے ہوئے پایا' واپس لوٹ آئے' اللہ کے نبی نے حضرت عمر صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا: کیا تُو نے اس آدمی کو قتل کیا؟ عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں نے اسے دیکھا تو وہ نماز پڑھ رہا تھا' حضور! میں تو ڈر گیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کون ہے جو اُٹھ کھڑا ہو اور اس آدمی کو قتل کرے؟ حضرت علی صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی: میں (قتل کروں گا)! رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! اگر تُو نے اسے پالیا تو ضرور قتل کرے گا۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ چلے لیکن آپ نے اس کو نہیں پایا' سو آپ لوٹ آئے۔ رسول

کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے اس آدمی کو قتل کر دیا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: میں نے اسے نہیں پایا وہ نکل گیا تھا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اگر وہ قتل ہو جاتا تو میری اُمت کے دو آدمی بھی اختلاف کا شکار نہ ہوتے' یہ ان کا پہلا اور اُن کا آخری ہے۔ راویٔ حدیث موسیٰ نے کہا: پس میں نے محمد بن کعب سے سنا' پس اُنہوں نے کہا: یہ وہی آدمی ہے جس کو (خارجیوں سے جنگ کے دوران) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا تھا۔

4129 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ هُودِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّينَ

حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا نمازیوں کو مارنے سے۔

سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت سعد بن سعید کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4130 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: بَعَثَنِي أَبُو طَلْحَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَدْعُوَهُ، وَقَدْ جَعَلَ لَهُ طَعَامًا، قَالَ: فَأَقْبَلْتُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ النَّاسِ، قَالَ فَنَظَرَ إِلَيَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھے حضور ﷺ کی طرف بھیجا دعوت کے لیے' کیونکہ آپ کے لیے کھانا تیار کیا گیا تھا' میں اس حالت میں آیا کہ حضور ﷺ صحابہ کرام کے ساتھ تھے' آپ نے میری طرف نظر رحمت فرمائی' میں نے حیاء کی' میں نے عرض کی: ابوطلحہ کی دعوت قبول کریں! آپ نے

4129- الحديث سبق برقم: 83 في مسند أبي بكر .

4130- الحديث سبق برقم: 2822 فراجعه .

فَاسْتَحْيَيْتُ، فَقُلْتُ: أَجِبْ أَبَا طَلْحَةَ، فَقَالَ لِلنَّاسِ: قُومُوا، فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّمَا صَنَعْتُ شَيْئًا لَكَ، قَالَ: فَمَسَحَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَعَا فِيهَا بِالْبَرَكَةِ، فَقَالَ: أَدْخِلْ نَفَرًا مِنْ أَصْحَابِي عَشَرَةً، قَالَ: كُلُوا، فَأَخْرَجَ شَيْئًا بَيْنَ أَصَابِعِهِ، فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، وَخَرَجُوا، وَقَالَ: أَدْخِلْ عَشَرَةً، فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، وَخَرَجُوا، فَمَا زَالَ يُدْخِلُ الرَّجُلُ عَشَرَةً وَيُخْرِجُ عَشَرَةً حَتَّى لَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَ فَأَكَلَ حَتَّى شَبِعَ، قَالَ: ثُمَّ هَيَّأَهَا فَإِذَا هِيَ مِثْلُهَا حِينَ أَكَلُوا مِنْهَا

اپنے صحابہ سے فرمایا: اُٹھو! حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کے لیے تھوڑی سی شی بنائی تھی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس کھانے پر پھیرا اور اس میں برکت کی دعا کی۔ آپ نے فرمایا: گروہ میں سے دس دس داخل ہوتے رہیں اور کھاؤ! آپ نے اپنی انگلیوں کے درمیان سے کوئی شی نکالی' انہوں نے کھایا اور سیر ہوئے اور نکلے' فرمایا: دس اور آ جائیں! وہ دس داخل ہوئے' اُنہوں نے بھی کھایا یہاں تک کہ سیر ہو گئے' دس دس افراد داخل ہوتے رہے اور نکلتے رہے یہاں تک کہ ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا کہ جس نے کھایا اور سیر نہ ہوا ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ کھانا اسی طرح تھا جس طرح پہلے موجود تھا' جس وقت اُنہوں نے اس سے کھایا۔

مُعَاذُ بْنُ قُرَّةَ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت معاذ بن قرہ کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4131 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْلَيَانِ: حَبَشِيٌّ وَنَبَطِيٌّ، فَاسْتَبَّا وَالنَّبِيُّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دو غلام تھے' ایک حبشی اور دوسرا نبطی تھا' دونوں گالیاں دے رہے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سن رہے تھے' ان میں سے ایک اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا: اے حبشی! اور دوسرا کہہ رہا

4131- الحديث في المقصد العلي برقم: 1080 . وأخرجه الطبراني في المعجم الصغير جلد 1 صفحه 207 من طريق منصور بن أبي مزاحم به .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: يَا حَبَشِيٌّ، فَقَالَ الْآخَرُ: يَا نَبَطِيٌّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُولُوا هَذَا؛ إِنَّمَا أَنْتُمَا رَجُلَانِ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تھا: اے نبطی! حضور ﷺ نے فرمایا: یہ نہ کہو! تم دونوں محمد ﷺ کے صحابہ ہو۔

4132 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُرَدُّ الدُّعَاءُ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اذان اور اقامت کے درمیانی وقفے میں کی جانے والی دعا رد نہیں ہوتی۔

4133 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: قُلْتُ لِمُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ: أَسَمِعْتَ أَنَسًا يَقُولُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ ؟، قَالَ: نَعَمْ

حضرت شعبہ فرماتے ہیں کہ میں نے معاویہ بن قرہ سے کہا: کیا آپ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قوم کی بہن کا بیٹا ان میں شامل ہوتا ہے؟ فرمایا: جی ہاں!

4134 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَا أَعْرِفُ شَيْئًا مِنْ أُمُورِ النَّاسِ غَيْرَ الْقِبْلَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں لوگوں کے دنیوی اُمور میں سے قبلہ کے علاوہ کوئی چیز نہیں پہچانتا ہوں۔

4135 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حیض والی پانچ،

4132- الحديث سبق برقم: **3668,3667** فراجعه .

4133- الحديث سبق برقم: **3596** فراجعه . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **119** قال: حدثنا وكيع . وفي جلد **3** صفحه **171** قال: حدثنا محمد بن جعفر .

4134- أورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **312** . وراجع الحديث رقم: **3317** بلفظ مختلف .

4135- الحديث في المقصد العلي برقم: **173** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **280** وقال: رواه

الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا جَلْدُ بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لِتَنْتَظِرِ الْحَائِضُ خَمْسًا، سَبْعًا، ثَمَانِيًا، تِسْعًا، عَشْرًا، فَإِذَا مَضَتِ الْعَشْرُ فَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

سات' آٹھ' نو اور دس دن انتظار کرے' جب دس دن گزر جائیں پھر اس کے بعد خون آئے تو وہ استحاضہ کا ہوگا۔

بَكْرٌ الْمُزَنِيُّ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت بکر مزنی کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4136 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، حَدَّثَنَا بَكْرٌ، وَثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ رَأَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَاوِيًا، فَجَاءَ إِلَى أُمِّ سُلَيْمٍ، فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَاوِيًا، فَهَلْ عِنْدَكِ شَيْءٌ؟ قَالَتْ: مَا عِنْدَنَا إِلَّا نَحْوٌ مِنْ مُدٍّ مِنْ دَقِيقِ شَعِيرٍ، قَالَ: فَاعْجِنِيهِ وَأَصْلِحِيهِ عَسَى أَنْ نَدْعُوَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَأْكُلَ عِنْدَنَا، قَالَ: فَعَجَنَتْهُ وَخَبَزَتْهُ فَجَاءَ قُرْصًا، قَالَ: فَقَالَ لِي: ادْعُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ نَاسٌ، قَالَ مُبَارَكٌ: أَحْسَبُهُ قَالَ: بِضْعَةً وَثَمَانِينَ، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَبُو طَلْحَةَ يَدْعُوكَ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حالتِ بھوک میں دیکھا' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ حضرت اُم سلیم کے پاس آئے' فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ بھوک کی حالت میں ہیں' کیا آپ کے پاس کوئی شی ہے؟ حضرت اُم سلیم نے کہا: میرے پاس نہیں ہے مگر ایک مُد جَو کا آٹا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو گوندھ کر اس کو پکاؤ' ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کرتے ہیں' آپ ہمارے پاس کھانا کھائیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلیم نے آٹا گوندھا اور روٹیاں پکائیں' اس کے بعد وہ گول روٹیاں لے کر آئے' مجھے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دعوت دیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس حالت میں کہ آپ کے پاس صحابہ کرام بھی تھے۔ ایک

أبو يعلى وفيه الجلد بن أيوب وهو ضعيف .

4136- أخرجه ابن كثير في شمائل الرسول (**200,199**) من طريق أبي يعلى هذه .

أَجِيبُوا أَبَا طَلْحَةَ ، فَجِئْتُ مُسْرِعًا حَتَّى أَخْبَرْتُهُ أَنَّهُ قَدْ جَاءَ أَصْحَابُهُ، قَالَ بَكْرٌ: فَقَفَدَنِي قَفْدَةً، فَقَالَ ثَابِتٌ: قَالَ أَبُو طَلْحَةَ: رَسُولُ اللَّهِ أَعْلَمُ بِمَا فِي بَيْتِي مِنِّي، وَقَالَا جَمِيعًا عَنْ أَنَسٍ: فَاسْتَقْبَلَهُ أَبُو طَلْحَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا عِنْدَنَا شَيْءٌ إِلَّا قُرْصٌ، رَأَيْتُكَ طَاوِيًا فَأَمَرْتُ أُمَّ سُلَيْمٍ فَجَعَلَتْ لَكَ قُرْصًا، قَالَ: دَعَا بِالْقُرْصِ، وَدَعَا بِالْجَفْنَةِ فَوَضَعَهُ فِيهَا، فَقَالَ: هَلْ مِنْ سَمْنٍ؟ ، قَالَ أَبُو طَلْحَةَ: قَدْ كَانَ فِي الْعُكَّةِ شَيْءٌ، قَالَ: فَجَاءَ بِهَا، قَالَ: فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو طَلْحَةَ يَعْصِرَانِهَا حَتَّى خَرَجَ شَيْءٌ، فَمَسَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّابَتَهُ، ثُمَّ مَسَحَ الْقُرْصَ: فَانْتَفَخَ، فَقَالَ: بِاسْمِ اللَّهِ ، فَانْتَفَخَ الْقُرْصُ فَلَمْ يَزَلْ يَصْنَعُ ذَلِكَ، وَالْقُرْصُ يَنْتَفِخُ حَتَّى رَأَيْتُ الْقُرْصَ فِي الْجَفْنَةِ يَتَسَيَّعُ، فَقَالَ: ادْعُ عَشَرَةً مِنْ أَصْحَابِي ، فَدَعَوْتُ لَهُ عَشَرَةً، قَالَ: فَوَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ وَسَطَ الْقُرْصِ، فَقَالَ: كُلُوا بِسْمِ اللَّهِ ، فَأَكَلُوا حَوَالَيِ الْقُرْصِ حَتَّى شَبِعُوا، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: ادْعُ لِي عَشَرَةً آخَرِينَ ، فَدَعَوْتُ لَهُ عَشَرَةً آخَرِينَ، فَقَالَ: كُلُوا بِسْمِ اللَّهِ ، فَأَكَلُوا مِنْ حَوَالَيِ الْقُرْصِ حَتَّى شَبِعُوا، فَلَمْ يَزَلْ يَدْعُو عَشَرَةً عَشَرَةً يَأْكُلُونَ مِنْ ذَلِكَ الْقُرْصِ حَتَّى شَبِعُوا، وَإِنَّ وَسَطَ الْقُرْصِ حَيْثُ وَضَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ كَمَا هُوَ

راویٔ حدیث حضرت مبارک فرماتے ہیں: میرا گمان ہے کہ نوّے کے قریب قریب تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ابوطلحہ آپ کو بلوا رہے ہیں' آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: ابوطلحہ کی دعوت قبول کرو! میں جلدی سے آیا' میں نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ آپ کے صحابہ بھی ساتھ آ رہے ہیں۔ دوسرے راوی حضرت بکر فرماتے ہیں: مجھے گدی پر تھپڑ مارا۔ حضرت ثابت فرماتے ہیں: ابوطلحہ نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے زیادہ جانتے ہیں! جو میرے گھر میں ہے۔ دونوں حضرات حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا استقبال کیا' عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس سوائے گول روٹیوں کے اور کچھ نہیں ہے! میں نے آپ کو حالتِ بھوک میں دیکھا تو میں نے اُم سلیم کو حکم دیا' اس نے آپ کے لیے گول روٹیاں بنائی ہیں' آپ گول روٹیاں اور برتن میں جو کچھ ہے اس کے لیے دعا کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا گھی بھی ہے؟ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کپی میں کوئی شی تھی' اُس کو لایا گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اس کو نچوڑنے لگے یہاں تک کہ نکل گیا جو شی اس میں تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سبابہ انگلی رکھی پھر گول روٹی سے لگایا تو وہ پھول گئی۔ آپ نے فرمایا: اللہ کے نام سے وہ گول روٹی پھول گئی' آپ مسلسل یہ کرتے رہے' روٹی پھول گئی ہنڈیا میں۔ آپ نے فرمایا: میرے پاس دس دس صحابہ کو بلاؤ!

میں آپ کے پاس دس دس صحابیوں کو بلاتا رہا' حضور ﷺ نے اپنا دست مبارک روٹی کے درمیان رکھا' آپ نے فرمایا: کھاؤ اللہ کا نام لے کر! روٹی کے آس پاس سے کھاتے رہے یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے۔ پھر آپ نے فرمایا: میرے پاس اور دس صحابہ کو بلاؤ' میں نے دس اور صحابہ کرام کو بلایا' آپ نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر کھاؤ' انہوں نے اسکے اردگرد سے کھایا یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے' آپ مسلسل دس دس کو بلاتے رہے' وہ آ کر کھاتے رہے' گول روٹی کے درمیان میں جہاں آپ ﷺ نے ہاتھ رکھا تھا وہ ایسے ہی تھا جس طرح پہلے تھا۔

4137 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ غَالِبٍ الْقَطَّانِ، عَنْ بَكْرٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شِدَّةِ الْحَرِّ، فَإِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ أَحَدُنَا أَنْ يُمَكِّنَ وَجْهَهُ مِنَ الْأَرْضِ بَسَطَ ثَوْبَهُ فَسَجَدَ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ سخت گرمی میں نماز پڑھتے تھے جب ہم اپنے چہرے زمین پر گرمی کی وجہ سے نہ رکھ سکتے تھے (ہم) کپڑا بچھا لیتے تھے اس پر سجدہ کرتے تھے۔

4138 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بُكَيْرٍ السُّلَمِيِّ، عَنْ غَالِبٍ الْقَطَّانِ، عَنْ بَكْرٍ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدْنَا عَلَى ثِيَابِنَا مَخَافَةَ الْحَرِّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھا کرتے تھے تو ہم گرمی کے خوف سے اپنے کپڑے پر سجدہ کر لیتے تھے۔

4137- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 100 . والدارمي رقم الحديث: 1343 قال: أخبرنا عفان . والبخارى جلد 1 صفحه 107 قال: حدثنا أبو الوليد .

4138- أخرجه أبو عوانة في المسند جلد صفحه 346 من طريق ابن أبي رجاء المصيصي' حدثنا وكيع به .

4139 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهَلَّ بِهِمَا جَمِيعًا ، قَالَ: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِابْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: أَهَلَّ بِالْحَجِّ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِأَنَسٍ، فَقَالَ: مَا تَعُدُّونَنَا إِلَّا صِبْيَانًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حج وعمرہ کا احرام اکٹھا تلبیہ پڑھا' میں نے یہ بات ابن عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے ذکر کی۔ انہوں نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف حج کا تلبیہ پڑھا تھا۔ راوی فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ بات ذکر کی۔ انہوں نے فرمایا: تم ہمیں بچوں سے ہی شمار کرتے ہو۔

4140 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَبَّيْكَ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حج اور عمرہ کا اکٹھا تلبیہ پڑھے۔

4141 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ غَالِبٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شِدَّةِ الْحَرِّ، فَيَأْخُذُ أَحَدُنَا الْحَصَى فِي يَدِهِ، فَإِذَا بَرَدَ وَضَعَهُ وَسَجَدَ عَلَيْهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سخت گرمی میں نماز پڑھتے تھے' ہم میں سے کوئی اپنے ہاتھ سے کنکریاں لیتا' اس کو ٹھنڈا کرتا اور اس کو رکھتا اور اس پر سجدہ کرتا۔

4142 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب شراب کی حرمت نازل ہوئی، میں کچھ صحابہ کے پاس گیا،

4139- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**41** رقم الحديث: **4996** قال: حدثنا يزيد . وفي جلد **2**صفحه**53** رقم الحديث: **5147** قال: حدثنا سهل ابن يوسف .

4140- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **1215** . وأحمد جلد **3**صفحه**111** قالا: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **3** صفحه**182** قال: حدثنا يحيىٰ بن سعيد .

4141- ألحديث سبق برقم: **4137** فراجعه .

4142- أخرجه البخاري جلد **7**صفحه**137** قال: حدثنا محمد بن أبي بكر المقدمي' قال: حدثنا يوسف أبو معشر البراء' قال سمعت سعيد بن عُبيد الله' قال: حدثني بكر بن عبد الله' فذكره .

الْجُبَيْرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ بَكْرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ الْمُزَنِيَّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ، فَدَخَلْتُ عَلَى نَاسٍ مِنْ أَصْحَابِي، وَهِيَ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ، فَضَرَبْتُهَا بِرِجْلِي، ثُمَّ قُلْتُ: انْطَلِقُوا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَدْ نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ، قَالَ: وَشَرَابُهُمْ يَوْمَئِذٍ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ

وہ میرے آگے تھے میں نے اپنے پاؤں سے مارا، پھر میں نے کہا: چلو رسول اللہ ﷺ کے پاس بے شک شراب کی حرمت نازل ہو چکی ہے۔ اس دن ان کے پاس مشروب کی چھوہارے اور کھجوروں کی شراب تھی۔

مَالِكُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت مالک بن دینار کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4143 - حَدَّثَنَا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ صُبَيْحٍ الشَّيْبَانِيُّ - قَالَ جُبَارَةُ: مَنْ أَعْبَدِ النَّاسِ - عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ ثُمَّ الْتَفَتَ فَهِيَ أَمَانَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب آدمی گفتگو کرے پھر متوجہ ہو، وہ امانت ہوتی ہے۔

4144 - حَدَّثَنَا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ، وَعَلِيٍّ، فَكَانُوا يَفْتَتِحُونَ الْقِرَاءَةَ بِـ (الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الفاتحة: 2) ، وَيَقْرَءُونَ (مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ، ابوبکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ عنہم کے پیچھے نمازیں پڑھیں، پس قرأت الحمد للہ رب العالمین سے ہی شروع کرتے تھے اور مالک یوم الدین بھی پڑھتے تھے۔

4143- الحديث في المقصد العلي برقم: **1099** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **98** وقال: رواه أبو يعلى عن شيخه جبارة بن مغلس، وهو ضعيف جدًا .

4144- الحديث سبق برقم: **3862** فراجعه .

4145 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنِ الْمُغِيرَةِ خَتَنِ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَيْتُ عَلَى سَمَاءِ الدُّنْيَا لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي، فَرَأَيْتُ فِيهَا رِجَالًا تُقْطَعُ أَلْسِنَتُهُمْ وَشِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيضَ مِنْ نَارٍ، فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، مَا هَؤُلَاءِ؟، قَالَ: هَؤُلَاءِ خُطَبَاءُ مِنْ أُمَّتِكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معراج کی رات میں آسمانِ دنیا پر آیا' میں نے اس میں کچھ آدمی دیکھے جن کی زبانیں اور ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے' میں نے پوچھا: اے جبریل! یہ کون لوگ ہیں؟ حضرت جبریل نے جواب دیا: یہ خطباء ہیں جن کا دعویٰ ہے کہ وہ آپ کی اُمت ہیں۔

4146 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنِي عَجْلَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، مِنْ بَنِي عَدِيٍّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا سَلَمَةَ الْوَفَاةُ قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: إِلَى مَنْ تَكِلُنِي؟ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّكَ لِأُمِّ سَلَمَةَ خَيْرٌ مِنْ أَبِي سَلَمَةَ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ خَطَبَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: إِنِّي كَبِيرَةُ السِّنِّ، قَالَ: أَنَا أَكْبَرُ مِنْكِ سِنًّا، وَالْعِيَالُ عَلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، وَأَمَّا الْغَيْرَةُ فَأَرْجُو اللّٰهَ أَنْ يُذْهِبَهَا، فَتَزَوَّجَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا بِرَحَاءَيْنِ، وَجَرَّةٍ لِلْمَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میری کفالت کون کرے گا؟ حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ! ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو ابو سلمہ رضی اللہ عنہ سے بہتر شوہر عطا فرما۔ جب ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نکاح کا پیغام بھیجا۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میں عمر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑی ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھ سے عمر میں بڑا ہوں۔ بچوں کا ذمہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔ بہرحال جہاں تک غیرت کا تعلق ہے تو میں اللہ سے امید کرتا ہوں کہ وہ اس کو لے جائے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے شادی فرمائی۔ ان کی طرف دو چکیاں بھیجیں اور پانی کا ایک گھڑا (مٹکا)۔

شُعَيْبُ بْنُ

حضرت شعیب بن حجاب کی

4145- الحديث سبق برقم: **3979** فراجعه .

4146- أورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **4150** .

الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4147 - حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، وَعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ صَدَاقَهَا عِتْقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کو آزاد کیا اور اُن کا آزاد کرنا اُن کا حق مہر ٹھہرایا۔

4148 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: تَزَوَّجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ، وَأَصْدَقَهَا عِتْقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کو آزاد کیا اور اُن کا آزاد کرنا اُن کا حق مہر ٹھہرایا۔

4149 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ الْحَبْحَابِ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کو آزاد کیا اور اُن کا آزاد کرنا اُن کا حق مہر ٹھہرایا۔

4150 - حَدَّثَنَا غَسَّانُ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِقِنَاعٍ عَلَيْهِ بُسْرٌ، فَقَالَ: (مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک طشت لایا گیا۔ جس پر خشک کھجوریں رکھی ہوئی تھیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے): اللہ نے پاکیزہ کلمے کی کیسی (اچھی)

4147- الحديث سبق برقم: 3913 فراجعه .

4148- الحديث سبق برقم: 4147,3913 فراجعه .

4149- الحديث سبق برقم: 4148,4147,3913 فراجعه .

4150- أخرجه الترمذي رقم الحديث: 3119 قال: حدثنا عبد بن حُميد' قال: حدثنا أبو الوليد والنسائي في الكبرىٰ (تحفة الأشراف) رقم الحديث: 916 عن اسحاق بن ابراهيم' عن النضر بن شُميل .

أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا) (إبراهيم:25) ، فَقَالَ: هِيَ النَّخْلَةُ، (وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ) (إبراهيم: 26) ، قَالَ: هِيَ الْحَنْظَلُ، قَالَ شُعَيْبٌ: فَأَخْبَرْتُ بِذَلِكَ أَبَا الْعَالِيَةِ فَقَالَ: كَذَلِكَ كُنَّا نَسْمَعُ

مثال بیان فرمائی (کہ کلمۂ توحید ایسے ہے) جیسے ایک پاکیزہ درخت جس کی جڑ (زمین میں) قائم ہے اور اس کی ٹہنیاں آسمان میں وہ اپنے رب کے حکم سے (ایمان والوں کو برکت وثواب کے) ہروقت پھل دیتا ہے' اس سے مراد کھجور ہے اور مثال بُرے کلمہ کی اس بُرے درخت کی طرح ہے جو زمین کے اوپر سے کاٹا ہو اور اس کے ٹھہرنے کی جگہ نہیں ہے' اس سے مراد حنظل ہے۔ حضرت شعیب فرماتے ہیں: میں نے یہ ابوالعالیہ کو بتایا تو حضرت ابوالعالیہ نے فرمایا: ہم اسی طرح سنا کرتے تھے۔

4151 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الطَّائِيُّ أَبُو مَالِكٍ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكْمَلُ النَّاسِ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَإِنَّ حُسْنَ الْخُلُقِ لَيَبْلُغُ دَرَجَةَ الصَّوْمِ وَالصَّلَاةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سے سب سے اچھا وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہوں، اچھے اخلاق کی وجہ سے آدمی روزہ اور نماز کے درجہ کو پالیتا ہے۔

4152 - حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ الْجِيزِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا اور ان کی آزادی کو اُن کا حق مہر قرار دیا۔

4151- الحديث في المقصد العلي برقم: **1063** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **22** وقال: رواه الطبراني في الأوسط' وفيه علي بن سعيد بن بشير' قال: الدارقطني: ليس بذاك' وبقية رجاله رجال الصحيح .

4152- الحديث سبق برقم: **4149,4148,4147,3913** فراجعه .

4153 - حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيرٍ الْغُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: أَعْتَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول گرامی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزادی کی نعمت سے سرفراز فرمایا اور ان کی نعمتِ آزادی کو ان کا حق مہر بنایا۔

4154 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عُمَيْرٍ الْأُسَيِّدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ كُتِبَ لَهُ قِيرَاطٌ، فَإِنِ انْتَظَرَ حَتَّى يُقْضَى قَضَاهَا كُتِبَ لَهُ قِيرَاطَانِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نمازِ جنازہ پڑھی اس کیلئے ایک قیراط صدقہ کرنے کا ثواب لکھا جائے گا' پس اگر اس نے انتظار کیا یہاں تک کہ اس کی قضاء پوری ہوگئی تو اس کیلئے دو قیراط لکھے جائیں گے۔

4155 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْأَشْعَثِ، حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، أَخْبَرَنِي شُعَيْبٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعْجِبُهُ الْقَرْعُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم قرع (ایک خوبصورت پودا) کو پسند کرتے تھے۔

4156 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ شُعَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم پر کثرت مسواک کو لازم قرار دیتا ہوں۔

4153- الحديث سبق برقم: **4152,4149,4148,4147,3913** فراجعه .

4154- الحديث في المقصد العلي برقم: **470** . والحديث سبق برقم: **4081** فراجعه .

4155- الحديث سبق برقم: **3894,2876** فراجعه .

4156- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**143** قال: حدثنا عبد الصمد . وفي جلد **3** صفحه**143** قال: حدثنا عفان . والدارمي رقم الحديث: **688** قال: أخبرنا محمد بن عيسى .

أَبُو التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَس

حضرت ابوالتیاح کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4157 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا، وَسَكِّنُوا وَلَا تُنَفِّرُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسانی کرو، تنگی نہ کرو، سکون پہنچاؤ‘ نفرت نہ پھیلاؤ۔

4158 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَرَكَةُ فِي نَوَاصِي الْخَيْلِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں برکت ہے۔

4159 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ قَبْلَ أَنْ تُبْنَى الْمَسَاجِدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بکریوں کے باندھنے کی جگہ مسجد بننے سے پہلے نماز پڑھتے تھے۔

4157- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 141 قال: حدثنا محمد بن جعفر‘ وحدثنا حجاج‘ وحدثنا هاشم . وفي جلد 3 صفحه 209 قال: حدثنا روح .

4158- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 114 قال: حدثنا يحيى بن سعيد‘ وفي جلد 3 صفحه 127 قال: حدثنا حجاج . وفي جلد 3 صفحه 171 قال: حدثنا محمد بن جعفر . والبخاري جلد 4 صفحه 34 قال: حدثنا مسدد‘ قال: حدثنا يحيى . وفي جلد 4 صفحه 252 قال: حدثنا قيس بن حفص‘ قال: حدثنا خالد بن الحارث .

4159- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 131 قال: حدثنا محمد بن جعفر‘ وحجاج . وجلد 3 صفحه 194 قال: حدثنا حجاج . والبخاري جلد 1 صفحه 68 قال: حدثنا آدم .

4160 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنَا كُرَيْدُ بْنُ رَوَاحَةَ الْعَيْشِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبُّ الْأَنْصَارِ آيَةُ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُنَافِقٍ، فَمَنْ أَحَبَّ الْأَنْصَارَ فَبِحُبِّي أَحَبَّهُمْ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِي أَبْغَضَهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصار کی محبت ہر مومن و منافق کی نشانی ہے جو انصار سے محبت کرے وہ میری محبت کی وجہ سے کرے، جو اُن سے بغض رکھے میری وجہ سے بغض رکھے۔

4161 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، حَدَّثَنِي أَبُو التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْمَعُوا وَأَطِيعُوا، وَإِنِ اسْتُعْمِلَ عَلَيْكُمْ حَبَشِيٌّ كَأَنَّ رَأْسَهُ زَبِيبَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنو اور اطاعت کرو اگرچہ تم پر حبشی غلام مقرر کیا جائے گویا کہ اس کا سر کشمش کی طرح ہو۔

4162 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَرَكَةُ فِي نَوَاصِي الْخَيْلِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برکت، گھوڑوں کی پیشانیوں میں ہے۔

4163 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ مَوْضِعُ مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مسجد نبوی شریف کی جگہ بنی نجار کی جگہ تھی، اس جگہ کھجوروں کا باغ اور کھیتی اور جاہلیت میں مرنے والوں کی قبریں تھیں،

4160- الحديث في المقصد العلي برقم: **1471** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **39** وقال: في الصحيح باختصار .

4161- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **114** . والبخارى جلد **1** صفحه **178** قال: حدثنا محمد بن بشار . وفي جلد **9** صفحه **78** قال: حدثنا مسدد . وابن ماجة رقم الحديث: **2860** قال: حدثنا محمد بن بشار، وأبو بشر بكر بن خلف .

4162- الحديث سبق برقم: **4158** فراجعه .

4163- الحديث سبق برقم: **4159** فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَنِي النَّجَّارِ، وَكَانَ فِيهِ نَخْلٌ وَحَرْثٌ وَقُبُورٌ مِنْ قُبُورِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَامِنُونِي، قَالُوا: لَا نَبْغِي بِهِ ثَمَنًا إِلَّا عِنْدَ اللّٰهِ، قَالَ: فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّخْلِ فَقُطِعَ، وَبِالْحَرْثِ فَأُفْسِدَ، وَبِالْقُبُورِ فَنُبِشَتْ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي قَبْلَ ذٰلِكَ فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ وَحَيْثُ أَدْرَكَتْهُ الصَّلَاةُ

حضور ﷺ نے بنی نجار کو فرمایا: مجھے قیمت پر دے دو! اُنہوں نے عرض کی: ہم قیمت پر نہیں دیتے ہیں' ہم اللہ کی رضا کے لیے جگہ دیتے ہیں' حضور ﷺ نے کھجوروں کا باغ کاٹنے کا حکم دیا اور کھیتی اُکھاڑنے کا حکم دیا اور قبروں کو ختم کرنے کا حکم دیا اور حضور ﷺ اس سے پہلے بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھتے تھے یا جہاں نماز کا وقت ہو جاتا تھا۔

4164 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَثْبُتَ الْجَهْلُ، وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَيَظْهَرَ الزِّنَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کی نشانیاں یہ ہیں: علم کا اُٹھنا' جہالت کا ہونا' شراب کا پینا' زنا کا عام ہونا۔

4165 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ الضُّبَعِيِّ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ نَزَلَ فِي عُلْوِ بِالْمَدِينَةِ، فِي حَيٍّ يُقَالُ لَهُ: ابْنُ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، فَأَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ أَرْبَعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَى مَلَإٍ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ فَجَاءُوا مُتَقَلِّدِينَ سُيُوفَهُمْ، قَالَ أَنَسٌ: فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَاحِلَتِهِ، وَأَبُو بَكْرٍ رِدْفُهُ، وَمَلَأٌ مِنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ مدینہ شریف آئے تو آپ مدینہ میں ایک اونچی جگہ والے محلّہ میں ٹھہرے' اس کو محلّہ ابن عمرو بن عوف کہا جاتا تھا' حضور ﷺ اُن میں چودہ راتیں ٹھہرے' پھر آپ نے قبیلہ بنی نجار کے گروہ کی طرف کسی کو بھیجا' وہ آئے اس حالت میں کہ اُنہوں نے تلواریں لٹکائی ہوئی تھیں' گویا اب بھی میں حضور ﷺ کو دیکھ رہا ہوں کہ آپ سواری پر سوار ہیں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے سوار ہیں' بنی نجار کا گروہ آپ کے اردگرد

4164- الحديث سبق برقم: **3167,2924** فراجعه .

4165- الحديث سبق برقم: **4163,4159** فراجعه .

بَنِي النَّجَّارِ حَوْلَهُ، حَتَّى أَلْقَى بِفِنَاءِ أَبِي أَيُّوبَ، فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي حَيْثُ أَدْرَكَتْهُ الصَّلَاةُ، وَيُصَلِّي فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ، ثُمَّ إِنَّهُ أَمَرَ بِبِنَاءِ الْمَسْجِدِ، فَأَرْسَلَ إِلَى مَلَأٍ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ فَجَاءُوا، فَقَالَ: يَا بَنِي النَّجَّارِ، ثَامِنُونِي بِحَائِطِكُمْ هَذَا، قَالُوا: لَا، وَاللَّهِ لَا نَطْلُبُ بِهِ ثَمَنًا إِلَّا إِلَى اللَّهِ، قَالَ أَنَسٌ: فَكَانَ فِيهِ مَا أَقُولُ لَكُمْ: كَانَتْ فِيهِ قُبُورُ الْمُشْرِكِينَ، وَكَانَتْ خَرِبًا، وَكَانَ فِيهِ نَخْلٌ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُبُورِ الْمُشْرِكِينَ فَنُبِشَتْ، وَبِالْخَرِبِ فَسُوِّيَتْ، وَبِالنَّخْلِ فَقُطِعَ، فَوَضَعُوا النَّخْلَ قِبْلَةَ الْمَسْجِدِ، وَجَعَلُوا عِضَادَتَيْهِ حِجَارَةً، قَالَ: فَجَعَلُوا يَنْقُلُونَ ذَلِكَ الصَّخْرَ وَهُمْ يَرْتَجِزُونَ، وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ، وَهُمْ يَقُولُونَ: اللَّهُمَّ لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الْآخِرَهْ، فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَهْ

تھا یہاں تک کہ آپ ابویوب کے صحن میں اترے' حضور ﷺ جہاں نماز کا وقت پاتے وہاں ادا کرتے' آپ بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھ لیتے' پھر آپ نے مسجد بنانے کا حکم دیا' آپ نے بنی نجار کے گروہ کی طرف کسی کو بھیجا' وہ آئے تو آپ نے فرمایا: مجھے یہ باغ پیسوں کے بدلے دے دو۔ اُنہوں نے عرض کی: ہم اس کے پیسے نہیں لیں گے' ہم اللہ کی رضا کے لیے دیں گے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں کہ وہاں مشرکوں کی قبریں' بے آباد جگہ تھی اور کھجور کے مُڈھ تھے' حضور ﷺ نے مشرکوں کی قبروں کو اکھاڑنے اور کھنڈرات کو برابر کرنے کا حکم دیا اور کھجوروں کو کاٹنے کا حکم دیا' مسجد کے سامنے والا باغ رکھا گیا' صحابہ کرام پتھر اُٹھا کر لاتے تھے اور رجز بھی پڑھتے تھے اور حضور ﷺ اُن کے ساتھ ہی پتھر اُٹھاتے تھے اور آپ کہہ رہے تھے: اے اللہ! خیر صرف آخرت ہی کی خیر ہے' انصار اور مہاجرین کو بخش دے!

قَالَ أَبُو يَحْيَى: فَحَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي الْهُذَيْلِ، أَنَّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ كَانَ رَجُلًا ضَابِطًا، فَكَانَ يَحْمِلُ حَجَرَيْنِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَلَقَّاهُ، فَدَفَعَ فِي صَدْرِهِ، فَقَالَ: احْتُبِي، فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْفُضُ التُّرَابَ عَنْ رَأْسِهِ وَصَدْرِهِ، وَيَقُولُ: ابْنَ سُمَيَّةَ، تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت ابویحییٰ فرماتے ہیں: مجھے ابن ابی ہذیل نے بتایا کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ بڑے مضبوط آدمی تھے' وہ دو دو پتھر اُٹھاتے تھے' یہ بات حضور ﷺ تک پہنچی تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ لیٹے ہوئے تھے اور حضور ﷺ آپ کے سر اور سینے سے مٹی صاف کر رہے تھے اور فرما رہے تھے: ابن سمیہ! تجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ أَنَسٍ

4166 - حَدَّثَنَا أَبُو نَصْرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْقُشَيْرِيُّ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَإِذَا أَنَا بِقَصْرٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هَذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوا: لِفَتًى مِنْ قُرَيْشٍ، فَظَنَنْتُ أَنَّهُ لِي، فَقُلْتُ: مَنْ هُوَ؟ قَالُوا: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَيَا أَبَا حَفْصٍ، لَوْلَا مَا أَعْلَمُ مِنْ غَيْرَتِكَ لَدَخَلْتُهُ ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ كُنْتُ أَغَارُ عَلَيْهِ، فَإِنِّي لَمْ أَكُنْ لِأَغَارَ عَلَيْكَ

4167 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا عَوْبَدُ بْنُ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَنَسُ، أَسْبِغِ الْوُضُوءَ يُزَدْ فِي عُمُرِكَ، سَلِّمْ عَلَى مَنْ لَقِيتَ مِنْ أُمَّتِي تَكْثُرْ حَسَنَاتُكَ، وَإِذَا دَخَلْتَ بَيْتَكَ فَسَلِّمْ عَلَى مَنْ لَقِيتَ مِنْ أَهْلِ بَيْتِكَ يَكْثُرْ خَيْرُ بَيْتِكَ، وَصَلِّ صَلَاةَ الضُّحَى؛ فَإِنَّهَا صَلَاةُ الْأَوَّابِينَ قَبْلَكَ ،

حضرت ابوعمران الجونی کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا' میں نے سونے کا محل ملاحظہ فرمایا' میں نے کہا: یہ کس کا ہے؟ فرشتوں نے کہا: ایک قریشی جوان کا ہے؟ میں نے گمان کیا کہ میرا ہے' پس میں نے کہا: وہ ہے کون؟ اُنہوں نے عرض کی: عمر بن خطاب! پس اے ابوحفص! اگر یہ مجھے معلوم نہ ہوتا کہ تو غیرت مند ہے تو میں ضرور اِس میں داخل ہوتا۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس پر غیرت کرنے والا میں کون ہوتا ہوں' کیونکہ آپ کے خلاف غیرت کرنے کا مجھے کوئی حق نہیں ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: اے انس! وضو خوب کیا کر' تیری عمر میں اضافہ ہوگا' میری اُمت میں سے جس سے ملے اس کو سلام کر' تیری نیکیاں زیادہ ہوں گی' جب تُو اپنے گھر داخل ہو تو اپنے گھر والوں کو سلام کر' تیرے گھر میں بھلائی زیادہ ہوگی' چاشت کی نماز پڑھ' کیونکہ یہ اللہ کی طرف رجوع کرنے والوں کی نماز ہے' آپ سے

4166- الحديث سبق برقم: 3724 فراجعه .

4167- الحديث سبق برقم: 3612 فراجعه .

وَقَالَ: يَا أَنَسُ، ارْحَمِ الصَّغِيرَ، وَوَقِّرِ الْكَبِيرَ، وَكُنْ مِنْ رُفَقَائِي

پہلے والوں کی۔ فرمایا: اے انس! بچوں پر شفقت کرو، بزرگوں کی عزت کرو تم میرے ساتھی ہو جاؤ گے۔

4168 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَا أَعْرِفُ شَيْئًا كَانَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ لَهُ: فَأَيْنَ الصَّلَاةُ يَا أَبَا حَمْزَةَ؟ فَقَالَ: أَوَلَمْ تَصْنَعُوا فِي الصَّلَاةِ مَا قَدْ عَلِمْتُمْ؟

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کوئی شی نہیں دیکھتا ہوں (اب) جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تھی، عرض کی گئی: پس نماز کہاں گئی؟ اے ابوحمزہ! تو آپ نے جواب دیا: نماز کے حوالے سے جو کام میں جانتا ہوں، وہ تم نے اس میں نہیں کیے۔

4169 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُوسَى، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لَنَا فِي قَصِّ الشَّارِبِ، وَتَقْلِيمِ الْأَظَافِيرِ، وَحَلْقِ الْعَانَةِ أَلَّا تُتْرَكَ أَكْثَرَ مِنْ أَرْبَعِينَ يَوْمًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لیے مونچھیں کاٹنے اور ناخن کاٹنے اور زیر ناف بال کاٹنے کا وقت مقرر کیا کہ زیادہ سے زیادہ چالیس دن کا۔

4170 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُولُ اللّٰهُ لِأَهْوَنِ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا: لَوْ كَانَ لَكَ الدُّنْيَا بِمَا فِيهَا، أَكُنْتَ مُفْتَدِيًا بِهَا؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، فَيَقُولُ: قَدْ أَرَدْتُ مِنْكَ أَهْوَنَ مِنْ هٰذَا وَأَنْتَ فِي صُلْبِ آدَمَ، أَلَّا تُشْرِكَ ، أَحْسَبُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا: (ایک جہنمی کو فرمائے گا) اگر میں آگ کا عذاب کم کر دوں۔ اگر تو دنیا کی ساری اشیاء اس کے لیے دے؟ وہ کہے گا جی ہاں کروں گا۔ اللہ عزوجل اس کو فرمائے گا: میں نے تجھ سے اس سے بھی کم مطالبہ کیا تھا اس حال میں کہ تو ابھی آدم کی پشت میں تھا کہ میں تجھے جہنم میں داخل نہیں کروں گا

4168- الحديث سبق برقم: 4134,3317 فراجعه .

4169- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 203,122 قال: حدثنا يزيد بن هارون . وفي جلد 3 صفحه 255 قال: حدثنا محمد بن يزيد . وأبو داؤد رقم الحديث: 5200 قال: حدثنا مسلم بن ابراهيم .

4170- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 127 قال: حدثنا حجاج . وفي جلد 3 صفحه 129 قال: حدثنا محمد بن جعفر . والبخاري جلد 4 صفحه 162 قال: حدثنا قيس بن حفص، قال: حدثنا خالد بن الحارث .

قَالَ: وَلَا أُدْخِلَكَ النَّارَ، فَأَبَيْتَ إِلَّا الشِّرْكَ

بشرطیکہ کہ تو شرک نہ کرے تو نے میری بات کا انکار کیا اور شرک کیا۔

4171 - حَدَّثَنَا أَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، وَيُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ مَنْ أَمِنَهُ النَّاسُ، وَالْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ السُّوءَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَدْخُلُ عَبْدٌ الْجَنَّةَ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کامل مومن وہ ہے جس سے دوسرے لوگ امن میں ہوں' مسلمان وہ ہے جس سے دوسرے مسلمان اس کی زبان اس کے ہاتھ سے محفوظ رہیں۔ مہاجر وہ ہے جس نے برے کام چھوڑ دیئے، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے' کوئی آدمی جنت میں داخل نہیں ہوگا، جب تک اس کا پڑوسی اس کی شرارت سے محفوظ نہ رہے۔

4172 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ شُعْبَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قُرِّبَ لِأَحَدِكُمْ طَعَامُهُ وَفِي رِجْلَيْهِ نَعْلَانِ فَلْيَنْزِعْ نَعْلَيْهِ فَإِنَّهُ أَرْوَحُ لِلْقَدَمَيْنِ وَهُوَ مِنَ السُّنَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے قریب کھانا لایا جائے، اس حالت میں کہ اس کے دونوں پاؤں میں جوتے ہوں، وہ اپنے جوتے اتار لے، اپنے قدموں کو آرام دینے کے لیے یہ سنت ہے۔

4173 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید و جعفر اور عبداللہ بن رواحہ کو ایک سریہ کے لیے بھیجا۔ جھنڈا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت

4171- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 154 قال: حدثنا حسن' قال: حدثنا حماد بن سلمة' عن علی بن زيد' ويونس بن عبيد' وحميد' فذكره .

4172- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1506 . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 23 وقال: رواه البزار' وأبو يعلىٰ' والطبرانى فى الأوسط ولفظه...... ' ورجال الطبرانى ثقات الا أن عقبة بن خالد السكونى لم أجد له من محمد بن الحارث سماعًا .

4173- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 117,113 . والبخارى جلد 4 صفحه 21 قال: حدثنا يوسف بن يعقوب الصفار . وفى جلد 4 صفحه 88 قال: حدثنا يعقوب بن ابراهيم .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ زَيْدًا وَجَعْفَرًا وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ، فَدَفَعَ الرَّايَةَ إِلَى زَيْدٍ، قَالَ: فَإِنْ أُصِيبُوا جَمِيعًا؟ قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: فَنَعَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى النَّاسِ قَبْلَ أَنْ يَجِيءَ الْخَبَرُ، قَالَ: أَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَأُصِيبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا جَعْفَرٌ فَأُصِيبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا عَبْدُ اللّٰهِ فَأُصِيبَ، ثُمَّ أَخَذَ الرَّايَةَ بَعْدُ سَيْفٌ مِنْ سُيُوفِ اللّٰهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، قَالَ: فَجَعَلَ يُحَدِّثُ النَّاسَ وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ

زید رضی اللہ عنہ کو دیا اور فرمایا: اگر یہ سارے شہید ہو جائیں؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اُن کی شہادت کے متعلق خبر دینے والے سے پہلے ان کی شہادت کی خبر دے دی۔ حضرت زید نے جھنڈا پکڑا وہ شہید کیے گئے۔ اس کے بعد حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے جھنڈا پکڑا، پھر وہ شہید کیے گئے۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جھنڈا پکڑا وہ شہید کیے گئے، پھر اس کے بعد اللہ کی تلواروں میں سے تلوار حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے پکڑا۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ لوگوں کو بتانے لگے، اس حال میں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

4174 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَأُصِيبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا جَعْفَرٌ فَأُصِيبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَأُصِيبَ، ثُمَّ أَخَذَهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ مِنْ غَيْرِ إِمْرَةٍ فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَمَا يَسُرُّهُمْ، أَوْ مَا يَسُرُّنِي، أَنَّهُمْ عِنْدَنَا، وَإِنَّ عَيْنَيْهِ لَتَذْرِفَانِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زید نے جھنڈا پکڑا ہے اس کو شہید کیا گیا ہے' پھر جعفر نے پکڑا ہے اس کو شہید کیا گیا ہے' پھر عبداللہ بن رواحہ نے پکڑا ہے اس کو شہید کیا گیا ہے' پھر خالد بن ولید نے بغیر کسی شک کے جھنڈا پکڑا ہے اللہ عزوجل نے اس کے ہاتھ پر فتح دی ہے اور جوان کو پسند ہے یا جو مجھے پسند ہے کہ وہ ہمارے پاس ہیں' حضرت خالد کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

4175 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، وَحُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كُنْتُ رَدِيفَ أَبِي طَلْحَةَ وَرُكْبَتُهُ تَمَسُّ رُكْبَةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا' ان کے گھٹنے رسول کریم ﷺ کے گھٹنوں سے مس کر رہے تھے' سب ہی تلبیہ بلند آواز سے کہہ رہے تھے' حج اور عمرہ دونوں کا۔

4174- الحديث سبق برقم: 4173 فراجعه.

4175- الحديث سبق برقم: 4031 فراجعه.

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانُوا يَصْرُخُونَ بِهِمَا جَمِيعًا: بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

4176 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَرْحَمَ بِالْعِيَالِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ اسْتَرْضَعَ لابْنِهِ إِبْرَاهِيمَ بِأَقْصَى الْمَدِينَةِ، وَكَانَ زَوْجُهَا قَيْنًا، وَكَانَ يَأْتِيهِ، فَيَأْتِيهِ الْغُلَامُ وَعَلَيْهِ أَثَرُ الدُّخَانِ فَيَلْتَزِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ وَيَشُمُّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کسی کو بھی بچوں پر شفقت کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لخت جگر جناب سیدنا ابراہیم رضی اللہ عنہ کو شہر سے دور دودھ پلایا گیا تھا۔ اس دودھ پلانے والی عورت کا شوہر ترکھان تھا۔ آپ اپنے صاحبزادے کے پاس آتے، اس حالت میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر دھواں کے اثرات ہوتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ چمٹا لیتے اور اس کے بوسے لیتے اور اس کو سونگھتے تھے۔

4177 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، قَالَ: رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَالْحَسَنَ يُصَلِّيَانِ يَوْمَ الْعِيدِ قَبْلَ خُرُوجِ الْإِمَامِ، قَالَ: وَرَأَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ جَاءَ فَجَلَسَ وَلَمْ يُصَلِّ

حضرت ایوب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا، دونوں عید کے دن امام کے نکلنے سے پہلے نماز پڑھ رہے تھے، میں نے محمد بن سرین کو دیکھا وہ آئے، وہ بیٹھ گئے انہوں نے نفل وغیرہ نہیں پڑھے۔

4178 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ أَبِي تَمِيمَةَ قَالَ: ضَعُفَ أَنَسٌ عَنِ الصَّوْمِ فَصَنَعَ

حضرت ایوب بن ابی تمیمہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ روزہ رکھنے سے کمزور ہو گئے، آپ رضی اللہ عنہ نے ایک برتن میں ثرید بنائی، تیس مسکینوں کو بلوایا، ان کو

4176- أخرجه الطيالسي برقم: **2432** من طريق حماد بن زيد' عن أيوب' عن أنس . وأخرجه أبو الشيخ في أخلاق النبي صلى الله عليه وسلم صفحه**65** من طريق أبي يعلى .

4177- الحديث في المقصد العلي برقم: **375** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**202** وقال: رواه أبو يعلى' وروى الطبراني في الكبير...... ورجال أبي يعلى رجال الصحيح .

4178- الحديث في المقصد العلي برقم: **514** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**164** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

جَفْنَةً مِنْ ثَرِيدٍ فَدَعَا بِثَلَاثِينَ مِسْكِينًا فَأَطْعَمَهُمْ

کھلا دیا۔

4179 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَرْحَمَ بِالْعِيَالِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ إِبْرَاهِيمُ مُسْتَرْضَعًا فِي عَوَالِي الْمَدِينَةِ، فَكَانَ يَنْطَلِقُ وَنَحْنُ مَعَهُ فَيَدْخُلُ إِلَى الْبَيْتِ وَإِنَّهُ لَيُدَخَّنُ، وَكَانَ ظِئْرُهُ قَيْنًا، فَيَأْخُذُهُ فَيُقَبِّلُهُ ثُمَّ يَرْجِعُ، فَقَالَ عَمْرٌو: فَلَمَّا تُوُفِّيَ إِبْرَاهِيمُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ إِبْرَاهِيمَ ابْنِي، وَإِنَّهُ مَاتَ فِي الثَّدْيِ، وَإِنَّ لَهُ لَظِئْرَيْنِ تُكَمِّلَانِ رَضَاعَهُ فِي الْجَنَّةِ ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر بچوں پر مہربان کسی کو نہیں دیکھا۔ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کو مدینہ شریف کے قریب عوالی میں دودھ پلانے کے لیے بھیجا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چل کر ان کے پاس جاتے، ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ اس گھر میں داخل ہوئے۔ وہ دھواں سے بھرا ہوا تھا کیونکہ اُن کا شوہر ترکھان تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کو پکڑا، ان کا بوسہ لیا پھر واپس آ گئے۔ حضرت عمرو فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا وصال ہوگیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے لخت جگر کا وصال دودھ پینے کی عمر میں ہوا، ان کے لیے دو دائیاں ہوں گی' اُن کی رضاعت کی مدت جنت میں مکمل کروائی جائے گی۔

4180 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَرْحَمَ بِالْعِيَالِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی کو بچوں پر شفقت کرنے والا نہیں دیکھا' اس کے بعد پیچھے والی حدیث ذکر کی۔

4181 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ بچوں پر رحم فرمانے والے تھے' مدینہ کے کونہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیٹا دودھ پیتا تھا' اس کی دایا لونڈی

4179- أخرجه أحمد جلد 3صفحه112 قال: حدثنا سفيان' قال: حدثنا اسماعيل . والبخاري في الأدب المفرد رقم الحديث:376 قال: حدثنا حرمي بن حفص' قال: حدثنا وهيب .

4180- الحديث سبق برقم:4179,4176 فراجعه .

4181- الحديث سبق برقم:4180,4179,4176 فراجعه .

أَرْحَمَ بِالصِّبْيَانِ، وَكَانَ لَهُ ابْنٌ مُسْتَرْضَعًا فِي نَاحِيَةِ الْمَدِينَةِ، وَكَانَ ظِئْرُهُ قَيْنًا فَكَانَ يَأْتِيهِ وَنَحْنُ مَعَهُ، وَقَدْ دُخِّنَ الْبَيْتُ بِمَا دُخِّنَ، فَيَشُمُّهُ وَيُقَبِّلُهُ ثُمَّ يَرْجِعُ

تھی، آپ ﷺ اس کے پاس آتے اور ہم آپ ﷺ کے ساتھ ہوتے تھے، گھر میں دھواں ہوتا تھا، آپ ﷺ اس بچے کو سونگھتے اور چومتے پھر لوٹ آتے تھے۔

4182 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَزِيدَ الْهُنَائِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنْ قَصْرِ الصَّلَاةِ؟ فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ مَسِيرَةَ ثَلَاثَةِ أَمْيَالٍ، أَوْ ثَلَاثَةِ فَرَاسِخَ - شُعْبَةُ الشَّاكُّ - صَلَّى رَكْعَتَيْنِ

حضرت یحییٰ بن یزید الھنائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا نماز قصر کرنے کے متعلق کہ کب کی جائے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول پاک ﷺ جب تین میل چلتے یا تین فراسخ تو دو رکعت ادا کرتے تھے۔ شعبہ کو شک ہے۔

4183 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ الطَّاحِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا، فَتَزَوَّجَتْ زَوْجًا فَمَاتَ عَنْهَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا، هَلْ يَتَزَوَّجُهَا الْأَوَّلُ؟ قَالَ: لَا، حَتَّى يَذُوقَ عُسَيْلَتَهَا .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا ایک آدمی کے متعلق کہ اس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی ہیں۔ اس نے دوسرے شوہر سے شادی کر لی ہے وہ اس سے وطی کرنے سے پہلے فوت ہو گیا ہے کیا وہ پہلے شوہر کے لیے حلال ہو گئی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! یہاں تک کہ وہ دوسرے مرد کا ذائقہ نہ چکھ لے۔

4184 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، بِإِسْنَادِهِ

حضرت محمد بن دینار اپنی سند کے ساتھ نقل کرتے ہیں۔

4185 - حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ أَبُو هَمَّامٍ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4182- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**129** . ومسلم جلد **2**صفحه**145** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة، ومحمد بن بشار . وأبو داؤد رقم الحديث: **1201** قال: حدثنا محمد بن بشار .

4183- الحديث في المقصد العلى برقم: **803** .

4184- الحديث سبق برقم: **4183** فراجعه .

4185- الحديث في المقصد العلى برقم: **773** .

حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ زُفَرَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَمَّنْ سَمِعَ، أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَامَعَ أَحَدُكُمْ أَهْلَهُ فَلْيَصْدُقْهَا، فَإِنْ سَبَقَهَا فَلَا يُعْجِلْهَا

حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی سے وطی کرے، وہ اس کو حق مہر دے اگر پہلے دیا ہے، تو دوبارہ وہ جلدی نہ کرے۔

4186 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَمَّنْ حَدَّثَهُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَامَعَ أَحَدُكُمْ أَهْلَهُ فَلْيَصْدُقْهَا، ثُمَّ إِذَا قَضَى حَاجَتَهُ قَبْلَ أَنْ تَقْضِيَ حَاجَتَهَا فَلَا يُعْجِلْهَا حَتَّى تَقْضِيَ حَاجَتَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی کے ساتھ جماع کرے تو وہ اس کا حق مہر دے، جب جماع کر کے فارغ ہو عورت کے فارغ ہونے ہونے سے پہلے تو وہ جلدی نہ کرے یہاں تک کہ وہ (عورت) اپنی ضرورت پوری کر لے۔

4187 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ جَارِنَا يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ: اعْلَمْ أَنَّهُ مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو کہ یقین کرلو جو دل سے توحید و رسالت کا اقرار کر لے وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔

4188 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ مُوَرِّقٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَمِنَّا الصَّائِمُ، وَمِنَّا الْمُفْطِرُ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا فِي يَوْمٍ حَارٍّ، أَكْثَرُنَا ظِلًّا لِأَصْحَابِ الْكِسَاءِ، فَمِنَّا مَنْ يَتَّقِي الشَّمْسَ بِيَدِهِ، قَالَ: فَسَقَطَ الصُّوَّامُ وَقَامَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے۔ ہم میں کچھ روزہ کی حالت میں کچھ روزہ کی حالت میں نہیں تھے۔ ہم ایک جگہ اُترے گرمی کے دن ہم میں سے اکثر ساتھیوں نے چادر کا سایہ کیا ہوا تھا، ہم میں سے کچھ سورج کی تپش سے بچنے کے لیے اپنے ہاتھوں کو اوپر رکھے ہوئے تھے۔

4186- الحديث سبق برقم: 4185 فراجعه .

4187- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

4188- أخرجه البخاري جلد 4 صفحه 42 قال: حدثنا سليمان بن داؤد' أبو الربيع' عن اسماعيل بن زكريا . وأخرجه مسلم جلد 3 صفحه 143 قال: حدثنا أبو بكر بن ابي شيبة .

الْمُفْطِرُونَ، فَضَرَبُوا الْأَبْنِيَةَ، وَسَقَوُا الرِّكَابَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَهَبَ الْمُفْطِرُونَ الْيَوْمَ بِالْأَجْرِ

روزہ رکھنے والے گرنے لگے، نہ رکھنے والے کھڑے رہے انہوں نے سایہ بنایا۔ اپنی سواریوں کو پانی پلایا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: آج نہ رکھنے والے نیکی میں آگے نکل گئے۔

4189 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ أَبِي إِيَاسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِكُلِّ أُمَّةٍ رَهْبَانِيَّةٌ، وَرَهْبَانِيَّةُ هَذِهِ الْأُمَّةِ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر امت کے لیے رہبانیت ہے اور اس امت کی رہبانیت اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے۔

4190 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي نَعَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ لَا يَقْرَءُونَ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ) (الفاتحة: 1)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ، ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما (سورتِ فاتحہ سے پہلے بلند آواز سے) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں پڑھتے تھے۔

4191 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الْجَارُودِ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری بعض پھوپھیوں نے حضور ﷺ کے لیے کھانا تیار کیا، میں نے عرض کی: میں پسند کرتا ہوں کہ آپ ﷺ میرے

4189- الحديث في المقصد العلي برقم: **901** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **278** وقال: رواه أبو يعلى، وأحمد الا أنه قال: لكل نبي رهبانية......، وفيه زيد العمي وثقه أحمد وغيره، وضعفه أبو زرعة وغيره، وبقية رجاله رجال الصحيح .

4190- الحديث سبق برقم: **4144** وغيره فراجعه .

4191- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **112** قال: حدثنا اسماعيل بن ابراهيم . وفي جلد **3** صفحه **128** قال: حدثنا ابن أبي عدي .

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَنَعَ بَعْضُ عُمُومَتِي لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا، فَقَالَ: إِنِّي أُحِبُّ أَنْ تَأْكُلَ فِي بَيْتِي وَتُصَلِّي فِيهِ، قَالَ: فَأَتَاهُ وَفِي الْبَيْتِ فَحْلٌ مِنْ تِلْكَ الْفُحُولِ، فَأَمَرَ بِجَانِبٍ مِنْهُ فَكُنِسَ وَرُشَّ، فَصَلَّى وَصَلَّيْنَا مَعَهُ

گھر میں کھانا کھائیں اور اس میں نماز پڑھیں۔ آپ ﷺ تشریف لائے تو گھر کے ایک کونے میں ایک بوریا پڑی تھی' آپ نے اس کے متعلق حکم دیا اس کو جھاڑنے کا اور اس پر پانی چھڑکنے کا' آپ نے نماز پڑھائی' ہم نے آپ کے ساتھ نماز پڑھی۔

4192 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، وَحَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَهْدِيِّ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ غَيْلَانَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: إِنَّكُمْ تَعْمَلُونَ أَعْمَالًا هِيَ أَدَقُّ فِي أَعْيُنِكُمْ مِنَ الشَّعْرِ كُنَّا نَعُدُّهَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُوبِقَاتِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم جن برے کاموں کو اپنی آنکھوں میں بال سے زیادہ باریک سمجھتے ہو ہم ان کو رسول پاک ﷺ کے زمانہ مبارک میں ہلاکت والا شمار کرتے تھے۔

4193 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: اسْتُنْبِءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَصُلِّيَ عَلَيْهِ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پیر کے دن حضور ﷺ کا وصال ہوا اور منگل کے دن تک آپ پر درود پڑھا جاتا رہا۔

4194 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَقَدْ تَرَكْتُمْ بِالْمَدِينَةِ رِجَالًا مَا سِرْتُمْ مِنْ مَسِيرٍ، وَلَا أَنْفَقْتُمْ مِنْ نَفَقَةٍ، وَلَا قَطَعْتُمْ مِنْ وَادٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم مدینہ شریف میں کچھ لوگوں کو چھوڑ آئے ہو، تم نہیں چلتے نہ تم خرچ کرتے ہو نہ تم کسی وادی کو پار کرتے ہو مگر وہ تمہارے ساتھ ہوتے ہیں، عرض کی گئی: یا رسول اللہ ﷺ وہ ہمارے ساتھ کس طرح

4192- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 157 قال: حدثنا يحيٰى بن اسحاق . والبخاري جلد 8 صفحه 128 قال: حدثنا أبو الوليد .

4193- الحديث في المقصد العلي برقم: 1314 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 102 وقال: رواه أبو يعلٰى وفيه: مسلم بن كيسان مسلم الملائي' فذكره .

4194- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

إِلَّا كَانُوا مَعَكُمْ فِيهِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يَكُونُونَ مَعَنَا وَهُمْ بِالْمَدِينَةِ؟ قَالَ: حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ

ہیں حالانکہ وہ مدینہ شریف میں ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: ان کو عذر نے روکا ہوا ہے۔

4195 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنَا أَبُو ظِلَالٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ عَبْدًا فِي جَهَنَّمَ لَيُنَادِي أَلْفَ سَنَةٍ: يَا حَنَّانُ، يَا مَنَّانُ، قَالَ: فَيَقُولُ اللّٰهُ: يَا جِبْرِيلُ، ائْتِ عَبْدِي، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ جِبْرِيلُ فَيَرَى أَهْلَ النَّارِ مُنْكَبِّينَ عَلَى وُجُوهِهِمْ، قَالَ: فَيَرْجِعُ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، لَمْ أَرَهُ، قَالَ: فَيَقُولُ اللّٰهُ: فَإِنَّهُ فِي مَكَانِ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَيَأْتِيهِ، فَيَجِيءُ رَبَّهُ فَيَقُولُ اللّٰهُ لَهُ: يَا عَبْدِي، كَيْفَ وَجَدْتَ مَكَانَكَ وَمَقِيلَكَ؟ قَالَ: فَيَقُولُ: يَا رَبِّ شَرَّ مَكَانٍ، وَشَرَّ مَقِيلٍ، قَالَ: فَيَقُولُ: رُدُّوا عَبْدِي، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، مَا كُنْتُ أَرْجُو أَنْ تَرُدَّنِي إِذْ أَخْرَجْتَنِي، فَيَقُولُ: دَعُوا عَبْدِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی جہنم میں ایک ہزار سال تک یا منان یا منان کہہ کر پکارے گا۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: اے جبرائیل! تو میرے بندے کے پاس جا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام چلیں گے، اہل جہنم کو دیکھیں گے وہ اپنے چہروں کے بل گرے ہوئے ہوں گے۔ وہ واپس آئیں گے، عرض کریں گے: اے رب! میں نے اس کو نہیں دیکھا۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: وہ فلاں فلاں جگہ میں ہے' حضرت جبرائیل علیہ السلام آئیں گے اس کو رب کریم کی بارگاہ میں لایا جائے گا، اللہ عزوجل اس کو فرمائے گا: اے میرے بندے! تو نے اس جگہ کو کیسے پایا؟ وہ عرض کرے گا: بہت بری جگہ پایا۔ اللہ فرمائے گا: میرے بندے کو واپس کرو، وہ عرض کرے گا: اے رب! میں امید نہیں کرتا تھا کہ تو مجھے واپس کرے گا جب تو نے مجھے نکالا، اللہ عزوجل فرمائے گا: میرے بندہ کو چھوڑ دو۔

4196 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا أَبُو ظِلَالٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لِي: مَتَى ذَهَبَ بَصَرُكَ؟ قَالَ: وَأَنَا ابْنُ سَنَتَيْنِ فِيمَا حَدَّثَنِي أَهْلِي، قَالَ: أَفَلَا أُبَشِّرُكَ؟ فَقُلْتُ: بَلَى، فَقَالَ: مَرَّ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ عَلَى رَسُولِ

حضرت ابو ظلال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، مجھے کہا: آپ کب سے نابینا ہوئے ہیں؟ میں نے عرض کی: جب میں دو سال کا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ کو خوشخبری نہ دوں؟ میں نے کہا: کیوں نہیں؟ فرمایا: حضرت ابن ام مکتوم

4195- الحديث في المقصد العلي برقم: 1938 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه384 وقال: رواه أحمد' وأبو يعلى' ورجالهما رجال الصحيح غير أبي ظلال' وضعفه الجمهور' ووثقه ابن حبان .

4196- الحديث سبق تخريجه' راجع الفهرس .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ ثُمَّ مَضَى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: مَا لِمَنْ أَخَذْتُ كَرِيمَتَيْهِ عِنْدِى جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ

حضور ﷺ کے پاس سے گزرے۔ آپ ﷺ کو سلام کیا پھر چلے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل جس بندے کی دو محبوب ترین اشیاء (آنکھیں) لے لیتا ہے اس کے بدلے جنت دیتا ہے۔

4197 - حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي أَبُو ظِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسٌ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَلَكَ رَجُلَانِ مَفَازَةً: أَحَدُهُمَا عَابِدٌ، وَالْآخَرُ بِهِ رَهَقٌ، فَعَطِشَ الْعَابِدُ حَتَّى سَقَطَ، فَجَعَلَ صَاحِبُهُ يَنْظُرُ إِلَيْهِ وَمَعَهُ مِيضَأَةٌ فِيهَا شَيْءٌ مِنْ مَاءٍ، فَجَعَلَ يَنْظُرُ إِلَيْهِ وَهُوَ صَرِيعٌ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَئِنْ مَاتَ هَذَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ عَطَشًا وَمَعِي مَاءٌ لَا أُصِيبُ مِنَ اللّٰهِ خَيْرًا أَبَدًا، وَإِنْ سَقَيْتُهُ مَائِي لَأَمُوتَنَّ، فَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَعَزَمَ وَرَشَّ عَلَيْهِ مِنْ مَائِهِ وَسَقَاهُ مِنْ فَضْلِهِ، قَالَ: فَقَامَ حَتَّى قَطَعَا الْمَفَازَةَ، قَالَ: فَيُوقَفُ الَّذِي بِهِ رَهَقٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِلْحِسَابِ، فَيُؤْمَرُ بِهِ إِلَى النَّارِ، فَتَسُوقُهُ الْمَلَائِكَةُ، فَيَرَى الْعَابِدَ فَيَقُولُ: يَا فُلَانُ، أَمَا تَعْرِفُنِي؟ قَالَ: يَقُولُ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا فُلَانٌ الَّذِي آثَرْتُكَ عَلَى نَفْسِي يَوْمَ الْمَفَازَةِ، قَالَ: يَقُولُ: بَلَى، أَعْرِفُكَ، قَالَ: فَيَقُولُ لِلْمَلَائِكَةِ: قِفُوا، قَالَ: فَيُوقَفُ، وَيَجِيءُ حَتَّى يَقِفَ وَيَدْعُوَ رَبَّهُ، يَقُولُ: يَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو آدمی چلے ایک جنگل عبور کر رہے تھے، اُن میں سے ایک عابد تھا اور دوسرا احمق تھا۔ عابد پیاس کی وجہ سے گر گیا اس کا ساتھی اس کی طرف دیکھنے لگا اس حال میں کہ وہ گرا ہوا تھا' اس کے پاس مشکیزہ تھا اس میں تھوڑا سا پانی تھا وہ اس طرح دیکھنے لگا۔ اس نے کہا: اللہ کی قسم! اگر یہ نیک بندہ مر گیا پیاس کی وجہ سے اس حالت میں کہ میرے پاس پانی ہے۔ میں اللہ کی طرف سے کبھی کوئی بھلائی نہیں پا سکوں گا۔ اگر میں نے پینے کے لیے پانی دیا تو میں خود مر جاؤں گا' اس نے اللہ پر بھروسہ کیا' اس نے پہلے اس پر پانی چھڑکا پھر اس کو بچا ہوا پانی پلایا' وہ کھڑا ہوا، ان دونوں نے جنگل پار کر لیا۔ احمق کو قیامت کے دن روکا جائے گا حساب کے لیے اس کو جہنم میں لے جانے کا حکم دیا جائے گا۔ فرشتوں نے اس کو ہانکا ہو گا، وہ نیک آدمی کو دیکھ کر کہے گا: اے فلاں! تو مجھے نہیں پہچانتا ہے۔ اس وہ کہے گا: آپ کون ہیں؟ وہ کہے گا: میں وہی ہوں جس نے اپنے نفس پر تجھے ترجیح دی تھی، جنگل کے دن وہ کہے گا:

4197- الحديث في المقصد العلي برقم: 1918 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه382 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح' غير أبي ظلال القسملي' وقد وثقه ابن حبان وغيره وضعفه غير واحد .

رَبِّ، قَدْ تَعْرِفُ يَدَهُ عِنْدِي، وَكَيْفَ آثَرَنِي عَلَى نَفْسِهِ، يَا رَبِّ هَبْهُ لِي، فَيَقُولُ: هُوَ لَكَ، قَالَ: وَيَجِيءُ فَيَأْخُذُ بِيَدِهِ فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ ، قَالَ الصَّلْتُ: قَالَ جَعْفَرٌ: قُلْتُ: حَدَّثَكَ أَنَسٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ

کیوں نہیں میں آپ کو پہچانتا ہوں۔ وہ فرشتوں سے کہے گا: رک جاؤ، اس کو روکا جائے گا' وہ آ کر اس کے پاس رُک جائے گا' وہ اپنے رب سے دعا کرے گا: اے رب! تو جانتا ہے کہ اس کا احسان میرے پاس ہے' کیسے اس نے مجھے اپنے اوپر ترجیح دی۔ اے رب! اس کو مجھے دیدے۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: یہ تیرا ہے۔ وہ لے آئے گا اس کو اپنے ہاتھ سے پکڑے گا، اس کو جنت میں داخل کرے گا۔ حضرت صلت فرماتے ہیں: حضرت جعفر فرماتے ہیں: میں نے کہا: آپ کو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے بیان کی ہے؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔

4198 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الْبُرْجُمِيُّ، عَنْ أَبِي الظِّلَالِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أُمِّهِ قَالَ: كَانَتْ لَهَا شَاةٌ، فَجَمَعَتْ مِنْ سَمْنِهَا فِي عُكَّةٍ، فَمَلَأَتِ الْعُكَّةَ ثُمَّ بَعَثَتْ بِهَا مَعَ رَبِيبَةَ، فَقَالَتْ: يَا رَبِيبَةُ، أَبْلِغِي هَذِهِ الْعُكَّةَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتَدِمُ بِهَا، فَانْطَلَقَتْ بِهَا رَبِيبَةُ حَتَّى أَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عُكَّةُ سَمْنٍ بَعَثَتْ بِهَا إِلَيْكَ أُمُّ سُلَيْمٍ، قَالَ: فَرِّغُوا لَهَا عُكَّتَهَا ، فَفُرِّغَتِ الْعُكَّةُ، فَدُفِعَتْ إِلَيْهَا، فَانْطَلَقَتْ بِهَا، فَجَاءَتْ أُمَّ سُلَيْمٍ، فَرَأَتِ الْعُكَّةَ مُمْتَلِئَةً تَقْطُرُ، فَقَالَتْ أُمُّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری ماں کی ایک بکری تھی' وہ اس کا گھی ایک کپی میں جمع کرتی تھیں' وہ کپی بھر گئی' پھر اپنے بچے کے ہاتھ بھیجی' فرمایا: اے بچے! یہ کپی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دے آؤ! وہ اس میں ڈبو کر روٹی کھائیں گے۔ بچہ اس کو لے کر چلا یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ گھی کی کپی ہے جو آپ کو اُم سلیم نے بھیجی ہے' آپ کپی کو فارغ کر دیں۔ کپی کو فارغ کیا گیا اور اس بچے کو دے دی گئی' وہ اسے لے کر چلا یہاں تک کہ حضرت اُم سلیم کے پاس آیا' حضرت اُم سلیم نے وہ کپی بھری ہوئی دیکھی اس سے قطرے گر رہے تھے۔ حضرت اُم سلیم نے

4198- الحديث في المقصد العلي برقم: 1292 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 209 وقال: رواه أبو يعلىٰ والطبراني الا أنه قال: زينب بدل ربيبة وفي اسنادهما محمد بن زياد البرجمي وهو اليشكري وهو كذاب .

سُلَيْمٍ: يَا رَبِيبَةُ، أَلَيْسَ أَمَرْتُكِ أَنْ تَنْطَلِقِي بِهَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: قَدْ فَعَلْتُ، فَإِنْ لَمْ تُصَدِّقِينِي فَانْطَلِقِي فَسَلِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ وَمَعَهَا رَبِيبَةُ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي بَعَثْتُ إِلَيْكَ مَعَهَا بِعُكَّةٍ فِيهَا سَمْنٌ، قَالَ: قَدْ فَعَلَتْ، قَدْ جَاءَتْ بِهَا ، فَقَالَتْ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ إِنَّهَا لَمُمْتَلِئَةٌ تَقْطُرُ سَمْنًا، قَالَ: فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَعْجَبِينَ أَنْ كَانَ اللّٰهُ أَطْعَمَكِ كَمَا أَطْعَمْتِ نَبِيَّهُ، كُلِي وَأَطْعِمِي ، قَالَتْ: فَجِئْتُ الْبَيْتَ، فَقَسَمْتُ فِي قَعْبٍ لَنَا كَذَا وَكَذَا، وَتَرَكْتُ فِيهَا مَا ائْتَدَمْنَا مِنْهُ شَهْرًا أَوْ شَهْرَيْنِ

فرمایا: اے بچے! کیا میں نے تمہیں حضور ﷺ کے پاس لے جانے کا نہیں کہا تھا؟ اس نے عرض کی: میں نے ایسا ہی کیا ہے جس طرح آپ کا حکم تھا' اگر آپ میری تصدیق نہیں کرتے ہیں تو آپ چلیں اور حضور ﷺ سے پوچھ لیں۔ حضرت اُم سلیم چلیں' آپ کے ساتھ وہ پالتو بچی بھی تھی' عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کی طرف اس کو بھیجا تھا گھی کی کپی دے کر۔ اس نے کہا: میں دے کر آیا تھا جو مجھے دے کر بھیجا تھا۔ حضرت اُم سلیم نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا ہے! وہ کپی بھری ہوئی تھی' اس سے گھی بہہ رہا تھا۔ حضور ﷺ نے اسے فرمایا: کیا تُو تعجب کرتی ہے' اگر تجھے اللہ نے ایسے ہی کھلایا ہے جس طرح تُو نے اس کے نبی کو کھلایا ہے' تُو خود بھی کھا اور کھلا بھی۔ حضرت اُم سلیم فرماتی ہیں: میں گھر واپس آئی' میں نے اس کو پیالہ میں تقسیم کیا' اسی طرح' اسی میں چھوڑ دیا ہم کو ایک ماہ اور دو ماہ تک سالن کے طور پر استعمال کرتے رہے' وہ ختم نہیں ہوا۔

4199 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ نَجِيحٍ أَبِي عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَجَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَأَمْرُهُمَا سُنَّةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے رجم کیا، ان دونوں کا کام سنت ہے۔

4199- الحديث في المقصد العلي برقم: 833 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 264 وقال: رواه أبو يعلى' ورجاله ثقات .

4200 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ نَجِيحٍ أَبِي عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: رَجَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَأَمْرُهُمَا سُنَّةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نے رجم کیا، ان دونوں کا کام سنت ہے۔

4201 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُصَلُّوا عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَلَا عِنْدَ غُرُوبِهَا؛ فَإِنَّهَا تَطْلُعُ وَتَغْرُبُ عَلَى قَرْنِ شَيْطَانٍ، وَصَلُّوا بَيْنَ ذٰلِكَ مَا شِئْتُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورج کے طلوع غروب کے وقت نماز نہ پڑھو، بے شک طلوع وغروب شیطان کے سینگوں کے درمیان ہوتا ہے۔ ان کے درمیان جو چاہو پڑھو۔

4202 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ثَعْلَبَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجَبًا لِلْمُؤْمِنِ، مَا يُقْضَى لَهُ قَضَاءٌ إِلَّا كَانَ خَيْرًا لَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کے لیے عجب بات ہے کہ اس کے حق میں جو فیصلہ ہوتا ہے، وہ اس کے لیے بہتر ہوتا ہے۔

4203 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ثَعْلَبَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: تَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: عَجِبْتُ لِلْمُؤْمِنِ؛ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْضِي لَهُ قَضَاءً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کے لیے عجب بات ہے کہ اس کے حق میں جو فیصلہ ہوتا ہے، وہ اس کے لیے بہتر ہوتا ہے۔

4200- الحديث سبق برقم: **4199** فراجعه .

4201- الحديث في المقصد العلي برقم: **348** . وأخرجه البزار جلد **1** صفحه **293** عن محمد بن المثنى عن روح به . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **305** .

4202- الحديث سبق برقم: **4006** فراجعه .

4203- الحديث سبق برقم: **4202,4006** فراجعه .

إِلَّا كَانَ خَيْرًا لَهُ

4204 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الضَّبِّيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَا صَلَّيْتُ خَلْفَ أَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَفَّ صَلَاةً مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا أَوْجَزَ فِي تَمَامٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کے پیچھے نماز نہیں پڑھی جو ہلکی پھلکی اور مختصر ہو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے۔

4205 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّابًا وَلَا فَحَّاشًا ، كَانَ يَقُولُ لِأَحَدِنَا عِنْدَ الْمَعْتَبَةِ: مَا لَهُ، تَرِبَتْ يَمِينُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم گالی اور سخت کلام نہیں کرتے تھے۔ اگر کسی وقت غصہ ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کہتے تھے، اس کا دایاں ہاتھ خاک آلود ہو۔

4206 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا سَلَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي جَمِيلَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ قَالَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ دَعْوَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِي، أَنْ يُبَارِكَ لِي فِي مَالِي وَوَلَدِي

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کو پہچانتا ہوں جو آپ نے میرے لیے کی تھی، وہ یہ تھی کہ آپ نے میرے مال اور میری اولاد کی برکت کے لیے کی تھی۔

4207 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى الْخُتُّلِيُّ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4204- الحديث سبق برقم: 3920,3884 فراجعه .

4205- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 126 قال: حدثنا أبو عاامر . وفي جلد 3 صفحه 144 قال: حدثنا يونس وسُريج . وفي جلد 3 صفحه 158 قال: حدثنا موسٰى بن داؤد .

4206- الحديث سبق برقم: 335 فراجعه .

4207- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 4031 قال: حدثنا محمد بن رُمح . والترمذي رقم الحديث: 2396 قال: حدثنا قتيبة . وأخرجه الطبراني في الأوسط بلفظ: اذا أحب الله قومًا ابتلاهم وفيه ابن لهيعة' وفيه كلام (مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 291) .

حَدَّثَنَا السَّهْمِيُّ أَبُو وَهْبٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ خَيْرًا ابْتَلَاهُمْ

حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل کسی قوم کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو ان کو آزماتا ہے۔

4208 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ الْفَزَارِيُّ، حَدَّثَنَا هِلَالٌ أَبُو مُعَلَّى بْنُ هِلَالٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَهُوَ يَقُولُ: أُهْدِيَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثُ طَوَائِرَ، فَأَطْعَمَ خَادِمَهُ طَائِرًا، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَتَتْهُ بِهَا، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَمْ أَنْهَكِ أَنْ تَرْفَعِي شَيْئًا لِغَدٍ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَأْتِي بِرِزْقِ كُلِّ غَدٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو تین پرندے ہدیہ دیئے گئے۔ آپ نے ایک اپنے خادم کو دے دیا۔ جب دوسرا دن آیا وہ لے کر آئیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں نے آپ ﷺ کو منع نہیں کیا تھا کہ اس سے کل کچھ نہ لانا، کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر آنے والے دن کا رزق دے دیتا ہے۔

4209 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُؤْتَى بِأَرْبَعَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: بِالْمَوْلُودِ، وَبِالْمَعْتُوهِ، وَبِمَنْ مَاتَ فِي الْفَتْرَةِ، وَالشَّيْخِ الْفَانِي، كُلُّهُمْ يَتَكَلَّمُ بِحُجَّتِهِ، فَيَقُولُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لِعُنُقٍ مِنَ النَّارِ: ابْرُزْ، فَيَقُولُ لَهُمْ: إِنِّي كُنْتُ أَبْعَثُ إِلَى عِبَادِي رُسُلًا مِنْ أَنْفُسِهِمْ، وَإِنِّي رَسُولُ نَفْسِي إِلَيْكُمْ، ادْخُلُوا هَذِهِ، فَيَقُولُ مَنْ كُتِبَ عَلَيْهِ الشَّقَاءُ: يَا رَبِّ، أَيْنَ نَدْخُلُهَا، وَمِنْهَا كُنَّا نَفِرُّ؟ قَالَ: وَمَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن چار آدمیوں کو لایا جائے گا: (۱) بچہ (۲) پاگل (۳) جو زمانہ فترۃ میں فوت ہوا (۴) شیخ فانی کو سارے کے سارے اپنی دلیل سے گفتگو کریں گے۔ ان میں سے ہر ایک اپنی دلیل کی بناء پر کلام کرے گا' پس اللہ تعالیٰ آگ کی ایک عُنق (بظاہر گردن) سے فرمائے گا: ظاہر ہو! پس ان لوگوں سے فرمائے گا: میں نے تمہاری طرف' تم میں سے رسولوں کو بھیجا تھا لیکن اب میں بذاتِ خود تمہارا پیامی ہوں' اس میں داخل ہو جاؤ! پس جس آدمی پر بدبختی لکھ دی گئی ہو

4208- الحديث في المقصد العلى برقم: **2019** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**303** وقال: رواه أحمد واسناده حسن .

4209- الحديث في المقصد العلى برقم: **1139** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **7**صفحه**216** وقال: رواه أبو يعلىٰ والبزار بنحوه وفيه: ليث ابن أبى سليم وهو مدلس وبقية رجال أبى يعلىٰ رجال الصحيح .

كُتِبَتْ عَلَيْهِ السَّعَادَةُ يَمْضِي، فَيَتَقَحَّمُ فِيهَا مُسْرِعًا، قَالَ: فَيَقُولُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: أَنْتُمْ لِرُسُلِي أَشَدُّ تَكْذِيبًا وَمَعْصِيَةً، فَيُدْخِلُ هَؤُلَاءِ الْجَنَّةَ، وَهَؤُلَاءِ النَّارَ

گی' وہ سوال کرے گا: اے میرے رب! ہم اس میں کہاں (کیوں) داخل ہوں اور اس سے نکلیں گے کیسے؟ فرمایا: جس پر سعادت لکھی ہوگی' وہ چل کر داخل ہو جائے گا' وہ دیر نہیں لگائے گا۔ فرمایا: چل کر! رب تعالیٰ فرمائے گا: (اب تم نے میری بات کو جھٹلایا) تم میرے رسولوں کو زیادہ جھٹلانے والے اور ان کی نافرمانی کرنے والے تھے۔ پس یہ لوگ جنت میں داخل ہوں اور وہ دوزخ میں جائیں گے۔

4210 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، أَخْبَرَنَا شَرِيكٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَرَّ بِنَا أَبُو طَيْبَةَ فِي رَمَضَانَ، فَقُلْنَا: مِنْ أَيْنَ جِئْتَ؟ قَالَ: حَجَمْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رمضان المبارک میں ہمارے پاس سے ابوطیبہ گزرے۔ ہم نے اس کو کہا تو کہاں سے آیا ہے؟ اس نے کہا، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پچھنا لگانے گیا تھا۔

4211 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ السَّدُوسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَخْشَنُ السَّدُوسِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ أَخْطَأْتُمْ حَتَّى تَمْلَأَ خَطَايَاكُمْ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، ثُمَّ اسْتَغْفَرْتُمُ اللَّهَ يَغْفِرُ لَكُمْ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، اگر تم غلطیاں کرو یہاں تک کہ اس کے ساتھ زمین و آسمان کے درمیان جو جگہ ہے وہ بھر جائے پھر تم اللہ سے بخشش طلب کرو اللہ عز وجل تم کو معاف کر دے گا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے! اگر تم غلطیاں نہ کرو

4210- الحديث في المقصد العلي برقم: **517** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **170** وقال: رواه الطبراني في الكبير، وأبو يعلى، وفيه: ليث بن أبي سليم، وهو ثقة ولكنه مدلس .

4211- الحديث في المقصد العلي برقم: **1751** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **215** وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى، ورجاله ثقات . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **239** من طريق سريج بن النعمان . والبخاري في التاريخ جلد **2** صفحه **65** من طريق موسى بن اسماعيل كلاهما حدثنا عبد المؤمن بن عبيد الله السدوسي به .

لَوْ لَمْ تُخْطِئُوا لَجَاءَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُخْطِئُونَ ثُمَّ يَسْتَغْفِرُونَ اللّٰهَ فَيَغْفِرُ لَهُمْ

گے تو اللہ عزوجل ایک قوم کو لائے گا اور تم کو لے جائے گا وہ گناہ کریں گے پھر اللہ سے معافی مانگیں گے اللہ اُن کو معاف کر دے گا۔

4212 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الْجَارُودِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَنَعَ بَعْضُ عُمُومَتِي لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا، فَقَالَ: إِنِّي أُحِبُّ أَنْ يَأْكُلَ فِي بَيْتِي وَيُصَلِّي، قَالَ: فَأَتَاهُ، وَفِي الْبَيْتِ فَحْلٌ مِنْ تِلْكَ الْفُحُولِ، فَأَمَرَ بِجَانِبٍ مِنْهُ فَكُنِسَ وَرُشَّ، فَصَلَّى وَصَلَّيْنَا مَعَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرے ایک پھوپھا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے کھانا بنایا' پس آپ نے فرمایا: میں پسند کرتا ہوں اپنے کمرے میں کھاؤں اور نماز ادا کروں۔ راوی کا بیان ہے: پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس آئے جبکہ گھر میں ان نروں میں سے ایک نر تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک طرف جھاڑو دینے کا حکم دیا اور چھڑکاؤ کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی اور ہم نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں نماز پڑھی۔

4213 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَتَانِي جِبْرِيلُ بِمِثْلِ الْمِرْآةِ الْبَيْضَاءِ فِيهَا نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ: مَا هَذِهِ؟ قَالَ: هَذِهِ الْجُمُعَةُ، جَعَلَهَا اللّٰهُ عِيدًا لَكَ وَلِأُمَّتِكَ، فَأَنْتُمْ قَبْلَ الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى، فِيهَا سَاعَةٌ لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ يَسْأَلُ اللّٰهَ فِيهَا خَيْرًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ ، قَالَ: قُلْتُ: مَا هَذِهِ النُّكْتَةُ السَّوْدَاءُ؟ قَالَ: هَذَا يَوْمُ الْقِيَامَةِ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے، ایک سفید شیشہ لے کر اس میں ایک سیاہ نکتہ تھا۔ میں نے کہا: جبرائیل علیہ السلام یہ کیا ہے؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: یہ جمعۃ المبارک ہے، اللہ عزوجل نے یہ دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اور آپ کی امت کے لیے عید کا دن بنایا ہے' تم سے پہلے یہودی اور عیسائی تھے۔ اس میں ایک ایسا وقت ہے اس وقت کوئی بندہ اللہ عزوجل سے مانگے گا کوئی بھلائی، اللہ عزوجل اس کو عطا

4212- الحديث سبق برقم: **4191** فراجعه .

4213- الحديث في المقصد العلي برقم: **1948** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**421** وقال: رواه البزار' والطبراني في الأوسط بنحوه' وأبو يعلى باختصار' ورجال أبي يعلى رجال الصحيح' وأحد اسنادي الطبراني رجاله رجال الصحيح غير عبد الرحمٰن بن ثابت بن ثوبان' وقد وثقه غير واحد وضعفه غيرهم' واسناد البزار فيه خلاف .

تَقُومُ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ، وَنَحْنُ نَدْعُوهُ عِنْدَنَا الْمَزِيدَ ، قَالَ: قُلْتُ: مَا يَوْمُ الْمَزِيدِ؟ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ جَعَلَ فِي الْجَنَّةِ وَادِيًا أَفْيَحَ، وَجَعَلَ فِيهِ كُثْبَانًا مِنَ الْمِسْكِ الْأَبْيَضِ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ يَنْزِلُ اللَّهُ فِيهِ، فَوُضِعَتْ فِيهِ مَنَابِرُ مِنْ ذَهَبٍ لِلْأَنْبِيَاءِ، وَكَرَاسِيُّ مِنْ دُرٍّ لِلشُّهَدَاءِ، وَيَنْزِلْنَ الْحُورُ الْعِينُ مِنَ الْغُرَفِ فَحَمِدُوا اللَّهَ وَمَجَّدُوهُ ، قَالَ: ثُمَّ يَقُولُ اللَّهُ: اكْسُوا عِبَادِي، فَيُكْسَوْنَ، وَيَقُولُ: أَطْعِمُوا عِبَادِي، فَيُطْعَمُونَ، وَيَقُولُ: اسْقُوا عِبَادِي، فَيُسْقَوْنَ، وَيَقُولُ: طَيِّبُوا عِبَادِي فَيُطَيَّبُونَ، ثُمَّ يَقُولُ: مَاذَا تُرِيدُونَ؟ فَيَقُولُونَ: رَبَّنَا رِضْوَانَكَ ، قَالَ: يَقُولُ: رَضِيتُ عَنْكُمْ، ثُمَّ يَأْمُرُهُمْ فَيَنْطَلِقُونَ، وَتَصْعَدُ الْحُورُ الْعِينُ الْغُرَفَ، وَهِيَ مِنْ زُمُرُّدَةٍ خَضْرَاءَ، وَمِنْ يَاقُوتَةٍ حَمْرَاءَ

کرے گا۔ میں نے کہا: یہ سیاہ نکتہ کیا ہے؟ عرض کی: یہ قیامت کا دن ہے۔ جمعہ کے دن قائم ہو گی اس حالت میں کہ ہم ان کو بلوائیں گے اپنے پاس مزید۔ میں نے کہا: مزید کا دن کیا ہے؟ عرض کی: جبرائیل علیہ السلام نے، بے شک اللہ عزوجل نے جنت میں ایک وسیع وعریض وادی بنائی ہے۔ اس میں سفید مسک سے پیالہ رکھے ہیں جب جمعہ کا دن ہوتا ہے اللہ عزوجل کی رحمت اس میں اترتی ہے اس میں انبیاء علیہم السلام کے لیے سونے کے منبر بنائے جاتے ہیں اور موتیوں کی کرسیاں شہداء کے لیے اور حور العین نکلتی ہیں وہ اللہ کی حمد اور بزرگی بیان کرتی ہیں۔ پھر اللہ عزوجل فرماتا ہے: میرے بندوں کو پہناؤ تو وہ پہنائے جاتے ہیں، اللہ فرماتا ہے، میرے بندوں کو پلاؤ وہ پلائے جاتے ہیں، فرماتا ہے، میرے بندوں کو چلواؤ وہ چلاتے ہیں، وہ فرماتا ہے: میرے بندوں کو خوشبو لگاؤ، وہ لگائے جاتے ہیں۔ پھر فرماتا ہے: وہ کیا چاہتے تھے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! سب تیری رضا چاہتے ہیں۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: میں راضی ہوں تم سے، پھر حکم دیتا ہے: وہ چلتے ہیں اور موٹی آنکھوں والی حوریں کمروں میں چڑھتی ہیں وہ کمرے سبز زمرد کے ہوں گے یا سرخ یاقوت کے۔

4214 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أَخْبَرَنَا سَلَّامٌ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ مَعْدَانَ، وَثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ كِلَاهُمَا، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: شَهِدْتُ لِرَسُولِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ولیمہ میں حاضر ہوا تھا، اس میں نہ روٹیاں تھیں اور نہ گوشت تھا۔

4214- الحديث سبق برقم: **3768** فراجعه .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيمَةً، مَا فِيهَا خُبْزٌ وَلَا لَحْمٌ

4215 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا سُكَيْنٌ، حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى الْقَطَّانُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي أَبَا سُكَيْنٍ، قَالَ: أَتَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فَقُلْتُ: أَخْبِرْنِي عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَ أَهْلَ بَيْتِهِ، فَصَلَّى بِنَا الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ، فَقَرَأَ بِنَا قِرَاءَةً هَمْسًا، فَقَرَأَ بِالْمُرْسَلَاتِ، وَالنَّازِعَاتِ، وَعَمَّ يَتَسَاءَلُونَ، وَنَحْوِهَا مِنَ السُّوَرِ

حضرت ابومسکین رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، میں نے عرض کی: مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے متعلق بتائیں؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل خانہ کو نماز کا حکم دیتے تھے، ہم کو ظہر وعصر پڑھاتے تھے، اس نماز میں سورۂ مرسلات والنازعات اور عم یتساءلون یا اس جیسی سورتیں پڑھتے۔

4216 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا سُكَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُمُرُ الذُّبَابِ أَرْبَعُونَ لَيْلَةً، وَالذُّبَابُ كُلُّهُ فِي النَّارِ إِلَّا النَّحْلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مکھیوں کی عمر چالیس رات ہوتی ہے، سب مکھیاں جہنم میں جائیں گی۔ مگر شہد کی مکھی جنت میں جائے گی۔

4217 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ سِنَانٍ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک دیہاتی کی عیادت کرنے کے لیے آئے، اس کو بخار تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ گناہوں کا

4215- الحديث في المقصد العلى برقم: **269** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **116** وقال: رواه أبو يعلى، والطبراني في الأوسط، وفيه سكين بن عبد العزيز ضعفه أبو داؤد والنسائي، ووثقه وكيع وابن معين وأبو حاتم وابن حبان .

4216- الحديث في المقصد العلى برقم: **1126** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **41** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله ثقات .

4217- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **250** من طريق عفان، حدثنا حماد بن سلمة بهذا السند . وأخرجه ابن السني في عمل اليوم والليلة برقم: **535** من طريق أبي يعلى .

وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى أَعْرَابِيٍّ يَعُودُهُ وَهُوَ مَحْمُومٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفَّارَةٌ وَطَهُورٌ، فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: بَلْ حُمَّى تَفُورُ عَلَى شَيْخٍ كَبِيرٍ تُزِيرُهُ الْقُبُورَ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَهُ

کفارہ اور پاکی کا ذریعہ ہے۔ اس دیہاتی نے کہا بلکہ ایسا بخار ہے جو بزرگ کو اور کمزور کر دے، قبر تک پہنچا دے۔ حضور ﷺ کھڑے ہوئے اور اس کو چھوڑ دیا۔

4218 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ سِنَانٍ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا ابْتَلَى اللّٰهُ الْمُسْلِمَ بِبَلَاءٍ فِي جَسَدِهِ قَالَ لِلْمَلَكِ: اكْتُبْ لَهُ صَالِحَ عَمَلِهِ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ، فَإِنْ شَفَاهُ غَسَلَهُ وَطَهَّرَهُ، وَإِنْ قَبَضَهُ غَفَرَ لَهُ وَرَحِمَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ کسی مسلمان کے جسم میں بیماری دے کر آزماتا ہے، فرشتہ سے کہا جاتا ہے کہ اس کے لیے وہی عمل لکھ دو جو تندرستی کے دنوں میں کرتا تھا۔ بے شک اس کی شفاء اس کو دھونا اور اس کو پاک کرنا ہے۔ اگر اسی حالت میں مر گیا اس کو بخش دینا اور اس پر رحم کرنا۔

4219 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ رَبِيعَةَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ابْنَةٌ لِي كَذَا وَكَذَا. فَذَكَرَتْ مِنْ حُسْنِهَا وَجَمَالِهَا، فَآثَرْتُكَ بِهَا، قَالَ: قَدْ قَبِلْتُهَا، فَلَمْ تَزَلْ تَمْدَحُهَا حَتَّى ذَكَرَتْ أَنَّهَا لَمْ تُصْدَعْ وَلَمْ تَشْتَكِ شَيْئًا قَطُّ، قَالَ: لَا حَاجَةَ لِي فِي ابْنَتِكِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی، اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میری بیٹی اس طرح اس طرح ہے، اس کے حسن و جمال کا ذکر کیا، میں اس کے بدلے آپ ﷺ کو ترجیح دیتی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اس کو قبول کرتا ہوں، وہ مسلسل اس کی تعریف کرتی رہی یہاں تک کہ اس نے ذکر کیا اس کو نہ کبھی سر درد ہوئی اور نہ کبھی وہ بیمار ہوئی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے تیری بیٹی کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

4218- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1609** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **304** وقال: رواه أبو يعلىٰ، وأحمد، ورجاله ثقات .

4219- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1593** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **94** وقال: رواه أحمد وأبو يعلىٰ ورجاله ثقات .

4220 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ سِنَانٍ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا ابْتَلَى اللَّهُ الْعَبْدَ بِبَلَاءٍ فِي جَسَدِهِ قَالَ لِلْمَلَكِ: اكْتُبْ لَهُ صَالِحَ عَمَلِهِ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ، فَإِنْ شَفَاهُ غَسَلَهُ وَطَهَّرَهُ، وَإِنْ قَبَضَهُ غَفَرَ لَهُ وَرَحِمَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ کسی مسلمان کے جسم میں بیماری دے کر آزماتا ہے، فرشتہ سے کہا جاتا ہے کہ اس کے لیے وہی عمل لکھ دو جو تندرستی کے دنوں میں کرتا تھا۔ بے شک اس کی شفاء اس کو دھونا اور اس کو پاک کرنا ہے۔ اگر اسی حالت میں مرگیا اس کو بخش دینا اور اس پر رحم کرنا۔

4221 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: انْطَلَقَتْ بِي أُمِّي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، خُوَيْدِمُكَ فَادْعُ اللَّهَ لَهُ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَأَطِلْ عُمُرَهُ، وَاغْفِرْ لَهُ، قَالَ: فَكَثُرَ مَالِي حَتَّى صَارَ يُطْعِمُ فِي السَّنَةِ مَرَّتَيْنِ، وَكَثُرَ وَلَدِي حَتَّى قَدْ دَفَنْتُ مِنْ صُلْبِي أَكْثَرَ مِنْ مِائَةٍ، وَطَالَ عُمُرِي حَتَّى قَدِ اسْتَحْيَيْتُ مِنْ أَهْلِي، وَاشْتَقْتُ لِقَاءَ رَبِّي، وَأَمَّا الرَّابِعَةَ، يَعْنِي الْمَغْفِرَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنی امی کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چلا۔ میری امی نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چھوٹا سا خادم ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے دعا کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ اس کے مال اور اولاد میں کثرت فرما اور اس کی عمر لمبی فرما اور اس کو بخش دے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا مال بہت زیادہ ہوگیا یہاں تک کہ سال میں دو مرتبہ پھل دیتا ہے۔ میری اولاد بھی بہت زیادہ ہوگئی یہاں تک کہ میں اپنی صلب سے ایک سو سے زیادہ دفن کر چکا ہوں، میری عمر بھی لمبی ہوگئی ہے یہاں تک کہ مجھے اپنے اہل خانہ سے شرم آتی ہے۔ اپنے رب سے ملاقات کا شوق رکھتا ہوں، چوتھی مغفرت ہے۔

4222 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمٍ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے میں اپنے

4220- الحديث سبق برقم: **4218** فراجعه .

4221- أخرجه مسلم جلد**2**صفحه**298** من حديث ثابت' عن أنس . والحديث سبق برقم: **4206,3315** فراجعه .

4222- الحديث في المقصد العلي برقم: **1612** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**310** وقال: قلت: هو في الصحيح خلا قوله: وان كانت واحدة .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ: إِذَا أَخَذْتُ كَرِيمَتَيْ عَبْدِي لَمْ أَرْضَ لَهُ ثَوَابًا دُونَ الْجَنَّةِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَإِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً؟ قَالَ: وَإِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً

بندے کی دو اچھی چیزیں (آنکھیں) لے لیتا ہوں اس کے لیے ثواب جنت ہی ہوگا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر ایک ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک بھی۔

4223 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمٍ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَهَّزَ جَيْشًا إِلَى الْمُشْرِكِينَ، فِيهِمْ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، أَمَّرَهُمَا وَالنَّاسُ كُلُّهُمْ، قَالَ لَهُمْ: أَجِدُّوا السَّيْرَ؛ فَإِنَّ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الْمُشْرِكِينَ مَاءً، إِنْ سَبَقَ الْمُشْرِكُونَ إِلَى ذَلِكَ الْمَاءِ شَقَّ عَلَى النَّاسِ وَغَلِبْتُمْ عَطَشًا شَدِيدًا أَنْتُمْ وَدَوَابُّكُمْ وَرِكَابُكُمْ، وَتَخَلَّفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَمَانِيَةٍ هُوَ تَاسِعُهُمْ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: هَلْ لَكُمْ أَنْ نُعَرِّسَ قَلِيلًا، ثُمَّ نَلْحَقَ بِالنَّاسِ؟، قَالُوا: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَعَرَّسُوا فَمَا أَيْقَظَهُمْ إِلَّا حَرُّ الشَّمْسِ، فَاسْتَيْقَظَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَيْقَظَ أَصْحَابُهُ، فَقَالَ لَهُمْ: قُومُوا وَاقْضُوا حَاجَتَكُمْ، فَفَعَلُوا، ثُمَّ رَجَعُوا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ مَعَ أَحَدٍ مِنْكُمْ مَاءٌ؟، قَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَيْضَأَةٌ فِيهَا شَيْءٌ مِنْ مَاءٍ، قَالَ: جِئْ بِهَا، فَجَاءَ بِهَا، فَأَخَذَهَا رَسُولُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مشرکین پر حملہ کرنے کے لیے ایک لشکر تیار فرمایا جس میں حضرات ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی تھے آپ ﷺ نے ان دونوں کو امیر بنایا حالانکہ سارے لوگ موجود تھے۔ اُن سے فرمایا: ذرا جلدی چلو! کیونکہ تمہارے اور مشرکین کے درمیان پانی ہے اگر مشرکین اس پانی تک پہنچ گئے تو لوگ مشکل میں پڑ جائیں گے۔ تمہارے اوپر تمہارے گھوڑوں اور اونٹوں پر سخت پیاس غالب آجائے گی اور آپ ﷺ آٹھ آدمیوں سمیت پیچھے رہ گئے آپ نویں تھے۔ سو آپ نے اپنے اصحاب سے فرمایا: کیا آپ تھوڑی دیر نیند کرنا چاہتے ہیں پھر ہم دوسرے لوگوں سے مل جائیں گے؟ صحابہ نے عرض کی: ہاں! ٹھیک ہے! اے اللہ کے رسول! سو سب سو گئے لیکن جاگ نہ سکے یہاں تک کہ سورج طلوع ہوگیا سب سے پہلے رسول کریم ﷺ جاگے اور پھر صحابہ کرام بھی اُٹھے آپ ﷺ نے اُن سے فرمایا: اُٹھو! قضائے حاجت کرلو سوانہوں نے قضائے حاجت کی پھر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے آپ ﷺ نے اُن سے فرمایا: تم میں

4223- الحديث في المقصد العلى برقم: **1280** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **300** وقال: رواه أبو يعلى وفيه سعيد بن سليم الضبي وثقه ابن حبان وقال: يخطئ وضعفه غيره وبقية رجاله رجال الصحيح .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَهَا بِكَفَّيْهِ وَدَعَا بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: تَعَالَوْا فَتَوَضَّئُوا، فَجَاءُوا فَجَعَلَ يَصُبُّ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى تَوَضَّئُوا، وَأَذَّنَ رَجُلٌ مِنْهُمْ وَأَقَامَ، قَالَ: فَصَلَّى بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ لِصَاحِبِ الْمَيْضَأَةِ: ازْدَهِرْ بِمَيْضَأَتِكَ، فَسَيَكُونُ لَهَا نَبَأٌ، فَرَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ قَبْلَ النَّاسِ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: مَا تَرَوْنَ النَّاسَ فَعَلُوا؟، قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ لَهُمْ: إِنَّ فِيهِمْ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ، وَسَيُرْشِدَانِ النَّاسَ، فَقَدِمَ النَّاسُ وَقَدْ سَبَقَ الْمُشْرِكُونَ إِلَى ذَلِكَ الْمَاءِ، فَشَقَّ عَلَى النَّاسِ، وَعَطِشُوا عَطَشًا شَدِيدًا وَرِكَابُهُمْ وَدَوَابُّهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيْنَ صَاحِبُ الْمَيْضَأَةِ؟، قَالَ: هَا هُوَ ذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: جِءْ بِمَيْضَأَتِكَ، فَجَاءَ بِهَا وَفِيهَا شَيْءٌ مِنْ مَاءٍ، فَقَالَ لَهُمْ كُلِّهِمْ: تَعَالَوْا فَاشْرَبُوا، فَجَعَلَ يَصُبُّ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى شَرِبُوا كُلُّهُمْ، وَسَقَوْا دَوَابَّهُمْ وَرِكَابَهُمْ، وَمَلَئُوا كُلَّ إِدَاوَةٍ وَقِرْبَةٍ وَمَزَادَةٍ، ثُمَّ نَهَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ إِلَى الْمُشْرِكِينَ، فَبَعَثَ اللّٰهُ رِيحًا فَضَرَبَتْ وُجُوهَ الْمُشْرِكِينَ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى نَصْرَهُ، وَأَمْكَنَ مِنْ أَدْبَارِهِمْ، فَقَتَلُوا مِنْهُمْ مَقْتَلَةً عَظِيمَةً، وَأَسَرُوا أُسَارَى كَثِيرَةً، وَاسْتَاقُوا غَنَائِمَ كَثِيرَةً،

سے کسی ایک کے پاس پانی ہے؟ ان میں سے ایک آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ایک لوٹا ہے اُس میں کچھ پانی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: لے آؤ! سو وہ لے آیا' پس آپ ﷺ نے وہ لیا اور اُس پر اپنے ہاتھ پھیرے اور برکت کی دعا کی پھر اپنے صحابہ سے فرمایا: آؤ! اب وضو کرلو! سو وہ آئے تو رسول کریم ﷺ نے اُن پر بذاتِ خود پانی ڈالا یہاں تک کہ اُن سب نے وضو کر لیے' اُن میں سے ایک آدمی نے اذان دی اور اقامت کہی۔ راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ نے انہیں نماز پڑھائی اور لوٹے والے سے فرمایا: اپنے لوٹے کو اپنے پاس رکھنا عنقریب اس کی ضرورت ہو گی۔ سو رسول کریم ﷺ سوار ہوئے اور آپ کے صحابہ دیگر لوگوں سے پہلے سوار ہوئے۔ سو آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: تم لوگوں کو کیا کرتے دیکھتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے۔ آپ ﷺ نے اُن سے فرمایا: بے شک اُن میں ابوبکر وعمر ہیں' وہ دونوں عنقریب لوگوں کی راہنمائی فرمائیں گے۔ سو لوگ آئے' اس حال میں کہ مشرکین اُس پانی تک اُن سے پہلے پہنچ چکے تھے' سو یہ بات لوگوں پر شاق گزری' انہیں سخت پیاس لگی' اُن کے اونٹ بھی پیاسے تھے' گھوڑے بھی پیاسے تھے' سو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: وہ لوٹے والا کہاں ہے؟ اس آدمی نے آگے بڑھ کر عرض کی: حضور! میں موجود ہوں! آپ ﷺ نے فرمایا: اپنا لوٹا لاؤ! سو وہ لے آیا' اس میں تھوڑا سا پانی تھا۔ سو آپ ﷺ نے اُن سب سے فرمایا:

وَرَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ وَافِرِينَ صَالِحِينَ

آ جاؤ! اپنی پیاس بجھاؤ! آپ ﷺ نے اُن پر پانی ڈالنا شروع کر دیا حتیٰ کہ وہ سب سیراب ہو گئے' اپنے گھوڑوں کو اور اپنے اونٹوں کو بھی پانی پلا لیا' اپنے سارے برتن' مشکیں اور توشہ دان بھی بھر لیے' پھر رسول کریم ﷺ اُٹھے اور آپ کے صحابہ بھی مشرکین کی طرف گئے' سو اللہ نے ایک ہوا (آندھی) بھیجی' اس نے مشرکین کے منہ پھیر دیئے' اللہ تعالیٰ نے اپنی نصرت اتاری اور ان کے پیچھے لگا دی۔ سو اُن میں سے بہت سے قتل ہوئے اور بہت سارے قیدی ہوئے' بہت سارا مالِ غنیمت پایا اور رسول کریم ﷺ اور دوسرے لوگ وہاں سے خوشی خوشی واپس آئے۔

4224 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمٍ الضَّبِّيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرَ، أَوْ غَزَا، أَرْدَفَ كُلَّ يَوْمٍ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِهِ، قَالَ: فَكَانَ رَدِيفُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، فَنَادَاهُ وَهُوَ رَدِيفُهُ فَقَالَ: يَا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: هَلْ تَدْرِي مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ؟ أَنْ يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَأَنْ يَعْبُدُوهُ لَا يُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، فَكَرَّرَ هَذَا الْحَدِيثَ ثَلَاثَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب سفر پر جاتے یا جہاد کے لیے، ہر دن صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی کو پیچھے بٹھا لیتے۔ ایک دن حضور ﷺ کے پیچھے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ تھے، آپ ﷺ نے ان کو نداء دی اُس حالت میں کہ آپ ﷺ کے پیچھے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے معاذ بن جبل! انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں حاضر ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ اللہ کا حق بندہ پر کیا ہے؟ کہ وہ گواہی دے اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ واشھد ان محمد عبدہ ورسولہ، اس کی عبادت کرے اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے، یہ بات تین مرتبہ مکرر کی۔

4224- أخرجه أحمد جلد 5 صفحه 242 . ومسلم رقم الحديث: 30 من طريق همام، عن قتادة عن أنس . وأخرجه البخاري رقم الحديث: 128 . ومسلم رقم الحديث: 32 بنحوه من طريق معاذ بن هشام، حدثني أبي، عن قتادة به .

مَرَّاتٍ، ثُمَّ نَادَى فَقَالَ: يَا مُعَاذُ، قَالَ: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: هَلْ تَدْرِي مَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ إِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ، قَالَ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: فَإِنَّ حَقَّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ إِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ أَنْ لَا يُعَذِّبَهُمْ، وَأَنْ يُدْخِلَهُمُ الْجَنَّةَ

پھر پکارا: اے معاذ! عرض کی: یا رسول اللہ! حاضر ہوں! فرمایا: بندہ کا حق اللہ پر یہ ہے کہ جب وہ توحید رسالت کا اقرار کرے اس نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول زیادہ جانتے ہیں! آپ نے فرمایا: بندوں کا حق اللہ پر یہ ہے کہ جب وہ یہ کریں تو اس کو عذاب نہ دے اور ان کو جنت میں داخل کرے۔

4225 - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، حَدَّثَنَا زُرْبِيٌّ أَبُو يَحْيَى، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان والوں میں سے سب سے زیادہ مکمل ایمان بااخلاق آدمی کا ہے۔

4226 - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا زُرْبِيٌّ أَبُو يَحْيَى، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ رَفَعَ رَأْسَهُ فَإِذَا هُوَ شَيْخٌ قَدْ أَقْبَلَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يُوَقِّرْ كَبِيرَنَا، وَيَرْحَمْ صَغِيرَنَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے اچانک آپ نے سر اُٹھایا تو دیکھا کہ ایک بزرگ آ رہا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ہم میں سے نہیں ہے جو ہمارے بڑوں کا احترام نہ کرے اور بچوں پر شفقت نہ کرے۔

4227 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، حَدَّثَنَا زُرْبِيٌّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: جَاءَ شَيْخٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَتِهِ فَأَبْطَئُوا عَنِ الشَّيْخِ أَنْ يُوَسِّعُوا لَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک بزرگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اپنی کسی ضرورت کے لیے آئے آپ نے اس بزرگ کی جلدی جلدی ضرورت پوری کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو ہمارے بچوں پر شفقت نہ کرے اور

4225- الحديث سبق برقم: **4151** فراجعه .

4226- الحديث سبق برقم: **3476** .

4227- الحديث سبق برقم: **4226** فراجعه .

وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا، وَيُوَقِّرْ كَبِيرَنَا

بزرگوں پر رحم نہ کرے۔

4228 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَرَّادِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجِيبُ الْعَبْدَ، وَيَعُودُ الْمَرِيضَ، وَيَرْكَبُ الْحِمَارَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم غلام کی دعوت قبول کرتے اور مریض کی عیادت کرتے اور گدھے پر سوار ہوتے تھے۔

4229 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْأَشْعَثِ، أَخْبَرَنِي عِيسَى بْنُ صَدَقَةَ بْنِ عَبَّادٍ الْيَشْكُرِيُّ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِي عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَقُلْنَا لَهُ: حَدِّثْنَا حَدِيثًا يَنْفَعُنَا اللّٰهُ بِهِ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَمُوتَ وَلَا دَيْنَ عَلَيْهِ فَلْيَفْعَلْ، فَإِنِّي رَأَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُتِيَ بِجَنَازَةِ رَجُلٍ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ، فَقَالَ: لَا أُصَلِّي عَلَيْهِ حَتَّى تَضْمَنُوا دَيْنَهُ، فَإِنَّ صَلَاتِي عَلَيْهِ تَنْفَعُهُ، فَلَمْ يَضْمَنُوا دَيْنَهُ، وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ، وَقَالَ: إِنَّهُ مُرْتَهَنٌ فِي قَبْرِهِ

حضرت عیسیٰ بن صدقہ بن عباد یشکری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے باپ کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، ہم نے آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی: ہم کو حدیث بیان کریں۔ اللہ عزوجل اس کے ذریعے ہم کو نفع دے۔ آپ رضی اللہ عنہ سے میں نے سنا، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو تم میں سے طاقت رکھے کہ اس حالت میں مرے کہ اس پر قرض نہ ہو وہ ایسا ضرور کرے۔ بے شک میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی کا جنازہ لایا گیا۔ اس کے ذمہ قرض تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی اس وقت تک نماز جنازہ نہیں پڑھوں گا جب تک تم اس کے قرض کی ضمانت نہ دے دو۔ کیونکہ (تبھی) میری نماز پڑھنا اس کو نفع دے گی۔ انہوں نے قرض کی ضمانت نہ دی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اپنی قبر میں قرض کے بدلے

4228- أخرجه عبد بن حُميد: **1229** قال: أخبرنا يزيد بن هارون' قال: أخبرنا شعبة . وفي رقم الحديث: **1230** قال: أخبرنا جعفر بن عون .

4229- الحديث في المقصد العلي برقم: **696** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**39** وقال: رواه أبو يعلىٰ' وعيسىٰ وثقه أبو حاتم وضعفه غيره .

گروی رہے گا۔

4230 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ، قَالَ: حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ صَدَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ: اتَّقُوا اللّٰهَ، وَأَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَى أَهْلِهَا، قَالَ: أَبُو يَعْلَى: وَأَكْبَرُ ظَنِّي أَنَّ الْمُعَلَّى حَدَّثَنِي بِهِ، عَنْ عِيسَى، وَلَكِنْ لَمْ أَجِدْ

حضرت عیسیٰ بن صدقہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ سے ڈرو اور امانتیں اُن کے مالکوں کو واپس کر دو۔

جَعْفَرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت جعفر بن عمرو بن امیہ کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

4231 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ أَبِي ذَرَّةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُعَمَّرُ فِي الْإِسْلَامِ أَرْبَعِينَ سَنَةً إِلَّا صَرَفَ اللّٰهُ عَنْهُ ثَلَاثَةَ أَنْوَاعٍ مِنَ الْبَلَاءِ: الْجُذَامُ، وَالْجُنُونُ، وَالْبَرَصُ، فَإِذَا بَلَغَ الْخَمْسِينَ لَيَّنَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْحِسَابَ، فَإِذَا بَلَغَ السِّتِّينَ رَزَقَهُ اللّٰهُ الْإِنَابَةَ بِمَا يُحِبُّ، فَإِذَا بَلَغَ السَّبْعِينَ أَحَبَّهُ اللّٰهُ وَأَحَبَّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، فَإِذَا بَلَغَ الثَّمَانِينَ قَبِلَ اللّٰهُ حَسَنَاتِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مسلمان نے بھی اسلام میں چالیس سال عمر پائی‘ اللہ تعالیٰ اس سے تین بیماریاں ختم کر دے گا: (۱) جذام (۲) جنون (۳) برص۔ پس جب اس نے پچاس سال عمر پائی تو اللہ اس پر حساب آسان کرے گا‘ جب ساٹھ سال عمر پائی‘ اسے اپنی پسندیدہ توبہ نصیب کرے گا‘ جب ستر سال کا ہوگا تو اللہ اور آسمان والے اس سے محبت کریں گے‘ جب اسی سال عمر پائی تو اللہ تعالیٰ اس کی نیکیاں قبول فرمائے گا اور اس کی بُرائیوں سے درگزر کرے گا‘ جب نوے سال عمر پائی

4230- الخبر فی المقصد العلی برقم: 691 . وأورده الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد4صفحه145 وقال: رواه أبو یعلیٰ‘ وفیه عیسیٰ بن صدقة .

4231- الحدیث فی المقصد العلی برقم: 1762 . وانظر الحدیث فی المجروحین جلد3صفحه132 . ومسند أحمد جلد3صفحه218,217 . واللآلئ المصنوعة جلد1صفحه38 .

وَتَجَاوَزَ عَنْ سَيِّئَاتِهِ، فَإِذَا بَلَغَ التِّسْعِينَ غَفَرَ اللَّهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ، وَسُمِّيَ أَسِيرَ اللَّهِ فِي الْأَرْضِ، وَشَفَعَ لِأَهْلِ بَيْتِهِ

تو اسکے اگلے پچھلے گناہ معاف فرمائے گا اور زمین میں اس کا نام ہوگا: ''اللہ کا قیدی'' اور اپنے گھر والوں کی سفارش کرنے کا حقدار ہوگا۔

4232 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، نَحْوَهُ، قَالَ أَبُو خَيْثَمَةَ: قَالَ أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ: أَنَا أَسِيرُ اللَّهِ فِي أَرْضِهِ

حضرت انس بن عیاض رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اس زمین میں اللہ کا قیدی ہوں۔

4233 - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْجُدِّيُّ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الْمَوَالِ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرٍو الضَّمْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ عَمَّرَهُ اللَّهُ أَرْبَعِينَ سَنَةً فِي الْإِسْلَامِ كَفَّ اللَّهُ عَنْهُ أَنْوَاعَ الْبَلَاءِ: الْجُذَامِ، وَالْبَرَصِ، وَخَتْرِ الشَّيْطَانِ، وَمَنْ عَمَّرَهُ اللَّهُ خَمْسِينَ فِي الْإِسْلَامِ لَيَّنَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْحِسَابَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ عَمَّرَهُ اللَّهُ سِتِّينَ سَنَةً فِي الْإِسْلَامِ رَزَقَهُ اللَّهُ الْإِنَابَةَ إِلَى اللَّهِ بِمَا يُحِبُّ اللَّهُ، وَمَنْ عَمَّرَهُ اللَّهُ سَبْعِينَ سَنَةً فِي الْإِسْلَامِ أَحَبَّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ وَأَهْلُ الْأَرْضِ، وَمَنْ عَمَّرَهُ اللَّهُ ثَمَانِينَ سَنَةً فِي الْإِسْلَامِ مَحَا اللَّهُ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَكَتَبَ حَسَنَاتِهِ، وَمَنْ عَمَّرَهُ اللَّهُ تِسْعِينَ سَنَةً فِي الْإِسْلَامِ غَفَرَ اللَّهُ ذُنُوبَهُ، وَكَانَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی کو اللہ تعالیٰ نے اسلام میں چالیس سال عمر عطا فرمائی تو اس سے جذام' برص اور شیطان کے جی بگاڑنے جیسی بلاؤں کو روک لیتا ہے اور جس کو پچاس سال عمر دے' قیامت کے دن اس پر حساب میں آسانی فرمائے گا' جس کو ساٹھ سال اسلامی زندگی عنایت فرمائے' اس کو اپنی طرف رجوع کی توفیق ارزانی فرمائے گا' اس چیز کے ساتھ جو اسے پسند ہے' جس کو ستر سال اسلامی زندگی نصیب ہوگی' اسے آسمان و زمین والے اپنا محبوب بنالیں گے' جس کو اسّی سال اسلامی زندگی ملے تو اللہ تعالیٰ اس کی بُرائیوں کو مٹا دے گا' صرف اس کی نیکیاں لکھی جائیں گی اور جس بندے کو نوّے سال اسلامی زندگی میسر آ گئی تو اللہ تعالیٰ اس کے جملہ گناہ بخش دے گا' وہ زمین میں صرف اللہ کا قیدی شمار ہوگا اور قیامت کے دن اسے اپنے گھر والوں کی سفارش کرنے کا حق دیا جائے گا۔

4232- الحديث سبق برقم: 4231 فراجعه .

4233- الحديث سبق برقم: 4232,4231 فراجعه .

أَسِيرَ اللّٰهِ فِي أَرْضِهِ، وَشَفِعَ لِأَهْلِ بَيْتِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

4234 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلَانِ مِنْ أَهْلِ حَرَّانَ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَكَانَا عِنْدِي ثِقَةً، عَنْ زُفَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُعَمَّرٍ يُعَمَّرُ فِي الْإِسْلَامِ أَرْبَعِينَ سَنَةً إِلَّا دَفَعَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنْوَاعَ الْبَلَاءِ: الْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ، وَالْبَرَصِ، فَإِذَا بَلَغَ الْخَمْسِينَ هَوَّنَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْحِسَابَ، فَإِذَا بَلَغَ السِّتِّينَ رَزَقَهُ اللّٰهُ الْإِنَابَةَ إِلَى اللّٰهِ بِمَا يُحِبُّ اللّٰهُ، فَإِذَا بَلَغَ السَّبْعِينَ أَحَبَّهُ اللّٰهُ وَأَحَبَّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، فَإِذَا بَلَغَ الثَّمَانِينَ كُتِبَتْ حَسَنَاتُهُ وَمُحِيَتْ سَيِّئَاتُهُ، فَإِذَا بَلَغَ التِّسْعِينَ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ، وَكَانَ أَسِيرَ اللّٰهِ فِي أَرْضِهِ، وَشَفِعَ فِي أَهْلِ بَيْتِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی عمر رسیدہ آدمی جس کو اسلام میں زندگی گزارنے کا موقع ملا' اللہ تعالیٰ اس سے جنون' جذام اور برص جیسی بلائیں دور فرما دے گا۔ پس جب وہ پچاس سال کو پہنچ گیا تو اللہ تعالیٰ اس پر حساب آسان کر دے گا' جب وہ ساٹھ سال کا ہو گیا تو اللہ تعالیٰ اپنی پسند کے مطابق اسے اپنی طرف رجوع کرنا نصیب فرمائے گا۔ پس جب وہ ستر سال کا ہوا تو اللہ تعالیٰ اور آسمان والے اسے اپنا محبوب بنائیں گے' پس جب اسی سال کا ہو گیا تو اس کی صرف نیکیاں لکھی جائیں گی' برائیاں مٹا دی جائیں گی۔ پس جب نوے سال کا ہوا تو اللہ تعالیٰ اس کے سابقہ تمام گناہ بخش دے گا اور بعد میں ہونے والے بھی اور وہ اللہ کی زمین میں اس کا محبّ ہو گا اور اپنے گھر والوں کا سفارشی ہو گا۔

قَالَ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، وَأَخْبَرَنِي أَيْضًا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي الْحَكَمِ الْمَدَنِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، بِمِثْلِ حَدِيثِ الْحَرَّانِيَّيْنِ

حضرت یحییٰ بن سلیم فرماتے ہیں: مجھے عبداللہ بن عثمان نے حضرت سعد بن ابی حکم المدنی محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حرانیین کی طرح حدیث روایت کی ہے۔

سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ أَنَسٍ

حضرت سعد بن سنان کی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

4234- الحديث سبق برقم: 4233,4232,4231 فراجعه .

بْنِ مَالِكٍ سے روایت کردہ احادیث

4235 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ سِنَانٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُقْبَلُ صَدَقَةٌ مِنْ غُلُولٍ، وَلَا صَلَاةٌ بِغَيْرِ طُهُورٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مال (غنیمت) سے چوری کیے ہوئے مال سے صدقہ قبول نہیں ہوتا ہے اور نماز بغیر وضو کے قبول نہیں ہوتی۔

4236 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ يَقُولُ: مَا هُوَ بِمُؤْمِنٍ مَنْ لَمْ يَأْمَنْ جَارُهُ بَوَائِقَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی بھی اس وقت تک کامل ایمان والا نہیں ہو سکتا ہے، جب تک اس کے شر سے اس کا پڑوسی محفوظ نہ رہے۔

4237 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عِظَمُ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑی جزا بڑی آزمائش کے ساتھ ہے۔

4238 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ *سَعْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل جب کسی بندہ کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو اس کے گناہ کی

4235- الحديث في المقصد العلى برقم: **118** .

4236- الحديث في المقصد العلى برقم: **1007** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **169** وقال: رواه أبو يعلى وفيه ابن اسحاق وهو مدلس .

4237- الحديث سبق برقم: **4207** فراجعه .

4238- أخرجه الترمذيي رقم الحديث: **2396** قال: حدثنا قتيبة قال: حدثنا الليث، عن يزيد بن أبي حبيب، عن سعد بن سنان فذكره .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَجَّلَ لَهُ الْعُقُوبَةَ فِي الدُّنْيَا، وَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ شَرًّا أَمْسَكَ عَلَيْهِ بِذَنْبِهِ حَتّٰى يُوَافِيَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ،

دنیا ہی میں سزا دے دیتا ہے جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ نیکی کا ارادہ نہیں کرتا ہے اس سے گناہ معاف ہونے والی سزا نہیں دیتا ہے۔ یہاں تک کہ قیامت کے دن اللہ عزوجل اس کو گناہوں کا پورا بدلہ دے گا۔

4459 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَاطِبٍ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَزِيرَةٍ قَدْ طَبَخْتُهَا لَهُ، فَقُلْتُ لِسَوْدَةَ - وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنِي وَبَيْنَهَا -: كُلِي، فَأَبَتْ، فَقُلْتُ: لَتَأْكُلِنَّ أَوْ لَأُلَطِّخَنَّ وَجْهَكِ، فَأَبَتْ، فَوَضَعْتُ يَدِي فِي الْخَزِيرَةِ، فَطَلَيْتُ وَجْهَهَا، فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعَ بِيَدِهِ لَهَا، وَقَالَ لَهَا: الْطَخِي وَجْهَهَا، فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهَا، فَمَرَّ عُمَرُ، فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، يَا عَبْدَ اللّٰهِ، فَظَنَّ أَنَّهُ سَيَدْخُلُ، فَقَالَ: قُومَا فَاغْسِلَا وُجُوهَكُمَا، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَا زِلْتُ أَهَابُ عُمَرَ لِهَيْبَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس (قیمہ اور آٹے سے تیارشدہ) شوربہ لائی جس کو میں نے آپ ﷺ کے لیے پکایا تھا۔ میں نے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا سے کہا (اس حالت) میں کہ حضور ﷺ میرے اور ان کے درمیان تھے کہ آپ رضی اللہ عنہا اسے کھائیں پس اُنہوں نے انکار کر دیا تو میں نے ان سے کہا: آپ ضرور کھائیں ورنہ میں آپ رضی اللہ عنہا کے چہرے پر مل دوں گی اور حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے انکار کر دیا۔ میں نے خزیرہ میں اپنا ہاتھ رکھا۔ میں نے ان کے منہ پر مل دیا۔ حضور ﷺ مسکرائے، آپ ﷺ نے حضرت سودہ کے ہاتھ پر شوربہ رکھا اور فرمایا: تو اس کے منہ پر مل دے۔ حضور ﷺ پھر مسکرائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا گزر ہوا، آپ ﷺ کہنے لگے: اے عبداللہ! اے عبداللہ! گمان یہ کیا کہ آپ رضی اللہ عنہ داخل ہوں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: دونوں کھڑی ہو جاؤ۔ اپنے اپنے چہرے دھو لو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی

4459- الحديث في المقصد العلي برقم: **792** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **316,315** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

ہیں کہ مجھے مسلسل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ہیبت سے ڈر لگتا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیبت سے زیادہ۔

4460 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ رُمِيَ فِي أَكْحَلِهِ، فَضَرَبَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِبَاءً فِي الْمَسْجِدِ لِيَعُودَهُ مِنْ قَرِيبٍ، فَقَالَ سَعْدٌ: اللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنَّ أَحَبَّ النَّاسِ إِلَيَّ قِتَالًا قَوْمٌ كَذَّبُوا نَبِيَّكَ، وَأَخْرَجُوهُ، وَفَعَلُوا وَفَعَلُوا، وَإِنِّي أَظُنُّ أَنْ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ أَبْقَيْتَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ حَرْبًا فَأَبْقِنِي لَهُمْ، وَإِنْ كُنْتَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَافْجُرْ هَذَا الْكَلْمَ، وَاجْعَلْ مَوْتِي فِيهِ، فَبَيْنَمَا هُوَ ذَاتَ لَيْلَةٍ إِذِ انْفَجَرَ كَلْمُهُ مِنْ لَبَّتِهِ، وَإِلَى جَنْبِهِ أَهْلُ خِبَاءٍ، فَسَالَ الدَّمُ حَتَّى دَخَلَ الْخِبَاءَ فَنَادَوْهُمْ: يَا أَهْلَ الْخِبَاءِ، مَا هَذَا الَّذِي يَجِيئُنَا مِنْ قِبَلِكُمْ؟ فَنَظَرُوا فَإِذَا سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ قَدِ انْفَجَرَ كَلْمُهُ مِنْ لَبَّتِهِ، وَإِذَا لِدَمِهِ هَدِيرٌ وَدَوِيٌّ، قَالَ: فَمَاتَ عَنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ کے بازو کی رگوں میں تیر مارا گیا‘ پس اُن کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبوی میں خیمہ لگوایا تاکہ قریب سے اُن کی عیادت کرسکیں‘ پس حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی آواز آئی: اے اللہ! تُو جانتا ہے کہ میرے نزدیک سب سے زیادہ پسند اُس قوم سے جنگ کرنا ہے جنہوں نے (سب سے پہلے) تیرے نبی کو جھٹلایا اور آپ کو وہاں سے نکال دیا اور انہوں نے یہ کیا اور انہوں نے وہ کیا۔ اور میرا گمان ہے کہ اُن کے اور ہمارے درمیان جنگ برپا ہوگی‘ اے اللہ! اگر تُو ہمارے اور ان کے درمیان جنگ باقی رکھے تو مجھے اُن کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے باقی رکھنا اور اگر تُو ہمارے اور اُن کے درمیان جنگ برپا ہونا مقدر کر چکا ہے تو اس زخم سے خوت جاری فرما دے اور میری موت اسی جنگ میں لکھ دے۔ پس اسی دوران ایک رات اُن کے زخم سے خون جاری ہوگیا جبکہ اُن کے پہلو میں اہل خیمہ تھے۔ پس اُن کا خون بہا یہاں تک کہ خیمہ میں داخل ہوگیا‘ پس اُس خیمہ والوں نے آواز دی: اے خیمہ والو! یہ کیا ہے جو تمہاری طرف سے ہمارے پاس آ رہا ہے؟ پس انہوں نے غور سے دیکھا‘

4460- اخرجه البخاری جلد5صفحه144,72 قال: حدثنی زکریاء بن یحییٰ . قال: حدثنا ابن نُمیر . ومسلم جلد 5 صفحه1616 قال: حدثنا أبو کریب . قال: حدثنا ابن نمیر (ح) وحدثنا علی ابن الحسین بن سلیمان الکوفی . قال: حدثنا عبدة .

پس حضرت سعد بن معاذ کے زخم سے خون کے فوارے نکل رہے تھے اور اُدھر اُن کا خون جاری ہو کر بہہ رہا تھا۔ راوی کا بیان ہے: اسی سے اُن کی موت واقع ہوئی۔

4461 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي مَرَضِهِ: لِيَؤُمَّ النَّاسَ أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ لِحَفْصَةَ: قُولِي لَهُ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ رَقِيقُ الْقَلْبِ، وَإِنَّهُ إِذَا قَامَ مَقَامَكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَمُرْ عُمَرَ فَلْيَؤُمَّ النَّاسَ، فَقَالَتْ حَفْصَةُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لِيَؤُمَّ النَّاسَ أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ لِحَفْصَةَ مِثْلَ مَقَالَتِهَا الْأُولَى، فَقَالَ: لِيَؤُمَّ النَّاسَ أَبُو بَكْرٍ، فَأَعَادَتْ عَائِشَةُ لِحَفْصَةَ مِثْلَ مَقَالَتِهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: دَعِينِي، إِنَّكُنَّ لَأَنْتُنَّ صَوَاحِبُ يُوسُفَ، لِيَؤُمَّ النَّاسَ أَبُو بَكْرٍ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حالتِ مرض میں فرمایا: لوگوں کو امامت ابوبکر کروائیں۔ حضرت عائشہ نے حضرت حفصہ سے کہا: آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہیں کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نرم دل آدمی ہیں اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جگہ پر کھڑے ہوں گے تو لوگ اس کے رونے کی وجہ سے آواز نہیں سن سکیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عمر کو حکم دیں کہ وہ امامت کریں۔ حضرت حفصہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کو امامت حضرت ابوبکر ہی کروائیں گے۔ حضرت عائشہ نے حضرت حفصہ سے پہلی والی ہی بات کہی۔ حضرت حفصہ نے دوبارہ عرض کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی جواب دیا۔ اور فرمایا: مجھے چھوڑ دو تم یوسف علیہ السلام کی صواحب کی طرح باتیں کرتی ہو، لوگوں کو امامت ابوبکر ہی کروائیں گے۔

4462 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، بِمِثْلِهِ، ثُمَّ قَالَ ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ: وَأَيَّةُ خِلَافَةٍ أَبْيَنُ مِنْ هَذَا

حضرت ابن ابی ملیکہ' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس کی مثل روایت کرتی ہیں' پھر ابن ملیکہ نے فرمایا: خلافت کی نشانی میں نے اس سے واضح کی ہے۔

4461- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه **123** عن هشام بن عروة . وأحمد جلد **6** صفحه **96** قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا حماد بن سلمة' عن هشام بن عروة .

4462- الحديث سبق برقم: **4461** فراجعه .

4463 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ فِي حُجْرَتِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز پڑھتے تھے اس حالت میں کہ سورج میرے گھر میں چمک رہا ہوتا تھا' سایہ ظاہر نہیں ہوتا تھا۔

4464 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَغْتَسِلَ مِنَ الْجَنَابَةِ غَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَخَذَ الْمَاءَ بِيَمِينِهِ، ثُمَّ يُفْرِغُهُ عَلَى يَسَارِهِ فَيَغْسِلُ فَرْجَهُ حَتَّى يُنْقِيَهُ، ثُمَّ يَغْسِلُ يَسَارَهُ غُسْلًا حَسَنًا، ثُمَّ يُمَضْمِضُ ثَلَاثًا، وَيَسْتَنْشِقُ ثَلَاثًا، وَيَغْسِلُ وَجْهَهُ، وَيَغْسِلُ ذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، ثُمَّ يَصُبُّ عَلَى رَأْسِهِ الْمَاءَ ثَلَاثًا، ثُمَّ يَغْسِلُ جَسَدَهُ، فَإِذَا فَرَغَ مِنْ مُغْتَسَلِهِ غَسَلَ قَدَمَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم غسل جنابت کرنے کا ارادہ کرتے تو تین مرتبہ اپنے دونوں ہاتھ دھوتے' پھر اپنے دائیں ہاتھ سے پانی لیتے' پھر اس کو اپنے بائیں ہاتھ پر ڈالتے' اس کے بعد اپنی شرمگاہ دھوتے یہاں تک کہ اس کو صاف کرتے' پھر بائیں ہاتھ کو اچھی طرح دھوتے' پھر تین مرتبہ کلّی کرتے اور تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالتے اور اپنے چہرے کو دھوتے اور اپنی کلائیاں تین مرتبہ دھوتے' پھر اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتے' پھر اپنے جسم کو دھوتے' جب غسل سے فارغ ہوتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو دھوتے۔

4465 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَغْتَسِلَ مِنَ الْجَنَابَةِ تَوَضَّأَ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ فَيَتَتَبَّعُ أُصُولَ الشَّعْرِ بِيَدِهِ الْأَيْمَنِ مِنْ شِقِّهِ، وَيَأْخُذُ بِيَسَارِهِ فَيَتَتَبَّعُ أُصُولَ الشَّعْرِ مِنْ شِقِّهِ الْأَيْسَرِ، حَتَّى إِذَا ظَنَّ أَنَّهُ اسْتَبْرَأَ الْبَشَرَةَ كُلَّهَا صَبَّ عَلَى رَأْسِهِ، قَالَ هِشَامٌ: غَيْرَ أَنَّهُ يَبْدَأُ قَبْلَ ذَلِكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب غسل جنابت کرنے کا ارادہ کرتے تو نماز جیسا وضو کرتے' پھر اپنے ہاتھ کو برتن میں داخل کرتے' اپنے دائیں ہاتھ سے دائیں جانب والے بالوں کو گیلا کرتے' اس کے بعد اپنے سر کے بائیں جانب والے بالوں کو گیلا کرتے' جب آپ کو یقین ہو جاتا کہ سارے جسم تک پانی پہنچ گیا تو اپنے سر پر پانی ڈالتے۔ ہشام فرماتے ہیں: آپ اس سے پہلے اپنے ہاتھ کو تین مرتبہ

4463- الحديث سبق برقم: 4403 فراجعه .

4464- الحديث سبق برقم: 4413 فراجعه .

4465- الحديث سبق برقم: 4464,4413 فراجعه .

بِغُسْلِ يَدَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَبِغُسْلِ فَرْجِهِ

دھوتے تھے اور اپنی شرمگاہ کو دھوتے تھے۔

4466 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَعَاصِمِ الْأَحْوَلِ، عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، قَالَ عَاصِمٌ: قَالَتْ عَائِشَةُ: فَيُبَادِرُنِي مُبَادَرَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن میں غسل کرتے تھے۔ حضرت عاصم فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے جلدی جلدی کرتے۔

4467 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن میں غسل کرتے تھے۔

4468 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي فَوَجَدَ الْقَرَّ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، أَرْخِي عَلَيَّ مِرْطَكِ، قَالَتْ: إِنِّي حَائِضٌ، قَالَ: عِلَّةً وَبُخْلًا؟ إِنَّ حَيْضَتَكِ لَيْسَتْ فِي يَدَيْكِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے' آپ نے ٹھنڈک پائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! مجھ پر اپنی چادر لٹکا دو، آپ نے عرض کی: میں حالتِ حیض میں ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیماری اور بخل؟ تیرے ہاتھ میں حیض نہیں ہے۔

4469 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ أَبِي حُبَيْشٍ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي امْرَأَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ بنت ابی حبیش رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! میں استحاضہ والی عورت ہوں' میں نماز اس دوران چھوڑ دوں؟

4466- اخرجه الحميدى رقم الحديث: **168** قال: حدثنا سفيان . قال: حدثنا عاصم الأحول . وأحمد جلد **6** صفحه **91** قال: حدثنا هاشم بن القاسم . قال: حدثنا المبارك . قال: حدثني أمي . وفي جلد **6** صفحه **103** قال: حدثنا أبو سعيد وعبد الصمد . قالا: حدثنا ثابت أبو زيد . قال: حدثنا عاصم .

4467- الحديث سبق برقم جلد **2** صفحه **44** فراجعه .

4468- الحديث في المقصد العلي برقم: **336** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **50,49** وقال: رواه أبو يعلى واسناده حسن .

4469- الحديث سبق برقم: **4393,4388** فراجعه .

أُسْتَحَاضُ، فَأَتْرُكُ الصَّلَاةَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا ذَاكَ عِرْقٌ، وَلَيْسَتْ بِحَيْضَةٍ، فَإِذَا أَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَاتْرُكِي الصَّلَاةَ، وَإِذَا ذَهَبَ فَوْرُهَا فَاغْسِلِي الدَّمَ عَنْكِ وَتَوَضَّئِي وَصَلِّي

حضور ﷺ نے فرمایا: یہ ایک رگ پھٹی ہے اور یہ حیض نہیں ہے جب حیض آئے تو تو نماز چھوڑ دے جب وہ چلا جائے تو خون دھولے اور وضو کر اور نماز پڑھ۔

4470 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ بَابَنُوسَ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنَالُ مِنْ رَأْسِي وَأَنَا حَائِضٌ وَبَيْنِي وَبَيْنَهُ ثَوْبٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے سر کو چھوتے تھے اس حال میں کہ میں حیض کی حالت میں ہوتی۔ میرے اور آپ ﷺ کے درمیان فرق ایک کپڑے کا ہوتا تھا۔

4471 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: نَاوِلِينِي الْخُمْرَةَ، قَالَتْ: إِنِّي حَائِضٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ حَيْضَتَكِ لَيْسَتْ فِي يَدَيْكِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا کہ مجھے چٹائی پکڑاؤ' میں نے عرض کی: میں حیض کی حالت میں ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے ہاتھ میں حیض نہیں ہے۔

4472 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز پڑھتے تھے تو پوری پڑھتے تھے (یعنی تعدیل ارکان

4470- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 31 قال: حدثنا مرحوم بن عبد العزيز . وفي جلد 6 صفحه 187 قال: حدثنا عبد الرحمن بن مهدى' عن حماد بن سلمة وفي جلد 6 صفحه 219 قال: حدثنا بهز .

4471- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 229,45 قال: حدثنا أبو معاوية . قال: حدثنا الأعمش . وفي جلد 6 صفحه 101 قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا شعبة . قال: سليمان الأعمش أخبرني .

4472- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 61 . ومسلم رقم الحديث: 875 . والنسائي رقم الحديث: 579 من طرق عن محمد بن أبي حرملة قال: أخبرني أبو سلمة . وأخرجه البخاري رقم الحديث: 591 . ومسلم رقم الحديث: 835 . والحميدي رقم الحديث: 194 . والنسائي رقم الحديث: 575 من طرق عن هشام بن عروة' عن أبيه عن عائشة .

أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى صَلَاةً أَثْبَتَهَا

وغیرہ مکمل کرتے تھے)۔

4473 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَأَنَا مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ كَاعْتِرَاضِ الْجَنَازَةِ تَحْتَ قَطِيفَتِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے اس حالت میں کہ میں آپ کے اور قبلہ کے درمیان لیٹی ہوتی تھی' جس طرح کہ جنازہ پڑا ہوتا ہے، چادر کے نیچے۔

4474 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: أَجَعَلْتُمُونَا بِمَنْزِلَةِ الْكَلْبِ وَالْحِمَارِ؟ لَقَدْ رَأَيْتُنِي تَحْتَ كِسَائِي بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ وَهُوَ يُصَلِّي، فَأَكْرَهُ أَنْ أَسْنَحَ بَيْنَ يَدَيْهِ حَتَّى أَنْسَلَّ مِنْ تَحْتِ الْكِسَاءِ انْسِلَالًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ کیا تم نے ہم کو کتے اور گدھے کی طرح بنا لیا ہے؟ میرے نیچے چادر ہوتی تھی' (میں) حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور قبلہ کے درمیان ہوتی تھی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے ہوتے' میں ناپسند کرتی تھی میں آپ کے آگے رہوں یہاں تک کہ میں چادر کے نیچے سے آہستہ آہستہ کھسک جاتی تھی۔

4475 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَجُلًا قَامَ لَيْلَةً فَقَرَأَ فَرَفَعَ صَوْتَهُ بِالْقُرْآنِ، فَلَمَّا أَصْبَحَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ فُلَانًا، كَأَيِّنْ مِنْ آيَةٍ ذَكَّرَنِيهَا اللَّيْلَةَ كُنْتُ قَدْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک آدمی رات کو کھڑا ہوا اس نے پڑھا۔ اس نے بلند آواز سے قرآن پڑھا جب صبح ہوئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ فلاں پر رحم کرے! کتنی آیتیں تھیں جو آج رات اس نے یاد دلائی ہیں' میں اُن کو بھول گیا تھا۔

4473- أخرجه أحمد جلد **6**صفحه**259** قال: حدثنا يونس . قال: حدثنا ليث' عن يزيد' يعني ابن الهاد' عن عبد الرحمٰن بن القاسم .

4474- أخرجه أحمد جلد **6**صفحه**42** قال: حدثنا أبو معاوية . قال: حدثنا الأعمش وفي جلد **6**صفحه**132,125** قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا حماد' عن حماد . وفي جلد**6**صفحه**174** قال: حدثنا محمد بن جعفر .

4475- أخرجه أحمد جلد **6**صفحه**138,62** . والبخاري رقم الحديث: **6335,5042,5038,5037** . ومسلم رقم الحديث: **788** من طرق عن هشام بن عروة به .

أَسْقَطْتُهَا

4476 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَنْصَارِيَّةِ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَوْ رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النِّسَاءِ مَا نَرَى لَمَنَعَهُنَّ مِنَ الْمَسَاجِدِ كَمَا مَنَعَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ نِسَاءَ هَا، لَقَدْ رَأَيْتُنَا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَجْرَ فِي مُرُوطِنَا، وَنَنْصَرِفُ وَمَا يَعْرِفُ بَعْضُنَا وُجُوهَ بَعْضٍ

حضرت عمرہ بنت عبدالرحمٰن انصاریہ فرماتی ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم (آج) کی عورتوں کو دیکھتے تو آپ ضرور مسجدوں میں آنے سے روکتے جس طرح بنی اسرائیل نے اپنی عورتوں کو روک دیا تھا' بے شک ہم دیکھتے تھے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فجر پڑھتیں اپنی چادروں میں لپٹ کر' ہم جب واپس جاتیں تو ہم میں سے بعض' بعض کے چہروں کو پہچان نہیں سکتی تھیں۔

4477 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: اخْتَلَفُوا فِي غُسْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُلْقِيَ عَلَيْهِمُ النَّوْمُ، فَمَا مِنْهُمْ أَحَدٌ إِلَّا وَذَقْنُهُ فِي صَدْرِهِ، فَنُودُوا مِنْ نَاحِيَةِ الْبَيْتِ: أَنِ اغْسِلُوهُ مِنْ وَرَاءِ قَمِيصِهِ ، قَالَتْ عَائِشَةُ: لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا غَسَّلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا نِسَاؤُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل میں اختلاف ہوگیا' صحابہ کرام پر نیند ڈالی گئی' ان میں سے کوئی نہیں تھا مگر ان کی ٹھوڑی سینے پر تھی' ان کو گھر کے کونے سے آواز دی گئی: آپ کو قمیص کے اندر سے ہی غسل دو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اگر مجھے پہلے سے یہ معلوم ہوتا جو بعد میں معلوم ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل آپ کی ازواج ہی دیتیں۔

4478 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَالَ لِعَائِشَةَ: فِي أَيِّ يَوْمٍ مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال کس دن ہوا؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: پیر

4476- أخرجه أحمد جلد 6صفحه 91 قال: حدثنا يونس . قال: حدثنا حماد' يعني ابن زيد . وفي جلد 6صفحه 193 قال: حدثنا يحيىٰ بن سعيد . وفي جلد 6صفحه 235 قال: حدثنا يزيد .

4477- أخرجه أحمد جلد 6صفحه 267 قال: حدثنا يعقوب . قال: حدثنا ابي . وأبو داؤد رقم الحديث: 3141 قال: حدثنا النفيلي . قال: حدثنا محمد بن سلمة .

4478- الحديث سبق برقم: 4434 فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: فِي يَوْمِ الِاثْنَيْنِ، فَقَالَ: أَيُّ يَوْمٍ هَذَا؟ قَالَتْ: يَوْمُ الِاثْنَيْنِ، فَقَالَ: مَا شَاءَ اللَّهُ أَرْجُو فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَ اللَّيْلِ، وَقَالَ لَهُمْ: فَبِمَ كَفَّنْتُمُوهُ؟ فَقَالَتْ: فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ سَحُولِيَّةٍ يَمَانِيَةٍ بِيضٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: اغْسِلُوا ثَوْبِي هَذَا مِنْ عَهْدِ رَدْعٍ مِنْ زَعْفَرَانٍ، أَوْ مِشْقٍ، وَمَعَهُ ثَوْبَيْنِ آخَرِينَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا أَبَهْ، هَذَا خَلَقٌ، فَقَالَ: إِنَّ الْحَيَّ أَحَقُّ بِالْجَدِيدِ، فَقَالَ: إِنَّمَا هُوَ لِلْمُهْلَةِ، وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ أَعْطَاهُمْ حُلَّةً حِبَرَةً فَأُدْرِجَ رَسُولُ اللَّهِ فِيهَا، ثُمَّ أُخْرِجَ مِنْهَا، فَكُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ سَحُولِيَّةٍ يَمَانِيَةٍ بِيضٍ، فَوَجَدَ عَبْدُ اللَّهِ الْحُلَّةَ، فَقَالَ: لَأُكَفِّنَنَّ نَفْسِي فِي شَيْءٍ مَسَّ جِلْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ بَعْدَ ذَلِكَ: لَا وَاللَّهِ، لَا أُكَفِّنُ نَفْسِي فِي شَيْءٍ مَنَعَهُ اللَّهُ رَسُولَهُ أَنْ يُكَفَّنَ فِيهِ، فَمَاتَ أَبُو بَكْرٍ لَيْلَةَ الثُّلَاثَاءِ، فَدُفِنَ لَيْلًا

کے دن! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: دن کون سا تھا؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: پیر کا دن تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو اللہ چاہے میں اُمید کرتا ہوں کہ میرے اور رات کے درمیان (میں بھی وفات پاؤں) ان سے کہا: آپ کو کفن کتنے کپڑوں میں دیا گیا تھا؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تین دھلے ہوئے روئی کے بنے ہوئے یمانیہ سفید کپڑوں میں اس میں قمیص اور عمامہ نہیں تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے میرے اس کپڑے میں غسل دینا جو زعفران یا مشق سے رنگا ہوا ہو اس کے ساتھ دو اور کپڑے بھی ملا لینا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے ابو! یہ پرانا ہے! آپ نے فرمایا: زندہ نئے کپڑوں کا زیادہ حق دار ہے۔ آپ نے فرمایا: یہ پیپ اور مٹی کا ہے۔ حضرت عبداللہ بن ابی بکر نے ان کو حبرہ کا حُلّہ دیا' اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو داخل کیا گیا تھا پھر اس سے نکالا گیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین یمنی سحولیہ کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا۔ حضرت عبداللہ نے حُلّہ پایا' کہا: میں ضرور بضرور اپنے آپ کو اس میں کفن دوں گا کیونکہ اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم کو چھوا ہے' پھر اس کے بعد کہا: نہیں! اللہ کی قسم! میں اپنے آپ کو اس میں سے کسی شی کا کفن نہیں دوں گا' جس میں کفن دینے سے اللہ اور اس کے رسول نے منع کیا ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ منگل کی رات فوت ہوئے اور رات کو ہی آپ کو دفن کر دیا گیا۔

4479 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: صحابہ کرام حضور

4479- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **102** . وأحمد جلد **6** صفحه **194,51** قال: حدثنا يحيىٰ . وفي جلد **6** صفحه **57** قال: حدثنا ابن نمير .

حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصْحَابُهُ فِي مَرَضِهِ وَهُوَ يُصَلِّي قَاعِدًا، فَقَامُوا يُصَلُّونَ خَلْفَهُ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِمْ بِيَدِهِ أَنِ اجْلِسُوا، فَجَلَسُوا، فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّمَا الْإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوا، وَإِنْ صَلَّى قَائِمًا فَصَلُّوا قِيَامًا، وَإِنْ صَلَّى قَاعِدًا فَصَلُّوا قُعُودًا

اکرم ﷺ کے پاس آتے آپ کی حالتِ مرض میں۔ آپ ﷺ بیٹھ کر نماز پڑھ رہے ہوتے، صحابہ کرام آپ ﷺ کے پیچھے نماز کھڑے ہو کر ادا کر رہے ہوتے۔ آپ ﷺ نے ان کو اشارہ کیا بیٹھنے کا، وہ بیٹھ گئے۔ جب حضور ﷺ نے نماز پڑھا لی تو فرمایا: امام اسی لیے ہوتا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے۔ جب رکوع کرے تم بھی رکوع کرو، جب سجدہ کرے تم بھی سجدہ کرو اگر کھڑے ہو کر نماز پڑھے تم بھی کھڑے ہو کر پڑھو، اگر بیٹھ کر پڑھے تو بیٹھ کر پڑھو۔

4480 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اغْتَسَلَ مِنْ جَنَابَةٍ يُفْرِغُ بِيَمِينِهِ عَلَى شِمَالِهِ فَيَغْسِلُ فَرْجَهُ، وَرُبَّمَا كَنَّتْ عَنِ الْفَرْجِ، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ كَوُضُوئِهِ لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ فِي الْمَاءِ، ثُمَّ يَقُولُ بِهِ فِي شَعْرِهِ، فَإِنْ ظَنَّ أَنَّهُ قَدْ مَسَّ الْبَشَرَةَ الْمَاءُ أَفْرَغَ عَلَى رَأْسِهِ الْمَاءَ ثَلَاثًا، وَأَفْضَلَ فِي الْإِنَاءِ فَضْلَةً فَصَبَّهَا عَلَيْهِ بَعْدَمَا يَفْرُغُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب غسل جنابت کرتے تو دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالتے' اس کے بعد اپنی شرمگاہ دھوتے' بسا اوقات اپنی شرمگاہ کو ڈھانپ لیتے' پھر نماز جیسا وضو کرتے' پھر اپنے ہاتھ کو پانی میں داخل کرتے' پھر اپنے بالوں میں ڈالتے' اگر آپ کو یقین ہو جاتا کہ پانی جلد تک پہنچ گیا ہے تو اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتے اور برتن میں پانی بچا کر رکھ لیتے' فارغ ہونے کے بعد (اپنے) پاؤں پر ڈالتے تھے۔

4481 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُرِيتُكِ فِي الْمَنَامِ، قُلْتُ: لَمَّا جَاءَ بِكِ الْمَلَكُ فِي سَرَقَةٍ مِنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم مجھے خواب میں تین مرتبہ دکھائی گئی تھی۔ جب فرشتہ آپ کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر لایا۔ عرض کی: یہ آپ ﷺ کی بیوی ہے۔ جب تیرے چہرے کو کھولا گیا

4480- الحديث سبق برقم: **4465,4413** فراجعه .

4481- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **41** قال: حدثنا ابن ادريس . وفي جلد **6** صفحه **128** قال: حدثنا عفان . قال: جدثنا وهيب . وفي جلد **6** صفحه **161** قال: حدثنا حماد بن أسامة .

حَرِيرٍ، فَيَقُولُ: هَذِهِ امْرَأَتُكَ، فَلَمَّا كَشَفْتُ عَنْ وَجْهِكِ فَإِذَا أَنْتَ هِيَ، فَأَقُولُ: إِنْ يَكُنْ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ يُمْضِهِ

تو وہ تو ہی تھی، میں نے کہا کہ اللہ کے ہاں فیصلہ ہو چکا ہے۔

4482 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهُ ذُكِرَ عِنْدَهَا قَوْلُ ابْنِ عُمَرَ فِي الْمُعْوَلِ عَلَيْهِ، فَقَالَتْ: يَرْحَمُ اللَّهُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، سَمِعَ الْحَدِيثَ فَلَمْ يَحْفَظْهُ، إِنَّمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمُرَّ عَلَيْهِ بِجَنَازَةِ يَهُودِيٍّ وَأَهْلُهُ يَبْكُونَ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُمْ لَيَبْكُونَ، وَإِنَّهُ لَيُعَذَّبُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک یہودی کا جنازہ گزرا، اس کے خاندان کے لوگ اس پر رو رہے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے رونے کی وجہ سے اس کو عذاب دیا جائے گا۔

4483 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كُلُّ نِسَائِكَ لَهُنَّ كُنًى غَيْرِي، قَالَ: فَاكْتَنِي بِابْنِكِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، فَكَانَتْ تُكْنَى أُمَّ عَبْدِ اللَّهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی ہر بیوی کی کنیت ہے میرے علاوہ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیری کنیت عبداللہ بن زبیر کے بیٹے کے ساتھ ہوگی۔ پس میری کنیت ام عبداللہ رکھی گئی۔

4484 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أَخَا أَبِي قُعَيْسٍ، اسْتَأْذَنَ عَلَيْهَا فَأَبَتْ أَنْ تَأْذَنَ لَهُ، فَذَكَرَتْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ابوقعیس کے بھائی نے (میرے) پاس آنے کی اجازت مانگی۔ میں نے ان کو اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ میں نے یہ بات

4482- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه **161** . والحميدى رقم الحديث: **221** قال: حدثنا سفيان . واحمد جلد **6** صفحه**39** قال: حدثنا سفيان . وفى جلد**6**صفحه**107** قال: حدثنا اسحاق . قال: حدثنى مالك .

4483- أخرجه أحمد جلد **6**صفحه**107** قال: حدثنا مؤمل . قال: حدثنا حماد بن زيد . وفى جلد**6**صفحه **151** قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: حدثنا معمر .

4484- أخرجه مسلم رقم الحديث: **1445** من طريق أبى الربيع الزهرانى به . وأخرجه مالك رقم الحديث: **2** من طريق هشام بن عروة بهذا السند . ومن طريقه أخرجه البخارى رقم الحديث: **5239** .

ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّهُ عَمُّكِ فَأْذَنِي لَهُ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّمَا أَرْضَعَتْنِي الْمَرْأَةُ وَلَمْ يُرْضِعِ الرَّجُلُ، قَالَ: إِنَّهُ عَمُّكِ فَأْذَنِي لَهُ

حضور ﷺ کے سامنے کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ تیرا چچا ہے تو اس سے داخل ہونے کی اجازت دینی تھی۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے عورت نے دودھ پلایا ہے، مرد نے تو نہیں پلایا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ تیرا چچا ہے تو اس کو داخل ہونے کی اجازت دے۔

4485 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيَّ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي رَجُلٌ أَسْرُدُ الصَّوْمَ أَفَأَصُومُ فِي السَّفَرِ، قَالَ: صُمْ إِنْ شِئْتَ، وَأَفْطِرْ إِنْ شِئْتَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حمزہ بن عمرو الاسلمی نے حضور ﷺ سے سوال کیا: میں برابر روزہ رکھنے والا آدمی ہوں' کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر چاہے تو روزہ رکھ اگر چاہے تو افطار کر۔

4486 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَمْسٌ فَوَاسِقُ يُقْتَلْنَ فِي الْحَرَمِ: الْعَقْرَبُ، وَالْفَأْرَةُ، وَالْحُدَيَّا، وَالْغُرَابُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ پانچ فواسق حرم میں مارنے کی اجازت دی: (۱) بچھو، (۲) چوہا، (۳) چیل، (۴) کوا، (۵) پاگل کتا۔

4487 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: خَرَجْنَا مُوَافِينَ لِهِلَالِ ذِي الْحِجَّةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ذوالحجہ کی پہلی کے مطابق نکلے' پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس کا جی چاہے کہ وہ حج کا تلبیہ پڑھے تو وہ حج کا تلبیہ کہے اور

4485- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **199** قال: حدثنا سفيان ـ وأحمد جلد **6** صفحه **46** قال: حدثنا أبو معاوية ـ وفى جلد **6** صفحه **202,193** قال: حدثنا يحيىٰ ـ

4486- أخرجه أحمد جلد **6** صفحه **33** قال: حدثنا عبد الأعلىٰ عن معمر ـ وفى جلد **6** صفحه **87** قال: حدثنا بشر بن شعيب ـ قال: أخبرنى أبى ـ وفى جلد **6** صفحه **164** قال: حدثنا عبد الرزاق ـ

4487- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه: **265** ـ والحميدى رقم الحديث: **203** قال: حدثنا سفيان ـ وأحمد جلد **2** صفحه **140** قال: حدثنا حجاج ـ قال: حدثنا ليث ـ قال: حدثنى عُقيل ـ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَاءَ أَنْ يُهِلَّ بِحَجٍّ أَهَلَّ بِحَجٍّ، وَمَنْ شَاءَ أَنْ يُهِلَّ بِعُمْرَةٍ فَلْيُهِلَّ بِعُمْرَةٍ، فَكُنْتُ فِيمَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، فَذَكَرَتْ أَنَّهَا لَمَّا كَانَتْ بِسَرِفٍ حَاضَتْ، قَالَتْ: فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي، قَالَ: فَقُلْتُ: وَدِدْتُ أَنِّي لَمْ أَخْرُجِ الْعَامَ، فَقَالَ: انْقُضِي رَأْسَكِ، وَارْفُضِي عُمْرَتَكِ، وَامْتَشِطِي، وَافْعَلِي مَا يَفْعَلُ الْمُسْلِمُونَ فِي حَجِّهِمْ، فَأَطَاعَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، فَلَمَّا كَانَ لَيْلَةُ النَّفْرِ أَمَرَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي بَكْرٍ أَنْ يُخْرِجَهَا إِلَى التَّنْعِيمِ، فَأَخْرَجَهَا إِلَى التَّنْعِيمِ، فَأَهَلَّتْ مِنْهُ بِعُمْرَةٍ

جس کا من چاہے کہ وہ عمرہ کا تلبیہ کہے تو وہ عمرہ کا تلبیہ کہے پس میں ان لوگوں میں تھی جو عمرہ کا تلبیہ کہنے والے تھے مقامِ سرف پر جا کر مجھے ماہواری کا خون جاری ہو گیا' رسول کریم ﷺ میرے پاس تشریف لائے جبکہ میں رو رہی تھی۔ میں نے عرض کی: کاش! میں اس سال نہ نکلتی' فرمایا: آپ اپنا سر کھول دیں' اپنا عمرہ چھوڑ کر کنگھی کر لیں اور جیسے دیگر مسلمان اپنی حج کے اعمال سرانجام دے رہے ہیں' آپ بھی ادا کریں تو آپ بھی اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرنے والی ہوں گی' پس جب واپس آنے کی رات تھی تو آپ نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر کو حکم دیا کہ ان کو مقامِ تنعیم پہ لے جاؤ اور یہ وہاں سے عمرہ کا احرام باندھ کر آ جائیں (اور عمرہ کر لیں)۔

4488 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيَّ أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ لَا يُمْسِكُ عَنْ شَيْءٍ يُمْسِكُ عَنْهُ الْحَرَامُ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: گویا میں رسول کریم ﷺ کی قربانیوں کی رسیاں باٹتے ہوئے اپنی طرف دیکھ رہی ہوں' اس کے بعد اس شی سے نہیں روکتے تھے' جس سے حرام روکتا ہے۔

4489 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَعْتَكِفَ صَلَّى الصُّبْحَ فَدَخَلَ مُعْتَكَفَهُ، فَلَمَّا كَانَ صَبِيحَةَ إِحْدَى وَعِشْرِينَ انْصَرَفَ مِنَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی کریم ﷺ جب اعتکاف بیٹھنے کا ارادہ فرماتے' صبح کی نماز ادا فرمانے کے بعد اپنی اعتکاف گاہ میں (ایک بار) تشریف لے جاتے۔ (ایک بار ایسا ہوا) جب اکیس کی صبح ہوئی تو آپ ﷺ صبح کی نماز پڑھ کر واپس آئے تو آپ ﷺ

4488- الحديث سبق برقم: 4377 فراجعه .

4489- اخرجه الحميدى جلد2صفحه195 قال: قال سفيان . وأحمد جلد6صفحه84 قال: حدثنا ابو المغيرة . قال: حدثنا الأوزاعى . وفى جلد6صفحه226 قال: حدثنا يعلى بن عُبيد .

الصُّبحِ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَرَأَى أَخْبِيَةً: خِبَاءَ عَائِشَةَ وَكَانَتْ قَدِ اسْتَأْذَنَتْهُ وَزَيْنَبَ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبِرَّ تُرِدْنَ بِهِنَّ؟ فَأَخَّرَ اعْتِكَافَهُ إِلَى شَوَّالٍ

مسجد میں جوں ہی داخل ہوئے تو خیموں پر آپ ﷺ کی نگاہ پڑی، حضرت عائشہ کا خیمہ جبکہ آپ ﷺ اجازت لے چکی تھیں اور حضرت زینب (کا خیمہ)۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ان سے تم نے کس نیکی کا ارادہ کیا ہے؟ پس آپ ﷺ نے اپنا اعتکاف ہی مؤخر کر دیا۔

4490 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَارِثٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: إِنَّ أَمْدَادَ الْعَرَبِ كَثُرَتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاضْطَرُّوهُ إِلَى بَيْتِ عَائِشَةَ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ . فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلَكَ الْقَوْمُ . فَقَالَ: كَلَّا وَاللّٰهِ يَا بِنْتَ الصِّدِّيقِ لَقَدِ اشْتَرَطْتُ إِلَى رَبِّي شَرْطًا لَا خُلْفَ لَهُ قُلْتُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي بَشَرٌ أَضِيقُ بِمَا يَضِيقُ بِهِ الْبَشَرُ وَأَعْجَلُ بِمَا يَعْجَلُ بِهِ الْبَشَرُ، فَأَيُّمَا امْرِءٍ بَدَرَتْ مِنِّي بَادِرَةٌ فَاجْعَلْهَا لَهُ كَفَّارَةً

حضرت عائشہ ﷞ فرماتی ہیں کہ عرب کا بہت زیادہ گروہ حضور ﷺ کے پاس آیا۔ انہوں نے آپ ﷺ کو عائشہ کے حجرہ کی طرف مجبور کر دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ان کو اپنی رحمت سے دور کر دے۔ حضرت عائشہ عرض کرتی ہیں: یا رسول اللہ! قوم ہلاک ہو گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اے بنت صدیق! ہرگز نہیں۔ میں نے اپنے رب سے ایسی شرط لگائی ہے وہ اس کے خلاف نہیں کرے گا۔ میں انسان ہوں تنگ ہو جاتا ہوں جیسے ہر انسان تنگ ہو جاتا ہے، جلدی کرتا ہوں جس طرح ہر انسان جلدی کرتا ہے۔ جو کام مجھ سے جلدی ہو جاتا ہے وہ اس کے لیے کفارہ ہو جاتا ہے۔

4491 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: وَاعَدَ رَسُولُ اللّٰهِ جِبْرِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمَا

حضرت عائشہ ﷞ فرماتی ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے جبرائیل علیہ السلام سے وعدہ کیا تھا اس وقت آنے کا۔ وہ وقت آ گیا لیکن حضرت جبرائیل علیہ السلام نہیں آئے۔

4490- أخرجه أحمد جلد 6صفحه107 من طريق سريج، حدثنا ابن أبي الزناد، عن عبد الرحمن بن الحارث ابن عبد اللّٰه بن عياش المخزومي به . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه267 وقال: رواه أحمد واسناده حسن، الا أن محمد ابن جعفر بن الزبير لم يدرك عائشة .

4491- أخرجه أحمد جلد 6صفحه142 قال: حدثنا يزيد . قال: أخبرنا محمد، يعنى ابن عمرو . ومسلم جلد 6 صفحه156,155 قال: حدثني سُويد بن سعيد .

فِي سَاعَةٍ يَأْتِيهِ فِيهَا، فَجَاءَتْ تِلْكَ السَّاعَةُ وَلَمْ يَأْتِ وَفِي يَدِهِ عَصًا فَأَلْقَاهَا مِنْ يَدِهِ وَقَالَ: مَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهُ وَلَا رُسُلَهُ . ثُمَّ الْتَفَتَ فَإِذَا جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ السَّرِيرِ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ مَتَى دَخَلَ هَذَا الْكَلْبُ هُنَا؟ قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ بِهِ، فَأَمَرَ بِهِ فَأُخْرِجَ، فَجَاءَ جِبْرِيلُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاعَدْتَنِي فَجَلَسْتُ لَكَ فَلَمْ تَأْتِ . قَالَ: مَنَعَنِي الْكَلْبُ الَّذِي كَانَ فِي بَيْتِكَ . إِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ

آپ ﷺ کے ہاتھ میں عصا تھا۔ آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے پھینک دیا۔ فرمایا: اللہ اور اس کا وعدہ اور اس کے بھیجے ہوئے وعدہ خلافی نہیں کرتے ہیں، پھر متوجہ ہوئے۔ تو ایک کتے کا بچہ چارپائی کے نیچے تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! یہ کتا کب یہاں داخل ہوا ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے اس کو نہیں دیکھا۔ آپ ﷺ نے حکم دیا اس کو نکال دو۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے، آپ ﷺ نے فرمایا: آپ نے وعدہ کیا تھا، میں اس کے لیے بیٹھا تھا۔ آپ نہیں آئے، عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے اس کتے نے روکا ہوا تھا جو آپ کے گھر میں تھا ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس گھر میں کتا اور تصویر ہو۔

4492 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، أَنَّ حَفْصَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَتْهُ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ بِالْفَرَعَةِ مِنَ الْغَنَمِ مِنْ خَمْسَةٍ وَاحِدَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے حکم دیا پانچ بکریوں میں سے ایک فرعہ دینے کا (فرع کا مطلب ہے: ایک سال اور چھ ماہ کی بکری)۔

4493 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، حَدَّثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُوسَى بْنِ سَرْجَسَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَمُوتُ وَعِنْدَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو وصال کی حالت میں دیکھا۔ آپ ﷺ کے پاس پانی کا پیالہ تھا، آپ ﷺ اپنا ہاتھ پیالہ میں داخل کرتے پھر اپنے چہرے کو ملتے پھر یہ دعا کرتے:

4492- الحديث في المقصد العلي برقم: **631** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**28** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

4493- أخرجه أحمد جلد **6**صفحه**64** قال: حدثنا يونس . وفي جلد **6**صفحه**77,70** قال: حدثنا منصور بن سلمة الخزاعي . وفي جلد**6**صفحه **151** قال: حدثنا هاشم .

قَدَحٌ فِيهِ مَاءٌ، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِي الْقَدَحِ ثُمَّ مَسَحَ بِهِ وَجْهَهُ ثُمَّ يَقُولُ: اللَّهُمَّ أَعِنِّي عَلَى سَكَرَاتِ الْمَوْتِ

اے اللہ! موت کی سکرات میں میری مدد فرما۔

4494 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جِهَادُ النِّسَاءِ الْحَجُّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کا جہاد حج ہے۔

4495 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوسَى، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسْرَعُ الْبِرِّ ثَوَابًا صِلَةُ الرَّحِمِ وَأَسْرَعُ الشَّرِّ عُقُوبَةً الْبَغْيُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ثواب کے لحاظ سے جلدی والی نیکی صلہ رحمی ہے' سزا کے اعتبار سے جلدی شر' بغاوت ہے۔

4496 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِصَالِ فِي الصِّيَامِ

حضرت محمد بن زیاد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابی قیس رضی اللہ عنہ سے سنا' انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لگاتار روزے رکھنے سے منع کیا' یعنی رات کو نہ کھانا اور نہ پینا۔

4497 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی

4494- أخرجه أحمد جلد6صفحه67 قال: حدثنا عبد الله بن الوليد . قال: حدثنا سفيان . وفي جلد6صفحه68 قال: حدثنا أسود . قال: حدثنا شريك . وفي جلد6صفحه120 قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا عبيدة بن أبي رائطة المجاشعي .

4495- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 4212 قال: حدثنا سُويد بن سعيد . قال: حدثنا صالح بن موسىٰ' عن معاوية بن اسحاق' عن عائشة بنت طلحة' فذكرته .

4496- أخرجه أحمد جلد6صفحه125 قال: حدثنا محمد بن جعفر . قال: حدثنا شعبة' عن يزيد بن حمير . قال: سمعت عبد الله بن أبي موسىٰ' فذكره .

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُعَاذَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مُرْنَ أَزْوَاجَكُنَّ أَنْ يَغْسِلُوا أَثَرَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ؛ فَإِنِّي أَسْتَحْيِي مِنْهُمْ، وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهُ

ازواج پاک رضی اللہ عنہا کو حکم دیں۔ بول براز کے بعد دھونے کا۔ میں اُن سے حیاء کرتی یہ کہنے میں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسے کرتے تھے۔

4498 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا هَارُونُ الْأَعْوَرُ، عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَرَأَ: (فَرُوحٌ وَرَيْحَانٌ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے ''فَرُوحٌ وَرَيْحَانٌ'' پڑھا۔

4499 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ أَحَبَّ الشَّرَابِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُلْوُ الْبَارِدُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ پسندیدہ شربت میٹھا' ٹھنڈا تھا۔

4500 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَشْرٌ مِنَ الْفِطْرَةِ: قَصُّ الشَّارِبِ وَإِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ وَالسِّوَاكُ وَالِاسْتِنْشَاقُ، وَقَصُّ الْأَظْفَارِ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس چیزیں فطرت سے ہیں: (۱) مونچھیں کاٹنا (۲) داڑھی شریف کا بڑھانا (۳) مسواک (۴) ناک میں پانی ڈالنا (۵) ناخن کاٹنا (۶) استنجا کرنا (۷) بغلوں سے بال اکھاڑنا (۸) زیر ناف بال مونڈھنا (۹) اور پانی کم استعمال کرنا۔ حضرت وکیع فرماتے ہیں: پانی کے

4498- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 64 قال: حدثنا يونس بن محمد . وفى جلد 6 صفحه 213 قال: حدثنا وكيع . وأبو داؤد رقم الحديث: 3991 قال: حدثنا مسلم بن ابراهيم .

4499- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 257 . وأحمد جلد 6 صفحه 40,38 . والترمذى رقم الحديث: 1895، وفى الشمائل رقم الحديث: 204 قال: حدثنا ابن أبى عمر .

4500- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 137 قال: حدثنا وكيع . ومسلم جلد 1 صفحه 154,153 قال: حدثنا قتيبة بن سعيد وأبو بكر بن أبى شيبة وزهير بن حرب .

وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ، وَنَتْفُ الْإِبِطِ، وَحَلْقُ الْعَانَةِ، وَالِانْتِقَاصُ بِالْمَاءِ . قَالَ وَكِيعٌ: يَعْنِي الِاسْتِنْجَاءَ بِالْمَاءِ يُنْقِصُ الْبَوْلَ . قَالَ زَكَرِيَّا: قَالَ مُصْعَبٌ: وَنَسِيتُ الْعَاشِرَةَ إِلَّا أَنْ تَكُونَ الْمَضْمَضَةَ

ساتھ استنجاء کرنا اور پیشاب کے لیے کم کرنا۔ حضرت زکریا فرماتے ہیں کہ حضرت مصعب نے فرمایا: میں دسواں بھول گیا' کلّی ہوسکتا ہے۔

4501 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ عَلِمُوا أَنَّ الَّذِي كُنْتُ أَدْعُوهُمْ فِي الدُّنْيَا إِلَيْهِ حَقٌّ، وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ: (إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَى) (النمل: 80)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک (لوگوں کو) معلوم ہوگیا جو میں دنیا میں ان کو جس کی طرف بلواتا ہوں وہ حق ہے اور اللہ عزوجل فرماتا ہے: آپ مردوں کونہیں سنا سکتے ہو۔

4502 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ أُمِّهِ مُسَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَا نَبْنِي لَكَ بَيْتًا يُظِلُّكَ؟ قَالَ: لَا . مِنًى مُنَاخٌ لِمَنْ سَبَقَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم آپ کے لیے ایسا گھر نہ بنائیں جو آپ کو سایہ کرے؟ آپ نے فرمایا: نہیں!

4503 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: اشْتَرَيْتُ بَرِيرَةَ لِأُعْتِقَهَا فَاشْتَرَطَ أَهْلُهَا وَلَاءَهَا، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَعْتِقِيهَا فَإِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ . وَكَانَ زَوْجُهَا حُرًّا وَهِيَ مَمْلُوكَةٌ فَخَيَّرَهَا رَسُولُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے بریرہ کو خریدا اسے آزاد کرنے کے لیے' اس کے مالک نے اس کی ولاء کی شرط لگا لی' میں نے یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں ذکر کی' آپ نے فرمایا: تُو اس کو آزاد کر' بے شک ولاء اس کے لیے ہے جو آزاد کرے۔ حضرت بریرہ کا شوہر آزاد تھا اور حضرت بریرہ لونڈی تھی' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

4501- أخرجه الحميدی رقم الحديث: **224** . والبخاری جلد**2**صفحه**122** قال: حدثنا عبد الله بن محمد' كلاهما (الحميدی' وعبد الله بن ممد) قالا: حدثنا سفيان' عن هشام بن عروة' عن أبيه' فذكره .

4502- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**187** قال: حدثنا عبد الرحمٰن بن مهدی (ح) وزيد بن الحباب . وفی جلد **6** صفحه**206** قال: حدثنا وكيع .

4503- الحديث سبق برقم: **4419,4418** فراجعه .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس کو اس کے نکاح میں رہنے کا اختیار دیا۔

4504 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: يَعِقُّ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مُكَافِئَتَانِ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَعَقَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ شَاتَيْنِ شَاتَيْنِ يَوْمَ السَّابِعِ، وَأَمَرَ أَنْ يُمَاطَ عَنْ رَأْسِهِ الْأَذَى . وَقَالَ: اذْبَحُوا عَلَى اسْمِهِ وَقُولُوا: بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ هَذِهِ عَقِيقَةُ فُلَانٍ قَالَ: وَكَانُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ تُؤْخَذُ قُطْنَةٌ تُجْعَلُ فِي دَمِ الْعَقِيقَةِ ثُمَّ تُوضَعُ عَلَى رَأْسِهِ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَجْعَلُوا مَكَانَ الدَّمِ خَلُوقًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: لڑکے کا عقیقہ دو بکریاں پوری پوری اور لڑکی کا ایک بکری۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کی طرف سے دو بکریاں کا ساتویں دن عقیقہ کیا اور ان کے سر سے بال اُتارنے کا حکم دیا' اور فرمایا: اللہ کے نام پر ذبح کرو اور یوں کہو: بسم اللہ اللہ اکبر! اے اللہ! تجھ سے اور تیری رضا کیلئے' یہ فلاں (بچے کا نام) کا عقیقہ ہے۔ راوی کا بیان ہے: زمانۂ جاہلیت میں روئی کا ٹکڑا لیتے' اس کو عقیقہ کے خون میں ڈبو دیتے پھر بچے کے سر پر رکھتے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ وہ خون کی جگہ کوئی اور رنگ لگا لیا کریں۔

4505 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّأَ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب حالت جنابت میں سونے کا ارادہ کرتے تو وضو کرتے، نماز جیسا۔

4506 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ آور شراب حرام ہے۔

4504- أخرجه البيهقي جلد 9صفحه304,303 من طريق عبد المجيد بن عبد العزيز به . أخرجه أحمد جلد 6 صفحه31 قال: أخبرنا بشر بن المُفَضَّل .

4505- أخرجه أحمد جلد 6صفحه36 قال: حدثنا سفيان . وفي جلد 6صفحه102 قال: حدثنا سكن بن نافع . قال: حدثنا صالح بن أبي الأخضر .

4506- الحديث سبق برقم: 4343 فراجعه .

حَرَامٌ

4507 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدِ اسْتَتَرْتُ بِقِرَامٍ فِيهِ تَمَاثِيلُ، فَلَمَّا رَآهُ تَلَوَّنَ وَجْهُهُ وَهَتَكَهُ وَقَالَ: إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الَّذِينَ يُشَبِّهُونَ بِخَلْقِ اللّٰهِ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے' اس حال میں کہ میں نے چمڑے کا تصویروں والا پردہ لگایا ہوا تھا' پس جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ملاحظہ فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کا رنگ بدل گیا اور اسے حقیر سمجھا۔ فرمایا: تمام لوگوں سے زیادہ عذاب' قیامت کے دن جن کو دیا جائے گا وہ اللہ کی صفت خلق میں مشابہت اختیار کرنے والے ہوں گے۔

4508 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ثَابَرَ عَلَى ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً مِنَ السُّنَّةِ سِوَى الْفَرِيضَةِ بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ: أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے فرضوں کے علاوہ بارہ رکعت سنتوں پر ہیشگی کی۔ اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنادے گا۔ ۴ ظہر سے پہلے، ۲ ظہر کے بعد، ۲ مغرب کے بعد، ۲ عشاء کے بعد اور ۲ فجر سے پہلے۔

4509 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی تیرہ رکعت ادا کرتے' وتر پانچ رکعت پڑھتے اور سلام پانچویں رکعت میں پھیرتے تھے۔

4507- الحديث سبق برقم: **4421** فراجعه .

4508- اخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **1140** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة . والترمذى رقم الحديث: **414** قال: حدثنا محمد بن رافع النيسابورى . والنسائي جلد **3** صفحه **260** وفي الكبرى رقم الحديث: **1376** قال: أخبرنا الحسين بن منصور بن جعفر النيسابورى .

4509- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **195** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **6** صفحه **50** قال: حدثنا يحيى . وفي جلد **6** صفحه **64** قال: حدثنا يونس . قال: حدثنا الليث .

وَسَلَّمَ يُصَلِّي مَا بَيْنَ الْعِشَاءِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً يُوتِرُ مِنْهَا بِخَمْسٍ يُسَلِّمُ فِي الْخَامِسَةِ

4510 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اشْتَكَى الْإِنْسَانُ قَالَ بِرِيقِهِ، ثُمَّ قَالَ بِهِ فِي التُّرَابِ وَيَقُولُ: تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا يَشْفَى سَقِيمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کوئی انسان بیماری کی شکایت کرتا تو آپ اپنا لعاب لگاتے' پھر فرمایا: اس مٹی میں جانا ہے' اور فرماتے: ہماری زمین کی مٹی ہمارے تھوک کے ساتھ ہمارے بیماروں کو شفا دیتی ہے ہمارے رب کے حکم سے۔

4511 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا مَعْنُ الْقَزَّازُ، عَنْ فُلَانِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يُفَسِّرُ شَيْئًا مِنَ الْقُرْآنِ بِرَأْيِهِ إِلَّا آيًا بِعَدَدٍ. عَلَّمَهُنَّ إِيَّاهُ جِبْرِيلُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کی تفسیر اپنی رائے کے ساتھ نہ کرتے تھے مگر چند آیات کی جو آپ کو حضرت جبریل نے بتائی تھیں۔

4512 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرِّشْكُ، عَنْ مُعَاذَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا سَأَلْتُهَا: كَمْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحَى؟ قَالَتْ: أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ. وَيَزِيدُ مَا شَاءَ اللّٰهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی کتنی رکعتیں ادا کرتے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: چار اور زیادہ بھی جتنی اللہ چاہتا کر لیتے تھے۔

4513 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جس کو نرمی سے

4510- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **252** . وأحمد جلد **6** صفحه **93** قال: حدثنا على بن عبد الله . والبخاري جلد **7** صفحه **172** قال: حدثنا على بن عبد الله (ح) وحدثني صدقة بن الفضل .

4511- الحديث في المقصد العلي برقم: **1165** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **303** وقال: رواه أبو يعلى' والبزار بنحوه' وفيه راو لم يتحرر اسمه عند واحد منهما' وبقية رجاله رجال الصحيح .

4512- الحديث سبق برقم: **4349** فراجعه .

4513- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **153** وقال: رواه أحمد' ورجاله ثقات الا أن عبد الرحمن بن القاسم لم يسمع من عائشة وليست كما قال .

غَزْوَتِهِ تِلْكَ وَقَفَلَ وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ، آذَنَ لَيْلَةً بِالرَّحِيلِ، فَقُمْتُ حِينَ آذَنُوا بِالرَّحِيلِ فَمَشَيْتُ حَتَّى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ، فَلَمَّا قَضَيْتُ شَأْنِي أَقْبَلْتُ إِلَى الرَّحْلِ فَلَمَسْتُ صَدْرِي، فَإِذَا عِقْدٌ لِي مِنْ جَزْعِ أَظْفَارٍ قَدِ انْقَطَعَ، فَرَجَعْتُ فَالْتَمَسْتُ عِقْدِي فَحَبَسَنِي ابْتِغَاؤُهُ، فَأَقْبَلَ الَّذِينَ يَرْحَلُونَ بِي فَاحْتَمَلُوا هَوْدَجِي فَرَحَلُوهُ عَلَى بَعِيرِي الَّذِي كُنْتُ أَرْكَبُ، وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنِّي فِيهِ . وَكَانَ النِّسَاءُ إِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ يَثْقُلْنَ وَلَمْ يَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ، وَإِنَّمَا يَأْكُلْنَ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ، فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ حِينَ رَفَعُوا ثِقَلَ الْهَوْدَجِ، وَاحْتَمَلُوهُ وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيثَةَ السِّنِّ، فَبَعَثُوا الْجَمَلَ وَسَارُوا، فَوَجَدْتُ عِقْدِي بَعْدَمَا اسْتَمَرَّ الْجَيْشُ، فَجِئْتُ مَنْزِلَهُمْ وَلَيْسَ فِيهِ أَحَدٌ، فَأَمَمْتُ مَنْزِلِيَ الَّذِي كُنْتُ فِيهِ، وَظَنَنْتُ أَنَّهُمْ سَيَفْقِدُونَنِي فَيَرْجِعُونَ إِلَيَّ، فَبَيْنَا أَنَا جَالِسَةٌ فِي مَنْزِلِي غَلَبَتْنِي عَيْنَايَ فَنِمْتُ، وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْجَيْشِ، فَأَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِي فَرَأَى سَوَادَ إِنْسَانٍ فَأَتَانِي، وَكَانَ يَرَانِي قَبْلَ الْحِجَابِ، فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ حِينَ عَرَفَنِي، فَخَمَّرْتُ وَجْهِي بِجِلْبَابِي، وَاللَّهِ مَا تَكَلَّمْتُ بِكَلِمَةٍ، وَلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ حَتَّى أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ فَوَطِئَ يَدَهَا فَرَكِبْتُهَا، فَانْطَلَقَ يَقُودُ بِي الرَّاحِلَةَ حَتَّى أَتَيْنَا الْجَيْشَ مُعَرِّسِينَ فِي نَحْرِ الظَّهِيرَةِ، فَهَلَكَ مَنْ

نکلی' پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد۔ میں ھودج میں اُٹھائی اور اُتاری جاتی' پس ہم چلے یہاں تک کہ جب رسول اللہ ﷺ اپنے غزوہ سے فارغ ہوئے اور واپس لوٹے اور ہم مدینہ منورہ کے قریب تھے تو آپ نے ایک رات کوچ کا حکم ارشاد فرمایا' تو میں اس وقت کھڑی ہوئی جب کوچ کا حکم دیا' پس میں چلی حتیٰ کہ لشکر سے باہر آ گئی تو جب میں قضاء حاجت کر چکی تو میں واپس اپنی سواری کی طرف بڑھی' اتنے میں میں نے اپنے سینے کو چھوا تو اچانک میرا سیپیوں کا ہار ٹوٹ چکا تھا' میں اپنا ہار ڈھونڈنے واپس لوٹی' پس مجھے اس کی تلاش نے روکے رکھا' پس جو لوگ میری سواری کو لے کر چلتے تھے وہ آگے بڑھے' اُنہوں نے میرا ھودج اُٹھایا اور اسے اونٹ پر رکھ کر چل دیئے جس پر میں سوار ہوتی تھی اور وہ سمجھ رہے تھے کہ میں اس میں ہوں اور عورتیں ان دنوں ہلکی ہوتی تھیں' بھاری نہیں تھیں اور نہ اُن پر گوشت چڑھا ہوا ہوتا تھا' وہ تھوڑا کھانا کھاتیں' پس جب اُنہوں نے ھودج کا بوجھ اُٹھایا تو انہیں وہ خلافِ معمول نہ لگا اور میں کم عمر لڑکی تھی' انہوں نے اونٹ کو اُٹھایا اور روانہ ہو گئے' ادھر لشکر کے چلے جانے کے بعد مجھے ہار مل گیا تو میں پڑاؤ کی جگہ آ گئی' وہاں کوئی نہیں تھا تو میں نے اس جگہ کا ارادہ کیا جہاں میں پہلے ٹھہری ہوئی تھی اور میں نے گمان کیا کہ عنقریب وہ مجھے گم پائیں گے تو میری طرف لوٹیں گے' اسی دوران کہ میں اپنی جگہ بیٹھی ہوئی تھی کہ مجھے نیند نے آ گھیرا تو میں سوگئی اور صفوان بن معطل سلمی ذکوانی

هَـلَكَ، وَكَانَ الَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيِّ بْنِ سَـلُولٍ، فَـقَـدِمْـنَـا الْـمَدِينَةَ فَاشْتَكَيْتُ بِهَا شَهْرًا، وَالـنَّاسُ يُفِيضُونَ فِي قَوْلِ أَصْحَابِ الْإِفْكِ لَا أَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ، وَيَرِيبُنِي فِي وَجَعِي أَنِّي لَا أَعْرِفُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللُّطْفَ الَّذِي أَرَى مِـنْـهُ حِيـنَ أَمْـرَضُ، إِنَّـمَـا يَدْخُلُ فَيُسَلِّمُ ثُمَّ يَقُولُ: كَيْفَ تِيكُمْ؟ فَذَلِكَ يَرِيبُنِي، وَلَا أَشْعُرُ حَتَّى نَقَهْتُ، فَخَرَجْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ بِنْتُ أَبِي رُهْمٍ قِبَلَ الْـمَنَاصِعِ مُتَبَرَّزِنَا لَا نَخْرُجُ إِلَّا لَيْلًا إِلَى لَيْلٍ وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ نَتَّخِـذَ الْكُنُفَ قَرِيبًا مِنْ بُيُوتِنَا، وَأَمْرُنَا أَمْرُ الْعَـرَبِ الْأُوَلِ فِـي الْبَرِّيَّةِ أَوْ فِي التَّنَزُّهِ، فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْـطَـحٍ بِـنْـتُ أَبِـي رُهْـمٍ نَـمْشِي فَعَثَرَتْ فِي مِـرْطِهَا، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُـلْتِ أَتَسُبِّينَ رَجُلًا شَهِدَ بَدْرًا؟ قَالَتْ: يَا هَنْتَاهُ أَلَمْ تَسْـمَـعِـي مَـا قَـالُـوا؟ قَـالَـتْ: قُـلْـتُ: وَمَا قَالُوا؟ فَـأَخْبَرَتْنِي بِقَوْلِ أَهْلِ الْإِفْكِ، فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلَى مَـرَضِـي، فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى بَيْتِي دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰـهِ صَـلَّـى الـلّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَيْفَ تِيكُمْ؟ فَـقُـلْـتُ: ائْـذَنْ لِي آتِ أَبَوَيَّ ـ قَالَتْ: وَأَنَا حِينَئِذٍ أُرِيدُ أَنْ أَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا ـ قَالَتْ: فَأَذِنَ لِي رَسُولُ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْتُ أَبَوَيَّ، فَـقُـلْـتُ لِأُمِّـي: مَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ؟ فَقَالَتْ: يَا بُنَيَّةُ هَـوِّنِـي عَـلَـى نَـفْسِكِ الشَّأْنَ، فَوَاللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْـرَأَةٌ قَطُّ وَضِيئَةٌ عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا وَلَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا

لشکر کے پیچھے تھے' وہ میرے قریب صبح کے وقت پہنچے تو اُنہوں نے سایۂ انسان کو دیکھا تو وہ میرے پاس آئے' اُنہوں نے پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے مجھے دیکھا ہوا تھا تو جب اُنہوں نے مجھے پہچانا تو انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا تو میں ان کی آواز سن کر جاگی۔ پس میں نے اپنا چہرہ اپنی چادر سے چھپایا' بخدا! نہ میں نے کوئی بات کہی اور نہ ہی میں نے ان سے کلمہ استرجاع کے علاوہ کوئی بات سنی حتیٰ کہ انہوں نے اپنی سواری بٹھائی' پس میں اس پر سوار ہوئی' پس وہ سواری کو پکڑ کر آگے چلے یہاں تک کہ ہم لشکر سے آملے درانحالیکہ وہ دوپہر کے وقت سائے میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے' پس ہلاک ہوا جس کے مقدر میں ہلاک ہونا لکھا تھا اور جس نے اس تہمت کو پھیلانے میں زیادہ حصہ لیا وہ عبداللہ بن اُبی بن سلول تھا' پس جب ہم مدینہ طیبہ پہنچے تو میں وہاں ایک ماہ بیمار رہی اور لوگوں میں اس تہمت کا چرچا ہو گیا' مجھے اس بارے میں کچھ پتا نہ تھا اور میری تکلیف اس سے بڑھی کہ میں رسول اللہ ﷺ کی وہ توجہ محسوس نہیں کر رہی تھی جو آپ بیماری کے دنوں میں فرمایا کرتے تھے' آپ تشریف لاتے' سلام کرتے پھر پوچھتے: تمہارا کیا حال ہے؟ یہ بات مجھے تکلیف دیتی اور مجھے کچھ معلوم نہ تھا یہاں تک کہ میں کمزور پڑ گئی' (ایک رات) میں اور اُم مسطح بنت ابی رھم قضاء حاجت کے لیے نکلیں اور ہم رات کے وقت ہی نکلا کرتی تھیں اور یہ معاملہ ہمارے گھروں کے قریب بیت الخلاء بننے سے پہلا کا ہے اور

أَكْثَرْنَ عَلَيْهَا ۔ قَالَتْ: فَقُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهَذَا؟ فَبِتُّ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتّٰى أَصْبَحْتُ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، ثُمَّ أَصْبَحْتُ وَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ حِينَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ يَسْتَشِيرُهُمَا فِي فِرَاقِ أَهْلِهِ ۔ قَالَتْ: فَأَمَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَأَشَارَ عَلَيْهِ بِالَّذِي يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَةِ أَهْلِهِ، وَبِالَّذِي يَعْلَمُ فِي نَفْسِهِ مِنَ الْوُدِّ لَهَا فَقَالَ أُسَامَةُ: أَهْلَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَلَا نَعْلَمُ وَاللّٰهِ إِلَّا خَيْرًا ۔ وَأَمَّا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيرٌ وَسَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ ۔ قَالَتْ: فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيرَةَ فَقَالَ: يَا بَرِيرَةُ هَلْ رَأَيْتِ مِنْهَا شَيْئًا يَرِيبُكِ؟ فَقَالَتْ بَرِيرَةُ: لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ ۔ إِنْ رَأَيْتُ مِنْهَا أَمْرًا أَغْمِصُهُ عَلَيْهَا أَكْثَرَ مِنْ أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنِ الْعَجِينِ فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ ۔ قَالَتْ: فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَوْمِهِ فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيِّ ابْنِ سَلُولَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَعْذِرُنِي مِنْ رَجُلٍ بَلَغَ أَذَاهُ فِي أَهْلِي، فَوَاللّٰهِ فَوَاللّٰهِ فَوَاللّٰهِ- ثَلَاثَ مَرَّاتٍ- مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا خَيْرًا، وَقَدْ ذَكَرُوا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ إِلَّا خَيْرًا، وَمَا كَانَ يَدْخُلُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا مَعِي ۔ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ

ہمارا معاملہ پہلے عربوں تھا قضاء حاجت یا پاکیزگی کے حصول میں، پس میں اور اُم مسطح چلیں تو اُم مسطح چادر میں اُلجھ کر لڑکھڑا گئیں تو وہ بولیں: مسطح ہلاک ہو! تو میں نے ان سے کہا: آپ نے بُری بات کہی، کیا آپ ایسے شخص کو بُرا کہہ رہی ہیں جو اصحاب بدر میں سے ہے؟ تو وہ بولیں: اے بی بی! کیا آپ نے نہیں سنا کہ وہ کیا کہتا ہے؟ تو میں نے پوچھا: وہ کیا کہتا ہے؟ تب اُنہوں نے مجھے تہمت لگانے والوں کی بات بتائی تو میری بیماری اور بڑھ گئی، جب میں اپنے گھر لوٹی تو رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور پوچھا: تمہارا کیا حال ہے؟ تو میں نے عرض کی: آپ مجھے میرے ماں باپ کے گھر جانے کی اجازت مرحمت فرمائیں۔ فرماتی ہیں: اس وقت میرا ارادہ تھا کہ ان سے جا کر اس بات کی تحقیق کروں گی۔ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے اجازت عطا فرمائی تو میں اپنے والدین کے پاس آ گئی، میں نے اپنی والدہ سے پوچھا کہ یہ لوگ کیسی باتیں کر رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: اے بیٹی! حوصلہ رکھو! اللہ کی قسم! کم ہی کوئی حسین عورت ہوگی جس سے اس کا شوہر محبت کرتا ہوگا اور اس کی سوکنیں بھی ہوں گی مگر یہ کہ وہ اس پر غالب آنے کی کوشش کریں گی۔ فرماتی ہیں: تو میں نے سبحان اللہ کہا کہ کیا لوگ واقعی ایسی باتیں کرتے ہیں؟ پس میں نے اس طرح یہ رات گزاری کہ صبح تک میرے آنسو نہ تھمے اور نہ ہی میں سو سکی، پھر میں نے صبح کی درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابو طالب اور اسامہ بن زید کو

أَنَا وَاللّٰهِ أَعْذِرُكَ مِنْهُ، إِنْ كَانَ مِنَ الْأَوْسِ ضَرَبْنَا عُنُقَهُ، وَإِنْ كَانَ مِنْ إِخْوَانِنَا الْخَزْرَجِ أَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا فِيهِ أَمْرَكَ . فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ، وَكَانَ قَبْلَ ذَلِكَ رَجُلًا صَالِحًا وَلَكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ، فَقَالَ: كَذَبْتَ - لَعَمْرُ اللّٰهِ- وَاللّٰهِ لَا تَقْتُلُهُ وَلَا تَقْدِرُ عَلَى قَتْلِهِ . فَقَامَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ فَقَالَ: كَذَبْتَ - لَعَمْرُ اللّٰهِ- وَاللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهُ؛ فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِينَ . قَالَتْ: فَثَارَ الْحَيَّانِ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتَّى مَضَوْا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ . قَالَتْ: فَنَزَلَ فَخَفَّضَهُمْ حَتَّى سَكَتُوا وَسَكَتَ . قَالَتْ: وَبَكَيْتُ يَوْمِي لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، فَأَصْبَحَ عِنْدِي أَبَوَايَ وَقَدْ بَكَيْتُ لَيْلَتَيْنِ وَيَوْمًا حَتَّى أَظُنَّ أَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِي . قَالَتْ: فَبَيْنَا هُمَا جَالِسَانِ عِنْدِي وَأَنَا أَبْكِي، إِذِ اسْتَأْذَنَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَذِنْتُ لَهَا، فَجَلَسَتْ تَبْكِي مَعِي، فَبَيْنَا نَحْنُ كَذَلِكَ إِذْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ، وَلَمْ يَجْلِسْ عِنْدِي مِنْ يَوْمِ قِيلَ مَا قِيلَ قَبْلَهَا، وَقَدْ مَكَثَ شَهْرًا لَا يُوحَى إِلَيْهِ فِي شَأْنِي . قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، يَا عَائِشَةُ فَإِنَّهُ بَلَغَنِي عَنْكِ كَذَا وَكَذَا، فَإِنْ كُنْتِ بَرِيئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللّٰهُ، وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ؛ فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ بِذَنْبِهِ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ . فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

بلوایا جبکہ وحی میں تاخیر ہوئی' آپ اُن سے اپنے اہل سے الگ ہونے کے بارے میں مشورہ کر رہے تھے۔ فرماتی ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید نے تو اس بات کی طرف اشارہ کیا جو انہیں معلوم تھا آپ کے اہل کی برأت کے بارے میں اور اس بارے میں جو وہ جانتے تھے کہ آپ کے دل میں ان کی کتنی محبت ہے' پس حضرت اسامہ نے کہا: یارسول اللہ! آپ کے اہل بخدا! ہم ان کے بارے میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانتے اور رہے حضرت علی بن ابوطالب تو اُنہوں نے کہا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ پر کوئی تنگی نہیں فرمائی' حضرت عائشہ کے سوا اور بہت سی عورتیں ہیں (آپ ان سے نکاح فرمائیں) اور آپ ان کی باندی سے پوچھیں وہ آپ کو سچ سچ بتائے گی۔ فرماتی ہیں کہ پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت بریرہ کو بلایا' ارشاد فرمایا: اے بریرہ! کیا تم نے ان میں کوئی ایسی شی دیکھی ہے جو تمہیں شک میں مبتلا کرے۔ تو حضرت بریرہ نے عرض کیا: نہیں! مجھے قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا' اگر میں ان کا کوئی معاملہ دیکھتی تو میں اس پر ان کو اچھا نہ جانتی' زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ وہ کم عمر لڑکی ہیں' آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں اور بکری آ کر آٹا کھا جاتی ہے۔ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور اس دن آپ نے عبداللہ بن ابی بن سلول کی شکایت کی' پس رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اس شخص کے خلاف میری کون مدد کرے گا جس کی ایذاء رسانی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهُ قَلَصَ دَمْعِي حَتَّى مَا أُحِسُّ مِنْهُ قَطْرَةً، فَقُلْتُ لِأَبِي: أَجِبْ عَنِّي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا قَالَ . قَالَتْ: فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لِأُمِّي: أَجِيبِي عَنِّي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا قَالَ قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَتْ: وَأَنَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ لَا أَقْرَأُ كَثِيرًا مِنَ الْقُرْآنِ فَقُلْتُ: إِنِّي وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّكُمْ سَمِعْتُمْ بِمَا تُحُدِّثَ بِهِ، وَقَدْ قَرَّ فِي أَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهِ، وَلَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ: إِنِّي لَبَرِيئَةٌ - وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنِّي لَبَرِيئَةٌ - لَا تُصَدِّقُونَنِي بِذَلِكَ، وَلَئِنِ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِأَمْرٍ اللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّي مِنْهُ بَرِيئَةٌ لَتُصَدِّقُنِّي، وَاللّٰهِ مَا أَجِدُ لِي وَلَكُمْ مَثَلًا إِلَّا أَبَا يُوسُفَ إِذْ قَالَ: (فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ) (يوسف: 18) . قَالَتْ: ثُمَّ تَحَوَّلْتُ عَلَى فِرَاشِي، وَأَنَا أَرْجُو أَنْ يُبَرِّئَنِي اللّٰهُ، وَلَكِنْ وَاللّٰهِ مَا ظَنَنْتُ أَنْ يَنْزِلَ فِي شَأْنِي وَحْيٌ يُتْلَى، وَأَنَا أَحْقَرُ فِي نَفْسِي مِنْ أَنْ يُتَكَلَّمَ بِالْقُرْآنِ فِي أَمْرِي، وَلَكِنْ كُنْتُ أَرْجُو أَنْ يَرَى نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّوْمِ رُؤْيَا تُبَرِّئُنِي . قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا رَامَ مَجْلِسَهُ، وَلَا خَرَجَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ حَتَّى أُنْزِلَ عَلَيْهِ، فَأَخَذَهُ مَا كَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ، حَتَّى إِنَّهُ يَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِثْلُ الْجُمَانِ مِنَ الْعَرَقِ فِي يَوْمٍ شَاتٍ . قَالَتْ: فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْ

میرے گھر تک آ پہنچی ہے' پس اللہ کی قسم! پس اللہ کی قسم! پس اللہ کی قسم! تین مرتبہ فرمایا: میں اپنے اہل کے بارے میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانتا اور جس شخص کا اُنہوں نے ذکر کیا ہے' میں اس کے بارے میں بھی بھلائی ہی جانتا ہوں اور وہ شخص میرے ساتھ ہی میرے گھر والوں پر داخل ہوا۔ تو حضرت سعد بن معاذ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! قسم بخدا! آپ کی مدد کروں گا' اگر وہ قبیلہ اوس سے تعلق رکھتا ہے تو ہم اس کی گردن اُڑا دیں گے اور اگر وہ ہمارے بھائی خزرج قبیلہ سے ہے تو آپ ہمیں حکم دیں' ہم آپ کے حکم کی تعمیل کریں گے۔ پس خزرج قبیلہ کے سردار حضرت سعد بن عبادہ کھڑے ہوئے' اس سے پہلے کہ وہ ایک نیک شخص تھے' لیکن عصبیت نے انہیں بھڑکا دیا' اُنہوں نے کہا: تم جھوٹ بولتے ہو' اللہ کی قسم! تم اس کو قتل نہیں کر سکتے اور نہ ہی تم اس کو قتل کرنے پر قادر ہو۔ پھر حضرت اُسید بن حضیر کھڑے ہوئے اور بولے: تم جھوٹ بولتے ہو' واللہ! اللہ کی قسم! ہم اسے ضرور بالضرور قتل کریں گے' پس بے شک آپ منافق ہیں اور منافقوں کی طرف سے جھگڑتے ہیں۔ فرماتی ہیں کہ پھر دونوں قبیلے اوس وخزرج جوش میں آ گئے حتیٰ کہ وہ ڈٹ گئے حالانکہ ان کے سامنے رسول اللہ ﷺ منبر پر کھڑے تھے۔ص فرماتی ہیں: آپ منبر سے نیچے تشریف لائے اور انہیں ٹھنڈا کرنا شروع کیا حتیٰ کہ وہ خاموش ہو گئے اور رسول اللہ ﷺ بھی خاموش ہوئے۔ فرماتی ہیں کہ اس دن میں روتی

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَضْحَكُ، فَكَانَ أَوَّلَ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا أَنْ قَالَ: يَا عَائِشَةُ احْمَدِي اللّٰهَ فَقَدْ بَرَّأَكِ ۔ قَالَتْ لِي أُمِّي: قُومِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا أَقُومُ إِلَيْهِ، وَلَا أَحْمَدُ إِلَّا اللّٰهَ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ (إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ) الْآيَاتِ كُلَّهَا، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ هَذَا فِي بَرَاءَتِي قَالَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَكَانَ يُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحِ بْنِ أُثَاثَةَ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ: وَاللّٰهِ لَا أُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحٍ شَيْئًا أَبَدًا بَعْدَمَا قَالَ لِعَائِشَةَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ هَذِهِ الْآيَةَ (وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَى وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ، وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ) ۔ قَالَ أَبُو بَكْرٍ: بَلَى وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُحِبُّ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لِي، فَرَجَعَ إِلَى مِسْطَحٍ الَّذِي كَانَ يُجْرِي عَلَيْهِ ۔ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِي فَقَالَ: يَا زَيْنَبُ، مَا عَلِمْتِ وَمَا رَأَيْتِ؟ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَحْمِي سَمْعِي وَبَصَرِي، فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا إِلَّا خَيْرًا ۔ قَالَتْ عَائِشَةُ: وَهِيَ الَّتِي تُسَامِينِي فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ

رہی میرے آنسو خشک نہ ہوئے اور نہ ہی میں سوئی۔ پس میرے والدین نے میرے پاس صبح کی اور میں دو رات اور ایک دن سے روتی رہی یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ رونا میرے جگر کو پاش پاش کر دے گا۔ فرماتی ہیں: اسی اثناء میں کہ میرے ماں باپ میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں رو رہی تھی' ایک انصاری عورت نے اندر آنے کی اجازت چاہی' میں نے اسے آنے کی اجازت دی تو وہ میرے ساتھ رونے بیٹھ گئی' ہم اسی کیفیت میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور بیٹھ گئے حالانکہ اس سے پہلے جب سے یہ تہمت لگی تھی' آپ میرے پاس تشریف فرما نہیں ہوئے تھے اور ایک مہینہ گزرا' آپ پر میرے بارے میں کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ فرماتی ہیں: آپ نے کلمہ شہادت پڑھا' پھر فرمایا: حمد وصلوٰۃ کے بعد! اے عائشہ! مجھے تمہارے بارے میں ایسی ایسی بات پہنچی ہے' اگر تم بَری ہو تو عنقریب اللہ تعالیٰ تمہاری برأت ظاہر فرمائے گا اور اگر (بالفرض) تم سے یہ ہوگیا ہے تو تم استغفار کرو اور اللہ کی طرف توبہ کرو' پس بے شک بندہ جب اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے' پس جب رسول اللہ ﷺ نے اپنی بات مکمل کر لی تو میرے آنسو خشک ہو گئے حتیٰ کہ میں نے ایک قطرہ آنسو کا بھی محسوس نہیں کیا۔ میں نے اپنے والد سے کہا: آپ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کی بات کا جواب دیں! تو فرماتی ہیں کہ اُنہوں نے کہا: واللہ!

میں نہیں جانتا کہ میں رسول اللہ ﷺ سے کیا کہوں! تو میں نے اپنی ماں سے کہا: آپ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کو جواب دیں! تو اُنہوں نے بھی کہا کہ میں نہیں جانتی کہ میں رسول اللہ ﷺ کو کیا کہوں؟ تو آپ نے عرض کیا: میں کم عمر لڑکی ہوں' بہت زیادہ قرآن نہیں پڑھتی' پس میں نے کہا: بخدا! میں جانتی ہوں کہ جو کچھ بیان کیا گیا تم نے اسے سن لیا اور وہ تمہارے دلوں میں گھر کر گیا اور تم اس کی تصدیق کرتے ہو اور اگر میں تم سے کہوں کہ میں اس سے بَری ہوں اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اس سے بَری ہوں تو آپ لوگ اس کی تصدیق نہیں کریں گے اور اگر میں کسی (ناکردہ) کام کا اعتراف کروں اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں اس سے بَری ہوں تو تم ضرور میری تصدیق کرو گے' واللہ! میں اپنے اور تمہارے لیے حضرت یوسف علیہ السلام کے والد کی مثال کے سوا نہیں پاتی ہوں' اُنہوں نے کہا: ''پس صبر جمیل کرنا ہی بہتر ہے اور جو کچھ تم بیان کرتے ہو اس پر اللہ سے ہی مدد مطلوب ہے''۔ فرماتی ہیں کہ پھر میں وہاں سے اپنے بستر پر چلی گئی اور مجھے اُمید تھی کہ اللہ تعالیٰ میری برأت ظاہر فرمائے گا لیکن واللہ! میں یہ گمان نہیں کرتی تھی کہ وہ میرے حق میں ایسی وحی نازل فرمائے گا جس کی تلاوت کی جائے گی اور میرے نزدیک میری حیثیت اس سے بہت کم تھی کہ میرا معاملہ قرآن کریم میں بیان کیا جائے لیکن میرا خیال تھا کہ نبی کریم ﷺ سوتے میں ایسا خواب دیکھیں گے جس میں

میری برأت کا اظہار ہو گا۔ فرماتی ہیں: واللہ! ابھی حضور ﷺ نے اُٹھنے کا قصد نہ کیا تھا اور نہ ہی گھر کا کوئی فرد گھر سے باہر گیا کہ آپ پر وحی کا نازل ہوا' پھر آپ کو سخت مشقت نے آلیا جو آپ کو لیا کرتی تھی حتیٰ کہ آپ کو موتیوں کی طرح پسینہ آ گیا سردی کے دن میں۔ فرماتی ہیں: پس جب آپ سے یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ مسکرائے اور جو پہلی بات آپ نے ارشاد فرمائی' وہ یہ تھی: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرو' بے شک اس نے تمہاری برأت ظاہر فرمائی ہے' تو مجھ سے میری والدہ نے کہا: کھڑی ہو جاؤ رسول اللہ ﷺ کے لیے! تو میں نے کہا: واللہ! میں آپ کی طرف کھڑی نہیں ہوں گی اور نہ ہی خدا کے سوا کسی کی تعریف کروں گی اور اللہ تعالیٰ نے (ان الـذیـن......) تمام آیتیں نازل فرمائیں' پس جب اللہ تعالیٰ نے میری برأت میں یہ آیات نازل فرمائیں تو حضرت ابوبکر صدیق' مسطح بن اُثاثہ پر جو قرابت کی وجہ سے خرچ کرتے تھے تو اُنہوں نے کہا: واللہ! جو کچھ اس نے عائشہ کے بارے میں کہا ہے' میں اس پر کبھی خرچ نہیں کروں گا' تو اللہ تعالیٰ نے (**ولا یاتل**..........**غفور رحیم**) نازل فرمائی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے: کیوں نہیں! جی ہاں! واللہ! میں ضرور پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت فرمائے تو آپ مسطح پر اسی طرح خرچ کرنے لگے جس طرح کیا کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے بھی میرے بارے میں پوچھا تھا کہ اے

زینب! کیا تمہیں کسی بات کا علم ہے اور تم نے کچھ دیکھا ہے؟ تو اُنہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اپنی آنکھوں اور کانوں کی حفاظت کرتی ہوں' واللہ! میں تو ان میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانتی۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: یہ وہی تھی جو مجھ سے فائق رہنا چاہتی تھیں' پس اللہ تعالیٰ نے انہیں ان کے تقویٰ کی وجہ سے محفوظ رکھا۔

4907 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ بِمِثْلِهِ .

یحییٰ بن سعید' قاسم بن محمد بن ابوبکر سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

4908 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بِمِثْلِهِ

ہشام بن عروہ اپنے والد سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

4909 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ قَالَ: قَالَ فُلَيْحٌ: سَمِعْتُ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ يَقُولُونَ: إِنَّ أَصْحَابَ الْإِفْكِ جُلِدُوا الْحَدَّ، وَلَا نَعْلَمُ ذَلِكَ

فلیح کہتے ہیں کہ میں نے اہل علم کو کہتے ہوئے سنا کہ اصحابِ افک کو کوڑوں کی حد لگائی گئی اور ہم اسے نہیں جانتے۔

4910 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهَذَا الْأَمْرِ وَشَاعَ فِيهِمْ، وَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا وَمَا أَشْعُرُ بِهِ . قَالَتْ: فَخَرَجْتُ ذَاتَ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' فرماتی ہیں: بے شک لوگوں میں اس معاملہ کی گفتگو ہوئی اور یہ معاملہ ان میں پھیل گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں خطاب فرماتے ہوئے کھڑے ہوئے اور مجھے اس معاملہ کا کچھ پتا نہ تھا۔ فرماتی ہیں کہ میں ایک رات قضاء

4907- انظر رقم: 4906,4380 .

4908- انظر رقم: 4906,4380 .

4909- انظر رقم: 4906,4380 .

4910- انظر رقم: 4906,4380 .

لَيْلَةٍ مَعَ أُمِّ مِسْطَحٍ لِأَقْضِيَ حَاجَةً، فَعَثَرَتْ فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَلَامَ تَسُبِّينَ ابْنَكِ وَهُوَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ الْأَوَّلِينَ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا؟ فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا أَسُبُّهُ إِلَّا فِيكِ. قُلْتُ: وَمَا شَأْنِي؟ فَأَخْبَرَتْنِي بِالْأَمْرِ، فَذَهَبَتْ حَاجَتِي فَمَا أَجِدُ مِنْهَا شَيْئًا، وَحُمِمْتُ فَأَتَيْتُ الْمَنْزِلَ، فَإِذَا أُمِّي أَسْفَلُ وَإِذَا أَبِي فَوْقَ الْبَيْتِ يُصَلِّي، فَالْتَزَمَتْنِي فَبَكَتْ وَبَكَيْتُ، فَسَمِعَ أَبُو بَكْرٍ بُكَاءَنَا فَقَالَ: مَا شَأْنُ ابْنَتِي؟ قَالَتْ أُمِّي: سَمِعَتْ بِذَاكَ الْخَبَرِ. قَالَ: مَكَانَكِ حَتَّى نَغْدُو مَعَكِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَدَوْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَمَا مَنَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَانُهَا أَنْ تَكَلَّمَ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ إِنْ كُنْتِ أَسَأْتِ أَوْ أَخْطَأْتِ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ. فَقُلْتُ لِأَبِي: تَكَلَّمْ. فَقَالَ: بِمَ أَتَكَلَّمُ؟ فَقُلْتُ لِأُمِّي: تَكَلَّمِي. فَقَالَتْ: بِمَ أَتَكَلَّمُ؟ فَحَمِدْتُ اللّٰهَ وَأَثْنَيْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ قُلْتُ: وَاللّٰهِ لَئِنْ قُلْتُ: قَدْ فَعَلْتُ- وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فَعَلْتُ- لَتَقُولُنَّ: قَدْ أَقَرَّتْ، وَلَئِنْ قُلْتُ: مَا فَعَلْتُ - وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فَعَلْتُ - لَتَقُولُنَّ: كَذَبَتْ، فَمَا أَجِدُ لِي وَلَكُمْ مَثَلًا إِلَّا مَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ- فَنَسِيتُ اسْمَهُ فَقُلْتُ: أَبُو يُوسُفَ- : (صَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ) . فَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَارِيَةٍ نُوبِيَّةٍ فَقَالَ: يَا

حاجت کے لیے اُم مسطح کے ہمراہ نکلی تو وہ لڑکھڑا ئیں اور بولیں: مسطح ہلاک ہو! تو میں نے کہا: سبحان اللہ! آپ اپنے بیٹے کو کیوں گالی دے رہی ہیں' وہ مہاجرین اوّلین میں سے ہیں اور غزوۂ بدر میں شریک ہوئے ہیں۔ تو اُنہوں نے کہا کہ واللہ! میں انہیں آپ کی وجہ سے گالی دے رہی ہوں' تو میں نے پوچھا: میرا معاملہ کیا ہے؟ تو اُنہوں نے مجھے اس معاملہ کی خبر دی تو میری قضاء حاجت جاتی رہی' میں نے اس میں کچھ نہ پایا اور مجھے بخار ہو گیا' میں گھر آئی تو میری والدہ نیچے گھر میں اور میرے والد گھر کی اوپری منزل میں نماز ادا کر رہے تھے تو اُنہوں نے مجھے اپنے ساتھ لپٹا لیا اور روئیں' میں بھی روئی تو حضرت ابوبکر نے ہمارے رونے کی آواز سنی تو پوچھا: میری بیٹی کو کیا ہوا؟ تو میری والدہ بولیں: انہوں نے بھی خبر سن لی ہے' تو اُنہوں نے کہا: تم ٹھہرو! ہم صبح تمہارے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت اطہر میں چلیں گے۔ ہم صبح رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے' آپ کے پاس ایک انصاری عورت موجود تھی' پس اس کے ہونے نے رسول اللہ ﷺ کو گفتگو سے نہ روکا' آپ نے فرمایا: اے عائشہ! اگر تم سے خطاء یا غلطی ہوئی ہے تو اللہ سے استغفار و توبہ کر لیں' میں نے اپنے والد سے کہا: آپ بات کریں! تو اُنہوں نے کہا: کیا بات کروں؟ تو میں نے اپنی والدہ سے کہا کہ آپ بات کریں' تو اُنہوں نے بھی کہا کہ میں کیا بات کروں؟ تو میں نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی' پھر میں نے کہا کہ بخدا! اگر میں کہوں کہ میں

فُلَانَةُ، مَاذَا تَعْلَمِينَ مِنْ عَائِشَةَ؟ فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ عَلَى عَائِشَةَ عَيْبًا إِلَّا أَنَّهَا تَنَامُ وَتَدْخُلُ الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُ خَمِيرَهَا وَحَصِيرَهَا، فَلَمَّا فَطِنَتْ لِمَا يُرِيدُ قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ مِنْ عَائِشَةَ إِلَّا مَا يَعْلَمُ الصَّائِغُ مِنَ التِّبْرِ الْأَحْمَرِ ۔ فَصَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ: أَشِيرُوا عَلَيَّ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ فِي قَوْمٍ أَبَنُوا أَهْلِي، وَايْمُ اللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي سُوءًا قَطُّ وَأَبَنُوهُمْ بِمَنْ؟ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ مِنْ سُوءٍ قَطُّ، وَمَا دَخَلَ بَيْتِي إِلَّا وَأَنَا شَاهِدٌ، وَلَا سَافَرْتُ إِلَّا وَهُوَ مَعِي ۔ فَقَالَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ: أَرَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنْ تَضْرِبَ أَعْنَاقَهُمْ، فَقَامَ رِجَالٌ مِنَ الْخَزْرَجِ فَقَالُوا: وَاللّٰهِ لَوْ كَانُوا مِنْ رَهْطِكَ الْأَوْسِ مَا أَمَرْتَ بِضَرْبِ أَعْنَاقِهِمْ، حَتَّى كَادَ أَنْ يَكُونَ بَيْنَ الْأَوْسِ وَالْخَزْرَجِ كَوْنٌ، وَنَزَلَ الْوَحْيُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَمَا سُرِّيَ عَنْهُ حَتَّى رَأَيْتُ السُّرُورَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ ۔ فَقَالَ: أَبْشِرِي يَا عَائِشَةُ فَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ عُذْرَكِ فَقَالَ أَبَوَايَ: قُومِي فَقَبِّلِي رَأْسَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: أَحْمَدُ اللّٰهَ لَا إِيَّاكُمَا، وَتَلَا عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ: (إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَكُمْ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ مَا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ)، (لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُمْ مَا يَكُونُ لَنَا أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهَذَا

نے یہ کام کیا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ میں نے یہ کام نہیں کیا تو آپ کہیں گے کہ بے شک اس نے اقرار کرلیا اور اگر میں کہوں کہ میں نے یہ کام نہیں کیا اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں نے یہ کام نہیں کیا تو آپ کہیں گے: اس نے جھوٹ بولا' پس میں اپنے اور آپ کے لیے بطور مثال وہی پاتی ہوں جو ایک نیک بندے نے کہا' مجھے ان کا نام بھولا' پھر میں نے کہا: حضرت یوسف علیہ السلام کے والد نے (صبر جمیل......) تو رسول اللہ ﷺ ایک حبشی لونڈی کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: اے فلانی! تم عائشہ کے بارے میں کیا جانتی ہو؟ تو اس نے کہا: میں عائشہ میں سوائے اس کے کوئی عیب نہیں جانتی کہ وہ سو جاتی ہیں اور بکری داخل ہو کر ان کا آٹا اور چٹائی کھا جاتی ہے۔ پس جب وہ سمجھی کہ رسول اللہ ﷺ کا کیا ارادہ ہے' تو وہ بولی: واللہ! میں عائشہ کے بارے میں اتنا ہی جانتی ہوں جتنا سنار سرخ سونے کی ڈلیوں کے بارے میں جانتا ہے تو حضور ﷺ منبر پر جلوہ گر ہوئے اور ارشاد فرمایا: اے مسلمان جماعت! مجھے مشورہ دو ان لوگوں کے بارے میں جنہوں نے میرے اہل پر بہتان لگایا' واللہ! میں اپنے اہل میں کچھ خرابی بھی نہیں جانتا' واللہ! میں ان پر کوئی خرابی بھی نہیں جانتا' وہ میرے گھر میں داخل نہیں ہوا مگر وہاں موجود تھا اور میں نے سفر کیا تو وہ میرے ساتھ تھا۔ تو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں سمجھتا ہوں کہ آپ ان کو قتل فرمائیں تو قبیلہ خزرج کے لوگ کھڑے ہو کر بولنے

سُبْحَانَكَ هَذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ﴾ (النور: 16) .

وَكَانَ مِمَّنْ تَوَلَّى كِبْرَهُ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ وَمِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ وَحَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ، وَكَانَ يُتَحَدَّثُ بِهِ عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أُبَيٍّ فَيَسْمَعُهُ وَيَسْتَوْشِيهِ وَيُذِيعُهُ، وَكَانَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ إِذَا سُبَّ عِنْدَ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَا تَسُبُّوا حَسَّانَ؛ فَإِنَّهُ كَانَ يُكَافِحُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ تَقُولُ: أَيُّ عَذَابٍ أَعْظَمُ مِنْ ذَهَابِ عَيْنَيْهِ؟ وَقَالَ الَّذِي قِيلَ لَهُ مَا قِيلَ: وَاللَّهِ إِنْ كَشَفْتُ عَنْ كَنَفِ أُنْثَى قَطُّ . وَقُتِلَ شَهِيدًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَقَالَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ يُكَذِّبُ نَفْسَهُ:

(البحر الطويل)

حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيبَةٍ . . . وَتُصْبِحُ خَمْصَى مِنْ لُحُومِ الْغَوَافِلِ

فَإِنْ كُنْتُ قَدْ قُلْتُ الَّذِي قَدْ زَعَمْتُمْ . . . فَلَا حَمَلَتْ سَوْطِي إِلَيَّ أَنَامِلِي

وَكَيْفَ؟ وَوُدِّي مَا حَيِيتُ وَنُصْرَتِي . . . لِآلِ رَسُولِ اللَّهِ زَيْنِ الْمَحَافِلِ

أَأَشْتُمُ خَيْرَ النَّاسِ بَعْلًا وَوَالِدًا . . . وَنَفْسًا؟ لَقَدْ أُنْزِلْتُ شَرَّ الْمَنَازِلِ

لگے کہ بخدا! اگر وہ تمہارے قبیلہ اوس میں سے ہوتے تو تم ان کے قتل کا حکم نہ دیتے یہاں تک کہ اوس وخزرج کے درمیان گرما گرمی ہونے لگی اور رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہونے لگی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب آپ سے وحی کے نزول کی کیفیت ختم ہوئی تو میں نے آپ کو بہت خوش دیکھا تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! خوشخبری ہو! اللہ تعالیٰ نے آپ کو معذور فرمایا ہے اور یہ وحی نازل فرمائی ہے' تو میرے والدین نے مجھ سے کہا کہ کھڑی ہو جاؤ اور رسول اللہ ﷺ کے سر اقدس کو بوسہ دو! تو میں نے کہا: میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرتی ہوں نہ کہ تم دونوں کی اور رسول اللہ ﷺ نے (ان الذین............ بهتان عظیم) والی آیات لوگوں کے سامنے تلاوت فرمائیں اور جن لوگوں نے اس تہمت میں بڑا حصہ لیا' ان میں حسان بن ثابت' مسطح بن اثاثہ اور حمنہ بنت جحش تھیں اور یہ بات عبداللہ بن اُبی کے پاس بیان کی گئی تو اس نے اسے سنا اور اسے خوب بڑھا چڑھا کر پھیلایا اور جب حسان بن ثابت جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بُرا بھلا کہا جاتا تو آپ فرماتی: حسان کو بُرا بھلا مت کہو' وہ رسول اللہ ﷺ کا دفاع کرتا ہے' پھر فرماتیں کہ آنکھوں کی بینائی کے جانے سے بڑی تکلیف کیا ہے؟ ان کے لیے کہا گیا جو کہا گیا' اُنہوں نے کہا: قسم بخدا! میں نے کبھی عورتوں کے اندرون خانہ حالات سے پردہ نہیں اُٹھایا اور وہ اللہ کی راہ میں شہید کیے گئے۔ پس حضرت حسان بن ثابت اپنے آپ کو جھٹلاتے ہوئے فرماتے

ہیں:

''پس اگر میں نے وہ کام کیا ہے جو تم نے گمان کیا
تو میری انگلیاں' میرا کوڑا نہ اُٹھا سکیں'
اور یہ کیسے ممکن ہے جبکہ میری محبت جب تک میں
زندہ ہوں اور میری مدد وقت ہے رسول کریم ﷺ کی
آل کیلئے جو محافل کی زینت ہیں'
کیا میں اس کو بُرا بھلا کہہ سکتا ہوں جن کے شوہر'
والد اور وہ خود سب لوگوں سے بہتر ہیں' یقیناً لوگوں نے
مجھے بُرے مقام پر رکھا ہے''۔

4911 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَدَ الَّذِينَ قَالُوا لِعَائِشَةَ مَا قَالُوا ثَمَانِينَ ثَمَانِينَ: حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ وَمِسْطَحَ بْنَ أُثَاثَةَ وَحَمْنَةَ بِنْتَ جَحْشٍ

عروہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں باتیں بنانے والوں کو اسّی اسّی کوڑے لگائے یعنی حسان بن ثابت' مسطح بن اثاثہ اور حمنہ بنت جحش کو۔

4912 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْوَاسِطِيُّ الطَّحَّانُ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الْوَاسِطِيِّ، حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ، وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالَ فِيهَا أَهْلُ الْإِفْكِ مَا قَالُوا فَبَرَّأَهَا اللَّهُ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کسی سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنی بیویوں کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے تو ان میں سے جس کا قرعہ نکلتا اسے ساتھ لے جاتے' پس آپ نے ایک غزوہ کے موقع پر قرعہ اندازی فرمائی تو میرا قرعہ نکلا تو میں آپ کے ساتھ نکلی' پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد۔ میں ھودج میں اُٹھائی اور اُتاری جاتی' پس ہم چلے یہاں تک کہ جب رسول اللہ ﷺ اپنے غزوہ سے فارغ

4911- أخرجه أحمد جلد6صفحه61,35 . وأبو داؤد رقم الحديث: 4474 قال: حدثنا قتيبة بن سعيد الثقفي ومالك بن عبد الواحد المسمعي .

4912- الحديث سبق برقم: 4910-4906,4380 فراجعه .

وَكُلُّهُمْ حَدَّثَنِي طَائِفَةً مِنْ حَدِيثِهَا، وَبَعْضُهُمْ كَانَ أَوْعَى لِحَدِيثِهَا مِنْ بَعْضٍ وَأَثْبَتَ لَهُ اقْتِصَاصًا، وَقَدْ وَعَيْتُ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمُ الْحَدِيثَ الَّذِي حَدَّثَنِي عَنْ عَائِشَةَ. قَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ أَزْوَاجِهِ، فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا أَخْرَجَهَا مَعَهُ. قَالَتْ عَائِشَةُ: فَأَقْرَعَ بَيْنَنَا فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا فَخَرَجَ فِيهَا سَهْمِي، فَخَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَمَا أُنْزِلَ الْحِجَابُ، فَكُنْتُ أُحْمَلُ فِي هَوْدَجٍ وَأُنْزَلُ فِيهِ، فَسِرْنَا حَتَّى إِذَا فَرَغَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَتِهِ تِلْكَ، وَقَفَلَ وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ قَافِلِينَ أَذِنَ لَنَا بِالرَّحِيلِ، فَقُمْتُ حِينَ أَذِنَ بِالرَّحِيلِ فَمَشَيْتُ حَتَّى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ، فَلَمَّا قَضَيْتُ شَأْنِي أَقْبَلْتُ إِلَى رَحْلِي فَلَمَسْتُ صَدْرِي، فَإِذَا عِقْدٌ لِي مِنْ جَزْعِ أَظْفَارٍ قَدِ انْقَطَعَ، فَرَجَعْتُ فَالْتَمَسْتُ عِقْدِي فَحَبَسَنِي ابْتِغَاؤُهُ. قَالَتْ: وَأَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِينَ كَانُوا يَرْحَلُونَ لِي، فَاحْتَمَلُوا هَوْدَجِي فَرَحَلُوهُ عَلَى بَعِيرِي الَّذِي كُنْتُ أَرْكَبُ، وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنِّي فِيهِ، وَكَانَ النِّسَاءُ إِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَمْ يَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ، وَإِنَّا نَأْكُلُ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ، فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ خِفَّةَ الْهَوْدَجِ، رَفَعُوهُ وَرَحَلُوهُ وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيثَةَ السِّنِّ فَبَعَثُوا وَسَارُوا، وَوَجَدْتُ عِقْدِي بَعْدَمَا اسْتَمَرَّ الْجَيْشُ، فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ وَلَيْسَ بِهَا دَاعٍ وَلَا مُجِيبٌ،

ہوئے اور واپس لوٹے اور ہم مدینہ منورہ کے قریب تھے تو آپ نے ایک رات کوچ کا حکم ارشاد فرمایا' تو میں اس وقت کھڑی ہوئی جب کوچ کا حکم دیا' پس میں چلی حتیٰ کہ لشکر سے باہر آ گئی تو جب میں قضاء حاجت کر چکی تو میں واپس اپنی سواری کی طرف بڑھی' اتنے میں میں نے اپنے سینے کو چھوا تو اچانک میرا سیپیوں کا ہار ٹوٹ چکا تھا' میں اپنا ہار ڈھونڈنے واپس لوٹی' پس مجھے اس کی تلاش نے روکے رکھا' پس جو لوگ میری سواری کو لے کر چلتے تھے وہ آگے بڑھے' اُنہوں نے میرا ھودج اُٹھایا اور اسے اونٹ پر رکھ کر چل دیئے جس پر میں سوار ہوتی تھی اور وہ سمجھ رہے تھے کہ میں اس میں ہوں اور عورتیں ان دنوں ہلکی ہوتی تھیں' بھاری نہیں تھیں اور نہ اُن پر گوشت چڑھا ہوا ہوتا تھا' وہ تھوڑا کھانا کھاتیں' پس جب اُنہوں نے ھودج کا بوجھ اُٹھایا تو انہیں وہ خلافِ معمول نہ لگا اور میں کم عمر لڑکی تھی' انہوں نے اونٹ کو اُٹھایا اور روانہ ہو گئے' ادھر لشکر کے چلے جانے کے بعد مجھے ہار مل گیا تو میں پڑاؤ کی جگہ آ گئی' وہاں کوئی نہیں تھا تو میں نے اس جگہ کا ارادہ کیا جہاں میں پہلے ٹھہری ہوئی تھی اور میں نے گمان کیا کہ عنقریب وہ مجھے گم پائیں گے تو میری طرف لوٹیں گے' اسی دوران کہ میں اپنی جگہ بیٹھی ہوئی تھی کہ مجھے نیند نے آ گھیرا تو میں سو گئی اور صفوان بن معطل سلمی ذکوانی لشکر کے پیچھے تھے' وہ میرے قریب صبح کے وقت پہنچے تو اُنہوں نے سایۂ انسان کو دیکھا تو وہ میرے پاس آئے' اُنہوں نے پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے مجھے

فَيَمَّمْتُ مَنْزِلِي الَّذِي كُنْتُ بِهِ وَظَنَنْتُ أَنَّهُمْ سَيَفْقِدُونَنِي فَيَرْجِعُونَ إِلَيَّ ۔ فَبَيْنَا أَنَا جَالِسَةٌ فِي مَنْزِلِي غَلَبَتْنِي عَيْنِي فَنِمْتُ، وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْجَيْشِ، فَأَدْلَجَ فَأَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِي، فَرَأَى سَوَادَ إِنْسَانٍ نَائِمٍ فَعَرَفَنِي حِينَ رَآنِي، وَكَانَ يَرَانِي قَبْلَ الْحِجَابِ، فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهِ حِينَ عَرَفَنِي فَخَمَّرْتُ وَجْهِي بِجِلْبَابِي، وَاللّٰهِ مَا تَكَلَّمْتُ بِكَلِمَةٍ، وَلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ حِينَ أَنَاخَ رَاحِلَتَهُ فَوَطِءَ عَلَى يَدِهَا، وَقُمْتُ فَرَكِبْتُهَا، فَانْطَلَقَ يَقُودُ بِيَ الرَّاحِلَةَ حَتَّى أَتَيْنَا الْجَيْشَ وَهُمْ نُزُولٌ ۔ قَالَتْ: فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ وَكَانَ الَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ: الْأَوَّلُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُولٍ ۔ قَالَ عُرْوَةُ: أُخْبِرْتُ أَنَّهُ كَانَ يُشَاعُ وَيُحَدَّثُ بِهِ عِنْدَهُ فَيُقِرُّهُ وَيُشِيعُهُ وَيَسْتَوْشِيهِ ۔ قَالَ إِبْرَاهِيمُ: يَعْنِي يَسْتَوْشِيهِ ۔ قَالَ عُرْوَةُ: إِنَّمَا لَمْ يُسَمَّ مِنْ أَهْلِ الْإِفْكِ إِلَّا مِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ وَحَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ فِي أُنَاسٍ آخَرِينَ لَا عِلْمَ لِي بِهِمْ، غَيْرَ أَنَّهُمْ عُصْبَةٌ كَمَا قَالَ اللّٰهُ، وَإِنَّ كِبْرَ ذَلِكَ كَانَ يُقَالُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ ابْنِ سَلُولَ ۔ قَالَ عُرْوَةُ: كَانَتْ عَائِشَةُ تَكْرَهُ أَنْ يُسَبَّ عِنْدَهَا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ وَتَقُولُ: إِنَّهُ الَّذِي قَالَ: فَإِنَّ أَبِي وَوَالِدَهُ وَعِرْضِي لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِنْكُمْ وِقَاءُ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَاشْتَكَيْتُ حِينَ قَدِمْتُ شَهْرًا، وَالنَّاسُ يُفِيضُونَ فِي

دیکھا ہوا تھا تو جب اُنہوں نے مجھے پہچانا تو انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا تو میں ان کی آواز سن کر جاگی۔ پس میں نے اپنا چہرہ اپنی چادر سے چھپایا' بخدا! نہ میں نے کوئی بات کہی اور نہ ہی میں نے ان سے کلمہ استرجاع کے علاوہ کوئی بات سنی حتیٰ کہ انہوں نے اپنی سواری بٹھائی' پس میں اس پر سوار ہوئی' پس وہ سواری کو پکڑ کر آگے چلے یہاں تک کہ ہم لشکر سے آ ملے درانحالیکہ وہ دوپہر کے وقت سائے میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے' پس ہلاک ہوا جس کے مقدر میں ہلاک ہونا لکھا تھا اور جس نے اس تہمت کو پھیلانے میں زیادہ حصہ لیا وہ عبداللہ بن اُبی بن سلول تھا' پس جب ہم مدینہ طیبہ پہنچے تو میں وہاں ایک ماہ بیمار رہی اور لوگوں میں اس تہمت کا چرچا ہو گیا' مجھے اس بارے میں کچھ پتا نہ تھا اور میری تکلیف اس سے بڑھی کہ میں رسول اللہ ﷺ کی وہ توجہ محسوس نہیں کر رہی تھی جو آپ بیماری کے دنوں میں فرمایا کرتے تھے' آپ تشریف لاتے' سلام کرتے پھر پوچھتے: تمہارا کیا حال ہے؟ یہ بات مجھے تکلیف دیتی اور مجھے کچھ معلوم نہ تھا یہاں تک کہ میں کمزور پڑ گئی' (ایک رات) میں اور اُم مسطح بنت ابی رھم قضاء حاجت کے لیے نکلیں اور ہم رات کے وقت ہی نکلا کرتی تھیں اور یہ معاملہ ہمارے گھروں کے قریب بیت الخلاء بننے سے پہلا کا ہے اور ہمارا معاملہ پہلے عربوں تھا قضاء حاجت یا پاکیزگی کے حصول میں' پس میں اور اُم مسطح چلیں تو اُم مسطح چادر میں اُلجھ کر لڑکھڑا گئیں تو وہ بولیں: مسطح ہلاک ہو! تو میں نے

قَوْلِ أَصْحَابِ الْإِفْكِ، لَا أَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ، وَهُوَ يَرِيبُنِي فِي وَجَعِي أَنِّي لَا أَعْرِفُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللُّطْفَ الَّذِي كُنْتُ أَرَى حِينَ أَشْتَكِي، إِنَّمَا يَدْخُلُ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُولُ: كَيْفَ تِيكُمْ؟ وَيَنْصَرِفُ فَذَلِكَ الَّذِي يَرِيبُنِي وَلَا أَشْعُرُ حَتَّى خَرَجْتُ بَعْدَمَا نَقَهْتُ فَخَرَجْتُ مَعَ أُمِّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ، وَكَانَ مُتَبَرَّزَنَا، أَمْرُنَا أَمْرُ الْعَرَبِ الْأُوَلِ فِي التَّنْزِيهِ قَبْلَ الْغَائِطِ، كُنَّا نَتَأَذَّى بِالْكُنُفِ أَنْ نَتَّخِذَهَا عِنْدَ بُيُوتِنَا. قَالَتْ: فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ - وَهِيَ بِنْتُ أَبِي رُهْمِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَأُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ خَالَةُ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ - فَأَقْبَلْتُ أَنَا وَأُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ بَيْتِي حِينَ فَرَغْنَا مِنْ شَأْنِنَا، فَعَثَرَتْ أُمُّ مِسْطَحٍ فِي مِرْطِهَا فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ أَتَسُبِّينَ رَجُلًا شَهِدَ بَدْرًا؟ قَالَتْ: أَيْ هَنْتَاهُ أَوَلَمْ تَسْمَعِي مَا قَالَ؟ قُلْتُ: وَمَا قَالَ؟ فَأَخْبَرَتْنِي بِقَوْلِ أَهْلِ الْإِفْكِ. قَالَتْ: فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلَى مَرَضِي، فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى بَيْتِي دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَيْفَ تِيكُمْ؟ فَقُلْتُ: ائْذَنْ لِي آتِ أَبَوَيَّ، قَالَتْ: وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا، فَأَذِنَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَيْتُهُمَا فَقُلْتُ لِأُمِّي: يَا أُمَّتَاهُ مَاذَا يَتَحَدَّثُ

ان سے کہا: آپ نے بُری بات کہی' کیا آپ ایسے شخص کو بُرا کہہ رہی ہیں جو اصحابِ بدر میں سے ہے؟ تو وہ بولیں: اے بی بی! کیا آپ نے نہیں سنا کہ وہ کیا کہتا ہے؟ تو میں نے پوچھا: وہ کیا کہتا ہے؟ تب اُنہوں نے مجھے تہمت لگانے والوں کی بات بتائی تو میری بیماری اور بڑھ گئی' جب میں اپنے گھر لوٹی تو رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور پوچھا: تمہارا کیا حال ہے؟ تو میں نے عرض کی: آپ مجھے میرے ماں باپ کے گھر جانے کی اجازت مرحمت فرمائیں۔ فرماتی ہیں: اس وقت میرا ارادہ تھا کہ ان سے جا کر اس بات کی تحقیق کروں گی۔ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے اجازت عطا فرمائی تو میں اپنے والدین کے پاس آ گئی' میں نے اپنی والدہ سے پوچھا کہ یہ لوگ کیسی باتیں کر رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: اے بیٹی! حوصلہ رکھو! اللہ کی قسم! کم ہی کوئی حسین عورت ہوگی جس سے اس کا شوہر محبت کرتا ہوگا اور اس کی سوکنیں بھی ہوں گی مگر یہ کہ وہ اس پر غالب آنے کی کوشش کریں گی۔ فرماتی ہیں: تو میں نے سبحان اللہ کہا کہ کیا لوگ واقعی ایسی باتیں کرتے ہیں؟ پس میں نے اس طرح یہ رات گزاری کہ صبح تک میرے آنسو نہ تھمے اور نہ ہی میں سو سکی' پھر میں نے صبح کی درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابوطالب اور اسامہ بن زید کو بلوایا جبکہ وحی میں تاخیر ہوئی' آپ اُن سے اپنے اہل سے الگ ہونے کے بارے میں مشورہ کر رہے تھے۔ فرماتی ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید نے تو اس بات کی

النَّاسُ؟ قَالَتْ: هَوِّنِي عَلَيْكِ . فَوَاللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَأَةٌ قَطُّ وَضِيئَةٌ عِنْدَ زَوْجِهَا يُحِبُّهَا لَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا أَكْثَرْنَ عَلَيْهَا . قَالَتْ: فَقُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ أَوَلَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهٰذَا؟ قَالَتْ: فَبَكَيْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةِ حَتّٰى أَصْبَحْتُ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ . قَالَتْ: ثُمَّ أَصْبَحْتُ أَبْكِي . قَالَتْ: وَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ يَسْتَشِيرُهُمَا فِي فِرَاقِ أَهْلِهِ . قَالَتْ: فَأَمَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَأَشَارَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِي يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَةِ أَهْلِهِ، وَبِالَّذِي يَعْلَمُ لَهُمْ فِي نَفْسِهِ، فَقَالَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَهْلَكَ وَلَا نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا . وَأَمَّا عَلِيٌّ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ النِّسَاءَ، وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيرٌ، وَسَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ . قَالَتْ: فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيرَةَ فَقَالَ: أَيْ بَرِيرَةُ هَلْ رَأَيْتِ شَيْئًا يُرِيبُكِ؟ قَالَتْ لَهُ بَرِيرَةُ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا رَأَيْتُ عَلَيْهَا أَمْرًا قَطُّ أَغْمِصُهُ أَكْثَرَ مِنْ أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنْ عَجِينِ أَهْلِهَا فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَوْمِهِ فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيِّ ابْنِ سَلُولَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ مَنْ يَعْذِرُنِي مِنْ رَجُلٍ قَدْ بَلَغَنِي أَذَاهُ فِي أَهْلِي، وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِي إِلَّا خَيْرًا، وَلَقَدْ ذَكَرُوا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ مِنْهُ

طرف اشارہ کیا جو انہیں معلوم تھا آپ کے اہل کی برأت کے بارے میں اور اس بارے میں جو وہ جانتے تھے کہ آپ کے دل میں ان کی کتنی محبت ہے' پس حضرت اسامہ نے کہا: یارسول اللہ! آپ کے اہل بخدا! ہم ان کے بارے میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانتے اور رہے حضرت علی بن ابوطالب تو اُنہوں نے کہا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ پر کوئی تنگی نہیں فرمائی' حضرت عائشہ کے سوا اور بہت سی عورتیں ہیں (آپ ان سے نکاح فرمائیں) اور آپ ان کی باندی سے پوچھیں وہ آپ کو سچ سچ بتائے گی۔ فرماتی ہیں کہ پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت بریرہ کو بلایا' ارشاد فرمایا: اے بریرہ! کیا تم نے ان میں کوئی ایسی شی دیکھی ہے جو تمہیں شک میں مبتلا کرے۔ تو حضرت بریرہ نے عرض کیا: نہیں! مجھے قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا' اگر میں ان کا کوئی معاملہ دیکھتی تو میں اس پر ان کو اچھا نہ جانتی' زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ وہ کم عمر لڑکی ہیں' آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں اور بکری آ کر آٹا کھا جاتی ہے۔ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور اس دن آپ نے عبداللہ بن ابی بن سلول کی شکایت کی' پس رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اس شخص کے خلاف میری کون مدد کرے گا جس کی ایذاء رسانی میرے گھر تک آ پہنچی ہے' پس اللہ کی قسم! پس اللہ کی قسم! پس اللہ کی قسم! تین مرتبہ فرمایا: میں اپنے اہل کے بارے میں سوائے بھلائی کے کچھ نہیں جانتا اور جس شخص کا

إِلَّا خَيْرًا، وَمَا دَخَلَ عَلَى أَهْلِي إِلَّا مَعِي ۔ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ أَحَدُ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَا أَعْذِرُكَ مِنْهُ، فَإِنْ كَانَ مِنَ الْأَوْسِ ضَرَبْتُ عُنُقَهُ، وَإِنْ كَانَ مِنْ إِخْوَانِنَا مِنَ الْخَزْرَجِ أَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا مَا أَمَرْتَنَا بِهِ ۔ قَالَ: فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْخَزْرَجِ - وَكَانَتْ أُمُّ حَسَّانَ بِنْتَ عَمِّهِ مِنْ فَخِذِهِ - وَهُوَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ، وَكَانَ رَجُلًا صَالِحًا وَلَكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ: كَذَبْتَ - لَعَمْرُ اللّٰهِ - لَا تَقْتُلُهُ وَلَا تَقْدِرُ عَلَى قَتْلِهِ، وَلَوْ كَانَ مِنْ رَهْطِكَ مَا أَحْبَبْتَ أَنْ تَقْتُلَهُ ۔ فَقَامَ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ - وَهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ - فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ: كَذَبْتَ - لَعَمْرُ اللّٰهِ - لَنَقْتُلَنَّهُ فَإِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِينَ ۔ قَالَتْ: فَثَارَ الْحَيَّانِ الْأَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتَّى هَمُّوا أَنْ يَقْتَتِلُوا، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتَّى سَكَتُوا وَسَكَتَ ۔ قَالَتْ: وَبَكَيْتُ يَوْمِي ذَلِكَ كُلَّهُ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ ۔ قَالَتْ: وَأَصْبَحَ أَبَوَايَ عِنْدِي، بَكَيْتُ يَوْمِي وَلَيْلَتِي لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ وَلَا أَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ ۔ قَالَتْ: حَتَّى أَظُنَّ أَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِي ۔ قَالَتْ: فَبَيْنَمَا أَبَوَايَ جَالِسَانِ عِنْدِي وَأَنَا أَبْكِي اسْتَأْذَنَتْ عَلَيَّ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَأَذِنْتُ لَهَا فَجَلَسَتْ تَبْكِي مَعِي ۔ قَالَتْ: فَبَيْنَمَا نَحْنُ عَلَى ذَلِكَ، إِذْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اُنہوں نے ذکر کیا ہے' میں اس کے بارے میں بھی بھلائی ہی جانتا ہوں اور وہ شخص میرے ساتھ ہی میرے گھر والوں پر داخل ہوا۔تو حضرت سعد بن معاذ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! قسم بخدا! آپ کی مدد کروں گا' اگر وہ قبیلہ اوس سے تعلق رکھتا ہے تو ہم اس کی گردن اُڑا دیں گے اور اگر وہ ہمارے بھائی خزرج قبیلہ سے ہے تو آپ ہمیں حکم دیں' ہم آپ کے حکم کی تعمیل کریں گے۔ پس خزرج قبیلہ کے سردار حضرت سعد بن عبادہ کھڑے ہوئے' اس سے پہلے کہ وہ ایک نیک شخص تھے' لیکن عصبیت نے انہیں بھڑکا دیا' اُنہوں نے کہا: تم جھوٹ بولتے ہو' اللہ کی قسم! تم اس کو قتل نہیں کر سکتے اور نہ ہی تم اس کو قتل کرنے پر قادر ہو۔ پھر حضرت اُسید بن حفیر کھڑے ہوئے اور بولے: تم جھوٹ بولتے ہو' واللہ! اللہ کی قسم! ہم اسے ضرور بالضرور قتل کریں گے' پس بے شک آپ منافق ہیں اور منافقوں کی طرف سے جھگڑتے ہیں۔ فرماتی ہیں کہ پھر دونوں قبیلے اوس وخزرج جوش میں آ گئے حتیٰ کہ وہ ڈٹ گئے حالانکہ ان کے سامنے رسول اللہ ﷺ منبر پر کھڑے تھے۔ص فرماتی ہیں: آپ منبر سے نیچے تشریف لائے اور انہیں ٹھنڈا کرنا شروع کیا حتیٰ کہ وہ خاموش ہو گئے اور رسول اللہ ﷺ بھی خاموش ہوئے۔ فرماتی ہیں کہ اس دن میں روتی رہی میرے آنسو خشک نہ ہوئے اور نہ ہی میں سوئی۔ پس میرے والدین نے میرے پاس صبح کی اور میں دو رات اور ایک دن سے روتی رہی یہاں تک کہ میں نے گمان

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ . قَالَتْ: وَلَمْ يَجْلِسْ عِنْدِي مُنْذُ قِيلَ لِي مَا قِيلَ قَبْلَهَا، وَلَقَدْ لَبِثَ شَهْرًا لَا يُوحَى إِلَيْهِ فِي شَأْنِي شَيْءٌ . قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ جَلَسَ ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ يَا عَائِشَةُ، فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِي عَنْكِ كَذَا وَكَذَا، فَإِنْ كُنْتِ بَرِيئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللَّهُ، وَإِنْ كُنْتِ أَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِي اللَّهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ؛ فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ وَتَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ . قَالَتْ: فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهُ قَلَصَ دَمْعِي حَتَّى مَا أُحِسُّ مِنْهُ قَطْرَةً فَقُلْتُ لِأَبِي: أَجِبْ عَنِّي رَسُولَ اللَّهِ فِيمَا قَالَ . فَقَالَ: وَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَتْ: فَقُلْتُ لِأُمِّي: أَجِيبِي عَنِّي رَسُولَ اللَّهِ فِيمَا قَالَ . فَقَالَتْ: وَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُولُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَتْ: فَقُلْتُ وَأَنَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ لَا أَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ كَثِيرًا: إِنِّي وَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُ وَلَقَدْ سَمِعْتُمْ حَتَّى اسْتَقَرَّ فِي أَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهِ، فَإِنْ قُلْتُ لَكُمْ: إِنِّي بَرِيئَةٌ لَا تُصَدِّقُونَنِي بِذَلِكَ، وَلَئِنِ اعْتَرَفْتُ بِأَمْرٍ - وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَنِّي مِنْهُ بَرِيئَةٌ - لَتُصَدِّقُنِّي، وَاللَّهِ مَا أَجِدُ لِي وَلَا لَكُمْ مَثَلًا إِلَّا أَبَا يُوسُفَ حِينَ يَقُولُ: (فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ) (يوسف: 18) . قَالَتْ: فَتَحَوَّلْتُ فَاضْطَجَعْتُ عَلَى فِرَاشِي، وَاللَّهُ يَعْلَمُ حِينَئِذٍ أَنِّي بَرِيئَةٌ، وَاللَّهُ يُبَرِّئُنِي بِبَرَاء

کیا کہ رونا میرے جگر کو پاش پاش کر دے گا۔ فرماتی ہیں: اسی اثناء میں کہ میرے ماں باپ میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں رو رہی تھی' ایک انصاری عورت نے اندر آنے کی اجازت چاہی' میں نے اسے آنے کی اجازت دی تو وہ میرے ساتھ رونے بیٹھ گئی' ہم اسی کیفیت میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور بیٹھ گئے حالانکہ اس سے پہلے جب سے یہ تہمت لگی تھی' آپ میرے پاس تشریف فرما نہیں ہوئے تھے اور ایک مہینہ گزرا' آپ پر میرے بارے میں کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ فرماتی ہیں: آپ نے کلمہ شہادت پڑھا' پھر فرمایا: حمد وصلوٰۃ کے بعد! اے عائشہ! مجھے تمہارے بارے میں ایسی ایسی بات پہنچی ہے' اگر تم بَری ہو تو عنقریب اللہ تعالیٰ تمہاری برأت ظاہر فرمائے گا اور اگر (بالفرض) تم سے یہ ہو گیا ہے تو تم استغفار کرو اور اللہ کی طرف توبہ کرو' پس بے شک بندہ جب اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے' پس جب رسول اللہ ﷺ نے اپنی بات مکمل کر لی تو میرے آنسو خشک ہو گئے حتیٰ کہ میں نے ایک قطرہ آنسو کا بھی محسوس نہیں کیا۔ میں نے اپنے والد سے کہا: آپ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کی بات کا جواب دیں! تو فرماتی ہیں کہ اُنہوں نے کہا: واللہ! میں نہیں جانتا کہ میں رسول اللہ ﷺ سے کیا کہوں! تو میں نے اپنی ماں سے کہا: آپ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کو جواب دیں! تو اُنہوں نے بھی کہا کہ میں

5000 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ قَالَ: أَخْرَجَ إِلَيَّ مَعْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ كِتَابًا وَحَلَفَ عَلَيْهِ أَنَّهُ خَطُّ أَبِيهِ، فَإِذَا فِيهِ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مَا رَأَيْتُ أَحَدًا كَانَ أَشَدَّ عَلَى الْمُتَنَطِّعِينَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَشَدَّ عَلَيْهِمْ بَعْدَهُ مِنْ أَبِي بَكْرٍ، وَإِنِّي لَأَظُنُّ عُمَرَ كَانَ أَشَدَّ أَهْلِ الْأَرْضِ خَوْفًا عَلَيْهِمْ أَوْ لَهُمْ

حضرت مسعر فرماتے ہیں: معن بن عبدالرحمٰن میری طرف ایک خط نکال کر لائے اور قسم کھائی کہ یہ ان کے باپ کا خط ہے میں نے اس میں دیکھا: حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے کسی آدمی کو نہیں دیکھا جو خواہشات میں مست لوگوں پر رسول کریم ﷺ سے زیادہ سخت ہو اور آپ ﷺ کے بعد ان پر زیادہ سخت حضرت ابوبکر کو دیکھا اور میرا سچا گمان ہے کہ حضرت عمر تو تمام زمین والوں سے ان پر یا ان کے لیے سخت تھے۔

4999- الحديث سبق برقم: **4984** فراجعه .

5000- الحديث في المقصد العلي برقم: **1713** .

5001 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنِ الصَّلَاةِ إِلَّا مُنَافِقٌ قَدْ عُلِمَ نِفَاقُهُ أَوْ مَرِيضٌ، إِنْ كَانَ الْمَرِيضُ لَيَمْشِي بَيْنَ رَجُلَيْنِ حَتَّى يَأْتِيَ الصَّلَاةَ . وَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَنَا سُنَنَ الْهُدَى، وَمِنْ سُنَنِ الْهُدَى الصَّلَاةُ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي يُؤَذَّنُ فِيهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم دیکھتے تھے کہ نماز سے وہی آدمی پیچھے رہتے تھے جس کی منافقت معلوم ہوتی یا مریض ہوتا' اگر کوئی مریض ہوتا تھا تو وہ دو آدمیوں کا سہارا لے کر نماز کے لیے آتا تھا اور فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو سنن الہدیٰ اور ان میں سے ایک سکھاتے تھے' سنت الہدیٰ یہ ہے کہ اس مسجد میں نماز پڑھنا جس میں اذان ہوتی ہے۔

5002 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَرِيبٍ مِنْ ثَلَاثِينَ رَجُلًا لَيْسَ فِيهِمْ إِلَّا قُرَشِيٌّ، لَا وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ صَفْحَةَ وُجُوهِ رِجَالٍ قَطُّ أَحْسَنَ مِنْ وُجُوهِهِمْ يَوْمَئِذٍ . قَالَ: فَذَكَرُوا النِّسَاءَ فَتَحَدَّثُوا فِيهِنَّ، وَتَحَدَّثَ مَعَهُمْ حَتَّى أَحْبَبْتُ أَنْ يَسْكُتَ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَتَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، فَإِنَّكُمْ أَهْلُ هَذَا الْأَمْرِ مَا أَطَعْتُمُ اللّٰهَ، فَإِذَا عَصَيْتُمُوهُ بَعَثَ عَلَيْكُمْ مَنْ يَلْحَاكُمْ كَمَا يُلْحَى هَذَا الْقَضِيبُ - لِقَضِيبٍ فِي يَدِهِ - ثُمَّ لَحَى قَضِيبَهُ، فَإِذَا هُوَ أَبْيَضُ يَصْلِدُ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس دوران کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تقریباً تیس آدمی موجود تھے' ان میں قریشی ہی تھے' قسم بخدا! میں نے کبھی لوگوں کے منہ اتنے خوبصورت نہیں دیکھے جتنے اُس دن اُن کے چہرے چمکدار تھے۔ آپ فرماتے ہیں: انہوں نے عورتوں کی باتیں شروع کر دیں۔ پس وہ انہیں کے بارے بولتے رہے اور آپ نے بھی اُن کے ساتھ کچھ گفتگو کی یہاں تک کہ میں نے خاموش رہنا ہی پسند کیا۔ پھر میں آپ کی خدمتِ خاص میں آیا' پس آپ دوزانو ہو کر تشریف فرما تھے۔ پھر آپ نے یوں خطبہ دیا: اے قریشیو! تم اس کام کے مالک ہو۔ تم نے اللہ کی اطاعت نہیں کی' پس جب تم اپنے رب کی نافرمانی کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری طرف اس کو بھیجے گا جو تمہاری چمڑی ادھیڑ دے گا جس

5001- الحديث سبق برقم: **4982** فراجعه .

5002- الحديث في المقصد العلى برقم: **859** .

طرح اس شاخ کو چھیلا جاتا ہے' شاخ آپ کے ہاتھ میں تھی' پھر آپ نے اسے چھیلا تو وہ سفید چمکدار ہوگئی۔

5003 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ حَرْبٍ أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا سَلَامُ بْنُ أَبِي خُبْزَةَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا لَيْسَ بِكَلْبِ مَاشِيَةٍ أَوْ كَلْبِ صَيْدٍ، انْتُقِصَ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کتے کو پالے بغیر کسی وجہ کے یعنی وہ ریوڑ یا شکار کا کتا نہ ہو' تو اس کی نیکوں میں سے ہر روزہ دو قیراط کم ہوں گے۔

5004 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارٌ يُقَالُ لَهُ عُفَيْرٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک گدھا مبارک تھا اس کو عُفیر کہا جاتا تھا۔

5005 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ تَغْلِبَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ . لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ . إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تلبیہ اس طرح پڑھتے تھے: لبیک اللّٰھم لبیک الیٰ آخرہٖ۔

5006 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى بْنُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

5003- الحديث في المقصد العلي برقم: 638 .

5004- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه20 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط، واسناده حسن .

5005- اخرجه أحمد جلد1صفحه410 رقم الحديث: 3897 قال: حدثنا علي بن عبد الله . والنسائي جلد5 صفحه161 قال: أخبرنا أحمد بن عبدة .

5006- الحديث في المقصد العلي برقم: 110 .

بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَتَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ، وَتَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوهَا النَّاسَ؛ فَإِنِّي امْرُؤٌ مَقْبُوضٌ . وَإِنَّ الْعِلْمَ سَيُقْبَضُ حَتَّى يَخْتَلِفَ الرَّجُلَانِ فِي الْفَرِيضَةِ لَا يَجِدَانِ مَنْ يُخْبِرُهُمَا

اکرم ﷺ نے فرمایا: قرآن سیکھو اور علم سیکھو اور لوگوں کو سکھاؤ۔ علم فرائض سیکھو اور وہ لوگوں کو سکھاؤ۔ میں دنیا سے جانے والا ہوں، بے شک یہ علم عنقریب اٹھا لیا جائے گا، یہاں تک کہ دو آدمی وراثت کے مسئلہ میں اختلاف کریں گے ان دونوں کو کوئی آدمی نہیں ملے گا جو ان دونوں کو مسئلے بتائے۔

5007 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَزِيدَ يَعْنِي أَبَا مَعْشَرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَنَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا يَدْعُو عَلَى عُصَيَّةَ وَذَكْوَانَ، فَلَمَّا ظَهَرَ عَلَيْهِمْ تَرَكَ الْقُنُوتَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک ماہ تک قبیلہ عصیہ و ذکوان کے خلاف دعائے قنوت پڑھتے رہے جب اُن پر غلبہ پالیا تو آپ نے دعائے قنوت پڑھنی چھوڑ دی۔ جب ان پر غلبہ ہو گیا تو آپ ﷺ نے قنوت چھوڑ دی۔

5008 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يُسَيْرٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَقْرَضَ رَجُلًا مُسْلِمًا دِرْهَمًا مَرَّتَيْنِ كَانَ لَهُ كَأَجْرِ صَدَقَتِهِمَا مَرَّةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی مسلمان آدمی کو ایک درہم دو مرتبہ بطور قرض دیا یہ اس کے لیے ایک دو مرتبہ صدقہ دینے کی طرح ثواب ملے گا۔

5009 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عَبْدِ اللَّهِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَهُوَ يُقْرِئُنَا الْقُرْآنَ، فَسَأَلَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ مغرب کے بعد آپ رضی اللہ عنہ ہم کو قرآن پڑھ کے سنا رہے تھے۔ ایک آدمی نے سوال کیا، اے ابو عبدالرحمٰن کیا آپ رضی اللہ عنہ نے

5007- الحديث في المقصد العلي برقم: **300**

5008- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **2430** من طريق محمد بن خلف العسقلاني، حدثنا يعلى، حدثنا سليمان بن يسير بهذا السند .

5009- الحديث في المقصد العلي برقم: **853** .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ هَلْ سَأَلْتُمْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمْ يَمْلِكُ هَذِهِ الْأُمَّةَ خَلِيفَةٌ؟ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: مَا سَأَلَنِي عَنْهَا أَحَدٌ مُنْذُ قَدِمْتُ الْعِرَاقَ قَبْلَكَ قَالَ: نَعَمْ فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اثْنَا عَشَرَ ـ مِثْلَ نُقَبَاءِ بَنِي إِسْرَائِيلَ

رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا ہے کہ اس امت کے کتنے خلیفہ بادشاہ ہوں گے؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ سوال جب سے میں عراق آیا ہوں مجھ سے کسی نے نہیں پوچھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: بارہ ہوں گے بنی اسرائیل کے بارہ نقباء کی طرح۔

5010 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا نَنْتَظِرُ ابْنَ مَسْعُودٍ أَنْ يَخْرُجَ إِلَيْنَا، إِذْ أَتَانَا يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ فَقُلْنَا: اجْلِسْ ـ فَقَالَ: حَتَّى أَدْخُلَ عَلَى صَاحِبِكُمْ، فَإِنْ خَرَجَ وَإِلَّا رَجَعْتُ إِلَيْكُمْ ـ قَالَ: فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَخَرَجَا جَمِيعًا ـ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: إِنِّي لَأُخْبَرُ بِمَجْلِسِكُمْ - أَوْ بِمَكَانِكُمْ - فَمَا يَمْنَعُنِي أَنْ أَخْرُجَ إِلَيْكُمْ إِلَّا كَرَاهَةَ أَنْ أُمِلَّكُمْ، إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْأَيَّامِ مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا

حضرت ابو وائل فرماتے ہیں کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے۔ ہم ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نکلنے کا انتظار کر رہے تھے کہ ہماری طرف نکلیں اچانک ہمارے پاس یزید بن معاویہ آیا۔ ہم نے اس کو کہا: بیٹھ جا۔ اس نے کہا: میں تمہارے صاحب کے پاس داخل ہوتا ہوں، پس اگر نکلے ورنہ میں تمہاری طرف لوٹ کر جاؤں گا۔ وہ آپ کے پاس آیا دونوں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور یزید اکٹھے نکلے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تمہارے پاس آنے کی کوئی رکاوٹ نہیں تھی مگر میں ناپسند کرتا ہوں تمہاری اکتاہٹ کو کیونکہ حضور ﷺ ہم کو مخصوص ایام میں وعظ کرتے تھے اکتاہٹ کے خوف کی وجہ سے۔

5011 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ يَعْنِي الْأَزْدِيَّ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمُهَاجِرُونَ، وَالْأَنْصَارُ، وَالطُّلَقَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَالْعُتَقَاءُ مِنْ ثَقِيفٍ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مہاجرین و انصار و طلقاء قبیلہ قریش سے ہیں۔ عتقاء قبیلہ ثقیف سے ہیں ان میں سے بعض، بعض کے دوست ہیں دنیا و آخرت میں۔

5010- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **107** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **1** صفحه **377** رقم الحديث: **3581** قال: حدثنا سفيان .

5011- الحديث في المقصد العلي برقم: **1476** .

فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

5012 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي غَنِيَّةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ سُئِلَ: أَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ قَائِمًا؟ قَالَ: فَقَالَ: نَعَمْ. ثُمَّ قَرَأَ (وَتَرَكُوكَ قَائِمًا) (الجمعة: 11)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سوال کیا گیا کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوا کر خطبہ دیتے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے پڑھا: ''وَتَرَكُوكَ قَائِمًا''۔

5013 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمٍ الْأَفْطَسِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَانَ إِذَا رَأَى أَخَاهُ عَلَى ذَنْبٍ نَهَاهُ تَعْذِيرًا، فَإِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ لَمْ يَمْنَعْهُ مَا رَأَى مِنْهُ أَنْ يَكُونَ أَكِيلَهُ وَخَلِيطَهُ وَشَرِيبَهُ، فَلَمَّا رَأَى اللَّهُ ذَلِكَ مِنْهُمْ ضَرَبَ بِقُلُوبِ بَعْضِهِمْ عَلَى بَعْضٍ، وَلَعَنَهُمْ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِمْ دَاوُدَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، ذَلِكَ بِمَا عَصَوْا وَكَانُوا يَعْتَدُونَ. ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَلَتَأْخُذُنَّ عَلَى يَدَيِ الْمُسِيءِ، وَلَتَأْطُرُنَّهُ عَلَى الْحَقِّ أَطْرًا، أَوْ لَيَضْرِبَنَّ اللَّهُ بِقُلُوبِ بَعْضِكُمْ عَلَى بَعْضٍ وَلَيَلْعَنَنَّكُمْ كَمَا لَعَنَهُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بنی اسرائیل میں ایک آدمی نے بھائی کو علانیہ گناہ کرتے ہوئے دیکھا اس کو سختی سے منع کیا۔ جب دوسرا دن آیا اس نے دیکھا کہ اس کا بھائی گناہ سے باز نہیں آیا' اس نے دوبارہ منع نہ کیا کیونکہ وہ بھی اس کے ساتھ کھاتا اور پیتا تھا۔ جب اللہ عزوجل نے اُن میں یہ معاملہ دیکھا تو ان کے دلوں کو آپس میں ملا دیا۔ ان پر حضرت داؤد و عیسیٰ کی زبان مبارک سے لعنت کی گئی نافرمانی کی وجہ اور حد سے آگے بڑھنے کی وجہ سے تھا۔ فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تم ضرور نیکی کا حکم دو اور بُرائی سے منع کرو' گناہ کرنے والے کے ہاتھ کو ضرور پکڑو اور اس کو حق پر مجبور کر دو' ورنہ اللہ عزوجل تمہارے دلوں کو بھی ملا دے گا اور تم پر ضرور بضرور لعنت کی جائے گی جس طرح اُن پر لعنت کی گئی تھی۔

5012- اخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 1108 من طريق أبي بكر بن أبي شيبة بهذا السند .

5013- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 391 رقم الحديث: 3713 قال: حدثنا يزيد' قال أنبأنا شريك بن عبد الله' عن علي ابن بذيمة .

5014 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَشَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُتِيتُ بِالْبُرَاقِ فَرَكِبْتُهُ خَلْفَ جَبْرَائِيلَ فَسَارَ بِنَا، فَكَانَ إِذَا أَتَى عَلَى جَبَلٍ ارْتَفَعَتْ رِجْلَاهُ، وَإِذَا هَبَطَ ارْتَفَعَتْ يَدَاهُ، فَسَارَ بِنَا فِي أَرْضٍ غُمَّةٍ مُنْتِنَةٍ، وَأَفْضَيْنَا إِلَى أَرْضٍ فَيْحَاءَ طَيِّبَةٍ، فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ إِنَّا كُنَّا نَسِيرُ فِي أَرْضٍ غُمَّةٍ مُنْتِنَةٍ، وَإِنَّا أَفْضَيْنَا إِلَى أَرْضٍ فَيْحَاءَ طَيِّبَةٍ . فَقَالَ: تِلْكَ أَرْضُ النَّارِ، وَهَذِهِ أَرْضُ الْجَنَّةِ . فَأَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي قَالَ: فَقَالَ: مَنْ هَذَا مَعَكَ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَذَا أَخُوكَ مُحَمَّدٌ، فَرَحَّبَ وَدَعَا لِي بِالْبَرَكَةِ . قَالَ: سَلْ لِأُمَّتِكَ الْيُسْرَ . قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هَذَا يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَذَا أَخُوكَ عِيسَى قَالَ: ثُمَّ سَارَ فَأَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ فَقَالَ: مَنْ مَعَكَ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَذَا أَخُوكَ مُحَمَّدٌ . قَالَ: فَرَحَّبَ بِي وَدَعَا لِي بِالْبَرَكَةِ . قَالَ: سَلْ لِأُمَّتِكَ الْيُسْرَ . قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هَذَا يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَذَا أَخُوكَ مُوسَى قَالَ: ثُمَّ سِرْنَا فَرَأَيْنَا مَصَابِيحَ وَضَوْءًا، فَقُلْتُ: مَا هَذَا يَا جِبْرِيلُ؟ فَقَالَ: هَذِهِ شَجَرَةُ أَبِيكَ إِبْرَاهِيمَ أَتَدْنُو مِنْهَا؟ قَالَ: فَقُلْتُ: نَعَمْ . فَدَنَوْنَا مِنْهَا فَرَحَّبَ وَدَعَا لِي بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ مَضَيْنَا حَتَّى أَتَيْنَا بَيْتَ الْمَقْدِسِ، وَنُشِرَ لِيَ الْأَنْبِيَاء

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس براق لایا گیا حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے پیچھے بیٹھ گئے۔ ہم کو وہ لے کر چلا، جب ایک پہاڑ آیا اس کے پاؤں بلند ہوئے جب نیچے اترتا اس کے ہاتھ بلند ہوتے وہ ہم کو ایسی جگہ لایا جو بدبودار تھی پھر ہم کو ایسی جگہ لایا جس سے خوشبو مہک رہی تھی۔ میں نے کہا: اے جبرائیل! ہم کو سیر کروائی بدبودار جگہ پر ہم کو لے گیا خوشبو دار وسیع جگہ پر۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام کہنے لگے: وہ بدبودار جگہ جہنم تھی اور خوشبودار جگہ جنت تھی۔ ایک ایسے آدمی کے پاس سے گزرے جو کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہا تھا، اس نے عرض کی: اے جبرائیل! یہ آپ علیہ السلام کے ساتھ کون ہیں؟ عرض کی: یہ آپ علیہ السلام کے بھائی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں انہوں نے خوش آمدید کہا اور میرے لیے برکت کی دعا کی اور عرض کی اپنی امت کے لیے آسانی مانگنا۔ میں نے جبرائیل علیہ السلام سے پوچھا: یہ کون ہیں؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بھائی عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ پھر براق چلا اور ہم کو ایک آدمی کے پاس لایا، انہوں نے کہا: اے جبرائیل! یہ آپ علیہ السلام کے ساتھ کون ہیں؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: یہ آپ علیہ السلام کے بھائی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ انہوں نے خوش آمدید کہا اور میرے لیے برکت کی دعا کی اور عرض کی: اپنی امت کے لیے آسانی مانگنا۔ میں نے عرض کی: اے جبرائیل! یہ کون ہیں۔ حضرت نے کہا یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے

5014- الحديث في المقصد العلى برقم: **1252** .

مَنْ سَمَّى اللّٰهُ وَمَنْ لَمْ يُسَمِّ، وَصَلَّيْتُ بِهِمْ إِلَّا هَؤُلَاءِ النَّفَرَ الثَّلَاثَةَ مُوسَى وَعِيسَى وَإِبْرَاهِيمَ

بھائی موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ پھر براق ہم کو لے کر چلا اور ہم نے کئی چراغ اور روشنی دیکھی، میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے کہا: جبرائیل! یہ کیا ہے؟ عرض کی: یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے باپ ابراہیم علیہ السلام کا درخت ہے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: اس کے قریب ہونا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! میں اس کے قریب ہوا انہوں نے خوش آمدید کہا اور برکت کی دعا کی پھر ہم چلے۔ ہم بیت المقدس پہنچے پھر میرے لیے انبیاء کو سامنے لایا گیا' جن کے اللہ نے نام بیان کیے یا جن کے نام نہیں لیے اور میں نے سوائے ان تین کے گروہ کے سب کو نماز پڑھائی' وہ تین موسیٰ' عیسیٰ اور ابراہیم ہیں۔

5015 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ، فَوَجَدُوا فِي شَمْلَتِهِ دِينَارَيْنِ، فَذُكِرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: كَيَّتَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اصحابِ صفہ میں سے ایک آدمی مر گیا' اس کی چادر میں دو دینار تھے' اس کا ذکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کیا گیا' آپ نے فرمایا: دو سانپ ہیں۔

5016 - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ هَيْصَمٍ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي الْوَاسِطِيَّ، عَنْ يَحْيَى الْجَابِرِ، عَنْ أَبِي مَاجِدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَأَلْنَا نَبِيَّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ السَّيْرِ بِالْجَنَازَةِ فَقَالَ: مَا دُونَ الْخَبَبِ، فَإِنْ يَكُ خَيْرًا يُعَجَّلْ بِهِ، وَإِنْ يَكُ سِوَى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز جنازہ کو لے کر چلنے کی چال کے متعلق پوچھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھٹکے نہ لگیں (تو جائز ہے) اگر وہ نیک ہو تو وہ کہتا جلدی لے چلو۔ اگر برا ہے تو اہل النار کو جلدی اپنے سے دور کرو۔ جنازہ متبوع ہوتا

5015- الحديث سبق برقم: 4976 فراجعه .

5016- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 378 رقم الحديث: 3585 قال: قُرِىءَ على سفيان .

ذٰلِكَ فَبُعْدًا لِأَهْلِ النَّارِ . الْجَنَازَةُ مَتْبُوعَةٌ وَلَيْسَتْ بِمُتَّبِعَةٍ، لَيْسَ مِنْهَا مَنْ تَقَدَّمَهَا

ہے تابع نہیں ہوتا ہے وہ ہم میں سے نہیں ہے جو آگے بڑھے اپنی جنازہ کے آگے چلے۔

5017 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ فَلَمْ يَرْفَعُوا أَيْدِيَهُمْ إِلَّا عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ وَقَدْ قَالَ مُحَمَّدٌ: فَلَمْ يَرْفَعُوا أَيْدِيَهُمْ بَعْدَ التَّكْبِيرَةِ الْأُولَى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر و عمر کے ساتھ نماز پڑھی وہ صرف شروع میں ہی ہاتھ اٹھاتے تھے۔ محمد فرماتے صرف وہ اپنے ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے مگر صرف تکبیر اولیٰ پر۔

5018 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: أَلَا أُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: فَصَلَّى بِهِمْ فَلَمْ يَرْفَعْ يَدَهُ إِلَّا مَرَّةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا میں تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز نہ پڑھاؤں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی صرف ایک ہی مرتبہ تکبیر اولیٰ کے ہاتھ اٹھائے۔

5019 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَبِي زَيْنَبَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنْتُ أُصَلِّي وَقَدْ وَضَعْتُ يَدِي الْيُسْرَى عَلَى الْيُمْنَى فَجَاءَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ بِيَدِي الْيُمْنَى فَوَضَعَهَا عَلَى الْيُسْرَى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا۔ میں نے اپنا بائیاں ہاتھ دائیں ہاتھ پر رکھا ہوا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا اور اس کو بائیں ہاتھ پر رکھ دیا۔

5020 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

5017- الحديث في المقصد العلى برقم: **266** .

5018- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **388** رقم الحديث: **3681** وجلد **1** صفحه **441** رقم الحديث: **4211** قال: حدثنا وكيع .

5019- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **755** قال: حدثنا محمد بن بكار بن الريان . وابن ماجة رقم الحديث: **811** قال: حدثنا أبو اسحاق الهروى ابراهيم بن عبد اللّٰه بن حاتم .

شَرِيكٌ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الرِّبَا وَإِنْ كَثُرَ، فَإِنَّ عَاقِبَتَهُ تَصِيرُ إِلَى قُلٍّ

اللہ ﷺ نے فرمایا: سود اگرچہ زیادہ ہو اس کا انجام کمی کی طرف ہی آتا ہے۔

5021 - حَدَّثَنَا بِشْرٌ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: إِنَّمَا قَنَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا يَدْعُو فِيهِ عَلَى حَيٍّ مِنْ أَحْيَاءِ بَنِي سُلَيْمٍ كَانُوا عُصَيَّةً عَصَوُا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، ثُمَّ لَمْ يَقْنُتْ بَعْدَ ذَلِكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک ماہ تک دعائے قنوت دعا کے طور پر بنی سلیم کے قبیلوں میں سے کسی قبیلہ کے خلاف پڑھی' وہ قبیلہ عصیہ تھا' اُنہوں نے اللہ اور اُس کے رسول کی نافرمانی کی تھی' آپ نے اس کے بعد قنوت نہیں پڑھی۔

5022 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: حَبَسَ الْمُشْرِكُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ حَتَّى اصْفَرَّتِ الشَّمْسُ - أَوِ احْمَرَّتْ - فَقَالَ: شَغَلُونَا عَنْ صَلَاةِ الْوُسْطَى مَلَأَ اللّٰهُ أَجْوَافَهُمْ وَقُبُورَهُمْ نَارًا، أَوْ حَشَا اللّٰهُ أَجْوَافَهُمْ وَقُبُورَهُمْ نَارًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مشرکوں نے رسول اللہ ﷺ کو عصر کی نماز سے روکے رکھا یہاں تک کہ سورج زرد ہو گیا یا سرخ ہو گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: انہوں نے ہم کو نماز عصر سے مشغول رکھا اللہ عزوجل ان کے پیٹ اور قبروں کو آگ سے بھر دے گا۔

5023 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ قَرَأَ فِي أُذُنِ مُبْتَلًى فَأَفَاقَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا قَرَأْتَ فِي أُذُنِهِ؟ قَالَ: قَرَأْتُ (أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا) (المؤمنون:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے آپ ﷺ کے کان میں کچھ پڑھا تو آپ ﷺ درست ہو گئے۔ حضور ﷺ نے ان سے کہا: آپ رضی اللہ عنہ نے میرے کان میں کیا پڑھا ہے؟ عرض کی: یارسول اللہ! میں نے ''اَفَحَسِبْتُمْ اِنَّمَا الٰی آخرہٖ'' پڑھا۔ یہاں تک کہ سورت سے فارغ ہو گیا۔ حضور ﷺ

5021- الحديث سبق برقم: 5007 فراجعه .

5022- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 392 رقم الحديث: 3716 قال: حدثنا يزيد .

5023- الحديث في المقصد العلي برقم: 1590 .

115) حَتَّى فَرَغَ مِنْ آخِرِ السُّورَةِ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّ رَجُلًا مُوقِنًا قَرَأَ بِهَا عَلَى جَبَلٍ لَزَالَ

نے فرمایا: اگر کوئی اس سورت کو یقین کے ساتھ پہاڑ پر پڑھے تو وہ بھی اپنی جگہ چھوڑ دے۔

5024 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي فَزَارَةَ، عَنْ أَبِي زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ بِالنَّبِيذِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نبیذ سے وضو فرمایا۔

5025 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ الْخَرَّازُ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبَانَ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الصَّبَّاحِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَحْيُوا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ، فَلْيَحْفَظِ الرَّأْسَ وَمَا حَوَى، وَلْيَحْفَظِ الْبَطْنَ وَمَا وَعَى، وَلْيَذْكُرِ الْمَوْتَ وَالْبِلَى، وَمَنْ أَرَادَ الْآخِرَةَ تَرَكَ زِينَةَ الدُّنْيَا، فَمَنْ فَعَلَ ذَلِكَ فَقَدِ اسْتَحْيَا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ سے حیاء کرو جس طرح حیاء کرنے کا حق ہے۔ اپنے سر کی حفاظت کرو، اپنے پیٹ کی حفاظت کرو۔ یاد رہے موت اور آزمائش کو یاد رکھو۔ جو آخرت چاہتا ہے وہ دنیا کی زینت چھوڑ دے، جس نے یہ کرلیا اس نے اللہ سے حیاء کی ہے جس طرح حیاء کرنے کا حق ہے۔

5026 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُمْ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ لَمْ تَرَ مِنْ أُمَّتِكَ؟ قَالَ: غُرٌّ مُحَجَّلُونَ بُلْقٌ مِنْ آثَارِ الطُّهُورِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت دیکھی ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو کیسے پہچانیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے وضو والے اعضا چمک رہے ہوں گے۔

5027 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَشْعَثَ، أَخْبَرَنِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

5024- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 84 . والترمذي رقم الحديث: 88 من طريق هناد، وسليمان بن داؤد العتكي .

5025- أخرجه الحاكم جلد4صفحه323 وصححه، ووافقه الذهبي .

5026- أخرجه أحمد جلد1صفحه403 رقم الحديث: 3820 قال: حدثنا عبد الصمد .

عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَعْدَانَ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، يَعْنِي ابْنَ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَا أُحْصِي مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، وَفِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ بِـ (قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ) (الكافرون: 1) وَ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ) (الإخلاص: 1)

اس کو شمار نہیں کر سکتا ہوں کہ کتنی مرتبہ میں نے حضور ﷺ سے سنی یہ سورت فجر کی سنتوں میں۔ مغرب کے بعد دو رکعتوں میں قل یا ایها الکفرون اور قل هو الله احد پڑھتے تھے۔

5028 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْأَشْعَثِ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَعْدَانَ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْوِتْرِ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى بِـ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى) (الأعلى: 1)، وَفِي الثَّانِيَةِ (قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ) (الكافرون: 1)، وَفِي الثَّالِثَةِ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ) (الإخلاص: 1)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ وتروں کی پہلی رکعت میں سبح اسم ربك الاعلی۔ دوسری رکعت میں قل یا ایها الکفرون اور تیسری رکعت میں قل هو الله احد۔

5029 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِ خَدَّيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ يَمِينِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ عَنْ يَسَارِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گویا اب بھی (میری آنکھوں میں وہ منظر موجود ہے) میں حضور ﷺ کے رخسار مبارک کی سفیدی دیکھ رہا ہوں کہ دائیں جانب آپ ﷺ سلام پھیرتے تھے السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ اور بائیں طرف السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

5030 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْأَشْعَثِ، أَخْبَرَنِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5028- الحديث فى المقصد العلى برقم: **386** .

5029- أخرجه أحمد جلد**1**صفحه**390** رقم الحديث: **3699** قال: حدثنا وكيع' قال: حدثنا سفيان .

5030- أخرجه البخارى جلد**6**صفحه**229** قال: حدثنا عمر بن حفص .

الْهَيْصَمُ بْنُ الشَّدَّاخِ الْعَبْدِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، يُحَدِّثُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: عَجِبْتُ لِلنَّاسِ وَتَرْكِهِمْ قِرَاءَتِي وَأَخْذِهِمْ قِرَاءَةَ زَيْدٍ، وَقَدْ أَخَذْتُ مِنْ فِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ غُلَامٌ صَاحِبُ ذُؤَابَةٍ يَجِيءُ وَيَذْهَبُ فِي الْمَدِينَةِ

لوگوں پر تعجب ہے کہ انہوں نے میری قرأت چھوڑ دی ہے اور زید بن ثابت کی قرأت لے لی ہے۔ میں نے حضور ﷺ کے منہ مبارک سے ۷۰ سورتیں یاد کی ہیں زید بن ثابت تو بالوں والے غلام تھے وہ مدینہ چلے گئے تھے۔

5031 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو الْأَوْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ، أَوْ مَنْ تَحْرُمُ عَلَيْهِ النَّارُ؟ عَلَى كُلِّ هَيِّنٍ قَرِيبٍ سَهْلٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تم کو وہ آدمی نہ بتاؤں جس پر جہنم کی آگ حرام ہے یا وہ آگ پر حرام ہے، فرمایا: ہر وہ آدمی جو نرمی کرنے والے قرب رکھنے والے اور آسانی پیدا کرنے والا پر۔

5032 - حَدَّثَنَا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ أَبِي وَاصِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمُحِلَّ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے لعنت فرمائی حلالہ کرنے والے اور کروانے والے پر۔

5033 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک ایسا آدمی بھی داخل ہوگا جس نے کوئی اچھا عمل نہ کیا ہوگا' جب اس کی

5031- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **2490** من طريق هناد' عن عبدة بن سليمان بهذا السند .

5032- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **450** رقم الحديث: **4308** قال: حدثنا زكريا بن عدى قال: حدثنا عبيد الله' عن عبد الكريم' عن أبى واصل فذكره .

5033- الحديث سبق برقم: **997** فى مسند أبى سعيد .

وَسَلَّمَ قَالَ: لَقَدْ دَخَلَ الْجَنَّةَ رَجُلٌ مَا عَمِلَ خَيْرًا، فَقَالَ لِأَهْلِهِ: حِينَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ: إِذَا أَنَا مُتُّ فَأَحْرِقُونِي، ثُمَّ اسْحَقُونِي، ثُمَّ ذَرُوا نِصْفِي فِي الْبَرِّ، وَنِصْفِي فِي الْبَحْرِ، فَأَمَرَ الْبَحْرَ وَالْبَرَّ فَجَمَعَاهُ . فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: مَخَافَتُكَ . فَغَفَرَ لَهُ لِذَلِكَ

وفات قریب آئی تو اس نے اپنے گھر والوں سے کہا: جب میں مر جاؤں تو تم مجھے جلا دینا' پھر راکھ بنا دینا' پھر آدھی خشکی میں اور آدھی سمندر میں ڈال دینا۔ جب وہ مر گیا تو اُنہوں نے ایسا ہی کیا' پس اللہ تعالیٰ نے سمندر اور خشکی سے اس راکھ کو اکٹھا ہونے کا حکم دیا' پس جب وہ اکٹھی ہوگئی' تو اس سے پوچھا: تجھے یہ کام کرنے پر کس چیز نے اُبھارا؟ اس نے عرض کی: تیرے خوف نے۔ صرف اسی وجہ سے اللہ نے اسے بخش دیا۔

5034 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ نَحْوَ هَذَا الْحَدِيثِ، وَكَانَ الرَّجُلُ نَبَّاشًا فَغَفَرَ لَهُ لِخَوْفِهِ

حضرت عبداللہ سے اس جیسی حدیث مروی ہے اور وہ آدمی کفن چور تھا' پس اس کے ڈر کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس کو بخش دیا۔

5035 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اخْتَصَمَ رَجُلَانِ فِي سُورَةٍ، فَقَالَ هَذَا: أَقْرَأَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ هَذَا: أَقْرَأَنِي رَسُولُ اللّٰهِ، فَأَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُخْبِرَ بِذَلِكَ . قَالَ: فَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ فَقَالَ: اقْرَءُوا كَمَا عُلِّمْتُمْ . فَذَكَرَ فِيهِ كَلَامًا ثُمَّ قَالَ: فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِاخْتِلَافِهِمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ قَالَ: فَقَامَ كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا وَهُوَ لَا يَقْرَأُ عَلَى قِرَاءَةِ صَاحِبِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی جھگڑ رہے تھے۔ ایک سورت کے متعلق ایک کہہ رہا تھا کہ مجھے حضور ﷺ نے پڑھایا ہے' دوسرے نے کہا کہ مجھے بھی حضور ﷺ نے پڑھایا ہے۔ دونوں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور اس کی خبر دی۔ آپ ﷺ کے چہرہ مبارک کا رنگ بدل گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جیسے میں تم کو سکھاتا ہوں ایسے ہی پڑھو۔ پھر اس میں گفتگو کی۔ پھر فرمایا: تم سے پہلے لوگ اس لیے ہلاک ہوئے تھے جو اپنے انبیاء کے بارے میں ایک دوسرے سے اختلاف کرتے تھے۔ ہم میں سے ہر ایک آدمی کھڑا ہوا

5034- الحديث سبق برقم: **5033** فراجعه .

5035- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **419** رقم الحديث: **3981** وجلد **1** صفحه **421** رقم الحديث: **3993** قال: حدثنا يحيى بن آدم' قال: حدثنا أبو بكر .

وہ اپنے ساتھی کی قرأت پر نہیں پڑھتا تھا۔

5036 - حَـدَّثَـنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْـنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّـجُـودِ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُـولَ اللّٰهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ مَرَّ مَعَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، وَعَبْـدُ الـلّٰهِ يُصَلِّي فَافْتَتَحَ سُورَةَ النِّسَاءِ فَسَجَلَهَا، فَـقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا أُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ قِرَاءَةَ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ . ثُـمَّ قَـعَدَ، ثُمَّ سَأَلَ فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الـلّٰـهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَلْ تُعْطَهْ . فَـقَالَ فِيمَا يَسْأَلُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ . فَأَتَى عُمَرُ لِيُبَشِّرَهُ بِهَا، فَوَجَدَ أَبَا بَكْرٍ خَـارِجًـا قَـدْ سَبَـقَـهُ، فَـقَالَ: إِنْ فَعَلْتَ إِنَّكَ لَسَبَّاقٌ بِالْخَيْرِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی تھے۔ پس میں نے سورۃ النساء شروع کی' اسے خوب ملا ملا کر تلاوت کیا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ عمدہ قرآن کو تر و تازہ پڑھے اس کو چاہیے کہ وہ ابن اُم عبد کی قرأت پڑھے۔ پھر بیٹھ کر سوال کیا' اس کے بعد کہنا شروع کر دیا: مانگ! تجھے عطا کیا جائے گا۔ پس انہوں نے جو دعا مانگی وہ یہ تھی: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْأَلُكَ الٰى آخره'' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے بھی مجھے بشارت دی' اُنہوں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو نکلتے ہوئے دیکھا جو ان پر سبقت لے چکے تھے' پس انہوں نے فرمایا: اگر تُو نے کیا تو تُو بھلائی میں بہت زیادہ سبقت لینے والا ہے۔

5037 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَـنْ أَبِـي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَـنْ عَبْـدِ الـلّٰـهِ قَـالَ: كُـنْـتُ فِي الْمَسْجِدِ أُصَلِّي فَـدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَسَجَلْتُ سُورَةَ النِّسَاءِ فَقَرَأْتُهَا، فَلَمَّا فَرَغْتُ جَلَسْتُ فَبَدَأْتُ بِالثَّنَاءِ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَالـصَّلَاةِ عَـلَـى الـنَّبِـيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی تھے۔ میں نے سورۃ النساء شروع کی ہوئی تھی۔ جب اس کو پڑھ کر فارغ ہوا اور اس کے بعد بیٹھ کر اللہ عزوجل کی ثناء کی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پاک پڑھنا شروع کیا پھر میں نے اپنے لیے دعا کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو مانگ

5036- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 445 رقم الحديث: 4255 وجلد 1 صفحه 454 رقم الحديث: 4341 قال: حدثنا معاوية بن عمرو' قال: حدثنا زائدة .

5037- الحديث سبق برقم: 5036 فراجعه .

دَعَوْتُ لِنَفْسِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلْ تُعْطَ ـ سَلْ تُعْطَ ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ غَضًّا فَلْيَقْرَأْهُ كَمَا يَقْرَأُ ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ . قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلَى مَنْزِلِي، فَأَتَانِي أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ: هَلْ تَحْفَظُ مِمَّا كُنْتَ تَدْعُو شَيْئًا؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ ـ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ ـ قَالَ: ثُمَّ أَتَانِي عُمَرُ أَيْضًا فَبَشَّرَنِي

تجھے دیا جائے گا۔ پھر فرمایا: جس کو پسند ہو کہ عمدہ قرآن کو مضبوطی سے پڑھے اس کو چاہیے کہ وہ ابن مسعود کی قرأت پڑھے۔ میں اپنے گھر واپس آ گیا، میرے پاس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ رضی اللہ عنہ کو یاد ہے کہ کیا شے مانگ رہے تھے؟ میں نے کہا: جی ہاں۔ ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْأَلُكَ الی آخرہ '' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی آئے اور انہوں نے بھی مجھے بشارت دی۔

5038 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: وَأَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ أَبِي عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي عَبْدِ اللّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ سَهْلًا لَيِّنًا قَرِيبًا حَرَّمَهُ اللّهُ عَلَى النَّارِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو آدمی نرم مزاج، فرمانبردار، نرم خو، خوش اخلاق اور قریب ہو اللہ عزوجل اس پر جہنم کی آگ حرام کر دے گا۔

5039 - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَكِيمٍ، حَدَّثَنِي زَمْعَةُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّهِ بْنُ عَبْدِ اللّهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ تَمَتَّعَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتْعَةَ الْحَجِّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حج تمتع حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیا۔

5040 - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5038- الحديث سبق برقم: **5031** فراجعه .

5039- أورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **1109** وعزاه للمصنف .

5040- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **416** رقم الحديث: **3954** قال: حدثنا عثمان بن عمر قال: حدثنا يونس، عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة فذكره .

عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بِتُّ اللَّيْلَةَ أَقْرَأُ عَلَى الْجِنِّ رُفَقَاءَ بِالْحَجُونِ

حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے آج رات جنوں پر قرآن پڑھتے ہوئے گزاری ہے وہ حجون کے رہنے والے تھے۔

5041 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْحَمْ مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكَ مَنْ فِي السَّمَاءِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تو شفقت کر ان پر جو زمین میں ہے تیرے اوپر وہ رحم کرے گا جو آسمان میں ہے۔

5042 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، وَعَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا إِذَا مَا اتَّقَوْا) (المائدة: 93) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِيلَ لِي: أَنْتَ مِنْهُمْ وَهَذَا لَفْظُ عَبْدِ الْغَفَّارِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: "لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ الى آخره" حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے کہا گیا تو ان میں سے ہے۔ یہ لفظ عبدالغفار کے ہاں ہیں۔

5043 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، وَعَبْدُ الْغَفَّارِ قَالَا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی تکبر ہو تو وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا' وہ جہنم میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی

5041- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1032** .

5042- أخرجه مسلم جلد **7** صفحه **147** قال: حدثنا منجاب بن الحارث التميمى، وسهل بن عثمان، وعبد الله بن عامر بن زرارة الحضرمى، وسويد بن سعيد، والوليد بن شجاع .

5043- الحديث سبق برقم: **4992** فراجعه .

أَحَدٌ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ، وَلَا يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ إِيمَانٍ

ایمان ہو۔

5044 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ، وَلَا يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيمَانٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی تکبر ہوتو وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا' وہ جہنم میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان ہو۔

5045 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللهِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ يُوسُفَ قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: أَلِّفُوا الْقُرْآنَ كَمَا أَلَّفَهُ جِبْرِيلُ: السُّورَةُ الَّتِي تُذْكَرُ فِيهَا الْبَقَرَةُ، السُّورَةُ الَّتِي يُذْكَرُ فِيهَا آلُ عِمْرَانَ، السُّورَةُ الَّتِي يُذْكَرُ فِيهَا النِّسَاءُ . قَالَ الْأَعْمَشُ: فَلَقِيتُ إِبْرَاهِيمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَسَبَّهُ، ثُمَّ قَالَ إِبْرَاهِيمُ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ، أَنَّهُ كَانَ مَعَ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ حِينَ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَاسْتَبْطَنَ الْوَادِيَ فَرَمَاهَا مِنْ بَطْنِ الْوَادِي بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ . فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، إِنَّ النَّاسَ يَرْمُونَهَا مِنْ فَوْقِهَا . فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: هَذَا وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مَقَامُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ

حضرت اعمش فرماتے ہیں کہ میں نے ابن یوسف کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ قرآن کو ایسے ہی تالیف کرو جس طرح جبریل علیہ السلام نے تالیف کیا تھا' یعنی وہ سورہ جس میں گائے کا ذکر ہے اور وہ سورت جس میں آل عمران کا ذکر ہے اور وہ سورۃ جس میں عورتوں کا ذکر ہے۔ حضرت اعمش فرماتے ہیں: میں ابراہیم سے ملا' میں نے ان کو بتایا' انہوں نے بُرا بھلا کہا' پھر ابراہیم نے فرمایا: مجھے عبدالرحمٰن بن یزید نے بتایا کہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ جس وقت جمرہ عقبہ کو کنکریاں مار رہے تھے' وہ وادی سے نیچے اُترے بطن الوادی سے کنکریاں ماریں' سات ہر کنکری کے ساتھ اللہ اکبر کہتے' میں نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! لوگ تو اس کے اوپر سے مارتے ہیں۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ

5044- الحديث سبق برقم: **5043,4992** فراجعه .

5045- الحديث سبق برقم: **4951** فراجعه .

الْبَقَرَةِ

نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے یہ وہ مقام ہے جس جگہ سورۂ بقرہ نازل ہوئی ہے۔

5046 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: أَتَيْتُ حِمْصَ فَقَالَ لِي نَفَرٌ مِنْهُمْ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اقْرَأْ عَلَيْنَا فَقَرَأْتُ سُورَةَ يُوسُفَ، فَقَالَ لِي رَجُلٌ: مَا هَكَذَا أُنْزِلَتْ. فَقُلْتُ لَهُ: وَيْحَكَ وَاللَّهِ لَقَدْ قَرَأْتُهَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَحْسَنْتَ. قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا أُرَادُّهُ بِالْكَلَامِ إِذْ وَجَدْتُ مِنْهُ رِيحَ الْخَمْرِ، فَقُلْتُ لَهُ: أَتَشْرَبُ الرِّجْسَ، وَتُكَذِّبُ بِالْقُرْآنِ؟ لَا جَرَمَ، لَا تَبْرَحُ حَتَّى أَجْلِدَكَ حَدًّا فَجَلَدْتُهُ حَدًّا.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حمص آیا۔ مجھے ان میں سے ایک گروہ نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہم پر پڑھیں۔ میں نے سورت یوسف پڑھی، مجھے ایک آدمی نے کہا۔ کیا یہ سورۃ اس طرح نازل ہوئی تھی۔ میں نے اس کو کہا کہ تیرے لیے ہلاکت ہو۔ اللہ کی قسم میں نے اس سورۃ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پڑھا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو نے بہت اچھا پڑھا ہے۔ میں نے جب تیری بات کا جواب دیا ہے۔ میں نے تجھ سے شراب کی بدبو پائی ہے کیا پلید چیز پیتا ہے اور قرآن کو جھٹلاتا ہے یقیناً میں تجھ سے جدا نہیں ہوں گا۔ یہاں تک کہ میں تجھے کوڑے نہ ماروں۔ میں نے حد کے طور پر اسے سزا دی۔

5047 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَأْ عَلَيْنَا، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَقْرَأُ عَلَيْكَ، وَإِنَّمَا أُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: إِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِي، فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ سُورَةَ النِّسَاءِ حَتَّى إِذَا بَلَغْتُ (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا: مجھے قرآن سنائیے۔ میں نے عرض کی: میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن پڑھوں، حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن نازل ہوا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں پسند کرتا ہوں کہ دوسرے سے قرآن سنوں! میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سورۃ النساء شروع کی جب میں اس آیت پہ آیا: ''وہ کیا وقت ہوگا جب ہم آپ کو تمام اُمتوں پر گواہ بنائیں گے اور آپ کو ان تمام

5046- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **112** قال: حدثنا سفيان .

5047- الحديث سبق برقم: **4998** فراجعه .

عَلَى هَؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء : 41) غَمَزَنِي، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ، فَإِذَا عَيْنَاهُ تُهْرَاقَانِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پر گواہ بنائیں گے" میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

5048 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذِ انْفَلَقَ الْقَمَرُ فِلْقَتَيْنِ، فَكَانَتْ فِلْقَةٌ مِنْ وَرَاءِ الْجَبَلِ، وَفِلْقَةٌ دُونَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْهَدُوا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے جب چاند کے دو ٹکڑے ہوئے ایک ٹکڑا پہاڑ کے پیچھے تھا' ایک اس کے اوپر تھا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گواہ رہنا!

5049 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَنُؤَاخَذُ بِمَا عَمِلْنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ؟ فَقَالَ: مَنْ أَحْسَنَ فِي الْإِسْلَامِ لَمْ يُؤْخَذْ بِمَا عَمِلَ بِهِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَإِنْ أَسَاءَ فِي الْإِسْلَامِ أُخِذَ بِالْأَوَّلِ وَالْآخِرِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا ہم زمانہ جاہلیت والے کام کی وجہ سے پکڑے جائیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اسلام میں اچھے عمل کیے اس کو جاہلیت والے کاموں میں نہیں پکڑا جائے گا اور جس نے اسلام میں برا عمل کیا تو اس کے اوّل و آخر گناہوں کی وجہ سے پکڑ ہوگی۔

5050 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَكَى نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ، ضَرَبَهُ قَوْمُهُ، حَتَّى أَدْمَوْا وَجْهَهُ، فَجَعَلَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ وَهُوَ يَقُولُ: رَبِّ اغْفِرْ لِقَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: گویا کہ میں اب بھی وہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء میں سے کسی نبی کی حکایت بیان کر رہے ہیں کہ ان کو ان کی قوم نے مارا یہاں تک کہ اُن کے چہرے سے خون بہنے لگا' وہ اپنے چہرے سے خون صاف کر رہے تھے اور عرض کر رہے تھے: اے اللہ! میری قوم کو معاف کر دے

5048- الحديث سبق برقم: **4947** فراجعه .

5049- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **108** . قال: حدثنا سفيان' قال: حدثنا الأعمش .

5050- الحديث سبق برقم: **4971** فراجعه .

کیونکہ وہ مجھے جانتی نہیں ہے۔

5051 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ - بُنْدَارٌ - ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سحری کیا کرو، کیونکہ سحری میں برکت ہے۔

5052 - حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ الْأَحْوَلُ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ الرُّكَيْنَ بْنَ الرَّبِيعِ، يُحَدِّثُ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَكْرَهُ عَشْرَ خِلَالٍ: الصُّفْرَةَ - يَعْنِي: الْخَلُوقَ -، وَجَرَّ الْإِزَارِ، وَالتَّخَتُّمَ بِالذَّهَبِ، وَنَتْفَ الشَّيْبِ، وَالضَّرْبَ بِالْكِعَابِ، وَالتَّبَرُّجَ بِالزِّينَةِ بِغَيْرِ مَحِلِّهَا، وَالرُّقَى إِلَّا بِالْمُعَوِّذَاتِ، وَتَعَلُّقَ بِالتَّمَائِمِ، وَعَزْلَ الْمَاءِ عِنْدَ أَوَانِهِ عَنْ مَحِلِّهِ، وَفَسَادَ الصَّبِيِّ غَيْرَ مُحَرِّمِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دس باتوں کو ناپسند کرتے تھے: (۱) خلوق (خوشبو کا نام)، (۲) تہبند کو لٹکانے کو (۳) سونے کی انگوٹھی پہننے کو (۴) سفید بالوں کو اکھیڑنے کو (۵) ہڈی کے ساتھ مارنے کو (۶) بغیر وجہ کے زینت حاصل کرنے کو (۷) دَم شرکیہ کلمات کے ساتھ، ہاں سورۂ فلق والناس کے ساتھ جائز ہے (۸) (شرکیہ) کلمات کے تعویذ لٹکانا (۹) پانی اس کی جگہ کے علاوہ لگانے سے یعنی زنا کرنے سے (۱۰) بچہ کو ضائع کرنے سے۔

5053 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ عَوْسَجَةَ بْنِ الرَّمَّاحِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي الْهُذَيْلِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! میری صورت کو تُو نے اچھا بنایا ہے، پس میرے اخلاق کو اچھا بنا دے!

5051- أخرجه النسائي جلد4صفحه140 قال: أخبرنا محمد بن بشار، قال: حدثنا عبد الرحمٰن .

5052- أخرجه أحمد جلد1صفحه380 رقم الحديث: 3605 قال: حدثنا جرير .

5053- الحديث في المقصد العلي برقم: 1701 .

فَحَسِّنْ خُلُقِي

5054 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَلَاةُ الرَّجُلِ فِي جَمَاعَةٍ تَزِيدُ عَلَى صَلَاتِهِ وَحْدَهُ بِضْعًا وَعِشْرِينَ دَرَجَةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: باجماعت ادا کی ہوئی نماز اکیلے نماز پڑھنے سے بیس گنا زیادہ ثواب کا درجہ رکھتی ہے۔

5055 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ، مِنْ هَمْزِهِ، وَنَفْثِهِ، وَنَفْخِهِ، فَهَمْزُهُ: الْمُوتَةُ، وَنَفْخُهُ: الشِّعْرُ، وَنَفْثُهُ: الْكِبْرُ

5682 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْجَزَرِيِّ، عَنْ فُرَاتِ بْنِ سَلْمَانَ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا صَبَرَ أَهْلُ بَيْتٍ ثَلَاثَةً عَلَى جَهْدٍ إِلَّا أَتَاهُمُ اللّٰهُ بِرِزْقٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو گھر والے تین دن مشقت پر صبر کرتے ہیں تو اللہ ان کو رزق دے دیتا ہے۔

5683 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُفْطِرًا فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو نہیں دیکھا۔ جمعہ کے دن حالت افطار میں۔

5681- الحديث سبق برقم: **5680** فراجعه .

5682- الحديث في المقصد العلي برقم: **2008** .

5683- الحديث في المقصد العلي برقم: **539** .

5684 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو دِهْقَانَةَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: أَتَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَيْفٌ، فَقَالَ لِبِلَالٍ: ائْتِنَا بِطَعَامٍ فَذَهَبَ بِلَالٌ فَأَبْدَلَ صَاعَيْنِ مِنْ تَمْرٍ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ خَيْرٍ، وَكَانَ تَمْرُهُمْ رَدِيئًا، فَأَعْجَبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مِنْ أَيْنَ هَذَا؟ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ أَبْدَلَ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُدَّ عَلَيْنَا تَمْرَنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مہمان آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کھانا لاؤ۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ گئے انہوں نے دو صاع کھجور ایک صاع اچھی کھجور کے بدلے لائے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی کھجوریں ردی تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند آئیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہاں سے لائے؟ عرض کی: دو صاع ایک صاع کے بدلے لایا ہوں' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہماری کھجوریں واپس لاؤ۔

5685 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُمَيْرٍ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ وَأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ فَقَالَ أَحَدُهُمَا: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَبْلُغُ الْعَرَقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ النَّاسِ فَقَالَ يَعْنِي أَحَدُهُمَا: إِلَى شَحْمَةِ أُذُنِهِ، وَقَالَ الْآخَرُ: إِلَى أَنْ يُلْجِمَهُ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: هَكَذَا. وَوَصَفَ أَبُو عَاصِمٍ فَأَمَرَّ إِصْبَعَهُ مِنْ شَحْمَةِ أُذُنِهِ إِلَى فِيهِ، هَذَا وَذَاكَ سَوَاءٌ

حضرت سعید بن عمیر انصاری فرماتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا تھا' ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن پسینہ لوگوں کو پہنچے گا' ان میں سے ایک حضرت نے فرمایا: ان کے کانوں کی لوؤں تک' اور دوسرے حضرت نے فرمایا: ہر آدمی کو لگام دینے تک۔ بعض کے منہ میں پڑ رہا ہوگا۔ پس حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس طرح۔ حضرت ابوعاصم نے صفت بیان کی: پس اُنہوں نے اپنی انگلی کو اپنے کان کی لو سے اپنے منہ تک پھیرا' (فرمایا:) یہ اور وہ برابر ہوں گے۔

5686 - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے کم درجہ جنتی وہ ہوگا۔ جو

5684- أخرجه أحمد جلد2صفحه21 من طريق ابن نمير به .

5685- الحديث في المقصد العلى برقم:1886 .

5686- أخرجه أحمد جلد2صفحه13 رقم الحديث:4623 قال: حدثنا أبو معاوية' قال: حدثنا عبد الملك بن أبجر .

إِسْرَائِيلُ، حَدَّثَنَا ثُوَيْرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ، رَفَعَ الْحَدِيثَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً مَنْ يَنْظُرُ إِلَى خِبَائِهِ، وَخَدَمِهِ، وَنَعِيمِهِ، وَسُرُرِهِ مَسِيرَةَ أَلْفِ سَنَةٍ، وَأَكْرَمَهُمْ إِلَى اللَّهِ مَنْ يَنْظُرُ إِلَى اللَّهِ بُكْرَةً وَعَشِيًّا ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: (وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ) (القيامة:23)

دیکھے گا خیمے خادم نعمتیں اور پلنگ ہزار سال کی مسافت سے اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا (جنتی) وہ ہوگا جو صبح و شام اللہ کا دیدار کرے گا، پھر یہ آیت پڑھی: ''وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ الٰى آخره''۔

5687 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُحِبُّ أَنْ تُسْتَجَابَ دَعْوَتُهُ، وَتُكْشَفَ كُرْبَتُهُ، فَلْيُيَسِّرْ عَلَى مُعْسِرٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تم میں سے پسند کرے کہ اس کی دعا قبول ہو۔ اس کی سختیاں دُور ہو جائیں۔ اس کو چاہیے کہ وہ آسانی کرے تنگ دست پر۔

5688 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَسَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً مِنْ حَرِيرٍ مِنْ حُلَلِ السِّيَرَاءِ مِمَّا أَهْدَى إِلَيْهِ فَيْرُوزُ، فَلَبِسْتُ الْإِزَارَ فَأَغْرَقَنِي عَرْضًا وَطُولًا، فَسَحَبْتُ وَلَبِسْتُ الرِّدَاءَ، فَتَقَنَّعْتُ فِيهِ ثُمَّ قَالَ: يَا عَبْدَ اللَّهِ ارْفَعِ الْإِزَارَ، فَإِنَّ مَا مَسَّ التُّرَابَ إِلَى أَسْفَلِ الْكَعْبَيْنِ فِي النَّارِ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ: فَلَمْ أَرَ أَحَدًا أَشَدَّ تَشْمِيرًا لِلْإِزَارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ریشم کے زرد دھاری دار حلوں میں سے ایک حلہ پہنا دیا۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ دیا تھا فیروز نے۔ میں نے اس کا تہبند بنا لیا۔ وہ چوڑائی اور لمبائی میں نیچے لٹکنے لگا، میں نے اس کو کھولا اور میں نے چادر بنا لی۔ اس میں قناعت سمجھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبداللہ! اپنی ازار کو اٹھا۔ جو چادر مٹی کے ساتھ گھسیٹتی ہے ٹخنوں سے نیچے وہ آگ میں ہے۔ حضرت عبداللہ بن محمد فرماتے ہیں: میں نے کبھی بھی عبداللہ بن عمر کو تہبند

5687- الحديث في المقصد العلى برقم: 702 .

5688- الحديث في المقصد العلى برقم: 1568 .

مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

لٹکا تا ہوا نہیں دیکھا۔

5689 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُصَلِّ قَبْلَ الْعِيدِ وَلَا بَعْدَهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عید سے پہلے اور بعد میں کوئی نفل نہیں پڑھتے تھے۔

5690 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا سَكِينٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ كَيْلًا بِكَيْلٍ فَمَنْ زَادَ أَوِ اسْتَزَادَ فَقَدْ أَرْبَى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے کو سونے کے بدلے۔ چاندی کو چاندی کے بدلے۔ گندم کو گندم کے بدلے۔ جوا کو جوا کے بدلے۔ نمک کو نمک کے بدلے۔ کھجور کو کھجور کے بدلے برابر برابر فروخت کرو۔ جس نے زیادہ کیا یا زیادہ کروایا اس نے سود کا کاروبار کیا۔

5691 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَا لَمْ يُغَرْغِرْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل بندہ کی توبہ قبول کرتا ہے جب تک وہ حالت میں نہ ہو جس میں موت کے وقت گلے میں سانس رُک جاتی ہے۔

5692 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ: مِنْ أَيْنَ يَجُوزُ لِي أَنْ أَعْتَمِرَ؟ قَالَ: فَرَضَهَا رَسُولُ

حضرت زید بن جبیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: میں کہاں سے عمرہ کا احرام باندھوں؟ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

5689- أخرجه أحمد جلد2صفحه57 رقم الحديث: **5212** قال: حدثنا وكيع .

5690- الحديث في المقصد العلي برقم: **672** .

5691- الحديث سبق برقم: **5583** فراجعه .

5692- الحديث سبق برقم: **5452,5400** فراجعه .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ، وَلِأَهْلِ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ

کہ حضور ﷺ نے اہل مدینہ کے لیے ذوالحلفیہ کو میقات مقرر کیا اور شام والوں کے لیے جحفہ میقات مقرر کیا اور نجد والوں کے لیے قرن مقرر کیا۔ اہل یمن کے لیے یلملم مقرر کیا۔

5693 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلًا سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ، عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ، فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ بَيْعِ الثَّمَرَةِ حَتَّى يَبْدُو صَلَاحُهَا

حضرت زید بن جبیر سے روایت ہے کہ میں نے ایک آدمی سے سنا کہ اُنہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پھلوں کی بیع کے متعلق پوچھا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے پھلوں کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ وہ پک جائیں۔

5694 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، أَخُو الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ يَعْنِي ابْنَ زِيَادٍ، عَنْ لَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو مُحَمَّدٍ، قَالَ: رَمَقْتُ ابْنَ عُمَرَ شَهْرًا فَسَمِعْتُهُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ، قَبْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ يَقْرَأُ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ قَالَ: فَذَكَرْتُ لَهُ ذَلِكَ فَقَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا أَوْ خَمْسَةً وَعِشْرِينَ يَوْمًا يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ وَقَالَ: إِنَّ إِحْدَاهُمَا تَعْدَلُ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ وَالْأُخْرَى بِرُبُعِ الْقُرْآنِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ تَعْدَلُ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ، وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ تُعْدَلُ بِرُبُعِ الْقُرْآنِ

حضرت ابو محمد فرماتے ہیں میں ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک ماہ تک ٹھہرا رہا۔ میں نے آپ کو ایک ماہ یا پچیس دن فجر کی دوسنتوں میں قل یا ایھا الکفرون اور قل ہو اللہ احد پڑھتے ہوئے دیکھا۔ اور آپ نے فرمایا: ان میں سے ایک کا تہائی قرآن پڑھنے کے برابر ثواب ہے دوسری کا چوتھائی قرآن پڑھنے کے برابر ہے۔ یعنی پہلی قل ہو اللہ احد تہائی قرآن کے برابر اور دوسری الکفرون چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔

5695 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ،

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

5693- الحديث سبق برقم: **5585** فراجعه .

5694- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**24** رقم الحديث: **4673** وجلد**2**صفحه**58** رقم الحديث: **5215** .

5695- الحديث سبق برقم: **5415** فراجعه .

حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَاصِمِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ بِمِنًى عَنِ الصَّلَاةِ هَا هُنَا، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ أَبِي بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُمَرَ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُثْمَانَ صَدْرًا مِنْ خِلَافَتِهِ رَكْعَتَيْنِ، إِذَا صَلَّيْنَا مَعَهُمْ صَلَّيْنَا كَمَا يُصَلُّونَ، وَإِذَا صَلَّيْنَا وَحْدَنَا صَلَّيْنَا

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا منیٰ میں یہاں نماز پڑھنے کے متعلق؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ دو رکعتیں پڑھی تھیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شروع خلافت میں دو رکعت پڑھیں جب ہم ان کے ساتھ نماز پڑھتے تھے ہم نماز پڑھتے ان کے ساتھ جیسے یہ پڑھتے جب ہم نماز اکیلے پڑھتے تھے تو اپنی پڑھتے تھے (دو رکعت)۔

5696 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ بِشْرٍ السَّكُونِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ، عَنْ رِيَاحِ بْنِ عَبِيدَةَ، عَنْ أَسِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ أَخِي عَبْدِ الْمَجِيدِ - وَهُوَ ابْنُ سَوْدَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَبِسْتُ ثَوْبًا حَرِيرًا، فَأَتَيْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عِنْدَ حُجْرَةِ حَفْصَةَ فِي لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ فَسَمِعَ قَعْقَعَةَ الثَّوْبِ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ فَقُلْتُ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: ارْفَعْ ثَوْبَكَ إِنَّ الَّذِي يَجُرُّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَا يَنْظُرُ اللَّهُ إِلَيْهِ قَالَ: وَكَانَ إِزَارِي تِلْكَ اللَّيْلَةَ إِلَى نِصْفِ سَاقِي

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے ریشم کا کپڑا پہنا' میں اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' آپ اس وقت حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے' اندھیری رات میں آپ نے کپڑے کے گھسٹنے کی آواز سنی' آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ میں نے عرض کی: عبداللہ بن عمر! آپ نے فرمایا: اپنا کپڑا اوپر اُٹھاؤ! جو لوگ تکبر سے کپڑا لٹکاتے ہیں' اللہ عزوجل ان کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا' میرا تہبند اس رات نصف پنڈلی تک تھا۔

5697 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ سُرَّ فِي ظِلِّ سَرْحَةٍ سَبْعُونَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ستر نبیوں کو ایسے درخت کے سائے میں خوش کیا جائے گا' جس کو نہ تو نظر انداز کیا جائے گا' نہ کاٹا جائے گا اور نہ اس کے پتے گریں گے۔

5696- الحديث سبق برقم: **5688** فراجعه .

5697- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **273** . وأحمد جلد**2**صفحه**138** رقم الحديث: **6233** .

نَبِيًّا، لَا تُسْرَقُ وَلَا تُجَرَّدُ وَلَا تُغَلُّ

5698 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ نَاعِمٍ، مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ قَالَ: خَرَجَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ حَاجًّا، حَتَّى إِذَا كَانَ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ أَتَى شَجَرَةً عَرَفَهَا فَجَلَسَ تَحْتَهَا، ثُمَّ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ هَذِهِ الشَّجَرَةِ، إِذْ أَقْبَلَ رَجُلٌ شَابٌّ مِنْ هَذِهِ الشُّعْبَةِ، حَتَّى وَقَفَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي جِئْتُ لِأُجَاهِدَ مَعَكَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَبْتَغِي بِذَلِكَ وَجْهَ اللَّهِ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ، قَالَ: أَبَوَاكَ حَيَّانِ كِلَاهُمَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَارْجِعْ بِرَّهُمَا قَالَ: انْفَتَلَ رَاجِعًا مِنْ حَيْثُ جَاءَ

حضرت نعیم مولی ام سلمہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ حج کے لیے نکلے جب مکہ اور مدینہ کے درمیان آئے۔ ایک درخت کے پاس آئے اس کو پہچان کر اس کے نیچے بیٹھے پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس درخت کے نیچے دیکھا تھا۔ اچانک ایک نوجوان آدمی آیا اس گھاٹی سے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا ہوں تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کروں، اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے اور آخرت کا گھر طلب کرنے کی خاطر۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟ عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واپس جاؤ اُن کی خدمت کرو۔ راوی نے فرمایا: جہاں سے آیا تھا واپس چلا گیا۔

5699 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، عَنْ هَارُونَ بْنِ عَنْتَرَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي أَفْطَرْتُ يَوْمًا فِي رَمَضَانَ، قَالَ: مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ وَلَا سَفَرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: بِئْسَ مَا صَنَعْتَ قَالَ: أَجَلْ فَمَا تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: أَعْتِقْ رَقَبَةً قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا مَلَكْتُ رَقَبَةً قَطُّ، قَالَ: فَصُمْ شَهْرَيْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے رمضان کا روزہ آج کے دن افطار کر لیا ہے بغیر عذر و سفر کے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! تو نے جو کیا بہت برا کیا ہے۔ عرض کی: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کوئی حکم دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک غلام آزاد کر اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ بھیجا ہے۔ میں کسی غلام کا

5698- الحديث في المقصد العلى برقم: 1001 .

5699- الحديث في المقصد العلى برقم: 520 .

مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ: فَلا أَسْتَطِيعُ ذَلِكَ، قَالَ: فَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أُشْبِعُ أَهْلِي، قَالَ: فَأُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِكْتَلٍ فِيهِ تَمْرٌ، فَقَالَ: تَصَدَّقْ بِهَذَا عَلَى سِتِّينَ مِسْكِينًا قَالَ: إِلَى مَنْ أَدْفَعُهُ، قَالَ: إِلَى أَفْقَرِ مَنْ تَعْلَمُ قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا بَيْنَ قُتْرَيْهَا أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجُ مِنَّا، قَالَ: فَتَصَدَّقْ بِهِ عَلَى عِيَالِكَ

مالک نہیں ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: لگا تار دو ماہ کے روزے رکھ۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا۔ عرض کی: یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے۔ میرے خاندان نے کبھی سیر ہو کر روٹی نہیں کھائی۔ حضور ﷺ کے پاس ایک ٹوکرا لایا گیا اس میں کھجوریں تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ ساٹھ مسکینوں پر صدقہ کر دے۔ عرض کی: میں کس کو دوں؟ فرمایا: جس کو تو محتاج سمجھتا ہے۔ عرض کی: اس کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میرے اہل خانہ سے زیادہ مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان کوئی محتاج نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو اپنے اہل خانہ پر صدقہ کر۔

5700 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعْدٍ، مَوْلَى طَلْحَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا لَوْ لَمْ أَسْمَعْهُ إِلَّا مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ حَتَّى عَدَّ سَبْعَ مِرَارٍ، وَإِنِّي قَدْ سَمِعْتُهُ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ، قَالَ: كَانَ الْكِفْلُ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ لَا يَتَوَرَّعُ مِنْ ذَنْبٍ عَمِلَهُ، فَأَتَتِ امْرَأَةٌ، فَأَعْطَاهَا سِتِّينَ دِينَارًا عَلَى أَنْ يَطَأَهَا، فَلَمَّا أَنْ قَعَدَ مِنْهَا مَقْعَدَ الرَّجُلِ ارْتَعَدَتْ وَبَكَتْ فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ أَكْرَهْتُكِ؟ قَالَتْ: لَا وَلَكِنْ هَذَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے ایک مرتبہ نہیں کئی مرتبہ سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل میں ایک کفیل رہتا تھا وہ گناہوں سے سیر پرہیز نہیں کرتا تھا۔ وہ ایک عورت کے پاس آیا اس کو اس نے ساٹھ دینار دیئے وطی کرنے کے لیے۔ جب وہ اس عورت کی ٹانگوں کے درمیان بیٹھا وہ عورت کانپنے لگی اور رو پڑی۔ اس نے کہا: تو کیوں رو رہی ہے کیا تو ناپسند کرتی ہے؟ اس نے کہا: نہیں! بلکہ یہ عمل میں نے کبھی بھی نہیں کیا۔ مجھے اس پر کسی ضرورت نے ابھارا ہے۔ اس نے کہا: تو یہ عمل کرتی ہے تو عمل کبھی بھی

5700- اخرجه أحمد جلد2صفحه23 رقم الحديث: **4747** . والترمذی رقم الحديث: **2496** .

عَمَلٌ لَمْ أَعْمَلْهُ قَطُّ، وَإِنَّمَا حَمَلَتْنِي عَلَيْهِ الْحَاجَةُ، قَالَ: فَتَفْعَلِينَ هَذَا وَلَمْ تَعْمَلِيهِ قَطُّ؟ قَالَ: ثُمَّ نَزَلَ فَقَالَ: اذْهَبِي وَالدَّنَانِيرُ لَكِ، ثُمَّ قَالَ: وَاللَّهِ لَا يَعْصِي اللَّهَ الْكِفْلُ أَبَدًا، قَالَ: فَمَاتَ مِنْ لَيْلَتِهِ، فَأَصْبَحَ مَكْتُوبًا عَلَى بَابِهِ قَدْ غَفَرَ اللَّهُ لِلْكِفْلِ

نہیں کیا؟ پھر وہ اترا اس نے کہا: یہ دنانیر لے جاؤ' پھر اس نے کہا: اللہ کی قسم! وہ کفیل اللہ کی نافرمانی کبھی نہیں کرے گا۔ وہ رات کو مر گیا۔ تو صبح کے وقت اس کے دروازے پر لکھا ہوا تھا اللہ نے اس کفیل کو بخش دیا ہے۔

5701 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ أَبِي جَمِيلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ قَاضِيًا فَقَضَى بِجَوْرٍ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَمَنْ كَانَ قَاضِيًا فَقَضَى بِجَهْلٍ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَمَنْ كَانَ قَاضِيًا فَقَضَى بِعَدْلٍ فَبِالْحَرِيِّ أَنْ يَنْفَلِتَ كَفَافًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قاضی ہو، ظلم کا فیصلہ کرے وہ اہل جہنم سے ہے جو فیصلہ کرتا ہے، بے علمی کے ساتھ وہ بھی اہل جہنم میں سے ہے جو قاضی ہو اور فیصلہ کرے عدل کے ساتھ وہ اس لائق ہے کہ نجات پائے برابر برابر (نہ کوئی چیز دینی پڑے نہ لینی پڑے)۔

5702 - حَدَّثَنَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، حَدَّثَهُمْ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا، وَسُبْحَانَ اللَّهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ قَالَ: أَيُّكُمْ صَاحِبُ الْكَلِمَاتِ؟

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک نماز میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ صحابہ کرام میں سے ایک نے کہا: ''اللہ اکبر کبیرًا، والحمد للہ کثیرًا، وسبحان اللہ بکرةً واصیلا''۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کلمات کہنے والا کون ہے؟ تمام صحابہ کرام خاموش رہے۔ قوم میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے کہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی میں نے اس کے ساتھ

5701- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **1322** قال: حدثنا محمد بن عبد الأعلى الصنعاني' قال: حدثنا المعتمر ابن سليمان' قال: سليمان عبد الملك يُحدث' عن عبد الله بن موهب' فذكره .

5702- أخرجه أبو عوانة جلد **2** صفحه **200** من طريق الصنعاني حدثنا عبيد الله بن عمر' حدثنا يزيد بن زريع به . واخرجه أحمد جلد **2** صفحه **14** . ومسلم رقم الحديث: **601** . والترمذي رقم الحديث: **3586** . والنسائي جلد **2** صفحه **135** من طريق اسماعيل بن علية' أخبرنا الحجاج بن أبي عثمان به .

فَسَكَتَ الْقَوْمُ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَنَا قُلْتُهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا أَرَدْتُ بِهَا إِلَّا الْخَيْرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: فُتِحَتْ لَهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَمَا تَرَكْتُهَا مُنْذُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهَا

بھلائی کا ارادہ کیا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: آسمان کے آٹھوں دروازے اس کے لیے کھول دیے گئے ہیں۔

5703 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبْجَرَ، عَنْ ثُوَيْرِ بْنِ أَبِي فَاخِتَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً لَمَنْ يَنْظُرُ فِي مُلْكِهِ أَلْفَيْ سَنَةٍ يَرَى أَقْصَاهَا يَنْظُرُ إِلَى أَزْوَاجِهِ وَسُرُرِهِ، وَإِنَّ أَفْضَلَهُمْ مَنْزِلَةً لَمَنْ يَنْظُرُ إِلَى وَجْهِ اللّٰهِ كُلَّ يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سب سے ادنیٰ درجہ جنتی وہ ہو گا۔ جو دیکھے گا اپنی سلطنت تو اسے اس کی انتہاء نظر آئے گی' وہ اپنی بیویوں (حوروں) اور پلنگوں کو دیکھے گا اور سب سے افضل وہ جنتی ہوگا جو اللہ کی زیارت ہر دن میں دو مرتبہ کرے گا۔

5704 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، قَالَ: كَتَبَ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مَرْوَانَ إِلَى ابْنِ عُمَرَ أَنِ ارْفَعْ إِلَيَّ حَاجَتَكَ قَالَ: فَكَتَبَ ابْنُ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْيَدُ الْعُلْيَا، خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ وَلَسْتُ أَسْأَلُكَ شَيْئًا وَلَا أَرُدُّ رِزْقًا رَزَقَنِيهِ اللّٰهُ مِنْكَ

حضرت عبدالعزیز بن مروان نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی طرف خط لکھا کہ اپنی ضرورت مجھ پر پیش کریں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس کا جواب لکھا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ ابتداء اس سے کر جو تیرے زیر کفالت ہیں۔ میں آپ سے کچھ نہیں مانگتا ہوں، اور میں اس رزق کو نہیں لوٹاتا جو مجھے تیری طرف سے اللہ نے دیا ہے۔

5705 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے

5703- الحديث سبق برقم: **5686** فراجعه .

5704- اخرجه أحمد جلد **2** صفحه **4** رقم الحديث: **4474** قال: حدثنا اسحاق بن يوسف' عن سفيان . وفي جلد **2** صفحه **152** رقم الحديث: **6402** قال: حدثنا حماد بن مسعدة (ح) وصفوان .

5705- الحديث في المقصد العلي برقم: **1002** .

سَمِينَةَ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِي حَرِيزٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ: أَنْتَ وَمَالُكَ لِأَبِيكَ

ایک آدمی کو فرمایا: تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے۔

5706 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمُنْذِرِ إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، رَأَى نَاسًا فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ إِذَا جَاءَهُ رَجُلٌ يُرِيدُ قَتْلَهُ أَنْ يَكُونَ مِثْلَ ابْنِي آدَمَ: الْقَاتِلُ فِي النَّارِ، وَالْمَقْتُولُ فِي الْجَنَّةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کچھ لوگ دیکھے۔ اس کے بعد فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اس بات سے عاجز ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹوں کی مانند بن جائے جب کوئی آدمی اس کو قتل کرنے کے ارادہ سے آئے۔ قاتل جہنم میں اور مقتول جنت میں۔

5707 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ أَبِي، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِجَرٍّ فَضِيخِ بُسْرٍ وَهُوَ فِي مَسْجِدِ الْفَضِيخِ فَشَرِبَهُ فَلِذَلِكَ سُمِّيَ: مَسْجِدَ الْفَضِيخِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس خشک کھجوروں کا رس گھڑے میں لایا گیا' اس حالت میں کہ آپ مسجد فضیخ میں موجود تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو نوش فرمایا' اس لیے اس کا نام مسجد فضیخ (رس والی مسجد) رکھا گیا تھا۔

5708 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عرفات میں وادی نمرہ میں اترتے تھے۔

5706- أخرجه أحمد جلد 2صفحه96 رقم الحديث: 5708 قال: حدثنا يحيى بن حماد' قال: حدثنا أبو عوانة' عن رقبة . وفي جلد1صفحه100 رقم الحديث: 5754 قال: حدثنا اسماعيل بن عمر' قال: حدثنا سفيان .

5707- الحديث في المقصد العلي برقم: 227 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحه21 وقال: رواه أحمد' وأبو يعلى...... وفيه عبد الله بن نافع ضعفه البخاري .

5708- أخرجه أحمد جلد2صفحه25 رقم الحديث: 4782 . وأبو داؤد رقم الحديث: 1914 قال: حدثنا أحمد بن حنبل . وابن ماجة رقم الحديث: 3009 قال: حدثنا على بن محمد' وعمرو بن عبد الله .

كَانَ يَنْزِلُ بِعَرَفَةَ فِي وَادِي نَمِرَةَ

5709 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَاصِمٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الصَّلَاةِ، بِمِنًى قَالَ: فَهَلْ سَمِعْتَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، وَآمَنْتُ بِهِ، قَالَ: فَإِنَّهُ كَانَ يُصَلِّي بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ

حضرت داؤد بن ابی عاصم ثقفی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منیٰ میں نماز کے متعلق پوچھا کہ کیا آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق سنا ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! میں اس پر ایمان لایا' آپ منیٰ میں دو رکعت پڑھتے تھے۔

5710 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقِرَانِ، حَتَّى تَسْتَأْذِنَ أَصْحَابَكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دو کھجوروں کو ملا کر کھانے سے منع کیا یہاں تک کہ اس کا ساتھی اجازت دے دے۔

5711 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَبَّلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ مبارک کا بوسہ لیا۔

5712 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَلْقَمَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْفُوا اللِّحَى،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: داڑھی بڑھاؤ اور مونچھیں چھوٹی کرواؤ۔

5709- الحديث سبق برقم: **5797** فراجعه .

5710- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **7** رقم الحديث: **4513** . وأبو داؤد رقم الحديث: **3834** قال: حدثنا واصل بن عبد الأعلى .

5711- الحديث سبق مطولًا برقم: **5571** فراجعه .

5712- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **52** رقم الحديث: **5135** قال: حدثنا عبد الرحمن . وفي جلد **2** صفحه **52** رقم الحديث: **5138** قال: حدثنا مؤمل .

وَاحْفُوا الشَّوَارِبَ

5713 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي يَعْقُوبَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نُعْمٍ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ عَنْ دَمِ الْبَعُوضِ، فَقَالَ: مِمَّنْ أَنْتَ؟ قَالَ: مِنْ أَهْلِ الْعِرَاقِ، قَالَ: انْظُرُوا إِلَى هَذَا يَسْأَلُنِي عَنْ دَمِ الْبَعُوضِ وَقَدْ قَتَلُوا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ، وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: هُمَا رَيْحَانَتَايَ مِنَ الدُّنْيَا

حضرت ابونعیم فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے ابن عمر سے سوال کیا کہ (حالت احرام) میں مچھر مارنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو کہاں کا رہنے والا ہے؟ اس نے کہا کہ اہلِ عراق کا ہوں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دیکھ ذرا تو مجھ سے مچھر کے خون کے متعلق سوال کر رہا ہے، تم نے ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کیا ہے حالانکہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دونوں میرے دنیا کے پھول ہیں۔

5714 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُسْلِمٍ، مَوْلًى لِعَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عُمَرَ: أَرَأَيْتَ الْوِتْرَ أَسُنَّةٌ هُوَ؟ قَالَ: مَا سَنَةٌ؟ أَوْتَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُونَ، قَالَ: أَسُنَّةٌ هُوَ؟ قَالَ لَهُ: أَتَعْقِلُ؟ أَوْتَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُونَ

حضرت مسلم فرماتے ہیں: ایک آدمی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور پوچھا کہ وتر سنت ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سنت کیا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں نے وتر پڑھے ہیں۔ پھر اس نے کہا: کیا وہ سنت ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو کہا: کیا تو سمجھتا نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں نے پڑھی ہے۔

5715 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، أَنَّ عَمَّهُ وَاسِعَ بْنَ حَبَّانَ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ كَانَ قَائِمًا يُصَلِّي فِي الْمَسْجِدِ وَابْنُ عُمَرَ مُسْتَقْبِلُهُ مُسْنِدًا ظَهْرَهُ إِلَى قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ

حضرت واسع بن حبان فرماتے ہیں کہ وہ کھڑے ہو کر مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ ان کے پاس آ گئے۔ آپ رضی اللہ عنہ کی پیٹھ قبلہ کی جانب تھی۔ جب واسع کے بائیں طرف پھر کر اس کی طرف بیٹھ گئے۔ حضرت واسع نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کی:

5713- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**85** رقم الحديث: **5568** قال: حدثنا محمد بن جعفر، قال: حدثنا شعبة . وفي جلد**2**صفحه**93** رقم الحديث: **5675** قال: حدثنا أبو النضر، قال: حدثنا مهدي .

5714- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**29** من طريق معاذ به . وذكره مالك في الموطأ رقم الحديث: **17** بلاغًا .

5715- الحديث بشطره الأول في المقصد العلي: **298** .

وَاسِعٌ انْصَرَفَ عَنْ يَسَارِهِ إِلَى ابْنِ عُمَرَ فَجَلَسَ إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَنصرِفَ عَنْ يَمِينِكَ؟ قَالَ: لَا إِلَّا أَنِّي رَأَيْتُكَ فَانْصَرَفْتُ إِلَيْكَ . قَالَ: فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَإِنَّكَ قَدْ أَحْسَنْتَ، إِنَّ نَاسًا يَقُولُونَ: إِذَا كُنْتَ تُصَلِّي فَانصَرَفْتَ فَانْصَرِفْ عَنْ يَمِينِكَ . قَالَ ابْنُ عُمَرَ: إِذَا كُنْتَ تُصَلِّي فَانْصَرَفْتَ، فَانْصَرِفْ إِنْ شِئْتَ عَنْ يَمِينِكَ، وَإِنْ شِئْتَ عَنْ يَسَارِكَ . قَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَيَقُولُ نَاسٌ آخَرُونَ: إِذَا جَلَسَ لِلْغَائِطِ فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ، وَلَا بَيْتَ الْمَقْدِسِ، وَلَقَدْ صَعِدْتُ يَوْمًا عَلَى بَيْتِنَا، فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حَاجَتِهِ شَكَّ أَبُو يَعْلَى مُسْتَقْبِلَ بَيْتَ الْمَقْدِسِ

آپ رضی اللہ عنہ کو دائیں جانب پھیرنے سے کون سی چیز رکاوٹ تھی؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوئی نہیں، مگر میں آپ کو دیکھ کر آپ کی طرف پھر گیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو نے اچھا کیا، لوگ کہتے ہیں جب تُو نماز پڑھتا ہو تو جب سلام پھیرے تو اپنی دائیں جانب پھر۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تو نماز پڑھتا ہو تو چاہے دائیں جانب یا بائیں جانب پھرے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دوسرے لوگ کہتے ہیں جب قضاء حاجت کے پیٹھ کو قبلہ رخ نہ رکھا کرو۔ نہ بیت المقدس کی طرف ہو۔ میں ایک دن اپنے گھر کی چھت پر چڑھا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا قضاء حاجت کرتے ہوئے۔ امام ابویعلیٰ کو شک ہے کہ آپ نے بیت المقدس کی طرف منہ کیا۔

5716 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَّامٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ مِينَاءَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: لَيَنْتَهِيَنَّ قَوْمٌ عَنْ وَدْعِهِمُ الْجُمُعَاتِ، أَوْ لَيَخْتِمَنَّ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَلَيَكُونَنَّ مِنَ الْغَافِلِينَ

حضرت ابن عباس، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہم دونوں فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر شریف پر فرمایا: باز آجائیں وہ لوگ جو جمعہ کی نماز چھوڑتے ہیں۔ ورنہ اللہ ان کے دلوں پر مہر لگا دے گا اور ان کو غافلوں میں لکھ دے گا۔

5717 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

5716- أخرجه الدارمي رقم الحديث: **1578** قال: حدثنا يحيى بن حسّان، قال: حدثنا مُعاوية بن سلام . ومسلم جلد **3** صفحه**10** قال: حدثني الحسن بن على الحلواني، قال: حدثنا أبو توبة، قال: حدثنا معاوية وهو ابن سلام .

5717- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد**2**صفحه**322** من طريق محمد بن عبد الملك . وأخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار جلدصفحه **208,207** كلاهما حدثنا يزيد بن هارون به . وأخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **807**

سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ، فَرَأَى أَصْحَابُهُ أَنَّهُ قَرَأَ تَنْزِيلَ السَّجْدَةَ قَالَ: وَلَمْ أَسْمَعْهُ مِنْ أَبِي مِجْلَزٍ

سجدہ کیا پہلی رکعت کا ظہر کی نماز کا۔ صحابہ کرام نے خیال کیا کہ آپ ﷺ نے تنزیل السجدہ پڑھا ہے۔

5718 - حَدَّثَنَا صَلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ الْمَخْزُومِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَضْرِبُوا الرَّقِيقَ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُونَ مَا تُوَافِقُونَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے غلام کو نہ مارو، تم نہیں جانتے ہو کہ تم کیا موافقت کر رہے ہو۔

5719 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي عَلْقَمَةَ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ رَأَى مَوْلًى لَهُ يُقَالُ لَهُ يَسَارٌ يُصَلِّي بَعْدَ الْفَجْرِ، فَنَهَاهُ، فَقَالَ: إِنَّمَا بَقِيَ مِنْ حِزْبِي، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ: أَفَلَا أَخَّرْتَهُ حَتَّى يَكُونَ ذَلِكَ مِنَ النَّهَارِ؟ ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يُصَلُّونَ بَعْدَ طُلُوعِ الْفَجْرِ فَقَالَ: إِنَّهُ لَا صَلَاةَ بَعْدَ الْفَجْرِ إِلَّا رَكْعَتَيْنِ

حضرت مولیٰ بنی ہاشم سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے غلام کو دیکھا اس کا نام یسار تھا' وہ فجر کے بعد نماز پڑھ رہا تھا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس کو منع کیا' اس نے عرض کی: میرا حصہ باقی تھا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا: کیا تُو اس سورج کے طلوع ہونے تک مؤخر نہیں کر سکتا تھا؟ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ ہم پر نکلے اس حال میں کہ لوگ نماز پڑھ رہے تھے فجر کے بعد۔ آپ نے فرمایا: فجر کے بعد صرف دو رکعت ہی ہیں۔

5720 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے

من طريق محمد بن عيسى، حدثنا معتمر بن سليمان، وهشيم، ويزيد بن هارون، عن سليمان التيمي، عن أمية، عن أبي مجلز، عن ابن عمر .

5718- الحديث في المقصد العلي برقم: **727** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**238** وقال: رواه أبو يعلى، والطبراني، وفيه عكرمة ابن خالد بن سلمة، وهو ضعيف .

5719- الحديث سبق برقم: **5582** فراجعه .

هَارُونَ، أَخْبَرَنَا أَصْبَغُ بْنُ زَيْدٍ الْجُهَنِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو بِشْرٍ، عَنْ أَبِي الزَّاهِرِيَّةِ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ احْتَكَرَ طَعَامًا أَرْبَعِينَ لَيْلَةً فَقَدْ بَرِءَ مِنَ اللَّهِ وَبَرِءَ اللَّهُ مِنْهُ، وَأَيُّمَا أَهْلِ عَرْصَةٍ أَصْبَحَ فِيهِمِ امْرُؤٌ جَائِعٌ، فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُمْ ذِمَّةُ اللَّهِ

فرمایا: جس نے کھانا چالیس دن تک روکے رکھا۔ اللہ اور اس کا رسول ﷺ اس سے بری ذمہ ہیں۔ کوئی پڑوسی صبح کرے بھوک کی حالت میں اللہ ان کے ذمہ سے بری ہے۔

5721 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ نُهَيْكِ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ مُغِيثِ بْنِ سُمَيٍّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ بِغَلَسٍ، وَابْنُ عُمَرَ إِلَى جَنْبِي فَلَمَّا سَلَّمَ، قُلْتُ: مَا هَذِهِ الصَّلَاةُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ؟ قَالَ: هَذِهِ كَانَتْ صَلَاتَنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَلَمَّا قُتِلَ عُمَرُ أَسْفَرَ بِهَا عُثْمَانُ

حضرت مغیث بن سمی فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھائی۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ میرے پہلو میں تھے۔ جب حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے سلام پھیرا۔ میں نے عرض کی، اے ابوعبدالرحمٰن! یہ کون سی نماز ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ نماز میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ پڑھی۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے خوب روشنی میں پڑھائی تھی۔

5722 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ النُّكْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي أَبُو الْمُثَنَّى، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى قَبْلَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عصر سے پہلے چار رکعتیں ادا فرمائیں۔

5721- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **671** من طريق عبد الرحمٰن بن ابراهيم الدمشقي' حدثنا الوليد بن مسلم. وأخرجه البيهقي في الكبرىٰ جلد **1** صفحه **456** من طريق العباس بن الوليد بن مزيد' أخبرني أبي كلاهما الأوزاعي به.

5722- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **117** رقم الحديث: **5980**. وأبو داؤد رقم الحديث: **1271** قال: حدثنا أحمد بن ابراهيم. والترمذي رقم الحديث: **430** قال: حدثنا يحيىٰ بن موسىٰ' ومحمود بن غيلان' وأحمد بن ابراهيم الدورقي' وغير واحد.

الْعَصْرِ أَرْبَعًا

5723 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدُ اللهِ بْنُ الدَّوْرَقِيّ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَنَامُ، إِلَّا وَالسِّوَاكُ عِنْدَهُ، إِذَا اسْتَيْقَظَ بَدَأَ بِالسِّوَاكِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب آرام کرتے تو مسواک کرتے، جب صبح اٹھتے تو مسواک سے ابتداء کرتے تھے۔

5724 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: دَخَلَ ابْنُ عُمَرَ عَلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عَامِرٍ يَعُودُهُ، فَقَالَ: مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَدْعُوَ لِي؟ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللهَ لَا يَقْبَلُ صَلَاةً بِغَيْرِ طُهُورٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بغیر وضو کے نماز قبول نہیں۔

5725 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّجْوَى؟ قَالَ: كَانَ يَقُولُ: يَدْنُو الْعَبْدُ مِنْ رَبِّهِ، فَيَضَعُ عَلَيْهِ كَنَفَهُ فَيُقَرِّرُهُ . فَيَقُولُ: عَمِلْتَ كَذَا، وَعَمِلْتَ كَذَا . قَالَ: يَقُولُ: نَعَمْ يَا رَبِّ . قَالَ: فَيَقُولُ: فَإِنِّي قَدْ سَتَرْتُ عَلَيْكَ فِي

حضرت صفوان بن محرز رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سرگوشی کے متعلق کیا سنا ہے؟ فرمایا: بندہ اپنے رب کے قریب ہوگا، اللہ عزوجل اپنا دست قدرت اس کے کندھوں پر رکھے گا اس سے گناہوں کا اقرار کروائے گا۔ تو نے وہ کیا، تو نے وہ بھی کیا؟ بندہ عرض کرے گا: جی ہاں! اے میرے رب! اللہ عزوجل

5723- الحديث في المقصد العلي برقم: 128 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 98 وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى وقال في بعض طرقه: وكذلك الطبراني في الكبير، واسناده ضعيف، وفي بعض طرقه من لم يسم، وفي بعضها حسام بن مصك، وغير ذلك .

5724- الحديث سبق برقم: 5651,5588 فراجعه .

5725- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 74 رقم الحديث: 5436 قال: حدثنا بهز، وعفان، قالا: حدثنا همام . وفي جلد 2 صفحه 105 رقم الحديث: 5825 قال: حدثنا عبد الوهاب بن عطاء، قال: أخبرنا سعيد .

الدُّنْيَا وَأَنَا أَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ . قَالَ: فَيُعْطَى صَحِيفَةَ حَسَنَاتِهِ، فَيَقُولُ: هَاؤُمُ اقْرَءُوا كِتَابِيَهْ قَالَ: وَأَمَّا الْمُنَافِقُونَ فَيُنَادَوْنَ (هَؤُلَاءِ الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى رَبِّهِمْ، أَلَا لَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ) (هود: 18)

فرمائے گا بے شک میں نے دنیا میں تیرے گناہوں پر پردہ ڈالا تھا، آج کے دن بھی میں تجھے معاف کر رہا ہوں۔ اس کو نیکوں کا صحیفہ دیا جائے گا وہ کہے گا: آؤ! اس کو پڑھو! بہرحال منافقوں کو پکارا جائے گا۔ ''یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ باندھا' خبردار! ظالموں پر اللہ کی لعنت ہو''۔

5726 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْمُخَرِّمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ الْأَشْهَلِيُّ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُجْمِرِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ عَلَى صَلَاةِ الْفَذِّ سَبْعَةً وَعِشْرِينَ جُزْءًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا، اکیلے نماز پڑھنے سے ۲۷ گناہ زیادہ ثواب ہے۔

5727 - حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عِصْمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: أَنْبَأَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ فِي ثَقِيفَ مُبِيرًا وَكَذَّابًا

حضرت عبداللہ بن عصمہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو بتایا کہ قبیلہ ثقیف میں ایک ہلاک کرنے والا اور جھوٹا ہوگا۔

5728 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُوَقَّرِيُّ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک دن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد میں دلچسپی کا مظاہرہ کیا' پس لوگ

5726- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **100** . وأحمد جلد **2** صفحه **17** رقم الحديث: **4670** قال: حدثنا يحيىٰ' عن عبيد الله .

5727- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **92,91,87** . والترمذي رقم الحديث: **3939,2221** من طريق عن شريك' عن عبد الله بن عصمة بهذا السند .

5728- الحديث في المقصد العلي برقم: **865** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **289** وقال: رواه أبو يعلى وفيه الوليد بن محمد الموقري' وهو متروك .

أَبِي هَرِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَغِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجِهَادِ ذَاتَ يَوْمٍ، فَاجْتَمَعُوا عَلَيْهِ، حَتَّى غَمُّوهُ وَفِي يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَرِيدَةٌ، قَدْ نُزِعَ سُلَّاؤُهَا وَبَقِيَتْ سُلَّاءَةٌ لَمْ يَفْطُنْ بِهَا، فَقَالَ: أَخِّرُوا عَنِّي هٰكَذَا فَقَدْ غَمَمْتُمُونِي فَأَصَابَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَطْنَ رَجُلٍ، فَأَدْمَى الرَّجُلَ فَخَرَجَ الرَّجُلُ وَهُوَ يَقُولُ: هٰذَا فِعْلُ نَبِيِّكَ، فَكَيْفَ بِالنَّاسِ؟ فَسَمِعَهُ عُمَرُ، فَقَالَ: انْطَلِقْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِنْ كَانَ هُوَ أَصَابَكَ فَسَوْفَ يُعْطِيكَ الْحَقَّ مِنْ نَفْسِهِ وَإِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ لَأُذْعِنَنَّكَ بِعِمَامَتِكَ حَتَّى تُحْدِثَ ـ فَقَالَ الرَّجُلُ: انْطَلِقْ بِسَلَامٍ فَلَسْتُ أُرِيدُ أَنْ أَنْطَلِقَ مَعَكَ ـ قَالَ: مَا أَنَا بِمُوَادِعِكَ ـ فَانْطَلَقَ بِهِ عُمَرُ حَتَّى أَتَى بِهِ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ هٰذَا يَزْعُمُ أَنَّكَ أَصَبْتَهُ وَدَمَّيْتَ بَطْنَهُ فَمَا تَرَى؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحَقًّا أَنَا أَصَبْتُهُ؟ قَالَ الرَّجُلُ: نَعَمْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ ـ قَالَ: هَلْ رَأَى ذٰلِكَ أَحَدٌ؟ قَالَ: قَدْ كَانَ هَاهُنَا نَاسٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ـ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَشْهَدُ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ رَأَى ذٰلِكَ إِلَّا أَخْبَرَنِي فَقَالَ نَاسٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنْتَ دَمَّيْتَهُ وَلَمْ تُرِدْهُ ـ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذْ لِمَا أَصَبْتُكَ مَالًا وَانْطَلِقْ ـ قَالَ الرَّجُلُ: لَا ـ قَالَ: فَهَبْ لِي ذٰلِكَ قَالَ: لَا أَفْعَلُ ـ قَالَ: فَتُرِيدُ مَاذَا؟

آپ ﷺ کے پاس جمع ہو گئے یہاں تک کہ اُنہوں نے اس قدر بھیڑ کی کہ آپ ﷺ پریشان ہو گئے' آپ ﷺ کے ہاتھ میں چھڑی تھی جن کے بعض کانٹے اتار لیے گئے تھے اور کچھ باقی تھے' وہ محسوس نہ ہوتے تھے' پس آپ ﷺ نے حکم فرمایا کہ اس طرح پیچھے ہو جاؤ' تم نے تو مجھے پریشان کر دیا ہے۔ پس نبی کریم ﷺ کی چھڑی ایک آدمی کے پیٹ پر لگی تو اس سے ہلکا سا خون آ گیا' وہ آدمی مجمع سے اس حال میں نکلا کہ وہ کہہ رہا تھا: یہ تمہارے نبی کا فعل ہے تو پھر لوگوں کا عمل کیا ہو گا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی اس بات کو سن لیا تو آپ نے فرمایا: نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں چلو! (کیا ہوا ہے) پس اگر اُنہوں نے تجھے تکلیف دی ہے تو وہ اپنی طرف سے تجھے بدلہ بھی دیں گے اور اگر تُو نے جھوٹ بولا ہے تو پھر میں تیری پگڑی سے پکڑ کر تجھے یوں جھکاؤں گا کہ تیرا وضو وہیں ٹوٹ جائے گا۔ اس آدمی نے کہا: بڑی خوشی سے چلو! لیکن میں تیرے ساتھ جانے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تجھے نہیں چھوڑوں گا۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کو لے کر گئے یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ کے پاس پہنچے۔ آپ نے عرض کی: اس کا گمان ہے کہ آپ ﷺ نے اسے تکلیف پہنچائی ہے اور اس کے پیٹ سے خون نکال دیا ہے' پس آپ کا کیا خیال ہے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا اس کی بات حق ہے! میں نے اسے تکلیف پہنچائی؟ اس نے کہا: جی ہاں! اے اللہ کے نبی! آپ ﷺ نے فرمایا: کسی نے اس کو

قَالَ: أُرِيدُ أَنْ أَسْتَقِيدَ مِنْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ ۔ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ ۔ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: اخْرُجْ مِنْ وَسَطِ هَؤُلَاءِ، فَخَرَجَ مِنْ وَسَطِهِمْ، وَأَمْكَنَ الرَّجُلَ مِنَ الْجَرِيدَةِ يَسْتَقِيدُ مِنْهُ، فَكَشَفَ عَنْهُ بَطْنَهُ، وَجَاءَ عُمَرُ لِيُمْسِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَلْفِهِ، فَقَالَ: أَرِحْنَا عَثَرْتَ بِنَعْلِكَ وَانْكَسَرَتْ أَسْنَانُكَ ۔ فَلَمَّا دَنَا الرَّجُلُ لِيَطْعَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلْقَى الْجَرِيدَةَ وَقَبَّلَ سُرَّتَهُ وَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، هَذَا الَّذِي أَرَدْتُ لِكَيْمَا نَقْمَعَ الْجَبَّارِينَ مِنْ بَعْدِكَ ۔ فَقَالَ عُمَرُ: لَأَنْتَ أَوْثَقُ عَمَلًا مِنِّي

دیکھا؟ اس نے کہا: یہاں مسلمانوں میں سے کچھ لوگ موجود تھے۔ اس نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں ایک ایسے آدمی کی گواہی کے ساتھ جس نے اس کو دیکھا ہے مگر اس نے مجھے خبر دی ہے۔ پس مسلمانوں میں سے چند لوگوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے اسے بے ارادہ خون آلود کیا ہے۔ پس نبی ﷺ نے فرمایا: تجھے جو تکلیف پہنچی ہے اس کے بدلے مال لے لے اور چلا جا۔ اس آدمی نے کہا: جی نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے معاف کر دے! اس نے کہا: یہ بھی نہیں کروں گا' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو کیا چاہتا ہے؟ اس نے کہا: اے نبی! میں تو آپ سے قصاص لوں گا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے! پس اس آدمی نے آپ ﷺ سے کہا: ان لوگوں کے درمیان سے باہر نکل آئیں' پس آپ ﷺ ان لوگوں کے درمیان سے نکل کر باہر آ گئے اور آدمی کیلئے کھجور کی چھڑی سے قصاص (بدلہ) دینا ممکن بنایا۔ پس آپ ﷺ نے اپنے پیٹ سے کپڑا ہٹایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تاکہ نبی کریم ﷺ کو پیچھے سے روک لیں' ہمیں راحت پہنچایئے (خدارا) اپنی جوتی سے گرے اور تیرے دانت ٹوٹ جائیں (اللہ کرے)۔ پس جب وہ آدمی نبی کریم ﷺ کے قریب ہوا تاکہ نبی کریم ﷺ کو کچھ کر دے تو اس نے چھڑی پھینک دی اور آپ ﷺ کی ناف کو بوسہ دیا اور عرض کی: میں نے یہ ارادہ کیا تھا تاکہ ہم آپ کے بعد آنے والے ظالم بادشاہوں کا قلع قمع کر سکیں۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے

فرمایا: تُو مجھ سے بھی زیادہ مضبوط عمل والا ثابت ہوا ہے۔

5729 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا وَضَعْتُمْ مَوْتَاكُمْ فِي اللَّحْدِ، فَقُولُوا بِسْمِ اللَّهِ وَعَلَى سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم اپنے مردوں کو قبر میں رکھو تو یہ پڑھو: ''بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ''۔

5730 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ، قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، عَنِ الْوِتْرِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رَكْعَةٌ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ

حضرت ابی مجلز فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے وتروں کی (تعداد) پوچھی، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وتر آخر رات کی ایک رکعت ہے۔

قَالَ: وَسَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رَكْعَةٌ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ

فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سوال کیا تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: رات کی نماز کے آخر کی ایک رکعت (وتر) ہے۔

5731 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سونے کا ارادہ کرتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ الٰى آخره''۔

5729- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 27 رقم الحديث: 4812 قال: حدثنا يزيد . وفي جلد 2 صفحه 40 رقم الحديث: 4990 قال: حدثنا عبد الواحد' يعني الحداد .

5730- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 311 رقم الحديث: 2837 قال: حدثنا عبد الصمد . وفي جلد 1 صفحه 361 رقم الحديث: 3408 قال: حدثنا بهز (ح) وحدثنا عفان .

5731- اخرجه أحمد جلد 2 صفحه 117 رقم الحديث 5983 . وأبو داؤد رقم الحديث: 5058 قال: حدثنا على بن مسلم .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ إِذَا ثَوَى مَضْجَعَهُ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَفَانِي وَآوَانِي وَأَطْعَمَنِي وَسَقَانِي، وَالَّذِي مَنَّ عَلَيَّ وَأَفْضَلَ، وَالَّذِي أَعْطَانِي وَأَجْزَلَ، الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ كُلِّ شَيْءٍ، وَمَلِيكَ كُلِّ شَيْءٍ، وَإِلَهِ كُلِّ شَيْءٍ، وَلَكَ كُلُّ شَيْءٍ، أَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ

5920 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

5917- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 397 قال: حدثنا سليمان بن داؤد . ومسلم جلد 4 صفحه 119 قال: حدثنا يحيى ابن أيوب وقتيبة وابن حُجر . وأخرجه الحميدى رقم الحديث: 1167 .

5918- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 1081 قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد 2 صفحه 241 قال: حدثنا سفيان .

5919- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 450 قال: حدثنا يزيد . وفى جلد 2 صفحه 527 قال: حدثنا عبد الصمد .

5920- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 501 قال: حدثنا يزيد' قال: أخبرنا محمد بن عمرو' عن أبى سلمة' فذكره . وأخرجه الحميدى رقم الحديث: 1069 قال: حدثنا سفيان .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَلْبُ الْكَبِيرِ شَابٌ عَلَى حُبِّ اثْنَتَيْنِ: حُبِّ الْحَيَاةِ، وَحُبِّ الْمَالِ

نے فرمایا: بوڑھے کا دل جوان ہوتا ہے دو چیزوں کی محبت پر: زندگی کی محبت اور مال کی محبت۔

5921 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ، الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلَى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ، إِلَّا الصَّوْمَ فَهُوَ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ، يَتْرُكُ الطَّعَامَ وَالشَّهْوَةَ وَيَتْرُكُ الشَّرَابَ لِشَهْوَتِهِ مِنْ أَجْلِي، هُوَ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کے ہر عمل کا ثواب دس گناہ سے سات سو تک ہوتا ہے۔ مگر روزہ میں پس وہ میرے لیے ہے۔ میں اس کی جزاء دوں گا (وجہ یہ ہے) کہ وہ بندہ میرے لیے کھانا پینا اور شہوات چھوڑتا ہے، وہ میرے لیے کرتا ہے میں اس کی خود ہی جزاء دوں گا۔

5922 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِأَهْلِهِ وَمَنْ تَرَكَ ضَيَاعًا فَإِلَيَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مال چھوڑا وہ اپنے اہل خانہ کے لیے چھوڑا جس نے قرض چھوڑا وہ میرے ذمہ ہے۔

5923 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي بِهِمْ فَيُكَبِّرُ كُلَّمَا وَضَعَ رَأْسَهُ وَرَفَعَ فَإِذَا انْصَرَفَ قَالَ: أَنَا أَشْبَهُكُمْ صَلَاةً بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ وہ ان کو نماز پڑھاتے تھے تو تکبیر کہتے تھے جب بھی رکوع کے لیے جھکتے اور رکوع سے سر اٹھاتے جب سلام پھیرتے تو فرماتے: میں نے تم سب سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ نماز پڑھی ہے۔

5924 - وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا

حضرت ابوسلمہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

5921- أخرجه أحمد جلد2صفحه**410,234** قال: حدثنا محمد بن جعفر . قال: حدثنا هشام بن حسان الفردوسي . وفي جلد2صفحه**234** قال: وحدثنا يزيد بن هارون . قال: أخبرنا هشام .

5922- أخرجه أحمد جلد 2صفحه**287** قال: حدثنا محمد بن بشر . وفي جلد 2صفحه**450** قال: حدثنا يزيد . والترمذي رقم الحديث: **2090** قال: حدثنا سعيد بن يحيٰى بن سعيد الأموي .

5923- أخرجه أحمد جلد2صفحه**270** قال: حدثنا عبد الأعلىٰ عن معمر . والدارمي رقم الحديث: **1251** قال: أخبرنا نصر بن علي . قال: حدثنا عبد الأعلىٰ عن معمر .

5924- أخرجه أحمد جلد2صفحه**229** قال: حدثنا معتمر بن سليمان . والبخاري جلد 1صفحه**194** قال: حدثنا أبو النعمان . قال: حدثنا معتمر .

هُرَيْرَةَ يَسْجُدُ فِي (إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ) (الانشقاق: 1) فَلَمَّا انصَرَفَ قُلْتُ لَهُ: سَجَدْتَ فِي سُورَةٍ مَا يُسْجَدُ فِيهَا ـ فَقَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِيهَا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ رضی اللہ عنہ نے سورۃ اذا السماء انشقت میں سجدہ کیا۔ جب سلام پھیرا تو میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی، آپ رضی اللہ عنہ نے اس سورت میں سجدہ کیا ہے جس میں عام طور پر سجدہ نہیں کیا جاتا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اس میں سجدہ کرتے ہوئے۔

5925 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اعْتَرَضَ لِيَ الشَّيْطَانُ فِي مُصَلَّايَ هَذَا فَأَخَذْتُهُ فَخَنَقْتُهُ، حَتَّى إِنِّي لَأَجِدُ بَرْدَ لِسَانِهِ عَلَى ظَهْرِ كَفِّي، وَلَوْلَا دَعْوَةُ أَخِي سُلَيْمَانَ لَأَصْبَحَ مَرْبُوطًا تَنْظُرُونَ إِلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان میری نماز میں حاضر ہو گیا میں نے اس کو پکڑا اس کا گلا گھونٹا، یہاں تک کہ اس کی زبان کی ٹھنڈک اپنی ہتھیلی کے ظاہر پہ پاتا ہوں اگر مجھے میرے بھائی سلیمان علیہ السلام کی دعا یاد نہ ہوتی تو میں اس کو ستون کے ساتھ باندھ دیتا تو اس کی طرف تم لوگ دیکھتے۔

5926 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: حَرَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ ذِي نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ وَالْمُجَثَّمَةَ وَالْحِمَارَ الْإِنْسِيَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام قرار دیا ہر جنگلی پھاڑنے والے درندے کا شکار مجثمہ اور پالتو گدھا۔

5927 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ: أَنَا الرَّحْمَنُ وَهِيَ الرَّحِمُ، شَقَقْتُ لَهَا مِنِ اسْمِي، فَمَنْ وَصَلَهَا أَصِلْهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا أَقْطَعْهُ فَأَبُتَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے: میں رحمٰن ہوں، یہ رحم ہے میں نے اپنے نام سے اس کو الگ کیا ہے جو اس کو جوڑے گا میں اس کو جوڑوں گا۔ جو اس کو کاٹے گا میں

5925- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 298 قال حدثنا محمد بن جعفر . والبخارى جلد 1 صفحه 124 وجلد 6 صفحه 156 قال: حدثنا اسحاق بن ابراهيم . قال: أخبرنا روح و محمد بن جعفر .

5926- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 366 قال: حدثنا معاوية . قال: حدثنا زائدة . وفى جلد 2 صفحه 418 قال: حدثنا قتيبة . قال: حدثنا عبد العزيز بن محمد .

5927- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 330 قال: حدثنا أبو بكر الحنفى . والبخارى جلد 6 صفحه 167 قال: حدثنا خالد بن مخلد . قال: حدثنا سليمان .

اس کو کاٹوں گا۔

5928 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلَى الْحَجُونِ عَامَ الْفَتْحِ فَقَالَ: وَاللَّهِ إِنَّكِ لَخَيْرُ أَرْضِ اللَّهِ، وَلَوْ لَمْ أُخْرَجْ مِنْكِ مَا خَرَجْتُ، وَإِنَّهَا لَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ كَانَ قَبْلِي، وَإِنَّمَا أُحِلَّتْ لِي سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، ثُمَّ هِيَ مِنْ سَاعَتِي هَذِهِ حَرَامٌ، لَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا، وَلَا يُحْتَشُّ خَلَاهَا وَلَا يُلْتَقَطُ إِلَّا لِمُنْشِدٍ فَقَالَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ شَاهٌ - وَزَعَمَ النَّاسُ أَنَّهُ الْعَبَّاسُ - فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِلَّا الْإِذْخِرَ، فَإِنَّهُ لِبُيُوتِنَا وَقُبُورِنَا . فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِلَّا الْإِذْخِرَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح کے سال حجون پر کھڑے ہو کر فرمایا: اللہ کی قسم! بے شک تُو اللہ کی بہترین زمین ہے اگر تجھ سے مجھے نہ نکالا جاتا تو میں نہ نکلتا۔ مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں کیا گیا صرف میرے لیے حلال کیا گیا دن کی ایک گھڑی کو پھر دوبارہ یہ گھڑی حرام کی گئی ہے اس کے درختوں کو نہ کاٹنا' اس کی گھاس نہ اکھیڑنا اور اس کی پڑی ہوئی چیز نہ اُٹھانا مگر تلاش کرنے والے کیلئے۔ شاہ نامی ایک آدمی نے عرض کی: لیکن عام لوگوں کا گمان ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! اذخر گھاس کا استثناء کریں وہ ہمارے گھروں اور قبروں کے لیے ضروری ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اذخر کاٹ لیا کرو۔

5929 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تسبیح مردوں کے لیے ہے، تالی عورتوں کے لیے۔

5930 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا مَاتَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب نجاشی کی وفات کی خبر دی گئی کہ وہ مر گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے لیے بخشش طلب کرو۔

5928- أخرجه أحمد جلد2صفحه238 ومن طريقه أبو داؤد رقم الحديث: 2016 . والبخاري رقم الحديث: 1355,2434 من طريق الوليد بن مسلم' حدثنا الأوزاعي .

5929- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 948 . وأحمد جلد2صفحه 241 . والدارمي جلد1صفحه370 قال: حدثنا يحيى بن حسان . والبخاري جلد2صفحه79 قال: حدثنا على بن عبد الله .

5930- أخرجه أحمد جلد 2صفحه280 قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: حدثنا معمر . وفي جلد2صفحه529 قال: حدثنا روح . قال: حدثنا محمد بن أبي حفصة .

النَّجَاشِيُّ أَخْبَرَهُمْ أَنَّهُ مَاتَ، فَاسْتَغْفِرُوا لَهُ

5931 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى لَا يَصْبُغُونَ فَخَالِفُوهُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود و نصاریٰ نہیں رنگتے (بالوں کو) ان کی مخالفت کرو۔

5932 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، وَالْمُقَدَّمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ، قَالَ: يَأْتِي الشَّيْطَانُ أَحَدَكُمْ وَهُوَ فِي صَلَاتِهِ فَيَلْبِسُ عَلَيْهِ، حَتَّى لَا يَدْرِي كَمْ صَلَّى، فَمَنْ وَجَدَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان تمہاری نماز کے دوران بھی آ جاتا ہے، وہ اس پر ملا دیتا ہے وہ نہیں جانتا کہ کتنی نماز پڑھی ہے جو یہ صورت حال پائے وہ دو سجدے کرے بیٹھنے کی حالت میں۔

5933 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا أَذِنَ اللّٰهُ لِشَيْءٍ مَا أَذِنَ لِنَبِيٍّ يَتَغَنَّى بِالْقُرْآنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل کسی شے کی اجازت نہیں جتنی اپنے نبی کو دیتا ہے کہ قرآن اچھی آواز میں پڑھے۔

5934 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رِوَايَةً: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا، غُفِرَ لَهُ مَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے کہ جس نے حالتِ ایمان اور خلوصِ نیت سے رمضان شریف کے روزے رکھے تو اس کے پہلے گناہ معاف کر دیئے جائیں

5931- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1108** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **2** صفحه **240** قال: حدثنا سفيان . والبخارى جلد **7** صفحه **207** قال: حدثنا الحميدى . قال: حدثنا سفيان .

5932- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **83** . والحميدى رقم الحديث: **947** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد **2** صفحه **241** قال: حدثنا سفيان .

5933- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **949** قال: حدثنا سفيان . قال: سمعت الزهرى . وأحمد جلد **2** صفحه **271** قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: حدثنا معمر' عن الزهرى .

5934- الحديث سبق برقم: **5904** فراجعه .

تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

اور جس نے ایمان اور خلوصِ نیت کے ساتھ شبِ قدر میں قیام کیا تو اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

5935 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رِوَايَةً: إِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ مِنْ نَوْمِهِ فَلَا يَغْمِسْ يَدَهُ فِي إِنَائِهِ، حَتَّى يَغْسِلَهَا ثَلَاثًا، فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي حَيْثُ بَاتَتْ يَدُ أَحَدِكُمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: جب تم میں سے کوئی ایک اپنی نیند سے جاگے تو اپنے برتن میں ہاتھ نہ ڈالے حتیٰ کہ تین بار ان کو دھولے کیونکہ اسے معلوم نہیں کہ اس کے ہاتھ نے رات کہاں گزاری ہے۔

5936 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رِوَايَةً: مَنْ أَدْرَكَ مِنْ صَلَاةٍ رَكْعَةً فَقَدْ أَدْرَكَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک رکعت پالی نماز کی اس نے پوری نماز پالی۔

5937 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ عَلَيْكُمْ بِالْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ، فَإِنَّ فِيهَا شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ إِلَّا السَّامَ وَالسَّامُ الْمَوْتُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پر سیاہ دانہ (زیرہ سیاہ) لازم ہے کیونکہ اس میں ہر بیماری سے شفا ہے مگر موت؛ یعنی سام کا معنی موت ہے۔

5938 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْتِي عَلَى أَحَدِكُمْ، حَتَّى لَا يَدْرِي كَمْ صَلَّى فَإِذَا فَعَلَ ذَلِكَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک شیطان تم میں سے کسی ایک کے پاس آتا ہے حتیٰ کہ وہ آدمی اندازہ نہیں کرسکتا ہے کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی؛ پس جب کوئی ایسا کر بیٹھے تو اسے چاہیے کہ وہ دو سجدے کرے اس حال میں کہ وہ بیٹھا ہو۔

5935- الحديث سبق برقم: 5837 فراجعه .

5936- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه 33 . والحميدى رقم الحديث: 946 قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد 2 صفحه 241 قال: حدثنا سفيان .

5937- الحديث سبق برقم: 5892 فراجعه .

5938- الحديث سبق برقم: 5932 فراجعه .

فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

5939 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُونُ فِتَنٌ كَرِيَاحِ الصَّيْفِ الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، مَنِ اسْتَشْرَفَ لَهَا اسْتَشْرَفَتْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب فتنہ ہوں گے گرمیوں کی آندھی کی طرح۔ اس صورت میں بیٹھا ہوا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا۔ کھڑے ہونے والے چلنے والے سے بہتر ہوں گے جو اس میں پڑ گیا وہ ہلاک ہوگیا۔

5940 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الصَّلَاةِ فَقَدْ أَدْرَكَ الصَّلَاةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے نماز کی ایک رکعت پالی اُس نے پوری نماز پالی۔

5941 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ الْأَوْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةً فَقَدْ أَدْرَكَهَا كُلَّهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک رکعت پالی اُس نے پوری نماز پالی۔

5942 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُوَيْسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، وَأَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَاهُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، حَدَّثَهُمَا: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَى لَهُمُ النَّجَاشِيَّ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کو نجاشی کی موت کی خبر دی' اسی دن جس دن وہ فوت ہوا اور فرمایا: اپنے بھائی کیلئے استغفار کرو۔

5939- أخرجه البخارى جلد **4** صفحه **241** قال: حدثنا عبد العزيز الأويسى . ومسلم جلد **8** صفحه **168** قال: حدثنى عمرو الناقد والحسن الحلوانى وعبد بن حُميد .

5940- الحديث سبق برقم: **5936** فراجعه .

5941- الحديث سبق برقم: **5940,5936** فراجعه .

5942- الحديث سبق برقم: **5930** فراجعه .

فَقَالَ: اسْتَغْفِرُوا لِأَخِيكُمْ

5943 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُرَغِّبُ فِي قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ عَزِيمَةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان المبارک کی تراویح میں کھڑا ہونے کی ترغیب دیتے تھے قسم نہیں دیتے تھے یا لیتے تھے۔

5944 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنَاجَشُوا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دھوکہ نہ کرو۔

5945 - حَدَّثَنَا الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ يَعْنِي الرَّازِيَّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مَوْلُودٍ يُولَدُ إِلَّا مَسَّهُ الشَّيْطَانُ فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ مَسِّ الشَّيْطَانِ إِيَّاهُ إِلَّا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ فَإِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: (أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ) (آل عمران: 36)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بچہ بھی پیدا ہوتا ہے اس کو شیطان مس کرتا ہے، وہ شیطان کے مس کرنے کی وجہ سے چیختا ہے۔ مگر عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام اور ان کی والدہ اس سے مستثنیٰ ہیں بے شک اللہ فرماتا ہے: ''میں اس کو اور اس کی اولاد کو اللہ کی پناہ میں دیتی ہوں شیطان مردود سے''۔

5946 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ: أُرِيتُهَا، ثُمَّ أُنْسِيتُهَا وَعَسَى أَنْ يَكُونَ خَيْرًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ لیلۃ القدر کے متعلق؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے دکھائی گئی تھی پھر بھلا دی گئی تھی قریب ہے کہ

5943- الحديث سبق برقم: **5904** فراجعه .

5944- الحديث سبق برقم: **5861** فراجعه .

5945- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **233** قال: حدثنا عبد الأعلىٰ عن معمر . وفي جلد **2** صفحه **274** قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: حدثنا معمر .

5946- أخرجه الدارمي رقم الحديث: **1789** قال: أخبرنا عبد اللّٰه بن صالح . قال: حدثني الليث . قال: حدثني يونس . ومسلم جلد **3** صفحه **170** قال: حدثنا أبو الطاهر وحرملة بن يحيىٰ . قالا: أخبرنا ابن وهب .

لَهُمْ، وَلَكِنِ اطْلُبُوهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ

تمہارے لیے بہتر ہو لیکن اس کو تلاش کرو، رمضان کے آخری عشرہ میں۔

5947 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اللَّيْثِيِّ، حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ مِنْ نَوْمِهِ، فَلْيُفْرِغْ عَلَى يَدَيْهِ مِنْ إِنَائِهِ، فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي أَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ . فَقَالَ قَيْنٌ الْأَشْجَعِيُّ: كَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِهْرَاسَكُمْ هَذَا؟ قَالَ: أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ شَرِّكَ يَا قَيْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی نیند سے اٹھے، اپنے ہاتھ پر تین مرتبہ پانی ڈالے۔ برتن میں داخل کرنے سے پہلے وہ نہیں جانتا کہ اس کے ہاتھ نے رات گزاری ہے۔ حضرت قین اشجعی فرماتے ہیں: جب ہم اپنے بستروں سے اُٹھیں تو کیا پڑھیں؟ فرمایا: ''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اِلٰی آخرہٖ''۔

5948 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي قُرَّةُ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ أَحَبِّ عِبَادِي إِلَيَّ أَعْجَلُهُمْ فِطْرًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے محبوب ترین چیز میرے بندوں سے یہ ہے کہ جلدی روزہ کھولنا۔

5949 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ أَبِي الْجَنُوبِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ الْفَجْرِ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر سے پہلے قرأت کی پھر چھ رکعتیں پڑھیں ہر رکعت میں دائیں بائیں متوجہ ہوئے، ہم نے گمان کیا ہر ہفتہ کے لیے دو رکعتیں ہوں گی اور آپ نے سلام نہیں

5947- الحديث سبق برقم: **5935,5837** فراجعه .

5948- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **237** قال: حدثنا الوليد . وفي جلد **2** صفحه **329** قال: حدثنا أبو عاصم . والترمذي رقم الحديث: **700** قال: حدثنا اسحاق بن موسى الأنصاري .

5949- الحديث في المقصد العلي برقم: **588** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **246** وقال: رواه أبو يعلى وفيه عبد السلام بن أبي الجنوب وهو متروك .

ثُمَّ قَرَأَ سِتَّ رَكَعَاتٍ يَلْتَفِتُ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ يَمِيناً وَشِمَالًا، فَظَنَنَّا أَنَّهُ لِكُلِّ سُبُوعٍ رَكْعَتَيْنِ وَلَمْ يُسَلِّمْ

کیا۔

5950 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَهْبِطُ الدَّجَّالُ خُوزَ وَكَرْمَانَ فِي ثَمَانِينَ أَلْفًا يَنْتَعِلُونَ الشَّعْرَ، وَيَلْبَسُونَ الطَّيَالِسَةَ كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال خوز اور کرمان میں اترے گا، اسّی ہزار لوگوں کے ساتھ جو بالوں کی جوتی پہنیں گے' بڑی شال پہنیں گے اور ان کے چہرے ایسے ہوں گے انگور پھٹے ہوئے کی طرح۔

5951 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ، وَلَا بِالنَّصَارَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑھاپے (سفید بالوں) کو بدلو اور یہود و نصاریٰ کی مشابہت اختیار نہ کرو۔

5952 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: تَفَرَّقَتِ الْيَهُودُ عَلَى إِحْدَى وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، وَتَفَرَّقَتِ النَّصَارَى عَلَى إِحْدَى - أَوْ ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً- قَالَ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ: إِحْدَى وَسَبْعِينَ وَالْأُخْرَى: ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ- وَتَفْتَرِقُ أُمَّتِي عَلَى ثَلَاثٍ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو يَشُكُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہودی اکہتر فرقوں میں بٹ جائیں گے اور عیسائی اکہتر یا بہتّر فرقوں میں۔ ایک گروہ نے کہا: اکہتر' دوسرے نے کہا: بہتر' اور میری اُمت تہتّر فرقوں میں تقسیم ہوگی۔ محمد بن عمرو کو شک ہے۔

5953 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

5950- الحديث في المقصد العلى برقم: **1871** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **345** وقال: رواه أحمد' وأبو يعلى' ورجالهما ثقات' الا أن ابن اسحاق مدلس' ورواه البزار أتم .

5951- الحديث سبق برقم: **5931** فراجعه .

5952- الحديث سبق برقم: **5884** فراجعه .

5953- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **261** قال: حدثنا يعلى ويزيد . وفي جلد **2** صفحه **498** قال: حدثنا يزيد .

اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَرَّتْ بِهِ جَنَازَةٌ فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْـرًا فِـي مَـنَـاقِبِ الْخَيْرِ، قَالَ: فَقَالَ: وَجَبَتْ ثُمَّ مَـرَّتْ بِهِ أُخْرَى، فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا شَرًّا فِي مَنَاقِبِ الشَّرِّ فَقَالَ: وَجَبَتْ ثُمَّ قَالَ: أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ

کے پاس سے جنازہ گزرا۔صحابہ کرام نے اس کی تعریف کی بہتری۔آپ ﷺ نے فرمایا: واجب ہوگئی، پھر دوسرا جنازہ گزار، صحابہ کرام نے اس کی برائی بیان کی، حضور ﷺ نے فرمایا: واجب ہوگئی۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو۔

5954 - وَعَـنْ أَبِـي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: غِـفَارُ وَأَسْلَمُ وَمُزَيْنَةُ وَمَنْ كَانَ مِنْ جُهَيْنَةَ خَيْرٌ مِنَ الْحَلِيفَيْنِ: غَطَفَانَ وَأَسَدٍ. وَهَوَازِنُ وَتَمِيمٌ وَدُونَهُمْ، فَإِنَّهُمْ أَهْلُ الْخَيْلِ وَالْوَبَرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: قبیلہ غفار، مزینہ جو بھی جہینہ سے ہے وہ حلیفین سے بہتر ہے غطفان' اسد' ھوازن وتمیم ان سے کم بہتر ہیں وہ گھوڑوں والے اور دیہاتی ہیں۔

5955 - وَعَـنْ أَبِـي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اخْتَتَنَ إِبْرَاهِيمُ عَلَى رَأْسِ ثَمَانِينَ سَنَةً، وَاخْتَتَنَ بِالْقَدُومِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ابراہیم علیہ السلام نے اسّی سال کی عمر میں ختنہ کروایا قدوم (بال تراشنے کا آلہ) کے ساتھ ختنہ کروایا۔

5956 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ، حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ أَبِي الْجَنُوبِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَقُّ الْجِوَارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پڑوسیوں کا حق چالیس گھر پر ہوتا ہے۔ اس طرح، اس طرح، اس طرح اور اس طرح، دائیں و بائیں آگے اور پیچھے۔

وفي جلد 2 صفحه 528 قال: حدثنا محمد بن عبيد . وابن ماجة رقم الحديث: 1492 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة . قال: حدثنا على بن مسهر .

5954- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 450 قال: حدثنا يزيد . قال: أخبرنا محمد بن عمرو . وفي جلد 2 صفحه 468 قال: حدثنا محمد بن جعفر . قال: حدثنا شعبة .

5955- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 322 قال: حدثنا على بن حفص . قال: أخبرنا ورقاء . وفي جلد 2 صفحه 417 قال: حدثنا قتيبة . قال: حدثنا المغيرة بن عبد الرحمٰن القرشي .

5956- الحديث في المقصد العلي برقم: 1009 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 168 وقال: رواه أبو يعلى عن شيخه محمد بن جامع العطار، وهو ضعيف .

أَرْبَعُونَ دَارًا هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، يَمِينًا وَشِمَالًا، وَقُدَّامًا وَخَلْفًا

5957 - حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَاتِمٍ، بَغْدَادِيٌّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: دَخَلَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَرَآهُ يُقَبِّلُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ، فَقَالَ: أَتُقَبِّلُهُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ عُيَيْنَةُ: وَإِنَّ لِي عَشَرَةً فَمَا قَبَّلْتُ أَحَدًا مِنْهُمْ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمْ لَا يُرْحَمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عیینہ بن حصن، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما کا بوسہ لے رہے تھے۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے ان کا بوسہ لے رہے ہیں حالانکہ میرے دس بیٹے ہیں۔ میں ان میں سے کسی کو نہیں چومتا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا ہے۔

5958 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: أُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَارِبٍ فَقَالَ: اضْرِبُوهُ فَمِنَّا الضَّارِبُ بِثَوْبِهِ، وَمِنَّا الضَّارِبُ بِنَعْلِهِ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: أَخْزَاكَ اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُولُوا هٰكَذَا، وَلَا تُعِينُوا الشَّيْطَانَ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شرابی لایا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو مارو۔ ہم میں سے کسی نے اپنے کپڑے سے، کسی نے جوتی کے ساتھ مارا۔ بعض صحابہ کرام کہنے لگے، اللہ اس کو ذلیل کرے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس طرح نہ کہو، شیطان کی اس پر مدد نہ کرو۔

5959 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: رَأَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا، حال یہ تھا کہ مؤذن اقامت کہہ رہا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہا:

5957- الحديث سبق برقم: 5866 فراجعه .

5958- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 299 قال: حدثنا أنس بن عياض . والبخارى جلد 8 صفحه 196 قال: حدثنا قتيبة . قال: حدثنا أبو ضمرة أنس .

5959- أخرجه أبو يعلى فى معجمه برقم: 59 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُصَلِّي وَالْمُؤَذِّنُ يُقِيمُ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصَلَاتَانِ مَعًا؟

کیا دونمازیں ایک ساتھ؟

5960 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَشَلْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتِفًا مِنْ قَدْرِ الْعَبَّاسِ فَأَكَلَهَا وَقَامَ يُصَلِّي وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی ہانڈی سے کندھوں کے درمیان کی ہڈی نکالی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کھایا۔ کھڑے ہوئے نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

5961 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَقَعَ عَلَى بَهِيمَةٍ فَاقْتُلُوهُ وَاقْتُلُوهَا مَعَهُ قَالَ أَبُو يَعْلَى: ثُمَّ بَلَغَنِي أَنَّهُ رَجَعَ عَنْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی جانور سے بدفعلی کرے اس کو قتل کر دو اور جانور کو بھی اس کے ساتھ ہی مار دو۔ امام ابویعلیٰ فرماتے ہیں: مجھے خبر پہنچی ہے کہ اس سے رجوع کر لیا گیا۔

5962 - حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مِرْدَاسٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَيُونُسَ، وَمَالِكٍ، وَالْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةً فَقَدْ أَدْرَكَهَا قَالَ مَعْمَرٌ: قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَنَرَى أَنَّ الْجُمُعَةَ مِنَ الصَّلَاةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے نماز میں سے ایک رکعت (جماعت کے ساتھ) پالی پس اس نے ساری نماز (جماعت کے ساتھ پڑھنے) کا ثواب پالیا۔ حضرت معمر فرماتے ہیں: حضرت امام زہری نے فرمایا: پس ہماری نظر میں جمعہ بھی نماز ہے۔

5963 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

5960- الحديث في المقصد العلي برقم: 154 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 251 .

5961- الحديث في المقصد العلي برقم: 839 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 273 وقال: رواه أبو يعلى، وفيه محمد بن عمرو بن علقمة، وحديثه حسن، وبقية رجاله ثقات .

5962- الحديث سبق برقم: 5941,5940,5936 .

5963- الحديث سبق برقم: 5920 فراجعه .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَلْبُ الْكَبِيرِ شَابٌ عَلَى حُبِّ اثْنَتَيْنِ: حُبِّ الْحَيَاةِ وَحُبِّ الْمَالِ قَالَ ابْنُ عَرَفَةَ: فَأَنَا وَاحِدٌ مِنْهُمْ

کریم ﷺ نے فرمایا: بڑی عمر کے آدمی کا دل' دو چیزوں کی محبت پر جوان ہوتا ہے: (۱) زندگی کی محبت (۲) مال کی محبت۔ حضرت ابن عرفہ کا قول ہے: پس میں ان میں سے ایک ہوں۔

5964 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْمَارُ أُمَّتِي مَا بَيْنَ السِّتِّينَ إِلَى السَّبْعِينَ، وَأَقَلُّهُمْ مَنْ يَجُوزُ ذَلِكَ قَالَ ابْنُ عَرَفَةَ: وَأَنَا مِنَ الْأَقَلِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری امت کی عمریں ساٹھ سے ستر سال تک ہوں گے۔ بہت کم اس سے اوپر جائیں گے۔ ابن عرفہ فرماتے ہیں میں ان کم میں سے ہوں۔

5965 - حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَرَادَ أَهْلَ الْمَدِينَةِ بِشَرٍّ أَذَابَهُ اللّٰهُ، كَمَا يَذُوبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اہل مدینہ سے لڑائی کا ارادہ کیا اللہ عزوجل اس کو پگھلا دے گا جس طرح پانی کے اندر نمک ہو جاتا ہے۔

5966 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْحَلَبِيُّ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ،

حضرت ابوسلمہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ تکبیر کہتے ہوئے دیکھا' جو آپ دیکھ رہے ہیں' پس میں نے ان سے عرض کی: اے ابوہریرہ!

5964- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **4236** . والترمذي رقم الحديث: **3550** . وأخرجه الترمذي رقم الحديث: **2331** قال: حدثنا ابراهيم بن سعيد الجوهري' قال: حدثنا محمد بن ربيعة' عن كامل أبي العلاء' عن أبي صالح' فذكره .

5965- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3114** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة . قال: حدثنا عبدة بن سليمان' عن محمد بن عمرو' عن أبي سلمة' فذكره .

5966- الحديث سبق برقم: **5923** فراجعه .

قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يُكَبِّرُ هَذَا التَّكْبِيرَ الَّذِي تَرَى. فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ مَا هَذَا التَّكْبِيرُ؟ فَقَالَ: إِنَّهَا لَصَلَاةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ تکبیر کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: یہ رسول خدا ﷺ کی نماز ہے۔

5967 - وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا نَادَى الْمُنَادِي أَدْبَرَ الشَّيْطَانُ وَلَهُ ضُرَاطٌ، فَإِذَا قَضَى أَقْبَلَ، فَإِذَا ثُوِّبَ أَدْبَرَ، وَإِذَا قَضَى أَقْبَلَ، حَتَّى يَخْطُرَ بَيْنَ الرَّجُلِ وَبَيْنَ نَفْسِهِ فَيَقُولُ: اذْكُرْ كَذَا وَكَذَا مَا لَمْ يَذْكُرْ حَتَّى لَا يَدْرِي أَثَلَاثًا صَلَّى أَمْ أَرْبَعًا، فَإِذَا لَمْ يَدْرِ أَحَدُكُمْ أَثَلَاثًا صَلَّى أَمْ أَرْبَعًا فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب مؤذن اذان دیتا ہے تو شیطان پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتا ہے اس حال میں کہ وہ گوز کر رہا ہوتا ہے پس جب اذان ہو جاتی ہے تو واپس لوٹ آتا ہے پس جب پھر تثویب ہوتی تو پھر بھاگتا ہے جب وہ ختم ہو جاتی ہے تو لوٹ آتا ہے یہاں تک کہ بندے اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے۔ پس اسے کہتا ہے: وہ بات یاد کر اور فلاں بات یاد کر جو اسے یاد نہیں ہوتی حتیٰ کہ وہ نہیں جانتا کہ اس نے تین پڑھی ہیں یا چار پس جب آدمی کو معلوم نہ ہو کہ اس نے تین یا چار پڑھی ہیں تو اسے چاہیے کہ بیٹھ کر دو سجدے کرے۔

5968 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُعَجِّلُ إِلَى الْجُمُعَةِ كَالْمُهْدِي بَدَنَةً وَالَّذِي يَلِيهِ كَالْمُهْدِي شَاةً وَالَّذِي يَلِيهِ كَالْمُهْدِي طَيْرًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جمعہ کی طرف جلدی آنے والے کو اونٹ کی قربانی کرنے کا ثواب ملتا ہے۔ جو اس کے بعد آئے گا اس کو بکری کا ثواب ملے گا اور اس کے بعد جو آئے گا اس کو پرندہ صدقہ کرنے کا ثواب ملے گا۔

5967- الحديث سبق برقم: **5938,5932** فراجعه .

5968- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **263** قال: حدثنا أبو كامل . قال: حدثنا ابراهيم . وفي جلد **2** صفحه **264** قال: حدثناه يونس (يعني عن ابراهيم بن سعد) .

5969 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ فِي صَلَاةِ الْعَتَمَةِ - بَعْدَمَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ - شَهْرًا فِي قُنُوتِهِ: اللّٰهُمَّ نَجِّ الْوَلِيدَ بْنَ الْوَلِيدِ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ سَلَمَةَ بْنِ هِشَامٍ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ عَيَّاشَ بْنَ أَبِي رَبِيعَةَ، اللّٰهُمَّ أَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ، اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْأَتَكَ عَلَى مُضَرَ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ سِنِينَ كَسِنِي يُوسُفَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز میں بعد اس کے کہ آپ نے سمع اللہ لمن حمدہ پڑھا' قنوتِ نازلہ (غیروں کے خلاف دعا) ایک پورا مہینہ پڑھی۔ اے اللہ! ولید بن ہشام کو نجات دے! اے اللہ! سلمہ بن ہشام کو نجات دے! اے اللہ! عیاش بن ربیعہ کو نجات دے! اے اللہ! کمزور مسلمانوں کو نجات دے! اے اللہ! بنومضر قبیلے کو روند ڈال' اے اللہ! ان پر کئی سال اس طرح بنا دے جس طرح یوسف علیہ السلام کے سال۔

5970 - وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَسْجُدُ فِي (إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ) (الانشقاق: 1) فَقُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ أَرَاكَ تَسْجُدُ فِي (إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ) (الانشقاق: 1) قَالَ: لَوْ لَمْ أَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ فِيهَا مَا سَجَدْتُ

حضرت ابوسلمہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو ''اذا السماء انشقت'' میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا۔ میں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! میں نے ''اذا السماء انشقت'' میں آپ کو سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے' آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کرتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو کبھی سجدہ نہ کرتا۔

5971 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی نے رمضان المبارک کے روزے حالت ایمان و اخلاص میں رکھے' اس کے پہلے گناہ بخش دیئے جائیں گے اور جس نے شبِ قدر میں حالتِ ایمان میں اور خلوصِ نیت سے قیام کیا' اس کے پہلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

5969- الحديث سبق برقم: 5847 فراجعه .

5970- الحديث سبق برقم: 5924 فراجعه .

5971- الحديث سبق برقم: 5934,5904 فراجعه .

5972 - وَعَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ يَغَارُ، وَالْمُؤْمِنُ يَغَارُ، وَغَيْرَةُ اللَّهِ أَنْ يَأْتِيَ الْعَبْدُ مَا حَرَّمَ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ غیرت کرتا ہے مومن بھی غیرت کرتا ہے۔ اللہ کی غیرت یہ ہے کہ بندہ وہ نہ کرے جس کو اللہ نے حرام کیا ہے۔

5973 - وَعَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ رَمَضَانَ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ، إِلَّا رَجُلٌ كَانَ يَصُومُ صِيَامًا فَلْيَصُمْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کہا: رمضان سے ایک دن یا دو دن پہلے روزہ نہ رکھو' مگر وہ آدمی جو روزہ رکھتا تھا اس کو چاہیے کہ وہ روزہ رکھے۔

5974 - وَعَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ، حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ نَبِيٍّ وَلَا وَالٍ إِلَّا وَلَهُ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَاهُ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَبِطَانَةٌ لَا تَأْلُوهُ خَبَالًا، فَمَنْ وُقِيَ شَرَّهَا فَقَدْ وُقِيَ، وَهُوَ مِنَ الَّتِي تَغْلِبُ عَلَيْهِ مِنْهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہر نبی اور حکمران کیلئے دو چھپی صلاحیتیں ہوتی ہیں: ایک اُسے نیکی کا حکم دیتی اور بُرائی سے روکتی ہے اور دوسری (اسے گمراہ کرنے میں) کوئی کسر نہیں اُٹھا رکھے گی' پس جس کو اس کے شر سے بچایا گیا وہی محفوظ رہا اور ان میں سے ہر ایک اس پر غالب آنے کی کوشش کرتی ہے۔

5975 - وَعَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک یہودی اور عیسائی نہیں رنگتے ہیں' تم ان کی مخالفت کرو۔

5972- أخرجه أحمد جلد 2صفحه536,343 قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا أبان العطار . وفي جلد2صفحه519 قال: حدثنا سليمان' قال: حدثنا حرب وأبان .

5973- أخرجه أحمد جلد2صفحه234 قال: حدثنا عمرو بن الهيثم . قال: حدثنا هشام . وفي جلد 2صفحه281 قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: حدثنامعمر .

5974- الحديث سبق برقم: 5875 فراجعه .

5975- الحديث سبق برقم: 5931 فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى لَا تَصْبُغْ فَخَالِفُوهُمْ

5976 - وَعَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو كَثِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ: النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شراب ان دو درختوں سے ہے کھجور اور انگور۔

5977 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، وَأَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى لَا يَصْبُغُونَ فَخَالِفُوهُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود و نصاریٰ نہیں رنگتے (بالوں کو) ان کی مخالفت کرو۔

5978 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمٍ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عُقَيْلِ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ قُمَامَةً، وَقُمَامَةُ الْمَسْجِدِ لَا وَاللّٰهِ وَبَلَى وَاللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے کا کوڑا کرکٹ ہے مسجد کا کوڑا کرکٹ نہیں ہے، قسم بخدا! اور کیوں نہیں! قسم بخدا! (نہیں ہے)۔

5979 - حَدَّثَنَا أَبُو إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

5976- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 279 قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: حدثنا معمر، عن يحيٰى بن أبى كثير . وفى جلد 2 صفحه 408 قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا أبان العطار . قال: حدثنا يحيٰى بن أبى كثير .

5977- الحديث سبق برقم: 5931 فراجعه .

5978- الحديث فى المقصد العلى برقم: 236 . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 24 وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط، وأبو يعلٰى وفيه: رشدين بن سعد وفيه كلام وقد وثقه بعضهم .

5979- الحديث فى المقصد العلى برقم: 437 . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 13 وقال: رواه أبو يعلٰى واسناده حسن .

حَدَّثَنَا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّمَا نَائِحَةٍ مَاتَتْ قَبْلَ أَنْ تَتُوبَ، أَلْبَسَهَا اللَّهُ سِرْبَالًا مِنْ قَطِرَانٍ وَأَقَامَهَا لِلنَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

سے میں نے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی نوحہ کرنے والی مر جائے توبہ کرنے سے پہلے اس کو اللہ عزوجل قیامت کے دن تارکول کا لباس پہنائے گا اور اس کو لوگوں کے لیے کھڑا کردے گا قیامت کے دن۔

5980 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقِ بْنِ أَسْمَاءَ، حَدَّثَنَا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَهُوَ كَمَا قَالَ، إِنْ قَالَ: إِنِّي يَهُودِيٌّ فَهُوَ يَهُودِيٌّ وَإِنْ قَالَ: إِنِّي نَصْرَانِيٌّ فَهُوَ نَصْرَانِيٌّ، وَإِنْ قَالَ: إِنِّي مَجُوسِيٌّ فَهُوَ مَجُوسِيٌّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس نے قسم اٹھائی وہ ایسے ہی ہوگا جیسے اس نے کہا' اگر اس نے کہا: میں یہودی ہوں تو وہ یہودی ہے۔ اگر اس نے کہا: میں نصرانی ہوں وہ نصرانی ہے اگر اس نے کہا میں مجوسی ہوں وہ مجوسی ہے۔

5981 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، وَأَبُو بَكْرِ بْنُ زَنْجَوَيْهِ قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ الْحَارِثِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيمٌ، وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيمٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مومن بھولا بھالا' دھوکہ کھانے والا ہوتا ہے، فاجر تیز طرار کمینہ ہوتا ہے۔

5982 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ، حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

5980- الحديث في المقصد العلي برقم: 813 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه177 وقال: رواه أبو 'يعلى' وفيه: عبيس بن ميمون وهو متروك .

5981- أخرجه البخاري في الأدب المفرد رقم الحديث: 418 قال: حدثنا أحمد بن الحجاج . قال: حدثنا حاتم ابن اسماعيل . وأبو داؤد رقم الحديث: 4790 قال: حدثنا محمد بن المتوكل العسقلاني .

5982- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد1صفحه43 . والطحاوي في مشكل الآثار جلد4صفحه202 من طريق

عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ فُرَافِصَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيمٌ، وَالْفَاجِرُ خَبٌّ لَئِيمٌ

نے فرمایا: مومن بھولا بھالا ہوتا ہے، فاجر تیز طرار کمینہ ہوتا ہے۔

5983 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِيُّ، وَسَعِيدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي الصَّلَاةِ عَلَى الْجَنَازَةِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا، اللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ، اللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نمازِ جنازہ میں اکثر یہ دعا مانگتے تھے: ''اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا الٰی آخرہٖ''۔

5984 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ يَعْنِي أَبَا حَاتِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي صَاحِبٌ لِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا صَلَّى عَلَى الْمَيِّتِ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا، وَذَكَرِنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب میت پر نماز پڑھتے تو یہ دعا کرتے: ''اللّٰهم اغفر لحينا وميتنا الٰی آخرہٖ''۔

أحمد ابن جناب بهذا السند .

5983- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**368** قال: حدثنا خلف بن الوليد . قال: حدثنا أيوب بن عتبة' عن يحيٰى ابن أبي كثير . وأبو داؤد رقم الحديث: **3201** قال: حدثنا موسٰى بن مروان الرقي' قال: حدثنا شعيب' يعني ابن اسحاق' عن الأوزاعي' عن يحيٰى بن أبي كثير .

5984- الحديث سبق برقم: **5983** فراجعه .

وَأُنْثَانَا، مَنْ أَبْقَيْتَهُ مِنَّا فَأَبْقِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ

5985 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَامِرٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قِيلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْيَهُودَ تَقُولُ: إِنَّ الْعَزْلَ هُوَ الْمَوْءُودَةُ الصُّغْرَى. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبَتْ يَهُودُ كَذَبَتْ يَهُودُ، لَوْ أَرَادَ اللَّهُ خَلْقَهَا لَمْ يَسْتَطِعْ عَزْلَهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی گئی کہ یہود کہتے ہیں عزل چھوٹا زندہ درگور کرنا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود نے جھوٹ بولا ہے۔ اگر اللہ نے اس کے پیدا کرنے کا ارادہ کرلیا ہے تو اس کو کوئی نہیں روک سکتا۔

5986 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خِدَاشٍ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ، فِي جَسَدِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ، حَتَّى يَلْقَى اللَّهَ وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيئَةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کو مسلسل آزمائش آتی رہتی ہیں۔ اس کے جسم اس کی اولاد میں یہاں تک کہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

5987 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شوہر دیدہ کا نکاح بغیر اجازت کے نہ کیا جائے۔ کنواری عورت اکا نکاح نہ کیا جائے یہاں تک کہ اس سے اجازت لی جائے اس کی اجازت خاموشی

5985- اخرجه النسائی فی الکبریٰ (جلد 11صفحه82تحفة) . والبزار جلد2صفحه172,171 من طریق اسماعیل بن مسعود، حدثنا المعتمر بهذا السند .

5986- الحدیث سبق برقم:5886 فراجعه .

5987- أخرجه أحمد جلد 2صفحه229 قال: حدثنا هشیم، عن عمر بن أبی سلمة . وأ خرجه الدارمی رقم الحدیث:2192 قال: أخبرنا أبو المغیرة . قال: حدثنا الأوزاعی .

وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُنْكَحُ الثَّيِّبُ، حَتَّى تُسْتَأْذَنَ وَلَا تُنْكَحُ الْبِكْرُ، حَتَّى تُسْتَأْمَرَ وَإِذْنُهَا السُّكُوتُ

ہے۔

5988 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الرُّومِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَيْرُ مَعْقُودٌ بِنَوَاصِي الْخَيْلِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَثَلُ الْمُنْفِقِ عَلَيْهَا كَالْمُتَكَفِّفِ بِالصَّدَقَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں قیامت تک بھلائی اللہ نے لکھ دی ہے۔ اس پر خرچ کرنے والا ایسے ہے جس طرح ہمیشہ صدقہ کرنے والا ہے۔

5989 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَصْدَقُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَتْ بِهَا الْعَرَبُ قَوْلُ لَبِيدٍ:

أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللَّهَ بَاطِلٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے سچ کلمہ جولبید کا قول ہے: خبردار! ہر شی جو اللہ کے علاوہ ہے وہ باطل ہے۔

5990 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَزَلَ الْقُرْآنُ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، وَالْمِرَاءُ فِي الْقُرْآنِ كُفْرٌ - ثَلَاثًا مَا عَرَفْتُمْ مِنْهُ فَاعْمَلُوا، وَمَا جَهِلْتُمْ مِنْهُ فَرُدُّوهُ إِلَى عَالِمِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن سات قرأتوں پر نازل ہوا ہے۔ قرآن میں جھگڑنا کفر ہے، جس کو تم پہچانتے ہو اس پر عمل کرو جس کو تم نہیں جانتے اس کو علماء کی طرف لوٹا دو۔

5988- الحديث في المقصد العلي برقم: **937** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **259** وقال: هو في الصحيح باختصار: صدقة النفقة' رواه أبو يعلى' والطبراني في الأوسط' ورجاله رجال الصحيح .

5989- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1053** قال: حدثنا سفيان' قال: حدثنا زائدة بن قدامة . وأحمد جلد **2** صفحه **248** قال: حدثنا سفيان' عن زائدة .

5990- أخرجه ابن حبان رقم الحديث: **74** من طريق أبي يعلى . وأخرجه أحمد جلد **2** صفحه **300** . والطبرى في التفسير جلد **1** صفحه **11** . والخطيب في التاريخ جلد **11** صفحه **26** من طريق أنس بن عياض بهذا السند .

5991 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ، أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّهُ سَمِعَ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيَّ، يَسْتَشْهِدُ أَبَا هُرَيْرَةَ أَنْشُدُكَ اللَّهَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا حَسَّانُ أَجِبْ عَنْ رَسُولِ اللهِ، اللَّهُمَّ أَيِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: نَعَمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے۔ وہ مسجد میں اشعار پڑھ رہے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کو منع کیا۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ رضی اللہ عنہ سے بہتر کے سامنے مسجد میں اشعار پڑھتا تھا۔ پھر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا: میں اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا آپ رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنا اے حسان! میری طرف سے ان کو جواب دیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: اے اللہ! تو اس کی مدد فرما روح اقدس کے ساتھ۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں۔

5992 - حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ الْجِيزِيُّ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُسْلِمِينَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ بِخَمْسِ مِائَةِ سَنَةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فقیر لوگ جنت میں مال داروں سے پانچ سو سال پہلے داخل ہوں گے۔

5993 - حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ الْجِيزِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بالغ لڑکی سے اس کے نکاح کے

5991- الحديث سبق برقم: **5859** فراجعه .

5992- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**451,296** قال: حدثنا يزيد . وفي جلد **2**صفحه**343** قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا حماد بن سلمة . وابن ماجة رقم الحديث: **4122** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة' قال: حدثنا محمد بن بشر . والترمذي رقم الحديث: **2353** قال: حدثنا محمود بن غيلان' قال: حدثنا قبيصة' قال: حدثنا سفيان .

5993- أخرجه أحمد جلد **2**صفحه**259** قال: حدثنا عبد الواحد . وفي جلد**2**صفحه**384** قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا حماد بن سلمة . وفي جلد**2**صفحه**475** قال: حدثنا يحيىٰ .

عَـمْـرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُـولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُسْتَأْمَرُ الْيَتِيمَةُ فِي نَفْسِهَا، فَإِذَا أَمْسَكَتْ فَهُوَ رِضَاهَا

حوالے سے مشورہ کیا جائے جب وہ بول کر رائے دینے سے رُک جائے تو یہی اس کی رضا ہے۔

5994 - حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الْأَعْـلَـى بْنُ حَمَّادٍ، حَـدَّثَـنَـا حَـمَّـادٌ، عَـنْ مُـحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَـلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَثَابِتٌ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِـي هُـرَيْـرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِـلـصَّـائِـمِ فَـرْحَـتَـانِ: فَـرْحَةٌ فِي الدُّنْيَا عَنْدَ إِفْطَارِهِ، وَفَرْحَةٌ فِي الْآخِرَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ رکھنے والے کے لیے دوخوشخبریاں ہیں: ایک دنیا میں افطار کرتے وقت اور دوسری آخرت میں خوشی (اللہ سے ملاقات کے وقت)۔

5995 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، أَخُو حَـجَّاجٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَـنْ أَبِيـهِ، عَـنْ أَبِـي هُـرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑھاپے کو بدلو لیکن یہودیوں کی مشابہت اختیار نہ کرو۔

5996 - حَـدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَذْرَمِيُّ، حَـدَّثَنَا زَيْـدُ بْـنُ الْـحُبَابِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي خَثْعَمٍ الْيَـمَـامِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَـنْ أَبِـي هُـرَيْـرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَكَعَاتٍ، لَـمْ يَتَـكَـلَّـمْ بَيْـنَهُـنَّ بِسُوءٍ عُدِلَتْ لَهُ بِعِبَادَةِ اثْنَتَيْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مغرب کے بعد چھ رکعتیں ادا کیں۔ ان کے درمیان گفتگو نہیں کی اس کو بارہ سال عبادت کرنے کا ثواب ملے گا۔

5994- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **266** قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: أخبرنا سفيان . وفى جلد **2** صفحه **393** قال: حدثنا أبو نعيم . وفى جلد **2** صفحه **477,443** قال: حدثنا وكيع .

5995- الحديث سبق برقم: **5951** فراجعه .

5996- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **1167** قال: حدثنا على بن محمد، وفى رقم الحديث: **1374** قال: حدثنا على ابن محمد وأبو عُمر حفص بن عمر .

عَشْرَةَ سَنَةٍ

5997 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِيٍّ وَمَا كَانَ بَعْدَهُ مِنْ خَلِيفَةٍ - أُرَاهُ قَالَ - إِلَّا كَانَتْ لَهُ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَاهُ عَنِ الشَّرِّ، وَبِطَانَةٌ لَا تَأْلُوهُ خَبَالًا، فَمَنْ وُقِيَ الشَّرَّ فَقَدْ وُقِيَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے کسی نبی کو مبعوث نہیں کیا اور نہ اس کے بعد کوئی خلیفہ تھا' میرا خیال ہے کہ فرمایا: مگر اس کے لیے دو غیبی چیزیں ہیں: ایک اسے نیکی کا حکم دیتی ہے اور بُرائی سے منع کرتی ہے' دوسری کوئی کسر اُٹھا نہیں رکھتی ہے' پس وہ جس کو اس کے شر سے بچا لیا گیا' پس وہ بچا لیا گیا۔

5998 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيَّامُ مِنًى أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منیٰ کے دن کھانے پینے کے دن ہیں۔

5999 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ مِقْدَارَ نِصْفِ يَوْمٍ مِنْ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ، فَيَهُونُ ذَلِكَ الْيَوْمُ عَلَى الْمُؤْمِنِ كَتَدَلِّي الشَّمْسِ لِلْغُرُوبِ إِلَى أَنْ تَغْرُبَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ رب العالمین کے لیے کھڑے ہوں گے اس کی مقدار نصف دن کی یا پچاس ہزار سال کے برابر ہوگی۔ مومن کے لیے اتنا ہوگا جتنا سورج غروب ہونے کا وقت ہوتا ہے۔

6000 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا قرض معلق رہتا ہے۔ جب

5997- الحديث سبق برقم: 5974,5875 فراجعه .

5998- الحديث سبق برقم: 5887 فراجعه .

5999- الحديث في المقصد العلي برقم: 1893 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 337 وقال: رواه أبو يعلىٰ' ورجاله رجال الصحيح' غير اسماعيل بن عبد الله بن خالد وهو ثقة .

6000- الحديث سبق برقم: 5872 فراجعه .

أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَفْسُ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهِ، حَتَّى يُقْضَى عَنْهُ

مر بھی جائے یہاں تک ادا کر دیا جائے اس کی طرف سے اس کے ورثہ سے۔

6001 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، وَمُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ؟ لَأَنْ يَأْخُذَ حَبْلًا فَيَحْتَطِبَ وَيَأْكُلَ مِنْهُ وَيَتَصَدَّقَ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ أَعْطَوْهُ أَوْ مَنَعُوهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی عاجز ہے؟ کوئی رسی پکڑ کر وہ لکڑیاں باندھے (انہیں بیچے)' وہ اس سے کھائے اور وہ صدقہ کرے اس کے لیے بہتر ہے اس سے کہ لوگوں سے مانگے، وہ اس کو دیں یا منع کریں۔

6002 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسٌ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّهُ قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، وَأَبُو سَلَمَةَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَرَصَتْ نَمْلَةٌ نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ فَأَمَرَ بِقَرْيَةِ النَّمْلِ فَأُحْرِقَتْ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ: أَفِي أَنْ قَرَصَتْكَ نَمْلَةٌ أَهْلَكْتَ أُمَّةً مِنَ الْأُمَمِ تُسَبِّحُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: نبیوں میں سے ایک نبی کو چیونٹی نے کاٹ لیا تو اُنہوں نے چیونٹیوں کی ایک بستی جلانے کا حکم دیا (انہیں جلا دیا گیا)' پس اللہ نے ان کی طرف وحی کی: کیا ایک چیونٹی نے ایک بار آپ کو کاٹا' آپ نے اُمتوں میں سے ایک اُمت کو ہلاک کر دیا' جو تسبیح کرتی تھی۔

6003 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَسْجُدَ كَبَّرَ ثُمَّ يَسْجُدُ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی سجدہ کرنے کا ارادہ کرے تو کہے اللہ اکبر پھر سجدہ کرے۔ جب قعدہ سے اٹھے تو کہے، اللہ اکبر پھر کھڑا ہو۔

6001- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 455 قال: حدثنا حجاج . قال: حدثنا ليث . قال: حدثني عُقيل . والبخاري جلد 3 صفحه 149,75 قال: حدثنا يحيىٰ بن بكير . قال: حدثنا الليث' عن عقيل .

6002- الحديث سبق برقم: 5872,5822 فراجعه .

6003- الحديث سبق بمعناه . وقد أخرجه البخاري جلد 1 صفحه 108 . ومسلم جلد 1 صفحه 169 من طريق الزهري' عن أبي سلمة به .

وَإِذَا قَامَ مِنَ الْقَعْدَةِ كَبَّرَ، ثُمَّ قَامَ

6004 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نُهِيَ أَنْ يُتَعَجَّلَ، قَبْلَ رَمَضَانَ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان سے ایک دن یا دو دن پہلے جلدی نہ کرو۔

6005 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فُقِدَتْ أُمَّةٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ لَمْ يُدْرَ مَا فَعَلَتْ، وَلَا أُرَاهَا إِلَّا الْفَأْرَ . أَلَمْ تَرَ أَنَّهَا إِذَا قُرِّبَ إِلَيْهَا أَلْبَانُ الْإِبِلِ لَمْ تَشْرَبْ، وَإِذَا قُرِّبَ إِلَيْهَا أَلْبَانُ الشَّاةِ شَرِبَتْهُ؟ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: فَحَدَّثْتُ بِهَذَا الْحَدِيثِ كَعْبًا، فَقَالَ: أَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ لَهُ مِرَارًا . فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: فَنَزَلَتْ عَلَيَّ التَّوْرَاةُ؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی اسرائیل میں سے ایک امت مفقود تھی (نہیں پائی گئی) وہ نہیں جانتے کہ اس نے کیا کیا مگر خیال ہے کہ وہ چوہا ہے کیا آپ نہیں دیکھتے کہ جب اونٹ کا دودھ قریب کیا جاتا ہے وہ نہیں پیتا۔ جب بکریوں کا دودھ قریب کیا جاتا ہے وہ پی لیتا ہے۔

6006 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَعُدُّونَ الرَّقُوبَ فِيكُمْ؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم رقوب کس کو شمار کرتے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! وہ ہے جس کی کوئی اولاد نہ ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں بلکہ وہ ہے جس کی اولاد نہ مری

6004- الحديث سبق برقم: 5973 فراجعه .

6005- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 234 قال: حدثنا عبد الوهاب الثقفي . قال: حدثنا خالد . وفي جلد 2 صفحه 279 قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: أخبرنا هشام .

6006- الحديث في المقصد العلي برقم: 449 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 11 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: 703 .

قَالُوا: الَّذِي لَا وَلَدَ لَهُ. قَالَ: لَا بَلِ الَّذِي لَافَرَطَ لَهُ

ہو۔

6007 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْصَرَ رَجُلًا يَدْعُو بِإِصْبَعَيْهِ جَمِيعًا فَنَهَاهُ، وَقَالَ: بِإِحْدَاهُمَا، بِالْيَمِينِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا وہ اپنی تمام انگلیوں سے بلا رہا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو منع کیا اور فرمایا: ایک کے ساتھ یعنی دائیں انگلی کے ساتھ کرو۔

6008 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّرْفِ: الدِّرْهَمِ بِالدِّرْهَمَيْنِ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع صرف سے منع کیا۔ ایک درہم کے بدلے دو درہموں کی بیع سے۔ حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم نے بھی منع کیا۔

6009 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ امْرَأَةً بَغِيًا رَأَتْ كَلْبًا فِي يَوْمٍ حَارٍّ يُطِيفُ بِبِئْرٍ، قَدْ أَدْلَعَ لِسَانَهُ مِنَ الْعَطَشِ، فَنَزَعَتْ لَهُ مُوقَهَا فَغُفِرَ لَهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک زانیہ عورت تھی اس نے ایک کتا دیکھا۔ گرمی کے دن میں وہ کنواں کے اردگرد گھوم رہا تھا۔ اس نے پیاس کی وجہ سے اپنی زبان باہر نکالی تھی۔ اس نے اس کے لیے پانی نکالا۔ (اس کتے نے پیا) اللہ عزوجل نے اس کی نیکی کی وجہ سے اس کو معاف کر دیا۔

6010 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6007- الحديث في المقصد العلي برقم: **1679**. وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**168** وقال: رواه أبو يعلى، ورجاله رجال الصحيح.

6008- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **391**. وأحمد جلد**2**صفحه**379** قال: حدثنا محمد بن ادريس. قال: أخبرنا مالك. وفي جلد**2**صفحه**485** قال: حدثنا عبد الرحمٰن. قال: حدثنا زهير بن محمد.

6009- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**507** قال: حدثنا يزيد. قال: أخبرنا هشام بن حسان. والبخاري جلد**4** صفحه**211** قال: حدثنا سعيد بن تليد.

6010- أخرجه أحمد جلد **2**صفحه**279** قال: حدثنا عبد الرزاق. قال: حدثنا هشام. وفي جلد **2**صفحه**489** قال: حدثنا محمد بن جعفر. قال: حدثنا سعيد، عن أيوب.

هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ فَلْيُجِبْ، فَإِنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُصَلِّ وَإِنْ كَانَ مُفْطِرًا فَلْيَطْعَمْ

نے فرمایا: جب تم میں کسی کو دعوت دی جائے اس کو چاہیے کہ وہ قبول کرے اگر وہ روزہ دار ہے تو وہ دعا کرے اس کے لیے۔ اگر روزہ دار نہیں ہے تو اس کے ساتھ کھانا کھالے۔

6011 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، قَالَ: قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوِ اتَّبَعَنِي وَآمَنَ بِي عَشَرَةٌ مِنَ الْيَهُودِ لَأَسْلَمَ كُلُّ يَهُودِيٍّ قَالَ: قَالَ كَعْبٌ: اثْنَا عَشَرَ، تَصْدِيقُ ذَلِكَ فِي الْمَائِدَةِ (وَلَقَدْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا) (المائدة: 12)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر میری اتباع کریں اور مجھ پر ایمان دس یہودی لے آئیں تو سارے یہودی اسلام لے آئیں گے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے بارہ یہودی بتایا۔ اس کی تصدیق سورہ مائدہ کی اس آیت سے ہوتی ہے: ''وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ الٰی آخرہٖ''۔

6012 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَكَلَ نَاسِيًا أَوْ شَرِبَ نَاسِيًا، فَإِنَّمَا هُوَ رِزْقٌ رَزَقَهُ اللَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے بھول کر کھالیا یا پی لیا تو یہ وہ رزق ہے جو اللہ نے اسے رزق دیا ہے۔

6013 - حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ أَبِي مُسْلِمٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے صرف تین کلام تعریضاً

6011- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 416,363,346 من طريق أبي هلال . وأخرجه البخارى رقم الحديث: 3941 ومسلم رقم الحديث: 2793 من طريق قرة . كلاهما: عن محمد بن سيرين به .

6012- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 395 قال: حدثنا هوذة . والبخارى جلد 8 صفحه 170 قال: حدثنا يوسف بن موسى . قال: حدثنا أبو أسامة .

6013- أخرجه البخارى جلد 4 صفحه 171 وجلد 7 صفحه 7 قال: حدثنا سعيد بن تليد الرعينى . ومسلم جلد 7 صفحه 98 قال: حدثنى أبو الطاهر .

حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَكْذِبْ إِبْرَاهِيمُ إِلَّا ثَلَاثَ كَذِبَاتٍ كُلُّهُنَّ فِي اللّٰهِ: قَوْلُهُ: (إِنِّي سَقِيمٌ) (الصافات: 89)، وَقَوْلُهُ: (بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَذَا) (الأنبياء: 63)، وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَرَجَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ- يَسِيرُ فِي أَرْضِ جَبَّارٍ مِنَ الْجَبَابِرَةِ وَمَعَهُ سَارَةُ، وَكَانَتْ مِنْ أَجْمَلِ النِّسَاءِ- فَبَلَغَ ذَلِكَ الْجَبَّارَ أَنَّ فِي عَمَلِكَ رَجُلًا مَعَهُ امْرَأَةٌ مَا رَأَى الرَّاؤُونَ أَجْمَلَ مِنْهَا، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَأَتَاهُ فَسَأَلَهُ عَنِ الْمَرْأَةِ: مَنِ الْمَرْأَةُ الَّتِي مَعَكَ؟ قَالَ: أُخْتِي ـ قَالَ: فَابْعَثْ بِهَا إِلَيَّ، فَبَعَثَ مَعَهُ رَسُولًا فَأَتَاهَا، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا الْجَبَّارَ سَأَلَنِي عَنْكِ فَأَخْبَرْتُهُ أَنَّكِ أُخْتِي- وَأَنْتِ أُخْتِي فِي الْإِسْلَامِ- وَسَأَلَنِي أَنْ أُرْسِلَكِ إِلَيْهِ، فَاذْهَبِي إِلَيْهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ سَيَمْنَعُهُ مِنْكِ ـ قَالَ: فَذَهَبَتْ إِلَيْهِ مَعَ رَسُولِهِ، وَلَمَّا أَدْخَلَهَا عَلَيْهِ وَثَبَ إِلَيْهَا، فَحُبِسَ عَنْهَا ـ فَقَالَ لَهَا: ادْعِي إِلَهَكِ الَّذِي تَعْبُدِينَ أَنْ يُطْلِقَنِي وَلَا أَعُودُ فِيمَا تَكْرَهِينَ، فَدَعَتِ اللّٰهَ فَأَطْلَقَهُ، فَفَعَلَ ذَلِكَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ لِلَّذِي جَاءَ بِهَا: أَخْرِجْهَا عَنِّي فَإِنَّكَ لَمْ تَأْتِنِي بِإِنْسِيَّةٍ، إِنَّمَا أَتَيْتَنِي بِشَيْطَانَةٍ، فَأَخْدَمَهَا هَاجَرَ، فَرَجَعَتْ إِلَى إِبْرَاهِيمَ فَاسْتَوْهَبَهَا مِنْهَا فَوَهَبَتْهَا لَهُ قَالَ مُحَمَّدٌ: فَهِيَ أُمُّكُمْ يَا بَنِي مَاءِ السَّمَاءِ، يَعْنِي الْعَرَبَ

بولے تھے: وہ بھی صرف اللہ کی رضا کے لیے۔ (۱) انہوں نے فرمایا: میں بیمار ہوں۔ (۲) بلکہ ان میں سے بڑے نے کیا ہے اور حضور ﷺ نے فرمایا: (۳) حضرت ابراہیم علیہ السلام ایک ملک کے ظالم بادشاہ کی طرف نکلے۔ آپ علیہ السلام کے ساتھ آپ علیہ السلام کی اہلیہ حضرت سارہ علیہا السلام تھیں۔ آپ علیہا السلام تمام عورتوں میں خوبصورت تھیں۔ ظالم کو یہ خبر پہنچی کہ ایک آدمی ہے اس کے ساتھ عورت ہے۔ اس سے زیادہ خوبصورت کوئی عورت نہیں دیکھی ہے۔ اس نے اسے آپ علیہ السلام کی طرف بھیجا کہ اسے لے کر آ۔ اس عورت کے بارے پوچھا کہ آپ کے ساتھ عورت کون ہے؟ آپ نے فرمایا: میری بہن ہے۔ اس کو میرے ساتھ بھیجیں۔ آپ نے اس کے ساتھ بھیجی۔ حضرت سارہ آئیں۔ آپ نے فرمایا: اس جبار نے مجھ سے پوچھا تیرے متعلق۔ میں نے اس کو بتایا کہ تو میری بہن ہے اور اسلام میں میری بہن ہی ہے۔ اس نے مجھ سے مطالبہ کیا ہے کہ تجھے اس کی طرف بھیجوں۔ تو اس کی طرف جا! بے شک عنقریب اللہ تعالیٰ تجھے اس کی دست درازی سے بچائے گا۔ حضرت سارہ اس کے نمائندہ کے ساتھ چلیں گئیں جب اس کے پاس داخل ہوئیں تو اس نے آپ کی طرف ہاتھ بڑھایا تو قدرتِ خداوندی سے اسے جکڑ دیا گیا' پس اس نے عرض کی: اپنے معبود سے میرے حق میں دعا کریں جس کی تُو عبادت کرتی ہے کہ وہ مجھے آزاد کر دے' میں وعدہ کرتا ہوں کہ دوبارہ کوئی ایسا کام نہ کروں گا جو تجھے

ناپسند ہو گا۔ پس اس نے تین بار اس کام کا ارتکاب کرنے کی کوشش کی (لیکن ناکام رہا بلکہ اس کے شل ہوئے' پھر دعا کروائی......) پھر اس آدمی سے کہا جو آپ کو لایا تھا: اس کو میرے پاس سے نکال کر لے جاؤ کیونکہ تُو میرے پاس کوئی انسانی عورت نہیں لایا بلکہ کوئی جن عورت لایا ہے۔ پس اس نے حضرت ہاجرہ علیہا السلام کو آپ کی نوکرانی بنا دیا۔ پس آپ علیہا السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس واپس آ گئیں۔ حضرت ہاجرہ علیہا السلام کو ان سے ہبہ کے طور پر مانگا' اُنہوں نے ہبہ کر دیا۔ حضرت محمد فرماتے ہیں: اے عرب! یہ تمہاری ماں ہیں۔

6014 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ سَيْحَانَ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: عَادَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا، فَأَخْرَجَ إِلَيْهِ صُبَرًا مِنْ تَمْرٍ فَقَالَ: مَا هَذَا يَا بِلَالُ؟ قَالَ: تَمْرٌ ادَّخَرْتُهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ . قَالَ: أَمَا خِفْتَ أَنْ تَسْمَعَ لَهُ بُخَارًا فِي جَهَنَّمَ؟ أَنْفِقْ بِلَالُ وَلَا تَخَافَنَّ مِنْ ذِي الْعَرْشِ إِقْلَالًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال کی عیادت کی۔ حضرت بلال نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کھجوروں کا ایک ٹوکرا پیش کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بلال! یہ کیا ہے؟ حضرت بلال نے عرض کی: یہ کھجوریں ہیں۔ اے اللہ کے رسول! میں نے یہ کھجوریں ذخیرہ کی تھیں۔ فرمایا: کیا تو خوف نہیں کرتا جہنم کا بخار سننے کا؟ اے بلال! اس کو خرچ کرو۔ عرش والے سے ہرگز خوف نہ کرنا کسی چیز کے کم ہونے کا۔

6015 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6014- الحديث في المقصد العلي برقم: **2016** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **126** وقال: رواه الطبراني في الكبير' وفيه مبارك بن فضالة وهو ثقة وفيه كلام' وبقية رجاله رجال الصحيح' ورواه الطبراني في الأوسط باسناد حسن .

6015- الحديث في المقصد العلي برقم: **752** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **281** وقال: رواه

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْسِمُ الْغَنَمَ بَيْنَ أَصْحَابِهِ مِنَ الصَّدَقَةِ، تَقَعُ الشَّاةُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ فَيَقُولُ أَحَدُهُمَا: دَعْ لِي نَصِيبَكَ أَتَزَوَّجْ بِهِ

اپنے صحابہ کرام کے درمیان بکریوں کا صدقہ تقسیم کر رہے تھے۔ ایک بکری دو آدمیوں کے درمیان۔ ان میں سے ایک کہتا میرے لیے چھوڑیں آپ اپنا حصہ کہ میں اس کے بدلے (اسے بیچ کر) شادی کرلوں۔

6016 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ سَيْحَانَ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ، فَعَرَضَتْ لَهُ حَاجَةٌ، فَإِنَّ التَّسْبِيحَ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقَ لِلنِّسَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز کی حالت میں ہو اور اسے کوئی حاجت پیش آئے تو تسبیح مردوں کے لیے ہے، تالی عورتوں کے لیے۔

6017 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَارَكٍ، وَعَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلِّيَ الرَّجُلُ مُخْتَصِرًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا آدمی کو مختصر نماز پڑھنے سے۔

6018 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ أَبِي لَبِيدٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: دَخَلَتِ امْرَأَةٌ النَّارَ فِي هِرَّةٍ رَبَطَتْهَا، فَلَمْ تُطْعِمْهَا وَلَمْ تَسْقِهَا، وَلَمْ تُرْسِلْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ حَتَّى مَاتَتْ فِي رِبَاطِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک عورت جہنم میں داخل ہوئی ایک بلی کو باندھنے کی وجہ سے۔ اس کو کھانے کے لیے کچھ نہیں دیا، نہ اس کو چھوڑا کہ وہ زمین کے کیڑے وغیرہ کھالے۔ ایک زانیہ جنت میں داخل ہوئی' وہ ایک کتے کے پاس سے گزری' وہ کتا کنویں کے اردگرد پانی کے لیے چکر لگا

أبو يعلى' وفيه حرب بن ميمون العبدي' وهو ضعيف' ووثقه ابن أبي حاتم' وبقية رجاله ثقات .

6016- الحديث سبق برقم: 5929 فراجعه .

6017- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 232 قال: حدثنا محمد بن سلمة . وفي جلد 2 صفحه 295,290 قال: حدثنا يزيد ابن هارون . وفي جلد 2 صفحه 331 قال: حدثنا أبو النضر .

6018- الحديث سبق شطره الثاني برقم: 6009 فراجعه . والشكر الأول سبق برقم: 5909 فراجعه .

وَدَخَلَتْ مُومِسَةٍ الْجَنَّةَ، مَرَّتْ بِكَلْبٍ عَلَى طَوِيٍّ يُرِيدُ الْمَاءَ وَلَا يَقْدِرُ عَلَيْهِ ظَمْآنَ، فَنَزَعَتْ خُفَّهَا- أَوْ مُوزَجَهَا- فَرَبَطَتْهُ فِي نِطَاقِهَا- أَوْ خِمَارِهَا- ثُمَّ نَزَعَتْ لَهُ فَسَقَتْهُ حَتَّى أَرْوَتْهُ

رہا تھا لیکن پیاس بجھانے کی طاقت نہیں رکھتا تھا' اس نے اپنے موزے کو اپنے کپڑے سے باندھا' پھر اس کے ساتھ پانی نکالا' اس کو پینے کے لیے دیا یہاں تک کہ اس کی پیاس چلی گئی۔

6019 - حَدَّثَنَا أَبُو إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ، حَدَّثَنَا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَنَازَعُ فِي الْقَدَرِ، فَغَضِبَ حَتَّى احْمَرَّ وَجْهُهُ، فَكَأَنَّمَا فُقِئَ عَلَى وَجْهِهِ حَبُّ الرُّمَّانِ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ: أَبِهَذَا أُمِرْتُمْ؟ أَبِهَذَا أُرْسِلْتُ إِلَيْكُمْ؟ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ لَمَّا تَنَازَعُوا فِي هَذَا الْأَمْرِ، إِنِّي عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ أَلَّا تَنَازَعُوا فِيهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اس حالت میں کہ ہم تقدیر کے مسئلہ میں جھگڑ رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غصہ آیا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چہرہ مبارک ہو گیا ایسے معلوم ہوتا تھا کہ گویا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے مبارک میں انار کے دانے نچوڑ دیئے گئے ہیں۔ پھر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں نے تم کو اس کا حکم دیا ہے یا میں اس کے ساتھ تمہاری طرف بھیجا گیا ہوں تم سے پہلے لوگ اس لیے ہلاک ہوئے تھے کہ انہوں نے اس معاملہ میں جھگڑا کیا۔ میں تم کو قسم دیتا ہوں اس پر کہ تم اس میں جھگڑا نہ کرو گے۔

6020 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا تَعُدُّونَ الرَّقُوبَ فِيكُمْ؟ قَالُوا: الَّذِي لَا وَلَدَ لَهُ ـ قَالَ: بَلْ هُوَ الَّذِي لَا فَرَطَ لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے اندر رقوب کس کو شمار کرتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: وہ آدمی جس کی اولاد نہ ہو۔ آپ نے فرمایا: بلکہ وہ ادمی جس کا فرط نہ ہو یعنی اس سے پہلے اللہ کی بارگاہ میں پہنچ کر بخشش کی سفارش کرنے والا۔

6021 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت

6019- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **2133** قال: حدثنا عبد الله بن معاوية الجمحى البصرى قال: حدثنا صالح المرى، عن هشام بن حسان، عن محمد بن سيرين فذكره .

6020- الحديث سبق برقم: **6006** فراجعه .

6021- الحديث سبق برقم: **5970,5924** فراجعه .

أَبُو عَامِرٍ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سَجَدَ فِي إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْهُمَا، وَسَجَدَ فِي اقْرَأْ بِسْمِ رَبِّكَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْهُمَا

کرتے ہیں کہ آپ اذا السماء انشقت میں سجدہ کرتے تھے' ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی سجدہ کرتے تھے' ان دونوں سے بہتر نے اقراء باسم ربك میں بھی سجدہ کیا' ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے بھی سجدہ کیا۔

6022 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ وَلَا بِأُمَّهَاتِكُمْ وَلَا بِالْأَنْدَادِ، وَلَا تَحْلِفُوا بِاللّٰهِ إِلَّا وَأَنْتُمْ صَادِقُونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے آباء کی قسمیں نہ اٹھاؤ۔ نہ اپنی ماؤں کی، نہ اَنداد (مدمقابل) کی' صرف اللہ کی قسم سچی ہو تو اٹھاؤ۔

6023 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي الْمُصَرَّاةِ، إِذَا اشْتَرَاهَا الرَّجُلُ حَلَبَهَا، فَهُوَ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ أَمْسَكَ، وَإِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَمَعَهَا صَاعًا مِنْ تَمْرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا اس کے متعلق جس کا دودھ تھنوں میں روک لیا گیا ہو کہ جب خریدنے والا آدمی آئے تو اس کا دودھ دوہے تو اس کو اختیار ہے اگر چاہے تو اس جانور کو رکھ لے یا اگر چاہے تو واپس کرے لیکن واپسی کی صورت میں ایک صاع کھجور دینی پڑے گی۔

6024 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6022- أخرجه أبو يعلى فى معجمه برقم: **229** . وأخرجه أبو داؤد برقم: **3248** . والنسائى جلد**7**صفحه**5** من طريق عبيد الله بن معاذ بهذا السند .

6023- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1029** قال: حدثنا سفيان . قال: حدثنا أيوب . وأحمد جلد**2**صفحه**248** قال: حدثنا سفيان' عن أيوب .

6024- أخرجه الطبرانى فى الصغير جلد**1**صفحه**120** من طريق جعفر بن محمد البصرى' حدثنا هدبة بن خالد به . وأخرجه مالك (الموطأ) صفحه**541,170** . والحميدى رقم الحديث: **1079** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد**2**صفحه**239** قال: حدثنا سفيان .

الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ، حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَضَى أَنَّ الْعَجْمَاءَ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

نے فیصلہ فرمایا کہ بے زبان جانور کے زخمی کرنے پر تاوان نہیں ہے' کان میں گر جانے والے کا خون ضائع ہے اور کنویں میں گرنے والا کا تاوان نہیں ہے اور زمین میں دفن شدہ خزانے میں خمس ہے۔

6025 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: غُفِرَ لِرَجُلٍ أَخَّرَ غُصْنًا عَنْ طَرِيقٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے ایک آدمی کو اس وجہ سے بخش دیا کہ اس نے راستہ سے تکلیف دِہ ایک ٹہنی اُٹھائی تھی۔

6026 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو هِلَالٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِبَابُ الْمُؤْمِنِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس کو قتل کرنا کفر ہے۔

6027 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَادَى رَجُلٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُصَلِّي أَحَدُنَا فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ؟ قَالَ: إِذَا وَسَّعَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَأَوْسِعُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ، جَمَعَ رَجُلٌ عَلَيْهِ ثِيَابَهُ، صَلَّى رَجُلٌ فِي إِزَارٍ وَرِدَاءٍ، فِي إِزَارٍ وَقَمِيصٍ، فِي سَرَاوِيلَ وَقَبَاءٍ، فِي سَرَاوِيلَ وَرِدَاءٍ فِي تُبَّانٍ وَقَبَاءٍ . قَالَ: وَأَحْسَبُهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بلند آواز میں عرض کی: ہم میں سے کوئی ایک کپڑے میں نماز پڑھ سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ نے تم پر کشادگی کی ہے تو تم اپنے اوپر بھی کشادگی کرو' آدمی اپنے اوپر کپڑا ڈال لے' ایک آدمی تہبند اور چادر' یا تہبند اور قمیص' یا شلوار اور چادر' یا شلوار اور چادر اور عمامہ پہن کر۔ راویٔ حدیث فرماتے ہیں: میرا خیال ہے کہ عمامہ اور چادر پہن کر پڑھنا زیادہ ثواب

6025- أخرجه مالك في الموطأ رقم الحديث: 6 من طريق سمي' عن أبي صالح' عن أبي هريرة به . ومن طريقه أخرجه أحمد جلد2صفحه533 . والبخاري رقم الحديث: 2472,652 . ومسلم رقم الحديث: 1914 .

6026- اخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 3940 من طريق أبي بكر بن أبي شيبة به .

6027- الحديث سبق برقم: 5857 فراجعه .

فِي تُبَّانٍ وَرِدَاءٍ

ہے۔

6028 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَسْلَمُ وَغِفَارُ وَشَىْءٌ مِنْ مُزَيْنَةَ وَجُهَيْنَةَ أَوْ شَىْءٌ مِنْ جُهَيْنَةَ وَمُزَيْنَةَ خَيْرٌ عَنْدَ اللّٰهِ - قَالَ: أَحْسَبُهُ قَالَ: يَوْمَ الْقِيَامَةِ- مِنْ أَسَدٍ وَغَطَفَانَ وَهَوَازِنَ وَتَمِيمٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبیلہ اسلم، غفار، مزینہ اور جہینہ میں سے کچھ اللہ کے ہاں بہتر ہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرا گمان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن قبیلہ اسد، غطفان، ہوازن اور تمیم۔

6029 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْجُمُعَةِ سَاعَةٌ لَا يُوَافِقُهَا مُسْلِمٌ قَائِمٌ يُصَلِّي يَسْأَلُ اللّٰهَ خَيْرًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ وَقَالَ بِيَدِهِ يُقَلِّلُهَا وَيُزَهِّدُهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ میں ایک گھڑی ہوتی ہے جو مسلمان پالے کھڑے ہو کر نماز پڑھے اللہ عزوجل سے بھلائی طلب کرے۔ اللہ اس کو وہ بھلائی عطا کرے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ یہ بہت تھوڑا وقت ہوتا ہے۔

6030 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ يَسْأَلُونَ عَنِ الْعِلْمِ حَتَّى يَقُولُوا: هَذَا اللّٰهُ خَلَقَنَا، فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ؟ . قَالَ: فَإِذَا هُوَ آخِذٌ بِيَدِ رَجُلٍ قَالَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، قَدْ سَأَلَنِي عَنْهَا رَجُلٌ، وَهَذَا الثَّانِي أَوْ رَجُلَانِ وَهَذَا الثَّالِثُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ مسلسل علم کے متعلق سوال کرتے رہیں گے۔ یہاں تک کہ وہ کہیں گے کہ یہ اللہ ہے، اس نے ہم کو پیدا کیا۔ اللہ کو کس نے پیدا کیا ہے؟ جب وہ اس آدمی کا ہاتھ پکڑے ہوئے ہوگا۔ کہا: اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا، یہ مجھ سے پوچھا ایک آدمی نے یہ دوسرا آدمی ہے یا دو آدمی اور یہ تیسرا آدمی ہے۔

6031 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

6028- الحديث سبق برقم: 5954 فراجعه .

6029- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 986 قال: حدثنا سفيان . قال: حدثنا أيوب . وأحمد جلد 2 صفحه 230 قال: حدثنا اسماعيل . قال: حدثنا أيوب .

6030- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 1153 قال: حدثنا سُفيان، قال: حدثنا هشام بن عروة . وأحمد جلد 2 صفحه 331 قال: حدثنا أبو النضر . قال: حدثنا أبو سعيد، يعنى المؤدب .

6031- الحديث سبق برقم: 6008 فراجعه .

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّرْفِ الدِّرْهَمِ بِالدِّرْهَمَيْنِ، وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ

کریم ﷺ نے بیع صرف یعنی دو درہم کے بدلے ایک درہم سے منع فرمایا اور حضرت ابوبکرؓ حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم (نے بھی منع فرمایا)۔

6032 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوبَ، وَحَبِيبٍ، وَهِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، وَقَتَادَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي كُنْتُ صَائِمًا فَأَكَلْتُ وَشَرِبْتُ نَاسِيًا ـ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُ أَطْعَمَكَ وَسَقَاكَ، ثُمَّ صَوَّمَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرمایا کہ ایک آدمی نے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر سوال کیا: میں روزے سے تھا' میں نے بھول کر کھا پی لیا؟ پس آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تجھے کھلایا ہے اور اس نے تجھے پلایا ہے' پھر تیرے روزے کو بحال فرمایا ہے۔

6033 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: رَخَّصَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شِعْرِ الْجَاهِلِيَّةِ إِلَّا قَصِيدَةَ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ فِي أَهْلِ بَدْرٍ، وَقَصِيدَةَ الْأَعْشَى فِي ذِكْرِ عَامِرٍ وَعَلْقَمَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے رخصت عطا فرمائی بدر میں جاہلیت کے اشعار کی مگر امیہ بن ابی کے اشعار کی اجازت نہیں دی اور عامر اور علقمہ کے ذکر میں اعشیٰ کے قصیدہ کی اجازت نہیں دی۔

6034 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حَبِيبٍ، وَهِشَامٍ، وَأَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَحْسَبُهُ قَالَ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْفَأْرَةُ يَهُودِيَّةٌ، وَإِنَّهَا لَا

حضرت محمد بن سیرین سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے' میرا خیال ہے کہ اُنہوں نے فرمایا: نبی کریم ﷺ سے روایت ہے: چوہیا یہودیہ ہے کیونکہ وہ اونٹوں کا دودھ نہیں پیتی ہے۔

6032- الحديث سبق برقم: 6012 فراجعه .

6033- الحديث في المقصد العلي برقم: 1118 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 122 وقال: رواه كله البزار' وأبو يعلى باختصار' وفي اسنادهما من لا تقوم به حجة .

6034- الحديث سبق برقم: 6005 فراجعه .

تَشْرَبُ أَلْبَانَ الْإِبِلِ

6035 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيعِ الْيُحْمِدِيُّ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْفَأْرَةُ مَسْخٌ، وَعَلَامَةُ ذٰلِكَ أَنَّهَا تَشْرَبُ أَلْبَانَ الشَّاةِ، وَلَا تَشْرَبُ أَلْبَانَ الْإِبِلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چوہیا بگڑی ہوئی شکل ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ وہ بکری کا دودھ تو پیتی ہے' لیکن اونٹوں کا دودھ نہیں پیتی ہے۔

6036 - حَدَّثَنَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ، حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ كَهْمَسٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: خَيْرُ أَهْلِ الْمَشْرِقِ عَبْدُ الْقَيْسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل مشرق کا بہترین آدمی عبدالقیس ہے۔

6037 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَمُّوا بِاسْمِي، وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے نام پہ اپنا نام رکھو اور میری کنیت پر اپنی کنیت نہ رکھو۔

6038 - حَدَّثَنَا أَبُو يَاسِرٍ عَمَّارٌ الْمُسْتَمْلِي، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: إِنَّ نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ كَانَ فِي غَزَاةٍ فَقَالَ تَحْتَ شَجَرَةٍ فَلَدَغَتْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک نبیوں میں سے ایک نبی تھے' وہ ایک جنگ میں تھے' پس ایک چیونٹی نے انہیں ڈس لیا' پس جب اُنہوں نے کوچ کیا تو حکم دیا کہ درخت کے نیچے جتنی چیونٹیاں ہیں' انہیں جلا

6035- الحديث سبق برقم: 6034,6005 فراجعه .

6036- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 49 وقال: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله ثقات . وأورده ابن حجر في الطالب العالية برقم: 4186 .

6037- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 1144 قال: حدثنا سفيان' قال: حدثنا أيوب السختياني . وأحمد جلد 2 صفحه 248 قال: قرئ على سفيان: سمعت أيوب .

6038- الحديث سبق برقم: 5822 فراجعه .

نَـمْـلَةٌ، فَـلَـمَّـا ارْتَـحَلَ أَمَرَ بِمَا تَحْتَ الشَّجَرَةِ أَنْ يُحْرَقَ، فَأَوْحَى اللَّهُ إِلَيْهِ: أَفَلَا نَمْلَةً وَاحِدَةً؟

دیا جائے' پس اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی کی: کیا کاٹنے والی ایک ہی چیونٹی نہیں تھی؟

6039 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ هِشَامٌ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اشْتَرَى مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَإِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَمَعَهَا صَاعًا مِنْ تَمْرٍ لَا سَمْرَاءَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ہشام نے کہا: اُنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا: جس آدمی نے اس جانور کو خریدا جس کا دودھ روک لیا گیا ہو تو اسے تین اختیار ہے' پس اگر وہ چاہے تو اسے واپس کر دے اور اس کے ساتھ ایک صاع (چار سیر) کھجور بھی دے جو کچی نہ ہوں۔

6040 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنِ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ، فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الدَّهْرُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمانہ کو گالی نہ دو' کیونکہ اللہ ہی خالقِ زمانہ ہے۔

6041 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مَالِكٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ النَّاجِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَقِيعِ عَلَى امْرَأَةٍ جَاثِمَةٍ عَلَى قَبْرٍ تَبْكِي فَقَالَ لَهَا: يَا أَمَةَ اللَّهِ اتَّقِي اللَّهَ وَاصْبِرِي فَقَالَتْ: يَا عَبْدَ اللَّهِ إِنِّي الْحَرَّى الثَّكْلَى . فَقَالَ: يَا أَمَةَ اللَّهِ اتَّقِي اللَّهَ وَاصْبِرِي . قَالَتْ: يَا عَبْدَ اللَّهِ لَوْ كُنْتَ مُصَابًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جنت البقیع میں ایک عورت کے پاس سے گزرے وہ ایک قبر پر رو رہی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی بندی اللہ سے ڈر اور صبر کر۔ اس عورت نے کہا: اے اللہ کے بندے! میں غمزدہ اس لائق ہوں کہ روؤں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ کی بندی! اللہ سے ڈر اور صبر کر۔ اس عورت نے کہا اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مصیبت پہنچی ہوتی تو میں

6039- الحديث سبق برقم: **6023** فراجعه .

6040- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**272** قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: أخبرنا معمر' عن أيوب . وفي جلد **2** صفحه**491** قال: حدثنا محمد بن جعفر' قال: حدثنا هشام .

6041- الحديث في المقصد العلي برقم: **436** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3**صفحه**2** وقال: رواه أبو يعلى' وروه البزار طرفًا منه' وفيه بكر بن الأسود أبو عبيدة الناجي' وهو ضعيف .

عَذَرْتَنِي . فَقَالَ: يَا أَمَةَ اللّٰهِ اتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِي قَالَتْ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ قَدْ أَسْمَعْتَ فَانْصَرِفْ عَنِّي . قَالَ: فَمَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فَوَقَفَ عَلَى الْمَرْأَةِ فَقَالَ لَهَا: مَا قَالَ لَكِ الرَّجُلُ الذَّاهِبُ؟ قَالَتْ: قَالَ لِي: كَذَا وَكَذَا . قَالَ: فَهَلْ تَعْرِفِينَهُ؟ قَالَتْ: لَا . قَالَ: ذَاكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَوَثَبَتْ مُسْرِعَةً وَهِيَ تَقُولُ: أَنَا أَصْبِرُ أَنَا أَصْبِرُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولَى، الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولَى

آپ کے نزدیک معذور ہوتی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ کی بندی! اللہ سے ڈر اور صبر کر۔ اس نے کہا: اے اللہ کے بندے! کیا آپ ﷺ نے سنا نہیں ہے مجھ سے پیچھے ہٹ جاؤ۔ حضور ﷺ تشریف لے گئے حضور ﷺ کے صحابہ میں سے کوئی ایک آپ ﷺ کے پیچھے آ رہے تھے وہ اس عورت کے پاس ٹھہر گئے۔ اس عورت سے کہا کہ اس جانے والے آدمی نے آپ سے کیا کہا ہے؟ اس عورت نے ساری بات بتا دی اس صحابی رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا تو ان کو پہچانتی ہے؟ اس عورت نے کہا: نہیں۔ انہوں نے کہا: یہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔ وہ تیزی سے پلٹی اس نے کہا: یا رسول اللہ! میں صبر کرتی ہوں، صبر کرتی ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: صبر پہلے صدمے کے وقت ہوتا ہے صبر پہلے صدمے کے وقت ہوتا ہے۔

6042 - وَبِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهَا ابْنٌ لَهَا مَرِيضٌ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَشْفِيَ ابْنِي هَذَا . قَالَ: فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكِ فَرَطٌ؟ قَالَتْ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَوْ فِي الْإِسْلَامِ؟ قَالَتْ: بَلْ فِي الْإِسْلَامِ . قَالَ: جُنَّةٌ حَصِينَةٌ، جُنَّةٌ حَصِينَةٌ، جُنَّةٌ حَصِينَةٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی اس کے ساتھ اس کا بیمار بیٹا بھی تھا۔ اس عورت نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ سے دعا کریں کہ اس کو اللہ شفاء دے۔ حضور ﷺ نے اس کو فرمایا: کیا تو نے کسی فرط کو آگے بھیجا ہے؟ اس عورت نے کہا: جی ہاں! یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: اسلام میں یا جاہلیت میں؟ اس نے عرض کی: بلکہ حالتِ اسلام میں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ مضبوط ڈھال ہو گا، یہ مضبوط ڈھال ہوگا، یہ مضبوط ڈھال ہوگا۔

6042- الحديث في المقصد العلي برقم: 446 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه10 وقال: رواه أبو يعلىٰ، وفيه أبو عبيدة الناجي، وهو ضعيف .

6043 - حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدِ اسْتَجَنَّ جُنَّةً حَصِينَةً، مَنْ سَلَفَ لَهُ ثَلَاثَةُ أَوْلَادٍ فِي الْإِسْلَامِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے قلعہ کی طرح ڈھال ہوگا جس کے تین بچے حالتِ اسلام میں فوت ہو گئے۔

6044 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النَّاسُ مَعَادِنُ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ، خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقُهُوا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگ کان کی طرح ہیں برائی اور نیکی میں جو جاہلیت میں بہتر تھا' وہ اسلام میں بھی بہتر ہے بشرطیکہ وہ سمجھ داری رکھتا ہو۔

6045 - حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَسِيَ فَأَكَلَ أَوْ شَرِبَ، فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ، فَإِنَّمَا أَطْعَمَهُ اللّٰهُ وَسَقَاهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پس جو بھول گیا اس نے کھالیا یا اس نے پی لیا' اسے چاہیے کہ وہ اپنا روزہ مکمل کرے کیونکہ اللہ نے اسے کھلایا ہے اور اللہ نے اسے پلایا ہے۔

6046 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چوپائے زخمی کرنے پر تاوان نہیں

6043- الحديث في المقصد العلي برقم: **443** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **6** وقال: رواه أبو يعلى' والبزار' الا أنه قال: بجنة كثيفة . والطبراني في الكبير . وفيه: عبد الرحمن بن اسحاق أبو شيبة' وهو ضعيف .

6044- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **524** قال: حدثنا وهب بن جرير . قال: حدثنا أبي . ومسلم جلد **7** صفحه **181** وجلد **8** صفحه **28** قال: حدثني حرملة بن يحيى . قال: أخبرنا ابن وهب .

6045- الحديث سبق برقم: **6032** فراجعه .

6046- الحديث سبق برقم: **6024** فراجعه .

أَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

ہے' کنویں میں گرنے والے' کان میں گرنے والے کے خون کا تاوان نہیں ہے اور زمین میں دفن شدہ خزانے میں خمس ہے۔

6047 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُتَلَقَّى الْجَلَبُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ناجائز منافع لینے سے منع فرمایا۔

6048 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ - أَوْ مِنْ فَيْحِ أَبْوَابِ جَهَنَّمَ - فَأَبْرِدُوا بِالصَّلَاةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک گرمی کی سختی جہنم' یا فرمایا: جہنم کے دروازوں کی بھڑاس ہے' پس نماز کو ٹھنڈا کر کے پڑھا کرو۔

6049 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چوپائے زخمی کرنے پر تاوان نہیں ہے' کنویں اور کان میں گرنے والے کے خون کی دیت بھی نہیں ہے اور زمین میں دفن شدہ خزانے میں خمس ہے۔

6050 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَبُولَنَّ أَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ، ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی ہرگز کھڑے پانی میں پیشاب نہ کرے پھر اس سے غسل کرے۔

6047- الحديث سبق برقم: 5861,5858,5944 فراجعه .

6048- الحديث سبق برقم: 5845 فراجعه .

6049- الحديث سبق برقم: 6046 فراجعه .

6050- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 970 قال: حدثنا سفيان' قال: حد ثنا أيوب . وأحمد جلد 2 صفحه 265 قال: حدثنا عبد الرزاق: قال: حدثنا معمر' عن أيوب .

6051 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ لِوَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ: أَنْهَاكُمْ عَنِ النَّقِيرِ، وَالْحَنْتَمِ وَالدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ وَالْمَزَادَةِ الْمَجْبُوبَةِ، وَلَكِنِ اشْرَبْ فِي سِقَائِكَ وَأَوْكِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وفد عبدالقیس کو ارشاد فرمایا: میں تمہیں نقیر، حنتم، دباء، مزفت اور مزادہ مجبوبہ سے منع کرتا ہوں لیکن تم اپنے برتنوں اور مشکوں میں پی سکتے ہو۔

6052 - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ سَالِمٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُتَلَقَّى الْجَلَبُ، فَإِنْ تَلَقَّاهُ إِنْسَانٌ فَابْتَاعَ، فَصَاحِبُ السِّلْعَةِ بِالْخِيَارِ، إِذَا وَرَدَ السُّوقَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ناجائز منافع خوری سے منع فرمایا، پس اگر کوئی آدمی اسے لے اور خریدے تو مال کے مالک کو اختیار ہے کہ جب وہ بازار میں داخل ہو (تو اسے توڑ دے)۔

6053 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوتُ بَيْنَهُمَا ثَلَاثَةُ أَوْلَادٍ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ إِلَّا أَدْخَلَهُمُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ قَالَ: يُقَالُ لَهُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ. فَيَقُولُونَ: حَتَّى يَجِءَ أَبَوَانَا. فَيُقَالُ لَهُمْ: ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ وَأَبَوَاكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جن دو مسلمانوں کے تین بچے بالغ ہونے سے پہلے فوت ہو گئے تو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے ان کو جنت میں داخل کرے گا۔ آپ نے فرمایا: ان بچوں سے کہا جائے گا کہ جنت میں داخل ہو جاؤ تو وہ عرض کریں گے: ہم اس وقت داخل ہوں گے جب ہمارے والدین آئیں گے، پس ان سے کہا جائے گا: تم اپنے والدین کو لے کر جنت میں داخل ہو جاؤ۔

6051- الحديث سبق برقم: 5918 فراجعه.

6052- الحديث سبق برقم: 6047 فراجعه.

6053- الحديث سبق برقم: 5856 فراجعه.

6054 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الصَّدَقَةِ أَعْظَمُ؟ قَالَ: أَنْ تَصَدَّقَ وَأَنْتَ صَحِيحٌ شَحِيحٌ، تَخْشَى الْفَقْرَ، وَتَأْمُلُ الْعَيْشَ، وَلَا تُمْهِلُ حَتَّى إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ، قُلْتَ: لِفُلَانٍ كَذَا، وَلِفُلَانٍ كَذَا وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! کون سا صدقہ افضل ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ جو تو صدقہ کرے حالتِ تندرستی میں اور تجھے محتاجی کا خوف اور زندگی کی اُمید بھی ہو مہلت نہ لے یہاں تک کہ موت جب گلے تک پہنچ جائے تو تُو کہے: فلاں کے لیے اتنا' فلاں کے لیے اتنا، فلاں کو اتنا دو۔

6055 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا كَبَّرَ فِي الصَّلَاةِ سَكَتَ هُنَيَّةً قَبْلَ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ . فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، أَرَأَيْتَ سُكُوتَكَ بَيْنَ التَّكْبِيرِ وَالْقِرَاءَةِ مَا تَقُولُ؟ قَالَ: أَقُولُ: اللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ، كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اللّٰهُمَّ نَقِّنِي مِنْ خَطَايَايَ، كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اللّٰهُمَّ اغْسِلْنِي مِنْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز میں اللہ اکبر کہتے تھے، قرآن پڑھنے سے پہلے تھوڑی دیر خاموش رہتے۔ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ بتائیں کہ آپ تکبیر اور قرأت کے درمیان خاموش رہتے ہیں۔ اس کے دوران آپ کیا پڑھتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں یہ دعا کرتا ہوں: ''اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ الٰى آخره''۔

6056 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا' عرض کی: یا رسول اللہ! لوگوں

6054- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 231 قال: حدثنا محمد بن فضيل . وفي جلد 2 صفحه 250 قال: حدثنا جرير بن عبد الحميد . وفي جلد 2 صفحه 415 قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا عبد الواحد بن زياد .

6055- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 231 قال: حدثنا محمد بن فضي . وفي جلد 2 صفحه 494,231 قال: حدثنا جرير . وفي جلد 2 صفحه 448 قال: حدثنا وكيع' عن سفيان .

6056- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 1118 قال: حدثنا سفيان . قال: حدثنا عمارة بن القعقاع . وأحمد جلد 2 صفحه 327 قال: حدثنا هاشم . قال: حدثنا محمد' عن عبد الله بن شبرمة .

أَحَقُّ النَّاسِ مِنِّي بِحُسْنِ الصُّحْبَةِ؟ قَالَ: أُمُّكَ قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أُمُّكَ قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: أُمُّكَ قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أَبُوكَ

میں سے سب سے زیادہ میرے حسن سلوک کا حق دار کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیری ماں، پھر عرض کی: کون؟ فرمایا: تیری ماں، پھر عرض کی: کون؟ فرمایا: تیری ماں۔ پھر عرض کی: کون؟ فرمایا: تیرا باپ۔

6331 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَبَّحَ اللَّهَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَحَمِدَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَكَبَّرَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ فَتِلْكَ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ، وَقَالَ: تَمَامُ الْمِئَةِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، غُفِرَ لَهُ خَطَايَاهُ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک له، الی اخرہ نماز کے بعد پڑھے اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر کیوں نہ ہوں۔

6331- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6332 - أَخْبَرَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَى الصِّرَاطِ حَسَكُ سَعْدَانَ، هَلْ رَأَيْتُمُ السَّعْدَانَ؟

حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پل صراط پر سعدان کا کانٹا ہوگا' کیا تم نے سعدان دیکھا ہے؟

6333 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنِ الْحَسَنِ، وَعَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَفِي حَدِيثِ عَطَاءٍ: وَلَا يَنْتَهِبُ نُهْبَةً ذَاتَ شَرَفٍ وَهُوَ مُؤْمِنٌ قَالَ: يُنْزَعُ مِنْهُ الْإِيمَانُ فَإِنْ تَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: زانی زنا نہیں کرتا ہے' جب وہ زنا کرتا ہے اس حال میں کہ وہ مؤمن ہو' چوری چوری نہیں کرتا ہے جب وہ چوری کرتا ہے' اس حال میں کہ وہ مؤمن ہو' شرابی شراب نہیں پیتا ہے' جب وہ شراب پیتا ہے اس حال میں کہ وہ مؤمن ہو۔ اور حضرت عطاء کی حدیث میں ہے: کوئی ڈاکو ڈاکہ زنی نہیں کرتا ہے' جب وہ ڈاکہ زنی کرتا ہے اس حال میں کہ وہ مؤمن ہو۔ فرمایا: اس سے ایمان چھین لیا جاتا ہے' پس اگر وہ توبہ کر لے تو اللہ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔

6334 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ الْعَطَّارُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پچھنا لگانے اور لگوانے والا روزہ افطار کریں۔

6335 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

6332- مر فی طرف من الحديث رقم: 6330 .

63- سبق تخريجه راجع الفهرس .

63- أخرجه الترمذى فى سننه رقم الحديث: 705 .

63- أخرجه البخارى فى صحيحه رقم الحديث: 1923 .

حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةً

نے فرمایا: سحری کیا کرو کہ سحری میں برکت ہے۔

6336 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا بِالْبَرَكَةِ فِي السَّحُورِ وَالثَّرِيدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری اور ثرید (ایک بہترین کھانا) میں برکت کی دعا کی۔

6337 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَمُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هَلَكْتُ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ ، قَالَ: غَشِيتُ امْرَأَتِي فِي رَمَضَانَ، قَالَ: أَعْتِقْ رَقَبَةً ، قَالَ: لَا أَجِدُ، قَالَ: اهْدِ بَدَنَةً ، قَالَ: لَا أَجِدُ، قَالَ: اجْلِسْ ، فَأَعْطَاهُ رَجُلٌ شَيْئًا، فَقَالَ: تَصَدَّقْ بِهَذَا فَإِنَّهُ يُجْزِءُ عَنْكَ ، قَالَ: مَا أَحَدٌ أَحْوَجُ إِلَيْهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مِنْ عِيَالِي، قَالَ: وَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتِسْعَةَ عَشَرَ صَاعًا أَوْ عِشْرِينَ أَوْ وَاحِدٍ وَعِشْرِينَ فَأَعْطَاهُ، فَقَالَ: لَكَ وَلِعِيَالِكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اسنے عرض کی: یا رسول اللہ! میں ہلاک ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے رمضان میں اپنی بیوی سے (دن کے وقت) ہمبستری کر لی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک غلام آزاد کر! اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں کسی غلام کو نہیں پاتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اونٹ کی قربانی کر۔ اس نے عرض کی: نہیں پاتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیٹھ جا! پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی کوئی چیز لایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ صدقہ کر دے' تیری طرف سے کافی ہوگا۔ اس نے عرض کی: اس کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ بھیجا۔ میرے اہل خانہ سے زیادہ کوئی محتاج نہیں ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو اپنے اہل خانہ پر صدقہ کر۔

6338 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے

6336- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: 7748 .

6337- قال في مجمع الزوائد جلد3 صفحه168: هو ثقة ولكنه مدلس .

6338- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده باختلاف اللفظ رقم الحديث: 8854 .

مُؤَمَّلُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: الْوِتْرِ قَبْلَ النَّوْمِ، وَصَوْمِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَرَكْعَتَيِ الضُّحَى

خلیل ﷺ نے مجھے وصیت کی ہے کہ میں ان کو ہمیشہ نہیں چھوڑوں گا۔(۱) وتر سونے سے پہلے، (۲) ہر ماہ تین روزے اور (۳) غسل جمعہ کے دن۔

6339 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ شَبِيبٍ الْمُؤَدِّبُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَمَضْمَضْ وَلْيَسْتَنْثِرْ، وَالْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک وضو کرے تو کلی کرے اور ناک کو صاف کرے اور دونوں کان سر سے ہیں۔

6340 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے نر کو مادہ پر کدوانے کی اُجرت لینے سے منع فرمایا۔

6341 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِلّٰهِ مِائَةَ رَحْمَةٍ، أَنْزَلَ مِنْهَا رَحْمَةً وَاحِدَةً بَيْنَ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْوَحْشِ وَالْهَوَامِّ، فَبِهَا يَتَعَاطَفُونَ، وَبِهَا يَتَرَاحَمُونَ، وَبِهَا تَعْطِفُ الْوَحْشُ عَلَى أَوْلَادِهَا، وَأَخَّرَ لِنَفْسِهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ رَحْمَةً يَرْحَمُ بِهَا عِبَادَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی سو رحمتیں ہیں' اس نے انسانوں' جنوں' جانوروں اور کیڑوں مکوڑوں کے درمیان' ان میں سے ایک رحمت نازل فرمائی ہے' پس اسی کی بدولت وہ ایک دوسرے پر مہربانی اور رحم کرتے ہیں' اسی کے ساتھ جانور اپنی اولاد پر مہربانی کرتے ہیں اور اپنی ذات کے لیے اللہ تعالیٰ نے ننانوے رحمتیں پیچھے چھوڑی ہیں جن کے ساتھ قیامت کے دن وہ اپنے بندوں پر رحم فرمائے گا۔

6340- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: **2284** .

6342 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْمَرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا يَبْتَغِي بِهِ وَجْهَ اللَّهِ، لَا يَتَعَلَّمُهُ إِلَّا لِيُصِيبَ بِهِ عَرَضًا مِنَ الدُّنْيَا، لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی علم حاصل کرتا ہے، ایسا علم جس سے اللہ کی رضا حاصل کی جاتی ہے لیکن وہ نہیں سیکھتا مگر دنیا حاصل کرنے کے لیے وہ قیامت کے دن جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔

6343 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرٌو، أَنَّ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ، حَدَّثَهُ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ يَسَارٍ، حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُمِرْتُ بِقَرْيَةٍ تَأْكُلُ الْقُرَى: يَثْرِبُ وَهِيَ الْمَدِينَةُ، تَنْفِي النَّاسَ كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے ایسی بستی کا جو بستیوں کو کھائے گی وہ یثرب ہے اور یہی مدینہ ہے لوگوں کی کانٹ چھانٹ کرتی ہے جس طرح بھٹی سے لوہے کا زنگ دور ہو جاتا ہے۔

6344 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي تَمِيمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدِّينَارُ بِالدِّينَارِ لَا فَضْلَ بَيْنَهُمَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دینار کے بدلے دینار ہے ان دونوں کے درمیان فضیلت نہیں ہے۔

6345 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ أَبِي تَمِيمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دینار کے بدلے دینار ہے، درہم کے بدلے درہم ہے ان دونوں کے درمیان فضیلت نہیں ہے۔

6342- أخرجه أبو داؤد في سننه رقم الحديث: 3664 .

6343- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 1871 .

6344- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 1588 .

6345- سبق تخريجه في الحديث السابق .

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدِّينَارُ بِالدِّينَارِ، وَالدِّرْهَمُ بِالدِّرْهَمِ لَا فَضْلَ بَيْنَهُمَا

6346 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ مَسَحَ ظَهْرَهُ، فَسَقَطَ مِنْ ظَهْرِهِ كُلُّ نَسَمَةٍ تَكُونُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَعَرَضَهُمْ عَلَى آدَمَ فَرَأَى فِي وَجْهِ كُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ وَبِيصًا مِنْ نُورٍ، فَرَأَى رَجُلًا مِنْهُمْ لَهُ وَبِيصٌ أَعْجَبَهُ فَقَالَ: مَنْ هَذَا يَا رَبِّ؟ قَالَ: قَالَ: هَذَا مِنْ وَلَدِكَ اسْمُهُ دَاوُدُ، قَالَ: وَكَمْ عُمْرُهُ يَا رَبِّ؟ قَالَ: سِتُّونَ سَنَةً، قَالَ: زِدْهُ مِنْ عُمْرِي أَرْبَعِينَ سَنَةً، قَالَ: إِذًا يُكْتَبُ وَيُخْتَمُ وَلَا يُبَدَّلُ، قَالَ: فَلَمَّا نَفَذَ عُمْرُ آدَمَ إِلَى الْأَرْبَعِينَ الَّتِي وَهَبَهَا لِدَاوُدَ، أَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ، فَقَالَ آدَمُ: إِنَّهُ قَدْ بَقِيَ مِنْ عُمْرِي أَرْبَعُونَ سَنَةً، قَالَ: أَلَمْ تُعْطِهَا ابْنَكَ دَاوُدَ؟ قَالَ: فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ، وَخَطِءَ آدَمُ فَخَطِئَتْ ذُرِّيَّتُهُ، وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ، فَرَأَى فِيهِمُ الْقَوِيَّ وَالضَّعِيفَ وَالْغَنِيَّ وَالْفَقِيرَ وَالْمُبْتَلَى قَالَ: يَا رَبِّ أَلَا سَوَّيْتَ بَيْنَهُمْ؟ قَالَ: أَرَدْتُ أَنْ أُشْكَرَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو ان کی پیٹھ پر ہاتھ لگایا۔ پس آپ علیہ السلام کی پیٹھ سے ہر روح جو قیامت تک پیدا ہونے والی تھی' گر پڑی۔ ان سب کو حضرت آدم علیہ السلام پر پیش کیا گیا' ان میں سے ہر آدمی کے چہرے میں نور کی چمک دیکھی' پس آپ نے ان میں سے ایک آدمی کے چہرے کی چمک کو بہت پسند کیا تو عرض کی: اے میرے رب! یہ بندہ کون ہے؟ اللہ نے فرمایا: یہ تیری اولاد سے ہے' اس کا نام داؤد ہے۔ عرض کی: اے میرے رب! اس کی عمر کتنی ہے؟ فرمایا: ساٹھ سال۔ عرض کی: میری عمر میں سے چالیس سال لے کر اس کی عمر بڑھا دے۔ اللہ نے فرمایا: پھر لکھ لیا جائے گا' مہر لگ جائے گی اور تبدیلی نہیں ہوگی۔ فرمایا: پس جب حضرت آدم علیہ السلام کی عمر ختم ہو کر ان چالیس سالوں تک پہنچی جو آپ حضرت داؤد علیہ السلام کو عطا کر چکے تھے تو فرشتہ آپ کے پاس حاضر ہوا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: میری عمر سے چالیس سال باقی ہیں۔ فرشتے نے عرض کی: جناب! آپ نے وہ حضرت داؤد کو نہیں دے دیئے تھے؟ پس انہوں نے انکار کیا تو ان کی اولاد میں انکار کی صفت ودیعت ہوئی۔ حضرت آدم علیہ السلام نے لغزش کھائی تو آپ کی اولاد خطاء کرنے لگی اور آدم

بھولے تو آپ کی اولاد میں بھولنا عام ہوا' پس آپ علیہ السلام نے ان میں طاقتور' کمزور' مالدار' غریب اور بیماریوں میں مبتلا دیکھے' عرض کی: اے میرے رب! ان کو برابر کیوں نہیں بنایا؟ فرمایا: میں نے ارادہ کیا کہ میرا شکر کریں۔

6347 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، مَوْلَى مَيْمُونَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ الْمِسْكِينُ الَّذِي تَرُدُّهُ التَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ، وَاللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ، إِنَّمَا الْمِسْكِينُ الْمُتَعَفِّفُ، اقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ: (لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا) (البقرة: 273)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسکین وہ ہے جو لوگوں پر چکر لگایا کرے اس کو ایک کھجور اور دو کھجوریں یا ایک لقمہ' دو لقمے دیئے جائیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! مسکین کون ہے؟ فرمایا: جو نہ پائے غنیٰ کو جو اس کو غنی کرے اور نہ وہ اظہار کرے کہ اس پر صدقہ کیا جائے، یہ کھڑا ہو کر لوگوں سے سوال کرے' اگر چاہو تو یہ آیت پڑھ لو: ''وہ لپٹ کر سوال نہیں کرتے''۔

6348 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ إِلَّا الْمَكْتُوبَةَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اقامت ہو جائے تو صرف فرضی نماز جائز ہے۔

6349 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ إِلَّا الْمَكْتُوبَةَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اقامت ہو جائے تو صرف فرض نماز جائز ہے۔

6347- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 1479 .

6348- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 710 .

6349- راجع ما قبله .

6350 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِينَا، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَجَدْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ، وَاقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اذا السماء انشقت' اقراء اذاء باسم ربك الذى خلق میں سجدہ کیا۔

6351 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْجُدُ فِي اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ، وَإِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اذا السماء انشقت' اقراء اذاء باسم ربك الذى خلق میں سجدہ کیا۔

6352 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ رَجُلٍ حَفِظَ عِلْمًا، فَسُئِلَ عَنْهُ، فَكَتَمَهُ إِلَّا جِيءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَلْجُومًا بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے علم یاد کیا، اس سے علم کے متعلق پوچھا گیا۔ اس نے چھپایا، قیامت کے دن لایا جائے گا اس کو آگ کی لگام پہنائی جائے گی۔

6353 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا أَبُو هَانِءٍ الْخَوْلَانِيُّ حُمَيْدُ بْنُ هَانِءٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي يُحَدِّثُونَكُمْ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوا أَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ، فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آخری زمانہ میں میری اُمت سے کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو تمہیں وہ باتیں سنائیں گے جو نہ تم نے' نہ تمہارے باپ دادا نے سنی ہوں گی' پس ان لوگوں سے بچنا۔

6352- أخرجه الترمذى فى سننه رقم الحديث: 2573 .

6353- أخرجه أحمد بن حنبل فى مسنده رقم الحديث: 8390 .

6354 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ امْرَأَةً مَرَّتْ تَعْصِفُ رِيحُهَا، فَقَالَ: يَا أَمَةَ الْجَبَّارِ الْمَسْجِدَ تُرِيدِينَ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: وَلَهُ تَطَيَّبْتِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: فَارْجِعِي فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنِ امْرَأَةٍ تَخْرُجُ إِلَى الْمَسْجِدِ تَعْصِفُ رِيحُهَا فَيَقْبَلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْهَا صَلَاةً حَتَّى تَرْجِعَ فَتَغْتَسِلَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت کا گزر ہوا جس سے خوشبو مہلک رہی تھی۔ آپ نے کہا: اے امۃ الجبار! تو مسجد جانا چاہتی ہے، اس نے کہا: جی ہاں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تو نے مسجد کیلئے خوشبو لگائی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: واپس چلی جا۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت مسجد کی طرف اس حال میں نکلے کہ اس سے خوشبو مہک رہی ہو۔ اللہ عزوجل اس کی نماز قبول نہیں کرے گا یہاں تک کہ واپس چلی جائے اور غسل (جنابت) کر لے۔

6355 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ، - أَوْ فِي خَمْسَةِ أَوْسُقٍ - ، شَكَّ دَاوُدُ فِي خَمْسَةٍ أَوْ دُونَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عرایا کی بیعت میں رخصت دی' پانچ سے کم وسق یا پانچ وسقوں میں۔ داؤد کو شک ہے' پانچ یا کم میں۔

6356 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُوَقَّرِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: قَالَ سُحَيْمٌ مَوْلَى بَنِي زُهْرَةَ، وَكَانَ يُصَاحِبُ أَبَا هُرَيْرَةَ، إِنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَغْزُو هَذَا الْبَيْتَ جَيْشٌ يُخْسَفُ بِهِمْ بِالْبَيْدَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس گھر کو گرانے کے لیے ایک لشکر نکلے گا۔ ان کو وادیٔ بیداء میں دھنسا دیا جائے گا۔

6357 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَوْسِ بْنِ خَالِدٍ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس آدمی کی مثال جو حکمت کی باتیں سنتا ہے'

6356- فی سنده الوليد بن محمد الموقری' وهو متروك .

6357- أخرجه ابن ماجة فی سننه رقم الحديث: 4172 .

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الَّذِي يَسْمَعُ الْحِكْمَةَ فَيُحَدِّثُ بِشَرِّ مَا سَمِعَ، مَثَلُ رَجُلٍ أَتَى رَاعِيًا فَقَالَ: يَا رَاعِي، أَجْزِرْنِي شَاةً مِنْ غَنَمِكَ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَخُذْ بِأُذُنِ خَيْرِهَا شَاةً، فَذَهَبَ فَأَخَذَ بِأُذُنِ كَلْبِ الْغَنَمِ

پس وہ سنے ہوئے میں سے شر کو بیان کرتا ہے' اس آدمی کی ہے' جو چرواہے کے پاس آتا ہے' اس سے کہتا ہے: اے چرواہے! اپنے ریوڑ میں سے ایک بکری مجھے ذبح کرنے دو۔ وہ کہتا ہے: جا اور ان میں سے بہترین بکری کو کانوں سے پکڑ لے۔ پس وہ جا کر ریوڑ کے کتے کے کان سے پکڑ لیتا ہے۔

6358 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ تَجَاوَزَ لِأُمَّتِي عَمَّا حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسَهَا، مَا لَمْ تَكَلَّمْ بِهِ أَوْ تَعْمَلْ بِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے درگزر فرمائی، میری امت سے وہ کام جو اس کے دل میں آئے، جب تک کلام نہ کرے یا عمل نہ کرے۔

6359 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ تَجَاوَزَ لِأُمَّتِي عَمَّا حَدَّثَتْ بِهِ نَفْسَهَا، مَا لَمْ تَعْمَلْ بِهِ أَوْ تَكَلَّمْ بِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے درگزر فرمائی، میری امت سے وہ کام جو اس کے دل میں آئے، جب تک کلام نہ کرے یا عمل نہ کرے۔

6360 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَتَى بَيْتَ فَاطِمَةَ، فَخَرَجْتُ مَعَهُ فَقَالَ: أَثَمَّ لُكَعُ؟، قَالَ: فَاحْتُبِسَ، فَظَنَنْتُ أَنَّهَا تُلْبِسُهُ سِخَابًا أَوْ تُغَسِّلُهُ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نکلے یہاں تک حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر آئے، میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لُکع (چھوٹا بچہ) کہاں ہے؟ راوی کا بیان ہے: انہیں روکا گیا' میں نے گمان کیا، ہوسکتا ہے کپڑے پہنا رہی ہوں یا انہیں نہلا رہی ہوں۔ راوی کا کہنا ہے: سنبھے سنبھے ہوئے

6358- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 6664 .

6360- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 5884 .

فَجَاءَ يَعْنِي الْحَسَنَ يَشْتَدُّ فَاعْتَنَقَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ، وَأَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُ

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو گلے سے لگایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر' اس سے بھی محبت کر جو اس سے محبت کرے۔

6361 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورٍ قَالَ: حَدَّثَنِي شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَفْضَلُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْفَرِيضَةِ صَلَاةُ اللَّيْلِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرض نماز کے بعد افضل ترین نماز تہجد کی نماز ہے۔

6362 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلَكْتُ، قَالَ: وَيْحَكَ وَمَا ذَاكَ؟ ، قَالَ: وَقَعْتُ عَلَى أَهْلِي وَأَنَا صَائِمٌ، قَالَ: أَعْتِقْ رَقَبَةً ، قَالَ: مَا أَجِدُ، قَالَ: صُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ، قَالَ: مَا أَسْتَطِيعُ، قَالَ: أَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا ، قَالَ: مَا أَجِدُ، قَالَ: فَأُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَقٍ فِيهِ تَمْرٌ فَقَالَ: خُذْهُ فَتَصَدَّقْ بِهِ ، قَالَ: أَعَلَى غَيْرِ أَهْلِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ وَاللّٰهِ مَا بَيْنَ طُنُبَيِ الْمَدِينَةِ أَهْلُ بَيْتٍ أَحْوَجُ إِلَيْهِ مِنِّي، فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں ہلاک ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تجھ پر افسوس! تجھے کیا ہوا؟ اس نے عرض کی: روزے کی حالت میں' میں نے اپنی بیوی سے جماع کر لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک غلام آزاد کر۔ عرض کی: میں نہیں پاتا ہوں' فرمایا: دو ماہ کے مسلسل روزے رکھ۔ عرض کی: طاقت نہیں' فرمایا: ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا' عرض کی: میں نہیں پاتا ہوں۔ راوی کا بیان ہے: پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کھجوروں کا ٹوکرا لایا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ پکڑ کر صدقہ کر دے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! اپنے گھر والوں کے علاوہ پر؟ قسم بخدا! مدینہ کے کناروں کے

6361- أخرجه مسلم فی صحيحه رقم الحديث: 1163 .

6362- أخرجه البخاری فی صحيحه رقم الحديث: 1936 .

وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ أَسْنَانُهُ، قَالَ: فَخُذْهُ وَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ وَاسْتَغْفِرْ رَبَّكَ

درمیان مجھ سے زیادہ ضرورت مند گھر والا کوئی بھی نہیں ہے۔ پس رسول کریم ﷺ ہنس پڑے یہاں تک کہ آپ ﷺ کے دانت ظاہر ہو گئے۔ فرمایا: ان کو پکڑ کر اپنے گھر والوں کو کھلا اور اپنے رب سے استغفار کر۔

6363 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، وَيُنَصِّرَانِهِ، وَيُمَجِّسَانِهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے، اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا نصرانی بنا دیتے ہیں۔ جیسے کہ اونٹ سے بچے پیدا ہوتے ہیں۔ کیا تم جو دعا سے گمان کرتے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ ﷺ بتائیں جو مر گئے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ زیادہ جانتا ہے جو انہوں نے کرنا تھا۔

6364 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ قَالَ: حَدَّثَنِي جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَرْفَعُهُ قَالَ: سُئِلَ أَيُّ الصَّلَاةِ أَفْضَلُ بَعْدَ الْمَكْتُوبَةِ؟ وَأَيُّ الصِّيَامِ أَفْضَلُ بَعْدَ رَمَضَانَ؟ قَالَ: فَقَالَ: أَفْضَلُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْمَكْتُوبَةِ الصَّلَاةُ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ، وَأَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَهْرُ اللَّهِ الْمُحَرَّمِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے سوال کیا گیا کہ فرض نماز کے بعد افضل نماز کون سی ہے اور رمضان کے بعد افضل روزے کون سے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: فرض نماز کے بعد افضل نماز رات کی نماز ہے اور رمضان جو اللہ کا مہینہ ہے کے بعد افضل روزے محرم شریف کے ہیں۔

شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي

شہر بن حوشب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت

6363- سبقه تخريجه في رقم: 6276 .

6364- سبق تخريجه راجع الفهرس .

هُرَيْرَةَ

کرتے ہیں

6365 - حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَسْتَجِيبَ اللَّهُ لَهُ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَالْكُرَبِ، فَلْيُكْثِرِ الدُّعَاءَ فِي الرَّخَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اس کی دعا قبول ہو سختی میں اور گھبراہٹ کے وقت اس کو چاہیے کہ وہ خوشحالی میں دعا کی کثرت کرے۔

6366 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا أَبُو بِشْرٍ يَعْنِي جَعْفَرَ بْنَ إِيَاسٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَسْتَجِيبَ اللَّهُ لَهُ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَالْكُرَبِ، فَلْيُكْثِرِ الدُّعَاءَ فِي الرَّخَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اس کی دعا قبول ہو سختی میں اور گھبراہٹ کے وقت اس کو چاہیے کہ وہ خوشحالی میں دعا کی کثرت کرے۔

6367 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ، وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَفِيهَا شِفَاءٌ مِنَ السُّمِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھمبی من سے ہے اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفاء ہے۔ عجوہ کھجور جنت سے ہے اس میں زہر سے شفاء ہے۔

6368 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ تَكَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے بعد کہ جو عبدالقیس سے برتنوں کے متعلق فرمایا' جو فرمایا: جو برتن تمہارے سامنے آئے' اسی

6365- أخرجه الترمذی فی سننه رقم الحديث: 3304 .

6366- راجع الحديث السابق .

6367- أخرجه البخاری فی صحيحه رقم الحديث: 4478 .

6368- قال الهيثمی فی مجمع جلد2صفحه227 ورواه أبو يعلى وفيه شهر وفيه ضعف وهو حسن الحديث .

بَعْدَمَا قَالَ لِعَبْدِ الْقَيْسِ فِي الظُّرُوفِ مَا قَالَ: فَقَالَ: اشْرَبُوا مَا بَدَا لَكُمْ، كُلُّ امْرِءٍ حَسِيبُ نَفْسِهِ

میں پی لیا کرو، ہر بندے نے اپنی جان کا حساب دینا ہے۔

6369 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْكَمْأَةُ بَقِيَّةٌ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ

اسی سند کے ساتھ کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کھنبی، منّ میں سے باقی رہ گئی تھی اور اس کا پانی آنکھوں کیلئے شفا ہے۔

6370 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا أَبُو حَصِينٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لِغَنِيٍّ، وَلَا لِذِي مِرَّةٍ سَوِيٍّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صدقہ حلال نہیں ہے، مال دار کے لیے اور عمدہ عقل و دانش رکھنے والے کے لیے۔

6371 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَهْلًا عَنِ اللَّهِ مَهْلًا، لَوْلَا شَبَابٌ خُشَّعٌ، وَشُيُوخٌ رُكَّعٌ، وَأَطْفَالٌ رُضَّعٌ، وَبَهَائِمُ رُتَّعٌ، لَصَبَّ عَلَيْكُمُ الْعَذَابَ صَبًّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی طرف سے مہلت ہے، اللہ کی طرف سے مہلت ہے، اگر خشوع کرنے والے نوجوانوں، رکوع کرنے والے بزرگوں، دودھ پینے والے بچے اور چرنے والے جانور نہ ہوتے تو تم پر عذاب نازل ہوتا۔

6372 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ شَيْخٍ، مِنْ بَنِي رَبِيعَةَ بْنِ كِلَابٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی کو عجز اور فجور میں اختیار ہوگا۔ جس نے اس کو پایا وہ عجز کو اختیار کرے فجور پر۔

6369- سبق فيما قبله .

6370- أخرجه النسائي في الصغرى رقم الحديث: **2597** .

6371- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **227** وعزاه للبزار والطبراني وأبي يعلى .

6372- أورده الهيثمي في المجمع جلد **7** صفحه **287** وقال: رواه أحمد وأبو يعلى عن شيخ عن أبي هريرة وبقية رجاله ثقات .

وَسَلَّمَ: إِنَّهُ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يُخَيَّرُ الرَّجُلُ بَيْنَ الْعَجْزِ وَالْفُجُورِ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ فَلْيَخْتَرِ الْعَجْزَ عَلَى الْفُجُورِ

6373 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَشْرَسَ، يُحَدِّثُ عَنْ سَيْفٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ سَرْحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ فَأَنَا مِنْهُ بَرِيءٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اچھی اور بری تقدیر پر ایمان نہ رکھے اس سے بری ہوں۔

6374 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْأَزْرَقِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجِنَازَةٍ مَعَهَا نِسَاءٌ يَبْكِينَ، فَنَهَاهُنَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُنَّ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، فَإِنَّ النَّفْسَ مُصَابَةٌ، وَالْعَيْنَ دَامِعَةٌ، وَالْعَهْدَ قَرِيبٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازہ کے پاس سے گزرے اس کے ساتھ عورتیں رو رہی تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو منع کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابن خطاب! چھوڑ دو۔ بے شک نفس کو مصیبت پہنچتی ہے۔ آنکھوں سے آنسو جاری ہوتے ہیں اور وعدہ قریب ہے۔

6375 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَبِي الْمُهَاجِرِ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَعَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کے اعضاء کو تین تین مرتبہ دھویا۔

6373- أورده الهيثمي في المجمع جلد7صفحه206 وقال: رواه أبو يعلى وفيه صالح بن سرج وكان خارجيا .

6374- أخرجه ابن ماجة في سننه رقم الحديث: 1587 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة وعلي بن محمد .

6375- أخرجه ابن ماجة في سننه رقم الحديث: 425 قال: حدثنا أبو كريب، حدثنا خالد بن حيان .

6376 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ يَعْنِي الْأَصَمَّ الرِّفَاعِيَّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ، أَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَدَارَءُوا فِي الْكَمْأَةِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: أُرَاهَا الشَّجَرَةَ الَّتِي اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ، فَأَمْسَكَ عَنْهُ بَعْضُهُمْ، فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ، وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَهِيَ شِفَاءٌ مِنَ السُّمِّ

حضرت شہر بن حوشب فرماتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے حدیث بیان کی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کھنبی کے بارے میں بحث کر رہے تھے کسی نے کہا: میرا خیال ہے کہ یہ ایسا درخت ہے جس کو زمین کے اوپر سے اکھیڑ دیا گیا ہے اسے قرار نہیں ہے لیکن بعض یہ بات کہنے سے رُک گئے۔ یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھنبی بھی آسمان سے اُترنے والے کھانے ''مَنّ'' سے ہے اس کا پانی آنکھوں کیلئے شفا ہے اور عجوہ جنت کا پھل ہے یہ سم (زہر) سے شفا ہے۔

6377 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ عِيسَى بْنِ أَبِي عَزَّةَ، عَنْ أَبِي ثَوْرٍ الْأَزْدِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُوتِرَ قَبْلَ أَنْ أَنَامَ، قَالَ عِيسَى: وَكَانَ جَابِرٌ يُوتِرُ أَوَّلَ اللَّيْلِ ثُمَّ يَنَامُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا وتر پڑھنے کا سونے سے پہلے۔ راوی حدیث عیسیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ اول رات کو وتر پڑھتے تھے پھر سو جاتے تھے۔

6378 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ سَلَمَةَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَا وَضُوءَ لَهُ، وَلَا وَضُوءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو نماز بغیر وضو کے پڑھی جائے اور جو وضو بغیر بسم اللہ کے کیا جائے وہ وضو نہیں اور نماز نہیں ہے (یعنی وضو ہو جائے گا تو صرف وہی گناہ معاف ہوں گے جو وضو کے اعضا والے ہوتے ہیں اور بسم اللہ پڑھنے سے جسم کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں)۔

6376- سبق تخريجه رايجع الفهرس .

6377- أخرجه البخارى فى صحيحه رقم الحديث: **1981** قال: حدثنا أبو معمر' حدثنا عبد الوارث' حدثنا أبو التياح .

6378- أخرجه أبو داؤد فى سننه رقم الحديث: **101**ل .

6379 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ كَعْبٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتُمُ الْغُرُّ الْمُحَجَّلُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ آثَارِ الْوُضُوءِ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يُطِيلَ غُرَّتَهُ فَلْيَفْعَلْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے وضو والے اعضاء چمک رہے ہوں گے قیامت کے دن۔ جو تم میں سے طاقت رکھے کہ اس کی چمک لمبی ہو وہ کرے۔

6380 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ كَعْبٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَالَ الْإِمَامُ: (غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ) (الفاتحة: 7)، فَقَالَ الَّذِينَ خَلْفَهُ: آمِينَ، فَالْتَقَتْ مِنْ أَهْلِ السَّمَاءِ وَأَهْلِ الْأَرْضِ آمِينَ، غَفَرَ اللَّهُ لِلْعَبْدِ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، قَالَ: وَمَثَلُ الَّذِي لَا يَقُولُ: آمِينَ، كَمَثَلِ رَجُلٍ غَزَا مَعَ قَوْمٍ فَاقْتَرَعُوا، فَخَرَجَتْ سِهَامُهُمْ وَلَمْ يَخْرُجْ سَهْمُهُ، فَقَالَ: مَا لِسَهْمِي لَمْ يَخْرُجْ؟ قَالَ: إِنَّكَ لَمْ تَقُلْ: آمِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب امام ولا الضالین پڑھے جو اس کے پیچھے ہے وہ آمین کہے۔ اہل زمین اور اہل آسمان۔ آمین کہیں۔ اللہ عزوجل اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیتا ہے۔ اس کی مثال جو آمین نہیں کہہ سکتا۔ اس آدمی کی طرح ہے جو کسی قوم کے ساتھ جہاد کرنے تو انہوں نے قرعہ اندازی کر دی ان کا حصہ نکل آیا اور اس کا نہ نکلا' وہ کہے: میرا حصہ کیوں نہیں نکلا۔ کوئی کہے: تو نے آمین نہیں کہی۔

6381 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُوعِ فَإِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيعُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ فَإِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ - أَوْ بِئْسَتِ الْعَلَامَةُ-

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اے اللہ! میں بھوک سے تیری پناہ مانگتا ہوں کیونکہ یہ بدترین چیز ہے' میں خیانت سے تیری پناہ مانگتا ہوں کیونکہ یہ بُری خصلت یا بُری نشانی ہے''۔

6382 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ فِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے دیکھا اذا السماء وانشقت میں سجدہ کرتے

6380- أورده في مجمع الزوائد جلد2صفحه113 .

6381- وأخرجه النسائي في الصغرى رقم الحديث: 5468 .

6382- سبق تخريجه راجع الفهرس .

إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

ہوئے۔

6383 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ كَعْبٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكْثِرُوا الصَّلَاةَ عَلَيَّ، فَإِنَّ الصَّلَاةَ عَلَيَّ زَكَاةٌ لَكُمْ، وَسَلُوا لِيَ الْوَسِيلَةَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا الْوَسِيلَةُ؟ قَالَ: أَعْلَى دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ لَيْسَ يَنَالُهَا إِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ مِنَ النَّاسِ، وَأَنَا أَرْجُو أَنْ أَكُونَ أَنَا هُوَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری بارگاہ میں کثرت سے درود پاک پڑھا کرو۔ بے شک تمہارا دُرود مجھ پر تمہارے لیے پاکیزگی ہے۔ مجھ سے وسیلہ مانگو۔ عرض کی: یا رسول اللہ! وسیلہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں اعلیٰ درجہ جس کو کوئی نہیں پا سکتا ہے مگر میں سارے لوگوں میں سے پاؤں گا۔

6384 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ زَكَرِيَّا أَبُو عَمْرٍو الْمَدَائِنِيُّ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَعِقَ الْعَسَلَ فِي كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَ لَعَقَاتٍ لَمْ يُصِبْهُ عَظِيمٌ مِنَ الْبَلَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شہد چاٹ لیا ہر ماہ میں تین مرتبہ اس کو کوئی بڑی بیماری نہیں لگے گی۔

6385 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَارِظٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَعَنْ حَدِيثِ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ: أَنْصِتْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ- وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ-

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو اپنے ساتھی سے کہے جمعہ کے دن خاموش رہ، حال یہ ہے کہ امام خطبہ دے رہا ہے تو تُو نے لغو گفتگو کی۔

6383- أخرجه الترمذي في سننه رقم الحديث: **3545** .

6384- أخرجه ابن ماجه في سننه رقم الحديث: **3450** .

6385- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: **851** .

فَقَدْ لَغَوْتَ

6386 - حَدَّثَنَا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ عَامِرٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَزَالُ عِصَابَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ عَلَى أَبْوَابِ دِمَشْقَ، وَمَا حَوْلَهُ وَعَلَى أَبْوَابِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ وَمَا حَوْلَهُ، لَا يَضُرُّهُمْ خُذْلَانُ مَنْ خَذَلَهُمْ ظَاهِرِينَ عَلَى الْحَقِّ إِلَى أَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت سے ایک جماعت ہمیشہ جہاد کرتی رہے گی۔ دمشق کے دروازوں پر اس کے اردگرد اور بیت المقدس کے دروازوں پر اور اس کے اردگرد ان کو ذلیل کرنے والا ذلیل' ان کو نقصان نہیں دے گا۔ وہ حق پر رہیں گے۔ قیامت تک۔

6387 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ أَبِي أَنَسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَفْرَكْ مُؤْمِنٌ مُؤْمِنَةً، إِنْ كَرِهَ مِنْهَا خُلُقًا، رَضِيَ مِنْهَا آخَرَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مومن مومنہ سے ناراض نہ ہو، اگر کسی ایک بات پر ناراض ہوتو دوسری بات پر خوش ہو۔

6388 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُطِيعٍ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَفْرَكْ مُؤْمِنٌ مُؤْمِنَةً، إِنْ كَرِهَ مِنْهَا خُلُقًا، رَضِيَ مِنْهَا غَيْرَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مومن (خاوند) کسی مومنہ (بیوی) سے بغض نہ رکھے، اگر کسی ایک بات پر ناراض ہوتو دوسری بات پر خوش ہو۔

6389 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6386- أورده في مجمع الزوائد جلد10صفحه61,60 وعزاه لأبي يعلى وقال: رجاله ثقات .

6387- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 1469 .

6388- راجع ما سبق .

6389- أورده في مجمع الزوائد جلد7صفحه281 .

مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ قَالَ: أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ هَارُونَ، وَمُوسَى بْنُ أَبِي عِيسَى، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ بِكُمْ أَيُّهَا النَّاسُ إِذَا طَغَى نِسَاؤُكُمْ، وَفَسَقَ فِتْيَانُكُمْ؟ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ هَذَا لَكَائِنٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَأَشَدُّ مِنْهُ، كَيْفَ بِكُمْ إِذَا تَرَكْتُمُ الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ؟ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ هَذَا لَكَائِنٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَأَشَدُّ مِنْهُ، كَيْفَ بِكُمْ إِذَا رَأَيْتُمُ الْمُنْكَرَ مَعْرُوفًا، وَالْمَعْرُوفَ مُنْكَرًا؟

نے فرمایا: تمہاری کیا حالت ہوگی اس وقت جب تمہاری عورتیں سرکش اور تمہارے جوان نافرمان ہو جائیں گے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ ہو گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس سے بھی زیادہ سخت ہو گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا تمہاری کیا حالت ہوگی جب تم نیکی کا حکم کرنا چھوڑ دو گے اور برائی سے منع کرنا ترک کر دو گے؟ عرض کی: یارسول اللہ! یہ بھی ہو گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ اس سے بھی زیادہ سخت معاملہ ہوگا۔ فرمایا کیا معاملہ ہو گا اس وقت جب برائی کو اچھا اور اچھائی کو برا سمجھو گے؟

6390 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْجَهْمِ الْقَوَّاسَ، يُحَدِّثُ أَبِي، - وَكَانَ رَجُلًا فَارِسِيًّا ثَقِيلَ اللِّسَانِ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ أَبِي هُرَيْرَةَ - قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَظْهَرُ مَعْدِنٌ فِي أَرْضِ بَنِي سُلَيْمٍ، يُقَالُ لَهُ فِرْعَوْنُ أَوْ فِرْعَانُ، - وَذَلِكَ بِلِسَانِ أَبِي الْجَهْمِ قَرِيبٌ مِنَ السَّوَاءِ - يَخْرُجُ إِلَيْهِ شِرَارُ النَّاسِ - أَوْ يُحْشَرُ إِلَيْهِ شِرَارُ النَّاسِ -

حضرت عبدالحمید بن جعفر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجہم قو اس نے میرے باپ سے حدیث بیان کی اور وہ ایک فارسی آدمی تھا اس کی زبان بھاری تھی وہ شاگردانِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں سے تھا۔ فرمایا: میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بنی سلیم کی سرزمین میں ایک کان ظاہر ہوگی اس کو فرعون یا فرعان کہا جاتا ہوگا (یہ ابوجہم کی زبان سے ہے' برابری کے قریب) ہے' اس کی طرف برے لوگ نکلیں گے یا وہاں اکٹھے ہوں گے۔

6391 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كَانَ أَبِي يُصَلِّي خَلْفَ أَبِي هُرَيْرَةَ بِالْمَدِينَةِ قَالَ:

حضرت اسماعیل اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے مدینہ شریف میں نماز پڑھی۔ ان کی نماز قتیبہ جیسی نماز تھی

6391- أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف جلد2صفحه56 .

وَكَانَتْ صَلَاتُهُ نَحْوًا مِنْ صَلَاةِ قَيْسٍ يُتِمُّ الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، فَقِيلَ لِأَبِي هُرَيْرَةَ: هَكَذَا كَانَتْ صَلَاةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ وَأَجْوَزَ

رکوع و سجود مکمل اور مختصر کیے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز تھی؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں اس سے بھی زیادہ مختصر تھی۔

6392 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي يَزِيدَ الْأَوْدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: دَخَلَ أَبُو هُرَيْرَةَ الْمَسْجِدَ، فَاجْتَمَعَ إِلَيْهِ النَّاسُ، فَقَامَ إِلَيْهِ شَابٌّ فَقَالَ: أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ، أَسَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ؟، قَالَ: فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

حضرت ابویزید اودی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے لوگ ان کے پاس جمع ہو گئے۔ ایک نوجوان کھڑا ہوا اس نے عرض کی: میں اللہ کی قسم دیتا ہوں آپ رضی اللہ عنہ کو، کیا آپ رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا میں مددگار ہوں اس کا علی رضی اللہ عنہ مددگار ہے۔ تو اس کو دوست رکھ جو اس کو دوست رکھے۔ اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح سنا ہے جس طرح آپ نے بیان کیا ہے۔

6393 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَتْ شَجَرَةٌ تُضَيِّقُ الطَّرِيقَ فَقَطَعَهَا رَجُلٌ فَعَزَلَهَا عَنِ الطَّرِيقِ فَغُفِرَ لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک درخت نے راستہ تنگ کیا ہوا تھا۔ ایک آدمی نے اس کو کاٹ کر ہٹا دیا۔ اللہ عزوجل نے (اس کی اُس نیکی کی وجہ سے) اس کو بخش دیا۔

6394 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَيْنَانِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دونوں آنکھیں زنا کرتی ہیں، دونوں ہاتھ زنا کرتے ہیں، دونوں پاؤں زنا کرتے ہیں، شرمگاہ اس کی

6392- أورده في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**106** وقال: رواه أبو يعلى والبزار بنحوه .

6393- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: **1914** .

6394- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: **8334** .

تَزْنِيَانِ، وَالْيَدَانِ تَزْنِيَانِ، وَالرِّجْلَانِ تَزْنِيَانِ، وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذٰلِكَ أَوْ يُكَذِّبُهُ

تصدیق کرتی ہے یا اس کو جھٹلاتی ہے۔

6395 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ زَكَرِيَّا نَجَّارًا

حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت زکریا علیہ السلام بڑھئی کا کام کرتے تھے۔

6396 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَطَاعَ الْعَبْدُ سَيِّدَهُ، وَأَطَاعَ رَبَّهُ فَلَهُ أَجْرَانِ

حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب غلام اپنے آقا کی اطاعت کرتا ہے اور اپنے رب کی اطاعت کرتا ہے اس کے لیے دو اجر ہیں۔

6397 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَحْسَبُهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَنْعَمُ، لَا يَبْأَسُ، لَا تَبْلَى ثِيَابُهُ وَلَا يَفْنَى شَبَابُهُ، فِي الْجَنَّةِ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ

حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جنت میں داخل ہوا اس کی نعمتیں ایسی ہیں جو ختم نہیں ہوں گی۔ کپڑے پرانے نہیں ہوں گے۔ جوانی ختم نہیں ہوگی۔ جنت میں ایسی نعمتیں ہوں گی جس کو کسی آنکھ نے نہیں دیکھا ہوگا کسی کان نے سنا نہیں ہو گا۔ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال نہیں آیا ہوگا۔

6398 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا كَانَ يَلْتَقِطُ الْأَذَى مِنَ الْمَسْجِدِ، فَمَاتَ فَفَقَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا فَعَلَ فُلَانٌ؟، قَالُوا: مَاتَ، قَالَ: أَفَلَا آذَنْتُمُونِي بِهِ؟، فَكَأَنَّهُمُ اسْتَخَفُّوا بِشَأْنِهِ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: انْطَلِقُوا فَدُلُّونِي عَلَى قَبْرِهِ، فَذَهَبَ فَصَلَّى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: إِنَّ هَذِهِ الْقُبُورَ مَمْلُوءَةٌ ظُلْمَةً عَلَى أَهْلِهَا، وَإِنَّ اللّٰهَ يُنَوِّرُهَا عَلَيْهِمْ بِصَلَاتِي

حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد سے تکلیف دہ چیزوں کو اٹھاتا تھا، وہ فوت ہو گیا۔ حضور ﷺ نے اس کو نہ پایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: فلاں آدمی کہاں گیا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: وہ فوت ہو گیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے اطلاع کیوں نہیں دی، گویا تم نے اس کو ہلکا جانا ہے۔ صحابہ کرام سے حضور ﷺ نے کہا، چلو [illegible] کی قبر دکھاؤ۔ حضور ﷺ گئے اس کی قبر پر ہی نماز جن[illegible] آپ ﷺ نے فرمایا: یہ قبریں

6395- أخرج مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2379 .

6396- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: 7520 .

6397- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2836 .

6398- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 1337 .

اندھیروں سے بھری ہوئی ہوتی ہیں، اپنے اندر والوں پر اللہ عزوجل میری نماز کی وجہ سے اس کو نور والا کر دیتا ہے۔

6399 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ الْعَبْدُ فِي صَلَاةٍ مَا كَانَ يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ، تَقُولُ الْمَلَائِكَةُ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، اللَّهُمَّ ارْحَمْهُ حَتَّى يَنْصَرِفَ أَوْ يُحْدِثَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ مسلسل نماز میں ہی ہوتا ہے جب تک نماز کے انتظار میں رہتا ہے، فرشتے اس کے لیے دعا کرتے ہیں: اے اللہ! اس کو بخش دے۔ اے اللہ! اس پر رحم فرما۔ یہاں تک کہ چلا جائے یا بے وضو ہو جائے۔

6400 - وَبِإِسْنَادِهِ غَيْرِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ فِرْعَوْنَ، أَوْتَدَ لِامْرَأَتِهِ أَرْبَعَةَ أَوْتَادٍ فِي يَدَيْهَا وَرِجْلَيْهَا، فَكَانَ إِذَا تَفَرَّقُوا عَنْهَا ظَلَّلَتْهَا الْمَلَائِكَةُ، فَقَالَتْ: (رَبِّ ابْنِ لِي عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِي مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهِ وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ) (التحريم: 11)، فَكَشَفَ لَهَا عَنْ بَيْتِهَا فِي الْجَنَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فرعون نے اپنی بیوی کے لیے چار بندے رکھے ہوئے تھے جو اس کی بیوی کو دباتے تھے۔ دو ہاتھوں کو، دو پاؤں کو، جب وہ چلے جاتے، فرشتے اس پر سایہ کرتے۔ وہ عرض کرتی: ''اے اللہ! میرے لیے جنت میں گھر بنا اور فرعون اور اس کے عمل سے نجات دے اور ظالم قوم سے نجات دے''۔ اللہ عزوجل نے اس کے لیے اس کے گھر کو جنت میں منکشف کر دیا۔

6401 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، أَنَّ أَبَا رَافِعٍ، حَدَّثَ أَنَّهُ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللَّهَ كَتَبَ كِتَابًا قَبْلَ أَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے اپنی مخلوق پیدا کرنے سے پہلے لکھ دیا تھا کہ میری رحمت میرے غضب سے سبقت لے گئی ہے۔

6399- وأخرجه النسائی فی الصغری رقم الحديث: 471 .

6400- ذكره الحافظ فی المطالب العاليه جلد3صفحه390 وقال بعد عزوه الى أبی يعلى: صحيح موقوف .

6401- أخرجه البخاری فی صحيحه رقم الحديث: 7554 .

يَخْلُقَ الْخَلْقَ: إِنَّ رَحْمَتِي سَبَقَتْ غَضَبِي

6402 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ سَلَامِ بْنِ مِسْكِينٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: سَأَلْتُ الْحَسَنَ: عَنْ صِيَامِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: نَهَى عَنْهُ، إِلَّا فِي أَيَّامٍ مُتَتَابِعَةٍ قَالَ: وَحَدَّثَنِي أَبُو رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صِيَامِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، إِلَّا فِي أَيَّامٍ قَبْلَهُ أَوْ بَعْدَهُ

حضرت سلام بن مسکین اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حسن بصری رحمۃ اللہ سے جمعہ کے دن روزہ رکھنے کے متعلق پوچھا؟ آپ رحمۃ اللہ نے فرمایا: اس دن رکھنے سے منع کیا، ہاں اگر لگاتار رکھتا تھا تو کوئی حرج نہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن روزہ رکھنے سے منع کیا مگر اس سے پہلے ایک دن یا بعد میں ایک دن رکھ لے۔

6403 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ أَبِي هُرَيْرَةَ الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ، فَسَجَدْنَا فِي إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ قُلْتُ: أَتَسْجُدُ فِي إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ؟ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَجَدَ فِيهَا فَلَا أَزَالُ أَسْجُدُ فِيهَا

حضرت ابو رافع فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز عشاء پڑھی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اذا السماء انشقت میں سجدہ کیا۔ جب آپ رضی اللہ عنہ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے عرض کی آپ رضی اللہ عنہ اذا السماء انشقت میں سجدہ کرتے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ادا کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سجدہ کیا۔ پس میں مسلسل اس میں سجدہ کرتا ہوں۔

6404 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ، فَلَا يَبْزُقَنَّ إِلَى الْقِبْلَةِ، وَلَا عَنْ يَمِينِهِ، وَلَكِنْ تَحْتَ رِجْلِهِ الْيُسْرَى، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَلْيَبْزُقْ فِي نَاحِيَةِ ثَوْبِهِ، ثُمَّ يَرُدُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کوئی نماز میں ہو، وہ قبلہ اور دائیں جانب نہ تھوکے، لیکن اپنے پاؤں کے نیچے تھوکے۔ اگر اس کی طاقت نہیں رکھتا ہے تو اپنے کپڑے کے کنارہ میں تھوک لے۔ اس کے بعض کو بعض کے ساتھ ملا لے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گویا میں اب

6402- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 1985 .

6403- أخرجه البخاري في صحيح رقم الحديث: 766 .

6404- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: 9120 .

بَعْضَهُ عَلَى بَعْضٍ ، قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرُدُّ ثَوْبَهُ بَعْضًا عَلَى بَعْضٍ

بھی دیکھ رہا ہوں کہ حضور ﷺ کے کپڑے کو آپ ﷺ نے بعض بعض پر مل دیا۔

6405 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، يُحَدِّثُ عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَبَا رَافِعٍ حَدَّثَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَحْفِرُونَ كُلَّ يَوْمٍ حَتَّى يَكَادُوا يَرَوْنَ شُعَاعَ الشَّمْسِ فَيَقُولُونَ: نَرْجِعُ إِلَيْهِ غَدًا، فَيَرْجِعُونَ وَهُوَ أَشَدُّ مَا كَانَ، فَإِذَا بَلَغَتْ مُدَّتُهُمْ وَأَرَادَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَبْعَثَهُمْ عَلَى النَّاسِ، قَالُوا: نَرْجِعُ إِلَيْهِ إِنْ شَاءَ اللَّهُ غَدًا، فَيَرْجِعُونَ إِلَيْهِ كَهَيْئَةِ مَا تَرَكُوهُ فَيَحْفِرُونَهُ ، أَوْ كَمَا قَالَ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَيَفِرُّ النَّاسُ مِنْهُمْ فِي حُصُونِهِمْ ،- أَوْ كَمَا قَالَ، قَالَ الْمُعْتَمِرُ: وَقَالَ أَبِي: عَنْ قَتَادَةَ - : إِنَّهُمْ يَرْمُونَ فِي السَّمَاءِ سِهَامًا، فَتَرْجِعُ إِلَيْهِمْ فِيهَا دَمٌ فَيَقُولُونَ: ظَهَرْنَا عَلَى الْأَرْضِ وَقَهَرْنَا أَهْلَ السَّمَاءِ ، أَوْ كَمَا قَالَ، قَالَ: فَيَبْعَثُ اللَّهُ عَلَيْهِمُ النَّغَفَ فِي أَقْفَائِهِمْ فَيَقْتُلُونَهُمْ ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَتَّى إِنَّ دَوَابَّهُمْ تَسْمَنُ وَتَبْطَرُ مِمَّا تَأْكُلُ لُحُومَهُمْ أَوْ كَمَا قَالَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: (یاجوج ماجوج) ہر روز کھودیں گے یہاں تک کہ وہ سورج کی شعاع دیکھنے کے قریب ہوں گے تو کہیں گے: کل ہم اس کی طرف دوبارہ آئیں گے۔ پس وہ دوسرے دن آئیں گے تو حال یہ ہوگا کہ وہ دیوار پہلے سے بھی زیادہ سخت ہوگی (اسی طرح سلسلہ چلتا رہے گا) پس جب ان کی مدت پوری ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ ان کو لوگوں پر بھیجنے کا ارادہ فرمائے گا' وہ کہیں گے: ان شاء اللہ ہم کل اس کی طرف لوٹیں گے۔ پس وہ اس کی طرف واپس آئیں گے تو اسے اسی حالت پر پائیں گے جس پر اسے چھوڑ کر گئے تھے' پس وہ اسے کھود لیں گے یا جیسے آپ ﷺ نے فرمایا: راوی کا بیان ہے: پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: پس لوگ ان سے بھاگ کر' اپنے قلعوں میں چلے جائیں گے یا جیسے آپ ﷺ نے فرمایا: معتمر نے کہا: اور میرے باپ نے کہا: اُنہوں نے حضرت قتادہ سے روایت کیا: بے شک وہ آسمان میں تیر ماریں گے' پس وہ تیر خون آلود ہو کر واپس آئیں گے' پس وہ کہیں گے: ہم زمین والوں پر غالب آ گئے اور ہم نے آسمان والوں پر بھی غلبہ حاصل کر لیا یا جیسے نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ فرمایا. پس اللہ تعالیٰ ان کی گدی

6405- أخرجه الترمذي في سننه رقم الحديث: **3078** .

میں پھوڑا پیدا کرے گا' پس ان سے وہ مر جائیں گے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہاں تک کہ لوگوں کے جانوران کا گوشت کھا کر موٹے ہو جائیں گے۔

6406 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خِلَاسٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْمُؤْمِنِ زَوْجَتَانِ يَرَى مُخَّ سُوقِهِمَا مِنْ بَيْنِ ثِيَابِهِمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کیلئے دو بیویاں ہوں گی۔ ان کی پنڈلیوں کا گودا کپڑوں کے درمیان سے دیکھا جا سکے گا۔

6407 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَذْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خِلَاسٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَجُلَيْنِ تَدَارَآ فِي الْبَيْعِ وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا بَيِّنَةٌ، فَأَمَرَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَتَسَاهَمَا عَلَى الْيَمِينِ أَحَبَّا أَوْ كَرِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ دو آدمی بیع میں جھگڑ رہے تھے ان دونوں کے درمیان گواہ نہیں تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو حکم دیا کہ وہ قسم پر قرعہ اندازی کریں، خواہ پسند کریں یا ناپسند کریں۔

6408 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ خِلَاسٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ النَّاسَ أَتْبَاعٌ لِقُرَيْشٍ: كُفَّارُهُمْ أَتْبَاعٌ لِكُفَّارِهِمْ وَمُسْلِمُهُمْ أَتْبَاعٌ لِمُسْلِمِهِمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ قریش کے تابع ہیں۔ ان کے کفار ان کے کفار کے تابع ہیں، ان کے مسلمان ان کے مسلمانوں کے تابع ہیں۔

6409 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6406- أخرجه أحمد بن حنبل فی مسنده رقم الحديث: **8770** .

6407- أخرجه أحمد بن حنبل فی مسنده رقم الحديث: **9974** .

6408- أخرجه أحمد بن حنبل فی مسنده رقم الحديث: **8887** .

6409- أخرجه أحمد بن حنبل فی مسنده رقم الحديث: **8985** .

مُوسَى، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهِ فَلْيُفْرِغْ عَلَى يَمِينِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَبْلَ أَنْ يُدْخِلَهَا، فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي فِيمَ بَاتَتْ يَدُهُ

نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی نیند سے اٹھے تو اپنے ہاتھ پر تین مرتبہ پانی ڈالے برتن میں داخل کرنے سے پہلے وہ نہیں جانتا کہ اس کے ہاتھوں نے رات کہاں گزاری ہے۔

6410 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ، حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي الْحُسَيْنِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ فِي يَدَيَّ سِوَارَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ، فَهَمَّنِي شَأْنُهُمَا، فَنَفَخْتُهُمَا، فَطَارَا، فَأَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَيْنِ يَخْرُجَانِ بَعْدِي، وَأُوحِيَ إِلَيَّ: أَنِ انْفُخْهُمَا، فَنَفَخْتُهُمَا، فَطَارَا، فَأَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَيْنِ يَخْرُجَانِ بَعْدِي فَكَانَ أَحَدُهُمَا الْعَنْسِيَّ صَاحِبَ صَنْعَاءَ، وَالْآخَرُ مُسَيْلِمَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسی اثناء میں کہ میں سویا ہوا تھا' میں نے اپنے ہاتھوں میں سونے کے کنگن دیکھے' میں نے ان کو پھونک ماری' وہ دونوں اُڑے' پس میں نے اس خواب کی تعبیر یہ کی کہ میرے بعد دو جھوٹے ہوں گے اور یہ میری طرف وحی ہوئی کہ میں ان کو پھونک ماروں تو میں نے ان کو پھونک ماری' پس وہ اُڑے' پس میں نے ان دونوں کی تعبیر دو جھوٹوں کے ساتھ کی جو میرے بعد نکلیں گے' پس ان میں سے ایک اسود عنسی تھا صنعاء کا اور دوسرا نبوت کا جھوٹا دعویدار مسیلمہ کذاب تھا۔

6411 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زندہ کے بلند آواز سے رونے کے سبب میت کو عذاب دیا جاتا ہے۔

6412 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

6410- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6411- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6412- سبق تخريجه راجع الفهرس .

قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، وَعَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَسْرِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ

کریم ﷺ نے فرمایا: زانی زنا نہیں کرتا جب وہ زنا کرتا ہے اس حال میں کہ وہ مؤمن ہو چور چوری نہیں کرتا جب وہ چوری کرتا ہے اس حال میں کہ وہ مؤمن ہو اور کوئی شرابی شراب نہیں پیتا' جب وہ شراب پیتا ہے اس حال میں کہ وہ مؤمن ہو۔

6413 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُقْبَلُ شَهَادَةُ الْبَدْوِيِّ عَلَى الْقَرَوِيِّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بدوی کی گواہی دیہاتی کے حق میں قبول نہیں۔

6414 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِلَّهِ مِائَةَ رَحْمَةٍ: وَاحِدَةٌ بَيْنَ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْوُحُوشِ وَالْهَوَامِّ، فِيهَا يَتَعَاطَفُونَ، وَبِهَا يَتَرَاحَمُونَ، وَبِهَا تَعْطِفُ الْوَحْشُ عَلَى أَوْلَادِهَا، وَأَخَّرَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ يَرْحَمُ بِهَا عِبَادَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ کی سو رحمتیں ہیں' ان میں سے ایک رحمت' انسانوں' جنوں' جنگلی جانوروں اور کیڑے مکوڑوں کے درمیان ہے' پس اسی کے صدقے وہ ایک دوسرے پر مہربانی کرتے اور ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں اور اسی کے صدقے جنگلی جانور بھی اپنی اولاد سے کرم نوازی کا سلوک کرتے ہیں اور ننانویں رحمتیں' اپنے بندوں پر رحم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے قیامت تک مؤخر فرما دی ہیں۔

6415 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا كُلْثُومُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي سِدْرَةَ، أَنَّ عَطَاءً الْخُرَاسَانِيَّ، حَدَّثَهُمْ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ فرمایا کرتے تھے: نماز کے حسن میں سے ایک چیز لمبا قیام ہے۔

6413- أخرجه أبو داؤد في سننه رقم الحديث: **3602** .

6414- سبق تخريجه راجع الفهرس .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: مِنْ حُسْنِ الصَّلَاةِ طُولُ الْقُنُوتِ

6416 - حَدَّثَنَا أَبُو يَاسِرٍ، حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: السُّحُورُ بَرَكَةٌ، وَالثَّرِيدُ بَرَكَةٌ، وَالْجَمَاعَةُ بَرَكَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سحری نری برکت ہے' ثرید برکت ہے اور جماعت برکت ہے۔

6417 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ، أَنَّ عُمَرَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالْحَبَشَةُ يَلْعَبُونَ فَزَجَرَهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُمْ، فَإِنَّهُمْ بَنُو أَرْفِدَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور عمر رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے۔ حبشی (مسجد) میں کھیل رہے تھے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے ان کو ڈانٹا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھوڑ دو یہ بنوارفدہ ہیں۔

6418 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ زَنْجَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، عَنْ أَبِي مُرَّةَ، مَوْلَى عُقَيْلٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ جَائِعَانِ فِي غَنَمٍ افْتَرَقَتْ، أَحَدُهُمَا فِي أَوَّلِهَا، وَالْآخَرُ فِي آخِرِهَا بِأَسْرَعَ فَسَادًا مِنِ امْرِءٍ فِي دِينِهِ يُحِبُّ شَرَفَ الدُّنْيَا وَمَالَهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو (بھوکے) بھیڑیے بکریوں کے گروہ میں۔ شروع سے آخر تک چھوڑ دیئے جاتے ہیں۔ اتنا نقصان نہیں کرتے جتنا دین کے معاملہ میں دنیا کی شرافت و مال حاصل کرنے والا کرتا ہے۔

6419 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مَعْدِي بْنُ سُلَيْمَانَ أَبُو سُلَيْمَانَ - صَاحِبُ الطَّعَامِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا ممکن ہے تم میں سے کوئی بکریاں لے کر

6416- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6418- قال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه250: رواه أبو يعلى' ورجاله رجال الصحيح .

6419- أخرجه ابن ماجة في سننه رقم الحديث: 1127 .

-، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ عَسَى أَحَدُكُمْ أَنْ يَتَّخِذَ مِنَ الْغَنَمِ فَيُقِيمَ عَلَى رَأْسِ جَبَلٍ: مِيلٍ أَوْ مِيلَيْنِ مِنَ الْمَدِينَةِ؟ فَتَأْتِي الْجُمُعَةُ فَلَا يُجَمِّعُ، ثُمَّ تَأْتِي الْجُمُعَةُ فَلَا يُجَمِّعُ، فَيُطْبَعُ عَلَى قَلْبِهِ فَيَكُونُ مِنَ الْغَافِلِينَ

پہاڑ کی چوٹی پر چلا جائے۔ شہر سے ایک میل یا دو میل دو۔ جمعہ کا دن آ جائے وہ پڑھنے کے لیے نہ آئے، دوسرا جمعہ بھی وہ نہ آئے تو اللہ عزوجل اس کے دل پر مہر لگا دیتا ہے اس کو غافلین میں سے لکھا دیتا ہے۔

6420 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَرَمُ الْمُؤْمِنِ تَقْوَاهُ، وَمُرُوءَتُهُ عَقْلُهُ، وَحَسَبُهُ دِينُهُ، وَالْجُبْنُ وَالْجُرْأَةُ غَرَائِزُ يَضَعُهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ حَيْثُ شَاءَ: فَالْجَبَانُ يَفِرُّ مِنْ أَبِيهِ وَأُمِّهِ، وَالْجَرِيءُ يُقَاتِلُ عَمَّا لَا يُبَالِي أَنْ لَا يَؤُوبَ بِهِ إِلَى أَهْلِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کی عزت اس کا تقویٰ ہے، اس کی مروّت اس کی عقل ہے، اس کا حسب اس کا دین ہے اور بزدلی و بہادری فطری چیزیں ہیں، جن کو اللہ رکھتا ہے جہاں چاہتا ہے، پس بزدل اپنے باپ اور ماں سے بھاگتا ہے اور بہادر وہ ہے جو جہاد کرتا ہے، اس کے بارے جس کی اسے پرواہ نہیں ہے کہ وہ اپنے گھر والوں کی طرف نہیں لوٹے گا۔

6421 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَلَا يَتْبَعَنَّكُمُ اللّٰهُ مِنْ ذِمَّتِهِ، أَلَا وَمَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا لَهُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُولِهِ، فَقَدْ خَفَرَ ذِمَّةَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَرِيحُ رِيحَ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ رِيحَهَا لَتُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ سَبْعِينَ خَرِيفًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ عزوجل کے ذمہ میں ہے۔ اللہ ذمہ میں تمہیں پوچھے گا، خبردار! جس نے قتل کیا معاہدہ والے کو جو اللہ کے ذمہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ میں تھا، اس نے اللہ کے ذمہ کو حقیر جانا وہ جنت کی خوشبو نہ پا سکے گا۔ حالانکہ بے شک جنت کی خوشبو ستر ہزار میل دور سے سونگھی جا سکے گی۔

6422 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مَعْدِي، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: مَنْ أُذِنَ بِجَنَازَةٍ فَانْصَرَفَ عَنْهَا إِلَى أَهْلِهِ كَانَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو جنازہ کی اطلاع ملی وہ اس وقت اس کے اہل خانہ کے پاس چلا گیا اس کے لیے ایک قیراط

لَهُ قِيرَاطٌ، فَإِذَا شَيَّعَهَا كَانَ لَهُ قِيرَاطٌ، فَإِذَا صَلَّى عَلَيْهَا كَانَ لَهُ قِيرَاطٌ، فَإِذَا جَلَسَ حَتَّى يُقْضَى قَضَاؤُهَا كَانَ لَهُ قِيرَاطٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقِيرَاطُ عِنْدَ اللّٰهِ مِثْلُ جَبَلِ أُحُدٍ أَوْ أَعْظَمُ مِنْ جَبَلِ أُحُدٍ

ثواب ہے۔ جب جنازہ میں شریک ہوگیا اس کے لیے ایک اور قیراط ثواب ہے۔ اگر اس نے اس کا جنازہ بھی پڑھ لیا اس کے لیے ایک قیراط ثواب اور ہے۔ جب بیٹھ گیا حتیٰ کہ اس کی قضاء پوری کر دی جائے' اس کے لیے ایک قیراط کا ثواب ہو گا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: قیراط اللہ کے ہاں احد پہاڑ کی مثل یا احد پہاڑ سے بڑا ہو گا۔

6423 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ صَلَاةٍ لَا يُقْرَأُ فِيهَا بِأُمِّ الْقُرْآنِ فَهِيَ خِدَاجٌ، فَهِيَ خِدَاجٌ، فَهِيَ خِدَاجٌ، غَيْرُ تَمَامٍ، قَالُوا: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ إِذَا كُنْتُ خَلْفَ الْإِمَامِ؟ قَالَ: اقْرَأْ فِي نَفْسِكَ يَا فَارِسِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نماز جس میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے، وہ ناقص ہے وہ ناقص ہے۔ انہوں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! جب میں امام کے پیچھے ہوں تو پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اے فارسی! اپنے دل میں پڑھ لیا کر۔

6424 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ شَهِدَ جَنَازَةً فَصَلَّى عَلَيْهَا مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ، فَذَهَبَ أَبُو هُرَيْرَةَ حَتَّى جَلَسْنَا بِالْمَقْبَرَةِ، فَجَاءَ أَبُو سَعِيدٍ فَقَالَ لِمَرْوَانَ: أَرِنِي يَدَكَ، فَأَعْطَاهُ يَدَهُ، فَقَالَ: قُمْ، قَالَ: فَقَامَ، ثُمَّ قَالَ مَرْوَانُ: لِمَ أَقَمْتَنِي؟ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَى جَنَازَةً قَامَ حَتَّى يُمَرَّ بِهَا وَقَالَ: إِنَّ الْمَوْتَ فَزَعٌ، فَقَالَ مَرْوَانُ: أَصَدَقَ، أَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ ایک جنازہ میں شریک تھے اس پر نماز جنازہ مروان بن حکم نے پڑھائی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ گئے یہاں تک کہ ہم قبرستان میں بیٹھ گئے تھے۔ ابوسعید تشریف لائے۔ مروان سے کہا: مجھے اپنا ہاتھ دکھاؤ اس نے ہاتھ دکھایا۔ آپ نے فرمایا: کھڑا ہو جا! وہ کھڑا ہوا پھر مروان نے کہا۔ آپ نے مجھے کھڑا کیوں کیا ہے؟ فرمایا: رسول اللہ ﷺ جب جنازہ کو دیکھتے تھے تو کھڑے ہو جاتے یہاں تک کہ جنازہ گزر جاتا اور فرمایا: موت گھبراہٹ

6423- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 395 .

6424- أخرجه ابن ماجة في سننه رقم الحديث: 1534 .

مَنَعَكَ أَنْ تُخْبِرَنِي؟ قَالَ: كُنْتُ إِمَامًا فَجَلَسْتَ فَجَلَسْتُ

ہے۔ مروان نے کہا: کیا سچ ہے، اے ابوہریرہ؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں۔ مروان نے کہا: آپ رضی اللہ عنہ کو کیا رکاوٹ تھی مجھے بتانے میں؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ امام تھے آپ بیٹھ گئے تھے میں بھی بیٹھ گیا۔

6425 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِنْ تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَكْتُمْ مَا اسْتَطَاعَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمائی شیطان کی طرف سے ہے جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اس کو جتنی طاقت ہو روکے۔

6426 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا مَاتَ الْإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ إِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ: إِلَّا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ، أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ، أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُو لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب انسان مر جاتا ہے اس کا عمل ختم ہو جاتا ہے مگر تین چیزیں ایسی ہیں مرنے کے بعد ان کا ثواب ملتا ہے: (۱) صدقہ جاریہ (۲) ایسا علم جس سے نفع اٹھایا جائے (۳) نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرتی ہے۔

6427 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ، وَلَا زَادَ اللَّهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ إِلَّا عِزًّا، وَمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلَّهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ سے مال کم نہیں ہوتا معاف کرنے سے عزت میں اللہ اضافہ کرتا ہے۔ عاجزی کرنے سے اللہ تعالیٰ بلندی عطا فرماتا ہے۔

6428 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

6425- أخرجه مسلم فی صحيحه رقم الحديث: 2994 .

6426- أخرجه مسلم فی صحيحه رقم الحديث: 1631 .

6427- أخرجه مسلم فی صحيحه رقم الحديث: 2588 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَأْتِي الْمَسِيحُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ - وَهِمَّتُهُ الْمَدِينَةُ - حَتَّى يَنْزِلَ دُبُرَ أُحُدٍ، ثُمَّ تَصْرِفُ الْمَلَائِكَةُ وَجْهَهُ قِبَلَ الشَّامِ، وَهُنَالِكَ يَهْلِكُ

اللہ ﷺ نے فرمایا: مسیح مشرق کی جانب سے آئے گا اس کا ارادہ مدینہ ہوگا۔ یہاں احد کے پیچھے اترے گا۔ پھر فرشتے اس کا منہ شام کی جانب پھیر دیں گے وہاں ہلاک ہوگا۔

6429 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْيَمِينُ الْكَاذِبَةُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مُمْحِقَةٌ لِلْكَسْبِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جھوٹی قسم کے ساتھ مال کو فروخت کرنا اس سے برکت ختم ہو جاتی ہے۔

6430 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ بَنِي الْحَكَمِ يَنْزُونَ عَلَى مِنْبَرِهِ وَيَنْزِلُونَ، فَأَصْبَحَ كَالْمُتَغَيِّظِ وَقَالَ: مَا لِي رَأَيْتُ بَنِي الْحَكَمِ يَنْزُونَ عَلَى مِنْبَرِي نَزْوَ الْقِرَدَةِ؟، قَالَ: فَمَا رُئِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَجْمِعًا ضَاحِكًا بَعْدَ ذَلِكَ حَتَّى مَاتَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا کہ بنی حکم آپ ﷺ کے منبر پر چڑھتے اور اترتے ہیں۔ آپ ﷺ نے صبح کی، غصہ کی حالت میں۔ فرمایا: مجھے کیا ہے کہ میں نے بنی حکم کو دیکھا ہے میرے منبر پر چڑھتے ہیں بندر کے چڑھنے کی طرح۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو نہیں دیکھا اس کے بعد کھل کر مسکراتے یہاں تک کہ آپ ﷺ کا وصال ہو گیا۔

6431 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَلْعُونٌ مَنْ أَتَى النِّسَاءَ فِي أَدْبَارِهِنَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لعنتی ہے وہ آدمی جو عورتوں کی دبر میں وطی کرتا ہے۔

6432 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

6429- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: 7166 .

6430- ذكره في المطالب العالية جلد4صفحه332 وقال البوصيري: رواته ثقات .

6431- أخرجه أبو داؤد في سننه رقم الحديث: 2162 .

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: إِذَا صَلَّى ثُمَّ جَلَسَ فِي مَجْلِسِهِ الَّذِي صَلَّى فِيهِ، لَمْ تَزَلِ الْمَلَائِكَةُ تُصَلِّي عَلَيْهِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ مَا لَمْ يُحْدِثْ أَوْ يَقُمْ

نے فرمایا: بندہ مسلسل نماز میں ہی ہوتا ہے جب تک نماز کے انتظار میں رہتا ہے، فرشتے اس کے لیے دعا کرتے ہیں: اے اللہ! اس کو بخش دے۔ اے اللہ! اس پر رحم فرما۔ یہاں تک کہ چلا جائے یا بے وضو ہو جائے۔

6433 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدِينِيُّ، - وَكَانَ خَيْرًا مِنْ أَبِيهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ - حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَأَيْتُ جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ مَلَكًا يَطِيرُ مَعَ الْمَلَائِكَةِ بِجَنَاحَيْنِ فِي الْجَنَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو دیکھا۔ وہ فرشتوں کے ساتھ پروں سے جنت میں اُڑ رہے ہیں۔

6434 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، وَعِدَّةٌ قَالُوا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا مومن کے لیے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے۔

6435 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَعْنِي يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اسْتَقْرَضْتُ عَبْدِي فَلَمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں نے اپنے بندے سے قرض مانگا اس نے مجھے قرض نہیں دیا۔ میرا بندہ مجھے گالیاں دیتا ہے، حالانکہ وہ جانتا بھی نہیں (کہ گالی دے رہا ہوں) وہ کہتا ہے ہائے زمانہ، ہائے زمانہ! حالانکہ

6433- أخرجه الترمذي في سننه رقم الحديث: **3696** .

6434- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: **2956** .

6435- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: **7928** .

يُقْرِضُنِي، وَشَتَمَنِي عَبْدِي وَهُوَ لَا يَدْرِي، يَقُولُ: وَادَهْرَاهُ، وَادَهْرَاهُ، وَأَنَا الدَّهْرُ

میں ہی زمانہ کو پیدا کرنے والا ہوں۔

6436 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ الْكُوفِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ الرَّازِيِّ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسَوِّفَةَ وَالْمُفَسِّلَةَ، فَأَمَّا الْمُسَوِّفَةُ: فَالَّتِي إِذَا أَرَادَهَا زَوْجُهَا قَالَتْ: سَوْفَ، الْآنَ، وَأَمَّا الْمُفَسِّلَةُ فَالَّتِي إِذَا أَرَادَهَا زَوْجُهَا قَالَتْ: إِنِّي حَائِضٌ وَلَيْسَتْ بِحَائِضٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی مسوّفہ اور مفسلہ پر بہرحال مسوّفہ یہ ہے کہ شوہر اس کا ارادہ کرے وہ کہتی ہے عنقریب' ابھی مفسلہ وہ جس کا شوہر ارادہ کرے وہ کہتی ہے میں حیض کی حالت میں ہوں حالانکہ وہ حیض کی حالت میں نہیں ہوتی۔

6437 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ الْعَلَاءَ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَلَا غَرَبَتْ عَلَى يَوْمٍ أَفْضَلَ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، وَمَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا تَفْزَعُ لِيَوْمِ الْجُمُعَةِ إِلَّا هَذَيْنِ الثَّقَلَيْنِ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ، عَلَى كُلِّ بَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْمَسْجِدِ مَلَكَانِ يَكْتُبَانِ مَنْ جَاءَ الْأَوَّلَ فَالْأَوَّلَ كَرَجُلٍ قَرَّبَ بَدَنَةً، وَكَرَجُلٍ قَرَّبَ بَقَرَةً، وَكَرَجُلٍ قَرَّبَ شَاةً، وَكَرَجُلٍ قَرَّبَ دَجَاجَةً أَوْ طَائِرًا، إِذَا خَرَجَ الْإِمَامُ جَلَسَتِ الْمَلَائِكَةُ فَاسْتَمَعُوا الذِّكْرَ وَطَوَيَتِ الصُّحُفَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس دن سورج طلوع ہو اورغروب ہو' اُن تمام دنوں سے افضل دن جمعۃ المبارک ہے' کوئی جانور ایسا نہیں ہے جو اس دن ڈرتا نہ ہو سوائے انسان اور جن کے' مسجد کے ہر دروازے پر دو فرشتے ہوتے ہیں' جو سب سے پہلے آتا ہے اس کے لیے اونٹ صدقہ کرنے کا ثواب لکھتے ہیں' جو اس کے بعد آتا ہے اُس کے لیے گائے صدقہ کرنے کا ثواب لکھا جاتا ہے' جو اس کے بعد آتا ہے اُس کے لیے ایک بکری' اس کے بعد آنے والے کے لیے ایک مرغی یا پرندہ صدقہ کرنے کا ثواب لکھتے ہیں' جب امام خطبہ کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے بیٹھ جاتے ہیں اور ذکر سنتے ہیں اور رجسٹر لپیٹ

6436- اقال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه296: رواه أبو يعلىٰ' وفيه يحيىٰ بن سعيد' عن متروك .

6437- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: 9582 .

دیتے ہیں۔

6438 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْتَمِسُوا- أَوْ قَالَ: اطْلُبُوا- الْأَمَانَةَ فِي قُرَيْشٍ، فَإِنَّ أَمِينَ قُرَيْشٍ لَهُ فَضْلٌ عَلَى أَمِينِ سِوَاهُمْ، وَإِنَّ قَوِيَّ قُرَيْشٍ لَهُ فَضْلٌ عَلَى قَوِيِّ مَنْ سِوَاهُمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تلاش کرو، یا فرمایا: امانت کو قریش میں طلب کرو کیونکہ قریش کا امین دوسرے امین پر فضیلت رکھتا ہے بے شک قریش کا قوی اس کو دوسرے قوی پر فضیلت حاصل ہے۔

6439 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَجَدَ عَيْنَ مَالِهِ عِنْدَ رَجُلٍ قَدْ أَفْلَسَ، فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ مِنْ سِوَاهُ مِنَ الْغُرَمَاءِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ آدمی جو بعینہ اپنا مال کسی ایسے آدمی کے پاس پالے جو مفلس ہو گیا ہو تو وہ دوسرے قرض خواہوں کی نسبت زیادہ حقدار ہے۔

6440 - حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ مَنْ أَكْرَمُ النَّاسِ؟ قَالَ: أَتْقَاهُمْ لِلَّهِ، قَالُوا: لَيْسَ عَنْ هَذَا نَسْأَلُكَ، الْحَدِيثَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی گئی: لوگوں میں سے عزت والا کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ سے زیادہ ڈرنے والا ہو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم اس کے متعلق سوال نہیں کر رہے ہیں۔ آگے مکمل حدیث ہے۔

6438- قال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه26 .

6439- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 2402 .

6440- أخرجه البخاري في صحيح رقم الحديث: 3353 .

6441 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ صَخْرٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ جَاءَ مَسْجِدِي هَذَا لَمْ يَأْتِهِ إِلَّا لِخَيْرٍ يَتَعَلَّمُهُ أَوْ يُعَلِّمُهُ فَهُوَ بِمَنْزِلَةِ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَمَنْ جَاءَ لِغَيْرِ ذَلِكَ فَهُوَ بِمَنْزِلَةِ الرَّجُلِ الَّذِي يَنْظُرُ إِلَى مَتَاعِ غَيْرِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو میری اس مسجد میں آئے، اس کا مقصد صرف بھلائی سیکھنا یا سکھانا ہے وہ بمنزلہ اس مجاہد کے ہے جو اللہ کی راہ میں ہوتا ہے جو اس کے علاوہ کی نیت سے آئے وہ آدمی اس کی طرح ہے جو دوسرے کے سامان کو دیکھتا ہے۔

6442 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ صَخْرٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا فَأَعْظَمُوا الْغَنِيمَةَ وَأَسْرَعُوا الْكَرَّةَ، فَقَالَ رَجُلٌ الْحَدِيثَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا، انہوں نے بہت زیادہ غنیمت پائی اور حملہ کرنے میں جلدی کی' پس ایک آدمی نے کہا۔ آگے مکمل حدیث ہے۔

6443 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ أَوْ تَمَاثِيلُ، قَالَ: فَقُلْنَا: انْطَلِقُوا بِنَا إِلَى عَائِشَةَ، فَأَخْبَرْنَاهَا بِمَا قَالَ أَبُو طَلْحَةَ فَقَالَتْ: لَا أَدْرِي وَسَأُحَدِّثُكُمْ بِمَا رَأَيْتُهُ فَعَلَ، خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ غَزَوَاتِهِ، وَكُنْتُ أَتَحَيَّنُ قُفُولَهُ، فَأَخَذْتُ نَمَطًا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں کتا اور تصویریں ہوں اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں؟ ہم نے کہا: چلو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس چلتے ہیں۔ ہم بتاتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بتایا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: میں نہیں جانتی ہوں۔ میں آپ کو بتاتی ہوں جو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل دیکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی جنگ میں تشریف لے گئے۔ ایک کپڑا (تصویروں والا) میں نے اس کے ساتھ پردہ بنالیا چھت پر۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم

6441- اخرجه ابن ابی شيبة جلد12صفحه209 .

6442- طرف هذا الحديث سيأتی فی رقم:6528 .

6443- أخرجه البخاری فی صحيحه عن أبی طلحة رقم الحديث:3225 .

كَانَ لَنَا، فَسَتَرْتُ بِهِ عَلَى الْعَرْسِ، فَلَمَّا أَقْبَلَ قُمْتُ فَقُلْتُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَعَزَّكَ وَنَصَرَكَ وَأَكْرَمَكَ، قَالَتْ: فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَنَظَرَ إِلَى النَّمَطِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئًا، وَعَرَفْتُ الْكَرَاهِيَةَ فِي وَجْهِهِ، فَانْطَلَقَ حَتَّى هَتَكَ النَّمَطَ ثُمَّ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُنَا فِيمَا رَزَقَنَا أَنْ نَكْسُوَ الْحِجَارَةَ وَاللَّبِنَ قَالَتْ: فَأَخَذْتُهُ فَجَعَلْتُهُ وِسَادَةً وَحَشَوْتُهَا لِيفًا فَلَمْ يَعِبْ ذَلِكَ عَلَيَّ

واپس تشریف لائے' میں کھڑی ہوئی' میں نے عرض کی: السلام علیک یا رسول اللہ، تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جس نے آپ ﷺ کو عزت دی اور آپ ﷺ کی مدد کی۔ آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ نے اپنا سر انور اٹھایا اس کپڑے کی طرف دیکھا جو تصویروں والا تھا آپ ﷺ نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا میں نے ناپسندیدگی کی آپ ﷺ کے چہرے سے پہچان لی۔ آپ ﷺ اُٹھے یہاں تک کہ تصویروں کو مٹا دیا۔ فرمایا: اے عائشہ! بے شک اللہ نے ہم کو حکم نہیں دیا۔ اس میں کہ تلاش کریں پتھر اور اینٹ توڑنے میں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے اس کو پکڑا اس کا تکیہ بنالیا اس میں کھجور کی چھال بھری۔ پھر آپ ﷺ نے ناپسندیدگی نہیں فرمائی۔

6444 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دِينَارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو قَطَنٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خِلَاسٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ كَانَتْ قُرْعَةً

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر لوگوں کو پہلی صف کی مقدار معلوم ہو تو وہ اس میں شامل ہونے کے لیے قرعہ اندازی کریں۔

6445 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ السَّبِيعِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ فَقَرَأَ: إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ، فَقُلْتُ

حضرت ابو رافع فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز عشاء پڑھی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اذا السماء انشقت میں سجدہ کیا۔ جب آپ رضی اللہ عنہ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے عرض کی: آپ رضی اللہ عنہ نے اس میں سجدہ کیا ہے؟ السماء انشقت میں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے

6444- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: **615** .

6445- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: **768** .

لَهُ، فَقَالَ: سَجَدَ بِهَا أَبُو الْقَاسِمِ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَأَنَا مَعَهُ - فَقَالَ التَّيْمِيُّ: أَوْ قَالَ: سَجَدْتُ بِهَا مَعَ أَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَلَا أَزَالُ أَسْجُدُ بِهَا حَتَّى أَلْقَى أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز ادا کی تو آپ ﷺ نے اس میں سجدہ کیا۔ اسی وقت سے مسلسل اس میں سجدہ کرتا ہوں۔

6446 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ، عَنِ ابْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: زَارَ أَبُو هُرَيْرَةَ قَوْمَهُ فَأَتَوْهُ بِرُقَاقٍ مِنَ الرُّقَاقِ الْأَوَّلِ، فَلَمَّا رَآهُ، بَكَى، فَقِيلَ لَهُ: مَا يُبْكِيكَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ؟ فَقَالَ: مَا رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا بِعَيْنِهِ قَطُّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اپنی قوم کے پاس آئے وہ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس نرم روٹی لے کر آئے۔ جب آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو دیکھا تو آپ رضی اللہ عنہ رو پڑے۔ آپ رضی اللہ عنہ سے رونے کی وجہ معلوم کی گئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور سرورِ کونین ﷺ نے اپنی آنکھوں سے اس کو کبھی نہیں دیکھا۔

6447 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: إِنْ كَانَ لَتَمُرُّ بِآلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَهِلَّةُ مَا يُسْرَجُ فِي بَيْتِ أَحَدٍ مِنْهُمْ سِرَاجٌ، وَلَا يُوقَدُ فِيهِ نَارٌ، وَإِنْ وَجَدُوا زَيْتًا ادَّهَنُوا بِهِ، وَإِنْ وَجَدُوا وَدَكًا أَكَلُوهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی آلِ پاک پر ایسا چاند بھی گزر جاتا۔ ان کے گھروں میں سے کسی کے گھر میں چراغ نہیں جلتا تھا اور نہ آگ اگر زیتون ملتا تو اس میں تیل ڈالتے۔ اگر ودکا پاتے تو اس کو کھا لیتے۔

6448 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا أَبُو شَرِيكٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، مَوْلَى أَبِي رُهْمٍ قَالَ: كُنْتُ أَمْشِي مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَى الْمَسْجِدِ فَمَرَّتْ بِهِ امْرَأَةٌ عَاطِرَةٌ تَنْفَحُ رِيحُهَا، فَقَالَ لَهَا: أَيْنَ تَذْهَبِينَ يَا أَمَةَ الْجَبَّارِ؟ قَالَتْ: إِلَى الْمَسْجِدِ، قَالَ: وَلَهُ تَطَيَّبْتِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّمَا امْرَأَةٍ تَطَيَّبَتْ لِهَذَا

حضرت ابورھم کے غلام حضرت عبید بن ابوعبید فرماتے ہیں: میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی معیت میں مسجد کی طرف جا رہا تھا' پس آپ کے پاس سے ایک ایسی عورت گزری جس سے خوشبو کے بلّے اُٹھ رہے تھے' آپ نے اس سے کہا: اے اللہ کی بندی! تُو کہاں جا رہی ہے؟ اس نے جواب دیا: مسجد کی طرف! آپ نے فرمایا: تُو نے مسجد کیلئے خوشبو لگائی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: میں نے اللہ کے رسول ﷺ سے سنا'

6446- أخرجه ابن ماجة في سننه رقم الحديث: 3338 .

6448- سبق تخريجه' راجع الفهرس .

الْمَسْجِدِ لِتَخْرُجَ إِلَيْهِ، لَمْ تُقْبَلْ لَهَا صَلَاةٌ حَتَّى تَغْتَسِلَ مِنْهُ غُسْلَهَا مِنَ الْجَنَابَةِ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے: ہر وہ عورت جس نے اس مسجد کیلئے خوشبو لگائی تا کہ وہ اس کی طرف نکلے' اس کی نماز قبول نہ ہوگی حتیٰ کہ وہ گھر جا کر اس میں اس طرح غسل نہ کرے جس طرح جنابت کیلئے کیا جاتا ہے۔

6449 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْيَمِينُ الْكَاذِبَةُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مَمْحَقَةٌ لِلرِّبْحِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹی قسم سے سودا تو بک جاتا ہے لیکن اس سے نفع کی برکت ختم ہو جاتی ہے۔

6450 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا: فَعَلَى الْبَادِءِ مَا لَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُومُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو گالی دینے والوں نے ایک دوسرے کو جو کچھ کہا' اس کا سارا وبال شروع کرنے والے پر ہوگا جب تک وہ مظلوم شمار نہ ہو۔

6451 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَقَرَأَ عَلَيْهِ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ أُمَّ الْقُرْآنِ، فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فِي التَّوْرَاةِ، وَلَا فِي الْإِنْجِيلِ، وَلَا فِي الزَّبُورِ، وَلَا فِي الْفُرْقَانِ مِثْلَهَا، إِنَّهَا لَهِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِي، وَالْقُرْآنُ الْعَظِيمُ الَّذِي أُوتِيتُهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے سورۂ فاتحہ پڑھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: اللہ کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ اللہ عزوجل نے تورات' زبور' انجیل اور قرآن پاک میں کوئی سورۃ اس کی مثل نہیں نازل فرمائی۔ یہ سبع الثانی ہے اور قرآن عظیم ہے جو مجھے دیا گیا ہے۔

6452 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6449- سبق تخريجه' راجع الفهرس .

6450- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 2587 .

6451- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: 8476 .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اتَّقُوا اللَّاعِنَيْنِ، قَالُوا: مَا اللَّاعِنَيْنِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الَّذِي يَتَخَلَّى فِي طَرِيقِ النَّاسِ أَوْ فِي ظِلِّهِمْ

نے فرمایا: لاعنین سے بچو، عرض کی: یارسول اللہ! لاعنین کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کے راستہ یا سایہ میں پیشاب کرنا۔

6453 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَا رَجُلٌ يَمْشِي فِي طَرِيقٍ فِي حُلَّةٍ لَهُ إِذْ أَعْجَبَتْهُ نَفْسُهُ وَبُرْدُهُ، فَخُسِفَ بِهِ، فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِي الْأَرْضِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی چل رہا تھا اپنے جبہ میں وہ اپنے آپ کو بڑا سمجھ رہا تھا، اس کو زمین میں دھنسا دیا گیا وہ قیامت تک زمین میں دھنستا رہے گا۔

6454 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِي فِي طَرِيقٍ إِذْ بَصُرَ بِغُصْنِ شَوْكٍ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَأَرْفَعَنَّ هَذَا لَا يُصِيبُ أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَرَفَعَهُ، فَغَفَرَ اللّٰهُ لَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی چل رہا تھا راستہ میں اچانک اس کی نظر ایک کانٹے دار شاخ پہ پڑی۔ اس نے کہا: اللہ کی قسم! میں اس کو ضرور اٹھاؤں گا۔ جس کی وجہ سے مسلمانوں کو تکلیف ہوتی ہے اس نے اٹھائی اللہ نے اس کی وجہ سے بخش دیا۔

6455 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الصَّلَاةُ الْخَمْسُ، وَالْجُمُعَةُ إِلَى الْجُمُعَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ مَا لَمْ تُغْشَ الْكَبَائِرُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ نمازیں اور ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک گناہوں کا کفارہ ہے شرط یہ کہ وہ کبائر نہ کرتے ہو۔

6456 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَصْبِرُ عَلَى لَأْوَاءِ الْمَدِينَةِ وَشِدَّتِهَا أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِي إِلَّا كُنْتُ لَهُ شَفِيعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَوْ شَهِيدًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مدینہ شریف میں تکلیفوں کو برداشت کیا میری امت میں سے تو میں قیامت کے دن اس کی شفاعت یا ایمان کی گواہی دوں گا۔

6453- أخرجه البخاري في صحيحه أخرجه رقم الحديث: 3485 .

6454- سبق تخريجه' راجع الفهرس .

6455- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 3485 .

6456- أخرجه مسلم في صحيحه أخرجه رقم الحديث: 1378 .

6457 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ رَآنِي فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِي، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ مَكَانِي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا بیشک اس نے مجھے ہی دیکھا۔ اس لیے کہ شیطان میری صورت نہیں آ سکتا ہے۔

6458 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ دَعَا إِلَى هُدًى كَانَ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلُ أُجُورِ مَنْ تَبِعَهُ لَا يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ دَعَا إِلَى ضَلَالَةٍ كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الْإِثْمِ مِثْلُ آثَامِ مَنْ تَبِعَهُ لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ آثَامِهِمْ شَيْئًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی کو ہدایت کی طرف بلایا' اس کے لیے اجر ہے۔ اس کی مثل جس نے اس کی اتباع کی ہے۔ اس کے اجر میں کسی شے کی کمی نہیں کی جائے گی۔ جس نے کسی کو گمراہی کی طرف بلایا۔ اس کے لیے گناہ کا حصہ ہوگا جس نے وہ گناہ کیا اس کے گناہ میں کسی شے کی کمی نہیں کی جائے گی۔

6459 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے شر سے پڑوسی محفوظ نہ ہو وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

6460 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فُضِّلْتُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ: أُعْطِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ، وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ طَهُورًا وَمَسْجِدًا، وَأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً، وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّونَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے دوسرے انبیاء پر چھ وجہ سے فضیلت دی گئی ہے: (۱) مجھے جوامع الکلم دیئے گئے ہیں (۲) میری رعب کے ساتھ مدد کی گئی ہے (۳) میرے لیے غنیمتیں حلال کی گئی ہیں (۴) میرے لیے پوری زمین کو مسجد بنایا اور پاک کرنے والا بنایا گیا ہے (۵) مجھے تمام مخلوق کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا ہے (۶) میرے ساتھ نبوت ختم کر دی گئی ہے۔

6461 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، '

ہمیں حدیث بیان کی منصور بن ابومزاحم نے' ہمیں

6457- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 6993 .

6459- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 46 .

6460- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 523 .

حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

حدیث بیان کی اسماعیل نے' اس جیسی اسی سند کے ساتھ۔

6462 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ: أَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَدْرُونَ مَا الْغِيبَةُ؟ ، قَالُوا: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: ذِكْرُكَ أَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ ، قِيلَ: فَإِنْ كَانَ فِي أَخِي مَا أَقُولُ؟ قَالَ: إِنْ كَانَ فِيهِ مَا تَقُولُ فَقَدِ اغْتَبْتَهُ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ فَقَدْ بَهَتَّهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ غیبت کیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ اور اُس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھائی کا ذکر کرنا جو ناپسند کرتا ہو۔ عرض کی گئی: اگر میں وہی بات کہوں جو اس میرے بھائی میں موجود ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس میں جو تو نے کہی ہے تو اس نے اس کی غیبت کی، اگر اس میں نہیں ہے تو اس پر بہتان لگایا۔

6463 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَبِي مَاتَ وَتَرَكَ مَالًا وَلَمْ يُوصِ، فَهَلْ يُكَفِّرُ عَنْهُ أَنْ أَتَصَدَّقَ عَنْهُ؟ فَقَالَ: نَعَمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرا باپ فوت ہو گیا ہے، اس نے مال چھوڑا ہے اس نے وصیت نہیں کی، کیا اس سے گناہ ختم ہوں گے اگر اس کی جانب سے صدقہ کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔

6464 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ پر ایک بار دُرود پڑھا' اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔

6465 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا دَعَا أَحَدُكُمْ فَلَا يَقُلِ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي، إِنْ شِئْتَ وَلَكِنْ لِيَعْزِمْ، وَلْيُعَظِّمِ الرَّغْبَةَ فَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَتَعَاظَمُهُ شَيْءٌ أَعْطَاهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی دعا کرے یہ نہ کہے: اے اللہ! عطا کر اگر تو چاہے لیکن یقین اور عزم کے ساتھ کہے کیونکہ اللہ کے ہاں کوئی شے بڑی نہیں تو ضرور

6462- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2589 .

6463- أخرجه البخاري في صحيحه رقم الحديث: 2860 .

6464- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 408 .

6465- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2679 .

اس کو عطا کرتا ہے۔

6466 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا ثُوِّبَ بِالصَّلَاةِ فَلَا تَأْتُوهَا وَأَنْتُمْ تَسْعَوْنَ، ائْتُوهَا وَعَلَيْكُمُ السَّكِينَةُ، فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا، وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوا، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا كَانَ يَعْمِدُ إِلَى الصَّلَاةِ فَهُوَ فِي صَلَاةٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب نماز کے ساتھ تثویب کہی جائے تو تم دوڑ کر نہ آؤ بلکہ اس طرح آؤ کہ تم پر سکون طاری ہو جو تم کو مل جائے اس کو پڑھ لو۔ جو رہ جائے اس کو مکمل کر لو کیونکہ جب تم میں سے کوئی نماز کا ارادہ کرتا ہے وہ نماز ہی میں ہوتا ہے۔

6467 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَطْلُعُ الشَّمْسُ وَلَا تَغْرُبُ عَلَى يَوْمٍ أَفْضَلَ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، وَمَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا وَهِيَ تَفْزَعُ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ إِلَّا هَذَيْنِ الثَّقَلَيْنِ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ، عَلَى كُلِّ بَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْمَسْجِدِ مَلَكَانِ يَكْتُبَانِ الْأَوَّلَ فَالْأَوَّلَ، فَكَرَجُلٍ قَدَّمَ بَدَنَةً، وَكَرَجُلٍ قَدَّمَ بَقَرَةً، وَكَرَجُلٍ قَدَّمَ شَاةً، وَكَرَجُلٍ قَدَّمَ طَائِرًا، وَكَرَجُلٍ قَدَّمَ بَيْضَةً، فَإِذَا قَعَدَ الْإِمَامُ طُوِيَتِ الصُّحُفُ

اور اسی سند سے ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورج طلوع نہیں ہوتا ہے اور نہ ہی غروب ہوتا ہے کسی ایسے دن پر جو جمعہ سے زیادہ فضیلت رکھتا ہو اور ہر جانور جمعہ کے دن گھبرایا ہوا ہوتا ہے مگر یہ جن و انس۔ مسجد کے دروازوں میں سے ہر دروازے پر دو فرشتے ہوتے ہیں وہ لکھتے ہیں پہلے آنے والے کو پس پہلے آنے والے کو۔ پس (سب سے پہلے آنے والا) اس آدمی کی طرح ہے جس نے بڑا جانور (بطور قربانی) پیش کی (اس کے بعد پہلے آنے والا) اس آدمی کی طرح ہے جس نے گائے پیش کی (تیسرا) اس آدمی کی طرح ہے جس نے بکری پیش کی (چوتھا) اس آدمی کی طرح ہے جس نے مرغ پیش کیا (پانچواں) اس آدمی کی طرح ہے جس نے انڈہ پیش کیا پس جب امام (مؤذن کے سامنے آ کر) بیٹھ جاتا ہے تو رجسٹر لپیٹ دیئے جاتے ہیں۔

6468 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَتَدْرُونَ مَنِ الْمُفْلِسُ؟ ، قَالُوا:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے؟ صحابہ کرام

6466- أخرجه مسلم فى صحيحه رقم الحديث: 602 .

6468- أخرجه مسلم فى صحيحه رقم الحديث: 2581 .

الْمُفْلِسُ فِينَا مَنْ لَا دِرْهَمَ لَهُ وَلَا مَتَاعَ، فَقَالَ: إِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ أُمَّتِي مَنْ يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلَاةٍ وَصِيَامٍ وَزَكَاةٍ، وَيَأْتِي قَدْ شَتَمَ هَذَا، وَقَذَفَ هَذَا، وَأَكَلَ مَالَ هَذَا، وَسَفَكَ دَمَ هَذَا، وَضَرَبَ هَذَا، فَيُقْضَى هَذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ، وَهَذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ، فَإِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهُ قَبْلَ أَنْ يُقْضَى مَا عَلَيْهِ، أُخِذَتْ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ

نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ جس کے پاس درہم اور سامان نہ ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مفلس میری امت میں وہ ہوگا جو قیامت کے دن آئے گا نماز، روزہ اور زکوٰۃ کے ساتھ آئے گا اس نے کسی کو گالی دی ہوگی اور کسی پر تہمت لگائی ہوگی، کسی کا مال کھایا ہوگا۔ کسی کو قتل کیا ہوگا کسی کو مارا ہوگا۔ اس کی نیکیاں لے کر اس کو دی جائیں گی جس پر زیادتی کی ہوگی۔ اگر اس کی نیکیاں ختم ہوگئیں۔ اس کا حساب پورا ہونے سے پہلے اس پر جس پر زیادتی ہوئی اس کے گناہ لے کر زیادتی کرنے والے کے پلڑے میں ڈالے جائیں گے پھر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔

6469 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِذَا هَمَّ عَبْدِي بِحَسَنَةٍ وَلَمْ يَعْمَلْهَا كَتَبْتُهَا لَهُ حَسَنَةً، فَإِنْ عَمِلَهَا كَتَبْتُهَا لَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ إِلَى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ، وَإِذَا هَمَّ عَبْدِي بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا لَمْ أَكْتُبْهَا عَلَيْهِ، فَإِنْ عَمِلَهَا كَتَبْتُهَا عَلَيْهِ سَيِّئَةً وَاحِدَةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ جب میرا بندہ نیکی کا ارادہ کرے اور اُس نے نیکی نہیں کی تو اس کے لیے ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے' اگر نیکی کر لے تو اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں' جب میرا بندہ بُرائی کا ارادہ کرے اور اُس نے بُرائی نہیں کی تو اس کے نامۂ اعمال میں کوئی گناہ میں لکھا جاتا' اگر وہ گناہ کرے تو اس کے نامۂ اعمال میں ایک گناہ لکھا جاتا ہے۔

6470 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَيْنَانِ تَزْنِيَانِ، وَاللِّسَانُ يَزْنِي، وَالرِّجْلَانِ تَزْنِيَانِ، يُحَقِّقُ ذَلِكَ الْفَرْجُ أَوْ يُكَذِّبُهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دونوں آنکھیں زنا کرتی ہیں، دونوں ہاتھ زنا کرتے ہیں، دونوں پاؤں زنا کرتے ہیں، شرمگاہ اس کی تصدیق کرتی ہے یا اس کو جھٹلاتی ہے۔

6469- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: **128** .

6470- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: **8321** .

6471 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى الْمَقْبَرَةَ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُونَ، وَدِدْتُ أَنَّا قَدْ رَأَيْنَا إِخْوَانَنَا؟ ، قَالُوا: أَوَلَسْنَا إِخْوَانَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بَلْ أَنْتُمْ أَصْحَابِي، وَإِخْوَانُنَا الَّذِينَ لَمْ يَأْتُوا بَعْدُ، فَقَالُوا: كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ لَمْ يَأْتِ بَعْدُ مِنْ أُمَّتِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: أَرَأَيْتَ لَوْ أَنَّ رَجُلًا لَهُ خَيْلٌ غُرٌّ مُحَجَّلَةٌ بَيْنَ ظَهْرِي خَيْلٍ دُهْمٍ بُهْمٍ، أَلَا يَعْرِفُ خَيْلَهُ؟ ، قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: فَإِنَّهُمْ يَأْتُونَ غُرًّا مُحَجَّلِينَ مِنَ الْوُضُوءِ، وَأَنَا فَرَطُهُمْ عَلَى الْحَوْضِ أَلَا لَيُذَادَنَّ عَنْ حَوْضِي كَمَا يُذَادُ الْبَعِيرُ الضَّالُّ، فَأُنَادِيهِمْ أَلَا هَلُمَّ، فَيُقَالُ: إِنَّهُمْ قَدْ بَدَّلُوا بَعْدَكَ، فَأَقُولُ: سُحْقًا سُحْقًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب قبرستان آتے تو فرماتے: السلام علیکم مومنوں کے گھر والو۔ ہم ان شاء اللہ تم کو ملنے والے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ ہم اپنے بھائیوں کو دیکھیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بھائی نہیں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیوں نہیں؟ بلکہ تم تو میرے صحابی ہو، ہمارے بھائی وہ ہیں جو ان کے بعد آئیں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو کیسے پہچانیں گے۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے ابھی تک نہیں آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے بتاؤ کہ اگر کسی آدمی کا گھوڑا ہو چار کلیوں والا، وہ گھوڑوں کے اندر موجود رہو۔ کیا وہ اپنے گھوڑے کو پہچان نہیں لے گا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ آئیں گے ان کے وضو والے اعضاء چمک رہے ہوں گے، میں ان کا حوض پر انتظار کروں گا۔

6472 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى مَا يَمْحُو اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا وَيَرْفَعُ بِهِ الدَّرَجَاتِ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: إِسْبَاغُ الْوُضُوءِ عَلَى الْمَكَارِهِ، وَكَثْرَةُ الْخُطَا إِلَى الْمَسَاجِدِ، وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ فَذَلِكُمُ الرِّبَاطُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو نہ بتاؤں ایسی چیز جس کے ساتھ درجہ بلند ہوتے ہیں اور گناہ معاف ہوتے ہیں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: کیوں نہیں! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تنگی میں وضو کرنا، مسجد کی طرف کثرت سے جانا، ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا' اللہ کی راہ میں گھوڑے باندھنا ہے۔

6471- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 249 .

6472- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 251 .

6473 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ، قَالَ: مَا هُنَّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِذَا لَقِيتَهُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ، وَإِذَا دَعَاكَ فَأَجِبْهُ، وَإِذَا اسْتَنْصَحَكَ فَانْصَحْ لَهُ، وَإِذَا عَطَسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَشَمِّتْهُ، وَإِذَا مَرِضَ فَعُدْهُ، وَإِذَا مَاتَ فَاتَّبِعْهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر جو حق ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! وہ کیا ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو اس سے ملاقات کرے تو اس کو سلام کرے۔ جب تیری دعوت کرے تو اس کو قبول کرے، جب نصیحت طلب کرے تو اس کو نصیحت کرے۔ جب اس کو چھینک آئے تو وہ الحمد للہ کہے تو اس کی چھینک کا جواب دے۔ جب وہ بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرے جب مر جائے تو اس کے جنازہ میں شریک ہو۔

6474 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَجْتَمِعُ كَافِرٌ وَقَاتِلُهُ فِي النَّارِ أَبَدًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر اور اس کو قتل کرنے والا جہنم میں جمع نہیں ہوں گے۔

6475 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُلْ أَحَدُكُمْ: عَبْدِي وَأَمَتِي كُلُّكُمْ عُبَيْدُ اللّٰهِ وَكُلُّ نِسَائِكُمْ إِمَاءُ اللّٰهِ، وَلَكِنْ لِيَقُلْ: غُلَامِي، جَارِيَتِي، وَفَتَايَ وَفَتَاتِي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کوئی نہ کہے یہ میرا عبد یا میری اُمہ ہے۔ میرے امتی سب اللہ کے عبد ہیں۔ تمہاری تمام عورتیں اللہ کی اماء ہیں۔ لیکن یہ کہے: میرا غلام میری جاریہ میرا نوجوان، میری دوشیزہ۔

6476 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ يَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الْعُقُوبَةِ مَا طَمِعَ بِجَنَّتِهِ أَحَدٌ، وَلَوْ يَعْلَمُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر مومن جان لے کہ اللہ کے ہاں سزا کتنی سخت ہے کوئی بھی جنت کی طمع نہ کرے اگر کافر جان لے

6473- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2162 .

6474- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 1891 .

6475- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2249 .

6476- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2755 .

الْكَافِرُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الرَّحْمَةِ مَا قَنَطَ مِنْ جَنَّتِهِ أَحَدٌ

کہ اللہ کی رحمت کتنی ہے وہ کبھی بھی جنت سے مایوس نہ ہو۔

6477 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوَى وَلَا هَامَةَ وَلَا نَوْءَ وَلَا صَفَرَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھوت چھات' مقتول سے پرندے کا نکلنا' بتوں پر چڑھاوے اور نحوست نہیں ہے۔

6478 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَلَقَ اللّٰهُ مِائَةَ رَحْمَةٍ فَوَضَعَ وَاحِدَةً بَيْنَ خَلْقِهِ، وَخَبَّأَ عِنْدَهُ مِائَةً إِلَّا وَاحِدَةً

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے رحمت کے سو حصہ بنائے ہیں۔ ایک حصہ سو میں سے دنیا میں نازل کیا ہے اور باقی ننانوے حصے اپنے پاس روک کے رکھے ہیں۔

6479 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْإِيمَانُ يَمَانٍ، وَالْكُفْرُ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، وَالسَّكِينَةُ فِي أَهْلِ الْغَنَمِ، وَالْفَخْرُ وَالرِّيَاءُ فِي الْفَدَّادِينَ أَهْلِ الْخَيْلِ، وَالْوَبَرِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان یمن کا، کفر مشرق کی جانب ہوگا، سکینۃ بکریوں والوں میں ہے فخر اور ریاکاری گھوڑوں والوں اور دیہاتیوں میں ہے۔

6480 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ ثَلَاثُونَ دَجَّالُونَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ، وَحَتَّى يُقْبَضَ الْعِلْمُ، وَتَظْهَرَ الْفِتَنُ، وَيَكْثُرَ الْهَرْجُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا الْهَرْجُ؟ قَالَ: الْقَتْلُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ تیس دجال ہوں گے۔ وہ سارے گمان کریں گے وہ اللہ کے رسول ہیں۔ دوسری نشانی علم اٹھا لیا جائے گا، فتنے ظاہر ہوں گے، قتل عام ہوگا۔

6481 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَمَا مِنْ دَاءٍ إِلَّا فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ مِنْهُ شِفَاءٌ إِلَّا السَّامُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کالا دانہ میں ہر بیماری کی شفاء ہے مگر موت کی نہیں۔

6478- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2852 .

6479- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 52 .

6480- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 157 .

6481- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2215 .

6482 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَتُؤَدُّنَّ الْحُقُوقَ إِلَى أَهْلِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، حَتَّى يُقَادَ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حقوق ضرور اس کے مالک کوملیں گے قیامت کے دن یہاں تک بغیر سینگ والی بکری کو سینگ والی بکری بدلہ ملے گا۔

6483 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَسُمِ الْمُسْلِمُ عَلَى سَوْمِ أَخِيهِ، وَلَا يَخْطُبُ عَلَى خِطْبَتِهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مسلمان اپنے مسلمان کے سودے پر سودا نہ کرے، نہ اس کے پیغام نکاح پر کوئی پیغام بھیجے۔

6484 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا، وَيُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيعُ دِينَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اعمال میں جلدی کرو، فتنے سے پہلے تو فتنے اس طرح ہوں گے جس طرح اندھیرا ہوتا ہے۔ صبح آدمی مومن ہوگا، رات کو کافر ہوگا۔ رات کو مومن ہوگا، صبح کافر ہوگا۔ اپنے دین کو دنیا کی حقیر شے کے بدلے فروخت کرے گا۔

6485 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ سِتًّا: طُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، أَوِ الدَّجَّالَ، أَوِ الدُّخَانَ، أَوِ الدَّابَّةَ، أَوْ خَاصَّةَ أَحَدِكُمْ، أَوْ أَمْرَ الْعَامَّةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھ چیزوں سے پہلے اعمال میں جلدی کرلو: (۱) سورج کے مغرب کی طرف سے طلوع ہونے سے پہلے (۲) دجال نکلنے سے پہلے (۳) دھواں نکلنے سے پہلے (۴) یا تم خاص یا عام حکم سے۔

6486 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَإِذَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ سورج

6482- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 258 .

6483- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 1413 .

6484- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 118 .

6485- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 118 .

6486- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 4635 .

طَلَعَتْ مِنْ مَغْرِبِهَا آمَنَ النَّاسُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ فَيَوْمَئِذٍ (لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا) (الأنعام: 158)

مغرب سے طلوع ہوگا، جب سورج مغرب سے طلوع ہوگا سارے لوگ ایمان لائیں گے اس دن اس کا ایمان لانا فائدے مند نہیں ہوگا کیونکہ اس سے پہلے ایمان نہیں لایا یا اپنے ایمان سے نیکی نہیں کمائی۔

6487 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا: فَعَلَى الْبَادِءِ مَا لَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُومُ

حضور ﷺ نے فرمایا: دو گالیاں نکالنے والے جو کہتے ہیں اُن کا گناہ ابتداء کرنے والے پر ہے جب تک مظلوم حد سے تجاوز نہ کرے۔

6488 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْجَرَسُ مَزَامِيرُ الشَّيْطَانِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گھنٹی مزامیر شیطان ہے۔

6489 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى صُبْرَةٍ مِنْ طَعَامٍ، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهَا، فَنَالَتْ أَصَابِعُهُ بَلَلًا، فَقَالَ: مَا هٰذَا يَا صَاحِبَ الطَّعَامِ؟، قَالَ: أَصَابَتْهُ السَّمَاءُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: أَفَلَا جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعَامِ حَتّٰى يَرَاهُ النَّاسُ، مَنْ غَشَّنِي فَلَيْسَ مِنِّي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ گندم کے ایک ڈھیر کے پاس سے گزرے۔ اس میں اپنا ہاتھ مبارک ڈالا۔ آپ ﷺ کی انگلیوں کو اس کی تری پہنچی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس گندم کا مالک کون ہے؟ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس کو آسمان کا پانی پہنچا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو اس گندم کو اوپر کیوں نہیں رکھتا تا کہ لوگ دیکھیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے ملاوٹ کی اس کا تعلق مجھ سے نہیں ہے۔

6490 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: سَعِّرْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: إِنَّمَا يَرْفَعُ اللّٰهُ وَيَخْفِضُ، إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ أَلْقَى اللّٰهَ وَلَيْسَ لِأَحَدٍ عِنْدِي مَظْلِمَةٌ، وَقَالَ لَهُ آخَرُ: سَعِّرْ، فَقَالَ: أَدْعُو

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! نرخ مقرر کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ بلند کرتا ہے اور جھکاتا ہے میں یقین کرتا ہوں اللہ سے اس حالت میں ملاقات کرنے کو کہ میں

6487- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2587 .

6488- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2114 .

6489- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 102 .

6490- أخرجه أحمد بن حنبل في مسنده رقم الحديث: 8635 .

اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ

نے کسی پر ظلم نہ کیا ہو'اس نے دوسری مرتبہ عرض کی: نرخ مقرر کریں! آپ نے فرمایا: میں اللہ عزوجل سے دعا کرتا ہوں۔

6491 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى صَلَاةً فَلَمْ يَقْرَأْ فِيهَا بِأُمِّ الْقُرْآنِ فَهِيَ خِدَاجٌ، فَهِيَ خِدَاجٌ، فَهِيَ خِدَاجٌ غَيْرُ تَمَامٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر وہ نماز جس میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے، وہ ناقص ہے وہ ناقص ہے' یعنی وہ نامکمل ہے۔

6492 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ قَالَ: إِذَا بَلَغَ بَنُو أَبِي الْعَاصِ ثَلَاثِينَ، كَانَ دِينُ اللّٰهِ دَخَلًا، وَمَالُ اللّٰهِ دُوَلًا، وَعِبَادُ اللّٰهِ خَوَلًا

اسی سند سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: جب ابوالعاص کے بیٹے تیس تک پہنچیں گے تو دین اللہ کا مال' اس کے بندے۔

6493 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْنِي الْمَسْجِدَ، فَإِذَا نَقَلَ النَّاسُ حَجَرًا نَقَلَ عَمَّارٌ حَجَرَيْنِ، وَإِذَا نَقَلُوا لَبِنَةً، نَقَلَ لَبِنَتَيْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْحَ ابْنِ سُمَيَّةَ تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسجد بنا رہے تھے۔صحابہ کرام پتھر اٹھا رہے تھے ایک ایک ،حضرت عمار رضی اللہ عنہ دو دو اٹھا رہے تھے۔ جب انہوں نے دو دو اینٹیں اٹھائیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن سمیہ کے لیے ہلاکت اس کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

6494 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا مسجد حرام کے علاوہ دوسری مساجد سے ہزار نماز سے زیادہ ثواب ہے۔

6491- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث:395 .

6492- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه241 .

6493- سبق تخريجه' راجع الفهرس .

6494- سبق تخريجه راجع رقم: 5831 وراجع الفهرس .

مَسْجِدِی هَذَا أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِیمَا سِوَاهُ، حَاشَا الْبَیْتِ الْحَرَامِ

6495 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَی، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِیهِ، عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ، أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْکَافِرِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا مومن کے لیے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے۔

6496 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِیَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِیهِ، عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى عَلَیَّ مَرَّةً کُتِبَ لَهُ بِهَا عَشْرُ حَسَنَاتٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دیتا ہے۔

6497 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْغِیبَةِ، فَقَالَ: أَنْ تَقُولَ لِأَخِیكَ مَا یَکْرَهُ، وَإِنْ کُنْتَ صَادِقًا فَقَدِ اغْتَبْتَهُ، وَإِنْ کُنْتَ کَاذِبًا فَقَدْ بَهَتَّهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے غیبت کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غیبت یہ ہے کہ اپنے بھائی کیلئے وہ کہے جو وہ ناپسند کرتا ہو اگر کہنے والا سچ کہہ رہا ہے تو یہ غیبت ہے اگر کہنے والا جھوٹا ہو تو یہ بہتان ہے۔

6498 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا یَقُولَنَّ أَحَدُکُمْ عَبْدِی وَأَمَتِی، کُلُّکُمْ عَبِیدُ اللّٰهِ، وَکُلُّ نِسَائِکُمْ إِمَاءُ اللّٰهِ، وَلَکِنْ لِیَقُلْ فَتَایَ، وَغُلَامِی، جَارِیَتِی

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی نہ کہے عبدی و اُمتی (کیونکہ) تم میں سے ہر ایک اللہ کا عبد ہیں اور تمہاری عورتوں میں سے ہر عورت اللہ کی لونڈی ہے۔ لیکن یہ کہے: میرا جوان اور میرا غلام میری پڑوسن (جاریہ)۔

6499 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَآنِی فَقَدْ رَآنِی، فَإِنَّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے دیکھا بے شک اُس نے مجھے

6495- أخرجه مسلم في صحيحه رقم الحديث: 2956 .

6499- سبق تخريجه راجع الفهرس .

الشَّيْطَانَ لَا يَتَكَوَّنُ فِي صُورَتِي

دیکھا بے شک شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا ہے۔

6500 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أُمُّ الْقُرْآنِ مِنَ السَّبْعِ الْمَثَانِي الَّتِي أُعْطِيتُهَا كَأَنَّهُ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ام القرآن سبع الثانی سے ہے جو مجھے دی گئی ہے۔

6501 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ قَالَ: أَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْغِيبَةِ، قَالَ: ذِكْرُكَ أَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَإِنْ كَانَ فِي أَخِي مَا أَقُولُ؟ قَالَ: إِنْ كَانَ فِيهِ فَقَدِ اغْتَبْتَهُ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ مَا تَقُولُ فَقَدْ بَهَتَّهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ غیبت کیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ اور اُس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھائی کا ذکر کرنا جو ناپسند کرتا ہو۔ عرض کی گئی: اگر میں وہی بات کہوں جو اس میرے بھائی میں موجود ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس میں موجود ہے جو تو نے کہی ہے تو نے اس کی غیبت کی، اگر اس میں نہیں ہے تو اس پر بہتان لگایا۔

6502 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ الْعَلَاءَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ: وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى وَزَعَمَ أَنَّهُ مُسْلِمٌ: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منافق کی تین نشانیاں ہیں اگرچہ روزہ رکھے نماز پڑھے اور گمان کرے کہ وہ مسلمان ہے۔ وہ نشانیاں یہ ہیں: جب بات کرے جھوٹ بولے، جب امانت رکھی جائے تو خیانت کرے۔ جب وعدہ کرے، وعدہ خلافی کرے۔

6503 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میرا بندہ گناہ کرتا ہے

6500- سبق تخریجه راجع الفهرس .

6502- أخرجه مسلم جلد1صفحه56 .

6503- أخرجه البخاری جلد2صفحه1117 . ومسلم جلد2صفحه357 من حديث همام' عن اسحاق به .

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَحْكِي عَنْ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: أَذْنَبَ عَبْدِي ذَنْبًا فَقَالَ: أَيْ رَبِّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، فَقَالَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: أَذْنَبَ عَبْدِي ذَنْبًا فَعَلِمَ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَأْخُذُ بِالذَّنْبِ، ثُمَّ عَادَ فَأَذْنَبَ ذَنْبًا فَقَالَ: أَيْ رَبِّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، فَقَالَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: عَبْدِي أَذْنَبَ ذَنْبًا فَعَلِمَ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَأْخُذُ بِالذَّنْبِ، اعْمَلْ مَا شِئْتَ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكَ

اس کے بعد وہ عرض کرتا ہے: اے میرے رب! میرے گناہ معاف فرما دے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندہ نے گناہ کیا اس کو یقین ہے کہ اس کا رب ہی گناہ معاف کرتا ہے اور گناہ پر پکڑ کرتا ہے پھر گناہ کرتا ہے پھر اس کے بعد عرض کرتا ہے: میرے رب! میرے گناہ معاف فرما۔ اللہ پاک فرماتا ہے: میرے بندہ نے گناہ کیا اس کو یقین ہے کہ اس کا رب گناہ معاف کرتا ہے۔ اور گناہ پر پکڑ کرتا ہے جو چاہے عمل کر لے میں نے تجھے معاف کر دیا۔

6504 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ كُلُّهُنَّ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ عَوْنُهُ: الْغَازِي فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَالْمُكَاتَبُ الَّذِي يُرِيدُ الْأَدَاءَ، وَالنَّاكِحُ الَّذِي يُرِيدُ التَّعَفُّفَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں کا اللہ پر حق ہے کہ اس سلسلہ میں اپنے بندہ کی مدد کرے (۱) غازی اللہ کی راہ میں لڑنے والے کی (۲) کاتب کی جو اپنی کتابت ادا کرنا چاہتا ہے (۳) نکاح کرنے والے کی جو نکاح کے ساتھ پاک دامنی چاہتا ہوں۔

6505 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ جَارِ السُّوءِ فِي دَارِ الْمُقَامَةِ، فَإِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی: اے اللہ! میں تیری' دارِ مقامہ میں بُرے پڑوسی سے پناہ مانگتا ہوں' بے شک جنگل کا پڑوسی تو گھر تبدیل کر لینا چاہیے۔

6506 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! میں تجھ سے ایسے علم کی پناہ مانگتا ہوں جو نفع نہ دے۔ ایسی دعا سے جو نہ سنی جائے،

6504- أخرجه الترمذى جلد3صفحه5 وحسنه' والنسائى رقم: 3220 كلاهما عن قتيبة' عن ليث' عن ابن عجلان به .

6505- أخرجه ابن أبى شيبة فى مصنفه جلد8صفحه547 .

6506- أخرجه النسائى رقم: 5538 عن محمد بن آدم' وابن ماجة عن ابن أبى شيبة .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَمِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ، وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ

ایسے دل سے جو نہ ڈرے، ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو۔

6507 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَأَلَهُ رَجُلٌ كَمْ أَحْثُو عَلَى رَأْسِي وَأَنَا جُنُبٌ؟ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْثُو عَلَى رَأْسِهِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ، قَالَ الرَّجُلُ: إِنَّ شَعْرِي طَوِيلٌ؟ فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرَ شَعْرًا مِنْكَ وَأَطْيَبَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے سوال کیا کہ وہ اپنے سر پر کتنے چلو ڈالے جب میں جنبی ہو جاؤں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین چلو ڈالتے تھے اپنے سر مبارک پر۔ اس آدمی نے کہا: میرے بال لمبے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بال تجھ سے زیادہ تھے اور زیادہ پاک تھے۔

6508 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا كَانَتْ لِأَخِيهِ عِنْدَهُ مَظْلِمَةٌ فِي عِرْضٍ أَوْ مَالٍ، فَاسْتَحَلَّهَا مِنْهُ قَبْلَ أَنْ تُؤْخَذَ مِنْهُ وَلَيْسَ ثَمَّ دِينَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ، فَإِنْ كَانَتْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ حَسَنَاتِهِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ جَعَلُوا عَلَيْهِ مِنْ سَيِّئَاتِهِمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ رحم کرے اس بندہ پر۔ اس کے پاس درہم و دینار نہیں ہوں گے، اگر اس کی نیکیاں ہوں گی اس کی نیکیاں لی جائیں گی۔ اگر اس کے پاس نیکیاں نہیں ہوں اس کے پلٹ میں اس کی برائیاں ڈالی جائیں گی۔

6509 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا سَجَدَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِرُكْبَتَيْهِ قَبْلَ يَدَيْهِ، وَلَا يَبْرُكْ بُرُوكَ الْفَحْلِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں کوئی سجدہ کرے تو وہ ہاتھ رکھنے سے پہلے گھٹنے رکھے، اونٹ کی طرح نہ بیٹھے۔

6508- أخرجه الترمذي جلد3صفحه292 عن هناد ونصر' قالا: حدثنا المحاربي' به .

6509- أخرجه ابن أبي شيبة جلد1صفحه262 .

6510 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَبَيَّنَ زِنَاهَا، فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ، فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ، فَإِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہاری لونڈی زنا کرے، اس کا زنا کرنا واضح ہو اس کو حد لگائی جائے اور جلا وطن نہ کیا جائے۔ اگر دوبارہ زنا کرے اس کو حد لگائی جائے اور جلا وطن نہ کیا جائے، اگر پھر زنا کرے اس کو حد لگائی جائے اس کو جلا وطن نہ کیا جائے اور پھر اگر زنا کرے تو اس کو فروخت کر دے اگرچہ ایک بالوں کے گچھے کے بدلے ہو۔

6511 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَنْتَظِرُ أَحَدُكُمْ إِلَّا غِنًى مُطْغِيًا، أَوْ فَقْرًا مُنْسِيًا، أَوْ مَرَضًا مُفْنِدًا، أَوْ مَوْتًا مُجْهِزًا، أَوِ الدَّجَّالَ فَالدَّجَّالُ شَرُّ غَائِبٍ يُنْتَظَرُ، أَوِ السَّاعَةَ فَالسَّاعَةُ أَدْهَى وَأَمَرُّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں کوئی انتظار کرتا ہے ایسی غنا کا جو سرکش بنا دے۔ ایسی محتاجی کا جو بھلا دے، ایسی مرض کا جو ختم کر دے یا ایسی موت کا جو اچانک آئے، یا دجال کا؟ وہ دجال بدترین ہے غائب چیزوں میں جس کا انتظار کیا جاتا ہے یا قیامت کا تو قیامت اس سے بھی زیادہ ہولناک ہے۔

6512 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوسَى بْنِ يَزِيدَ الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ سُلَيْمَانَ، مَوْلَى بَنِي مَخْزُومٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُعْتَرَكُ الْمَنَايَا بَيْنَ السِّتِّينَ إِلَى السَّبْعِينَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی عمر ساٹھ سے ستر سال تک ہو گی۔

6510- أخرجه مسلم جلد2صفحه70 عن ابن أبي شيبة واسحاق' كلاهما عن ابن عيينة' به .

6511- ورواه الترمذي جلد3صفحه257 من حديث الأعرج .

6512- نسبه السيوطي في الجامع الصغير جلد2صفحه155 الى الحكيم ورمز لضعفه .

6513 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَقَلُّ أُمَّتِي أَبْنَاءُ سَبْعِينَ سَنَةً

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے بہت کم لوگ ساٹھ سال کے ہوں گے۔

6514 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اجْتَهَدَ قَالَ: يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کوشش کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے: یا حی یا قیوم۔

6515 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا هَمَّهُ الْأَمْرُ نَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی اہم کام ہوتا تو آپ آسمان کی طرف منہ کرتے اور سبحان اللہ العظیم پڑھتے تھے۔

6516 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ سَيْحَانَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الرُّزَيْنِيُّ قَالَ: فَمَا رَأَيْتُ مِثْلَهُ بِعَيْنِي قَطُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا أَسْلَمَ ثُمَامَةُ أَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَغْتَسِلَ وَيُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب حضرت ثمامہ اسلام لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو غسل کرنے اور دو رکعتیں پڑھنے کا حکم دیا۔

6517 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: رَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مَجْمَعِ السُّيُولِ فَقَالَ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِمَنْزِلِ الدَّجَّالِ مِنَ الْمَدِينَةِ؟ ، فَقَالَ: هَذَا مَنْزِلُهُ - يُرِيدُ الْمَدِينَةَ - فَلَا يَسْتَطِيعُهَا عَلَى كُلِّ نَقْبٍ مِنْ نِقَابِهَا مَلَكٌ شَاهِرٌ سِلَاحَهُ لَا يَدْخُلُهَا الدَّجَّالُ ، وَهُوَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجمع سیول کی طرف جا رہے تھے سوار ہو کر۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو آگاہ نہ کروں مدینہ میں دجال کی جگہ پر۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ جگہ ہے اس کا ارادہ مدینہ کا ہوگا وہ اس کی طاقت نہیں رکھے گا، ہر گلی میں فرشتہ ہوگا اسلحہ لے کر دجال داخل نہیں ہوگا۔

6514- أخرجه الترمذی جلد4صفحه242 من حديث ابن أبی فديك به .

6515- أخرجه الترمذی جلد4صفحه242 من حديث ابن أبی فديك' عن ابراهيم' به .

6516- وأخرجه البخاری جلد2صفحه627 . ومسلم جلد2صفحه93 من حديث ليث' عن سعيد' عن أبی هريرة .

6517- قال فی مجمع الزوائد جلد7صفحه345: رواه أبو يعلی وفيه أبو معشر' وهو ضعيف .

عِنْدِی أَتَمُّ مِنْ هَذَا

6518 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلَبِسَ مِنْ أَحْسَنِ ثِيَابِهِ وَغَدَا وَابْتَكَرَ حَتَّى يَأْتِيَ، فَاسْتَمَعَ وَأَنْصَتَ، غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى، قَالَ: فَحَدَّثْتُ أَبَا بَكْرِ عَمْرَو بْنَ حَزْمٍ بِهَذَا فَقَالَ: وَزِيَادَةَ أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا، اچھے کپڑے پہنے، جلدی جلدی آیا جمعہ پڑھنے کے لیے، اس نے خطبہ سنا اور خاموش رہا۔ اس کے ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک اس کے گناہ اللہ پاک معاف کر دے گا۔

6519 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِمْرَانَ الْأَخْنَسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ لَنْ تَسَعُوا النَّاسَ بِأَمْوَالِكُمْ، وَلَكِنْ يَسَعُهُمْ مِنْكُمْ بَسْطُ الْوَجْهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تم میں لوگوں پر مال خرچ کرنے کی طاقت نہیں رکھتا وہ ایسا کرے کہ لوگوں سے ملاقات کے وقت اپنے چہرے کو خوش رکھے۔

6520 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرٌو، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُبَّ صَائِمٍ حَظُّهُ مِنْ صِيَامِهِ الْجُوعُ وَالْعَطَشُ، وَرُبَّ قَائِمٍ حَظُّهُ مِنْ قِيَامِهِ السَّهَرُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہت کم روزہ داروں کا ان کے روزے سے حصہ صرف بھوک اور پیاس برداشت کرنا ہوتا ہے' کتنے قیام کرنے والے ایسے ہیں کہ ان کے قیام سے انہیں سوائے جاگنے کے اور کچھ نہیں ملتا۔

6521 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: أَنَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے، میں بے پرواہ ہوں

6518- ورواه مسلم جلد1صفحه283 .

6519- قال في مجمع الزوائد جلد8صفحه22 رواه أبو يعلى والبزار .

6520- أخرجه أحمد جلد2صفحه273 عن سليمان' عن اسماعيل' به .

6521- ورواه مسلم جلد2صفحه411 من حديث روح' عن العلاء' عن أبيه' عن أبي هريرة .

أَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ، فَمَنْ عَمِلَ عَمَلًا فَأَشْرَكَ فِيهِ غَيْرِي، فَأَنَا مِنْهُ بَرِيءٌ

شرکاء کے شرک سے۔ جس نے کوئی عمل کیا اس میں میرے علاوہ کسی اور کو میرے ساتھ شریک ٹھہرایا میں اس سے بری ہوں۔

6522 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ مِنْ خَيْرِ قُرُونِ بَنِي آدَمَ قَرْنًا، فَقَرْنًا حَتَّى بُعِثْتُ مِنَ الْقَرْنِ الَّذِي كُنْتُ مِنْهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری بعثت بنو آدم علیہ السلام کے بہترین زمانہ میں ہوئی ہے یہاں تک کہ میں مبعوث کیا گیا ہوں اس زمانہ میں جس میں مَیں ہوں۔

6523 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ، إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا مسجد حرام کے علاوہ دوسری مساجد میں نماز پڑھنے سے ہزار درجہ سے زیادہ ثواب ہے۔

6524 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنِ الْأَغَرِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ ذَلِكَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اسی کی مثل۔

6525 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرَابِيٌّ فَأَعْجَبَهُ صِحَّتُهُ وَجَلَدُهُ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَتَى أَحْسَسْتَ أُمَّ مِلْدَمٍ؟، فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: وَأَيُّ شَيْءٍ أُمُّ مِلْدَمٍ؟ قَالَ: الْحُمَّى، قَالَ: وَأَيُّ شَيْءٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک اعرابی آیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی صحت اور مضبوط جسم نے تعجب میں ڈال دیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو نے اُم ملدم کو کب محسوس کیا؟ پس اعرابی نے عرض کی: اُم ملدم کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا: حمّی (بخار)! اس نے عرض کی: کیا چیز ہے:

6522- ورواه البخاری جلد1صفحه503 من حديث يعقوب بن عبد الرحمٰن .

6524- ورواه أحمد جلد3صفحه77 من حديث قزعة .

6525- أخرجه أحمد جلد2صفحه366 عن خلف' عن أبي معشر' به .

الْحُمَّى؟ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُخْنَةٌ تَكُونُ بَيْنَ الْجِلْدِ وَالْعَظْمِ ، فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: مَا لِي بِذَلِكَ عَهْدٌ، قَالَ لَهُ: فَمَتَى أَحْسَسْتَ بِالصُّدَاعِ؟ ، قَالَ: وَأَيُّ شَيْءٍ الصُّدَاعُ؟ فَقَالَ لَهُ: ضَرَبَانٌ يَكُونُ فِي الصُّدْغَيْنِ وَالرَّأْسِ ، فَقَالَ: مَا لِي بِذَلِكَ عَهْدٌ، قَالَ: فَلَمَّا وَلَّى الْأَعْرَابِيُّ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَلْيَنْظُرْ إِلَيْهِ ، يَعْنِي الْأَعْرَابِيَّ

حمّی (بخار)۔رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: گرمی جو جلد اور ہڈی کے درمیان ہوتی ہے۔ پس اعرابی نے کہا: اس طرح کی کوئی بات مجھے یاد نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: کبھی صداع (سردرد) ہوا؟ اس نے عرض کی: صداع کیا چیز ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دوضربیں ہیں جو کنپٹیوں اور سر کے درمیان لگتی ہے۔اس نے عرض کی: مجھے ایسی کوئی بات یاد نہیں ہے۔ راوی کا بیان ہے: جب دیہاتی واپس پلٹ گیا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس آدمی کو ناری دیکھنا پسند ہو وہ اس دیہاتی کو دیکھے۔ہ ضمیر کا مرجع اعرابی ہے۔

6526 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِهَذَا الْقُرْآنِ شِرَّةً، وَلِلنَّاسِ عَنْهُ فَتْرَةً، فَمَنْ كَانَتْ فَتْرَتُهُ إِلَى الْقَصْدِ فَنِعِمَّا هِيَ، وَمَنْ كَانَتْ فَتْرَتُهُ إِلَى الْإِعْرَاضِ فَأُولَئِكَ هُمْ بُورٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک اس قرآن کیلئے چستی ہے اور لوگوں کیلئے اس سے سستی ہے، پس جب آدمی کی سستی قصد وارادے کی طرف ہوتو بہت ہی اچھا ہے اور جس کی سستی، روگردانی کی طرف ہوتو ایسے لوگ ہلاک ہونے والے ہیں۔

6527 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، أَنَّ أَبَا بَصْرَةَ حُمَيْلَ بْنَ بَصْرَةَ لَقِيَ أَبَا هُرَيْرَةَ وَهُوَ مُقْبِلٌ مِنَ الطُّورِ، فَقَالَ: لَوْ لَقِيتُكَ قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَهُ لَمْ تَأْتِهِ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُضْرَبُ أَكْبَادُ الْمَطِيِّ إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ،

حضرت سعید بن ابی سعید مقبری سے روایت ہے کہ ابوبصرہ حُمیل بن بصرہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی اس حال میں کہ وہ طور سے واپس آرہے تھے پس اس نے عرض کی: اگر طور پر آنے سے پہلے میری آپ سے ملاقات ہو چکی ہوتی تو اس پہ نہ آتے' کیونکہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: صرف تین مسجدوں کی طرف سفر کر سکتے ہیں: مسجد حرام' مسجد

6526- قال فی مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**168**: رواه أبو يعلى .

6527- وأصله عند البخاری جلد**1**صفحه**158** . ومسلم جلد**1**صفحه**447** من حديث الزهری .

وَمَسْجِدِى هَذَا، وَالْمَسْجِدِ الْأَقْصَى

نبوی اور بیت المقدس۔

6528 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ صَخْرٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا فَأَعْظَمُوا الْغَنِيمَةَ، وَأَسْرَعُوا الْكَرَّةَ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا رَأَيْنَا بَعْثًا قَطُّ أَسْرَعَ كَرَّةً، وَلَا أَعْظَمَ مِنْهُ غَنِيمَةً مِنْ هَذَا الْبَعْثِ، فَقَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَسْرَعَ كَرَّةً مِنْهُ، وَأَعْظَمَ غَنِيمَةً؟ رَجُلٌ تَوَضَّأَ فِي بَيْتِهِ فَأَحْسَنَ وُضُوءَهُ، ثُمَّ تَحَمَّلَ إِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلَّى فِيهِ الْغَدَاةَ، ثُمَّ عَقَّبَ بِصَلَاةِ الضَّحْوَةِ، فَقَدْ أَسْرَعَ الْكَرَّةَ، وَأَعْظَمَ الْغَنِيمَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا تو اُنہوں نے مالِ غنیمت کو بڑا سمجھا اور حملہ کرنے میں جلدی کی۔ پس ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! اس لشکر سے زیادہ حملہ کرنے میں جلد باز اور مالِ غنیمت کی عظمت کا قائل کبھی کوئی لشکر ہم نے نہیں دکھا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں حملہ کرنے میں زیادہ جلد باز اور مالِ غنیمت کو بڑا سمجھنے والے کے بارے خبرت نہ دوں؟ وہ آدمی جس نے اپنے گھر میں وضو کیا اور انتہائی خوبصورت طریقے سے وضو کیا' پھر مسجد میں جانے کی تکلیف کو برداشت کیا' پس اس میں اس نے صبح کی نماز ادا کی' پھر چاشت کی نماز کے ساتھ واپس آیا' پس وہ جلدی حملہ کرنے والا اور غنیمت کو بڑا سمجھنے والا ہے۔

6529 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوا غَرَائِبَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن کے اعراب سیکھو اور اس کے غرائب کو تلاش کرو۔

6530 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ التَّمَّارُ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ قَالَ: كُنَّا مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ إِذْ جَاءَ الْحَسَنُ

حضرت ابوسعید المقبری فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے۔ اچانک امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے سلام کیا، ہم نے آپ رضی اللہ عنہ کے سلام کا جواب دیا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو ان کے سلام کا علم

6528- قال فی مجمع الزوائد جلد2صفحه235: رواه أبو یعلى ورجاله رجال الصحيح .

6529- أخرجه ابن شيبة جلد10صفحه456 . وقال فی مجمع الزوائد جلد7صفحه163: رواه أبو يعلى .

6530- قال فی مجمع الزوائد جلد9صفحه178: رواه الطبرانی ورجاله ثقات .

بْنُ عَلِيٍّ، فَسَلَّمَ فَرَدَدْنَا عَلَيْهِ، وَلَمْ يَعْلَمْ أَبُو هُرَيْرَةَ، فَمَضَى فَقُلْنَا: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ هَذَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ سَلَّمَ عَلَيْنَا، قَالَ: فَتَبِعَهُ فَلَحِقَهُ قَالَ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا سَيِّدِي، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّهُ سَيِّدٌ

نہ ہوا، وہ تشریف لے چلے۔ ہم نے عرض کی: اے ابوہریرہ! یہ حسن بن علی ہیں۔ ہم پر انہوں نے سلام کیا ہے، آپ رضی اللہ عنہ ان کے پیچھے چل کر گئے اور ان سے ملاقات کی اور عرض کی: آپ رضی اللہ عنہ پر سلام ہو! اے میرے آقا! میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ سردار ہے۔

6531 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ النَّاسِ أَكْرَمُ؟ قَالَ: أَكْرَمُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ أَتْقَاهُمْ، قَالُوا: فَغَيْرَ هَذَا نَسْأَلُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَأَكْرَمُ النَّاسِ يُوسُفُ ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ خَلِيلِ اللّٰهِ، قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّ خِيَارَهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقُهُوا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی گئی: یا رسول اللہ! لوگوں میں سب سے زیادہ عزت والا کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ہاں سب سے زیادہ عزت والا وہ آدمی ہے جو زیادہ ڈرنے والا ہو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم نے اس کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال نہیں کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں عزت والے یوسف علیہ السلام نبی اللہ ابن نبی اللہ ابن خلیل اللہ ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان میں سے جو جاہلیت میں بہتر تھے، اسلام میں بھی بہتر ہیں بشرطیکہ وہ سمجھ حاصل کریں۔

6532 - حَدَّثَنَا الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ، وَأَبُو أُسَامَةَ قَالَا: حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ عَلَى الرَّجُلِ فِي فَرَسِهِ وَلَا عَبْدِهِ صَدَقَةٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کے گھوڑے اور اس کے غلام پر زکوٰۃ نہیں ہے۔

6533 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ قَالَ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل

6531- أخرجه البخاري جلد2صفحه679 عن محمد بن سلام' عن عبدة به .

6533- وأخرجه البخاري جلد1صفحه197 . ومسلم جلد1صفحه316 من طرق عن عراك .

حَدَّثَنِي أُسَامَةُ قَالَ: حَدَّثَنِي مَكْحُولٌ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

روایت کرتے ہیں۔

6534 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَرَادَ أَحَدُكُمُ السَّلَامَ فَلْيَقُلِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ، وَلَا تَبْدَءُوا قَبْلَ اللّٰهِ بِشَيْءٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سلام کا ارادہ کرے وہ کہے: السلام علیکم، بے شک اللہ وہ سلام ہے اللہ سے پہلے کسی شے سے ابتداء نہ کرو۔

6535 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، سَمِعْتُ ابْنَ عَجْلَانَ يَذْكُرُ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْمَجْلِسِ فَلْيُسَلِّمْ، فَإِنْ قَامَ فَلْيُسَلِّمْ، فَإِنَّ الْأُولَى لَيْسَتْ أَحَقَّ مِنَ الْآخِرَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مجلس میں آئے تو وہ سلام کرے، اگر (محفل سے) کھڑا ہو تو اس کو چاہیے کہ سلام کرے کیونکہ پہلی بار سلام کرنا' دوسری بار سلام کرنے سے بڑا حق نہیں ہے۔

6536 - حَدَّثَنَا سَهْلٌ، حَدَّثَنَا الْقَطَّانُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، مِثْلَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ أَبَاهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل حدیث روایت ہے' لیکن انہوں نے ان کے باپ کا ذکر نہیں کیا۔

6537 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي طَلْحَةُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ سَعِيدًا الْمَقْبُرِيَّ، حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے گھوڑا اللہ کی راہ میں ایمان اور اللہ کے وعدہ کی تصدیق کے ساتھ روکا۔ اس گھوڑے کا کھانا'

6534- قال فی مجمع الزوائد جلد8صفحه35: رواه أبو يعلى .

6536- اخرجه أبو داؤد جلد 4صفحه520 . والترمذی جلد3صفحه389 . والنسائی فی اليوم والليلة كما فی الأطراف جلد9صفحه492 .

6537- وأخرجه البخاری جلد1صفحه400 من حديث ابن المبارك' عن طلحة' به .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ إِيمَانًا وَتَصْدِيقًا بِمَوْعِدِ اللّٰهِ، كَانَ شِبَعُهُ، وَرِيُّهُ، وَبَوْلُهُ، وَرَوْثُهُ حَسَنَاتٍ فِي مِيزَانِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

پینا‘ اس کی لید اور پیشاب قیامت کے دن اس کی نیکیوں کے پلڑے میں رکھی جائیں گی۔

6538 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى جِنَازَةٍ فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ، ثُمَّ مُرَّ عَلَيْهِ بِجَنَازَةٍ أُخْرَى فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا شَرًّا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ، ثُمَّ قَالَ: أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک جنازہ گزرا، صحابہ کرام نے اس کی تعریف کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واجب ہوگئی۔ پھر دوسرا جنازہ گزرا تو صحابہ کرام نے اس کی برائی بیان کی‘ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واجب ہوگئی‘ پھر فرمایا: تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو۔

6530 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ وَالِي عَشْرَةٍ إِلَّا يُؤْتَى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولٌ يَدُهُ إِلَى عُنُقِهِ حَتَّى يَفُكَّ عَنْهُ الْعَدْلُ، أَوْ يُوبِقَهُ الْجَوْرُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دس آدمیوں کا والی تھا‘ وہ قیامت کے دن لایا جائے گا اس حالت میں کہ اس کے ہاتھ اس کی گردن کے ساتھ بندھے ہوں گے یہاں تک کہ عدل اس کو چھڑا لے گا یا ظلم اسے ہلاک کر دے گا۔

6540 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ رَبُّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ: ثَلَاثَةٌ أَنَا خَصْمُهُمْ، وَمَنْ كُنْتُ خَصْمَهُ خَصَمْتُهُ: رَجُلٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے کہ تین آدمیوں کا مدمقابل میں ہوں جس کا مدمقابل میں ہوا تو غالب میں ہی ہوں گا‘ وہ ایک آدمی جس کو میں نے دیا پھر اس نے دھوکہ کیا۔ ایک وہ آدمی جس نے آزاد کو فروخت کیا اس

6538- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6539- أخرجه أحمد جلد2صفحه431 الا أنه قال: لا يفكه الا العدل‘ ورجاله رجال الصحيح .

6540- أخرجه البخارى جلد1صفحه302,297 عن بشر ويوسف بن محمد‘ كلاهما عن يحيىٰ‘ به .

أَعْطَى بِي ثُمَّ غَدَرَ، وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَأَكَلَ ثَمَنَهُ، وَرَجُلٌ اسْتَأْجَرَ أَجِيرًا فَاسْتَوْفَى مِنْهُ وَلَمْ يُوفِهِ أَجْرَهُ

کے پیسے کھائے۔ ایک وہ آدمی اس نے مزدور اجرت پر رکھا اس نے مزدوری پوری کی' لیکن اس کو اُس کی مزدوری پوری نہیں دی۔

6541 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا جُعِلَ الْإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوا، وَإِذَا قَعَدَ فَاقْعُدُوا، وَإِذَا قَامَ فَقُومُوا، وَالْإِمَامُ جُنَّةٌ ضَامِنٌ لِصَلَاةِ الْقَوْمِ، فَإِذَا صَلَّاهَا لِوَقْتِهَا وَأَقَامَ حُدُودَهَا - أَظُنُّ أَنَّهُ قَالَ: - كَانَ لَهُ أَجْرُهُ وَمِثْلُ أُجُورِهِمْ لَا يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ لَمْ يُصَلِّهَا لِوَقْتِهَا وَيُقِمْ حُدُودَهَا كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَأَوْزَارُهُمْ، وَلَيْسَ عَلَيْهِمْ شَيْءٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امام ہوتا ہی اس لیے ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے' جب وہ اللہ اکبر کہے تو تم بھی اللہ اکبر کہو' جب وہ رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو' جب وہ بیٹھے تو تم بھی بیٹھو' جب وہ کھڑا ہو تو تم بھی کھڑے ہو جاؤ' امام ڈھال ہے' قوم کی نماز کا ضامن ہے' جب وہ نماز وقت پر پڑھائے اور اس کی حدود بھی قائم رکھے تو میں گمان کرتا ہوں کہ اس کا ثواب ان کے ثواب کی طرح ہے' ان کے اجر میں کسی شی کی کمی نہیں کی جائے گی' جو امام نماز وقت پر نہ پڑھائے اور اس کی حدوں کا خیال نہ کرے تو اس کا بوجھ اسی پر ہوگا' نمازیوں پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

6542 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ ذَهَبٍ لَابْتَغَى ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر انسان کے لیے دو وادیاں ہوں سونے کی وہ تیسری وادی کی خواہش کرے۔ ابن آدم کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی۔

6543 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ أَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ کی صفت سلام ہے'

6543- ذكره الحافظ فى المطالب العالية جلد2صفحه424 ونسبه الى أبى يعلى .

سَعِيدٍ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ هُوَ السَّلَامُ فَلا تَبْدَءُوا بِشَيْءٍ قَبْلَهُ، فَإِذَا قِيلَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقُولُوا: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ

اس سے پہلے اور کوئی بات نہ کرو جب کہا جائے: السلام علیکم! تو کہو: السلام علیکم!

6544 - حَدَّثَنَا جُبَارَةُ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّهْشَلِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ جَدِّهِ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ خَلْقًا يَبُثُّهُمْ تَحْتَ اللَّيْلِ كَيْفَ شَاءَ، فَأَوْكُوا السِّقَاءَ، وَأَغْلِقُوا الْأَبْوَابَ، وَغَطُّوا الْإِنَاءَ، فَإِنَّهُ لَا يَفْتَحُ بَابًا، وَلَا يَكْشِفُ غِطَاءً، وَلَا يَحُلُّ وِكَاءً

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل رات کے وقت ایک مخلوق پھیلا دیتا ہے جیسے چاہتا ہے۔ اپنے مشکیزے ڈھانپ لیا کرو، دروازوں کو بند کرلیا کرو اور برتن ڈھانپ لیا کرو کیونکہ وہ دروازہ کو نہیں کھولتی ہے، پردے کو نہیں اُٹھاتی ہے اور مشکیزہ کو نہیں کھولتی ہے۔

6545 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَعَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي، لَأَخَّرْتُ الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ إِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ، فَإِنَّهُ إِذَا مَضَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْأَوَّلُ هَبَطَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَلَمْ يَزَلْ بِهَا حَتَّى يَطْلُعَ الْفَجْرُ يَقُولُ: أَلَا تَائِبٌ؟ أَلَا سَائِلٌ يُعْطَى؟ أَلَا دَاعٍ يُجَابُ؟ أَلَا مُذْنِبٌ يَسْتَغْفِرُ فَيُغْفَرُ لَهُ؟ أَلَا سَقِيمٌ يَسْتَشْفِي فَيُشْفَى؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر مجھے اپنی امت پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں اپنی امت کو نماز عشاء مؤخر کرنے کا حکم دیتا۔ تہائی رات تک کیونکہ جب پہلی تہائی رات چلی جاتی ہے۔ اللہ عزوجل کی رحمت آسمان دنیا پہ اترتی ہے۔ وہ مسلسل رہتی ہے یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جائے، وہ کہتا ہے کیا ہے کوئی توبہ کرنے والا؟ کیا ہے کوئی مانگنے والا کہ اسے عطا کیا جائے' کیا ہے دعا کرنے والا کہ اس کی دعا قبول کی جائے۔ کیا اپنے گناہوں کی معافی مانگنے والا اس کے گناہ معاف کیے جائیں گے۔ کیا ہے کوئی بیمار شفا مانگنے والا کہ اس کو شفاء دی جائے۔

6544- قال فی مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**111**: رواه ابن ماجة باختصار' رواه أبو يعلى .

6545- رواه النسائی فی الكبریٰ من طريق محمد بن سلمة' كما فی الأطراف جلد**10**صفحه**280** .

6546 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى كَمَا صَلَّى، ثُمَّ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ، فَرَدَّ عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ، حَتَّى فَعَلَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ الرَّجُلُ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أُحْسِنُ غَيْرَ هَذَا فَعَلِّمْنِي، قَالَ: إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلَاةِ فَكَبِّرْ، ثُمَّ اقْرَأْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَعْتَدِلَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ قَائِمًا، ثُمَّ افْعَلْ ذَلِكَ فِي صَلَاتِكَ كُلِّهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے۔ایک آدمی آیا اس نے نماز پڑھی، جیسے اس نے پڑھی۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے سلام کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سلام کا جواب دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واپس چلے جاؤ اور نماز پڑھو۔ بے شک تم نے نماز نہیں پڑھی۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تین مرتبہ فرمایا اس کو۔ اس آدمی نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں اس سے زیادہ اچھی نماز نہیں پڑھ سکتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے نماز پڑھنا سکھائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو نماز پڑھنے کا ارادہ کر کے کھڑا ہو تو اللہ اکبر کہہ۔ پھر جو قرآن سے آسان لگے وہ پڑھ، پھر رکوع کر یہاں تک کہ رکوع اطمینان سے کر پھر سر اٹھا یہاں تک کہ تو سیدھا کھڑا ہو جائے پھر سجدہ کر یہاں تک کہ اطمینان سے سجدہ کرے پھر سر اٹھا، یہاں تک کہ سیدھا کھڑا ہو جائے پھر ایسے ہی کر اپنی تمام نماز میں۔

6547 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُنْكَحُ النِّسَاءُ لِأَرْبَعٍ: لِمَالِهَا، وَلِحَسَبِهَا، وَلِجَمَالِهَا، وَلِدِينِهَا، فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّينِ تَرِبَتْ يَدَاكَ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں سے نکاح چار لحاظ سے کیا جاتا ہے: (۱) مال کی وجہ سے (۲) خوبصورتی کی وجہ سے (۳) دین کی وجہ سے پس تو دین والی کو ترجیح دے تیرا ہاتھ رنگا ہوا ہو۔

6546- أخرجه البخاری جلد1صفحه109,104، جلد2صفحه924 عن مسدد ومحمد بن بشار .

6547- أخرجه البخاری جلد1صفحه762 عن مسدد . ومسلم جلد2صفحه474 عن محمد بن المثنیٰ وغیرهم .

6548 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ أَهْدَى إِلَيَّ نَاقَةً مِنْ إِبِلٍ، فَعَوَّضْتُهُ مِنْهَا بِسِتِّ بَكَرَاتٍ، فَظَلَّ يَوْمَهُ يَسْخَطُ، وَايْمُ اللّٰهِ، لَا أَقْبَلُ بَعْدَ يَوْمِي هَذَا هَدِيَّةً إِلَّا مِنْ قُرَشِيٍّ، أَوْ ثَقَفِيٍّ، أَوْ دَوْسِيٍّ، أَوْ أَنْصَارِيٍّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک دیہات کا آدمی تھا۔ اس نے مجھے بطور ہدیہ ایک اونٹنی دی دیا۔ میں نے اس کے بدلے اس کو اونٹنیوں کے بچے دیئے' اس نے سارا دن ناراضگی میں گزارا۔ اللہ کی قسم! میں اس دن کے بعد ہدیہ قبول نہیں کروں گا مگر قریشی یا ثقفی یا دوسی یا انصاری سے۔

6549 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَافِعٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ مِنْ تُرَابٍ، ثُمَّ جَعَلَهُ طِينًا، ثُمَّ تَرَكَهُ حَتَّى إِذَا كَانَ حَمَأً مَسْنُونًا، خَلَقَهُ وَصَوَّرَهُ، ثُمَّ تَرَكَهُ حَتَّى إِذَا كَانَ صَلْصَالًا كَالْفَخَّارِ، قَالَ: فَكَانَ إِبْلِيسُ يَمُرُّ بِهِ، فَيَقُولُ: لَقَدْ خُلِقْتَ لِأَمْرٍ عَظِيمٍ، ثُمَّ نَفَخَ اللّٰهُ فِيهِ رُوحَهُ، فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ جَرَى فِيهِ الرُّوحُ بَصَرُهُ وَخَيَاشِيمُهُ، فَعَطَسَ فَلَقَّاهُ اللّٰهُ حَمْدَ رَبِّهِ، فَقَالَ الرَّبُّ: يَرْحَمُكَ رَبُّكَ، ثُمَّ قَالَ اللّٰهُ: يَا آدَمُ اذْهَبْ إِلَى أُولَئِكَ النَّفَرِ، فَقُلْ لَهُمْ، وَانْظُرْ مَا يَقُولُونَ، فَجَاءَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ فَقَالُوا: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، فَجَاءَ إِلَى رَبِّهِ فَقَالَ: مَاذَا قَالُوا لَكَ؟ - وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَا قَالُوا لَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل نے آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا کیا۔ پھر اس مٹی کو طین (گوندھی ہوئی) بنایا پھر اس کو چھوڑے رکھا یہاں تک کہ وہ سوکھ کر کھیلنے والی ہو گئی۔ پھر اسے تخلیق کر کے صورت بنائی، پھر اس کو چھوڑا یہاں تک کہ ٹھیکری کی طرح بجنے والی سوکھی مٹی ہو گئی۔ ابلیس آپ کے پاس سے گزرتا تھا اور کہنے لگا: تجھے عظیم کام کیلئے پیدا کیا گیا ہے۔ پھر اللہ عزوجل نے اس میں روح پھونکی، یہ پہلی چیز تھی جس میں روح (یعنی اس کی بصارت اور ناک کے بانسے میں) جاری کی گئی۔ آپ کو چھینک آئی جس وقت اللہ سے ملاقات کی، انہوں نے اپنے رب کی تعریف کی، اللہ عزوجل نے فرمایا: تیرا رب تجھ پر رحم فرماتا ہے! پھر آدم علیہ السلام سے کہا: ان کی طرف جائیں ان سے بات کریں اور دیکھو وہ کیا کہتے ہیں۔

6548- أخرجه أبو داؤد جلد2صفحه314 . والترمذی جلد4صفحه380 كلاهما من حديث ابن اسحاق به .

6549- قال في مجمع الزوائد جلد8صفحه197: رواه أبو يعلى .

-قَالَ: يَا رَبِّ، لَمَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِمْ، قَالُوا: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، قَالَ: يَا آدَمُ، هَذَا تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ، قَالَ: يَا رَبِّ وَمَا ذُرِّيَّتِي؟ قَالَ: اخْتَرْ يَدِي يَا آدَمُ، قَالَ: أَخْتَارُ يَمِينَ رَبِّي- وَكِلْتَا يَدَيْ رَبِّي يَمِينٌ- فَبَسَطَ اللّٰهُ كَفَّهُ فَإِذَا كُلُّ مَا هُوَ كَائِنٌ مِنْ ذُرِّيَّتِهِ فِي كَفِّ الرَّحْمَنِ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِذَا رِجَالٌ مِنْهُمْ عَلَى أَفْوَاهِهِمُ النُّورُ، وَإِذَا رَجُلٌ يُعْجِبُ آدَمُ مِنْ نُورِهِ، قَالَ: يَا رَبِّ مَنْ هَذَا؟ قَالَ: ابْنُكَ دَاوُدُ، قَالَ: يَا رَبِّ فَكَمْ جَعَلْتَ لَهُ مِنَ الْعُمُرِ؟ قَالَ: جَعَلْتُ لَهُ سِتِّينَ، قَالَ: يَا رَبِّ فَأَتِمَّ لَهُ مِنْ عُمُرِي حَتَّى يَكُونَ عُمُرُهُ مِائَةَ سَنَةٍ، فَفَعَلَ اللّٰهُ وَأَشْهَدَ عَلَى ذَلِكَ، فَلَمَّا نَفِدَ عُمُرُ آدَمَ بَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْهِ مَلَكَ الْمَوْتِ فَقَالَ آدَمُ: أَوَلَمْ يَبْقَ مِنْ عُمُرِي أَرْبَعُونَ سَنَةً؟ قَالَ الْمَلَكُ: أَلَمْ تُعْطِهَا ابْنَكَ دَاوُدَ؟ فَجَحَدَ ذَلِكَ، فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ، وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ

حضرت آدم علیہ السلام آئے، آپ علیہ السلام نے السلام علیکم کہا۔ انہوں نے عرض کی: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ حضرت آدم علیہ السلام اپنے رب کے پاس آئے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: انہوں نے آپ علیہ السلام سے کیا کہا ہے؟ حالانکہ اللہ عزوجل زیادہ جانتا ہے جو انہوں نے کہا، عرض کی: اے رب! جب میں نے ان کو سلام کیا انہوں نے جواب دیا وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: اے آدم! یہ آپ علیہ السلام اور آپ علیہ السلام کی اولاد کا سلام ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کی: اے رب! میری کون سی اولاد؟ اللہ عزوجل نے فرمایا: اے آدم! میرے ہاتھ کو اختیار کرو۔ عرض کی: میں نے اپنے رب کے دائیں کو اختیار کیا' اے رب۔ اللہ عزوجل نے اپنا دست قدرت کشادہ کیا اس میں قیامت تک ہونے والی اولاد تھی جن میں سے وہ مردانِ خدا بھی تھے جن کے چہرے پر نور تھا۔ اللہ عزوجل کے دست قدرت' میں اُن مردوں میں ایک مرد تھا۔ اس کے چہرے پر زیادہ نور تھا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے ان کے نور کو پسند کیا۔ عرض کی: اے رب! یہ کون ہے؟ فرمایا: یہ تیرا بیٹا داؤد ہے۔ عرض کی: یارب! اس کی عمر کتنی ہے؟ اللہ عزوجل نے فرمایا: ساٹھ سال۔ عرض کی: اے رب! اس کی عمر سو سال کر دے وہ عمر مجھ سے لے کر۔ اللہ عزوجل نے اس کی گواہی لے لی۔ جب ملک الموت ان کے پاس آئے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: یا اللہ! کیا میری عمر چالیس سال باقی نہیں ہے؟ حضرت عزرائیل علیہ السلام نے کہا: کیا آپ علیہ السلام نے اپنے بیٹے داؤد کو عمر

نہیں دی تھی؟ پس حضرت آدم علیہ السلام نے انکار کر دیا، ان کی اولاد نے بھی انکار کیا ہے۔ آپ علیہ السلام بھولے اور آپ علیہ السلام کی اولاد بھی بھول گئی۔

6550 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَمِنْ سَاعَاتِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سَاعَةٌ تَأْمُرُنِي أَنْ لَا أُصَلِّيَ فِيهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّيْتَ الصُّبْحَ فَأَقْصِرْ عَنِ الصَّلَاةِ حَتَّى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ، فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، ثُمَّ الصَّلَاةُ مَشْهُودَةٌ مَحْضُورَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ حَتَّى يَنْتَصِفَ النَّهَارُ، فَإِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ فَأَقْصِرْ عَنِ الصَّلَاةِ حَتَّى تَمِيلَ الشَّمْسُ، قَالَ: حِينَئِذٍ تُسَعَّرُ جَهَنَّمُ، وَشِدَّةُ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فَالصَّلَاةُ مَحْضُورَةٌ مَشْهُودَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ حَتَّى تُصَلِّيَ الْعَصْرَ، فَإِذَا صَلَّيْتَ الْعَصْرَ فَأَقْصِرْ عَنِ الصَّلَاةِ حَتَّى تَغِيبَ الشَّمْسُ، ثُمَّ الصَّلَاةُ مَشْهُودَةٌ مَحْضُورَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ حَتَّى تُصَلِّيَ الصُّبْحَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا دن اور رات کی گھڑیوں میں سے کوئی ایسی گھڑی ہے' آپ مجھے حکم دیتے ہیں کہ جس میں نماز نہ پڑھوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو فجر کی نماز پڑھ لے تو نماز سے رک جا یہاں تک کہ سورج بلند ہو جائے کیونکہ اس وقت سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے۔ پھر نماز ہے اس وقت فرشتے حاضر اور موجود ہوتے ہیں اور نماز قبول ہوتی ہے یہاں تک کہ نصف نہار ہو جائے۔ جب آدھا دن گزر جائے تو نماز پڑھنے سے رک جا۔ یہاں تک کہ سورج ڈھل جائے۔ اس وقت جہنم بھڑک جاتی ہے۔ اس وقت گرمی کی شدت جہنم کی تپش سے ہوتی ہے۔ جب سورج ڈھل جائے اس وقت نماز پڑھ۔ اس وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں یہاں تک کہ عصر کی نماز پڑھ لے۔ جب عصر کی نماز پڑھ لے تو نماز پڑھنے سے رک جا۔ یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے پھر نماز پڑھ کہ اس وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں یہاں تک کہ صبح ہو جائے۔

6551 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ شکر کرنے والا صاحب روزہ دار کی طرح ہے۔

6550- ورواه البخاری جلد 1 صفحه 82 . ومسلم جلد 1 صفحه 275 .

6551- أخرجه الترمذی جلد 3 صفحه 314 . رواه أحمد جلد 2 صفحه 289,283 .

سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ بِمَنْزِلَةِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ

6552 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نِسْطَاسٍ، مَوْلَى كَثِيرِ بْنِ الصَّلْتِ، حَدَّثَهُ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ الْغِنَى لَيْسَ عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلَكِنَّ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُوَفِّي عَبْدَهُ مَا كَتَبَ لَهُ مِنَ الرِّزْقِ فَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، خُذُوا مَا حَلَّ، وَدَعُوا مَا حُرِّمَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! غنی وہ نہیں ہے جو زیادہ مال دار ہو۔ غنی وہ ہوتا ہے جو دل کا غنی ہو۔ بے شک اللہ عزوجل پورا دیتا ہے اپنے بندے کو جو اس کے لیے رزق لکھا ہے۔ طلب میں کوشش کرو۔ جو حلال ہے اس کو لے لو، جو حرام ہے اس کو چھوڑ دو۔

6553 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ أَبِي صَخْرٍ، أَنَّ سَعِيدًا الْمَقْبُرِيَّ، أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَالَّذِي نَفْسُ أَبِي الْقَاسِمِ بِيَدِهِ لَيَنْزِلَنَّ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ إِمَامًا مُقْسِطًا وَحَكَمًا عَدْلًا، فَلَيَكْسِرَنَّ الصَّلِيبَ، وَلَيَقْتُلَنَّ الْخِنْزِيرَ، وَلَيُصْلِحَنَّ ذَاتَ الْبَيْنِ، وَلَيُذْهِبَنَّ الشَّحْنَاءَ، وَلَيُعْرَضَنَّ عَلَيْهِ الْمَالُ فَلَا يَقْبَلُهُ، ثُمَّ لَئِنْ قَامَ عَلَى قَبْرِي فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ لَأُجِيبَنَّهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! تم میں عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام ضرور نازل ہوں گے۔ امام ہوں گے عدل و انصاف کرنے والے ہوں گے۔ صلیب کو توڑ دیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے۔ آپس میں ضرور صلح کروائیں گے، کینہ کو نکال دیں گے، ان کو مال دیں گے وہ قبول نہیں کریں گے۔ پھر اگر میری قبر پر کھڑے ہوں گے، عرض کریں گے: اے محمد! میں ان کو جواب دوں گا۔

6554 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، أَخْبَرَنِي عَمْرٌو، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز سے فارغ ہوئے۔ عورتیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

6552- ذكره الحافظ فى التهذيب جلد7صفحه75 ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا .

6553- قال فى مجمع الزوائد جلد8صفحه211: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

6554- أخرجه مسلم جلد1صفحه60 عن يحيى بن أيوب وغيره' عن اسماعيل به .

هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ مِنَ الصُّبْحِ يَوْمًا فَأَتَى النِّسَاءَ فِي الْمَسْجِدِ فَوَقَفَ عَلَيْهِنَّ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، مَا رَأَيْتُ مِنْ نَوَاقِصِ عُقُولٍ وَدِينٍ أَذْهَبَ بِقُلُوبِ ذَوِي الْأَلْبَابِ مِنْكُنَّ، وَإِنِّي رَأَيْتُ أَنَّكُنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَتَقَرَّبْنَ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ بِمَا اسْتَطَعْتُنَّ، وَكَانَتْ فِي النِّسَاءِ امْرَأَةُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، فَانْطَلَقَتْ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَأَخْبَرَتْهُ بِمَا سَمِعَتْ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخَذَتْ حُلِيًّا لَهَا، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: أَيْنَ تَذْهَبِينَ بِهَذَا الْحُلِيِّ؟ قَالَتْ: أَتَقَرَّبُ بِهِ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَرَسُولِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَعَلَّ اللَّهَ أَنْ لَا يَجْعَلَنِي مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَقَالَ: هَلُمِّي وَيْلَكِ تَصَدَّقِي بِهِ عَلَيَّ وَعَلَى وَلَدِي، فَإِنَّا لَهُ مَوْضِعٌ، فَقَالَتْ: لَا وَاللَّهِ حَتَّى أَذْهَبَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَهَبَتْ تَسْتَأْذِنُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: هَذِهِ زَيْنَبُ تَسْتَأْذِنُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ فَقَالَ: أَيُّ الزَّيَانِبِ هِيَ؟، قَالَ: امْرَأَةُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: ائْذَنُوا لَهَا، فَدَخَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي سَمِعْتُ مِنْكَ مَقَالَةً، فَرَجَعْتُ إِلَى ابْنِ مَسْعُودٍ فَحَدَّثْتُهُ، وَأَخَذْتُ حُلِيًّا أَتَقَرَّبُ بِهِ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَإِلَيْكَ، رَجَاءَ أَنْ لَا يَجْعَلَنِي اللَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَقَالَ لِي ابْنُ مَسْعُودٍ: تَصَدَّقِي بِهِ عَلَيَّ وَعَلَى

مسجد میں آئیں۔ آپ ﷺ ان کے پاس ٹھہر گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عورتوں کے گروہ! میں نے تم سے زیادہ ناقص العقل نہیں دیکھا۔ اچھے بھلے آدمی کی عقل لے جاتی ہو، میں نے تم کو زیادہ جہنم میں دیکھا ہے۔ اللہ کا قرب حاصل کرو جتنی طاقت رکھو۔ ان عورتوں میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی بیوی بھی تھی۔ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے گھر گئیں ان کو بتایا جو انہوں نے حضور ﷺ سے سنا تھا۔ ان کی عورت نے زیور لے لیے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو اس زیور کو کہاں لے کر جا رہی ہو؟ اس عورت نے کہا: میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا قرب حاصل کرنے جا رہی ہوں۔ ہوسکتا ہے اللہ اہل جہنم میں شامل نہ کرے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے دے دو مجھ پر صدقہ اور میری اولاد پر کرو۔ میں اس کے صدقہ کی جگہ ہوں، وہ کہنے لگیں: نہیں! اللہ کی قسم! میں آپ رضی اللہ عنہ کو نہیں دوں گی یہاں تک کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس نہ لے جاؤں۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا آئیں۔ رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ زینب رضی اللہ عنہا آپ ﷺ سے اجازت مانگتی ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کون سی زینب رضی اللہ عنہا ہیں؟ عرض کی: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی بیوی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ان کو اجازت دے دو۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے پاس آئیں اور عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے آپ ﷺ سے ایک بات سنی تھی۔ میں عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئی ان

بَنِيَّ، فَإِنَّا لَهُ مَوْضِعٌ، فَقُلْتُ: حَتَّى أَسْتَأْذِنَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَصَدَّقِي عَلَى بَنِيهِ وَعَلَيْهِ، فَإِنَّهُمْ لَهُ مَوْضِعٌ، ثُمَّ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَرَأَيْتَ مَا سَمِعْتُ مِنْكَ حِينَ وَقَفْتَ عَلَيْنَا: مَا رَأَيْتُ مِنْ نَوَاقِصِ عُقُولٍ قَطُّ وَلَا دِينٍ أَذْهَبَ بِقُلُوبِ ذَوِي الْأَلْبَابِ مِنْكُنَّ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَمَا نُقْصَانُ دِينِنَا وَعُقُولِنَا؟ قَالَ: أَمَّا مَا ذَكَرْتُ مِنْ نُقْصَانِ دِينِكُنَّ: فَالْحَيْضَةُ الَّتِي تُصِيبُكُنَّ تَمْكُثُ إِحْدَاكُنَّ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ تَمْكُثَ لَا تُصَلِّي وَلَا تَصُومُ فَذَلِكَ نُقْصَانُ دِينِكُنَّ، وَأَمَّا مَا ذَكَرْتُ مِنْ نُقْصَانِ عُقُولِكُنَّ: إِنَّمَا شَهَادَةُ الْمَرْأَةِ نِصْفُ شَهَادَةٍ

کو ساری بات بتائی، میں نے ان سے زیورات لیے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا قرب حاصل کرنے کے لیے۔ اس امید پر کہ اللہ عزوجل مجھے اہل جہنم میں سے نہ کرے۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھے کہا ہے کہ مجھ پر اور میری اولاد پر صدقہ کرو۔ میں اس کی جگہ ہوں۔ میں نے کہا ایسا نہیں کر سکتی ہوں یہاں تک کہ حضور ﷺ سے اجازت لے لوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے بیٹوں اور ان پر صدقہ کرو۔ بے شک وہ اس صدقہ کی جگہ ہے۔ پھر عرض کی: یا رسول اللہ! آپ بتائیں جو میں نے آپ ﷺ سے سنا تھا جس وقت آپ ﷺ ہم پر کھڑے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم ناقص العقل ہو اور اچھے بھلے آدمی کی عقل لے جاتی ہو۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس حیض کی وجہ سے جو تم کو آتا ہے اس کی وجہ سے تم نماز نہیں پڑھ سکتی ہو اور نہ روزہ رکھ سکتی ہو۔ یہ اسی دین میں نقصان ہے اور تمہاری عقلوں کی کمی ہے وہ یہ ہے کہ ایک عورت کی گواہی آدھی گواہی ہے۔

6555 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ اسْتَشْفَعَ الْمَلَائِكَةُ وَالنَّبِيُّونَ حَتَّى يُقَالَ لِأَحَدِهِمْ: مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ دِينَارٍ، ثُمَّ يُقَالُ: نِصْفُ دِينَارٍ، ثُمَّ يُقَالُ: قِيرَاطٌ، ثُمَّ يُقَالُ: نِصْفُ قِيرَاطٍ، ثُمَّ يُقَالُ: شَعِيرَةٌ، ثُمَّ يُقَالُ: حَبَّةٌ مِنْ خَرْدَلٍ، فَإِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ يَقُولُ الْجَبَّارُ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہو گا، فرشتے اور انبیاء شفاعت کریں گے۔ یہاں تک کہ کہا جائے گا، جس کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہے پھر نصف دینار جتنا پھر قیراط پھر نصف قیراط پھر جو، پھر گندم کے دانے جتنا پھر اہل جنت، جنت میں داخل ہوں گے اور اہل جہنم جہنم میں داخل ہوں گے۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: مخلوق نے مخلوق کی سفارش کی ہے، خالق کی رحمت باقی رہے گی۔

اسْتَشْفَعَ الْخَلْقُ لِلْخَلْقِ وَبَقِيَتْ رَحْمَةُ الْخَالِقِ، قَالَ: فَيَأْخُذُ قَبْضَةً مِنْ جَهَنَّمَ فَيَطْرَحُهَا فِي نَهَرِ الْحَيَاةِ، قَالَ: فَيَنْبُتُونَ كَمَا يَنْبُتُ الزَّرْعُ، أَلَمْ تَرَى إِلَى الْحِبَّةِ فِي حَمِيلِ السَّيْلِ؟ مَا كَانَ مِنْهُ ضَاحِيًا، كَانَ أَخْضَرَ، وَمَا كَانَ مِنْهُ فِي الظِّلِّ، كَانَ أَبْيَضَ؟ ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَأَنَّمَا كُنْتَ تَنْظُرُ إِلَى الْحِبَّةِ حِينَ تَنْبُتُ؟ قَالَ: ثُمَّ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ ، قَالَ: فَيَقَالُ هَؤُلَاءِ مُحَرَّرُو الرَّحْمَنِ

وہ جہنم سے ایک مٹھی پکڑے گا ان کو نہر حیات میں ڈالے گا اس کے جسم پر گوشت اگے گا جس طرح کھیتی اگتی ہے۔

6556 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ نَاسٌ مِنَ الْفُقَرَاءِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ذَهَبَ أَهْلُ الدُّثُورِ وَالْغِنَى بِالدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، قَالَ: فَفَزِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ ، قَالُوا: لَهُمْ أَمْوَالٌ يَتَصَدَّقُونَ مِنْهَا وَلَيْسَتْ لَنَا أَمْوَالٌ، وَلَهُمْ أَمْوَالٌ يَغْزُونَ مِنْهَا وَلَيْسَتْ لَنَا أَمْوَالٌ، وَلَهُمْ أَمْوَالٌ يَحُجُّونَ مِنْهَا وَلَيْسَتْ لَنَا أَمْوَالٌ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِشَيْءٍ تُدْرِكُونَ بِهِ أَعْمَالَهُمْ؟ تُسَبِّحُونَ اللّٰهَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتَحْمَدُونَهُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتُكَبِّرُونَهُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ تُدْرِكُونَ بِهِ أَعْمَالَهُمْ ، قَالَ: فَفَعَلُوا ذَلِكَ فَسَمِعَ الْأَغْنِيَاءُ بِذَلِكَ فَفَعَلُوا مِثْلَ أَعْمَالِهِمْ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ قَالُوا مِثْلَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فقیر صحابہ کرام حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مال دار لوگ دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کر گئے ہیں۔ حضور ﷺ پریشان ہوئے اور فرمایا: کس وجہ سے؟ عرض کی: ان کے پاس مال ہیں وہ صدقہ کرتے ہیں، ہمارے پاس مال نہیں ہے ان کے پاس مال ہے اور اس سے جہاد کرتے ہیں۔ ہمارے پاس مال نہیں ہے ان کے پاس مال ہے وہ حج کرتے ہیں اس کے ساتھ۔ ہمارے پاس مال نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے ان کو فرمایا: کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتاؤں جس کو تم کرو اس کے ساتھ ان کی نیکیوں کو پالو۔ تم ہر نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر کہہ لیا کرو۔ تم ان کے اعمال کو پالو گے۔ پھر کچھ دن کے بعد عرض کی۔ انہوں نے بھی یہ کرنا شروع کر دیا ہے جو ہم کرتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ اللہ کا فضل

6556- ورواه البخاری جلد1صفحه116' جلد2صفحه937 . ومسلم جلد1صفحه219 .

مَا قُلْنَا، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ

ہے جس کو چاہے دیتا ہے۔

6557 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَعَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ نَأْخُذَ مِنَ الشَّوَارِبِ، وَنُعْفِيَ اللِّحَى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مونچھیں کاٹنے کا حکم دیتے اور داڑھی بڑھانے کا حکم دیتے تھے۔

6558 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا إِسْبَاغُ الْوُضُوءِ؟ قَالَ: فَسَكَتَ عَنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى حَضَرَتِ الصَّلَاةُ، قَالَ: فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ فَغَسَلَ يَدَيْهِ، ثُمَّ اسْتَنْثَرَ وَمَضْمَضَ وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَيَدَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ، وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، ثُمَّ نَضَحَ تَحْتَ ثَوْبِهِ، فَقَالَ: هَكَذَا إِسْبَاغُ الْوُضُوءِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا اور عرض کی: اسباغ الوضو کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا جواب دینے سے خاموش رہے یہاں تک کہ نماز کا وقت آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوا کر اپنے دونوں ہاتھوں کو دھویا پھر ناک صاف کیا اور کلی کی، اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا اپنی کہنیوں کو تین تین مرتبہ دھویا، ایک مرتبہ سر کا مسح کیا، اپنے دونوں پاؤں کو تین تین مرتبہ دھویا، پھر اپنے کپڑے کے نیچے پانی چھڑکا اور فرمایا: یہ اسباغ الوضو ہے۔

6559 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ الْمَدِينِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، جَائِزَتُهُ ثَلَاثٌ، فَمَا بَعْدَ ذَلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ، وَلَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَثْوِيَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہیے کہ مہمان کی عزت کرے۔ مہمان تین دن تک اس کے بعد صدقہ ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہمان کے لیے مناسب نہیں ہے کہ اس کے پاس ٹھہرا رہے یہاں تک کہ اس کو گناہ گار کرے۔

6557- ورواه البخاري جلد2صفحه875 . ومسلم جلد2صفحه129 .

6558- قال في مجمع الزوائد جلد1صفحه237: رواه أبو يعلى والبزار .

6559- راجع التهذيب جلد6صفحه138 .

عِنْدَهُ حَتَّى يُخْرِجَهُ.

6560 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُحِبُّ اللّٰهُ إِضَاعَةَ الْمَالِ، وَلَا كَثْرَةَ السُّؤَالِ، وَلَا قِيلَ وَقَالَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل مال کے ضائع اور کثرت سوال اور قیل وقال کو پسند نہیں کرتا ہے۔

6561 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، بِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَلَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدُهُمَا أَشْرَفُ مِنَ الْآخَرِ، فَعَطَسَ أَحَدُهُمَا فَحَمِدَ اللّٰهَ، فَشَمَّتَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ عَطَسَ الْآخَرُ فَلَمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ، وَلَمْ يُشَمِّتْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ الشَّرِيفُ: عَطَسَ هَذَا فَشَمَّتَّهُ، وَعَطَسْتُ أَنَا فَلَمْ تُشَمِّتْنِي، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا ذَكَرَ اللّٰهَ فَذَكَرْتُهُ، وَأَنْتَ نَسِيتَ - يَعْنِي اللّٰهَ - فَنَسِيتُكَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، ان میں سے ایک دوسرے سے عزت والا تھا۔ ان میں سے ایک کو چھینک آئی، اس نے الحمدللہ کہا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر دوسرے کو چھینک آئی۔ اس نے الحمد للہ نہیں کہا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا جواب نہیں دیا۔ شریف نے کہا اس کو چھینک آئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو جواب نہیں دیا۔ مجھے چھینک آئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا جواب نہیں دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے اللہ کا ذکر کیا تھا میں نے اس کو یاد کیا تو بھولا ہے میں بھی بھول گیا۔

6562 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ ابْنِ آدَمَ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، وَيُنَصِّرَانِهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا عیسائی بناتے ہیں۔

6563 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَدِّدُوا وَقَارِبُوا وَأَبْشِرُوا، وَاسْتَعِينُوا بِالْغُدُوِّ وَالرَّوَاحِ وَشَيْءٍ مِنَ الدُّلْجَةِ، وَعَلَيْكُمْ بِالْقَصْدِ تَبْلُغُوا، وَاعْلَمُوا أَنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سیدھا راستہ اور میانہ روی اختیار کرو۔ خوشخبری دو صحابہ صبح و شام اور اندھیرے میں اللہ سے مدد طلب کرو۔ تم پر میانہ روی ضروری ہے جان لو کوئی بھی تم میں

6560- ورواه مسلم جلد2صفحه75 من طريق سهيل، عن أبيه، عن أبي هريرة أتم منه.

6561- أخرجه البخاري في الأدب المفرد رقم: 932، من طريق ربعي بن ابراهيم، والحاكم جلد4صفحه265.

6562- سبق تخريجه راجع الفهرس.

6563- أخرجه البخاري جلد1صفحه10، جلد2صفحه957 من حديث معن وابن أبي ذئب، كلاهما.

مِنْكُمْ يُنْجِيهِ عَمَلُهُ ، قُلْنَا: وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا أَنَا، إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ وَفَضْلٍ

اپنے عمل سے نجات نہیں پائے گا۔ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ فرمایا: میں بھی نہیں مگر مجھے اللہ عزوجل نے اپنے فضل اور رحمت سے ڈھانپ لیا ہے۔

6564 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَةِ: الْخِتَانُ، وَحَلْقُ الْعَانَةِ، وَنَتْفُ الْإِبْطِ، وَقَصُّ الشَّارِبِ، وَتَقْلِيمُ الْأَظَافِرِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ چیزیں فطرت سے ہیں: (۱) ختنہ کرنا (۲) زیر ناف بال صاف کرنا (۳) بغلوں کے بال اکھاڑنا (۴) مونچھیں کاٹنا (۵) ناخن کاٹنا۔

6565 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَلْيَقْضِهِ إِيَّاهُ أَوْ لِيَتَحَلَّلْ مِنْهُ قَبْلَ أَنْ يَقْضِيَهُ فِي يَوْمٍ لَا ذَهَبَ وَلَا وَرِقَ ، قَالُوا: فَمَاذَا يَقْضِيهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: يُؤْخَذُ مِنْ حَسَنَاتِهِ، فَإِنْ وَفَّتْ، وَإِلَّا طُرِحَ عَلَيْهِ مِنْ سَيِّئَاتِ الْآخَرِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے ذمہ قرض ہو اس کو وہ ادا کر دے۔ وہ دن آنے سے پہلے جس دن کسی کے پاس سونا اور چاندی نہیں ہوگی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! جو نہ ادا کر سکے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی نیکیاں لے کر اس کے پلڑے میں ڈال دی جائیں گی۔ اگر پوری ہو گئیں تو ٹھیک ورنہ دوسرے کی برائیاں اس میں بھر کے اس کو جہنم کی سزا دی جائے گی۔

6566 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: الشَّيْخُ الزَّانِي، وَالْإِمَامُ الْكَذَّابُ، وَالْعَائِلُ الْمَزْهُوُّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ایسے ہیں ان پر اللہ عزوجل قیامت کے دن نظر رحمت نہیں کرے گا: (۱) بوڑھا زنا کرنے والا (۲) جھوٹ بولنے والا امام (۳) اترانے والا تکبر کرنے والا۔

6567 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6564- رواه النسائی رقم: **5046** من حديث بشر بن المفضل، عن عبد الرحمٰن به .

6565- أخرجه البخاری جلد**1**صفحه**331**، جلد**2**صفحه**967** من حديث ابن أبي ذئب ومالك، كلاهما، عن سعيد به .

6566- سبق تخريجه راجع الفهرس .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا صَلَّى عَلَى الْجَنَازَةِ قَالَ: اللَّهُمَّ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ كَانَ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ إِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِي إِحْسَانِهِ، وَإِنْ كَانَ مُسِيئًا فَاغْفِرْ لَهُ، لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهُ

جب کسی کا جنازہ پڑھتے تھے تو یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰھُمَّ عَبْدُکَ اِلٰی آخرہٖ''۔

6568 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْغِنَى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، إِنَّمَا الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مال دار کثرتِ مال سے نہیں ہوتا ہے بلکہ مال دار وہ ہے جو دل کا غنی ہو۔

6569 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَلَّهُ أَفْرَحُ بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ مِنْ أَحَدِكُمْ بِضَالَّتِهِ إِذَا وَجَدَهَا فِي الْفَلَاةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ اللہ عزوجل اپنے بندہ کی توبہ سے بہت خوش ہوتا ہے، جس طرح تم میں سے جس کی سواری جنگل میں گم ہو جائے اچانک اس کو مل جائے اس کی خوشی کا کیا عالم ہوگا۔

6570 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَعْنِي قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِذَا تَقَرَّبَ عَبْدِي شِبْرًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ ذِرَاعًا، وَإِذَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ بَاعًا، وَإِذَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ بَاعًا جِئْتُهُ هَرْوَلَةً

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: جب بندہ میرا ایک بالشت قریب آتا ہے تو میری رحمت چل کر آتی ہے۔ جب میرا بندہ چل کر آتا ہے تو میرے قریب میری رحمت دوڑ کر آتی ہے۔

6571 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ! جو اللہ

6568- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6569- أخرجه مسلم جلد2صفحه354 من طرق عن أبي هريرة' أتم منه .

6570- أخرجه البخاري جلد2صفحه1125,1101 . ومسلم جلد2صفحه354,343 من طرق عن أبي هريرة .

6571- رواه أحمد جلد2صفحه308,330 من طريق عياض بن عبد الله بن أبي سرح' عن أبي هريرة بمعناه مطولًا .

يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ قَاتَلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَمَكَثَ هُنَيَّةً كَأَنَّهُ سَمِعَ شَيْئًا، فَقَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ آنِفًا؟، فَقَامَ الرَّجُلُ، فَقَالَ: مَاذَا قُلْتَ؟، قَالَ: قُلْتُ: أَرَأَيْتَ مَنْ جَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقُتِلَ، أَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ قُلْتَ: نَعَمْ، قَالَ: فَقَالَ: إِنَّ جِبْرِيلَ نَبَّأَنِي ذَلِكَ، إِلَّا أَنْ يَكُونَ عَلَيْهِ دَيْنٌ

کی راہ میں جہاد کرے کیا وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! آپ ﷺ تھوڑی دیر خاموش رہے گویا کہ آپ ﷺ کوئی شے سن رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: سائل کہاں ہے؟ وہ آدمی کھڑا ہوا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے کیا کہا تھا؟ عرض کی: میں نے کہا تھا کہ آپ ﷺ مجھے بتائیں جو اللہ کی راہ میں جہاد کرے اس کو شہید کر دیا جائے۔ کیا وہ جنت میں داخل ہو گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ابھی میرے پاس جبرائیل علیہ السلام آئے تھے انہوں نے اس بات کو بیان کیا کہ جس کے ذمہ قرض ہو، وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

6572 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَجْلِسُوا فِي الصُّعُدَاتِ وَلَا فِي الْأَفْنِيَةِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا نَسْتَطِيعُ ذَلِكَ قَالَ: إِمَّا لَا فَأَعْطُوهَا حَقَّهَا، قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، وَمَا حَقُّهَا؟ قَالَ: رَدُّ التَّحِيَّةِ، وَغَضُّ الْبَصَرِ، وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ، وَإِرْشَادُ السَّبِيلِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: راستوں میں نہ بیٹھا کرو، انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس کے علاوہ جگہ پر بیٹھنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر بیٹھنا ہے تو اس کا حق دو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس کا حق کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: سلام کا جواب دینا، آنکھ کو جھکانا، چھینک کا جواب دینا، راستہ دکھانا (اگر کوئی بھول جائے)۔

6573 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ذَرَعَهُ الْقَيْءُ، فَلَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو قی آئے اس کا روزہ نہیں ٹوٹتا ہے' جو جان بوجھ کر کرے اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا۔

6572- أخرجه أبو داؤد جلد4صفحه404 وابن حبان .

6573- أخرجه ابن أبي شيبة جلد3صفحه38 عن أبي بكر بن عياش' عن عبد الله بن سعيد به .

قَضَاءٌ عَلَيْهِ، وَمَنِ اسْتَقَاءَ فَعَلَيْهِ الْقَضَاءُ

6574 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ قَالَ: رَأَيْنَا أَبَا هُرَيْرَةَ يَتَوَضَّأُ عَلَى ظَهْرِ الْمَسْجِدِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ مِمَّ تَتَوَضَّأُ؟ قَالَ: أَكَلْتُ ثَوْرًا مِنْ أَقِطٍ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَوَضَّئُوا مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

حضرت ابو سعید البقری فرماتے ہیں ہم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا مسجد کی چھت پر وضو کر رہے ہیں۔ میں نے عرض کی: اے ابو ہریرہ! آپ وضو کیوں کر رہے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں لہسن کھا کر آیا ہوں پکا ہوا۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز آگ پر پک جائے اس سے وضو کرو۔

6575 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ الْعَطَّارُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَخَذَهُ - قَالَ يَحْيَى: ذَكَرَ شَيْئًا لَا أَدْرِي مَا هُوَ - بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِي مَالِ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ فِيمَا اشْتَهَتْ نَفْسُهُ، لَهُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ مال سرسبز اور میٹھا ہے جس نے اس کو لیا اس کے لیے اس میں برکت دی جائے گی کئی لوگ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مال میں خیانت کرتے ہیں جو اسے ان کا جی چاہے ان کے لیے جہنم کی آگ ہو گی، قیامت کے دن۔

6576 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْغِفَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُرِجَ بِي إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَمَا مَرَرْتُ بِسَمَاءٍ، إِلَّا وَجَدْتُ فِيهَا اسْمِي: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، وَأَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ مِنْ خَلْفِي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے آسمان دنیا کی طرف چڑھایا گیا: میں جس بھی آسمان کے پاس سے گزرا اس پر لکھا ہوا پایا میرا نام محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا میرے پیچھے۔

6574- وأصله في مسلم جلد1صفحه157 من طريق عبد الله بن ابراهيم ابن قارظ، عن أبي هريرة .

6575- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه246 وقال: اسناده حسن ولم ينسبه الى أحد .

6576- قال في مجمع الزوائد جلد9صفحه41 . رواه أبو يعلى والطبراني في الأوسط .

6577 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا وَلَا يُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ - قَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِي لَا يُعَيِّرْهَا - ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہاری لونڈی زنا کرے، اس کا زنا کرنا واضح ہو اس کو حد لگائی جائے اور جلا وطن نہ کیا جائے۔ اگر دوبارہ زنا کرے اس کو حد لگائی جائے اور جلا وطن نہ کیا جائے، اگر پھر زنا کرے اس کو حد لگائی جائے اس کو جلا وطن نہ کیا جائے اور پھر اگر زنا کرے تو اس کو فروخت کر دے اگرچہ بالوں کے گچھے کے بدلے ہو۔

6578 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرِّكَازُ الذَّهَبُ الَّذِي يَنْبُتُ مِنَ الْأَرْضِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رکاز وہ سونا ہے جو زمین سے نکلے۔

6579 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَنَزِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اشْتَرَى أَحَدُكُمْ خَادِمًا فَلْيَأْخُذْ بِنَاصِيَتِهَا وَلْيَقُلْ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهَا وَخَيْرِ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ، وَإِذَا اشْتَرَى بَعِيرًا فَلْيَأْخُذْ بِذُرْوَةِ سَنَامِهِ وَلْيَقُلْ مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی خادم خریدے تو اُس کی پیشانی پکڑے اور یہ کہے: "اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الٰی آخرہ"۔ جب اونٹ خریدنا چاہے تو اس کی کوہان پکڑے اور یہی والی دعا کرے۔

6580 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6577- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6578- وقال في مجمع الزوائد جلد3صفحه78: رواه أبو يعلى .

6579- قال في مجمع الزوائد جلد10صفحه141: رواه أبو يعلى .

6580- سبق تخريجه راجع الفهرس .

الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ لَتَمَنَّى إِلَيْهِمَا وَادِيًا ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ

نے فرمایا: اگر انسان کے لیے دو وادیاں ہوں سونے کی وہ تیسری کی تلاش کرے گا۔ ابن آدم کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی۔

6581 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَائِطٍ مَائِلٍ فَأَسْرَعَ وَقَالَ: إِنِّي أَكْرَهُ مَوْتَ الْفَوَاتِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک دیوار کے پاس سے گزرے جو گرنے والی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم تیزی سے گزرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اچانک موت آنے کو ناپسند کرتا ہوں۔

6582 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ الْأَخْنَسِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جُعِلَ قَاضِيًا بَيْنَ النَّاسِ فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّينٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں کے لیے قاضی بنایا گیا اس کو بغیر چھری ذبح کر دیا گیا۔

6583 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، وَسَعِيدًا يُحَدِّثَانِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ أَمِيرِ عَشَرَةٍ إِلَّا يُؤْتَى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولًا يَفُكُّهُ الْعَدْلُ أَوْ يُوبِقُهُ الْجَوْرُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دس آدمیوں کا والی ہوا وہ قیامت کے دن لایا جائے گا اس حالت میں کہ اس کے ہاتھ اس کی گردن کے ساتھ بندھے ہوئے ہوں گے۔ اگر عدل کرنے والا ہوا تو اس کا عدل اس کو چھڑوا لے گا یا اس کا ظلم اس کو ہلاک کر دے گا۔

6581- رواه أحمد جلد2صفحه356 وأبو يعلى .

6582- أخرجه أحمد جلد2صفحه320 عن صفوان به .

6583- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6584 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُمَيْرٍ الْمَدِينِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدًا الْمَقْبُرِيَّ يَقُولُ: صَلَّى بِنَا أَبُو هُرَيْرَةَ فَكَانَ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَفَعَ وَسَجَدَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: هَكَذَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِنَا

حضرت ابوسعید المقبری فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہم کو نماز پڑھائی آپ رضی اللہ عنہ اللہ اکبر کہتے جب اٹھتے اور سجدہ کرتے۔ جب نماز سے فارغ ہوتے تو آپ رضی اللہ عنہ فرماتے کہ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح نماز پڑھاتے تھے۔

6585 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عِنْدِي دِينَارٌ، قَالَ: أَنْفِقْهُ عَلَى نَفْسِكَ، قَالَ: عِنْدِي دِينَارٌ آخَرُ، قَالَ: أَنْفِقْهُ عَلَى امْرَأَتِكَ، قَالَ: عِنْدِي دِينَارٌ آخَرُ، قَالَ: أَنْفِقْهُ عَلَى وَلَدِكَ، قَالَ: عِنْدِي دِينَارٌ آخَرُ، قَالَ: أَنْفِقْهُ عَلَى خَادِمِكَ، قَالَ: عِنْدِي دِينَارٌ آخَرُ، قَالَ: أَنْتَ أَعْلَمُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے پاس دینا ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو اپنی ذات پر خرچ کر۔ اس نے عرض کی: میرے پاس ایک اور ہے، فرمایا: اس کو اپنی بیوی پر خرچ کر۔ اس نے عرض کی: میرے پاس ایک اور ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو اپنی اولاد پر خرچ کر۔ اس نے عرض کی: میرے پاس ایک اور ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے خادم پر خرچ کر، اس نے عرض کی: میرے پاس ایک اور ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو زیادہ جانتا ہے کہ کہاں خرچ کرنا ہے۔

6586 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِالسِّوَاكِ مَعَ الْوُضُوءِ، وَأُؤَخِّرَ الصَّلَاةَ إِلَى شَطْرِ اللَّيْلِ أَوْ إِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے ارادہ کیا کہ ہر وضو کے ساتھ مسواک کا حکم دوں اور نماز عشاء کو آدھی رات تک یا تہائی رات تک مؤخر کرنے کا حکم دوں۔

6587 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْفَضْلِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جتنی طاقت رکھو حد قائم کرنے سے بچو۔

6584- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6585- أخرجه أبو داؤد جلد2صفحه59 .

الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْرَء ُوا الْحُدُودَ مَا اسْتَطَعْتُمْ

6588 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُذِنَ لِي أَنْ أُحَدِّثَ عَنْ مَلَكٍ قَدْ مَرَقَتْ رِجْلَاهُ الْأَرْضَ السَّابِعَةَ، وَالْعَرْشُ عَلَى مَنْكِبِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: سُبْحَانَكَ أَيْنَ كُنْتَ؟ وَأَيْنَ تَكُونُ؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اجازت دی گئی کہ میں اس فرشتہ کے بارے بیان کروں جس کی دونوں ٹانگیں ساتویں زمین تک ہیں۔عرش اس کے کندھوں پرہ اور وہ کہہ رہا ہے: تو پاک ہے جہاں تو ہے اور جہاں تو ہو۔

6589 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُنْسَأَ لَهُ فِي أَثَرِهِ، وَيُبْسَطَ لَهُ فِي رِزْقِهِ، فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو پسند ہو اس کی عمر اور اس کے رزق میں اضافہ ہو اس کو چاہیے کہ وہ صلہ رحمی کرے۔

6590 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِمْرَانَ الْأَخْنَسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ دَارَ مَرْوَانَ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذَاكَ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ خَلَقَ خَلْقًا الْحَدِيثَ

حضرت ابو زرعہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مروان کے پاس آیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے بڑا ظالم کون ہے جو مخلوق بنائے' آگے مکمل حدیث ہے۔

6591 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْقَوَارِيرِيُّ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6588- قال في مجمع الزوائد جلد8صفحه135: رواه أبو يعلى' ورجاله رجال الصحيح .

6589- أخرجه البخاري جلد2صفحه885 عن ابراهيم بن المنذر' عن محمد بن معن' به .

6590- سبق تخريجه راجع الفهرس .

جَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَصَلَّى، ثُمَّ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ فَصَلِّ، فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ، فَعَادَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا أُحْسِنُ غَيْرَ هَذَا فَعَلِّمْنِي، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تُصَلِّيَ، فَكَبِّرْ، ثُمَّ اقْرَأْ بِمَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَعْتَدِلَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَسْتَوِيَ جَالِسًا، ثُمَّ اصْنَعْ فِي صَلَاتِكَ كُلِّهَا هَكَذَا

مسجد میں تشریف رکھتے تھے' ایک آدمی آیا اس نے نماز پڑھی۔ پھر حضور ﷺ کے پاس آیا اس نے سلام کیا۔ آپ ﷺ نے اس کے سلام کا جواب دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: واپس چلے جاؤ اور نماز پڑھو۔ بے شک تم نے نماز نہیں پڑھی۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ نے یہ تین مرتبہ فرمایا اس کو۔ اس آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں اس سے زیادہ اچھی نماز نہیں پڑھ سکتا ہوں، آپ ﷺ مجھے نماز پڑھنا سکھائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تو نماز پڑھنے کا ارادہ کر لے تو اللہ اکبر کہہ۔ پھر جو قرآن سے آسان لگے وہ پڑھ، پھر رکوع کر یہاں تک کہ رکوع اطمینان سے کر۔ پھر سر اٹھا یہاں تک کہ تو سیدھا کھڑا ہو جائے پھر سجدہ کر۔ یہاں تک کہ سجدہ ٹھیک طرح سے کرے پھر سر اٹھا، یہاں تک کہ سیدھا بیٹھ جائے پھر ایسے ہی کر اپنی تمام نماز میں۔

6592 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمِّهِ، - وَكَانَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا - قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمُقُهُ فَصَلَّى، ثُمَّ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ، فَرَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: ارْجِعْ فَصَلِّ، فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ، فَرَجَعَ

حضرت علی بن یحییٰ بن خلاد اپنے والد سے' وہ اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں' وہ بدری ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کی معیت میں مسجد میں تھے۔ ایک آدمی آیا' آپ ﷺ اسے ٹکٹکی باندھ کر دیکھ رہے تھے' اس نے نماز پڑھی، پھر حضور ﷺ کے پاس آیا اس نے سلام کیا۔ آپ ﷺ نے اس کے سلام کا جواب دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: واپس چلے جاؤ اور نماز پڑھو! کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی۔ وہ لوٹا' اس نے نماز پڑھی پھر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' سلام کیا' آپ ﷺ

6592- أخرجه أبو داؤد جلد1صفحه321 . والترمذى جلد1صفحه247 وحسنه .

فَصَلَّى ثُمَّ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ فَسَلَّمَ، فَرَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ: ارْجِعْ فَصَلِّ، فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ، فَفَعَلَ ذَلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، فَقَالَ لَهُ فِي الثَّانِيَةِ - أَوْ فِي الثَّالِثَةِ - : يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ أَجْهَدْتُ نَفْسِي، فَعَلِّمْنِي وَأَرِنِي، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تُصَلِّيَ فَتَوَضَّأْ فَأَحْسِنْ وُضُوءَكَ ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَكَبِّرْ، ثُمَّ اقْرَأْ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَسْتَوِيَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتَّى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا، فَإِنْ أَتْمَمْتَ صَلَاتَكَ عَلَى هَذَا فَقَدْ أَتْمَمْتَهَا، وَمَا انْتَقَصْتَ مِنْ ذَلِكَ مِنْ شَيْءٍ فَإِنَّمَا تَنْقُصُهُ مِنْ صَلَاتِكَ

نے اس کے سلام کا جواب دیا' پھر فرمایا: واپس جا! نماز پڑھ! کیونکہ تُو نے نماز نہیں پڑھی۔ راوی کو شک ہے وہ دو بار یا تین بار واپس گیا' پس اس نے دوسری یا تیسری بار عرض کی: میں نے اپنی ساری کوشش صرف کر دی ہے' اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ مجھے نماز پڑھنا سکھائیں۔ آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: جب تو نماز پڑھنے کا ارادہ کرے تو وضو کر اور اچھی طرح وضو کر پھر قبلہ کی طرف منہ کر' اللہ اکبر کہہ' پھر قرآن پڑھ، پھر رکوع کر یہاں تک کہ رکوع اطمینان سے کر' پھر سر اٹھا یہاں تک کہ تو سیدھا کھڑا ہو جائے پھر سجدہ کر یہاں تک کہ سجدہ ٹھیک کرے پھر سر اٹھا، یہاں تک کہ سیدھا بیٹھ جائے پھر ایسے ہی اگر تُو نے اپنی تمام نماز میں کیا تو تُو نے اسے مکمل کیا اور جو چیز اس سے کم کی تو تُو نے اپنی نماز میں کمی کی۔

6593 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ فَخَفَّفَهُمَا، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَارِثِ: يَا أَبَا الْيَقْظَانِ أَرَاكَ قَدْ خَفَّفْتَهُمَا، قَالَ: إِنِّي بَادَرْتُ بِهِمَا الْوَسْوَاسَ، وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيُصَلِّي الصَّلَاةَ وَلَعَلَّهُ أَنْ لَا يَكُونَ لَهُ مِنْهَا إِلَّا عُشْرُهَا، أَوْ تُسْعُهَا، أَوْ

حضرت ابی بکر بن عبدالرحمٰن اپنے باپ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے دو رکعتیں پڑھیں، دونوں مختصر پڑھیں۔ آپ رضی اللہ عنہ سے عبدالرحمٰن بن حارث نے عرض کی: اے ابو یقظان! آپ نے دونوں رکعتیں مختصر پڑھیں ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان دونوں میں' میں نے جلدی کی ہے۔ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: آدمی نماز پڑھتا ہے ہوسکتا ہے اس کے لیے اس سے ثواب کا دسواں یا نواں یا آٹھواں، یا ساتواں یا چھٹا حصہ ہو یہاں

6593- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**319** عن يحيىٰ . أبو داؤد جلد**1**صفحه**290** .

ثُمْنُهَا، أَوْ سُبْعُهَا، أَوْ سُدُسُهَا ، حَتَّى أَتَى عَلَى الْعَدَدِ

تک کہ کام ایک عدد پر آ جائے۔

6594 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ فَنَزَلْنَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ، فَرَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَصَابِيحَ، وَرَأَى نِسَاءً يَبْكِينَ فَقَالَ: مَا هَذَا؟ ، فَقِيلَ: نِسَاءٌ تُمُتِّعَ مِنْهُنَّ يَبْكِينَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَرَّمَ - أَوْ قَالَ: هَدَمَ - الْمُتْعَةَ النِّكَاحُ، وَالطَّلَاقُ، وَالْعِدَّةُ، وَالْمِيرَاثُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہم نکلے غزوہ تبوک میں۔ ہم ثنیۃ الوداع کے مقام پر اترے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چراغ دیکھے اور یہ کہ عورتیں رو رہی تھیں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کی گئی: یہ عورتیں ہیں ان سے متعہ کیا گیا ہے یہ رو رہی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: متعہ حرام ہے، حرم یا هدم کا لفظ ارشاد فرمایا۔ متعہ کا صحیح طریقہ نکاح ہے طلاق ہے، عدت ہے، میراث ہے۔

6595 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْجُشَمِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْأَفْنِيَةِ وَالصُّعُدَاتِ أَنْ يَجْلِسَ بِهَا، فَقَالَ لَهُ الْمُسْلِمُونَ: لَا نَسْتَطِيعُ ذَلِكَ، قَالَ: إِمَّا لَا فَأَعْطُوهَا حَقَّهَا ، قَالُوا: وَمَا حَقُّهَا؟ قَالَ: رَدُّ التَّحِيَّةِ، وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ إِذَا حَمِدَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَغَضُّ الْبَصَرِ، وَإِرْشَادُ السَّبِيلِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: راستوں میں نہ بیٹھا کرو، انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم اس کے علاوہ بیٹھنے کی جگہ نہیں رکھتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر بیٹھنا ہے تو اس کا حق دو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس کا حق کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام کا جواب دینا، آنکھ کو جھکانا، چھینک کا جواب دینا، راستہ دکھانا (اگر کوئی بھول جائے)۔

6596 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل چھینک کو پسند کرتا ہے

6594- قال في مجمع الزوائد جلد4صفحه264: رواه أبو يعلى .

6595- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6596- أخرجه البخاري جلد1صفحه464' جلد2صفحه919 من حديث ابن أبي ذئب .

يُحِبُّ الْعُطَاسَ، وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ، فَإِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَقُلْ آهْ آهْ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَضْحَكُ مِنْهُ وَيَلْعَبُ بِهِ

اور جمائی کو ناپسند کرتا ہے۔ جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے وہ آہ آہ نہ کرے۔ کیونکہ ایسا کرنے سے شیطان ہنستا ہے اور اس کے ساتھ کھیلتا ہے۔

6597 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَلَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدُهُمَا أَشْرَفُ مِنَ الْآخَرِ، فَعَطَسَ الشَّرِيفُ مِنْهُمَا فَلَمْ يَحْمَدِ اللَّهَ فَلَمْ يُشَمِّتْهُ، وَعَطَسَ الْآخَرُ فَحَمِدَ اللَّهَ فَشَمَّتَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے' جن میں سے ایک دوسرے سے زیادہ شریف تھا' پس شریف کو چھینک آئی تو اس نے اللہ کی حمد نہ کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کا جواب نہیں دیا اور دوسرے کو چھینک آئی تو اس نے اللہ کی حمد بیان کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی چھینک کا جواب دیا۔

6598 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ أَمِيرِ عَشَرَةٍ إِلَّا يُؤْتَى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولًا حَتَّى يَفُكَّ عَنْهُ الْعَدْلُ، أَوْ يُوبِقُهُ الْجَوْرُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دس آدمیوں کا والی ہوا وہ قیامت کے دن لایا جائے گا اس حالت میں کہ اس کے ہاتھ اس کی گردن کے ساتھ بندھے ہوئے ہوں گے یہاں تک کہ اس کا عدل اسے چھڑوا لے گا یا اس کا ظلم اسے برباد کر دے گا۔

6599 - حَدَّثَنَا الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَكَا إِلَيْهِ جَارًا لَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اصْبِرْ، ثُمَّ قَالَ لَهُ فِي الرَّابِعَةِ - أَوِ الثَّالِثَةِ -: اطْرَحْ مَتَاعَكَ فِي الطَّرِيقِ، قَالَ: فَجَعَلَ النَّاسُ يَمُرُّونَ عَلَيْهِ فَيَقُولُونَ: مَا لَكَ؟ قَالَ: آذَاهُ جَارُهُ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی اس نے اپنے پڑوسی کی طرف پہنچنے والی شکایت کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا: صبر کر پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چوتھی مرتبہ اس کو کہا تو اپنا سامان راستہ میں پھینک دے، لوگ اس پر گزریں گے، وہ کہیں گے: تجھے کیا ہوا؟ وہ کہے: اس کو پڑوسی نے تکلیف دی ہے۔ وہ کہیں: اللہ اس پر لعنت کرے اس کا

6597- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6598- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6599- أخرجه أبو داؤد جلد4صفحه504 عن أبي توبة الربيع بن نافع .

فَجَعَلُوا يَقُولُونَ: لَعَنَهُ اللّٰهُ، فَجَاءَ جَارُهُ، فَقَالَ: تَرُدُّ مَتَاعَكَ وَلَا أُوذِيكَ أَبَدًا

پڑوسی آئے گا اور اس سے کہے گا: اپنا سامان اٹھا، میں ہمیشہ آپ کو تکلیف نہیں دوں گا۔

6600 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا لَمْ تَجْتَبُوا دِينَارًا وَلَا دِرْهَمًا؟، قَالُوا: وَتَرَى ذٰلِكَ كَائِنًا؟ قَالَ: إِي وَالَّذِي نَفْسُ أَبِي هُرَيْرَةَ بِيَدِهِ عَنْ قَوْلِ الصَّادِقِ الْمُصَدَّقِ، قَالُوا: وَعَمَّ يَكُونُ هٰذَا؟ قَالَ: تُنْتَهَكُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُولِهِ، فَيَشُدُّ اللّٰهُ قُلُوبَ أَهْلِ الذِّمَّةِ، فَيَمْنَعُونَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تمہاری کیا حالت ہوگی جب تم درہم و دینار سے نہیں بچو گے؟ انہوں نے عرض کی: یہ ہوگا معاملہ۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیوں نہیں؟ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں ابوہریرہ کی جان ہے! صادق المصدوق کا ارشاد ہے۔ انہوں نے عرض کی: وہ کیا ہے؟ جب اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ کو حقیر سمجھا جائے گا۔ اللہ اہل ذمہ کے دلوں کو فاسد کر دے گا۔ وہ روک لیں گے جو ان کے ہاتھوں میں ہوگا۔

6601 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ مُضَارِبٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ - قَالَ: قُلْتُ: هَلْ سَمِعْتُ مِنْ خَلِيلِكَ حَدِيثًا تُحَدِّثُهُ؟ قَالَ: نَعَمْ - سَمِعْتُهُ يَقُولُ: لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ، وَخَيْرُ الطِّيَرَةِ الْفَأْلُ، وَالْعَيْنُ حَقٌّ، وَيُوشِكُ الصَّلِيبُ أَنْ يُكْسَرَ، وَيُقْتَلُ الْخِنْزِيرُ، وَتُوضَعَ الْجِزْيَةُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دوست سے یہ بات سنی ہے جو آپ کو بتا رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا: عدوی طیرہ نہیں ہے بہترین طیرہ اچھی فال ہے۔ نظر برحق ہے۔ قریب ہے، قریب ہے' صلیب کا ٹوٹنا، خنزیر کا قتل کرنا جزیہ کا دینا۔

6602 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَهْلًا عَنِ اللّٰهِ، مَهْلًا، فَإِنَّهُ لَوْلَا شُيُوخٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیونکہ اگر رکوع کرنے والے بوڑھے آدمی نہ ہوتے' ڈرنے والے جوان نہ ہوتے' دودھ پیتے بچے اور چرنے والے چوپائے نہ ہوتے تو

6600- أخرجه البخاري جلد1صفحه451 من طريق هاشم بن قاسم' عن اسحاق' به .

6601- اخرجه أحمد جلد2صفحه487 عن اسماعيل .

6602- سبق تخريجه راجع الفهرس .

رُكَّعٌ، وَشَبَابٌ خُشَّعٌ، وَأَطْفَالٌ رُضَّعٌ، وَبَهَائِمُ رُتَّعٌ لَصَبَّ عَلَيْكُمُ الْعَذَابَ صَبًّا

تمہارے اوپر عذاب انڈیل دیا جاتا۔

6603 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْرِمِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ بَرَازٍ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَّلُ مَا يُرْفَعُ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ الْحَيَاءُ وَالْأَمَانَةُ، وَآخِرُ مَا يَبْقَى مِنْهَا الصَّلَاةُ - يُخَيَّلُ إِلَيَّ أَنْ قَالَ- : وَقَدْ يُصَلِّي قَوْمٌ لَا خَلَاقَ لَهُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے اس اُمت سے جو چیز ختم کی جائے گی وہ حیاء اور امانت ہے اور جو آخر تک باقی رہے گی وہ نماز ہے' مجھے خیال ہے کہ فرمایا: کبھی وہ قوم بھی نماز پڑھے گی جن کیلئے (آخرت میں) کوئی حصہ نہیں ہے۔

6604 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ بَرَّازٍ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ) (التكاثر: 8) قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ نَعِيمٍ نُسْأَلُ عَنْهُ؟ سُيُوفُنَا عَلَى عَوَاتِقِنَا وَذَكَرَ الْحَدِيثَ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ الی آخرہ''۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! کون سی نعمتوں کے متعلق پوچھا جاتا ہے۔ تلوار ایسی ہمارے کندھے پر تھیں۔

6605 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ بَرَّازٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ هَذَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

6606 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مَالِكٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ أَبِي الْمُسَاوِرِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان وضو کرتا ہے اچھا وضو کرتا ہے۔ پھر اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر آتا ہے۔ اس میں فرض

6603- قال في مجمع الزوائد جلد7صفحه321: رواه أبو يعلى' وفيه: أشعث بن براز' وهو متروك .

6604- قال في مجمع الزوائد جلد7صفحه142: رواه أبو يعلى' وفيه: أشعث بن براز' ولم أعرفه .

6605- رواه الترمذي: جلد4صفحه218 من طريق أبي سلمة' عن أبي هريرة .

6606- قال في مجمع الزوائد جلد2صفحه29: رواه أبو يعلى .

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ، ثُمَّ يَمْشِي إِلَى بَيْتٍ مِنْ بُيُوتِ اللَّهِ يُصَلِّي فِيهِ صَلَاةً مَكْتُوبَةً، إِلَّا كُتِبَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ حَسَنَةٌ، وَتُمْحَى عَنْهُ بِالْأُخْرَى سَيِّئَةٌ، وَتُرْفَعُ لَهُ بِالْأُخْرَى دَرَجَةٌ

نماز پڑھتا ہے اس کے ہر ایک قدم کے بدلہ نیکی لکھی جاتی ہے دوسرے قدم کے بدلے ایک گناہ ختم کیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ایک درجہ بلند ہوتا ہے۔

6607 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مَالِكٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ أَبِي الْمُسَاوِرِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَمْرَضُ مَرَضًا إِلَّا أَمَرَ اللَّهُ حَافِظَهُ أَنَّ مَا عَمِلَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَلَا يَكْتُبُهَا، وَمَا عَمِلَ مِنْ حَسَنَةٍ أَنْ يَكْتُبَهَا لَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ، وَأَنْ يَكْتُبَ لَهُ مِنَ الْعَمَلِ الصَّالِحِ كَمَا كَانَ يَعْمَلُ، وَهُوَ صَحِيحٌ، وَإِنْ لَمْ يَعْمَلْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ حالت مرض میں رہتا ہے، اللہ تعالیٰ اس حافظ یعنی فرشتے کو حکم دیتا ہے کہ جو اس نے برائی کی ہے اس کو نہ لکھ جو اس نے نیکی کی ہے اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دے، جو عمل حالت تندرستی میں کرتا تھا ویسے عمل لکھ دے اگرچہ وہ نہیں کرتا ہے۔

6608 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَرْفَعُ الْحَدِيثَ قَالَ: الرَّهْنُ يُرْكَبُ وَيُعْلَفُ، وَلَبَنُ الدَّرِّ يُشْرَبُ، وَعَلَى الَّذِي يَشْرَبُهُ النَّفَقَةُ وَالْعَلَفُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً حدیث بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رہن رکھی ہوئی سواری پر سواری کی جا سکتی ہے اور اس کو چارہ بھی دیا جائے گا' اس کا دودھ بھی پیا جائے گا' جو اس کا دودھ پیئے گا اس کے ذمہ اس کا خرچ اور چارہ وغیرہ ہوگا۔

6609 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى عَلَى جِنَازَةٍ فَلَهُ قِيرَاطٌ، وَمَنْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو انسان جنازہ پڑھ کر واپس آتا ہے اس کے لیے ایک قیراط ثواب ہوگا۔ جو دفن کر کے واپس آئے اس کے لیے دو قیراط ثواب ہوگا، ایک قیراط احد پہاڑ کی

6607- قال في مجمع الزوائد جلد2 صفحه29: رواه أبو يعلى .

6608- أخرجه البخاري جلد1 صفحه241 من طرق عن زكريا بن أبي زائدة' عن الشعبي' به' بمعناه .

6609- رجاله ثقات' أخرجه النسائي رقم: 999 .

انْتَظَرَ حَتَّى تُدْفَنَ فَلَهُ قِيرَاطَانِ، الْقِيرَاطُ مِثْلُ أُحُدٍ

مثل ہے۔

6610 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُنْكَحَ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، وَالْخَالَةُ عَلَى ابْنَةِ أُخْتِهَا، وَلَا تُنْكَحُ الصُّغْرَى عَلَى الْكُبْرَى، وَلَا الْكُبْرَى عَلَى الصُّغْرَى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت اور اس کی پھوپھی سے نکاح نہ کیا جائے۔ خالہ اور اس کی بہن کی بیٹی سے نکاح نہ کیا جائے۔ چھوٹی بہن کے ہوتے ہوئے بڑی سے نکاح نہ کیا جائے' بڑی کے ہوتے ہوئے چھوٹی سے نکاح نہ کیا جائے۔

6611 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ سِنَانِ الْإِيَامِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ آدَمَ لَقِيَهُ مُوسَى فَقَالَ لَهُ: أَنْتَ آدَمُ الَّذِي أَخْرَجْتَ النَّاسَ مِنَ الْجَنَّةِ؟ الْحَدِيثَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام کی ملاقات حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ہوئی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: آپ علیہ السلام ہیں جنہوں نے جنت سے ہم کو نکالا ہے' آگے مکمل حدیث ہے۔

6612 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، أَنَّ زَكَرِيَّا، أَخْبَرَهُمْ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي أَوَّلُ مَنْ يَرْفَعُ رَأْسَهُ بَعْدَ النَّفْخَةِ الْآخِرَةِ، فَإِذَا مُوسَى مُتَعَلِّقٌ بِالْعَرْشِ، فَلَا أَدْرِي أَكَذَلِكَ كَانَ أَمْ بَعْدَ النَّفْخَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں سب سے پہلے۔ صور پھونکنے کے بعد اپنا سر اٹھاؤں گا جب کہ موسیٰ علیہ السلام عرش کے ساتھ متعلق ہوں گے میں نہیں جانتا کیا اسی طرح تھا یا صور پھونکنے کے بعد۔

6613 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ أَبَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن اپنی قبر میں خوش ہوتا ہے اس کی قبر ستر

6610- أخرجه أبو داؤد جلد2صفحه183 . والترمذی جلد2صفحه189 . والنسائی رقم: 3300 .

6611- ورواه البخاری جلد1صفحه484' جلد2صفحه1119,979,693,692 .

6612- أخرجه البخاری جلد2صفحه711 من طريق اسماعيل بن الخليل' عن عبد الرحيم' به .

6613- قال فی مجمع الزوائد جلد3صفحه55 رواه أبو يعلٰى وفيه الدراج وحديثه حسن' واختلف فيه .

السَّمْحِ، حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: الْمُؤْمِنُ فِي قَبْرِهِ فِي رَوْضَةٍ، وَيُرَحَّبُ لَهُ قَبْرُهُ سَبْعِينَ ذِرَاعًا، وَيُنَوَّرُ لَهُ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، أَتَرَوْنَ فِيمَا أُنْزِلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ : (فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا، وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمَى) (طه: 124) ، قَالَ: أَتَدْرُونَ مَا الْمَعِيشَةُ الضَّنْكُ؟ ، قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: عَذَابُ الْكَافِرِ فِي قَبْرِهِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّهُ لَيُسَلَّطُ عَلَيْهِمْ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ تِنِّينًا، أَتَدْرُونَ مَا التِّنِّينُ؟ ، قَالَ: تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ حَيَّةً لِكُلِّ حَيَّةٍ سَبْعَةُ رُءُوسٍ يَنْفُخُونَ فِي جِسْمِهِ وَيَلْسَعُونَهُ، وَيَخْدِشُونَهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

ہاتھ کشادہ کی جاتی ہے اور اس کو منور کیا جاتا ہے، چودہویں کی رات کی طرح۔ کیا تم دیکھتے نہیں اس آیت کو کہ یہ کس کے بارے نازل ہوئی: ''فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً الٰی آخرہٖ ''۔ کیا جانتے ہو کہ معیشۃ ضنکًا کیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا: کافر کو اس کی قبر میں عذاب ہوگا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے ان پر ۹۹ سانپ مسلط کیے جائیں گے ہر سانپ کے سات سر ہوں گے وہ اس کے جسم کو ڈسیں گے اس کو نوچیں گے قیامت تک۔

6614- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ أَبِي ثَوْرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، يَنْقُصُ الْعِلْمُ، وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ ، قَالَ: قُلْتُ: مَا يَكْثُرُ الْهَرْجُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْقَتْلُ، الْقَتْلُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہلاکت عرب والوں کے لیے ہے برائی کی وجہ سے جو قریب آ گئی ہے، علم کم ہو جائے گا، قتل عام ہوگا۔

6615- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا عِصَامُ بْنُ طَلِيقٍ الْبَصْرِيُّ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قُتِلَ رَجُلٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهِيدًا، قَالَ: فَبَكَتْ عَلَيْهِ بَاكِيَةٌ فَقَالَتْ: وَاشَهِيدَاهُ، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے زمانہ میں شہید ہو گیا اس پر رونے والی رونے لگی، کہنے لگی: ہائے شہید! حضور ﷺ نے فرمایا: چھوڑ دے، کیا تو جانتی نہیں کہ یہ شہید ہے، ہو سکتا ہے کہ وہ گفتگو کرتا ہو جو لایعنی ہے اور بخل کرتا ہو (اپنی زندگی

6614- أخرجه أحمد جلد2صفحه536 من طريق شيبان عن عاصم به .

6615- قال في مجمع الزوائد جلد10صفحه303: رواه أبو يعلى وفيه عصام بن طليق وهو ضعيف .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْ مَا يُدْرِيكِ أَنَّهُ شَهِيدٌ، وَلَعَلَّهُ كَانَ يَتَكَلَّمُ بِمَا لَا يَعْنِيهِ، وَيَبْخَلُ بِمَا لَا يَنْقُصُهُ

میں) اس شی کے ساتھ جو کم نہیں ہوتی۔

6616 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَارَ إِلَى مَكَّةَ لِيَفْتَحَهَا، قَالَ لِأَبِي هُرَيْرَةَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ اهْتِفْ بِالْأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَجِيبُوا رَسُولَ اللّٰهِ، فَجَاءُوا كَأَنَّمَا كَانُوا عَلَى مِيعَادٍ، قَالَ: خُذُوا هَذَا الطَّرِيقَ فَلَا يُشْرِفْ لَكُمْ أَحَدٌ إِلَّا أَنَمْتُمُوهُ، أَيْ: قَتَلْتُمُوهُ، فَسَارَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَطَافَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَيْتِ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ مِنَ الْبَابِ الَّذِي يَلِي الصَّفَا، فَصَعِدَ الصَّفَا فَخَطَبَ النَّاسَ وَالْأَنْصَارُ أَسْفَلَ مِنْهُ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: أَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ أَخَذَتْهُ رَأْفَةٌ بِقَوْمِهِ، وَالرَّغْبَةُ فِي قَرْيَتِهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى عَلَيْهِ الْوَحْيَ بِمَا قَالَتِ الْأَنْصَارُ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، تَقُولُونَ: أَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ أَدْرَكَتْهُ الرَّأْفَةُ بِقَوْمِهِ، وَالرَّغْبَةُ فِي قَرْيَتِهِ؟ فَمَنْ أَنَا إِذًا؟ كَلَّا وَاللّٰهِ إِنِّي عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ، وَإِنَّ الْمَحْيَا مَحْيَاكُمْ وَالْمَمَاتَ مَمَاتُكُمْ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا قُلْنَا ذَلِكَ إِلَّا مَخَافَةَ أَنْ تُفَارِقَنَا، قَالَ: أَنْتُمْ صَادِقُونَ عِنْدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مکہ فتح کرنے کا ارادہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوہریرہ! انصاریوں میں اعلان کر! انہوں نے اعلان کیا: اے انصاریو! اللہ کے رسول کی بات قبول کرو! پس وہ حاضر خدمت ہوئے گویا وہ میعاد پر تھے فرمایا: یہ راستہ اختیار کرو پس تمہاری طرف کوئی بھی میلی آنکھ اُٹھا کر دیکھے تو اسے قتل کر دو۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم چلے۔ پس اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو فتوحات عطا فرمائیں۔ راوی کا بیان ہے: پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ شریف کا طواف کر کے دو رکعت (برائے طوف واجب) ادا فرمائیں پھر اس دروازہ سے نکلے جو صفا کی رطف ہے (یہ اس وقت کی بات ہے جب کعبہ کے دروازے زیادہ تھے) پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم صفا کی پہاڑی پہ چڑھے لوگوں سے خطاب فرمایا جبکہ انصار اس سے نیچے تھے۔ پس بعض انصاریوں نے بعض سے کہا: بہرحال اس آدمی کی زیادہ ہمدردیاں اپنی قوم کے ساتھ ہیں اور اپنے گاؤں میں بڑی دلچسپی رکھتا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے فوراً آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل فرمائی اسی بات کی جو انصار نے کی تھی۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے انصار کے گروہ! تم کہہ رہے تھے کہ بہرحال اس آدمی کی

6616- أخرجه مسلم جلد2صفحه102 من طريق سليمان بن المغيرة، عن ثابت، به، أطول منه .

اللّٰهِ، وَعِنْدَ رَسُولِهِ، فَوَاللّٰهِ مَا مِنْهُمْ أَحَدٌ إِلَّا بَلَّ نَحْرَهُ بِدُمُوعٍ مِنْ عَيْنِهِ

زیادہ ہمدریاں اپنی قوم کے ساتھ ہیں اور اپنے گاؤں (مکہ) میں بڑی دلچسپی رکھتا ہے؟ پھر میں کون ہوا؟ ہرگز نہیں! قسم بخدا! میں اللہ کا بندہ اور اس کا سچا رسول ہوں' بے شک میری زندگی' تمہاری زندگی اور میری موت تمہاری موت ہے (یعنی ہر وقت تمہارے ساتھ ہوں) انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم نے یہ بات نہیں کی مگر اس ڈر سے کہ کہیں آپ ہم سے جدا نہ ہو جائیں (یعنی پھر مکہ میں رہ جائیں)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک سچے ہو۔ (راوی کا بیان ہے:) قسم بخدا! ہر آدمی کا سینہ آنسوؤں سے تر ہو چکا تھا۔

6617 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْقُوبَ، مَوْلَى الْحُرَقَةِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِزْرَةُ الْمُؤْمِنِ إِلَى أَنْصَافِ السَّاقَيْنِ وَأَسْفَلُ ذَلِكَ إِلَى مَا فَوْقَ الْكَعْبَيْنِ، فَمَا كَانَ أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ فَفِي النَّارِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مومن کا تہبند دونوں پنڈلیوں کے نصف تک ہوتا ہے اور اس سے نیچے ہو تو کم از کم ٹخنوں سے تو اوپر تک ہو' پس جو ٹخنوں کے نیچے ہوتا ہے، وہ جہنم میں ہوگا۔

6618 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرًا، فَأَصَابَنِي خَمْسُ تَمَرَاتٍ وَحَشَفَةٌ، قَالَ: فَرَأَيْتُ الْحَشَفَةَ أَشَدَّهُمْ لِضِرْسِي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کھجوریں تقسیم فرما رہے تھے، مجھے پانچ کھجوریں اور ایک ٹکڑا ملا۔ میں نے ٹکڑے کو دیکھا وہ میرے دانتوں کے لیے سخت تھا۔

6618- أخرجه البخاري جلد2صفحه**818,814** من طرق عن أبي عثمان' به' مطولًا ومختصرًا .

6619 - وَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: إِنَّ أَبْخَلَ النَّاسِ مَنْ بَخِلَ بِالسَّلَامِ، وَأَعْجَزَ النَّاسِ مَنْ عَجَزَ عَنِ الدُّعَاءِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ بخیل وہ ہے جو سلام میں بخل کرے، لوگوں میں سب سے زیادہ عاجز وہ ہے جو دعا سے عاجز ہو۔

6620 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ فِي سَفَرٍ فَلَمَّا نَزَلُوا وَوُضِعَتِ السُّفْرَةُ بَعَثُوا إِلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي، فَقَالَ: إِنِّي صَائِمٌ، فَلَمَّا كَادُوا أَنْ يَفْرُغُوا جَاءَ فَجَعَلَ يَأْكُلُ، فَنَظَرَ الْقَوْمُ إِلَى رَسُولِهِمْ، فَقَالَ: مَا تَنْظُرُونَ؟ قَدْ وَاللَّهِ أَخْبَرَنِي أَنَّهُ صَائِمٌ، فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: صَدَقَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَامَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ فَقَدْ صَامَ الدَّهْرَ كُلَّهُ، وَقَدْ صُمْتُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ فَلِيَ الشَّهْرُ كُلُّهُ، وَوَجَدْتُ تَصْدِيقَ ذَلِكَ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ (مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا) (الأنعام: 160) . وَقَرَأَهُ مَرَّةً أُخْرَى، فَقَالَ: وَقَدْ صُمْتُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ أَوَّلِ الشَّهْرِ، وَأَنَا مُفْطِرٌ فِي تَخْفِيفِ اللَّهِ صَائِمٌ فِي تَضْعِيفِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک سفر میں تھے۔ جب سفر سے اترے تو دسترخوان بچھا دیا گیا' انہوں نے آپ کی طرف آدمی بھیجا جبکہ نماز پڑھ رہے تھے، وہ کہنے لگے میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ جب وہ قریب تھے فارغ ہونے کے وہ آئے، وہ کھانے لگے۔قوم نے اپنے بھیجے ہوئے کی طرف دیکھا' اس نے کہا: تم کیا دیکھتے ہو؟ بے شک اللہ کی قسم! مجھے یہی بتایا ہے کہ وہ روزہ سے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس نے سچ کہا، میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہر ماہ تین روزے رکھے اس نے تمام زمانہ کے روزے رکھے۔ میں ہر ماہ تین روزے رکھتا ہوں۔ (یہ ثواب میں) میرے لیے تمام ماہ کے روزے ہوتے ہیں میں اس کی تصدیق کتاب اللہ میں پاتا ہوں۔ جو ایک نیکی کرے اس کے لیے دس گنا ہوگا۔ دوسری مرتبہ پڑھا' فرمایا: میں ہر ماہ کے اوّل تین روزے رکھتا ہوں۔ میں اللہ کی تخفیف میں افطار کرتا ہوں اور اللہ کی مہمان نوازی میں روزہ رکھتا ہوں۔

6621 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ أَبُو

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6619- قال في مجمع الزوائد جلد10صفحه147,146: ورواه أبو يعلى .

6620- وأخرجه النسائي رقم: 2410 عن زكريا بن يحيى' عن عبد الأعلى' به .

6621- قال في مجمع الزوائد جلد8صفحه166: رواه أبو يعلى .

أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ عَجْلَانَ الْهُجَيْمِيِّ، حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يُفْتَحُ لَهُ بَابُ الْجَنَّةِ، إِلَّا أَنَّهُ تَأْتِي امْرَأَةٌ تُبَادِرُنِي فَأَقُولُ لَهَا: مَا لَكِ؟ وَمَا أَنْتِ؟ فَتَقُولُ: أَنَا امْرَأَةٌ قَعَدْتُ عَلَى أَيْتَامٍ لِي

نے فرمایا: میں جنت کا دروازہ کھولوں گا، سب سے پہلے۔ مگر ایک عورت مجھ سے جلدی کرے گی، میں اس کو کہوں گا تجھے کیا ہے؟ تو کون؟ وہ کہے گی میں ایسی عورت ہوں بیٹھی تھی میں اپنے یتیموں پر' یعنی میرا خاوند فوت ہو گیا تھا۔

6622 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ صَفِيِّي وَخَلِيلِي أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبُ هَذِهِ الْحُجْرَةِ: مَا نُزِعَتِ الرَّحْمَةُ إِلَّا مِنْ شَقِيٍّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے چنے ہوئے میرے خلیل حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم اس حجرہ (گنبد خضرا) والی ہستی نے فرمایا: رحم کی صفت صرف بدبخت سے چھینی جاتی ہے۔

6623 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبَّاسٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَسَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَنَا سَبْعَ تَمَرَاتٍ، كُنَّا سَبْعَةً وَأَعْطَانَا تَمْرَةً تَمْرَةً

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے درمیان سات کھجوریں تقسیم کیں۔ ہم سات تھے ہم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایک کھجور دی۔

6624 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ: كَانَ يُخْبِرُنَا عَنْ ذَكْوَانَ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ آدَمَ مَسَحَ عَلَى ظَهْرِهِ، فَسَقَطَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا تو ان کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرا تو ان کی پیٹھ سے ہر روح گر پڑی جو قیامت تک پیدا ہونے والی تھی' ان میں سے ہر ایک انسان کی دونوں آنکھوں کے درمیان نور کی

6622- أخرجه أبو داؤد جلد**4**صفحه**441** . والترمذي جلد**3**صفحه**122** وحسنه .

6623- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6624- أخرجه الترمذي جلد**4**صفحه**108** . والحاكم جلد**2**صفحه**586** من طريق أبي نعيم' عن هشام' به .

مِنْ ظَهْرِهِ كُلُّ نَسَمَةٍ هُوَ خَالِقُهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَجَعَلَ بَيْنَ عَيْنَيْ كُلِّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ وَبِيصًا مِنْ نُورٍ، ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى آدَمَ فَقَالَ: أَيْ رَبِّ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ ذُرِّيَّتُكَ، فَرَأَى رَجُلًا مِنْهُمْ فَأَعْجَبَهُ وَبِيصُ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ، فَقَالَ: أَيْ رَبِّ مَنْ هَذَا؟ قَالَ: رَجُلٌ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ فِي آخِرِ الْأُمَمِ يُقَالُ لَهُ دَاوُدُ قَالَ: يَا رَبِّ كَمْ جَعَلْتَ عُمْرَهُ؟ قَالَ: سِتِّينَ سَنَةً قَالَ: زِدْهُ مِنْ عُمْرِي أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ: إِذًا يُكْتَبُ وَيُخْتَمُ وَلَا يُبَدَّلُ، فَلَمَّا انْقَضَى عُمْرُ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ جَاءَهُ مَلَكُ الْمَوْتِ فَقَالَ: أَوَلَمْ يَبْقَ مِنْ عُمْرِي أَرْبَعُونَ سَنَةً؟ قَالَ: أَوَلَمْ تُعْطِهَا ابْنَكَ دَاوُدَ؟ فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ وَخَطِئَ فَخَطِئَتْ ذُرِّيَّتُهُ

چمک پیدا کر دی' پھر ان کو حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے بٹھا دی۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے رب! یہ کون ہیں؟ اللہ نے فرمایا: یہ تیری اولاد ہے! پس آپ نے ان میں سے ایک کو دیکھا تو اس کی آنکھوں کے درمیان کی چمک پسند آ گئی۔ آپ نے عرض کی: اے میرے رب! یہ کون ہے؟ اللہ نے فرمایا: اُمتوں کے آخر میں آپ کی اولاد کا ایک آدمی ہے' اس کا نام داؤد ہے۔ عرض کی: اے میرے رب! اس کی تُو نے عمر کتنی بنائی ہے؟ اللہ نے فرمایا: ساٹھ سال! عرض کی: میری عمر سے چالیس سال لے کر اس کی عمر میں اضافہ کر دے۔ فرمایا: پھر تو لکھ کر مہر لگائی جائے گی اور تبدیل بھی نہیں ہو گی۔ پس جب حضرت آدم علیہ السلام کی عمر مکمل ہو گئی تو موت کا فرشتہ ان کی خدمت میں حاضر ہوا' حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: کیا میری عمر کے چالیس سال باقی نہیں ہیں؟ کہا: کیا آپ نے اپنے بیٹے حضرت داؤد کو نہیں دے دی تھی! پس آپ نے انکار کر دیا تو انکار کی صفت آپ کی اولاد میں منتقل ہوئی' آپ بھولے تو بھول آپ کی اولاد میں آئی اور حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش ہوئی تو لغزش آپ کی اولاد میں منتقل ہوئی۔

6625 - حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ الْمَدَنِيِّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَسْأَلِ اللَّهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ سے مدد نہ مانگے اللہ اس سے ناراض ہوتا ہے۔

6625- أخرجه الترمذی جلد4صفحه224 من طريق أبي عاصم وحاتم بن اسماعيل' كلاهما عن أبي المليح' به .

6626 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ كَامِلٍ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُمْرُ أُمَّتِي مَا بَيْنَ السِّتِّينَ سَنَةً إِلَى السَّبْعِينَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی عمریں ساٹھ سے ستر سال تک ہوں گی۔

6627 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا ، وَالْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک درمیان کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ حج مبرور کی جزاء صرف جنت ہے۔

6628 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ سُمَيٍّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَقْرَبَ مَا يَكُونُ الْعَبْدُ مِنْ رَبِّهِ وَهُوَ سَاجِدٌ فَأَكْثِرُوا الدُّعَاءَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ اللہ کے سب سے زیادہ قریب حالت سجدہ میں ہوتا ہے تو سجدہ کی حالت میں زیادہ دعا کیا کرو۔

6629 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ فَلَهُ قِيرَاطٌ، وَمَنْ تَبِعَهَا حَتَّى يُفْرَغَ مِنْهَا فَلَهُ قِيرَاطَانِ أَصْغَرُهُمَا - أَوْ أَحَدُهُمَا -

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو انسان جنازہ پڑھ کر واپس آتا ہے اس کو ایک قیراط ثواب ہوگا۔ جو دفن کر کے واپس آئے اس کے لیے دو قیراط ثواب ہوگا، ایک قیراط احد پہاڑ کی مثل ہے۔

6626- أخرجه الترمذی جلد3صفحه264 عن ابراهيم' به .

6627- أخرجه البخاری جلد1صفحه238 . ومسلم جلد1صفحه436 من طريق مالك' عن سمی' به .

6628- أخرجه مسلم جلد1صفحه191 من طريق عمرو بن الحارث' عن عمارة' به .

6629- أخرجه أبو داؤد جلد3صفحه175 . والحميدی جلد2صفحه444 من حديث سفيان' به .

مِثْلُ أُحُدٍ

6630 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، أَخْبَرَنِي سُمَيٌّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةَ، وَالْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ - أَوِ الْعُمْرَتَانِ- تُكَفِّرُ مَا بَيْنَهُمَا .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک کے درمیان کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ حج مبرور کی جزاء صرف جنت ہے۔

6631 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس جیسی حدیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

6632 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، وَدَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو - قَالَ أَبُو يَعْلَى: نُسْخَتُهُ مِنْ نُسْخَةِ أَبِي خَيْثَمَةَ- قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا سُمَيٌّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پناہ مانگتے تھے سخت آزمائش سے، بدبختی سے، برے فیصلہ سے، دشمن کی گالیوں سے۔

6633 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَطَسَ غَضَّ بِهَا صَوْتَهُ وَأَمْسَكَ عَلَى وَجْهِهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب چھینک آتی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی آواز کو آہستہ کرتے تھے۔ اپنے چہرے پہ کوئی چیز رکھ لیتے تھے۔

6634 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6630- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6631- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6632- أخرجه البخاری جلد2صفحه978,939 . ومسلم جلد2صفحه347 من طريق سفيان به .

6633- أخرجه أبو داؤد جلد4صفحه466 . والترمذی جلد4صفحه5 وقال: حسن صحيح .

مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ بَعْضَ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ تَفْرِيجَ الْأَيْدِي يَشُقُّ عَلَيْنَا فِي الصَّلَاةِ فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَسْتَعِينُوا بِالرُّكَبِ

کہ بعض صحابہ کرام نے حضور ﷺ سے عرض کی: یا رسول اللہ! انگلیوں کو کھول کر رکھنا نماز میں ہم پر مشکل ہے۔ آپ ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ گھٹنوں سے مدد طلب کریں۔

6635 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ، حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ الْيَشْكُرِيُّ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ هِلَالٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي حَبِيبِي أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ عَلَيْهِمْ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي، فَيَضْرِبَهُمْ حَتَّى يَرْجِعُوا إِلَى الْحَقِّ . قَالَ: قُلْتُ: وَكَمْ يَكُونُ؟ قَالَ: خَمْسٌ، وَاثْنَانِ . قَالَ: قُلْتُ: مَا خَمْسٌ وَاثْنَانِ؟ قَالَ: لَا أَدْرِي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ ان پر میرے اہل بیت میں سے ایک آدمی نکلے گا وہ ان کو مارے گا یہاں تک کہ وہ حق کی طرف لوٹ آئیں گے۔ میں نے عرض کی: کتنے ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: باوّن (۵۲)، میں نے عرض کی: باوّن (۵۲) کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اندازے سے باہر۔

6636 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، كَانَ فِي سَفَرٍ فَلَمَّا نَزَلُوا وُضِعَتِ السُّفْرَةُ، فَقَعَدُوا إِلَيْهِ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت ابوعثمان سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ایک سفر میں تھے' جب لوگ نیچے اترتے تو دسترخوان رکھا گیا' وہ سب اس پر بیٹھ گئے۔ پھر حدیث ذکر کی۔

6637 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِرَجُلٍ يَسُوقُ بَدَنَةً قَالَ: ارْكَبْهَا .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے۔ وہ اپنے اونٹ کو ہانک رہا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس پر سوار ہو جاؤ، اس نے عرض کی: یہ قربانی کا جانور ہے۔ آپ ﷺ نے

6635- قال في مجمع الزوائد جلد7صفحه315: رواه أبو يعلى وفيه المرجى بن رجاء .

6636- سبق تخريجه راجع الفهرس .

6637- أخرجه البخاري جلد1صفحه230 عن محمد' عن عبد الأعلى' عن معمر .

قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ قَالَ: ارْكَبْهَا ـ قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يُسَايِرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي عُنُقِهَا نَعْلٌ

فرمایا: اس پر سوار ہو جاؤ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اسے دیکھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لے کر چل رہا تھا اور اس کی گردن میں نعل تھا۔

6638 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ يَعْنِي، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يُذْكَرُ السَّاعَةَ الَّتِي فِي الْجُمُعَةِ، فَرَأَيْتُهُ يَقْبِضُ أَصَابِعَهُ وَيُقَلِّلُهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے دیکھا منبر پر جلوہ افروز ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس گھڑی کا ذکر کر رہے تھے جو جمعہ کے دن ہوتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیوں کو اکٹھا کیا اور اس کے کم ہونے پر اشارہ کیا۔

6639 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ أُمَيَّةَ بْنِ شِبْلٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْكِي عَنْ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى الْمِنْبَرِ قَالَ: وَقَعَ فِي نَفْسِهِ: هَلْ يَنَامُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ؟ فَأَرْسَلَ اللّٰهُ إِلَيْهِ مَلَكًا فَأَرَّقَهُ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَعْطَاهُ قَارُورَتَيْنِ فِي كُلِّ يَدٍ قَارُورَةٌ، وَأَمَرَهُ أَنْ يَحْتَفِظَ بِهَا، قَالَ: يَكَادُ يَنَامُ وَتَكَادُ يَدَاهُ تَلْتَقِيَانِ، ثُمَّ يَسْتَيْقِظُ فَيَحْبِسُ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى حَتَّى نَامَ نَوْمَةً فَاصْطَفَقَتْ يَدَاهُ فَانْكَسَرَتِ الْقَارُورَتَانِ قَالَ: ضَرَبَ اللّٰهُ لَهُ مَثَلًا أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَوْ كَانَ يَنَامُ لَمْ تَسْتَمْسِكِ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے منبر پر سنا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم موسیٰ علیہ السلام کی حکایت بیان کر رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں یہ بات آئی کیا اللہ عزوجل سوتا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف فرشتے کو بھیجا۔ اس نے آپ کو تین دن بیدار رکھا' پھر دو شیشے کی بوتلیں دیں' ہر ہاتھ میں ایک ایک بوتل دی اور حکم ہوا کہ ان دونوں کی حفاظت کر۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سونے لگے قریب تھا کہ آپ علیہ السلام کے دونوں ہاتھ باہم مل جاتے، پھر آپ جاگے تو ان میں سے ایک' دوسرے پر رُک گئی یہاں تک کہ تھوڑی دیر سو گئے۔ آپ علیہ السلام کے دونوں ہاتھوں نے حرکت کی تو وہ دونوں ٹوٹ گئیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مثال دی ان کو کہ اگر (میں) سو جاتا تو آسمان و زمین نہ رکتے۔

6638- وروى البخاري جلد**1**صفحه**128** .

6639- قال في مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**83**: ورواه أبو يعلى .

6640 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدٍ هُوَ ابْنُ شَبِيبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي وَحْشِيَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ كَانَ فِي هَذَا الْمَسْجِدِ مِائَةٌ أَوْ يَزِيدُونَ، وَفِيهِ رَجُلٌ مِنَ النَّارِ فَتَنَفَّسَ فَأَصَابَ نَفَسُهُ لَاحْتَرَقَ الْمَسْجِدُ وَمَنْ فِيهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر اس مسجد میں ایک سو یا زیادہ ہوں ان میں سے ایک آدمی جہنمی ہو۔ وہ سانس لے، اس کے سانس لینے سے مسجد اور جو مسجد میں موجود ہو سارے جل جائیں۔

6641 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ سَيْحَانَ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: خَرَجْتُ أَنَا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَدُهُ فِي يَدِي، فَأَتَى عَلَى رَجُلٍ رَثِّ الْهَيْئَةِ قَالَ: أَيْ فُلَانُ، مَا بَلَغَ بِكَ مَا أَرَى. قَالَ: السَّقَمُ وَالضُّرُّ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ: أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ يُذْهِبُ اللَّهُ عَنْكَ السَّقَمَ وَالضُّرَّ. قَالَ: لَا. مَا يَسُرُّنِي بِهَا أَنِّي شَهِدْتُ مَعَكَ بَدْرًا وَأُحُدًا قَالَ: فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: وَهَلْ يُدْرِكُ أَهْلُ بَدْرٍ وَأَهْلُ أُحُدٍ مَا يُدْرِكُ الْفَقِيرُ الْقَانِعُ. قَالَ: فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنَا فَعَلِّمْنِي قَالَ: قُلْ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ وَلِيٌّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور حضور ﷺ نکلے، آپ ﷺ کا ہاتھ میرے ہاتھ میں تھا۔ ایک آدمی کے پاس آئے اس کی ظاہری حالت انتہائی خراب تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: فلاں کے باپ! تجھے کیا پہنچا ہے جو تمہاری حالت میں دیکھ رہا ہوں؟ اس نے عرض کی: بیماری اور تکلیف، یا رسول اللہ ﷺ۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تم کو ایسے کلمات نہ سکھاؤں جس کے ذریعے اللہ عزوجل تجھے بیماری اور تکلیف سے نجات دے؟ اس نے عرض کی: نہیں! مجھے پسند نہیں کہ میں آپ ﷺ کے ساتھ بدر و اُحد میں شریک ہوں۔ پس حضور ﷺ مسکرائے پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اہل بدر اور اہل احد وہ چیز پا سکتے ہیں جو ایک قناعت کرنے والا فقیر پا سکتا ہے؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں موجود ہوں آپ مجھے سکھائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! تو پڑھ: [illegible]

6640- قال في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**391**: ورواه أبو يعلى.

6641- ذكره ابن كثير في التفسير جلد**3**صفحه**70**. وابن السني: **146** من مسند أبي يعلى.

مِنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا . قَالَ: فَأَتَى عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ حَسُنَتْ حَالِي، فَقَالَ: مَهْيَمْ؟ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ أَزَلْ أَقُولُ الْكَلِمَاتِ الَّتِي عَلَّمْتَنِي

عَلَى الْحَيِّ الَّذِیْ الٰی آخرہٖ''۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرے پاس حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میری حالت اچھی تھی۔ مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیسے ٹھیک ہوئے ہو؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں ہمیشہ یہ کلمات کہتا ہوں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سکھائے تھے۔

6642 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زِيَادٍ الْحَارِثِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ لَهُ رَجُلٌ: أَنْتَ الَّذِي تَنْهَى عَنْ صَوْمِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ؟ قَالَ: لَا وَرَبِّ هَذِهِ الْبَنِيَّةِ - أَوْ هَذِهِ الْحُرْمَةِ- مَا أَنَا نَهَيْتُ عَنْهُ نَهَى عَنْهُ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے کہا: آپ جمعہ کے دن روزہ رکھنے سے منع کرتے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں! میں اس سے نہیں منع کرتا ہوں اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے۔

6643 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نِسَاءُ قُرَيْشٍ خَيْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الْإِبِلَ، أَحْنَاهُ عَلَى وَلَدٍ فِي صِغَرِهِ، وَأَرْعَاهُ عَلَى زَوْجٍ فِي ذَاتِ يَدِهِ . قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: نَقُولُ: قَدْ عَلِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ ابْنَةَ عِمْرَانَ لَمْ تَرْكَبِ الْإِبِلَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریش کی عورتیں بہترین ہیں، اونٹوں پر سوار ہوتی ہیں، چھوٹے بچوں سے پیار کرتی ہیں' اپنے شوہر کے گھر کا خیال رکھتی ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کہتے ہیں کہ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو علم تھا کہ بنت عمران اونٹ پر سوار نہیں ہوئیں۔

6644 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ: سَمِعْتُ سُفْيَانَ يَقُولُ: حدثنا إسماعيل عن قيس

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم! تم میں سے کوئی رسی پکڑے اپنی

6642- أخرجه ابن أبي شيبة جلد3صفحه45 . ورواه أحمد جلد2صفحه458 عن حجاج' عن شريك به .

6643- ورواه البخاری ومسلم جلد2صفحه308,307 من طرق عن أبی هريرة راجع سلسلة الصحيحة رقم: 1052 .

6644- أخرجه الحميدی جلد2صفحه456 عن سفيان به . ورواه مسلم جلد1صفحه333 من طريق يحيٰی .

قال سمعت أبا هريرة يقول سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَاللّٰهِ لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلًا فَيَحْتَطِبَ وَيَحْمِلَهُ عَلَى ظَهْرِهِ فَيَأْكُلَ وَيَتَصَدَّقَ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَأْتِيَ رَجُلًا قَدْ أَغْنَاهُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ يَسْأَلُهُ أَعْطَاهُ أَوْ مَنَعَهُ

پیٹھ پر لکڑیاں اٹھائے وہ خود بھی کھائے اور صدقہ کرے۔ اس کے لیے بہتر ہے کہ وہ کسی آدمی کے پاس آئے، جس کو اللہ نے اپنے فضل سے غنی کیا ہے اس سے سوال کرے وہ اس کو دے یا نہ دے۔

6645 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

6646 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَرُونِي مَا تَرَكْتُكُمْ، وَلَا تَسْأَلُونِي عَنْ شَيْءٍ فَإِنَّمَا أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ كَثْرَةُ سُؤَالِهِمْ وَاخْتِلَافُهُمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ، فَمَا نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ فَاجْتَنِبُوهُ، وَمَا أَمَرْتُكُمْ بِهِ فَاتَّبِعُوا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے چھوڑ رکھو جب تک میں تم کو چھوڑے رکھوں۔ مجھ سے کسی شے کا سوال نہ کرو تم سے پہلے لوگ اسی لیے ہلاک ہوئے تھے کثرت سوال کی وجہ سے اپنے انبیاء علیہم السلام سے اختلاف کرنے کی وجہ سے جس سے تم کو منع کروں اس سے بچو۔ جس کا حکم دوں اس کو کرو، جتنی تم میں طاقت ہو۔

6647 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَنَفَّسْ أَحَدُكُمْ فِي الْإِنَاءِ إِذَا كَانَ شَرِبَ مِنْهُ، وَلَكِنْ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَشْرَبَ مِنْهُ، فَلْيُؤَخِّرْ عَنْهُ، ثُمَّ لِيَتَنَفَّسْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی برتن میں سانس نہ لے جب اس سے پیے، لیکن جب ارادہ ہو اس سے پینے کا اس کو منہ سے ہٹائے پھر باہر سانس لے۔

6648 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طُهُورُ إِنَاءِ أَحَدِكُمْ إِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ أَنْ يَغْسِلَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کتے کا لعاب جس برتن کو لگے اس کو سات مرتبہ دھویا جائے۔

6645- أخرجه الحميدى جلد2صفحه456 . وأحمد جلد2صفحه243 عن سفيان به .

6648- ورواه البخارى جلد1صفحه29 . ومسلم جلد1صفحه137 من طريق الأعرج' عن أبي هريرة .

6649 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلَى فِيهِ، لَا يَدْخُلُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اسے چاہیے کہ اپنا ہاتھ اپنے منہ پر رکھ لے تاکہ کوئی چیز داخل نہ ہو۔

6650 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدَةُ، حَدَّثَنَا سُهَيْلٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَقْتَرِبَ الزَّمَانُ، وَتَكُونَ السَّنَةُ كَالشَّهْرِ، وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ، وَالْجُمُعَةُ كَالْيَوْمِ، وَالْيَوْمُ كَاحْتِرَاقِ الْخُوصَةِ يَعْنِي السَّعَفَةَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ زمانہ قریب ہو جائے گا، سال مہینہ کی طرح، مہینہ جمعہ کی طرح گزرے گا، دن صرف پتے (یعنی معمولی چیز) جلانے کی طرح۔

6651 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَجْعَلُنَّ قَبْرِي وَثَنًا، لَعَنَ اللّٰهُ قَوْمًا اتَّخَذُوا قُبُورَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری قبر کو بت نہ بناؤ! اللہ کی لعنت ہو اس قوم پر جنہوں نے انبیاء علیہم السلام کی قبروں کو مسجد بنالیا۔

6652 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا سُهَيْلٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْطُوا الْأَجِيرَ أَجْرَهُ قَبْلَ أَنْ يَجِفَّ رَشْحُهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مزدور کو مزدوری دے دو، اس کا پسینہ سوکھنے سے پہلے۔

6653 - حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6649- وأصله عن البخاری جلد1صفحه464، جلد2صفحه919 من طريق المقبری، عن أبی هريرة .

6650- قال فی مجمع الزوائد جلد7صفحه331: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

6651- أخرجه أحمد جلد2صفحه246 . والحميدی جلد2صفحه445 عن سفيان به .

6652- قال فی مجمع الزوائد جلد4صفحه97: رواه أبو يعلى .

الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ، أَخْبَرَنِي رَبِيعَةُ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِالْيَمِينِ مَعَ الشَّاهِدِ

نے فرمایا: ایک قسم اور ایک گواہ کے ساتھ فیصلہ کیا۔

6654 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُفْتَحُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ كُلَّ اثْنَيْنِ وَخَمِيسٍ - قَالَ سُهَيْلٌ فِي حَدِيثِهِ - فَيُغْفَرُ لِكُلِّ عَبْدٍ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا إِلَّا الْمُتَشَاحِنَيْنِ، يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَلَائِكَتِهِ: دَعُوهُمَا حَتَّى يَصْطَلِحَا قَالَ مَعْمَرٌ: وَقَالَ غَيْرُ سُهَيْلٍ: وَتُعْرَضُ الْأَعْمَالُ فِي كُلِّ اثْنَيْنِ وَخَمِيسٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کے دروازے ہر پیر و جمعرات کو کھولے جاتے ہیں ہر بندہ کو بخش دیا جاتا ہے۔ سوائے مشرک اور جو دو آپس میں لڑے ہوئے ہوں۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے فرشتوں سے ان دونوں کو چھوڑ دو یہاں تک کہ صلح کریں۔

6655 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَحَبَّ عَبْدًا قَالَ: يَا جِبْرِيلُ إِنِّي أُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبَّهُ قَالَ: فَيَقُولُ جِبْرِيلُ لِأَهْلِ السَّمَاءِ: إِنَّ رَبَّكُمْ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبُّوهُ، فَيُحِبُّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ ، قَالَ: وَيُوضَعُ لَهُ الْقَبُولُ فِي الْأَرْضِ قَالَ: وَإِذَا أَبْغَضَ ، فَمِثْلُ ذَلِكَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل جب کسی بندہ سے محبت کرتا ہے جبرائیل علیہ السلام سے کہتا ہے کہ میں فلاں بندے سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر۔ جبرائیل علیہ السلام آسمان والوں کو کہتے ہیں کہ تمہارا رب فلاں سے محبت کرتا ہے تم بھی اس سے محبت کرو۔ آسمان والے بھی اس سے محبت کرتے ہیں۔ اس کی قبولیت زمین والوں میں رکھی جاتی ہے جب اللہ کسی بندہ سے ناراض ہوتا ہے اس کی مثال اسی طرح ہے۔

6654- أخرجه مسلم جلد2صفحه317 من طريق مالك' عن سهيل' به .

6655- أخرجه البخاری جلد2صفحه1115 من طريق عبد الله بن دينار' عن أبی صالح' عن أبی هريرة .

6656 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَصِينٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَرَادَ أَحَدُكُمْ سَفَرًا فَلْيُسَلِّمْ عَلَى إِخْوَانِهِ، فَإِنَّهُمْ يَزِيدُونَهُ بِدُعَائِهِمْ إِلَى دُعَائِهِ خَيْرًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سفر کا ارادہ کرے وہ اپنے بھائی کو سلام کرے۔ وہ اس کے لیے دعا خیر میں مزید اضافہ کرے۔

6657 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الَّذِي يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ فَارْجُمُوا الْأَعْلَى وَالْأَسْفَلَ، ارْجُمُوهُمَا جَمِيعًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی قوم لوط والا کام کرتا ہے۔ اس کو رجم کرو اعلیٰ و اسفل کو دونوں کو اکٹھے رجم کرو۔

6658 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدَ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِهِ، ثُمَّ إِنَّهُ لَقِيَهُ فَقَالَ: مَا لِي لَمْ أَرَكَ؟ . قَالَ: مَا بِتُّ الْبَارِحَةَ، لَدَغَتْنِي عَقْرَبٌ، قَالَ: أَمَا إِنَّكَ لَوْ قُلْتَ حِينَ أَمْسَيْتَ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ تَضُرَّكَ ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: وَلَا أَعْلَمُهُ إِلَّا قَالَ فِي الْحَدِيثِ يَرْفَعُهُ: فَمَنْ قَالَهَا حِينَ يُمْسِي وَحِينَ يُصْبِحُ لَمْ تَضُرَّهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام میں سے کسی کو نہ پایا۔ پھر اس سے ملاقات ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے آپ کو دیکھا نہیں۔ اس نے عرض کی: کل رات مجھے بچھو نے کاٹ ڈالا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو یہ کہہ لیتا جب شام ہوئی تھی: ''اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ الى آخره'' تو تجھے نقصان نہ دیتا۔ حضرت عبیداللہ فرماتے ہیں: میں مرفوعاً یہ حدیث جانتا ہوں کہ آپ نے فرمایا: جس نے یہ کلمات صبح و شام کے وقت پڑھے اس کو کوئی شی نقصان نہیں دے گی۔

6659 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہم قیامت کے دن

6656- قال فی مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**210**' جلد**5**صفحه**256**: روه الطبرانی فی الأوسط .

6659- أخرجه الحميدى جلد**2**صفحه**496** عن سفيان به مطولًا .

أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: فَقَالَ: هَلْ تُضَارُّونَ فِي الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ دُونَهُ سَحَابٌ؟ . قَالُوا: لَا . قَالَ: فَهَلْ تُضَارُّونَ فِي الشَّمْسِ فِي الظَّهِيرَةِ لَيْسَ دُونَهَا سَحَابٌ؟ . قَالُوا: لَا . قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَتَرَوُنَّهُ كَمَا تَرَوْنَهُمَا الْحَدِيثَ

اپنے رب کو دیکھیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم کوئی نقصان پاتے ہو جب تم چودھویں کی رات میں چاند کو دیکھتے ہو جبکہ اس کے سامنے بادل بھی نہ ہو؟ عرض کی: جی نہیں! پس آپ نے فرمایا: کیا عین ظہر کے وقت سورج دیکھنے میں کوئی مشکل دیکھتے ہو جبکہ اس کے سامنے بادل نہ ہوں؟ عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے! تم اپنے رب کو دیکھو گے جیسے ان دونوں کو دیکھتے ہو۔

6660 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِنْفَانِ مِنْ أُمَّتِي لَمْ أَرَهُمَا بَعْدُ: نِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ، مَائِلَاتٌ مُمِيلَاتٌ عَلَى رُءُوسِهِنَّ أَمْثَالُ أَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ، لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ رِيحَهَا، وَرِجَالٌ بِأَيْدِيهِمْ أَسْيَاطٌ كَأَذْنَابِ الْبَقَرِ، يَضْرِبُونَ بِهَا النَّاسَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میری اُمت میں سے دو جنسیں ایسی ہیں جن کو میں نے اس کے بعد نہ دیکھا' وہ عورتیں جو بظاہر کپڑے پہننے والیاں لیکن حقیقت میں برہنہ ہیں' جھکنے والی اور مائل ہونے والیاں ہیں' ان کے سروں پر۔ وہ جنت میں داخل نہیں ہوگی اور نہ ہی اُس کی خوشبو بھی پائیں گے اور مردوں کے ہاتھوں میں گائے کے بالوں کی طرح' جن کے ساتھ لوگ مارتے ہیں۔

6661 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَسُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَفْتَحُ أَحَدُكُمْ عَلَى نَفْسِهِ بَابَ مَسْأَلَةٍ إِلَّا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو آدمی اپنے اوپر مانگنے کا دروازہ کھولتا ہے تو اللہ عزوجل بھی اس پر محتاجی کا دروازہ کھولتا ہے۔

6660- أخرجه أحمد جلد2صفحه356,355 عن أسود' عن شريك به' وشريك صدوق يخطئ كثيرًا .

6661- قال في مجمع الزوائد جلد3صفحه95: رواه أبو يعلى من رواية محمد بن عبد الرحمٰن .

مُسْنَدُ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

مسندِ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ

6662 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ فِي شَهْرِ رَبِيعِ الْآخِرِ مِنْ سَنَةِ سِتٍّ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ذَاقَ طَعْمَ الْإِيمَانِ مِنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان کا ذائقہ اس نے چکھ لیا جو اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہوا۔

6663 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ الدَّرَاوَرْدِيِّ، وَابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا سَجَدَ الْعَبْدُ، سَجَدَ مَعَهُ سَبْعَةُ آرَابٍ: وَجْهُهُ، وَكَفَّاهُ، وَرُكْبَتَاهُ، وَقَدَمَاهُ

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ سجدہ کرتا ہے اس کے سات اعضاء سجدہ کرتے ہیں: اس کا چہرہ، اس کی دونوں ہتھیلیاں، اس کے دونوں گھٹنے، اس کے دونوں پاؤں۔

6664 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6662- أخرجه أحمد جلد1صفحه208 رقم الحديث: 1778 .

6663- أخرجه النسائى جلد2صفحه208 وفى الكبرىٰ رقم الحديث: 594 .

6664- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 460 . ومسلم جلد1صفحه135 قال: حدثنا ابن أبى عمر .

حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْعَبَّاسِ، أَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَمُّكَ أَبُو طَالِبٍ كَانَ يَحُوطُكَ، وَيَفْعَلُ بِكَ قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ لَفِي ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ، وَلَوْلَا أَنَا لَكَانَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ

حضور ﷺ سے عرض کی آپ ﷺ کا چچا جناب ابوطالب آپ ﷺ کا بہت خیال رکھتے تھے اور آپ ﷺ نے اُن کے لیے کیا کیا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ جہنم کے اوپر والے حصہ میں ہیں اگر میں ان کے لیے نہ ہوتا وہ جہنم کے نچلے طبقہ میں ہوتے۔

6665 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: قَالَ الْعَبَّاسُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَبَا طَالِبٍ كَانَ يَحُوطُكَ وَيَمْنَعُكَ، فَهَلْ نَفَعْتَهُ بِشَيْءٍ؟ قَالَ: فَقَالَ: وَجَدْتُهُ فِي الْغَمَرَاتِ مِنَ النَّارِ، فَأَخْرَجْتُهُ إِلَى الضَّحْضَاحِ

حضرت عبداللہ بن حارث فرماتے ہیں: حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے عرض کی: آپ کے چچا حضرت ابو طالب آپ کا بہت خیال رکھتے تھے اور آپ ﷺ نے اُن کے لیے کیا کیا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے ان کو جہنم کی گہرائیوں یا سختیوں میں پایا' پس میں ان کو نکال کر جہنم کے اوپر والے حصہ میں لایا۔

6666 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: قَالَ الْعَبَّاسُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي شَيْئًا أَسْأَلُهُ رَبِّي قَالَ: سَلْ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ . قَالَ: ثُمَّ لَبِثَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِي شَيْئًا أَسْأَلُهُ رَبِّي . قَالَ: سَلْ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی چیز سکھائیں کہ میں اپنے رب سے سوال کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے رب سے اپنے لیے عافیت مانگ۔ پھر کچھ دیر ٹھہرے جتنا اللہ نے چاہا۔ پھر عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے کوئی چیز ہی سکھائیں کہ میں اپنے رب سے سوال کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے رب سے دنیا و آخرت کی عافیت مانگو۔

6667 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

6665- الحديث سبق برقم: **6664** فراجعه .

6666- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **461** قال: حدثنا سفيان .

6667- الحديث سبق برقم: **6666** فراجعه .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْعَبَّاسِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

6668 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَظْهَرُ الدِّينُ، حَتَّى يُجَاوِزَ الْبِحَارَ، وَتُخَاضُ الْبِحَارُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ يَأْتِي مِنْ بَعْدِكُمْ أَقْوَامٌ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ . يَقُولُونَ: قَدْ قَرَأْنَا الْقُرْآنَ مَنْ أَقْرَأُ مِنَّا؟ وَمَنْ أَفْقَهُ مِنَّا؟ أَوْ مَنْ أَعْلَمُ مِنَّا؟ ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ: هَلْ فِي أُولَئِكَ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالُوا: لَا . قَالَ: أُولَئِكَ مِنْكُمْ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ، وَأُولَئِكَ هُمْ وَقُودُ النَّارِ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دین غالب ہو گا یہاں تک کہ سمندروں سے پار چلا جائے گا اور سمندروں میں اللہ کی راہ میں گھس جائیں گے۔ پھر تمہارے بعد ایسے لوگ آئیں گے جو قرآن پڑھیں گے، وہ کہیں گے بے شک ہم نے قرآن پڑھا۔ ہم سے زیادہ قاری کون ہے؟ ہم سے زیادہ فقیہ کون ہے؟ ہم سے زیادہ عالم کون ہے؟ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے، فرمایا: کیا ان میں خیر ہوگی؟ انہوں نے عرض کی نہیں۔ فرمایا: یہی لوگ اس امت سے ہوں گے وہ جہنم کا ایندھن ہوں گے۔

6669 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنِ ابْنِ كُرَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كُنْتُ أَقُودُ ابْنَ عَبَّاسٍ فِي زُقَاقِ أَبِي لَهَبٍ فَقَالَ: يَا كُرَيْبُ، بَلَغْنَا مَكَانَ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: أَنْتَ عِنْدَهُ الْآنَ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ: بَيْنَا أَنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْمَوْضِعِ إِذَا أَقْبَلَ رَجُلٌ يَتَبَخْتَرُ بَيْنَ بُرْدَيْهِ وَيَنْظُرُ إِلَى عِطْفَيْهِ قَدْ أَعْجَبَتْهُ نَفْسُهُ، إِذْ خَسَفَ اللّٰهُ بِهِ الْأَرْضَ فِي هَذَا الْمَوْطِنِ، فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن کریب اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سواری کی لگام پکڑ کر ابولہب کی گلیوں میں جا رہے تھے' تو آپ نے فرمایا: اے کریب! ہمیں فلاں فلاں جگہ پہنچا دو! عرض کی: اب آپ اسی کے پاس ہیں۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسی دوران کہ میں اس جگہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا' جب ایک آدمی آگے سے آیا جو دو چادروں میں اترا رہا تھا' اس کے نفس نے اسے تکبر کا شکار کر دیا تھا' اچانک اللہ تعالیٰ نے اس کو زمین میں اسی جگہ دھنسا دیا' پس وہ اس میں قیامت تک دھنستا

6669- الحديث في المقصد العلى برقم: **1565** .

جائے گا۔

6670 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنِ ابْنِ صُهْبَانَ، عَنِ الْعَبَّاسِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قَوَدَ فِي الْمَأْمُومَةِ وَلَا الْجَائِفَةِ يَعْنِي: وَلَا الْمُنَقِّلَةِ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قصاص نہیں ہے جو زخم سر کے آخر تک پہنچا۔ نہ اس زخم میں جو پیٹ تک پہنچا، نہ اس زخم میں چھوٹی ہڈی تک پہنچا، صرف دیت ہے۔

6671 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ تَمَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْوَسْمِ فِي الْوَجْهِ فَقَالَ الْعَبَّاسُ: لَا أَسِمُ إِلَّا فِي الْجَاعِرَتَيْنِ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا چہرے پر داغنے سے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں صرف دُم کے لیے دائیں بائیں داغتا ہوں (اونٹ کو)۔

6672 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو عَمْرٍو، حَدَّثَنَا عَفِيفُ بْنُ سَالِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ صُهْبَانَ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيْسَ فِي الْجَائِفَةِ وَلَا الْمُنَقِّلَةِ وَلَا الْمَأْمُومَةِ قَوَدٌ، إِنَّمَا فِيهِنَّ الْعَقْلُ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قصاص نہیں ہے جو زخم سر کے آخر تک پہنچا۔ نہ اس زخم میں جو پیٹ تک پہنچا، نہ اس زخم میں چھوٹی ہڈی تک پہنچا، صرف دیت ہے۔

6673 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الرُّومِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ هَارُونَ بْنِ أَبِي

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے ایک درخت کے نیچے۔ ہوا چلنے لگی جو اس کے اوپر پتے تھے وہ گرنے

6670- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **2637** قال: حدثنا أبو كُريب .

6671- الحديث في المقصد العلي برقم: **1106** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **109** .

6672- الحديث سبق برقم: **6670** فراجعه .

6673- الحديث في المقصد العلي برقم: **1731** وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **3307** .

الْجَوْزَاءِ، عَنِ الْعَبَّاسِ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ شَجَرَةٍ، فَهَاجَتِ الرِّيحُ، فَوَقَعَ مَا كَانَ فِيهَا مِنْ وَرَقٍ نَخِرٍ، وَبَقِيَ فِيهَا مَا كَانَ مِنْ وَرَقٍ أَخْضَرَ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَثَلُ هَذِهِ الشَّجَرَةِ؟ قَالَ الْقَوْمُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: مَثَلُهَا مَثَلُ الْمُؤْمِنِ، إِذَا اقْشَعَرَّ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَقَعَتْ عَنْهُ ذُنُوبُهُ وَبَقِيَتْ لَهُ حَسَنَاتُهُ

لگے اور صرف سبز پتے باقی رہ گئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس درخت کی مثال کیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول ﷺ زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مومن کی مثال ہے، جب اللہ کے خوف سے اس کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اس پر گناہ گر جاتے ہیں باقی نیکیاں اس کیلئے رہ جاتی ہیں۔

6674 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ ابْنِ أَبِي السَّفَرِ، عَنِ ابْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ نِسَاؤُهُ فَاسْتَتَرْنَ مِنِّي إِلَّا مَيْمُونَةَ، فَدُقَّ لَهُ سَعْطَةٌ فَلُدَّ، فَقَالَ: لَا يَبْقَيَنَّ فِي الْبَيْتِ أَحَدٌ إِلَّا لُدَّ إِلَّا الْعَبَّاسَ، فَإِنَّهُ لَمْ تُصِبْهُ يَمِينِي. ثُمَّ قَالَ: مُرُوا أَبَا بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ. فَقَالَتْ عَائِشَةُ لِحَفْصَةَ: قُولِي لَهُ إِنَّ أَبَا بَكْرٍ إِذَا قَامَ ذَلِكَ الْمَقَامَ بَكَى. فَقَالَتْ لَهُ، فَقَالَ: مُرُوا أَبَا بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ. فَصَلَّى أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ وَجَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِفَّةً فَخَرَجَ، فَلَمَّا رَآهُ أَبُو بَكْرٍ تَأَخَّرَ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ بِيَدِهِ: أَيْ مَكَانَكَ. فَجَاءَ فَجَلَسَ إِلَى جَنْبِهِ، فَقَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حَيْثُ انْتَهَى أَبُو بَكْرٍ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا، آپ ﷺ کے پاس آپ کی ازواجِ مطہرات تھیں، انہوں نے مجھ سے پردہ کیا مگر حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے نہیں کیا۔ مگر آپ ﷺ کو قطرہ ٹپکایا' پس دوائی دی' آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس صرف دوائی اور عباس رضی اللہ عنہ ہوں کیونکہ ان کو میری قسم نہیں پہنچی۔ پھر فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے کہا، آپ رضی اللہ عنہا کہیں کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ جب آپ ﷺ کی جگہ کھڑے ہوں گے تو وہ رونے لگیں گے۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ابوبکر کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھانی شروع کی پھر حضور ﷺ کو افاقہ ہوا۔ آپ ﷺ نکلے۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دیکھا وہ پیچھے ہٹنے لگے، آپ ﷺ نے ان کو ہاتھ سے اشارہ کیا

6674- الحديث في المقصد العلى برقم: 456 .

کہ اپنی جگہ ٹھہرے رہیں۔ آپ ﷺ تشریف لائے۔ حضور ﷺ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بیٹھ گئے۔ حضور ﷺ نے وہاں سے پڑھنا شروع کیا جہاں سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے چھوڑا تھا۔

6675 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ مَعْدِي كَرِبَ: أَصَابَ رَجُلًا مِنْ بَنِي كِنَانَةَ مَأْمُومَةٌ، فَأَرَادَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَنْ يُقِيدَ مِنْهُ . فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا قَوَدَ فِي مَأْمُومَةٍ، وَلَا جَائِفَةٍ، وَلَا مُنَقِّلَةٍ، فَأَغْرَمَهُ الْعَقْلَ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قصاص نہیں ہے جو زخم سر کے آخر تک پہنچا۔ نہ اس زخم میں جو پیٹ تک پہنچا، نہ اس زخم میں چھوٹی ہڈی تک پہنچا، صرف دیت ہے۔

6676 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا الْخَضِرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَرِيبٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُؤْيَا الْمُسْلِمِ جُزْءٌ مِنْ أَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مِنْ سِتِّينَ، فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: تَسْمَعُنِي أَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَقُولُ: مِنْ سِتِّينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمایا: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مسلمان کا خواب چالیسواں حصہ ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مسلمان کا خواب نبوت کے اجزاء میں سے ساٹھواں جز ہے۔ تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے مجھ سے سنا کہ میں کہہ رہا ہوں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہے اور آپ کہتے ہیں: ساٹھواں حصہ ہے۔

فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَأَنَا أَقُولُ: قَالَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ: قَالَ أَبُو عُثْمَانَ عَمْرٌو النَّاقِدُ: قُلْتُ:

پس حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں کہتا ہوں: حضرت عباس بن مطلب نے کہا: حضرت ابوعثمان

6675- الحديث سبق برقم: 6672,6670 فراجعه .

6676- الحديث في المقصد العلي برقم: 1130 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه373,372 .

أَنَا وَأَصْحَابُنَا، فَهُوَ عِنْدَنَا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ - يَعْنِي الْعَبَّاسَ- عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عمرو ناقد نے کہا: میں کہتا ہوں: میں اور ہمارے ساتھی کہنے والے ہیں: پس وہ ہمارے نزدیک ہے' انشاء اللہ! اس سے مراد ہے: حضرت عباس اور وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

6677 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ الْعَبَّاسِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ: شَهِدْتُ حُنَيْنًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا هُزِمَ الْمُسْلِمُونَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَةٍ، أَهْدَاهَا لَهُ فَرْوَةُ بْنُ نُفَاثَةَ الْجُذَامِيُّ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكُضُهَا فِي وُجُوهِ الْكُفَّارِ، وَأَنَا آخِذٌ بِلِجَامِهَا مَخَافَةَ أَنْ تُسْرِعَ، وَأَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ آخِذٌ بِغَرْزِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَادِ فِي أَصْحَابِ السَّمُرَةِ ـ فَنَادَيْتُ بِأَعْلَى صَوْتِي: يَا أَصْحَابَ السَّمُرَةِ، وَدَاعُونَ فِي الْأَنْصَارِ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ قَصُرَتِ الدَّعْوَةُ عَلَى بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، وَكَانُوا أَصْبَرَ عَلَى الْمَوْتِ، فَقَالُوا: يَا لَبَّيْكَ يَا لَبَّيْكَ فَوَاللّٰهِ مَا شَبَّهْتُ عَطْفَهُمْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا كَعَطْفِ بَقَرٍ عَلَى أَوْلَادِهَا ـ قَالَ: فَتَقَدَّمُوا فَاقْتَتَلُوا

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے ساتھ شریک تھا جنگ حنین میں۔ جب مسلمان پیچھے ہٹنے لگے تو رسول اللہ ﷺ اس خچر پر سوار تھے' جو حضرت فروہ بن نفاثہ جذامی رضی اللہ عنہ نے ہدیہ دیا تھا۔ حضور ﷺ اپنے خچر پر کفار کی طرف بڑھنے لگے۔ میں آپ ﷺ کے خچر کی لگام پکڑے ہوئے تھا۔ اس ڈر سے کہ وہ تیز نہ ہو جائے اور ابو سفیان بن حارث بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی خچر کی رکاب پکڑے ہوئے تھے۔ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: پکارو درخت والوں کو۔ میں نے بلند آواز دی، اے درخت والو! ادھر انصار کے گروہ نے اپنے ساتھیوں کو پکارا: اے انصار کے گروہ! پھر بنی حارث بن خزرج کی طرف دعوت کو میں نے مختصر کیا وہ موت پر زیادہ صبر کرنے والے تھے۔ انہوں نے کہا، لبیک لبیک، اللہ کی قسم وہ رسول اللہ ﷺ کی طرف ایسے پلٹے جس طرح گائے اپنی اولاد کی طرف پلٹتی ہے۔ وہ آگے بڑھے، شدید جنگ ہوئی جب حضور ﷺ نے یہ دیکھا، آپ ﷺ نے چند کنکریاں پکڑیں اور انہیں پھینکا اور فرمایا: اے رب! ان کے چہروں کو ذلیل کر دے۔ اللہ کی قسم ان کی تیزی سستی میں

6677- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **459** قال: حدثنا سفيان .

قِتَالًا شَدِيدًا، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَنَاوَلَ قَبْضَةً مِنْ حَصْبَاءَ، فَرَمَى بِهَا وُجُوهَ الْقَوْمِ، وَقَالَ: شَاهَتِ الْوُجُوهُ قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا زِلْتُ أَرَى حَدَّهُمْ كَلِيلًا وَأَمْرَهُمْ مُدْبِرًا حَتَّى هَزَمَهُمُ اللّٰهُ

تبدیل ہوگئی، وہ پشت پھیر کر بھاگنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو شکست سے دوچار کیا۔

6678 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَطِيَّةَ، حَدَّثَنَا قَيْسٌ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ، فَالْتَفَتَ إِلَيْهَا فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَرَّأَ هَذِهِ الْجَزِيرَةَ مِنَ الشِّرْكِ، وَلَكِنْ أَخَافُ أَنْ تُضِلَّهُمُ النُّجُومُ. قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ تُضِلُّهُمُ النُّجُومُ؟ قَالَ: يَنْزِلُ الْغَيْثُ فَيَقُولُونَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلا۔ مدینہ شریف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف توجہ کی، فرمایا: بے شک اللہ نے اس جزیرہ کو شرک سے بری کر دیا ہے، لیکن مجھے ان پر گمراہ ہونے کا خوف ہے ستاروں کے ساتھ۔ عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیسے ستاروں کے ساتھ گمراہ ہوں گے؟ فرمایا: بارش نازل ہوگی۔ وہ کہیں گے: ہم پر بارش فلاں فلاں ستارے نے برسائی ہے۔

6679 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ أَبِي عَلِيٍّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ تَمَّامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْعَبَّاسِ قَالَ: كَانُوا يَدْخُلُونَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يَسْتَاكُونَ، فَقَالَ: تَدْخُلُونَ عَلَيَّ قُلْحًا وَلَا تَسْتَاكُونَ؟ اسْتَاكُوا. لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَفَرَضْتُ عَلَيْهِمُ السِّوَاكَ كَمَا فَرَضْتُ عَلَيْهِمُ الْوُضُوءَ وَقَالَتْ عَائِشَةُ: مَا زَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتے تھے، وہ مسواک نہیں کرتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے پاس آتے ہو کہ تمہارے دانت پیلے ہوئے ہوتے تھے اور مسواک نہیں کرتے ہو، مسواک کرو۔ اگر مجھے اپنی امت پہ مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں اُن پر مسواک کو فرض قرار دے دیتا جس طرح کہ ان پر وضو فرض کیا گیا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل مسواک کا ذکر

6678- الحديث في المقصد العلي برقم: 512 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه299 .

6679- الحديث في المقصد العلي برقم: 122 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ السِّوَاكَ حَتَّى خَشِينَا أَنْ يَنْزِلَ فِيهِ قُرْآنٌ

کرتے رہتے تھے۔ یہاں تک کہ ہم کو خوف ہوتا کہ اس کے متعلق قرآن نہ نازل ہو جائے۔

6680 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَخْبَرَنِي نَافِعٌ قَالَ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ يَقُولُ لِلزُّبَيْرِ: يَا أَبَا عَبْدِ اللَّهِ، هَا هُنَا أَمَرَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَرْكُزَ الرَّايَةَ، يَعْنِي يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن جھنڈا گاڑنے کا حکم دیا تھا۔

6681 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فِي قَوْلِهِ: (وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ) (الحاقة: 17) قَالَ: ثَمَانِيَةُ أَمْلَاكٍ فِي صُورَةِ الْأَوْعَالِ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے اس ارشاد کے متعلق "آپ قیامت کے دن عرش اٹھائے ہوئے ہوں گے اپنے اوپر اس دن آٹھ" آٹھ فرشتے ہیں پہاڑی بکروں کی صورت۔

6682 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ خَالِهِ شُعَيْبِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمِيرَةَ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَطْحَاءِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَدْرُونَ مَا هَذَا؟ قَالَ: قُلْنَا: السَّحَابُ. قَالَ: وَالْمُزْنُ. قُلْنَا: وَالْمُزْنُ، قَالَ وَالْعَنَانُ.

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ بطحاء کے مقام پر، ایک بادل گزرا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ ہم نے عرض کی: بادل ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مزن ہے۔ ہم نے عرض کی: مزن۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنان ہے۔ ہم خاموش ہو گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ آسمان اور زمین کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ ہم نے عرض کی: اللہ

6680- اخرجه البخارى جلد 4 صفحه 65 قال: حدثنا محمد بن العلاء، وفى جلد 5 صفحه 186 قال: حدثنا عبيد بن اسماعيل.

6681- أورده السيوطى فى الدر المنثور جلد 6 صفحه 261,260.

6682- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 206 رقم الحديث: 1770 قال: حدثنا عبد الرزاق.

قَالَ: فَسَكَتْنَا ۔ فَقَالَ: هَلْ تَدْرُونَ كَمْ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ؟ ۔ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ ۔ قَالَ: بَيْنَهُمَا مَسِيرَةُ خَمْسِ مِائَةِ سَنَةٍ، وَبَيْنَ كُلِّ سَمَاءٍ إِلَى سَمَاءٍ مَسِيرَةُ خَمْسِ مِائَةِ سَنَةٍ، وَكِثَفُ كُلِّ سَمَاءٍ مَسِيرَةُ خَمْسِ مِائَةِ سَنَةٍ، وَالسَّمَاءُ السَّابِعَةُ بَيْنَ أَسْفَلِهِ وَأَعْلَاهُ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، ثُمَّ فَوْقَ ذَلِكَ ثَمَانِيَةُ أَوْعَالٍ بَيْنَ رُكَبِهِمْ وَأَظْلَافِهِمْ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، ثُمَّ فَوْقَ ذَلِكَ الْعَرْشُ، وَلَيْسَ يَخْفَى عَلَيْهِ مِنْ شَيْءٍ مِنْ أَعْمَالِ بَنِي آدَمَ

اور اس کے رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پانچ سو سال چلنے کی مقدار ہے۔ اوپر آسمان کا دوسرے آسمان تک پانچ سو سال کی مقدار چلنے کا فاصلہ ہے۔ ہر آسمان کی مسافت پانچ سو سال چلنے کی مقدار ہے۔ ساتویں آسمان کے درمیان اس کے نیچے اور اوپر اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمان اور زمین کا فاصلہ ہے۔ پھر اس کے اوپر آٹھ پہاڑی بکرے ہیں، اُن کے گھٹنوں اور کھروں کے درمیان زمین و آسمان جتنا فاصلہ ہے۔ پھر اس کے اوپر عرش ہے (اللہ کی ذات) اس پر بنی آدم کا کوئی عمل پوشیدہ نہیں ہے۔

6683 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ طَهَّرَ هَذِهِ الْقَرْيَةَ مِنَ الشِّرْكِ إِنْ لَمْ تُضِلَّهُمُ النُّجُومُ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ نے اس جزیرہ کو شرک سے پاک کر دیا ہے، اگر ان کو ستاروں نے گمراہ نہ کر دیا۔

6684 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ نَفَعْتَ أَبَا طَالِبٍ؟ فَإِنَّهُ كَانَ يَحُوطُكَ وَيَغْضَبُ لَكَ قَالَ: هُوَ فِي ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ، وَلَوْلَايَ لَفِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے عرض کی آپ ﷺ کا چچا حضرت ابوطالب آپ ﷺ کا بہت خیال رکھتے تھے اور آپ ﷺ نے اُن کے لیے کیا کیا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ جہنم کے اوپر والے حصہ میں ہیں اگر میں نہ ہوتا تو وہ جہنم کے سب سے نچلے طبقہ میں ہوتے۔

6683- الحديث سبق برقم: 6678 فراجعه.

6684- الحديث سبق برقم: 6664 فراجعه.

مسند الفضل بن العباس

مسندِ فضل بن عباس رضی اللہ عنہما

6685 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أَفَاضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ، وَرِدْفُهُ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَأَفَاضَ مِنْ جَمْعٍ، وَرِدْفُهُ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ الْفَضْلُ: لَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عرفات سے واپس آئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مزدلفہ سے واپس آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے فضل بن عباس رضی اللہ عنہ تھے۔ حضرت فضل فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک پچھلے جمرہ کو کنکری ماری۔

6686 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ أَبِي أَدْرَكَهُ الْإِسْلَامُ، وَهُوَ شَيْخٌ كَبِيرٌ، إِنْ شَدَدْتُهُ عَلَى الرَّحْلِ خِفْتُ عَلَيْهِ أَنْ يَمُوتَ، وَإِنْ لَمْ أَشُدَّهُ لَمْ يَثْبُتْ، أَفَأَحُجُّ عَنْهُ؟ قَالَ: أَرَأَيْتَ لَوْ كَانَ عَلَى أَبِيكَ دَيْنٌ فَقَضَيْتَهُ، أَكَانَ يُجْزِيهِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَحُجَّ عَنْ أَبِيكَ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرا باپ مسلمان ہوا ہے، وہ بہت زیادہ بزرگ ہے۔ اگر میں اُن کو سواری پہ باندھتا ہوں تو مجھے اُن کے مرنے کا خوف ہے، اگر نہیں باندھتا تو وہ ٹھہر نہیں سکتے ہیں۔ کیا میں اُن کی طرف سے حج کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے بتاؤ اگر تیرے باپ پر قرض ہو اور اس کو ادا کیا جائے وہ ادا نہیں ہو جائے گا؟ اس نے عرض کی: ہو جائے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے باپ کی جانب سے حج بھی ہو جائے گا۔

6687 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غمیصا یا رمیصاء حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئی اپنے شوہر کی

6685- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 210 رقم الحديث: 1791 قال: حدثنا عباد بن عباد' عن ابن جريج .

6686- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 212 رقم الحديث: 1818 قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: أنبأنا معمر .

6687- الحديث في المقصد العلي برقم: 805 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 340 .

يَسَارٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَالْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ الْغُمَيْصَاءَ - أَوِ الرُّمَيْصَاءَ - جَاءَتْ تَشْكُو زَوْجَهَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: إِنَّهُ لَا يَصِلُ إِلَيْهَا قَالَ: فَقَالَ: كَذَبَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي لَأَفْعَلُ، وَلَكِنَّهَا تُرِيدُ أَنْ تَرْجِعَ إِلَى زَوْجِهَا الْأَوَّلِ قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَذُوقَ عُسَيْلَتَهَا

شکایت لے کر۔ اس نے عرض کی: وہ اس کی طرف نہیں جاتا ہے۔ آپ ﷺ سے اس کے شوہر نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ جھوٹ بولتی ہے میں اس کے ساتھ جماع کرتا ہوں لیکن یہ پہلے شوہر کی طرف جانا چاہتی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تو پہلے شوہر کے لیے اس وقت تک حلال نہیں ہو سکتی یہاں تک کہ وہ تیرا شہد نہ چکھ لے۔

6688 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ أَبُو أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْطَرَ بِعَرَفَةَ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عرفات میں روزہ افطار کیا۔

6689 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الشَّاذَكُونِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَوْبَيْنِ أَبْيَضَيْنِ سَحُولِيَّيْنِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو کفن دیا گیا دو سفید کپڑوں میں۔

6690 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ عَزْرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَمْعٍ، فَلَمْ تَرْفَعْ رَاحِلَتُهُ رِجْلَهَا غَادِيَةً حَتَّى أَتَى جَمْعًا

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ مزدلفہ سے آپ ﷺ کی سواری مسلسل چلتی رہی یہاں تک کہ منیٰ آ گئے۔

6688- الحديث في المقصد العلي برقم: 592 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 189 .

6689- أورده ابن حجر في المطالب العالية جلد 1 صفحه 201 .

6690- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 214 عن بهز' حدثنا همام بهذا السند .

6691 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حَرْمَلَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّهُ كَانَ رِدْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَاتٍ، فَلَمَّا بَلَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِعْبَ الْأَيْسَرِ الَّذِي دُونَ الْمُزْدَلِفَةِ أَنَاخَ قَالَ: ثُمَّ جَاءَ فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ الْوُضُوءَ فَتَوَضَّأَ . قُلْتُ: الصَّلَاةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: الصَّلَاةُ أَمَامَكَ . فَرَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَتَى الْمُزْدَلِفَةَ فَصَلَّى، ثُمَّ رَدِفَ الْفَضْلُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ جَمْعٍ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے عرفات سے جب وادی ایسر کے قریب پہنچے جو مزدلفہ کے سامنے تھی۔ آپ ﷺ نے سواری کو بٹھایا' پھر آپ ﷺ کے وضو کے لیے پانی لایا گیا۔ میں نے پانی ڈالا' آپ ﷺ نے وضو کیا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! نماز پڑھنی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نماز آگے جا کر پڑھنی ہے۔ حضور ﷺ سواری پر سوار ہوئے۔ یہاں تک کہ مزدلفہ آئے۔ پھر حضرت فضل رضی اللہ عنہ مزدلفہ میں صبح سوار ہوئے حضور ﷺ کے پیچھے۔

قَالَ كُرَيْبٌ: فَأَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَزَلْ يُلَبِّي حَتَّى بَلَغَ الْجَمْرَةَ

حضرت فضل فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسلسل تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک کہ جمرہ تک پہنچ گئے۔

6692 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ - وَكَانَ رِدْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ فِي عَشِيَّةِ عَرَفَةَ وَغَدَاةِ جَمْعٍ: أَيُّهَا النَّاسُ - حِينَ دَفَعُوا - عَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ وَهُوَ كَافٌّ نَاقَتَهُ حَتَّى إِذَا دَخَلَ مُحَسِّرًا - وَهُوَ مِنْ مِنًى - قَالَ: عَلَيْكُمْ بِحَصَى الْخَذْفِ الَّذِي يُرْمَى بِهِ الْجَمْرَةُ . وَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پیچھے سوار تھے، عرفات کی شام اور مزدلفہ کی صبح میں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! سکون اختیار کرو۔ حضور ﷺ اپنی اونٹنی کو روک رہے تھے تیز چلنے سے، یہاں تک کہ وادی محسر میں داخل ہوئے یعنی منیٰ کی بستی میں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر ہے کہ ٹھیکری کی کنکری جس کے ساتھ جمرہ کو مارا جائے، آپ ﷺ مسلسل تلبیہ پڑھتے رہے جمرہ کو کنکری مارنے تک۔

6691- أخرجه البخاری جلد 1 صفحه 226 عن قتيبة . وأخرجه مسلم جلد 1 صفحه 415 عن قتيبة وغيره .

6692- أخرجه مسلم جلد 1 صفحه 415 من طرق عن الليث به .

الْجَمْرَةَ

6693 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُشَاشٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ ضَعَفَةَ بَنِي هَاشِمٍ أَنْ يَنْفِرُوا مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی ہاشم کمزور لوگوں کو مزدلفہ سے دن ہی میں کوچ کرنے کا حکم دیا۔

6694 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: زَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَبَّاسَ فِي بَادِيَةٍ لَنَا فَإِذَا كَلْبٌ وَحِمَارٌ لَنَا يَرْعَى، فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ وَهُمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَمْ يُزْجَرَا وَلَمْ يُؤَخَّرَا

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی ملاقات کی۔ ہماری بستی میں جب کتے اور گدھے ہمارے آگے چر رہے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز پڑھائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پیچھے نہیں ہٹایا نہ ان کو ڈانٹا۔

6695 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ: كُنْتُ رَدِيفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا زِلْتُ أَسْمَعُهُ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَلَمَّا رَمَى قَطَعَ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھنے والا تھا' میں لگاتار سماعت کرتا رہا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم تلبیہ پڑھ رہے تھے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرۂ عقبہ پر رمی کی۔ پس جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم رمی کر چکے تو تلبیہ پڑھنا بند کر دیا۔

6696 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمرۂ عقبہ پر رمی کرنے تک مسلسل تلبیہ پڑھتے رہے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات کنکریاں ماریں اور ہر

6693- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 212 رقم الحديث: 1811 قال: حدثنا عفان .

6694- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 211 رقم الحديث: 1797 قال: حدثنا حجاج .

6695- الحديث سبق برقم: 6685 فراجعه .

6696- الحديث سبق برقم: 6685 فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَزَلْ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ، فَرَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، وَيُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ

کنکری کے ساتھ تکبیر کہتے۔

6697 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ يَوْمَ عَرَفَةَ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نویں ذوالحجہ کے دن پیا (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا روزہ نہ تھا)۔

6698 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أَفَاضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ، وَمِنْ جَمْعٍ، وَعَلَيْهِ السَّكِينَةُ حَتَّى أَتَى مِنًى، فَلَمَّا هَبَطَ مُحَسِّرًا قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، عَلَيْكُمْ حَصَى الْخَذْفِ يَعْنِي حَصَى الْجِمَارِ، يُشِيرُ بِيَدِهِ حَصَى الْخَذْفِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم عرفات کے میدان سے واپس لوٹے اور مزدلفہ سے اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سکون طاری تھا حتیٰ کہ منیٰ آ گئے پس جب وادیٔ مُحسّر میں اُترے۔ فرمایا: اے لوگو! کنکریاں چن لو! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے ٹھیکری کی کنکری کا اشارہ دیا۔

6699 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَعْرَابِيٌّ مَعَهُ ابْنَةٌ لَهُ حَسْنَاءُ، فَجَعَلَ يَعْرِضُهَا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَاءَ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا . قَالَ: فَجَعَلْتُ أَلْتَفِتُ إِلَيْهَا، وَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْخُذُ بِرَأْسِي فَيَلْوِيهِ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سواری پر سوار تھا اور ایک اعرابی جس کے ساتھ اس کی خوبصورت بچی بھی تھی' پس اس نے اس کی کہانی سنانا شروع کر دی' اے اللہ کے رسول! (میں اسے پالوں گا) یہ اُمید کرتے ہوئے کہ میں اس کی شادی کروں! فرماتے ہیں: میں نے اس کی طرف پوری توجہ سے دیکھا (جب میرے اس عمل کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تو) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سر کو پکڑ کر مروڑا اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

6697- الحديث سبق برقم: 6688 فراجعه .

6698- الحديث سبق برقم: 6692 فراجعه .

6699- الحديث سبق برقم: 6685 فراجعه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

تلبیہ پڑھ رہے تھے' یہاں تک کہ جمرۂ عقبہ پر آپ ﷺ نے رمی فرمائی۔

6700 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أَفَاضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَاتٍ وَأُسَامَةُ رِدْفُهُ، فَجَالَتْ بِهِ النَّاقَةُ وَهُوَ وَاقِفٌ، فَضَرَبَهَا قَبْلَ أَنْ يَفِيضَ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ لَا تُجَاوِزَانِ رَأْسَهُ، فَلَمَّا أَفَاضَ سَارَ عَلَى هِينَتِهِ حَتَّى أَتَى جَمْعًا، ثُمَّ أَفَاضَ مِنْ جَمْعٍ وَالْفَضْلُ رِدْفُهُ، فَقَالَ الْفَضْلُ: مَا زَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ عرفات کے میدان سے واپس لوٹے اور حضرت اسامہ آپ ﷺ کے پیچھے سوار تھے' پس سواری نے گھومنا شروع کر دیا اس حال میں کہ وہ کھڑے تھے' پس انہوں نے سواری کو مارا اس سے پہلے کہ وہ واپس آ ئیں۔ آپ اپنے ہاتھوں کو اُٹھائے ہوئے تھے لیکن وہ سر سے اوپر نہیں جا رہے تھے۔ پس جب آپ ﷺ لوٹے تو انتہائی سکون سے چلے یہاں تک کہ مزدلفہ پہنچ گئے پھر وہاں سے لوٹے تو حضرت فضل آپ ﷺ کے پیچھے سوار تھے' پس حضرت فضل فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ مسلسل تلبیہ پڑھتے رہے حتیٰ کہ جمرۂ عقبہ پر رمی فرمائی۔

6701 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي الْكَعْبَةِ وَلَمْ يَرْكَعْ وَلَمْ يَسْجُدْ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کعبہ شریف میں قیام کیا اور رکوع اور سجدہ نہیں کیا۔

6702 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُشَاشٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے بنی ہاشم کے کمزوروں کو حکم دیا کہ وہ مزدلفہ یا منیٰ سے جلدی رات کو ہی (مکہ) چلے جائیں۔

6700- الحديث سبق برقم: **6685** فراجعه .

6701- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**293** وقال: رواه أحمد' والطبراني في الكبير بنحوه .

6702- الحديث سبق برقم: **6693** فراجعه .

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعَفَةَ بَنِي هَاشِمٍ أَنْ يَتَعَجَّلُوا مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ

6703 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، فَكَبَّرَ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سوار تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرۂ عقبہ پر سات کنکریاں ماریں، پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر کنکری مارتے وقت اللہ اکبر کہا۔

6704 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرِبَ يَوْمَ عَرَفَةَ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حج (نویں ذوالحجہ) کے دن پیتے ہوئے دیکھا (مطلب یہ کہ اس دن کا روزہ واجب نہیں ہے)۔

6705 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ قَالَ: أَتَتِ امْرَأَةٌ مِنْ خَثْعَمَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَبِي أَدْرَكَتْهُ فَرِيضَةُ اللَّهِ فِي الْحَجِّ، وَهُوَ شَيْخٌ كَبِيرٌ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَثْبُتَ عَلَى دَابَّتِهِ . قَالَ: فَحُجِّي عَنْ أَبِيكِ قَالَ مَعْمَرٌ: وَكَانَ يَحْيَى بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ، أَنَّهَا امْرَأَةٌ سَأَلَتْ عَنْ أُمِّهَا

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بنوخثعم قبیلے کی ایک عورت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک میرے باپ پر حج فرض ہو گیا ہے لیکن وہ بوڑھے آدمی ہیں، صحیح طریقے سے سواری پر نہیں بیٹھ سکتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے باپ کی طرف سے حج کر۔ حضرت معمر فرماتے ہیں: اور حضرت یحییٰ بن ابواسحاق حدیث بیان کرتے ہیں کہ حضرت سلیمان بن یسار نے سنا کہ اس عورت نے اپنی ماں کے بارے سوال کیا۔

6703- الحديث سبق برقم: 6696 فراجعه .

6704- الحديث سبق برقم: 6697 فراجعه .

6705- الحديث سبق برقم: 6686 فراجعه .

6706 - حَدَّثَنَا هَارُونُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: الصَّلَاةُ مَثْنَى مَثْنَى وَتَشَهُّدٌ مُسْتَقْبَلٌ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ، وَتَضَرُّعٌ وَتَخَشُّعٌ وَتَسَاكُنٌ، ثُمَّ تُقْنِعُ يَدَيْكَ يَقُولُ: تَرْفَعُهُمَا إِلَى رَبِّكَ مُسْتَقْبِلًا بِبُطُونِهِمَا وَجْهَكَ، وَتَقُولُ: يَا رَبِّ يَا رَبِّ مَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَهِيَ خِدَاجٌ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز دو دو رکعتیں ہیں ۔ ہر دو رکعتوں کے بعد التحیات خشوع وخضوع اور مسکینی کا اظہار کرو۔ پھر اپنے ہاتھوں کو پھیلاؤ اپنے رب کے سامنے دونوں کو بلند کرو، سامنے کر کے ان کے اندر والے حصہ کو اپنے چہرے کے سامنے کرو اور عرض کرو اے رب، اے رب جو ایسا نہیں کرے گا وہ نقصان میں ہے۔

مُسْنَدُ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمَا

مسند حضرت سیدہ طیبہ جناب فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم

6707 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعًا بِالْمَدِينَةِ لَمْ يَحُجَّ، ثُمَّ أَذَّنَ فِي النَّاسِ بِالْخُرُوجِ، فَلَمَّا جَاءَ ذَا الْحُلَيْفَةِ صَلَّى بِذِي الْحُلَيْفَةِ، فَوَلَدَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي بَكْرٍ، وَأَرْسَلَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اغْتَسِلِي وَاسْتَثْفِرِي بِالثَّوْبِ وَأَهِلِّي . قَالَ: فَفَعَلَتْ فَلَمَّا اطْمَأَنَّ صَدْرُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نو سال مدینہ شریف میں مقیم رہے' اس دوران کوئی حج نہیں کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں میں اپنے تشریف لے جانے کا اعلان کروا دیا۔ پس جب مقامِ ذوالحلیفہ آیا تو ذوالحلیفہ کے مقام ذوالحلیفہ آیا تو ذوالحلیفہ کے مقام پر نماز ادا فرمائی۔ پس حضرت اسماء بنت عمیس نے محمد بن ابی بکر کو جنم دیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیغام بھیجا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غسل کرلو کپڑا لپیٹ کر' احرام باندھ لو۔ راوی کا بیان ہے: پس انہوں نے ایسا ہی کیا۔

6706- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 211 رقم الحديث: 1799 .

6707- أخرجه مسلم جلد 1 صفحه 400,294 من طرق عن جعفر' عن أبيه عن جابر به .

رَاحِلَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ظَهْرِ الْبَيْدَاءِ أَهَلَّ، وَأَهْلَلْنَا مَعَهُ لَا نَعْرِفُ إِلَّا الْحَجَّ وَلَهُ خَرَجْنَا، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا، وَالْقُرْآنُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ وَهُوَ يَعْرِفُ تَأْوِيلَهُ، وَإِنَّمَا يَفْعَلُ مَا أُمِرَ بِهِ . قَالَ جَابِرٌ: فَنَظَرْتُ بَيْنَ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي، وَعَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي مُدَّ بَصَرِي، وَالنَّاسُ مُشَاةٌ وَالرُّكْبَانُ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي يَقُولُ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ . فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ بَدَأَ فَاسْتَلَمَ الرُّكْنَ، فَسَعَى ثَلَاثَةَ أَطْوَافٍ، وَمَشَى أَرْبَعًا، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ طَوَافِهِ وَانْطَلَقَ إِلَى الْمَقَامِ فَقَالَ: قَالَ اللّٰهُ: (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى) (البقرة:125) صَلَّى خَلْفَ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ رَكْعَتَيْنِ . قَالَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ: قَالَ أَبِي: كَانَ يُقْرَأُ فِيهِمَا بِالتَّوْحِيدِ: قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ قَالَ: وَلَمْ يُذْكَرْ ذَلِكَ عَنْ جَابِرٍ . قَالَ جَابِرٌ: ثُمَّ انْطَلَقَ إِلَى الرُّكْنِ فَاسْتَلَمَهُ، ثُمَّ انْطَلَقَ إِلَى الصَّفَا فَقَالَ: نَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهِ (إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ) (البقرة: 158) فَرَقِيَ عَلَى الصَّفَا، حَتَّى بَدَا لَهُ الْبَيْتُ، وَكَبَّرَ ثَلَاثًا، وَقَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ثَلَاثًا، وَدَعَا

پس جب آپ کی سواری وادیٔ بیداء پہنچی تو آپ ﷺ نے احرام باندھا' ہم نے بھی آپ ﷺ کے ساتھ احرام باندھا' ہم اسے حج ہی جان رہے تھے اور حج کیلئے ہی ہم نکلے تھے جبکہ رسول کریم ﷺ ہمارے درمیان تھے' آپ ﷺ پر قرآن نازل ہوا کرتا تھا اور اس کی تفسیر آپ ﷺ خوب جانتے تھے۔ آپ ﷺ بس وہی کام کرتے جس کا آپ ﷺ کو حکم دیا جاتا تھا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس میں نے اپنے سامنے پیچھے' دائیں اور بائیں اپنی نگاہ دوڑائی۔ لوگ پیدل بھی تھے اور اونٹوں پر بھی تھے۔ پس رسول کریم ﷺ نے تلبیہ کہنا شروع کیا: لبیک اللّٰھم لبیک الٰی آخرہ۔ پس جب ہم مکہ آئے تو آپ ﷺ نے حج کرنا شروع کیا' حجرِ اسود کو بوسہ دیا' تین چکر دوڑ کر اور چار چکر چل کر طواف کیا۔ پس جب اپنے طواف سے فارغ ہوئے اور مقامِ ابراہیم کی طرف گئے تو فرمایا: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ''مقامِ ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بنالو'' مقامِ ابراہیم کے پیچھے دو رکعت ادا فرمائیں۔ حضرت جعفر فرماتے ہیں: میرے باپ نے کہا: ان دو رکعتوں میں آپ ﷺ توحید کی قرأت کر رہے تھے۔ سورۂ کافرون اور سورۂ اخلاص۔ ایک راوی کا بیان ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت میں یہ مذکور نہیں ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پھر آپ ﷺ حجرِ اسود کی طرف گئے' اسے بوسہ دیا۔ پھر صفا پر گئے' فرمایا: ہم شروع کرتے ہیں اسی سے جس سے اللہ نے شروع فرمایا: ''بے شک صفا و مروہ اللہ کی نشانیاں

فِي ذَلِكَ ثُمَّ هَبَطَ مِنَ الصَّفَا فَمَشَى حَتَّى إِذَا تَصَوَّبَتْ قَدَمَاهُ فِي بَطْنِ الْمَسِيلِ صَلَّى، حَتَّى إِذَا صَعِدتْ قَدَمَاهُ فِي بَطْنِ الْمَسِيلِ مَشَى إِلَى الْمَرْوَةِ فَرَقِيَ إِلَى الْمَرْوَةِ، حَتَّى بَدَا لَهُ الْبَيْتُ، فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ عَلَى الصَّفَا، فَطَافَ سَبْعًا، فَقَالَ: مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ الْهَدْيُ فَلْيُحْلِلْ، وَمَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَلْيَقُمْ عَلَى إِحْرَامِهِ، فَإِنِّي لَوْلَا أَنَّ مَعِيَ هَدْيًا لَأَحْلَلْتُ، وَلَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَأَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ ۔ قَالَ: وَقَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِأَيِّ شَيْءٍ أَهْلَلْتَ يَا عَلِيُّ؟ ۔ قَالَ: قُلْتُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُهِلُّ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رَسُولُكَ ۔ قَالَ: فَإِنَّ مَعِيَ هَدْيًا فَلَا تَحِلَّ ۔ قَالَ عَلِيٌّ: فَدَخَلْتُ عَلَى فَاطِمَةَ وَقَدِ اكْتَحَلَتْ، وَلَبِسَتْ ثِيَابًا صَبِيغًا، فَقُلْتُ: مَنْ أَمَرَكِ بِهَذَا؟ قَالَتْ: أَبِي أَمَرَنِي ۔ قَالَ: فَكَانَ عَلِيٌّ يَقُولُ بِالْعِرَاقِ: فَانْطَلَقْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحَرِّشًا عَلَى فَاطِمَةَ مُسْتَثْبِتًا فِي الَّذِي قَالَتْ، فَقَالَ: صَدَقَتْ، أَنَا أَمَرْتُهَا قَالَ: وَنَحَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةَ بَدَنَةٍ مِنْ ذَلِكَ، بِيَدِهِ ثَلَاثًا وَسِتِّينَ بَدَنَةٍ، وَنَحَرَ عَلِيٌّ مَا غَبَرَ، ثُمَّ أَخَذَ مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ قِطْعَةً فَطُبِخُوا جَمِيعًا، فَأَكَلَا مِنَ اللَّحْمِ وَشَرِبَا مِنَ الْمَرَقِ، قَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلِعَامِنَا هَذَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: بَلْ لِلْأَبَدِ، دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ وَشَبَّكَ

سے ہیں''۔ پس آپ صفا پہ چڑھے حتیٰ کہ بیت اللہ شریف آپ کے سامنے تھا۔ آپ ﷺ نے تین بار اللہ اکبر کہا اور پڑھا: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے' اس کا کوئی شریک نہیں' اسی کیلئے حمد ہے' وہ زندہ کرتا اور مارتا ہے' اسی کے ہاتھ میں خیر ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے' تین بار اور اس میں دعا کی' پھر صفا سے اُترے' پس چلے حتیٰ کہ جب آپ کے پاؤں مبارک وادئ مسیل کے درمیان ہوئے تو آپ ﷺ نے نماز پڑھی حتیٰ کہ جب آپ ﷺ کے مبارک پاؤں بطن مسیل میں بلند ہوئے تو آپ مروہ کی طرف چلے' مروہ پہاڑی پر چڑھے یہاں تک کہ بیت اللہ آپ ﷺ کے سامنے ہو گیا۔ وہاں بھی وہی دعائیں کیں جو صفا پر کی تھیں' پس آپ ﷺ نے سات چکر لگائے' اس کے بعد فرمایا: جس کے پاس قربانی نہیں وہ احرام کھول لے اور جس کے پاس قربانی ہو وہ احرام باندھے رکھے کیونکہ اگر میرے پاس بھی قربانی کا جانور نہ ہوتا تو میں بھی احرام کھول دیتا اور میں اگر اپنا کام کرنے کے لیے آگے قدم اُٹھاتا ہوں تو پھر پیچھے نہیں کرتا' میں نے عمرہ کا احرام باندھا۔ راوی کہتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے آئے' پس نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: آپ نے کس چیز کا احرام باندھا؟ اے علی! اُنہوں نے کہا: میں کہتا ہوں: اے اللہ! میں اس چیز کا احرام باندھتا ہوں جس کا تیرے رسول نے باندھا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیونکہ میرے پاس بھی قربانی کا جانور ہے' اس لیے آپ احرام نہ کھولیں۔

بَيْنَ أَصَابِعِهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں حضرت فاطمہ کے پاس آیا جبکہ اُنہوں نے سرمہ ڈال رکھا تھا اور رنگدار کپڑے پہن رکھے تھے' پس میں نے ان سے کہا: آپ کو اس کا حکم کس نے دیا ہے؟ انہوں نے کہا: میرے والد گرامی نے مجھے حکم دیا ہے۔ راوی کا بیان ہے: حضرت علی رضی اللہ عنہ جب عراق میں تھے تو کہا کرتے تھے: پس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا جبکہ میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا پر ناراض تھا۔ جو بات اُنہوں نے کی' اس کے بارے سوچ رہا تھا۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فاطمہ نے سچ کہا ہے' میں نے اسے حکم دیا تھا! راوی کا بیان ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سو اونٹ ذبح (نحر) کیے' تریسٹھ اپنے ہاتھ کے ساتھ اور باقی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ذبح کیے' پھر ہر قربانی سے ایک ٹکڑا گوشت لیا' پس سب کو ملا کر پکایا گیا' دونوں حضرات نے گوشت کھایا اور شوربہ پیا۔ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا اس سال یا ہر سال؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ ہر سال کیلئے عمرہ حج میں داخل ہو گیا ہے اور اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل فرمایا۔

6708 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سیدہ فاطمہ بنتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے گھر میں عرق کھایا۔ اس کے بعد حضرت بلال رضی اللہ عنہ آئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کی اطلاع دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے تا کہ نماز پڑھیں۔ میں

6708- الحديث في المقصد العلى برقم: 155 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 253 .

أَكَلَ فِي بَيْتِهَا عِرْقًا فَجَاءَهُ بِلَالٌ فَآذَنَهُ بِالصَّلَاةِ، فَقَامَ لِيُصَلِّيَ، فَأَخَذْتُ بِثَوْبِهِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَةِ، أَلَا تَوَضَّأُ؟ قَالَ: مِمَّ أَتَوَضَّأُ، أَيْ بُنَيَّةُ . فَقُلْتُ: مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ . فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَلَيْسَ أَطْهَرُ طَعَامِكُمْ مَا مَسَّتْهُ النَّارُ؟

نے آپ ﷺ کے کپڑوں سے پکڑا، میں نے عرض کی: اے ابو جان! کیا آپ ﷺ وضو نہیں کریں گے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: چھوڑ دو! اے میری بیٹی! میں کیوں وضو کروں؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے آگ سے پکی ہوئی چیز کھائی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارا کھانا پاک نہیں تھا جس کو آگ پر پکایا ہے؟

6709 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ شَيْبَةَ بْنِ نَعَامَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ فَاطِمَةَ الْكُبْرَى، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ بَنِي أُمٍّ عَصَبَةٌ يَنْتَمُونَ إِلَيْهِ، إِلَّا وَلَدَ فَاطِمَةَ فَأَنَا وَلِيُّهُمْ وَأَنَا عَصَبَتُهُمْ

حضرت سیدہ فاطمہ بنتِ محمد ﷺ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر ماں کے بیٹوں کا عصبہ ہے' جس کی طرف وہ منسوب ہوتے ہیں، مگر فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد کا ولی میں ہوں اور میں ہی اُن کا عصبہ ہوں۔

6710 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ قَالَ: قَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ مَكَثَ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ أَرْبَعِينَ سَنَةً

نبی کریم ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: بے شک حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام قومِ بنی اسرائیل میں چالیس سال ٹھہرے۔

6711 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے پاس آئیں۔ آپ ﷺ نے ان کے ساتھ کوئی راز کی بات فرمائی۔ آپ رضی اللہ عنہا رو

6709- الحديث في المقصد العلي برقم: **1370** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**172** .

6710- الحديث في المقصد العلي برقم: **1234** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**206** .

6711- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **3893,3873** قال: حدثنا محمد بن بشار .

هَاشِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: جَاءَتْ فَاطِمَةُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَارَّهَا بِشَيْءٍ فَبَكَتْ، ثُمَّ سَارَّهَا بِشَيْءٍ فَضَحِكَتْ، فَسَأَلْتُهَا عَنْهُ، فَقَالَتْ: أَخْبَرَنِي أَنَّهُ مَقْبُوضٌ فِي هَذِهِ السَّنَةِ، فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: مَا يَسُرُّكِ أَنْ تَكُونِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ إِلَّا فُلَانَةَ؟ فَضَحِكْتُ.

پڑیں۔ پھر کوئی راز کی بات فرمائی، آپ رضی اللہ عنہا ہنس پڑیں۔ میں نے اس کے متعلق پوچھا۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا تھا کہ میں نے اس سال دنیا سے چلے جانا ہے، میں رو پڑی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تجھے پسند نہیں ہے کہ تو جنت کی عورتوں کی سردار ہو؟ تو میں مسکرا پڑی۔

6712 - حَدَّثَنَا ابْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، نَحْوَهُ

حضرت مسروق سے روایت ہے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

6713 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: أَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ تَمْشِي كَأَنَّ مَشْيَهَا مِشْيَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِابْنَتِي، وَأَجْلَسَهَا عَنْ يَمِينِهِ أَوْ عَنْ يَسَارِهِ، وَأَسَرَّ إِلَيْهَا حَدِيثًا فَبَكَتْ، ثُمَّ أَسَرَّ إِلَيْهَا حَدِيثًا فَضَحِكَتْ، فَقُلْتُ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ حُزْنًا أَقْرَبَ مِنْ فَرَحٍ أَيُّ شَيْءٍ أَسَرَّ إِلَيْكِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ: مَا كُنْتُ لِأُفْشِيَ سِرَّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قُبِضَ سَأَلْتُهَا، فَقَالَتْ: قَالَ: إِنَّ جِبْرِيلَ كَانَ يَأْتِينِي فَيُعَارِضُنِي الْقُرْآنَ مَرَّةً، وَإِنَّهُ أَتَانِي الْعَامَ فَعَارَضَنِي بِهِ مَرَّتَيْنِ، وَلَا أَرَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا چلتی ہوئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں' ان کی چال گویا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چال تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خوش آمدید میری بیٹی کو! ان کو اپنے دائیں یا بائیں طرف بٹھایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ کوئی راز کی بات فرمائی۔ آپ رضی اللہ عنہا رو پڑیں۔ پھر کوئی راز کی بات فرمائی، آپ رضی اللہ عنہا ہنس پڑیں۔ میں نے کہا: میں نے آج کی طرح کوئی غم نہیں دیکھا جو خوشی کے اتنا زیادہ قریب ہو۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے کون سی چیز راز میں کہی؟ انہوں نے کہا: میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا راز فاش نہ کروں گی۔ پس جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو میں نے اس کے متعلق پوچھا۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ حضرت جبریل علیہ السلام ہر سال میرے پاس آتے تو

6712- راجع التخريج السابق .

6713- الحديث سبق برقم: **6712,6711** فراجعه .

أَجَلِي إِلَّا قَدْ حَضَرَ، وَنِعْمَ السَّلَفُ أَنَا لَكِ، وَإِنَّكِ أَوَّلُ أَهْلِ بَيْتِي لُحُوقًا بِي . فَبَكَيْتُ لِذَلِكَ، فَقَالَ: أَمَا تَرْضَيْنَ أَنْ تَكُونِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ - أَوْ نِسَاءِ هَذِهِ الْأُمَّةِ - ؟ قَالَتْ: فَضَحِكْتُ

مجھ سے ایک مرتبہ قرآن کا دور کرتے' پس اس سال آ کر اُنہوں نے دو بار دور کیا ہے' میرا خیال ہے کہ میں نے اس سال دنیا سے چلے جانا ہے اور تمہارے لیے میں آگے جانے والوں میں کیسا بہترین ہوں اور میرے اہل بیت میں سے تُو سب سے پہلے مجھے آ کر لے گی۔ تو میں رو پڑی۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تجھے پسند نہیں ہے کہ تو جنت کی عورتوں کی سردار ہو؟ تو میں مسکرا پڑی۔

6714 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَبَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَلَمَّا فَرَغَ انْصَرَفَ وَوَقَفَ وَسْطَ الطَّرِيقِ، فَإِذَا نَحْنُ بِامْرَأَةٍ مُقْبِلَةٍ لَا نَظُنُّ أَنَّهُ عَرَفَهَا . فَلَمَّا دَنَتْ، إِذَا هِيَ فَاطِمَةُ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا فَاطِمَةُ، مَا أَخْرَجَكِ مِنْ بَيْتِكِ؟ . قَالَتْ: أَتَيْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَهْلَ هَذَا الْبَيْتِ فَرَحِمْتُ إِلَيْهِمْ مَيِّتَهُمْ - أَوْ عَزَّيْتُهُمْ لَا أَحْفَظُ أَيَّ ذَلِكَ قَالَتْ - قَالَ رَبِيعَةُ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَلَّكِ بَلَّغْتِ مَعَهُمُ الْكُدَى؟ . قَالَتْ: مَعَاذَ اللَّهِ وَقَدْ سَمِعْتُكَ تَذْكُرُ فِيهَا مَا تَذْكُرُ قَالَ: لَوْ بَلَغْتِ الْكُدَى مَا رَأَيْتِ الْجَنَّةَ حَتَّى يَرَاهَا جَدُّكِ أَبُو أُمِّكِ، أَوْ أَبُو أَبِيكِ ، شَكَّ أَبُو يَحْيَى . فَسَأَلْتُ رَبِيعَةَ عَنِ الْكُدَى، فَقَالَ: أَحْسَبُهَا

حضرت عبداللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ ایک دن ہم نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ کسی کو قبر میں اتارا' پس جب آپ ﷺ فارغ ہوئے' واپس لوٹنے لگے تو راستے میں کھڑے ہو گئے۔ پس ہماری نظر پڑی تو ایک عورت تھی جو اپنے کام کی طرف متوجہ تھی' ہم گمان نہیں کرتے کہ آپ ﷺ نے ان کو پہچانا ہو' پس جب وہ قریب ہوئیں تو فاطمہ بنت رسول ﷺ تھیں۔ پس رسول کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: اے فاطمہ! اپنے گھر سے کسی کام کو نکلی ہو؟ آپ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس گھر والوں کیلئے' ان کی فوتیدگی کی وجہ سے ان کیلئے میرے دل میں ہمدردی پیدا ہوئی ہے' یا آپ نے یہ قول کیا کہ میں ان کی دل جوئی کروں گی۔ راوی کو یاد نہ رہا کہ آپ نے ان دو میں سے کون سا لفظ کہا۔ حضرت ربیعہ کہتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: شاید تُو ان کے ساتھ قبروں تک گئی؟ آپ نے عرض کی: اللہ کی پناہ! جبکہ میں آپ سے سن چکی ہوں اس کے بارے

6714- أخرجه أبو داؤد جلد3صفحه160 . والنسائي برقم 18.

الْمَقَابِرَ - قَالَ: فَلَمَّا رَأَيْتُ رَبِيعَةَ شَكَّ لَقِيتُ يَزِيدَ بْنَ أَبِي حَبِيبٍ، فَأَخْبَرْتُهُ بِحَدِيثِ رَبِيعَةَ وَسَأَلْتُهُ الْكُدَى، فَقَالَ: هِيَ الْمَقَابِرُ

ذکر کرتے ہوئے جو آپ ذکر کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر (بے صبری سے) قبروں تک پہنچ جاتی تو تجھے جنگ دیکھنا نصیب نہ ہوتا حتیٰ کہ تیرا نانا اسے دیکھے' یا دادا فرمایا۔ ابویحییٰ کو اس میں شک ہے۔ پس میں نے ربیعہ سے کدیٰ کے بارے پوچھا' پس اُنہوں نے جواب دیا: میرا گمان ہے کہ اس سے مراد قبریں ہیں۔ فرمایا: پس جب میں نے ربیعہ کو دیکھا' اس نے شک کیا تو میں یزید بن ابوحبیب سے ملا اور میں نے ان سے کدیٰ کے بارے سوال کیا' پس اُنہوں نے فرمایا: قبریں۔

قَالَ يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ: وَحَضَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَنَازَةَ رَجُلٍ، فَلَمَّا وُضِعَتْ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا أَبْصَرَ امْرَأَةً، فَسَأَلَ عَنْهَا، فَقِيلَ لَهُ: هِيَ أُخْتُ الْمَيِّتِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهَا: ارْجِعِي وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهَا حَتَّى تَوَارَتْ، قَالَ يَزِيدُ: وَقَدْ حَضَرَتْ أُمُّ سَلَمَةَ أَبَا سَلَمَةَ

حضرت یزید بن ابوحبیب فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ ایک آدمی کے جنازہ کیلئے تشریف لائے' پس جب جنازہ رکھ دیا گیا تاکہ آپ اس پر نماز پڑھیں تو آپ نے ایک عورت کو دیکھا' آپ نے اس کے بارے سوال کیا تو عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! وہ میت کی بہن ہے۔ تو آپ نے اس سے فرمایا: واپس لوٹ جاؤ اور آپ نے اس وقت تک اس پر نماز نہ پڑھائی جب تک وہ آنکھوں سے اوجھل نہیں ہوگئی۔ حضرت یزید کا قول ہے: حضرت اُم سلمہ' ابوسلمہ کی میت کے پاس آئی تھیں۔

6715 - حَدَّثَنَا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ وَسِيمٍ الْجَمَّالُ، أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّهِ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيهَا

حضرت سیدہ فاطمہ بنتِ محمد ﷺ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ آدمی اپنے آپ ہی کو ملامت کرے جس نے رات گزاری اس حال میں کہ اس کے

6715- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 3296 قال: حدثنا جبارة بن المغلس .

حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أُمِّهِ فَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَلُومَنَّ امْرُؤٌ إِلَّا نَفْسَهُ بَاتَ وَفِي يَدِهِ رِيحُ غَمَرٍ

ہاتھ میں زعفران کی خوشبو تھی۔

6716 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ أَبِي الْجَحَّافِ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَوْفٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْهَاشِمِيِّ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ عَلِيٍّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ، قَالَتْ: نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَلِيٍّ فَقَالَ: هَذَا فِي الْجَنَّةِ، وَإِنَّ مِنْ شِيعَتِهِ قَوْمًا يَعْلَمُونَ الْإِسْلَامَ، ثُمَّ يَرْفُضُونَهُ، لَهُمْ نَبَزٌ يُسَمَّوْنَ الرَّافِضَةَ مَنْ لَقِيَهُمْ فَلْيَقْتُلْهُمْ فَإِنَّهُمْ مُشْرِكُونَ

حضرت سیدہ فاطمہ بنتِ محمد ﷺ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا اور فرمایا: یہ جنتی ہے۔ ان کے شیعہ اسلام کو جانتے تو ہیں پھر وہ انکار کرتے ہیں اس کو۔ ان کو تیز کہتے ہیں نام رکھتے ہیں رافضی۔ جو اُن سے ملے اس کو چاہیے کہ وہ اُن کو قتل کرے کیونکہ وہ مشرک ہیں۔

6717 - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ سَالِمٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، أَنَّهُ دَخَلَ الْمُتَوَضَّأَ فَأَصَابَ لُقْمَةً - أَوْ قَالَ: كِسْرَةً - فِي مَجْرَى الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ، فَأَخَذَهَا، فَأَمَاطَ عَنْهَا الْأَذَى فَغَسَلَهَا غَسْلًا نِعِمًّا، ثُمَّ دَفَعَهَا إِلَى غُلَامِهِ فَقَالَ: يَا غُلَامُ، ذَكِّرْنِي بِهَا إِذَا تَوَضَّأْتُ، فَلَمَّا تَوَضَّأَ قَالَ لِلْغُلَامِ: يَا غُلَامُ، نَاوِلْنِي اللُّقْمَةَ - أَوْ قَالَ: الْكِسْرَةَ - فَقَالَ: يَا مَوْلَايَ أَكَلْتُهَا قَالَ: فَاذْهَبْ فَأَنْتَ حُرٌّ لِوَجْهِ اللّٰهِ قَالَ: فَقَالَ لَهُ الْغُلَامُ: يَا مَوْلَايَ، لِأَيِّ شَيْءٍ أَعْتَقْتَنِي؟ قَالَ: لِأَنِّي سَمِعْتُ مِنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ تَذْكُرُ عَنْ أَبِيهَا رَسُولِ

حضرت مولا حسن بن علی رضی اللہ عنہ وضو کی جگہ داخل ہوئے، آپ رضی اللہ عنہ کو ایک روٹی کا ٹکڑا بول اور پیشاب کی جگہ میں ملا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو پکڑا، آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو جھاڑا، اس کو اچھی طرح دھویا، پھر اپنے غلام کو دے دیا اور فرمایا: اے غلام! مجھے یاد کروانا اس کے متعلق جب میں وضو کرلوں۔ پس جب آپ نے وضو کرلیا تو غلام سے فرمایا: اے غلام! وہ لقمہ یا ٹکڑا مجھے دو! اس نے عرض کی: اے میرے آقا! میں نے اس کو کھا لیا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جا تجھے آزاد کر دیا ہے، اللہ کی رضا کے لیے۔ آپ رضی اللہ عنہ کے غلام نے آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی: اے میرے آقا! کس وجہ سے مجھے آپ رضی اللہ عنہ نے آزاد کیا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اپنی امی جان حضرت

6716- الحديث في المقصد العلي برقم 993 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه22 .

6717- الحديث في المقصد العلي برقم 731 أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه242 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَخَذَ لُقْمَةً أَوْ كِسْرَةً مِنْ مَجْرَى الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ، فَأَخَذَهَا فَأَمَاطَ عَنْهَا الْأَذَى وَغَسَلَهَا غَسْلًا نِعِمَّا ثُمَّ أَكَلَهَا لَمْ تَسْتَقِرَّ فِي بَطْنِهِ حَتَّى يُغْفَرَ لَهُ فَمَا كُنْتُ لِأَسْتَخْدِمَ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ.

فاطمہ رضی اللہ عنہا سے سنا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میرے ابو جان صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو کوئی لقمہ یا ٹکڑا بول یا پیشاب کی جگہ سے ملا، اس نے اُس کو پکڑا، اس سے مٹی وغیرہ جھاڑی، اس کو اچھی طرح دھویا، پھر اس کو کھالیا۔ اس کے پیٹ میں نہیں ٹھہرے گا یہاں تک کہ اس کو بخش دیا جائے گا۔ میں ایسے آدمی سے خدمت نہیں لینا چاہتا جو جنتی ہو۔

6718 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: أَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَهُوَ فِي بَنِي سَلِمَةَ، فَسَأَلْنَاهُ عَنْ حَجَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ، وَهُوَ عِنْدَنَا مَكْتُوبٌ فِي مُسْنَدِ جَابِرٍ

حضرت جعفر کے والد محمد فرماتے ہیں کہ ہم حضرت جابر بن عبداللہ کے پاس آئے اس حال میں کہ وہ قبیلہ بنوسلمہ میں موجود تھے ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حج کے بارے میں ان سے دریافت کیا اور انہوں نے اپنی لمبی حدیث ذکر کی اور وہ ہمارے پاس مسند جابر میں لکھی ہوئی ہے۔

6719 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جَمِيعٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ: جَاءَتْ فَاطِمَةُ إِلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَتْ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ أَنْتَ وَرِثْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْ أَهْلُهُ؟ قَالَ: بَلْ أَهْلُهُ، قَالَتْ: فَمَا بَالُ سَهْمِ رَسُولِ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا أَطْعَمَ اللّٰهُ نَبِيًّا طُعْمَةً ثُمَّ قَبَضَهُ، جَعَلَهُ لِلَّذِي يَقُومُ بَعْدَهُ فَرَأَيْتُ أَنْ أَرُدَّهُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ، فَقَالَتْ: أَنْتَ وَرَسُولُ اللّٰهِ أَعْلَمُ

حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئیں۔ فرمایا: اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ! آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وارث ہیں یا آپ کے اہلِ خانہ؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کے اہل خانہ وارث ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حصہ کا کیا کیا؟ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ اپنے نبی کو کھلاتا ہے، پھر اس کو اپنے پاس بلواتا ہے، اس کے بعد اس کی وراثت ہوتی ہے جو اس کے بعد اس کا خلیفہ ہوتا ہے۔ میری رائے ہے کہ

6718- الحديث سبق برقم 6707 فراجعه.

6719- أخرجه أبو داؤد جلد3صفحه105 . وأخرجه أحمد جلد1صفحه4 .

میں اس کو مسلمانوں پر لوٹا دوں۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ رضی اللہ عنہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ جانتے ہیں۔

6720 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، أَنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْتَمَعْنَ إِلَى فَاطِمَةَ، فَقُلْنَ لَهَا: ائْتِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقُولِي لَهُ: إِنَّ أَزْوَاجَكَ يَنْشُدْنَكَ الْعَدْلَ فِي بِنْتِ أَبِي قُحَافَةَ، فَأَتَتْهُ فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: أَمَا تُحِبِّينَ مَنْ أُحِبُّ؟ قَالَتْ: بَلَى قَالَ: فَإِنِّي أُحِبُّ هَذِهِ

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج پاک رضی اللہ عنہن، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس جمع ہوئیں۔ ان کو کہا: آپ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جائیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کریں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج قسم دے کر کہہ رہی ہیں کہ آپ ابوقحافہ کی بیٹی کے بارے عدل کریں۔ پس وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں' ذکر کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا جسے میں پسند کرتا ہوں' تو اسے پسند نہیں کرتی۔ انہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! بے شک میں اس کو پسند کرتی ہوں۔

6721 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللَّهِ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ قَالَ: بِسْمِ اللَّهِ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ. اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي، وَافْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَإِذَا خَرَجَ قَالَ: بِسْمِ اللَّهِ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ. اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي، وَافْتَحْ لِي أَبْوَابَ فَضْلِكَ

حضرت سیدہ فاطمہ بنتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں داخل ہوتے تو یہ دعا پڑھتے: بسم اللّٰه والسلام على رسول اللّٰه اللهم اغفرلی، ذنوبی وافتح لی یا رب رحمتك . جب مسجد سے نکلتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے: بسم اللّٰه والسلام على رسول الله الٰی آخرہ .

6722 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَهُ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان کی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا' ان سے

6720- أصله عند مسلم جلد2صفحه285 مطولًا .

6721- أخرجه أحمد جلد6صفحه282 قال: حدثنا اسماعيل بن ابراهيم .

6722- الحديث سبق برقم: 6713 فراجعه .

أَنَّ عَائِشَةَ، حَدَّثَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا بِنْتَهُ فَاطِمَةَ، فَسَارَّهَا فَبَكَتْ، ثُمَّ سَارَّهَا فَضَحِكَتْ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ لِفَاطِمَةَ: مَا هَذَا الَّذِي سَارَّكِ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَكَيْتِ، ثُمَّ سَارَّكِ فَضَحِكْتِ؟ قَالَتْ: سَارَّنِي فَأَخْبَرَنِي بِمَوْتِهِ، فَبَكَيْتُ، ثُمَّ سَارَّنِي فَأَخْبَرَنِي أَنِّي أَوَّلُ مَنْ يَتْبَعُهُ مِنْ أَهْلِهِ، فَضَحِكْتُ

سرگوشی کی، پس وہ رو پڑیں پھر ان کے کان میں کوئی بات کہی تو وہ ہنس پڑیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: وہ کیا بات تھی جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ رضی اللہ عنہا کے کان میں کہی کہ آپ رو پڑیں پھر آپ کے کان میں بات کی تو آپ ہنس پڑیں؟ فرمانے لگیں: پہلی بار سرگوشی کر کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے وصال کی خبر دی تو میں رو پڑی، پھر میرے کان میں بات کر کے مجھے خبر دی کہ میرے گھر والوں میں سے سب سے پہلے آپ مجھے ملیں گی، تو میں ہنس پڑی۔

6723 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَأَلَتْ فَاطِمَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَادِمًا، فَقَالَ: أَلَا أَدُلُّكِ عَلَى مَا هُوَ خَيْرٌ مِنْ ذَلِكَ؟ تُسَبِّحِينَ اللَّهَ، وَتُكَبِّرِينَ، وَتَحْمَدِينَ اللَّهَ إِذَا أَوَيْتِ إِلَى فِرَاشِكِ مِائَةَ مَرَّةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے خادم مانگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے میری لختِ جگر! کیا میں آپ رضی اللہ عنہا کو اس سے بہتر نہ بتاؤں؟ عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی تسبیح، اللہ کی بڑائی اور اللہ کی حمد کرو جب تو اپنے بستر پہ آئے سو مرتبہ پڑھ لیا کر۔

مُسْنَدُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ

مسندِ سیّدنا حضرت امام حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما

6724 - حَدَّثَنَا السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا سُكَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: لَمَّا قُتِلَ عَلِيٌّ قَامَ حُسْنُ بْنُ عَلِيٍّ خَطِيبًا، فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، وَاللَّهِ لَقَدْ قَتَلْتُمُ

حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے باپ اور دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جب مولا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے خطبہ دینے کے لیے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اللہ کی حمد بیان کی اور ثناء

6723- أصله في الصحيحين على علي رضى الله عنه.

6724- الحديث في المقصد العلي برقم: **1346**. وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**146**.

اللَّيْلَةَ رَجُلًا فِي لَيْلَةٍ نَزَلَ فِيهَا الْقُرْآنُ، وَفِيهَا رُفِعَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَفِيهَا قُتِلَ يُوشَعُ بْنُ نُونٍ فَتَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ،

بیان کی۔ فرمایا: حمد و ثناء کے بعد تم نے آج رات ایک آدمی کو قتل کیا ہے، ایسی رات جس میں قرآن کی آیتیں نازل ہوئیں، اس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اُٹھایا گیا' اسی میں یوشع بن نون حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خادم کو قتل کیا گیا۔

6725 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا سُكَيْنٌ قَالَ: وَحَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ خَالِدِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ مِثْلَ هَذَا وَزَادَ فِيهِ: وَفِيهَا تِيبَ عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ ـ وَقَالَ: وَاللَّهِ مَا سَبَقَهُ أَحَدٌ كَانَ قَبْلَهُ، وَلَا لَحِقَهُ أَحَدٌ كَانَ بَعْدَهُ، وَإِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَبْعَثُهُ فِي السَّرِيَّةِ وَجِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِهِ، وَاللَّهِ مَا تَرَكَ صَفْرَاءَ وَلَا بَيْضَاءَ إِلَّا ثَمَانَ مِائَةٍ، أَوْ سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ أَرْصَدَهَا لِخَادِمٍ يَشْتَرِيهَا

حضرت حسن بن علی اسی کی مثل روایت ہے اور اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: اور اس میں قوم بنی اسرائیل کی توبہ قبول ہوئی اور فرمایا: قسم بخدا! ان سے کسی نے سبقت نہیں لی جو ان سے پہلے ہوا ہے اور نہ ہی کوئی ان کو پیچھے سے جا کر پہنچ سکا جو ان کے بعد ہوا ہے اور اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو کسی سریہ میں بھیجا تو جبریل علیہ السلام ان کے دائیں طرف اور میکائیل ان کے بائیں طرف بائیں طرف رہے' بخدا! انہوں نے نہ کسی زرد رنگ کی چیز (درہم) کو چھوڑا نہ سفید کو مگر آٹھ سو یا نو سو درہم' وہ بھی انہوں نے اس خادم کی (دینار میں) قیمت ادا کرنے کیلئے چھوڑے جو آپ نے اپنی زندگی میں خریدا تھا۔

6726 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: سَمِعْتُ السَّعْدِيَّ يَقُولُ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ: مَا تَحْفَظُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَدْعُو فِي هَذَا الدُّعَاءِ: اللَّهُمَّ اهْدِنَا فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنَا فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنَا فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لَنَا فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ، إِنَّكَ تَقْضِي

حضرت سعدی فرماتے ہیں کہ میں نے امام حسن رضی اللہ عنہ سے عرض کی: آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ یاد نہیں کیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: "اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا الی آخرہ"۔

6725- الحديث سبق برقم: 6724 فراجعه .

6726- اخرجه أحمد جلد 1 صفحه 199 وابن خزيمة رقم الحديث: 1095 .

وَلا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

6727 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: حَدَّثَنِي حُسَيْنٌ الْأَشْقَرُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ سَوَّارٍ أَبِي إِدْرِيسَ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ نَجَبَةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَرْبُ خَدْعَةٌ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنگ دھوکہ ہے۔

6728 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَافِعٍ، أَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوا فِي بُيُوتِكُمْ، لَا تَتَّخِذُوهَا قُبُورًا، وَلَا تَتَّخِذُوا بَيْتِي عِيدًا، صَلُّوا عَلَيَّ وَسَلِّمُوا، فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ وَسَلَامَكُمْ يَبْلُغُنِي أَيْنَمَا كُنْتُمْ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے گھروں میں نفل نماز پڑھو، اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ۔ میرے گھر کو عید نہ بناؤ، مجھے پر درود و سلام بھیجو بے شک تمہارا درود اور سلام مجھے پہنچ جاتا ہے تم جہاں بھی پڑھتے ہو۔

6729 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْحَوْرَاءِ السَّعْدِيَّ قَالَ: سَأَلْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ: سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَجَدْتُ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ، فَأَلْقَيْتُهَا فِي فِيَّ، فَأَخَذَهَا رَسُولُ اللَّهِ

حضرت سعدی فرماتے ہیں کہ میں نے امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے پوچھا، آپ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے ایک صدقے کی کھجور پائی، میں نے اس کو اپنے منہ میں ڈالا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے منہ سے پکڑ لی۔ لعاب کے ساتھ ہی اس کو پھینک دیا۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! آپ نے

6727- الحديث في المقصد العلي برقم: **925** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**320** .

6728- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**247** وقال: رواه أبو يعلى .

6729- أخرجه أحمد جلد**1**صفحه**200** قال: حدثنا يحيى بن سعيد' عن شعبة .

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِيَّ بِلُعَابِهَا، فَأَلْقَاهَا فِي التَّمْرِ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لِمَ أَخَذْتَهَا؟ قَالَ: لِأَنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لِآلِ مُحَمَّدٍ، وَكَانَ يَقُولُ: دَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ، فَإِنَّ الصِّدْقَ طُمَأْنِينَةٌ، وَإِنَّ الْكَذِبَ رِيبَةٌ قَالَ: وَكَانَ يُعَلِّمُنَا هَذَا الدُّعَاءَ: اللَّهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَاكْفِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

کیوں پکڑی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ میری آل کے لیے حلال نہیں ہے۔ اور فرمایا کرتے تھے: چھوڑ دو، جو تجھے شک میں ڈالے اس کی طرف جو شک میں نہ ڈالے۔ بے شک سچ اطمینان ہے۔ جھوٹ شک ہے اور ہم کو یہ دعا سکھاتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ الٰی آخره''۔

6730 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ طَرِيفٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ مَأْمُونِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ: رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُحْفَةُ الصَّائِمِ الدُّهْنُ وَالْمِجْمَرُ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ دار کا تحفہ تیل اور مجمر ہے۔

6731 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي يَحْيَى قَالَ: كُنْتُ بَيْنَ الْحُسَيْنِ وَالْحَسَنِ، وَمَرْوَانَ يَتَشَاتَمَانِ فَجَعَلَ الْحَسَنُ يَكُفُّ الْحُسَيْنَ، فَقَالَ مَرْوَانُ: أَهْلُ بَيْتٍ مَلْعُونُونَ. فَغَضِبَ الْحَسَنُ، فَقَالَ: أَقُلْتَ: أَهْلُ بَيْتٍ مَلْعُونُونَ؟ فَوَاللَّهِ لَقَدْ لَعَنَكَ اللَّهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْتَ فِي صُلْبِ أَبِيكَ

حضرت ابو یحییٰ فرماتے ہیں کہ میں حسین اور حسن رضی اللہ عنہما کے درمیان تھا۔ اور مروان ان دونوں کو گالیاں دے رہا تھا۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو روکا۔ مروان کہنے لگا: اہلِ بیت (معاذ اللہ) ملعون ہیں۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو غصہ آیا' آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو یہ کیا بکواس کرتا ہے کہ اہلِ بیت ملعون ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تجھ پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے لعنت کی گئی ہے اس حالت میں کہ تو ابھی اپنے باپ کی پشت میں تھا۔

6730- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **801** قال: حدثنا أحمد بن منيع .

6731- الحديث في المقصد العلي برقم: **1793** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**240** .

6732 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: عَلَّمَنِي جَدِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ أَقُولُهُنَّ فِي قُنُوتِ الْوِتْرِ: اللّٰهُمَّ عَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَاهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، سُبْحَانَكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

حضرت سعدی فرماتے ہیں کہ میں نے امام حسن رضی اللہ عنہ سے عرض کی: آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ یاد نہیں کیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا الٰى آخرہ''۔

6733 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي يَحْيَى النَّخَعِيِّ، أَنَّ الْحَسَنَ، وَالْحُسَيْنَ مَرَّ بِهِمَا مَرْوَانُ فَقَالَ: لَهُمَا قَوْلًا قَبِيحًا، فَقَالَ الْحَسَنُ أَوِ الْحُسَيْنُ: وَاللّٰهِ، ثُمَّ وَاللّٰهِ، لَقَدْ لَعَنَكَ اللّٰهُ وَأَنْتَ فِي صُلْبِ الْحَكَمِ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَسَكَتَ مَرْوَانُ

حضرت ابویحییٰ نخعی سے روایت ہے کہ امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے پاس سے مروان گزرا' اس نے ان کے لیے کوئی بُری بات کی' پس حضرت امام حسن یا امام حسین رضی اللہ عنہما نے فرمایا: بخدا! پھر قسم بخدا! اللہ نے تجھ پر لعنت فرمائی ہے' اس حال میں کہ تُو اپنے باپ حکم کی پشت میں تھا' اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر۔ حضرت ابویحییٰ فرماتے ہیں: (یہ سن کر) مروان کی بولتی بند ہوگئی۔

6734 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْهُنَائِيُّ، حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ بْنُ أَبِي فَضَالَةَ، أَخْبَرَنَا الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ أَبِي مَرْيَمَ، رَضِيعِ الْجَارُودِ قَالَ: كُنْتُ بِالْكُوفَةِ فَقَامَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ خَطِيبًا، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، رَأَيْتُ الْبَارِحَةَ فِي مَنَامِي عَجَبًا رَأَيْتُ الرَّبَّ تَعَالَى فَوْقَ

حضرت ابومریم الجارود کے بارے فرماتے ہیں کہ میں کوفہ میں تھا۔ حضرت مولا حسن بن علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے خطبہ دینے کے لیے، فرمایا: اے لوگو! میں نے آج رات عجیب خواب دیکھا، میں نے رب کو دیکھا عرش کے اوپر۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے یہاں تک کہ آپ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے، عرش کے ستونوں کے پاس ابوبکر رضی اللہ عنہ

6732- الحديث سبق برقم: **6726** فراجعه .

6733- الحديث سبق برقم: **6731** فراجعه .

6734- الحديث في المقصد العلي برقم: **1313** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**60** .

عَرْشِهِ، فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى قَامَ عِنْدَ قَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ، فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى مَنْكِبِ رَسُولِ اللَّهِ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى مَنْكِبِ أَبِي بَكْرٍ، ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ فَكَانَ نُبْذَةً، فَقَالَ: رَبِّ سَلْ عِبَادَكَ فِيمَ قَتَلُونِي؟ قَالَ: فَانْثَعَبَ مِنَ السَّمَاءِ مِيزَابَانِ مِنْ دَمٍ فِي الْأَرْضِ قَالَ: فَقِيلَ لِعَلِيٍّ: أَلَا تَرَى مَا يُحَدِّثُ بِهِ الْحَسَنُ؟ قَالَ: يُحَدِّثُ بِمَا رَأَى

تشریف لائے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے دایاں ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھوں پر رکھا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے انہوں نے اپنا ہاتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے کندھوں پر رکھا۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ گویا پریشان تھے، عرض کی: اے رب! اپنے بندوں سے پوچھ کہ مجھے کیوں قتل کیا ہے؟ اللہ عزوجل نے آسمان اور دو پرنالے بہہ پڑے خون کے زمین میں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی، کیا آپ رضی اللہ عنہ دیکھتے نہیں کہ حسن رضی اللہ عنہ کیا بیان کر رہا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حسن رضی اللہ عنہ وہی بیان کر رہا جو اس نے دیکھا ہے۔

6735 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا جُمَيْعُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعِجْلِيُّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، أَوْ مُجَالِدٍ، عَنْ طُحْرُبٍ الْعِجْلِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: لَا أُقَاتِلُ بَعْدَ رُؤْيَا رَأَيْتُهَا، رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعًا يَدَهُ عَلَى الْعَرْشِ، وَرَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ وَاضِعًا يَدَهُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَأَيْتُ عُمَرَ وَاضِعًا يَدَهُ عَلَى أَبِي بَكْرٍ، وَرَأَيْتُ عُثْمَانَ وَاضِعًا يَدَهُ عَلَى عُمَرَ، وَرَأَيْتُ دِمَاءً دُونَهُمْ، فَقُلْتُ: مَا هَذِهِ الدِّمَاءُ؟ قِيلَ: دِمَاءُ عُثْمَانَ يَطْلُبُ اللَّهُ بِهِ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں کسی کو قتل نہیں کروں گا' بعد اس کے کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے' میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اس حال میں کہ آپ نے اپنا ہاتھ عرش پر رکھا ہوا ہے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر رکھا ہوا ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر رکھا ہے' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر رکھا ہوا ہے اور میں نے ان سب کے سامنے خون دیکھا' میں نے عرض کی: یہ کون کیا ہے؟ بتایا گیا؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا خون ہے' جس کے بدلے کا مطالبہ اللہ کر رہا ہے۔

6736 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَرِيزِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے ابو اعور سے کہا: تیرے لیے ہلاکت، کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ذکوان'

6735- الحديث سبق برقم: 6734 فراجعه .

6736- الحديث في المقصد العلي برقم: 1787 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 113 .

بْـنِ أَبِـى عَوْفٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، أَنَّهُ قَالَ لِأَبِى الْأَعْوَرِ: وَيْحَكَ أَلَمْ يَلْعَنْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِعْلًا وَذَكْوَانَ، وَعَمْرَو بْنَ سُفْيَانَ؟

رِعل اور عمرو بن سفیان پر لعنت نہیں فرمائی؟

6737 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ فَاطِمَةَ، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَكَتَبْنَاهُ فِي أَحَادِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ فِي الْإِمْلَاءِ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' فرمایا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل ہوئے' اور حدیث ذکر کی اور ہم نے اس کو لکھ دیا ہے' ابن نمیر کی احادیث میں املاء کراتے ہوئے۔

6738 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى بْنِ بِنْتِ السُّدِّيِّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ خُثَيْمٍ الْهِلَالِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ يَسَارٍ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ مَوْلَى بَنِي أُمَيَّةَ قَالَ: حَجَّ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ، وَحَجَّ مَعَهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ حُدَيْجٍ وَكَانَ مِنْ أَسَبِّ النَّاسِ لِعَلِيٍّ . قَالَ: فَمَرَّ فِي الْمَدِينَةِ وَحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَنَفَرٌ مِنْ أَصْحَابِهِ جَالِسٌ، فَقِيلَ لَهُ: هَذَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حُدَيْجٍ السَّابُّ لِعَلِيٍّ قَالَ: عَلَيَّ الرَّجُلَ قَالَ: فَأَتَاهُ رَسُولٌ فَقَالَ: أَجِبْهُ . قَالَ: مَنْ؟ قَالَ: الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يَدْعُوكَ . فَأَتَاهُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ: أَنْتَ مُعَاوِيَةُ بْنُ حُدَيْجٍ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: فَرَدَّ ذَلِكَ عَلَيْهِ . قَالَ: فَأَنْتَ السَّابُّ لِعَلِيٍّ؟ قَالَ: فَكَأَنَّهُ اسْتَحْيَا . فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ: أَمَا وَاللّٰهِ لَئِنْ وَرَدْتَ عَلَيْهِ الْحَوْضَ - وَمَا أَرَاكَ تَرِدُهُ - لَتَجِدَنَّهُ مُشَمِّرًا الْإِزَارَ عَلَى سَاقٍ يَذُودُ عَنْهُ رَايَاتِ الْمُنَافِقِينَ ذَوْدَ

حضرت علی بن ابی طلحہ بنواُمیہ کے غلام فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان نے حج کیا، آپ کے ساتھ معاویہ بن حدیج تھا۔ وہ ان لوگوں میں سے تھا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سب سے زیادہ گالیاں دیتے تھے۔ وہ مدینہ شریف میں گزرا۔ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ اور آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں کی جماعت بیٹھی ہوئی تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی، یہ معاویہ بن حُدیج ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس آدمی کو لے آؤ۔ آپ رضی اللہ عنہ کا بھیجا ہوا آدمی اس کے پاس گیا تو اُس نے کہا: ان کے پاس آجاؤ' اس نے پوچھا کون بلا رہا ہے؟ اس نے کہا: حسن بن علی رضی اللہ عنہ تم کو بلا رہے ہیں۔ وہ آیا، اس نے آپ رضی اللہ عنہ کو سلام کیا۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو معاویہ بن حدیج ہے؟ اس نے کہا، جی ہاں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا کہ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتا ہے؟ راوی کا بیان ہے:

6737- الحديث سبق برقم: 6708 فراجعه .

6738- أخرجه الطبراني برقم: 2758 عن علي بن اسحاق عن اسماعيل به .

غَرِيبَةِ الْإِبِلِ، قَوْلَ الصَّادِقِ الْمَصْدُوقِ (وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَى) (طه: 61)

گویا اسے حیاء سی آ گئی تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: بہرحال قسم بخدا! اگر تو اس پر حوص میں بھی داخل ہو جائے (اور میں تجھے داخل ہوتا نہ دیکھوں) تو تُو ضرور پائے گا' اسے اس حال میں کہ اس نے اپنی تہبند پنڈلی تک کی ہو گی' وہ منافقوں کے جھنڈوں کے اس طرح دفاع کر رہا ہو گا جیسے جنگل کے اونٹوں کا دفاع کیا جاتا ہے' سچے اور جس کو سچ مانا گیا ہے' اس کا قول پڑھ: ''وہ خائب وخاسر اور گھاٹا پانے والا ہوا جس نے جھوٹا بہتان باندھا''۔

مُسْنَدُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ

مسند سیدنا امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما

6739 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ حُمَيْدٍ الْكِنْدِيِّ، عَنْ سَعْدٍ الْإِسْكَافِ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَتَى جِبْرِيلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ مِنْ أَصْحَابِكَ ثَلَاثَةً فَأَحِبَّهُمْ: عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، وَأَبُو ذَرٍّ، وَالْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ . قَالَ: فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ فَقَالَ لَهُ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّ الْجَنَّةَ لَتَشْتَاقُ إِلَى ثَلَاثَةٍ مِنْ أَصْحَابِكَ، وَعِنْدَهُ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، فَرَجَا أَنْ يَكُونَ لِبَعْضِ الْأَنْصَارِ . قَالَ: فَأَرَادَ أَنْ يَسْأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے، عرض کی: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، بے شک اللہ عزوجل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے تین کو پسند کرتا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان سے محبت کریں۔ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ' ابوذر رضی اللہ عنہ اور مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جبرائیل علیہ السلام آئے اور عرض کی: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم بے شک جنت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تین صحابہ کی مشتاق ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ تھے۔ انہوں نے امید کی ہو سکتا ہے کہ بعض انصار کے لیے ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے سوال کرنے کا ارادہ کیا، آپ رضی اللہ عنہ ڈر گئے۔

6739- الحديث في المقصد العلي برقم: 1320 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه117 .

وَسَلَّمَ عَنْهُمْ، فَهَابَهُ، فَخَرَجَ فَلَقِيَ أَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ إِنِّي كُنْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آنِفًا، فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ، فَقَالَ: إِنَّ الْجَنَّةَ تَشْتَاقُ إِلَى ثَلَاثَةٍ مِنْ أَصْحَابِكَ، فَرَجَوْتُ أَنْ يَكُونَ لِبَعْضِ الْأَنْصَارِ، فَهِبْتُهُ أَنْ أَسْأَلَهُ، فَهَلْ لَكَ أَنْ تَدْخُلَ عَلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَسْأَلَهُ؟ فَقَالَ: إِنِّي أَخَافُ أَنْ أَسْأَلَهُ، فَلَا أَكُونُ مِنْهُمْ، وَيَشْمَتُ بِي قَوْمِي، ثُمَّ لَقِيَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ قَوْلِ أَبِي بَكْرٍ ۔ قَالَ: فَلَقِيَ عَلِيًّا فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: نَعَمْ، إِنْ كُنْتُ مِنْهُمْ فَأَحْمَدُ اللّٰهَ، وَإِنْ لَمْ أَكُنْ مِنْهُمْ فَحَمِدْتُ اللّٰهَ، فَدَخَلَ عَلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ أَنَسًا حَدَّثَنِي أَنَّهُ كَانَ عِنْدَكَ آنِفًا، وَإِنَّ جِبْرِيلَ أَتَاكَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّ الْجَنَّةَ لَتَشْتَاقُ إِلَى ثَلَاثَةٍ مِنْ أَصْحَابِكَ ۔ قَالَ: فَمَنْ هُمْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَنْتَ مِنْهُمْ يَا عَلِيُّ، وَعَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ، وَسَيَشْهَدُ مَعَكَ مَشَاهِدَ بَيِّنٌ فَضْلُهَا، عَظِيمٌ خَيْرُهَا، وَسَلْمَانُ وَهُوَ مِنَّا أَهْلَ الْبَيْتِ، وَهُوَ نَاصِحٌ، فَاتَّخِذْهُ لِنَفْسِكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ باہر نکلے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی۔ عرض کی، اے ابوبکر رضی اللہ عنہ میں ابھی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جبرائیل علیہ السلام آئے اور عرض کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تین صحابہ کی جنت مشتاق ہے۔ میں نے امید کی ہوسکتا ہے کہ بعض انصار کے لیے ہو، میں سوال کرنے سے ڈر گیا، آپ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جائیں اور اس کے متعلق پوچھیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سوال کرنے سے ڈرتا ہوں کہ ہوسکتا ہے میں اُن میں سے نہ ہوں میری قوم مجھے گالیاں دے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرح جواب دیا۔ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے، میں پوچھتا ہوں اگر میں ان میں سے ہوا تو اللہ کی حمد کروں گا اگر نہ ہوا تو تب بھی اللہ کی حمد کروں گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے مجھے بیان کیا ہے کہ ابھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے تھے انہوں نے عرض کی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم بے شک جنت آپ کے تین صحابہ کی مشتاق ہے۔ عرض کی اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم وہ کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو ان میں شامل ہے اے علی رضی اللہ عنہ وہ عمار بن یاسر عنقریب آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگوں میں حاضر ہو کر شہید ہو گا۔ ان کی فضیلت واضح اور ان کی خیر عظیم ہے۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ وہ ہماری اہل بیت میں سے ہیں وہ ناصح ہے

اس کو اپنی ذات کے لیے بنا لے۔

6740 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ: قُلْتُ لِعُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ: رَأَيْتَ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ؟ قَالَ: أَسْوَدَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ، إِلَّا شُعَيْرَاتٍ هَاهُنَا فِي مُقَدَّمِ لِحْيَتِهِ فَلَا أَدْرِي أَخْضَبَ وَتَرَكَ ذَلِكَ الْمَكَانَ تَشَبُّهًا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ لَمْ يَكُنْ شَابَ مِنْهُ غَيْرُ ذَلِكَ ـ قَالَ: وَرَأَيْتُ حَسَنًا - وَقَدْ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ - سَجَدَ بَيْنَ الْإِمَامِ وَبَيْنَ بَعْضِ النَّاسِ، فَقِيلَ لَهُ: اجْلِسْ ـ فَقَالَ: قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ

حضرت سفیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبیداللہ بن ابویزید سے کہا کہ میں نے امام حسین رضی اللہ عنہ کو دیکھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کے سر مبارک اور داڑھی مبارک کے بال سفید کالے تھے مگر داڑھی کے آگے سے چند بال سفید تھے۔ میں نہیں جانتا ہوں کہ آپ رضی اللہ عنہ نے خضاب لگایا تھا اور اس جگہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مشابہت کرتے ہوئے چھوڑ دیا تھا۔ یا اس کے علاوہ ان کے سفید ہی نہ ہوئے تھے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے امام حسن رضی اللہ عنہ کو دیکھا، (بے شک نماز کے لیے اقامت کہی گئی) امام رضی اللہ عنہ اور بعض لوگوں کے درمیان سجدہ کیا آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: بیٹھ جائیں، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک نماز کھڑی ہونے والی ہے۔

6741 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ أُمِّهِ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيهَا حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُدِيمُوا النَّظَرَ إِلَى الْمُجَذَّمِينَ، وَإِذَا كَلَّمْتُمُوهُمْ فَلْيَكُنْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ قِيدُ رُمْحٍ

حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جذام کی بیماری مسلسل نہ دیکھو، جب تم ان سے گفتگو کرو تمہارے اور ان کے درمیان ایک نیزہ کی مقدار فاصلہ ہونا چاہیے۔

حَدِيثُ رَجُلٍ غَيْرِ مُسَمًّى، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

6795 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النُّكْرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ سُرَيْجٍ قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ بَلْعَدَوِيَّةِ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي، قَالَ: انْطَلَقْتُ إِلَى الْمَدِينَةِ فَنَزَلْتُ عِنْدَ الْوَادِي فَإِذَا رَجُلَانِ بَيْنَهُمَا عَنْزٌ وَاحِدَةٌ، وَإِذَا الْمُشْتَرِي يَقُولُ لِلْبَائِعِ: أَحْسِنْ مُبَايَعَتِي . قَالَ: فَقُلْتُ فِي نَفْسِي هَذَا الْهَاشِمِيُّ الَّذِي أَضَلَّ النَّاسَ أَهُوَ هُوَ؟ قَالَ: فَنَظَرْتُ، فَإِذَا رَجُلٌ حَسَنُ الْجِسْمِ، عَظِيمُ الْجَبْهَةِ، دَقِيقُ الْأَنْفِ، دَقِيقُ الْحَاجِبَيْنِ، وَإِذَا مِنْ ثُغْرَةِ نَحْرِهِ إِلَى سُرَّتِهِ مِثْلُ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ شَعَرٌ أَسْوَدُ، وَإِذَا هُوَ بَيْنَ طِمْرَيْنِ . قَالَ: فَدَنَا مِنَّا فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ . فَرَدُّوا عَلَيْهِ، فَلَمْ أَلْبَثْ أَنْ دَعَا

ایک غیر معلوم کی روایت جو عن جدہ عن النبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں

حضرت حرب بن سریج فرماتے ہیں: مجھے بلعدویہ کے ایک آدمی نے حدیث سنائی' کہا: مجھے میرے دادا نے حدیث سنائی' فرماتے ہیں: میں مدینے کی طرف چلا' پس میں ایک وادی میں اُترا' پس وہاں دو آدمی تھے جن میں نر جانور تھا اور جبکہ مشتری' بائع کو کہتا تھا: میری بیع اچھی کرو۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے دل میں کہا: یہ ہاشمی جس نے لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے' کیا اس کی حقیقت یہ ہے؟ راوی کا بیان ہے: میں نے نظر اُٹھائی' اچانک دیکھا کہ ایک خوبصورت جسم والا آدمی ہے' بڑی پیشانی والا' باریک ناک والا اور باریک ابروؤں والا جبکہ اس کے سینے کے اوپر والی حد سے لے کر اس کی ناف تک کالے دھاگے کی مانند کالے بال ہیں' دو چادروں میں سجا ہوا

6795- الحديث فى المقصد العلى برقم: **657** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**74** .

الْمُشْتَرِى، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قُلْ لَهُ يُحْسِنْ مُبَايَعَتِى، فَمَدَّ يَدَهُ وَقَالَ: أَمْوَالَكُمْ تَمْلِكُونَ، إِنِّى أَرْجُو أَنْ أَلْقَى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يَطْلُبُنِى أَحَدٌ مِنْكُمْ بِشَيْءٍ ظَلَمْتُهُ فِى مَالٍ، وَلَا دَمٍ، وَلَا عِرْضٍ، إِلَّا بِحَقِّهِ ۔ رَحِمَ اللّٰهُ امْرَءًا سَهْلَ الْبَيْعِ، سَهْلَ الشِّرَاءِ، سَهْلَ الْأَخْذِ، سَهْلَ الْإِعْطَاءِ، سَهْلَ الْقَضَاءِ، سَهْلَ التَّقَاضِى ۔ ثُمَّ مَضَى، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَأَقُصَّنَّ هَذَا، فَإِنَّهُ حَسَنُ الْقَوْلِ فَتَبِعْتُهُ فَقُلْتُ: يَا مُحَمَّدُ فَالْتَفَتَ إِلَيَّ بِجَمِيعِهِ، فَقَالَ: مَا تَشَاءُ؟ فَقُلْتُ: أَنْتَ الَّذِى أَضْلَلْتَ النَّاسَ وَأَهْلَكْتَهُمْ وَصَدَدْتَهُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُهُمْ؟ قَالَ: ذَاكَ اللّٰهُ ۔ قُلْتُ: مَا تَدْعُو إِلَيْهِ؟ قَالَ: أَدْعُو عِبَادَ اللّٰهِ إِلَى اللّٰهِ ۔ قَالَ: مَا تَقُولُ؟ قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّى مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، وَتُؤْمِنُ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ، وَتَكْفُرُ بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى، وَتُقِيمُ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِى الزَّكَاةَ ۔ قَالَ: قُلْتُ: وَمَا الزَّكَاةُ؟ قَالَ: يَرُدُّ غَنِيُّنَا عَلَى فَقِيرِنَا ۔ قَالَ: قُلْتُ: نِعْمَ الشَّيْءُ تَدْعُو إِلَيْهِ قَالَ: فَلَقَدْ كَانَ وَمَا فِى الْأَرْضِ أَحَدٌ يَتَنَفَّسُ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْهُ، فَمَا بَرِحَ حَتَّى كَانَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ وَلَدِى، وَوَالِدِى، وَمِنَ النَّاسِ أَجْمَعِينَ قَالَ: فَقُلْتُ: قَدْ عَرَفْتُ ۔ قَالَ: قَدْ عَرَفْتَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: تَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّى مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، وَتُؤْمِنُ بِمَا أُنْزِلَ عَلَيَّ؟ ۔ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّى أَرِدُ مَاءً عَلَيْهِ كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ

ہے۔ راوی کہتا ہے: پس وہ ہمارے قریب ہوا اور السلام علیکم کہا۔ پس لوگوں نے اس کے سلام کا جواب دیا۔ پھر تھوڑی دیر گزری کہ اس مشتری نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس آدمی کو ارشاد فرمائیں کہ مجھ سے خوبصورت بیع کرے۔ پس اُنہوں نے ہاتھ بڑھا کر فرمایا: جن مالوں کے تم مالک ہو' مجھے اُمید ہے کہ میں قیامت کے دن اپنے رب سے اس حال میں ملوں کہ تم میں سے کوئی بھی مجھ سے مطالبہ نہ کرے کسی چیز کا کہ میں نے مال' خون یا کسی کی عزت میں ناحق کمی کی ہو' اللہ رحم فرمائے اس بندے پر جس کی بیع وشراء کا طریقہ آسان ہو' لین دین آسان ہو اور پورا کر کے دینے اور پورا کر کے لینے کا انداز آسان ہو۔ پھر وہ چلے تو میں نے کہا: قسم بخدا! میں اس کو ضرور پورا کروں گا کیونکہ ان کی بات بڑی خوبصورت ہے' میں تو اس کی بات مانوں گا' پس میں نے عرض کی: اے محمد! پس آپ ﷺ مکمل طور پر میری طرف متوجہ ہوئے۔ فرمایا: آپ کی منشاء کیا ہے؟ پس میں نے عرض کی: تُو نے لوگوں کو گمراہ کر دیا' انہیں ہلاک کر دیا اور آپ نے ان کو اس سے روکا' ان کے آباء و اجداد جس کی عبادت کرتے آ رہے تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''وہ اللہ ہے'' (جو عبادت کے لائق ہے)۔ میں نے کہا: آپ کس چیز کی طرف بلاتے ہیں؟ فرمایا: میں اللہ کے بندوں کو اللہ کی (عبادت کی) طرف بلاتا ہوں۔ اس نے کہا: تیرا قول وقرار کیا ہے؟ فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں محمد

فَأَدْعُوهُمْ إِلَى مَا دَعَوْتَنِي إِلَيْهِ فَإِنِّي أَرْجُو أَنْ يَتَّبِعُوكَ . قَالَ: نَعَمْ، فَادْعُهُمْ . فَأَسْلَمَ أَهْلُ ذَلِكَ الْمَاءِ رِجَالُهُمْ وَنِسَاؤُهُمْ فَمَسَحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ

اللہ کا رسول ہوں اور تُو ایمان لائے اس پر جو میرے اوپر اُترا ہے' لوت و عزیٰ کا انکار کرے' نماز قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے۔ کہتے ہیں کہ میں نے کہا: کتنی اچھی چیز ہے جس کی طرف آپ بلاتے ہیں۔ کہتے ہیں: (پہلے یہ تھا کہ) زمین میں سانس لینے والا کوئی بھی آپ سے زیادہ مجھے ناپسندیدہ نہ تھا' پس یہی سلسلہ رہا حتیٰ کہ (اب یہ ہے کہ) آپ مجھے میری اولاد' میری والدین اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب ہیں۔ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: میں نے پہچان لیا۔ فرمایا: تُو نے واقعی پہچانا؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: تُو گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں محمد اللہ کا رسول ہوں اور جو کچھ مجھ پہ نازل ہوا' اس پہ ایمان لاتا ہوں؟ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: جی ہاں! اے اللہ کے سچے رسول! بے شک میں ایسے پانی پر اترتا ہوں جس پر بہت زیادہ لوگ ہیں' پس آپ ان کو بھی وہی دعوت دیں جو مجھے دی ہے' کیونکہ مجھے اُمید ہے کہ وہ آپ کی پیروی کریں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! پس آپ نے ان کو دعوتِ اسلام دی' پس اس پانی والے سارے مرد عورتیں ایمان لائے۔ پس رسول کریم ﷺ نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔

حَدِيثُ مَالِكِ بْنِ هُبَيْرَةَ

مالک بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

6796 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت مالک بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ جب جنازہ پڑھنے

شِهَابٍ الْحَنَّاطُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ هُبَيْرَةَ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا تَبِعَ جَنَازَةً فَاسْتَقْبَلَ أَهْلَهَا، جَزَّأَهُمْ ثَلَاثَةَ صُفُوفٍ، ثُمَّ صَلَّى عَلَيْهَا، وَأَخْبَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا صَلَّى عَلَى مَيِّتٍ ثَلَاثَةُ صُفُوفٍ إِلَّا وَجَبَتْ

جاتے تھے تو جنازہ کی تین صفیں کرتے تھے۔ پھر اس پر نماز جنازہ پڑھتے تھے۔ بتاتے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس میت کے جنازہ کی تین صفیں ہوں اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

حَدِيثُ رَجُلٍ غَيْرِ مُسَمًّى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وہ حدیث جو ایک غیر معلوم صحابی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

6797 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ مَخْلَدِ بْنِ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ سَلْمَى بْنِ عَاصِمِ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ: حَدَّثَنِي بَعْضُ أَهْلِي أَنَّ جَدِّي، حَدَّثَهُمْ أَنَّهُ شَهِدَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ فِي خُطْبَتِهِ فَقَالَ: أَلَا إِنَّ أَمْوَالَكُمْ وَدِمَاءَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ هَذَا الْبَلَدِ فِي هَذَا الْيَوْمِ، أَلَا فَلَا يُعَرِّفَنَّكُمْ: تَرْجِعُونَ بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، أَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَإِنِّي لَا أَدْرِي هَلْ أَلْقَاكُمْ هَذَا أَبَدًا بَعْدَ الْيَوْمِ، اللَّهُمَّ اشْهَدْ عَلَيْهِمْ، اللَّهُمَّ بَلَّغْتُ

حضرت عاصم بن حکم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے حصے بعض اہل خانہ نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کے حجۃ الوداع والے خطبہ میں شریک تھے۔ آپ ﷺ نے خطبہ میں فرمایا کہ تمہارے اموال اور خون تم پر اس طرح حرام کیے گئے ہیں جس طرح یہ شہر اور یہ دن حرام کیے گئے ہیں۔ خبردار! تم اس بات میں شہرت نہ پانا کہ تم میرے بعد کافر ہو جاؤ، ایک دوسرے کو قتل کرو۔ خبردار حاضر غائب کو بتا دے۔ اے میں نہیں جانتا کہ کیا تم میں اس دن کے بعد ہمیشہ کے لیے ملوں گا۔ اے اللہ تو ان پر گواہ رہنا، اے اللہ میں نے پہنچا دیا۔

6798 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا

حضرت عاصم بن حکم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے بعض

6797- الحديث في المقصد العلي برقم: 706 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه172 .

أَبِي، حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ سَلْمَى بْنِ عَاصِمِ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ: حَدَّثَنِي بَعْضُ أَهْلِنَا أَنَّهُ سَمِعَ جَدِّي، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ: أَلَا إِنَّ اللّٰهَ نَظَرَ إِلَى هٰذَا الْجَمْعِ فَقَبِلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَشَفَّعَ مُحْسِنَهُمْ فِي مُسِيئِهِمْ، فَتَجَاوَزَ عَنْهُمْ جَمِيعًا

میرے اہل خانہ نے بتایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس دن خبردار بے شک اللہ عزوجل نظر رحمت فرماتا ہے اس مزدلفہ کے دن ان کی نیکیاں قبول کرتا ہے۔ اُن کی نیکیاں ان کے گناہوں کو مٹا دیتی ہیں۔ اللہ عزوجل نے ان تمام کو معافی عطا فرما دی۔

حَدِيثُ صُحَارٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن صحار رضی اللہ عنہ

6799 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ إِيَاسَ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ صُحَارٍ قَالَ: وَكَانَ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ .عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يُخْسَفَ بِقَبَائِلَ مِنْ بَنِي فُلَانٍ فَعَلِمْتُ أَنَّ بَنِي فُلَانٍ مِنَ الْعَرَبِ، وَأَنَّ الْعَجَمَ نُسِبَ إِلَى قُرَاهَا

حضرت عمار بن صحار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ بنی فلاں سے قبائل دھنسا دیئے جائیں گے، میں جانتا ہوں کہ بنی فلاں عرب سے ہیں اور بے شک عجمی منسوب ہیں اپنے دیہاتوں کی طرف۔

حَدِيثُ وَالِدِ حَجَّاجٍ

حجاج کے والد کی حدیث

6800 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ أَبُو الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ

حجاج بن حجاج اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ مجھ سے مذمت

6799- الحديث في المقصد العلي برقم: 1878 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه9 .

6800- أخرجه أبو داؤد جلد2صفحه183 من طريق أبي معاوية، وعبد الله بن ادريس .

عُـرْوَـةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَـالَ: قُـلْـتُ: يَـا رَسُولَ اللَّهِ، مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ قَالَ: غُرَّةٌ: عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ

رضاع کون سی چیز لے جائے گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک غلام یا لونڈی۔

حَدِيثُ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ

عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ کی حدیث

6801 - حَـدَّثَـنَـا الْـقَـوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الـرَّحْـمَـنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الـلّٰـهِ بْـنِ أَبِـي بَـكْـرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي الْبَدَّاحِ بْنِ عَـاصِـمِ بْـنِ عَـدِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى الـلّٰـهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلرِّعَاءِ فِي الْبَيْتُوتَةِ، عَنْ مِـنًـى يَـرْمُـونَ يَوْمَ النَّحْرِ وَيَرْمُونَ الْغَدَ وَبَعْدَ يَوْمِي الْغَدِ

حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میدان منیٰ میں رہتے ہوئے اونٹ کے چرواہوں کو اجازت دی کہ وہ قربانی کے دن رمی کر لیں اور صبح کریں اور دونوں کے بعد کر لیں۔

حَدِيثُ أَبِي سَعِيدِ بْنِ الْمُعَلَّى

ابو سعید بن المعلیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث

6802 - حَـدَّثَـنَـا عُبَيْـدُ الـلّٰـهِ بْـنُ عُـمَـرَ الْقَـوَارِيـرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَـالَ: حَـدَّثَنِي خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَفْصِ بْـنِ عَـاصِـمٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدِ بْنِ الْمُعَلَّى قَالَ: كُنْتُ أُصَلِّي فِي الْمَسْجِدِ، فَدَعَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ أُجِبْهُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ،

ابو سعید بن معلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا۔ مجھے حضور ﷺ نے بلوایا۔ میں نے آپ ﷺ کا جواب نہیں دیا۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ! میں نماز پڑھ رہا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اللہ پاک نے فرمایا نہیں ہے کہ ''اللہ اور اس کے رسول کے بلوانے پر حاضر ہو جاؤ''۔ پھر مجھے فرمایا: میں آپ رضی اللہ عنہ کو

6801- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **262** عن عبد الله بن أبي بكر .

6802- أخرجه البخاري جلد**2**صفحه**749,683,669,642** من طريق يحيى وغيره عن شعبة به .

إِنِّـي كُـنْـتُ أُصَلِّـي. قَـالَ: أَوَلَـمْ يَـقُـلِ الـلّٰـهُ: (اسْتَجِيبُوا لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ) (الأنفال: 24) ثُمَّ قَالَ لِي: أَلَا أُعَلِّمُكَ سُورَةً هِيَ أَعْظَمُ سُورَةٍ فِي الْقُرْآنِ؟ قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ مِنَ السَّبْعِ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنِ الْعَظِيمِ الَّذِي أُوتِيتُهُ

ایسی سورت نہ سکھاؤں جو قرآن میں سب سے بڑی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ الحمد للہ رب العالمین ہے سبع المثانی سے اور قرآن عظیم جو مجھے دیا گیا ہے۔

حَدِيثُ عَمِّ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ

جاریہ بن قدامہ کے چچا کی حدیث

6803 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَحْنَفِ بْـنِ قَيْـسٍ، عَـنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ، أَخْبَرَنِي عَمُّ أَبِي، أَنَّـهُ قَـالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلِّمْنِي شَيْئًا يَنْفَعُنِي اللّٰهُ بِهِ وَأَقْلِلْ لَعَلِّي أَعِي مَا تَقُولُ، قَالَ لَهُ: لَا تَغْضَبْ. فَأَعَادَ عَلَيْهِ مِرَارًا، يَقُولُ: لَا تَغْضَبْ

حضرت جاریہ بن قوامہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے باپ کے چچا نے بتایا کہ انہوں نے حضور ﷺ سے عرض کی، یا رسول اللہ! مجھے ایسی چیز سکھائیں جس کے ساتھ اللہ مجھے نفع دے اور بات مختصر ہوتا کہ میں اس کو یاد رکھ سکوں؟ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: غصہ نہ کیا کر، میں نے دوبارہ عرض کی اور آپ ﷺ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر۔

حَدِيثُ رَجُلٍ مِنْ خَثْعَمَ لَمْ يُسَمَّ

قبیلہ خثعم کے ایک آدمی کی حدیث جس کا نام معلوم نہیں ہے

6804 - حَـدَّثَـنَـا نَـافِـعُ بْنُ خَالِدٍ الطَّاحِيُّ، حَـدَّثَـنَـا نُـوحُ بْنُ قَيْسٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ قَتَـادَةَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ خَثْعَمَ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ قَالَ: قُلْتُ: أَنْتَ الَّذِي تَزْعُمُ أَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: قبیلہ خثعم کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا۔ آپ ﷺ اپنے صحابہ کرام کی ایک جماعت کے ساتھ تھے۔ میں نے عرض کی: آپ ﷺ وہی ہیں جن کا گمان ہے کہ وہ اللہ کے رسول ﷺ ہیں؟ آپ ﷺ نے

6803- الحديث في المقصد العلى برقم: 1066 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 28.

6804- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 151 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح.

۔ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الْأَعْمَالِ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ؟ قَالَ: إِيمَانٌ بِاللّٰهِ ۔ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ صِلَةُ الرَّحِمِ ۔ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الْأَعْمَالِ أَبْغَضُ إِلَى اللّٰهِ؟ قَالَ: الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ ۔ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ قَطِيعَةُ الرَّحِمِ ۔ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ الْأَمْرُ بِالْمُنْكَرِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمَعْرُوفِ

فرمایا: جی ہاں۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ کون سے اعمال اللہ کو زیادہ پسند ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ پر ایمان لانا۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ پھر کون سے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: صلہ رحمی۔ میں نے عرض کیا، اللہ کون سے اعمال کو ناپسند کرتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ساتھ شرک کرنا۔ میں نے عرض کی، اس کے بعد؟ آپ نے فرمایا: رشتہ داری توڑنا۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا: برائی کو نیکی اور نیکی کو برائی سمجھنا۔

حَدِيثُ مُسْلِمٍ جَدِّ ابْنِ أَبْزَى

حضرت مسلم جد ابن ابزی رضی اللہ عنہ

6805 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ أَبْزَى قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمِّي، عَنْ أَبِيهَا، أَنَّهُ شَهِدَ مَغَانِمَ حُنَيْنٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْمُهُ غُرَابٌ فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْلِمًا

حضرت عبداللہ بن حارث بن ابزی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے میری امی نے بیان کیا انہوں نے اپنے باپ سے بیان کیا کہ وہ حنین کی غنیمت میں حضور ﷺ کے ساتھ حاضر تھے۔ میرا نام غراب تھا۔ حضور ﷺ نے مسلم رکھا۔

حَدِيثُ قُطْبَةَ

حضرت قطبہ کی حدیث

6806 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ عَمَّهُ قُطْبَةَ

حضرت قطبہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے میں نے سنا۔ آپ ﷺ صبح کی نماز میں والنخل باسقات

6805- الحديث في المقصد العلي برقم: 1085 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه52 .

6806- أخرجه مسلم جلد1صفحه186 من طريق ابن عيينة وغيره عن زياد بن علاقة .

يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقْرَأُ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ (وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَهَا طَلْعٌ نَضِيدٌ) (ق:10)

لها طلع نضيد پڑھ رہے تھے۔

حَدِيثُ مَالِكٍ أَوِ ابْنِ مَالِكٍ

مالک یا ابن مالک کی حدیث

6807 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْجُشَمِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ: كَانَ مِنَّا رَجُلٌ - مَعْشَرَ الْأَشْعَرِيِّينَ - قَدْ صَحِبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَهِدَ مَعَهُ مَشَاهِدَهُ الْحَسَنَةَ الْجَمِيلَةَ، مَالِكٌ أَوِ ابْنُ مَالِكٍ - شَكَّ عَوْفٌ - فَأَتَانَا يَوْمًا فَقَالَ: أَتَيْتُكُمْ لِأُعَلِّمَكُمْ وَأُصَلِّيَ بِكُمْ كَمَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِنَا، فَدَعَا بِجَفْنَةٍ عَظِيمَةٍ فَجَعَلَ فِيهَا مِنَ الْمَاءِ، ثُمَّ دَعَا بِإِنَاءٍ صَغِيرٍ، فَجَعَلَ يُفْرِغُ فِي الْإِنَاءِ الصَّغِيرِ عَلَى أَيْدِينَا، ثُمَّ قَالَ: أَسْبِغُوا الْآنَ الْوُضُوءَ. فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى بِنَا صَلَاةً تَامَّةً وَجِيزَةً، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ أَقْوَامًا لَيْسُوا بِأَنْبِيَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ يَغْبِطُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ بِمَكَانِهِمْ مِنَ اللّٰهِ. فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ حَجْرَةِ الْقَوْمِ أَعْرَابِيٌّ قَالَ: وَكَانَ يُعْجِبُنَا إِذَا شَهِدْنَا رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت شہر بن حوشب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے ایک آدمی تھا اشعر یوں کے گروہ سے، وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے تھا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بہت زیادہ اچھی خوبصورت جنگوں میں شریک ہوا تھا۔ اس کو مالک یا ابن مالک کہا جاتا تھا، عوف کو شک ہے۔ ہمارے پاس ایک دن آئے اور فرمایا: میں تمہارے پاس آیا ہوں تا کہ میں اس کو سکھاؤں اور تم کو نماز پڑھاؤں جس طرح کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں پڑھاتے تھے۔ انہوں نے ایک بہت بڑا برتن منگوایا اس میں پانی ڈالا۔ پھر ایک چھوٹا برتن منگوا کر اپنے ہاتھوں سے اس چھوٹے برتن میں پانی ڈالنے لگے اور فرمایا: اب خوب وضو کرو۔ ساری قوم نے وضو کیا، پھر کھڑے ہوئے اور ہم کو نماز پڑھائی، مکمل اور مختصر۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمانے لگے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو فرمایا تھا کہ میں جانتا ہوں۔ ایسے لوگوں کو جو انبیاء اور شہداء نہیں ہوں گے۔ لیکن ان کو جو اللہ عزوجل عزت دے گا۔ اس کی وجہ سے انبیاء رشک کریں گے۔ قوم میں سے

6807- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه277 وقال: رواه أبو يعلىٰ، ورجاله رجال الصحيح .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَكُونَ فِينَا الْأَعْرَابِيُّ لِأَنَّهُمْ يَجْتَرِئُونَ أَنْ يَسْأَلُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نَجْتَرِءُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَمِّهِمْ لَنَا؟ قَالَ: فَرَأَيْنَا وَجْهَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَهَلَّلُ ۔ قَالَ: هُمْ نَاسٌ مِنْ قَبَائِلَ شَتَّى يَتَحَابُّونَ فِي اللّٰهِ، وَاللّٰهِ إِنَّ وُجُوهَهُمْ لَنُورٌ، وَإِنَّهُمْ لَعَلَى نُورٍ، مَا يَخَافُونَ إِذَا خَافَ النَّاسُ، وَلَا يَحْزَنُونَ إِذَا حَزِنُوا

ایک دیہاتی کھڑا ہوا۔ حضرت مالک فرماتے ہیں کہ ہم پسند کرتے تھے کہ جب ہم حضور ﷺ کے ساتھ شریک ہوں ہمارے ساتھ ایک دیہاتی بھی ہو۔ کیونکہ دیہاتی لوگ حضور ﷺ سے سوال کرنے کی جرأت کر لیتے تھے، ہم نہیں کر سکتے تھے۔ عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اُن کے ہم کو نام بتائیں۔ مالک فرماتے ہیں کہ ہم کو حضور کونین ﷺ کا چہرہ مبارک جگ مگ ہوتا ہوا دکھائی دیا، آپ ﷺ نے فرمایا: وہ مختلف قبائل کے لوگ ہوں گے، اللہ کے لیے محبت کرتے ہوں گے، ان کے چہروں پر نور ہوگا وہ نور کی وجہ سے ان کو ڈر نہیں ہوگا، جب لوگ ڈرتے ہوں گے، وہ غم زدہ نہیں ہوں گے جب لوگ غم زدہ ہوں گے۔

حَدِيثُ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ الرُّؤَاسِيِّ

عمرو بن مالک الرواسی کی حدیث

6808 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ شَيْخٍ يُقَالُ لَهُ طَارِقٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ الرُّؤَاسِيِّ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ارْضَ عَنِّي، فَأَعْرَضَ عَنِّي ثَلَاثًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ إِنَّ الرَّبَّ لَيَتَرَضَّى ۔ قَالَ: فَرَضِيَ عَنِّي

حضرت عمرو بن مالک الرواسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ! مجھ سے راضی ہو جائیں۔ آپ ﷺ نے تین مرتبہ مجھ سے اعراض فرمایا۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ! اللہ کی قسم! اللہ آپ ﷺ سے راضی ہو، آپ ﷺ راضی ہو جائیں، آپ ﷺ مجھ سے راضی ہو گئے۔

حَدِيثُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

عبدالرحمٰن بن خنش رضی اللہ عنہ کی

6808- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه202 وقال: رواه البزار من رواية طارق بن عمرو ابن مالك.

بْنِ حُبْشِيٍّ

6809 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو التَّيَّاحِ قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ حُبْشِيٍّ - وَكَانَ شَيْخًا كَبِيرًا - قَالَ: يَا ابْنَ حُبْشِيٍّ كَيْفَ صَنَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ كَادَتْهُ الشَّيَاطِينُ؟ قَالَ: انْحَدَرَتِ الشَّيَاطِينُ مِنَ الْأَوْدِيَةِ وَالشِّعَابِ يُرِيدُونَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيهِمْ شَيْطَانٌ مَعَهُ شُعْلَةٌ مِنْ نَارٍ يُرِيدُ أَنْ يَحْرِقَ بِهَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزِعَ، فَجَاءَهُ جِبْرِيلُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، قُلْ قَالَ: مَا أَقُولُ؟ قَالَ: قُلْ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيهَا، وَمِنْ شَرِّ مَا فِي الْأَرْضِ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا، وَمِنْ شَرِّ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقٌ يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمَانُ قَالَ: فَطُفِئَتْ نَارُ الشَّيْطَانِ، وَهَزَمَهُمُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ

حدیث

ایک آدمی نے عبدالرحمٰن بن خنش رضی اللہ عنہ سے پوچھا۔ وہ اس وقت بہت بزرگ تھے۔ اے ابوخنش! حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کہا تھا جس وقت شیطان آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوا تھا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شیطاین وارد ہوئے اور گھاٹیوں سے نیچے اترے اوران کا ارادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پرحملہ کا تھا، ان میں ایک شیطان تھا۔ اس کے پاس آگ کا شعلہ تھا، اس کا ارادہ اس کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جلانا تھا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر آئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے، عرض کی: اے محمد! آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہی کلمات کہیں جو میں کہتا ہوں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہیں یہ کلمات: اعوذ بالله التامات، الٰی آخرہٖ۔ ان کلمات کے ساتھ شیطان کی آگ بجھ گئی، اللہ عزوجل نے اُن کو بھگا دیا۔

حَدِيثُ أَبِي زَيْدٍ عَمْرِو بْنِ أَخْطَبَ

6810 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ

ابوزید عمرو بن اخطب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم

مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا عِلْبَاءُ بْنُ أَحْمَرَ الْيَشْكُرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنبَرَ فَخَطَبَ حَتَّى حَضَرَتِ الظُّهْرُ، ثُمَّ نَزَلَ فَصَلَّى، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنبَرَ فَخَطَبَنَا حَتَّى حَضَرَتِ الْعَصْرُ، ثُمَّ نَزَلَ فَصَلَّى، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنبَرَ فَخَطَبَنَا حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ، فَحَدَّثَنَا بِمَا كَانَ وَبِمَا هُوَ كَائِنٌ، فَأَعْلَمُنَا أَحْفَظُنَا

نے نماز پڑھائی، صبح کی۔ پھر منبر پر جلوہ افروز ہوئے۔ آپ ﷺ نے خطبہ ارشاد فرمایا: یہاں تک کہ ظہر کا وقت ہو گیا۔ پھر نیچے اترے اس کے بعد نماز پڑھائی۔ پھر منبر پر جلوہ افروز ہوئے خطبہ دیا۔ یہاں تک کہ عصر کا وقت آ گیا۔ پھر نیچے اترے، نماز پڑھائی پھر منبر پر جلوہ افروز ہوئے، یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا ہم کو قیامت تک ہونے والے اور پہلے والے واقعات بتا دیئے، ہم نے ان کو یاد کر لیا۔

6811 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا عِلْبَاءُ بْنُ أَحْمَرَ، حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْنُ مِنِّي فَامْسَحْ ظَهْرِي . قَالَ: فَكَشَفْتُ عَنْ ظَهْرِهِ، فَمَسَحْتُ ظَهْرَهُ . قَالَ: وَجَعَلْتُ الْخَاتَمَ بَيْنَ أَصَابِعِي فَغَمَزْتُهَا . قَالَ: قِيلَ: وَمَا الْخَاتَمُ؟ قَالَ: شَعْرٌ مُجْتَمِعٌ عَلَى كَتِفِهِ

حضرت ابو زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا: میرے قریب ہو، آپ ﷺ نے میری پیٹھ کو ملا۔ ابو زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آپ ﷺ کی پیٹھ ننگی کی، میں نے آپ کی پیٹھ کو چھوا، آپ ﷺ کی مہر نبوت کو میں نے اپنی دو انگلیوں کے درمیان رکھا' میں نے اس کو کھینچا۔ عرض کی گئی: یہ مہر کیا ہے؟ راوی نے فرمایا: بال ہیں جو آپ ﷺ کے کندھے پر اکٹھے ہوئے ہیں۔

6812 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا عِلْبَاءُ بْنُ أَحْمَرَ، عَنْ أَبِي زَيْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ وَجْهَهُ، وَدَعَا لَهُ بِالْجَمَالِ

حضرت ابو زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان کے چہرے کو ملا۔ اس کے لیے خوبصورتی کی دعا فرمائی۔

حَدِيثُ أَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ

اشج عبد القیس کی حدیث

6813 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا

حضرت عبد القیس فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ

6811- أخرجه أحمد جلد5صفحه**341** عن الضحاك . وأخرجه الحاكم جلد2صفحه**606** .

هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ، عَنِ الْأَشَجِّ أَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ: قَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِيكَ لَخُلُقَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ . قُلْتُ: مَا هُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْحِلْمُ وَالْحَيَاءُ - أَوِ الْحِلْمُ وَالْأَنَاةُ . قُلْتُ: أَقَدِيمًا كَانَا فِيَّ أَوْ حَدِيثًا؟ قَالَ: بَلْ قَدِيمٌ . قُلْتُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَبَلَنِي عَلَى خُلُقَيْنِ يُحِبُّهُمَا

نے مجھ سے فرمایا: تیرے اندر دو صفتوں کو اللہ پسند کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: وہ کیا ہیں؟ اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: برداشت اور شرم و حیاء! یا فرمایا: بردباری اور غیرت! میں نے عرض کیا: کیا پہلے سے میرے اندر ہیں یا نئی نئی پیدا ہوئی ہیں؟ فرمایا: بلکہ پرانی ہیں۔ میں نے کہا: تمام تعریفیں اس ذات کیلئے ہیں (اس کا شکر ہے) جس نے تیرے اندر دو صفتیں وہ رکھی ہیں جنہیں وہ اللہ پسند کرتا ہے۔

6814 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عِبَادَةَ، حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ حَسَّانَ التَّيْمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى الْعَبْدِيُّ أَبُو مَنَازِلَ أَحَدُ بَنِي غَنْمٍ، عَنِ الْأَشَجِّ الْعَصَرِيِّ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رُفْقَةٍ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ لِيَزُورَهُ فَأَقْبَلُوا، فَلَمَّا قَدِمُوا، رَفَعَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنَاخُوا رِكَابَهُمْ وَابْتَدَرَهُ الْقَوْمُ وَلَمْ يَلْبَسُوا إِلَّا ثِيَابَ سَفَرِهِمْ، وَأَقَامَ الْعَصَرِيُّ يَعْقِلُ رِكَابَ أَصْحَابِهِ وَبَعِيرَهُ، ثُمَّ أَخْرَجَ ثِيَابَهُ مِنْ عَيْبَتِهِ، وَذَلِكَ بِعَيْنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَقْبَلَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِيكَ لَخُلُقَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ . قَالَ: مَا هُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْأَنَاةُ وَالْحِلْمُ . قَالَ: شَيْءٌ جُبِلْتُ عَلَيْهِ أَوْ شَيْءٌ أَتَخَلَّقُهُ؟ قَالَ: لَا، بَلْ جُبِلْتَ عَلَيْهِ

حضرت اشج عصری سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ عبدالقیس کے ایک گروہ میں ان کو ملاقات کروانے کیلئے آئے تو اُنہوں نے توجہ کی' پس جب وہ آئے تو رسول کریم ﷺ نے ان کیلئے ہاتھ اُٹھائے' پس اُنہوں نے اپنی سواریوں کو بٹھایا اور قوم نے خوب جلدی کا مظاہرہ کیا۔ اُنہوں نے سفر والے کپڑے پہنے ہوئے تھے' عصری کھڑے ہوئے تاکہ اپنے دوستوں کی سواریاں اور اپنے اونٹ کو پہچانیں۔ پھر اپنے تھیلے سے کپڑے نکالے اور یہ کام رسول کریم ﷺ کی آنکھوں کے سامنے ہوا' پھر نبی کریم ﷺ کی طرف متوجہ ہوئے' آپ ﷺ پر سلام کیا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک تیرے اندر دو صفات ایسی ہیں جن کو اللہ اور اس کا رسول پسند کرتا ہے۔ اس نے عرض کی: وہ کیا ہیں؟ اے اللہ کے رسول! فرمایا: غیرت اور بردباری! عرض کی: جب جبلی ہیں یا میری محنت سے پیدا ہوئی ہیں' فرمایا: نہیں! بلکہ جبلی

6814- الحديث في المقصد العلي برقم: **1535** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**64,63** .

. قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ . قَالَ: مَعْشَرَ عَبْدِ الْقَيْسِ مَا لِي أَرَى وُجُوهَكُمْ قَدْ تَغَيَّرَتْ؟ . قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، نَحْنُ بِأَرْضٍ وَخِمَةٍ، وَكُنَّا نَتَّخِذُ مِنْ هَذِهِ الْأَنْبِذَةِ مَا يَقْطَعُ اللُّحْمَانَ فِي بُطُونِنَا، فَلَمَّا نُهِينَا عَنِ الظُّرُوفِ، فَذَلِكَ الَّذِي تَرَى فِي وُجُوهِنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الظُّرُوفَ لَا تُحِلُّ وَلَا تُحَرِّمُ، وَلَكِنْ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، وَلَيْسَ أَنْ تَجْلِسُوا فَتَشْرَبُوا حَتَّى إِذَا ثَمِلَتِ الْعُرُوقُ تَفَاخَرْتُمْ فَوَثَبَ الرَّجُلُ عَلَى ابْنَ عَمِّهِ فَضَرَبَهُ بِالسَّيْفِ، فَتَرَكَهُ أَعْرَجَ . قَالَ: وَهُوَ يَوْمَئِذٍ فِي الْقَوْمِ الْأَعْرَجُ الَّذِي أَصَابَهُ ذَلِكَ

ہیں' اُنہوں نے عرض کی: تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: اے عبدالقیس کے گروہ! میں تمہارے چہرے بدلے ہوئے کیوں دیکھ رہا ہوں؟ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! بے شک ہم ایک ایسی زمین میں ہیں جو وبائی امراض والی ہے اور ہم اس سے نبیذ بناتے ہیں جو ہمارے پیٹوں سے گوشت کاٹ دیتی ہیں' پس جب سے ہمیں ان برتنوں سے روکا گیا تو وہی بات ہمارے چہروں میں موجود ہے۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: برتن نہ تو کسی چیز کو پاک کرتے ہیں اور نہ پلید' لیکن ہر نشہ آور چیز حرام ہے اور یہ نہ ہو کہ تم پینے بیٹھ جاؤ حتیٰ کہ تم باہمی فخر کرو۔ پس ایک آدمی اپنے چچازاد بھائی پر جھپٹ پڑے اور اس پر تلوار کا وار کر ڈالے اور اسے لنگڑا بنا دے۔ راوی کا بیان ہے: حال یہ تھا کہ اس دن قوم میں لنگڑا آدمی موجود تھا' جو اسی مصیبت کا شکار ہوا تھا۔

حَدِيثُ جَدِّ هُودٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہود کے دادا کی حدیث جو وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں

6815 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ أَبُو جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ حُجَيْرٍ الْعَبْدِيِّ، حَدَّثَنَا هُودٌ الْعَصَرِيُّ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

ہود عصری اپنے دادا جان سے روایت کرتے ہیں' وہ کہتے ہیں: اسی دوران کہ رسول کریم ﷺ اپنے صحابہ کرام سے باتیں کر رہے تھے' جب فرمایا: اس طرف

6815- الحديث في المقصد العلي برقم: **1447** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**405** .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ أَصْحَابَهُ إِذْ قَالَ: يَطْلُعُ عَلَيْكُمْ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ رَكْبٌ مِنْ خَيْرِ أَهْلِ الْمَشْرِقِ ۔ فَقَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَتَوَجَّهَ فِي ذٰلِكَ الْوَجْهِ فَلَقِيَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَاكِبًا، فَرَحَّبَ وَقَرَّبَ، وَقَالَ: مَنِ الْقَوْمُ؟ قَالُوا: قَوْمٌ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ ۔ قَالَ: فَمَا أَقْدَمَكُمْ هٰذِهِ الْبِلَادَ؟ التِّجَارَةَ؟ قَالُوا: لَا ۔ قَالَ: فَتَبِيعُونَ سُيُوفَكُمْ هٰذِهِ؟ قَالُوا: لَا ۔ قَالَ: فَلَعَلَّكُمْ إِنَّمَا قَدِمْتُمْ فِي طَلَبِ هٰذَا الرَّجُلِ؟ قَالُوا: أَجَلْ، فَمَشَى مَعَهُمْ يُحَدِّثُهُمْ حَتَّى نَظَرَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُمْ: هٰذَا صَاحِبُكُمُ الَّذِي تَطْلُبُونَ ۔ فَرَمَى الْقَوْمُ بِأَنْفُسِهِمْ عَنْ رِحَالِهِمْ، فَمِنْهُمْ مَنْ سَعَى سَعْيًا، وَمِنْهُمْ مَنْ هَرْوَلَ، وَمِنْهُمْ مَنْ مَشَى حَتَّى أَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذُوا بِيَدِهِ يُقَبِّلُونَهَا، وَقَعَدُوا إِلَيْهِ، وَبَقِيَ الْأَشَجُّ - وَهُوَ أَصْغَرُ الْقَوْمِ - فَأَنَاخَ الْإِبِلَ وَعَقَلَهَا، وَجَمَعَ مَتَاعَ الْقَوْمِ، ثُمَّ أَقْبَلَ يَمْشِي عَلَى تُؤَدَةٍ حَتَّى أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ بِيَدِهِ فَقَبَّلَهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيكَ خَصْلَتَانِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ ۔ قَالَ: وَمَا هُمَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْأَنَاةُ وَالتُّؤَدَةُ ۔ قَالَ: أَجَبْلًا جُبِلْتُ عَلَيْهِ أَوْ تَخَلُّقًا مِنِّي؟ قَالَ: بَلْ جَبْلٌ فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَبَلَنِي عَلَى مَا يُحِبُّ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ ۔ وَأَقْبَلَ الْقَوْمُ قِبَلَ تَمَرَاتٍ لَهُمْ يَأْكُلُونَهَا، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سے تمہارے پاس ایک قافلہ آئے گا جو اہلِ مشرق میں سے بہترین ہوگا۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اس طرف اچھی طرح توجہ کی پس تیرہ سواروں سے ان کی ملاقات ہوئی اُنہوں نے خوش آمدید کہا اور قریب کر کے سوال کیا: کون سی قوم ہیں؟ اُنہوں نے جواب دیا: عبدالقیس کی قوم! ان علاقوں میں کیسے آنا ہوا؟ کیا تجارت کیلئے آئے ہو؟ اُنہوں نے کہا: نہیں! آپ نے فرمایا: کیا تم اپنی یہ تلواریں بیچتے ہو؟ اُنہوں نے کہا: نہیں! فرمایا: شاید تم اس آدمی کی تلاش میں تشریف لائے ہو؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں! پس آپ ان کے ساتھ باتیں کرتے ہوئے چلے حتیٰ کہ آپ نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا تو ان سے کہا: یہ تمہارا وہ ساتھی ہے جس کی تم تلاش میں ہو۔ پس (اس قوم نے اتنی جلدی کی کہ) انہوں نے اپنی سواریوں سے اپنے آپ کو پھینکا ان میں سے بعض دوڑ پڑے بعض اس سے کم رفتار میں چلے اور ان میں سے کچھ عام حالت میں چلے یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ کے پاس آئے۔ پس اُنہوں نے آپ ﷺ کے ہاتھ پکڑ کر چومنا شروع کر دیئے اور آپ ﷺ کی بارگاہ میں بیٹھ گئے لیکن اشج باقی رہ گیا۔ وہ قوم میں سے سب سے چھوٹا تھا پس اس نے اونٹ کو بٹھایا قوم کا سامان اکٹھا کیا پھر خراماں خراماں چلتا ہوا رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا پس اس نے بھی آپ ﷺ کا ہاتھ پکڑ کر چوما۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تیرے اندر کی دو خصلتیں اللہ اور اس کے رسول کو پسند

يُسَمِّى لَهُمْ هَذَا كَذَا، وَهَذَا كَذَا، قَالُوا: أَجَلْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا نَحْنُ بِأَعْلَمَ بِأَسْمَائِهَا مِنْكَ . قَالَ: أَجَلْ . فَقَالُوا لِرَجُلٍ مِنْهُمْ: أَطْعِمْنَا مِنْ بَقِيَّةِ الَّذِى بَقِىَ فِى نَوْطِكَ، فَقَامَ فَأَتَاهُ بِالْبَرْنِيِّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا الْبَرْنِيُّ، أَمَا إِنَّهُ مِنْ خَيْرِ تَمَرَاتِكُمْ، إِنَّمَا هُوَ دَوَاءٌ، وَلَا دَاءَ فِيهِ

ہیں' عرض کی: اے اللہ کے رسول! وہ کیا ہیں؟ فرمایا: غیرت اور بردباری! عرض کی: کیا فطری ہے یا بعد کی پیداوار؟ فرمایا: بلکہ فطری ہیں۔ عرض کی: اس ذات کیلئے حمد ہے جس نے میری فطرت ایسی بنائی ہے جسے اللہ اور اس کا رسول پسند کرتا ہے۔ قوم کے پاس کھجوریں تھیں' وہ انہیں کھانے لگا۔ پس نبی کریم ﷺ ان کے نام لینے لگے' اس کا نام یہ ہے اور اس کا یہ۔ انہوں نے کہا: جی ہاں! اے اللہ کے رسول! ہم بھی اپنے ناموں سے اس قدر واقف نہیں جتنے آپ جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! پس انہوں نے اپنے میں سے ایک آدمی کو کہا: ہمیں وہ کھلا جو تیرے پاس اپنے تھیلے سے باقی ہیں' پس وہ اُٹھ کر برنی کھجوریں لایا' بہرحال وہ تمام کھجوروں سے بہتر کھجوریں ہیں' وہ صرف دواء ہیں' ان میں بیماری نہیں ہے۔

حَدِيثُ عُمَيْرٍ الْعَبْدِيِّ

عمیر العبدی کی حدیث

6816 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ عُمَيْرٍ الْعَبْدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ، فَلَمَّا أَرَادُوا الِانْصِرَافَ قَالُوا: قَدْ حَفِظْتُمْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ شَيْءٍ سَمِعْتُمُوهُ مِنْهُ،

حضرت عمیر العبدی اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ وفد عبدالقیس حضور ﷺ کے پاس آئے، جب انہوں نے جانے کا ارادہ کیا انہوں نے کہا: تم نے ہر چیز حضور ﷺ سے یاد کر لی ہے جو تم نے آپ سے سنی ہے۔ نبیذ کے متعلق پوچھ بھی لو۔ انہوں نے نبیذ کے متعلق پوچھا: اے اللہ کے رسول! ہم انگوروں والی زمین میں

6816- الحديث في المقصد العلى برقم: 1524 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه60

فَاسْأَلُوهُ عَنِ النَّبِيذِ، فَأَتَوْهُ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا فِي أَرْضٍ وَخِمَةٍ لَا يُصْلِحُنَا فِيهَا إِلَّا الشَّرَابُ. قَالَ: وَمَا شَرَابُكُمْ؟ قَالُوا: النَّبِيذُ. قَالَ: فِي أَيِّ شَيْءٍ شَرِبْتُمُوهُ؟ قَالُوا: فِي النَّقِيرِ، فَقَالَ: لَا تَشْرَبُوا فِي النَّقِيرِ. فَخَرَجُوا مِنْ عِنْدِهِ، قَالُوا: وَاللّٰهِ لَا يُصَالِحُنَا قَوْمُنَا عَلَى هَذَا، فَرَجَعُوا فَسَأَلُوا، فَقَالَ لَهُمْ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَالَ: لَا تَشْرَبُوا فِي النَّقِيرِ، فَيَضْرِبُ الرَّجُلُ مِنْكُمُ ابْنَ عَمِّهِ ضَرْبَةً لَا يَزَالُ مِنْهَا أَعْرَجَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ. قَالَ: فَضَحِكُوا فَقَالَ: أَيُّ شَيْءٍ تَضْحَكُونَ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، لَقَدْ شَرِبْنَا فِي نَقِيرٍ لَنَا، فَقَامَ بَعْضُنَا إِلَى بَعْضٍ فَضَرَبَهُ ضَرْبَةً هُوَ أَعْرَجُ مِنْهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

رہتے ہیں' ان سے شراب بنتی ہے۔ فرمایا: تمہاری شراب کی خصوصیت کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: نبیذ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم کس چیز میں ڈال کر پیتے ہو؟ انہوں نے عرض کی: نقیر میں۔ فرمایا: نقیر میں نہ پیا کرو۔ پس وہ آپ ﷺ کے پاس سے اُٹھ کر چلے گئے۔ انہوں نے کہا: قسم بخدا! اس پر ہماری قوم ہم سے مصالحت نہیں کرے گی۔ پس وہ لوٹ آئے' پھر پوچھا: اور کلام وہی کیا جو پہلے کیا تھا۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: نقیر میں مت پیو (تم پی کر اس حال میں ہو جاؤ کہ) تم میں سے آدمی اپنے چچازاد بھائی کو ضرب لگا دے' ایسی ضرب جس سے وہ قیامت تک لنگڑا ہو جائے۔ راوی کا بیان ہے: وہ ہنس پڑے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا چیز تمہیں ہنسا رہی ہے؟ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! قسم ہے اس ذات کی جس نے حق دے کر آپ کو بھیجا ہے! ہم نے نقیر میں ہی پیا تو ہم سے ایک نے اُٹھ کر دوسرے کو ایسی ضرب لگائی کہ وہ قیامت تک لنگڑا ہو گیا ہے۔

حَدِيثُ فَرْوَةَ بْنِ مُسَيْكٍ

فروہ بن مسیک کی حدیث

6817 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ الْحَكَمِ النَّخَعِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو سَبْرَةَ النَّخَعِيُّ، عَنْ

حضرت فروہ بن مسیک غُطیفی فرماتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میں مقاتلہ نہ کروں ہر اس

6817- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **3988** قال: حدثنا عثمان بن أبي شيبة وهارون بن عبد الله .

فَرْوَةَ بْنِ مُسَيْكٍ الْغُطَيْفِيِّ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلَا أُقَاتِلُ بِمَنْ أَقْبَلَ مِنْ قَوْمِي وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

سے جو میری قوم میں سے میرے سامنے آئے اور مکمل حدیث ذکر کی۔

حَدِيثُ الضَّحَّاكِ بْنِ أَبِي جَبِيرَةَ

ضحاک بن ابوجبیرہ کی حدیث

6818 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ - وَنُسْخَتُهُ مِنْ حَدِيثِ إِبْرَاهِيمَ - قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ أَبِي جَبِيرَةَ قَالَ: كَانَتْ لَهُمْ أَلْقَابٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا بِلَقَبِهِ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهُ يَكْرَهُهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ) (الحجرات: 11) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

حضرت ضحاک بن ابوجبیرہ فرماتے ہیں کہ زمانۂ جاہلیت میں لوگوں کے کئی القاب تھے' پس رسول کریم ﷺ نے ایک آدمی کو اس کے لقب سے بلایا' پس آپ سے عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! یہ آدمی اس لقب کو ناپسند کرتا ہے تو اللہ نے یہ آیت نازل فرما دی: ''ولا تنابزوا بالالقاب'' اس آیت کے آخر تک۔

حَدِيثُ خَرَشَةَ

خرشہ کی حدیث

6819 - حَدَّثَنَا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الْعَجْلَانِ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ أَبَا كَثِيرٍ الْمُحَارِبِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّ خَرَشَةَ، حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّهَا سَتَكُونُ بَعْدِي فِتَنٌ النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ

حضرت خرشہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک عنقریب میرے بعد فتنے ہوں گے' ان میں سونے والا جاگنے والے سے' بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے' کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا' پس جس پر فتنے آئیں' اسے چاہیے

6818- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه11 وقال: رواه أبو يعلى' ورجاله رجال الصحيح .

6819- الحديث في المقصد العلي برقم:1846 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه300 .

مِنَ الْيَقْظَانِ، وَالْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، فَمَنْ أَتَتْ عَلَيْهِ فَلْيَأْخُذْ بِسَيْفِهِ ثُمَّ لِيَمْشِ إِلَى صَفَاةٍ فَيَضْرِبَهَا بِهِ حَتَّى يَنْكَسِرَ، ثُمَّ لِيَضْطَجِعْ لَهَا حَتَّى تَجَلَّى عَلَى مَا انْجَلَتْ عَلَيْهِ

کہ وہ اپنی تلوار کو ہاتھ میں لے پھر چکنے پتھر کی طرف چل پڑے اپنی تلوار کو اس پر مارے حتیٰ کہ وہ تلوار ٹوٹ جائے پھر ان فتنوں کی وجہ سے چت لیٹ جائے حتیٰ کہ واضح ہو جائے جس پر پردے پڑ گئے تھے۔

حَدِيثُ نُعَيْمِ بْنِ هَمَّارٍ الْغَطَفَانِيِّ

نعیم بن همار الغطفانی کی حدیث

6820 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ هَمَّارٍ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: أَيُّ الشُّهَدَاءِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: الَّذِينَ يُلْقَوْنَ فِي الصَّفِّ فَلَا يَقْلِبُونَ وُجُوهَهُمْ حَتَّى يُقْتَلُوا، أُولَئِكَ يَتَلَبَّطُونَ فِي الْغُرَفِ الْعُلْيَا مِنَ الْجَنَّةِ يَضْحَكُ إِلَيْهِمْ رَبُّكَ، وَإِذَا ضَحِكَ فِي مَوْطِنٍ فَلَا حِسَابَ عَلَيْهِ

حضرت نعیم بن همار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا اور عرض کی: شہداء میں سے کون افضل ہے؟ فرمایا: وہ لوگ جو پہلی صف میں آتے ہیں اپنے چہرے نہیں پھیرتے ہیں یہاں تک کہ شہید ہو جاتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جو جنت کے چوباروں میں ہوں گے تیرا رب ان کی طرف دیکھ کر مسکرائے گا اور جب وہ اپنی جگہ مسکرا دے تو اس پر حساب نہیں ہے۔

حَدِيثُ عَطِيَّةَ بْنِ بُسْرٍ

عطیہ بن بسر کی حدیث

6821 - حَدَّثَنَا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ

حضرت عطیہ بن بسر مازنی فرماتے ہیں کہ عکاف بن وداعہ ہلالی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عکاف! کیا تیری بیوی

6820- أخرجه أحمد جلد5صفحه287 قال: حدثنا الحكم بن نافع .

6821- الحديث في المقصد العلى برقم: 734 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه251 .

غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ بُسْرٍ الْمَازِنِيِّ قَالَ: جَاءَ عَكَّافُ بْنُ وَدَاعَةَ الْهِلَالِيُّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَكَّافُ، أَلَكَ زَوْجَةٌ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: وَلَا جَارِيَةٌ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: وَأَنْتَ صَحِيحٌ مُوسِرٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ. قَالَ: فَأَنْتَ إِذًا مِنْ إِخْوَانِ الشَّيَاطِينِ: إِمَّا أَنْ تَكُونَ مِنْ رُهْبَانِ النَّصَارَى فَأَنْتَ مِنْهُمْ، وَإِمَّا أَنْ تَكُونَ مِنَّا فَاصْنَعْ كَمَا نَصْنَعُ، فَإِنَّ مِنْ سُنَّتِنَا النِّكَاحَ، شِرَارُكُمْ عُزَّابُكُمْ، وَأَرَاذِلُ أَمْوَاتِكُمْ، عُزَّابُكُمْ آبَاءٌ لِلشَّيَاطِينِ تَمَرَّسُونَ، مَا لَهُمْ فِي نَفْسِي سِلَاحٌ أَبْلَغُ فِي الصَّالِحِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ إِلَّا الْمُتَزَوِّجُونَ، أُولَئِكَ الْمُطَهَّرُونَ الْمُبَرَّءُونَ مِنَ الْخَنَا وَيْحَكَ يَا عَكَّافُ إِنَّهُنَّ صَوَاحِبُ دَاوُدَ، وَصَوَاحِبُ أَيُّوبَ، وَصَوَاحِبُ يُوسُفَ، وَصَوَاحِبُ كُرْسُفَ. قَالَ: فَقَالَ: وَمَا الْكُرْسُفُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: رَجُلٌ كَانَ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى سَاحِلٍ مِنْ سَوَاحِلِ الْبَحْرِ يَصُومُ النَّهَارَ وَيَقُومُ اللَّيْلَ، لَا يَفْتُرُ مِنْ صَلَاةٍ وَلَا صِيَامٍ، ثُمَّ كَفَرَ بَعْدَ ذَلِكَ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ فِي سَبَبِ امْرَأَةٍ عَشِقَهَا، فَتَرَكَ مَا كَانَ عَلَيْهِ مِنْ عِبَادَةِ رَبِّهِ فَتَدَارَكَهُ اللَّهُ بِمَا سَلَفَ مِنْهُ، فَتَابَ عَلَيْهِ. وَيْحَكَ يَا عَكَّافُ تَزَوَّجْ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُذَبْذَبِينَ. قَالَ: فَقَالَ عَكَّافٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَا أَبْرَحُ حَتَّى تُزَوِّجَنِي مَنْ شِئْتَ. قَالَ: فَقَالَ

ہے؟ اس نے عرض کی: جی نہیں! فرمایا: کیا کوئی لونڈی ہے؟ اس نے عرض کی: جی نہیں! فرمایا: کیا تُو تندرست خوشحال ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! الحمد للہ! فرمایا: پھر تو تیرا تعلق شیطان کے بھائیوں سے ہے‘ یا تُو نصاریٰ کے رہبانوں سے ہے‘ پس تُو ان سے ہے یا تُو ہم سے ہوتو وہ کام کر جو ہم کرتے ہیں‘ کیونکہ ہماری سنتوں میں سے نکاح ہے‘ تم میں سے بُرے لوگ وہ ہیں جو طاقت رکھنے کے باوجود شادی نہیں کرتے اور تمہارے موتی میں سے رذیل جو بغیر شادی کے فوت ہو گئے‘ پس ان کیلئے میرے ہاں کوئی ہتھیار نہیں ہے‘ مردوں اور عورتوں میں سے کامل صالح وہ لوگ ہیں جنھوں نے شادیاں کیں‘ وہی لوگ پاک اور گناہوں سے بَری ہیں‘ افسوس ہے تجھ پر اے عکاف! کیونکہ وہ (عورتیں) تو داؤد کی بھی ساتھی تھیں‘ حضرت ایوب‘ حضرت یوسف اور کرسف کی بھی ساتھی ہوئی ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کرسف کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: قوم بنی اسرائیل میں ایک آدمی تھا جو سمندر کے کناروں میں سے ایک کنارے پر رہتا تھا‘ دن کو روزہ رکھتا اور رات کو قیام کرتا‘ نماز اور روزے سے سستی نہیں کرتا تھا۔ پھر ایک عورت کے عشق میں مبتلا ہوکر بزرگ و برتر رب کا منکر ہوا۔ اس نے اپنے رب کی عبادت چھوڑ دی‘ پس جو اعمال وہ کر چکا تھا‘ اسی کے بدلے اللہ نے اس پر کرم کیا‘ توبہ کی توفیق دی‘ تجھ پر افسوس ہے اے عکاف! شادی کر کیونکہ تُو مذبذبین سے ہے۔ راوی کا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَقَدْ زَوَّجْتُكَ عَلَى اسْمِ اللّٰهِ وَالْبَرَكَةِ كَرِيمَةَ بِنْتَ كُلْثُومٍ الْحِمْيَرِيِّ

بیان ہے: اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں اِدھر ہی ہوں' آپ جس سے چاہیں میری شادی کر دیں۔ راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ کے نام اور اس کی برکت پر میں نے تیرا نکاح کریمہ بنت کلثوم حمیری سے کر دیا۔

حَدِيثُ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ

مستورد بن شداد کی حدیث

6822 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ حُدَيْجِ بْنِ أَبِي عَمْرٍو قَالَ: سَمِعْتُ الْمُسْتَوْرِدَ بْنَ شَدَّادٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ، وَإِنَّ أَجَلَ أُمَّتِي مِائَةُ سَنَةٍ، فَإِذَا مَرَّ عَلَى أُمَّتِي مِائَةُ سَنَةٍ أَتَاهَا مَا وَعَدَهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت مستورد بن شداد فرماتے ہیں کہ ہر اُمت کیلئے ایک مدت ہے اور میری اُمت کی مدت سو سال ہے' پس جب میری اُمت پر سو سال گزر جائیں گے تو ان کے پاس وہ چیزیں آئیں گی جن کا اللہ تعالیٰ نے ان سے وعدہ فرمایا ہوا ہے۔

6823 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى: حَدَّثَنَا وَقَّاصُ بْنُ رَبِيعَةَ، أَنَّ الْمُسْتَوْرِدَ، حَدَّثَهُمْ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَكَلَ بِرَجُلٍ أُكْلَةً، فَإِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُ مِثْلَهَا مِنْ جَهَنَّمَ، فَإِنْ كُسِيَ بِرَجُلٍ ثَوْبًا، فَإِنَّ اللّٰهَ يَكْسُوهُ مِثْلَهُ مِنْ جَهَنَّمَ، وَمَنْ قَامَ بِرَجُلٍ مَقَامَ سُمْعَةٍ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَقُومُ بِهِ مَقَامَ سُمْعَةٍ

حضرت مستورد رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے (دکھاوے کیلئے) کسی آدمی کو لقمہ کھلایا تو اللہ اسے اس کی مثل جہنم سے کھلائے گا' پس اگر اس نے کپڑا پہنایا تو اللہ جہنم سے اسی کی مثل اسے پہنائے گا۔ پس جو آدمی کسی کے ساتھ دکھاوے کے مقام پر کھڑا ہوا تو اللہ اس کو دکھاوے اور ریاء کے مقام پر کھڑا کرے گا۔

6822- الحديث في المقصد العلي برقم: 1773 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه257 .

6823- أخرجه أبو داؤد جلد4صفحه421 من طريق مكحول عن وقاص به . وأخرجه أحمد جلد4صفحه229 .

وَرِيَاءٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حَدِيثُ رَجُلٍ مِنْ جُذَامٍ يُقَالُ لَهُ: عَدِيٌّ

6824 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، وَالْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ- وَنُسْخَتُهُ مِنْ حَدِيثِ عَبْدِ الْأَعْلَى- قَالَا: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَرْمَلَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهُ: عَدِيٌّ، كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ امْرَأَتَيْنِ جِوَارٌ، فَرَمَى إِحْدَاهُمَا بِحَجَرٍ فَقَتَلَهَا، فَرَكِبَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِتَبُوكَ، فَسَأَلَهُ عَنْ شَأْنِ الْمَرْأَةِ الْمَقْتُولَةِ، فَقَالَ: تَعْقِلُهَا وَلَا تَرِثُهَا . قَالَ عَدِيٌّ: فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَةٍ حَمْرَاءَ جَدْعَاءَ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا الْأَيْدِي ثَلَاثٌ: يَدُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا، وَيَدُ الْمُعْطِي الْوُسْطَى، وَيَدُ الْمُعْطَى السُّفْلَى، فَتَعَفَّفُوا وَلَوْ بِحُزَمِ حَطَبٍ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ: اللَّهُمَّ بَلَّغْتُ

جذام کے عدی کی حدیث

حضرت عدی نے حدیث بیان کی ہے کہ اس کے اور اس کی دو بیویوں کے درمیان کوئی مسئلہ تھا' ان میں سے ایک نے پتھر پھینک کر دوسری کو مار دیا۔ پس وہ وہاں سے سوار ہو کر بتوں کے مقام پر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا۔ پس اس نے عورت کے اس کام کے حوالے سے سوال کیا تھا تو آپ ﷺ نے اس سے مقتولہ عورت کے بارے سوال کیا۔ اس کی دیت ہو گی لیکن وہ دوسری عورت کی وارث نہ ہو گی۔ حضرت عدی کہتے ہیں: گویا کہ میں رسول کریم ﷺ کی طرف دیکھ رہا ہوں' آپ سرخ اونٹنی پر سوار ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! ہاتھ تین ہیں: (۱) اوپر والا ہاتھ' وہ اللہ کا ہاتھ ہے (۲) عطا کرنے والے کا ہاتھ' اوپر والا ہاتھ (۳) عطا کرنے والے کا ہاتھ۔ پس پاک دامن رہو اگرچہ لکڑیوں کے گٹھے کی بات ہو۔ پھر آپ ﷺ نے ہاتھ اُٹھا دیئے' عرض کی: اے اللہ! میں نے پہنچا دیا۔

حَدِيثُ مَعْقِلِ بْنِ أَبِي مَعْقِلٍ الْأَسَدِيِّ

6825 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ

معقل بن ابو معقل اسدی کی حدیث

حضرت معقل بن ابو معقل فرماتے ہیں کہ عرض کی

6824- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه230 وقال: رواه أبو يعلى بطوله' والطبراني باختصار .

النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى، عَنْ أَبِي زَيْدٍ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ أَبِي مَعْقِلٍ الْأَسَدِيِّ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أُمَّ مَعْقِلٍ حَزِنَتْ حِينَ فَاتَهَا الْحَجُّ مَعَكَ . قَالَ: فَلْتَعْتَمِرْ فِي رَمَضَانَ، فَإِنَّ عُمْرَةً فِي رَمَضَانَ كَحَجَّةٍ

گئی: اے اللہ کے رسول! بے شک جس وقت اُم معقل آپ کے ساتھ حج کرنے سے محروم رہی تو اسے پریشانی لاحق ہوئی' آپ ﷺ نے فرمایا: اسے چاہیے کہ وہ رمضان المبارک میں عمرہ کرلے کیونکہ رمضان میں عمرہ کرنا (میرے ساتھ) حج کرنے کے برابر ہے۔

حَدِيثُ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ

سلمہ بن نفیل کی حدیث

6826 - حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ، عَنْ أَرْطَاةَ قَالَ: سَمِعْتُ ضَمْرَةَ بْنَ حَبِيبٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ نُفَيْلٍ السَّكُونِيَّ يَقُولُ: بَيْنَا نَحْنُ جُلُوسٌ عِنْدَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ النَّاسِ فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، هَلْ أُتِيتَ بِطَعَامٍ مِنَ السَّمَاءِ؟ قَالَ: أُتِيتُ بِطَعَامٍ بِمِسْخَنَةٍ . قَالَ: فَهَلْ كَانَ فِيهَا فَضْلٌ عَنْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: فَمَا فُعِلَ بِهِ؟ قَالَ: رُفِعَ إِلَى السَّمَاءِ وَهُوَ يُوحِي إِلَيَّ أَنِّي غَيْرُ لَابِثٍ فِيكُمْ إِلَّا قَلِيلًا، وَلَسْتُمْ لَابِثِينَ بَعْدِي إِلَّا قَلِيلًا، ثُمَّ تَأْتُونَ أَفْنَادًا، وَيُفْنِي بَعْضُكُمْ بَعْضًا، وَبَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مُوتَانٌ شَدِيدٌ، وَبَعْدَهُ سَنَوَاتُ الزَّلَازِلِ

حضرت سلمہ بن نفیل فرماتے ہیں: اسی دوران کہ ہم نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں بیٹھے ہوئے تھے تو لوگوں میں سے ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا آپ آسمان سے کوئی کھانے لائے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے کھانا دیا گیا ہنڈیا کے ساتھ باسی۔ فرمایا: اس میں تجھ سے کچھ بچا تھا' آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! کہا: پس اس سے کیا کیا گیا۔ فرمایا: اسے آسمان کی طرف اُٹھا لیا گیا اور وہ میری طرف وحی کرتا ہے کہ میں تمہارے اندر بہت تھوڑا رہنے والا ہوں اور میرے بعد تم بہت تھوڑا رہنے والے ہو' پھر تم کمزور رائے والے بن کر آؤ گے اور ایک دوسرے کو فنا کرو گے' قیامت سے پہلے سخت قسم کی وباء آئے گی' اس کے بعد زلزلوں والے سال ہوں گے۔

حَدِيثُ

حضرت اوس

6826- الحديث في المقصد العلي برقم: 1850 .

أَوْسٍ

6827 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ أَوْسٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَاوَرَهُ - أَوْ فَسَارَّهُ - وَأَنَا أَسْمَعُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ إِلَيْهِمْ فَقُلْ لَهُمْ: اقْتُلُوهُ . قَالَ: ثُمَّ دَعَاهُ فَرَجَعَ إِلَيْهِ بَعْدَمَا ذَهَبَ فَقَالَ لَهُ: لَعَلَّهُ يَقُولُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: أَجَلْ وَاللّٰهِ قَالَ: قُلْ لَهُمْ يُرْسِلُوهُ، فَإِنَّهُ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ، فَإِذَا قَالُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ حُرِّمَتْ عَلَيَّ دِمَاؤُهُمْ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَكَانَ حِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

کی حدیث

حضرت اوس سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' پس اس نے مشاورت کی یا سرگوشی کی (راوی کو شک ہے) جبکہ میں سن رہا تھا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ان کی طرف واپس جا کر انہیں کہو کہ اسے قتل کر دیں۔ راوی کہتا ہے: پھر آپ نے اس کو واپس بلایا' اس کے بعد وہ چلا گیا تھا۔ پس آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: ممکن ہے وہ لا الہ الا اللہ کہتا ہو؟ اس نے کہا: جی ہاں! قسم بخدا! آپ ﷺ نے فرمایا: ان سے کہو کہ وہ اسے چھوڑ دیں کیونکہ میری طرف وحی کی گئی ہے کہ میں لوگوں سے جہاد کروں' پس جب وہ کہیں: لا الہ الا اللہ! تو ان کے خون مجھ پر حرام ہیں مگر حق کے ساتھ اور ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

حَدِيثُ عُرْوَةَ الْفُقَيْمِيِّ

6828 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ غَاضِرَةَ بْنِ عُرْوَةَ الْفُقَيْمِيِّ قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبِي، قَالَ: أَتَيْتُ الْمَدِينَةَ فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، وَالنَّاسُ يَنْتَظِرُونَ الصَّلَاةَ، فَخَرَجَ عَلَيْنَا رَجُلٌ يَقْطُرُ رَأْسُهُ مِنْ وُضُوءٍ تَوَضَّأَ - أَوْ غُسْلٍ

حضرت عروہ فقیمی کی حدیث

حضرت غاضرہ بن عروہ فقیمی فرماتے ہیں: مجھے میرے والد گرامی نے خبر دی' وہ فرماتے ہیں کہ میں مدینے آیا' مسجد میں داخل ہوا اس حال میں کہ لوگ نماز کا انتظار کر رہے تھے' پس ایک آدمی ہمارے پاس تشریف لائے جبکہ اس کے سر سے وضو کے قطرے گر

6827- أخرجه أحمد جلد4صفحه8 من طريق شعبة عن النعمان به . وأخرجه النسائي برقم:3984-3987 .

6828- الحديث في المقصد العلي برقم:53 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه62,61 .

اغْتَسَلَهُ- فَصَلَّى بِنَا، فَلَمَّا صَلَّيْنَا جَعَلَ النَّاسُ يَقُومُونَ إِلَيْهِ يَقُولُونَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ كَذَا؟ أَرَأَيْتَ كَذَا؟ يُرَدِّدُهَا مَرَّاتٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ دِينَ اللّٰهِ فِي يُسْرٍ يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ دِينَ اللّٰهِ فِي يُسْرٍ

رہے تھے جو اس نے کیا یا غسل کے جو اس نے کیا' پس اس نے ہمیں نماز پڑھائی' پس جب ہم نماز پڑھ چکے تو لوگ اُٹھ اُٹھ کر اس کی طرف جانے لگے' وہ کہہ رہے تھے: اے اللہ کے رسول! کیا آپ اس طرح دیکھتے ہیں؟ کیا آپ کا اس طرح خیال ہے۔ وہ کئی بار ان کو جواب دے رہے تھے۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! بے شک اللہ کا دین آسانی میں ہے' اے لوگو! بے شک اللہ کا دین آسانی میں ہے۔

حَدِيثُ عَامِرِ بْنِ شَهْرٍ

حضرت عامر بن شہر کی حدیث

6829 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ شَهْرٍ قَالَ: كَانَتْ هَمْدَانُ قَدْ تَحَصَّنَتْ فِي جَبَلٍ - يُقَالَ لَهُ الْحَقْلُ - مِنَ الْحَبَشِ، قَدْ مَنَعَهُمُ اللّٰهُ بِهِ حَتَّى جَاءَتْ هَمْدَانَ أَهْلُ فَارِسَ، فَلَمْ يَزَالُوا مُحَارِبِينَ حَتَّى هَمَّ الْقَوْمَ الْحَرْبُ، وَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمْرُ، وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لِي هَمْدَانُ: يَا عَامِرَ بْنَ شَهْرٍ، إِنَّكَ قَدْ كُنْتَ نَدِيمًا لِلْمُلُوكِ مُذْ كُنْتَ، فَهَلْ أَنْتَ آتٍ هَذَا الرَّجُلَ، وَمُرْتَادٌ لَنَا؟ فَإِنْ رَضِيتَ لَنَا شَيْئًا فَعَلْنَاهُ، وَإِنْ كَرِهْتَ شَيْئًا كَرِهْنَاهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، حَتَّى قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عامر بن شہر فرماتے ہیں: ہمدان ایک پہاڑ میں قلعہ بند تھی' اس کے لیے حقل (کھیت) حبش کا کہا جاتا تھا' تحقیق اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ ان کی حفاظت کی حتیٰ کہ اہل فارس ہمدان آئے' پس وہ مسلسل لڑائی کرتے رہے یہاں تک کہ جنگ نے قوم کو پریشان کر دیا اور کام لمبا ہو گیا' اسی حال میں رسول کریم ﷺ کی آمد ہو گئی۔ پس ہمدان نے مجھ سے کہا: اے عامر بن شہر! جب سے تُو ہوا ہے تو بادشاہوں کا مصاحبِ خاص رہا ہے' پس تو اس آدمی کے پاس چلا جائے گا؟ پس اگر تُو ہمارے لیے کسی چیز پر راضی ہو تو ہم کریں گے اور اگر تُو نے کسی چیز کو ناپسند کیا تو ہم بھی اسے نفرت کی نگاہ سے دیکھیں گے؟ میں نے کہا: ٹھیک ہے! حتیٰ کہ میں

6829- أخرجه أبو داؤد جلد2صفحه127 عن هناد' عن أبى أسامة به مختصرًا .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ فَجَلَسْتُ عِنْدَهُ فَجَاءَ رَهْطٌ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَوْصِنَا قَالَ: أُوصِيكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَأَنْ تَسْمَعُوا مِنْ قَوْلِ قُرَيْشٍ وَتَدَعُوا فِعْلَهُمْ. قَالَ: فَاجْتَزَأْتُ بِذَلِكَ- وَاللّٰهِ- مِنْ مَسْأَلَتِهِ، وَرَضِيتُ أَمْرَهُ. ثُمَّ بَدَا لِي أَنْ أَرْجِعَ إِلَى قَوْمِي حَتَّى أَمُرَّ بِالنَّجَاشِيِّ - وَكَانَ لِي صَدِيقًا - فَمَرَرْتُ بِهِ، فَبَيْنَا أَنَا عِنْدَهُ جَالِسٌ إِذْ مَرَّ ابْنٌ لَهُ صَغِيرٌ، فَاسْتَقْرَأَهُ لَوْحًا مَعَهُ، فَقَرَأَهُ الْغُلَامُ، فَضَحِكْتُ، فَقَالَ النَّجَاشِيُّ: مِمَّ ضَحِكْتَ؟ فَوَاللّٰهِ لَهَكَذَا أُنْزِلَتْ عَلَى لِسَانِ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ: إِنَّ اللَّعْنَةَ تَنْزِلُ فِي الْأَرْضِ إِذَا كَانَ أُمَرَاؤُهَا صِبْيَانًا. قُلْتُ: مِمَّا قَرَأَ هَذَا الْغُلَامُ؟ قَالَ: فَرَجَعْتُ وَقَدْ سَمِعْتُ هَذَا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَذَا مِنَ النَّجَاشِيِّ، وَأَسْلَمَ قَوْمِي، وَنَزَلُوا إِلَى السَّهْلِ، وَكَتَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا الْكِتَابَ إِلَى عُمَيْرِ ذِي مَرَّانَ. قَالَ: وَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالِكَ بْنَ مَرَارَةَ الرَّهَاوِيَّ إِلَى الْيَمَنِ جَمِيعًا، فَأَسْلَمَ عَكٌّ ذِي خَيْوَانَ قَالَ: فَقِيلَ لِعَكٍّ: انْطَلِقْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخُذْ مِنْهُ الْأَمَانَ عَلَى قَوْمِكَ وَمَالِكَ. قَالَ: وَكَانَتْ لَهُ قَرْيَةٌ فِيهَا رَقِيقٌ وَمَالٌ، فَقَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ مَالِكَ بْنَ مَرَارَةَ الرَّهَاوِيَّ قَدِمَ عَلَيْنَا يَدْعُونَا إِلَى الْإِسْلَامِ فَأَسْلَمْنَا،

رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں مدینہ آیا' پس میں آپ ﷺ کے پاس بیٹھ گیا' پس ایک گروہ آیا' انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمیں وصیت فرمائیں! آپ ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ اللہ سے ڈرو اور قریش کی بات کو سنو لیکن ان کے کاموں کو چھوڑ دو۔ کہتے ہیں: قسم بخدا! اور میں ان کے معاملے سے راضی ہوا یا حکم سے اتفاق کیا' پھر میں نے محسوس کیا کہ میں اپنی قوم کی طرف واپس جاؤں حتیٰ کہ میرا گزر نجاشی کے پاس سے ہوا جبکہ وہ میرا دوست تھا۔ پس میں اس کے پاس سے گزرا۔ پس اسی دوران کہ میں ان کے پاس بیٹھا ہوا تھا جب ان کا چھوٹا بیٹا گزرا تو اس نے اس سے وہ تختی پڑھنے کا مطالعہ کیا جو اس کے پاس تھی' پس بچے نے اس کو پڑھا تو (سن کر) مجھے ہنسی آ گئی۔ نجاشی نے کہا: اس چیز سے ہنسے؟ پس قسم بخدا! اسی طرح کا کلام حضرت عیسیٰ بن مریم کی زبان پر بھی اُترا تھا۔ کلام حضرت عیسیٰ بن مریم کی زبان پر بھی اُترا تھا' بے شک اس وقت لعنت زمین پر نازل ہوتی ہے جب اس پر حکمران بچے ہوں۔ میں نے کہا: اس غلام نے کیا پڑھا؟ پس میں ابھی واپس آ رہا ہوں اور میں نے یہ نبی کریم ﷺ سے بھی سنا ہے اور یہی نجاشی سے بھی سن رہا ہوں۔ میری قوم مسلمان ہوگئی' وہ ہموار جگہ پر اترے یا وہ نرمی کی طرف آ گئے۔ یہ خط رسول کریم ﷺ نے دومرّان کے عُمیر کی طرف بھیجا۔ راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ نے مالک بن مرارہ رہاوی کو یمن کی

وَلِى أَرْضٌ فِيهَا رَقِيقٌ وَمَالٌ، فَاكْتُبْ لِى كِتَابًا، فَكَتَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ لِعَكٍّ ذِى خَيْوَانَ، إِنْ كَانَ صَادِقًا فِى أَرْضِهِ وَرَقِيقِهِ وَمَالِهِ، فَلَهُ الْأَمَانُ وَذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . وَكَتَبَ خَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ

طرف بھیجا۔ پس ذی خیوان کا عک بھی مسلمان ہو گیا۔ کہتے ہیں: عک سے کہا گیا: رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضری پیش کر اور ان سے اپنی قوم اور اپنے پر امان کا وعدہ لے لے۔ راوی کا بیان ہے: اس کا ایک دیہات تھا جس میں اس کے غلام بھی تھے اور مال بھی تھا۔ پس وہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! حضرت مالک بن صرارہ رہاوی ہمارے ہاں تشریف لائے' انہوں نے ہمیں اسلم کی طرف بلایا' پس اللہ نے ہمیں اسلام لانے کی توفیق دی۔ میری زمین ہے' اس میں غلام اور مال ہے۔ پس مجھے ایک نامہ لکھ دیں۔ پس رسول کریم ﷺ نے اس کے لیے لکھا: اللہ کے نام سے شروع جو انتہائی مہربان' ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے! اللہ کے رسول محمد کی طرف سے ذی خیوان کے عک کیلئے۔ اگر تو واقعی اس کی زمین' غلام اور مال ہے تو اس کو امان ہے' اللہ کی ذمہ داری اور اس کے رسول محمد کی ذمہ داری اور یہ خط حضرت خالد بن سعید نے تحریر کیا۔

حَدِيثُ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ

6830 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، أَنَّ عَاصِمَ بْنَ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، حَدَّثَهُ، عَنْ مَحْمُودِ

حضرت عقبہ بن رافع کی حدیث

حضرت عقبہ بن رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ فرمایا کرتے تھے: بے شک اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کو پسند کر لیتا ہے تو اللہ دنیا سے اس کی

6830- أورده الجزرى فى أسد الغابة جلد3صفحه416 .

بْـنِ لَبِيـدٍ، عَـنْ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَحَبَّ عَبْدًا حَـمَـاهُ الـدُّنْيَـا كَـمَا يَحْمِي أَحَدُكُمْ مَرِيضَهُ الْمَاءَ لِيَشْفَى

حفاظت فرماتا ہے اس طرح جیسے تم میں سے کوئی ایک اپنے مریض کی پانی سے حفاظت کرتا ہے تاکہ وہ شفاء پا جائے۔

حَدِيثُ رَجُلٍ

ایک فردِ فرید کی حدیث

6831 - حَـدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ وَرْدَانَ، حَـدَّثَـنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَـنْ عَبْـدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ الْعُقَيْلِيِّ قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى رَهْـطٍ أَنَـا رَابِعُهُمْ، فَإِذَا رَجُلٌ يُحَدِّثُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَدْخُلَنَّ الْجَـنَّةَ بِشَـفَاعَةِ رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِي أَكْثَرُ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ. قُلْنَا: سِوَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: سِوَايَ فَسَأَلْتُ عَنْهُ بَعْدَمَا قَامَ، فَقَالَ: هٰذَا ابْنُ أَبِي الْجَذْعَاءِ

حضرت عبداللہ بن شقیق عقیلی فرماتے ہیں کہ میں ایک گروہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا جن میں سے چوتھا میں تھا، میری نگاہ اُٹھی، اچانک میں نے دیکھا کہ ایک آدمی گفتگو کر رہا ہے۔ اس نے کہا: میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا کہ آپ فرما رہے تھے: ضرور میری اُمت کے ایک آدمی کی سفارش سے بنوتمیم قبیلے سے زیادہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کے علاوہ؟ فرمایا: میرے علاوہ۔ میں نے اس آدمی کے بارے محفل برخاست ہونے کے بعد پوچھا تو فرمایا: یہ ابوجدعاء کا بیٹا ہے۔

حَدِيثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوَالَةَ

حضرت عبداللہ بن حوالہ کی حدیث

6832 - حَـدَّثَـنَـا أَبُو بَكْـرِ بْنُ أَبِـي شَيْبَةَ، حَـدَّثَـنَـا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ قَالَ:

حضرت زُغب بن فلاں ازدی فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن حوالہ ازدی ہمارے پاس اُترے تو

6831- أخرجه الترمذي جلد3صفحه299 . وأحمد جلد3صفحه469 .

6832- أخرجه أبو داؤد جلد2صفحه325 من طريق أسد بن موسى .

حَدَّثَنِي ضَمْرَةُ بْنُ حَبِيبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زُغْبُ بْنُ فُلَانٍ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نَزَلَ عَلَيْنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حَوَالَةَ الْأَزْدِيُّ، فَقُلْتُ لَهُ: بَلَغَنِي أَنَّهُ فُرِضَ لَكَ فِي مِائَتَيْنِ كُلَّ عَامٍ فَلَمْ تَقْبَلْ. قَالَ: فَقَالَ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَوْلَ الْمَدِينَةِ لِنَغْنَمَ، فَرَجَعْنَا وَلَمْ نَغْنَمْ شَيْئًا، وَعَرَفَ فِينَا الْجَهْدَ فَقَالَ: اللَّهُمَّ لَا تَكِلْهُمْ إِلَيَّ فَأَضْعُفَ عَنْهُمْ، وَلَا تَكِلْهُمْ إِلَى أَنْفُسِهِمْ فَيَعْجِزُوا عَنْهَا، وَلَا تَكِلْهُمْ إِلَى النَّاسِ فَيَسْتَأْثِرُوا عَلَيْهِمْ

میں نے ان سے عرض کی: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ تیرے لیے ہر سال کا دوسو مقرر ہوا لیکن تو نے قبول نہیں کیا۔ راوی کا بیان ہے کہ اس نے کہا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں مدینہ کے مضافات میں بھیجا تا کہ ہم مالِ غنیمت حاصل کریں۔ پس ہم اس حال میں واپس لوٹے کہ ہمیں کوئی شی نہ ملی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہمارے حوالے سے یہ بات گراں گزری، پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! ان کو میرے سہارے پہ نہ چھوڑ، پس میں ان سے کمزور ہوں، ان کو اپنی جانوں کے حوالے نہ کر، پس یہ اس سے عاجز ہیں اور ان کو لوگوں کے سپرد بھی نہ کر، پس یہ ان پر ترجیح حاصل کرلیں گے۔

حَدِيثُ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ

حضرت خالد بن عرفطہ کی حدیث

6833 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَّ مُسْلِمًا مَوْلَى خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّ خَالِدَ بْنَ عُرْفُطَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولا، پس اسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

حَدِيثُ رَجُلٍ

ایک مردِ خدا کی حدیث

6834 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا

حضرت عدی بن ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت

سُفْيَانُ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ ظَبْيَانَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: هَشَمَ رَجُلٌ فَمَ رَجُلٍ عَلَى عَهْدِ مُعَاوِيَةَ، فَأُعْطِي دِيَتَهُ فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ حَتَّى أُعْطِيَ ثَلَاثًا . فَقَالَ رَجُلٌ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَصَدَّقَ بِدَمٍ أَوْ دُونَهُ كَانَ كَفَّارَةً لَهُ مِنْ يَوْمِ وُلِدَ إِلَى يَوْمِ تَصَدَّقَ

امیر معاویہ کے دور میں ایک آدمی نے دوسرے کا منہ توڑ دیا' پس اس کو دیت دی گئی تو اس نے قبول کرنے سے انکار کر دیا' حتیٰ کہ اسے تین بار دی گئی' پس ایک آدمی نے کہا: بے شک میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس آدمی نے خون یا اس سے کم کے بدلے کو قربان کر دیا تو اس کیلئے کفارہ ہے' اس دن سے لے کر جس دن وہ پیدا ہوا' اس دن تک جس دن اس نے صدقہ کیا۔

حَدِيثُ أَبِي الْحَجَّاجِ الثُّمَالِيِّ

ابوالحجاج الثمالی کی حدیث

6835 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْبَغْدَادِيُّ - لَيْسَ بِالزَّهْرَانِيِّ - حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ مَالِكٍ الطَّائِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَائِذٍ الْأَزْدِيِّ، عَنْ أَبِي الْحَجَّاجِ الثُّمَالِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ الْقَبْرُ لِلْمَيِّتِ حِينَ يُوضَعُ فِيهِ: وَيْحَكَ يَا ابْنَ آدَمَ مَا غَرَّكَ بِي؟ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنِّي بَيْتُ الْفِتْنَةِ، وَبَيْتُ الظُّلْمَةِ مَا غَرَّكَ إِذْ كُنْتَ تَمُرُّ بِي فَدَّادًا؟ فَإِنْ كَانَ مُصْلِحًا، أَجَابَ عَنْهُ مُجِيبٌ لِلْقَبْرِ: أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ يَأْمُرُ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ؟ قَالَ: فَيَقُولُ الْقَبْرُ: إِنِّي إِذًا أَعُودُ عَلَيْهِ خَضِرًا، وَيَعُودُ جَسَدُهُ نُورًا،

حضرت ابوالحجاج ثمالی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو قبر اس سے یوں خطاب کرتی ہے: تجھے افسوس! اے ابن آدم! میرے حوالے سے تجھے کس چیز نے دھوکے میں رکھا؟ کیا تجھے معلوم نہیں کہ میں آزمائش کا گھر ہوں' تاریکی کی جگہ ہوں' تجھے کس بات نے دھوکہ دیا' پس جب تُو میرے پاس سے فخر کرتے ہوئے گزرتا تھا؟ اگر وہ آدمی نیک ہوا تو اس کی طرف سے ایک جواب دینے والا قبر کو جواب دے گا: تیرا کیا خیال ہے کہ اگر یہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا تھا؟ راوی کا بیان ہے: تو قبر کہتی ہے: بے شک پھر تو میں اس سرسبز و شاداب ہو جاؤں گی اور اس کا جسم نور بن جائے گا اور

6835- الحديث في المقصد العلي برقم: **474** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**46,45** .

وَتَصْعَدُ رُوحُهُ إِلَى رَبِّ الْعَالَمِينَ . قَالَ لَهُ ابْنُ عَائِذٍ: يَا أَبَا الْحَجَّاجِ، وَمَا الْفَدَّادُ؟ قَالَ: الَّذِي يُقَدِّمُ رِجْلًا وَيُؤَخِّرُ أُخْرَى، كَمِشْيَتِكَ يَا ابْنَ أَخِي أَحْيَانًا . قَالَ: وَهُوَ يَوْمَئِذٍ يَلْبَسُ وَيَتَهَيَّأُ

اس کی روح ترقی کر کے رب العالمین کی بارگاہِ خاص میں رسائی حاصل کر لے گی۔ جناب ابن عائذ نے ان سے عرض کی: اے ابوالحجاج! فداد کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جو ایک قدم آگے رکھے اور دوسرا قدم پیچھے رکھے' اے میرے بھائی کے بیٹے! جیسے تُو چلتا ہے کبھی کبھی۔ راوی کا بیان ہے: حال یہ تھا کہ وہ اس وقت ایک لباس زیب تن کرتا تھا اور ایک سلوانے کیلئے دے دیتا تھا' یعنی دوسرے دن دوسرا۔

حَدِيثُ الْأَعْشَى الْمَازِنِيِّ

اعشیٰ مازنی کی حدیث

6836 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ يُوسُفُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: حَدَّثَنِي صَدَقَةُ بْنُ طَيْسَلَةَ، حَدَّثَنِي مَعْنُ بْنُ ثَعْلَبَةَ الْمَازِنِيُّ - وَالْحَيُّ بَعْدُ - قَالَ: حَدَّثَنِي الْأَعْشَى الْمَازِنِيُّ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْشَدْتُهُ:

(البحر الرجز)

يَا مَالِكَ النَّاسِ وَدَيَّانَ الْعَرَبْ
إِنِّي لَقِيتُ ذِرْبَةً مِنَ الذِّرَبْ
غَدَوْتُ أَبْغِيهَا الطَّعَامَ فِي رَجَبْ
فَخَلَّفَتْنِي بِنِزَاعٍ وَحَرَبْ
أَخْلَفَتِ الْعَهْدَ وَلَطَّتْ بِالذَّنَبْ

حضرت اعشیٰ مازنی فرماتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا تو میں نے شعر کہے:

''اے لوگوں کے مالک اور عرب کو دین عطا کرنے والے! بے شک زہریلی چیزوں میں سے ایک چیز سے ملا ہوں' اب میں رجب میں کھانا تلاش کروں گا'

پس میں نے جھگڑا و فساد اور جنگ کو ہی پیچھے چھوڑا ہے' اس نے زمانے سے وعدہ خلافی کی اور گناہوں سے ملا دیا'

اور یہ چیزیں بُری ہیں اور غالب پر بھی غالب ہیں''۔

پس نبی کریم ﷺ نے اس کے الفاظ کو دُہرایا اور فرمایا: اور یہ چیزیں بُری ہیں' غالب ہے اس کے لیے جو

6836- الحديث في المقصد العلي برقم: **1122** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**128,127** .

وَهُنَّ شَرٌّ غَالِبٌ لِمَنْ غَلَبَ

فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَمَثَّلُهَا وَيَقُولُ: وَهُنَّ شَرٌّ غَالِبٌ لِمَنْ غَلَبَ

غالب ہوا۔

حَدِيثُ قَيْسِ بْنِ الْحَارِثِ

قیس بن حارث کی حدیث

6837 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ حُمَيْضَةَ بْنِ الشَّمَرْدَلِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: أَسْلَمْتُ وَعِنْدِي ثَمَانِ نِسْوَةً، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: اخْتَرْ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا

حضرت قیس بن حارث فرماتے ہیں کہ میں مسلمان ہوا اس حال میں کہ میرے پاس آٹھ بیویاں تھیں' پس میں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو میں نے آپ کو یہ بات بتائی' پس آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ان میں سے جو چار تجھے پسند ہیں' ان کا انتخاب کر لے۔

6838 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ بُهْلُولٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: قَدِمَ وَفْدُ بَنِي تَمِيمٍ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ قَيْسُ بْنُ الْحَارِثِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں: بنی تمیم کا وفد' نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' اس میں حضرت قیس بن حارث بھی تھے۔

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ: وَحَدَّثْتُ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ حُمَيْضَةَ بْنِ الشَّمَرْدَلِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ

حضرت قیس بن حارث' نبی کریم ﷺ سے اس جیسی حدیث بیان کرتے ہیں۔

6837- أخرجه أبو داؤد جلد2صفحه240,239 . وابن ماجة رقم الحديث: 141 .

6838- الحديث سبق برقم: 6837 فراجعه .

حَدِيثُ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَبِي وَدَاعَةَ

6839 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ كَثِيرِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَبِي وَدَاعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِيهِ الْمُطَّلِبِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَرَغَ مِنْ سُبْعِهِ جَاءَ حَتَّى يُحَاذِيَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّقِيفَةِ، فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ فِي حَاشِيَةِ الْمَطَافِ، وَلَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الطَّوَافِ أَحَدٌ

حضرت مطلب بن ابووداعہ کی حدیث

حضرت مطلب فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ فارغ ہوئے تو آئے یہاں تک کہ اس کے اور سقیفہ کے درمیان برابر کھڑے ہو گئے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم مطاف کے کنارے نماز ادا فرمانے لگے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور طواف کے درمیان کوئی آدمی رکاوٹ نہیں تھا۔

حَدِيثُ أَبِي رُهْمٍ الْغِفَارِيِّ وَآخَرَ

6840 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، أَنَّ أَبَا حَازِمٍ مَوْلَى أَبِي رُهْمٍ الْغِفَارِيِّ أَخْبَرَهُ، عَنْ أَبِي رُهْمٍ، وَآخَرَ أَنَّهُمَا كَانَا فَارِسَيْنِ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَأُعْطِيَا سِتَّةَ أَسْهُمٍ: أَرْبَعَةً لِفَرَسَيْهِمَا، وَسَهْمَيْنِ لَهُمَا، فَبَاعَا السَّهْمَيْنِ بِبَكْرَيْنِ

حضرت ابورھم غفاری اور دیگر کی حدیث

حضرت ابورھم اور ایک دوسرا آدمی دونوں حنین کے دن گھوڑوں پر سوار تھے' پس ان دونوں کو چھ حصے ملے' چار حصے ان دونوں کے گھوڑوں کے اور دو حصے ان دونوں کے اپنے' پس ان دونوں نے اونٹنیوں کے دو بچوں کے عوض اپنے دو حصے بیچ ڈالے۔

حَدِيثُ عَمْرِو بْنِ

عمرو بن امیہ ضمری

6839- أخرجه أبو داؤد جلد2صفحه160 من طريق ابن عيينة عن كثير عن بعض أهله' عن جده .

6840- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه342 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني .

أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ — کی حدیث

6841 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي الزِّبْرِقَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ: مَرَّ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ - أَوْ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ - بِمِرْطٍ، فَاسْتَغْلَاهُ، فَمُرَّ بِهِ عَلَى عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ فَاشْتَرَاهُ، فَكَسَاهُ امْرَأَتَهُ سُخَيْلَةَ بِنْتَ عُبَيْدَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، فَمَرَّ بِهِ عُثْمَانُ - أَوْ عَبْدُ الرَّحْمَنِ - فَقَالَ: مَا فَعَلَ الْمِرْطُ الَّذِي ابْتَعْتَ؟ قَالَ عَمْرٌو: تَصَدَّقْتُ بِهِ عَلَى سُخَيْلَةَ بِنْتِ عُبَيْدَةَ. فَقَالَ: إِنَّ كُلَّ مَا صَنَعْتَ إِلَى أَهْلِكَ صَدَقَةٌ. قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ذَاكَ، فَذُكِرَ مَا قَالَ عَمْرٌو لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: صَدَقَ عَمْرٌو، كُلُّ مَا صَنَعْتَ إِلَى أَهْلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ عَلَيْهِمْ

حضرت عمرو بن امیہ فرماتے ہیں: حضرت عثمان بن عفان یا حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ایک عمدہ چادر کے پاس سے گزرے' اُنہوں نے اس کو مہنگا سمجھا' پس کوئی آدمی اسے لے کر حضرت عمرو بن امیہ کے پاس سے گزرا تو اُنہوں نے اسے خرید لیا اور اپنی بیوی سُخیلہ بنت عبیدہ بن حارث بن مطلب کو پہنا دی۔ پس حضرت عثمان یا حضرت عبدالرحمٰن اس جگہ سے گزرے تو فرمایا: وہ چادر کدھر گئی جو تُو نے خرید کر یہاں رکھی ہوئی تھی؟ حضرت عمرو نے جواب دیا: میں نے اسے سُخیلہ بنت عبیدہ پر قربان کر دیا (صدقہ کر دیا)۔ پس اُنہوں نے فرمایا: بے شک اپنے گھر والوں سے جو بھی تُو اچھا سلوک کرتا ہے' وہ صدقہ ہی ہے۔ حضرت عمرو نے کہا: میں نے رسول کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: سو اس بات کا ذکر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں کیا گیا جو عمرو نے کہی تھی تو آپ ﷺ نے فرمایا: عمرو نے سچ کہا' اپنے گھروں سے جو بھی نیک سلوک کرو وہ ان پر صدقہ ہی ہے۔

6842 - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: حَدَّثَنَاهُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ أَبْصَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ مِنْ كَتِفٍ يَنْهَسُ مِنْهَا وَيَجِيءُ إِلَى الصَّلَاةِ، فَيُصَلِّي وَلَمْ

حضرت عمرو بن امیہ ضمری سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ کو کندھے کا گوشت کھاتے ہوئے اور نماز کی طرف آتے ہوئے دیکھا' پس آپ ﷺ نے نماز پڑھی لیکن وضو نہیں فرمایا۔

6841- الحديث في المقصد العلى برقم: 790 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه325 .

6842- أخرجه البخاري جلد1صفحه409,93,34' جلد2صفحه815,814 .

يَتَوَضَّأُ

مُسْنَدُ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسند ام سلمہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبی کریم ﷺ

6843 - أخبرنا أبو يعلى أحمد بن علی بن المثنی الموصلی حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زُهَيْرٍ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَنَا صَبِيٌّ يَشْتَكِي، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ ـ قَالُوا: نَتَّهِمُ بِهِ الْعَيْنَ ـ قَالَ: أَفَلَا تَسْتَرْقُونَ لَهُ مِنَ الْعَيْنِ؟

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے، ہمارے پاس ایک بچہ تھا اس کو تکلیف تھی، آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو کیا ہے؟ عرض کی، اس کو نظر لگ گئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو نظر کا دم کیوں نہیں کرواتے؟

6844 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ أَبُو الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ، وَأَنْتُمْ تَخْتَصِمُونَ إِلَيَّ، وَلَعَلَّ أَحَدَكُمْ أَنْ يَكُونَ أَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَأَقْضِي نَحْوَ مَا أَسْمَعُ مِنْهُ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِشَيْءٍ مِنْ حَقِّ أَخِيهِ، فَلَا يَأْخُذَنَّ مِنْهُ شَيْئًا، فَإِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں بھی تو افضل بشر ہوں اور تم میرے پاس جھگڑے لے کر آتے ہو ممکن ہے کہ تم میں سے کوئی ایک اپنی دلیل کو بیان کرنے میں دوسرے سے زیادہ تیز ہو اور میں اس کے مطابق فیصلہ کر دوں جو اس سے سنوں (یاد رکھو!) پس جس کیلئے میں اس کے بھائی کے حق میں سے کسی چیز کا فیصلہ کر دوں تو وہ اسے نہ لے کیونکہ یہ اس کے لیے آگ کا ٹکڑا ہے۔

6845 - حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ حَمَّادِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول

6843- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه112 وقال: رواه الطبراني في الأوسط عن شيخه .

6844- أخرجه مالك (الموطأ): 448 عن هشام بن عروة .

بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّكُمْ تَخْتَصِمُونَ إِلَيَّ، وَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ، وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ أَنْ يَكُونَ أَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ مِنْ حَقِّ أَخِيهِ، فَلَا يَأْخُذْهُ، فَإِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ

کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک تم جھگڑے لے کر میری طرف آتے ہو، میں عالم بشریت کا سردار ہوں، ممکن ہے کہ تم میں سے کوئی ایک دوسرے سے زیادہ تیز زبان ہو اور وہ اپنی دلیل اچھے طریقے سے پیش کرے، جس بندے کیلئے میں اس کے بھائی کے حق میں سے کسی چیز کا فیصلہ کردوں تو وہ اسے نہ لے کیونکہ (اگر ایسا ہے تو) میں اسے دوزخ کی آگ کا ٹکڑا الگ کر کے دے رہا ہوں۔

6846 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أَخْبَرَنِي صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الَّذِي يَشْرَبُ فِي إِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ، فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ وہ لوگ جو چاندی کے برتن میں پیتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتے ہیں۔

6847 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْمِنْهَالِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى؟ غَيْرَ أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي؟

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو: اے علی! کیا تو اس بات پہ راضی نہیں ہے کہ تیرا مقام و مرتبہ میرے ہاں ایسے ہو جیسے کہ حضرت ہارون علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے تھا؟ مگر (فرق یہ ہے کہ ان کے بعد نبیوں کا آنا تھا) میرے بعد نبوت کا دروازہ بند ہے۔

6848 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ چٹائی پر نماز پڑھتے تھے۔

6846- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه: **576** . وأحمد جلد**6**صفحه**302** .

6847- الحديث في المقصد العلي برقم: **1322** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**109** .

6848- الحديث في المقصد ألعلي برقم: **340** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**57** .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ

6849 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ الْأَخْنَسِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ يَرْبُوعٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ لَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: إِنَّمَا هِيَ هَذِهِ الْحَجَّةُ، ثُمَّ الْجُلُوسُ عَلَى ظُهُورِ الْحُصُرِ فِي الْبُيُوتِ قَالَ ابْنُ أَبِي سَمِينَةَ: إِنَّمَا هُوَ سَعِيدٌ وَلَكِنْ هَكَذَا قَالَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر ہم کو فرمایا، یہی حج ہے پھر گھروں میں چٹائیوں پر بیٹھنا ہے۔ ابن ابوسمینہ کا قول ہے: بے شک وہ سعادت مند ہے لیکن آپ نے اس طرح فرمایا۔

6850 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، جَاءَتْ فَاطِمَةُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَارَّهَا بِشَيْءٍ، فَبَكَتْ، ثُمَّ سَارَّهَا بِشَيْءٍ فَضَحِكَتْ، فَسَأَلْتُهَا عَنْهُ، فَقَالَتْ: أَخْبَرَنِي أَنَّهُ مَقْبُوضٌ فِي هَذِهِ السَّنَةِ، فَبَكَيْتُ، فَقَالَ لِي: أَمَا يَسُرُّكِ أَنْ تَكُونِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْجَنَّةِ إِلَّا فُلَانَةَ؟ فَضَحِكَتْ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے پاس آئیں۔ آپ ﷺ نے ان کے ساتھ کوئی راز کی بات فرمائی۔ آپ رضی اللہ عنہا رو پڑیں۔ پھر کوئی راز کی بات فرمائی، آپ رضی اللہ عنہا ہنس پڑیں۔ میں نے اس کے متعلق پوچھا۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے آپ ﷺ نے بتایا تھا کہ میں نے اس سال دنیا سے چلے جانا ہے، میں رو پڑی۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تجھے پسند نہیں ہے کہ تو جنت کی عورتوں کی سردار ہو؟ تو میں مسکرا پڑی۔

6851 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنَحْوِهِ

مسروق، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

6849- الحديث في المقصد العلي برقم: **603** .

6850- الحديث سبق برقم: **6711** فراجعه .

6851- أخرجه البخاري جلد **1** صفحه **512** عن أبي نعيم به .

6852 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَطَّى عَلَى عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَحَسَنٍ وَحُسَيْنٍ كِسَاءً، ثُمَّ قَالَ: هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، إِلَيْكَ لَا إِلَى النَّارِ . قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَأَنَا مِنْهُمْ؟ قَالَ: لَا، وَأَنْتِ عَلَى خَيْرٍ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی چادر مبارک میں، حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ، حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا، مولا حسن و حسین رضی اللہ عنہم کو ڈھانپا ہوا تھا اور فرمایا: یہ بھی میرے اہل بیت ہیں، انہیں سنبھال لے یہ جہنم میں نہ جائیں۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میں اِن میں شامل ہوں، فرمایا: نہیں بلکہ تو پہلے ہی بھلائی پر ہے۔

6853 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ هُنَيْدَةَ بْنِ خَالِدٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ أُمِّهِ قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ، فَسَأَلْتُهَا عَنِ الصِّيَامِ، فَقَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ بِصِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ مِنْ أَوَّلِهَا: الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ، وَيَوْمًا لَا أَحْفَظُهُ

حضرت ہندہ بن خالد الخزاعی اپنی امی جان سے روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی۔ میں نے روزہ کے متعلق پوچھا؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کہ حضور ﷺ حکم دیتے تھے ہر پہلی پیر اور جمعرات ایک اور دن جو مجھے یاد نہیں ان تین دنوں کا روزہ رکھنے کا حکم ارشاد فرماتے تھے۔

6854 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي نَافِعٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ بِالنِّسَاءِ؟ قَالَ: يُرْخِينَ شِبْرًا . قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِذًا يَنْكَشِفُ عَنْهُنَّ . قَالَ: فَذِرَاعٌ لَا يَزِدْنَ عَلَيْهِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے جب حکم دیا کپڑے کو اٹھانے کا میں نے عرض کی، عورتیں کیا کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک بالشت لٹکالیں۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اس وقت ان کے پاؤں ننگے رہیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک ہاتھ لٹکالیں اس سے زیادہ نہ لٹکائیں۔

6855 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ،

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول

6852- اخرجه أحمد جلد6صفحه298 قال: حدثنا أبو النضر هاشم بن القاسم .

6853- اخرجه أحمد جلد6صفحه310,289 . وأبوداؤد رقم الحديث:2452 .

6854- اخرجه أحمد جلد6صفحه293 قال: حدثنا ابن نمير .

6855- اخرجه مالك (الموطأ) صفحه:570 عن أبي بكر بن نافع . وأحمد جلد6صفحه295 .

حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَالَ فِي جَرِّ الذَّيْلِ مَا قَالَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَكَيْفَ بِنَا؟ فَقَالَ: جُرِّيهِ شِبْرًا فَقَالَتْ: إِذًا تَتَكَشَّفُ الْقَدَمَانِ. قَالَ: فَجُرِّيهِ ذِرَاعًا

کریم ﷺ نے چادر لٹکانے کے بارے کچھ کہا جو کہا' آپ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم عورتوں کے لیے کیا حکم ہے؟ تو آپ نے فرمایا: تم ایک بالشت کے برابر کپڑا لٹکا لیا کرو' پس آپ نے عرض کی: جب دونوں پاؤں ظاہر ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر ایک ہاتھ اس کو لٹکا لیا کرو۔

6856 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُمْ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَبَرَ لِفَاطِمَةَ مِنْ نِطَاقِهَا شِبْرًا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لیے ان کے کمربند کو ایک ہاتھ بڑھا دیا۔

6857 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: رَبِّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَاهْدِنِي السَّبِيلَ الْأَقْوَمَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ فرماتی ہے کہ حضور ﷺ یہ دعا کرتے تھے: رب اغفرلی وارحمنی السبیل الاقوام۔

6858 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ، أَنَّ رَجُلًا، أَخْبَرَهُ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ امْرَأَةً كَانَتْ تُهَرَاقُ الدَّمَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَفْتَتْ لَهَا أُمُّ سَلَمَةَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِتَنْظُرْ عَدَدَ الْأَيَّامِ الَّتِي كَانَتْ تَحِيضُهُنَّ قَبْلَ أَنْ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت تھی اس کو لگا تار خون آتا رہتا تھا، رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ سے اس کے متعلق فتویٰ پوچھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جتنے دن اس کو حیض آتا ہے، اتنے دن شمار کرے، مہینہ کے ان دنوں میں نماز کو چھوڑ دے، جب وہ دن چلے جائیں اور نماز کا وقت آجائے۔ اس کو چاہیے کہ غسل کرے۔ اس جگہ کپڑا باندھ لے اور نماز پڑھے۔

6856- أخرجه أحمد جلد6صفحه299 . والترمذى رقم الحديث:1732 قال: حدثنا اسحاق بن منصور .

6857- الحديث في المقصد العلى برقم:1705 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه174 .

6858- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه:62 عن نافع . والحميدى رقم الحديث:302 .

يَكُونَ بِهَا الَّذِي كَانَ، وَقَدْرَهُنَّ مِنَ الْأَشْهُرِ، فَتَتْرُكَ الصَّلَاةَ قَدْرَ ذَلِكَ، فَإِذَا خَلَّفَتْ ذَلِكَ وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَلْتَغْتَسِلْ، وَلْتَسْتَثْفِرْ بِثَوْبٍ، وَتُصَلِّي

6859 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: دَخَلَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحِي مِنَ الْحَقِّ، هَلْ عَلَى الْمَرْأَةِ غُسْلٌ إِذَا احْتَلَمَتْ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِذَا رَأَتِ الْمَاءَ . قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَهَلْ تَحْتَلِمُ الْمَرْأَةُ؟ فَقَالَ: تَرِبَتْ يَمِينُكِ فَمِمَّ يُشْبِهُهَا وَلَدُهَا؟

حضرت زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے پاس آئیں۔ عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اللہ حق بات سے حیاء نہیں کرتا ہے۔ کیا عورت پر غسل واجب ہوتا ہے؟ جب اس کو احتلام ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ کیا عورتوں کو احتلام ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرا ہاتھ خاک آلود ہو، بچہ ان کے مشابہ کیسے ہوتا ہے، یعنی ماں کا پانی غالب آ جائے تو بچہ ماں کے مشابہ ہوتا ہے اگر باپ کا پانی غالب آ جائے تو بچہ باپ کے مشابہ ہوتا ہے۔

6860 - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِيهَا أَبِي كَثِيرٍ قَالَ: عَلَّمَتْنِي أُمُّ سَلَمَةَ قَالَتْ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُولِي يَا أُمَّ سَلَمَةَ عِنْدَ أَذَانِ الْمَغْرِبِ: اللَّهُمَّ عِنْدَ اسْتِقْبَالِ لَيْلِكَ، وَإِدْبَارِ نَهَارِكَ، وَأَصْوَاتِ دُعَاتِكَ، وَحُضُورِ صَلَوَاتِكَ، أَسْأَلُكَ أَنْ تَغْفِرَ لِي

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے سکھائی یہ دعا، فرمایا: تو یہ دعا پڑھا کر کہ مغرب کی اذان کے وقت: اللهم هذا استقبال ليلة، الى آخره .

6861 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: دو آدمی رسول

6859- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه: **56** . والحميدي رقم الحديث: **298** .

6860- أخرجه عبد بن حُميد: **1543** قال: حدثنا ابن أبي شيبة .

6861- الحديث سبق برقم: **6845,6844** فراجعه .

الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: جَاءَ رَجُلَانِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْتَصِمَانِ فِي مَوَارِيثَ وَأَشْيَاءَ قَدْ دَرَسَتْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا أَقْضِي بَيْنَكُمَا بِرَأْيِي مَا لَمْ يَنْزِلْ عَلَيَّ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِحُجَّةٍ أُرَاهَا، فَاقْتَطَعَ بِهَا قِطْعَةً ظُلْمًا، فَإِنَّمَا يَقْتَطِعُ بِهَا قِطْعَةً مِنَ النَّارِ إِسْطَامًا يَأْتِي بِهِ فِي عُنُقِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ . قَالَتْ: بَكَى الرَّجُلَانِ، وَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَقِّي هَذَا الَّذِي أَطْلُبُ لِصَاحِبِي . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، وَلَكِنِ اذْهَبَا فَتَوَخَّيَا ثُمَّ اسْتَهِمَا، ثُمَّ لِيُحْلِلْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْكُمَا صَاحِبَهُ

کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے جو میراث اور کچھ چیزوں کے بارے آپس میں جھگڑ رہے تھے جو پرانی ہو چکی تھیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے درمیان اپنی رائے سے فیصلہ کروں گا جب تک مجھ پر کوئی وحی نازل نہ ہوئی۔ پس جس آدمی کیلئے میں فیصلہ کر دوں اس کی حجت کے سبب جس کو میں نے معتبر سمجھا (اور وہ دوسرے کا حق ہے) تو اس کو وہ چیز ظلماً ملی ہے' اس نے وہ ٹکڑا آگ کا لیا ہے جس کو وہ قیامت کے دن اپنی گردن میں ڈال کر لائے گا۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: وہ دونوں آدمی رونے لگے اور ان میں سے ہر ایک نے کہا: اے اللہ کے رسول! میں اپنے اس حق کا اپنے ساتھی کیلئے مطالبہ کرتا ہوں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: نہیں! بلکہ تم دونوں جاؤ اور بھائی چارہ کرلو پھر (خوشی و رضا سے) تقسیم کرلو' پھر تم میں سے ہر ایک اپنے ساتھی کیلئے (اپنا حصہ) حلال کرنے والا ہوگا۔

6862 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ، عَنْ هُنَيْدَةَ الْخُزَاعِيِّ، عَنِ امْرَأَتِهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُمْ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ أَوَّلِهِ: الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ، وَالْخَمِيسَ الَّذِي يَلِيهِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ہم سے فرمایا: ہر ماہ کے تین روزے رکھو' اس کے اوّل سے: سوموار اور جمعرات اور وہ جمعرات جو اس سے ملی ہوئی ہے۔

6863 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے

6862- الحديث سبق برقم: 6853 فراجعه .

6863- أخرجه أحمد جلد6صفحه314,292 قال: حدثنا حماد بن أسامة أبو أسامة .

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّدَقَةِ فَقَالَتِ امْرَأَةُ عَبْدِ اللَّهِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيُجْزِى مِنَ الصَّدَقَةِ أَنْ أَتَصَدَّقَ عَلَى زَوْجِي وَهُوَ فَقِيرٌ، وَعَلَى بَنِي أَخٍ لِي أَيْتَامٍ، وَإِنَّهَا مُنْفِقَةٌ هَكَذَا وَهَكَذَا، وَعَلَى كُلِّ حَالٍ؟ قَالَ: نَعَمْ . وَكَانَتْ صَنَاعَ الْيَدَيْنِ

صدقہ کا حکم دیا؟ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اللہ عزوجل کی، یا رسول اللہ ﷺ کیا یہ کافی ہے کہ میں اپنا صدقہ اپنے شوہر کو دے دوں، وہ محتاج ہے اور اپنے بھائی کے بیٹوں کو وہ یتیم ہیں۔ اس طرح اس طرح خرچ کروں ہر حال پر (ثواب ہوگا)؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر حالت میں ٹھیک ہے، اور یہ ہاتھوں کی کمائی ہے۔

6864 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ سُحَيْمٍ، عَنْ أُمِّ حَكِيمٍ بِنْتِ أُمَيَّةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ مِنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، غُفِرَ لَهُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے بیت المقدس سے عمرہ کا احرام باندھا اس کے گناہ معاف کیے جائیں گے۔

6865 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ، عَمَّنْ، حَدَّثَهُ، أَوْ عَنْ جَدَّتِهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ وَصِيفَةً لَهُ فَأَبْطَأَتْ، فَقَالَ: لَوْلَا مَخَافَةُ الْقِصَاصِ لَأَوْجَعْتُكِ بِهَذَا السَّوْطِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی نوکرانی کو بھیجا کچھ دیر ہوئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر قصاص کا خوف نہ ہوتا تو اس کو کوڑے کے ساتھ مارتا۔

6866 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ، عَنْ جَدَّتِهِ،

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام میں قسم نہیں ہے جو قسم تھی زمانہ جاہلیت میں

6864- أخرجه أحمد جلد6صفحه299 قال: حدثنا حسن . قال: حدثنا ابن لهيعة .

6865- الحديث في المقصد العلى برقم:1902 . أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه353 .

6866- الحديث في المقصد العلى جلد8صفحه173 وقال أبو يعلى والطبراني .

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حِلْفَ فِي الْإِسْلَامِ، وَأَيُّمَا حِلْفٍ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمْ يَزِدْ فِي الْإِسْلَامِ إِلَّا شِدَّةً

اسلام میں صرف شدت کا اضافہ کیا گیا ہے۔

6867 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا أَبُو نَصْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُسَاوِرٍ الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّمَا امْرَأَةٍ مَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَنْهَا رَاضٍ دَخَلَتِ الْجَنَّةَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جوعورت اس حال میں فوت ہوئی کہ اس کا خاوند اس سے راضی ہے تو وہ جنتی ہے۔

6868 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا أَبُو نَصْرٍ، عَنْ مُسَاوِرٍ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: لَا يُحِبُّكَ مُنَافِقٌ، وَلَا يُبْغِضُكَ مُؤْمِنٌ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت مولا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا: علی تیرے ساتھ پیار صرف مومن کرے گا بغض صرف منافق رکھے گا۔

6869 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ قَالَ: سُئِلَتْ عَائِشَةُ، وَأُمُّ سَلَمَةَ: أَيُّ الْعَمَلِ أَحَبُّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتَا: مَا دَامَ عَلَيْهِ صَاحِبُهُ

حضرت ابو صالح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا گیا کہ رسول اللہ ﷺ کو کون سا عمل پسند تھا، دونوں نے کہا: جس پر وہ عمل کرنے والا ہمیشگی کرے۔

6870 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ الْوَرَّاقُ، حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ يَعْنِي، عَنْ جَدَّتِهِ، عَنْ أُمِّ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس سے مشورہ مانگا جائے یعنی مشیر امین ہوتا ہے۔

6867- أخرجه عبد بن حُميد: 1941 قال: حدثني يحيٰى بن عبد الحميد .

6868- أخرجه أحمد جلد6صفحه292 قال: حدثنا عثمان بن محمد بن أبي شيبة .

6869- الحديث سبق برقم: 4555 في مسند عائشة .

6870- أخرجه الترمذي رقم الحديث: 2823 قال: حدثنا أبو كريب .

سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ

6871 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَصَابَتْ أَحَدَكُمْ مُصِيبَةٌ فَلْيَقُلْ: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، اللّٰهُمَّ عِنْدَكَ أَحْتَسِبُ مُصِيبَتِي فَأْجُرْنِي فِيهَا وَأَبْدِلْنَا بِهَا خَيْرًا مِنْهَا . فَلَمَّا قُبِضَ أَبُو سَلَمَةَ قَالَتْ: قُلْتُ: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، اللّٰهُمَّ عِنْدَكَ أَحْتَسِبُ مُصِيبَتِي، فَأْجُرْنِي فِيهَا، فَكُنْتُ إِذَا أَرَدْتُ أَنْ أَقُولَ: وَأَبْدِلْنِي بِهَا خَيْرًا، قُلْتُ: وَمَنْ خَيْرٌ مِنْ أَبِي سَلَمَةَ؟ قَالَتْ: فَلَمْ أَزَلْ حَتَّى قُلْتُهَا، فَلَمَّا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا خَطَبَهَا أَبُو بَكْرٍ فَرَدَّتْهُ، وَخَطَبَهَا عُمَرُ فَرَدَّتْهُ، ثُمَّ بَعَثَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَهَا، فَقَالَتْ: مَرْحَبًا بِرَسُولِ اللّٰهِ وَبِرَسُولِهِ، أَقْرِءْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخْبِرْهُ أَنِّي امْرَأَةٌ غَيْرَى، وَأَنِّي مُصْبِيَةٌ، وَأَنَّهُ لَيْسَ لِي أَحَدٌ مِنْ أَوْلِيَائِي شَاهِدٌ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا قَوْلُكِ: إِنِّي غَيْرَى فَإِنِّي أَدْعُو اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَيُذْهِبُ غَيْرَتَكِ، وَأَمَّا قَوْلُكِ: إِنِّي مُصْبِيَةٌ فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَيَكْفِيكِ صِبْيَانَكِ، وَأَمَّا أَوْلِيَاؤُكِ فَلَيْسَ أَحَدٌ مِنْهُمْ شَاهِدٌ وَلَا غَائِبٌ إِلَّا سَيَرْضَانِي . فَقَالَتْ لِابْنِهَا: قُمْ يَا عُمَرُ فَزَوِّجْ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو مصیبت پہنچے، اس کو چاہیے کہ وہ یہ دعا پڑھے: انا للہ وانا الیہ راجعون، الی اخرہ۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب ابوسلمہ کا وصال ہو گیا تو میں نے یہ دعا پڑھی: انا للہ، الی اخرہ۔ جب میں ارادہ کرتی تھی یہ کہنے کا کہ مجھے اس سے بہتر شوہر عطا فرما؟ تو میں کہتی: ابوسلمہ سے بہتر کون ہو سکتا ہے' میں مسلسل کہتی رہی، یہاں تک کہ جب میری عدت مکمل ہو گئی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نکاح کا پیغام بھیجا۔ میں نے اس کو رد کر دیا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نکاح کا پیغام بھجوایا، میں نے اس کو بھی رد کر دیا۔ پھر حضور ﷺ نے نکاح کا پیغام بھیجا، میں نے خوش آمدید کہا۔ رسول اللہ ﷺ کے بھیجے ہوئے کو اور رسول اللہ ﷺ کو۔ میں نے حضور ﷺ کو سلام بھیجا اور بتایا کہ میں غیرت مند عورت ہوں، بچوں والی ہوں۔ میرے اولیاء میں سے کوئی موجود نہیں ہے۔ حضور ﷺ نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: بہرحال تیری بات کہ میں غیرت والی ہوں' تیرے لیے میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل تیری غیرت لے جائے بہرحال تیری بات کہ میں بچوں والی ہوں بے شک اللہ عزوجل تجھے' تیرے بچوں کو کافی ہے۔ بہرحال تیرے لیے کوئی ولی نہیں ہے کہ اُن میں سے کوئی حاضر اور غائب نہیں ہے مگر عنقریب مجھے راضی کرے۔

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَزَوَّجَهَا إِيَّاهُ، وَقَالَ لَهَا: أَمَا لَا أُنْقِصُكِ مِمَّا أَعْطَيْتُ أُخْتَكِ فُلَانَةَ: جَرَّتَيْنِ وَرِجَاءَيْنِ وَوِسَادَةً مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ . فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِيهَا وَهِيَ تُرْضِعُ زَيْنَبَ، فَكَانَتْ إِذَا جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَتْهَا فَوَضَعَتْهَا فِي حِجْرِهَا، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيِيًّا كَرِيمًا . فَفَطِنَ لَهَا عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ - وَكَانَ أَخَاهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ - فَأَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَأْتِيَهَا ذَاتَ يَوْمٍ، فَجَاءَ عَمَّارٌ فَدَخَلَ عَلَيْهَا، فَانْتَشَطَ زَيْنَبَ مِنْ حِجْرِهَا، وَقَالَ: دَعِي هَذِهِ الْمَقْبُوحَةَ الْمَشْقُوحَةَ الَّتِي قَدْ آذَيْتِ بِهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ، فَجَعَلَ يُقَلِّبُ بَصَرَهُ فِي الْبَيْتِ وَيَقُولُ: أَيْنَ زُنَابُ؟ مَا فَعَلَتْ زُنَابُ؟ مَا لِي لَا أَرَى زُنَابُ؟ قَالَتْ: جَاءَ عَمَّارٌ فَذَهَبَ بِهَا، فَبَنَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَهْلِهِ، فَقَالَ لَهَا: إِنْ شِئْتِ أَنْ أُسَبِّعَ لَكِ كَمَا سَبَّعْتُ لِلنِّسَاءِ؟

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے لخت جگر سے کہا: اے عمر! کھڑے ہو تو رسول اللہ ﷺ سے میری شادی کر دے۔ حضور ﷺ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: میں کمی نہیں کروں گا اس سے جو تیری فلاں بہن کو دیا' دو گھڑے روح ایک تکیہ جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی' رسول کریم ﷺ ان کے پاس آتے' وہ (اپنی بیٹی) زینب کو دودھ پلا رہی ہوتی تھیں' پس جب رسول کریم ﷺ تشریف لاتے تو وہ زینب کو پکڑ کر گود میں ڈال لیتیں۔ پس رسول کریم ﷺ حیاء والے' کرم والے تھے۔ پس حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سمجھ گئے کہ وہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی بھائی تھے' پس رسول کریم ﷺ نے ارادہ فرمایا کہ ایک دن ان کے پاس آئیں تو حضرت عمار آ کر ان کے پاس داخل ہوئے اور زینب کو ان کی گود سے اُٹھا لیا' کہا: چھوڑ ہی دو اس قبیح بدشکل کو' جس کی وجہ سے تم نے اللہ کے رسول کو تکلیف دی ہے۔ پس رسول کریم ﷺ' حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس داخل ہوئے تو نگاہ پلٹ پلٹ کر دیکھنے اور کہنے لگے: زناب کہاں ہے؟ زناب کو کیا ہوا؟ میں زناب کو کیوں نہیں دیکھ پا رہا ہوں؟ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: عمار آئے تھے اور اسے لے گئے ہیں' پس رسول کریم ﷺ ان سے ہم بستر ہوئے اور ان سے کہا: اگر آپ چاہیں تو سات راتیں میں تیرے پاس گزاروں جیسے میں (نئی شادی والی) عورتوں کیلئے سات راتیں گزارتا ہوں۔

6872 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم

سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ جَاءَ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَ: لَقَدْ سَمِعْتُ حَدِيثًا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا وَلَا أَدْرِي مَا عَدَلَ بِهِ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّهُ لَا تُصِيبُ أَحَدًا مُصِيبَةٌ فَيَسْتَرْجِعَ عِنْدَ ذَلِكَ ثُمَّ يَقُولُ: اللَّهُمَّ عِنْدَكَ أَحْتَسِبُ مُصِيبَتِي هَذِهِ، اللَّهُمَّ أَخْلِفْنِي مِنْهَا بِخَيْرٍ مِنْهَا، إِلَّا أَعْطَاهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: فَلَمَّا أُصِيبَ أَبُو سَلَمَةَ، قُلْتُ: اللَّهُمَّ عِنْدَكَ أَحْتَسِبُ مُصِيبَتِي هَذِهِ، وَلَمْ تَطِبْ نَفْسِي أَنْ أَقُولَ: اللَّهُمَّ أَخْلِفْنِي مِنْهَا بِخَيْرٍ مِنْهَا، قُلْتُ: مَنْ خَيْرٌ مِنْ أَبِي سَلَمَةَ؟ أَلَيْسَ، وَلَيْسَ؟، ثُمَّ قَالَتْ ذَلِكَ، فَلَمَّا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا أَرْسَلَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُهَا، فَقَالَتْ: مَرْحَبًا بِرَسُولِ اللَّهِ، إِنَّ فِيَّ خِلَالًا ثَلَاثًا: أَنَا امْرَأَةٌ مُصْبِيَةٌ، وَأَنَا امْرَأَةٌ شَدِيدَةُ الْغَيْرَةِ، وَأَنَا امْرَأَةٌ لَيْسَ هَا هُنَا مِنْ أَوْلِيَائِي أَحَدٌ شَاهِدًا فَيُزَوِّجُنِي . فَغَضِبَ عُمَرُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشَدَّ مِمَّا غَضِبَ لِنَفْسِهِ حِينَ رَدَّتْهُ . فَأَتَاهَا عُمَرُ فَقَالَ: أَنْتِ الَّتِي تَرُدِّينَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ بِمَا تَرُدِّينَهُ؟ فَقَالَتْ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، فِيَّ كَذَا وَكَذَا، أَتَاهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَمَّا مَا ذَكَرْتِ مِنْ غَيْرَتِكِ فَإِنِّي أَدْعُو اللَّهَ أَنْ يُذْهِبَهَا، وَأَمَّا مَا ذَكَرْتِ مِنْ

سلمہ رضی اللہ عنہا کے بیٹے نے مجھے حدیث سنائی کہ حضرت ابوسلمہ نے حضرت اُم سلمہ کے پاس آ کر کہا: میں نے رسول کریم ﷺ سے ایک حدیث سنی ہے جو مجھے فلاں فلاں چیز سے بھی زیادہ پسندیدہ ہے اور میں اندازہ نہیں کر سکتا کہ کون سی چیز اس کے برابر ہے۔ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب کسی کو کوئی مصیبت پہنچے تو وہ انا للہ وانا الیہ راجعون کہے' پھر یہ دعا پڑھے: ''اللّٰھم عندك الٰی آخرہ''۔ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب ابوسلمہ فوت ہو گئے تو میں نے کہا: ''اللّٰھم عندك احتسب مصیبتی ھذہ'' اور میرے دل کو یہ بات اچھی نہ لگتی کہ میں کہوں: ''اللّٰھم اخلفنی الٰی آخرہ'' میں کہتی: ابوسلمہ سے بہتر کوئی نہیں؟ پھر فرماتی ہیں: جب عدت پوری ہوگئی تو رسول اللہ ﷺ کی طرف سے نکاح کا پیغام آیا' میں نے خوش آمدید کہا' رسول اللہ ﷺ کے بھیجے ہوئے کو میرے اندر تین خصلتیں ہیں: (یعنی میرے اندر تین باتیں پائی گئی ہیں) میں بچوں والی ہوں' میں شدید غیرت والی ہوں' میرا کوئی قریبی نہیں جو میری شادی کر دے۔ پس عمر فاروق رضی اللہ عنہ غصے ہوئے' رسول اللہ ﷺ کے لیے اس سے زیادہ جتنا غصہ ہوئے' آپ رضی اللہ عنہ اپنے نکاح کے پیغام کو ردّ کرنے کی وجہ سے۔ پس عمر فاروق رضی اللہ عنہ آئے' فرمایا: اے اُم سلمہ! تُو نے رسول اللہ ﷺ (کے پیغامِ نکاح) کو ردّ کیا ہے' کس وجہ سے تُو نے ردّ کیا ہے؟ اُم سلمہ نے فرمایا: اے ابن خطاب! مجھ میں یہ یہ باتیں ہیں' رسول

صِبْيَتِكِ فَإِنَّ اللّٰهَ سَيَكْفِيهِمْ، وَأَمَّا مَا ذَكَرْتِ أَنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَوْلِيَائِكِ أَحَدٌ شَاهِدًا فَإِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَوْلِيَائِكِ أَحَدٌ شَاهِدٌ وَلَا غَائِبٌ يَكْرَهُنِي . فَقَالَتْ لِابْنِهَا: زَوِّجْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَزَوَّجَهُ، فَقَالَ: أَمَا إِنِّي لَمْ أَنْقُصْكِ مِمَّا أَعْطَيْتُ فُلَانَةَ . قَالَ ثَابِتٌ لِابْنِ أُمِّ سَلَمَةَ: وَمَا أَعْطَى فُلَانَةَ؟ قَالَ: جَرَّتَيْنِ تَضَعُ فِيهِمَا حَاجَتَهَا، وَرَحًى، وَوِسَادَةً مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ، ثُمَّ انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِيهَا فَلَمَّا رَأَتْهُ وَضَعَتْ زَيْنَبَ - أَصْغَرَ وَلَدِهَا - فِي حِجْرِهَا، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَآهَا انْصَرَفَ، وَكَانَ حَيِيًّا كَرِيمًا، ثُمَّ أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِيهَا، فَلَمَّا رَأَتْهُ وَضَعَتْهَا فِي حِجْرِهَا، فَانْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِيهَا، فَوَضَعَتْهَا فِي حِجْرِهَا، فَأَقْبَلَ عَمَّارٌ مُسْرِعًا بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْتَزَعَهَا مِنْ حِجْرِهَا، وَقَالَ: هَاتِ هَذِهِ الْمَشْقُوحَةَ الَّتِي مَنَعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتَهُ . فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرَهَا قَالَ: أَيْنَ زُنَابُ؟ قَالَتْ: أَخَذَهَا عَمَّارٌ، فَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَهْلِهِ فَكَانَتْ فِي النِّسَاءِ كَأَنَّهَا لَيْسَتْ مِنْهُنَّ لَا تَجِدُ مَا

کریم ﷺ تشریف لائے' فرمایا: جو تُو نے غیرت کی بات کی ہے' میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ اس کو ختم کر دے اور جو بچوں کا ذکر کیا ہے تو اللہ ان کے لیے کافی ہے (اللہ ان کا ضامن ہے) اور جو تُو نے ذکر کیا کہ تیرا کوئی ولی موجود نہیں ہے تو یہ حقیقت ہے کہ تیرا حاضر و غائب رشتہ دار نہیں ہے' یہ تکلیف دہ ہے۔ پس اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بیٹے سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ سے نکاح کر دو تو اس نے نکاح کر دیا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: میں کمی نہیں کروں گا اس سے جو فلاں کو عطا کیا ہے۔ ثابت' اُم سلمہ کے بیٹے کو فرماتے: میں نے فلاں کو کیا عطا فرمایا ہے؟ فرمایا: دو گھڑے ان میں سے وہ اپنی ضرورت پوری کریں' ایک تکیہ جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی۔ پھر رسول کریم ﷺ تشریف لے گئے' پھر رسول کریم ﷺ تشریف لائے تو آپ نے زینب کو اپنی گود میں لیا ہوا تھا جو اُم سلمہ کی چھوٹی اولاد تھی ان کی گود میں دیکھا' پھر رسول کریم ﷺ تشریف لائے' ان کو دیکھا تو تشریف لے گئے' رسول کریم ﷺ حیاء والے اور کرم والے تھے' پھر رسول کریم ﷺ تشریف لائے اس کو گود میں دیکھا' پھر واپس تشریف لے گئے' پھر تشریف لائے تو اس کو گود میں دیکھا پھر واپس تشریف لے گئے۔ پس عمار رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے پہلے تشریف لائے اور زینب کو ان کی گود سے اُٹھا لیا اور کہا: لاؤ! اس قبیح بدشکل کو جو رسول کریم ﷺ کو اپنی حاجت پوری کرنے سے روکتی ہے۔

يَجِدْنَ مِنَ الْغَيْرَةِ

پس پھر رسول کریم ﷺ تشریف لائے اور اس کو نہ دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: زناب کہاں ہے؟ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اسے عمار لے گئے ہیں۔ پس رسول کریم ﷺ اپنی اہلیہ کے پاس تشریف لائے' پس (حضور ﷺ کی دعا کی برکت سے) وہ عورتوں میں اس طرح ہوتی تھیں' گویا ان میں سے نہیں ہیں' یعنی بے جا غیرت ختم ہوگئی تھی جو عام عورتیں پاتی ہیں' وہ نہیں پاتی تھیں۔

6873 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّاسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ: حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: أَخْبَرَتْنِي هِنْدُ بِنْتُ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كُنَّ نِسَاءٌ يُصَلِّينَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا سَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفْنَ، وَثَبَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ صَلَّى مَعَهُ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَقُومُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ عورتیں حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتی تھیں، حضور ﷺ کے زمانہ پاک میں جب حضور ﷺ سلام پھیرتے تھے، یہ عورتیں چلی جاتیں۔ حضور ﷺ بیٹھے رہتے جو آپ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے تھے جتنی اللہ چاہتا پھر آپ ﷺ کھڑے ہو جاتے۔

6874 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَهَلَّ هِلَالَ ذِي الْحِجَّةِ وَلَهُ ذِبْحٌ يُرِيدُ أَنْ يَذْبَحَهُ، فَلْيُمْسِكْ عَنْ شَعَرِهِ وَأَظْفَارِهِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ذی الحجہ شریف کا چاند دیکھے اس نے قربانی کرنی ہو، وہ اپنے بال اور ناخن کاٹنے سے رک جائے۔

6873- أخرجه أحمد جلد6صفحه296 قال: حدثنا أبو كامل . قال: حدثنا ابراهيم بن سعد .

6874- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 293 . وأحمد جلد6صفحه289 . والدارمى رقم الحديث: 1954 .

6875 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ

حضرت مالک بن انس سے روایت ہے کہ اُنہوں نے عمرو بن مسلم سے' انہوں نے سعید بن میتب سے' انہوں نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے' اُنہوں نے نبی کریم ﷺ سے اس جیسی روایت کی ہے۔

6876 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ أَبُو عَامِرٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عُقْبَةُ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِفَاطِمَةَ: ائْتِينِي بِزَوْجِكِ وَابْنَيْكِ . فَجَاءَتْ بِهِمْ، فَأَلْقَى عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِسَاءً كَانَ تَحْتِي خَيْبَرِيًّا أَصَبْنَاهُ مِنْ خَيْبَرَ، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ هَؤُلَاءِ آلُ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَاجْعَلْ صَلَاتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ . قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: فَرَفَعْتُ الْكِسَاءَ لِأَدْخُلَ مَعَهُمْ، فَجَذَبَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَدِي وَقَالَ: إِنَّكِ عَلَى خَيْرٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اپنے شوہر اور دونوں بیٹوں کو میرے پاس لے آؤ۔ پس وہ لے آئیں۔ رسول کریم ﷺ نے ان پر اپنی چادر ڈالی جو خیبر والی' میرے نیچے ہوتی تھی' وہ ہمیں خیبر سے ملی تھی۔ پھر یوں دعا کی: اے اللہ! یہ بھی محمد ﷺ کے اہل بیت ہیں۔ پس اپنی رحمت اور اپنی برکتیں' آلِ محمد پر بھی اسی طرح فرما جس طرح تُو نے آلِ ابراہیم پر فرمائی تھیں' بے شک تُو خوبیوں والا اور بزرگی والا ہے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پس میں نے چادر اُٹھائی تاکہ میں ان کے ساتھ داخل ہو جاؤں' پس رسول کریم ﷺ نے اس کو میرے ہاتھ سے کھینچ کر فرمایا: بے شک تم خیر پر ہو۔

6877 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ شَرِبَ فِي إِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں' میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا کہ وہ لوگ جو چاندی کے برتن میں پیتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتے ہیں۔

6878 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، قَالَ جَرِيرٌ: سَأَلْتُ

حضرت عبداللہ بن عبد الرحمٰن بن ابی بکر

6875- الحديث سبق برقم: 6874 فراجعه .

6876- الحديث سبق برقم: 6852 فراجعه .

6877- الحديث سبق برقم: 6846 فراجعه .

عَبْدَ الرَّحْمَنِ السَّرَّاجَ، فَقُلْتُ: أَتَدْرِي عَمَّنْ يُحَدِّثُهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، حَدَّثَهُ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: وَكَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ خَالَةَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ام سلمیٰ رضی اللہ عنہا عبداللہ بن عبدالرحمٰن کی خالہ تھیں۔

6879 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ رَجُلًا، فَلَمَّا قَامَ قَالَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ مَنْ هَذَا؟ قُلْتُ: دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ، فَلَمْ أَعْلَمْ أَنَّهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَتَّى سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ أَصْحَابَهُ مَا كَانَ بَيْنَنَا قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عُثْمَانَ مَنْ حَدَّثَكَ هَذَا؟ قَالَ: حَدَّثَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ایک آدمی سے گفتگو فرما رہے تھے جب وہ کھڑا ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے ام سلمہ رضی اللہ عنہا یہ کون ہے؟ میں نے عرض کی، دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ ہیں میں نہیں جانتی تھی کہ وہ حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں یہاں تک کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ اپنے صحابہ کو اس کے بارے بتا رہے تھے۔ جو ہمارے درمیان تھا۔ راوی حدیث فرماتے ہیں کہ ابوعثمان سے عرض کی یہ آپ کو کس نے بیان کی؟ انہوں نے کہا: مجھے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے بیان کی۔

6880 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ الْحُدَّانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ تَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَجُّ جِهَادُ كُلِّ ضَعِيفٍ

حضرت محمد بن علی فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حج، ہر کمزور آدمی کا جہاد ہے۔

6881 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو اللَّيْثِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ أُكَيْمَةَ قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس کے پاس ذبح کرنے کو جانور موجود ہو تو جب ذوالحجہ کا چاند طلوع ہو تو وہ قربانی کرنے تک اپنے

6879- أخرجه البخاري جلد1صفحه513، جلد2صفحه744 . ومسلم جلد2صفحه291 .

6880- أخرجه أحمد جلد6صفحه294 قال: حدثنا وكيع .

6881- الحديث سبق برقم: 6875,6874 فراجعه .

سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ يَقُولُ: سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ لَهُ ذِبْحٌ يَذْبَحُهُ، فَإِذَا أَهَلَّ هِلَالُ ذِي الْحِجَّةِ فَلَا يَأْخُذْ مِنْ شَعْرِهِ وَلَا مِنْ أَظْفَارِهِ حَتَّى يُضَحِّيَ

بال اور اپنے ناخن نہ اُتروائے۔

6882 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجَارِيَةٍ كَانَتْ فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَأَى بِوَجْهِهَا سَفْعَةً فَقَالَ: بِهَا نَظْرَةٌ فَاسْتَرْقُوا لَهَا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے اس لونڈی سے کہا جو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبی پاک ﷺ کے گھر میں تھیں۔ آپ ﷺ نے اس کے چہرے پر افسردگی دیکھی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو نظر لگی ہے، اس کو دم کرواؤ۔

6883 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو كَعْبٍ يَعْنِي صَاحِبَ الْحَرِيرِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: كَانَ مِنْ أَكْثَرِ دُعَاءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ فِي بَيْتِي: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ ۔ قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا بَالُ هَذَا مِنْ أَكْثَرِ دُعَائِكَ؟ قَالَ: إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ قَلْبٍ إِلَّا بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ الرَّبِّ، مَا شَاءَ أَقَامَ، وَمَا شَاءَ أَزَاغَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب میرے گھر میں ہوتے تھے تو آپ ﷺ اکثر یہ دعا کرتے تھے، اے دلوں کو پلٹنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھنا، میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ اکثر یہ دعا کرتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر مسلمان کا دل اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ہے، چاہے تو اس کو قائم رکھے، چاہے تو الٹا کر دے جیسے اس کی شان کے لائق ہے۔

6882- أخرجه البخاري جلد7صفحه171 قال: حدثني محمد بن خالد .

6883- أخرجه أحمد جلد6صفحه294 قال: حدثنا وكيع عن عبد الحميد بن بهرام .

6884 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقْرَأُ: (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الفاتحة:2) يَعْنِي حَرْفًا حَرْفًا

حضرت ام سلمہ ؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم، الحمد للّٰہ رب العالمین کوحرف حرف پڑھتے تھے۔

6885 - حَدَّثَنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُصَبُّ عَلَى بَوْلِ الْغُلَامِ الْمَاءُ، وَيُغْسَلُ بَوْلُ الْجَارِيَةِ

حضرت ام سلمہ ؓ فرماتی ہیں کہ بچہ کے پیشاب پر پانی بہا دیا جائے اور بچی کے پیشاب کے لگنے پر کپڑے کودھویا جائے۔

6886 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ نَبْهَانَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَنَا وَمَيْمُونَةُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ يَسْتَأْذِنُ، وَذَلِكَ بَعْدَ أَنْ ضُرِبَ الْحِجَابُ . قَالَ: قُومَا . فَقَالَتَا: إِنَّهُ مَكْفُوفٌ لَا يُبْصِرُنَا . قَالَ: أَفَعَمْيَاوَانِ أَنْتُمَا لَا تُبْصِرَانِهِ؟

حضرت ام سلمہ ؓ فرماتی ہیں کہ میں اور میمونہ ؓ حضور ﷺ کے پاس تھیں۔حضرت ابن مکتوم تشریف لائے، اجازت چاہی یہ پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد کی بات ہے۔حضور ﷺ نے فرمایا: دونوں اٹھ جاؤ۔ ہم نے دونوں سے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ یہ نابینا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم دونوں تو نابینا نہیں ہو۔تم دونوں اس کونہیں دیکھ رہی ہو۔

6887 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ام سلمہ ؓ فرماتی ہیں کہ بچہ کے پیشاب پر پانی بہ دیا جائے جب تک وہ کھانا نہ کھاتا ہو اور بچی کے پیشاب پر کپڑے کودھویا جائے خوہ وہ کھانا کھاتی ہو

6884- أخرجه أحمد جلد6صفحه302 قال: حدثنا يحيىٰ بن سعيد الأموی .

6885- أورده الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد1صفحه220 وقال: رواه الطبرانی فی الأوسط .

6886- أخرجه أحمد جلد6صفحه296 قال: حدثنا عبد الرحمٰن بن مهدی .

6887- أخرجه أبو داؤد جلد1صفحه145 . ومن طريقه أخرجه البيهقی فی الكبرىٰ جلد2صفحه416 .

وَسَلَّمَ: بَوْلُ الْغُلَامِ يُصَبُّ عَلَيْهِ الْمَاءُ صَبًّا مَا لَمْ يَطْعَمْ، وَبَوْلُ الْجَارِيَةِ يُغْسَلُ غَسْلًا طَعِمَتْ أَوْ لَمْ تَطْعَمْ

یا نہ کھاتی ہو (یعنی ابھی صرف ماں کا دودھ پیتی ہو)۔

6888 - حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مِرْدَاسٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا ابْتُلِيَ أَحَدُكُمْ بِالْقَضَاءِ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ فَلَا يَقْضِ وَهُوَ غَضْبَانُ، وَلْيُسَوِّ بَيْنَهُمْ فِي النَّظَرِ وَالْمَجْلِسِ، وَالْإِشَارَةِ، وَلَا يَرْفَعْ صَوْتَهُ عَلَى أَحَدِ الْخَصْمَيْنِ فَوْقَ الْآخَرِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مسلمانوں کے درمیان فیصلہ کے لیے آزمایا جائے وہ غصہ کی حالت میں فیصلہ نہ کرے۔ دونوں کو دیکھنے اور بٹھانے اور اشارہ کرنے میں برابری کرے۔ دونوں مدمقابل میں سے کسی ایک پر دوسرے کو چھوڑ کر اپنی آواز بلند نہ کرے۔

6889 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ الْهُذَلِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أُمِّ وَلَدٍ لِإِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَتْ: كُنْتُ أُطِيلُ ذَيْلِي فَأَمُرُّ بِالْمَكَانِ الْقَذِرِ وَالْمَكَانِ الطَّيِّبِ، فَدَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ، فَسَأَلْتُهَا عَنْ ذَلِكَ، فَقَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يُطَهِّرُهُ مَا بَعْدَهُ

ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف کی اُم ولد فرماتی ہیں کہ میری چادر لمبی تھی، میرا گزر گندگی والی اور صاف جگہ سے ہوتا تھا' میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی۔ میں نے اس کے متعلق پوچھا، آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اس کے بعد والی جگہ اس کو پاک کر دیتی ہے۔

6890 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَمَّالُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ سُوقَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، سَمِعَ أُمَّ سَلَمَةَ تَقُولُ: ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَيْشَ الَّذِي يُخْسَفُ بِهِمْ، قَالَتْ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک لشکر کا ذکر کیا۔ اُن کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ ان میں کچھ مجبور لوگ بھی ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ان کو ان

6888- الحديث في المقصد العلي برقم: 889 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه197,194 .

6889- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: 41 . وأحمد جلد6صفحه290 .

6890- أخرجه أحمد جلد6صفحه289 . وابن ماجة رقم الحديث: 4065 .

أُمُّ سَلَمَةَ: فَقُلْتُ لَعَلَّ فِيهِمُ الْمُكْرَهُ؟ قَالَ: إِنَّهُمْ يُبْعَثُونَ عَلَى نِيَّاتِهِمْ

کی نیتوں پر اٹھایا جائے گا۔

6891 - حَدَّثَنَا هَارُونُ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يُحَنَّسَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدٍ الْأَخْنَسِيُّ، عَنْ جَدَّتِهِ حُكَيْمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَهَلَّ بِحَجَّةٍ أَوْ عُمْرَةٍ مِنَ الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى إِلَى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ - أَوْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ- شَكَّ عَبْدُ اللَّهِ أَيَّهُمَا قَالَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے بیت المقدس سے مسجد حرام کی طرف احرام باندھا اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کیے جائیں گے۔ یا فرمایا: اس کیلئے جنت واجب ہو گئی۔ حضرت عبداللہ کو شک ہے ان دونوں میں سے کون سی بات فرمائی۔

6892 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا خَادِمًا فَأَبْطَأَتْ، وَفِي يَدِهِ سِوَاكٌ فَقَالَ: لَوْلَا الْقِصَاصُ لَضَرَبْتُكِ بِهَذَا السِّوَاكِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے خادم کو بلایا' اسے آنے میں کچھ دیر ہوئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر قصاص کا خوف نہ ہوتا تو میں تجھے اس مسواک کے ساتھ مارتا۔

6893 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ أَبُو زَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَثْمَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ وَهْبٍ، أَنَّ أَبَاهُ، أَخْبَرَهُ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْخُلُ عَلَى أَزْوَاجِهِ كُلَّ غَدَاةٍ فَيُسَلِّمُ عَلَيْهِنَّ، فَكَانَتْ مِنْهُنَّ امْرَأَةٌ عِنْدَهَا عَسَلٌ، فَكَانَ إِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا أَحْضَرَتْ لَهُ مِنْهُ شَيْئًا، فَيَمْكُثُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ہر صبح ہر بیوی کے پاس جاتے تھے، ان کو سلام کرتے۔ ان میں سے ایک بیوی تھی۔ ان کے پاس شہد تھا۔ جب اس کے پاس جاتے وہ آپ کے لیے اس میں سے کچھ لاتی تھیں۔ آپ ﷺ ان کے پاس ٹھہر جاتے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا و حفصہ رضی اللہ عنہا نے اس کی خوشبو پائی جب حضور ﷺ ان کے پاس آئے۔ دونوں نے عرض کی، یا

6891- الحديث سبق برقم: 6864 فراجعه .

6892- الحديث سبق برقم: 6865 فراجعه .

6893- الحديث في المقصد العلي برقم: 794 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه316 .

عِنْدَهَا، وَإِنَّ عَائِشَةَ وَحَفْصَةَ وَجَدَتَا مِنْ ذَلِكَ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِمَا قَالَتَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّا نَجِدُ مِنْكَ رِيحَ مَغَافِرَ قَالَ: فَتَرَكَ ذَلِكَ الْعَسَلَ

رسول اللہ! ہم آپ ﷺ سے مغافیر کی بُو پا رہی ہیں، آپ ﷺ نے اس شہد کو چھوڑ دیا۔

6894 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ، عَنْ مَوْلَاةٍ لِأُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا صَلَّى الصُّبْحَ، ثُمَّ سَلَّمَ قَالَ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا طَيِّبًا، وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب صبح کی نماز پڑھتے، پھر سلام پھیرتے، آپ ﷺ یہ دعا کرتے: اللّٰھم انی اسائلك، الٰی آخرہٖ۔

6895 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِي نَصْرٍ، عَنْ مُسَاوِرٍ الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يُحِبُّ عَلِيًّا مُنَافِقٌ، وَلَا يُبْغِضُهُ مُؤْمِنٌ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی منافق، علی سے محبت نہیں کرسکتا اور کوئی مؤمن علی سے بغض نہیں کرسکتا۔

6896 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ أُمِّ كُلْثُومٍ بِنْتِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَمْعَةَ، أَنَّ جَدَّتَهَا أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَفَعَتْ إِلَيْهَا مِخْضَبًا مِنْ صُفْرٍ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلُ فِي هَذَا قَالَ طَلْحَةُ: فَأَرَتْنِيهِ أُمُّ كُلْثُومٍ، كَانَ نَحْوَ الصَّاعِ أَوْ أَكْبَرَ قَلِيلًا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں (کہ میں آپ ﷺ کے لیے ایک صاع پانی بھر کر دیتی تھیں) آپ ﷺ اس میں غسل کرتے تھے۔ حضرت طلحہ فرماتے ہیں: ام کلثوم کو شک ہے کہ وہ ایک صاع کے برابر یا اس سے تھوڑا بڑا تھا۔

6897 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے

6894- اخرجه الحميدى رقم الحديث: 299 قال: حدثنا سفيان .

6895- الحديث سبق برقم: 6868 فراجعه .

6896- أورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 219 .

مُحَمَّدٌ يَعْنِي غُنْدَرًا، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَاقَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَمَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: مَا مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى كَانَتْ أَكْثَرُ صَلَاتِهِ قَاعِدًا غَيْرَ الْفَرِيضَةِ، وَكَانَ أَحَبُّ الْعَمَلِ إِلَيْهِ أَدْوَمَهُ وَإِنْ قَلَّ

ایام امراض میں فرضوں کے علاوہ اکثر نوافل بیٹھ کر پڑھے تھے، آپ ﷺ کے نزدیک سب سے بہترین عمل وہ تھا جس پر ہمیشگی ہو، اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔

6898 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أُمِّ مُوسَى، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: وَالَّذِي يُحْلَفُ بِهِ إِنْ كَانَ عَلِيٌّ لَأَقْرَبُ النَّاسِ عَهْدًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ قُبِضَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةً بَعْدَ غَدَاةٍ يَقُولُ: جَاءَ عَلِيٌّ؟ مِرَارًا ـ قَالَتْ: وَأَظُنُّهُ كَانَ بَعَثَهُ فِي حَاجَةٍ قَالَ: فَجَاءَ بَعْدُ، فَظَنَنَّا أَنَّ لَهُ إِلَيْهِ حَاجَةً، فَخَرَجْنَا مِنَ الْبَيْتِ، فَقَعَدْنَا عِنْدَ الْبَابِ، فَكُنْتُ مِنْ أَدْنَاهُمْ، فَأَكَبَّ عَلَيْهِ عَلِيٌّ فَجَعَلَ يُسَارُّهُ وَيُنَاجِيهِ، ثُمَّ قُبِضَ مِنْ يَوْمِهِ ذَلِكَ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: قسم ہے اس ذات کی جس کے نام کی قسم کھائی جاتی ہے! حضرت علی رضی اللہ عنہ عہد (ذمہ داری وغیرہ) کے لحاظ سے تمام لوگوں سے زیادہ رسول کریم ﷺ کے قریب تھے' حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جس دن حضرت عائشہ کے مکان میں رسول کریم ﷺ کا وصال ہوا' پس رسول کریم ﷺ نے ہر صبح یہ کہنا شروع کر دیا: علی آئے ہیں؟ یہ بات کئی بار کی۔ آپ فرماتی ہیں: میرا گمان ہے کہ انہیں رسول کریم ﷺ نے کوئی کام بھیج دیا تھا۔ پس اس کے بعد وہ آئے' پس ہم نے گمان کیا کہ آپ ﷺ کو ان سے کوئی ضروری کام ہے' پس ہم گھر سے باہر ہو گئے' پس ہم دروازے کے پاس بیٹھ گئے (سارے گھر والے)۔ پس میں سب سے زیادہ ان کے قریب تھی' پس حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ پر جھک کر کھڑے ہو گئے اور آپ ﷺ نے ان سے سرگوشی کرنا شروع کر دی' پھر اسی دن آپ ﷺ کا وصال ہوا۔

6899 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ الْبَخْتَرِيِّ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے، ہمارے پاس ایک بچہ تھا اس کو

6898- أخرجه أحمد جلد6صفحه300 قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

6899- الحديث سبق برقم:6843 فراجعه .

سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدِي صَبِيٌّ يَشْتَكِي، فَقَالَ: مَا لَهُ؟ ـ فَقُلْنَا: اتَّهَمْنَا لَهُ الْعَيْنَ ـ فَقَالَ: أَلَا تَسْتَرْقُونَ لَهُ مِنَ الْعَيْنِ؟

تکلیف تھی، آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو کیا ہے؟ عرض کی، اس کو نظر لگ گئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو نظر کا دم کیوں نہیں کرواتے؟

6900 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَفِينَةَ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَتْ عَامَّةُ وَصِيَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ: الصَّلَاةُ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ ـ حَتَّى جَعَلَ يُلَجْلِجُهَا فِي صَدْرِهِ وَمَا يَفِيضُ بِهَا لِسَانُهُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی عام وصیت حالت بیماری میں نماز تھی اور ان لوگوں سے اچھا سلوک جو تمہاری ملکیت ہیں' یہ تھی حتیٰ کہ وہ آپ ﷺ کے سینے میں اٹکنے لگی او زبان سے اس کی ادائیگی ممکن نہ رہی۔

6901 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْطَجِعٌ فِي بَيْتِي إِذِ احْتَفَزَ جَالِسًا وَهُوَ يَسْتَرْجِعُ، فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، مَا شَأْنُكَ تَسْتَرْجِعُ؟ قَالَ: لِجَيْشٍ مِنْ أُمَّتِي يَجِيئُونَ مِنْ قِبَلِ الشَّامِ يَؤُمُّونَ الْبَيْتَ لِرَجُلٍ يَمْنَعُهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ، حَتَّى إِذَا كَانُوا بِالْبَيْدَاءِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ خُسِفَ بِهِمْ وَمَصَادِرُهُمْ شَتَّى ـ قُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ، كَيْفَ يُخْسَفُ بِهِمْ جَمِيعًا وَمَصَادِرُهُمْ شَتَّى؟ قَالَ: إِنَّ مِنْهُمْ مَنْ جُبِرَ، إِنَّ مِنْهُمْ مَنْ جُبِرَ، إِنَّ مِنْهُمْ مَنْ جُبِرَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اسی اثناء میں کہ حضور ﷺ میرے گھر میں لیٹے ہوئے تھے' آپ ﷺ اچانک اُٹھ بیٹھے اور انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھ رہے تھے' پس میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! کیا وجہ ہے کہ آپ ﷺ کلمۂ استرجاع پڑھ رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس لشکر کی وجہ سے جو شام کی طرف سے آئیں گے' مسجد حرام کا ارادہ کرتے ہوں گے' ایک آدمی کی وجہ سے جس سے انہیں اللہ تعالیٰ منع کرتا ہو گا حتیٰ کہ جب وہ ذوالحلیفہ کی وادیٔ بیداء کے مقام پر ہوں گے تو انہیں دھنسا دیا جائے گا اور ان کے مصادر مختلف ہوں گے۔ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ

6900- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**311** قال: حدثنا بهز .

6901- الحديث سبق برقم:**6890** فراجعه .

آپ پر قربان ہوں! وہ تمام کے تمام کیسے دھنسا دیئے جائیں گے اوران کے مصادر مختلف ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: ان میں سے بعض کسی وجہ سے مجبور کیے گئے۔ تین بار یہی بات فرمائی۔

6902 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِی عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِمِثْلِهِ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بھی نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کی ہے۔

6903 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَالَتِهِ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الَّذِی يَشْرَبُ فِی إِنَاءِ فِضَّةٍ إِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِی بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: وہ لوگ جو چاندی کے برتن میں پیتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتے ہیں۔

6904 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ أَبِی عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ صَالِحٍ أَبِی الْخَلِيلِ، عَنْ صَاحِبٍ لَهُ - وَرُبَّمَا قَالَ صَالِحٌ: - عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ اخْتِلَافٌ عِنْدَ مَوْتِ خَلِيفَةٍ، فَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ إِلَى مَكَّةَ، فَيَأْتِيهِ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ، فَيُخْرِجُونَهُ وَهُوَ كَارِهٌ، فَيُبَايِعُهُمْ بَيْنَ الْمَقَامِ

رسول کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ایک خلیفہ کی موت پر اختلاف ہوگا' پس ایک قریشی اہل مدینہ سے نکل کر مکہ چلا جائے گا' اس کے پاس مکی آئیں گے اور اسے نکال دیں گے اس حال میں کہ وہ اسے ناپسند کرتا ہوگا' پس وہ مقامِ ابراہیم اور حجراسود کے درمیان لوگوں سے بیعت لے گا۔ پس وہ اس کی طرف شام سے ایک لشکر بھیجیں گے' پس جب وہ وادیٔ بیداء میں ہوں گے تو انہیں زمین میں دھنسا دیا جائے گا' پس جب لوگ اس

6902- الحديث سبق برقم: **6901,6890** .

6903- الحديث سبق برقم: **6846** فراجعه .

6904- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**316** قال: حدثنا عبد الصمد وحرمي' المعنى .

وَالرُّكْنِ، فَيَبْعَثُونَ إِلَيْهِ جَيْشًا مِنَ الشَّامِ، فَإِذَا كَانُوا بِالْبَيْدَاءِ خُسِفَ بِهِمْ، فَإِذَا بَلَغَ النَّاسُ ذَلِكَ، أَتَاهُ أَبْدَالُ أَهْلِ الشَّامِ، وَعَصَائِبُ مِنْ أَهْلِ الْعِرَاقِ فَيُبَايِعُونَهُ، وَيَنْشَأُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ، أَخْوَالُهُ كَلْبٌ فَيَبْعَثُ إِلَيْهِمْ بَعْثًا - أَوْ قَالَ: جَيْشًا فِيهِمْ مُؤْمِنُهُمْ - وَيَظْهَرُونَ عَلَيْهِمْ فَيَقْسِمُ بَيْنَ النَّاسِ فَيْئَهُمْ وَيُعْمِلُ فِيهِمْ سُنَّةَ نَبِيِّهِمْ، وَيُلْقِي الْإِسْلَامَ بِجِرَانِهِ إِلَى الْأَرْضِ يَمْكُثُ سَبْعَ سِنِينَ

جگہ پہنچیں گے تو شام والوں کا ابدال آئے گا اور اہل عراق کے عصبے (گروہ) پس وہ اس سے بیعت کریں گے۔ قریش سے ایک آدمی پیدا ہوگا' جس کے اُخوال (نگران' خادم) کتے ہوں گے' پس وہ ان کی طرف ایک لشکر بھیجے گا یا بعث کی بجائے جیش کا لفظ بولا۔ ان میں مؤمن بھی ہوں گے اور وہ ان پر غالب آ جائیں گے' پس وہ لوگوں کے درمیان مالِ غنیمت تقسیم کریں گے۔ ان میں اپنے نبی کی سنت کا اجراء کریں گے' وہ اسلام کی زمین مضبوط کردے گا' وہ سات سال رہے گا۔

6905 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ يَعْنِي، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ مَفْرَشِي حِيَالَ مُصَلَّى رَسُولِ اللَّهِ وَكَانَ يُصَلِّي وَأَنَا حِيَالُهُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میرا بستر رسول کریم ﷺ کے نماز پڑھنے کی جگہ کیلئے رکاوٹ ہوتا جبکہ آپ ﷺ نماز ادا فرماتے' اس حال میں کہ میں رکاوٹ ہوتی۔

6906 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ دَاوُدَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ جَدَّتِهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُ أَبُو الْهَيْثَمِ الْأَنْصَارِيُّ فَاسْتَخْدَمَهُ، فَوَعَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ أَصَابَ سَبْيًا، فَلَقِيَ عُمَرَ فَقَالَ لَهُ: يَا أَبَا الْهَيْثَمِ، إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَصَابَ سَبْيًا فَأْتِهِ فَتَنَجَّزْ عِدَتَكَ، فَمَضَى أَبُو الْهَيْثَمِ وَعُمَرُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَبُو

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ کے پاس ابوالہیثم انصاری آیا' اس نے خادم کا مطالبہ کیا تو نبی کریم ﷺ نے وعدہ فرمایا کہ اگر قیدی آئے تو (تجھے دیا جائے گا)۔ پس وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملا تو آپ نے اس سے کہا: اے ابوالہیثم! بے شک نبی کریم ﷺ کو قیدی ملے ہیں' پس آپ ﷺ کے پاس جا کر اپنا وعدہ پورا کر لے۔ پس ابوالہیثم اور حضرت عمر چل کر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! ابوالہیثم آپ کے پاس اپنا وعدہ پورا

6905- أخرجه أحمد جلد6صفحه322 قال: حدثنا عفان . قال: حدثنا وُهيب .

6906- الحديث في المقصد العلي برقم:1074 .

الْهَيْثَمِ أَتَاكَ يَتَنَجَّزُ عِدَتَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أَصَبْنَا غُلَامَيْنِ أَسْوَدَيْنِ، اخْتَرْ أَيَّهُمَا شِئْتَ . قَالَ: فَإِنِّي أَسْتَشِيرُكَ فَقَالَ: الْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ، خُذْ هَذَا فَقَدْ صَلَّى عِنْدَنَا وَلَا تَضْرِبْهُ، فَإِنَّا نُهِينَا عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّينَ

کروانے آیا ہے' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہمیں دو کالے غلام ملے ہیں ان میں سے جو چاہے چن لے۔ اس نے عرض کی: میں آپ سے مشورہ طلب کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: جس سے مشورہ مانگا جائے وہ امین ہوتا ہے' یہ لے لو! پس اس نے ہمارے پاس ایک نماز پڑھی ہے' اسے مت مارنا کیونکہ نمازیوں کو مارنے سے ہمیں منع کیا گیا ہے۔

6907 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَحَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ، وَعَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ قَالُوا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي الْعُشَرَاءِ الدَّارِمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَمَا تَكُونُ الذَّكَاةُ إِلَّا بَيْنَ اللَّبَّةِ أَوِ الْحَلْقِ؟ قَالَ: بَلَى، لَوْ طَعَنْتَ فِي فَخِذِهَا لَأَجْزَأَ عَنْكَ وَفِي حَدِيثِ حَوْثَرَةَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْ طَعَنْتَ فِي فَخِذِهَا لَأَجْزَأَ عَنْكَ

حضرت ابو العشراء الدارمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ زوج تو صرف لبہ اور حلق کے درمیان سے کیا جاتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں نہیں، اگر تو اس کی ران پر نیزہ مارتا تو تیرے لیے کافی تھا۔ حضرت حوثرہ کی حدیث میں ہے: اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے! اگر تُو اس کی ران میں نیزہ مارتا تو تیری طرف جائز تھا۔

6908 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُدْعَانَ الْقُرَشِيِّ، عَنْ جَدَّتِهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي وَكَانَ بِيَدِهِ سِوَاكٌ، فَدَعَا وَصِيفَةً لَهُ- أَوْ لَهَا- حَتَّى اسْتَأْثَرَ الْغَضَبُ فِي وَجْهِهِ . فَخَرَجَتْ أُمُّ سَلَمَةَ إِلَى

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے گھر میں تھے جبکہ آپ کے ہاتھ میں ایک مسواک تھی' آپ نے اپنی نوکرانی کو آواز دی یا اُم سلمہ کی نوکرانی کو آواز دی (راوی کو شک ہے) حتیٰ کہ آپ ﷺ کے چہرے میں ناراضی کے آثار ظاہر ہوئے' پس حضرت اُم سلمہ دوسرے حجروں کی طرف نکلیں تو نوکرانی کو کھلونے (چوپائے) سے کھیلتے ہوئے پایا تو

6907- أخرجه أبو داؤد جلد3صفحه62ل . والترمذى جلد2صفحه346 . والنسائى رقم الحديث:4413 .

6908- الحديث سبق برقم:6893,6865 فراجعه .

الْحُجُرَاتِ، فَوَجَدَتِ الْوَصِيفَةَ وَهِيَ تَلْعَبُ بِبَهِيمَةٍ، فَقَالَتْ: أَلَا أَرَاكِ تَلْعَبِينَ بِهَذِهِ الْبَهِيمَةِ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوكِ؟ فَقَالَتْ: لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا سَمِعْتُكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا خَشْيَةُ الْقَوَدِ لَأَوْجَعْتُكِ بِهَذَا السِّوَاكِ؟

فرمایا: کیا بات ہے! تُو کھلونوں سے کھیل رہی ہے جبکہ رسول کریم ﷺ تجھے بلا رہے ہیں؟ اس نے عرض کی: قسم ہے میں نے آپ کی آواز نہیں سنی (اے اللہ کے رسول!) پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے قصاص کا ڈر نہ ہوتا تو میں تجھے اس مسواک سے تکلیف دیتا۔

6909 - حَدَّثَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُزَيْزٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي سَلَامَةُ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَخْبَرَهُ أَنَّ سَفِينَةَ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيهَا جَرَسٌ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: فرشتے اس قافلے کو اپنا ساتھی نہیں بناتے جس کے پاس گھنگرو ہوں۔

6910 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي الْمُجَالِدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي رَكْعَتَيْنِ، فَقُلْتُ لَهُ: مَا هَاتَانِ؟ قَالَ: كُنْتُ أُصَلِّيهِمَا قَبْلَ الْعَصْرِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے میرے گھر میں دو رکعت نماز پڑھی، میں نے آپ ﷺ سے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ یہ دو رکعتیں کیا تھیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں عصر سے پہلے پڑھتا تھا (وہ رہ گئی تھیں)۔

6911 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبَانَ بْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اسی دوران کہ رسول کریم ﷺ تشریف فرما تھے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کے پیچھے تھیں' حضرت ابوبکر

6909- أخرجه النسائي في الكبير (الورقة/**118**-ب) قال: أخبرنا وهب بن بيان .

6910- أخرجه النسائي في الكبرى رقم الحديث: **334** قال: أخبرنا محمد بن المثنى .

6911- الحديث في المقصد العلي برقم: **1309** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9** صفحه **82,87** بنحوه .

عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ وَعَائِشَةُ وَرَاءَهُ، إِذِ اسْتَأْذَنَ أَبُو بَكْرٍ فَدَخَلَ، ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُمَرُ فَدَخَلَ، ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عَلِيٌّ فَدَخَلَ، ثُمَّ اسْتَأْذَنَ سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ فَدَخَلَ، ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَدَخَلَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَحَدَّثُ كَاشِفًا عَنْ رُكْبَتِهِ، فَمَدَّ ثَوْبَهُ عَلَى رُكْبَتِهِ وَقَالَ لِامْرَأَتِهِ: اسْتَأْخِرِي عَنِّي . فَتَحَدَّثُوا سَاعَةً، ثُمَّ خَرَجُوا . قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دَخَلَ عَلَيْكَ أَصْحَابُكَ فَلَمْ تُصْلِحْ ثَوْبَكَ وَلَمْ تُؤَخِّرْنِي عَنْكَ حَتَّى دَخَلَ عُثْمَانُ؟ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، أَلَا أَسْتَحِي مِنْ رَجُلٍ تَسْتَحِي مِنْهُ الْمَلَائِكَةُ؟ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَسْتَحِي مِنْ عُثْمَانَ كَمَا تَسْتَحِي مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، وَلَوْ دَخَلَ وَأَنْتِ قَرِيبَةٌ مِنِّي، لَمْ يَرْفَعْ رَأْسَهُ، وَلَمْ يَتَحَدَّثْ حَتَّى يَخْرُجَ

صدیق رضی اللہ عنہ نے حاضری کی اجازت طلب کی' پس آپ آئے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت مانگی' وہ بھی داخل ہوئے' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ اجازت طلب کر کے آ گئے' پھر حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ اجازت لے کر اندر آئے' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اجازت مانگی وہ بھی داخل ہوئے۔ جبکہ رسول کریم ﷺ گفتگو فرما رہے تھے' اندر آئے حال یہ تھا کہ آپ ﷺ کی پنڈلی سے کپڑا ہٹا ہوا تھا۔ پس آپ ﷺ نے اپنے کپڑے کو پکڑ کر درست کیا اور اپنی زوجہ محترمہ سے فرمایا: مجھ سے تھوڑا پیچھے ہو جاؤ۔ ایک گھڑی ان سے گفتگو کی پھر وہ سارے چلے گئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ کے صحابہ آپ کے پاس آئے اور آپ نے اپنا کپڑا درست نہ کیا اور مجھے اپنے سے پیچھے نہ کیا یہاں تک کہ حضرت عثمان داخل ہوئے؟ (تو آپ نے یہ کیا) آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! کیا میں اس آدمی سے حیاء نہ کروں جس سے ملائکہ حیاء کرتے ہیں؟ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں محمد کی جان ہے! بے شک فرشتے حضرت عثمان سے حیاء کرتے ہیں جیسے اللہ اور اس کے رسول سے کرتے ہیں' اگر وہ داخل ہوتے اور تُو میرے قریب ہوتی تو وہ سر نہ اُٹھاتے اور بات کے بغیر چلے جاتے۔

6912 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ أَبِي خِدَاشٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا میں غریب تھی اور جنگل کی زمین میں رہتی

6912- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **291** . وأحمد جلد**6**صفحه**289** .

نَجِيحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ، لَمَّا مَاتَ أَبُو سَلَمَةَ: قُلْتُ: غَرِيبٌ، وَبِأَرْضِ غُرْبَةٍ لَأَبْكِيَنَّهُ بُكَاءً يُتَحَدَّثُ بِهِ قَالَتْ: فَبَيْنَا أَنَا كَذَلِكَ إِذْ تَهَيَّأْتُ لِلْبُكَاءِ عَلَيْهِ، إِذْ أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الصَّعِيدِ تُرِيدُ أَنْ تُسْعِدَنِي عَلَيْهِ، فَلَقِيَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا: تُرِيدِينَ أَنْ تُدْخِلِي الشَّيْطَانَ بَيْتًا قَدْ أَخْرَجَهُ اللّٰهُ مِنْهُ؟ ۔ فَكَفَفْتُ عَنِ الْبُكَاءِ

تھی، (اسی حال میں) میں رو رو کر اس سے باتیں کرتی رہتی تھی۔ فرماتی ہیں: میں اسی حالت پر تھی' اس پر رونے کو تیار تھی' اچانک ایک عورت آئی' سرزمین (مدینہ) سے وہ مجھے سعادت مند بنانا چاہتی تھی۔ پس نبی کریم ﷺ کی اس سے ملاقات ہوئی تو آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: کیا تُو اس گھر میں شیطان کو داخل کرنا چاہتی ہے' جس کو اللہ نے اس سے نکال دیا ہے' پس میں رونے سے رُک گئی۔

6913 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى الْخُتُلِّيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَأَيْتُ مَا تَعْمَلُ أُمَّتِي بَعْدِي، فَاخْتَرْتُ لَهُمُ الشَّفَاعَةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے دیکھ لیا جو عمل میری امت نے میرے بعد کرنے تھے میں نے اُن کے لیے شفاعت کو اختیار کیا قیامت کے دن۔

6914 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدٌ، حَدَّثَنِي بَهْزٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ، عَنْ مَوْلًى لِأُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَصْبَحَ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا طَيِّبًا، وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ جب صبح کرتے تو یہ دعا مانگتے تھے: اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم' پاکیزہ رزق اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں۔

6915 - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ أُثَالِ بْنِ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ حَوْشَبٍ الْحَنَفِيِّ قَالَ:

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت محمد ﷺ' حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ابوالحسن رضی اللہ عنہ کہاں ہے؟ عرض کی،

6913- الحديث في المقصد العلي برقم: **1911** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**37** .

6914- الحديث سبق برقم: **6894** فراجعه .

6915- الحديث في المقصد العلي برقم: **1354** .

حَدَّثَتْنِي أُمُّ سَلَمَةَ قَالَتْ: جَاءَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مُتَوَرِّكَةً الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ فِي يَدِهَا بُرْمَةٌ لِلْحَسَنِ، فِيهَا سَخِينٌ، حَتَّى أَتَتْ بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قُدَّامَهُ، قَالَ لَهَا: أَيْنَ أَبُو الْحَسَنِ؟ قَالَتْ: فِي الْبَيْتِ. فَدَعَاهُ، فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلِيٌّ، وَفَاطِمَةُ، وَالْحَسَنُ، وَالْحُسَيْنُ يَأْكُلُونَ. قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَمَا سَامَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا أَكَلَ طَعَامًا قَطُّ إِلَّا وَأَنَا عِنْدَهُ، إِلَّا سَامَيْتُهُ قَبْلَ ذَلِكَ الْيَوْمِ- تَعْنِي بِسَامَنِي: دَعَانِي إِلَيْهِ، فَلَمَّا فَرَغَ الْتَفَّ عَلَيْهِمْ بِثَوْبِهِ، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ عَادِ مَنْ عَادَاهُمْ، وَوَالِ مَنْ وَالَاهُمْ

وہ گھر میں ہیں۔ آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلوایا۔ حضور ﷺ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا، حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کھانے کے لیے بیٹھے۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ مجھے حضور ﷺ نے بلوایا نہیں اور نہ کبھی آپ ﷺ نے کھانا کھایا مگر میں آپ ﷺ کے پاس ہوتی تھی مگر میں اس دن سے پہلے اس کو تلاش کر دیتی۔ ان کی مراد ہے کہ میری تلاش سے۔ آپ ﷺ نے مجھے اس کی طرف دعوت دی۔ جب آپ ﷺ کھانے سے فارغ ہوئے تو ان پانچوں پر کپڑا ڈالا۔ پھر فرمایا: اے اللہ تو ان کے دشمن کو دشمن رکھ جو ان سے دشمنی کرے اور ان کو دوست رکھ جو ان کو دوست رکھے۔

6916 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا خُصَيْفٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَمَّا نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الذَّهَبِ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَفَلَا نَرْبُطُ الْمَسَكَ بِالذَّهَبِ؟ قَالَ: أَفَلَا تَرْبِطُونَهُ بِفِضَّةٍ ثُمَّ تُلَطِّخُونَهُ بِزَعْفَرَانٍ فَيَكُونُ مِثْلَ الذَّهَبِ؟

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے سونا پہننے سے منع کیا۔ عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ ہم سونے کے ساتھ ہاتھی کے دانت باندھ لیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس کو چاندی سے نہیں باندھ سکتے؟ پھر اس کو زعفران سے ملاؤ وہ سونے کی مثل ہو جائے گا۔

6917 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ مِثْلَ ذَلِكَ

اسی کی مثل حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔

6916- وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**147** .

6917- الحديث سبق برقم: **6916** فراجعه .

6918 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّهَا رَأَتْ نَسِيبًا لَهَا يَنْفُخُ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَسْجُدَ، فَقَالَتْ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِغُلَامٍ يُقَالُ لَهُ رَبَاحٌ: تَرِّبْ وَجْهَكَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ انہوں نے اپنا نسیب غلام دیکھا وہ پھونک مارتا۔ جب وہ سجدہ کرنے کا ارادہ کرتا تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا' اپنے غلام کو جسے رباح کہا جاتا تھا: اپنے چہرے کو مٹی لگا دے۔

6919 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: لَمَّا مَاتَ أَبُو سَلَمَةَ قُلْتُ: غَرِيبٌ، وَبِأَرْضِ غُرْبَةٍ؟ لَأَبْكِيَنَّهُ بُكَاءً يُتَحَدَّثُ عَنْهُ، فَبَيْنَا أَنَا كَذَلِكَ إِذْ أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الصَّعِيدِ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتُرِيدِينَ أَنْ تُدْخِلِي الشَّيْطَانَ بَيْتًا أَخْرَجَهُ اللَّهُ مِنْهُ؟ قَالَتْ: فَكَفَفْتُ عَنْ ذَلِكَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا میں نے کہا: وہ مسافر تھا اور سفر کی حالت میں فوت ہوگیا؟ میں روتی تھی اور اس کے بارے باتیں کی جاتی تھیں' پس میں اسی حالت میں تھی کہ آبادی سے ایک عورت آئی' پس رسول کریم ﷺ نے اس سے کہا تھا: کیا تُو چاہتی ہے کہ اس گھر میں شیطان داخل ہو' جس سے اللہ نے اسے نکال دیا؟ پس میں رونے سے رُک گئی۔

6920 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ نَبْهَانَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، ذَكَرَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنْ كَانَ لِإِحْدَاكُنَّ مُكَاتَبٌ، وَكَانَ عِنْدَهُ مَا يُؤَدِّي، فَلْتَحْتَجِبْ مِنْهُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی عورت کے پاس کتابت والا غلام ہو' جبکہ اس غلام کے پاس آزاد ہونے کے لیے اتنے پیسے ہوں تو عورت کو چاہیے کہ وہ اس سے پردہ کرے۔

6921 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ میں ایسی عورت ہوں جو اپنے سر کی مینڈھیاں زور سے باندھتی ہوں۔ کیا میں غسل

6918- أخرجه أحمد جلد6صفحه301 قال: حدثنا طلق بن غنام بن طلق .

6919- الحديث سبق برقم: 6912 .

6920- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 289 قال: حدثنا سفيان .

6921- أخرجه أحمد جلد6صفحه289 قال: حدثنا سفيان .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي امْرَأَةٌ أَشُدُّ ضَفْرَ رَأْسِي، أَفَأَحُلُّهُ لِغُسْلِ الْجَنَابَةِ؟ قَالَ: إِنَّمَا يَكْفِيكِ أَنْ تَحْثِيَ عَلَيْهِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ مِنْ مَاءٍ، ثُمَّ تُفِيضِي عَلَيْهِ فَإِذَا أَنْتِ قَدْ طَهُرْتِ

جنابت کے وقت ان کو کھولا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے یہ ہی کافی ہے کہ تو اپنے سر پر تین لپ پانی بہا دیا کر۔ پھر تو پاک ہو جائے گی جب تو نے ایسے کر لیا۔

6922 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زُهَيْرٍ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ رَجُلٍ مِنْ وَلَدِ أُمِّ سَلَمَةَ وَاسْمُهُ سَلَمَةُ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا أَسْمَعُ اللّٰهَ ذَكَرَ النِّسَاءَ فِي الْهِجْرَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِنْكُمْ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى) (آل عمران: **195**) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ قَالَ دَاوُدُ: قَالَ سُفْيَانُ: بِهَذِهِ الْآيَةِ خَرَجَتِ الْخَوَارِجُ وَبِهَا خَرَجْنَ النِّسَاءُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ میں نے نہیں سنا کہ اللہ نے ہجرت کے متعلق عورتوں کا ذکر کیا ہے؟ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''فاستجاب لهم ربهم الى آخره''۔ حضرت داؤد کا قول ہے: حضرت سفیان نے کہا: اس آیت کے ساتھ خارجی نکل گئے اور اس کے ساتھ عورتیں بھی نکل گئیں۔

6923 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَغْزُو الرِّجَالُ وَلَا نَغْزُو، وَإِنَّمَا لَنَا نِصْفُ الْمِيرَاثُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهِ بَعْضُكُمْ عَلَى بَعْضٍ) (النساء : **32**) قَالَ: وَنَزَلَتْ فِيهَا هَذِهِ الْآيَةُ (إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ) (الأحزاب: **35**) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی، یارسول اللہ! مرد جہاد کرتے ہیں ہم نہیں کرتی ہیں۔ ہمارے لیے نصف میراث کا حصہ ہے؟ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: تمنا مت کرو، جو اللہ نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔ اور یہ آیت بھی نازل ہوئی: مسلمان مرد و عورتیں، مومن مرد و عورتیں۔

6924 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

6922- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **301** .

6923- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**322** .

6924- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **294** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد**6**صفحه**290** .

عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ وَعِنْدَهُ مُخَنَّثٌ جَالِسٌ، فَقَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ أَخِي أُمِّ سَلَمَةَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، إِنْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الطَّائِفَ غَدًا فَإِنِّي أَدُلُّكَ عَلَى ابْنَةِ غَيْلَانَ امْرَأَةٍ مِنْ ثَقِيفٍ، تُقْبِلُ بِأَرْبَعٍ وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ هَذَا عَلَيْكُمْ

میرے گھر میں تشریف فرما تھے اور میرے ہاں ایک شخص بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے عبداللہ بن ابوامیہ جو ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے بھائی تھے، ان سے کہا تھا: اے عبداللہ! اگر اللہ تجھے طائف پہ فتح دے کل تو میں تم کو غیلان کی بیٹی کے متعلق بتاؤں گا۔ وہ قبیلہ ثقیف کی ایسی عورت ہے جو چار بل کے ساتھ آتی ہے اور آٹھ سے واپس جاتی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ تمہارے پاس نہ آیا کرے۔

6925 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ، وَأُمِّ حَبِيبَةَ، زَوْجَتَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتَا: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ ابْنَتِي تُوُفِّيَ زَوْجُهَا، وَأَنَا أَتَخَوَّفُ عَلَى عَيْنِهَا أَفَأَكْحَلُهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ كَانَتِ الْمَرْأَةُ مِنْكُنَّ تَرْمِي بِالْبَعْرَةِ عَلَى رَأْسِ الْحَوْلِ وَإِنَّمَا هِيَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی، عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میری بیٹی کا شوہر فوت ہوگیا ہے، مجھے اس آنکھ کے متعلق خوف ہوا کہ وہ خراب ہے۔ کیا میں اس کی آنکھ میں سرمہ ڈالوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: زمانہ جاہلیت میں عورت ایک سال گزرنے کے بعد مینگنی پھینکتی تھی آج تو عدت صرف چار ماہ اور دس دن ہے۔

6926 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَدْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنَ النِّسَاءِ مِنْ غَيْرِ حُلُمٍ ثُمَّ يَظَلُّ صَائِمًا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ اپنی عورتوں سے جماع کرنے کی وجہ سے جنبی ہوتے تھے، بغیر احتلام کے پھر روزہ رکھ لیتے تھے (یعنی روزہ رکھ کر غسل کرتے تھے)۔

6925- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه: **369** عن عبد الله بن أبي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم .

6926- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**304** قال: حدثنا روح و عبدالوهاب .

6927 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِسَبْعٍ وَخَمْسٍ لَا يَفْصِلُ بَيْنَهُنَّ بِسَلَامٍ وَلَا كَلَامٍ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ وتر کرتے تھے سات اور پانچ کے ساتھ ان کے درمیان فاصلہ نہیں کرتے تھے، سلام اور کلام کے ساتھ۔

6928 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَضَرْتُمُ الْمَرِيضَ أَوِ الْمَيِّتَ فَقُولُوا خَيْرًا، فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ يُؤَمِّنُونَ عَلَى مَا تَقُولُونَ . فَلَمَّا تُوُفِّيَ أَبُو سَلَمَةَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: كَيْفَ أَقُولُ؟ قَالَ: قُولِي: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَهُ، وَاعْقُبْنَا مِنْهُ عُقْبَى صَالِحَةً فَقُلْتُهَا، فَأَعْقَبَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مریض یا میت کے پاس جاؤ تو اس کے لیے بھلائی کہو۔ بے شک فرشتے کہتے ہیں جو تم کہتے ہو۔ جب ابوسلمہ رضی اللہ عنہا کا وصال ہوا میں حضور ﷺ کے پاس آئی۔ میں نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ میں کیا کہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تو کہہ: اللّٰھم اغفرلنا ولہ، الٰی آخرہٖ ۔ میں نے ان کلمات کو کہا۔ مجھے اللہ عزوجل نے ان کے جانے کے بعد محمد ﷺ جیسے شوہر عطا فرمائے۔

6929 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هِشَامَ بْنَ الْمُغِيرَةِ كَانَ يَصِلُ الرَّحِمَ وَيَقْرِي الضَّيْفَ، وَيَفُكُّ الْعُنَاةَ، وَيُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَلَوْ أَدْرَكَ أَسْلَمَ، هَلْ ذٰلِكَ نَافِعُهُ؟ قَالَ: لَا، إِنَّهُ كَانَ يُعْطِي لِلدُّنْيَا وَذِكْرِهَا وَحَمْدِهَا، وَلَمْ يَقُلْ يَوْمًا قَطُّ: رَبِّ اغْفِرْ لِي يَوْمَ الدِّينِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ ہشام بن مغیرہ صلہ رحمی کرتا تھا اور مہمان نوازی بھی کرتا تھا، کھانا بھی کھلاتا تھا۔ اگر اسلام کو پاتا تو اس کے لیے یہ چیزیں فائدہ مند تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں وہ دنیا کے لیے اور اپنی بڑائی اور تعریف کے لیے دیتا تھا۔ اس نے ایک دن بھی رب اغفرلی یوم الدین نہیں کہا۔

6930 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ،

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میری بیٹی بیمار

6927- أخرجه النسائی جلد3صفحه239 . وفی الکبریٰ رقم الحدیث: 1313 .

6928- أخرجه أحمد جلد6صفحه291 قال: حدثنا أبو معاویة .

6929- الحدیث فی المقصد العلی برقم: 54 . وأورده الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد1صفحه118 .

6930- الحدیث فی المقصد العلی برقم: 1571 وأورده الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد5صفحه86 .

عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ مُخَارِقٍ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: اشْتَكَتِ ابْنَةٌ لِي فَنَبَذْتُ لَهَا فِي كُوزٍ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَغْلِي، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ فَقُلْتُ: إِنَّ ابْنَتِي اشْتَكَتْ فَنَبَذْنَا لَهَا هَذَا، فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَجْعَلْ شِفَاءَكُمْ فِي حَرَامٍ

ہوئی، میں نے اس کے لیے لوٹے میں نبیذ بنائی۔ حضور ﷺ تشریف لائے وہ ابل رہا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میری بیٹی بیمار ہے۔ میں نے اس کے لیے اس میں نبیذ بنائی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے حرام چیز میں شفاء نہیں رکھی ہے۔

6931 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّنْ مُسِخَ أَيَكُونُ لَهُ نَسْلٌ؟ فَقَالَ: مَا مُسِخَ أَحَدٌ قَطُّ، فَكَانَ لَهُ نَسْلٌ وَلَا عَقِبٌ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے پوچھا: مسخ کے متعلق کیا اس کی کوئی نسل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو کسی کو مسخ کیا گیا ہے، ان کی کوئی نسل ہو وہ ان کے جانے کے بعد نہیں ہے۔

6932 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أُمِّ مُوسَى، قَالَتْ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ وَالَّذِي تَحْلِفُ بِهِ أُمُّ سَلَمَةَ إِنْ كَانَ أَقْرَبَ النَّاسِ عَهْدًا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيٌّ فَقَالَتْ لَهَا: كَانَتْ غَدَاةَ قُبِضَ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ أُرَى فِي حَاجَةٍ بَعَثَهُ بِهَا قَالَتْ: فَجَعَلَ غَدَاةً بَعْدَ غَدَاةٍ يَقُولُ: جَاءَ عَلِيٌّ؟، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَتْ: فَجَاءَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ فَلَمَّا أَنْ جَاءَ عَرَفْنَا أَنَّ لَهُ إِلَيْهِ حَاجَةً فَخَرَجْنَا مِنَ الْبَيْتِ وَكُنَّا عُدْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ قَالَتْ:

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اس ذات کی قسم! اُم سلمہ جس کے نام کا حلف اُٹھاتی ہے اگر وعدہ کے لحاظ سے لوگوں میں رسول کریم ﷺ کے سب سے قریب کوئی آدمی ہے تو وہ علی رضی اللہ عنہ ہے۔ فرماتی ہیں: جس صبح رسول کریم ﷺ کا وصال ہوا' ان کی طرف رسول کریم ﷺ نے پیغام بھیجا' میرا خیال ہے کہ آپ ﷺ نے ان کو کوئی کام بھیجا تھا۔ فرماتی ہیں: وقفے وقفے سے آپ ﷺ فرماتے ہیں: علی آئے ہیں؟ تین بار تو آپ نے فرمایا۔ آپ فرماتی ہیں: سورج طلوع ہونے سے تھوڑا پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے۔ پس جب آپ آئے تو ہم پہچان گئے کہ اُن سے آپ ﷺ کو کوئی خصوصی کام ہے' پس ہم

6931- الحديث في المقصد العلي برقم: **1877** .

6932- الحديث سبق برقم: **6898** فراجعه .

فَكُنْتُ آخِرَ مَنْ خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ ثُمَّ جَلَسْتُ أَدْنَاهُنَّ مِنَ الْبَابِ، فَأَكَبَّ عَلَيْهِ عَلِيٌّ وَكَانَ آخِرَ النَّاسِ بِهِ عَهْدًا وَجَعَلَ يُسَارُّهُ وَيُنَاجِيهِ

سب گھر سے نکل گئے جبکہ ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں ہم رسول اللہ ﷺ کی عیادت کرتے تھے۔ آپ فرماتی ہیں: میں سب سے آخر میں گھر سے نکلی۔

6933 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: وَكَانَ أَحَبُّ الْعَمَلِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا دُووِمَ عَلَيْهِ وَإِنْ قَلَّ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کے نزدیک سب سے بہترین عمل وہ تھا جس پر ہمیشگی ہو، اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔

6934 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَامَ شَهْرًا إِلَّا كَانَ يَصِلُ شَعْبَانَ بِرَمَضَانَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو نہیں دیکھا کسی کے لگاتار روزہ رکھتے ہوئے، سوائے شعبان اور رمضان کے۔

6935 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حَبِيبٍ، عَنْ وَهْبٍ مَوْلَى أَبِي أَحْمَدَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِيَ تَخْتَمِرُ فَقَالَ: لَيَّةً لَا لَيَّتَيْنِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ان کے پاس آئے وہ اس حالت میں کہ اُنہوں نے اوڑھنی کی ہوئی تھی۔

6936 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنِ ابْنِ سَابِطٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کا ارشاد ہے کہ تمہاری عورتیں تمہارے لیے کھیتیاں ہیں، اپنی کھیتیوں میں آؤ جیسے چاہو۔ فرمایا: اس کا مطلب ہے کہ ایک سوراخ میں ایک سوراخ ہے یعنی

6933- الحديث سبق برقم: 6897 فراجعه.

6934- أخرجه أحمد جلد6صفحه293 قال: حدثنا وكيع.

6935- أخرجه أحمد جلد6صفحه294 قال: حدثنا وكيع و عبد الرحمٰن.

6936- أخرجه أحمد جلد6صفحه305 قال: حدثنا عفان. قال: حدثنا وهيب.

وَسَلَّمَ: نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ قَالَ سِمَامٌ وَاحِدٌ، سِمَامٌ وَاحِدٌ

آگے والے سوراخ میں۔

6937 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: مَا مَاتَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى كَانَ أَكْثَرُ صَلَاتِهِ وَهُوَ جَالِسٌ، وَكَانَ أَحَبُّ الْعَمَلِ إِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا دَاوَمَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ وَإِنْ كَانَ يَسِيرًا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال نہیں ہوا حتیٰ کہ آپ کے اکثر نوافل بیٹھ کر ہوتے تھے، اللہ کے نزدیک سب سے بہترین عمل وہ تھا جس پر ہیشگی ہو، اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔

6938 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَوَائِمُ الْمِنْبَرِ رَوَاتِبُ فِي الْجَنَّةِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے منبر کے پائے اور زینے جنت میں ہیں۔

6939 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: كَانَ فِرَاشِي عِنْدَ مُصَلَّى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ يُصَلِّي وَإِنِّي لَحِيَالَهُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میرا بستر رسول کریم ﷺ کے نماز پڑھنے کی جگہ کے پاس ہوا کرتا تھا' پس آپ ﷺ نماز ادا فرمایا کرتے تھے' اس حال میں کہ میں سامنے ہوتی۔

6940 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّهَا قَدِمَتْ وَهِيَ مَرِيضَةٌ، فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حج کے لیے یا عمرہ کے لیے آئی، حالت بیماری میں، میں نے یہ حالت حضور ﷺ کے سامنے ذکر کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو لوگوں کے پیچھے سے طواف کرو سواری پر سوار ہو

6937- الحديث سبق برقم: **6933,6897** فراجعه .

6938- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **290** قال: حدثنا سفيان .

6939- الحديث سبق برقم: **6906** فراجعه .

6940- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **242** .

وَسَلَّمَ فَقَالَ: طُوفِي مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ يَقْرَأُ بِالطُّورِ

کر۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا: آپ ﷺ کعبہ شریف کے پاس سورۂ طور کی قرأت کر رہے تھے۔

6941 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَيْلُ النِّسَاءِ شِبْرٌ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِذًا يَخْرُجُ قَدَمَاهَا قَالَ: فَذِرَاعٌ لَا يَزِدْنَ عَلَيْهِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: عورتوں کی چادروں کا پلّو ایک بالشت ہے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! پھر تو ان کے دونوں پاؤں باہر رہیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک ہاتھ! بس اس پر زیادہ نہ کریں۔

6942 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّهُ كَانَ هُوَ وَابْنُ عَبَّاسٍ وَأَبُو هُرَيْرَةَ فَتَذَاكَرُوا الْمَرْأَةَ يُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِيَ حَامِلٌ قَالَ أَبُو سَلَمَةَ: فَقُلْتُ إِذَا وَضَعَتْ فَقَدْ حَلَّتْ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: حِلُّهَا آخِرُ الْأَجَلَيْنِ، فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: أَنَا مَعَ ابْنِ أَخِي يَعْنِي أَبَا سَلَمَةَ فَبَعَثُوا كُرَيْبًا مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَسَأَلُوهَا ذَلِكَ فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: إِنَّ سُبَيْعَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ الْأَسْلَمِيَّةَ وَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ فَخَطَبَهَا رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ يُكْنَى أَبَا السَّنَابِلِ وَأَخْبَرَهَا أَنَّهَا قَدْ حَلَّتْ فَأَرَادَتْ أَنْ تَزَوَّجَ غَيْرَهُ فَقَالَ لَهَا أَبُو السَّنَابِلِ: فَإِنَّكِ لَمْ تَحِلِّي، فَأَتَتْ سُبَيْعَةُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَتْ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اور ابن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا مذاکرہ ہوا اس عورت کے متعلق جس کا شوہر فوت ہو جائے، وہ حاملہ بھی ہو۔ حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اس کی عدت بچہ پیدا کرنے تک ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کی عدت دو مدتوں میں سے وہ ہے جو بعد میں ختم ہو۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اپنے بھائی کے بیٹے کے ساتھ ہوں یعنی ابوسلمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ ہوں۔ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت کریب کو ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی طرف بھیجا اس کے متعلق پوچھنے کے لیے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضرت سبیعہ بنت حارث الاسلمیہ کے ہاں ان کے شوہر کی وفات کے چند راتیں بعد ولادت ہوئی۔ بنی عبدالدار سے جن کی کنیت ابوسنابل تھی' انہوں نے ان کو نکاح کا پیغام بھیجا اور

6941- الحديث سبق برقم: 6889,6854 فراجعه .

6942- أخرجه مالك (الموطأ): 365 . وأحمد جلد6صفحه314 .

ذَلِكَ لَهُ فَأَمَرَهَا أَنْ تَزَوَّجَ

انہوں نے اسے بتایا کہ وہ حلال ہوگئی ہیں۔ پس میں اس کے علاوہ کسی اور سے شادی کرنا چاہتی ہوں۔ حضرت ابوسنابل نے فرمایا: تو حلال نہیں ہوئی۔ حضرت سبیعہ حضور ﷺ کے پاس آئیں، اس بات کا ذکر کیا۔ حضور ﷺ نے اس کو شادی کرنے کا حکم دے دیا۔

6943 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ سَفِينَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ فِي الْمَوْتِ جَعَلَ يَقُولُ: الصَّلَاةُ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَجَعَلَ يَقُولُهَا وَمَا يَفِيضُ بِهَا لِسَانُهُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی عام وصیت حالت بیماری میں نماز تھی اور ان کے ساتھ نیک سلوک کرنا جو تمہاری ملکیت میں ہیں' پس آپ ان سے کہنے لگے۔

6944 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ ضَبَّةَ بْنِ مِحْصَنٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ سَيَكُونُ أُمَرَاءُ تَعْرِفُونَ وَتُنْكِرُونَ، فَمَنْ أَنْكَرَ فَقَدْ بَرِءَ وَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ سَلِمَ، وَلَكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ؟ قَالَ: لَا مَا صَلَّوْا لَكُمُ الْخَمْسَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایسے امراء آئیں گے جن کو تم پہچانتے ہو گے اور ناپسند کرتے ہو گے۔ جس نے ان کا انکار کیا، وہ بَری ہوا' جس نے ان کو ناپسند کیا وہ بچ گیا۔ لیکن جو ان کے کاموں پر راضی ہو گئے، اور پیروی کی، عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم ان سے لڑیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں جب تک وہ تمہارے لیے پانچ وقت کی نماز ادا کریں۔

6945 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أُمِّ وَلَدٍ لِإِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف کی اُم ولد فرماتی ہیں: میں اپنی چادر گھسیٹتی تھی' پس میں گندگی والی جگہ سے بھی اور پاک جگہ سے بھی گزرتی تھی' میں نے

6943- الحديث سبق برقم: **6900** فراجعه .

6944- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**295** قال: حدثنا يزيد .

6945- الحديث سبق برقم: **6889** فراجعه .

بْنِ عَوْفٍ، قَالَتْ: كُنْتُ أَجُرُّ ذَيْلِي فَأَمُرُّ بِالْمَكَانِ الْقَذِرِ وَالْمَكَانِ الطَّيِّبِ، فَسَأَلْتُ أُمَّ سَلَمَةَ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يُطَهِّرُهُ مَا بَعْدَهُ

اس بارے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا' پس اُنہوں نے فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ بعد والی جگہ اس کو پاک کر دیتی ہے۔

6946 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ هُنَيْدَةَ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ أُمِّهِ قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَسَأَلْتُهَا عَنِ الصِّيَامِ فَقَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنِي أَنْ أَصُومَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ أَوَّلُهَا الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسُ وَالِاثْنَيْنِ

حضرت ھنیدہ خزاعی اپنی والدہ سے راوی ہیں' وہ کہتی ہیں کہ میں حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس داخل ہوئی' پس میں نے ان کو سوال کیا روزے کے بارے' پس اُنہوں نے فرمایا: رسول کریم ﷺ مجھے حکم فرمایا کرتے تھے کہ میں ہر ماہ کے تین روزے رکھوں' جن میں سے پہلا دن سوموار' دوسرا خمیس اور تیسرا پھر سوموار ہو۔

6947 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ هِنْدَ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: كُنَّ النِّسَاءُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَلَّمَ مِنَ الْمَكْتُوبَةِ قُمْنَ وَثَبَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ صَلَّى خَلْفَهُ مِنَ الرِّجَالِ فَإِذَا قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ الرِّجَالُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول کریم ﷺ کے دور میں عورتیں جب فرض نماز کا سلام آپ ﷺ پھیرتے تو فوراً کھڑی ہو جایا کرتی تھیں' رسول کریم ﷺ اور آپ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھنے والے مرد بیٹھے رہتے' پس جب رسول کریم ﷺ کھڑے ہوتے تو مرد بھی کھڑے ہو جاتے تھے۔

6948 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، أَخْبَرَنَا ثَابِتُ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ: حَدَّثَتْنِي رَيْطَةُ، عَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَّهُمْ سَأَلُوا أُمَّ سَلَمَةَ عَنِ الْأَشْرِبَةِ، قَالَتْ: أُحَدِّثُكُمْ بِمَا كَانَ

حضرت کبشہ بنت ابی مریم فرماتی ہیں کہ انہوں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مشروبات کے متعلق پوچھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تم کو وہی بیان کرتی ہوں جو رسول اللہ ﷺ نے ان کے متعلق بیان کیا تھا۔ آپ ﷺ

6946- الحديث سبق برقم: **6853** فراجعه .

6947- الحديث سبق برقم: **6873** فراجعه .

6948- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**292** . وأبو داؤد رقم الحديث: **3706** قال: حدثنا مسدد .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى أَهْلَهُ عَنْهُ، كَانَ يَنْهَانَا أَنْ نَخْلِطَ التَّمْرَ وَالزَّبِيبَ وَأَنْ نَعْجُمَ النَّوَى طَبْخًا

اس سے اپنے اہل خانہ کو منع کرتے تھے اور ہم کو منع کرتے تھے کہ ہم کھجور اور کشمش کو ملا کر نبیذ بنائیں۔

6949 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنَا ابْنُ يُوسُفَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: قَرَّبْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَنْبًا مَشْوِيًّا فَأَكَلَهَا ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کے لیے بھنا ہوا گوشت قریب کرتی، آپ ﷺ اس سے کھاتے، پھر نکلتے اور نماز پڑھتے اور وضو نہیں کرتے تھے۔

6950 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو كَعْبٍ صَاحِبُ الْحَرِيرِ قَالَ: حَدَّثَنِي شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ: سَأَلْتُ أُمَّ سَلَمَةَ قُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ مَا أَكْثَرُ دُعَاءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ عِنْدَكِ؟ قَالَتْ: كَانَ أَكْثَرُ دُعَائِهِ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ، قَالَتْ: فَقُلْتُ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا أَكْثَرَ دُعَاءَكَ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ قَالَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ آدَمِيٍّ إِلَّا وَقَلْبُهُ بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللّٰهِ مَا شَاءَ أَقَامَ وَمَا شَاءَ أَزَاغَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب میرے گھر میں ہوتے تھے تو آپ ﷺ اکثر یہ دعا کرتے تھے، اے دلوں کو پلٹنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھنا، میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ اکثر یہ دعا کرتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر مسلمان کا دل اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ہے، چاہے وہ اس کو قائم رکھے، چاہے تو الٹا کر دے جیسے اس کی شان کے لائق ہے۔

6951 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ قَالَ: أَخْبَرَنِي عِكْرِمَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، أَنَّ أُمَّ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے قسم اٹھائی کہ آپ ﷺ اپنی عورتوں کے پاس ایک ماہ کے لیے نہیں جائیں گے۔ جب ۲۹ دن صبح یا شام آپ ﷺ اپنی ازواج کے پاس تشریف لائے۔ میں

6949- اخرجه أحمد جلد6صفحه307 قال: حدثنا عبد الرزاق و ابن بكر .

6950- الحديث سبق برقم: 6883 فراجعه .

6951- أخرجه أحمد جلد6صفحه315 قال: حدثنا روح . والبخاري جلد3صفحه35 وجلد7صفحه41 .

سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَفَ لَا يَدْخُلُ عَلَى بَعْضِ نِسَائِهِ شَهْرًا، فَلَمَّا كَانَ تِسْعَةٌ وَعِشْرُونَ يَوْمًا غَدَا أَوْ رَاحَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّكَ حَلَفْتَ أَنْ لَا تَدْخُلَ قَالَ: إِنَّ الشَّهْرَ يَكُونُ تِسْعَةً وَعِشْرِينَ يَوْمًا

نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ نے قسم اٹھائی تھی کہ ایک ماہ داخل ہونے کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مہینہ ۲۹ دن کا بھی ہوتا ہے۔

6952 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ هِنْدَ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْفِتَنِ، وَمَاذَا فُتِحَ مِنَ الْخَزَائِنِ، أَيْقِظُوا صَوَاحِبَ الْحُجُرَاتِ فَرُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ إِسْمَاعِيلُ فِي حَدِيثِهِ: فَرَأَيْتُ هِنْدًا اتَّخَذَتْ لِكُمِّ دِرْعِهَا أَزْرَارًا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ایک رات نکلے اور فرمایا: اللہ پاک ہے، کیسے فتنے اترتے ہیں؟ کتنے خزائن کھول دیئے گئے ہیں؟ فرمایا: حجرہ میں رہنے والیوں کو جگاؤ، کچھ عورتیں دنیا میں پردہ کرنے والیاں ہوں گی' لیکن قیامت کے دن ننگی ہوں گی۔ حضرت اسماعیل نے اپنی حدیث میں فرمایا: پس میں نے حضرت ہند کو دیکھا' اُنہوں نے اپنے کُرتے کی آستین کو بٹن لگوائے۔

6953 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: كَانَتِ الْمَرْأَةُ مِنَ النِّسَاءِ الْأُولَى تَتَّخِذُ لِكُمِّ دِرْعِهَا أَزْرَارًا تَجْعَلُهُ فِي إِصْبَعِهَا تُغَطِّي بِهِ الْخَاتَمَ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں: پہلے زمانے کی عورتوں میں سے کوئی عورت اپنے کُرتے کی آستین کے لیے بٹن تیار کرتی تھی' اس کو اپنی انگلی میں رکھ کر اس کے ساتھ انگوٹھی کو ڈھانپتی تھیں۔

6954 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقْتُلُ عَمَّارًا الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت عمار کے متعلق کہ اس کو باغی گروہ قتل کرے گا۔

6952- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **292** قال: حدثنا سفيان . قال: حدثنا معمر .

6953- الحديث في المقصد العلي برقم: **1555** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**155** .

6954- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**300** قال: حدثنا سليمان بن داؤد الطيالسي .

6955 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَرَاهُ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: بَيْنَمَا أَنَا مُضْطَجِعَةٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ حِضْتُ، فَانْسَلَلْتُ فَأَخَذْتُ ثِيَابَ حَيْضَتِي فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنُفِسْتِ؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ، فَدَعَانِي فَاضْطَجَعْتُ مَعَهُ فِي الْخَمِيلَةِ، قَالَتْ: وَكَانَتْ هِيَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلَانِ مِنَ الْإِنَاءِ الْوَاحِدِ وَكَانَ يُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ لیٹی ہوئی تھی، اچانک مجھے حیض آ گیا، مجھے حیض کا خون جاری ہو گیا' میں کھسک گئی۔ میں نے حیض کا کپڑا پکڑا۔ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: کیا حیض والی ہو گئی ہے؟ میں نے عرض کی، جی ہاں۔ مجھے آپ ﷺ نے بلایا، میں آپ ﷺ کے ساتھ لیٹی، ایک کپڑے میں۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور ﷺ دونوں ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔ آپ ﷺ بوسہ لیتے تھے روزہ کی حالت میں۔

6956 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشَدَّ تَعْجِيلًا لِلظُّهْرِ مِنْكُمْ وَأَنْتُمْ أَشَدُّ تَعْجِيلًا لِلْعَصْرِ مِنْهُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ تم سے زیادہ جلدی ظہر کی نماز پڑھتے تھے اور تم آپ ﷺ سے جلدی عصر کی نماز پڑھتے ہو۔

6957 - أَخْبَرَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَابْدَءُوا بِالْعَشَاءِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب رات کا کھانا حاضر ہو اور نماز کا وقت شروع ہو جائے اور وقت کے اندر گنجائش بھی ہو تو پہلے کھانا کھاؤ۔

6958 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول

6955- أخرجه أحمد جلد6صفحه **310,291** قال: حدثنا اسماعيل بن ابراهيم .

6956- أخرجه أحمد جلد6صفحه **310,289** قال: حدثنا اسماعيل بن ابراهيم .

6957- أخرجه أحمد جلد6صفحه **291** قال: حدثنا اسماعيل .

سَعِيدٍ، عَنْ هِشَامٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّكُمْ تَخْتَصِمُونَ إِلَيَّ وَلَعَلَّ أَحَدَكُمْ أَنْ يَكُونَ أَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، وَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ مِنْ حَقِّ أَخِيهِ شَيْئًا إِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ فَلا يَأْخُذَنَّهُ

۔ کریم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے جھگڑے میرے پاس لاتے ہو اور ممکن ہے کہ تم میں سے کوئی ایک اپنی دلیل کو بیان کرنے میں دوسرے سے تیز ہو' میں بھی خیرالبشر ہوں' پس جس آدمی کے لیے میں اس کے بھائی کے حق میں سے کسی شی کا فیصلہ کر دوں تو وہ یوں سمجھے: میں نے اسے آگ کا ٹکڑا دیا ہے' پس وہ اسے بالکل نہ لے۔

6959 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو يُونُسَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُهَاجِرُ بْنُ الْقِبْطِيَّةِ أَنَّهُ سَمِعَ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيُخْسَفَنَّ بِجَيْشٍ يَغْزُونَ هَذَا الْبَيْتَ بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ

نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ایک لشکر کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا جو اس گھر (بیت اللہ شریف) پر جنگ لڑے گا' زمین میں سے بیداء وادی ہوگی۔

6960 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلاثًا، ثُمَّ قَالَ: لَيْسَ بِكِ عَلَى أَهْلِكِ هَوَانٌ، إِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ، وَإِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِي

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے جب حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی تو مسلسل تین دن ان کے پاس رہے' پھر فرمایا: تیرے گھر والوں پر' تیرے ساتھ کوئی ذلت نہیں' اگر آپ چاہیں تو میں تیرے لیے سات دن پورے کروں اور اگر میں نے تیرے لیے سات دن پورے کیے تو میں (پہلے بھی) اپنی عورتوں کیلئے سات دن پورے کرتا ہوں۔

6961 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ أَبِي عَائِشَةَ قَالَ:

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے غلام کا بیان ہے کہ میں نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول

6959- الحديث سبق برقم: **6890** فراجعه .

6960- الحديث سبق تخريجه راجع الفهرس .

6961- الحديث سبق برقم: **6914,6894** فراجعه .

حَدَّثَنِي مَوْلًى لِأُمِّ سَلَمَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ تَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الصُّبْحَ قَالَ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا وَرِزْقًا طَيِّبًا

کریم ﷺ جب صبح کی نماز پڑھ لیتے تو یوں دعا کرتے: اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم کا سوال کرتا ہوں' قبول ہونے والا عمل اور پاکیزہ رزق کا سوال کرتا ہوں۔

6962 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ قَالَ: أَخْبَرَنِي نَافِعٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الَّذِي يَشْرَبُ فِي آنِيَةِ الْفِضَّةِ فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا راویہ ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص چاندی کے برتن میں پیتا ہے' وہ اپنے پیٹ میں آگ بھرتا ہے۔

6963 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَامِرٍ أَخِي أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا ثُمَّ يَصُومُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ جنبی حالت میں صبح کرتے پھر روزہ رکھ لیتے۔

6964 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهَا أَنْ تُوَافِيَ صَلَاةَ الصُّبْحِ يَوْمَ النَّحْرِ بِمَكَّةَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ان کو حکم دیا نحر کے دن مکہ مکرمہ میں صبح کی نماز جلدی پڑھنے کا۔

6965 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت اُم حبیبہ'

6962- الحديث سبق برقم: **6926** فراجعه .

6963- الحديث سبق برقم: **6846** فراجعه .

6964- الحديث في المقصد العلي برقم: **598** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**264** .

6965- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**2991** قال: حدثنا أبو معاوية .

مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: جَاءَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلْ لَكَ فِي أُخْتِي؟ قَالَ: فَأَصْنَعُ بِهَا مَاذَا؟، قَالَتْ: تَزَوَّجُهَا، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَتُحِبِّينَ ذَلِكَ ؟، قَالَتْ: فَقُلْتُ: نَعَمْ، لَسْتُ لَكَ بِمُخْلِيَةٍ وَأَحَقُّ مَنْ شَارَكَنِي فِي خَيْرٍ أُخْتِي، فَقَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحِلُّ لِي قَالَتْ: فَوَاللَّهِ لَقَدْ بَلَغَنِي أَنَّكَ تَخْطُبُ دُرَّةَ بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّهَا كَانَتْ تَحِلُّ لَمَا تَزَوَّجْتُهَا وَقَدْ أَرْضَعَتْنِي وَأَبَاهَا ثُوَيْبَةُ مَوْلَاةُ بَنِي هَاشِمٍ فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا أَخَوَاتِكُنَّ

رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئیں' عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میری بہن میں آپ کو کوئی دلچسپی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اس کے ساتھ کیا کروں؟ انہوں نے عرض کی: آپ اس سے نکاح کریں۔ پس رسول کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا تُو اسے پسند کرتی ہے؟ فرماتی ہیں: میں نے عرض کی: جی ہاں! میں آپ کے کیلئے کسی خلل کا باعث نہیں بنی اور میں زیادہ حق دار ہوں' اس کی جو مجھے میری بہن کی بھلائی میں شریک کرے۔ پس آپ فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: وہ میرے لیے حلال نہیں ہے۔ آپ نے عرض کی: قسم بخدا! مجھے پتا چلا ہے کہ آپ درّہ بنت اُم سلمہ کو منگنی کا پیغام بھیج رہے ہیں۔ فرماتی ہیں: پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اگر وہ میرے لیے حلال ہوتی تو میں درہ سے نکاح نہ کرتا کیونکہ مجھے اور اس کے باپ کو بنی ہاشم کی باندی حضرت ثویبہ نے دودھ پلایا' لہٰذا تم مجھ پر نہ اپنی بیٹیاں اور نہ اپنی بہنیں پیش کرو۔

6966 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُرِيتُ مَا تَعْمَلُ أُمَّتِي بَعْدِي فَاخْتَرْتُ لَهُمُ الشَّفَاعَةَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے دیکھ لیا جو عمل میری امت نے میرے بعد کرنے تھے میں اُن کے لیے شفاعت کو اختیار کیا قیامت کے دن۔

6966- الحديث سبق برقم: 6913 فراجعه .

6967 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، دَخَلَ عَلَيْهَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فَقَالَ: يَا أُمَّهْ قَدْ خِفْتُ أَنْ يُهْلِكَنِي كَثْرَةُ مَالِي، أَنَا أَكْثَرُ قُرَيْشٍ مَالًا، قَالَتْ: يَا بُنَيَّ أَنْفِقْ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ مِنْ أَصْحَابِي مَنْ لَمْ يَرَنِي بَعْدَ أَنْ أُفَارِقَهُ فَخَرَجَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ فَلَقِيَ عُمَرَ فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِي قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ، فَجَاءَ عُمَرُ فَدَخَلَ عَلَيْهَا فَقَالَ: بِاللَّهِ مِنْهُمْ أَنَا؟ قَالَتْ: لَا، وَلَنْ أُبَرِّءَ أَحَدًا بَعْدَكَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہا حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پاس آئیں۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عرض کی، اے امی جان! میں خوف کرتا ہوں کہ میں ہلاک نہ ہو جاؤں کثرت مال کی وجہ سے۔ میں قریش میں سے سب سے زیادہ مال دار ہوں۔ آپ رضی اللہ عنہ سے ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بیٹے خرچ کر۔ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے اصحاب میں سے وہ بھی ہیں جنہوں نے میرے جدا ہونے کے بعد مجھے دیکھا نہیں' پس حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ باہر نکلے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بتایا جو سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس عرض کی، اللہ کی قسم میں ان میں سے ہوں؟ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نہیں! میں آپ کے بعد ہرگز کسی کو بری نہیں کروں گی۔

6968 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: جَاءَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَتْهُ عَنِ الْمَرْأَةِ تَرَى فِي مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ قَالَ: إِذَا رَأَتِ الْمَاءَ فَلْتَغْتَسِلْ فَقُلْتُ: فَضَحْتِ النِّسَاءَ وَهَلْ تَحْتَلِمُ الْمَرْأَةُ؟، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَرِبَتْ يَمِينُكِ فَفِيمَ يُشْبِهُهَا وَلَدُهَا إِذًا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے پاس آئیں۔ عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اللہ حق بات سے حیاء نہیں کرتا ہے۔ کیا عورت پر غسل واجب ہوتا ہے؟ جب اس کو احتلام ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ کیا عورتوں کو احتلام ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرا ہاتھ خاک آلود ہو، بچہ ان کے مشابہ کیسے ہوتا ہے، یعنی ماں کا پانی غالب آجائے تو بچہ

6967- أخرجه أحمد جلد6صفحه290 قال: حدثنا أبو معاوية .

6968- الحديث سبق برقم: 6859 فراجعه .

ماں کے مشابہ ہوتا ہے اگر باپ کا پانی غالب آ جائے تو بچہ باپ کے مشابہ ہوتا ہے۔

6969 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ قَالَ: فَأَرْسَلَ مَرْوَانُ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَسَأَلَهَا، فَقَالَتْ: نَهَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدِي كَتِفًا ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آگ سے پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو کرو۔ مروان نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی طرف کسی کو بھیجا اس کے متعلق پوچھنے کے لیے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضور ﷺ میرے گھر میں موجود تھے آپ ﷺ نے بکری کھائی پھر نماز کے لیے نکلے، آپ ﷺ نے پانی کو ہاتھ بھی نہیں لگایا۔

6970 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عِبَادَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي حَبِيبُ بْنُ أَبِي ثَابِتٍ، أَنَّ عَبْدَ الْحَمِيدِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي عَمْرٍو، وَالْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، أَخْبَرَاهُ، أَنَّهُمَا سَمِعَا أَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، يُخْبِرُ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا لَمَّا قَدِمَتِ الْمَدِينَةَ أَخْبَرَتْهُمْ أَنَّهَا ابْنَةُ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ فَكَذَّبُوهَا وَيَقُولُونَ: مَا أَكْذَبَ الْغَرَائِبَ حَتَّى أَنْشَأَ نَاسٌ مِنْهُمُ الْحَجَّ، فَقَالُوا: تَكْتُبِينَ إِلَى أَهْلِكِ؟ فَكَتَبَتْ مَعَهُمْ فَرَجَعُوا إِلَى الْمَدِينَةِ يُصَدِّقُونَهَا فَازْدَادَتْ عَلَيْهِمْ كَرَامَةً . قَالَتْ: فَلَمَّا وَضَعْتُ زَيْنَبَ جَاءَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُنِي فَقُلْتُ: مِثْلِي تُنْكَحُ؟ أَمَّا أَنَا فَلَا وَلَدَ فِيَّ

نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ جب میں مدینہ منورہ آئی تو میں نے انہیں بتایا کہ وہ ابوامیہ بن مغیرہ کی بیٹی ہیں' تو اُنہوں نے انہیں جھٹلا دیا اور کہنے لگے: کتنا عجیب و غریب جھوٹ ہے یہاں تک کہ ان میں سے بعض لوگوں نے حج کا ارادہ کیا تو اُنہوں نے کہا: کیا تُو اپنے اہل کی طرف لکھ کر دے سکتی ہے؟ پس میں نے رقعہ لکھ کر ان کے ساتھ بھیجا' پس وہ (حج کر کے) مدینہ واپس آ گئے اس حال میں کہ وہ میری تصدیق کر رہے تھے۔ پس ان کے نزدیک میری عزت زیادہ ہوگئی۔ فرماتی ہیں: جب میرے ہاں زینب کی ولادت ہوئی تو منگنی کا پیغام دینے کیلئے رسول کریم ﷺ میرے پاس آئے' پس میں نے ان سے عرض کی: کیا مجھ جیسی عورت سے نکاح کیا جائے گا؟ بہرحال مجھ میں کوئی بچہ باقی نہیں رہ گیا ہے' میں بے جا

6969- أخرجه أحمد جلد6صفحه306 قال: حدثنا وكيع . قال: حدثنا سفيان .

6970- الحديث سبق برقم: 6960 فراجعه .

وَأَنَا غَيْرَى ذَاتُ عِيَالٍ، قَالَ: أَنَا أَكْبَرُ مِنْكِ، وَأَمَّا الْغَيْرَةُ فَيُذْهِبُهَا اللَّهُ، وَأَمَّا الْعِيَالُ فَإِلَى اللَّهِ وَإِلَى رَسُولِهِ، فَتَزَوَّجَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَأْتِيهَا فَيَقُولُ: أَيْ زُنَابُ، حَتَّى جَاءَ عَمَّارٌ فَاخْتَلَجَهَا، فَقَالَ: هَذِهِ تَمْنَعُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَتْ تُرْضِعُهَا فَجَاءَ إِلَيْهَا فَقَالَ: أَيْنَ زُنَابُ؟، فَقَالَتْ قَرِيبَةُ بِنْتُ أَبِي أُمَيَّةَ وَوَافَقَهَا عِنْدَهَا: أَخَذَهَا ابْنُ يَاسِرٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي آتِيكُمُ اللَّيْلَةَ قَالَتْ فَوَضَعْتُ ثِيَابِي فَأَخْرَجْتُ حَبَّاتٍ مِنْ شَعِيرٍ كَانَتْ فِي جَرَّتِي وَأَخْرَجْتُ شَحْمًا فَعَصَدْتُ لَهُ قَالَتْ: فَبَاتَ ثُمَّ أَصْبَحَ فَقَالَ: حِينَ أَصْبَحَ: إِنَّ لَكِ عَلَى أَهْلِكِ كَرَامَةً، إِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ، وَإِنْ أُسَبِّعْ لَكِ أُسَبِّعْ لِنِسَائِي

غیرت والی ہوں اور بال بچوں والی ہوں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری عمر تجھ سے زیادہ ہے' بہرحال غیرت تو وہ اللہ ختم کر دے گا اور تمہارے بچے اللہ کے سپرد ہوں گے اور اس کے رسول کے حوالے۔ پس رسول کریم ﷺ نے ان سے نکاح کر لیا۔ پس آپ ﷺ نے ان کے پاس آنا شروع کر دیا۔ پس آپ ﷺ فرماتے: اے زناب! (حضرت اُم سلمہ کی بیٹی زینب کو) یہاں تک کہ حضرت عمار آئے۔ انہوں نے اسے لے لیا اور کہا: یہ رسول کریم ﷺ کو حقوقِ زوجیت ادا کرنے سے روکتی ہے جبکہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا ان کو دودھ پلاتی تھیں۔ پس آپ ﷺ ان کے پاس آئے تو فرمایا: زناب کہاں ہے؟ (پس ابوامیہ کی بیٹی قریبہ نے کہا اور آپ نے ان سے موافقت کی) اس کو ابن یاسر لے گئے ہیں؟ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: رات کو بھی تمہارے پاس آیا۔ آپ فرماتی ہیں: میں نے کپڑے رکھ دیئے اور میں نے جَو کے چند دانے نکالے جو میرے گھڑے میں تھے اور میں نے چربی نکالی۔ پس میں نے ان کے لیے۔ آپ فرماتی ہیں: پس آپ ﷺ نے رات گزاری پھر صبح کی تو فرمایا: جب صبح کی تو بے شک تیرے لیے تیرے اہل پر بڑی عزت ہے۔ اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو ستواڑے پہ بھیج دوں' اگر میں آپ کو ساتویں دن بھیج رہا ہوں تو میں نے اپنی دیگر بیوی کو بھی ساتویں دن بھیجا ہے۔

6971 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول کریم ﷺ

6971- الحديث سبق برقم: **6901** فراجعه .

الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَيْقَظَ مِنْ مَنَامِهِ وَهُوَ يَسْتَرْجِعُ قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا شَأْنُكَ قَالَ: طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُخْسَفُ بِهِمْ يُبْعَثُونَ إِلَى رَجُلٍ فَيَأْتِي مَكَّةَ فَيَمْنَعُهُ اللَّهُ مِنْهُمْ وَيُخْسَفُ بِهِمْ مَصْرَعُهُمْ وَاحِدٌ وَمَصَادِرُهُمْ شَتَّى قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ يَكُونُ مَصْرَعُهُمْ وَاحِدٌ وَمَصَادِرُهُمْ شَتَّى؟ قَالَ: إِنَّ مِنْهُمْ مَنْ يُكْرَهُ فَيَجِيءُ مُكْرَهًا

نیند سے جاگے تو پڑھ رہے تھے: انا للہ وانا الیہ راجعون! فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا بات ہے؟ فرمایا: میری اُمت کے ایک گروہ کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا جو بھیجے گئے ہوں گے ایک آدمی کی طرف۔ پس وہ آدمی مکہ آئے گا تو اللہ تعالیٰ اسے ان سے روک دے گا اور ان کو زمین میں دھنسا دے گا۔ ان کے قتل ہونے کی ایک لیکن دوبارہ اُٹھنے کی جگہیں کئی ہوں گی۔ آپ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: کیسے ان کا مصرع ایک اور مصادر مختلف ہوں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ان میں سے کچھ ناپسند کرنے والے بھی ہیں' پس وہ آئے اس حال میں کہ انہیں مجبور کیا گیا تھا۔

6972 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُولَ اللَّهِ: هَلْ لِي مِنْ أَجْرٍ فِي بَنِي أَبِي سَلَمَةَ؟ فَإِنِّي أُنْفِقُ عَلَيْهِمْ وَإِنَّمَا هُمْ بَنِيَّ وَلَسْتُ بِتَارِكَتِهِمْ هَكَذَا وَهَكَذَا تَقُولُ: كَانَ لِي أَجْرٌ أَوْ لَمْ يَكُنْ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ، لَكِ فِيهِمْ أَجْرٌ مَا أَنْفَقْتِ عَلَيْهِمْ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ابوسلمہ کے بیٹوں کو پالنے میں میرے لیے کوئی اجر ہے؟ کیونکہ میں ان پر خرچ کرتی ہوں اور ہیں تو وہ میرے بھی بیٹے اور میں ان کو اس طرح اور اس طرح نہیں چھوڑ سکتی ہوں۔ کہنے لگیں: میرے لیے اجر ہے یا نہیں ہے۔ پس رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: جی ہاں! ان کو پالنے میں تیرے لیے اجر ہے' جو تُو ان پر خرچ کرے۔

6973 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ

نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے

6972- الحديث سبق برقم: 6963 فراجعه .

6973- الحديث سبق برقم: 6964 فراجعه .

قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ سُحَيْمٍ مَوْلَى آلِ جُنَيْنٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي سُفْيَانَ الْأَخْنَسِيِّ، عَنْ أُمِّهِ أُمِّ حَكِيمٍ بِنْتِ أُمَيَّةَ بْنِ الْأَخْنَسِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَهَلَّ مِنَ الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى بِعُمْرَةٍ وَبِحَجَّةٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، قَالَ: فَرَكِبَتْ أُمُّ حَكِيمٍ عَنْ ذَلِكَ الْحَدِيثِ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ حَتَّى أَهَلَّتْ مِنْهُ بِعُمْرَةٍ

سنا: جس شخص نے بیت المقدس سے حج وعمرہ کا احرام باندھا تو اللہ تعالیٰ اس کے پہلے گناہ بخش دے گا۔ اس حدیث کی وجہ سے اُم حکیم' بیت المقدس جانے کیلئے تیار ہوئیں حتیٰ کہ وہاں سے عمرہ کا احرام باندھا۔

6974 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: أَخْبَرَتْنِي هِنْدُ بِنْتُ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا سَلَّمَ قَامَ النِّسَاءُ حِينَ يَقْضِي تَسْلِيمَهُ وَمَكَثَ يَسِيرًا، قَالَ مُحَمَّدٌ: فَنَرَى وَاللّٰهُ أَعْلَمُ أَنَّ مُكْثَهُ ذَلِكَ كَانَ لِكَيْ يَنْفُذَ النِّسَاءُ قَبْلَ أَنْ يُدْرِكَهُنَّ مَنِ انْصَرَفَ مِنَ الْقَوْمِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ جب سلام پھیرتے تو عورتیں اُٹھ کھڑی ہوتیں جوں ہی آپ ﷺ کا سلام ختم ہوتا لیکن آپ ﷺ تھوڑی دیر ٹھہر جاتے۔ پس ہمارا خیال ہے کہ اللہ بہتر جانتا ہے کہ آپ کا ٹھہرنا اس لیے ہوتا کہ عورتیں چلی جائیں' اس سے پہلے کہ قوم میں سے سلام پھیرنے والا کوئی ان کو دیکھے۔

6975 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، وَابْنُ لَهِيعَةَ، قَالَا: سَمِعْنَا يَزِيدَ بْنَ أَبِي حَبِيبٍ يَقُولُ: حَدَّثَنِي أَبُو عِمْرَانَ، أَنَّهُ حَجَّ مَعَ مَوَالِيهِ فَأَتَيْتُ أُمَّ سَلَمَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، فَقُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، إِنِّي لَمْ أَحُجَّ قَطُّ، فَبِأَيِّهِمَا أَبْدَأُ: بِالْعُمْرَةِ أَمْ بِالْحَجِّ؟، قَالَتْ: أَبْدَأْ

حضرت ابوعمران فرماتے ہیں کہ میں اپنے موالیوں کے ساتھ حج کرنے کے لیے آیا۔ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا۔ عرض کی، امی جان میں نے کبھی حج نہیں کیا۔ مجھے بتائیں کہ میں کس سے ابتدا کروں، عمرہ سے یا حج سے؟ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جس سے چاہو ابتدا کرو۔ پھر میں حضرت ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا

6974- الحديث سبق برقم: **6873** .

6975- الحديث في المقصد العلي برقم: **570** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**235** .

بِأَيِّهِمَا شِئْتَ قَالَ: ثُمَّ إِنِّي أَتَيْتُ صَفِيَّةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ فَسَأَلْتُهَا فَقَالَتْ لِي مِثْلَ مَا قَالَتْ لِي أُمُّ سَلَمَةَ قَالَ: ثُمَّ جِئْتُ أُمَّ سَلَمَةَ فَأَخْبَرْتُهَا بِقَوْلِ صَفِيَّةَ فَقَالَتْ لِي أُمُّ سَلَمَةَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا آلَ مُحَمَّدٍ مَنْ حَجَّ مِنْكُمْ فَلْيُهِلَّ بِعُمْرَةٍ فِي حَجَّةٍ، أَوْ فِي حَجَّتِهِ

کے پاس حاضر ہوا اور اس کے متعلق دریافت کیا۔ آپ ﷞ نے فرمایا: جس سے چاہو ابتدا کرو۔ پھر میں حضرت ام سلمہ ﷞ کے پاس آیا۔ میں نے آپ ﷞ کو حضرت صفیہ ﷞ والی بات بتائی۔ حضرت ام سلمہ ﷞ نے فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اے آل محمد ﷺ تم میں سے جو حج کرے وہ عمرہ کا احرام باندھ لے، حج کے ساتھ۔

6976 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، حَدَّثَنِي بُدَيْلٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُتَوَفَّى عَنْهَا لَا تَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ مِنَ الثِّيَابِ، وَلَا الْمُمَشَّقَةَ، وَلَا الْحُلِيَّ وَلَا تَخْتَضِبُ وَلَا تَكْتَحِلُ

حضرت ام سلمہ ﷞ فرماتی ہیں کہ جس عورت کا شوہر فوت ہو جائے وہ نہ رنگے ہوئے کپڑے، نہ کنگھی وغیرہ کرے نہ زیورات پہنے نہ خضاب نہ سرمہ لگائے۔

6977 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْبَجَلِيُّ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ الْجَدَلِيِّ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: أَيُسَبُّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمَنَابِرِ؟ قُلْتُ: وَأَنَّى ذَلِكَ؟، قَالَتْ: أَلَيْسَ يُسَبُّ عَلِيٌّ وَمَنْ يُحِبُّهُ فَأَشْهَدُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحِبُّهُ

حضرت ام سلمہ ﷞ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کو منبروں پر گالیاں دی جائیں گی؟ راوی فرماتے ہیں میں نے عرض کی، یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ حضرت ام سلمہ ﷞ نے فرمایا: کیا حضرت علی ﷛ اور جو آپ ﷛ سے محبت کرتے ہیں کیا ان کو گالیاں دی جاتی ہیں؟ میں گواہی دیتی ہوں کہ حضور ﷺ حضرت علی ﷛ سے محبت کرتے تھے۔

6978 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت ام سلمہ ﷞ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کو

6976- أخرجه عبد بن حميد: 1532 قال: حدثنا يعلى .

6977- الحديث في المقصد العلي برقم: 1338 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9 صفحه130 .

6978- أخرجه أحمد جلد6 صفحه317 . وأبو داؤد رقم الحديث: 4026 .

الْمُؤْمِنِ بْنُ خَالِدٍ الْحَنَفِيُّ الْخُرَاسَانِيُّ قَالَ: لَقِيتُهُ بِمَرْوَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: مَا كَانَ شَيْءٌ مِنَ الثِّيَابِ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْقُمُصِ

کپڑوں میں سے قمیض سب سے زیادہ پسند تھی۔

6979 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لِحَافِهِ فَوَجَدْتُ مَا تَجِدُ النِّسَاءُ، فَانْسَلَلْتُ مِنَ اللِّحَافِ، قَالَتْ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنُفِسْتِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: ذَاكَ مَا كُتِبَ عَلَى بَنَاتِ آدَمَ فَأَصْلَحْتُ مِنْ شَأْنِي ثُمَّ رَجَعْتُ، فَقَالَ: تَعَالَيْ وَادْخُلِي مَعِي، قَالَتْ: فَدَخَلْتُ مَعَهُ فِي اللِّحَافِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کے لحاف میں لیٹی ہوئی تھی۔ میں نے وہی چیز پائی جو عورتیں پاتی ہیں میں لحاف سے کھسکی۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا حیض والی ہوگئی ہے؟ میں نے عرض کی، جی ہاں۔ آپ ﷺ نے کہا حیض ابن آدم کی بیٹیوں پر فرض کیا گیا ہے۔ میں جب تندرست ہوئی میں پھر لوٹی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میری طرف آؤ، میرے ساتھ داخل ہو۔ میں آپ ﷺ کے ساتھ لحاف میں داخل ہوگئی۔

6980 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ أَبِي مُعَاوِيَةَ الْبَجَلِيُّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ سَلَمَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تَغْتَسِلُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَنَابَةِ فِي إِنَاءٍ وَاحِدٍ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ وہ اور حضور ﷺ ایک ہی برتن میں جنابت کا غسل کیا کرتے تھے۔

6981 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ سَاهِمُ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے، آپ ﷺ کے چہرے مبارک پر پریشانی کے آثار نظر آرہے تھے۔ میں نے خیال کیا کہ کسی تکلیف کی وجہ سے ہوگا۔ میں نے عرض

6979- أخرجه أحمد جلد6صفحه300 قال: حدثنا عفان . قال: أخبرنا همام .

6980- الحديث سبق برقم:6955 فراجعه .

6981- الحديث في المقصد العلي برقم:2017 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه238 .

الْوَجْهِ، قَالَتْ: فَحَسِبْتُ ذَلِكَ مِنْ وَجَعٍ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا لَكَ سَاهِمُ الْوَجْهِ قَالَ: مِنْ أَجْلِ الدَّنَانِيرِ السَّبْعَةِ الَّتِي خَبَأْنَا أَمْسِ، أَمْسَيْنَا وَلَمْ نَقْسِمْهَا، وَهِيَ فِي خُصْمِ الْفِرَاشِ

کی، یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کے چہرے پر یہ پریشانی کیوں ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ان سات دیناروں کی وجہ سے جو ہمارے پاس کل آئے تھے اور ہم نے ان کو تقسیم نہیں کیا وہ میرے بستر کے گوشے میں ہیں۔

6982 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ بَعْضِ وَلَدِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ اوڑھنی (دوپٹہ یا کھجور کی چٹائی) پر نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔

6983 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا بُهْلُولُ بْنُ مُوَرِّقٍ الشَّامِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ قَالَ: أَخْبَرَنِي ثَابِتٌ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ صَلَّى قَبْلَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ وَصَلَّى قَبْلَ الْعَصْرِ رَكْعَتَيْنِ فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعِيًا إِلَى قَوْمٍ فَلَمَّا بَلَغَهُمْ أَرَادَ قَوْمٌ مِنْهُمْ أَنْ يُعِينُوهُ وَتَهَيَّئُوا لِذَلِكَ، فَلَمَّا بَلَغَ السَّاعِي فَرَأَى الْقَوْمَ ظَنَّ أَنَّهُمْ سَيَقْتُلُونَهُ فَرَجَعَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّهُمْ مَنَعُونِي صَدَقَتَهُمْ، وَاحْتَبَسَ السَّاعِي عَلَى الْقَوْمِ، فَجَاءُوا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْتَذِرُونَ إِلَيْهِ، وَقَدْ قَضَى صَلَاةَ الظُّهْرِ، فَجَعَلُوا يَعْتَذِرُونَ إِلَيْهِ حَتَّى صَلَّى الْعَصْرَ، وَنَسِيَ

اُم المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ جب گھر سے نکلتے تو ظہر سے پہلے دو رکعت پڑھتے اور دو رکعت عصر سے پہلے پڑھتے‘ پس رسول کریم ﷺ نے زکوٰۃ وصول کرنے والے کو ایک قوم کی طرف بھیجا۔ پس جب وہ ان کے پاس جا پہنچا تو ان میں سے ایک گروہ نے اس کی مدد کرنے کا ارادہ کیا اور اس کے لیے تیاری کی‘ پس جب زکوٰۃ لینے والا پہنچ گیا تو اس نے قوم کو دیکھا تو گمان کیا کہ وہ اس کو قتل کر دیں گے۔ پس وہ واپس رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آ گیا اور عرض کی: انہوں نے مجھے زکوٰۃ نہیں دی اور زکوٰۃ وصول کرنے والا قوم پر (وصولی سے) رُک گیا۔ پس وہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں معذرت کرتے ہوئے آئے جبکہ آپ ﷺ ظہر کی نماز ادا فرما چکے تھے‘ اُنہوں نے معذرت کرنا شروع کر دی حتیٰ کہ آپ ﷺ نے عصر

6982- الحديث سبق برقم: 6847 فراجعه .

6983- الحديث سبق برقم: 6910 فراجعه .

الرَّكْعَتَيْنِ الَّتِي كَانَ يُصَلِّيهِمَا قَبْلَ الْعَصْرِ فَأَرْسَلَتْ عَائِشَةُ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ يَا أُخَيَّهْ، مَا الرَّكْعَتَانِ الَّتِي صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حُجْرَتِكِ بَعْدَ الْعَصْرِ؟ فَأَخْبَرَتْهَا، وَقَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا

کی نماز ادا فرمائی اور وہ دو رکعتیں جو آپ ﷺ عصر سے پہلے ادا فرمایا کرتے تھے' بھول گئے۔ پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کی طرف پیغام بھیجا' کہا: اے بہن! یہ دو رکعتیں کیا ہیں جو آپ ﷺ نے عصر کے بعد تیرے حجرے میں ادا فرمائی ہیں۔ پس اُنہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو خبر دی اور کہا: میں نے رسول کریم ﷺ کو اس سے پہلے اور بعد کبھی نہیں دیکھا کہ آپ نے یہ پڑھی ہوں۔

6984 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا هَارُونُ الْقَارِءُ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ شَهْرٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هَذِهِ الْآيَةِ فَقَالَ: (إِنَّهُ عَمِلَ غَيْرَ صَالِحٍ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے اس آیت کے متعلق پوچھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: انه عمل غير صالح۔

6985 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَّلَ عَلِيًّا وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا وَفَاطِمَةَ كِسَاءً، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي وَحَامَّتِي، اللّٰهُمَّ أَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا، فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنَا مِنْهُمْ؟ قَالَ: إِنَّكِ إِلَى خَيْرٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسولِ خدا ﷺ نے علی' فاطمہ' حسن اور حسین پر چادر ڈالی' پھر کہا: اے اللہ! یہ بھی میرے اہل بیت ہیں اور میرے حمایتی' اے اللہ! ان سے پلیدی کو ختم کر دے اور انہیں خوب پاک فرما دے۔ پس حضرت سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں بھی ان میں سے ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو بھلائی پر ہے۔

6986 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ

6984- أخرجه أحمد جلد6صفحه322,264 قال: حدثنا وكيع .

6985- الحديث سبق برقم:6876 فراجعه .

6986- الحديث سبق برقم:6884 فراجعه .

سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَرَأَ قَطَّعَ قِرَاءَتَهُ آيَةً آيَةً (بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ) (الفاتحة: 1) (الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الفاتحة: 2) (مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ)

جب قرآن کی تلاوت فرماتے تو ہر آیت کو الگ الگ کر کے پڑھتے: بسم اللّٰه الرحمن الرحيم . الحمد للّٰه رب العالمين . مالك يوم الدين .

6987 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ أَبِي سَهْلٍ، عَنْ مُسَّةَ الْأَزْدِيَّةِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: كَانَتِ النُّفَسَاءُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَجْلِسُ أَرْبَعِينَ يَوْمًا، وَكُنَّا نَطْلِي وُجُوهَنَا بِالْوَرْسِ مِنَ الْكَلَفِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نفاس والی عورتیں حضور ﷺ کے زمانہ میں چالیس دن ٹھہرتی تھیں، ہم اپنے چہروں پر تکلیف کی وجہ سے ورس لگاتی تھیں۔

6988 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أُخْتِهِ رُمَيْثَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُؤْذِينِي فِي عَائِشَةَ، فَوَاللَّهِ مَا مِنْكُنَّ امْرَأَةٌ يَنْزِلُ عَلَيَّ الْوَحْيُ وَأَنَا فِي لِحَافِهَا لَيْسَ عَائِشَةَ قُلْتُ: لَا جَرَمَ، وَاللَّهِ لَا أُوذِيكَ فِيهَا أَبَدًا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے عائشہ رضی اللہ عنہا کے متعلق تکلیف نہ دیا کرو۔ اللہ کی قسم مجھ پر کسی عورت کے بستر میں وحی نہیں آتی، سوائے عائشہ رضی اللہ عنہا کے بستر کے۔ میں نے عرض کی، اللہ کی قسم میں آپ ﷺ کو ان کے متعلق کبھی بھی تکلیف نہیں دوں گی۔

6989 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا دَرَّاجٌ، عَنِ السَّائِبِ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورتوں کی بہترین نماز اپنے گھروں کے اندر ہے۔

6987- اخرجه أحمد جلد6صفحه300 قال: حدثنا أبو النضر .

6988- اخرجه أحمد جلد6صفحه293 قال: حدثنا أبو أسامة .

6989- اخرجه أحمد جلد6صفحه297 قال: حدثنا يحيىٰ بن غيلان .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُ صَلَاةِ النِّسَاءِ فِي قَعْرِ بُيُوتِهِنَّ

6990 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْخَنْدَقِ وَهُوَ يُعَاطِيهِمُ اللَّبَنَ وَقَدِ اغْبَرَّ شَعْرُهُ تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا نَسِيتُ وَهُوَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنَّ الْخَيْرَ خَيْرُ الْآخِرَةِ فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ قَالَتْ: فَدَخَلَ عَمَّارٌ فَقَالَ: وَيْحَكَ أَوْ وَيْحَهُ تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب خندق کا دن تھا جبکہ آپ ﷺ لوگوں کو دودھ عطا فرما رہے تھے اور آپ ﷺ کے بالوں میں گرد پڑ چکی تھی' یعنی نبی کریم ﷺ کے۔ فرماتی ہیں: قسم بخدا! میں نہیں بھولی! آپ ﷺ کہہ رہے تھے: اے اللہ! بھلائی حقیقت میں آخرت کی بھلائی ہے' پس تو انصار و مہاجرین کو بخش دے! آپ فرماتی ہیں: پس حضرت عمار آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تجھے افسوس یا اسے افسوس! اسے باغی گروہ شہید کرے گا۔

6991 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِفَاطِمَةَ: ائْتِينِي بِزَوْجِكِ وَبِابْنَيْكِ، قَالَتْ: فَجَاءَتْ بِهِمْ فَأَلْقَى عَلَيْهِمْ كِسَاءً فَدَكِيًّا ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّ هَؤُلَاءِ آلُ مُحَمَّدٍ فَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: فَرَفَعْتُ الْكِسَاءَ لِأَدْخُلَ فِيهِ فَجَذَبَهُ مِنْ يَدَيَّ، وَقَالَ: إِنَّكِ عَلَى خَيْرٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اپنے خاوند اور دونوں بیٹوں کو لے آؤ۔ آپ فرماتی ہیں: وہ ان کو لے آئیں تو آپ ﷺ نے ان پر باغِ فدک والی چادر ڈالی' پھر اپنا ہاتھ ان پر رکھا' پھر دعا کی: اے اللہ! یہ بھی محمد کی آل ہیں' پس اپنی رحمتیں اور برکتیں محمد و آلِ محمد پر فرما! بے شک تُو خوبیوں والا بزرگ ہے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے چادر میں داخل ہونے کے لیے اسے اُٹھایا' پس رسول کریم ﷺ نے اسے میرے ہاتھوں سے کھینچ لیا اور فرمایا: تم بھلائی والی ہو۔

6992 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن رافع فرماتے ہیں کہ میں نے

6990- الحديث سبق برقم: **6954** فراجعه .

6991- الحديث سبق برقم: **6876** فراجعه .

6992- الحديث سبق برقم: **6861** فراجعه .

الْحُبَابِ الْعُكْلِيُّ قَالَ: أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَافِعٍ قَالَ: سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسَةً فَجَاءَ رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ فِي أَشْيَاءَ قَدْ دُرِسَتْ وَبَادَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا أَقْضِي بَيْنَكُمَا فِي شَيْءٍ لَمْ يَنْزِلْ عَلَيَّ فِيهِ شَيْءٌ، مَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِحُجَّةٍ أَرَاهَا فَاقْتَطَعَ بِهَا مِنْ مَالِ أَخِيهِ فَإِنَّمَا يَقْتَطِعُ بِهَا قِطْعَةً مِنَ النَّارِ تَكُونُ إِسْطَامًا فِي رَقَبَتِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَبَكَى الرَّجُلَانِ، وَقَالَا يَا رَسُولَ اللَّهِ حَقِّي الَّذِي أَطْلُبُ لِأَخِي، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا وَلَكِنِ اذْهَبَا فَاقْتَسِمَا وَتَوَخَّيَا ثُمَّ لِيَحْلِلْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْكُمَا صَاحِبَهُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ سے سنا' وہ فرما رہی تھیں: میں نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھی تھی' دو آدمی کئی چیزوں میں جھگڑتے ہوئے آئے' تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک (اگر) میں تم دونوں کے درمیان کسی ایک چیز میں فیصلہ کر دیتا ہوں' جس میں مجھ پر کوئی چیز نہیں اتری ہے' جس کیلئے میں فیصلہ کرا ایسی دلیل سے جو میں دیکھوں اور اس کے ساتھ کوئی اپنے بھائی کے مال میں سے کوئی شی لے تو گویا اس نے آگ کا ٹکڑا لیا ہے' قیامت کے دن وہ اس کی گردن میں مہر ہو گی۔ پس وہ دونوں آدمی رونے لگے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرا حق وہ ہے جو میں اپنے بھائی کیلئے مانگتا ہوں۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: نہیں! بلکہ جا کر اسے تقسیم کر دو اور بھائی چارہ قائم کرو' پھر تم دونوں میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ اسے جائز کر دے۔

6993 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْأَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ ثُمَّ دَخَلَ بَيْتِي فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، صَلَّيْتَ صَلَاةً لَمْ تَكُنْ تُصَلِّيهَا، فَقَالَ: قَدِمَ عَلَيَّ مَالٌ فَشَغَلَنِي عَنْ رَكْعَتَيْنِ كُنْتُ أَرْكَعُهُمَا بَعْدَ الظُّهْرِ فَصَلَّيْتُهُمَا الْآنَ، فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَفَنَقْضِيهُمَا إِذَا فَاتَتَا قَالَ: لَا

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول کریم ﷺ عصر کی نماز ادا فرمانے کے بعد میرے گھر تشریف لائے تو دو رکعت ادا فرمائیں۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ایسی نماز پہلے تو آپ نے کبھی نہیں پڑھی۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس مال آ گیا جس نے مجھے دو رکعت ادا کرنے سے روکے رکھا جو میں ظہر کے بعد ادا کیا کرتا تھا تو اب میں نے وہ دو رکعت ادا کی ہیں۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جب یہ دو قضا ہو جائیں تو میں بھی قضاء کیا کروں' آپ ﷺ نے

6993- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه **315**عن يزيد به . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**224** .

فرمایا: نہیں!

6994 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَجُّ جِهَادُ كُلِّ ضَعِيفٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حج ہر کمزور مسلمان کا جہاد ہے۔

6995 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَبِي سَلَمَةَ وَقَدْ شَقَّ بَصَرُهُ فَأَغْمَضَهُ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ الرُّوحَ إِذَا قُبِضَ تَبِعَهُ الْبَصَرُ، فَضَجَّ نَاسٌ مِنْ أَهْلِهِ، فَقَالَ: لَا تَدْعُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ إِلَّا بِخَيْرٍ، فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ يُؤَمِّنُونَ عَلَى مَا تَقُولُونَ ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِأَبِي سَلَمَةَ، وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّينَ، وَاخْلُفْهُ فِي عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِينَ، وَاغْفِرْ لَنَا، وَلَهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ، اللَّهُمَّ افْسَحْ لَهُ فِي قَبْرِهِ، وَنَوِّرْ لَهُ فِي قَبْرِهِ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، ان کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں۔ آپ ﷺ نے ان کو بند کیا، پھر فرمایا: جب روح نکلتی ہے تو آنکھ اس کو دیکھتی ہے۔ لوگ اس کے اہل خانہ میں سے روتے ہیں۔ تم اپنے اوپر صرف بھلائی مانگو۔ بے شک فرشتے آمین کہتے ہیں جو تم کہتے ہو۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کو بخش دے۔ اس کے درجات ہدایت والوں میں بلند فرما۔ اس کے پیچھے رہ جانے والوں کو بہتر عطا فرما۔ ہم کو بخش دے اور اس کو بخش دے! اے ساری کائنات کو پالنے والے۔ اے اللہ اس کی قبر کو کشادہ کر دے، اس کی قبر کو منور کر دے۔

6996 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا دَرَّاجٌ، عَنِ السَّائِبِ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ نِسْوَةً دَخَلْنَ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ مِنْ أَهْلِ حِمْصٍ فَسَأَلَتْهُنَّ: مِمَّنْ أَنْتُنَّ؟، فَقُلْنَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے غلام فرماتے ہیں کہ کچھ عورتیں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں حمص والوں میں سے۔ آپ ﷺ نے ان سے پوچھا کہاں سے آئی ہو؟ انہوں نے عرض کی، حمص سے۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

6994- الحديث سبق برقم: 6880 فراجعه .

6995- أخرجه أحمد جلد6صفحه297 قال: حدثنا معاوية بن عمرو .

6996- أخرجه أحمد جلد6صفحه301 قال: حدثنا حسن الأشيب .

مِنْ أَهْلِ حِمْصٍ، فَقَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّمَا امْرَأَةٍ نَزَعَتْ ثِيَابَهَا فِي غَيْرِ بَيْتِهَا نَزَعَ اللَّهُ عَنْهَا سِتْرًا

میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو عورت اپنے گھر کے علاوہ کپڑا اتارے، اللہ عزوجل اس پر سے (قیامت کے دن) کپڑا اتار دیتا ہے۔

حَدِيثُ حَفْصَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا

مسند ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا

6997 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ ابْنُ أَخِي جُوَيْرِيَةَ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ حَفْصَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ إِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ دو رکعتیں ادا کرتے تھے، جب فجر طلوع ہوتی تھی۔

6998 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ أَبِي عُبَيْدٍ، حَدَّثَتْهُ، عَنْ حَفْصَةَ، أَوْ عَنْ عَائِشَةَ، أَوْ عَنْ كِلْتَيْهِمَا، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَوْ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ أَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ إِلَّا عَلَى زَوْجِهَا

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا یا دونوں فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی عورت کے لیے حلال نہیں ہے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہو یا اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتی ہو۔ وہ کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ نہ منائے سوائے اپنے شوہر کے۔

6999 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ سَوَاءٍ، عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَوَى

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب اپنے بستر پر آرام کے لیے آتے تو دائیں کروٹ کے بل لیٹتے اور یہ دعا کرتے: اے اللہ اپنے عذاب سے بچانا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے

6997- أخرجه النسائي جلد3صفحه253 . وفي الكبرى رقم الحديث:1362 .

6998- أخرجه مالك (الموطا) صفحه:370 عن نافع' عن صفية بنت أبي عبيد' فذكرته .

6999- أخرجه أحمد جلد6صفحه287 قال: حدثنا أبو كامل .

إِلَى فِرَاشِهِ اضْطَجَعَ عَلَى يَمِينِهِ ، وَقَالَ: رَبِّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

گا۔

7000 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عَبْدِاللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ

اُم المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی عورت کے لیے حلال نہیں ہے جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتی ہے کہ وہ اپنے شوہر کے علاوہ کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ منائے۔

7001 - حَدَّثَنَا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ بِالْفَجْرِ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ وَحَرَّمَ الطَّعَامَ قَالَ: وَكَانَ لَا يُؤَذِّنُ حَتَّى يُصْبِحَ

حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی عادتِ مبارکہ تھی کہ جب مؤذن فجر کی اذان دیتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھ کھڑے ہو اور فجر کی دو رکعت (سنتیں) ادا کرتے پھر مسجد کی طرف تشریف لے جاتے (سحری مکمل ہو جاتی) کھانا کھانا حرام سمجھتے۔ راوی کا بیان ہے: صبح ہونے سے پہلے اذان نہیں دی جاتی تھی۔

7002 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ حَفْصَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ الِاثْنَيْنِ، وَالْخَمِيسَ

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سوموار اور جمعرات کے دن کا روزہ رکھا کرتے تھے۔

7003 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا

حضرت ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے متعلق،

7000- الحديث سبق برقم: 6998 فراجعه .

7001- الحديث سبق برقم: 6997 فراجعه .

7002- الحديث سبق برقم: 6999 فراجعه .

7003- الحديث في المقصد العلي برقم: 1308 .

أَبُو يَعْفُورٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ حَفْصَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي عُثْمَانَ أَلَا أَسْتَحِي مِنْ رَجُلٍ تَسْتَحِي مِنْهُ الْمَلَائِكَةُ

کیا میں اس سے حیاء نہ کروں جس سے فرشتے حیا کرتے ہیں۔

7004 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ حَفْصَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الْجُمُعَةَ دَخَلَ بَيْتَهَا فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب جمعہ کی نماز پڑھ لیتے تھے تو میرے گھر داخل ہوتے اور دو رکعتیں ادا کرتے۔

7005 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ بُكَيْرٍ الثَّقَفِيُّ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الدَّجَّالُ لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا غَضْبَةٌ يَغْضَبُهَا

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے سنا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال نکلے گا، اس کو غصہ ہوگا (یعنی دجال کو اس کا غصہ نکال کر لائے گا)۔

7006 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ، عَنْ هُنَيْدَةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ: أَرْبَعَةٌ لَمْ يَكُنْ يَدَعُهُنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِيَامَ يَوْمِ عَاشُورَاءَ، وَالْعَشْرَ، وَثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَالرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْغَدَاةِ

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عاشورہ کے دن اور ہر ماہ تین دن کے روزے اور فجر سے پہلے دو رکعتیں نہیں چھوڑتے تھے۔

7005- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**283** قال: حدثنا سريج وعفان ويونس .

7006- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**287** . والنسائي جلد**4**صفحه**220** قال: أخبرنا أبو بكر بن أبي النضر .

7007 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، وَمَعْبَدٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ: حَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْعَلُ يَمِينَهُ لِطَعَامِهِ، وَيَجْعَلُ شِمَالَهُ لِمَا سِوَى ذَلِكَ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان کی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے کے لیے اپنا دایاں ہاتھ مخصوص کر رکھا تھا اور دوسرے کاموں کے لیے بایاں ہاتھ۔

7008 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أُمَيَّةَ بْنِ صَفْوَانَ، سَمِعَ جَدَّهُ يَقُولُ: حَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ أَنَّهُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَؤُمَّنَّ هَذَا الْبَيْتَ جَيْشٌ يَغْزُونَهُ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِأَوْسَطِهِمْ فَنَادَى أَوَّلُهُمْ وَآخِرُهُمْ فَيُخْسَفُ بِهِمْ جَمِيعًا فَلَا يَنْجُو إِلَّا الشَّرِيدُ الَّذِي يُخْبِرُ عَنْهُمْ قَالَ سُفْيَانُ: فَقَامَ إِلَى أُمَيَّةَ رَجُلٌ فَقَالَ: أَشْهَدُ عَلَيْكَ مَا كَذَبْتَ عَلَى جَدِّكَ وَأَشْهَدُ عَلَى جَدِّكَ أَنَّهُ لَمْ يَكْذِبْ عَلَى حَفْصَةَ وَأَشْهَدُ عَلَى حَفْصَةَ أَنَّهَا لَمْ تَكْذِبْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس گھر پر ضرور بضرور ایک لشکر چڑھائی کرے گا۔ جب میدانی علاقہ میں ہوں گے، ان کو درمیان میں دھنسا دیا جائے گا۔ ان کے اول اور آخر نداء لگائیں گے' ان سب کو دھنسا دیا جائے گا، کوئی نجات نہیں پائے گا مگر جس نے بھلائی کی نیت کی ہو گی۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں: ایک آدمی اُٹھ کر حضرت اُمیہ کے پاس آیا اور کہا: میں آپ پر گواہ ہوں کہ آپ نے اپنے دادا پر جھوٹ نہیں بولا اور تیرے دادا پر گواہی دیتا ہوں کہ انہوں نے حضرت حفصہ پر اور حضرت حفصہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ نہیں بولا۔

7009 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ شَبِيبٍ بَغْدَادِيٌّ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أُمِّ مُبَشِّرٍ، عَنْ حَفْصَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَرْجُو

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے یقین ہے کہ جو بدر و حدیبیہ میں شریک تھا وہ جہنم میں نہیں جائے گا۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ! کیا اللہ کا ارشاد نہیں ہے کہ وان

7007- الحديث سبق برقم: 7002 فراجعه .

7008- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 286 . وأحمد جلد6صفحه285 . ومسلم جلد8صفحه167 .

7009- أخرجه أحمد جلد6صفحه284 . وابن ماجة رقم الحديث: 4281 .

أَنْ لَا يَدْخُلَ النَّارَ أَحَدٌ إِنْ شَاءَ اللَّهُ شَهِدَ بَدْرًا وَالْحُدَيْبِيَةَ ، قَالَتْ: فَقُلْتُ أَلَيْسَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلَى رَبِّكَ حَتْمًا مَقْضِيًّا) (مريم: 71) ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفَلَمْ تَسْمَعِيهِ يَقُولُ (ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوْا وَنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا) (مريم: 72)

منكم، الیٰ آخرہ۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو نے یہ نہیں سنا: ثم ننجی الذین الیٰ آخرہ۔

7010 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا كَانَتْ قَاعِدَةً وَعَائِشَةُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَدِدْتُ أَنَّ مَعِي بَعْضَ أَصْحَابِي نَتَحَدَّثُ ، فَقَالَتْ: عَائِشَةُ: أَرْسِلْ إِلَى أَبِي بَكْرٍ يَتَحَدَّثُ مَعَكَ قَالَ: لَا قَالَتْ حَفْصَةُ: أَرْسِلْ إِلَى عُمَرَ يَتَحَدَّثُ مَعَكَ، قَالَ: لَا وَلَكِنْ أَرْسِلُ إِلَى عُثْمَانَ فَجَاءَ عُثْمَانُ فَدَخَلَ فَقَامَتَا فَأَرْخَتَا السِّتْرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُثْمَانَ: إِنَّكَ مَقْتُولٌ مُسْتَشْهَدٌ فَاصْبِرْ صَبَّرَكَ اللَّهُ، وَلَا تَخْلَعْ قَمِيصًا قَمَّصَكَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً وَسِتَّةَ أَشْهُرٍ حَتَّى تَلْقَى اللَّهَ وَهُوَ عَنْكَ رَاضٍ ، قَالَ عُثْمَانُ: إِنْ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِي بِالصَّبْرِ، فَقَالَ:

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ وہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے پاس بیٹھی ہوئی تھیں۔ رسول پاک ﷺ نے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ میرے ساتھ کوئی صحابی رضی اللہ عنہ ہو، میں اس کے ساتھ گفتگو کروں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف کسی کو بھیجیں، وہ آپ ﷺ کے ساتھ گفتگو کریں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی، یا رسول اللہ! حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف کسی کو بھیجیں، ان کو بلوائے وہ آپ ﷺ کے ساتھ گفتگو کریں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ لیکن عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف کسی کو بھیجا جائے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ آپ رضی اللہ عنہ داخل ہوئے۔ ہم دونوں کھڑی ہو گئیں، پردہ لٹکا لیا۔ حضور ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ رضی اللہ عنہ کو قتل کیا جائے، صبر کرنا، اللہ آپ رضی اللہ عنہ کو صبر کی توفیق دے۔ اس قمیض کو نہ اتارنا جو آپ رضی اللہ عنہ نے پہنی ہے۔

7010- الحديث في المقصد العلي برقم: 1310 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه89 .

اللّٰهُمَّ صَبِّرْهُ ، فَخَرَجَ عُثْمَانُ فَلَمَّا أَدْبَرَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَبَّرَكَ اللّٰهُ فَإِنَّكَ سَوْفَ تُسْتَشْهَدُ وَتَمُوتُ وَأَنْتَ صَائِمٌ وَتُفْطِرُ مَعِي .

بارہ سال چھ ماہ تک یہاں تک کہ تم اللہ سے ملاقات کرو گے، اللہ آپ رضی اللہ عنہ سے راضی ہوگا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے لیے صبر کی دعا کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ اس کو صبر عطا کر۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نکلے، جب پلٹے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ آپ رضی اللہ عنہ کو صبر دے۔ عنقریب تو شہید کیا جائے گا اور مارا جائے گا تو روزہ کی حالت میں ہوگا اور میرے ساتھ افطاری کرے گا۔

قَالَ إِبْرَاهِيمُ وَحَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسی کی مثل حدیث بیان کی ہے۔

7011 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ حَمَّادٌ أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ، عَنْ سَوَاءٍ أَخِي مُغِيثٍ، عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ: الِاثْنَيْنِ، وَالْخَمِيسَ، وَالِاثْنَيْنِ مِنَ الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر ماہ پیر و جمعرات دوسرے جمعہ کا پیر کو روزہ رکھتے تھے۔

7012 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ، حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْأَشْجَعِيُّ، وَلَيْسَ بِعُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ، عَنْ هُنَيْدَةَ بْنِ خَالِدٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ: أَرْبَعٌ لَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ چار چیزیں ہیں جن کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نہیں چھوڑتے تھے' دسویں اور عاشوراء کا روزہ' ہر ماہ تین روزے اور صبح کی نماز سے پہلے دو رکعت۔

7011- أخرجه أبو داؤد جلد**2**صفحه**304** عن موسى بن اسماعيل . والنسائى رقم الحديث: **2338** .

7012- الحديث سبق برقم: **7006** فراجعه .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَعُهُنَّ: صِيَامَ الْعَشْرِ وَعَاشُورَاءَ، وَصَوْمَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْغَدَاةِ

7013 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيهِ مَا ذَكَرَ ابْنُهُ

حضرت عمرو بن قیس سے روایت ہے کہ اُنہوں نے اس حدیث میں وہ ذکر نہیں کیا جوان کے بیٹے نے کیا۔

7014 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ: لَمَّا أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَحِلَّ بِعُمْرَةٍ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَحِلَّ مَعَنَا؟ قَالَ: إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِي وَقَلَّدْتُ هَدْيِي فَلَا أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا کہ ہم عمرہ کا احرام کھول دیں۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارے ساتھ احرام کھولنے میں آپ کو کیا رکاوٹ ہے؟ فرمایا: بے شک میں نے اپنے سر کے بالوں کو چپکا لیا ہے اور اپنی قربانی کو قلادہ پہنا لیا ہے پس میں قربانی کر کے احرام کھولوں گا۔

7015 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ شُتَيْرِ بْنِ شَكَلٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم روزہ کی حالت میں بوسہ لے لیتے تھے۔

7016 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَحِلَّ بِعُمْرَةٍ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم عمرہ کا احرام کھول دیں، پس میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کو کیا چیز روک رہی ہے کہ آپ احرام کھولیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

7013- الحديث سبق برقم: 7102,7006 فراجعه .

7014- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه: 256 . وأحمد جلد6صفحه283 .

7015- أخرجه أحمد جلد6صفحه286 قال: حدثنا سفيان، عن منصور .

7016- الحديث سبق برقم: 7014 فراجعه .

يَمْنَعُكَ أَنْ تَحِلَّ قَالَ: إِنِّي أَهْدَيْتُ وَلَبَّدْتُ

میرے پاس قربانی ہے اور میں نے چپکا لگا لیا ہے۔

7017 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ، أَوْ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ

حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی عورت کے لیے حلال نہیں ہے جو اللہ اور اس کے رسول (یا فرمایا: اللہ اور یومِ آخرت) پر ایمان رکھتی ہے کہ وہ کسی میت پر سوائے اپنے شوہر کے تین دن سے زیادہ سوگ کرے۔

7018 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ قَالَ: أَخْبَرَنِي نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: أَخْبَرَتْنِي حَفْصَةُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي سَجْدَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ إِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: مجھے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مختصر دو رکعت نماز ادا فرمایا کرتے جب فجر صادق طلوع ہوتی تھی۔

7019 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَبِي وَدَاعَةَ، عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي سُبْحَةٍ جَالِسًا حَتَّى كَانَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِعَامٍ فَكَانَ يُصَلِّي جَالِسًا فَيَقْرَأُ السُّورَةَ فَيُرَتِّلُهَا حَتَّى تَكُونَ أَطْوَلَ مِنْ أَطْوَلَ مِنْهَا

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نفل نماز بیٹھ کر پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا۔ یہاں تک کہ وصال مبارک سے پہلے ایک سال آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان نفلوں میں سورت پڑھتے تھے ترتیل کے ساتھ یہاں تک لمبی سے لمبی سورت پڑھتے۔

7020 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ،

حضرت ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو

7017- الحديث سبق برقم: 6998 فراجعه .

7018- الحديث سبق برقم: 6997 فراجعه .

7019- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه 104 . وأحمد جلد 6 صفحه 285 .

7020- الحديث سبق برقم: 7014 فراجعه .

أَنَّهَا قَالَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَكَ لَمْ تَحِلَّ مِنْ عُمْرَتِكَ قَالَ: إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِي وَقَلَّدْتُ هَدْيِي فَلَا أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ

ہمارے ساتھ اپنے عمرہ کا احرام کھولنے میں کیا رکاوٹ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے سر کو چپکا لیا ہے اور اپنی قربانی کے جانور کو قلادہ پہنا دیا ہے، میں احرام نہیں کھولوں گا، یہاں تک کہ قربانی کرلوں۔

7021 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّمَا بِيَدِي قِطْعَةُ إِسْتَبْرَقٍ وَلَا أُشِيرُ بِهَا إِلَى مَكَانٍ مِنَ الْجَنَّةِ إِلَّا طَارَتْ بِي إِلَيْهِ قَالَ: فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ أَخَاكِ رَجُلٌ صَالِحٌ أَوْ إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب دیکھا کہ میرے ہاتھ ریشم کا ٹکڑا ہے۔ میں نے اس کے ساتھ اشارہ بھی نہیں کیا جنت کی جگہ کی طرف مگر وہ اُڑا کر مجھے لے گیا۔ میں نے یہ بات اپنی بہن حفصہ رضی اللہ عنہا کو بتائی۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ کو بتائی، آپ ﷺ نے فرمایا: تیرا بھائی نیک ہے، یا یہ فرمایا کہ عبداللہ نیک آدمی ہے۔

7022 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ سَوَاءٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى تَحْتَ خَدِّهِ وَقَالَ: رَبِّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ جب اپنے بستر کی طرف تشریف لاتے تو اپنا دایاں ہاتھ اپنے رخسار کے نیچے رکھتے اور یہ دعا کرتے: اے میرے رب! مجھے اپنے عذاب سے بچا اس دن جس دن تُو اپنے بندوں کو دوبارہ اُٹھائے۔ تین بار۔

7023 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عِبَادَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ سَوَاءٍ، عَنْ حَفْصَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ الِاثْنَيْنِ،

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ہر ماہ کے تین دن روزے رکھتے تھے: سوموار، جمعرات اور دوسرے ہفتے کی سوموار۔

7021- أخرجه البخاري جلد1صفحه155' جلد2صفحه1039 من طريق حماد ووهيب .

7022- الحديث سبق برقم: 6699 فراجعه .

7023- الحديث سبق برقم: 7011 فراجعه .

وَالْخَمِيسَ، وَالِاثْنَيْنِ مِنَ الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى

7024 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو أَيُّوبَ الْأَفْرِيقِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، وَمَعْبَدٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْعَلُ يَمِينَهُ لِطَعَامِهِ وَشَرَابِهِ، وَيَجْعَلُ يَسَارَهُ لِمَا سِوَى ذَلِكَ

نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ اپنے دائیں ہاتھ کو کھانے اور پینے کیلئے اور بائیں ہاتھ کو باقی کاموں کیلئے بنا رکھا تھا۔

7025 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ أَسْلَمَ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوبَ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، رَأَى ابْنَ صَائِدٍ فِي سِكَّةٍ مِنْ سِكَكِ الْمَدِينَةِ فَسَبَّهُ ابْنُ عُمَرَ وَوَقَعَ فِيهِ فَانْتَفَخَ حَتَّى سَدَّ الطَّرِيقَ فَضَرَبَهُ ابْنُ عُمَرَ بِعَصًا فَسَكَنَ حَتَّى عَادَ فَانْتَفَخَ حَتَّى سَدَّ الطَّرِيقَ، فَضَرَبَهُ ابْنُ عُمَرَ بِعَصًا مَعَهُ حَتَّى كَسَرَهَا عَلَيْهِ، فَقَالَتْ: لَهُ حَفْصَةُ: مَا شَأْنُكَ وَشَأْنُهُ، مَا يُولِعُكَ بِهِ أَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّمَا يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ غَضْبَةٍ يَغْضَبُهَا

حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے مدینہ کی گلیوں میں سے ایک گلی میں ابن صائد (مشابہ دجال) کو دیکھا۔ پس حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اسے گالی دی اور اسے بُرا بھلا کہا' پس وہ پھولنا شروع ہو گیا حتیٰ کہ اس نے راستہ روک دیا۔ پس حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اسے ڈنڈے کے ساتھ مارا جو آپ کے پاس موجود تھا حتیٰ کہ وہ اس پہ توڑ دیا۔ پس حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے ان سے فرمایا: تیرا اور اس کا کیا معاملہ ہوا؟ کس چیز نے تجھے اس پر اُکسایا؟ کیا آپ نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے نہیں سنا: دجال' اس غصہ سے نکلے گا جو اسے آئے گا۔

7026 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ الْخَطَّابِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ، أَنَّ

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب مؤذن اذان دیتا تو نبی کریم ﷺ دو رکعت ادا فرماتے اور کھانے سے رُک جاتے اور مؤذن فجر صادق طلوع ہونے سے

7024- الحديث سبق برقم: 7007 فراجعه .

7025- الحديث سبق برقم: 7005 فراجعه .

7026- الحديث سبق برقم: 7001 فراجعه .

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ وَحَرَّمَ الطَّعَامَ وَكَانَ لَا يُؤَذِّنُ حَتَّى يَطْلُعَ الْفَجْرُ

پہلے اذان نہیں دیا کرتا تھا۔

7027 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ حَفْصَةَ قَالَتْ: أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَحِلَّ فِي حَجَّتِهِ الَّتِي حَجَّ

حضرت نافع نے حدیث بیان کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان کو خبر دی کہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں احرام کھول دوں' ان کے اس حج میں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا۔

حَدِيثُ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ

حضرت جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کی حدیث

7028 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْعَتَكِيِّ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِيَ صَائِمَةٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ لَهَا: أَصُمْتِ أَمْسِ؟ قَالَتْ: لَا قَالَ: أَفَتَصُومِينَ غَدًا؟ قَالَتْ: لَا قَالَ: فَأَفْطِرِي .

حضرت ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے، میں روزہ کی حالت میں تھی جمعہ کے دن۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: کیا تو نے کل روزہ رکھا تھا؟ میں نے عرض کی، نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو کل روزہ رکھے گی؟ میں نے کہا، نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: افطار کرلو۔

7029 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ

حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتی ہیں۔

7030 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا

حضرت ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں

7027- الحديث سبق برقم: 7020,7014 فراجعه .

7028- أخرجه أحمد جلد6صفحه324 قال: حدثنا وكيع . قال: حدثنا شعبة .

7029- الحديث سبق برقم: 7028 فراجعه .

7030- الحديث سبق برقم: 7029,7028 فراجعه .

هَـمَّـامٌ، حَـدَّثَـنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ بِـنْـتِ الْـحَـارِثِ، أَنَّ رَسُـولَ الـلّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِيَ صَائِمَةٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ: هَـلْ صُـمْـتِ أَمْـسِ؟ قَـالَـتْ: لَا، قَالَ أَفَتُرِيدِينَ أَنْ تَصُومِي غَدًا؟ قَالَتْ: لَا ' قَالَ: فَأَفْطِرِي

کہ حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے، میں روزہ کی حالت میں تھی جمعہ کے دن۔ آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: کیا تو نے کل روزہ رکھا تھا؟ میں نے عرض کی، نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو کل روزہ رکھے گی؟ میں نے کہا، نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: افطار کرلو۔

7031 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرُ بْـنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا سُـفْيَـانُ بْـنُ عُيَيْـنَةَ، عَـنِ الـزُّهْـرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّـاقِ، عَـنْ جُـوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ: دَخَلَ عَـلَـيَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هَلْ مِنْ طَـعَامٍ فَقَالَتْ: لَا، إِلَّا عَظْمًا أُعْطِيَتْهُ مَوْلَاتُنَا مِنَ الصَّدَقَةِ، فَقَالَ: قَرِّبِيهِ فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا

حضرت ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے، فرمایا: کوئی کھانا ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! مگر وہ ہڈی جو میری لونڈی نے مجھے ہدیہ دی ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو میرے قریب کر' وہ اپنے مقصد تک پہنچ گئی ہے۔

7032 - حَـدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عِبَـادَةَ، حَـدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ مَـوْلَـى آلِ طَـلْـحَةَ قَـالَ: سَمِعْتُ كُرَيْبًا مَوْلَى ابْنِ عَبَّـاسٍ يُـحَـدِّثُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْـحَـارِثِ، قَـالَـتْ: أَتَى عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ غُدْوَةً وَأَنَا أُسَبِّحُ ثُمَّ انْطَلَقَ لِحَاجَتِهِ ثُمَّ رَجَـعَ قَرِيبًا مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ، فَقَالَ: مَا زِلْتِ قَاعِدَةً، قَـالَـتْ: قُـلْـتُ: نَعَمْ قَالَ: أَلَا أُعَلِّمُكِ كَلِمَاتٍ لَوْ عُـدِلْنَ بِهِنَّ عَدَلَتْهُنَّ أَوْ لَوْ وُزِنَ بِهِنَّ وَزَنَتْهُنَّ؟ يَعْنِي بِـجَـمِيعِ مَا سَبَّحْتِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهِ ثَلَاثَ مَـرَّاتٍ، سُبْـحَـانَ الـلّٰـهِ زِنَةَ عَرْشِـهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَى نَفْسِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، سُبْحَانَ اللّٰهِ

حضرت ام المومنین حضرت جویریا رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے۔ صبح کے وقت میں تسبیح پڑھ رہی تھی۔ پھر کسی کام کے لیے چلے گئے، پھر دوپہر کے وقت واپس آئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو اس وقت سے بیٹھی ہے۔ میں نے عرض کی، جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں آپ کو ایسے کلمات نہ سکھاؤں، اس کا ثواب ان کے برابر ہے ان کا وزن ان کے وزن کے برابر ہے یعنی جو تو تسبیح پڑھ رہی تھی (میں نے عرض کی، جی ہاں)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ کلمات یہ ہیں: سبحان الله عدد خلقه الٰی آخره۔

7031- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **317** . وأحمد جلد**6**صفحه**429** قالا: حدثنا سفيان .

7032- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**324** قال: حدثنا روح . قال: حدثنا شعبة .

مِدَادَ كَلِمَاتِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حَدِيثُ صَفِيَّةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ

7033 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ، عَنِ ابْنِ صَفْوَانَ، عَنْ صَفِيَّةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْتَهِي النَّاسُ عَنْ غَزْوِ هَذَا الْبَيْتِ حَتَّى يَغْزُوَهُ جَيْشٌ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ وَلَمْ يَنْجُ أَوْسَطُهُمْ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ الْمُكْرَهَ مِنْهُمْ؟ قَالَ: يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ عَلَى مَا فِي أَنْفُسِهِمْ

حضرت ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا

حضرت صفیہ اُم المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ اس گھر کی لڑائی سے نہیں رُکیں گے حتیٰ کہ ایک لشکر لڑے گا یہاں تک کہ وہ زمین کی وادیٔ بیداء میں ہوگا تو ان کے اگلے پچھلے زمین میں دھنس جائیں گے، پھر ان کے درمیان والے نجات پا جائیں گے۔ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا آپ ان میں مجبور کو بھی دیکھتے ہیں؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ ان کو ان کی نیتوں کے مطابق دوبارہ اُٹھائے گا۔

حَدِيثُ سَلْمَى بِنْتِ قَيْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

7034 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي سَلِيطُ بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ سَلْمَى، وَكَانَتْ إِحْدَى خَالَاتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وہ حدیث جو سلمیٰ بنت قیس حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں

حضرت سلمیٰ رضی اللہ عنہا جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خالہ ہیں۔ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دونوں قبلوں کی سمت منہ کر کے نماز پڑھنے کا شرف حاصل کیا۔ یہ بنی نجار کی عورتوں میں سے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں

7033- اخرجه أحمد جلد6صفحه336 قال: حدثنا وكيع .

7034- اخرجه أحمد جلد6صفحه379 قال: حدثنا يعقوب .

وَسَلَّمَ قَدْ صَلَّتْ مَعَهُ الْقِبْلَتَيْنِ ، وَكَانَتْ إِحْدَى نِسَاءِ بَنِي عَدِيِّ بْنِ النَّجَّارِ، قَالَتْ: جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُبَايِعُهُ فِي نِسْوَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَلَمَّا شَرَطَ عَلَيْنَا أَنْ لَا نُشْرِكَ بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا نَسْرِقَ، وَلَا نَزْنِيَ، وَلَا نَقْتُلَ أَوْلَادَنَا، وَلَا نَأْتِيَ بِبُهْتَانٍ نَفْتَرِيهِ بَيْنَ أَيْدِينَا وَأَرْجُلِنَا، وَلَا نَعْصِيَهُ فِي مَعْرُوفٍ قَالَ: وَلَا تَغْشُشْنَ أَزْوَاجَكُنَّ ، قَالَتْ: فَبَايَعْنَاهُ ثُمَّ انْصَرَفْنَا فَقُلْتُ لِامْرَأَةٍ مِنْهُنَّ ارْجِعِي فَسَلِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا غِشُّ أَزْوَاجِنَا؟ قَالَتْ: فَسَأَلَتْهُ، فَقَالَ: تَأْخُذُ مَالَهُ فَتُحَابِي بِهِ غَيْرَهُ

حضور ﷺ کے پاس آئی، میں نے آپ ﷺ کی بیعت کی، انصاری عورتوں کے ساتھ۔ آپ ﷺ نے ہم پر شرط لگائی کہ ہم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی، نہ ہم چوری کریں گی، نہ ہم اپنی اولاد کو قتل کریں گی، نہ ہم کسی پر بہتان لگائیں گی جو ہم نے خود بنا لیا ہے۔ ہم نیکی میں نافرمانی نہیں کریں گی۔ نہ ہم اپنے شوہروں کی نافرمانی کریں گی۔ حضرت سلمیٰ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم نے آپ ﷺ کی بیعت کی، پھر ہم چلی گئیں۔ میں نے اُن عورتوں میں سے ایک کو کہا: چلو چلیں اس نے کہا تو حضور ﷺ سے پوچھ۔

حَدِيثُ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ

ام الفضل بنت حارث رضی اللہ عنہا

7035 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُمِّهِ أُمِّ الْفَضْلِ، أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ: وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا

حضرت ام الفضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے مغرب میں والمرسلات عرفاً پڑھی۔

7036 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ، قَالَتْ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى

حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا، آپ ﷺ میرے گھر میں تھے۔ اس نے عرض کی، میری ایک بیوی ہے۔ میں نے اس پر

7035- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه **71** . والحميدي رقم الحديث: **338** .

7036- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**339** قال: حدثنا اسماعيل' قال: حدثنا ايوب .

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتِي، فَقَالَ: كَانَتْ لِي امْرَأَةٌ فَتَزَوَّجْتُ عَلَيْهَا امْرَأَةً فَزَعَمَتِ امْرَأَتِي الْأُولَى أَنَّهَا أَرْضَعَتِ الْحُدْثَى إِمْلَاجَةً أَوْ إِمْلَاجَتَيْنِ فَقَالَ: لَا تُحَرِّمُ الْإِمْلَاجَةُ وَلَا الْإِمْلَاجَتَانِ

ایک عورت سے شادی کی ہے۔ پہلی عورت کا گمان ہے کہ اس نے اس کو ایک گھونٹ یا دو گھونٹ دودھ پلایا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک گھونٹ یا دو گھونٹ حرام نہیں کرتا ہے۔

7037 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ عُمَيْرٍ مَوْلَى أُمِّ الْفَضْلِ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ أَنَّهُمْ تَمَارَوْا فِي صَوْمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَرَفَةَ فَبَعَثْتُ إِلَيْهِ إِنَاءً مِنْ لَبَنٍ فَشَرِبَ

حضرت ام الفضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ تم حضور ﷺ کے عرفہ کے دن کے روزہ میں جھگڑتے ہو میں نے آپ ﷺ کی طرف عرفہ کے دن دودھ بھیجا تھا، آپ ﷺ نے نوش فرمایا تھا۔

7038 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ قَابُوسَ بْنِ أَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ، قَالَتْ: رَأَيْتُ كَأَنَّ فِي بَيْتِي طَبَقًا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَزِعْتُ مِنْ ذٰلِكَ، فَذَكَرْتُ لَهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ: خَيْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَلِدُ فَاطِمَةُ غُلَامًا تَكْفُلِينَهُ بِلَبَنِ ابْنِكِ قُثَمٍ قَالَتْ: فَوَلَدَتْ حَسَنًا فَأَعْطَتْنِيهِ فَأَرْضَعْتُهُ ثُمَّ جِئْتُ بِهِ فَأَجْلَسْتُهُ فِي حِجْرِهِ فَبَالَ عَلَيْهِ فَضَرَبْتُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، فَقَالَ: ارْفُقِي أَصْلَحَكِ اللّٰهُ أَوْ رَحِمَكِ اللّٰهُ أَوْجَعْتِ ابْنِي، قَالَتْ: فَقُلْتُ: اخْلَعْ إِزَارَكَ وَالْبَسْ ثَوْبًا غَيْرَهُ حَتَّى أَغْسِلَهُ قَالَ: إِنَّمَا يُغْسَلُ بَوْلُ الْجَارِيَةِ، وَيُنْضَحُ بَوْلُ الْغُلَامِ

حضرت ام الفضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے خواب دیکھا گویا میرے گھر میں رسول اللہ ﷺ کا ایک ٹکڑا ہے۔ میں اس سے گھبرائی۔ میں نے آپ ﷺ سے اس کا ذکر کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بہتر ہے اگر اللہ نے چاہا فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں ایک بیٹا پیدا ہوگا۔تو اس کی کفالت کرے گی، اپنا دودھ پلا کر۔ حضرت ام الفضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں امام حسن رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے، ان کو مجھے دیا گیا، میں نے ان کو دودھ پلایا۔ پھر میں اس کو لے کر آئی۔ آپ ﷺ نے اپنی گود میں بٹھایا، حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے پیشاب کیا۔ میں نے دونوں کندھوں کے درمیان سے مارا، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تیری اصلاح کرے یا تیرے اوپر رحم کرے، میرے بیٹے پر نرمی کر۔ میں نے عرض کی:

7037- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه**245** . وأحمد جلد**6**صفحه**340** .

7038- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**339** قال: حدثنا يحيٰى بن بكير' قال: حدثنا اسرائيل .

یارسول اللہ! آپ ﷺ اپنا تہبند اتار دیں اور دوسرا پہن لیں۔ میں اس کو دھو دیتی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بچی کے پیشاب کو دھویا جاتا ہے اور بچے کے پیشاب پر پانی چھڑک دیا جاتا ہے۔

7039 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: أَخْبَرَنِي حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى أُمَّ حَبِيبَةَ وَهِيَ فُوَيْقَ الْفَطِيمِ، فَقَالَ: لَئِنْ بَلَغَتْ بُنَيَّةُ الْعَبَّاسِ هَذِهِ وَأَنَا حَيٌّ لَأَتَزَوَّجَنَّهَا

حضرت ام الفضل رضی اللہ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا اس حال میں کہ وہ دودھ چھڑانے کی عمر سے تھوڑا اوپر تھیں' تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر عباس کی یہ بیٹی بالغ ہوگئی اور میں زندہ ہوا تو میں ضرور اس سے نکاح کروں گا۔

7040 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، أَنَّ هِنْدَ بِنْتَ الْحَارِثِ، حَدَّثَتْهُ، عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ عَبَّاسٍ قَالَتْ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عَمِّهِ وَهُوَ شَاكٍ يَتَمَنَّى الْمَوْتَ لِلَّذِي هُوَ فِيهِ مِنْ مَرَضِهِ فَضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ عَلَى صَدْرِ الْعَبَّاسِ ثُمَّ قَالَ: لَا تَتَمَنَّ الْمَوْتَ يَا عَمَّ رَسُولِ اللّٰهِ فَإِنَّكَ إِنْ تَبْقَ تَزْدَدْ خَيْرًا، يَكُونُ ذَلِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ، وَإِنْ تَبْقَ تَسْتَعْتِبْ مِنْ شَيْءٍ يَكُونُ ذَلِكَ خَيْرًا لَكَ

حضرت ام الفضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ اپنے چچا کے پاس آئے وہ حالت بیماری میں تھے اور اپنی موت کی آرزو کر رہے تھے، جس بیماری میں وہ تھے۔ حضور ﷺ نے اپنا ہاتھ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے سینے پر مار، پھر فرمایا: اے رسول اللہ ﷺ کے چچا، موت کی تمنا نہ کر اگر تو زندہ رہا، نیکیاں زیادہ کرے گا تیرے لیے بہتر ہے، اگر زندہ رہا کسی شے سے بچ گیا تو یہ بھی تیرے لیے بہتر ہے۔

7039- الحديث في المقصد العلي برقم: 742 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه276 بنحوه .

7040- الحديث في المقصد العلي برقم: 1770 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه202 .

حَدِيثُ خَدِيجَةَ بِنْتِ خُوَيْلِدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مخدومہ کائنات ام المومنین سیدہ طیبہ خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کردہ حدیث

7041 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ زِيَادٍ الْحَرْبِيُّ بَصْرِيٌّ ثِقَةٌ قَالَ: حَدَّثَنِي الْأَزْرَقُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نَوْفَلٍ أَوْ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، شَكَّ سَهْلٌ عَنْ خَدِيجَةَ بِنْتِ خُوَيْلِدٍ قَالَتْ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: بِأَبِي أَيْنَ أَطْفَالِي مِنْكَ؟ قَالَ: فِي الْجَنَّةِ، قَالَتْ: وَسَأَلْتُهُ: أَيْنَ أَطْفَالِي مِنْ أَزْوَاجِي الْمُشْرِكِينَ قَالَ: فِي النَّارِ، قُلْتُ: بِغَيْرِ عَمَلٍ؟ قَالَ: اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ

حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ میں نے عرض کی، میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر فدا ہوں، میرے وہ بچے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہیں وہ کہاں ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں۔ میں نے پوچھا، ان بچوں کے متعلق جو میرے مشرک شوہروں سے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم میں۔ میں نے عرض کی، بغیر عمل کے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ زیادہ جانتا ہے جو انہوں نے عمل کرنے تھے۔

حَدِيثُ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ام المومنین سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کردہ احادیث

7042 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ

حضرت ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ چوہا گھی میں گرے اور

7041- الحديث في المقصد العلي برقم: 1160 .

7042- اخرجه مالك (الموطأ) صفحه 601 . والحميدى رقم الحديث: 312 قال: حدثنا سفيان .

عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ فَأْرَةٍ وَقَعَتْ فِي سَمْنٍ فَمَاتَتْ، فَقَالَ: أَلْقُوهَا وَمَا حَوْلَهَا وَكُلُوهُ

مر جائے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے جو لگا ہوا ہے، اس کو پھینک دو باقی کھالو۔

7043 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ فَقَالَ: أَلَا أَخَذُوا إِهَابَهَا فَدَبَغُوهُ فَاسْتَنْفَعُوا بِهِ، قَالُوا: إِنَّهَا مَيِّتَةٌ؟ قَالَ: إِنَّمَا حُرِّمَ أَكْلُهَا

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ایک مردار بکری کے پاس سے گزرے، آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو پکڑا اس کو دباغت دو، اس سے فائدہ اٹھاؤ، عرض کی، یہ مردار ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا کھانا حرام ہے۔

7044 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَخْبَرَتْهُ مَيْمُونَةُ، أَنَّهَا كَانَتْ تَغْتَسِلُ هِيَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ اور میں ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔

7045 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْبُوذٍ، عَنْ أُمِّهِ قَالَتْ: كُنْتُ عِنْدَ مَيْمُونَةَ فَدَخَلَ عَلَيْهَا ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَتْ: أَيْ بُنَيَّ، مَا لِي أَرَاكَ شَعِثًا رَأْسُكَ؟ قَالَ: أُمُّ عَمَّارٍ مُرَجِّلَتِي حَائِضٌ، قَالَتْ: أَيْ بُنَيَّ، وَأَيْنَ الْحَيْضَةُ مِنَ الْيَدِ؟ قَدْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلَى إِحْدَانَا وَهِيَ حَائِضٌ فَيَضَعُ رَأْسَهُ فِي حِجْرِهَا وَهِيَ حَائِضٌ وَتَأْتِيهِ إِحْدَانَا بِخُمْرَتِهِ فَتَبْسُطُهَا وَهِيَ حَائِضٌ، أَيْ بُنَيَّ أَيْنَ الْحَيْضَةُ مِنَ الْيَدِ؟

حضرت منبوذ اپنی امی سے روایت کرتی ہیں کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ آئے۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بیٹے، میں کیا دیکھتی ہوں تیرے سر کے بال بکھرے ہوئے ہیں؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ام عمار رضی اللہ عنہا مجھے کنگھی کرتی تھی، اس کو حیض آیا ہے۔ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بیٹے، حیض ہاتھ کو تو نہیں ہے؟ حالانکہ حضور ﷺ ہم میں سے کسی کے پاس آتے، وہ حیض کی حالت میں ہوتی، آپ ﷺ اپنا سرِ انور اس کی گود میں رکھتے حالانکہ

7043- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 315 . وأحمد جلد6صفحه329 . ومسلم جلد1صفحه190 .

7044- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 309 . وأحمد جلد6صفحه329 . ومسلم جلد1صفحه176 .

7045- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 310 قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد6صفحه331 قال: حدثنا سفيان .

وہ حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔ ہم میں کوئی چٹائی لیتی اس کو بچھاتی حالت حیض میں، اے میرے بیٹے ہاتھ کو تو حیض نہیں آیا ہے۔

7046 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ: قَالَتْ مَيْمُونَةُ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُبَاشِرُ النِّسَاءَ وَهُنَّ حُيَّضٌ يَأْمُرُهُنَّ أَنْ يَأْتَزِرْنَ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان سے مباشرت کرتے تھے حالت حیض میں اور حکم دیتے، ازار باندھنے کا۔

7047 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هِنْدَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُذَيْفَةَ قَالَ: كَانَتْ مَيْمُونَةُ تَدَّانُ فَتُكْثِرُ فَقَالَ لَهَا أَهْلُهَا فِي ذَلِكَ وَوَجَدُوا عَلَيْهَا فَقَالَتْ: لَا أَتْرُكُ وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ أَحَدٍ يَدَّانُ دَيْنًا فَعَلِمَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنَّهُ يُرِيدُ قَضَاءَهُ إِلَّا أَدَّاهُ عَنْهُ فِي الدُّنْيَا

حضرت عمران بن حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا پر قرض بہت زیادہ تھا' پھر بھی وہ کثرت سے صدقہ کرتی تھیں' پس آپ کے گھر والوں نے اس بارے میں آپ سے بات کی اور آپ پر غصے بھی ہوئے۔ پس آپ نے ارشاد فرمایا: میں اس کو نہیں چھوڑوں گی جبکہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے: جس آدمی پر قرض ہو' پس اللہ کو علم ہے کہ وہ اسے ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو دنیا میں ہی اللہ اسے ادائیگی کی توفیق دیتا ہے۔

7048 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ، عَنْ خَالَتِهِ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: أُهْدِيَ لَنَا ضَبٌّ، قَالَتْ: فَأَتَاهَا رَجُلَانِ مِنْ قَوْمِهَا فَأَمَرَتْ بِهِ فَصُنِعَ ثُمَّ قَرَّبَتْهُ إِلَيْهِمَا، قَالَتْ: فَجَاءَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمَا يَأْكُلَانِ فَرَحَّبَ بِهِمَا، ثُمَّ أَخَذَ يَأْكُلُ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم کو گوہ ہدیہ دی گئی۔ اس قوم سے دو آدمی آئے، اُن کو بھون کر دی، اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ وہ دونوں کھا رہے تھے، ان دونوں نے خوش آمدید کہا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے ایک لقمہ لیا۔ جب ایک لقمہ اٹھا کر اپنے منہ میں ڈالنے لگے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کیا

7046- أخرجه أحمد جلد6صفحه335 قال: حدثنا عبد الرحمن بن مهدي' عن سفيان .

7047- أخرجه عبد بن حميد: 1549 قال: حدثني أبو الوليد .

7048- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه38 وقال: رواه الطبراني في الكبير .

فَلَمَّا أَخَذَ اللُّقْمَةَ إِلَى فِيهِ قَالَ: مَا هَذَا؟ قَالَتْ: ضَبٌّ أُهْدِيَ لَنَا، قَالَتْ: فَوَضَعَ اللُّقْمَةَ فَأَرَادَ الرَّجُلَانِ أَنْ يَطْرَحَا مَا فِي أَفْوَاهِهِمَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَفْعَلَا إِنَّكُمْ أَهْلَ نَجْدٍ تَأْكُلُونَهَا وَإِنَّا أَهْلَ تِهَامَةَ نَعَافُهَا

ہے؟ عرض کی، گوہ ہم کو ہدیہ کی گئی تھی۔ آپ ﷺ نے لقمہ رکھ دیا اُن دونوں آدمیوں نے ارادہ کیا کہ وہ پھینک دیں جو ان دونوں کے منہ میں ہے، حضور ﷺ نے فرمایا: تم دونوں ایسے نہ کرو، تم اہل نجد سے ہو اس کو کھاؤ، میں اہل تہامہ سے ہوں میں اس سے بچوں گا۔

7049 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ السَّدُوسِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، يُحَدِّثُ أَنَّ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ قَالَتْ: وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى صَلَاةً أَحَبَّ أَنْ يُدَاوِمَ عَلَيْهَا

حضرت ام المومنین میمونہ ؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ عصر سے پہلے دو رکعت ادا کرتے تھے، جب آپ ﷺ کوئی نماز پڑھتے تھے، اس پر ہمیشگی کرتے تھے۔

7050 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ فَرْقَدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حُذَافَةَ، عَنْ أُمِّهِ الْعَالِيَةِ، عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: مَرَّ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِجَالٌ مِنْ قُرَيْشٍ يَجُرُّونَ شَاةً قَالَ: فَهَلَّا انْتَفَعْتُمْ بِإِهَابِهَا، قَالُوا: إِنَّهَا مَيْتَةٌ قَالَ: يُطَهِّرُهَا الْمَاءُ وَالْقَرَظُ

حضرت ام المومنین میمونہ ؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس سے چند قریشی آدمی ایک مردار بکری لے کر گزرے، جو اسے کھینچ رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: (اس کو پکڑ کر اس کو دباغت دو) اس کی کھال سے فائدہ اٹھاؤ، عرض کی: یہ مردار ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے پانی (گرم) اور (اس میں) پتے پاک کر دیتے ہیں۔

7051 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ إِسْحَاقَ، أَنَّهُ سَمِعَ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ يُحَدِّثُ، عَنْ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ

حضرت ام المومنین میمونہ ؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے، جو میرے اولیاء کو تکلیف دیتا ہے، وہ میرے ساتھ جنگ کرنے کا

7049- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه21 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الكبير .

7050- أخرجه أحمد جلد6صفحه333 قال: حدثنا يحيى بن غيلان .

7051- الحديث في المقصد العلي برقم: 2022 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه270,269 .

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: مَنْ آذَى لِي وَلِيًّا فَقَدِ اسْتَحَقَّ مُحَارَبَتِي، وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدٌ بِمِثْلِ أَدَاءِ فَرَائِضِي، وَإِنَّهُ لَيَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ، فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ كُنْتُ رِجْلَهُ الَّتِي يَمْشِي بِهَا، وَيَدَهُ الَّتِي يَبْطِشُ بِهَا، وَلِسَانَهُ الَّذِي يَنْطِقُ بِهِ، وَقَلْبَهُ الَّذِي يَعْقِلُ بِهِ، إِنْ سَأَلَنِي أَعْطَيْتُهُ وَإِنْ دَعَانِي أَجَبْتُهُ، وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَيْءٍ أَنَا فَاعِلُهُ كَتَرَدُّدِي عَنْ مَوْتِهِ، وَذَاكَ أَنَّهُ يَكْرَهُهُ وَأَنَا أَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ

مستحق ہوگیا ہے۔ بندہ میرا قرب فرائض کے ذریعے اور نوافل کے ذریعے کرتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں۔ جب میں اس سے محبت کرتا ہوں، میں اس کے پاؤں بن جاتا ہوں، جن کے ساتھ وہ چلتا ہے۔ اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جس کے ساتھ پکڑتا ہے۔ اس کی زبان بن جاتا ہوں، جن کے ساتھ وہ بولتا ہے۔ اس کا دل بن جاتا ہوں جس کے ساتھ وہ سمجھتا ہے۔ اگر مجھ سے مانگے، میں اس کو عطا کرتا ہوں۔ اگر دعا کرے میں اس کو قبول کرتا ہوں، مجھے کسی کو موت دیتے وقت تردد نہیں ہوتا ہے۔ مجھے اس بندہ کی موت پر ہوتا ہے، جبکہ وہ اس کو ناپسند ہو۔ میں ناپسند کرتا ہوں، اس کو تکلیف دینا یا ناراض کرنا۔

7052 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْهَرَوِيُّ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي سَوْدَةَ، عَنْ أَخِيهِ، عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَفْتِنَا فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ قَالَ: هُوَ أَرْضُ الْمَحْشَرِ وَأَرْضُ الْمَنْشَرِ ائْتُوهُ فَصَلُّوا فِيهِ، فَإِنَّ صَلَاةً فِيهِ كَأَلْفِ صَلَاةٍ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَتَحَمَّلَ إِلَيْهِ؟ قَالَ: مَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَأْتِيَهُ فَلْيُهْدِ إِلَيْهِ زَيْتًا يُسْرَجُ فِيهِ، فَإِنَّ مَنْ أَهْدَى إِلَيْهِ زَيْتًا كَانَ كَمَنْ قَدْ أَتَاهُ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا بیت المقدس میں فتن ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ جگہ یہاں ہم اکٹھے کیے جائیں گے اور اٹھائے جائیں گے، جا سو جاؤ اس میں نماز پڑھو۔ بے شک اس میں نماز پڑھنے کا ایک ہزار نماز کے برابر ثواب ہے۔ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو وہاں تک جانے کی طاقت نہ رکھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہاں کے لیے زیتون بھیج اس میں چراغ روشن کرنے کے لیے، بے شک وہاں روشنی کے لیے چراغ بھیجنا ایسا ہی ہے جیسے خود جانا ہے۔

7053 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ

7052- الحديث في المقصد العلى برقم: 226 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه6 .

سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ نُدْبَةَ مَوْلَاةِ مَيْمُونَةَ، عَنْ مَيْمُونَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ الْمَرْأَةَ مِنْ نِسَائِهِ وَهِيَ حَائِضٌ تَكُونُ عَلَيْهَا الْخِرْقَةُ إِلَى نِصْفِ الْفَخِذَيْنِ

حضور ﷺ ان سے مباشرت کرتے تھے حالت حیض میں اور حکم دیتے، اس جگہ نصف رانوں تک ازار باندھنے کا۔

7054 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ خَالَتِهِ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا چٹائی پر نماز پڑھتی تھیں۔

7055 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِسْحَاقَ يُحَدِّثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ أُمَّتِي بِخَيْرٍ مُتَمَاسِكٌ أَمْرُهَا مَا لَمْ يَظْهَرْ فِيهِمْ أَوْلَادُ الزِّنَى، فَإِذَا ظَهَرُوا خِفْتُ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا: میری اُمت ہمیشہ بھلائی پر رہے گی؛ اس کا معاملہ مضبوط ہوگا جب تک ان میں زنا کی اولاد غالب نہیں آئے گی یا ظاہر نہ ہوگی۔ پس جب وہ ظاہر ہوئے تو خدشہ ہے کہ اللہ ان سب کو عام کر کے عذاب دے۔

7056 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، أَخُو حَجَّاجٍ الْأَنْمَاطِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ يَعْنِي ابْنَ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت اُم المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ مباشرت کا ارادہ فرماتے اپنی عورتوں میں تو وہ حالتِ حیض میں ہوتیں تو اس جگہ ازاد باندھنے کا حکم دیتے۔

7054- أخرجه أحمد جلد6صفحه336,330 قال: حدثنا هشيم .

7055- أخرجه أحمد جلد6صفحه333 قال: حدثنا اسحاق بن ابراهيم الرازى .

7056- الحديث سبق برقم: 7046 فراجعه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُبَاشِرَ امْرَأَةً مِنْ نِسَائِهِ وَهِيَ حَائِضٌ أَمَرَهَا فَاتَّزَرَتْ

7057 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُخَرِّمِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ وَهُوَ ابْنُ دِينَارٍ الطَّاحِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: أَصْبَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاثِرًا، ثُمَّ أَمْسَى وَهُوَ كَذَلِكَ، ثُمَّ أَصْبَحَ وَهُوَ كَذَلِكَ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لِي أَرَاكَ خَاثِرًا؟ قَالَ: إِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاعَدَنِي أَنْ يَأْتِيَنِي، وَمَا أَخْلَفَنِي، قَالَ: فَنَظَرُوا، فَإِذَا جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ نَضَدٍ لَهُمْ، فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ الْمَكَانِ فَغُسِلَ بِالْمَاءِ، قَالَ: وَجَاءَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاعَدْتَنِي أَنْ تَأْتِيَنِي وَمَا أَخْلَفْتَنِي، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: أَوَمَا عَلِمْتَ أَنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ، وَلَا صُورَةٌ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم صبح پریشانی کی حالت میں کی پھر شام کے وقت ایسے ہی حالت میں تھے۔ پھر صبح بھی ایسی ہی حالت میں تھے۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم پریشانی کی حالت میں ہیں، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جبرائیل علیہ السلام نے مجھ سے وعدہ کیا تھا آنے کا، میرے پاس وہ نہیں آئے، وہ وعدہ خلافی نہیں کرتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ ایک کتے کا بچہ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی چارپائی کے نیچے تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو نکالنے کا حکم دیا، اس جگہ کو دھویا گیا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا: آپ علیہ السلام نے میرے پاس آنے کا وعدہ کیا تھا۔ آپ علیہ السلام وعدہ خلافی نہیں کرتے؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی، یا رسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم نہیں ہے کہ ہم اس گھر میں نہیں آتے جس گھر میں کتا اور تصویر ہو۔

7058 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: قَرَأْتُ لِعَطَاءٍ كِتَابًا مَعَهُ، فَإِذَا فِيهِ: حَدَّثَتْنِي مَيْمُونَةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيَخْلَعُ الرَّجُلُ خُفَّيْهِ كُلَّ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا آدمی دونوں موزے ہر وضو کے وقت اتارے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں لیکن مسح کرے گا جو حصہ اس کے لیے ظاہر ہو۔

7057- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**330** قال: حدثنا روح . ومسلم جلد**6**صفحه**156** .

7058- الحديث في المقصد العلي برقم: **164** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**158** .

سَاعَةٍ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ يَمْسَحُهُمَا مَا بَدَا لَهُ

7059 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي مِرْطٍ بَعْضُهُ عَلَيْهِ وَبَعْضُهُ عَلَيْهَا وَهِيَ حَائِضٌ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی، ایک چادر میں اس کا ایک حصہ مجھ پر تھا ایک آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر تھا حالانکہ میں حیض کی حالت میں تھی۔

7060 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَامِرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُهَا تَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَجَدَ خَوَّى بِيَدِهِ حَتَّى يُرَى وَضَحُ إِبْطَيْهِ مِنْ وَرَائِهِ، وَإِذَا قَعَدَ اطْمَأَنَّ عَلَى فَخِذِهِ الْيُسْرَى

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ کرتے تھے۔ اپنے ہاتھوں کو کھلا رکھتے تھے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بغلوں کی سفیدی دیکھی جاتی تھی۔ پیچھے جب بیٹھتے تھے تو اطمینان سے بیٹھتے تھے، اپنی بائیں ران پر۔

7061 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَخِي يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ خَالَتِهِ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَجَدَ لَوْ شَاءَتْ بَهِيمَةٌ مَرَّتْ مِنْ تَحْتِ يَدَيْهِ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پس سجدہ کرتے تھے اتنا اگر جانور کا بچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں کے نیچے سے گزرنا چاہتا تو گزر سکتا تھا۔

7062 - حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ، حَدَّثَنَا

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم جنبی ہوتے تھے۔ میں اس برتن سے غسل

7059- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 313 . وأحمد جلد6صفحه330 . وأبو داؤد رقم الحديث: 369 .

7060- أخرجه أحمد جلد6صفحه335,332 قال: حدثنا وكيع . قال: حدثنا جعفر بن بُرقان .

7061- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 314 . وأحمد جلد6صفحه331 . والدارمى رقم الحديث: 1337 .

7062- أخرجه أحمد جلد6صفحه330 قال: حدثنا سليمان بن داؤد أبو داؤد الطيالسى .

شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: أَجْنَبْتُ أَنَا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاغْتَسَلْتُ مِنْ جَفْنَةٍ، فَفَضَلَ فِيهَا، فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَغْتَسِلَ مِنْهَا، فَقُلْتُ: إِنِّي قَدِ اغْتَسَلْتُ مِنْهَا، فَقَالَ: إِنَّ الْمَاءَ لَيْسَتْ عَلَيْهِ جَنَابَةٌ

کرتی تھی، اس میں پانی باقی بچا ہوتا تھا، آپ ﷺ اس سے غسل کرتے تھے، میں عرض کرتی، یا رسول اللہ! میں نے اس سے غسل کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پانی پر جنابت نہیں ہے۔

7063 - حَدَّثَنَا الزِّمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا الْمُثَنَّى، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، مَوْلَى مَيْمُونَةَ، عَنْ مَيْمُونَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، فَمَنِ اتَّقَى فِيهَا وَأَصْلَحَ، وَإِلَّا فَهُوَ كَالْآكِلِ فِيهَا وَلَا يَشْبَعُ، فَبُعْدَ النَّاسُ كَبُعْدِ الْكَوْكَبَيْنِ: أَحَدُهُمَا يَطْلُعُ مِنَ الْمَشْرِقِ ' وَالْآخَرُ يَغِيبُ بِالْمَغْرِبِ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک دنیا میٹھی اور سرسبز ہے جو اس سے بچا اس میں بھلائی ہے مگر جو کھاتا ہے وہ سیر نہیں ہوتا، وہ لوگوں سے دور ہے۔ جیسے دو ستارے دور ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک مشرق سے طلوع ہوتا ہے دوسرا مغرب میں غروب ہوتا ہے۔

7064 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، قَالَ: سَمِعْتُ سُفْيَانَ بِمِنًى يَقُولُ: حَفِظْتُهُ مِنْ فِي الزُّهْرِيِّ يُحَدِّثُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِشَاةٍ لِمَوْلَاةٍ لَهَا أُعْطِيَتْهَا مِنَ الصَّدَقَةِ، فَقَالَ: أَلَا أَخَذُوا إِهَابَهَا فَدَبَغُوهُ وَانْتَفَعُوا بِهِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّمَا هِيَ مَيْتَةٌ، قَالَ: إِنَّمَا حَرُمَ أَكْلُهَا، قَالَ أَبُو يَعْقُوبَ: وَبَرَّعَ سُفْيَانُ بِهَذِهِ الْآيَةِ: (قُلْ لَا أَجِدُ فِي مَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلَى طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ) (الأنعام:

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ایک مردار بکری کے پاس سے گزرے، جو ایک لونڈی کی تھی' اسے صدقہ دی گئی تھی' آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے اس کی کھال کو کیوں نہیں پکڑا اس کو دباغت دو، اس سے فائدہ اٹھاؤ، عرض کی: یہ مردار ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا کھانا حرام ہے۔ حضرت ابویعقوب فرماتے ہیں: اور حضرت سفیان نے اس آیت سے دلیل پکڑی ہے: ''قل لا اجد الی آخرہ''۔ حضرت سفیان کا قول ہے: پس اگر کوئی دلیل نہ ہو صرف یہ آیت ہو تو میں

7063- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه247,246 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني باختصار كثير منه .

7064- الحديث سبق برقم: 7043 فراجعه .

145) ، قَالَ سُفْيَانُ: فَلَوْ لَمْ يَكُنْ إِلَّا هٰذِهِ الْآيَةُ اسْتَدْلَلْتُ بِهَا عَلَى فَاسِدِ الْأَكْلِ

اس سے دلیل حاصل کروں کہ فاسد چیز کو کھانا حرام ہے۔

7065 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ خَالَتِهِ قَالَتْ: وَضَعْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُسْلًا، فَاغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ، فَأَكْفَأَ الْإِنَاءَ بِشِمَالِهِ عَلَى يَمِينِهِ، فَغَسَلَ كَفَّهُ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَفَاضَ عَلَى فَرْجِهِ فَغَسَلَهُ، ثُمَّ قَالَ بِيَدِهِ عَلَى الْحَائِطِ، أَوْ عَلَى الْأَرْضِ، فَدَلَّكَهَا، ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ، وَأَفَاضَ عَلَى رَأْسِهِ، ثُمَّ أَفَاضَ عَلَى سَائِرِ جَسَدِهِ، ثُمَّ تَنَحَّى فَغَسَلَ رِجْلَيْهِ، فَأَتَيْتُهُ بِثَوْبٍ، فَقَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا، يَعْنِي: رَدَّهُ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے غسل کا پانی رکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے غسل جنابت کیا۔ برتن کو بائیں ہاتھ کے ساتھ جھک کر دائیں ہاتھ پر پانی ڈالا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ہتھیلی کو تین مرتبہ دھویا، پھر اپنی شرمگاہ پر ڈالا اس کو دھویا۔ پھر اپنا ہاتھ دیوار پر یا زمین پر رکھا، اس سے ملا۔ پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا، اپنے چہرے کو دھویا پھر اپنے سر پر پانی ڈالا۔ پھر اپنے باقی تمام جسم پر ڈالا۔ پھر اس جگہ سے ہٹے، اپنے پاؤں دھوئے، میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کپڑا لے کر آئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو واپس کر دیا۔

7066 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَجَدَ جَافَى حَتَّى يَرَى مَنْ خَلْفَهُ بَيَاضَ إِبْطَيْهِ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ کرتے تھے تو اپنے پیٹ کو رانوں سے جدا رکھتے حتیٰ کہ وہ آدمی جو آپ کے پیچھے ہوتا وہ آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھ سکتا تھا۔

7067 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَنْبِذُوا فِي الدُّبَّاءِ،

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نبیذ نہ بناؤ دباء، گھڑے اور مزفت میں، ہر شراب نشہ دینے والی ہے، ہر نشہ آور شے حرام ہے۔

7065- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **316** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد**6**صفحه**329** .

7066- الحديث سبق برقم: **7061** فراجعه .

7067- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**332** قال: حدثنا عبد الرحمٰن بن مهدي وأبو عامر .

وَلَا فِي الْجَرِّ، وَلَا فِي الْمُزَفَّتِ، وَكُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ

7068 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَبِيبٍ مَوْلَى عُرْوَةَ، عَنْ نُدْبَةَ، مَوْلَى مَيْمُونَةَ، عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ الْمَرْأَةَ مِنْ نِسَائِهِ وَهِيَ حَائِضٌ، إِذَا كَانَ عَلَيْهَا إِزَارٌ يَبْلُغُ أَنْصَافَ الْفَخِذَيْنِ، أَوِ الرُّكْبَتَيْنِ مُحْتَجِرَةً بِهِ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان سے مباشرت (جسم سے جسم لگنا) کرتے تھے حالت حیض میں جب اس جگہ پر ازار ہوتا جو رانوں یا گھٹنوں تک پہنچتا' نیز بندھا ہوا ہوتا۔

7069 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا فَزَارَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا حَلَالًا، وَبَنَى بِهَا حَلَالًا، وَمَاتَتْ بِسَرِفٍ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِي بَنَى بِهَا، وَكَانَتْ خَالَتِي، فَنَزَلْتُ فِي قَبْرِهَا أَنَا وَابْنُ عَبَّاسٍ، فَلَمَّا وَضَعْنَاهَا فِي اللَّحْدِ مَالَ رَأْسُهَا، فَأَخَذْتُ رِدَائِي فَجَمَعْتُهُ، فَوَضَعْتُهُ تَحْتَ رَأْسِهَا، فَاجْتَذَبَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَرَمَى بِهِ وَوَضَعَ تَحْتَ رَأْسِهَا كَذَّانَةً، قَالَ: وَكَانَتْ حَلَقَتْ فِي الْحَجِّ، فَكَانَ رَأْسُهَا مُحَمَّمًا

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے نکاح کیا' اس حال میں کہ آپ احرام کھول چکے تھے اور ان کے حق زوجیت ادا کیے بغیر احرام کے اور وہ فوت بھی ہوئیں تو سرف کا مقام تھا' اسی رات میں جس رات ان سے شادی ہوئی تھی اور وہ میری خالہ تھیں' پس میں ان کی قبر میں اُترا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بھی۔ پس جب ہم نے ان کو قبر میں رکھا تو ان کا سر جھک گیا' پس میں نے اپنی چادر کو لے کر اسے اکٹھا کیا' اس کو ان کے سر کے نیچے رکھ دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اسے کھینچ کر پھینک دیا اور ان کے سر کے نیچے رکھ دیا' فرمایا: انہوں نے حج میں حلق کروایا تھا' پس ان کا سر ایسے تھا جیسے اس پر نئے نئے بال اُگے ہوئے ہیں۔

7070 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

7068- الحديث سبق برقم: 7053 فراجعه .

7069- اخرجه أحمد جلد6صفحه332 قال: حدثنا يحيٰى بن اسحاق .

7070- الحديث سبق برقم: 7069 فراجعه .

إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ: تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَرِفَ - وَهُمَا حَلَالَانِ - بَعْدَمَا رَجَعْنَا مِنْ مَكَّةَ

نے مقامِ سرف پر مجھ سے نکاح کیا اس حال میں کہ ہم دونوں احرام کھول چکے تھے بعد اس کے کہ ہم مکہ سے واپس آئے تھے۔

7071 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ قَالَ: قُلْتُ لِلْقَاسِمِ أُوتِرُ بِثَلَاثٍ حِينَ يُؤَذِّنُ الْمُؤَذِّنُ، ثُمَّ أَخْرُجُ إِلَى الصَّلَاةِ؟ قَالَ: لَا تُصَلِّ إِلَّا بِخَمْسٍ أَوْ سَبْعٍ، قَالَ: الْحَكَمُ: فَأَخْبَرْتُ بِذَلِكَ مُجَاهِدًا، وَيَحْيَى بْنَ الْجَزَّارِ، فَقَالَا لِي: سَلْهُ عَمَّنْ هَذَا؟ فَقَالَ: عَنِ الثِّقَةِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَمَيْمُونَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت حکم سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ میں نے قاسم سے کہا: تین رکعت وتر پڑھا کرو۔ یہاں تک کہ مؤذن اذان دے، پھر نماز کے لیے نکلا؟ ہم وتر پانچ یا سات رکعتیں ادا کرتے تھے۔

7072 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَسَلَ، فَأُتِيَ بِمِنْدِيلٍ، فَلَمْ يَمَسَّهُ وَجَعَلَ يَقُولُ بِالْمَاءِ هَكَذَا مِنْ أَصَابِعِهِ، يَعْنِي: يَنْفُضُ يَدَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل فرمایا تو رومال لایا گیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ہاتھ نہ لگایا اور فرمانے لگے: پانی کے ساتھ اس طرح اپنی انگلیوں سے' یعنی اپنے ہاتھ کو جھاڑنے لگے۔

7073 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ الْأَشَجِّ، عَنْ كُرَيْبٍ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعْتُ مَيْمُونَةَ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ انہوں نے ایک لونڈی آزاد کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں میں نے اس کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کیا۔

7071- أخرجه النسائي جلد12صفحه384 تحفة) من طريق يزيد بن زريع' عن شعبة به .

7072- الحديث سبق برقم:7065 فراجعه .

7073- أخرجه أحمد جلد6صفحه332 قال: حدثنا حسن بن موسى . قال: حدثنا ابن لهيعة .

قَـالَـتْ: أَعْتَـقْـتُ وَلِيدَةً فِي زَمَنِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّـهِ صَـلَّـى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْطَيْتِهَا أَخْوَالَكِ كَانَ أَعْظَمَ لِأَجْرِكِ

مجھے آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو اپنی خالہ کو دے دیتی تو تیرے لیے بڑا اجر ہوتا۔

7074 - حَـدَّثَـنَـا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الْـوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْـدِ الـلّٰـهِ بْنِ الْأَصَمِّ، عَنْ يَزِيدَ الْأَصَمِّ قَالَ: ثَقُلَتْ مَيْـمُـونَةُ زَوْجُ الـنَّبِـيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ وَلَيْـسَ عِـنْـدَهَا مِنْ بَنِي أَخِيهَا، فَقَالَتْ: أَخْرِجُونِي مِنْ مَـكَّةَ، فَإِنِّي لَا أَمُوتُ بِهَا، إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَنِي أَنِّي لَا أَمُوتُ بِمَكَّةَ، قَالَ: فَـحَـمَـلُوهَا حَتَّى أَتَوْا بِهَا سَرِفَ إِلَى الشَّجَرَةِ الَّتِي بَـنَـى بِهَـا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَهَا فِـي مَـوْضِـعِ الْقُبَّةِ، قَالَ: فَمَاتَتْ، فَلَمَّا وَضَعْنَاهَا فِي لَـحْـدِهَـا أَخَـذْتُ رِدَائِي فَوَضَعْتُهُ تَحْتَ خَدِّهَا فِي اللَّحْدِ، فَأَخَذَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ فَرَمَى بِهِ

حضرت یزید بن عاصم فرماتی ہیں کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا مکہ مکرمہ میں بیمار ہوگئیں۔ ان کے پاس ان کے بھائی کے بیٹوں میں سے کوئی نہیں تھا۔ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے مکہ سے لے چلو۔ میں نے اس میں نہیں مرنا کیونکہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں مکہ میں وصال نہیں کروں گی۔ انہوں نے آپ ﷺ کو اٹھایا یہاں تک کہ مقام سرف میں ایک درخت کے نیچے جس کو حضور ﷺ نے اگایا تھا، قبہ کی جگہ آپ رضی اللہ عنہا کا وصال ہو گیا۔ جب ہم نے آپ رضی اللہ عنہا کو لحد میں رکھا۔ میں نے اپنی چادر لے کر آپ رضی اللہ عنہا کے رخساروں کے نیچے رکھ دی لحد میں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے پکڑی اور اس کو پھینک دیا۔

7075 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُـلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبَّادٌ، عَنْ حَنْظَلَةَ السَّدُوسِيِّ قَالَ: سَـمِـعْـتُ عَبْـدَ الـلّٰـهِ بْـنَ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ قَالَ: حَـدَّثَـتْـنِـي مَيْمُونَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى الـلّٰـهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ

حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا جو حضور پاک ﷺ کی زوجہ محترمہ ہیں' فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ عصر سے پہلے دو رکعت ادا فرماتے تھے۔

7076 - حَـدَّثَـنَـا زُهَيْـرٌ، حَـدَّثَـنَـا سَعِيدُ بْنُ

حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول

7074- الحديث في المقصد العلي برقم: **1383** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد: **24919** .

7075- الحديث سبق برقم: **7049** فراجعه .

سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَاتِرًا، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لِي أَرَاكَ فَاتِرًا؟ قَالَ: إِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَدَنِي أَنْ يَأْتِيَنِي ' وَمَا أَخْلَفَنِي ، قَالَتْ: فَمَكَثَ يَوْمَهُ ذَاكَ وَلَيْلَتَهُ، قَالَتْ: فَاتَّهَمَ جِرْوَ كَلْبٍ كَانَتْ تَحْتَ نَضَدٍ لَهُمْ لِلْحُسَيْنِ، فَأَمَرَ بِهِ، فَأُخْرِجَ، وَأَمَرَ بِمَاءٍ فَنَضَحَ مَكَانَهُ بِيَدِهِ، قَالَ: فَخَرَجَ فَإِذَا هُوَ بِجِبْرِيلَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، قَالَ: إِنَّكَ وَعَدْتَنِي أَنْ تَأْتِيَنِي ، قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: إِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةٌ ، وَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ حَتَّى إِنَّ كَانَ لَيُكَلَّمُ فِي كَلْبِ الْحَائِطِ الصَّغِيرِ ' فَمَا يَأْذَنُ فِيهِ

کریم ﷺ ایک دن ہمارے پاس تشریف لائے' فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا بات ہے کہ میں آپ کو ڈھیلا ڈھالا دیکھتی ہوں؟ فرمایا: بے شک حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھ سے آنے کا وعدہ کیا تھا حالانکہ اُنہوں نے مجھ سے کبھی وعدہ خلافی نہیں کی۔ فرماتی ہیں: پس آپ ﷺ وہ دن اور رات ٹھہرے' فرماتی ہیں: پس آپ نے کتے کا پلا جو ایک میز کے نیچے تھا جو گھر والوں نے حسین کیلئے رکھی تھی۔ پس آپ ﷺ نے اس کو نکالنے کا حکم دیا' پھر پانی منگوای ااور اپنے ہاتھ سے اس جگہ پر چھڑکا۔ فرمایا: آپ باہر تشریف لے جانے لگے کہ آگے سے جبریل آ گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: آپ نے میرے پاس آنے کا وعدہ کیا تھا۔ جبریل علیہ السلام نے کہا: ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا اور تصویر ہو۔ رسول کریم ﷺ نے کتوں کو مارنے کا حکم فرما دیا' حتیٰ کہ اگر چھوٹے باغ کی رکھوالی کیلئے بھی آپ ﷺ کو عرض کی گئی تو آپ ﷺ نے اجازت نہیں دی۔

7077 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: سَمِعْتُ نَافِعًا يُحَدِّثُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ، أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ إِلَّا الْمَسْجِدَ

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا افضل ہے ہزار نمازوں سے اس کے علاوہ دوسری مسجدوں میں نماز پڑھنے سے مگر مسجد حرام۔

7077- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه252 وقال: رواه أبو يعلى .

الْحَرَامَ

حَدِيثُ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيِّ بْنِ أَخْطَبَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

صفیہ بنت حیی بن اخطب رضی اللہ عنہا زوجہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثیں

7078 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ يَعْنِي ابْنَ هِلَالٍ، أَنَّ صَفِيَّةَ قَالَتْ: انْتَهَيْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَكْرَهَ إِلَيَّ مِنْهُ، فَقَالَ: إِنَّ قَوْمَكِ صَنَعُوا كَذَا وَكَذَا، قَالَتْ: فَمَا قُمْتُ مِنْ مَقْعَدِي وَمَا مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْهُ

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی، لوگوں میں سے کوئی مجھے اس سے زیادہ ناپسند نہیں تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیری قوم نے یہ یہ کیا ہے؟ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اپنی جگہ سے نہیں کھڑی ہوئی جبکہ لوگوں میں سے کوئی بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب نہیں تھا۔

7079 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ إِسْحَاقَ الْهَاشِمِيِّ، حَدَّثَتْنَا صَفِيَّةُ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ كَتِفًا بَارِدًا، فَكُنْتُ أَسْحَاهَا، فَأَكَلَهَا، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے۔ میں نے کندھوں کے درمیان کا ٹھنڈا گوشت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کھایا، پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی۔

7080 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ،

اُم المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول

7078- الحديث فى المقصد العلى برقم: 156 .

7079- الحديث فى المقصد العلى برقم: 156 . وأورده الهيثمي فى مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 253 .

7080- الحديث سبق برقم: 7044 فراجعه .

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ، عَنِ ابْنِ صَفْوَانَ، عَنْ صَفِيَّةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ ' قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْتَهِي النَّاسُ عَنْ غَزْوِ هَذَا الْبَيْتِ حَتَّى يَغْزُوَهُ جَيْشٌ، حَتَّى إِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ، وَلَمْ يَنْجُ أَوْسَطُهُمْ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ الْمُكْرَهَ مِنْهُمْ، قَالَ: يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى مَا فِي أَنْفُسِهِمْ

کریم ﷺ نے فرمایا: لوگ اس گھر کی لڑائی سے نہیں رُکیں گے حتیٰ کہ ایک لشکر لڑائی کرے گا یہاں تک کہ جب وادیٔ بیداء کے مقام پر ہوگا تو پہلے اور پچھلے زمین میں دھنس جائیں گے اور ان کے درمیان والے بھی نجات نہیں پائیں گے۔ فرماتی ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کا کیا خیال ہے اس میں مجبور بھی ہوں گے۔ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان کو ان کی نیتوں کے مطابق اُٹھائے گا۔

7081 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ يَعْلَى بْنَ حَكِيمٍ يُحَدِّثُ، عَنْ صُهَيْرَةَ بِنْتِ جَيْفَرٍ، عَنْ صَفِيَّةَ قَالَتْ: حَرَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيذَ الْجَرِّ

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ گھڑے کی نبیذ کو حرام قرار دیتے۔

7082 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا هَاشِمٌ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا كِنَانَةُ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي صَفِيَّةُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ عِتْقَهَا مَهْرَهَا، وَأَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَبِيَدِهَا أَرْبَعَةُ آلَافِ نَوَاةٍ تُسَبِّحُ بِهَا، فَقَالَ: لَقَدْ سَبَّحْتُ مُنْذُ قُمْتُ عَلَيْكِ أَكْثَرَ مِمَّا سَبَّحْتِ، قَالَتْ: قُلْتُ: عَلِّمْنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: قُولِي سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ان کا آزاد کرنا مہر رکھا۔ ان کے پاس داخل ہوئے، ان کے ہاتھ میں چار ہزار دانوں کی تسبیح تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تم کو اس سے زیادہ ثواب والی تسبیح نہ سکھاؤں؟ حضرت صفیہ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے سکھایا کہ تو یہ پڑھا کر: سبحان اللّٰه عدد ما خلق۔

7083 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ رِفَاعَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک رات اپنی اونٹنی کی پیٹھ پر مجھے اپنے پیچھے سوار کیا'

7081- الحديث في المقصد العلي برقم: **1525** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**59** .

7082- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **3554** قال: حدثنا محمد بن بشار .

7083- الحديث سبق برقم: **7078** فراجعه .

إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ كَعْبٍ، عَنْ رَجُلٍ يُقَالُ لَهُ: رَبِيعٌ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ قَالَتْ: أَرْدَفَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عَجُزِ نَاقَتِهِ لَيْلًا، قَالَتْ: فَجَعَلْتُ أَنْعَسُ فَيَمَسُّنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ، وَيَقُولُ: يَا هَذِهِ، يَا بِنْتَ حُيَيٍّ، وَجَعَلَ يَقُولُ: يَا صَفِيَّةُ، إِنِّي أَعْتَذِرُ إِلَيْكِ مِمَّا صَنَعْتُ بِقَوْمِكِ، إِنَّهُمْ قَالُوا لِي كَذَا، إِنَّهُمْ قَالُوا لِي كَذَا

مجھے نیند آ گئی' پس رسول کریم ﷺ نے مجھے ہاتھ اُٹھا کر فرمایا: اے فلانی! اے حیی کی بیٹی! اور فرمانے لگے: اے صفیہ! بے شک میں تجھ سے معذرت کرتا ہوں جو سلوک میں نے تیری قوم سے کیا ہے' وہ مجھے یہ بات کہتے تھے اور انہوں نے فلاں بات بھی مجھے کہی تھی۔

7084 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ كَعْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَبِيعٌ - رَجُلٌ مِنْ بَنِي النَّضِيرِ - وَكَانَ فِي حِجْرِ صَفِيَّةَ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ قَطُّ أَحْسَنَ خُلُقًا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَقَدْ رَأَيْتُهُ رَكِبَ بِي مِنْ خَيْبَرَ عَلَى عَجُزِ نَاقَتِهِ لَيْلًا، فَجَعَلْتُ أَنْعَسُ فَيَضْرِبُ رَأْسِي مُؤْخِرَةَ الرَّحْلِ، فَيَمَسُّنِي بِيَدِهِ وَيَقُولُ: يَا هَذِهِ مَهْلًا يَا بِنْتَ حُيَيٍّ، حَتَّى إِذَا جَاءَ الصَّهْبَاءَ، قَالَ: أَمَا إِنِّي أَعْتَذِرُ إِلَيْكِ يَا صَفِيَّةُ مِمَّا صَنَعْتُ بِقَوْمِكِ، إِنَّهُمْ قَالُوا لِي كَذَا وَكَذَا

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے زیادہ اچھے اخلاق والا کبھی نہیں دیکھا۔ میں نے آپ ﷺ کو دیکھا، مجھے آپ ﷺ نے خیبر سے سوار کیا۔ اپنی اونٹنی کے پیچھے رات کو۔ میں اونگھنے لگی، میرا سر کجاوے پر لگتا۔ آپ ﷺ اپنے دست مبارک کو مجھ سے ملتے اور فرماتے، یہ کیا ہے؟ چھوڑ اے بنت حی، یہاں تک کہ جب صہباء کے مقام پر آئے، آپ ﷺ نے فرمایا: اے صفیہ رضی اللہ عنہا میں عذر کرتا ہوں، جو تیری قوم کے ساتھ میں نے کیا ہے' وہ مجھے اس طرح کہا کرتے تھے۔

7085 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ

حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آئی، آپ ﷺ کے پاس بیٹھ کر گفتگو کی' آپ ﷺ مسجد میں اعتکاف بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ میرے

7084- أخرجه البخاري جلدصفحه**464,237,273,272**' جلد**2**صفحه**1063,918** .

7085- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**337** قال: حدثنا عبد الرزاق .

زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: جِئْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَحَدَّثْتُ عِنْدَهُ وَهُوَ عَاكِفٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَامَ مَعِي لَيْلَةً مِنَ اللَّيَالِي يُبْلِغُنِي بَيْتِي، فَلَقِيَهُ رَجُلَانِ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَلَمَّا رَأَيَاهُ اسْتَحْيَا فَرَجَعَا، فَقَالَ: تَعَالَيَا فَإِنَّهَا صَفِيَّةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَا: نَعُوذُ بِاللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ قَالَ: مَا أَقُولُ لَكُمَا هَذَا أَنْ تَكُونَا تَظُنَّا سُوءًا، وَلَكِنِّي قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنَ ابْنِ آدَمَ مَجْرَى الدَّمِ

ساتھ کھڑے ہوئے، رات کو تا کہ مجھے گھر پہنچا ئیں۔ آپ ﷺ کو انصار کے دو آدمی ملے۔ جب ان دونوں نے دیکھا تو ان کو شرم آئی، وہ واپس چلے گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: آجاؤ یہ صفیہ رضی اللہ عنہا میری بیوی ہے۔ ان دونوں نے کہا، ہم اللہ سے پناہ مانگتے ہیں، اللہ پاک ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم دونوں کو کہتا ہوں کہ تم دونوں برا گمان نہیں کرو گے لیکن میں جانتا ہوں کہ شیطان انسان کے خون میں دوڑتا ہے۔

حَدِيثُ أُمِّ حَبِيبَةَ بِنْتِ أَبِي سُفْيَانَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ

ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ

7086 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرٌو، عَنْ سَالِمِ بْنِ شَوَّالٍ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ: كُنَّا نَفْعَلُهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَعْنِي: نُصَلِّي الصُّبْحَ بِمِنًى يَوْمَ النَّحْرِ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے زمانہ میں صبح کی نماز قربانی کے دن منیٰ میں پڑھتے تھے۔

7087 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ، وَأُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتَا: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی، عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میری بیٹی کا شوہر فوت ہوگیا ہے، اور وہ اس کی عدت گزار رہی ہے مجھے اس کی آنکھ کے متعلق خوف ہوا کہ وہ

7086- أخرجه مسلم جلد1صفحه418 من طريق سفيان بن عمرو .

7087- الحديث سبق برقم: 6925 فراجعه .

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، إِنَّ ابْنَتِي تُوُفِّيَ زَوْجُهَا، وَإِنَّهَا تَعْتَدُّ، وَإِنِّي أَخَافُ عَلَى عَيْنِهَا، أَفَأَكْحُلُهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ كَانَتِ الْمَرْأَةُ مِنْكُنَّ تَرْمِي بِالْبَعْرَةِ عَلَى رَأْسِ الْحَوْلِ، وَإِنَّمَا هِيَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ

خراب ہے۔ کیا میں اس کی آنکھ میں سرمہ ڈالوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: زمانہ جاہلیت میں عورت ایک سال گزرنے کے بعد مینگنی پھینکتی تھی آج تو عدت صرف چار ماہ اور دس دن ہے۔

7088 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، أَخْبَرَنَا النُّعْمَانُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَوْسٍ قَالَ: قَالَ لِي عَنْبَسَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ: أَلَا أُحَدِّثُكَ حَدِيثًا حَدَّثَتْنَاهُ أُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ أَبِي سُفْيَانَ، قَالَ: بَلَى، قَالَ: وَمَا رِئْيَتُهُ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ إِلَّا كَبِشَارَةٍ إِلَيْكَ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ سَجْدَةً تَطَوُّعًا بُنِيَ لَهُ بِهِنَّ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ، فَقَالَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ: فَمَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُهُنَّ، قَالَ النُّعْمَانُ: مَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ عَمْرٍو، قَالَ دَاوُدُ: أَمَّا نَحْنُ فَقَدْ نُصَلِّي وَنَتْرُكُ

حضرت عمرو بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے عتبہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپ کو وہ حدیث نہ بیان کروں جو ہم کو حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے بیان کی۔ آپ نے کہا، کیوں نہیں؟ وہ یہ ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو آدمی دن میں بارہ رکعتیں نفل پڑھتا ہے۔ اللہ اس کے لیے اس کے بدلے جنت میں محل بناتا ہے۔ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب سے میں نے آپ ﷺ سے یہ سنا ہے اس کے بعد میں نے ان کو کبھی نہیں چھوڑا ہے۔ حضرت نعمان فرماتے ہیں کہ میں نے بھی نہیں چھوڑا جب سے میں نے عمرو سے سنا ہے۔ داؤد فرماتے ہیں کہ ہم کبھی پڑھتے اور کبھی چھوڑتے ہیں۔

7089 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِي نَافِعٌ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِي الْجَرَّاحِ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيهَا جَرَسٌ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ملائکہ کسی ایک گروہ یا قافلے کی سنگت اختیار نہیں کرتے، جس میں گھنٹی ہو۔

7090 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ

7088- اخرجه مسلم جلد1صفحه251 من طريق أبي خالد الأحمر وبشر بن المفضل .

7089- أخرجه أبو داؤد جلد2صفحه330 . وأحمد جلد6صفحه426,327 .

7090- أخرجه أبو داؤد جلد1صفحه142 . والنسائي رقم الحديث: 259 .

الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، أَنَّهُ سَأَلَ أُخْتَهُ أُمَّ حَبِيبَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي الثَّوْبِ الَّذِي يُجَامِعُهَا فِيهِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، إِذَا لَمْ يَرَ فِيهِ أَذًى

کیا حضور ﷺ انہیں کپڑوں میں نماز پڑھتے تھے جس میں جماع کرتے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جی ہاں، جب اس میں نجاست کے اثر نہیں دیکھتے۔

7091 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي الْجَرَّاحِ، مَوْلَى أُمِّ حَبِيبَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ كَمَا يَتَوَضَّئُونَ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں پڑ جانے کا خوف نہ ہوتا تو میں انہیں ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا جیسے یہ وضو کرتے ہیں۔

7092 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِي ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ قَالَ: أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ أُمَّ حَبِيبَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهَا، قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، انْكِحْ أُخْتِي بِنْتَ أَبِي سُفْيَانَ، فَزَعَمْتُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: وَتُحِبِّينَ ذٰلِكَ؟، قَالَتْ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَسْتُ لَكَ بِمُخْلِيَةٍ، وَأُحِبُّ مَنْ شَرِكَنِي فِي خَيْرٍ أُخْتِي، قَالَتْ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ ذٰلِكَ لَا يَحِلُّ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میری بہن' ابوسفیان کی بیٹی سے نکاح فرمالیں' میرا گمان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا: کیا تُو اس کو پسند کرتی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! اے اللہ کے رسول! میں آپ سے الگ ہونے والی نہیں ہو اور میں اس کو پسند کرتی ہوں کہ جو مجھے میری بہن کی بھلائی میں شریک کرے۔ فرماتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک وہ میرے حلال نہیں ہے۔ آپ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! قسم بخدا! ہم باتیں کیا کرتی ہیں کہ آپ

7091- الحديث فى المقصد العلى برقم: **256** وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**97** .

7092- وأخرجه مسلم جلد **1** صفحه **468** عن عبد بن حميد' عن يعقوب بن ابراهيم به .

لِی، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَوَاللّٰهِ إِنَّا لَنَتَحَدَّثُ أَنَّكَ تُرِيدُ أَنْ تَنْكِحَ دُرَّةَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْنَةُ أُمِّ سَلَمَةَ؟، قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَيْمُ اللّٰهِ، لَوْ أَنَّهَا لَمْ تَكُنْ رَبِيبَتِي فِي حَجْرِي مَا حَلَّتْ لِي، إِنَّهَا لَابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ، أَرْضَعَتْنِي وَأَبَا سَلَمَةَ ثُوَيْبَةُ، فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ، وَلَا أَخَوَاتِكُنَّ

درہ بنت ابوسلمہ سے نکاح کرنا چاہتے ہیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا اُم سلمہ کی بیٹی کے ساتھ؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر وہ میری گود میں پلنے والی نہ ہوتی تو بھی وہ میرے لیے حلال نہ تھی کیونکہ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے مجھے ابوسلمہ کو حضرت ثویبہ نے دودھ پلایا ہے پس تم اپنی بیٹیاں اور بہنیں مجھ پر پیش نہ کیا کرو۔

7093 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، وَنَافِعٌ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ نَافِعٍ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ حَدَّثَهُمَا أَنَّهُ، كَانَ يَكْتُبُ الْمَصَاحِفَ فِي عَهْدِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَاسْتَكْتَبَتْنِي حَفْصَةُ مُصْحَفًا، وَقَالَتْ لِي: إِذَا بَلَغْتَ هَذِهِ الْآيَةَ مِنْ سُورَةِ الْبَقَرَةِ فَلَا تَكْتُبْهَا حَتَّى تَأْتِيَنِي بِهَا فَأُمْلِيَهَا عَلَيْكَ كَمَا حَفِظْتُهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَلَمَّا بَلَغْتُهَا جِئْتُهَا بِالْوَرَقَةِ الَّتِي أَكْتُبُهَا، فَقَالَتِ: اكْتُبْ: حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَى وَصَلَاةِ الْعَصْرِ وَقُومُوا لِلّٰهِ قَانِتِينَ

حضرت نافع مولی عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ مصاحف لکھتے حضور ﷺ کی ازواج پاک رضی اللہ عنہن کے زمانہ میں مَیں نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے وہ مصحف مانگا۔ آپ رضی اللہ عنہا نے مجھے فرمایا: جب تو سورۃ بقرہ کی اس سورۃ کو لکھنے کے قریب پہنچے تو اس وقت تک نہ لکھنا کہ جب تک میں تیرے پاس نہ آؤں۔ میں تم کو لکھواؤں گی۔ اس طرح جس طرح کہ میں نے حضور ﷺ سے یاد کی ہے۔ حضرت نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب میں اس پر پہنچا، جس ورقہ پر یہ لکھنا تھا میں وہ لایا' حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: لکھ! حافظوا علی الصلوات والصلاۃ الوسطی وصلاۃ العصر وقوموا للہ قانتین۔

7094 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشُّعَيْثِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ظہر سے پہلے چار رکعتیں ادا کیں اور چار اس کے بعد۔ اس پر اللہ جہنم کی آگ

7093- الحديث في المقصد العلي برقم: 1170 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه154 .

7094- أخرجه الترمذى جلد1صفحه328 عن على بن حجر . وأخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 82'

زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَأَرْبَعًا بَعْدَهَا حَرَّمَهُ اللَّهُ عَلَى النَّارِ

حرام کردے گا۔

7095 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي حَصِينٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم چٹائی پر نماز پڑھتے تھے۔

7096 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ خُنَيْسٍ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ نَعُودُهُ مِنْ مَرَضٍ كَانَ بِهِ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا سَعِيدُ بْنُ حَسَّانَ الْمَخْزُومِيُّ، فَقَالَ لَهُ سُفْيَانُ: الَّذِي حَدَّثَتْنِي عَنْ أُمِّ صَالِحٍ ارْدُدْهُ عَلَيَّ، قَالَ: فَقَالَ سَعِيدٌ: نَعَمْ، حَدَّثَتْنِي أُمُّ صَالِحٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَامُ ابْنِ آدَمَ كُلُّهُ عَلَيْهِ لَا لَهُ، إِلَّا أَمْرٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ نَهْيٌ عَنْ مُنْكَرٍ، أَوْ ذِكْرُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم کا ہر کلام اس پر وبال ہے، اس کیلئے نفع مند نہیں مگر نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا یا اللہ عزوجل کا ذکر کرنا۔

7097 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ حَدَّثَهُ، أَنَّ الْجَرَّاحَ مَوْلَى أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ، أَنَّ أُمَّ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اونٹ جن کے ساتھ گھنگرو ہوتے ہیں اس کے ساتھ فرشتے مصاحب نہیں ہوتے ہیں۔

7095- الحديث في المقصد العلى برقم: **341** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**75** .

7096- أخرجه الترمذى جلد**3**صفحه**289** . وابن ماجة رقم الحديث: **295** .

7097- أخرجه أحمد جلد**6**صفحه**427** من طريق الليث بن سعيدعن نافع به .

حَبِيبَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْعِيرَ الَّتِى فِيهَا الْجَرَسُ لَا تَصْحَبُهَا الْمَلَائِكَةُ

7098 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ خُنَيْسٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ حَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ صَالِحٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ كَلَامِ ابْنِ آدَمَ عَلَيْهِ لَا لَهُ، إِلَّا أَمْرٌ بِمَعْرُوفٍ، أَوْ نَهْيٌ عَنْ مُنْكَرٍ، أَوْ ذِكْرُ اللّٰهِ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا ہر کلام اس پر وبال ہوتا ہے' اس کیلئے نفع کا باعث نہیں ہوتا سوائے اس کے کہ وہ نیکی کا حکم کرے یا برائی سے منع کرے یا اللہ کا ذکر کرے۔

7099 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ مُنْقِذٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَوْسٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَنْبَسَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ وَهُوَ يَنْزِعُ، فَقَالَ: مَا أُحِبُّ أَنَّكَ ' وَذَاكَ أَنِّي مُحَدِّثُكَ حَدِيثًا، حَدَّثَتْنِيهِ أُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ أَبِي سُفْيَانَ حَدَّثَتْنِي، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً مَعَ صَلَاةِ النَّهَارِ بَنَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

حضرت اُم حبیبہ بنت سفیان نے حدیث بیان فرمائی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے دن کی فرض نماز کے ساتھ بارہ رکعتیں پڑھیں' اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں گھر بنائے گا۔

7100 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ أَبِي الْجَرَّاحِ، مَوْلَى أُمِّ حَبِيبَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رُفْقَةٌ فِيهَا جَرَسٌ لَا تَصْحَبُهَا

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ایسا قافلہ جس میں گھنٹی ہو فرشتے اس کے ساتھ نہیں چلتے۔

7098- الحديث سبق برقم: 7096 فراجعه .

7099- الحديث سبق برقم: 7088 فراجعه .

7100- الحديث سبق برقم: 7097,7089 فراجعه .

الْمَلَائِكَةُ

7101 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سَعِيدٍ الْمُؤَذِّنَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَنْبَسَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ أُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ أَبِي سُفْيَانَ تَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَافَظَ عَلَى أَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الْعَصْرِ بَنَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عصر سے پہلے چار رکعتیں ہمیشہ ادا کیں، اس کے لیے اللہ عزوجل جنت میں گھر بنا دے گا۔

7102 - حَدَّثَنَا أَبُو نَصْرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْقُشَيْرِيُّ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی نے ایک دن میں بارہ رکعت ادا کیں' اللہ اس کیلئے جنت میں گھر بنائے گا۔

7103 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشُّعَيْثِيُّ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أُخْتِهِ أُمِّ حَبِيبَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: مَنْ صَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ وَأَرْبَعًا بَعْدَهَا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى النَّارِ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ظہر سے پہلے چار رکعتیں ادا کیں اور چار اس کے بعد۔ اس پر اللہ جہنم کی آگ حرام کر دے گا۔

7104 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ

7101- الحديث في المقصد العلي برقم: 381 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه222 .

7102- أخرجه النسائي رقم الحديث: 1810 من طريق حماد بن زيد' وحماد بن سلمة .

7103- الحديث سبق برقم: 7094 فراجعه .

7104- الحديث في المقصد العلي برقم: 333 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه49 .

إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ الْخُرَاسَانِيُّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ قَدْ خَالَفَ بَيْنَ طَرَفَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا أُمَّ حَبِيبَةَ، أَيُصَلِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ؟ فَقَالَتْ: نَعَمْ، وَهُوَ الثَّوْبُ الَّذِي كَانَ فِيهِ مَا كَانَ، تَعْنِي: الْجِمَاعَ

کیا حضور ﷺ انہیں کپڑوں میں نماز پڑھتے تھے جس میں جماع کرتے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جی ہاں! وہی کپڑا جس میں ہوتا' جو کچھ ہوتا یعنی ہمبستری۔

7105 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ بْنِ أُسَامَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ قَالَ كَمَا يَقُولُ الْمُؤَذِّنُ حَتَّى يَسْكُتَ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب اذان سنتے تھے آپ ﷺ وہی کلمات پڑھتے جواباً جو موذن پڑھتا تھا یہاں تک کہ وہ خاموش ہو جاتا۔

7106 - حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَبَهْزٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ كَمَا يَقُولُ الْمُؤَذِّنُ حَتَّى يَسْكُتَ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ وہی کلمات پڑھتے جو موذن پڑھتا تھا یہاں تک کہ وہ خاموش ہو جاتا۔

7107 - حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْعَوْفِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ،

حضرت اُم حبیبہ بنت ابوسفیان نے حدیث بیان فرمائی کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اگر میری اُمت پر مجھے مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں ہر نماز کے وقت انہیں مسواک کرنے کا حکم دیتا جیسے وہ وضو کرتے ہیں۔

7105- أخرجه أحمد جلد6صفحه326 عن محمد بن جعفر به .

7106- أخرجه ابن خزيمة جلد1صفحه216,215 عن بندار به .

7107- الحديث سبق برقم: 7091 فراجعه .

عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي الْجَرَّاحِ، مَوْلَى أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ أُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ أَبِي سُفْيَانَ حَدَّثَتْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ كَمَا يَتَوَضَّئُونَ

7108 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ زَنْجَوَيْهِ، حَدَّثَنَا أَبُو مُسْهِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي هَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ، قَالَ الْعَلَاءُ: قَالَ مَكْحُولٌ: مَنْ مَسَّهُ مُتَعَمِّدًا

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنی شرمگاہ کو چھوا، اس کو چاہیے کہ وہ وضو کرے۔ مکحول فرماتے ہیں کہ جو جان بوجھ کر مس کرتے۔

7109 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آگ سے پکی ہوئی چیز کھائی اس کے بعد وضو کیا۔

7110 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ أَبِي مَلِيحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَمَّتِهِ أُمِّ حَبِيبَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ قَالَ كَمَا يَقُولُ حَتَّى يَسْكُتَ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب اذان سنتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہی کلمات پڑھتے جو مؤذن پڑھتا تھا یہاں تک کہ وہ خاموش ہو جاتا۔

7111 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ

حضرت ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ یمن

7108- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **37** . والبيهقي جلد **1** صفحه **130** . والطحاوي جلد **1** صفحه **45** .

7109- أخرجه أبو داؤد جلد **1** صفحه **76** . وأحمد جلد **6** صفحه **427** .

7110- الحديث سبق برقم: **7105** فراجعه .

بْـنُ مُـوسَـى، حَـدَّثَـنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا دَرَّاجٌ، عَنْ عُـمَـرَ بْنِ الْحَكَمِ أَنَّهُ حَدَّثَهُ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ بِنْتِ أَبِي سُفْيَـانَ، أَنَّ نَاسًا مِنَ الْيَمَنِ قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَـلَّـى الـلّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْلَمَهُمُ الصَّلَاةَ وَالسُّنَنَ وَالْـفَـرَائِـضَ، قَـالُـوا: يَـا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ لَنَا شَرَابًا نَـصْـنَـعُـهُ مِـنَ الْـقَـمْـحِ وَالشَّعِيرِ، قَالَ: الْغُبَيْرَاءُ؟، قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: لَا تَطْعَمُوهُ، ثُمَّ لَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ بِيَـوْمَيْـنِ ذَكَرُوهَا لَهُ أَيْضًا، قَالَ: الْغُبَيْرَاءُ؟، قَالُوا: نَـعَـمْ، قَـالَ:: فَلَا تَـطْـعَـمُوهُ، ثُـمَّ لَـمَّا أَرَادُوا أَنْ يَـنْطَلِقُوا سَأَلُوهُ عَنْهُ، فَقَالَ: الْغُبَيْرَاءُ؟، قَالُوا: نَعَمْ، قَـالَ: فَلَا تَـطْعَمُوهُ، قَالُوا: فَإِنَّهُمْ لَا يَدَعُونَهَا، قَالَ: مَنْ لَمْ يَتْرُكْهَا فَاضْرِبُوا عُنُقَهُ

سے کچھ لوگ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے، آپ ﷺ نے اُن کی نماز سنی اور فرائض کے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے عرض کی، یا رسول اللہ! ہمارے لیے شراب ہے، ہم اس کو گندم اور جو سے بناتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو غبیراء کہا جاتا ہے۔ انہوں نے عرض کی، جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو نہ کھاؤ۔ پھر جب دو دن گزرے انہوں نے پھر اس کا ذکر کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو غبیراء کہا جاتا ہے، انہوں نے عرض کی، جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو نہ کھاؤ۔ جب انہوں نے جانے کا ارادہ کیا۔ آپ ﷺ سے انہوں نے پوچھا تو آپ نے فرمایا: اس کو غبیراء کہا جاتا ہے؟ انہوں نے عرض کی، جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو نہ کھاؤ۔ انہوں نے عرض کی، وہ نہیں چھوڑتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو نہ چھوڑے، اس کی گردن اڑادو۔

حَدِيثُ أُمِّ عُمَارَةَ بِنْتِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ام حضرت عمارہ رضی اللہ عنہا بنت کعب کی حضور ﷺ سے روایت کردہ حدیث

7112 - حَـدَّثَـنَـا عَـلِـيُّ بْنُ الْجَعْدِ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ زَيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ مَـوْلَاةً لَـنَـا يُـقَالُ لَهَا: لَيْلَى تُحَدِّثُ، عَنْ أُمِّ عُمَارَةَ بِـنْـتِ كَعْبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت اُم عمارہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ان کے پاس آئے، آپ ﷺ کو کھانا پیش کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: آؤ تم بھی کھاؤ۔ انہوں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: روزہ دار کے

7112- أخرجه الترمذي جلد2صفحه67 . وأحمد جلد6صفحه365 . وابن ماجة رقم الحديث: 126 .

دَخَلَ عَلَيْهَا، فَدَعَتْ لَهُ بِطَعَامٍ، قَالَ: تَعَالَيْ ، فَكُلِي ، فَقَالَتْ: إِنِّي صَائِمَةٌ، فَقَالَ: إِنَّ الصَّائِمَ إِذَا أُكِلَ عِنْدَهُ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ

پاس جب کھایا جاتا ہے، اس کے لیے فرشتے دعا کرتے ہیں۔

حَدِيثُ أُمِّ هِشَامٍ بِنْتِ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وہ حدیث جو ام ہشام بنت حارثہ بن نعمان، حضور ﷺ سے روایت کرتی ہیں

7113 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أُمِّ هِشَامٍ بِنْتِ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ قَالَتْ: قَرَأْتُ ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ يَقْرَؤُهَا كُلَّ جُمُعَةٍ إِذَا خَطَبَ النَّاسَ

حضرت ام ہشام بنت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے ق والقرآن المجید حضور ﷺ کے منہ سے سن کر یاد کی ہے، آپ ﷺ اس کو ہر جمعہ میں پڑھتے تھے، جب لوگوں کو خطبہ دیتے تھے۔

7114 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَعْنٍ، عَنِ ابْنَةِ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ قَالَتْ: كَانَ تَنُّورُنَا وَتَنُّورُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدًا ، قَالَتْ: فَحَفِظْتُ ق مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت ام ہشام بنت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے ق والقرآن المجید حضور ﷺ کے منہ سے سن کر یاد کی ہے، آپ ﷺ اس کو ہر جمعہ میں پڑھتے تھے، جب لوگوں کو خطبہ دیتے تھے۔

7113- أخرجه احمد جلد6صفحه463 . ومسلم جلد3صفحه13 .

7114- الحديث سبق برقم: 7113 فراجعه .

حَدِيثُ ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وہ حدیث جو ضباعہ بنت زبیر بن عبدالمطلب حضور ﷺ سے روایت کرتی ہیں

7115 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّ جَدَّتَهُ أُمَّ الْحَكَمِ حَدَّثَتْهُ، عَنْ أُخْتِهَا ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ: أَنَّهَا رَفَعَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمًا فَانْتَهَسَ مِنْهُ، ثُمَّ صَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ضباعہ فرماتی ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کو گوشت پیش کیا۔ آپ ﷺ نے اس کو کھایا، پھر نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

حَدِيثُ أُخْتِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَوَاحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ بن رواحہ کی بہن کی حدیث جو وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں

7116 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، عَنْ شُعْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنِ امْرَأَةٍ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ، عَنْ أُخْتِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَوَاحَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کی بہن فرماتی ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہر پردے والی پر نکلنا واجب ہے یعنی دونوں عیدوں میں۔

7115- الحديث في المقصد العلي برقم: 157 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 253 .

7116- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 358 عن محمد بن جعفر ويحيى عن شعبة به .

يَقُولُ: وَجَبَ الْخُرُوجُ عَلَى كُلِّ ذَاتِ نِطَاقٍ،

يَعْنِي: فِي الْعِيدَيْنِ

حَدِيثُ امْرَأَةٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ایک صحابیہ رضی اللہ عنہا کی حدیث جو وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں

7117 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ امْرَأَةٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِوَطْبَةٍ فَأَخَذَهَا أَعْرَابِيٌّ بِثَلَاثِ لُقَمٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا إِنَّهُ لَوْ قَالَ: بِسْمِ اللَّهِ لَوَسِعَكُمْ ، وَقَالَ: إِذَا نَسِيَ أَحَدُكُمُ اسْمَ اللَّهِ عَلَى طَعَامِهِ فَلْيَقُلْ إِذَا ذَكَرَ: بِسْمِ اللَّهِ ، أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ

ایک صحابیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس روٹی لائی گئی، ایک دیہاتی نے ساری تین لقموں میں کھا ڈالی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ بسم اللہ پڑھتا تو اللہ عزوجل تمہارے لیے وسیع کر دیتا۔ جب تم میں سے کوئی بسم اللہ پڑھنا بھول جائے کھانے پر وہ پڑھ لے جب اس کو یاد آئے: بسم الله اوله وآخره۔

حَدِيثُ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کردہ احادیث

7118 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو حجۃ الوداع کے سال فرمایا: یہ حج ہے پھر

7117- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه22 وقال: رواه أبو يعلى، ورجاله ثقات .

7118- الحديث في المقصد العلي برقم: 604 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه214 .

صَالِحٌ، مَوْلَى التَّوْأَمَةِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلنِّسَاءِ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: هَذِهِ، ثُمَّ ظُهُورَ الْحُصْرِ، قَالَ: فَكُنَّ كُلُّهُنَّ يَحْجُجْنَ إِلَّا سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ، وَزَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ، فَإِنَّهُمَا كَانَتَا تَقُولَانِ: وَاللَّهِ لَا تُحَرِّكُنَا دَابَّةٌ بَعْدَ إِذْ سَمِعْنَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رکاوٹوں کا ظہور ہے۔ وہ سب حج کرنے کے لیے آئی تھیں مگر سودہ بنت زمعہ اور زینب بنت جحش' یہ دونوں کہتی تھیں: اللہ کی قسم! ہم کو سواری حرکت نہیں دے گی۔ بعد اس کے کہ جب ہم نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے۔

7119 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، وَهَارُونُ الْحَمَّالُ - وَاللَّفْظُ لِإِسْحَاقَ - قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ، عَنْ حَبِيبَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ، عَنْ زَيْنَبَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَيْقَظَ مِنْ نَوْمٍ مُحْمَرًّا وَجْهُهُ، وَهُوَ يَقُولُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلُ هَذِهِ، قَالَتْ زَيْنَبُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَنَهْلِكُ وَفِينَا الصَّالِحُونَ، قَالَ: نَعَمْ، إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ

حضرت زینب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نیند سے بیدار ہوئے۔ آپ ﷺ کا چہرہ مبارک سرخ تھا۔ آپ ﷺ فرما رہے تھے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔ ہلاکت عرب والوں کے لیے ہے' اس برائی کی وجہ سے۔ جو قریب آ چکی ہے، آج یاجوج ماجوج کی رکاوٹ کا اتنا حصہ کھل گیا ہے۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم ہلاک ہوں گے اس حال میں کہ ہم میں نیک لوگ ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں، جب خبائث زیادہ ہو جائیں گی۔

7120 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ سَلَمَةَ الْخُزَاعِيُّ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حِينَ تُوُفِّيَ أَخُوهَا، فَدَعَتْ بِطِيبٍ فَمَسَّتْ مِنْهُ، ثُمَّ قَالَتْ: وَاللَّهِ مَا لِي بِالطِّيبِ مِنْ حَاجَةٍ، غَيْرَ

حضرت زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے پاس آئی، جس وقت ان کا بھائی فوت ہو گیا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہا نے خوشبو منگوائی، اس سے لگائی پھر فرمایا: اللہ کی قسم، مجھے خوشبو لگانے کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔ سوائے اس کے کہ میں نے حضور ﷺ سے منبر پر فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ ﷺ

7119- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **308** . وأحمد جلد**6**صفحه**428** .

7120- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه**369** . وأحمد جلد**6**صفحه**324** .

أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَلَى الْمِنْبَرِ: لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ تُحِدُّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا

نے فرمایا: کسی عورت کو جائز نہیں جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہو، جو کسی میت پر سوگ منائے تین راتوں سے زیادہ، مگر اپنے شوہر پر چار ماہ دس دن تک سوگ منائے گی۔

7121 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، أَنَّهَا كَانَتْ تُرَجِّلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مِخْضَبٍ مِنْ صُفْرٍ

حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کنگھی کرتی تھیں، زرد رنگ سے رنگ کر۔

7122 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ صَالِحٍ، مَوْلَى التَّوْأَمَةِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنِسَائِهِ: هَذِهِ الْحَجَّةُ، ثُمَّ ظُهُورَ الْحُصْرِ، فَكُنَّ كُلُّهُنَّ يَحْجُجْنَ إِلَّا زَيْنَبَ وَسَوْدَةَ قَالَتَا: لَا تُحَرِّكُنَا دَابَّةٌ بَعْدَ قَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَعْنِي: هَذِهِ، ثُمَّ ظُهُورَ الْحُصْرِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواجِ مطہرات سے فرمایا: یہ حج ہے، پھر رکاوٹوں کا ظہور ہوگا، تم سب حج کرنے کے لیے آئی ہو مگر سودہ بنت زمعہ اور زینب بنت جحش یہ دونوں کہتی تھیں: اللہ کی قسم! ہم کو کوئی سواری حرکت نہ دے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے بعد یعنی هذه (یہ) پھر رکاوٹیں ظاہر ہوں گی۔

7123 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ، عَنْ حَبِيبَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ، عَنْ زَيْنَبَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَيْقَظَ مِنْ نَوْمٍ مُحْمَرًّا وَجْهُهُ وَهُوَ يَقُولُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ

حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نیند سے بیدار ہوئے اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ مبارک سرخ تھا اور آپ پڑھ رہے تھے: لا الٰہ الا اللہ! عربوں کیلئے بربادی ہے، اس شر کی وجہ سے جو قریب آ گیا ہے، آج یاجوج و ماجوج کی رکاوٹ

7121- اخرجه أحمد جلد6صفحه324 قال: حدثنا حماد بن خالد .

7122- الحديث سبق برقم: 7118 فراجعه .

7123- الحديث سبق برقم: 7119 فراجعه .

اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلُ هَذِهِ، قَالَتْ زَيْنَبُ: أَنَهْلِكُ وَفِينَا الصَّالِحُونَ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ

سے اتنا حصہ کھل گیا ہے' (ارشاد فرمایا:) حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے عرض کی: کیا ہم ہلاک ہو جائیں گے اس حال میں کہ نیک لوگ ہم میں موجود ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! جب خباثتیں زیادہ ہو جائیں گی۔

حَدِيثُ رُزَيْنَةَ

حضرت رزینہ رضی اللہ عنہا کی احادیث

7124 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَتْنَا عُلَيْلَةُ بِنْتُ الْكُمَيْتِ، قَالَتْ: حَدَّثَتْنِي أُمِّي أُمَيْنَةُ، أَنَّهَا حَدَّثَتْهَا أَمَةُ اللَّهِ بِنْتُ رُزَيْنَةَ، عَنْ أُمِّهَا رُزَيْنَةَ مَوْلَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ سَوْدَةَ الْيَمَانِيَّةَ جَاءَتْ عَائِشَةَ تَزُورُهَا، وَعِنْدَهَا حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ، فَجَاءَتْ سَوْدَةُ فِي هَيْئَةٍ ' وَفِي حَالٍ حَسَنَةٍ، عَلَيْهَا دِرْعٌ مِنْ بُرُودِ الْيَمَنِ، وَخِمَارٌ كَذَلِكَ، وَعَلَيْهَا نُقْطَتَانِ مِثْلُ الْعَدَسَتَيْنِ مِنْ صَبِرٍ وَزَعْفَرَانَ فِي مُؤْقَيْهَا - قَالَتْ عُلَيْلَةُ: وَأَدْرَكْتُ النِّسَاءَ يَتَزَيَّنَّ بِهِ - فَقَالَتْ: حَفْصَةُ لِعَائِشَةَ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، يَجِيءُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشِقًّا وَهَذِهِ بَيْنَنَا تَبْرُقُ؟ فَقَالَتْ لَهَا أُمُّ الْمُؤْمِنِينَ: اتَّقِي اللَّهَ يَا حَفْصَةُ، اتَّقِي اللَّهَ يَا حَفْصَةُ، قَالَتْ: لَأُفْسِدَنَّ عَلَيْهَا زِينَتَهَا، قَالَتْ: مَا تَقُلْنَ، وَكَانَ فِي أُذُنِهَا ثِقَلٌ، قَالَتْ لَهَا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی لونڈی حضرت رزینہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ سودہ یمانیہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ملاقات کرنے کیلئے ان کے پاس آئیں جبکہ حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا بھی ان کے پاس موجود تھیں' پس حضرت سودہ ایک خاص شکل میں آئیں' خوبصورت حال تھا' ان کے اوپر یمنی چادروں میں سے ایک چادر تھی' اسی طرح ایک اوڑھنی' ان پر دو بندیاں (نقطے) تھیں دال کے دونوں دانوں کے برابر اور زعفران سے۔ حضرت علیلہ فرماتی ہیں: میں نے عورتوں کو اس کے ساتھ زینت حاصل کرتے ہوئے پایا ہے۔ پس حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: اے اُم المؤمنین! ابھی جلد ہی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم آئیں گے جبکہ ہمارے درمیان یہ زرق برق لباس میں ہیں؟ اُم المؤمنین نے ان سے کہا: اے حفصہ! اللہ سے ڈرو! دو بار کہا' وہ بولیں: میں ضرور اس کی سجاوٹ کو خراب کروں گی۔ اس نے کہا: تم کیا کہتی ہو؟

7124- الحديث في المقصد العلي برقم: **793** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**316**.

حَفْصَةُ: يَا سَوْدَةُ خَرَجَ الْأَعْوَرُ، قَالَتْ: نَعَمْ، فَفَزِعَتْ فَزَعًا شَدِيدًا، فَجَعَلَتْ تَنْتَفِضُ، قَالَتْ: أَيْنَ أَخْتَبِءُ؟ قَالَتْ: عَلَيْكِ بِالْخَيْمَةِ - خَيْمَةٌ لَهُمْ مِنْ سَعَفٍ يَطْبُخُونَ فِيهَا - فَذَهَبَتْ فَاخْتَبَأَتْ فِيهَا، وَفِيهَا الْقَذَرُ وَنَسْجُ الْعَنْكَبُوتِ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمَا تَضْحَكَانِ لَا تَسْتَطِيعَانِ أَنْ تَتَكَلَّمَا مِنَ الضَّحِكِ، قَالَ: مَاذَا الضَّحِكُ؟، ثَلَاثَ مِرَارٍ، فَأَوْمَأَتَا بِأَيْدِيهِمَا إِلَى الْخَيْمَةِ، فَذَهَبَ فَإِذَا سَوْدَةُ تُرْعَدُ، فَقَالَ لَهَا: يَا سَوْدَةُ، مَا لَكِ؟، قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، خَرَجَ الْأَعْوَرُ، قَالَ: مَا خَرَجَ، وَلَيَخْرُجَنَّ، مَا خَرَجَ وَلَيَخْرُجَنَّ، مَا خَرَجَ وَلَيَخْرُجَنَّ، ثُمَّ دَخَلَ فَأَخْرَجَهَا، فَجَعَلَ يَنْفُضُ عَنْهَا الْغُبَارَ وَنَسْجَ الْعَنْكَبُوتِ

جبکہ اس کے کانوں میں رکاوٹ تھی۔ حضرت حفصہ نے اس سے کہا: اے سودہ! اعور (کانا دجال) نکل آیا ہے۔ اس نے کہا: اچھا واقعی! پس اس پر سخت گھبراہٹ طاری ہوئی، پس وہ تھرتھرانے لگی۔ اس نے کہا: میں کہاں چھپوں؟ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے کہا: خیمہ میں گھر والوں کا ایک خیمہ تھا دھوئیں سے اٹا ہوا اس میں وہ کھانا پکاتے تھے۔ پس وہ جا کر اسی میں چھپ گئی اس میں گندگی اور مکڑی کے جالے تھے۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے جبکہ وہ دونوں ہنس رہی تھیں اس قدر زیادہ کہ وہ کلام کرنے پر قادر نہ تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہنسی کیسی ہے؟ تین بار فرمایا: پس ان دونوں نے اپنے ہاتھوں کے ذریعے خیمہ کی طرف اشارہ کیا۔ سو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر پڑی تو سودہ بیٹھی کانپ رہی تھی، پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تجھے کیا ہے؟ اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! دجال نکلا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ نہیں نکلا، ہاں کبھی نکلے گا ضرور، ابھی وہ نہیں نکلا ہے، ہاں ضرور نکلے گا۔ تیسری بار بھی فرمایا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اندر داخل کو اس کو نکالا، پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے غبار جھاڑنے لگے اور مکڑی کے جالے ہٹانے لگے۔

7125 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْجُشَمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا عُلَيْلَةُ بِنْتُ الْكُمَيْتِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ أُمِّي أَمِينَةَ قَالَتْ: حَدَّثَتْنِي أَمَةُ اللّٰهِ بِنْتُ رُزَيْنَةَ، عَنْ أُمِّهَا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی لونڈی رزینہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت قبطیہ کو قریظہ اور نضیر کے دن قیدی بنایا، جب اللہ نے فتح عطا فرمائی، پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم

7125- الحديث في المقصد العلي برقم: **1387** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**251** .

رُزَيْنَةَ مَوْلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ سَبَى صَفِيَّةَ يَوْمَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيرِ حِينَ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَجَاءَ بِهَا يَقُودُهَا سَبِيَّةً، فَلَمَّا رَأَتِ النِّسَاءَ، قَالَتْ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَأَرْسَلَهَا، وَكَانَ ذِرَاعُهَا فِي يَدِهِ فَأَعْتَقَهَا، ثُمَّ خَطَبَهَا وَتَزَوَّجَهَا وَأَمْهَرَهَا

ان کو لے آئے' اس حال میں کہ آپ ﷺ سواری کو آگے سے پکڑے ہوئے تھے جبکہ وہ قیدی تھیں جب انہوں نے عورتوں کو دیکھا تو پڑھا: اشهد ان لا اله الا الله وانك رسول الله! پس آپ نے ان کو چھوڑ دیا۔ ان کا بازو آپ کے ہاتھ میں تھا' پس آپ ﷺ نے ان کو آزاد کیا پھر اسے نکاح کا پیغام دیا' ان سے نکاح کر کے ان کو مہر دیا۔

7126 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَتْنَا عُلَيْلَةُ، عَنْ أُمِّهَا قَالَتْ: قُلْتُ لِأَمَةِ اللّٰهِ بِنْتِ رُزَيْنَةَ: يَا أَمَةَ اللّٰهِ حَدَّثَتْكِ أُمُّكِ رُزَيْنَةُ، أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ صَوْمَ عَاشُورَاءَ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، وَكَانَ يُعَظِّمُهُ حَتَّى يَدْعُوَ بِرُضَعَائِهِ وَرُضَعَاءِ ابْنَتِهِ فَاطِمَةَ، فَيَتْفُلُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ، وَيَقُولُ لِلْأُمَّهَاتِ: لَا تُرْضِعْنَهُنَّ إِلَى اللَّيْلِ

حضرت علیلہ کی ماں سے روایت ہے' فرماتی ہیں: میں نے اللہ کی بندی بنت رزینہ سے کہا: اے اللہ کی بندی! تیری ماں رزینہ نے مجھے یہ حدیث بیان کی تھی کہ اس نے رسول کریم ﷺ کو عاشوراء کے روزے کا ذکر کرتے ہوئے سنا؟ اس نے کہا: جی ہاں! اور آپ ﷺ اس کی عظمت بیان کرتے تھے یہاں تک کہ اپنے دودھ پیتے بچوں اور اپنی بچی فاطمہ کے دودھ شریکوں کو بلاتے اور ان کے مونہوں میں لعابِ دہن ڈالتے اور ان کی ماؤں سے کہتے: اب رات تک ان کو دودھ نہ پلانا۔

حَدِيثُ حَلِيمَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ أُمِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سیدہ حلیمہ بنت حارث امی جان رسول پاک ﷺ

7127 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ

رسول کریم ﷺ کی رضاعی ماں حضرت حلیمہ بنت

7126- الحديث في المقصد العلي برقم: 533 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه186 .

7127- الحديث في المقصد العلي برقم: 1241 .

الْكُوفِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، وَنَسَخْتُهُ مِنْ حَدِيثِ مَسْرُوقٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ زَائِدَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ جَهْمِ بْنِ أَبِي جَهْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ حَلِيمَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ أُمِّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّعْدِيَّةِ الَّتِي أَرْضَعَتْهُ، قَالَتْ: خَرَجْتُ فِي نِسْوَةٍ مِنْ بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ نَلْتَمِسُ الرُّضَعَاءَ بِمَكَّةَ عَلَى أَتَانٍ لِي قَمْرَاءَ قَدْ أَذَمَّتْ، فَزَاحَمْتُ بِالرَّكْبِ، قَالَتْ: وَخَرَجْنَا فِي سَنَةٍ شَهْبَاءَ لَمْ تُبْقِ شَيْئًا وَمَعِي زَوْجِيَ الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى، قَالَتْ: وَمَعَنَا شَارِفٌ لَنَا، وَاللَّهِ إِنْ تَبِضُّ عَلَيْنَا بِقَطْرَةٍ مِنْ لَبَنٍ، وَمَعِي صَبِيٌّ لِي إِنْ نَنَامُ لَيْلَتَنَا مَعَ بُكَائِهِ مَا فِي ثَدْيِي مَا يُغْنِيهِ، وَمَا فِي شَارِفِنَا مِنْ لَبَنٍ نَغْذُوهُ، إِلَّا أَنَّا نَرْجُو، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ لَمْ تَبْقَ مِنَّا امْرَأَةٌ إِلَّا عُرِضَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَأْبَاهُ، وَإِنَّمَا كُنَّا نَرْجُو كَرَامَةَ رَضَاعَةٍ مِنْ وَالِدِ الْمَوْلُودِ، وَكَانَ يَتِيمًا، فَكُنَّا نَقُولُ: مَا عَسَى أَنْ تَصْنَعَ أُمُّهُ؟ حَتَّى لَمْ يَبْقَ مِنْ صَوَاحِبِي امْرَأَةٌ إِلَّا أَخَذَتْ صَبِيًّا غَيْرِي، وَكَرِهْتُ أَنْ أَرْجِعَ وَلَمْ آخُذْ شَيْئًا، وَقَدْ أَخَذَ صَوَاحِبِي، فَقُلْتُ لِزَوْجِي: وَاللَّهِ لَأَرْجِعَنَّ إِلَى ذَلِكَ فَلَآخُذَنَّهُ، قَالَتْ: فَأَتَيْتُهُ فَأَخَذْتُهُ فَرَجَعْتُهُ إِلَى رَحْلِي، فَقَالَ زَوْجِي: قَدْ أَخَذْتِهِ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، وَاللَّهِ ذَاكَ أَنِّي لَمْ أَجِدْ غَيْرَهُ، فَقَالَ: قَدْ أَصَبْتِ، فَعَسَى اللَّهُ أَنْ يَجْعَلَ فِيهِ خَيْرًا، قَالَتْ: فَوَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ جَعَلْتُهُ فِي

حارث سعدیہ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں: میں قبیلہ بنوسعد بن بکر کی عورتوں کے ساتھ مل کر نکلی ہمارا مقصد مکہ سے شیر خوار بچوں کو تلاش کرنا تھا' میں اپنی گدھی قمراء پہ سوار تھی' میں قافلے کے ساتھ مل گئی۔ فرماتی ہیں: ہم قحط سالی میں نکلیں' جس سال میں نے کوئی چیز نہ چھوڑی تھی۔ میرے ساتھ میرا خاوند حارث بن عبدعزیٰ بھی تھا۔ فرماتی ہیں: ہمارے پاس اپنی اونٹنی بھی تھی۔ میرے ساتھ میرا چھوٹا بیٹا بھی تھا' ہم رات کو سونہیں سکتے تھے کیونکہ وہ روتا رہتا تھا اور میرے پستانوں میں دودھ نہیں تھا جس سے وہ سیر ہو جائے اور نہ ہی ہماری اونٹنی کے تھنوں میں دودھ تھا جو ہم اسے دیتے۔ مگر ہم پھر بھی اُمیدوار تھے۔ پس جب ہم مکہ آئے تو ہم میں سے ہر عورت پر رسول کریم ﷺ کو پیش کیا گیا لیکن اس کی قسمت نے اس کا ساتھ نہ دیا۔ ہم عورتیں دودھ پلانے کی عزت بچے کے والد سے دیکھا کرتی تھیں جبکہ آپ ﷺ یتیم پیدا ہوئے تھے۔ ہم کہہ رہی تھیں: شاید ان کی ماں کوئی خدمت کرے یا نہ کرے؟ حتیٰ کہ میری ہم پیشہ عورتوں میں سے ہر عورت نے سوائے میرے کوئی نہ کوئی بچہ لے لیا جبکہ میں اس بات کو ناپسند کر رہی تھی کہ میں کوئی بچہ لیے بغیر واپس چلی جاؤں حالانکہ میری ساتھی عورتیں بچے لے چکی تھیں۔ میں نے اپنے خاوند سے کہا: قسم بخدا! اس کی طرف دوبارہ جاتی ہوں' میں ضرور اسے لے کر آؤں گی۔ فرماتی ہیں: میں ان کے پاس آئی' میں انہیں لے کر اپنے سازوسامان کی طرف

حِجْرِي، قَالَتْ: فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ ثَدْيِي بِمَا شَاءَ مِنَ اللَّبَنِ قَالَتْ: فَشَرِبَ حَتَّى رَوِيَ وَشَرِبَ أَخُوهُ - تَعْنِي ابْنَهَا - حَتَّى رَوِيَ، وَقَامَ زَوْجِي إِلَى شَارِفِنَا مِنَ اللَّيْلِ فَإِذَا بِهَا حَافِلٌ، فَحَلَبَ لَنَا مَا شِئْنَا، فَشَرِبَ حَتَّى رَوِيَ، قَالَتْ: وَشَرِبْتُ حَتَّى رَوِيتُ، فَبِتْنَا لَيْلَتَنَا تِلْكَ بِخَيْرٍ ' شِبَاعًا رِوَاءً ' وَقَدْ نَامَ صِبْيَانُنَا، قَالَتْ: يَقُولُ أَبُوهُ - تَعْنِي زَوْجَهَا: وَاللَّهِ يَا حَلِيمَةُ، مَا أَرَاكِ إِلَّا قَدْ أَصَبْتِ نَسَمَةً مُبَارَكَةً، قَدْ نَامَ صَبِيُّنَا وَرَوِيَ، قَالَتْ: ثُمَّ خَرَجْنَا، فَوَاللَّهِ لَخَرَجَتْ أَتَانِي أَمَامَ الرَّكْبِ قَدْ قَطَعَتْهُنَّ حَتَّى مَا يَبْلُغُونَهَا ' حَتَّى إِنَّهُمْ لَيَقُولُونَ: وَيْحَكِ يَا بِنْتَ الْحَارِثِ، كُفِّي عَلَيْنَا، أَلَيْسَتْ هَذِهِ بِأَتَانِكِ الَّتِي خَرَجْتِ عَلَيْهَا؟ فَأَقُولُ: بَلَى وَاللَّهِ، وَهِيَ قُدَّامَنَا ' حَتَّى قَدِمْنَا مَنَازِلَنَا مِنْ حَاضِرِ بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ، فَقَدِمْنَا عَلَى أَجْدَبِ أَرْضِ اللَّهِ، فَوَالَّذِي نَفْسُ حَلِيمَةَ بِيَدِهِ، إِنْ كَانُوا لَيَسْرَحُونَ أَغْنَامَهُمْ إِذَا أَصْبَحُوا، وَيَسْرَحُ رَاعِي غَنَمِي، فَتَرُوحُ غَنَمِي بِطَانًا لُبَّنًا حُفَّلًا، وَتَرُوحُ أَغْنَامُهُمْ جِيَاعًا هَالِكَةً ' مَا بِهَا مِنْ لَبَنٍ، قَالَتْ: فَنَشْرَبُ مَا شِئْنَا مِنْ لَبَنٍ، وَمَا مِنَ الْحَاضِرِ أَحَدٌ يَحْلُبُ قَطْرَةً، وَلَا يَجِدُهَا، يَقُولُونَ لِرُعَاتِهِمْ: وَيْلَكُمْ ' أَلَا تَسْرَحُونَ حَيْثُ يَسْرَحُ رَاعِي حَلِيمَةَ؟ فَيَسْرَحُونَ فِي الشِّعْبِ الَّذِي يَسْرَحُ فِيهِ رَاعِينَا، فَتَرُوحُ أَغْنَامُهُمْ جِيَاعًا مَا لَهَا مِنْ لَبَنٍ، وَتَرُوحُ غَنَمِي لُبَّنًا حُفَّلًا، قَالَتْ: وَكَانَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

واپس آئی تو میرے خاوند نے کہا: لے آئی ہو؟ میں نے کہا: جی ہاں! قسم بخدا! میں نے اس کے علاوہ کسی کو نہیں پایا ہے (اس جیسا)۔ اس نے کہا: تُو نے صحیح کیا' اُمید ہے کہ اللہ اسی میں خیر رکھ دے گا۔ فرماتی ہیں: قسم ہے میں نے انہیں اپنی گود میں رکھا۔ فرماتی ہیں: میں نے اپنے پستان آگے کیے کہ جو چاہے دودھ پی لے۔ فرماتی ہیں: اُنہوں نے پیا یہاں تک کہ سیر ہو گئے' ان کے بھائی یعنی میرے بیٹے نے پیا حتیٰ کہ وہ بھی سیر ہو گیا اور میرے خاوند نے اسی رات والی اپنی اونٹنی کی طرف گئے۔ وہ بھی دودھ سے بھری ہوئی تھی۔ پس اس نے ہمارے لیے دودھ نکالا جتنا ہم نے چاہا' پس اُنہوں نے سیر ہو کر پیا اور میں نے بھی سیر ہو کر پیا۔ ہم نے اپنی وہ رات خیر سے گزاری' پیٹ بھر کر' سیر ہو کر' ہمارے بچے بھی آرام سے سوئے۔ فرماتی ہیں: اس کے باپ یعنی میرے خاوند نے کہا: اے حلیمہ! قسم بخدا! میں نے تجھے درست کام کرنے والا دیکھا ہے' برکتوں والا بچہ ہے' ہمارا یہ بچہ بھی سیر ہو کر سویا۔ فرماتی ہیں: پھر ہم نکلے' قسم بخدا! میری گدھی سارے قافلے سے آگے نکل گئی' ان کو پیچھے چھوڑ دیا حتیٰ کہ وہ اسے پہنچ نہ سکے۔ وہ یہ کہنے پر مجبور ہو گئے: افسوس! حارث کی بیٹی ہمارے لیے رُکو' کیا یہ تیری وہی گدھی نہیں ہے جس پر تُو گھر سے نکلی تھی؟ میں نے کہا: کیوں نہیں قسم بخدا! یہ وہی پہلی ہے' یہاں تک کہ ہم اپنے گھروں کو پہنچ گئے' بنی سعد بن بکر کے دیہات میں۔ پس ہم اللہ کی قحط زدہ زمین پر آئے' قسم ہے اس ذات

وَسَلَّمَ يَشِبُّ فِي الْيَوْمِ شَبَابَ الصَّبِيِّ فِي الشَّهْرِ، وَيَشِبُّ فِي الشَّهْرِ شَبَابَ الصَّبِيِّ فِي سَنَةٍ، فَبَلَغَ سِتًّا وَهُوَ غُلَامٌ جَفْرٌ، قَالَتْ: فَقَدِمْنَا عَلَى أُمِّهِ، فَقُلْنَا لَهَا، وَقَالَ لَهَا أَبُوهُ: رُدُّوا عَلَيْنَا ابْنِي، فَلْنَرْجِعْ بِهِ، فَإِنَّا نَخْشَى عَلَيْهِ وَبَاءَ مَكَّةَ، قَالَتْ: وَنَحْنُ أَضَنُّ بِشَأْنِهِ لِمَا رَأَيْنَا مِنْ بَرَكَتِهِ، قَالَتْ: فَلَمْ يَزَلْ بِهَا حَتَّى قَالَتِ: ارْجِعَا بِهِ، فَرَجَعْنَا بِهِ، فَمَكَثَ عِنْدَنَا شَهْرَيْنِ، قَالَتْ: فَبَيْنَا هُوَ يَلْعَبُ وَأَخُوهُ يَوْمًا خَلْفَ الْبُيُوتِ يَرْعَيَانِ بَهْمًا لَنَا، إِذْ جَاءَنَا أَخُوهُ يَشْتَدُّ، فَقَالَ لِي وَلِأَبِيهِ: أَدْرِكَا أَخِي الْقُرَشِيَّ، قَدْ جَاءَهُ رَجُلَانِ فَأَضْجَعَاهُ، فَشَقَّا بَطْنَهُ، فَخَرَجْنَا نَحْوَهُ نَشْتَدُّ، فَانْتَهَيْنَا إِلَيْهِ وَهُوَ قَائِمٌ مُنْتَقِعٌ لَوْنُهُ، فَاعْتَنَقَهُ أَبُوهُ وَاعْتَنَقْتُهُ، ثُمَّ قُلْنَا: مَا لَكَ أَيْ بُنَيَّ؟ قَالَ: أَتَانِي رَجُلَانِ عَلَيْهِمَا ثِيَابٌ بِيضٌ فَأَضْجَعَانِي، ثُمَّ شَقَّا بَطْنِي، فَوَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا صَنَعَا، قَالَتْ: فَاحْتَمَلْنَاهُ فَرَجَعْنَا بِهِ، قَالَتْ: يَقُولُ أَبُوهُ: وَاللَّهِ يَا حَلِيمَةُ مَا أَرَى هَذَا الْغُلَامَ إِلَّا قَدْ أُصِيبَ، فَانْطَلِقِي فَلْنَرُدَّهُ إِلَى أَهْلِهِ قَبْلَ أَنْ يَظْهَرَ بِهِ مَا نَتَخَوَّفُ عَلَيْهِ، قَالَتْ: فَرَجَعْنَا بِهِ إِلَيْهَا، فَقَالَتْ: مَا رَدَّكُمَا بِهِ، وَقَدْ كُنْتُمَا حَرِيصَيْنِ عَلَيْهِ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: لَا وَاللَّهِ، إِلَّا أَنَّا كَفَلْنَاهُ وَأَدَّيْنَا الْحَقَّ الَّذِي يَجِبُ عَلَيْنَا فِيهِ، ثُمَّ تَخَوَّفْتُ الْأَحْدَاثَ عَلَيْهِ، فَقُلْنَا: يَكُونُ فِي أَهْلِهِ، قَالَتْ: فَقَالَتْ آمِنَةُ: وَاللَّهِ مَا ذَاكَ بِكُمَا، فَأَخْبِرَانِي خَبَرَكُمَا وَخَبَرَهُ، فَوَاللَّهِ مَا زَالَتْ بِنَا حَتَّى أَخْبَرْنَاهَا

کی جس کے قبضے میں حلیمہ کی جان ہے! اگر وہ لوگ جب صبح کرتے تو اپنی بکریوں کو چرنے کیلئے چھوڑتے اور میرا چرواہا بھی میری بکریاں چھوڑ کر لے جاتا۔ پس میری بکریاں اس حال میں شام کو واپس آتیں کہ ان کے پیٹ بھرے ہوئے ہوتے' دودھ والی ہوتیں اور تھن بھرے ہوئے ہوتے جبکہ ان کی بکریاں بھوکی اور ہلکان ہو کر شام کو آتیں' ان کے تھنوں میں دودھ نہ ہوتا۔ فرماتی ہیں: ہم دودھ پیتے جتنا ہم چاہتے' بستی میں سے کوئی نہ تھا جو ایک قطرہ دودھ بھی نکال سکتا اور نہ ہی پاتا تھا۔ وہ اپنے چرواہوں کو بولتے: تم وہاں کیوں نہیں لے جاتے جہاں حلیمہ کے چرواہے چراتے ہیں؟ پس وہ اس گھاٹی میں چراتے جس میں ہمارے چرواہے چراتے لیکن پھر بھی ان کی بکریاں بھوکی واپس آتیں' ان کے تھنوں میں دودھ نہ ہوتا جبکہ میری بکریاں دودھ سے بھری ہوئی آتیں اور آپ ﷺ ایک دن میں اتنے بڑے ہوتے جتنا عام بچہ ایک ماہ میں بڑا ہوتا ہے اور ایک ماہ میں اتنی پرورش پاتے جتنا عام بچہ ایک سال میں پرورش پاتا ہے۔ پس آپ چھ سال کے ہو گئے' آپ ﷺ کھاتے پیتے موٹے تازے تھے۔ فرماتی ہیں: ہم آپ ﷺ کو آپ کی والدہ کے پاس لائے' پس ہم نے ان سے عرض کی اور ان کے رضاعی باپ نے بھی ان سے عرض کی: میرا بیٹا ایک بار پھر ہم کو لوٹا دو! پس ہم پھر لے آئیں گے کیونکہ مکہ کی وباء کا اس پر خوف ہے۔ فرماتی ہیں: ہم آپ ﷺ کے معاملہ میں بہت زیادہ محتاط تھے کیونکہ ہم

خَبَرَهُ، قَالَتْ: فَتَخَوَّفْتُمَا عَلَيْهِ؟ كَلَّا وَاللّٰهِ ' إِنَّ لِابْنِي هَذَا شَأْنًا، أَلَا أُخْبِرُكُمَا عَنْهُ، إِنِّي حَمَلْتُ بِهِ ' فَلَمْ أَحْمِلْ حَمْلًا قَطُّ كَانَ أَخَفَّ وَلَا أَعْظَمَ بَرَكَةً مِنْهُ، ثُمَّ رَأَيْتُ نُورًا كَأَنَّهُ شِهَابٌ خَرَجَ مِنِّي حِينَ وَضَعْتُهُ أَضَاءَتْ لِي أَعْنَاقُ الْإِبِلِ بِبُصْرَى، ثُمَّ وَضَعْتُهُ فَمَا وَقَعَ كَمَا يَقَعُ الصِّبْيَانُ، وَقَعَ وَاضِعًا يَدَهُ بِالْأَرْضِ ' رَافِعًا رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ، دَعَاهُ وَالْحَقَا بِشَأْنِكُمَا

نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی برکتوں کو دیکھ لیا ہے۔ فرماتی ہیں: ہم مسلسل اپنا مطالبہ پیش کرتے رہے حتیٰ کہ اُنہوں نے فرمایا: ٹھیک ہے! اسے واپس لے جاؤ' پس ہم آپ کو واپس لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مزید دو ماہ ہمارے پاس رہے۔ فرماتی ہیں: اسی دوران کہ ایک دن آپ اپنے رضاعی بھائیوں کے ساتھ کھیل رہے تھے' گھروں کے پیچھے دونوں ہماری بکریاں چرا رہے تھے' جب آپ کا رضاعی بھائی آیا اس حال میں کہ وہ گھبرایا ہوا تھا۔ اس نے مجھ سے اور اپنے باپ سے کہا: میرے قریشی بھائی کو سنبھالو! اس کے پاس دو آدمی آئے ہیں۔ اُنہوں نے آپ کو لٹا کر سینہ چاک کر دیا ہے' ہم بھی گھبرا کر آپ کی طرف نکلے' پس ہم آپ کے پاس پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے تھے' رنگ اُڑا ہوا تھا۔ ان کے رضاعی باپ اور میں نے ان کو سینے سے لگایا' پھر ہم نے کہا: اے بیٹے! تمہیں کیا ہوا؟ فرمایا: میرے پاس سفید کپڑوں والے دو آدمی آئے' اُنہوں نے مجھے لٹایا' پھر میرا پیٹ پھاڑا' پس قسم ہے مجھے نہیں معلوم کہ اُنہوں نے مزید کیا کیا۔ فرماتی ہیں: ہم آپ کو اُٹھا کر واپس گھر لے آئے۔ فرماتی ہیں: آپ کے رضاعی باپ نے کہا: قسم بخدا! اے حلیمہ! میرا خیال ہے کہ یہ بچہ کسی مصیبت کا شکار نہ ہو جائے۔ چلو! ہم اس کو اس کے گھر والوں کو دے آئیں۔ اس سے پہلے کہ کوئی خوفناک صورتِ حال ظاہر ہو۔ فرماتی ہیں: پس ہم آپ کو لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کے پاس حاضر ہوئے' پس اُنہوں نے فرمایا: تم اسے کیوں لوٹا

لائے ہو حالانکہ تم دونوں تو اس کو پاس رکھنے پر حریص تھے۔ فرماتی ہیں: میں نے عرض کی: قسم بخدا! ہم نے اس کی خوب کفالت کی اور ہم نے وہ حق ادا کرنے کی پوری کوشش کی جو ہمارے ذمہ تھا' پھر ہمیں اس پر حادثات کا خوف ہوا۔ پس ہم نے کہا: (بہتر ہے یہ) اپنے گھر والوں میں ہو۔ حضرت آمنہ نے فرمایا: قسم بخدا! اسے تمہارے پاس کیا ہوا۔ پس تم مجھے اپنی اور اس کی خبر دو۔ قسم بخدا! ہم نے مکمل انہیں خبر دے دی۔ انہوں نے فرمایا: تمہیں اس پر خوف ہے؟ ہرگز نہیں! قسم بخدا! میرے اس بیٹے کی بڑی شان ہے۔ کیا میں تمہیں اس سے آگاہ نہ کروں' بے شک یہ میرے پیٹ میں آئے تو میں نے کبھی بوجھ محسوس نہ کیا' یہ بالکل ہلکے تھے۔ ان سے زیادہ برکت والا کوئی نہیں' پھر میں نے نور دیکھا گویا آگ کا شعلہ ہے جو مجھ سے نکلا' جب میں نے اسے جنا تو میرے لیے بصرہ کے اونٹوں کی گردنیں روشن ہو گئیں' پھر میں نے اس کو جنم دیا تو اس طرح نہیں ہوا جس طرح عام بچوں کا واقعہ ہوتا ہے۔ آپ پیدا ہوئے سیدھے زمین پر ہاتھ رکھے' سر آسمان کی طرف اُٹھائے ہوئے تھے' آپ ﷺ نے دعا کی اور تم اپنا کام کر سکتے ہو۔

مُسْنَدُ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ

مسندِ تمیم الداری رضی اللہ عنہ

7128 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ،

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

7128- أخرجه مسلم جلد 1 صفحه 54 من طريق سفيان ويزيد بن زريع عن سهيل به .

حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّمَا الدِّينُ النَّصِيحَةُ، إِنَّمَا الدِّينُ النَّصِيحَةُ، إِنَّمَا الدِّينُ النَّصِيحَةُ، قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: لِلّٰهِ، وَلِرَسُولِهِ، وَلِكِتَابِهِ، وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَعَامَّتِهِمْ

نے فرمایا: دین نصیحت ہے، دین نصیحت ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! کس کے لیے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ اور اس کے رسول کے لیے اور کتاب اور ائمہ مسلمین اور ان سے عام لوگوں کے لیے۔

7129 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الرَّجُلِ يُسْلِمُ عَلَى يَدَيِ الرَّجُلِ، قَالَ: هُوَ أَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ وَمَمَاتِهِ

حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے پوچھا ایک آدمی کے متعلق وہ کسی آدمی کے ہاتھوں پہ اسلام لاتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ دوسرے لوگوں سے زیادہ حقدار ہے اس کی زندگی اور موت کا۔

رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ایک صحابی کی حدیث جو وہ حضور ﷺ سے روایت کرتا ہے

7130 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الْعَصْرَ، فَقَامَ رَجُلٌ يُصَلِّي، فَرَآهُ عُمَرُ،

حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ایک صحابی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عصر کی نماز پڑھائی۔ ایک آدمی کھڑا ہوا، وہ نماز پڑھنے لگا۔ اس کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا، بیٹھ جاؤ، تم سے پہلے اہل کتاب اسی لیے ہلاک ہوئے تھے کہ ان کی

7129- ذكره البخاري في صحيحه جلد2صفحه100 تعليقًا وأخرجه أبو داود جلد3صفحه87 .

7130- الحديث في المقصد العلي برقم: 351 .

فَقَالَ لَهُ: اجْلِسْ، فَإِنَّمَا هَلَكَ أَهْلُ الْكِتَابِ بِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِصَلَاتِهِمْ فَصْلٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحْسَنَ ابْنُ الْخَطَّابِ

نمازوں میں فاصلہ نہیں ہوتا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اچھا کہا ہے۔

7131 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنَا الْجُدِّيُّ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمِّي يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَلَمْ يَأْتِ، أَوْ لَمْ يُجِبْ، ثُمَّ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يَأْتِ، أَوْ فَلَمْ يُجِبْ، ثُمَّ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يَأْتِ، أَوْ لَمْ يُجِبْ، طَبَعَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى قَلْبِهِ، فَجُعِلَ قَلْبَ مُنَافِقٍ

حضرت محمد بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے چچا نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے جمعہ کی اذان سنی اور وہ نہیں آیا۔ اللہ اس کے دل پر مہر لگا دے گا، اس کا دل منافق والا دل بنا دے گا۔

7132 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنَا الْجُدِّيُّ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ حَقٌّ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: السِّوَاكُ، وَالْغُسْلُ، وَالطِّيبُ إِنْ وُجِدَ

حضور ﷺ کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن ہر مسلمان پر تین حقوق ہیں: (۱) مسواک کرنا، (۲) غسل کرنا (۳) خوشبو لگانا۔

حَدِيثُ أَبِي وَهْبٍ الْجُشَمِيِّ

ابو وہب جشمی رضی اللہ عنہ

7133 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا

حضرت ابو وہب الجشمی رضی اللہ عنہ ان کو صحابی رضی اللہ عنہ ہونے

7131- الحديث في المقصد العلى برقم: 370 وأورده الهيثمي في مجمع الزد جلد2صفحه193 .

7132- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه172 .

هِشَامُ بْنُ سَعِيدٍ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ شَبِيبٍ، عَنْ أَبِي وَهْبٍ الْجُشَمِيِّ - وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ - قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَمَّوْا بِأَسْمَاءِ الْأَنْبِيَاءِ، وَأَحَبُّ الْأَسْمَاءِ إِلَى اللَّهِ عَبْدُ اللَّهِ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَأَصْدَقُهَا حَارِثٌ، وَهَمَّامٌ، وَأَقْبَحُهَا حَرْبٌ، وَمُرَّةُ

کا شرف حاصل ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم انبیاء علیہم السلام کے نام پہ نام رکھو۔ اللہ کو سب سے زیادہ محبوب نام عبداللہ، عبدالرحمٰن، سے سے سچ نام حارث وہمام، سب سے برے نام حرب اور مرہ ہیں۔

7134 - وَبِإِسْنَادِهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْتَبِطُوا الْخَيْلَ، وَامْسَحُوا بِنَوَاصِيهَا وَأَعْجَازِهَا ، أَوْ قَالَ: أَكْفَالِهَا، وَقَلِّدُوهَا وَلَا تُقَلِّدُوهَا الْأَوْتَارَ

حضور ﷺ نے فرمایا: گھوڑے باندھو، اس کی پیشانی کو ملو اور اس کی دم کو بھی اس کو قلادہ پہناؤ، اس کو کمان کی تانتیں نہ پہناؤ۔

7135 - وَبِإِسْنَادِهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِكُلِّ كُمَيْتٍ أَغَرَّ مُحَجَّلٍ، أَوْ أَدْهَمَ أَغَرَّ مُحَجَّلٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: سیاہ سرخی مائل یا کالا سیاہ جس کا ماتھا اور چاروں پاؤں سفید ہوں گھوڑا اختیار کرو۔

مُسْنَدُ أُسَيْدِ بْنِ ظُهَيْرٍ

اسید بن ظہیر رضی اللہ عنہ کی حدیث

7136 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَبْرَدِ، مَوْلَى بَنِي خَطْمَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أُسَيْدَ بْنَ ظُهَيْرٍ الْأَنْصَارِيَّ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ

حضرت اسید بن ظہیر الانصاری رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: مسجد قباء میں نماز عمرہ کے برابر ثواب ہے۔

7134- الحديث سبق برقم: **7133** فراجعه .

7135- الحديث في المقصد العلى برقم: **936** . وراجع الحديث رقم: **7134,133** .

7136- أخرجه الترمذى جلد **1** صفحه **268** عن أبى كريب' وسفيان بن وكيع .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِ قُبَاءَ كَعُمْرَةٍ

حَدِيثُ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَبِي وَدَاعَةَ السَّهْمِيِّ

مطلب بن ابی وداعہ سہمی کی حدیث

7137 - حَدَّثَنَا هَارُونُ الْحَمَّالُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَبِي وَدَاعَةَ، عَنْ بَعْضِ أَهْلِهِ قَالَ: سَمِعْتُ الْمُطَّلِبَ بْنَ أَبِي وَدَاعَةَ السَّهْمِيَّ يَقُولُ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مِمَّا يَلِي بَابَ بَنِي سَهْمٍ، وَالنَّاسُ يَمُرُّونَ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَلَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ سُتْرَةٌ

مطلب بن ابووداعہ سہمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ نماز پڑھ رہے تھے جو بنی سہم کے دروازے سے ملی ہوئی ہے جبکہ لوگ آپ کے سامنے سے گزر رہے تھے درانحالیکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور قبلہ کے درمیان سترہ بھی نہیں تھا۔

حَدِيثُ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ

عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کی حدیث

7138 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقِ بْنِ أَسْمَاءَ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: لَمَّا أَرَادَ مُعَاوِيَةُ أَنْ يَسْتَخْلِفَ يَزِيدَ بَعَثَ إِلَى عَامِلِ الْمَدِينَةِ أَنْ أَفِدْ إِلَيَّ مَنْ شَاءَ، قَالَ: فَوَفَدَ إِلَيْهِ عَمْرُو بْنُ حَزْمٍ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ جب حضرت معاویہ نے یزید کو اپنا نائب بنانے کا ارادہ کیا تو عامل مدینہ کی طرف آدمی بھیجا کہ میری طرف اپنی چاہت کے مطابق وفد بنا کر بھیجو۔ انہوں نے عمرو بن حزم انصاری کو وفد دے کر بھیجا' پس اُنہوں نے آ کر اجازت مانگی۔

7137- الحديث سبق برقم: 6839 فراجعه .

7138- الحديث في المقصد العلي برقم: 1784 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 249 .

الْأَنْصَارِيُّ، فَاسْتَأْذَنَ، فَجَاءَ حَاجِبُ مُعَاوِيَةَ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: هَذَا عَمْرٌو قَدْ جَاءَ يَسْتَأْذِنُ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِهِمْ إِلَيَّ؟ فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، جَاءَ يَطْلُبُ مَعْرُوفَكَ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: إِنْ كُنْتَ صَادِقًا فَلْيَكْتُبْ مَا شَاءَ فَأُعْطِهِ مَا سَأَلَكَ، وَلَا أَرَاهُ، قَالَ: فَخَرَجَ إِلَيْهِ الْحَاجِبُ، فَقَالَ: مَا حَاجَتُكَ؟ اكْتُبْ مَا شِئْتَ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللَّهِ أَجِيءُ إِلَى بَابِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ ' فَأُحْجَبُ عَنْهُ؟ أُحِبُّ أَنْ أَلْقَاهُ، فَأُكَلِّمَهُ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ لِلْحَاجِبِ: عِدْهُ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا إِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ فَلْيَجِئْ، قَالَ: فَلَمَّا صَلَّى مُعَاوِيَةُ الْغَدَاةَ أَمَرَ بِسَرِيرٍ، فَجُعِلَ فِي إِيوَانٍ لَهُ، ثُمَّ أَخْرَجَ النَّاسَ عَنْهُ، فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ أَحَدٌ إِلَّا كُرْسِيٌّ وُضِعَ لِعَمْرٍو، فَجَاءَ عَمْرٌو، فَاسْتَأْذَنَ، فَأُذِنَ لَهُ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، ثُمَّ جَلَسَ عَلَى الْكُرْسِيِّ، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: حَاجَتَكَ، قَالَ: فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: لَعَمْرِي لَقَدْ أَصْبَحَ يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَاسِطَ الْحَسَبِ فِي قُرَيْشٍ، غَنِيًّا عَنِ الْمَالِ، غَنِيًّا إِلَّا عَنْ كُلِّ خَيْرٍ، وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَسْتَرْعِ عَبْدًا رَعِيَّةً إِلَّا وَهُوَ سَائِلُهُ عَنْهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ: كَيْفَ صَنَعَ فِيهَا وَإِنِّي أُذَكِّرُكَ اللَّهَ يَا مُعَاوِيَةُ فِي أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْ تَسْتَخْلِفُ عَلَيْهَا، قَالَ: فَأَخَذَ مُعَاوِيَةَ رَبْوَةٌ وَنَفَسٌ فِي غَدَاةٍ قَرٍّ حَتَّى عَرِقَ وَجَعَلَ يَمْسَحُ الْعَرَقَ عَنْ وَجْهِهِ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَفَاقَ، فَحَمِدَ

پس حضرت امیر معاویہ کا سیکرٹری ان کے لیے اجازت مانگنے آیا اور کہا: یہ عمرہ ہے جو اجازت طلب کرنے آیا ہے۔ حضرت معاویہ نے کہا: میرے پاس کیا لایا ہے؟ اس نے عرض کی: اے امیرالمؤمنین! وہ آپ سے نیک سلوک طلب کرتے ہوئے آیا ہے۔ پس حضرت معاویہ نے فرمایا: اگر تو سچا ہے تو وہ لکھ دے جو چاہتا ہے' پس میں اسے عطا کر دوں گا جو اس نے مجھ سے مانگا ہے' میں اسے دیکھوں گا نہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ حاجب نے آ کر آپ سے کہا: تیرا کام کیا ہے؟ جو چاہتا ہے لکھ دے۔ تو اس نے کہا: سبحان اللہ! میں امیرالمؤمنین کے دروازے پر آیا ہوں' وہ پردے میں ہو گئے ہیں؟ میں تو ان سے ملاقات کر کے بالمشافہ گفتگو کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت معاویہ نے دربان سے کہا: اس کو فلاں فلاں دن کا وعدہ دے دے جب صبح کی نماز پڑھ کر فارغ ہو تو آ جائے۔ راوی کہتا ہے: پس جب حضرت معاویہ نے صبح کی نماز پڑھائی تو تخت لگانے کا حکم دیا' پس ان کے دفتر میں اسے رکھ دیا گیا' پھر آپ نے لوگوں کو وہاں سے نکال دیا' آپ کے پاس صرف حضرت عمرو کے لیے ایک کرسی تھی' جس کو عمرو کے لیے رکھا گیا تھا (اور کوئی نہ تھا) پس حضرت عمرو نے آ کر اجازت طلب کی۔ آپ کو اجازت دی گئی' پھر وہ اپنی کرسی پر بیٹھ گئے تو حضرت معاویہ نے ان سے کہا: اپنی ضرورت بیان کرو۔ انہوں نے حمد و ثناء کے بعد کہا: مجھے میری عمر کی قسم! یقیناً یزید بن معاویہ اعلیٰ نسب کا قریش ہے' مال سے غنی ہے' مگر ہر خیر

اللّٰـهَ، وَأَثْـنـى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ ' فَإِنَّكَ امْرُؤٌ نَاصِحٌ، قُلْتَ بِرَأْيِكَ ' بَـالِغٌ مَا بَلَغَ، وَإِنَّهُ لَمْ يَبْقَ إِلَّا ابْـنِـي وَأَبْنَاؤُهُمْ، وَابْنِي أَحَقُّ مِنْ أَبْنَائِهِمْ، حَاجَتَكَ، قَـالَ: مَا لِي حَاجَةٌ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ لَهُ أَخُوهُ: إِنَّمَا جِئْنَا مِنَ الْمَدِينَةِ نَضْرِبُ أَكْبَادَهَا مِنْ أَجْلِ كَلِمَاتٍ قَالَ: مَـا جِـئْتُ إِلَّا لِكَلِمَاتٍ، قَالَ: فَأَمَرَ لَهُمْ بِجَوَائِزِهِمْ، قَالَ: وَخَرَجَ لِعَمْرٍو، مِثْلُهُ

سے خالی ہے اور میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ جس آدمی کو رعیت دیتا ہے' قیامت کے دن اس سے ان کے بارے سوال کرے گا کہ اس نے ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا اور اے معاویہ! میں تمہیں اُمت محمدیہ کے بارے میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں کہ تم ان پر کس کو اپنا نائب بنا رہے ہو۔ راوی کہتا ہے: پس حضرت امیر معاویہ کی سانس پھول گئی (بول نہیں پا رہے تھے) پھر افاقہ ہوا تو آپ نے اللہ کی حمد وثناء کی پھر فرمایا: حمد وثناء کے بعد! پس تُو خالص نصیحت کرنے والا آدمی ہے' تُو نے بڑے خوبصورت طریقے سے اپنی رائے کہہ دیا ہے' تُو نے جو کچھ کہنا تھا صحیح صحیح کہہ دیا لیکن صورتِ حال یہ ہے کہ باقی یا میرا بیٹا ہے یا ان کے بیٹے ہیں (جو حکومت کر سکتے ہیں)' لہٰذا (میں سمجھتا ہوں) ان کے بیٹوں سے میرا بیٹا زیادہ حق رکھتا ہے (کہ میرا نائب بنے) اور کوئی کام ہے تو بتاؤ! اُنہوں نے کہا: اور کوئی کام نہیں ہے' پھر ان سے ان کے بھائی نے کہا: ہم مدینہ سے اپنی سواریوں کو دوڑاتے ہوئے چند کلمات کہنے کی خاطر آئے ہیں۔ راوی کہتا ہے: آپ نے ان کو انعامات دینے کا حکم دیا۔ راوی کا بیان ہے: اور وہ عمرو کے لیے اسی کی مثل نکلے۔

7139 - حَـدَّثَـنَـا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، وَإِبْـرَاهِيـمُ بْـنُ مُـحَـمَّـدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، وَنُسْخَتُهُ عَنْ نُسْـخَةِ إِبْـرَاهِيـمَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا

حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو قتل کیا گیا۔ اُن کے متعلق حضور ﷺ نے

7139- الحديث في المقصد العلي برقم: **1782** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **242,241** .

مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: دَخَلَ عَمْرُو بْنُ حَزْمٍ عَلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فَقَالَ: قُتِلَ عَمَّارٌ، وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ، فَدَخَلَ عَمْرٌو عَلَى مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ: قُتِلَ عَمَّارٌ قَالَ مُعَاوِيَةُ: قُتِلَ عَمَّارٌ، فَمَاذَا؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ، قَالَ: دَحَضْتَ فِي بَوْلِكَ، أَوَنَحْنُ قَتَلْنَاهُ، إِنَّمَا قَتَلَهُ عَلِيٌّ وَأَصْحَابُهُ

فرمایا: اس کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمار رضی اللہ عنہ کو قتل کیا گیا ہے؟ حضرت معاویہ نے فرمایا: عمار کو قتل کیا گیا ہے، کیا ہوا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو باغی گروہ قتل کرے گا۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ہم نے ان کو قتل کیا ہے؟ ان کو تو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور اس کے ساتھیوں نے قتل کیا ہے۔

7140 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، قَالَ: عَرَضْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُقْيَةَ النَّهْشَةِ مِنَ الْحَيَّةِ، فَأَمَرَ بِهَا

حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر سانپ کا دم پیش کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے کرنے کا حکم دیا۔

حَدِيثُ بُهَيْسَةَ، عَنْ أَبِيهَا

بہیسہ رضی اللہ عنہا کی حدیث جو اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں

7141 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ سَيَّارٍ - رَجُلٌ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ - عَنْ أَبِيهِ،

حضرت بہیسہ رضی اللہ عنہا اپنے باپ سے روایت کرتی ہیں کہ میرے باپ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی، وہ داخل ہوئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان اور ان کے

7140- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **259** عن ابن أبي شيبة' عن عفان به .

7141- أخرجه أبو داؤد جلد**2**صفحه**52,51** من طريق معاذ' عن كهمس به .

عَنْ بُهَيْسَةَ، عَنْ أَبِيهَا قَالَتْ: اسْتَأْذَنَ أَبِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَمِيصِهِ مِنْ خَلْفِهِ، فَجَعَلَ يَلْتَزِمُهُ، ثُمَّ جَعَلَ يَقُولُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ؟ قَالَ: الْمَاءُ، قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ؟ قَالَ: الْمِلْحُ، قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ؟ قَالَ: أَنْ تَفْعَلَ الْخَيْرَ خَيْرٌ لَكَ، قَالَ: فَانْتَهَى إِلَى الْمَاءِ وَالْمِلْحِ، قَالَ: فَكَانَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ لَا يَمْنَعُ شَيْئًا مِنَ الْمَاءِ - وَإِنْ قَلَّ

درمیان ایک قمیض کا فاصلہ تھا، پیچھے سے، یہ میرے باپ حضور ﷺ کو چمٹ گئے، پھر عرض کرنے لگے، یا رسول اللہ ﷺ کون سی شے ہے جس کو روکنا جائز نہیں ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پانی۔ پھر عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ کون سی شے ہے جس سے روکنا جائز نہیں ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پانی۔ پھر عرض کی، یا نبی اللہ ﷺ کون سی شے ہے جس سے روکنا جائز نہیں ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: نمک سے۔ پھر عرض کی اے اللہ کے نبی ﷺ کس شے سے روکنا جائز نہیں ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نیکی کرنا تیرے لیے بہتر ہے۔ راوی کا بیان ہے: بات کی انتہاء پانی اور نمک پر ہوئی۔ اس آدمی نے پانی میں سے کوئی چیز نہ روکی اگرچہ تھوڑی ہی تھی۔

حَدِيثُ رَزِينِ بْنِ أَنَسٍ السُّلَمِيِّ

رزین بن انس سلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

7142 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو وَائِلٍ خَالِدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ، بِمَنْزِلِ بَنِي عَامِرٍ، حَدَّثَنَا نَائِلُ بْنُ مُطَرِّفِ بْنِ رَزِينِ بْنِ أَنَسٍ السُّلَمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي رَزِينِ بْنِ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا ظَهَرَ الْإِسْلَامُ كَانَتْ لَنَا بِئْرٌ، فَخِفْتُ أَنْ يَغْلِبَنَا عَلَيْهَا مَنْ حَوْلَهَا، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت رزین بن انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب اسلام غالب آ گیا۔ ہمارا ایک کنواں تھا۔ مجھے خوف تھا کہ ہم پر غالب آ کر پڑوسی قبضہ نہ کر لیں۔ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ ہمارا ایک کنواں ہے۔ مجھے خوف ہے کہ ہم پر پڑوسی غالب نہ آ جائے اور اس پر قبضہ کر لیں۔ آپ ﷺ نے مجھے خط لکھ کر دیا۔ اس کی تحریر یہ تھی۔ محمد رسول

7142- الحديث في المقصد العلي برقم: 949 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه336 .

وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ لَنَا بِئْرًا، وَقَدْ خِفْتُ أَنْ يَغْلِبَنَا عَلَيْهَا مَنْ حَوْلَهَا، فَكَتَبَ لِي كِتَابًا: مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ، أَمَّا بَعْدُ: فَإِنَّ لَهُمْ بِئْرَهُمْ إِنْ كَانَ صَادِقًا، وَلَهُمْ دَارُهُمْ إِنْ كَانَ صَادِقًا، قَالَ: فَمَا قَاضَيْنَا بِهِ إِلَى أَحَدٍ مِنْ قُضَاةِ الْمَدِينَةِ إِلَّا قَضَوْا لَنَا بِهِ، قَالَ: وَفِي كِتَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِجَاءُ كَانَ، كُونَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے، اس کے بعد کنواں ان کا ہے۔ اگر سچ ہے۔ ان کے لیے درہم ہیں اگر سچ ہے۔ مدینہ شریف کے ہر قاضی نے اس کا فیصلہ ہمارے حق میں ہی کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خط میں تھا مذمت تھی وہی ہوگی۔

حَدِيثُ رَجُلٍ مِنْ بَلْقَيْنَ

بلقین سے ایک آدمی کی حدیث

7143 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَلْقَيْنَ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِوَادِي الْقُرَى، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِمَ أُمِرْتَ؟ قَالَ: أُمِرْتُ أَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ لَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَأَنْ تُقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَتُؤْتُوا الزَّكَاةَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَقَالَ: الْمَغْضُوبُ عَلَيْهِمْ، يَعْنِي: الْيَهُودَ، فَقُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: الضَّالِّينَ، يَعْنِي: النَّصَارَى، قُلْتُ: فَلِمَنِ الْمَغْنَمُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ سَهْمٌ، وَلِهَؤُلَاءِ أَرْبَعَةُ أَسْهُمٍ، قَالَ: قُلْتُ: فَهَلْ أَحَدٌ أَحَقُّ بِالْمَغْنَمِ مِنْ أَحَدٍ؟ قَالَ: لَا، حَتَّى السَّهْمُ يَأْخُذُهُ أَحَدُكُمْ مِنْ جُعْبَتِهِ فَلَيْسَ بِأَحَقَّ

بلقین سے ایک آدمی فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم بستی میں تھے۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کس کا حکم دیا گیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے اللہ کی عبادت کرنے کا، اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہرانے کا، کسی شے کو نماز قائم کرنے کا، زکوٰۃ ادا کرنے کا۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کون ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مغضوب علیہم سے مراد یہود ہیں۔ میں نے عرض کی: الضالین سے مراد کون لوگ ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عیسائی مراد ہیں۔ میں نے عرض کی، مال غنیمت کس کے لیے ہے؟ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک حصہ اللہ عزوجل کے لیے ہے۔ چار حصہ ان کے لیے ہیں۔ میں نے عرض کی، کوئی ان میں سے

7143- الحديث في المقصد العلي برقم: 21 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 48 .

بِهِ مِنْ أَحَدٍ

مال غنیمت کا حق دار ہے کوئی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، یہاں تک کہ وہ حصہ تم میں سے کوئی لے لے، اپنے ترکش سے اس سے زیادہ حق دار کوئی نہیں ہے۔

حَدِيثُ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ

مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

7144 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ: وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِأَيَّامٍ قَلَائِلَ، فَأَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَأْذَنَتْهُ فِي النِّكَاحِ، فَأَذِنَ لَهَا

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سبیعہ نے اپنے شوہر کی وفات کے چند ایام گزرنے کے بعد بچہ جن دیا۔ وہ حضور ﷺ کے پاس آئیں، نکاح کی اجازت لینے کے لیے، آپ ﷺ نے ان کو اجازت دے دی۔

7145 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي مَنِيعٍ الرُّصَافِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي زِيَادٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ عَلِيَّ بْنَ حُسَيْنٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَلِيًّا خَطَبَ ابْنَةَ أَبِي جَهْلٍ، فَبَلَغَ ذَلِكَ فَاطِمَةَ فَأَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: إِنَّ النَّاسَ يَزْعُمُونَ أَنَّكَ لَا تَغْضَبُ لِبَنَاتِكَ، وَهَذَا عَلِيٌّ نَاكِحٌ ابْنَةَ أَبِي جَهْلٍ، قَالَ الْمِسْوَرُ: فَشَهِدْتُهُ حِينَ تَشَهَّدَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ ' وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ: فَإِنِّي أَنْكَحْتُ أَبَا الْعَاصِ ابْنَتِي ' فَحَدَّثَنِي

حضرت مسور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کو خبر پہنچی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی کو نکاح کا پیغام دیا۔ یہ بات حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا تک پہنچی۔ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئیں۔ عرض کی: یارسول اللہ! لوگ گمان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ اپنی بیٹیوں کی وجہ سے کسی پر غصے نہیں ہوتے' یہ علی رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی کو نکاح کا پیغام بھیجا ہے۔ حضرت مسور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں حاضر تھا کہ حضور ﷺ نے خطبہ دیا اور اللہ کی ثناء بیان کی۔ فرمایا: حمد وثناء کے بعد میں نے ابوالعاص سے اپنی بیٹی کا نکاح کیا تھا۔ مجھے بتایا کہ مجھ

7144- أخرجه مالك في الموطأ صفحه: **364** . وأحمد جلد**4**صفحه**327** .

7145- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**326** .

فَصَدَّقَنِي، وَإِنَّمَا فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي، وَإِنَّهَا وَاللَّهِ لَا تُجْمَعُ عِنْدَ رَجُلٍ مُسْلِمٍ ابْنَةُ رَسُولِ اللَّهِ ، وَابْنَةُ عَدُوِّ اللَّهِ أَبَدًا ، فَأَمْسَكَ عَلِيٌّ عَنِ الْخِطْبَةِ

سے سچ کہا ہے۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا میرے جگر کا ٹکڑا ہے۔ اللہ کی قسم، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتی ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس سے منگنی کرنے سے رک گئے۔

7146 - حَدَّثَنَا الدَّوْرَقِيُّ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أُرَاهُ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ، أَنَّهُمْ بَيْنَمَا هُمْ جُلُوسٌ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ رُمِيَ بِنَجْمٍ فَاسْتَنَارَ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا رُمِيَ بِمِثْلِ هَذَا؟ ، قَالُوا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالُوا: كُنَّا نَقُولُ: وُلِدَ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ عَظِيمٌ، وَمَاتَ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ عَظِيمٌ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَإِنَّهَا لَا يُرْمَى بِهَا لِمَوْتِ أَحَدٍ ، وَلَا لِحَيَاتِهِ، وَلَكِنَّ رَبَّنَا عَزَّ وَجَلَّ إِذَا قَضَى أَمْرًا يُسَبِّحُ حَمَلَةُ الْعَرْشِ، ثُمَّ يُسَبِّحُ أَهْلُ السَّمَاءِ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، حَتَّى يَبْلُغَ التَّسْبِيحُ أَهْلَ السَّمَاءِ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ قَالُوا لِلَّذِينَ يَلُونَهُمْ - حَمَلَةَ الْعَرْشِ - : مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ فَيُخْبِرُونَهُمْ وَيَسْتَخْبِرُ أَهْلُ السَّمَاوَاتِ بَعْضُهُمْ بَعْضًا حَتَّى يَبْلُغَ الْخَبَرُ أَهْلَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَيَخْطَفُ الْجِنُّ السَّمْعَ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انصار صحابہ میں سے کسی نے بتایا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ اچانک ستارا پھینک دیا گیا۔ روشنی ہوئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا: تم زمانہ جاہلیت میں کیا کہتے تھے؟ جب اس طرح کا مارا جاتا تھا، انہوں نے عرض کی، اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ انہوں نے عرض کی، ہم کہتے تھے آج رات کوئی بڑا آدمی پیدا ہوا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کسی موت یا زندگی پر نہیں مارا جاتا ہے لیکن جب ہمارا رب عزوجل کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو عرش اٹھانے والے فرشتے اس کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔ پھر آسمان والے جو اُن کے ساتھ ملے ہوئے ہیں، تسبیح کرتے ہیں یہاں تک کہ یہ تسبیح آسمان دنیا والے کرتے ہیں۔ پھر وہ جو عرش اٹھانے والوں کے ساتھ ملے ہوتے ہیں، عرش والے ان سے کہتے ہیں: تمہارے رب نے کیا کہا ہے؟ ان کو بتایا جاتا ہے وہ اہل آسمان والے بعض بعض کو خبر دیتے ہیں یہاں تک کہ یہ خبر آسمان دنیا والوں کو پہنچتی ہے، جن سنتے ہیں وہ اپنے دوستوں کو پہنچاتے ہیں، ان پر ستارے مارے جاتے ہیں جب وہ لے کر آتے ہیں وہ

7146- أخرجه مسلم جلد**2**صفحه**233** من طريق صالح الأوزاعي وغيرهما .

فَيُلْقُونَهُ إِلَى أَوْلِيَائِهِمْ، وَيُرْمَوْنَ، فَمَا جَاءُوا بِهِ عَلَى وَجْهِهِ فَهُوَ حَقٌّ، وَلَكِنَّهُمْ يَقْرِفُونَ مَعَهُ، أَوْ يَزِيدُونَ ، الشَّكُّ مِنْ مُبَشِّرٍ

حق ہوتا ہے لیکن اس میں اضافہ کر لیتے ہیں۔ یقرفون یا یزیدون کا لفظ ہے' یہ شک راویوں میں سے مبشر راوی کی طرف سے ہے۔

حَدِيثُ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی حدیث

7147 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ أَبُو الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: اعْتَمَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عُمْرَةٍ اعْتَمَرَهَا، فَحَلَقَ شَعَرَهُ، فَاسْتَبَقَ النَّاسُ إِلَى شَعَرِهِ، فَسَبَقْتُ إِلَى النَّاصِيَةِ فَأَخَذْتُهَا، فَاتَّخَذْتُ قَلَنْسُوَةً فَجَعَلْتُهَا فِي مُقَدَّمَةِ الْقَلَنْسُوَةِ، فَمَا وُجِّهْتُ فِي وَجْهٍ إِلَّا فُتِحَ لِي

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عمرہ کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ شریف میں اپنے بالوں کا حلق کروایا۔ لوگ بال لینے میں سبقت کرنے لگے۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی والے مبارک بال کی طرف سبقت کی' اس کو لے لیا۔ میں نے اس کو اپنی ٹوپی کے آگے والے حصہ میں رکھ دیا جس جنگ میں جاتا ہوں اللہ عزوجل اس کی وجہ سے فتح دیتا ہے۔

7148 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ شَيْبَةَ بْنِ الْأَحْنَفِ، سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ الْأَسْوَدَ يَقُولُ: أَخْبَرَنِي أَبُو صَالِحٍ الْأَشْعَرِيُّ، أَنَّ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ الْأَشْعَرِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصُرَ بِرَجُلٍ يُصَلِّي لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ، وَلَا سُجُودَهُ، فَقَالَ: لَوْ مَاتَ هَذَا عَلَى مَا هُوَ عَلَيْهِ لَمَاتَ عَلَى غَيْرِ مِلَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتِمُّوا الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، فَإِنَّ مَثَلَ

بے شک حضرت ابوعبداللہ اشعری نے حدیث بیان فرمائی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا جو رکوع و سجود مکمل کیے بغیر نماز پڑھ رہا تھا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ آدمی اس حالت پر مرگیا جس پر اب ہے تو یہ ملت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نہیں مرا۔ پس تم اپنے رکوع و سجود مکمل کیا کرو کیونکہ وہ آدمی جو اپنا رکوع اور اپنا سجدہ مکمل نہیں کرتا' اس کی مثال اس بھوکے آدمی کی ہے جو ایک یا دو کھجوریں کھاتا ہے اور وہ اس کی بھوک دور نہیں

7147- الحديث في المقصد العلى برقم: 1432 .

7148- وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2 صفحه 121 .

الَّذِی لَا یُتِمُّ رُکُوعَهُ وَلَا سُجُودَهُ مَثَلُ الْجَائِعِ لَا یَأْکُلُ إِلَّا التَّمْرَةَ وَالتَّمْرَتَیْنِ ' لَا تُغْنِیَانِ عَنْهُ شَیْئًا ، قَالَ: أَبُو صَالِحٍ: فَلَقِیتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ فَقُلْتُ: مَنْ حَدَّثَكَ هٰذَا الْحَدِیثَ أَنَّهُ سَمِعَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: حَدَّثَنِی أُمَرَاءُ الْأَجْنَادِ: خَالِدُ بْنُ الْوَلِیدِ، وَشُرَحْبِیلُ بْنُ حَسَنَةَ، وَعَمْرُو بْنُ الْعَاصِ أَنَّهُمْ سَمِعُوهُ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

کرتیں۔ حضرت ابوصالح کا قول ہے: پس میں نے ابوعبداللہ سے ملاقات کی' میں نے عرض کی: آپ کو کس نے یہ حدیث بیان کی کہ اس نے اسے رسول کریم ﷺ سے سنا ہے؟ انہوں نے کہا: مجھے یہ حدیث اُمرائے اجناد (زیادہ لشکر) نے بیان کی یعنی حضرت خالد بن ولید' حضرت شرحبیل بن حسنہ اور حضرت عمرو بن عاص نے کہا کہ انہوں نے اسے نبی کریم ﷺ سے سنا۔

7149 - حَدَّثَنَا سُرَیْجُ بْنُ یُونُسَ، حَدَّثَنَا یَحْیَى بْنُ زَکَرِیَّا، عَنْ إِسْمَاعِیلَ، عَنْ قَیْسٍ، قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیدِ: مَا لَیْلَةٌ تُهْدَى إِلَى بَیْتِی فِیهَا عَرُوسٌ أَنَا لَهَا مُحِبٌّ، أَوْ أُبَشَّرُ فِیهَا بِغُلَامٍ بِأَحَبَّ إِلَیَّ مِنْ لَیْلَةٍ شَدِیدَةِ الْجَلِیدِ فِی سَرِیَّةٍ مِنَ الْمُهَاجِرِینَ أُصَبِّحُ بِهَا الْعَدُوَّ

حضرت قیس فرماتے ہیں: حضرت خالد بن ولید نے فرمایا: میری زندگی میں کوئی ایسی رات نہیں آئی جس میں میرے مکان پر میری پسندیدہ نئی نویلی دلہن پیش کی جائے یا جس میں مجھے کسی بیٹے کی خوشخبری دی جائے' اس سے زیادہ مجھے سخت سردی والی وہ رات زیادہ پسند ہے جس میں مہاجرین کے لشکر کے ساتھ میں موجود ہوں اور صبح اُٹھ کر دشمن سے جہاد کرنا ہو۔

7150 - حَدَّثَنَا سُرَیْجُ بْنُ یُونُسَ، حَدَّثَنَا یَحْیَى بْنُ زَکَرِیَّا، عَنْ یُونُسَ بْنِ أَبِی إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِی السَّفَرِ قَالَ: نَزَلَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیدِ الْحِیرَةَ عَلَى أَمْرِ بَنِی الْمَرَازِبَةِ، فَقَالُوا لَهُ: احْذَرِ السُّمَّ، لَا یَسْقِیکَهُ الْأَعَاجِمُ، فَقَالَ: ائْتُونِی بِهِ ، فَأُتِیَ بِهِ، فَأَخَذَهُ بِیَدِهِ ' ثُمَّ اقْتَحَمَهُ، وَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ ، فَلَمْ یَضُرَّهُ شَیْئًا

حضرت ابوالسفر فرماتے ہیں: حضرت خالد بن ولید' بنی مرازبہ کے سلسلہ میں حیرہ میں اترے تو اُنہوں نے آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی: زہر سے بچنا ایسا نہ ہو' عجمی لوگ تمہیں زہر پلا دیں' آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لے آؤ میرے پاس زہر۔ پس زہر لائی گئی' پس آپ نے اسے ہاتھ سے پکڑ کر نگل لیا' ساتھ پڑھا: اللہ کے نام سے' پس زہر نے آپ کو کوئی نقصان نہ دیا۔

7149- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1434 .

7150- وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد9صفحه350 .

7151 - حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ، يُحَدِّثُ الْقَوْمَ فِي الْجَرِيدَةِ قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُنِي يَوْمَ مُؤْتَةَ انْدَقَّ بِيَدِي تِسْعَةُ أَسْيَافٍ، وَصَبَرَتْ مَعِي صَفِيحَةٌ لِي يَمَانِيَّةٌ

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت خالد بن ولید کو سنا' وہ جریدہ میں قوم کو بتا رہے تھے' فرمایا: تحقیق میں نے اپنے آپ کو دیکھا جنگ موتہ میں' سات تلواریں میرے ہاتھ پر ٹوٹیں' آخر ایک یمنی تلوار نے آخر تک میرا ساتھ دیا۔

7152 - حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ، عَنْ قَيْسٍ قَالَ: قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: لَقَدْ مَنَعَنِي كَثِيرًا مِنَ الْقِرَاءَةِ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللهِ

حضرت قیس فرماتے ہیں: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ نے مجھے بہت زیادہ قراءتِ قرآن سے روکے رکھا۔

7153 - وَبِهِ، عَنْ قَيْسٍ قَالَ: أُخْبِرْتُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسُبُّوا خَالِدًا، فَإِنَّهُ سَيْفٌ مِنْ سُيُوفِ اللهِ سَلَّهُ اللهُ عَلَى الْكُفَّارِ

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ مجھے خبر دی گئی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خالد بن ولید کو برا بھلا نہ کہنا کیونکہ وہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے۔

7154 - حَدَّثَنَا أَبُو الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ، عَنْ قَيْسٍ قَالَ: رَأَيْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ يَؤُمُّ النَّاسَ فِي الْجَيْشِ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ

حضرت قیس فرماتے ہیں: میں نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو دیکھا اس حال میں کہ آپ لشکر میں لوگوں کو ایک کپڑے میں ملبوس نماز پڑھا رہے تھے۔

7155 - حَدَّثَنَا أَبُو الْحَارِثِ سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ، عَنْ عَامِرٍ قَالَ: لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَارْتَدَّ مَنِ ارْتَدَّ مِنَ النَّاسِ، قَالَ قَوْمٌ: نُصَلِّي وَلَا نُعْطِي الزَّكَاةَ، فَقَالَ النَّاسُ

حضرت عمر فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک ہوا اور لوگوں میں سے مرتد ہوئے جو ہوئے' ایک قوم نے کہا: وہ نماز پڑھے گی' زکوٰۃ نہیں دے گی۔ پس لوگوں نے عرض کی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں: ان کی بات قبول فرما لیں! پس آپ نے

7151- أخرجه البخاري جلد5صفحه183 قال: حدثنا أبو نعيم' قال: حدثنا سفيان .

7152- الحديث في المقصد العلي برقم: 1435 .

7153- الحديث في المقصد العلي برقم: 1431 .

7154- الحديث في المقصد العلي برقم: 1431 .

7155- الحديث في المقصد العلي برقم: 980 .

لِأَبِي بَكْرٍ: اقْبَلْ مِنْهُمْ، فَقَالَ: لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا لَقَاتَلْتُهُمْ، فَبَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ، وَقَدِمَ عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ بِأَلْفِ رَجُلٍ مِنْ طَيِّءٍ حَتَّى أَتَى الْيَمَامَةَ، قَالَ: وَكَانَتْ بَنُو عَامِرٍ قَدْ قَتَلُوا عُمَّالَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَحْرَقُوهُمْ بِالنَّارِ، فَكَتَبَ أَبُو بَكْرٍ إِلَى خَالِدٍ أَنِ اقْتُلْ بَنِي عَامِرٍ وَأَحْرِقْهُمْ بِالنَّارِ، فَفَعَلَ حَتَّى صَاحَتِ النِّسَاءُ، ثُمَّ مَضَى حَتَّى انْتَهَى إِلَى الْمَاءِ، خَرَجُوا إِلَيْهِ، فَقَالُوا: اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، نَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، نَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، فَإِذَا سَمِعَ ذَلِكَ كَفَّ عَنْهُمْ، فَأَمَرَهُ أَبُو بَكْرٍ أَنْ يَسِيرَ حَتَّى يَنْزِلَ الْحِيرَةَ، ثُمَّ يَمْضِيَ إِلَى الشَّامِ، فَلَمَّا نَزَلَ بِالْحِيرَةِ كَتَبَ إِلَى أَهْلِ فَارِسَ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي لَأُحِبُّ أَنْ لَا أَبْرَحَ حَتَّى أُفْزِعَهُمْ، فَأَغَارَ عَلَيْهِمْ حَتَّى انْتَهَى إِلَى سُورَا، فَقَتَلَ وَسَبَى، ثُمَّ أَغَارَ عَلَى عَيْنِ التَّمْرِ، فَقَتَلَ وَسَبَى، ثُمَّ مَضَى إِلَى الشَّامِ، قَالَ عَامِرٌ: فَأَخْرَجَ إِلَيَّ ابْنُ بُقَيْلَةَ كِتَابَ خَالِدٍ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، مِنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ إِلَى مَرَازِبَةِ أَهْلِ فَارِسَ، السَّلَامُ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، فَإِنِّي أَحْمَدُ اللّٰهَ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ بِالْحَمْدِ الَّذِي فَصَلَ حُرُمَكُمْ، وَفَرَّقَ جَمَاعَتَكُمْ، وَوَهَّنَ بَأْسَكُمْ، وَسَلَبَ مُلْكَكُمْ، فَإِذَا جَاءَكُمْ كِتَابِي هَذَا فَاعْتَقِدُوا مِنِّي الذِّمَّةَ، وَأَدُّوا إِلَيَّ الْجِزْيَةَ، وَابْعَثُوا إِلَيَّ بِالرَّهْنِ، وَإِلَّا فَوَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ لَأَلْقَيَنَّكُمْ بِقَوْمٍ يُحِبُّونَ الْمَوْتَ كَحُبِّكُمْ

فرمایا: اگر وہ لوگ اونٹ کی نکیل بھی مجھے دینے سے رُکے تو میں ان سے جہاد کروں گا۔ پس آپ نے خالد بن ولید کو بھیجا بنوطی قبیلہ سے عدی بن حاتم ہزار آدمی لے کر آئے یہاں تک کہ یمامہ پہنچ گئے۔ راوی کہتا ہے: اور بنوعامر قبیلہ نے رسول کریم ﷺ کے مقرر کردہ حاکموں کو قتل کر کے ان کو آگ سے جلا دیا۔ پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت خالد بن ولید کو لکھا کہ بنوعامر کو قتل کر کے آگ سے جلا ڈالو۔ پس انہوں نے حکم پر عمل کیا حتیٰ کہ عورتوں کی چیخیں نکل گئیں۔ پھر وہ چل کر پانی پر آئے' وہ آپ کی طرف نکلے تو کہا: اللہ سب سے بڑا ہے' اللہ سب سے بڑا ہے' ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں' ہم گواہی دیتے ہیں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ پس جب آپ رضی اللہ عنہ نے یہ سنا تو ان سے ہاتھ روک لیا۔ پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے انہیں حکم دیا کہ وہ چلتے آئیں حتیٰ کہ حیرہ میں پڑاؤ ڈالیں۔ پھر شام کی طرف چلیں پس جب آپ حیرہ کے مقام پر اُترے تو آپ نے فارس والوں کو لکھ بھیجا' پھر فرمایا: بے شک میں جا کر گھبراؤں۔ پس آپ نے ان پر حملہ کیا یہاں تک کہ سُورا کے مقام پر جا پہنچے۔ پس آپ نے کئی لوگوں کو قتل کیا کئی کو قیدی بنایا پھر عین التمر پر حملہ آور ہوئے' پس آپ نے قتل کیا اور قیدی بنایا' پھر شام کی طرف روانہ ہوئے (سبحان اللہ!) حضرت عامر راوئ حدیث فرماتے ہیں: ابن بُقیلہ نے مجھے حضرت خالد بن ولید کا خط نکال کر دکھایا: اللہ کے نام سے شروع جو انتہائی

الْحَيَاةَ، سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى

مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے، خالد بن ولید کی طرف سے فارس والوں پر سلام ہو! اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی، پس بے شک میں اللہ کی حمد کرتا ہوں جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، تمہاری جماعت کو تتر بتر کر دے گی، تمہاری طاقت کو ذلت میں بدل دے گی اور تمہارا ملک تم سے چھین لے گی۔ پس جب میرا یہ خط تمہارے پاس آئے تو میری طرف سے ذمہ داری کا یقین کرنا (یا اسلام قبول کرنا) یا مجھے جزدیہ ادا کرنا اور میری طرف گروی بھیجنا ورنہ وہ ذات جس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں تم پر ایسی قوم ڈالوں گا جو موت سے اس طرح محبت کرتی ہے، جس طرح تم زندگی سے محبت کرتے ہو، سلام اس پر جس نے ہدایتِ خداوندی کی پیروی کی۔

7156 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنِي صَفْوَانُ، قَالَ: حَدَّثَنِي جُبَيْرُ بْنُ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُخَمِّسِ السَّلَبَ

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چھینی ہوئی چیز (غزوہ کے موقعہ پر) سے خمس نہیں لیتے تھے۔

7157 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُخَمِّسِ السَّلَبَ

دوسری روایت حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے یہ ہے کہ (غزوہ کے دوران) چھینی ہوئی چیز سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خمس لیتے تھے۔

7156- أخرجه أحمد جلد4صفحه90 وجلد6صفحه26 قال: حدثنا أبو المغيرة .

7157- الحديث سبق برقم: 7156 فراجعه .

حَدِيثُ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ

عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کی حدیثیں

7158 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ وَهُوَ صَائِمٌ - مَا لَا أَعُدُّ - أَوْ قَالَ: مَا لَا أُحْصِي

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا مسواک کرتے ہوئے روزہ کی حالت میں، میں ان کو نہ گن سکتا نہ شمار کر سکتا ہوں۔

7159 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْجُشَمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ امْرَأَةً مِنْ بَنِي فَزَارَةَ تَزَوَّجَتْ رَجُلًا عَلَى نَعْلَيْنِ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فِي حَدِيثِ يَحْيَى - أَرَضِيتِ مِنْ نَفْسِكِ وَمَالِكِ بِهَذَيْنِ النَّعْلَيْنِ؟ ، وَفِي حَدِيثِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ: أَرَضِيتِ مِنْ نَفْسِهِ وَمَالِهِ بِنَعْلَيْنِ؟ ، قَالَتْ: نَعَمْ، فَأَجَازَهُ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ بنی فزارہ کی ایک عورت نے ایک آدمی سے شادی کی۔ دو جوتوں پہ (بطور مہر) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کہا: کیا تو ان دو کے بدلے اپنے آپ اور مال سے رضا مند ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو جائز قرار دیا۔ حضرت یحییٰ کی روایت میں ''من نفسك ومالك'' اور عبدالرحمٰن کی روایت میں ''من نفسه وماله'' (اس کے جان و مال سے) کے الفاظ ہیں۔

7160 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت

7158- أخرجه الحميدي رقم الحديث: 141 . وابن خزيمة رقم الحديث: 2007 قال: حدثنا أبو موسى .

7159- أخرجه أحمد جلد3صفحه445 وجلد3صفحه446 . وابن ماجة رقم الحديث: 1888 .

7160- أخرجه أحمد جلد3صفحه447 قال: حدثنا وكيع' قال: حدثنا أبي .

حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ أُمَيَّةَ بْنِ هِنْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: انْطَلَقْتُ أَنَا وَسَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ نَلْتَمِسُ الْخَمَرَ، فَوَجَدْنَا خَمَرًا وَغَدِيرًا، وَكَانَ أَحَدُنَا يَسْتَحْيِي أَنْ يَغْتَسِلَ وَأَحَدٌ يَرَاهُ، فَاسْتَتَرَ مِنِّي، فَنَزَعَ جُبَّةً عَلَيْهِ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَاءَ، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ، فَأَصَبْتُهُ مِنْهَا بِعَيْنٍ، فَدَعَوْتُهُ، فَلَمْ يُجِبْنِي، فَأَخْبَرْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَاهُ فَضَرَبَ صَدْرَهُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ أَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا، وَوَصَبَهَا، ثُمَّ قَالَ: قُمْ، فَقَامَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ مِنْ نَفْسِهِ أَوْ مَالِهِ أَوْ أَخِيهِ مَا يُعْجِبُهُ فَلْيَدْعُ بِالْبَرَكَةِ، فَإِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ

کرتے ہیں کہ میں اور سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ چلے ہم پردہ کی جگہ تلاش کر رہے تھے۔ ہم نے پردہ کی جگہ پائی، ہم میں سے کوئی بھی حیاء کرتا تھا کہ کسی کے سامنے غسل کرے۔ میں نے اس سے پردہ حاصل کیا، اس پر جبہ اتارا پھر پانی میں داخل ہوا، میں نے ان کی طرف دیکھا مجھے ان کی نظر لگ گئی۔ میں نے ان کو بلوایا انہوں نے میرا جواب نہیں دیا۔ میں نے یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بتائی آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سینے پر ہاتھ مارا۔ پھر فرمایا: اے اللہ تو اس کی گرمی اور سردی اور بدنظر لے جا۔ پھر فرمایا تو کھڑا ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی کی جان و مال یا اس کے بھائی کو دیکھے اس کو پسند آئے وہ اس کے لیے برکت کی دعا کرے، کیونکہ نظر حق ہے۔

7161 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، أَخْبَرَنَا نَضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ يَذْكُرُ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً إِلَّا صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ مَا صَلَّى عَلَيَّ، فَلْيُقِلَّ عَبْدٌ مِنْ ذَلِكَ أَوْ لِيُكْثِرْ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ مجھ پر درود پڑھتا ہے اس کے لیے فرشتے دعا کرتے ہیں جب تک وہ مجھ پر درود پڑھتا ہے اب اس کی مرضی ہے وہ بندہ تھوڑا پڑھے یا زیادہ پڑھے۔

7162 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ بنوفزارہ کے ایک آدمی نے کسی عورت سے نعلین کی شرط

7161- أخرجه أحمد جلد3صفحه445 قال: حدثنا محمد بن جعفر ح وحدثنا حجاج .

7162- الحديث سبق برقم: **7161** فراجعه .

عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي فَزَارَةَ تَزَوَّجَ امْرَأَةً عَلَى نَعْلَيْنِ، فَأَجَازَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِكَاحَهَا

پر نکاح کیا تو نبی کریم ﷺ نے اس عورت کے نکاح کو جائز رکھا۔

7163 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ، أَخْبَرَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ - يَعْنِي الرَّبَّ - عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّ الرَّحِمَ شُجْنَةٌ مِنِّي، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعْتُهُ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ صلہ رحمی مجھ (یعنی رحمٰن) سے نکلی ہے' جو اس کو جوڑے گا میں اس کو جوڑوں گا جو اس کو توڑے گا، میں اس کو توڑ دوں گا۔

7164 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: إِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَبْعَثُنَا وَمَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا السَّلَفُ مِنَ التَّمْرِ، فَنُقَسِّمُهُ قَبْضَةً قَبْضَةً ' نَنْتَهِي إِلَى تَمْرَةٍ تَمْرَةٍ، فَوَاللّٰهِ مُنْذُ أَنْ فَقَدْنَاهَا اخْتَلَلْنَاهَا

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہم کسی جنگ کے لیے بھیجتے تھے۔ ہمارے پاس کھانے کے لیے کوئی چیز نہیں ہوتی تھی مگر کھجوریں ہم اس کو ایک ایک مٹھی تقسیم کرتے یہاں تک کہ انتہا ایک ایک کھجور پر ہوئی۔ اللہ کی قسم! جب سے ہم نے ان کو گم کیا ہے' ہم خلل کا شکار ہیں۔

7165 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُومُوا لَهَا حَتَّى تُخَلِّفَكُمْ، أَوْ تُوضَعَ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم جنازہ دیکھو اس کے لیے تعظیماً کھڑے ہو جاؤ، یہاں تک کہ تم سے آگے پیچھے ہو جائے یا اس کو نیچے رکھ دیا جائے۔

7166 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ

حضرت عاصم بن عبید اللہ فرماتے ہیں کہ

7163- الحديث في المقصد العلى برقم: **995** .

7164- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**319** وقال: رواه أحمد' والبزار' والطبراني في الكبير والأوسط .

7165- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **142** قال: حدثنا سفيان .

7166- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**324** وقال: رواه أحمد' والطبراني في الكبير بنحوه .

الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَاصِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَيَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ بَعْدِي ' يُصَلُّونَ الصَّلَاةَ يُؤَخِّرُونَهَا ' فَإِنْ صَلُّوهَا لِوَقْتِهَا وَصَلَّيْتُمُوهَا مَعَهُمْ فَلَكُمْ وَلَهُمْ، وَإِنْ صَلُّوهَا لِغَيْرِ وَقْتِهَا فَصَلَّيْتُمُوهَا مَعَهُمْ فَلَكُمْ وَعَلَيْهِمْ، فَمَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ فَقَدْ بَرِءَ مِنَ الْإِسْلَامِ ' وَمَنْ مَاتَ وَقَدْ نَكَثَ الْعَهْدَ، لَقِيَ اللَّهَ وَلَا حُجَّةَ لَهُ ' قُلْتُ: مَنْ أَخْبَرَكَ بِهَذَا؟ قَالَ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب تم پر میرے بعد ایسے حکمران ہوں گے، وہ نماز پڑھیں گے لیکن لیٹ پڑھیں گے، اگر وہ وقت پہ نماز پڑھیں تو ان کے ساتھ پڑھ لینا۔ ثواب ان کے لیے اور تمہارے لیے ہوگا۔ اگر وقت کے علاوہ پڑھیں تو تم بھی ان کے ساتھ پڑھ لینا، گناہ ان پر ہوگا اور ثواب تمہارے لیے ہوگا۔ جو جماعت سے علیحدہ ہوا وہ اسلام سے بری ہے، جو اس حالت میں مرا اس نے وعدہ کو توڑا وہ اللہ سے ملے گا اس کے لیے کوئی دلیل نہیں ہوگی۔ میں نے کہا: آپ کو یہ کس نے بتایا؟ انہوں نے کہا: آپ کو یہ کس نے بتایا؟ انہوں نے کہا: عبداللہ بن عامر بن ربیعہ' اُنہوں نے اپنے باپ سے' انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی ہے۔

7167 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، أَخْبَرَنَا أَبِي، سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُومِءُ بِرَأْسِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَ وَجْهُهُ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کو دیکھا آپ ﷺ اپنے سر سے اشارہ کر رہے تھے جس طرف آپ ﷺ کا منہ مبارک تھا۔

7168 - حَدَّثَنَا أَبُو الْحَارِثِ سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ يُصَلُّونَ الصَّلَاةَ

حضرت عاصم بن عبید اللہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب تم پر میرے بعد ایسے حکمران ہوں گے، کبھی وقت پر وہ نماز پڑھیں گے کبھی لیٹ پڑھیں گے، اگر وہ وقت پہ نماز پڑھیں تو ان کے ساتھ پڑھ لینا۔ ثواب ان کے لیے بھی اور تمہارے لیے

7167- أخرجه أحمد جلد3صفحه444 قال: حدثنا سكن بن نافع' قال: حدثنا صالح بن أبي الأخضر .

7168- الحديث سبق برقم:7166 فراجعه .

لِوَقْتِهَا ' وَيُؤَخِّرُونَ عَنْ وَقْتِهَا، فَمَا صَلَّوْهَا لِوَقْتِهَا وَصَلَّيْتُمُوهَا مَعَهُمْ فَلَكُمْ وَلَهُمْ، وَمَا أَخَّرُوهَا عَنْ وَقْتِهَا ' فَصَلَّيْتُمُوهَا مَعَهُمْ ' فَلَكُمْ وَعَلَيْهِمْ، وَمَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ، وَمَنْ مَاتَ نَاكِثًا الْعَهْدَ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا حُجَّةَ لَهُ

بھی ہوگا۔ اگر وقت کے علاوہ پڑھیں تو تم ان کے ساتھ پڑھ لیا کرو، گناہ ان پر ہوگا اور ثواب تمہارے لیے ہوگا۔ جو جماعت سے علیحدہ ہوا وہ اسلام سے بری ہے، جو اس حالت میں مرا اس نے وعدہ کو توڑا وہ اللہ سے ملے گا اس کے لیے کوئی دلیل نہیں ہوگی۔

7169 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، وَإِسْحَاقُ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا عَمْرٌو، مَوْلَى آلِ مَنْظُورِ بْنِ سَيَّارٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ، فَانْقَطَعَ شِسْعُهُ، فَأَخْرَجَ رَجُلٌ شِسْعًا مِنْ نَعْلِهِ، فَذَهَبَ يَشُدُّهُ فِي نَعْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْتَزَعَهَا وَقَالَ: هَذِهِ أَثَرَةٌ، وَلَا أُحِبُّ الْأَثَرَةَ

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ شریف کا طواف کر رہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین شریف کا تسمہ ٹوٹ گیا۔ ایک آدمی نے اپنی جوتی کا تسمہ نکالا اور اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نعلین مبارک میں ڈال دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پھینک دیا اور فرمایا: یہ ترجیح ہے میں ترجیح کو پسند نہیں کرتا ہوں۔

حَدِيثُ أَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ

ابو بصرہ الغفاری رضی اللہ عنہ کی احادیث

7170 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ خَيْرِ بْنِ نُعَيْمٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ هُبَيْرَةَ السَّبَائِيِّ وَكَانَ ثِقَةً، عَنْ أَبِي تَمِيمٍ

حضرت ابو بصرہ الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو نماز پڑھائی۔ نماز عصر جب نماز سے فارغ ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ نماز پیش کی گئی ان لوگوں پر جو تم سے پہلے تھے، انہوں نے اس سے سستی کی اور اسے چھوڑ دیا۔ جو تم میں سے اس نماز کو پڑھے گا اس

7169- الحديث في المقصد العلي برقم: **585** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**244** .

7170- اخرجه مسلم جلد**1**صفحه**275** عن زهير' عن يعقوب به .

الْجَيْشَانِيِّ، عَنْ أَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعَصْرِ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ - قَالَ يَعْقُوبُ مَرَّةً أُخْرَى - فَلَمَّا انْصَرَفَ مِنْ صَلَاتِهِ، قَالَ: إِنَّ هَذِهِ الصَّلَاةَ عُرِضَتْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَوَانَوْا عَنْهَا وَتَرَكُوهَا، فَمَنْ صَلَّاهَا مِنْكُمْ ضُوعِفَ لَهُ فِي أَجْرِهَا ضِعْفَيْنِ، وَلَا صَلَاةَ بَعْدَهَا حَتَّى يُرَى الشَّاهِدُ، وَالشَّاهِدُ: النَّجْمُ

کے لیے دوگنا ثواب ہوگا۔ اس کے بعد کوئی نماز نہیں ہے یہاں تک کہ ستارہ دیکھ لو۔

7171 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُنِيبٍ الْعَدَنِيُّ، عَنِ السَّرِيِّ بْنِ يَحْيَى، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ طَيِّءٍ - وَأَثْنَى عَلَيْهِ خَيْرًا - قَالَ: كُنْتُ أَسْأَلُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يُرِيَنِي الِاسْمَ الَّذِي إِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ؟ فَرَأَيْتُ مَكْتُوبًا فِي الْكَوَاكِبِ فِي السَّمَاءِ: يَا بَدِيعَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

حضرت ابو بصرہ الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ عزوجل سے سوال کیا کہ مجھے وہ اسم دکھایئے جب میں اس کے ساتھ دعا کروں تو قبول ہو جائے۔ میں نے آسمان کے ستاروں میں لکھا ہوا دیکھا: یا بدیع السموات والارض یا ذولجلال والاکرام۔

7172 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: كَانَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ إِذَا دَخَلَ مَنْزِلَهُ قَرَأَ فِي زَوَايَا مَنْزِلِهِ آيَةَ الْكُرْسِيِّ

حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ جب اپنے گھر داخل ہوتے اپنے گھر کے چاروں کونوں میں آیت الکرسی پڑھتے تھے۔

7173 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي يَحْيَى، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ:

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس سے گذرا تو آپ نے فرمایا: بے

7171- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1682 .

7172- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1652 .

7173- أورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 275 .

مَـرَّ رَجُلٌ بِابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا الرَّجُلَ يُحِبُّنِي، قَالُوا: وَمَا يُدْرِيكَ يَا أَبَا عَبَّاسٍ؟ قَالَ: لِأَنِّي أُحِبُّهُ

شک یہ آدمی مجھ سے محبت کرتا ہے۔ انہوں نے عرض کی: یہ آپ رضی اللہ عنہ کو نہیں جانتا ہے اے ابن عباس!؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیونکہ میں اس سے محبت کرتا ہوں۔

حَدِيثُ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ

زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی احادیث

7174 - حَـدَّثَـنِي سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْأُمَوِيُّ، قَـالَ: حَـدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ كَثِيـرٍ، عَـنْ عَـلِـيِّ بْـنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ قَـالَ: سَأَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَـنْ وَقْـتِ صَلَاةِ الصُّبْحِ، فَقَالَ: صَلِّهَا مَعِيَ الْيَوْمَ وَغَدًا، فَلَمَّا كَانَ بِقَاعِ نَمِرَةَ بِالْجُحْفَةِ صَلَّاهَا حِينَ طَلَعَ الْفَجْرُ، حَتَّى إِذَا كَانَ بِذِي طُوًى أَخَّرَهَا، حَتَّى قَـالَ النَّـاسُ: أَقُبِـضَ رَسُـولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ؟ فَـقَالُوا: لَوْ صَلَّيْنَا فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ فَصَلَّاهَا أَمَامَ الشَّمْسِ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّـاسِ، فَـقَالَ: مَاذَا قُلْتُمْ؟، قَالُوا: قُلْنَا: لَوْ صَلَّيْنَا، قَـالَ: لَـوْ فَـعَلْتُمْ أَصَابَكُمْ عَذَابٌ، ثُمَّ دَعَا السَّائِلَ، فَقَالَ: الصَّلَاةُ مَا بَيْنَ هَاتَيْنِ الصَّلَاتَيْنِ

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا صبح کی نماز کے متعلق؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو کل اور آج میرے ساتھ اس کو پڑھنا۔ پس آپ جب جحفہ کے مقام پر بقاع نمرہ میں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو پڑھا جس وقت فجر طلوع ہوئی۔ یہاں تک کہ جب وادیٔ ذی طویٰ میں آئے اس کو مؤخر کیا۔ یہاں تک کہ بعض صحابہ کرام نے عرض کی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روک نہ لیا جائے؟ پس انہوں نے کہا: کاش! ہم نماز پڑھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نکلے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھی، سورج نکلنے سے تھوڑا پہلے' پھر صحابہ کرام کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: تم کیا کہتے ہو؟ انہوں نے عرض کی ہم کہتے تھے اگر ہم نماز پڑھ لیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم ایسے کر لیتے تو تم کو ضرور عذاب ہوتا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سائل کو بلوایا اور فرمایا: اس نماز کا وقت ان دو نمازوں کے درمیان ہے۔

7175 - حَـدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ أَبُو

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' انہوں

7174- أورده الهيثمي في مجمع الزوائدجلد1صفحه317 .

7175- اورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه171 .

مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْبَرَاءِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، آخَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے اور حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ فرمایا ہے؟

7176 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، آخَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَ حَمْزَةَ

حضرت براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے اور حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ فرمایا ہے؟

7177 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، أَمْلَاهُ عَلَيْنَا مِنْ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، وَيَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَاطِبِ بْنِ أَبِي بَلْتَعَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا حَارًّا مِنْ أَيَّامِ مَكَّةَ - وَهُوَ مُرْدِفِي - إِلَى نُصُبٍ مِنَ الْأَنْصَابِ، وَقَدْ ذَبَحْنَا لَهُ شَاةً فَأَنْضَجْنَاهَا، قَالَ: فَلَقِيَهُ زَيْدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، فَحَيَّا كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ بِتَحِيَّةِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا زَيْدُ، مَا لِي أَرَى قَوْمَكَ قَدْ شَنِفُوا لَكَ؟، قَالَ: وَاللَّهِ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ ذَلِكَ لَبِغَيْرِ نَائِلَةٍ لِي مِنْهُمْ وَلَكِنِّي خَرَجْتُ أَبْتَغِي هَذَا الدِّينَ، حَتَّى أَقْدَمَ عَلَى أَحْبَارِ فَدَكٍ فَوَجَدْتُهُمْ يَعْبُدُونَ اللَّهَ وَيُشْرِكُونَ بِهِ،

حضرت اسامہ بن زید، حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلا، ایک دن گرمی میں مکہ کے ایام میں، میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سوا تھا، میلوں میں سے کسی میل کی طرف، ہم نے اس کیلئے بکری ذبح کی، پس ہم نے اس کو پکایا۔ راوی کا بیان ہے: پس زید بن عمرو بن نفیل ان سے ملے۔ ان دونوں میں سے ہر ایک نے اپنے ساتھی کو زمانۂ جاہلیت والا اسلام کیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے زید! کیا بات ہے، میں تیری قوم کو تیرا مشتاق دیکھ رہا ہوں؟ اس نے کہا: اے محمد! قسم بخدا! بے شک یہ ان سے میرے لیے بغیر نائلہ (ایک بات کا نام ہے) کے ہے، بلکہ میں اس دین کو تلاش کرنے کیلئے نکلا یہاں تک کہ خیبر کے علماء کے پاس آیا۔ پس میں نے ان کو اس حال میں پایا کہ وہ اللہ کی عبادت بھی کر رہے ہیں اور اس کے ساتھ

7176- الحديث سبق برقم: **7175** فراجعه .

7177- الحديث في المقصد العلى برقم: **1458** .

قَالَ: قُلْتُ مَا هَذَا بِالدِّينِ الَّذِي أَبْتَغِي، فَخَرَجْتُ حَتَّى أَقْدَمَ عَلَى أَحْبَارِ الشَّامِ فَوَجَدْتُهُمْ يَعْبُدُونَ اللَّهَ وَيُشْرِكُونَ بِهِ، قُلْتُ: مَا هَذَا بِالدِّينِ الَّذِي أَبْتَغِي، فَقَالَ شَيْخٌ مِنْهُمْ: إِنَّكَ لَتَسْأَلُ عَنْ دِينٍ مَا نَعْلَمُ أَحَدًا يَعْبُدُ اللَّهَ بِهِ إِلَّا شَيْخٌ بِالْحِيرَةِ، قَالَ: فَخَرَجْتُ حَتَّى أَقْدَمَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا رَآنِي، قَالَ: مِمَّنْ أَنْتَ؟ قُلْتُ: مِنْ أَهْلِ بَيْتِ اللَّهِ، مِنْ أَهْلِ الشَّوْكِ وَالْغَرْبِ، فَقَالَ: إِنَّ الدِّينَ الَّذِي تَطْلُبُ قَدْ ظَهَرَ بِبِلَادِكَ، قَدْ بُعِثَ نَبِيٌّ، قَدْ طَلَعَ نَجْمُهُ، وَجَمِيعُ مَنْ رَأَيْتُهُمْ فِي ضَلَالٍ، فَلَمْ أُحِسَّ بِشَيْءٍ بَعْدُ يَا مُحَمَّدُ، قَالَ: وَقَرَّبَ إِلَيْهِ السُّفْرَةَ، قَالَ: فَقَالَ: مَا هَذَا يَا مُحَمَّدُ؟ فَقَالَ: شَاةٌ ذَبَحْنَاهَا لِنُصُبٍ مِنَ الْأَنْصَابِ، قَالَ: فَقَالَ: مَا كُنْتُ لِآكُلَ مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ، قَالَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ: فَأَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْتَ، قَالَ: وَتَفَرَّقْنَا فَطَافَ بِهِ، وَأَنَا مَعَهُ، وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، قَالَ: وَكَانَ عِنْدَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ صَنَمَانِ مِنْ نُحَاسٍ: أَحَدُهُمَا يُقَالُ لَهُ: يَسَافُ، وَالْآخَرُ يُقَالُ لَهُ: نَائِلَةُ، وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ إِذَا طَافُوا تَمَسَّحُوا بِهِمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَمَسَّحْهُمَا ' فَإِنَّهُمَا رِجْسٌ ، فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: لَأَمَسَّنَّهُمَا حَتَّى أَنْظُرَ مَا يَقُولُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' فَمَسَسْتُهُمَا، فَقَالَ: يَا زَيْدُ، أَلَمْ تُنْهَ؟ ، قَالَ: وَمَاتَ زَيْدُ بْنُ عَمْرٍو، وَأُنْزِلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

شرک بھی کر رہے ہیں۔ وہ کہتا ہے: ہے! میں نے دل میں کہا: جس دین کی تلاش میں میں نکلا ہوں' یہ اس کے ساتھ کیا سلوک ہے؟ پس میں وہاں سے بھی نکل کھڑا ہوا حتیٰ کہ شام کے بڑے بڑے علماء کے پاس آیا۔ پس میں نے ان کو اللہ کی عبادت کے ساتھ' شرک میں مبتلا دیکھا۔ میں نے کہا: یہ اس دین کے ساتھ کیسا رویہ ہے' جس کا میں متلاشی ہوں۔ پس ان میں سے ایک شیخ نے کہا: بے شک تو جس دین کے بارے دریافت کرتا ہے: ہم کسی ایسے آدمی کو نہیں جانتے جو مقام پر ایک شیخ ہے۔ کہتے ہیں: میں وہاں سے نکل کر اس کے پاس آیا۔ پس اس نے مجھے دیکھا تو پوچھا: تُو کون ہے؟ میں نے کہا: بیت اللہ والوں سے ہوں۔ کانٹوں اور کنوؤں والی زمین کا باسی ہوں۔ اس نے کہا: جس دین کا تُو متلاشی ہے' وہ تیرے علاقے میں ظاہر ہو چکا ہے' تحقیق ایک نبی صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوا ہے' جس کا ستارہ طلوع ہو چکا ہے' اے محمد! وہ تمام لوگ جن کو میں نے گمراہی میں دیکھا' پس اس کے بعد میں نے کسی شی کو محسوس تک نہیں کیا۔ راوی کہتا ہے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دسترخوان اس کے قریب کیا۔ راوی کہتا ہے: اس نے عرض کی: اے محمد! یہ کیا ہے؟ پس آپ نے فرمایا: بکری ہے جس کو ہم نے ذبح کیا ہے۔ راوی کہتا ہے: اس نے کہا: میری شان کے لائق نہیں کہ میں وہ چیز کھاؤں جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو۔ زید بن حارثہ کہتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ شریف آئے۔ راوی کا بیان ہے: ہم الگ الگ ہو گئے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْدٍ: إِنَّهُ يُبْعَثُ أُمَّةً وَحْدَهُ

کوتم عقل مند سمجھو گے، وہ عقل مند نہیں ہوں گے۔ ہم نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اس سے نجات کس طرح سے ہوگی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اپنے اور تمہارے لیے اس سے نجات کا راستہ نہیں دیکھتا ہوں۔ لیکن تم اس سے نجات حاصل کر سکتے ہو کہ ہم اس میں ایک وعدہ پورا کریں جو ہمارے نبی ﷺ نے کیا تھا کہ ہم اس سے نکلیں ایسے جیسے ہم داخل ہوئے ہیں۔

7220 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَلَّافُ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ الْهَمْدَانِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ جَارِيَةٌ فَأَدَّبَهَا، فَأَحْسَنَ أَدَبَهَا، وَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِيمَهَا، ثُمَّ أَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا، فَلَهُ أَجْرَانِ، وَأَيُّمَا رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ آمَنَ بِنَبِيِّهِ، وَآمَنَ بِمُحَمَّدٍ فَلَهُ أَجْرَانِ، وَأَيُّمَا عَبْدٍ أَدَّى حَقَّ اللَّهِ، وَحَقَّ مَوَالِيهِ فَلَهُ أَجْرَانِ، قَالَ صَالِحٌ: قَالَ لِيَ الشَّعْبِيُّ: أَعْطَيْتُكَهَا بِغَيْرِ شَيْءٍ، وَإِنْ كَانَ الرَّاكِبُ لَيَرْكَبُ فِي دُونِهَا إِلَى الْمَدِينَةِ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے پاس لونڈی ہو، اس کو اچھا ادب سکھائے، اس کو اچھی تعلیم دے۔ پھر اس کو آزاد کر دے، اس کی شادی کر دے اس کے لیے دو اجر ہیں۔ ایک وہ آدمی جو اہل کتاب سے ہو، اپنے نبی پر ایمان لائے۔ محمد ﷺ پر بھی ایمان لائے۔ اس کے لیے بھی دوگنا ثواب ہے۔ وہ غلام جو اللہ اور اپنے آقاؤں کا حق ادا کرے اس کے دو ثواب ہیں۔ حضرت صالح فرماتے ہیں: حضرت امام شعبی نے مجھ سے کہا: میں نے بغیر کسی چیز کے بدلے یہ (سواری) تجھ کو دی اگرچہ اس پر سوار ہونے والا اس کے سامنے سے مدینہ تک سواری کرے۔

7221 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُرَيْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَدِمَ عَلَى عُمَرَ، فَقَامَ عَلَى بَابِهِ فَقَالَ: السَّلَامُ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا۔ کیا ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کے لیے اجازت ہے؟ یا عبداللہ بن

7220- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 768 قال: حدثنا سفيان' قال: حدثنا ابن صالح بن حَيٍّ .

7221- أخرجه أحمد جلد4صفحه398 قال: حدثنا أبو نعيم .

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، أَيُؤْذَنُ لِأَبِي مُوسَى، أَوْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ؟ ثَلَاثًا، فَلَمْ يُكَلِّمْ، فَانْصَرَفَ، فَخَرَجَ عُمَرُ، فَقَالَ: أَيْنَ أَبُو مُوسَى؟ قَالُوا: انْصَرَفَ، فَبَعَثَ فِي أَثَرِهِ، فَلَمَّا أَنْ جَاءَ، قَالَ: مَا صَرَفَكَ؟ قَالَ: اسْتَأْذَنْتُ ثَلَاثًا، فَلَمْ يُؤْذَنْ لِي، فَانْصَرَفْتُ، وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اسْتَأْذَنَ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ فَلْيَنْصَرِفْ، قَالَ: ائْتِنِي بِمَنْ سَمِعَ هَذَا مِنْهُ، قَالَ: فَأَتَى الْأَنْصَارَ فَأَخْبَرَهُمْ، قَالَ: فَكُلُّهُمْ يَقُولُ: قَدْ سَمِعْنَا، فَقَالَ: لِيَقُمْ مَعِي بَعْضُكُمْ، فَقَامَ مَعَهُ بَعْضُهُمْ، فَأَتَى عُمَرَ فَأَخْبَرَهُمْ

قیس کے لیے اجازت ہے؟ تین مرتبہ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کوئی جواب نہ دیا۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ چلے گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نکلے۔ فرمایا: ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا، وہ چلے گئے ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے ان کے پیچھے آدمی بھیجا۔ جب حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کو لایا گیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم کیوں واپس چلے گئے تھے؟ انہوں نے عرض کی: میں نے تین مرتبہ اجازت مانگی تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے اجازت نہیں دی، میں واپس چلا گیا۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تین مرتبہ اجازت طلب کی، اس کو اجازت نہ ملی وہ چلا جائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس پر گواہ لاؤ، جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو۔ میں انصار کے پاس آیا، ان کو بتایا ان سب نے کہا: ہم نے سنا ہے۔ حضرت موسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم میں سے بعض میرے ساتھ چلیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اُن کو بتایا کہ ہم نے سنا ہے۔

7222 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: أَتَانِي نَاسٌ مِنْ قَوْمِي، فَقَالُوا: اسْتَحْمِلْ لَنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَحْمِلُ عَلَى إِبِلٍ، قَالَ: فَأَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَحْمَلْنَاهُ، قَالَ: فَحَلَفَ وَاللّٰهِ لَا أَحْمِلُكُمْ، فَانْصَرَفْنَا وَقَدْ شَقَّ ذَلِكَ عَلَيْنَا، قَالَ: فَمَكَثْنَا أَيَّامًا وَأُتِيَ بِإِبِلٍ، قَالَ: فَقَالَ: خُذْ هَذَيْنِ الْقَرِينَيْنِ، خُذْ هَذَيْنِ الْقَرِينَيْنِ ثَلَاثًا، سِتَّةَ

حضرت ابوموسیٰ فرماتے ہیں: میری قوم کے کچھ لوگوں نے میرے پاس آ کر کہا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارے لیے سواریوں کا مطالبہ کریں (تاکہ ہم ان پر سوار ہوکر جہاد پر جائیں) وہ (لوگوں کو) اونٹوں پر سوار کرتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں: ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سواریوں کا مطالبہ کیا۔ راوی کا بیان ہے: پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

7222- الحديث سبق برقم: 7215 فراجعه .

أَحْمَالٍ، فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي: إِنَّهُ قَدْ حَلَفَ أَنْ لَا يَحْمِلَنَا، وَلَا أُرَاهُ إِلَّا قَدْ نَسِيَ، فَإِنْ أَخَذْنَاهَا لَمْ يُبَارَكْ لَنَا فِيهَا، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ لَقَدْ كُنْتَ قَدْ حَلَفْتَ ثَلَاثًا أَنْ لَا تَحْمِلَنَا، فَقَالَ: وَأَنَا أَحْلِفُ السَّاعَةَ، وَاللَّهِ لَأَحْمِلَنَّكُمْ ، فَحَلَفَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ فَرَأَى مَا هُوَ خَيْرٌ مِنْهَا فَلْيَأْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ ' وَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِينِهِ

حلف اُٹھایا' قسم بخدا! میں آپ لوگوں کو سواریوں پر سوار نہیں کروں گا۔ پس ہم لوٹ آئے لیکن یہ چیز ہم پر گراں گزری۔ راوی کہتا ہے: ہم چند دن ٹھہرے اور آپ ﷺ کے پاس اونٹ لائے گئے۔ راوی کہتا ہے: پس آپ ﷺ نے فرمایا: یہ دو قرین (جوڑے) لے لو' تین بار فرمایا: کل چھ سواریاں۔ پس میں نے اپنے سے کہا: بے شک آپ ﷺ نے ہمیں سواریاں نہ دینے کی قسم کھائی تھی۔ میرا خیال ہے کہ آپ ﷺ کو بھلا دیا گیا۔ پس اگر ہم نے سواریوں کو یوں ہی لے لیا تو اللہ ہمیں ان میں برکت نہیں دے گا۔ پس ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے تین بار حلفاً کہا تھا کہ میں تمہیں سواریاں نہیں دوں گا۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: میں اس گھڑی بھی حلف اُٹھا کر قسم بخدا! میں تمہیں سوار نہیں کروں گا اور آپ ﷺ نے تین بار حلف اُٹھایا' پھر فرمایا: جس نے قسم اُٹھائی اس کے بعد اس سے بہتر کو دیکھا تو اسے وہی کام کرنا چاہیے جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دینا چاہیے۔

7223 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ مُوسَى بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: تَحَيَّنْتُ فِطْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَيْتُهُ بِنَبِيذِ جَرٍّ، فَلَمَّا أَدْنَاهُ إِلَى فِيهِ إِذَا هُوَ يَنِشُّ، فَقَالَ: اضْرِبْ بِهَذَا الْحَائِطَ، فَإِنَّ هَذَا شَرَابُ مَنْ لَا

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آپ ﷺ کا روزہ افطار کروانے کا ارادہ کیا' پس میں آپ ﷺ کی خدمت میں گھڑے کی نبیذ لایا' پس جب میں نے آپ ﷺ کے منہ کے قریب کیا تو میں نشہ پیدا ہو چکا تھا' پس آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو اس دیوار پر مارو، یہ وہ پیتا ہے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان

7223- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1543 .

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ، وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ،

نہیں رکھتا ہے۔

7224 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنْ صَدَقَةَ أَبِي مُعَاوِيَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يُخْبِرُ أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَبِيذِ جَرٍّ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ هَذَا

حضرت خالد بن عبداللہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ خبر دیتے ہوئے سماعت کیا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نبیذ کا گھڑا لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اسی کی مثل فرمایا۔

7225 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُرَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں جو ہم پر اسلحہ اٹھائے۔

7226 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ لَا يَنَامُ، وَلَا يَنْبَغِي لَهُ أَنْ يَنَامَ، يَخْفِضُ الْقِسْطَ وَيَرْفَعُهُ، حِجَابُهُ النُّورُ، لَوْ كَشَفَهَا لَأَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهِ كُلَّ شَيْءٍ أَدْرَكَهُ بَصَرُهُ مِنْ خَلْقِهِ، ثُمَّ قَرَأَ أَبُو عُبَيْدَةَ: (نُودِيَ أَنْ بُورِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (النمل: 8)

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ سوتا نہیں ہے اور نہ ہی سونا اس کے لیے مناسب ہے۔ انصاف کو نیچے کرتا ہے اور اسے بلند کرتا ہے اس کا حجاب نور ہے اگر اس کا نور کھولا جائے، ہر چیز مخلوق میں سے جو دیکھے وہ جل کر خاک ہو جائے پھر ابوعبیدہ نے یہ آیت پڑھی: ''نودی ان بورك الٰی آخره''۔

7227 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

7224- الحديث سبق برقم: 7223 فراجعه .

7225- أخرجه البخارى جلد9 صفحه62 وفى (الأدب المفرد) رقم الحديث: 1281 .

7226- أخرجه عبد بن حميد: 541 قال: حدثنا عبيد الله بن موسىٰ عن سفيان عن حكيم بن الديلم عن أبى بردة فذكره .

7227- الحديث سبق برقم: 7226 فراجعه .

مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ، إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ: وَقَرَأَ أَبُو عُبَيْدَةَ

سے اسی کی مثل روایت ہے مگر اُنہوں نے یہ ذکر نہیں کیا کہ ابوعبیدہ نے پڑھا۔

7228 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن ایک آنت سے کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں سے کھاتا ہے۔

7229 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا أَبُو جَمْرَةَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى الْبَرْدَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دو ٹھنڈی فجر اور عصر کی نمازیں پڑھیں وہ جنت میں داخل ہو گیا۔

7230 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، قَالَ: يَا بُنَيَّ لَوْ رَأَيْتَنَا وَنَحْنُ مَعَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصَابَتْنَا السَّمَاءُ لَحَسِبْتَ أَنَّ رِيحَنَا رِيحُ الضَّأْنِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ اے میرے لختِ جگر اگر ہم کو دیکھتے (جب) ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتے تھے، ہم کو آسمان مصیبت زدہ کرتا تو گمان کرے کہ ہماری بُو ضان (بھیڑ) کی کی خوشبو ہے۔

7231 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُرَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ قَالَ: وَفَدَ إِلَى عُمَرَ - أَوْ إِلَى سُلَيْمَانَ - قَالَ: فَقَضَى حَوَائِجَهُ، حَتَّى إِذَا كَانَ فِي بَعْضِ اللَّيْلِ، قَالَ: قُمْ، قَالَ:

حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ یا حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا۔ انہوں نے ان کی ضرورت پوری کی، یہاں تک کہ رات کا بعض حصہ ہوا، فرمایا: کھڑا ہو میں کھڑا ہوا۔ والی کے دروازہ کی طرف گیا اس کو کھٹکھٹایا۔ حاجب نے کہا، یہ

7228- أخرجه مسلم جلد6صفحه133 قال: حدثن أبو كريب محمد بن العلاء .

7229- أخرجه الدارمي رقم الحديث:1432 قال: حدثنا عفان .

7230- أخرجه أحمد جلد4صفحه407 قال: حدثنا حسن بن موسىٰ .

7231- أخرجه أحمد جلد4صفحه391 قال: حدثنا عبد الصمد .

فَقُمْتُ، فَانْطَلَقَ إِلَى بَابِ الْوَالِي فَدَقَّهُ، قَالَ: فَقَالَ الْحَاجِبُ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ أَبُو بُرْدَةَ: اسْتَأْذِنْ لِي عَلَيْهِ، قَالَ: فَدَخَلَ، قَالَ: أَعْلِمْهُ مَكَانِي ' فَأَعْلَمَهُ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ، فَأَذِنَ لَهُ، قَالَ: خَيْرٌ يَا أَبَا بُرْدَةَ؟ قَالَ: خَيْرٌ، قَالَ: حَاجَتُكَ؟ قَالَ: قَدْ فَرَغْتُ مِنْ حَوَائِجِي، ذَكَرْتُ حَدِيثًا حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَمَعَ اللَّهُ الْخَلَائِقَ لِلْحِسَابِ أُتِيَ بِيَهُودِيٍّ، أَوْ نَصْرَانِيٍّ ' قِيلَ: يَا مُؤْمِنُ ' هَذَا فِدَاؤُكَ مِنَ النَّارِ ، قَالَ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: سَمِعْتُهُ مِنْ أَبِي

کون؟ ابو بردہ نے کہا میرے لیے ان پر اجازت مانگیں۔ وہ داخل ہوا، فرمایا: کیا میری جگہ جانتے ہو؟ انہوں نے بتایا کہ وہ ان کی طرف گیا، ان کو اجازت دی گئی انہوں نے کہا اے بردہ خیر سے آئے ہو؟ حضرت ابو بردہ نے کہا خیر سے آیا ہوں۔ فرمایا: تیری کیا حاجت ہے؟ فرمایا: میں اپنے کام سے فارغ ہوا تھا، مجھے ایک حدیث یاد آئی کہ جو مجھے میرے باپ نے بیان کی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل مخلوق کو حساب کے لیے جمع کرے گا، یہودی وعیسائی کو لایا جائے گا اور کہا جائے گا اے مومن تیری جگہ جہنم میں جائے گا۔

7232 - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمُلَ مِنَ الرِّجَالِ كَثِيرٌ، وَلَمْ يَكْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ غَيْرُ مَرْيَمَ بِنْتِ عِمْرَانَ، وَآسِيَةَ امْرَأَةِ فِرْعَوْنَ، وَإِنَّ فَضْلَ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری علیہ السلام فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مردوں میں سے بہت لوگ کامل ہوئے لیکن عورتوں میں حضرت مریم بنت عمرانؑ آسیہ (فرعون کی بیوی) کامل ہوئی ہیں اور بے شک حضرت عائشہ کی فضیلت عورتوں پر ایسے ہی ہے جیسے ثرید کی فضیلت دیگر تمام کھانوں پر ہے۔

7233 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُرَيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ جَلِيسَ الصِّدْقِ وَجَلِيسَ السُّوءِ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سچے آدمی اور برے آدمی کے پاس بیٹھنے کی مثال اس طرح ہے کہ جس طرح مسک خوشبو والے اٹھنے کی طرح ہے۔ اس سے خوشبو نہیں پائے گا تو

7232- الحديث سبق برقم: 7029 فراجعه .

7233- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 770 قال: حدثنا سفيان .

كَحَامِلِ الْمِسْكِ، إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ رِيحًا طَيِّبَةً، وَنَافِخُ الْكِيرِ إِمَّا أَنْ يَحْرِقَ ثِيَابَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ رِيحًا خَبِيثَةً

نقصان نہیں ہوگا اگر بیٹھے گا تو خوشبو تو ضرور پائے گا۔ برے آدمی کے پاس بیٹھنے کی مثال یہ ہے کہ یا تو تیرے کپڑے جلائیں گے یا اس سے بدبو پائے گا۔

7234 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ مَرَّ بِالصَّخْرَةِ مِنَ الرَّوْحَاءِ سَبْعُونَ نَبِيًّا حُفَاةً ' عَلَيْهِمُ الْعَبَاءُ '.

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روحاء مقام کے ایک پتھر کے پاس سے ستّر نبی گزرے ہیں۔ ان میں حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی ہیں، پیدل ننگے پاؤں اُن پر چادر تھی۔ بیت اللہ العتیق کی نیت کرتے ہوئے۔

7235 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ، حَدَّثَنَا رَبِيعُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ جَدَّيْهِ زَيْدٍ، وَزِيَادٍ - وَكَانَا يَخْتَلِفَانِ إِلَى أَبِي مُوسَى بِالْبَصْرَةِ يُقْرِئُهُمُ الْقُرْآنَ - عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تُقْبَلُ صَلَاةُ رَجُلٍ مَا دَامَ فِي جِلْدِهِ، أَوْ فِي جَسَدِهِ مِنْهُ شَيْءٌ، يَعْنِي: الصُّفْرَةَ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس آدمی کی نماز قبول نہیں ہوتی ہے جب اس جلد اور جسم میں زرد رنگ میں سے کوئی شے ہو۔

7236 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: أَتَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضُوءٍ ' فَتَوَضَّأَ، قَالَ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي، وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وضو کے لیے پانی لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور یہ دعا مانگی، اے اللہ میری امت کے گناہ معاف فرما۔ میرے گھر میں میرے لیے کشادگی فرما۔ میرے لیے میرے رزق میں برکت فرما۔

7234- الحديث سبق برقم: **7196** فراجعه .

7235- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **4178** قال: حدثنا زهير بن حرب الأسدي .

7236- أخرجه أحمد جلد**4** صفحه**399** قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

7237 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: اخْتَصَمَ رَجُلَانِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حَضْرَمَوْتَ فِي أَرْضٍ، فَقَالَ لِلْمُدَّعَى عَلَيْهِ: احْلِفْ، فَقَالَ الْمُدَّعِي: يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا لِي إِلَّا يَمِينُهُ؟ إِذًا يَذْهَبُ بِأَرْضِي، فَقَالَ: إِنِ اقْتَطَعَهَا بِيَمِينِهِ كَانَ مِمَّنْ لَا يُكَلِّمُهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِ، وَلَا يُزَكِّيهِ، وَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ، قَالَ: فَتَوَرَّعَ الْآخَرُ، فَرَدَّهَا عَلَيْهِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جھگڑا لے کر آئے۔ حضرت موسیٰ سے زمین کا۔ مدعی علیہ نے کہا تو قسم اٹھا۔ مدعی نے عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قسم اٹھائے گا تو اس وقت میری زمین لے جائے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قسم کے ساتھ زمین لے گا اللہ عزوجل اس سے کلام بھی نہیں کرے گا اس کی طرف نظر رحمت بھی نہیں کرے گا اور اس کو پاک بھی نہیں کرے گا، اس کے لیے دردناک عذاب ہوگا دوسرا یہ سن کر ڈر گیا' اس نے زمین واپس کر دی۔

7238 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَعْيَنَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى، قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَأَبُو الدَّرْدَاءِ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ حَفِظَ مَا بَيْنَ فُقْمَيْهِ وَرِجْلَيْهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو زبان اور شرمگاہ کی حفاظت کرے گا وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

7239 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: صَلَّيْنَا الْمَغْرِبَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قُلْنَا: لَوْ جَلَسْنَا حَتَّى نُصَلِّيَ مَعَهُ الْعِشَاءَ، قَالَ: فَجَلَسْنَا،

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھی، پھر ہم نے کہا اگر ہم بیٹھے رہتے ہیں یہاں تک کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھ لیں۔ ہم بیٹھے رہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلسل

7237- أخرجه أحمد جلد4صفحه394 . وعبد بن حميد: 538 .

7238- الحديث في المقيصد العلي برقم: 1983 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه298 .

7239- أخرجه عبد بن حميد: 539 . ومسلم جلد7صفحه183 .

فَخَرَجَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: مَا زِلْتُمْ هَاهُنَا؟ ، فَقُلْنَا: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّيْنَا مَعَكَ الْمَغْرِبَ، ثُمَّ قُلْنَا: نَجْلِسُ حَتَّى نُصَلِّيَ مَعَكَ الْعِشَاءَ ، قَالَ: أَحْسَنْتُمْ، أَوْ أَصَبْتُمْ ، قَالَ: فَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ - وَكَانَ كَثِيرًا مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ - فَقَالَ: النُّجُومُ أَمَانٌ لِأَهْلِ السَّمَاءِ، فَإِذَا ذَهَبَ النُّجُومُ أَتَى أَهْلَ السَّمَاءِ مَا يُوعَدُونَ، وَأَنَا أَمَنَةٌ لِأَصْحَابِي، فَإِذَا ذَهَبْتُ أَتَى أَصْحَابِيَ مَا يُوعَدُونَ، وَأَصْحَابِي أَمَنَةٌ لِأُمَّتِي، فَإِذَا ذَهَبَ أَصْحَابِي أَتَى أُمَّتِي مَا يُوعَدُونَ

بیٹھے رہے ہو۔ ہم نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ جی ہاں۔ ہم نے آپ ﷺ کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھی، پھر ہم نے کہا۔ ہم بیٹھتے ہیں عشاء کی نماز آپ ﷺ کے ساتھ پڑھیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے اچھا کیا۔ آپ ﷺ نے اپنا سر مبارک آسمان کی طرف اٹھائے۔ دیر تک آسمان کی طرف دیکھتے رہے۔ آپ ﷺ نے اس کے بعد فرمایا۔ ستارے اہل آسمان والوں کے لیے امان ہیں۔ جب ستارے چلے جائیں گے۔ اہل آسمان پر وہ آجائے گا جو اُن سے وعدہ سپرد کیا ہے۔ میں اپنے صحابہ کے لیے امان ہوں میں چلا جاؤں گا، میرے صحابہ پر وہ آئے گا جو ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔ میرے صحابہ میری امت کے امان ہیں جب میرے صحابی چلے جائیں گے۔ میری است وہ آجائے گا جو ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔

7240 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمَّتِي أُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ ' لَيْسَ عَلَيْهَا عَذَابٌ فِي الْآخِرَةِ، عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ وَالْقَتْلُ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری امت موجود ہے، ان پر عذاب آخرت نہیں ہوگا۔ دنیا میں ان پر عذاب زلزلہ، آزمائش اور قتل ہوگا۔

7241 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ عَائِذٍ، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ، سَمِعْتُ طَارِقَ بْنَ شِهَابٍ قَالَ:

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے میری قوم کے ملک کی طرف بھیجا، میں واپس آیا۔ جبکہ آپ ﷺ وادیٔ ابطح میں اونٹ بٹھانے

7240- أخرجه أحمد جلد4صفحه410 .

7241- أخرجه البخاري في صحيحه جلد2صفحه623 . ومسلم في صحيحه جلد1صفحه401 .

حَدَّثَنِي أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَرْضِ قَوْمِي، فَجِئْتُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنِيخٌ بِالْأَبْطَحِ، قَالَ: فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: أَحَجَجْتَ يَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ قَيْسٍ؟ ، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: كَيْفَ قُلْتَ؟ ، قَالَ: قُلْتُ: لَبَّيْكَ إِهْلَالًا كَإِهْلَالِكَ، قَالَ: فَقَالَ: هَلْ سُقْتَ هَدْيًا؟ ، قَالَ: قُلْتُ: لَا لَمْ أَسُقْ هَدْيًا، قَالَ: فَطُفْ بِالْبَيْتِ وَاسْعَ بَيْنَ الصَّفَا، ثُمَّ حِلَّ ، قَالَ: فَفَعَلْتُ حَتَّى مَشَّطَتْنِي امْرَأَةٌ مِنْ بَنِي قَيْسٍ، قَالَ: فَمَكَثْنَا بِذَلِكَ حَتَّى اسْتُخْلِفَ عُمَرُ، قَالَ: فَإِنِّي عِنْدَ الْمَقَامِ أُفْتِي النَّاسَ بِالَّذِي أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَبِالَّذِي صَنَعْتُ، قَالَ: فَجَاءَنِي رَجُلٌ فَسَارَّنِي فِي أُذُنِي، فَقَالَ: اتَّئِدْ فِي فُتْيَاكَ، فَإِنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَدْ أَحْدَثَ فِي النُّسُكِ، قَالَ: فَقُلْتُ: أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كُنَّا أَفْتَيْنَاهُ شَيْئًا فِي النُّسُكِ فَلْيَتَّئِدْ، فَإِنَّ هَذَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَادِمٌ عَلَيْكُمْ فَإِلَيَّ مَنْ عَلِمَ مِنْهُ شَيْئًا، فَلَمَّا قَدِمَ عُمَرُ أَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَحْدَثْتَ فِي النُّسُكِ؟ قَالَ: إِنْ أَخَذْنَا بِكِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِنَّهُ يَأْمُرُنَا بِالتَّمَامِ، وَإِنْ أَخَذْنَا بِسُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى نَحَرَ الْبُدْنَ، قَالَ: فَنَهَى عَنِ الْعُمْرَةِ فِي أَيَّامِ الْحَجِّ

والے تھے' حضور ﷺ پر میں نے سلام کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو نے حج کیا ہے اے عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ؟ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ! جی ہاں۔ فرمایا: کیسے کیا ہے؟ میں نے عرض کی، میں نے آپ ﷺ کی طرح احرام باندھا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو قربانی ساتھ لے کر گیا؟ میں نے عرض کی: نہیں! میں نے قربانی نہیں لی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بیت اللہ کا طواف کرو، صفاء و مروہ کے درمیان سعی کرو پھر احرام کھول دو۔ وہ فرماتے ہیں: میں نے کہا: انتہاء یہاں ہوئی کہ بنی قیس کی ایک عورت نے مجھے کنگھی کی۔ فرماتے ہیں: پس ہم اسی حال میں رہے حتیٰ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنائے گئے۔ فرماتے ہیں: میں مقامِ ابراہیم کے پاس کھڑے ہوکر لوگوں کو فتوے دیتا تھا وہی جو مجھے رسول کریم ﷺ نے حکم دیا اور جو (آپ ﷺ کے حکم کے مطابق) میں نے کیا۔ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے آ کر میرے کان میں سرگوشی کی: اس نے کہا: اپنے بیٹوں میں اعلان کرو کہ خاموش رہیں کیونکہ امیر المؤمنین نے حج کے احکام میں تبدیلی کی ہے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: اے لوگو! وہ شخص جس کو میں نے حج کا کوئی مسئلہ بتایا' اسے چاہیے کہ خاموش رہے کیونکہ امیر المؤمنین تمہارے پاس آنے والے ہیں' پس میری طرف منسوب کرے جس نے ان سے کسی شی کو جانا۔ پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تو میں نے ان کے پاس حاضری دی۔ میں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! کیا آپ نے حج کے احکام میں تبدیلی کی

ہے؟ فرمایا: اگر ہم کتاب کو لیں تو وہ ہمیں مکمل کرنے کا حکم دیتا ہے اور اگر ہم سنت رسول کو لیں تو قربانی کرنے تک آپ نے احرام نہیں کھولا۔ انہوں نے فرمایا: ایامِ حج میں اکیلے عمرہ سے منع فرمایا ہے۔

7242 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَائِشَةَ مَرَّا بِأَبِي مُوسَى وَهُوَ يَقْرَأُ فِي بَيْتِهِ، فَقَامَا يَسْتَمِعَانِ لِقِرَاءَتِهِ، ثُمَّ إِنَّهُمَا مَضَيَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ لَقِيَ أَبَا مُوسَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا أَبَا مُوسَى مَرَرْتُ بِكَ الْبَارِحَةَ وَمَعِي عَائِشَةُ، وَأَنْتَ تَقْرَأُ فِي بَيْتِكَ، فَقُمْنَا فَاسْتَمَعْنَا ، فَقَالَ لَهُ أَبُو مُوسَى: أَمَا إِنِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ ' لَوْ عَلِمْتُ لَحَبَّرْتُ لَكَ تَحْبِيرًا

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے، وہ اپنے گھر میں نماز پڑھ رہے تھے۔ دونوں کھڑے ہو گئے۔ قرآن پاک سننے کے لیے۔ پھر دونوں چل دیئے۔ جب صبح ہوئی، حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے ملے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کل رات میں عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ تیری قرأت سن رہا تھا۔ تو اپنے گھر میں قرآن پڑھ رہا تھا۔ ہم کھڑے ہوئے اور سنا۔ حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ آپ ﷺ آئے ہیں تو میں اور خوبصورت کر کے پڑھتا، آپ ﷺ کی خاطر۔

7243 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي مُوسَى، أَنَّ رَجُلَيْنِ ادَّعَيَا بَعِيرًا فَبَعَثَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا شَاهِدَيْنِ، فَقَسَمَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی آئے، دونوں نے ایک اونٹ پر دعویٰ کیا تھا۔ ان میں سے ہر ایک دو دو گواہ لے آئے تھے۔ حضور ﷺ نے ان دونوں کے درمیان تقسیم کر دیا۔

7244 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان بھی فوت ہوتا ہے تو اللہ

7242- الحديث في المقصد العلي برقم: 1228 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه171 .

7243- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد3صفحه344 والحاكم في المستدرك جلد4صفحه95 .

7244- الحديث سبق برقم: 7231 فراجعه .

مُوسَى، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوتُ إِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ مَكَانَهُ رَجُلًا مِنَ الْيَهُودِ أَوِ النَّصَارَى فِي النَّارِ

تعالیٰ اس کی جگہ یہود ونصاریٰ میں سے ایک کافر کو جہنم میں ڈال دیتا ہے۔

7245 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ أَبِي مُوسَى، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُؤْمِنٍ إِلَّا يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِيَهُودِيٍّ أَوْ نَصْرَانِيٍّ، يَقُولُ: هَذَا فِدَائِي مِنَ النَّارِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں ہے کوئی مؤمن مگر قیامت کے دن کسی یہودی یا عیسائی کو ساتھ لائے گا اور عرض کرے گا: اس کو میری جگہ جہنم میں ڈال دے (یہ مجھ پر فدا ہے)۔

7246 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ رَوْحُ بْنُ جَنَاحٍ، عَنْ مَوْلًى لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ) (القلم: 42) ، قَالَ: عَنْ نُورٍ عَظِيمٍ يَخِرُّونَ لَهُ سُجَّدًا

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کا مفہوم پوچھا گیا۔ اس دن ان سے پنڈلی کھولی جائے گی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نور عظیم ہے، اس کے لیے لوگ سجدہ میں گر جائیں گے۔

7247 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ تَوْبَةَ الْعَنْبَرِيِّ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ أَبِي مُوسَى، عَنْ أَبِيهِ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ صَاحِبُ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَشَدَّ فِي الْبَوْلِ مِنْكُمْ، كَانَتْ مَعَهُ مِبْرَاةٌ إِذَا أَصَابَ شَيْئًا مِنْ جَسَدِهِ الْبَوْلُ بَرَاهُ بِهَا

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سے زیادہ سختی پیشاب کے متعلق بنی اسرائیل پر تھی۔ اگر ان پر پیشاب کا ایک قطرہ لگ جاتا تھا جس پر اس کو کاٹ دیا جاتا تھا۔

7245- الحديث سبق برقم: 7244,7231 فراجعه .

7246- الحديث في المقصد العلي برقم: 1201 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه128 .

7247- أخرجه أحمد جلد4صفحه396 قال: حدثنا محمد بن جعفر .

7248 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَلّٰهُ أَفْرَحُ بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ الَّذِي قَدْ أَسْرَفَ عَلَى نَفْسِهِ مِنْ رَجُلٍ سَافَرَ فِي أَرْضٍ فَلَاةٍ مُعْطِبَةٍ مُهْلِكَةٍ، فَلَمَّا تَوَسَّطَ أَضَلَّ رَاحِلَتَهُ، فَسَعَى فِي بُغَائِهَا يَمِينًا وَشِمَالًا حَتَّى أَعْيَى - أَوْ أَيِسَ - مِنْهَا، وَظَنَّ أَنْ قَدْ هَلَكَ، نَظَرَ فَوَجَدَهَا فِي مَكَانٍ لَمْ يَكُنْ يَرْجُو أَنْ يَجِدَهَا، فَاللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ أَفْرَحُ بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ الْمُسْرِفِ مِنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ بِرَاحِلَتِهِ حِينَ وَجَدَهَا

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ضرور بضرور اللہ تعالیٰ اپنے نفس پر ظلم کرنے والے بندے کی توبہ سے اس آدمی کی نسبت بھی زیادہ خوش ہوتا ہے جس نے ہلاک کرنے والی مہلک صحرا کی زمین میں سفر کیا، پس جب وہ اس کے عین درمیان میں پہنچا تو اس کی سواری گم ہوگئی۔ پس وہ اس کی تلاش میں دائیں بائیں دوڑا حتیٰ کہ تھک گیا یا مایوس ہوگیا اور گمان کیا کہ اب وہ ہلاک ہو جائے گا، اس حال میں کہ اس نے نظر اُٹھائی تو ایک جگہ اسے پالیا جس کو پانے کی اسے اُمید نہ تھی۔ پس اللہ تعالیٰ اپنے گناہگار بندے کی توبہ سے اس سے زیادہ خوش ہوتا ہے جو آدمی اب سواری کو پا کر خوش ہوا ہے۔

7249 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْمُسْلِمِينَ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کون سا مسلمان افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

7250 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُمْلِي لِلظَّالِمِ حَتَّى إِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُنْفِلِتْهُ، ثُمَّ تَلَا: (وَكَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ) (هود: 102)

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل ظالم کو مہلت دیتا ہے یہاں تک کہ جس ظالم کو پکڑے گا، پھر اس کو چھوڑے گا نہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی: ''وكذلك اخذ ربك الٰى آخره''۔

7251 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول

7248- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه196 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

7249- أخرجه البخاري جلد1صفحه10 قال: حدثنا سعيد بن يحيٰى بن سعيد القرشي .

7250- أخرجه البخاري جلد6صفحه93 قال: حدثنا صدقة بن الفضل .

الْأُمَوِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: سَأَلْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْإِسْلَامِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

کریم ﷺ سے سوال کیا: کون سا اسلام افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

7252 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مَكِّيٌّ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُقَلِّبُ كَعَبَاتِهَا رَجُلٌ يَنْظُرُ مَا تَأْتِي بِهِ إِلَّا عَصَى اللَّهَ وَرَسُولَهُ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسی نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کی۔

7253 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْجُشَمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَبِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ فَقَدْ عَصَى اللَّهَ وَرَسُولَهُ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو آدمی شطرنج کھیلا اس نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کی۔

7254 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا مَرَّ أَحَدُكُمْ فِي مَسْجِدِنَا، أَوْ فِي سُوقِنَا وَمَعَهُ نَبْلٌ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ہماری مسجدوں یا بازاروں کے پاس سے گزرے وہ اپنے تیر کو کمان میں رکھ لے۔ یا اپنی ہتھیلی کے ساتھ اس کو روک

7252- أخرجه مالك في الموطأ صفحه**594** عن موسى بن ميسرة .

7253- الحديث سبق برقم: **7252** فراجعه .

7254- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**391** قال: حدثنا عبد الصمد .

فَلْيُمْسِكْ عَلَى نِصَالِهَا - أَوْ قَالَ: فَلْيَقْبِضْ بِكَفِّهِ، أَنْ يُصِيبَ أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ مِنْهَا شَيْءٌ"

لے تا کہ کسی مسلمان کو تکلیف نہ ہو۔

7255 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں جو ہم پر اسلحہ اٹھائے۔

7256 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: احْتَرَقَ بَيْتٌ بِالْمَدِينَةِ عَلَى أَهْلِهِ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا حُدِّثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَأْنِهِمْ قَالَ: إِنَّ هَذِهِ النَّارَ إِنَّمَا هِيَ عَدُوٌّ لَكُمْ، فَإِذَا نِمْتُمْ فَأَطْفِئُوهَا عَنْكُمْ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مدینہ شریف میں ایک گھر جل گیا۔ رات کو جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا یہ کام آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگ تمہاری دشمن ہے، جب تم رات کو سوتو اس کو بجھا لیا کرو۔

7257 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَعْظَمَ النَّاسِ أَجْرًا فِي الصَّلَاةِ أَبْعَدُهُمْ إِلَيْهِ مَمْشًى، فَأَبْعَدُهُمْ، وَالَّذِي يَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ حَتَّى يُصَلِّيَهَا مَعَ الْإِمَامِ فِي جَمَاعَةٍ أَعْظَمُ أَجْرًا مِنَ الَّذِي يُصَلِّيهَا ثُمَّ يَنَامُ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑا ثواب لوگوں کے لیے نماز میں وہ ہے جو دور سے چل کر آئے۔ وہ لوگ جو نماز کے انتظار میں ہوں یہاں تک کہ امام کے ساتھ نماز پڑھیں جو جماعت کے ساتھ نماز پڑھے اجر کے لحاظ سے وہ بڑا ہے اس سے جو نماز پڑھتا ہے، پھر سو جاتا ہے۔

7258 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مومن دوسرے مومن کے لیے دیوار کی طرح ہے بعض بعض کو مضبوط کرتا ہے۔

7259 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَانَ إِذَا أَتَاهُ السَّائِلُ - وَرُبَّمَا

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب سائل آتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

7255- الحديث سبق برقم: 7225 فراجعه .

7256- أخرجه أحمد جلد4صفحه339 قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

7257- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد1صفحه90 . ومسلم فی صحيحه جلد1صفحه235 .

7258- أخرجه الحميدی رقم الحديث: 772 . وأحمد جلد4صفحه404 .

7259- أخرجه الحميدی رقم الحديث: 771 قال: حدثنا سفيان .

قَالَ: جَاءَهُ السَّائِلُ ' أَوْ صَاحِبُ الْحَاجَةِ، قَالَ: اشْفَعُوا فَلْتُؤْجَرُوا، وَيَقْضِي اللَّهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ مَا شَاءَ

فرماتے تھے، اس کے لیے شفارش کرو۔ ثواب پاؤ گے، اللہ اپنے نبی کی زبان پر جو چاہے فیصلہ کرتا ہے۔

7260 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: أَرْسَلَنِي أَصْحَابِي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْأَلُهُ الْحُمْلَانَ لَهُمْ، إِذْ هُمْ فِي جَيْشِ الْعُسْرَةِ، وَهِيَ غَزْوَةُ تَبُوكَ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، إِنَّ أَصْحَابِي أَرْسَلُونِي إِلَيْكَ لِتَحْمِلَهُمْ، قَالَ: لَا، وَاللَّهِ لَا أَحْمِلُهُمْ عَلَى شَيْءٍ، وَوَافَقْتُهُ وَهُوَ غَضْبَانُ وَلَا أَشْعُرُ، فَرَجَعْتُ حَزِينًا مِنْ مَنْعِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمِنْ مَخَافَةِ أَنْ يَكُونَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ وَجَدَ فِي نَفْسِهِ عَلَيَّ، فَرَجَعْتُ إِلَى أَصْحَابِي فَأَخْبَرْتُهُمُ الَّذِي قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ أَلْبَثْ إِلَّا سُوَيْعَةً إِذْ سَمِعْتُ بِلَالًا يُنَادِي: أَيْنَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ قَيْسٍ؟ فَأَجَبْتُهُ، فَقَالَ: أَجِبْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوكَ، فَلَمَّا أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خُذْ هَذَيْنِ الْقَرِينَيْنِ، وَهَذَيْنِ الْقَرِينَيْنِ - وَهَذَيْنِ الْقَرِينَيْنِ لِسِتَّةِ أَبْعِرَةٍ ابْتَاعَهُنَّ حِينَئِذٍ مِنْ سَعْدٍ - فَانْطَلِقْ بِهِنَّ إِلَى أَصْحَابِكَ، فَقُلْ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ - أَوْ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُكُمْ عَلَى هَؤُلَاءِ ' فَارْكَبُوهُنَّ ' قَالَ أَبُو مُوسَى: فَانْطَلَقْتُ إِلَى أَصْحَابِي بِهِنَّ،

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوستوں نے مجھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بھیجا کہ میں ان کیلئے سواریوں کا سوال کروں جب وہ تنگی والے لشکر میں تھے اور وہ غزوۂ تبوک ہے' پس میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ساتھیوں نے مجھے آپ کی طرف بھیجا ہے تا کہ آپ انہیں سواریاں عطا کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! قسم بخدا! میں انہیں کسی شی پر سوار نہیں کروں گا۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے موافقت کی اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم غصے میں تھے' لیکن میں محسوس نہ کر سکا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے روکنے کی وجہ سے میں انتہائی دُکھ کے ساتھ واپس آیا اور اس ڈر سے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر ناراض نہ ہو گئے ہوں' پس میں اپنے دوستوں کے پاس واپس آیا اور میں نے انہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کی خبر دی۔ پس میں ابھی تھوڑی دیر نہیں ٹھہرا تھا کہ میں نے حضرت بلال کی منادی کو سنا: عبداللہ بن قیس کہاں ہیں؟ پس میں نے لبیک کہا' اُنہوں نے بتایا کہ تمہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بلا رہے ہیں' پس جب میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا تو آپ نے فرمایا: پکڑ لے! یہ دو جوڑے پکڑ' یہ دو جوڑے بھی اور دو جوڑے یہ بھی لے لے' یہ چھ اونٹوں کے لیے۔

7260- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد2صفحه988,633 . وأخرجه مسلم فی صحیحه جلد2صفحه47 .

فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُ عَلَى هَؤُلَاءِ، وَلَكِنْ وَاللّٰهِ لَا أَدَعُكُمْ حَتَّى يَنْطَلِقَ مَعِي بَعْضُكُمْ إِلَى مَنْ سَمِعَ مَقَالَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ سَأَلْتُهُ لَكُمْ، وَمَنَعَهُ فِي أَوَّلِ مَرَّةٍ، ثُمَّ أَعْطَاهُ إِيَّايَ بَعْدَ ذَلِكَ، لَا تَظُنُّوا أَنِّي حَدَّثْتُكُمْ شَيْئًا لَمْ يَقُلْهُ، فَقَالُوا: وَاللّٰهِ إِنَّكَ عِنْدَنَا لَمُصَدَّقٌ، وَلَنَفْعَلَنَّ مَا أَحْبَبْتَ، فَانْطَلَقَ أَبُو مُوسَى بِنَفَرٍ مِنْهُمْ حَتَّى أَتَوُا الَّذِينَ سَمِعُوا قَوْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَنَعَهُ إِيَّاهُمْ، ثُمَّ أَعْطَاهُ بَعْدَ، فَحَدَّثَهُمْ مِثْلَ مَا حَدَّثَهُمْ أَبُو مُوسَى سَوَاءً

آپ ﷺ نے جو اس وقت سعد سے خریدے' ان کو لے کر اپنے دوستوں کے پاس چلا جا اور انہیں بتا کہ اللہ نے یا اللہ کے رسول نے تم کو ان پر سوار کیا ہے' پس تم ان پر سوار ہو جاؤ۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ان کو لے کر اپنے دوستوں کے پاس آیا۔ میں نے کہا: بے شک رسول کریم ﷺ نے تم کو ان پر سوار کیا ہے لیکن قسم بخدا! میں تم کو اس وقت تک نہ چھوڑوں گا جب تک تم میں سے وہ بعض جنہوں نے رسول کریم ﷺ کی بات پہلی مرتبہ سنی تھی جب میں نے آپ سے تمہارے لیے سوال کیا اور آپ نے روک دیا' میرے ساتھ نہ چلیں۔ پھر اب اس کے بعد عطا بھی کر دیا ہے' تم گمان نہ کرو کہ میں نے تم سے کوئی ایسی بات کی ہے جو آپ ﷺ نے نہیں فرمائی۔ پس اُنہوں نے کہا: قسم بخدا! بے شک ہمارے ہاں تصدیق کیا گیا ہے اور ہم وہ کام ضرور کریں گے جو آپ کو پسند ہے' پس حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ ان میں سے چند آدمیوں کو لے کر چلے یہاں تک کہ آئے ان لوگوں کے پاس جنہوں نے رسول کریم ﷺ کا فرمان سنا تھا' ان کو جو منع فرمایا تھا پھر اس کے بعد وہ عطا فرمایا۔ پس انہوں نے بعینہٖ اسی طرح بات کی جس طرح حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے ان سے بات کی تھی۔

7261 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ أَنِّي أُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ إِلَى أَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ، فَذَهَبَ وَهَمِي إِلَى

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب میں ملاحظہ کیا کہ میں مکہ سے ہجرت کر رہا ہوں' ایک ایسی زمین کی طرف

7261- أخرجه الدارمي رقم الحديث: **2164** قال: أخبرنا عبد الله بن سعيد .

أَنَّهَا الْيَمَامَةُ وَهَجَرُ، فَإِذَا هِيَ الْمَدِينَةُ يَثْرِبُ، وَرَأَيْتُ فِي رُؤْيَاىَ هَذِهِ أَنِّي هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهُ، فَإِذَا هُوَ مَا أُصِيبَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ أُحُدٍ، وَهَزَزْتُهُ أُخْرَى فَعَادَ خَيْرًا مِمَّا كَانَ، فَإِذَا هُوَ مَا جَاءَ اللَّهُ بِهِ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِينَ، وَرَأَيْتُ فِيهَا أَيْضًا بَقَرًا، وَاللَّهِ خَيْرٌ، فَإِذَا هُمُ النَّفَرُ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ أُحُدٍ، وَإِذَا الْخَيْرُ مَا جَاءَ اللَّهُ بِهِ مِنَ الْخَيْرِ بَعْدُ، وَثَوَابُ الصِّدْقِ أَتَانَا بَعْدُ يَوْمَ بَدْرٍ

جو کھجوروں والی ہے' میرا گمان ہوا کہ وہ یمامہ یا ہجر کی زمین ہو' اچانک یہ بات سامنے آئی کہ وہ تو مدینہ ہے جسے یثرب کہا جاتا ہے اور میں نے اپنے خواب میں دیکھا' میں نے اپنی تلوار کو ہلایا' اس کا صدر ٹوٹ گیا' پس اس سے مراد وہ مصیبت تھی جو اُحد کے دن مؤمنوں کو پیش آئی' میں نے دوسری بار ہلایا' وہ بہتر طریقے سے واپس آئی اس سے جو پہلی حالت تھی۔ پس اس سے مراد وہ فتح ہے جو اللہ نے دی اور ایمان والوں کو اکٹھا کیا اور میں نے اس میں گائے کو بھی دیکھا۔ قسم بخدا! بھلائی ہے۔ اس سے مراد ایمان والوں کا گروہ ہے' اُحد کے دن اور جو اس کے بعد اللہ نے خیر عطا فرمائی اور صدق کا ثواب اس کے بعد بدر کے دن ہمارے پاس آیا۔

7262 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيَأْتِيَنَّ زَمَانٌ يَطُوفُ الرَّجُلُ بِالصَّدَقَةِ مِنَ الذَّهَبِ، ثُمَّ لَا يَجِدُ أَحَدًا يَأْخُذُهَا مِنْهُ، وَتَرَى الرَّجُلَ يَتْبَعُهُ أَرْبَعُونَ امْرَأَةً يَلُذْنَ بِهِ مِنْ قِلَّةِ الرِّجَالِ وَكَثْرَةِ النِّسَاءِ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا، لوگ اپنے زکوۃ لے کر آئیں گے، سونے کا، کوئی ایسا آدمی نہیں ملے گا جو اس سے لے۔ ایک آدمی کے زیر کفالت چالیس عورتیں ہوں گی، مرد کم ہوں گے اور عورتیں زیادہ ہوں گی۔

7263 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَأَصْحَابِي الَّذِينَ قَدِمُوا مَعِي فِي السَّفِينَةِ نُزُولًا فِي بَقِيعِ بُطْحَانَ، وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ، فَكَانَ يَتَنَاوَبُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ كُلَّ لَيْلَةٍ نَفَرٌ مِنْهُمْ، قَالَ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرے ساتھی تھے جو میرے ساتھ تھے کشتی میں آئے تھے' بقیع بطحان میں اترے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ شریف میں تھے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عشاء کی نماز کے وقت ہر رات ان میں سے ایک گروہ آیا کرتا تھا۔ حضرت

7262- أخرجه البخاري جلد2صفحه135 قال: حدثنا محمد بن العلاء .

7263- أخرجه البخاري جلد1صفحه148 قال: حدثنا محمد بن العلاء .

أَبُو مُوسَى: فَوَافَقْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَأَصْحَابِي وَلَهُ بَعْضُ الشُّغْلِ فِي بَعْضِ أَمْرِهِ، فَأَعْتَمَ بِالصَّلَاةِ حَتَّى ابْهَارَّ اللَّيْلُ ، حَتَّى خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ، قَالَ لِمَنْ حَضَرَهُ: عَلَى رِسْلِكُمْ، أَبْشِرُوا، إِنَّ مِنْ نِعْمَةِ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ أَنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَحَدٍ مِنَ النَّاسِ يُصَلِّي هَذِهِ الصَّلَاةَ غَيْرَكُمْ - أَوْ قَالَ: مَا صَلَّى هَذِهِ السَّاعَةَ أَحَدٌ غَيْرَكُمْ ، لَا يَدْرِي أَيَّ الْكَلِمَتَيْنِ، قَالَ: قَالَ أَبُو مُوسَى: فَرَجَعْنَا فَرِحِينَ بِمَا سَمِعْنَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے اور میرے دوستوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی موافقت کی آپ کو کسی معاملے میں کچھ کام تھا' پس آپ نے عشاء کی نماز گزاری یہاں تک کہ آدھی رات ہوگئی یہاں تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نکلے' پس جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز پڑھ لی تو حاضرین سے فرمایا: اپنی اپنی جگہ ٹھہرے رہو' تم لوگوں کو خوشخبری ہو! بے شک اللہ کی ایک نعمت تم پر ہے کہ لوگوں میں سے کوئی نہیں ہے جو تمہارے سوا اس نماز کو پڑھتا ہو۔یا فرمایا: نہیں پڑھی یہ نماز کسی ایک نے تمہارے سوا۔ راوی کو معلوم نہ ہو سکا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دو میں سے کون سے کلمات ارشاد فرمائے۔ راوی کا بیان ہے: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس ہم واپس آئے اس حال میں کہ ہم خوش تھے' اس چیز کی وجہ سے جو ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی۔

7264 - عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهُ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی اللہ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے، اللہ بھی اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے۔ جو اللہ سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے، اللہ بھی اس سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے۔

7265 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ زَمَنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ يُصَلِّي بِأَطْوَلَ قِيَامٍ وَرُكُوعٍ وَسُجُودٍ رَأَيْتُهُ يَفْعَلُهُ فِي صَلَاةٍ قَطُّ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ هَذِهِ الْآيَاتِ الَّتِي

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں سورج گرہن لگ گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر نماز پڑھائی، لمبا قیام اور رکوع وسجدہ کیا۔ اتنا لمبا قیام و رکوع وسجدہ کسی اور نما

7264- أخرجه البخاری جلد8صفحه132 قال: حدثنی محمد بن العلاء .

7265- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد1صفحه145 . ومسلم فی صحيحه جلد1صفحه229 .

تُرْسَلُ لَا تَكُونُ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ، وَلَكِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُرْسِلُهَا يُخَوِّفُ بِهَا عِبَادَهُ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا فَافْزَعُوا إِلَى ذِكْرِهِ وَدُعَائِهِ وَاسْتِغْفَارِهِ

زمیں نہیں کرتے تھے۔ پھر فرمایا: یہ اللہ کی نشانیاں ہیں جو بھیجتا ہے۔ یہ کسی کی موت و زندگی کی وجہ سے نہیں لگتا۔ لیکن اللہ عزوجل بھیجتا ہے اپنے بندوں کو ڈرانے کے لیے۔ جب تم ان میں سے کوئی شے دیکھوتو اللہ کے ذکر و دعا، واستغفار کی طرف جلدی کیا کرو۔

7266 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَشْيَاءَ كَرِهَهَا، فَلَمَّا أُكْثِرَ عَلَيْهِ غَضِبَ، ثُمَّ قَالَ لِلنَّاسِ: سَلُونِي عَمَّا شِئْتُمْ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَنْ أَبِي؟ قَالَ: أَبُوكَ حُذَافَةُ، فَقَالَ آخَرُ: مَنْ أَبِي يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: أَبُوكَ سَالِمٌ مَوْلَى شَيْبَةَ، فَلَمَّا رَأَى عُمَرُ مَا فِي وَجْهِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْغَضَبِ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّا نَتُوبُ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ناپسندیدہ اشیاء کے متعلق سوال کیا گیا جب کثرت سے سوال ہونے لگے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غصہ آیا۔ پھر لوگوں سے فرمایا: جوتم چاہو مجھ سے پوچھو۔ ایک آدمی نے عرض کی، میرے باپ کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرا باپ حذیفہ ہے۔ دوسرے نے سوال کیا، میرا باپ کون ہے، یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرا باپ سالم شیبہ کا غلام ہے۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے مبارک میں غصہ کے آثار دیکھے۔ عرض کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتے ہیں۔

7267 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ وَنَحْنُ سِتَّةُ نَفَرٍ بَيْنَنَا بَعِيرٌ نَعْتَقِبُهُ، قَالَ: فَنَقِبَتْ أَقْدَامُنَا وَنَقِبَتْ قَدَمَايَ، وَسَقَطَ أَظْفَارِي، فَكُنَّا نَلُفُّ عَلَى أَرْجُلِنَا الْخِرَقَ، قَالَ: فَسُمِّيَتْ غَزْوَةُ ذَاتِ الرِّقَاعِ لِمَا كُنَّا نَعْصِبُ عَلَى أَرْجُلِنَا مِنَ الْخِرَقِ، قَالَ أَبُو

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں نکلے۔ ہم چھ افراد تھے۔ ہمارے ساتھ ایک اونٹ تھا۔ ہم باری باری سوار ہوتے تھے۔ ہمارے قدموں پہ زخم آ گیا۔ میرے دونوں قدموں پر زخم آئے، میرے ناخن گر گئے۔ ہم نے اپنے پاؤں پر پٹیاں باندھ لیں۔ اس غزوہ کا نام پٹیوں والا

7266- أخرجه البخاري جلد1صفحه34 قال: حدثنا محمد بن العلاء .

7267- أخرجه البخاري جلد5صفحه145 قال: حدثنا محمد بن العلاء .

بُرْدَةَ فَحَدَّثَ أَبُو مُوسَى بِهَذَا الْحَدِيثِ، ثُمَّ كَرِهَ ذَلِكَ، فَقَالَ: مَا كُنْتُ أَصْنَعُ بِأَنْ أَذْكُرَ هَذَا الْحَدِيثَ، قَالَ: لِأَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَكُونَ شَيْئًا مِنْ عَمَلِهِ أَفْشَاهُ، قَالَ أَبُو أُسَامَةَ، وَقَالَ غَيْرُهُ: اللَّهُ يَجْزِي بِهِ

غزوہ رکھا گیا کیونکہ ہم نے اپنے پاؤں پر پٹیاں باندھ لیں تھیں۔ حضرت ابوبردہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے سامنے یہ حدیث بیان کی گئی تو اُنہوں نے فرمایا: میں یہ کام کرنے والا نہیں ہوں کہ میں یہ حدیث بیان کروں' فرمایا: کیونکہ انہوں نے اپنے عمل پر میں سے کسی چیز کو مشہور کرنے کو ناپسند کیا۔ حضرت ابواسامہ کا قول ہے: ان کے علاوہ کسی دوسرے آدمی نے کہا: اللہ اس کی جزا دے گا۔

7268 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَاهَدُوا الْقُرْآنَ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَهُوَ أَشَدُّ تَفَلُّتًا مِنَ الْإِبِلِ مِنْ عُقُلِهَا

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن کا دور کیا کرو۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، اونٹ کی نکیل نکلنے سے بھاگنے کی صورت میں اس سے زیادہ سینوں سے نکل جانے والا ہے۔

7269 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الْبَيْتِ الَّذِي يُذْكَرُ اللَّهُ فِيهِ، وَالْبَيْتِ الَّذِي لَا يُذْكَرُ اللَّهُ فِيهِ مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ، الَّذِي يُذْكَرُ اللَّهُ فِيهِ وَالْبَيْتُ الَّذِي لَا يُذْكَرُ اللَّهُ فِيهِ مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس گھر کی مثال جس میں اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے اور وہ گھر جس میں اللہ کا ذکر نہیں کیا جاتا ہے، زندہ اور مردہ کی ہے۔

7270 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّمَا مَثَلُ جَلِيسِ الصَّالِحِ وَجَلِيسِ السُّوءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيرِ، فَحَامِلُ الْمِسْكِ إِمَّا أَنْ يُحْذِيَكَ، وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ،

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سچے آدمی اور برے آدمی کے پاس بیٹھنے کی مثال اس طرح ہے کہ جس طرح کستوری کی خوشبو اُٹھانے والے اور پھونکنی میں پھونک مارنے والے

7268- أخرجه أحمد جلد4صفحه397 قال: حدثنا أبو أحمد .

7269- أخرجه البخاري جلد8صفحه107 قال: حدثنا محمد بن العلاء .

7270- الحديث سبق برقم: 7233 فراجعه .

وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا طَيِّبَةً، وَنَافِخُ الْكِيرِ إِمَّا أَنْ يَحْرِقَ ثِيَابَكَ ، وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا مُنْتِنَةً

کی ہے۔اس سے خوشبو نہیں پائے گا تو نقصان نہیں ہوگا اگر بیٹھے گا تو خوشبو تو ضرور پائے گا۔ برے آدمی کے پاس بیٹھنے کی مثال دھونی پھونکنے والے کی ہے کہ یا تو تیرے کپڑے جلائیں گے یا اس سے بدبو پائے گا۔

7271 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْمَمْلُوكِ الَّذِي يُحْسِنُ عِبَادَةَ رَبِّهِ وَيُؤَدِّي إِلَى سَيِّدِهِ الَّذِي لَهُ عَلَيْهِ مِنَ الْحَقِّ وَالنَّصِيحَةِ وَالطَّاعَةِ أَجْرَانِ: أَجْرُ مَا أَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ، وَأَجْرُ مَا أَدَّى إِلَى مَلِيكِهِ الَّذِي لَهُ عَلَيْهِ مِنَ الْحَقِّ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ غلام جو اچھے طریقے سے اپنے رب کی عبادت کرے اور اپنے آقا کا حق ادا کرے' اس کیلئے مخلص ہو اور اس کا کہا مانے تو اس کیلئے دو اجر ہیں: اپنے رب کی خوبصورت عبادت کرنے کا ثواب اور اپنے آقا کا حق ادا کرنے کا ثواب۔

7272 - وَبِهِ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْأَشْعَرِيِّينَ إِذَا أَرْمَلُوا فِي الْغَزْوِ، أَوْ قَلَّ طَعَامُ عِيَالِهِمْ بِالْمَدِينَةِ جَمَعُوا مَا كَانَ عِنْدَهُمْ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ اقْتَسَمُوا بَيْنَهُمْ فِي إِنَاءٍ وَاحِدٍ بِالسَّوِيَّةِ، وَهُمْ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُمْ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اشعری لوگ جنگ میں جب تیر اندازی کرتے ہیں یا ان کا کھانا ان کے عیال پر مدینہ میں کم ہو جاتا ہے وہ سارا کھانا ایک کپڑے میں جمع کر لیتا ہے' پھر آپس میں برابری کے ساتھ ایک برتن کے ذریعے تقسیم کرتے ہیں وہ مجھ سے ہیں میں اُن سے ہوں۔

7273 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مَثَلِي وَمَثَلَ مَا بَعَثَنِي اللّٰهُ بِهِ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَتَاهُ قَوْمُهُ فَقَالَ: يَا قَوْمِ إِنِّي رَأَيْتُ الْجَيْشَ، إِنِّي أَنَا النَّذِيرُ الْعُرْيَانُ، فَالنَّجَاءَ ، فَأَطَاعَهُ طَائِفَةٌ مِنْ قَوْمِهِ فَأَدْلَجُوا فَانْطَلَقُوا عَلَى مَهَلِهِمْ ،

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میری مثال اور جس چیز کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے مجھے مبعوث فرمایا ہے' اس کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کے پاس اس کی قوم آئے تو وہ کہے: اے میری قوم! بے شک میں نے ایک

7271- الحديث سبق برقم: 7220 فراجعه .

7272- أخرجه البخاري جلد3صفحه181 قال: حدثنا محمد بن العلاء .

7273- أخرجه البخاري جلد8صفحه126 وجلد9صفحه155 قال: حدثنا محمد بن العلاء أبو كُريب .

فَنَجَوْا، وَكَذَّبَتْ طَائِفَةٌ فَأَصْبَحُوا مَكَانَهُمْ، فَصَبَّحَهُمُ الْجَيْشُ فَاجْتَاحَهُمْ، فَذَلِكَ مَثَلُ مَنْ أَطَاعَنِي فَاتَّبَعَ مَا جِئْتُ بِهِ، وَمَثَلُ مَنْ عَصَانِي وَكَذَّبَ مَا جِئْتُ بِهِ مِنَ الْحَقِّ

لشکر دیکھا ہے' بے شک میں واضح ڈر سنانے والا ہوں' پس نجات کی راہ تلاش کرو۔ پس اس کی قوم میں سے ایک گروہ اس کی بات مان لے۔ پس وہ رات کو سفر شروع کر لیں۔ آہستہ آہستہ چلے جائیں' پس وہ گروہ نجات پا جائے اور ایک گروہ جھٹلانے کا مرتکب ہو' پس وہ اسی جگہ صبح کریں' وہ لشکر ان پر حملہ کر دے اور ان کو ہلاک کر دے۔ پس یہ مثال ہے اس آدمی کی جو میری اطاعت کرے اور جو چیز میں لایا ہوں' اس کی پیروی کرے اور اس آدمی کی جس نے میری نافرمانی کی اور جو حق میں لایا ہوں' اس کو جھٹلایا۔

7274 - عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ مَثَلَ مَا أَتَانِي اللَّهُ بِهِ مِنَ الْهُدَى وَالْعِلْمِ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَصَابَ أَرْضًا، فَكَانَتْ مِنْهَا طَائِفَةٌ طَيِّبَةٌ قَبِلَتِ الْمَاءَ، فَأَنْبَتَتِ الْكَلَأَ وَالْعُشْبَ الْكَثِيرَ، وَكَانَتْ مِنْهَا إِخَاذَاتٌ أَمْسَكَتِ الْمَاءَ، فَنَفَعَ اللَّهُ بِهَا النَّاسَ، فَشَرِبُوا مِنْهَا وَسَقَوْا وَزَرَعُوا، وَأَصَابَتْ مِنْهَا طَائِفَةٌ أُخْرَى ' إِنَّمَا هِيَ قِيعَانٌ لَا تُمْسِكُ مَاءً وَلَا تُنْبِتُ كَلَأً، فَذَلِكَ مَثَلُ مَنْ فَقُهَ فِي دِينِ اللَّهِ وَنَفَعَهُ مَا بَعَثَنِي اللَّهُ بِهِ ' فَعَلِمَ وَعَلَّمَ، وَمَثَلُ مَنْ لَمْ يَرْفَعْ بِذَلِكَ رَأْسًا وَلَمْ يَقْبَلْ هُدَى اللَّهِ الَّذِي أُرْسِلْتُ بِهِ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری مثال اور اس کی مثال جو مجھے ہدایت اور علم اللہ نے دے کر بھیجا ہے اس بادل کی طرح ہے جو کسی زمین پر برسے' اس زمین کا ایک ٹکڑا اچھا ہو' وہ پانی کو قبول کرے' پس وہ کثیر گھاس اور چارہ پیدا کرے اور اس کے تالاب جو پانی کو روک لیں' پس ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ لوگوں کو نفع پہنچائے' لوگ اس سے پانی پییں' پلائیں اور کھیتی کاشت کریں لیکن زمین کا ایک حصہ ایسا ہو جس پر بادل برسے اور وہ ہموار سطح زمین ہو' نہ وہ پانی کو روکے نہ چارہ اُگائے۔ پس یہ مثال ہے اس آدمی کی جو اللہ کے دین میں سمجھ بوجھ حاصل کرے اور دین کو نفع پہنچائے' جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں' پس وہ علم حاصل کرے اور دوسروں کو سکھائے اور مثال

7274- أخرجه أحمد جلد4صفحه399 قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

ہے اس آدمی کی جو اس کے ساتھ اپنے سر نہ اُٹھائے اور اس ہدایت کو قبول نہ کرے جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں۔

7275 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الْمُسْلِمِينَ وَالْيَهُودِ وَالنَّصَارَى كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَأْجَرَ قَوْمًا يَعْمَلُونَ لَهُ عَمَلًا يَوْمًا إِلَى اللَّيْلِ عَلَى أَجْرٍ مَعْلُومٍ، فَعَمِلُوا لَهُ إِلَى نِصْفِ النَّهَارِ، ثُمَّ قَالُوا: لَا حَاجَةَ لَنَا فِي أَجْرِكَ الَّذِي شَرَطْتَ لَنَا، وَمَا عَمِلْنَا بَاطِلٌ، فَقَالَ لَهُمْ: لَا تَفْعَلُوا، اعْمَلُوا بَقِيَّةَ يَوْمِكُمْ وَخُذُوا أَجْرَكُمْ كَامِلًا، فَأَبَوْا وَتَرَكُوا ذَلِكَ عَلَيْهِ، فَاسْتَأْجَرَ قَوْمًا آخَرِينَ بَعْدَهُمْ وَقَالَ: اعْمَلُوا بَقِيَّةَ يَوْمِكُمْ وَلَكُمُ الَّذِي شَرَطْتُ لَهُمْ مِنَ الْأَجْرِ، فَعَمِلُوا حَتَّى إِذَا كَانَ حِينَ صَلَاةِ الْعَصْرِ قَالُوا: لَكَ الَّذِي عَمِلْنَا بَاطِلٌ، وَلَكَ الْأَجْرُ الَّذِي جَعَلْتَ لَنَا، لَا حَاجَةَ لَنَا فِيهِ، قَالَ: اعْمَلُوا بَقِيَّةَ عَمَلِكُمْ، فَإِنَّ مَا بَقِيَ مِنَ النَّهَارِ شَيْءٌ يَسِيرٌ، ثُمَّ خُذُوا أَجْرَكُمْ، فَأَبَوْا عَلَيْهِ، فَاسْتَأْجَرَ قَوْمًا آخَرِينَ، فَعَمِلُوا لَهُ بَقِيَّةَ يَوْمِهِمْ حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ وَاسْتَكْمَلُوا أَجْرَ الْفَرِيقَيْنِ كِلَيْهِمَا وَالْأَجْرَ كُلَّهُ، فَذَلِكَ مَثَلُ الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى وَالَّذِينَ تَرَكُوا مَا أَمَرَهُمُ اللَّهُ بِهِ، وَمَثَلُ الْمُسْلِمِينَ الَّذِينَ قَبِلُوا هُدَى اللَّهِ وَمَا جَاءَ بِهِ رَسُولُهُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کی مثال جو مجھے اللہ نے ہدایت اور علم دیا ہے۔ اس طرح ہے کہ بارش ایک زمین پر برسی۔ اس زمین کا ایک ٹکڑا اچھا ہوا۔ وہ پانی قبول کرے اس سے گھاس اور بہت زیادہ گھاس اگے گی۔ ان میں سے ایک ٹکڑا پانی کو روک لے۔ اللہ عزوجل اس کے ساتھ لگوں کو نفع دے۔ لوگ اس سے پئیں اور اپنی کھیتیاں سیراب کریں۔ ان میں سے ایک دوسرا زمین کا ٹکڑا ہو، وہ بنجر ہو، وہ نہ پانی کو روکتا ہے نہ گھاس اُگاتا ہے اس طرح اس کی مثال جو اللہ کے دین میں سمجھ حاصل کرتا ہے اس سے نفع دے جو مجھے اللہ نے دکھا کر بھیجا ہے۔ خود بھی سکھا اور لوگوں کو بھی سکھایا۔ اس کی مثال جو اللہ علم حاصل کرنے کے لیے سر نہیں اٹھائے۔ اس نے اللہ کی ہدایت کو قبول نہیں کیا۔ جو مجھے وعدہ دے کر بھیجا گیا ہے۔

7276 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب

7275- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 1 صفحه 146، جلد 3 صفحه 118 .

أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: لَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ بَعَثَ أَبَا عَامِرٍ عَلَى جَيْشٍ إِلَى أَوْطَاسَ، فَلَقِيَ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ فَقَتَلَ دُرَيْدًا وَهَزَمَ اللَّهُ أَصْحَابَهُ، قَالَ أَبُو مُوسَى: وَبَعَثَنِي مَعَ أَبِي عَامِرٍ، قَالَ: فَرُمِيَ أَبُو عَامِرٍ فِي رُكْبَتِهِ، رَمَاهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي جُشَمٍ بِسَهْمٍ، فَأَثْبَتَهُ فِي رُكْبَتِهِ، فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ: يَا عَمِّ، مَنْ رَمَاكَ؟ فَأَشَارَ أَبُو عَامِرٍ إِلَى أَبِي مُوسَى: أَنَّ ذَاكَ قَاتِلِي، تُرَاهُ ذَاكَ الَّذِي رَمَانِي، قَالَ أَبُو مُوسَى: فَقَصَدْتُ لَهُ، فَاعْتَمَدْتُ لَهُ فَلَحِقْتُهُ، فَلَمَّا رَآنِي وَلَّى عَنِّي ذَاهِبًا فَاتَّبَعْتُهُ، وَجَعَلْتُ أَقُولُ: أَلَا تَسْتَحِي؟ أَلَا تَثْبُتُ؟ أَلَا تَسْتَحِي؟ أَلَسْتَ عَرَبِيًّا؟ فَكَفَّ، فَالْتَقَيْتُ أَنَا وَهُوَ، فَاخْتَلَفْنَا أَنَا وَهُوَ ضَرْبَتَيْنِ، فَضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ فَقَتَلْتُهُ ثُمَّ رَجَعْتُ إِلَى أَبِي عَامِرٍ فَقُلْتُ: قَدْ قَتَلَ اللَّهُ صَاحِبَكَ، قَالَ: فَانْزِعْ هَذَا السَّهْمَ، فَنَزَعْتُهُ، فَنَزَلَ مِنْهُ الْمَاءُ، قَالَ: يَا ابْنَ أَخِي، انْطَلِقْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ، وَقُلْ لَهُ: يَقُولُ لَكَ: اسْتَغْفِرْ لِي، قَالَ: فَاسْتَخْلَفَنِي أَبُو عَامِرٍ، وَمَكَثَ يَسِيرًا، ثُمَّ إِنَّهُ مَاتَ، فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلْتُ عَلَيْهِ وَهُوَ فِي بَيْتٍ عَلَى سَرِيرٍ، وَقَدْ أَثَّرَ السَّرِيرُ بِظَهْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَنْبَيْهِ، فَأَخْبَرْتُهُ خَبَرَنَا وَخَبَرَ أَبِي عَامِرٍ، فَقُلْتُ: إِنَّهُ قَدْ قَالَ: اسْتَغْفِرْ لِي،

حضور ﷺ حنین کی جنگ سے فارغ ہوئے۔ آپ ﷺ نے ابو عامر کو اوطاس کی طرف لشکر پر سپہ سالار بنا کر بھیجا۔ وہ درید بن صمہ سے ملا۔ انہوں نے درید کو قتل کر دیا۔ اللہ عزوجل نے اس کے ساتھیوں کو شکست دی۔ حضرت ابوموسیٰ فرماتے ہیں: مجھے بھی ابوعامر کے ساتھ بھیجا۔ حضرت ابوعامر کے گھٹنوں میں تیر مارا گیا۔ بنوجشم قبیلے کے ایک آدمی نے ان کو تیر پھینکا پس وہ ان کے گھٹنوں میں پیوست ہوگیا۔ پس ان کے قریب گیا' میں نے کہا: اے چچا! تجھے کس نے تیر مارا ہے؟ پس ابوعامر نے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا کہ دیکھ وہ میرا قاتل ہے' اسی آدمی نے مجھے تیر مارا ہے۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اس کا ارادہ کیا' میں پختہ ارادہ کر کے اس کے پیچھے گیا۔ جب اس نے مجھے دیکھا تو مجھ سے بھاگ نکلا' میں بھی اس کے پیچھے دوڑا اور یہ کہنا شروع کر دیا: ارے تجھے حیاء نہیں آتی؟ کیا تُو ٹھہرے گا نہیں؟ کیا تُو بے حیاء ہے؟ کیا تُو عربی نہیں ہے۔ پس ہم نے ایک دوسرے کو دو دو لگائیں' پس میں نے اسے تلوار مار کر قتل کر دیا' پھر میں ابوعامر کے پاس واپس آیا۔ میں نے کہا: تیرے قاتل کو اللہ نے مار دیا ہے۔ ابوعامر نے کہا: یہ تیر کھینچو۔ پس میں نے اسے کھینچ لیا۔ اس سے پانی اتر آیا۔ انہوں نے فرمایا: اے میرے بھائی کے بیٹے! رسول کریم ﷺ کی خدمت میں جا کر میرا سلام عرض کرنا اور کہنا: وہ آپ سے عرض کر رہا تھا: میرے لیے بخشش طلب کریں۔ فرماتے ہیں: ابوعامر

قَالَ: فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهُ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ أَبِي عَامِرٍ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَوْقَ كَثِيرٍ مِنْ خَلْقِكَ وَمِنَ النَّاسِ، فَقُلْتُ: وَلِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاسْتَغْفِرْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَهُ، وَأَدْخِلْهُ مُدْخَلًا كَرِيمًا، قَالَ أَبُو بُرْدَةَ: إِحْدَاهُمَا لِأَبِي عَامِرٍ وَالْأُخْرَى لِأَبِي مُوسَى

نے مجھے اپنا نائب بنایا' تھوڑی دیر کے بعد اس دنیا سے چل بسے۔ پس جب میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں واپس آیا تو میں حاضر ہوا اس حال میں کہ آپ گھر میں چارپائی پر تشریف فرما تھے جبکہ اس چارپائی کے بان کے نشانات رسول کریم ﷺ کی پیٹھ اور پلو میں ظاہر ہو چکے تھے' پس میں نے اپنی اور حضرت ابوعامر کی خبر دی۔ میں نے عرض کی: اُنہوں نے کہا: میرے لیے استغفار کریں' آپ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے پانی منگوا کر وضو فرمایا' پھر ہاتھ اُٹھا دیئے' پھر کہا: اے اللہ! ان کو قیامت کے دن اپنی کثیر مخلوق اور لوگوں سے بلند درجہ والا بنا دے۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے لیے بھی دعا کریں۔ تو رسول کریم ﷺ نے کہا: اے اللہ! عبداللہ بن قیس کے گناہ بخش دے اور اسے عزت والی جگہ داخل فرما۔ حضرت ابوبردہ فرماتے ہیں: پہلی دعا ابوعامر کیلئے اور دوسری حضرت ابوموسیٰ کیلئے تھی۔

7277 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَازِلًا بِالْجِعْرَانَةِ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ وَمَعَهُ بِلَالٌ، فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ لَهُ: أَلَا تُنْجِزُ لِي يَا مُحَمَّدُ مَا وَعَدْتَنِي؟ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبْشِرْ، فَقَالَ لَهُ الْأَعْرَابِيُّ: قَدْ أَكْثَرْتَ عَلَيَّ مِنَ الْبُشْرِ قَالَ: فَأَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَبِي مُوسَى وَبِلَالٍ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ کے پاس مکہ اور مدینہ کے درمیان جعرانہ کے مقام پر میں اُترا ہوا تھا' آپ ﷺ کے ساتھ حضرت بلال بھی تھے' رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں ایک اعرابی آیا' اس نے عرض کی: اے محمد! جو آپ نے وعدہ فرمایا تھا' کیا اسے پورا نہیں کریں گے؟ رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: تجھے بشارت ہو! پس اس نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی: آپ نے مجھ پر بشارتوں کی تو

7277- أخرجه البخاري جلد **1** صفحه **60** وجلد **5** صفحه **199** قال: حدثنا محمد بن العلاء.

كَهَيْئَةِ الْغَضْبَانِ، فَقَالَ: إِنَّ هَذَا قَدْ رَدَّ الْبُشْرَى، فَاقْبَلَا أَنْتُمَا ، فَقَالَا: قَبِلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ وَمَجَّ فِيهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُمَا: اشْرَبَا مِنْهُ، وَأَفْرِغَا عَلَى وُجُوهِكُمَا وَنُحُورِكُمَا ، فَأَخَذَا الْقَدَحَ فَفَعَلَا مَا أَمَرَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَادَتْنَا أُمُّ سَلَمَةَ مِنْ وَرَاءِ السُّتْرِ: أَنْ أَفْضِلَا لِأُمِّكُمَا مِمَّا فِي إِنَائِكُمَا، فَأَفْضَلَا لَهَا مِنْهُ طَائِفَةً

کثرت کر دی ہے۔ راوی کہتا ہے: فوراً رسول کریم ﷺ' ابوموسیٰ اور حضرت بلال کی طرف منہ کر کے غصے کی حالت میں فرمانے لگے: اس نے میری بشارت کو ردّ کر دیا ہے' پس تم دونوں قبول کر لو۔ پس انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم نے قبول کی۔ پس رسول کریم ﷺ نے ایک پانی کا پیالہ منگوا کر اس میں ہاتھ' منہ دھو کر کلی کی' پھر ان دونوں سے فرمایا: اس سے پیؤ اپنے مونہوں اور سینوں پر ڈالو۔ پس ان دونوں نے پیالہ پکڑا تو ایسے ہی کیا جیسے رسول کریم ﷺ نے حکم دیا تھا۔ پس پردے کے پیچھے سے حضرت اُم سلمہ نے آواز دے کر کہا: جو تمہارے برتن میں ہے' اس میں سے اپنی ماں کیلئے بھی بچائیں' پس انہوں نے ان کیلئے کچھ پانی بچایا۔

7278 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: وُلِدَ لِي غُلَامٌ، فَأَتَيْتُ بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمَّاهُ إِبْرَاهِيمَ، وَحَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ، وَدَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ، وَدَفَعَهُ إِلَيَّ ، وَكَانَ أَكْبَرَ وَلَدِ أَبِي مُوسَى

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرا بیٹا پیدا ہوا تو میں اسے لے کر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' پس آپ نے اس کا نام ابراہیم رکھا' کھجور کے ساتھ اسے گھٹی دی اور اس کے لیے برکت کی دعا فرمائی' پھر میرے حوالے کر دیا (شاید دوسرے راوی کی بات ہو کہ) یہ حضرت ابوموسیٰ کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔

7279 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: بَلَغَنَا مَخْرَجُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِالْيَمَنِ فَخَرَجْنَا مُهَاجِرِينَ إِلَيْهِ، وَأَخَوَانِ لِي أَنَا أَصْغَرُهُمَا:

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول کریم ﷺ کے نکلنے کا علم ہوا جبکہ ہم یمن میں تھے' پس ہم آپ ﷺ کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلے'

7278- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**399** قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

7279- أخرجه البخاري جلد**1**صفحه**547,433**' وجلد**2**صفحه**608,607** .

أَحَدُهُمَا أَبُو بُرْدَةَ، وَالْآخَرُ أَبُو رُهْمٍ - إِمَّا قَالَ: بِضْعٌ، وَإِمَّا قَالَ: فِي ثَلَاثَةٍ أَوِ اثْنَيْنِ وَخَمْسِينَ رَجُلًا مِنْ قَوْمِي - فَرَكِبْنَا سَفِينَةً، فَأَلْقَتْنَا سَفِينَتُنَا إِلَى النَّجَاشِيِّ بِالْحَبَشَةِ، فَوَافَقْنَا جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ وَأَصْحَابُهُ عِنْدَهُ، قَالَ جَعْفَرٌ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنَا ' وَأَمَرَنَا بِالْإِقَامَةِ فَأَقِيمُوا مَعَنَا، فَأَقَمْنَا مَعَهُ حَتَّى قَدِمْنَا جَمِيعًا، قَالَ: فَوَافَقْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ فَتَحَ خَيْبَرَ فَأَسْهَمَ لَنَا - أَوْ قَالَ: فَأَعْطَانَا - مِنْهَا، وَمَا قَسَمَ لِأَحَدٍ غَابَ عَنْ فَتْحِ - يَعْنِي خَيْبَرَ - شَيْئًا إِلَّا لِمَنْ شَهِدَ مَعَهُ إِلَّا أَصْحَابَ سَفِينَتِنَا مَعَ جَعْفَرٍ وَأَصْحَابِهِ ' قَسَمَ لَهُمْ مَعَهُمْ، قَالَ: فَكَانَ نَاسٌ مِنَ النَّاسِ يَقُولُونَ لَنَا - يَعْنِي أَهْلَ السَّفِينَةِ -: سَبَقْنَاكُمْ بِالْهِجْرَةِ، قَالَ: فَدَخَلَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ - وَهِيَ مِمَّنْ قَدِمَ مَعَنَا - عَلَى حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرَةً، وَقَدْ كَانَتْ هَاجَرَتْ إِلَى النَّجَاشِيِّ فِيمَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِ، فَدَخَلَ عُمَرُ عَلَى حَفْصَةَ وَأَسْمَاءُ عِنْدَهَا، فَقَالَ عُمَرُ حِينَ رَأَى أَسْمَاءَ: مَنْ هَذِهِ؟ قَالَتْ: أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ، قَالَ عُمَرُ: الْحَبَشِيَّةُ هَذِهِ؟ الْبَحْرِيَّةُ هَذِهِ؟ فَقَالَتْ أَسْمَاءُ: نَعَمْ، قَالَ عُمَرُ: سَبَقْنَاكُمْ بِالْهِجْرَةِ، نَحْنُ أَحَقُّ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَضِبَتْ، وَقَالَتْ كَلِمَةً: يَا عُمَرُ، كَلَّا وَاللَّهِ ' كُنْتُمْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُطْعِمُ جَائِعَكُمْ، وَيَعِظُ جَاهِلَكُمْ، وَكُنَّا

میرے دو بھائی تھے' میں ان دونوں سے چھوٹا تھا' ان میں سے ایک ابو بردہ اور دوسرے ابورُھم تھے۔ یا فرمایا: چند ایک تھے یا ۵۳ یا ۵۲' فرمایا: جو میری قوم کے ساتھ۔ پس ہم کشتی پر سوار ہوئے' پس ہماری کشتی نے ہمیں حبشہ میں نجاشی کے پاس جا اُتارا۔ پس ہم اس کے پاس پہنچ کر حضرت جعفر بن ابوطالب اور ان کے ساتھیوں سے مل گئے۔ حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بھیجا ہے اور یہاں مقیم ہونے کا حکم فرمایا ہے' پس تم بھی ہمارے ساتھ ہی مقیم ہو جاؤ۔ پس ہم ان کے ساتھ رہائش پذیر ہو گئے حتیٰ کہ ہم سارے اکٹھے ہوئے۔ فرماتے ہیں: جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر فتح فرمایا تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جا ملے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لیے مالِ غنیمت میں سے حصہ بھی مقرر فرمایا' یا کہا: اس میں سے کچھ ہمیں عطا فرمایا' حالانکہ جو فتح خیبر سے غیر حاضر تھا کسی کے لیے حصہ مقرر نہیں فرمایا مگر وہی حضرات جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر تھے' ہاں کشتی میں سوار ہو کر آنے والوں کے لیے ان کے ساتھ حصہ نکالا۔ فرماتے ہیں: لوگوں میں سے کچھ لوگ کہنے لگے' یعنی کشتی والے ہم سے ہجرت میں سبقت لے گئے۔ فرماتے ہیں: حضرت اسماء بنت عمیس (جبکہ وہ ہمارے ساتھ آنے والوں میں سے تھیں) حضرت حفصہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ کے پاس حاضر ہوئیں ملاقات کیلئے' حالانکہ وہ نجاشی کی طرف ہجرت کر چکی تھیں' ان لوگوں میں جنہوں نے اس کی طرف ہجرت کی۔ پس

فِي دَارٍ أَوْ فِي أَرْضِ الْبُعَدَاءِ الْبُغَضَاءِ بِالْحَبَشَةِ، وَذَلِكَ فِي اللَّهِ وَفِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَايْمُ اللَّهِ لَا أَطْعَمُ طَعَامًا، وَلَا أَشْرَبُ شَرَابًا حَتَّى أَذْكُرَ مَا قُلْتَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَحْنُ كُنَّا نُؤْذَى وَنَخَافُ، وَسَأَذْكُرُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَسْأَلُهُ، وَاللَّهِ لَا أَكْذِبُ وَلَا أَزِيغُ وَلَا أَزِيدُ عَلَى ذَلِكَ، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، إِنَّ عُمَرَ قَالَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا قُلْتِ لَهُ؟ ، قَالَتْ: قُلْتُ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: لَيْسَ بِأَحَقَّ بِي مِنْكُمْ، وَلَهُ وَلِأَصْحَابِهِ هِجْرَةٌ وَاحِدَةٌ، وَلَكُمْ أَنْتُمْ أَهْلَ السَّفِينَةِ هِجْرَتَانِ ، قَالَتْ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ أَبَا مُوسَى وَأَصْحَابَ السَّفِينَةِ يَأْتُونَنِي أَرْسَالًا يَسْأَلُونَنِي عَنْ هَذَا الْحَدِيثِ ' مَا مِنَ الدُّنْيَا شَيْءٌ هُمْ بِهِ أَفْرَحُ وَلَا أَعْظَمُ فِي أَنْفُسِهِمْ مِمَّا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ أَبُو بُرْدَةَ: قَالَتْ أَسْمَاءُ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ أَبَا مُوسَى وَإِنَّهُ لَيَسْتَعِيدُ هَذَا الْحَدِيثَ مِنِّي

حضرت عمرؓ حضرت حفصہ کے پاس تشریف لائے تو حضرت اسماء ان کے پاس موجود تھیں۔ حضرت عمر ﷺ نے حضرت اسماء کو جب دیکھا تو کہا: یہ کون ہے؟ اُنہوں نے بتایا: یہ اسماء بن عمیس ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ حبشی عورت ہے؟ یہ سمندری عورت ہے؟ حضرت اسماء نے جواب دیا: جی ہاں! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نے تم سے پہلے ہجرت کی ہے' ہم رسول کریم ﷺ کے زیادہ قریب ہیں۔ (یہ سن کر) آپ کو غصہ آ گیا اور کوئی کلمہ کہا: اے عمر! ہرگز نہیں! اللہ کی قسم! تم رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے' آپ ﷺ تمہارے بھوکے کو کھانا کھلاتے اور تمہارے اَن پڑھ کو وعظ فرماتے جبکہ ہم ایک گھر میں یا دُور زمین میں تھے جو بغض والی ہے اور حبشہ میں ہے اور یہ اللہ اور اس کے رسول کی راہ ہے' قسم بخدا! ہم نے کھانا نہیں کھایا' نہ ہی پانی پیا ہے حتیٰ کہ ذکر کرتے' اس چیز کو جو آپ نے رسول کریم ﷺ کے لیے کہی ہے (رسول ﷺ کے ساتھ ہجرت اور قرب) جبکہ ہم لوگوں کو تکالیف دی گئیں اور ہم ڈر کا شکار ہوئے اور میں عنقریب یہ باتیں رسول کریم ﷺ کے سامنے عرض کروں گی اور آپ ﷺ سے پوچھوں گی' قسم بخدا! میں جھوٹ نہیں بولتی ہوں' ٹیڑھی بات نہیں کرتی اور نہ ہی اس پر اضافہ کرتی ہوں' پس جب نبیٔ کریم ﷺ تشریف لائے تو اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! حضرت عمر نے اس اس طرح کہا ہے؟ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تو تم نے پھر اس سے کیا کہا ہے؟ آپ نے بتایا کہ میں نے

بھی پھر یہ یہ باتیں ان سے کی ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سے زیادہ میرا حق دار نہیں ہے اس کے لیے اور دیگر صحابہ کیلئے ایک ہی ہجرت ہے اور تم کشتی والوں کے لیے دو ہجرتیں ہیں۔ آپ فرماتی ہیں: میں نے حضرت ابوموسیٰ کو دیکھا اور ان کے ساتھیوں کو کہ وہ گروہ در گروہ میرے پاس آ رہے ہیں تا کہ اس حدیث کے بارے مجھ سے پوچھ سکیں دنیا میں سے کوئی شی نہیں ہے جس کے ساتھ وہ زیادہ خوش ہوں اور وہ ان کے دلوں میں زیادہ بڑی ہو اس سے جو رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ حضرت ابوبردہ کا قول ہے کہ حضرت اسماء نے فرمایا: پس میں نے ابوموسیٰ کو دیکھا وہ مجھ سے اس حدیث کے بار بار سنانے کا مطالبہ کرتے تھے۔

وَحَدَّثَنَا مَرَّةً أُخْرَى، وَقَالَ: لَكُمُ الْهِجْرَةُ مَرَّتَيْنِ، هَاجَرْتُمْ إِلَى النَّجَاشِيِّ وَهَاجَرْتُمْ إِلَيَّ

اور اُنہوں نے ایک بار پھر ہمیں حدیث سنائی اور فرمایا: تمہارے لیے ہجرت دو مرتبہ ہے۔ ایک بار تم نے نجاشی کی طرف اور دوسری بار میری طرف ہجرت کی۔

7280 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ أَصْوَاتَ رُفْقَةِ الْأَشْعَرِيِّينَ بِالْقُرْآنِ، وَإِنْ كُنْتُ لَا أَرَى مَنَازِلَهُمْ حِينَ نَزَلُوا بِالنَّهَارِ، وَأَعْرِفُ مَنَازِلَهُمْ مِنْ أَصْوَاتِهِمْ بِالْقُرْآنِ بِاللَّيْلِ، وَمِنْهُمْ حَكِيمٌ إِذَا لَقِيَ الْخَيْلَ - أَوْ قَالَ: الْعَدُوَّ - قَالَ لَهُمْ: إِنَّ أَصْحَابِي يَأْمُرُونَكُمْ أَنْ تَنْتَظِرُوهُمْ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک میں اشعری قبیلہ کے گروہ کی قرآن کے ساتھ بلند ہونے والی آوازوں کو پہچانتا ہوں اگرچہ میں اُن کے گھروں کو نہیں دیکھتا ہوں جب وہ دن کے وقت نزول کرتے ہیں رات کے وقت ان کی قرآن کے ساتھ جو آوازیں اُٹھتی ہیں ان سے میں ان کے گھروں کو بھی پہچان لیتا ہوں ان میں سے ایک کا نام حکیم ہے جب وہ گھوڑوں سے یا فرمایا: دشمن سے لڑائی

7280- أخرجه البخاري جلد5صفحه175 . وفي خلق أفعال العباد: 33 .

کے وقت ملتا ہے۔ آپ نے ان کیلئے فرمایا: بے شک میرے صحابہ تمہیں حکم دیتے ہیں کہ تم ان کا انتظار کرو۔

7281 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَعَثَ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِهِ فِي بَعْضِ أَمْرِهِ قَالَ: بَشِّرُوا وَلَا تُنَفِّرُوا، وَيَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے صحابہ میں سے کسی کو کسی کام کے سلسلہ میں بھیجتے تو فرماتے: تم بشارت دینا' نفرت نہ پھیلانا اور آسانیاں پیدا کرنا' مشکل پیدا کرنے سے بچنا۔

7282 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا بُرَيْدٌ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَرَجُلَانِ مِنْ بَنِي عَمِّي، فَقَالَ أَحَدُ الرَّجُلَيْنِ: أَيْ رَسُولَ اللّٰهِ ' أَمِّرْنَا عَلَى بَعْضِ مَا وَلَّاكَ اللّٰهُ، وَقَالَ الْآخَرُ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَالَ: إِنَّا وَاللّٰهِ لَا نُوَلِّي هَذَا الْعَمَلَ أَحَدًا سَأَلَهُ، وَلَا أَحَدًا حَرَصَ عَلَيْهِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اور میرے چچا کے بیٹوں میں سے دو آدمی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے' پس ان میں سے ایک آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمیں بھی امیر بنا دیجئے! کسی ایسی جگہ جن کا اللہ نے آپ کو والی بنایا ہے اور دوسرا بھی اسی طرح بولا۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میں کسی ایسے آدمی کو اس کام کا والی نہیں بناتا' جو مطالبہ کرے اور نہ اس کو جو اس پر حریص ہو۔

7283 - وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا ، ثُمَّ شَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مؤمن دوسرے مؤمن کیلئے چار دیواری کی مانند ہے' جس کا ایک حصہ دوسرے کو سہارا دیتا ہے' پھر اپنی انگلیون کو ایک دوسرے میں داخل فرمایا۔

7284 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ ظالم کو ڈھیل دیتا ہے یہاں تک کہ جب اس کی گرفت کرتا ہے تو پھر اس کو

7281- أخرجه مسلم في صحيحه جلد2صفحه82 .

7282- أخرجه البخاري في صحيحه جلد2صفحه1058 . ومسلم في صحيحه جلد2صفحه120 .

7283- الحديث سبق برقم: 7258 فراجعه .

7284- الحديث سبق برقم: 7250 فراجعه .

لَيُمْلِي لِلظَّالِمِ حَتَّى إِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُفْلِتْهُ، ثُمَّ قَرَأَ: (وَكَذَلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ) (هود:102)

چھوڑتا نہیں ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی: ''اور اسی طرح تیرے رب کی گرفت ہے جب کسی بستی والوں کو پکڑے اس حال میں کہ وہ ظالم ہوں' بے شک اس کی پکڑ دردناک اور سخت ہے''۔

7285 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَلَّافِ، حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ جَارِيَةٌ فَأَحْسَنَ إِلَيْهَا وَأَدَّبَهَا وَأَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا فَلَهُ أَجْرَانِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی لونڈی ہو' وہ اس سے اچھا سلوک کرے' اسے ادب سکھائے' اسے آزاد کرے اور اس کی شادی کردے تو اس کے لیے دو اجر ہیں۔

7286 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي وَهُوَ بِحَضْرَةِ الْعَدُوِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ أَبْوَابَ الْجَنَّةِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوفِ، قَالَ: فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ رَثُّ الْهَيْئَةِ فَقَالَ: يَا أَبَا مُوسَى، أَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَرَجَعَ إِلَى أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَقْرَأُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ، ثُمَّ كَسَرَ جَفْنَ سَيْفِهِ فَأَلْقَاهُ، ثُمَّ مَشَى بِسَيْفِهِ إِلَى الْعَدُوِّ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ

حضرت ابوبکر بن عبداللہ بن قیس فرماتے ہیں: میں نے اپنے والدِ گرامی سے سنا اس حال میں کہ وہ دشمن کے سامنے تھے' فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک جنت کے دروازے' تلواروں کے سائے کے نیچے ہیں۔ راوی کا بیان ہے: ایک آدمی کھڑا ہوا گروہ میں سے جس کی حالت بظاہر ناگفتہ تھی۔ پس اس نے کہا: اے ابوموسیٰ! کیا تُو نے یہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! راوی کہتا ہے: وہ اپنے دوستوں کی طرف واپس گیا اور کہا: میں تم پر سلام کہتا ہوں' پھر اپنی تلوار کی میان کو توڑ کر پھینک دیا۔ پھر اپنی تلوار لے کر دشمن کی طرف چل پڑا' اس نے خوب لڑائی کی حتیٰ کہ شہید ہوگیا۔

7287 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

7285- الحديث سبق برقم: **7220** فراجعه .

7286- اخرجه أحمد جلد**4**صفحه**396** قال: حدثنا بهز .

7287- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**394** قال: حدثنا وكيع' وعبد الرحمٰن' عن سفيان .

مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُودُوا الْمَرِيضَ، وَأَطْعِمُوا الْجَائِعَ، وَفُكُّوا الْعَانِيَ، يَعْنِي: الْأَسِيرَ

نے فرمایا: بیمار کی تیمارداری کرو' بھوکے کو کھانا کھلاؤ ور قیدی کو رہا کرواؤ۔ عانی کا معنی قیدی ہے۔

7288 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ أَبِي غَلَّابٍ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَبَّرَ - يَعْنِي الْإِمَامُ - فَكَبِّرُوا، وَإِذَا قَرَأَ فَأَنْصِتُوا

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب وہ تکبر کہے یعنی امام تو تم بھی تکبیر کہو لیکن جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو۔

7289 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ الْحَضْرَمِيُّ الْكُوفِيُّ ثِقَةٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ أَبِي مُوسَى، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُسْتَأْمَرُ الْيَتِيمَةُ فِي نَفْسِهَا، فَإِنْ سَكَتَتْ فَقَدْ أَذِنَتْ، وَإِنْ أَبَتْ لَمْ تُكْرَهْ

حضرت ابوبردہ بن ابوموسیٰ اپنے والد سے روایت کر کے فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بالغ لڑکی سے اجازت مانگی جائے' اس کی شادی کے وقت پس اگر وہ خاموش رہے تو یہ اس کی طرف سے اجازت ہے اور اگر وہ انکار کرے تو اسے مجبور نہ کیا جائے۔

7290 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

7291 - حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ الْأَحْوَلُ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي،

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتنہ کو بیان کیا: سونے والا اس میں بیٹھنے والے سے

7288- أخرجه مسلم فى صحيحه جلد4صفحه280 .

7289- الحديث فى المقصد العلى برقم:764 .

7290- الحديث سبق برقم:5994 فى مسند أبى هريرة رضى الله عنه .

7291- أخرجه أحمد جلد4صفحه408 قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا همام .

حَدَّثَنَا أَبُو عُثْمَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ جَنْدَلٍ، يُحَدِّثُهُ أَنَسٌ، أَنَّهُ سَمِعَ مِنْ أَبِي مُوسَى يَقُولُ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَ بِفِتْنَةٍ، النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْجَالِسِ، وَالْجَالِسُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي، أَوْ كَمَا قَالَ

بہتر ہوگا' اس میں بیٹھنے والا کھڑا ہونے والے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہونے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا' یا جیسے نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔

7292 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مُوسَى قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا مُوسَى يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَبْوَابُ الْجَنَّةِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوفِ، قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ رَثُّ الْهَيْئَةِ: يَا أَبَا مُوسَى أَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَجَاءَ إِلَى أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَقْرَأُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ، ثُمَّ كَسَرَ جَفْنَ سَيْفِهِ، ثُمَّ رَمَى بِهِ إِلَى الْعَدُوِّ، فَضَرَبَ بِهِ حَتَّى قُتِلَ

حضرت ابوبکر بن موسیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جنت کے دروازے تلواروں کے سائے کے نیچے ہیں۔ راوی کا بیان ہے: (یہ سن کر) ایک آدمی نے کہا جس کی حالت بظاہر سادہ تھی: اے ابوموسیٰ! کیا تُو نے یہ بات نبی کریم ﷺ سے سنی ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! آپ فرماتے ہیں: پس وہ اپنے دوستوں کی طرف آیا' اس نے کہا: میں تم پر سلام کہتا ہوں! پھر اپنی تلوار کی نیام توڑی پھر اس کو دشمن کی طرف پھینکا' پس اس کے ساتھ مارا حتیٰ کہ وہ شہید ہوگیا۔

7293 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عِمْرَانَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا، وَجَنَّتَانِ مِنْ ذَهَبٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا، وَلَيْسَ بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ أَنْ يَنْظُرُوا إِلَى رَبِّهِمْ عَزَّ

حضرت ابوبکر بن عبداللہ بن قیس اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: دو جنتیں چاندی کی ہیں' ان کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے اور دو جنتوں کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے وہ سونے کا ہے اور نہیں ہے قوم کے درمیان اور اس کے درمیان کہ وہ اپنے رب عزوجل کو دیکھیں مگر کبریائی کی

7292- الحديث سبق برقم: 7286 فراجعه .

7293- أخرجه أحمد جلد4صفحه411 قال: حدثنا علي بن عبد الله .

وَجَلَّ إِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِيَاءِ عَلَى وَجْهِهِ فِي جَنَّةِ عَدْنٍ

چادر جو جنت عدن میں اس کے چہرے پر ہے۔

7294 - وَعَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ خَيْمَةً مِنْ لُؤْلُؤَةٍ مُجَوَّفَةٍ، عَرْضُهَا سِتُّونَ مِيلًا، فِي كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا أَهْلٌ لَا يَرَاهُمُ الْآخَرُونَ، يَطُوفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُ

ان کے والد گرامی سے ہی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک جنت میں خیمے ہیں ایسے موتیوں سے بنے ہوئے جو اندر سے خالی ہیں' ان کی چوڑائی ساٹھ میل ہے' ان کے ہر کونے میں گھر والے ہیں' جن کو دوسرے نہیں دیکھ سکتے' مؤمن ان پر چکر لگائے گا۔

7295 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو عُمَيْسِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ الْجَدَلِيِّ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: كَانَ يَوْمُ عَاشُورَاءَ يَوْمًا تَصُومُهُ الْيَهُودُ وَيُعَظِّمُونَهُ، فَلَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ أَمَرَ بِصَوْمِهِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عاشوراء کا دن ایسا دن تھا کہ یہودی جس کا روزہ رکھا کرتے اور اس کی تعظیم بجالاتے۔ پس جب نبی کریم ﷺ مدینہ میں تشریف لائے تو آپ ﷺ نے اس دن کا روزہ رکھنے کا حکم دیا۔

7296 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، أَوْ سَعِيدٌ، عَنْ غَالِبٍ التَّمَّارِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ أَوْسٍ، أَنَّ أَبَا مُوسَى حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي الْأَصَابِعِ عَشْرًا عَشْرًا

حضرت مسروق سے روایت ہے کہ حضرت ابوموسیٰ نے ان سے حدیث بیان کی کہ رسول کریم ﷺ نے انگلیوں (کے قصاص) میں دس دس کا فیصلہ کیا۔

7297 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی

7294- أخرجه أحمد جلد4صفحه400 قال: حدثنا عفان .

7295- أخرجه البخاري في صحيحه جلد1صفحه562,268 ومسلم في صحيحه جلد1صفحه359 .

7296- أخرجه أحمد جلد4صفحه398,397' جلد4صفحه404 . والدارمي برقم: 2374 .

7297- الحديث سبق برقم: 7296 فراجعه .

بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ غَالِبٍ التَّمَّارِ، عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي الْأَصَابِعِ عَشْرًا عَشْرًا

کریم ﷺ نے انگلیوں (کے قصاص) میں دس دس کا فیصلہ فرمایا۔

مُسْنَدُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

مسند عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

7298 - وَبِهِ أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ زَاهِرُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّحَّامِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، أَخْبَرَنَا أَبُو سَعْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجَنْزَرُوذِيُّ قِرَاءَةً عَلَيْهِ، أَخْبَرَنَا أَبُو عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَمْدَانَ الْحِيرِيُّ، بِقِرَاءَةِ أَبِي جَعْفَرٍ الْعَزَّائِمِيِّ عَلَيْهِ فِي رَجَبٍ سَنَةَ خَمْسٍ وَسَبْعِينَ وَثَلَاثِمِائَةٍ، أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْدُدْ عَلَيْكَ ثِيَابَكَ، قَالَ: فَفَعَلْتُ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَوَجَدْتُهُ يَتَوَضَّأُ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ، فَصَعَّدَ فِيَّ الْبَصَرَ وَصَوَّبَهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَمْرُو، إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَبْعَثَكَ وَجْهًا، فَيُسَلِّمَكَ اللَّهُ وَيُغْنِمَكَ، وَأَرْغَبُ لَكَ مِنَ الْمَالِ رَغْبَةً صَالِحَةً، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي لَمْ أُسْلِمْ رَغْبَةً فِي الْمَالِ، إِنَّمَا أَسْلَمْتُ رَغْبَةً فِي الْجِهَادِ وَالْكَيْنُونَةِ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے اوپر کپڑے باندھو، میں نے ایسے ہی کیا ہم آپ ﷺ کے پاس آئے۔ میں نے آپ ﷺ کو وضو کرتے ہوئے پایا۔ آپ ﷺ نے اپنا سر اٹھایا۔ آپ ﷺ نے مجھے نیچے سے اوپر تک دیکھا، پھر اس کو درست قرار دیا۔ پھر مجھے فرمایا: اے ابوعمرو! میں ارادہ رکھتا ہوں کہ میں کسی کی طرف آپ رضی اللہ عنہ کو بھیجوں۔ اللہ تجھے سلامت رکھے اور تجھے مال غنیمت دے، میں تیرے لیے نیک مال کی رغبت رکھتا ہوں۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ میں مال کی رغبت کے لیے اسلام نہیں لایا ہوں۔ میں جہاد کی خاطر اسلام لایا ہوں۔ آپ ﷺ کی معیت حاصل کرنے کے لیے اسلام لایا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عمرو! اچھا مال نیک آدمی کے لیے کتنا اچھا ہے۔

7298- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه64 وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى، والطبراني في الكبير والأوسط .

مَعَكَ، فَقَالَ: يَا عَمْرُو، نِعِمَّا بِالْمَالِ الصَّالِحِ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ

7299 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ مَوْلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَصْلٌ بَيْنَ صِيَامِكُمْ وَصِيَامِ أَهْلِ الْكِتَابِ أَكْلَةُ السَّحَرِ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارے اور اہل کتاب کے درمیان روزوں کا فرق سحری کھانا ہے۔

7300 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ مَطَرٍ، عَنْ رَجَاءٍ، عَنْ قَبِيصَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: لَا تَلْبِسُوا عَلَيْنَا سُنَّةَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عِدَّةُ أُمِّ الْوَلَدِ عِدَّةُ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم ہم پر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو مشتبہ نہ کرو۔ ام ولد کی عدت اس کا آقا فوت ہو جائے، (اس کی عدت چار ماہ دس دن ہے)۔

7301 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: مَا رَأَيْتُ قُرَيْشًا أَرَادُوا قَتْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا يَوْمَ ائْتَمَرُوا بِهِ وَهُمْ جُلُوسٌ فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عِنْدَ الْمَقَامِ، فَقَامَ إِلَيْهِ عُقْبَةُ بْنُ أَبِي مُعَيْطٍ فَجَعَلَ رِدَاءَهُ فِي عُنُقِهِ، ثُمَّ جَذَبَهُ حَتَّى وَجَبَ لِرُكْبَتَيْهِ، وَتَصَايَحَ النَّاسُ، وَظَنُّوا أَنَّهُ مَقْتُولٌ، قَالَ: وَأَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ يَشْتَدُّ حَتَّى أَخَذَ بِضَبْعِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نہیں دیکھا قریش کو کہ انہوں نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کا ارادہ بنایا ہو مگر مشورہ کے دن وہ کعبہ کے سایہ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقام ابراہیم علیہ السلام کے سامنے نماز ادا کر رہے تھے۔ عقبہ بن ابی معیط کھڑا ہوا اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن میں چادر ڈال کر اس کو کھینچا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھٹنوں کے بل گر پڑے۔ لوگوں نے چیخیں مارنا شروع کر دیں، انہوں نے گمان کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دیا گیا ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے تیزی سے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

7299- أخرجه أحمد جلد4صفحه197 قال: حدثنا عبد الرحمٰن بن مهدى .

7300- أخرجه أحمد جلد4صفحه203 قال: حدثنا يزيد بن هارون .

7301- أخرجه البخارى فى خلق أفعال العباد صفحه39 .

وَسَلَّمَ مِنْ وَرَائِهِ وَهُوَ يَقُولُ: أَيَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ؟ ثُمَّ انْصَرَفُوا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ مَرَّ بِهِمْ وَهُمْ جُلُوسٌ فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، أَمَا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا أُرْسِلْتُ إِلَيْكُمْ إِلَّا بِالذَّبْحِ، وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى حَلْقِهِ، قَالَ لَهُ أَبُو جَهْلٍ: يَا مُحَمَّدُ، مَا كُنْتَ جَهُولًا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتَ مِنْهُمْ

کو پیچھے سے پکڑا اور کہنے لگے: کیا تم اس آدمی کو قتل کرتے ہو جو کہتا ہے کہ رب میرا اللہ ہے پھر وہ حضور ﷺ سے علیحدہ ہوئے۔ حضور ﷺ کھڑے ہوئے، جب نماز سے فارغ ہوئے۔ ان کے پاس سے گزرے وہ کعبہ کے سایہ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے قریش کے گروہ۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ میں تمہاری طرف نہیں بھیجا گیا مگر ذبح کے ساتھ اشارہ کیا اپنے حلق کی طرف۔ آپ ﷺ کو ابوجہل نے کہا، اے محمد! آپ جاہل نہیں ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تو اُن میں سے ایک ہے۔

7302 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَفَ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِسُؤَالِهِمْ أَنْبِيَاءَهُمْ، وَاخْتِلَافِهِمْ عَلَيْهِمْ، فَلَنْ يُؤْمِنَ أَحَدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ كُلِّهِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ

حضرت عمرو بن عاص فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نکلے' پس کھڑے ہوئے' پھر فرمایا: بے شک تم سے پہلے لوگ ہلاک ہوئے اپنے نبیوں پر سوال کرنے اور ان کے خلاف اختلاف کرنے کی وجہ سے' پس کوئی آدمی مؤمن نہیں ہوسکتا ہے حتیٰ کہ وہ ساری تقدیر پر ایمان لائے خواہ وہ خیر ہے یا شر ہے۔

7303 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ قَالَ: سَمِعْتُ ذَكْوَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ مَوْلًى لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، أَنَّهُ أَرْسَلَ إِلَى عَلِيٍّ يَسْتَأْذِنُ عَلَى أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ فَأَذِنَ لَهُ، حَتَّى إِذَا فَرَغَ مِنْ حَاجَتِهِ سَأَلَ الْمَوْلَى عَمْرًا عَنْ ذَلِكَ،

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے غلام بیان کرتے ہیں کہ مجھے آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت علی کی طرف بھیجا تا کہ وہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بنت عمیس کے پاس داخل ہونے کی اجازت دیں۔ آپ رضی اللہ عنہ کو انہوں نے اجازت دی جب حضرت عمرو رضی اللہ عنہ اپنی ضرورت سے فارغ ہوئے۔

7302- الحديث في المقصد العلي برقم: 1156 .

7303- أخرجه أحمد جلد4صفحه197 قال: حدثنا بهز .

فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا أَنْ نَدْخُلَ عَلَى النِّسَاءِ بِغَيْرِ إِذْنِ أَزْوَاجِهِنَّ

آپ رضی اللہ عنہ سے آپ رضی اللہ عنہ کے غلام نے پوچھا اس کے متعلق؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو منع فرمایا کہ ہم عورتوں کے پاس جائیں اُن کے شوہر کی اجازت کے بغیر۔

7304 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ وَرْقَاءَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ زِيَادٍ، مَوْلَى لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَقْتُلُ عَمَّارًا الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمار رضی اللہ عنہ کو باغی گروہ قتل کرے گا۔

7305 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا شَاذَانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ مُتَوَجِّهِينَ إِلَى مَكَّةَ، فَإِذَا نَحْنُ بِامْرَأَةٍ عَلَيْهَا جَبَائِرُ لَهَا وَخَوَاتِيمُ، وَقَدْ بَسَطَتْ يَدَهَا إِلَى الْهَوْدَجِ، فَقَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا نَحْنُ بِغِرْبَانٍ - يَعْنِي - وَفِيهَا غُرَابٌ أَعْصَمُ أَحْمَرُ الْمِنْقَارِ وَالرِّجْلَيْنِ، فَقَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا قَدْرَ هَذَا الْغُرَابِ فِي هَؤُلَاءِ الْغِرْبَانِ

حضرت عمارہ بن خزیمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلے، مکہ شریف کی طرف جانے لگے۔ ہم ایک عورت کے پاس سے گزرے۔ اس پر پیٹاں اور انگوٹھیاں تھیں اس کا ہاتھ کجاوے کی طرف کشادہ تھا۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، ہم نے کوے دیکھے ان میں سے ایک کوا تھا جس کی چونچ اور دونوں پاؤں سرخ رنگ کے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں عورتیں داخل نہیں ہوں گی مگر اس کوے کی حقدار (نسبت)۔

7306 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُجِيرُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں پر ایک آدمی جوان میں سے ہے وہ بھی پناہ دے سکتا ہے۔

7304- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه297 وقال: رواه الطبراني مطولًا ومختصرًا .

7305- أخرجه أحمد جلد4صفحه197 قال: حدثنا عبد الصمد .

7306- الحديث في المقصد العلي برقم: 939 وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه329 .

7307 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ: عَائِشَةُ ، قَالَ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَ: أَبُو بَكْرٍ ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی گئی: یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لوگوں میں سے سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ فرمایا: عائشہ رضی اللہ عنہا۔ عرض کی مردوں میں سے کون زیادہ محبوب ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ، پھر عرض کی، اس کے بعد؟ فرمایا: ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ۔

7308 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: دَخَلَ عَمْرُو بْنُ حَزْمٍ عَلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: قُتِلَ عَمَّارٌ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ ، فَدَخَلَ عَمْرٌو عَلَى مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ: قُتِلَ عَمَّارٌ فَقَالَ: مُعَاوِيَةُ: قُتِلَ عَمَّارٌ، فَمَاذَا؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ ، قَالَ: دَحَضْتَ فِي بَوْلِكَ أَنَحْنُ قَتَلْنَاهُ؟ إِنَّمَا قَتَلَهُ عَلِيٌّ وَأَصْحَابُهُ

حضرت عمرو بن حزم، حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ عرض کی: عمار رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا ہے۔ ان کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ عمار رضی اللہ عنہ کو ایک باغی گروہ شہید کرے گا۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، فرمایا: عمار رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا ہے؟ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا، عمار کو شہید کیا گیا ہے، آپ رضی اللہ عنہ کی کیا حالت ہے؟ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمار رضی اللہ عنہ کو ایک باغی گروہ شہید کرے گا۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: تم اپنے پیشاب میں گرتے ہو، کیا ہم نے اس کو قتل کیا ہے؟ اس کو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور اس کے ساتھیوں نے قتل کیا ہے۔ (نعوذ باللہ)

7309 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ حَبَّانَ بْنِ أَبِي جَبَلَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: مَا عَدَلَ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِخَالِدٍ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ساتھ اور حضرت خالد بن ولید کے ساتھ اپنے صحابہ میں سے کسی کو برابر قرار نہیں دیا' جب سے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا ہوں۔

7307- أخرجه أحمد جلد4صفحه203 . وعبد بن حميد: 295 قال: حدثنا يحيى بن حماد .

7308- الحديث سبق برقم: 7140 فراجعه .

7309- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه350 وقال: رواه الطبراني في الأوسط والكبير .

بْنِ الْوَلِيدِ فِي حَرْبِهِ مُنْذُ أَسْلَمْنَا أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِهِ

7310 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ يَقُولُ: جَاءَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ إِلَى مَنْزِلِ عَلِيٍّ يَلْتَمِسُهُ فَلَمْ يَقْدِرْ عَلَيْهِ، ثُمَّ رَجَعَ فَوَجَدَهُ، فَلَمَّا دَخَلَ كَلَّمَ فَاطِمَةَ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: مَا أَرَى حَاجَتَكَ إِلَى الْمَرْأَةِ، قَالَ: أَجَلْ، إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا أَنْ نَدْخُلَ عَلَى الْمُغِيبَاتِ

حضرت ابو صالح فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ علی رضی اللہ عنہ کے گھر کی طرف ان کو تلاش کر رہے تھے، ان کو نہ پایا۔ پھر واپس چلے گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پایا۔ جب داخل ہوئے حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے گفتگو کی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: میں نہیں دیکھتا کہ آپ رضی اللہ عنہ کو اس عورت سے ملنے کی ضرورت ہو؟ میں نے عرض کی، جی ہاں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ عورتوں کے شوہر کی اجازت کے بغیر اس کے ہاں جائے۔

7311 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: لَا تُلَبِّسُوا عَلَيْنَا سُنَّةَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عِدَّةُ أُمِّ الْوَلَدِ إِذَا تُوُفِّيَ عَنْهَا سَيِّدُهَا أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرٌ

حضرت محمد بن عاص فرماتے ہیں: تم ہمارے اوپر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو مشتبہ نہ بناؤ' اُم ولد کا آقا جب فوت ہو جائے تو اس کی عدت چار ماہ دس دن ہے۔

7312 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ الْأَحْنَفِ، سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ الْأَسْوَدَ يَقُولُ: أَخْبَرَنِي أَبُو صَالِحٍ الْأَشْعَرِيُّ، أَنَّ أَبَا عَبْدَ اللَّهِ الْأَشْعَرِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصُرَ بِرَجُلٍ لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ وَلَا

بے شک حضرت ابوعبداللہ اشعری نے حدیث بیان کی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے آدمی کو دیکھا جو رکوع و سجود مکمل نہیں کر رہا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ آدمی سی حالت پر مر جائے جس پر یہ ہے تو میری ملت (دین) پر نہیں مرے گا' پس تم رکوع و سجود مکمل کیا

7310- الحديث سبق برقم: **7303** فراجعه .

7311- الحديث سبق برقم: **7300** فراجعه .

7312- الحديث سبق برقم: **7148** فراجعه .

سُجُودَهُ، فَقَالَ: لَوْ مَاتَ هَذَا عَلَى مَا هُوَ عَلَيْهِ لَمَاتَ عَلَى غَيْرِ مِلَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتِمُّوا الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، فَإِنَّ مِثْلَ الَّذِي يُصَلِّي وَلَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ وَلَا سُجُودَهُ مَثَلُ الْجَائِعِ الَّذِي لَا يَأْكُلُ إِلَّا التَّمْرَةَ وَالتَّمْرَتَيْنِ ' لَا تُغْنِيَانِ عَنْهُ شَيْئًا ، قَالَ أَبُو صَالِحٍ: فَلَقِيتُ أَبَا عَبْدَ اللّٰهِ، فَقُلْتُ: مَنْ حَدَّثَكَ هَذَا الْحَدِيثَ أَنَّهُ سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَدَّثَنِي أُمَرَاءُ الْأَجْنَادِ: خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَشُرَحْبِيلُ بْنُ حَسَنَةَ، وَعَمْرُو بْنُ الْعَاصِ أَنَّهُمْ سَمِعُوهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کرو کیونکہ جو نماز پڑھتا ہے لیکن رکوع وسجود مکمل نہیں کرتا' اس کی مثال اس بھوکے آدمی کی ہے جو صرف ایک یا دو کھجوریں کھاتا ہے جو اسے کوئی نفع نہیں دیتی ہیں۔ حضرت ابوصالح فرماتے ہیں: میں ابوعبداللہ سے ملا' میں نے کہا: آپ کو یہ حدیث کس نے بیان کی ہے کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ سے سماعت کیا' فرمایا: لشکروں کے امیروں نے مجھے حدیث بیان کی' مثلاً حضرت خالد بن ولید' حضرت شرحبیل بن حسنہ اور حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہم کہ انہوں نے اس حدیث کو رسول کریم ﷺ سے سنا۔

7313 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى ابْنُ بِنْتِ السُّدِّيِّ، حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ قَالَ: رَجَعْتُ مَعَ مُعَاوِيَةَ مِنْ صِفِّينَ فَكَانَ مُعَاوِيَةُ وَأَبُو الْأَعْوَرِ السُّلَمِيُّ يَسِيرُونَ مِنْ جَانِبٍ، وَرَأَيْتُهُ يَسِيرُونَ مِنْ جَانِبٍ، فَكُنْتُ بَيْنَهُمْ لَيْسَ أَحَدٌ غَيْرِي، فَكُنْتُ أَحْيَانًا أُوضِعُ إِلَى هَؤُلَاءِ، وَأَحْيَانًا أُوضِعُ إِلَى هَؤُلَاءِ، فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ لِأَبِيهِ: أَبَهْ، أَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعَمَّارٍ حِينَ يَبْنِي الْمَسْجِدَ: إِنَّكَ لَحَرِيصٌ عَلَى الْأَجْرِ ، قَالَ: أَجَلْ، قَالَ: وَإِنَّكَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ،

حضرت عبداللہ بن حارث بن نوفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ صفین سے واپس آیا۔ حضرت معاویہ اور ابوالاعور السلمی ایک جانب چل رہے تھے۔ میں ان کے ایک جانب چل رہا تھا۔ ان کے درمیان میرے علاوہ اور کوئی نہیں تھا۔ میں کبھی اس طرف ہو جاتا اور کبھی اس طرف ہو جاتا تھا۔ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو سے سنا کہ انہوں نے عرض کی: اے ابو جان! کیا آپ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے متعلق سنا ہے؟ جس وقت آپ مسجد بنا رہے تھے۔ وہ مزدوری پر بڑے حریص تھے۔ آپ نے کہا: جی ہاں (عمرو) نے آپ نے فرمایا تو عمار رضی اللہ عنہ تو اہل جنت سے ہے اور تجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا کیوں نہیں میں

7313- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه241 وقال: رواه الطبراني وأحمد باختصار .

وَلَتَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ، قَالَ: بَلَى، قَدْ سَمِعْتُهُ، قَالَ: فَلِمَ قَتَلْتُمُوهُ؟ قَالَ: فَالْتَفَتَ إِلَيَّ مُعَاوِيَةُ فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، أَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُولُ هَذَا، قَالَ: أَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعَمَّارٍ وَهُوَ يَبْنِي الْمَسْجِدَ: وَيْحَكَ، إِنَّكَ لَحَرِيصٌ عَلَى الْأَجْرِ ' وَلَتَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ؟، قَالَ: بَلَى قَدْ سَمِعْتُهُ، قَالَ: فَلِمَ قَتَلْتُمُوهُ؟ قَالَ: وَيْحَكَ مَا تَزَالُ تَدْحَضُ فِي بَوْلِكَ، أَوَنَحْنُ قَتَلْنَاهُ؟ إِنَّمَا قَتَلَهُ مَنْ جَاءَ بِهِ

نے آپ سے سنا ہے کہ ان کو کیوں قتل کیا گیا ہے۔ حضرت امیر معاویہ کی جانب متوجہ ہوئے۔ انہوں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا آپ نے سنا نہیں یہ کیا کہہ رہا ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے متعلق جس وقت آپ ﷺ مسجد بنا رہے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! تو مزدوری میں بڑا حریص ہے تجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔ انہوں نے کہا: کیوں نہیں! میں نے سنا تھا۔ انہوں نے کہا: پھر آپ لوگوں نے ان کو کیوں قتل کیا؟ انہوں نے کہا: تیرے لیے ہلاک ہو! تُو اپنے پیشاب میں مسلسل رہے' کیا ہم نے ان کو قتل کیا ہے؟ ان کو اسی نے قتل کیا جو انہیں لایا۔

7314 - حَدَّثَنَا أَبُو يَعْقُوبَ إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: اسْتَأْذَنَ جَعْفَرٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ائْذَنْ لِي أَنْ آتِيَ أَرْضًا أَعْبُدُ اللّٰهَ فِيهَا ' لَا أَخَافُ أَحَدًا، فَأَذِنَ لَهُ، فَأَتَى النَّجَاشِيَّ، قَالَ: فَحَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ، قَالَ: فَلَمَّا رَأَيْتُ مَكَانَهُ حَسَدْتُهُ، قَالَ: قُلْتُ: وَاللّٰهِ لَأَسْتَقْتِلَنَّ لِهَذَا وَأَصْحَابِهِ، قَالَ: فَأَتَيْتُ النَّجَاشِيَّ فَدَخَلْتُ مَعَهُ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ: إِنَّ بِأَرْضِكَ رَجُلًا ابْنُ عَمِّهِ بِأَرْضِنَا ' وَإِنَّهُ يَزْعُمُ أَنَّهُ لَيْسَ لِلنَّاسِ إِلَّا إِلَهٌ وَاحِدٌ، وَإِنَّكَ وَاللّٰهِ إِنْ لَمْ تَقْتُلْهُ وَأَصْحَابَهُ لَا

حضرت عمیر بن اسحاق فرماتے ہیں: حضرت جعفر نے رسول کریم ﷺ سے اجازت طلب کی تو عرض کی: مجھے اجازت عنایت فرمائیں اس زمین (ملک) میں جانے کی' میں جس میں دل کھول کر اللہ کی عبادت کر سکوں اور مجھے کسی کا ڈر نہ ہو۔ رسول کریم ﷺ نے اجازت مرحمت فرمائی' پس وہ نجاشی کے پاس آئے۔ راوی کا بیان ہے: پس مجھے حدیث بیان کی حضرت عمرو بن عاص نے۔ فرماتے ہیں: پس جب میں نے ان کا مقام دیکھا تو مجھے رشک آیا۔ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: قسم بخدا! میں اس کے اور اس کے ساتھیوں کے آگے آؤں گا۔ کہتے ہیں: میں نجاشی کے پاس آیا۔ پس میں

7314- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه29 وقال: رواه الطبراني والبزار .

أَقْطَعُ إِلَيْكَ هَذِهِ النُّطْفَةَ أَبَدًا، لَا أَنَا ' وَلَا وَاحِدٌ مِنْ أَصْحَابِي، قَالَ: ادْعُهُ، قُلْتُ: إِنَّهُ لَا يَجِيءُ مَعِي، فَأَرْسِلْ مَعِي رَسُولًا، قَالَ: فَجَاءَ ' فَلَمَّا انْتَهَى الْبَابَ نَادَيْتُ: ائْذَنْ لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، فَنَادَاهُ هُوَ مِنْ خَلْفِي: ائْذَنْ لِعُبَيْدِ اللَّهِ، قَالَ: فَسَمِعَ صَوْتَهُ، فَأَذِنَ لَهُ قَبْلِي، قَالَ: فَدَخَلَ هُوَ وَأَصْحَابُهُ، قَالَ: ثُمَّ أَذِنَ لِي فَدَخَلْتُ، فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ، قَالَ: فَذَكَرَ أَيْنَ كَانَ مَقْعَدُهُ مِنَ السَّرِيرِ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ

اس کے ساتھ اس پر داخل ہو گیا۔ پس میں نے کہا: بے شک تیرے ملک میں ایک آدمی ہے جس کا چچازاد بھائی ہمارے ملک میں ہے' بے شک وہ گمان کرتا ہے کہ تمام لوگوں کا ایک ہی معبود ہے' اور قس ہے اگر تُو اس کو اور اس کے ساتھیوں کو قتل نہیں کرے گا تو میں کبھی بھی تیری طرف یہ علاقہ طے کر کے نہیں آؤں گا نہ میں اور نہ میرے ساتھی۔ اس نے کہا: اسے بلاؤ! میں نے کہا: وہ میرے ساتھ نہیں آئے گا۔ تُو میرے ساتھ اپنا قاصد بھیج۔ کہتے ہیں: وہ آئے' پس جب دروازے تک پہنچے تو میں نے بلند آواز سے کہا: عمرو بن عاص کو بھی اجازت دیجئے! پس اس نے نداء دی' وہ میرے پیچھے تھا' عبیداللہ کو بھی اجازت دیجئے! کہتے ہیں: اس نے اس کی آواز سن لی' پس اس نے مجھ سے پہلے اسے اجازت دی۔ کہتے ہیں: وہ اور ان کے ساتھی داخل ہوئے۔ کہتے ہیں: پھر اس نے مجھے اجازت دی' پس میں داخل ہوا تو میں نے دیکھا تو وہ بیٹھے ہوئے تھے۔ پس اس نے یہ بھی ذکر کیا کہ چارپائی پر ان کے بیٹھنے کی جگہ کہاں تھی اور اس کے بعد ایک لمبی حدیث ذکر کی۔

7315 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ: خَرَجَ جَيْشٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ أَنَا أَمِيرُهُمْ حَتَّى نَزَلْنَا الْإِسْكَنْدَرِيَّةَ فَقَالَ لِي عَظِيمٌ مِنْ عُظَمَائِهِمْ: أَخْرِجُوا إِلَيَّ رَجُلًا أُكَلِّمُهُ

حضرت عمرو بن عاص فرماتے ہیں: مسلمانوں کا لشکر روانہ ہوا جس کا امیر میں تھا حتیٰ کہ اسکندریہ جا اُترا۔ پس ان کے بڑے لوگوں میں سے ایک بڑے آدمی نے مجھ سے کہا: اپنے میں سے ایک آدمی نکالو جس سے میں گفتگو کر سکوں اور وہ مجھ سے کلام کرے۔ میں نے کہا:

7315- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه218 وقال: رواه الطبراني .

وَيُكَلِّمُنِي، فَقُلْتُ: لَا يَخْرُجُ إِلَيْهِ غَيْرِي، فَخَرَجْتُ مَعَ تَرْجُمَانِهِ حَتَّى وُضِعَ لَنَا مِنْبَرَانِ، فَقَالَ: مَا أَنْتُمْ، فَقُلْنَا: نَحْنُ الْعَرَبُ، وَنَحْنُ أَهْلُ الشَّوْكِ وَالْقَرَظِ، وَنَحْنُ أَهْلُ بَيْتِ اللّٰهِ، كُنَّا أَضْيَقَ النَّاسِ أَرْضًا، وَأَشَدَّهُ عَيْشًا، نَأْكُلُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ، وَيُغِيرُ بَعْضُنَا عَلَى بَعْضٍ بِشَرِّ عَيْشٍ عَاشَ بِهِ النَّاسُ، حَتَّى خَرَجَ فِينَا رَجُلٌ لَيْسَ بِأَعْظَمِنَا يَوْمَئِذٍ شَرَفًا، وَلَا بِأَكْثَرِنَا مَالًا، فَقَالَ: أَنَا رَسُولُ اللّٰهِ إِلَيْكُمْ، يَأْمُرُنَا بِأَشْيَاءَ لَا نَعْرِفُ، وَيَنْهَانَا عَمَّا كُنَّا عَلَيْهِ وَكَانَتْ عَلَيْهِ آبَاؤُنَا، فَشَنِفْنَا لَهُ، وَكَذَّبْنَاهُ وَرَدَدْنَا عَلَيْهِ مَقَالَتَهُ، حَتَّى خَرَجَ إِلَيْهِ قَوْمٌ مِنْ غَيْرِنَا، فَقَالُوا: نَحْنُ نُصَدِّقُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ، وَنَتَّبِعُكَ وَنُقَاتِلُ مَنْ قَاتَلَكَ، فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ وَخَرَجْنَا إِلَيْهِ، فَقَاتَلْنَاهُ فَقَتَلَنَا، وَظَهَرَ عَلَيْنَا وَغَلَبَنَا، وَتَنَاوَلَ مَنْ يَلِيهِ مِنَ الْعَرَبِ فَقَاتَلَهُمْ حَتَّى ظَهَرَ عَلَيْهِمْ، فَلَوْ يَعْلَمُ مَنْ وَرَائِي مِنَ الْعَرَبِ مَا أَنْتُمْ فِيهِ مِنَ الْعَيْشِ لَمْ يَبْقَ أَحَدٌ إِلَّا جَاءَكُمْ حَتَّى يُشْرِكَكُمْ فِيمَا أَنْتُمْ فِيهِ مِنَ الْعَيْشِ، فَضَحِكَ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ صَدَقَ، قَدْ جَاءَتْنَا رُسُلُنَا بِمِثْلِ الَّذِي جَاءَ بِهِ رَسُولُكُمْ، فَكُنَّا عَلَيْهِ حَتَّى ظَهَرَتْ فِينَا مُلُوكٌ، فَجَعَلُوا يَعْمَلُونَ فِيهَا بِأَهْوَائِهِمْ، وَيَتْرُكُونَ أَمْرَ الْأَنْبِيَاءِ، فَإِنْ أَنْتُمْ أَخَذْتُمْ بِأَمْرِ نَبِيِّكُمْ لَمْ يُقَاتِلْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا غَلَبْتُمُوهُ، وَلَمْ يُشَارِرْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا ظَهَرْتُمْ عَلَيْهِ، فَإِذَا فَعَلْتُمْ مِثْلَ الَّذِي فَعَلْنَا فَتَرَكْتُمْ أَمْرَ

میرے علاوہ اس کے پاس کوئی نہیں جائے گا' پس اس کے ترجمان کے ساتھ میں نکلا یہاں تک کہ ہم دونوں کیلئے دو منبر بچھائے گئے۔ اس نے کہا: تم کون ہو؟ میں نے کہا: ہم عرب ہیں' ہم کانٹوں اور جھالوں والے ہیں' ہم بیت اللہ شریف والے ہیں' زمین کے لحاظ سے تمام لوگوں سے تنگ' زندگی کے لحاظ سے سخت تھے' ہم مردار کھاتے تھے' خون پیتے' ایک دوسرے پر غیرت کھاتے' بُری زندگی کے ساتھ جو لوگ گزارتے تھے یہاں تک کہ ہمارے اندر ایک آدمی پیدا ہوا' اُس وقت وہ شرف کے لحاظ سے ہم سے بڑا نہ تھا اور مال کے لحاظ سے زیادہ نہ تھا۔ پس اس نے بولا: میں تمہاری طرف اللہ کا پیغام لایا ہوں' وہ ہمیں ایسی چیزوں کا حکم دیتا ہے جنہیں ہم نہیں پہچانتے اور ایسی چیزوں سے منع کرتا ہے جو ہم پہلے کرتے تھے اور ہمارے آباؤ اجداد بھی کرتے تھے' پس ہم اسے سمجھ گئے اور اسے جھٹلا دیا اور اس کی بات کو ردّ کر دیا حتیٰ کہ ہمارے علاوہ ایک قوم اس کی طرف نکلی' پس اُنہوں نے کہا: ہم تیری تصدیق کرتے ہیں' تیرے ساتھ ایمان لاتے ہیں' تیری پیروی کرتے ہیں' اور ہم اس کے ساتھ لڑیں گے جو آپ کے ساتھ لڑے گا' پس وہ ان کی طرف تشریف لے گئے اور پھر ہم اس کی طرف نکلے۔ اس سے لڑائی کی تو اس نے مقابلے میں ہمارے ساتھ لڑائی کی اور ہم پر غالب آئے' اور عربوں میں سے جو ان کے ساتھ قریب تھے' انہوں نے ان کو بھی لیا' پس اس نے ان سے لڑائی کی اور ان پر بھی غالب آئے۔

نَبِيِّكُمْ، وَعَمِلْتُمْ مِثْلَ الَّذِى عَمِلُوا بِأَهْوَائِهِمْ يُخَلَّى بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ، فَلَمْ تَكُونُوا أَكْثَرَ عَدَدًا مِنَّا وَلَا أَشَدَّ قُوَّةً مِنَّا، قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ: فَمَا كَلَّمْتُ رَجُلًا أَذْكَرَ مِنْهُ

پس میرے پیچھے عربوں میں سے جو ہے اگر وہ جان لے جس حالتِ عیش میں آپ ہیں تو کوئی بھی باقی نہ رہے مگر آپ کے پاس آ جائے حتیٰ کہ وہ آپ کو شریک کر لے' اس میں جس طرح کی زندگی آپ گزار رہے ہیں' پس وہ ہنس پڑا' پھر کہا: بے شک اللہ کے رسول ﷺ نے سچ کہا۔ ہمارے رسول بھی ایسے ہی آئے جیسے تمہارا رسول آیا ہے' پس ہم اسی پر تھے حتیٰ کہ ہم میں بادشاہ ظاہر ہوئے' پس انہوں نے اپنی نفسانی خواہشات پر عمل کرنا شروع کر دی اور نبیوں کے حکموں کو چھوڑتے چلے گئے' پس اگر تم نے اپنے نبی کا حکم مان لیا ہے تو جو بھی تم سے لڑے گا' غالب تم ہی ہو گے' جو بُرا ارادہ لے کر تمہارے پاس آئے گا' منہ کی کھائے گا۔ پس جب تم نے بھی وہ کام کیا جو ہم نے کیا تو تم اپنے نبی کے حکم کو چھوڑ بیٹھو گے اور عمل کرو گے تو اسی طرح جیسے ان لوگوں نے اپنی خواہشاتِ نفسانی پر عمل کیا' ہمارے اور تمہارے درمیان جدائی ہو جائے گی' پس تم نہ تو تعداد میں ہم سے زیادہ ہو اور نہ قوت میں ہم سے زیادہ سخت ہو۔ حضرت عمرو بن عاص فرماتے ہیں: میں نے کسی آدمی سے گفتگو نہیں کی جو اس سے زیادہ سمجھنے والا ہو یا یاد رکھنے والا ہو۔

حَدِيثُ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِى سُفْيَانَ رَضِىَ

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ

اللّٰهُ عَنْهُ کی احادیث

7316 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ أَيُّوبَ يُحَدِّثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّمَا أَنَا خَازِنٌ، وَإِنَّمَا يُعْطِي اللَّهُ، فَمَنْ أَعْطَيْتُهُ عَطَاءً وَأَنَا بِهِ طَيِّبُ النَّفْسِ بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ أَعْطَيْتُهُ عَطَاءً عَنْ شَرَهِ نَفْسٍ وَشِدَّةِ مَسْأَلَةٍ فَهُوَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں خازن ہوں۔ مجھے اللہ دیتا ہے۔ جس کو میں اپنی مرضی سے دیتا ہوں اور میں اس سے خوش ہوتا ہوں تو اس میں اسے برکت دی جاتی ہے اور جس کو میں اس کے نفس کی بُرائی اور شدت سے مانگنے کی وجہ سے دیتا ہوں وہ اس شخص کی طرح ہے جو کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا ہے۔

7317 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ حَيَّانَ أَبُو يَزِيدَ الْخَرَّازُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ يَعْلَى بْنِ أَوْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلُّ مُسْكِرٍ عَلَى كُلِّ مُؤْمِنٍ حَرَامٌ

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ آور چیز ہر مومن پر حرام ہے۔

7318 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ عَطَاءٍ، أَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ أَرْسَلَهُ إِلَى السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ أَنْ

حضرت نافع بن جبیر رضی اللہ عنہ نے حضرت سائب کی طرف بھیجا پوچھنے کے لیے۔ حضرت سائب نے ان کو کہا میں نے حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ کے ساتھ مقصورہ

7316- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 604 . وأحمد جلد4صفحه98 . وعبد بن حميد: 420 .

7317- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 3389 قال: حدثنا على بن ميمون الرقى .

7318- أخرجه أحمد جلد4صفحه95 قال: حدثنا عبد الرزاق' وابن بكر .

يَسْأَلُهُ، فَقَالَ لَهُ السَّائِبُ: صَلَّيْتُ الْجُمُعَةَ مَعَ مُعَاوِيَةَ فِي الْمَقْصُورَةِ فَلَمَّا سَلَّمْتُ قُمْتُ أُصَلِّي ، فَقَالَ لِي: إِذَا صَلَّيْتَ الْجُمُعَةَ فَلَا تَصِلْهَا بِصَلَاةٍ إِلَّا أَنْ تَكَلَّمَ أَوْ تَخْرُجَ، فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِذَلِكَ

میں جمعہ کی نماز پڑھی۔ جب میں نے سلام پھیرا میں کھڑا ہوا نماز پڑھنے کیلئے۔ مجھے امیر معاویہ نے کہا جب تو جمعہ کی نماز پڑھ لے باقی نماز نہ پڑھ جب تک گفتگو اور نکلنے کے ساتھ فاصلہ نہ کرے کیونکہ رسول اللہ ﷺ اس کا حکم دیتے تھے۔

7319 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ يَقُولُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَفِي يَدِهِ قُصَّةٌ مِنْ شَعَرٍ: مَا بَالُ نِسَائِكُمْ يَجْعَلْنَ فِي رُءُوسِهِنَّ مِثْلَ هَذَا؟ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنِ امْرَأَةٍ تَجْعَلُ فِي رَأْسِهَا شَعَرًا مِنْ شَعَرِ غَيْرِهَا إِلَّا كَانَ زُورًا

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ منبر پر موجود تھے۔ ان کے ہاتھ میں بالوں کا ایک گچھا تھا۔ فرمایا: تمہاری عورتوں کو کیا ہو گیا ہے کہ اپنے سروں پر اس طرح بال رکھتی ہیں؟ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو کوئی عورت اپنے سر میں دوسروں کے بال رکھے وہ گنہگار ہوتی ہے۔

7320 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' اُنہوں نے نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کی ہے۔

7321 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ أَبُو أَيُّوبَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، أَنَّهُ رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكَلَ لَبَأً، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نے گوشت کا شوربہ پیا پھر نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

7322 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ،

حضرت حمران بن ابان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو

7319- أخرجه النسائي جلد8صفحه144 قال: أخبرنا أحمد بن عمرو بن السرح .

7320- الحديث سبق برقم: 7319 فراجعه .

7321- الحديث في المقصد العلي برقم: 158 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه252 .

حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ قَالَ: سَمِعْتُ حُمْرَانَ بْنَ أَبَانَ يَقُولُ: خَطَبَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ فَقَالَ: إِنَّكُمْ لَتُصَلُّونَ صَلَاةً مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهَا، وَلَقَدْ كَانَ يَنْهَى عَنْهَا، يَعْنِي: الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا کہ تم ضرور وہی نماز پڑھو جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھنے سے منع کرتے تھے۔

7323 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي الْمُهَاجِرِ، أَوْ أَبُو عَبْدِ رَبٍّ ' الْوَلِيدُ شَكَّ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ رَجُلًا مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ لَقِيَ رَجُلًا عَالِمًا أَوْ عَابِدًا، فَقَالَ: إِنَّ الْآخَرَ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ نَفْسًا ' كُلُّهَا يَقْتُلُهَا ظُلْمًا، فَهَلْ تَجِدُ لِي مِنْ تَوْبَةٍ؟ قَالَ: لَا، فَقَتَلَهُ، ثُمَّ لَقِيَ آخَرَ، فَقَالَ: إِنَّ الْآخَرَ قَتَلَ مِائَةَ نَفْسٍ ' كُلُّهَا يَقْتُلُهَا ظُلْمًا، فَهَلْ تَجِدُ لِي مِنْ تَوْبَةٍ؟ قَالَ: لَئِنْ قُلْتُ لَكَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَتُوبُ عَلَى مَنْ تَابَ ' لَقَدْ كَذَبْتُ، هَا هُنَا دَيْرٌ فِيهِ قَوْمٌ يَعْبُدُونَ ' فَأْتِهِمْ، فَاعْبُدِ اللّٰهَ مَعَهُمْ ' لَعَلَّ اللّٰهَ يَتُوبُ عَلَيْكَ، فَانْطَلَقَ إِلَيْهِمْ ' فَمَاتَ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَهُمْ، فَاحْتَجَّ مَلَائِكَةُ الْعَذَابِ وَمَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ، فَبَعَثَ اللّٰهُ مَلَكًا: أَنْ قِيسُوا بَيْنَ الْمَكَانَيْنِ، فَأَيُّهُمَا كَانَ أَقْرَبَ فَهُوَ مِنْهُ، فَقَاسُوهُ، فَوَجَدُوهُ أَقْرَبَ إِلَى دَيْرِ التَّوَّابِينَ بِأُنْمُلَةٍ، فَغَفَرَ اللّٰهُ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سے پہلے ایک آدمی تھا اس نے سو آدمیوں کو قتل کیا تھا۔ وہ ایک عالم یا عابد سے ملا۔ اس نے کہا میری توبہ قبول ہو سکتی ہے کہ میں نے سو آدمیوں کو قتل کیا اور ان کو ظلماً قتل کیا ہے۔ اس نے کہا: نہیں۔ اس نے اس کو بھی قتل کر دیا۔ ایک اور آدمی سے ملا اس نے کہا: میں نے سو آدمیوں کو قتل کیا ہے ظلماً۔ کیا میری توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ اس نے جواباً کہا: اگر میں کہوں کہ اللہ توبہ کرنے والے کی توبہ قبول نہیں کرتا ہے تو میں نے جھوٹ بولا۔ دہاں کچھ لوگ ہیں وہ اللہ کی عبادت کرتے ہیں تو بھی ان کے پاس جاؤ۔ اللہ کی عبادت کر' ان کے ساتھ یقیناً اللہ تیری توبہ قبول کرے گا۔ وہ ان کے پاس جانے کیلئے چل پڑا' وہ ان کے پاس پہنچنے سے پہلے مر گیا۔ رحمت والے اور عذاب والے فرشتے جھگڑنے لگے، آپس میں۔ اللہ عزوجل نے ایک فرشتہ بھیجا کہ ان دونوں کے درمیان جگہ کو ناپے' دونوں میں سے جس کے قریب ہوا وہ انہیں میں سے ہو گا۔ انہوں نے ناپا تو وہ توبہ کرنے

7323- الحديث في المقصد العلي برقم: **1740** وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **212** .

لَهُ

والوں کے قریب تھا۔ ایک چیونٹی کی مثل اللہ عزوجل نے اس کو بخش دیا۔

7324 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ رَبِّ يَقُولُ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِخَوَاتِيمِهَا، كَالْوِعَاءِ إِذَا طَابَ أَعْلَاهُ طَابَ أَسْفَلُهُ، وَإِذَا خَبُثَ أَعْلَاهُ خَبُثَ أَسْفَلُهُ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اعمال کا دارو مدار خاتمہ پر ہے۔ برتن کی طرح۔ اس کا اوپر والا اچھا ہوتو نیچے والا بھی اچھا ہوتا ہے جب اوپر والا برا ہو، نیچے والا بھی برا ہوتا ہے۔

7325 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوهُ، فَإِنْ عَادَ فَاجْلِدُوهُ، فَإِنْ عَادَ فَاقْتُلُوهُ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شراب پئے اس کو کوڑے مارو، اگر دوبارہ پئے اس کو دوبارہ کوڑے مارو۔ اگر تیسری مرتبہ پئے اس کو کوڑے مارو۔

7326 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرًا يَقُولُ: سَمِعْتُ شَيْخًا يُحَدِّثُ، مُغِيرَةَ، عَنِ ابْنَةِ هِشَامِ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ۔ وَكَانَتْ تُمَرِّضُ عَمَّارًا۔ قَالَتْ: جَاءَ مُعَاوِيَةُ إِلَى عَمَّارٍ يَعُودُهُ، فَلَمَّا خَرَجَ مِنْ عِنْدِهِ، قَالَ: اللَّهُمَّ لَا تَجْعَلْ مَنِيَّتَهُ بِأَيْدِينَا، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَقْتُلُ عَمَّارًا الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت ہشام بن ولید بن مغیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے۔ جب ان کے پاس سے نکلے، عرض کی: اے اللہ! اس کی موت ہمارے ہاتھوں سے نہ کرنا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمار رضی اللہ عنہ کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

7327 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7324- أخرجه أحمد جلد4صفحه94 قال: حدثنا على بن اسحاق .

7325- أخرجه أحمد جلد4صفحه93 قال: حدثنا عارم' قال: حدثنا أبو عوانة .

7326- أورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد9صفحه296 وقال: رواه أبو يعلىٰ' والطبرانى .

7327- أخرجه الطبرانى فى الكبير كما قال الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد1صفحه331 .

جَرِيرٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ مُجَمِّعٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَ الْمُؤَذِّنَ، فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ

حضور ﷺ نے فرمایا: جواذان سنے وہ اس کا جواب وہی دے جواذان کے کلمات ہیں۔

7328 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ جَنَاحٍ، عَنِ ابْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَزْعُمُونَ أَنِّي مِنْ آخِرِكُمْ وَفَاةً، أَلَا وَإِنِّي مِنْ أَوَّلِكُمْ وَفَاةً، وَلَتَتْبَعُنِّي أَفْنَادًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہماری طرف نکلنے، آپ ﷺ نے فرمایا: تم گمان کرتے ہو، میں وفات کے لحاظ سے تم سے آخری ہوں، خبردار میں وفات کے لحاظ سے تم سے اول ہوں، تم میری اتباع کرو' تمہارے بعض بعض کو ہلاک نہ کریں۔

7329 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ الْأَنْصَارَ أَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ أَبْغَضَ الْأَنْصَارَ أَبْغَضَهُ اللّٰهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو انصار سے محبت کرے گا' اللہ اس سے محبت کرے گا جو ان سے بغض رکھے گا اللہ اس سے ناراض ہو گا۔

7330 - حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ مِينَاءَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذَلِكَ

معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو انصار سے محبت کرے گا اللہ اس سے محبت کرے گا جو ان سے بغض رکھے گا اللہ اس سے ناراض ہو گا۔

7331 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7328- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه306 وقال: رواه أبو يعلى' والطبراني في الأوسط والكبير .

7329- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه39 وقال: رواه أبو يعلى' واسناده جيد .

7330- أخرجه أحمد في المسند جلد4صفحه96 .

النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعُمْرَى جَائِزَةٌ لِأَهْلِهَا

حضور ﷺ نے فرمایا: غیر آباد زمین کو آباد کرنا اس کے اہل کے لیے جائز (یا انعام) ہے۔

7332 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجُ بْنُ هُرْمُزَ، أَنَّ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ أَنْكَحَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ الْحَكَمِ ابْنَتَهُ وَأَنْكَحَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ ابْنَتَهُ، وَقَدْ كَانَا جَعَلَاهُ صَدَاقًا، فَكَتَبَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ - وَهُوَ خَلِيفَةٌ - إِلَى مَرْوَانَ فَأَمَرَهُ بِالتَّفْرِيقِ بَيْنَهُمَا، وَقَالَ فِي كِتَابِهِ: هَذَا الشِّغَارُ، وَقَدْ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن الاعرج بن ہرمز فرماتے ہیں کہ عباس بن عبداللہ بن عباس نے اپنی صاحبزادی کا نکاح عبدالرحمٰن بن حکم سے کیا۔ اور عبدالرحمٰن نے اپنی بیٹی کا نکاح ان سے کیا۔ یہی دونوں کے درمیان حق مہر رکھا گیا۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے خطبہ لکھا خلیفہ مروان کی طرف۔ اس نے ان دونوں کے درمیان جدائی کا حکم دیا۔ اس خط میں یہ لکھا تھا کہ یہ شغار ہے اور حضور ﷺ نے نکاح شغار سے منع کیا ہے۔

7333 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ، عَنْ حَرِيزِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي عَوْفٍ الْجُرَشِيُّ، عَنْ أَبِي هِنْدَ الْبَجَلِيِّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَنْقَطِعُ الْهِجْرَةُ حَتَّى تَنْقَطِعَ التَّوْبَةُ - قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - وَلَا تَنْقَطِعُ التَّوْبَةُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہجرت ختم نہیں ہوگی یہاں تک توبہ ختم ہو جائے یہ تین مرتبہ کہا۔ توبہ ختم نہیں ہوگی یہاں تک کہ سورج مغرب سے طلوع ہو جائے۔

7334 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

7332- أخرجه أحمد جلد4صفحه94 قال: حدثنا يعقوب، وسعد .

7333- أخرجه أحمد جلد4صفحه99 قال: حدثنا يزيد بن هارون .

7334- أخرجه أحمد جلد4صفحه96 .

الْأَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْعَيْنُ وِكَاءُ السَّهِ، فَإِذَا نَامَتِ الْعَيْنُ اسْتَطْلَقَ الْوِكَاءُ

نے حضور ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: آنکھ بھولنے کا برتن ہے، جب آنکھ سوتی ہے برتن واہو جاتا ہے۔

7335 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْأَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَاعِيلَ الْحَلَبِيَّ الْكَلْبِيَّ، وَالْحَارِثُ بْنُ عَطِيَّةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَعِيشَ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، فَقُلْتُ: أَلا أُرَاهُ يُصَلِّي كَمَا أَرَى؟ قَالَتْ: نَعَمْ، وَهُوَ الثَّوْبُ الَّذِي كَانَ فِيهِ مَا كَانَ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے۔ جبکہ رسول اللہ ﷺ ایک ہی کپڑے میں نماز پڑھ رہے تھے۔ میں نے عرض کی: کیا اس طرح آپ ﷺ نماز پڑھتے ہیں جس طرح میں نے دیکھا ہے؟ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جی ہاں! اور یہ وہ کپڑا' جس میں ہوتا ہے جو ہوتا ہے۔

7336 - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ أَبُو الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ كَيْسَانَ مَوْلَى مُعَاوِيَةَ قَالَ: خَطَبَنَا مُعَاوِيَةُ فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ سَبْعٍ، وَأَنَا أَنْهَاكُمْ عَنْهُنَّ، أَلا إِنَّ مِنْهُنَّ: النَّوْحَ، وَالْغِنَاءَ، وَالتَّصَاوِيرَ، وَالشِّعْرَ، وَالذَّهَبَ، وَجُلُودَ السِّبَاعِ، وَالتَّبَرُّجَ وَالْحَرِيرَ

حضرت کیسان مولیٰ معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ہم کو خطبہ دیا۔ فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے نو اشیاء سے منع کیا۔ میں بھی ان سے منع کرتا ہوں: (۱) نوحہ (۲) گانے (۳) تصویریں (۴) اشعار پڑھنے سے (۵) سونا (۶) درندوں کا چمڑہ (۷) فضول قسم کی زیب وزینت (۸) ریشم (۹) لوہا۔

7335- سبق تخريجه راجع الفهرس .

7336- أخرجه أحمد جلد4صفحه101 قال: حدثنا خلف بن الوليد .

7337 - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ وَلَيْسَ عَلَيْهِ إِمَامٌ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اس حالت میں مرے کہ اس نے امام کی بیعت نہیں کی وہ زمانہ جاہلیت کی موت مرا۔

7338 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْغَمْرِ مَوْلَى سُمُوكٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ حُدَيْجٍ يَقُولُ: كُنْتُ عِنْدَ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ حِينَ جَاءَهُ كِتَابُ عَامِلِهِ يُخْبِرُهُ أَنَّهُ وَقَعَ بِالتُّرْكِ وَهَزَمَهُمْ، وَكَثْرَةَ مَنْ قُتِلَ مِنْهُمْ، وَكَثْرَةَ مَنْ غُنِمَ، فَغَضِبَ مُعَاوِيَةُ مِنْ ذَلِكَ، ثُمَّ أَمَرَ أَنْ يَكْتُبَ إِلَيْهِ: قَدْ فَهِمْتُ مَا ذَكَرْتَ مِمَّا قَتَلْتَ وَغَنِمْتَ ، فَلَا أَعْلَمَنَّ مَا عُدْتَ لِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ، وَلَا قَاتَلْتَهُمْ حَتَّى يَأْتِيَكَ أَمْرِي، قُلْتُ لَهُ: لِمَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَتَظْهَرَنَّ التُّرْكُ عَلَى الْعَرَبِ حَتَّى تُلْحِقَهَا بِمَنَابِتِ الشِّيحِ وَالْقَيْصُومِ ، فَأَكْرَهُ قِتَالَهُمْ لِذَلِكَ

حضرت معاویہ بن حدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے پاس تھا۔ جس وقت ان کے پاس ان کے عامل کا خط آیا' وہ خبر دے رہے تھے کہ اُنہوں نے ترکوں پر حملہ کر کے ان کو شکست دے دی ہے' ان میں سے بہت سے لوگوں کو قتل کیا' کافی مالِ غنیمت ان سے ملا' اس سے حضرت امیر معاویہ کو غصہ آ گیا' پھر اُنہوں نے حکم دیا کہ ان کی طرف خط لکھو' تحقیق میں سمجھ گیا جو تُو نے قتل کرنے اور مالِ غنیمت کا ذکر کیا۔ ان سے اب قتال بند کر دیں حتیٰ کہ میرا حکم آئے' میں نے ان سے عرض کی: اے امیر المؤمنین! کیوں؟ انہوں نے فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ضرور بضرور ترک عربوں پر غالب آئیں گے یہاں تک کہ وہ کیکر پیدا ہونے کی جگہ تک پہنچ جائیں گے' اس وجہ سے میں ان کے ساتھ قتال کو ناپسند کرتا ہوں۔

7339 - حَدَّثَنَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امراء

7337- اخرجه أحمد جلد4صفحه96 قال: حدثنا أسود بن عامر .

7338- قال في مجمع الزوائد جلد7صفحه311: رواه أبو يعلى وفيه من لم أعرفهم .

بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ أُمَرَاءُ، فَلَا يُرَدُّ عَلَيْهِمْ، يَتَهَافَتُونَ فِي النَّارِ يَتْبَعُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا

آئیں گے، ان کی بات ردّ نہیں کی جائے گی' جہنم میں گریں گے، ان کے بعض بعض کی اتباع کریں گے' یعنی پیچھے آئیں گے۔

7340 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ حُبَيْشٍ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ أَبِي الشَّمَّاخِ الْأَزْدِيِّ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَهُ، لَهُ صُحْبَةٌ، أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى مُعَاوِيَةَ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ وَلِيَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ شَيْئًا فَأَغْلَقَ بَابَهُ عَنِ الْمِسْكِينِ وَالضَّعِيفِ، وَذِي الْحَاجَةِ دُونَ حَاجَاتِهِمْ وَفَاقَاتِهِمْ أَغْلَقَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْهُ بَابَ رَحْمَتِهِ يَوْمَ حَاجَتِهِ وَفَاقَتِهِ أَحْوَجَ مَا يَكُونُ إِلَى ذَلِكَ، لَا أَدْرِي مَنِ الْقَائِلُ الْأَزْدِيُّ لِمُعَاوِيَةَ، أَوْ مُعَاوِيَةُ لِلْأَزْدِيِّ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو مسلمانوں کے لیے کسی شے کا امیر بنے۔ مسکین، ضعیف، ضرورت مندوں پر دروازہ بند کر دے اللہ عزوجل قیامت کے دن ان کی حاجت و فاقہ پر رحمت کا دروازہ بند کر دے گا۔ جو اس وقت اس کے لیے زیادہ ضرورت کا باعث ہوں گے۔

7341 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَاقَ يُحَدِّثُ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ الْبَجَلِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ يَخْطُبُ، قَالَ: مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ، وَمَاتَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ نے خطبہ ارشاد فرمایا، فرمایا: رسول اللہ ﷺ کا وصال مبارک ۶۳ سال کی عمر میں ہوا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ دونوں کا وصال بھی ۶۳ سال کی عمر میں ہوا۔

7340- قال في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**210**: رواه أحمد جلد**3**صفحه**480,441** وأبو يعلى .

7341- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**96** قال: حدثنا روح' قال: حدثنا شعبة .

7342 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ جَدِّهِ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَوَضَّئُوا، قَالَ: فَلَمَّا تَوَضَّأَ نَظَرَ إِلَيَّ، فَقَالَ: يَا مُعَاوِيَةُ، إِنْ وُلِّيتَ أَمْرًا فَاتَّقِ اللّٰهَ وَاعْدِلْ، قَالَ: فَمَا زِلْتُ أَظُنُّ أَنِّي مُبْتَلًى بِعَمَلٍ لِقَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى وُلِّيتُ

حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کروا رہے تھے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو فرمایا تو میری طرف نظر شفقت فرمائی، فرمایا: اے معاویہ رضی اللہ عنہ اگر تو کسی کام میں ولی بنے تو اللہ سے ڈرنا اور عدل کرنا۔ میں مسلسل اس گمان میں رہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی وجہ سے کسی عمل میں آزمایا جاؤں گا یہاں تک کہ مجھے والی بنایا گیا۔

7343 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يُغْلَبُ وَلَا يُخْلَبُ، وَلَا يُنَبَّأُ بِمَا لَا يَعْلَمُ، مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ، وَمَنْ لَمْ يُفَقِّهْهُ لَمْ يُبَلْ بِهِ

حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے جس نے سمجھ حاصل نہیں کی، اس نے نہ پایا اپنا حصہ۔

7344 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِي، عَنْ سُوَيْدٍ - وَلَمْ أَرَ عَلَيْهِ عَلَامَةَ السَّمَاعِ وَعَلَيْهِ (صَحَّ) فَشَكَكْتُ فِيهِ، وَأَكْبَرُ ظَنِّي أَنِّي سَمِعْتُهُ مِنْهُ - عَنْ ضِمَامِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ أَبِي قَبِيلٍ قَالَ: خَطَبَنَا مُعَاوِيَةُ فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ فَقَالَ: إِنَّمَا الْمَالُ مَالُنَا وَالْفَيْءُ فَيْئُنَا، مَنْ شِئْنَا أَعْطَيْنَا، وَمَنْ شِئْنَا مَنَعْنَا، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ أَحَدٌ، فَلَمَّا كَانَتِ الْجُمُعَةُ الثَّانِيَةُ، قَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ أَحَدٌ، فَلَمَّا كَانَتِ الْجُمُعَةُ الثَّالِثَةُ، قَالَ مِثْلَ

حضرت ابی قبیل فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا جمعہ کے دن، اس خطبہ میں فرمایا: مال ہمارا مال ہے، مال فئی ہمارا ہے جس کو چاہیں ہم دیں جس کو چاہیں ہم نہ دیں۔ کسی نے کسی کا جواب نہیں دیا۔ جب دوسرا جمعہ آیا آپ رضی اللہ عنہ نے پہلے جمعہ والی بات کی، اس پر کسی نے بھی جواب نہیں دیا۔ جب تیسرا جمعہ آیا، آپ رضی اللہ عنہ نے پھر پہلی بات ہی کی۔ ایک آدمی کھڑا ہوا جو اس مسجد میں موجود تھا، اس نے کہا ہرگز نہیں بلکہ مال ہمارا ہے، مال فئی ہمارا ہے، جو ہمارے اس مال کے درمیان

7342- فى مجمع الزوائد جلد10صفحه356 وقال: ورواه الطبرانى فى الأوسط والكبير.

7343- أخرجه أحمد جلد4صفحه93 ومسلم جلد6صفحه53 قال: حدثنى اسحاق بن منصور.

7344- قال فى مجمع الزوائد جلد5صفحه236 رواه الطبرانى فى الكبير والأوسط وأبو يعلى ورجاله ثقات.

مَـقَالَتِهِ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ مِمَّنْ شَهِدَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ: كَلَّا ' بَـلِ الْـمَالُ مَالُنَا وَالْفَيْءُ فَيْئُنَا، مَنْ حَالَ بَيْنَنَا وَبَيْـنَهُ حَاكَمْنَاهُ بِأَسْيَافِنَا، فَلَمَّا صَلَّى أَمَرَ بِالرَّجُلِ ' فَـأُدْخِـلَ عَـلَيْهِ، فَأَجْلَسَهُ مَعَهُ عَلَى السَّرِيرِ، ثُمَّ أَذِنَ لِـلـنَّـاسِ فَـدَخَـلُوا عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ ' إِنِّي تَـكَـلَّـمْتُ فِي أَوَّلِ جُمْعَةٍ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ أَحَدٌ، وَفِي الثَّـانِيَةِ فَـلَـمْ يَـرُدَّ عَـلَـيَّ أَحَـدٌ، فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ أَحْيَانِـي هَذَا أَحْيَاهُ اللّٰهُ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَيَأْتِي قَوْمٌ يَتَكَلَّمُونَ ' فَلَا يُـرَدُّ عَـلَيْهِـمْ، يَتَـقَاحَمُونَ فِي النَّارِ تَقَاحُمَ الْقِرَدَةِ، فَـخَشِيتُ أَنْ يَجْعَلَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُمْ، فَلَمَّا رَدَّ هَذَا عَلَيَّ أَحْيَانِي ' أَحْيَـاهُ الـلّٰهُ، وَرَجَوْتُ أَنْ لَا يَجْعَلَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُمْ

حائل ہوا ہم اس سے جنگ کریں گے، تلوار کے ساتھ۔ جب اس آدمی نے نماز پڑھی تو اس کو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا۔ اس کو آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تخت پر بٹھایا گیا پھر لوگوں کو بھی اندر آنے کی اجازت دی۔ وہ بھی آئے پھر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے لوگو! میں نے پہلے جمعہ گفتگو کی، اس کا جواب کسی نے نہیں دیا، دوسرے جمعہ بھی کسی نے جواب نہیں دیا۔ جب تیسرا جمعہ آیا اس نے مجھے زندہ کیا' اللہ اس کو زندہ رکھے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ایسی قوم آئے گی جو کلام کرے گی لیکن ان کو جواب نہیں دیا جائے گا' اُن کو جہنم میں تپایا جائے گا جیسے بندروں کو تپایا جائے گا۔ میں خوف کرتا ہوں کہ اللہ اُن میں سے مجھے کرے۔ جب اس نے مجھے یہ جواب دیا اس نے مجھے زندہ کیا اور میں امید کرتا ہوں کہ اللہ مجھے اُن میں سے نہیں کرے گا۔

7345 - حَـدَّثَـنَا أَبُو الْوَلِيدِ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا الْـوَلِيـدُ، عَـنِ ابْـنِ جَابِرٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ مُـعَـاوِيَةَ بْـنِ أَبِي سُفْيَانَ أَنَّهُ خَطَبَهُمْ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُـولَ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَزَالُ مِـنْ أُمَّتِي أُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِأَمْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ' لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَلَا مَنْ خَالَفَهُمْ حَتَّى يَأْتِيَ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ عَـلَـى ذَلِكَ، قَـالَ عُـمَـيْـرٌ: قَـالَ مَـالِكُ بْـنُ يُخَامِرَ السَّـكْـسَـكِـيُّ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، سَمِعْتُ مُعَاذَ بْنَ

حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ ایک خطبہ میں فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیشہ میری امت کے لوگ اللہ کے دین کو قائم رکھیں گے۔ جو اُن کو ذلیل کرے گا، اُن کو نقصان نہیں دے گا' ان کو ذلیل کرنے والا اور ان کی مخالفت کرنے سے بھی اُن کا نقصان نہیں کرے گا یہاں تک کہ اللہ کا حکم آجائے گا وہ اس حالت پر ہوں گے۔ حضرت عمیر کہتے ہیں کہ جناب مالک بن یخامر نے کہا:

7345- اخرجه أحمد جلد**4**صفحه**101** قال: حدثنا اسحاق بن عيسٰى .

جَبَلٍ يَقُولُ: وَهُمْ بِالشَّامِ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: هَذَا مَالِكُ بْنُ يُخَامِرٍ وَلَهُ النَّسَمَةُ يَزْعُمُ أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاذًا، يَقُولُ: هُمْ أَهْلُ الشَّامِ

اے امیر المؤمنین! میں نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: وہ شامی ہوں گے۔

7346 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: قَدِمَ مُعَاوِيَةُ فَأُتِيَ بِعَصًا عَلَى رَأْسِهَا خِرْقَةٌ فَقَالَ: مَا كُنْتُ أَرَى أَحَدًا يَفْعَلُ هَذَا إِلَّا الْيَهُودَ، إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلَغَهُ ذَلِكَ ' فَسَمَّاهُ الزُّورَ

حضرت سعید بن میّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ آئے آپ رضی اللہ عنہ کے پاس عصا لایا گیا۔ اس کے سر پر کپڑا باندھا ہوا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا خیال ہے کہ یہ یہودی کرتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام زور رکھا ہے۔

7347 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَمِّهِ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ مُعَاوِيَةَ فَأَتَى الْمُؤَذِّنُ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ أَطْوَلَ النَّاسِ أَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمُؤَذِّنُونَ

حضرت عیسیٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کا مؤذن آیا نماز کی اطلاع دینے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن مؤذنوں کی گردنیں لمبی ہوں گی۔

7348 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ هِلَالٍ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِي الْفَيْضِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَلِيٍّ السُّلَمِيِّ قَالَ: صَلَّى بِنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ الْمَغْرِبَ ثَلَاثًا، فَقَامَ فِي رَكْعَتَيْنِ، فَسَبَّحُوا بِهِ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِمْ أَنْ قُومُوا، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ وَسَلَّمَ، انْصَرَفَ فَخَطَبَهُمْ ثُمَّ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ

حضرت معاویہ بن علی السلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے مغرب کی نماز پڑھائی تین رکعتیں۔ دو رکعتوں میں کھڑے ہو گئے پیچھے والوں نے سبحان اللہ کہا۔ آپ رضی اللہ عنہ کو انہوں نے اشارہ کیا کھڑے ہونے کا۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُن کو خطبہ دیا۔ پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ہی کرتے دیکھا جو مجھے

7346- أخرجه أحمد جلد4صفحه91 قال: حدثنا محمد بن جعفر .

7347- أخرجه أحمد جلد4صفحه95 قال: حدثنا ابن نمير، ويعلى .

7348- أخرجه أحمد جلد4صفحه100 قال: حدثنا روح بن عبادة .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ كَالَّذِي رَأَيْتُمُونِي فَعَلْتُ، وَلَوْلَا أَنِّي رَأَيْتُهُ فَعَلَهُ لَمْ أَفْعَلْهُ

آپ لوگوں نے کرتے ہوئے دیکھا اگر میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے کرتے نہ دیکھا ہوتا میں ایسے نہ کرتا۔

7349 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَلَاذٍ الْأَشْعَرِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ نُمَيْرِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَسْرُوحٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ أَبِي عَامِرٍ الْأَشْعَرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْأَشْعَرِيِّينَ: هُمْ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُمْ ، قَالَ: فَحَدَّثْتُ بِهِ مُعَاوِيَةَ فَقَالَ: لَيْسَ هَكَذَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' إِنَّمَا قَالَ: هُمْ مِنِّي وَإِلَيَّ ، قَالَ: قُلْتُ: لَيْسَ هَكَذَا حَدَّثَنِي أَبِي ' إِنَّمَا قَالَ: هُمْ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُمْ ، قَالَ: فَأَنْتَ إِذًا أَعْلَمُ بِحَدِيثِ أَبِيكَ

حضرت عامر بن ابی عامر الاشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اشعریوں کے متعلق فرمایا: وہ مجھ سے ہیں میں اُن سے ہوں۔ میں نے یہ بات حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو بتائی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا کہ میں اُن سے ہوں وہ مجھ سے ہیں۔ بلکہ اس طرح فرمایا کہ وہ مجھ سے ہیں اور میرے ہیں۔ میں نے کہا: نہیں! اس طرح میرے والد نے حدیث بیان نہیں کی بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ مجھ سے ہیں، میں اُن سے ہوں۔ اُنہوں نے کہا: پس تُو پھر اپنے باپ کی حدیث کو زیادہ جاننے والا ہے۔

7350 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَرْحُومٌ، حَدَّثَنَا أَبُو نَعَامَةَ السَّعْدِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: خَرَجَ مُعَاوِيَةُ عَلَى حَلْقَةٍ فِي الْمَسْجِدِ ' فَقَالَ: مَا يُجْلِسُكُمْ؟ قَالُوا: جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، قَالَ: آللّٰهِ مَا أَجْلَسَكُمْ إِلَّا ذَلِكَ؟ قَالُوا: وَاللّٰهِ مَا أَجْلَسَنَا إِلَّا ذَلِكَ، قَالَ: أَمَا إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَى حَلْقَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ: مَا يُجْلِسُكُمْ؟ ، قَالُوا: جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ ' وَنَحْمَدُهُ عَلَى مَا هَدَانَا لِلْإِسْلَامِ، وَمَنَّ عَلَيْنَا بِهِ، قَالَ: آللّٰهِ مَا يُجْلِسُكُمْ إِلَّا ذَلِكَ؟ ، قَالُوا: آللّٰهِ مَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اس حلقہ کے پاس سے گزرے جو مسجد میں لگا ہوا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم کیوں بیٹھے ہوئے ہو؟ انہوں نے عرض کی ہم اللہ کے ذکر کے لیے بیٹھے ہوئے ہیں۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی قسم تم اس لیے نہیں بیٹھے ہو، انہوں نے عرض کی ہم اسی لیے بیٹھے ہیں۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے ایک حلقہ کے پاس سے گزرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کیوں بیٹھے ہوئے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی، ہم اللہ کے ذکر کے لیے بیٹھے ہیں۔ ہم اس کی تعریف کرنے کے لیے بیٹھے ہوئے

أَجْلَسَنَا إِلَّا ذَلِكَ، قَالَ: أَمَا إِنِّي لَمْ أَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ ، وَلَكِنَّ جِبْرِيلَ أَتَانِي فَأَخْبَرَنِي أَنَّ اللَّهَ يُبَاهِي بِكُمُ الْمَلَائِكَةَ

ہیں کہ اس نے ہم کو اسلام کی ہدایت دی اور ہم پر احسان کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اللہ کی قسم، تم اس لیے بیٹھے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی، اللہ کی قسم ہم اس لیے بیٹھے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اپنی طرف سے نہیں کہتا ہوں لیکن حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے تھے انہوں نے مجھے بتایا کہ بے شک فرشتے کے ہاں اللہ فخر کرتا ہے۔

7351 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَطْوَلُ النَّاسِ أَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمُؤَذِّنُونَ

حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن مؤذنوں کی گردنیں سب سے اونچی ہوں گی۔

7352 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفُضَيْلِ الرَّاسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّكَ إِذَا اتَّبَعْتَ عَوْرَاتِ النَّاسِ أَفْسَدْتَهُمْ، أَوْ كِدْتَ أَنْ تُفْسِدَهُمْ ، قَالَ: يَقُولُ أَبُو الدَّرْدَاءِ كَلِمَةٌ سَمِعَهَا مُعَاوِيَةُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: نَفَعَهُ اللَّهُ بِهَا

حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تو لوگوں کے عیب تلاش کرے ان کو نقصان دینے کے لیے قریب ہے کہ تجھے ان کا نقصان پہنچے۔ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک بات حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے سنی ہے رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے اللہ نے اس سے نفع دیا ہے۔

7353 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ نصر بن الحجاج

7351- سبق تخريجه راجع الفهرس .

7352- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 4888 قال: حدثنا عيسى بن محمد الرملي، وابن عوف .

7353- قال في مجمع الزوائد جلد5 صفحه14: اسناده منقطعا، ورجاله ثقات .

تُمَيْلَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِسْحَاقَ، قَالَ: ادَّعَى نَصْرُ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ عِلَاطٍ السُّلَمِيُّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَبَاحٍ مَوْلَى خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، فَقَامَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، فَقَالَ: مَوْلَايَ وُلِدَ عَلَى فِرَاشِ مَوْلَايَ، وَقَالَ نَصْرٌ أَخِي أَوْصَانِي بِمَنْزِلِهِ، قَالَ: فَطَالَتْ خُصُومَتُهُمْ، فَدَخَلُوا مَعَهُ عَلَى مُعَاوِيَةَ وَفِهْرٌ تَحْتَ رَأْسِهِ، فَادَّعَيَا، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرُ الْحَجَرُ فَقَالَ نَصْرٌ: فَأَيْنَ قَضَاؤُكَ هَذَا يَا مُعَاوِيَةُ فِي زِيَادٍ؟ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: قَضَاءُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرٌ مِنْ قَضَاءِ مُعَاوِيَةَ، فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَبَاحٍ لَا يُجِيبُ نَصْرًا إِلَى مَا يَدَّعِي، فَقَالَ نَصْرٌ:

(البحر الطويل)

أَبَا خَالِدٍ خُذْ مِثْلَ مَالِي وِرَاثَةً ... وَخُذْنِي أَخًا عِنْدَ الْهَزَاهِزِ شَاهِدَا

أَبَا خَالِدٍ مَالٌ ثَرِيٌّ، وَمَنْصِبٌ ... سَنِيٌّ وَأَعْرَاقٌ تَهُزُّكَ صَاعِدَا

أَبَا خَالِدٍ لَا تَجْعَلَنَّ بَنَاتِنَا ... إِمَاءً لِمَخْزُومٍ وَكُنَّ مَوَاجِدَا

أَبَا خَالِدٍ إِنْ كُنْتَ تَخْشَى ابْنَ خَالِدٍ ... فَلَمْ يَكُنِ الْحَجَّاجُ يَرْهَبُ خَالِدَا

أَبَا خَالِدٍ لَا نَحْنُ نَارٌ وَلَا هُمُ ... جِنَانٌ تُرَى فِيهَا الْعُيُونُ رَوَاكِدَا

بن علاط السلمی نے عبداللہ بن رباح مولیٰ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ پر دعویٰ کیا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید کھڑا ہوا اور کہا: میرا غلام ہے' میرے آقا کے بستر پر پیدا ہوا ہے۔ نصر نے کہا: میرا بیٹا اس کی طرح ہے، ان کا جھگڑا لمبا ہو گیا۔ وہ اس کے ساتھ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ جبکہ ملائم پتھر ان کے سر کے نیچے تھا، دونوں نے دعویٰ کیا۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بچہ بستر والے کا ہے اور زانی کے لیے پتھر ہیں۔ حضرت نصر نے کہا، آپ رضی اللہ عنہ کا فیصلہ یاد کے متعلق کیا تھا؟ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے فیصلہ سے بہتر ہے۔ حضرت عبداللہ بن رباح نے نصر کو کوئی جواب نہیں دیا، اس کا جو اس نے دعویٰ کیا تھا۔

"اے ابوخالد! میرے مال کے برابر وراثت لے لے اور مجھے بطور بھائی اختیار کر اور ھزاھز کے پاس بطور گواہ'

اے ابوخالد! مال مٹی والا ہے' منصب ہے اور سینے ہیں' وہ تجھے اوپر لے جاتا ہے یعنی ترقی دیتا ہے'

اے ابوخالد! ہماری بیٹیوں کو لونڈیاں نہ بنا' بنی مخزوم کیلئے حالانکہ وہ بزرگی والی ہیں'

اے ابوخالد! اگر تو خالد کے بیٹے سے ڈرتا ہے تو حجاج' خالد سے نہیں ڈرتا ہے'

اے ابوخالد! ہم آگ (دوزخ) نہیں اور وہ باغ

(جنت) نہیں ہیں' ان میں چشموں کو دیکھا جاتا ہے کہ وہ کھڑے ہیں"۔

حَدِيثُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کردہ احادیث

7354 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں صلہ رحمی توڑنے والا داخل نہیں ہوگا۔

7355 - حَدَّثَنَا وَهْبٌ، أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، وَقَدْ أَدْرَكَ جُبَيْرٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں صلہ رحمی توڑنے والا داخل نہیں ہوگا۔

7356 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّورِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب میں سورۃ طور پڑھی۔

7357 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں صلہ رحمی توڑنے والا داخل نہیں ہوگا۔

7354- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 557 . وأحمد جلد4صفحه80 .

7355- سبق تخريجه برقم: 7354 .

7356- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه 71 . وأحمد جلد4صفحه85 .

7357- سبق تخريجه برقم: 7355 .

وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ

7358 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، جَمِيعًا قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَنَا أَحْمَدُ، وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يُمْحَى بِيَ الْكُفْرُ، وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى عَقِبِي، وَأَنَا الْعَاقِبُ الَّذِي لَيْسَ بَعْدَهُ نَبِيٌّ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں محمد ﷺ و احمد ﷺ ہوں۔ میں ماحی ہوں میری وجہ سے کفر ختم ہو گیا، میں حاشر ہوں ساری دنیا میرے پیچھے ہو گی میں العاقب ہوں وہ ہوتا ہے جس کے بعد کوئی نبی نہیں ہوتا۔

بکھرتے ہوتے تو میں دیکھتا' اور آپ ﷺ کے داڑھی کے بال زیادہ تھے۔ پس ایک آدمی نے عرض کی: کیا آپ کا چہرہ تلوار کی مانند تھا؟ اُنہوں نے جواب دیا: نہیں! (بلکہ) سورج اور چاند کی مانند گول (اور چمکدار) تھا۔ راوی نے کہا: میں نے ان کے کندھے کے پاس ان کی مہر نبوت دیکھی' شتر مرغ کے انڈے کی مانند' وہ ان کے جسم کے مشابہ تھی۔

7423 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَأَيْتُهُ مُتَّكِئًا عَلَى مِرْفَقِهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس داخل ہوا تو میں نے دیکھا کہ آپ اپنی کہنی پر ٹیک لگائے ہوئے تھے۔

7424 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ فِي سَاقَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُمُوشَةٌ، وَكَانَ لَا يَضْحَكُ إِلَّا تَبَسُّمًا، وَكَانَ إِذَا نَظَرْتَ إِلَيْهِ قُلْتَ: أَكْحَلُ الْعَيْنَيْنِ، وَلَيْسَ بِأَكْحَلَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کی مبارک پنڈلیوں میں پتلا پن تھا' آپ تبسم ریز ہوا کرتے تھے اور جب تُو کبھی آپ ﷺ کو دیکھنے کا شرف حاصل کرے تو کہے: آپ ﷺ کی دونوں آنکھوں میں سرمہ لگا ہوا ہے حالانکہ (سرمہ قدرتی ہے) آپ ﷺ نے سرمہ ڈالا نہیں ہے۔

7425 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ فِي الْفَجْرِ بِق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ وَكَانَتْ صَلَاتُهُ بَعْدُ تَخْفِيفًا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ فجر کی نماز میں سورۂ ق والقرآن المجید پڑھا کرتے تھے' اس کے بعد آپ ﷺ کی نماز مختصر ہوا کرتی تھی۔

7423- أخرجه أحمد جلد5صفحه102 . وأبو داؤد رقم الحديث: 4143 قال: حدثنا أحمد بن حنبل .

7424- أخرجه أحمد جلد5صفحه105 قال: حدثنا سريج بن النعمان .

7425- أخرجه أحمد جلد5صفحه90 قال: حدثنا أبو كامل .

7426 - حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ أَبِي زُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُصَلِّي فِي الثَّوْبِ الَّذِي آتِي فِيهِ أَهْلِي؟ قَالَ: نَعَمْ إِلَّا أَنْ تَرَى فِيهِ شَيْئًا فَتَغْسِلَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے آپ ﷺ سے اس کپڑے میں نماز پڑھنے کے بارے دریافت کیا جس میں وہ اپنی بیوی کے پاس آتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! مگر اس میں کوئی پلیدی دیکھے تو اسے دھو ڈال۔

7427 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: أَنَا الْفَرَطُ عَلَى الْحَوْضِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں حوض پر (اپنی اُمت کا) منتظر ہوں گا۔

7428 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا فِطْرٌ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ثَلَاثٌ أَخَافُ عَلَى أُمَّتِي: اسْتِسْقَاءٌ بِالْأَنْوَاءِ، وَحَيْفُ السُّلْطَانِ، وَتَكْذِيبٌ بِالْقَدَرِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مجھے اپنی اُمت پر تین چیزوں کا خوف ہے: (۱) ستاروں کے ذریعے بارش مانگنا (۲) بادشاہ کا ظلم (۳) تقدیر کو جھٹلانا۔

7429 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ مَعَ غُلَامِي نَافِعٍ أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَتَبَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ

حضرت عامر بن سعد فرماتے ہیں کہ میں نے خط لکھ کر اپنے غلام کے ہاتھ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا کہ مجھے کسی ایسی شی کی خبر دیں جو آپ نے رسول کریم ﷺ سے سنی ہو۔ پس اُنہوں نے جواباً لکھا: میں نے جمعہ کی اس شام کو رسول کریم ﷺ سے سنا' جب اسلمی کو رجم کیا گیا: دین ہمیشہ قائم رہے گا یہاں تک کہ

7426- أخرجه أحمد جلد5صفحه97,89 قال: حدثنا عبد الله بن ميمون أبو عبد الرحمن الرقي .

7428- أخرجه أحمد جلد5صفحه89 قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

7429- أخرجه أحمد جلد5صفحه87,86 قال: حدثنا حماد بن خالد .

جُمُعَةٍ عَشِيَّةَ رَجْمِ الْأَسْلَمِيِّ، يَقُولُ: لَا يَزَالُ الدِّينُ قَائِمًا حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ ، وَيَكُونَ عَلَيْكُمُ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً ، كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

قیامت قائم ہو جائے اور تمہارے اوپر بارہ خلیفے ہوں گے ان میں سے ہر ایک قریشی ہوگا۔

وَسَمِعْتُهُ، يَقُولُ: عُصْبَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَفْتَتِحُونَ الْبَيْتَ الْأَبْيَضَ بَيْتَ كِسْرَى وَآلِ كِسْرَى

اور میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مسلمانوں کا ایک گروہ بیت ابیض یعنی کسریٰ اور آلِ کسریٰ کے محل کو فتح کرے گا۔

وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ، فَاحْذَرُوهُمْ

اور میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت سے پہلے جھوٹے دعویدار ہوں گے' ان سے بچنا۔

وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِذَا أَعْطَى اللَّهُ أَحَدَكُمْ خَيْرًا فَلْيَبْدَأْ بِنَفْسِهِ وَأَهْلِ بَيْتِهِ

اور میں نے آپ ﷺ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ جس آدمی کو اللہ تعالیٰ بھلائی عطا کرے' پس اُسے چاہیے کہ وہ ابتداء اپنی ذات اور اپنے گھر والوں سے کرے۔

وَسَمِعْتُهُ، يَقُولُ: أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ

اور میں نے آپ ﷺ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا: حوض پر میں تمہارا منتظر ہوں گا۔

7430 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ سِيَاهٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ رِيَاحٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كُنْتُ فِي مَجْلِسٍ فِيهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي سَمُرَةُ جَالِسٌ أَمَامِي، فَقَالَ: إِنَّ الْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ لَيْسَا مِنَ الْإِسْلَامِ فِي شَيْءٍ، وَإِنَّ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ إِسْلَامًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک ایسی مجلس میں شریک تھا جس میں رسول کریم ﷺ بھی موجود تھے جبکہ میرے باپ سمرہ میرے آگے تھے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بُری بات کرنا اور بُرا کام کرنا (گالی گلوچ یا بدکاری) کسی لحاظ سے ان دونوں کا تعلق اسلام سے نہیں ہے' بے شک لوگوں میں سے جس کے اخلاق اچھے ہیں' اس کا اسلام اچھا ہے۔

7431 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

7430- أخرجه أحمد جلد5صفحه89 قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

7431- وأخرجه أحمد جلد5صفحه105 . والترمذي رقم الحديث: 3624 .

الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بِمَكَّةَ حَجَرًا كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ لَيَالِيَ بُعِثْتُ، وَإِنِّي لَأَعْرِفُهُ إِذَا مَرَرْتُ عَلَيْهِ

کریم ﷺ نے فرمایا: مکہ میں ایک پتھر تھا' بعثت کی راتوں میں وہ مجھ پر سلام پڑھتا تھا' میں جب اس کے پاس سے گزرتا ہوں تو اسے پہچان لیتا ہوں۔

7432 - حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَرَّادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ السُّوَائِيِّ - سُوَأَةِ قَيْسٍ - ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: ثَلَاثٌ أَخَافُ عَلَى أُمَّتِي: اسْتِسْقَاءٌ بِالْأَنْوَاءِ، وَحَيْفُ السُّلْطَانِ، وَتَكْذِيبٌ بِالْقَدَرِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مجھے اپنی اُمت پر تین چیزوں کا خوف ہے: ستاروں سے بارش مانگنا' بادشاہ کا ظلم اور تقدیر کو جھٹلانا۔

7433 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ يَهُودِيًّا وَيَهُودِيَّةً

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک یہودی اور ایک یہودن کو رجم فرمایا۔

7434 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمٍ الطَّائِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ ' فَرَأَى نَاسًا رَافِعِي أَيْدِيهِمْ، فَقَالَ: مَا لَهُمْ رَافِعِي أَيْدِيهِمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ الْخَيْلِ الشُّمُسِ؟ اسْكُنُوا فِي الصَّلَاةِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ مسجد میں داخل ہوئے تو لوگوں کو رفع یدین کرتے ہوئے ملاحظہ فرمایا' آپ ﷺ نے فرمایا: ان لوگوں کو کیا ہے سرکش گھوروں کے کانوں کی طرح کیوں اپنے ہاتھوں کو اُٹھائے ہوئے ہیں' نماز میں سکون سے کھڑے ہوا کرو۔

7435 - وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: دَخَلَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

7432- سبق تخريجه برقم: 7428 .

7433- سبق تخريجه برقم: 7417 .

7434- أخرجه أحمد جلد5صفحه93 قال: حدثنا محمد بن جعفر .

7435- أخرجه أحمد جلد5صفحه93,90 قال: حدثنا محمد بن جعفر .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ ' فَرَأَى نَاسًا يُصَلُّونَ رَافِعِي رُءُوسِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: لَيَنْتَهِيَنَّ رِجَالٌ يَشْخَصُونَ بِأَبْصَارِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ، أَوْ لَا تَرْجِعُ إِلَيْهِمْ

کریم ﷺ مسجد میں تشریف لائے' لوگ کھڑے آسمان کی طرف سر اُٹھا کے نماز پڑھ رہے تھے' فرمایا: لوگ رُک جائیں جو آسمان کی طرف اپنی نگاہیں اُٹھاتے ہیں یہاں تک کہ وہ ان کی طرف نہ لوٹیں گی۔

7436 - وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ، فَقَالَ: أَلَا تَصُفُّونَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهِمْ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ تَصُفُّ عِنْدَ رَبِّهِمْ؟ قَالَ: يُتِمُّونَ الصُّفُوفَ الْأُوَلَ، وَيَتَرَاصُّونَ فِي الصَّفِّ قَالَ: وَخَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ وَهُمْ فِي الْمَسْجِدِ حِلَقٌ، فَقَالَ: مَا لِي أَرَاهُمْ عِزِينَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ مسجد میں تشریف لائے اور فرمایا: تم اس طرح صفیں کیوں نہیں بناتے جس طرح فرشتے اپنے رب کے پاس صفیں بناتے ہیں؟ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! فرشتے اپنے رب کے پاس کیسے صفیں بناتے ہیں؟ فرمایا: پہلی صفیں مکمل کرتے ہیں اور صف کے درمیان فاصلہ نہیں چھوڑتے۔ راوی کا بیان ہے: آپ مسجد کی طرف تشریف لائے' لوگوں کو حلقوں کی صورت میں دیکھا۔ فرمایا: میں ان لوگوں کو الگ الگ کیوں دیکھ رہا ہوں۔

7437 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ خَاتَمَ النُّبُوَّةِ بَيْنَ كَتِفَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّهُ بَيْضَةُ حَمَامَةٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کی مہر نبوت کو آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان ایسے دیکھا جیسے کبوتری کا انڈہ ہوتا ہے۔

7438 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ قَالَ سِمَاكٌ، قَالَ: لِي أَبِي: فَاحْذَرُوهُمْ

حضرت سماک فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کو سنا' فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت سے پہلے جھوٹے لوگ ہوں گے' حضرت سماک نے کہا: مجھے میرے باپ نے کہا: پس ان سے بچنا۔

7436- أخرجه أحمد جلد4صفحه101 قال: حدثنا أبو معاوية .

7438- سبق تخريجه برقم: 7408 .

7439 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ، يَذْكُرُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لَيْلَةٍ إِضْحِيَانٍ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ، فَكُنْتُ أَنْظُرُ إِلَيْهِ وَإِلَى الْقَمَرِ، فَهُوَ كَانَ فِي عَيْنِي أَزْيَنَ مِنَ الْقَمَرِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا اس حال میں کہ آپ پر سرخ حُلّہ تھا' پس میں آپ ﷺ کی طرف اور چاند کی طرف دیکھ رہا تھا' یعنی کبھی آپ ﷺ کو دیکھتا' کبھی چودھویں کے چاند کی طرف دیکھتا' پس آپ ﷺ میری آنکھوں میں چاند سے زیادہ زیب وزینت والے تھے۔

7440 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَإِنَّ بُعْدَ مَا بَيْنَ طَرَفَيْهِ كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَأَيْلَةَ، كَأَنَّ الْأَبَارِيقَ مِثْلُ النُّجُومِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حوض پر میں تمہارا منتظر ہوں گا' اس کے دونوں کناروں کے درمیان کا فاصلہ صنعاء اور ایلہ کے درمیان جتنا ہے' اس کے پیالے گویا کہ ستارے ہیں۔

7441 - حَدَّثَنَا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ أَبُو وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُصَلِّي فِي الثَّوْبِ الَّذِي آتِي فِيهِ أَهْلِي؟ قَالَ: نَعَمْ، إِلَّا أَنْ تَرَى فِيهِ شَيْئًا فَتَغْسِلَهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا: کیا میں اس کپڑے میں نماز پڑھ سکتا ہوں جس میں' میں اپنی بیوی کے پاس آتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! مگر یہ کہ تُو اس میں کوئی چیز دیکھے تو اسے دھوڈال۔

7442 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُسَيَّبُ بْنُ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ مسجد میں تشریف لائے اس حال میں کہ لوگ رفع یدین کررہے تھے' تو آپ نے فرمایا: ان لوگوں نے

7439- أخرجه الدارمي رقم الحديث: **58** قال: حدثنا محمد بن سعيد . والترمذي رقم الحديث: **2811** .

7440- سبق تخريجه برقم: **7409** .

7441- سبق تخريجه برقم: **7426** .

7442- سبق تخريجه برقم: **7434** .

الطَّائِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ، وَقَدْ رَفَعُوا أَيْدِيَهُمْ، فَقَالَ: قَدْ رَفَعُوا أَيْدِيَهُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمُسٍ، اسْكُنُوا فِي الصَّلَاةِ

اپنے ہاتھ اس طرح اُٹھا رکھے ہیں گویا گھوڑوں کی دُمیں ہوں' اپنی نمازوں میں ایسی حرکتیں مت کیا کرو۔

7443 - وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَصُفُّونَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ الَّذِينَ عِنْدَ رَبِّهِمْ؟ قَالَ: كَيْفَ الْمَلَائِكَةُ الَّذِينَ عِنْدَ رَبِّهِمْ؟ قَالَ: يُتِمُّونَ الصُّفُوفَ الْأُوَلَ ' وَيَتَرَاصُّونَ فِي الصَّفِّ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس طرح صفیں نہیں بنا سکتے ہو جس طرح فرشتے اپنے رب کے سامنے صفیں بناتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے وہ اوّل صف مکمل کرتے ہیں اور اپنی صفوں میں باہم مل کر کھڑے ہوتے ہیں۔

7444 - وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ حِلَقٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: مَا لِي أَرَاكُمْ عِزِينَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اس حال میں کہ لوگ مسجد میں حلقوں کی صورت میں بیٹھے ہوئے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں الگ الگ کیوں دیکھتا ہوں!

حَدِيثُ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ

واثلہ بن الاسقع کی احادیث

7445 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، مَوْلَى أُمَيَّةَ، عَنْ جَنَاحٍ، مَوْلَى الْوَلِيدِ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُ شَبَابِكُمْ مَنْ تَشَبَّهَ بِكُهُولِكُمْ، وَشَرُّ كُهُولِكُمْ مَنْ تَشَبَّهَ بِشَبَابِكُمْ

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا بہترین جوان وہ ہے جو تمہارے بوڑھوں کی مشابہت اختیار کرے اور تمہارا بُرا ترین بوڑھا وہ ہے جو تمہارے جوانوں کی مشابہت اختیار کرے۔

7446 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی

7445- قال في مجمع الزوائد جلد10صفحه270: رواه أبو يعلى والطبراني .

ابْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي عَبْلَةَ، حَدَّثَنَا الْغَرِيفُ بْنُ عَيَّاشِ بْنِ فَيْرُوزَ الدَّيْلَمِيُّ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: إِنَّ نَاسًا مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' فَقَالُوا: إِنَّ صَاحِبًا لَنَا قَدْ أَوْجَبَ، قَالَ: فَلْيُعْتِقْ رَقَبَةً يَفُكُّ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهَا عُضْوًا مِنْهُ مِنَ النَّارِ

سلیم سے کچھ لوگ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے۔ انہوں نے عرض کی، ہمارے ایک ساتھی نے (قسم) واجب کر لی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو چاہیے کہ وہ ایک غلام آزاد کرے۔ اللہ عزوجل ہر عضو کے بدلے اس کا عضو جہنم سے آزاد کرے گا۔

7447 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ أَبِي عَمَّارٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَى كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ، وَاصْطَفَى مِنْ كِنَانَةَ قُرَيْشًا، وَاصْطَفَى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِي هَاشِمٍ، وَاصْطَفَانِي مِنْ بَنِي هَاشِمٍ

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے اولاد اسماعیل سے کنانہ کو چن لیا اور کنانہ سے قریش کو اور قریش سے بنی ہاشم کو چنا اور ہاشم سے میرا انتخاب فرمایا۔

7448 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ أَبِي عَمَّارٍ شَدَّادٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: أَقْعَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا عَنْ يَمِينِهِ، وَفَاطِمَةَ عَنْ يَسَارِهِ، وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا بَيْنَ يَدَيْهِ ' وَغَطَّى عَلَيْهِمْ بِثَوْبٍ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، وَأَهْلُ بَيْتِي أَتَوْا إِلَيْكَ ' لَا إِلَى النَّارِ

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے دائیں جانب، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بائیں جانب اور امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو پنے سامنے بٹھایا اور کپڑے کے ساتھ ان کو ڈھانپ لیا اور دعا کی: اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں اور میرے اہل بیت تیری طرف آئے ہیں نہ کہ نارِ جہنم کی طرف۔

7449 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ،

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7447- أخرجه أحمد جلد4صفحه107 قال: حدثنا أبو المغيرة .

7448- وقال في مجمع الزوائد جلد9صفحه167: رواه أحمد وأبو يعلى والطبراني .

7449- سبق تخريجه برقم: 7447 .

حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ أَبِي عَمَّارٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَى بَنِي كِنَانَةَ مِنْ بَنِي إِسْمَاعِيلَ، وَاصْطَفَى مِنْ بَنِي كِنَانَةَ قُرَيْشًا، وَاصْطَفَى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِي هَاشِمٍ، وَاصْطَفَانِي مِنْ بَنِي هَاشِمٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے اولاد اسماعیل سے بنو کنانہ کو چنا اور بنو کنانہ سے قریش کو اور قریش سے بنی ہاشم کو چنا اور ہاشم سے مجھے چنا۔

7450 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْأَسْقَعِ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تَزْعُمُونَ أَنِّي مِنْ آخِرِكُمْ وَفَاةً، أَلَا وَإِنِّي مِنْ أَوَّلِكُمْ وَفَاةً، وَتَتْبَعُونِي أَفْنَادًا يُهْلِكُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہماری طرف نکلے، آپ ﷺ نے فرمایا: تم گمان کرتے ہو، میں وفات کے لحاظ سے تم سے آخری ہوں، خبردار میں وفات کے لحاظ سے اول ہوں، تم میری اتباع کرو، تمہارے بعض، بعض کو ہلاک کریں گے۔

7451 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى الْكُوفِيُّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الشَّامِيِّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: عُدَّ الْآيَ فِي التَّطَوُّعِ، وَلَا تَعُدَّهُ مِنَ الْفَرِيضَةِ

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نفل میں آیتیں شمار کرو اور فرضوں میں شمار نہ کرو۔

7452 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي سَمِينَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تَزْعُمُونَ أَنِّي مِنْ آخِرِكُمْ وَفَاةً، أَلَا وَإِنِّي مِنْ

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہماری طرف نکلے، آپ ﷺ نے فرمایا: تم گمان کرتے ہو، میں وفات کے لحاظ سے تم سے آخری ہوں، خبردار میں وفات کے لحاظ سے تم سے اول ہوں، تم میری اتباع کرو، تمہارے بعض بعض کو ہلاک نہ کریں۔

7450- أخرجه أحمد جلد4صفحه106 قال: حدثنا أبو المغيرة .

7451- قال في مجمع الزوائد جلد2صفحه267: رواه أبو يعلى .

7452- سبق تخريجه برقم: 7450 .

أَوَّلِكُمْ وَفَاةً، وَلَتَتْبَعُنِّي أَفْنَادًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

7453 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقُرَشِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيدٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِحَاقُ النِّسَاءِ بَيْنَهُنَّ زِنًى

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کے درمیان بیٹھ کر ان کے حلیے وغیرہ بیان کرنا زنا ہے۔

7454 - حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْعَثِ أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ ثَعْلَبَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ الْهُذَلِيِّ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: تَدَانَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَسْجِدِ الْخَيْفِ، فَقَالَ لِي أَصْحَابُهُ: إِلَيْكَ يَا وَاثِلَةُ، أَيْ تَنَحَّ عَنْ وَجْهِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعُوهُ، إِنَّمَا جَاءَ يَسْأَلُ قَالَ: فَدَنَوْتُ، فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ، لِتُفْتِنَا عَنْ أَمْرٍ نَأْخُذُهُ عَنْكَ مِنْ بَعْدِكَ، قَالَ: لِتُفْتِكَ نَفْسُكَ قَالَ: قُلْتُ: وَكَيْفَ لِي بِذَلِكَ؟ قَالَ: دَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ، وَإِنْ أَفْتَاكَ الْمُفْتُونَ قُلْتُ: وَكَيْفَ لِي بِعِلْمِ ذَلِكَ؟ قَالَ: تَضَعُ يَدَكَ عَلَى فُؤَادِكَ، فَإِنَّ الْقَلْبَ يَسْكُنُ لِلْحَلَالِ، وَلَا يَسْكُنُ لِلْحَرَامِ، وَإِنَّ الْوَرِعَ

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا مسجد خیف میں مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے کہا، اے واثلہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے پیچھے ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو۔ یہ پوچھنے کے لیے آیا ہے، میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوا، میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر فدا ہوں ہم ایک حکم کے متعلق فتویٰ لینے کے لیے آتے ہیں تاکہ آپ کے بعد ہم اس پر عمل کریں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے دل سے فتویٰ لے لو۔ میں نے عرض کی، کیسے اس سے فتویٰ لوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شک میں ڈالے اس کو چھوڑ دو، جو شک میں نہ ڈالے اسے لے لو، اگرچہ اس کے جائز ہونے کا فتویٰ مفتی دیں، میں نے عرض کی: مجھے اس کے متعلق کیسے معلوم ہو گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

7453- قال في مجمع الزوائد جلد6صفحه256: رجاله ثقات الا بقية مدلس : ورواه الطبراني .

7454- قال في مجمع الزوائد جلد10صفحه429: رواه أبو يعلى والطبراني .

الْمُسْلِمَ يَدَعُ الصَّغِيرَ مَخَافَةَ أَنْ يَقَعَ فِي الْكَبِيرِ قُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي ، مَا الْعَصَبِيَّةُ؟ قَالَ: الَّذِي يُعِينُ قَوْمَهُ عَلَى الظُّلْمِ قُلْتُ: فَمَنِ الْحَرِيصُ؟ قَالَ: الَّذِي يَطْلُبُ الْمَكْسَبَةَ مِنْ غَيْرِ حِلِّهَا قُلْتُ: فَمَنِ الْوَرِعُ؟ قَالَ: الَّذِي يَقِفُ عِنْدَ الشُّبْهَةِ قُلْتُ: فَمَنِ الْمُؤْمِنُ؟ قَالَ: مَنْ أَمِنَهُ النَّاسُ عَلَى أَمْوَالِهِمْ وَدِمَائِهِمْ قُلْتُ: فَمَنِ الْمُسْلِمُ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ قُلْتُ: فَأَيُّ الْجِهَادِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: كَلِمَةُ حُكْمٍ عِنْدَ إِمَامٍ جَائِرٍ

اپنے دل پر ہاتھ رکھو کیونکہ حلال کے لیے دل سکون میں ہوتا ہے اور حرام کیلئے سکون میں نہیں ہوتا' بے شک پرہیز گار مسلمان وہ ہے جو چھوٹے گناہ کو چھوڑتا ہے برے گناہ میں گرنے کے خوف کی وجہ سے۔ میں نے عرض کی میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر فدا ہوں۔ عصبیت کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی قوم کی مدد کرنا ظلم کے باوجود۔ میں نے عرض کی: حریص کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سکہ یا روزی طلب کرنا اس کے حلال ہونے کے بغیر۔ میں نے عرض کی: پرہیز گاری کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شبہ والی اشیاء سے بچنا۔ میں نے عرض مومن کون ہے۔ فرمایا لوگوں کو اپنے اموال وخون سے جس سے امن ہو۔ میں نے عرض افضل جہاد کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ظالم بادشاہ کے سامنے کلمہ حق کہنا۔

حَدِيثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کی احادیث

7455 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْكِلَابِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي يَعْقُوبَ، عَنْ بِشْرِ بْنِ شَغَافٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، وَلَا فَخْرَ، وَأَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ، وَأَوَّلُ شَافِعٍ وَمُشَفَّعٍ، بِيَدِي

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اولاد آدم علیہ السلام کا قیامت کے دن سردار ہوں گا۔ فخر کوئی نہیں۔ سب سے پہلے میری قبر کھلے گی۔ سب سے پہلے شفاعت کرنے والا میں ہوں گا۔ حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا۔ آدم ان کے علاوہ سب میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔

لِوَاءُ الْحَمْدِ، تَحْتِي آدَمُ فَمَنْ دُونَهُ

7456 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْحَكَمِ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ الْمَدِينِيُّ ' وَهُوَ الَّذِي يُقَالُ لَهُ الرَّازِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي يَحْيَى الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ كِسْرَةً مِنْ خُبْزِ شَعِيرٍ، ثُمَّ أَخَذَ تَمْرَةً ' فَوَضَعَهَا عَلَيْهَا، ثُمَّ قَالَ: هَذِهِ إِدَامُ هَذِهِ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کی روٹی کا ایک ٹکڑا لیا۔ پھر ایک کھجور لی اس پر رکھی پھر فرمایا: یہ اس کا سالن ہے۔

7457 - حَدَّثَنَا أَبُو يَاسِرٍ عَمَّارٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ أَبُو الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَرْبُ خَدْعَةٌ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنگ دھوکہ ہے۔

7458 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَسْلَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ مِنَ الْيَهُودِ دَنَانِيرَ فِي تَمْرٍ مُسَمًّى إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: مِنْ تَمْرِ حَائِطِ بَنِي فُلَانٍ؟ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا مِنْ تَمْرِ حَائِطِ بَنِي فُلَانٍ ' فَلَا

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی آدمی سے دنانیر لیے معین کھجور کے بدلے ایک مقررہ مدت تک۔ یہودی نے کہا: مجھے بنی فلاں کے باغوں کی لینی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہرحال کھجوریں بنی فلاں کے باغ کی نہیں ملیں گی۔

7459 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

7456- قال في مجمع الزوائد جلد5صفحه40: رواه أبو يعلى .

7457- قال في مجمع الزوائد جلد5صفحه320: رواه أبو يعلى .

7459- أخرجه أحمد جلد5صفحه452 قال: حدثنا يحيى بن آدم .

أَسْمَاء، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي هِلَالٌ، أَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ، حَدَّثَهُ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ سَلَامٍ حَدَّثَهُ، أَوْ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: تَذَاكَرْنَا بَيْنَنَا فَقُلْنَا: أَيُّكُمْ يَأْتِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَسْأَلُهُ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَحَبُّ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَهِبْنَا أَنْ يَقُومَ مِنَّا أَحَدٌ، فَأَرْسَلَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا رَجُلًا، حَتَّى جَمَعَنَا، فَجَعَلْنَا يُشِيرُ بَعْضُنَا إِلَى بَعْضٍ، فَقَرَأَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُورَةَ (سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ) فَتَلَاهُنَّ مِنْ أَوَّلِهَا إِلَى آخِرِهَا . قَالَ: فَتَلَاهَا عَلَيْنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَلَامٍ مِنْ أَوَّلِهَا إِلَى آخِرِهَا، قَالَ: فَتَلَاهَا عَلَيْنَا عَطَاءٌ مِنْ أَوَّلِهَا إِلَى آخِرِهَا، قَالَ: يَحْيَى فَتَلَاهَا عَلَيْنَا هِلَالٌ مِنْ أَوَّلِهَا إِلَى آخِرِهَا، قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ: فَتَلَاهَا عَلَيْنَا يَحْيَى مِنْ أَوَّلِهَا إِلَى آخِرِهَا

آپس میں مذاکرہ کر رہے تھے۔ ہم نے کہا، کون ہے جو رسول اللہ ﷺ کے پاس جائے۔ آپ ﷺ سے پوچھا: کون سے اعمال اللہ کے ہاں محبوب ہیں؟ ہم میں سے کوئی آدمی کھڑا ہوا۔ ہم نے رسول اللہ ﷺ کی طرف ایک آدمی بھیجا، یہاں تک کہ ہم جمع ہو گئے۔ ہم بعض بعض کی طرف اشارہ کرنے لگے۔ حضور ﷺ نے ہم پر یہ آیت پڑھی: سبح للہ ما فی السموات الی آخرہ۔ آپ ﷺ نے یہ سورت شروع سے آخر تک پڑھ۔ حضرت عبداللہ نے ہم پر شروع سے آخر تک پڑھو۔ حضرت عطا نے ہمارے سامنے شروع سے آخر تک پڑھی۔ یحیٰی نے شروع سے آخر تک پڑھی۔ حضرت یحیٰی فرماتے ہیں: ہم پر حضرت ہلال نے اوّل تا آخر پڑھی۔ حضرت امام اوزاعی کہتے ہیں: حضرت یحیٰی نے ہم پر شروع سے آخر تک پڑھی۔

7460 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ أَخِي عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: كَانَ اسْمِي فِي الْجَاهِلِيَّةِ فُلَانٌ، سَمَّانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جاہلیت میں میرا نام فلاں تھا رسول اللہ ﷺ نے میرا نام عبداللہ رکھا۔

7460- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **3803,3256** قال: حدثنا علي بن سعيد الكندي .

اللّٰهِ

7461 - حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: ذَكَرْنَا أَحَبَّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللّٰهِ، فَقُلْنَا: مَنْ يَسْأَلُ لَنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَهِبْنَاهُ أَنْ نَسْأَلَهُ، فَيُفْرِدُنَا رَجُلًا رَجُلًا حَتَّى اجْتَمَعْنَا عِنْدَهُ، سَارَ بَعْضُنَا إِلَى بَعْضٍ، فَلَمْ نَدْرِ، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَيْنَا، فَقَرَأَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ السُّورَةَ: (سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمَوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ) إِلَى قَوْلِهِ (بُنْيَانٌ مَرْصُوصٌ) (الصف: 4) قَالَ ابْنُ سَلَامٍ: فَقَرَأَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السُّورَةَ كُلَّهَا مِنْ أَوَّلِهَا إِلَى آخِرِهَا قَالَ أَبُو سَلَمَةَ: وَقَرَأَ عَلَيْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ السُّورَةَ مِنْ أَوَّلِهَا إِلَى آخِرِهَا

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم آپس میں مذاکرہ کر رہے تھے کہ کون سا عمل اللہ کے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے؟ ہم نے کہا: کون ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھے کہ کون سے اعمال اللہ کے ہاں محبوب ہیں؟ ہم آپ سے سوال کرنے سے ڈر گئے' ہم نے ایک ایک سے الگ الگ پوچھا یہاں تک کہ ہم آپ کے پاس جمع ہو گئے۔ ہم بعض بعض کی طرف چلے' پھر آپ نے ہماری طرف قاصد بھیجا' پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر یہ سورت پڑھی: سبح للّٰه ما فی السموات الیٰ آخرہ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سورۃ شروع سے بنیان مرصوص تک پڑھی۔ حضرت عبداللہ بن سلام فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم پر تمام سورت اوّل تا آخر پڑھی۔ حضرت ابوسلمہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ نے ہم پر شروع سے آخر تک پڑھی۔

7462 - حَدَّثَنَا عَمَّارٌ أَبُو يَاسِرٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ زِيَادٍ أَبُو الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی: اے اللہ! میری امت کے صبح کے کاموں میں برکت فرمایا۔

7463 - حَدَّثَنَا أَبُو يَاسِرٍ عَمَّارٌ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7461- سبق تخريجه برقم: 7459 .

7462- قال في مجمع الزوائد جلد4صفحه61: رواه أبو يعلى والطبراني في الكبير .

7463- قال في مجمع الزوائد جلد1صفحه91: رواه أبو يعلى .

الْمِقْدَامِ هِشَامُ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَيَاءُ مِنَ الْإِيمَانِ

حضور ﷺ نے فرمایا: حیاء ایمان سے ہے۔

حَدِيثُ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْبَجَلِيِّ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی احادیث

7464 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصِيَامِ رَمَضَانَ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: (۱) اللہ کی توحید اور حضور ﷺ کی رسالت کی گواہی دینا، (۲) نماز قائم کرنا (۳) زکوۃ ادا کرنا (۴) بیت اللہ کا حج کرنا (۵) رمضان کے روزے رکھنا۔

7465 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ جَرِيرٌ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَعَلَى أَنْ أَنْصَحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ، قَالَ: فَكَانَ إِذَا اشْتَرَى الشَّيْءَ كَانَ أَعْجَبَ إِلَيَّ مِنْ ثَمَنِهِ، قَالَ لِصَاحِبِهِ: وَاللَّهِ لَمَا نَأْخُذُ مِنْكَ أَحَبُّ إِلَيْنَا مِمَّا نُعْطِيكَ، قَالَ: يُرِيدُ الْوَفَاءَ بِذَلِكَ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کی بیعت کی، سننے واطاعت کرنے پر اور ہر مسلمان کی خیر خواہی پر۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ یہ ہے کہ جب کسی شے کو خریدے تو وہ مجھ کو پیسوں سے زیادہ پسند ہو۔ آپ ﷺ اس کے مالک کو کہتے: اللہ کی قسم! ہم آپ سے اس وقت جو لیں گے وہ ہم کو پسند ہے اس سے جو ہم آپ کو دیں گے۔ راوی کا بیان ہے: اس کا پورا بدلہ دینا مراد لیتے۔

7466 - حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ أَبِي زُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7464- أخرجه أحمد جلد4صفحه363 قال: حدثنا هاشم بن القاسم .

7465- أخرجه أحمد جلد4صفحه364 قال: حدثنا اسماعيل .

عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْبَجَلِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: صِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ صِيَامُ الدَّهْرِ، أَيَّامُ الْبِيضِ صَبِيحَةُ ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَأَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ

حضور ﷺ نے فرمایا: ہر ماہ کے تین روزے زمانہ کے برابر ثواب ہے، وہ تین دن ایامِ بیض یعنی تیرہ، چودہ اور پندرہ کے دن ہیں۔

7467 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً، قَالَ: بِسْمِ اللَّهِ، وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللَّهِ، لَا تَغُلُّوا، وَلَا تَغْدُرُوا، وَلَا تُمَثِّلُوا، وَلَا تَقْتُلُوا الْوِلْدَانَ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب کسی سریہ کو بھیجتے تھے تو آپ ﷺ فرماتے: اللہ کے نام سے اللہ کی راہ میں رسول اللہ ﷺ کی سنت پر۔ خیانت نہ کرو، دھوکہ نہ کرو، مثلہ نہ کرو اور بچوں کو قتل نہ کرو۔

7468 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ طَارِقٍ التَّمِيمِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى نِسْوَةٍ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِنَّ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ عورتوں کے پاس سے گزرتے، آپ ﷺ ان کو سلام کرتے۔

7469 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ الْأَعْرَجُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: بُنِي

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: (۱) اللہ کی توحید اور حضور ﷺ کی رسالت کی گواہی دینا، (۲) نماز قائم کرنا (۳) زکوٰۃ ادا کرنا (۴) بیت اللہ کا حج

7467- قال في مجمع الزوائد جلد5صفحه317: رواه أبو يعلى والطبراني في الثلاثة .

7468- أخرجه أحمد جلد4صفحه363,357 قال: حدثنا محمد بن جعفر .

7469- سبق تخريجه برقم: 7464 .

الْإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ

کرنا (۵) رمضان کے روزے رکھنا۔

7470 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ جَرِيرٍ الْبَجَلِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ قَوْمٍ يَكُونُ بَيْنَ ظَهْرَانِيهِمْ رَجُلٌ يَعْمَلُ بِالْمَعَاصِي هُمْ أَمْنَعُ مِنْهُ وَأَعَزُّ، لَا يُغَيِّرُونَ عَلَيْهِ إِلَّا أَصَابَهُمُ اللَّهُ بِعِقَابِهِ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس قوم میں کوئی آدمی برائی کرتا ہے' وہ اس آدمی سے زیادہ قوت والے اور غالب ہیں' وہ اس پر غیرت نہیں کھاتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ اس ایک آدمی کی سزا کے بدلے ان کو بھی مصیبت میں ڈالے گا۔

7471 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، حِينَ مَاتَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، وَاسْتُعْمِلَ، فَرَأَيْتُ جَرِيرًا يَخْطُبُ، فَقَالَ: أُوصِيكُمْ بِتَقْوَى اللَّهِ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَنْ تَسْمَعُوا وَتُطِيعُوا حَتَّى يَأْتِيَكُمْ أَمِيرٌ، قَالَ: ثُمَّ ذَكَرَ الْمُغِيرَةَ، فَقَالَ: اسْتَغْفِرُوا لَهُ، عَفَا اللَّهُ عَنْهُ، فَإِنَّهُ كَانَ يُحِبُّ الْعَافِيَةَ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ، فَإِنِّي بَايَعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَاشْتَرَطَ عَلَيَّ النُّصْحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ، فَوَرَبِّ هَذَا الْمَسْجِدِ إِنِّي لَكُمْ لَنَاصِحٌ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت مغیرہ بن شعبہ کا وصال ہوا۔ ان پر جریر کو امیر مقرر کیا گیا۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا، فرمایا: میں تم کو اللہ کے تقویٰ وحدہ لاشریک لہ کی وصیت کرتا ہوں۔ سننے اور اطاعت کرنے پر یہاں تک کہ تمہارا امیر آجائے اس کے لیے بخشش طلب کرو، اللہ سے اس کے حوالہ سے معافی مانگو، اللہ عافیت کو پسند کرتا ہے۔ اس کے بعد میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی تھی اسلام پر۔ اور مسلمان کی خیر خواہی پر اس مسجد کے رب کی قسم میں تمہارے لیے نصیحت کرنے والا ہوں۔

حَدِيثُ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی

7470- أخرجه أحمد جلد4صفحه364 قال: حدثنا محمد بن جعفر .

7471- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 794 . وأحمد جلد4صفحه361 . ومسلم جلد1صفحه54 .

السَّاعِدِيّ عَنِ النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضور ﷺ سے نقل کردہ روایات

7472 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، وَعَمْرٌو النَّاقِدُ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، سَمِعَهُ مِنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: اطَّلَعَ رَجُلٌ مِنْ جُحْرٍ فِي حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْظُرُ لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے حجرہ مبارک میں جھانکنے لگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا تو میں اس کی آنکھ پھوڑ دیتا۔ اجازت صرف آنکھ کی وجہ سے۔

7473 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ بھلائی میں رہیں گے جب تک افطار میں جلدی کریں گے۔

7474 - وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا أَوْ سَبْعُ مِائَةِ أَلْفٍ قَالَ أَبُو حَازِمٍ: لَا أَدْرِي، قَالَ: مُتَمَاسِكِينَ ' أَوْ: آخِذِينَ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری امت کے لوگ ستر ہزار یا سات ہزار داخل ہوں گے۔ ابوحازم کا قول ہے: متماسکین یا آخذین ۔

7475 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7472- أخرجه الحميدى رقم الحديث: 924 . وأحمد جلد 5 صفحه 330 . والبخارى جلد 8 صفحه 66 .

7473- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه 193 . وأحمد جلد 5 صفحه 331 قال: حدثنا وكيع .

7474- أخرجه أحمد جلد 5 صفحه 335 قال: حدثنا على بن بحر .

7475- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه 119 . والحميدى رقم الحديث: 927 قال: حدثنا سفيان (ابن عيينة) .

أَبِي حَازِمٍ، سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَإِنَّ التَّصْفِيقَ لِلنِّسَاءِ وَالتَّسْبِيحَ لِلرِّجَالِ

حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو نماز میں کوئی معاملہ پیش ہوتو عورتوں کے لیے تالی ہے اور مردوں کے لیے سبحان اللہ ہے۔

7476 - سَمِعْتُ إِسْحَاقَ يَقُولُ: سَمِعْتُ سُفْيَانَ، يَقُولُ: كَانَ أَبُو حَازِمٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

7477 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: جَاءَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَنْقُلُ التُّرَابَ عَلَى رُءُوسِنَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَهْ ، فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَهْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے، ہم اپنے سروں سے مٹی جھاڑ رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! عیش صرف آخرت کی ہے، انصار و مہاجرین کو بخش دے۔

7478 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُحُدٌ رُكْنٌ مِنْ أَرْكَانِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: احد جنت کے ستونوں میں سے ایک ستون ہے۔

7479 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، سَمِعَهُ مِنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَهُوَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ: وَقَعَ

حضرت ابوحازم سے روایت ہے' اُنہوں نے حضرت سہل بن سعد سے سنا جبکہ وہ حضور ﷺ کے صحابہ میں سے ایک تھے' اُنہوں نے کہا: قبیلہ اوس اور خزرج

7476- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **930** قال: حدثنا سفيان (ابن عيينة) .

7477- أخرجه أحمد جلد**5**صفحه**332** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد .

7478- قال في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**23**: رواه أبو يعلى والطبراني

7479- سبق تخريجه راجع الفهرس .

بَيْنَ الْأَوْسِ وَالْخَزْرَجِ كَلَامٌ ، حَتَّى تَنَاوَلَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، فَأُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُخْبِرَ، فَأَتَاهُمْ، فَأَذَّنَ بِلَالٌ بِالصَّلَاةِ، فَاحْتَبَسَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا أَنِ احْتَبَسَ أَقَامَ الصَّلَاةَ، وَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ يَؤُمُّ النَّاسَ، وَجَاءَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَجِيئِهِ ذَلِكَ فَتَخَلَّلَ النَّاسَ ، حَتَّى انْتَهَى إِلَى الصَّفِّ الَّذِي يَلِي أَبَا بَكْرٍ، فَصَفَّقَ النَّاسُ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ لَا يَلْتَفِتُ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا سَمِعَ التَّصْفِيقَ الْتَفَتَ فَإِذَا هُوَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَشَارَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنِ اثْبُتْ، قَالَ: مَا كَانَ اللهُ لِيَرَى ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَقَالَ لِلنَّاسِ: مَا لَكُمْ حِينَ نَابَكُمْ شَيْءٌ فِي صَلَاتِكُمْ صَفَّقْتُمْ؟ إِنَّمَا هُوَ لِلنِّسَاءِ، مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللهِ

کے درمیان تلخ کلامی ہو گئی حتیٰ کہ انہوں نے ایک دوسرے کو خوب کاٹا۔ پس رسول کریم ﷺ کے پاس آ کر خبر دی گئی' سو آپ ﷺ بنفس نفیس ان کے پاس تشریف لائے (تاکہ جھگڑا ختم ہو) پس (پیچھے سے) حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے نماز کی اذان کہی۔ پس جب رسول کریم ﷺ وہاں رُک گئے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت کہہ دی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کی امامت کروانے کے لیے آگے ہو گئے۔ اسی دوران رسول کریم ﷺ تشریف لائے۔ آپ کی تشریف آوری سے لوگوں میں کھلبلی مچ گئی (اُنہوں نے راستہ چھوڑا)۔ حضور ﷺ آگے تشریف لے چلے حتیٰ کہ آپ ﷺ اس صف تک پہنچ گئے' جو حضرت ابوبکر سے ملی ہوئی تھی' پس لوگوں نے تالی بجائی جبکہ حضرت ابوبکر نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوا کرتے تھے' پس جب آپ نے زور زور کی تالی سنی تو توجہ ہوئے' اچانک رسول کریم ﷺ پر نگاہ پڑی' پس نبی کریم ﷺ نے ان کو ٹھہرے رہنے کا اشارہ دیا۔ انہوں نے عرض کی: اللہ کبھی ابوقحافہ کے بیٹے کو رسول کریم ﷺ کے سامنے نہ دیکھے۔ آپ ﷺ نے لوگوں سے فرمایا: تمہیں کیا ہے' جب نماز میں تمہیں کوئی چیز پیش آ جائے تو تالی کیوں بجاتے ہو؟ یہ تو صرف عورتوں کیلئے ہے' جس شخص کو نماز میں کوئی شی پیش آئے تو وہ کہے: سبحان اللہ!

7480 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7480- قال في مجمع الزوائد جلد9صفحه55: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ أُحُدًا ارْتَجَّ وَعَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اثْبُتْ أُحُدُ، فَمَا عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ، أَوْ صِدِّيقٌ، أَوْ شَهِيدَانِ

حضور ﷺ احد پہاڑ پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ و حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے کہ اس پر زلزلہ آ گیا۔ آپ ﷺ نے کہا رک جا، کیا تجھے معلوم نہیں کہ تجھ پر ایک نبی ﷺ ایک صدیق رضی اللہ عنہ اور دو شہید رضی اللہ عنہ ہیں۔

7481 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ فِي نِسْوَةٍ، فَقَالَ: لَوْ أَنِّي سَقَيْتُكُمْ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ لَكَرِهْتُمْ ذَلِكَ، وَقَدْ وَاللّٰهِ سَقَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَائِهَا

حضرت محمد بن ابو یحییٰ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، عورتوں کے گروہ میں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں تم کو بضاعہ کے کنواں سے پلاؤں ہوسکتا ہے تم اس کو ناپسند کرو۔ اللہ کی قسم، بے شک میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس کا پانی پلایا ہے۔

7482 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْجَنَّةَ، فَقَالَ: فِيهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جنت کا ذکر کیا۔ فرمایا: (اس میں اللہ عزوجل نے وہ چیزیں تیار کی ہیں) جو کسی آنکھ نے دیکھی نہیں ہے نہ کسی کان نے سنی ہیں، نہ کسی کے دل میں اس کے متعلق خیال آیا ہے۔

7483 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' فَوَهَبَتْ نَفْسَهَا لَهُ، فَصَمَتَ، ثُمَّ عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَيْهِ، فَصَمَتَ، فَلَقَدْ رَأَيْتُهَا قَائِمَةً مَلِيًّا- أَوْ قَالَ: هَوِيًّا - تَعْرِضُ نَفْسَهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' میں نے سنا وہ حدیث بیان کر رہے تھے کہ ایک عورت کھڑی ہوئی نبی کریم ﷺ کے سامنے' اس نے اپنا آپ پیش کیا' پس آپ ﷺ خاموش رہے' اس نے پھر ایسا ہی کیا تو حضور ﷺ خاموش رہے' میں نے اس کو دیکھا وہ لگاتار کھڑی اپنا عمل دُہراتی رہی' اتنے میں ایک انصاری کھڑا

7481- قال في مجمع الزوائد جلد5صفحه331: رواه أحمد وأبو يعلى والطبراني ورجاله ثقات .

7482- أخرجه أحمد جلد5صفحه334 قال: حدثنا هارون بن معروف .

7483- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه325 . والحميدى رقم الحديث: 928 .

عَلَيْهِ ' وَهُوَ صَامِتٌ، فَقَامَ رَجُلٌ - أَحْسَبُهُ قَالَ: مِنَ الْأَنْصَارِ - قَالَ: إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا، فَقَالَ: أَلَكَ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاذْهَبْ فَالْتَمِسْ شَيْئًا، وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا وَجَدْتُ شَيْئًا غَيْرَ ثَوْبِي هَذَا ' أَشُقُّهُ بَيْنِي وَبَيْنَهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فِي ثَوْبِكَ فَضْلٌ عَنْكَ

ہوا' عرض کی: اگر آپ کو ضرورت نہیں تو اس کا نکاح مجھ سے فرما دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تیرے پاس کوئی شے ہے؟ اس نے عرض کی، نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جا کچھ طلب کر۔ وہ گیا طلب کی پھر واپس آ گیا۔ اس نے عرض کی، میں کوئی شے نہیں پاتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جاؤ، کوئی چیز طلب کرو اگر چہ لوہے کی انگوٹھی ہو۔ وہ گیا پھر واپس آیا۔ اس نے عرض کی، میں سوائے اپنے اس کپڑے کے کوئی شے نہیں پاتا ہوں' اسی کو اپنے اور اس کے درمیان کاٹ کر تقسیم کر دوں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تیرے پاس اس کے علاوہ کپڑا نہیں ہے۔

7484 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ فِي الْقَوْمِ: كُنْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' فَقَامَتِ امْرَأَةٌ، فَقَالَتْ: إِنَّهَا قَدْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لَهُ، فَرَ فِيهَا رَأْيَكَ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ: زَوِّجْنِيهَا، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ شَيْئًا، ثُمَّ قَالَتْ: إِنَّهَا قَدْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لَكَ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: زَوِّجْنِيهَا، ثُمَّ قَامَ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَاذْهَبْ فَاطْلُبْ قَالَ: فَذَهَبَ فَطَلَبَ، فَقَالَ: مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، قَالَ: فَاذْهَبْ فَاطْلُبْ ' وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ قَالَ: فَذَهَبَ، ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: لَمْ أَجِدْ شَيْئًا، قَالَ: هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، سُورَةُ كَذَا ' وَسُورَةُ كَذَا، فَقَالَ: اذْهَبْ فَقَدْ

حضرت ابوحازم سے روایت ہے' اُنہوں نے حضرت سہل بن سعد کو اپنی قوم میں کہتے ہوئے سنا: میں رسول کریم ﷺ کے پاس تھا' پس ایک عورت نے کھڑے ہو کر عرض کی: بے شک میں نے اپنا آپ' آپ کو پیش کیا۔ آپ اس میں اپنی رائے دیکھیں۔ پس ایک آدمی کھڑا ہوا قوم میں سے اور اس نے عرض کی: اس کا نکاح مجھ سے کر دیں۔ پس آپ ﷺ نے اسے کوئی جواب نہ دیا' پھر اس عورت نے عرض کی: میں نے آپ کے لیے اپنے آپ کو پیش کیا۔ پس ایک آدمی نے کھڑے ہو کر عرض کی: میرا نکاح اس سے فرما دیں' پھر وہ تیسری بار کھڑا ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے پاس کوئی شی ہے؟ اس نے عرض کی: جی نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جا! کوئی چیز تلاش کر۔ وہ گیا اس نے تلاش کی اور

7484- أخرجه البخاری جلد2صفحه773 عن ابن عبد الله . ومسلم جلد2صفحه457 عن زهير .

أَنْكَحْتُكَ عَلَى مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

آ کر عرض کی: میں نے کوئی چیز نہیں پائی۔ آپ ﷺ نے پھر فرمایا: جا! کوئی چیز تلاش کر اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہی کیوں نہ ہو۔ راوی کا بیان ہے: وہ گیا' اس نے تلاش کی پھر واپس آ کر عرض کی: میں نے کوئی چیز نہیں پائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تیرے اندر قرآن میں سے کوئی حصہ ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! فلاں فلاں سورت۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: جا! میں نے قرآن کے اس حصے کی شرط پر تیرا نکاح کر دیا۔

7485 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَذِهِ مِنْ هَذِهِ وَوَصَفَ سُفْيَانُ بِإِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ يُشِيرُ بِهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت کی گھڑی اس انگلی سے اس انگلی کی طرح بھیجے گئے ہیں۔ حضرت سفیان نے اس کی وضاحت آپ ﷺ کی شہادت کی انگلی سے کی ہے' جس کے ساتھ آپ ﷺ اشارہ فرماتے تھے۔

7486 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ قِتَالٌ بَيْنَ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، فَأَتَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، وَقَدْ صَلَّى الظُّهْرَ، فَقَالَ لِبِلَالٍ: إِنْ حَضَرَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ وَلَمْ آتِ، فَمُرْ أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ فَلَمَّا حَضَرَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ أَذَّنَ بِلَالٌ وَأَقَامَ، وَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ تَقَدَّمْ ، فَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَقَّ الصُّفُوفَ، فَلَمَّا رَأَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ بنوعمرو بن عوف کے درمیان جھگڑا ہو گیا' پس نبی کریم ﷺ ان کے پاس تشریف لائے تا کہ ان کے درمیان صلح کروائیں جبکہ آپ ﷺ ظہر کی نماز پڑھ چکے تھے۔ آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر عصر کی نماز کا وقت ہو جائے اور میں نہ پہنچ سکوں تو حضرت ابوبکر سے کہنا کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں' پس جب عصر کا وقت ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان پڑھی اور اقامت کہہ کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں گزارش

7485- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **925** قال: حدثنا سفيان .

7486- سبق تخريجه فراجع الفهرس .

النَّاسُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفَّحُوا - يَعْنِي التَّصْفِيقَ - قَالَ: وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ إِذَا دَخَلَ فِي صَلَاةٍ لَمْ يَلْتَفِتْ، فَلَمَّا رَأَى التَّصْفِيقَ لَا يُمْسِكُ عَنْهُ الْتَفَتَ، فَرَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِ امْضِ، فَلَبِثَ أَبُو بَكْرٍ هُنَيَّةً يَحْمَدُ اللّٰهَ عَلَى قَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: امْضِ ثُمَّ مَشَى أَبُو بَكْرٍ الْقَهْقَرَى، يَعْنِي: عَلَى عَقِبِهِ، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقَدَّمَ ، فَصَلَّى بِالْقَوْمِ صَلَاتَهُمْ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ، قَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ إِذْ أَوْمَأْتُ إِلَيْكَ أَلَّا تَكُونَ مَضَيْتَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ: لَمْ يَكُنْ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَؤُمَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ لِلنَّاسِ: إِذَا نَابَكُمْ فِي صَلَاتِكُمْ شَيْءٌ فَلْيُسَبِّحِ الرِّجَالُ، وَلْيُصَفِّقِ النِّسَاءُ

کی: آگے مصلائے امامت پہ تشریف لائیں! پس وہ آگے ہوئے (نماز پڑھانا شروع کر دی) تو رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے، صفیں ٹوٹنے لگیں، پس جب لوگوں نے دیکھا کہ رسول کریم ﷺ آ گئے ہیں تو اُنہوں نے ہاتھ پہ ہاتھ مارنا شروع کر دیئے یعنی تصفیق کی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت مبارکہ تھی کہ جب نماز میں داخل ہوتے تو کسی طرف توجہ نہیں فرماتے تھے، پس جب اُنہوں نے دیکھا کہ لوگ تالیاں بجا رہے ہیں اور اس سے رُک نہیں رہے ہیں تو اُنہوں نے التفات فرمائی، پس ان کی نظر پڑی، رسول کریم ﷺ پیچھے تشریف لا چکے تھے۔ پس نبی کریم ﷺ نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ جاری رکھو۔ پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، رسول کریم ﷺ کے قول ''امض'' (جاری رکھو) پر اللہ کی حمد کرتے ہوئے ایک گھڑی ٹھہرے، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آہستہ آہستہ پیچھے قدم ہٹانا شروع کر دیئے۔ پس جب رسول کریم ﷺ نے اس چیز کو ملاحظہ فرمایا تو آپ ﷺ آگے بڑھے اور لوگوں کو ان کی نماز پڑھائی، پس جب آپ ﷺ نے نماز پڑھ لی تو فرمایا: اے ابوبکر! تجھے کس چیز نے روکا جب میں نے تیری طرف اشارہ کر دیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کیلئے مناسب نہ تھا کہ وہ اللہ کے رسول کا امام ہو۔ پھر آپ ﷺ نے لوگوں سے فرمایا: جب نماز میں تمہیں کوئی چیز پیش آ جائے تو مردوں کو تسبیح کہنی چاہیے اور عورتوں کو چاہیے کہ وہ تالی بجائیں۔

7487 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الزِّمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، وَعَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دُونَ اللَّهِ سَبْعُونَ أَلْفَ حِجَابِ نُورٍ وَظُلْمَةٍ، وَمَا تَسْمَعُ نَفْسٌ شَيْئًا مِنْ حِسِّ تِلْكَ الْحُجُبِ إِلَّا زَهَقَتْ نَفْسُهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کے سامنے ستر ہزار نور وظلمت کے حجاب ہیں، کوئی جان ان پردوں کی حرکت کے متعلق نہیں سنتی ہے مگر اس کی جان نکلنے کو آ جاتی ہے۔

7488 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ مُحَمَّدٍ الْمَدِينِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، رَفَعَ الْحَدِيثَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: عِنْدَ اللَّهِ خَزَائِنُ لِلْخَيْرِ وَالشَّرِّ ' مَفَاتِيحُهَا الرِّجَالُ، فَطُوبَى لِمَنْ جَعَلَتْهُ مِفْتَاحًا لِلْخَيْرِ مِغْلَاقًا لِلشَّرِّ، وَوَيْلٌ لِمَنْ جَعَلَتْهُ مِغْلَاقًا لِلْخَيْرِ مِفْتَاحًا لِلشَّرِّ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ہاں خزائن ہیں اچھے اور برے، اس کی چابیاں مردوں کے پاس ہیں۔ خوشخبری اس کے لیے جس کے خیر کا دروازہ کھول دیا گیا اور برائی کا بند کر دیا۔ ہلاکت اس کے لیے جس کے لیے خیر کا بند کر دیا گیا اور شر کا کھول دیا گیا۔

7489 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ يَوْمَ خَيْبَرَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللَّهُ عَلَى يَدَيْهِ فَبَاتَ النَّاسُ يَدُوكُونَ ' أَيُّهُمْ يُعْطَى، فَلَمَّا أَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' كُلُّهُمْ يَرْجُو أَنْ يُعْطَاهَا، فَقَالَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: خیبر کے دن میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں کل جھنڈا اس آدمی کو دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ فتح دے گا' پس لوگوں نے قیاس آرائیاں کرتے ہوئے رات گزاری کہ جھنڈا کس کو دیا جائے گا۔ پس جب سب لوگ رسول کریم ﷺ کے پاس صبح کو حاضر ہوئے' تو ان میں سے ہر ایک اُمید کر رہا تھا کہ جھنڈا اسے عطا ہو

7487- قال في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 79: رواه أبو يعلى والطبراني .

7488- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 238 قال: حدثنا هارون بن سعيد الأيلي .

7489- سبق تخريجه فراجع الفهرس .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هُوَ يَشْتَكِي عَيْنَيْهِ، فَأَمَرَ بِهِ، فَدُعِيَ، فَبَزَقَ فِي عَيْنَيْهِ، وَدَعَا لَهُ، فَبَرَأَ مَكَانَهُ حَتَّى كَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ بِهِ شَيْءٌ، فَدَفَعَ الرَّايَةَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' عَلَامَ نُقَاتِلُهُمْ؟ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَى رِسْلِكَ، انْفُذْ حَتَّى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ' وَإِلَى رَسُولِهِ، حَتَّى يَكُونُوا مِثْلَنَا، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ، فَوَاللّٰهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِهُدَاكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ حُمُرِ النَّعَمِ

گا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: علی بن ابوطالب کہاں ہیں؟ پس تمام نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! وہ اپنی دونوں آنکھوں کی شکایت کر رہے ہیں۔ آپ نے حکم دیا' انہیں بلایا گیا' پس آپ ﷺ نے ان کی آنکھوں میں لعاب مبارک ڈالا اور ان کے لیے دعا کی' وہ اسی جگہ صحت مند ہو گئے گویا کہ کوئی شی تھی ہی نہیں۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ نے) عرض کی: اے اللہ کے رسول! کس انداز میں ہم ان سے مقاتلہ کریں؟ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ٹھہرو! حتیٰ کہ ان کے احاطے میں تر جائیں پھر اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف انہیں دعوت دو یہاں تک کہ (وہ ایمان لاکر) ہماری مثل ہو جائیں اور ان کا بتاؤ وہ چیزیں جو ان پر واجب ہیں حق کی جانب سے' قسم بخدا! تمہاری راہنمائی سے ایک آدمی کو اللہ کی ہدایت کا نصیب ہو جانا' تیرے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

7490 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ الْغُرْفَةَ مِنْ غُرَفِ الْجَنَّةِ كَمَا تَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ فِي الْأُفُقِ الشَّرْقِيِّ أَوِ الْغَرْبِيِّ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اہل جنت اپنے کمروں سے باہر دیکھیں گے، جس طرح چمکتا ہوا ستارا دیکھا جاتا ہے، افق شرقی یا غربی میں۔

7491 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روزہ داروں کے لیے جنت کا

7490- أخرجه أحمد جلد5صفحه340 قال: حدثنا قتيبة بن سعيد .

7491- أخرجه أحمد جلد5صفحه333 قال: حدثنا أحمد بن عبد الملك .

بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لِلصَّائِمِينَ بَابٌ فِي الْجَنَّةِ يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ، لَا يَدْخُلُ مِنْهُ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ، فَإِذَا دَخَلَ آخِرُهُمْ أُغْلِقَ، فَمَنْ دَخَلَ مِنْهُ يَشْرَبْ، وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا

دروازہ مخصوص ہے اس کو ریان کہا جاتا ہے۔ اس میں سے صرف روزہ دار ہی داخل ہوں گے، جب یہ داخل ہو جائیں گے، دروازہ بند کر دیا جائے گا، جو داخل ہوگا وہ اس سے پیے گا، پھر اس کو کبھی بھی پیاس نہیں لگے گی۔

7492 - وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَذْكُرُ الْجَنَّةَ، يَقُولُ: فِيهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو سنا اس حال میں کہ آپ جنت کا ذکر کر رہے تھے' فرما رہے تھے: اس میں وہ نعمتیں ہیں جن کو کسی آنکھ نے دیکھا نہیں' کسی کان نے سنا نہیں اور نہ ہی کسی بشر کے دل میں کھٹکی ہیں۔

7493 - وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: غُدْوَةٌ أَوْ رَوْحَةٌ - يَعْنِي فِي سَبِيلِ اللّٰهِ- خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ایک صبح یا ایک شام یعنی اللہ کی راہ میں' دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

7494 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: رَأَيْتُ الْحَجَّاجَ يَضْرِبُ عَبَّاسَ بْنَ سَهْلٍ فِي أَمْرِ ابْنِ الزُّبَيْرِ فَأَتَاهُ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، وَهُوَ شَيْخٌ كَبِيرٌ لَهُ ضِفْرَانِ وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ إِزَارٌ وَرِدَاءٌ، فَوَقَفَ بَيْنَ السِّمَاطَيْنِ، فَقَالَ: يَا حَجَّاجُ، أَلَا تَحْفَظُ فِينَا وَصِيَّةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: وَمَا أَوْصَى بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيكُمْ؟ قَالَ: أَوْصَى أَنْ يُحْسَنَ إِلَى مُحْسِنِ الْأَنْصَارِ، وَيُعْفَى عَنْ مُسِيئِهِمْ، قَالَ: فَأَرْسَلَهُ

حضرت قدامہ بن ابراہیم فرماتے ہیں کہ میں نے حجاج بن یوسف کو دیکھا۔ عباس بن سہل کو مار رہا تھا۔ حضرت ابن زبیر کے معاملہ میں۔ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ اس کے پاس آئے۔ حضرت سعد بہت بزرگ تھے۔ ان کے اوپر دو چادریں تھیں، ایک ازار اور ایک چادر۔ دو ستونوں کے درمیان ٹھہرے۔ فرمایا: اے حجاج کیا تجھے رسول اللہ ﷺ کی وصیت یاد نہیں ہے؟ حجاج نے کہا، کیا وصیت ہے رسول اللہ ﷺ کی؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ ﷺ کی وصیت یہ ہے کہ انصار کی خوبیوں کو دیکھو اور ان کی برائیوں کو معاف کر دو۔

7492- سبق تخريجه راجع الفهرس .

7493- سبق تخريجه راجع الفهرس .

7494- قال في مجمع الزوائد جلد10صفحه256,255 رواه أبو يعلى والطبراني .

فرماتے ہیں: اس نے چھوڑ دیا۔

7495 - حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنْتُ أَتَسَحَّرُ فِي أَهْلِي، ثُمَّ تَكُونُ سُرْعَةٌ أَنْ أُدْرِكَ السُّجُودَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے گھر والوں میں سحری کرتا تھا پھر جلدی کرتا تھا تا کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز کو پالوں۔

7496 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زُهَيْرٍ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا زُهْرَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مَعْبَدٍ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِيدُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَغَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔ اللہ کی راہ میں ایک صبح یا شام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

7497 - وَعَنْ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: شَهِدْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا حِينَ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَجُرِحَ وَجْهُهُ، وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلَى رَأْسِهِ، وَإِنِّي لَأَعْرِفُ مَنْ يَغْسِلُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ ' وَمَنْ يَنْقُلُ عَلَيْهِ الْمَاءَ، وَمَاذَا جَعَلَ لِمَنْ أَخَذَهُ وَانْقَطَعَ عَلَى أَبِي يَعْلَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ سے تین چیزوں کو دیکھا' جب آپ ﷺ کے دانت مبارک شہید ہوئے تو آپ کا چہرۂ مبارک زخمی ہوا اور ڈھال کی کڑی آپ کے سر مبارک میں دھنس گئی اور بے شک میں اس آدمی کو پہچانتا ہوں جس نے آپ ﷺ کے مبارک چہرے سے خون کو دھویا ور جس نے پانی ڈالا اور کیا کیا جس نے اس کو لیا۔ اور اس کی سند ابویعلیٰ پر آ کر منقطع ہوگئی۔

7498 - حَدَّثَنَا أَبُو إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے ایک آدمی نے

7495- أخرجه البخاري جلد **1** صفحه **151** قال: حدثنا اسماعيل بن أبي أويس .

7496- سبق تخريجه راجع الفهرس .

7497- أخرجه البخاري رقم الحديث: **929** . وأحمد جلد **5** صفحه **330** . والبخاري جلد **1** صفحه **70** .

7498- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3465** .

إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَهُ: جُرِحَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: جُرِحَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلَى رَأْسِهِ، فَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُ الدَّمَ، وَعَلِيٌّ يَسْكُبُ عَلَيْهَا الْمَاءَ بِالْمِجَنِّ، فَلَمَّا رَأَتْ فَاطِمَةُ أَنَّ الْمَاءَ لَا يَزِيدُ الدَّمَ إِلَّا كَثْرَةً، أَخَذَتْ فَاطِمَةُ قِطْعَةَ حَصِيرٍ، فَأَحْرَقَتْهُ ، حَتَّى إِذَا صَارَ رَمَادًا، أَلْصَقَتْهُ بِالْجُرْحِ ، اسْتَمْسَكَ الدَّمُ

حضور ﷺ کے چہرے پر زخم کے متعلق پوچھا؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ کے چہرے پر زخم کیا گیا۔ آپ ﷺ کے آگے والے دانت مبارک توڑے گئے، سر پر زخم لگ گیا۔ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بن محمد ﷺ اس خون کو دھو رہی تھیں۔ مولا علی رضی اللہ عنہ اس پر پانی بہا رہے تھے۔ جب سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ خون تھم نہیں رہا ہے، زیادہ ہی ہو رہا ہے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لیا اس کو جلایا حتیٰ کہ وہ راکھ بن گیا' زخم سے چمٹا دیا تو اس سے خون مبارک رک گیا۔

7499 - وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَى يَدَيْهِ قَالَ: فَبَاتَ النَّاسُ يَدُوكُونَ لِذَلِكَ، وَيَرَوْنَ أَيُّهُمْ يُعْطَاهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، كُلُّهُمْ يَرْجُو أَنْ يُعْطَاهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هُوَ يَشْتَكِي عَيْنَيْهِ، فَأَمَرَ بِهِ، فَدُعِيَ، فَبَصَقَ فِي عَيْنَيْهِ وَدَعَا لَهُ، فَبَرَأَ مَكَانَهُ ، حَتَّى كَأَنْ لَمْ يَكُنْ بِهِ شَيْءٌ، فَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَكُونُوا مِثْلَنَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ضرور کل میں جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا جس کے ہاتھوں پر اللہ تعالیٰ فتح عطا فرمائے گا۔ راوی کا بیان ہے: پس لوگوں نے رات اس کیلئے قیاس آرائیاں کرتے ہوئے گزاری اور وہ خیال کر رہے تھے کہ جھنڈا کس کو عطا ہوتا ہے' پس جب لوگ صبح کے وقت رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' ان میں سے ہر ایک اُمیدوار تھا کہ جھنڈا اس کو عطا ہو گا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: علی بن ابوطالب کہاں ہیں؟ سب نے کہا: اے اللہ کے رسول! وہ آنکھوں کی شکایت کر رہے ہیں۔ پس آپ ﷺ نے ان کو بلانے کا حکم دیا۔ پس انہیں بلایا گیا' نبی کریم ﷺ

7499- سبق تخريجه راجع الفهرس .

رِسْلِكَ، إِذَا نَزَلْتَ بِسَاحَتِهِمْ فَادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ، فَوَاللّٰهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِهُدَاكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ

نے ان کی آنکھوں میں لعابِ دہن لگا کر دعا فرمائی۔ پس وہ اسی جگہ اس طرح درست ہو گئے گویا انہیں کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔ پس آپ ﷺ نے جھنڈا ان کو عنایت فرمایا' تو اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہم نے ان سے اس طرح جنگ کرنی ہے کہ وہ ہماری مثل ہو جائیں؟ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اپنی جگہ ٹھہر کر بات سنو! جب تم ان کے صحن میں اُتر جاؤ تو ان کو اسلام کی طرف دعوت دو اور ان کو بتاؤ جو ان پر اس میں حق کی طرف سے واجب ہے۔ پس قسم بخدا! تیری راہنمائی سے ایک آدمی کا ہدایتِ خداوندی پالینا' تیرے حق میں سرخ اونٹوں سے زیادہ بہتر ہے۔

7500 - وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كَانَ بَيْنَ مُصَلَّى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْجِدَارِ مَمَرُّ الشَّاةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی جائے نماز اور دیوار کے درمیان سے بکری گزر سکتی تھی۔

7501 - وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' جِئْتُ أَهَبُ نَفْسِي لَكَ، قَالَ: فَنَظَرَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' فَصَعَّدَ الْبَصَرَ فِيهَا وَصَوَّبَهُ، فَلَمَّا طَالَ مَقَامُهَا تَنَحَّتْ، فَجَلَسَتْ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيهَا، قَالَ: فَهَلْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی' عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں اپنی جان آپ کے سپرد کرنے آئی ہوں۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ایک نظر اس کی طرف دیکھا' پس کافی دیر کھڑا رہنے کے بعد وہ پیچھے ہٹی اور بیٹھ گئی۔ رسول کریم ﷺ کے صحابہ کرام میں سے ایک نے اُٹھ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ کو اس کی ضرورت نہیں ہے تو میرا

7500- أخرجه البخاري جلد1صفحه133 قال: حدثنا عمرو بن زرارة .

7501- سبق تخريجه راجع الفهرس .

عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاذْهَبْ، فَذَهَبَ، ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: مَا وَجَدْتُ شَيْئًا، قَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ وَلَوْ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيدٍ، قَالَ: فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا، وَلَا خَاتَمٌ مِنْ حَدِيدٍ، هَذَا إِزَارِي وَمَا لَهُ رِدَاءٌ، أُصْدِقُهَا إِيَّاهُ، فَقَالَ: إِزَارُكَ إِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ مِنْهُ شَيْءٌ، وَإِنْ لَبِسَتْهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْءٌ قَالَ: فَلَمَّا طَالَ مَجْلِسُهُ قَامَ، فَرَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُوَلِّيًا، فَأَمَرَ بِهِ، فَدُعِيَ، فَقَالَ: مَاذَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ قَالَ: مَعِي سُورَةُ كَذَا، وَسُورَةُ كَذَا مِنَ السُّوَرِ، عَدَّدَهَا، فَقَالَ: اذْهَبْ فَقَدْ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

نکاح اس سے کر دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے پاس کوئی چیز (مہر) ہے؟ اس نے عرض کی: کوئی چیز نہیں ہے، قسم بخدا! اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر تلاش کر، پس وہ گیا پھر واپس آ کر عرض کی: میں نے کوئی چیز نہیں پائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جا کر دیکھ اگرچہ لوہے کی ایک انگوٹھی ہی کیوں نہ ہو۔ پس وہ گیا، پھر واپس آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! کوئی چیز نہیں ہے اور نہ ہی لوہے کی انگوٹھی ہے، یہ میری چادر ہے جو میں نے باندھی ہوئی اور کوئی چادر بھی نہیں جو میں اسے مہر کے طور پر دے سکوں۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: اگر وہ تیری چادر کو پہنے گی تو تیرے اوپر کوئی چیز نہ ہوگی، اگر تُو پہنے گا تو اس پر کوئی شی نہ ہوگی۔ پس وہ کافی دیر بیٹھنے کے بعد محفل سے اُٹھ کر جانے لگا، پس رسول کریم ﷺ نے مڑ کر اسے دیکھا، اسے بلانے کا حکم فرمایا، پس اسے بلایا گیا، پس آپ ﷺ نے فرمایا: قرآن کتنا یاد ہے؟ عرض کی: فلاں فلاں سورت، اس نے ان کو گن دیا، آپ ﷺ نے فرمایا: جو تُو نے قرآن پڑھا ہوا ہے، اسی کے بدلے میں نے تجھے اس کی شرمگاہ کا مالک بنا دیا۔

7502 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّمَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو حَازِمٍ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''کھاؤ پیو یہاں تک کہ کالا دھاگہ سفید دھاگے سے واضح ہو جائے''۔ راوی کا بیان ہے: ایک آدمی سفید اور کالے دھاگے کو پکڑتا تھا اس کے بعد

7502- أخرجه البخاري جلد3صفحه36 قال: حدثنا سعيد بن أبي مريم .

الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ) (البقرة:187) قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ يَأْخُذُ الْخَيْطَ الْأَبْيَضَ وَالْخَيْطَ الْأَسْوَدَ فَيَأْكُلُ حَتَّى يَسْتَبِينَهُمَا حَتَّى أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ (مِنَ الْفَجْرِ) (البقرة:187) فَبَيَّنَ ذَلِكَ

کھانا کھاتا یہاں تک کہ وہ دونوں ظاہر ہو جاتے یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے نازل فرمایا: ''فجر تک'' پس اس کو بیان کر دیا۔

7503 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ بِشْرٌ، وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ أَبِي حَازِمٍ، أَنَّ رِجَالًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ كَانُوا يَشْهَدُونَ الصَّلَاةَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَاقِدِي ثِيَابِهِمْ فِي رِقَابِهِمْ مَا عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ إِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ مسلمانوں میں سے حضور ﷺ کے ساتھ نماز میں شامل ہوتے تھے۔ انہوں نے کپڑوں کی گرہ اپنی گردن میں لگائی ہوئی تھی۔ ان کے پاس صرف ایک کپڑا ہوتا تھا۔

7504 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنَّ النِّسَاءُ يُؤْمَرْنَ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ أَنْ لَا يَرْفَعْنَ رُءُوسَهُنَّ حَتَّى يَأْخُذَ الرِّجَالُ مَقَاعِدَهُمْ مِنَ الْأَرْضِ مِنْ قَبَاحَةِ الثِّيَابِ، قَالَ بِشْرٌ: قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کے زمانے میں عورتوں کو حکم تھا کہ مردوں کے اُٹھنے سے پہلے وہ اپنے سر نہ اُٹھائیں کیونکہ مردوں کے کپڑے کم ہوتے تھے۔ حضرت بشر فرماتے ہیں: میں نے اسے حضرت ابوحازم سے سماعت کیا۔

7505 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَبَّى مِنْ مُلَبٍّ إِلَّا لَبَّى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کوئی تلبیہ کہنے والا تلبیہ نہ کہے مگر پیچھے والا جو یہاں اور وہاں سے' دائیں ور بائیں سے ملا ہوا ہے (اور تلبیہ جاری رہے) حتیٰ کہ گرد و غبار ختم ہو

7503- أخرجه أحمد جلد3صفحه433 قال: حدثنا وكيع .

7504- سبق تخريجه راجع الفهرس .

7505- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 2921 قال: حدثنا هشام بن عمار .

الـدَّبُرُ الَّذِي يَلِيهِ مِنْ هَاهُنَا وَهَاهُنَا، عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ حَتَّى يَنْقَطِعَ التُّرَابُ

جائے یعنی بھیڑ کم ہو جائے۔

7506 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَاضِي، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ ' يَوْمَ أُحُدٍ مَا رَأَيْنَا مِثْلَ مَا أَتَى فُلَانٌ ' آتَاهُ رَجُلٌ ' لَقَدْ فَرَّ النَّاسُ وَمَا فَرَّ، وَمَا تَرَكَ لِلْمُشْرِكِينَ شَاذَّةً وَلَا فَاذَّةً إِلَّا تَبِعَهَا يَضْرِبُهَا بِسَيْفِهِ، قَالَ: وَمَنْ هُوَ؟ قَالَ: فَنُسِبَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَسَبُهُ، فَلَمْ يَعْرِفْهُ، ثُمَّ وُصِفَ لَهُ بِصِفَتِهِ ' فَلَمْ يَعْرِفْهُ ' حَتَّى طَلَعَ الرَّجُلُ بِعَيْنِهِ، فَقَالَ: ذَا يَا رَسُولَ اللَّهِ الَّذِي أَخْبَرْنَاكَ عَنْهُ، فَقَالَ: هَذَا؟ فَقَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ قَالَ: فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ، قَالُوا: وَأَيُّنَا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ إِذَا كَانَ فُلَانٌ مِنْ أَهْلِ النَّارِ؟، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَا قَوْمُ انْظُرُونِي، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَمُوتُ عَلَى مِثْلِ الَّذِي أَصْبَحَ عَلَيْهِ، وَلَأَكُونَنَّ صَاحِبَهُ مِنْ بَيْنِكُمْ، ثُمَّ رَاحَ عَلَى جَدِّهِ فِي الْغَدِ، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَشُدُّ مَعَهُ إِذَا شَدَّ، وَيَرْجِعُ مَعَهُ إِذَا رَجَعَ، فَيَنْظُرُ مَا يَصِيرُ إِلَيْهِ أَمْرُهُ ' حَتَّى أَصَابَهُ جُرْحٌ أَذْلَقَهُ، فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ ' فَوَضَعَ قَائِمَةَ سَيْفِهِ بِالْأَرْضِ، ثُمَّ وَضَعَ ذُبَابَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ تَحَامَلَ عَلَى سَيْفِهِ حَتَّى خَرَجَ مِنْ ظَهْرِهِ، وَخَرَجَ الرَّجُلُ يَعْدُو، وَيَقُولُ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے اُحد کے دن عرض کی: اے اللہ کے رسول! فلاں آدمی کی مانند لڑائی کرتے ہوئے' ہم نے کسی کو نہیں دیکھا۔ اس کے پاس آدمی آتا ہے' لوگ بھاگ جاتے ہیں لیکن وہ نہیں بھاگتا اور اس نے اکیلے مجمع میں موجود ہر مشرک کا پیچھا کیا ہے اور اس پر اپنی تلوار چلائی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بتاؤ تو سہی! وہ کون ہے؟ راوی کا بیان ہے: پس رسول کریم ﷺ کے سامنے اس کا نسب بیان کیا گیا لیکن آپ ﷺ نے فرمایا: ابھی میں نے اسے نہیں پہچانا پھر اس کی صفت بیان کی گئی' آپ ﷺ نے فرمایا: معلوم نہیں! وہ کون ہے؟ حتیٰ کہ بعینہٖ وہ شخص سامنے آ گیا تو کسی نے کہا: یہ ہے اے اللہ کے رسول! جس کے بارے ہم آپ کو بتا رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ؟ تو صحابہ نے کہا: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: یہ تو جہنمی ہے۔ راوی کا بیان ہے: یہ بات مسلمانوں پر شاق گزری' اُنہوں نے عرض کی: پھر جنتی کون ہے جب فلاں جہنمی ہے؟ پس قوم میں سے ایک آدمی بولا: اے قوم! تم مجھے دیکھو! پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! وہ اس حالت میں نہیں مرے گا جس پر اس نے صبح کی ہے' میں تم میں سے اس کے ساتھ ہو جاتا ہوں پھر اس نے شام کی اسی کوشش پر

7506- أخرجه أحمد جلد5صفحه331 قال: حدثنا أبو النضر .

اللّٰهُ ' وَأَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، حَتَّى وَقَفَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَذَاكَ مَاذَا؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' الرَّجُلُ الَّذِي ذُكِرَ لَكَ، فَقُلْتَ: إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ ، فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ، وَقَالُوا: فَأَيُّنَا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ إِذَا كَانَ فُلَانٌ مِنْ أَهْلِ النَّارِ؟ فَقُلْتُ: يَا قَوْمِ انْظُرُونِي، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يَمُوتُ عَلَى مِثْلِ الَّذِي أَصْبَحَ عَلَيْهِ، وَلَأَكُونَنَّ صَاحِبَهُ مِنْ بَيْنِكُمْ ، فَجَعَلْتُ أَشُدُّ مَعَهُ إِذَا شَدَّ، وَأَرْجِعُ مَعَهُ إِذَا رَجَعَ، وَأَنْظُرُ إِلَى مَا يَصِيرُ أَمْرُهُ ' حَتَّى أَصَابَهُ جُرْحٌ أَذْلَقَهُ، فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَوَضَعَ قَائِمَةَ سَيْفِهِ بِالْأَرْضِ، وَوَضَعَ ذُبَابَهُ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، ثُمَّ تَحَامَلَ عَلَى سَيْفِهِ حَتَّى خَرَجَ مِنْ بَيْنِ ظَهْرِهِ، فَهُوَ ذَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' يَتَضَرَّبُ بَيْنَ أَضْغَاثِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ فِيمَا يَبْدُو لِلنَّاسِ وَإِنَّهُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

جس پر صبح کی تھی' پس وہ اس کے ساتھ ہتھیار باندھتا جب وہ باندھتا اور اس کے ساتھ لوٹتا جب وہ واپس آتا' پس وہ دیکھتا' اس کے معاملے کو جو بھی اس میں تبدیلی آتی یہاں تک کہ اسے زخم لگا جس نے اسے بے چین کر دیا۔ پس اس نے موت آنے میں جلدی طلب کی۔ پس اس نے اپنی تلوار کا دستہ زمین میں رکھا پھر اس کی نوک اپنے سینے کے درمیان رکھی' پھر مسلسل اپنی تلوار پر زور دیتا رہا یہاں تک کہ وہ اس کی پیٹھ سے نکل گئی اور وہ نگرانی کرنے والا آدمی دوڑتا ہوا نکلا اور کہہ رہا تھا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک آپ اللہ کے رسول ہیں' حتیٰ کہ رسول کریم ﷺ کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اور وہ کیا ہوا؟ عرض کی: اے اللہ کے رسول! وہ آدمی جس کا آپ کے سامنے ذکر ہوا' پس آپ نے فرمایا: وہ دوزخی ہے۔ پس یہبات مسلمانوں پر بہت گراں گزری اور اُنہوں نے کہا: پس ہم میں سے پھر) جنتی کون ہے؟ جب فلاں جہنمی ہے؟ میں نے کہا: اے میری قوم! تم مجھے دیکھو! قسم بخدا! وہ آدمی اس طرح نہیں مرے گا جس طرح اس نے صبح کی ہے' تم میں سے میں اس کے ساتھ ہو جاتا ہوں' میں ہتھیار لگاؤں گا جب وہ ہتھیار لگائے گا' اس کے ساتھ واپس آؤں گا جب وہ واپس آئے گا؟ تاڑنے لگا جو اس کے معاملے میں تبدیلی آتی گئی' بات یہاں تک پہنچی کہ اسے زخم لگا جس نے اسے بے چین کر دیا۔ پس اس نے موت لانے میں

جلدی کی۔ اس نے اپنی تلوار کا دستہ زمین میں گاڑ دیا۔ اس کی دھار اپنے سینے کے درمیان رکھی پھر اپنی تلوار پر برابر زور دینے لگا یہاں تک کہ وہ اس کی پیٹھ کے پیچھے سے نکل گئی۔ پس اے اللہ کے رسول! وہ وہی تھا جو مختلف خیالات میں موجیں مار رہا تھا۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک جنتیوں والے کام کرتا ہے اس میں جو کچھ لوگوں پر ظاہر ہوتا ہے حالانکہ حقیقت میں وہ دوزخیوں میں سے ہوتا ہے اور اسی طرح لوگوں کے سامنے ظاہر میں ایک آدمی دوزخیوں والے کام کرتا ہے حقیقت میں وہ جنتی ہوتا ہے۔

7507 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، كَانَتْ بَيْنَهُمْ مُنَازَعَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَعْضِ أَصْحَابِهِ: اذْهَبُوا بِنَا لِنُصْلِحَ بَيْنَهُمْ فَخَرَجَ وَخَرَجَ مَعَهُ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَقَامَ بِلَالٌ فَأَذَّنَ، ثُمَّ دَنَا مِنْ أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: أَلَا أُقِيمُ الصَّلَاةَ فَتُصَلِّيَ بِالنَّاسِ حِينَمَا حُبِسَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: بَلَى ' فَأَقَامَ، فَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ، فَكَبَّرَ بِالنَّاسِ ' فَطَلَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مُؤَخَّرِ الْمَسْجِدِ، فَجَعَلَ يَجُولُ عَلَى الصُّفُوفِ جَوْلًا عَامِدًا نَحْوَ الْقِبْلَةِ، فَلَمَّا رَآهُ الْمُسْلِمُونَ صَفَّقُوا بِأَبِي بَكْرٍ، فَمَضَى رَسُولُ اللَّهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بنو عمرو بن عوف کے درمیان جھگڑا ہوا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہمیں لے چلو تاکہ ہم ان کے درمیان صلح کروائیں پس آپ ﷺ تشریف لے چلے اور آپ کے صحابہ کرام بھی ساتھ نکلے اتنے میں نماز کا وقت ہو گیا۔ پس حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اُٹھ کر اذان دی پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے قریب ہوئے عرض کی: کیا میں اقامت پڑھوں کہ آپ لوگوں کو نماز پڑھائیں جبکہ رسول کریم ﷺ کو روک لیا گیا ہے تو اُنہوں نے کہا: کیوں نہیں! پس انہوں نے اقامت کہی پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آگے ہو کر نماز کی تکبیر کہلوائی۔ اتنے میں رسول کریم ﷺ مسجد کے آخر سے سامنے ہوئے تو آپ ﷺ نے جان بوجھ کر قبلہ کی طرف صف بہ صف گزرنا شروع کر دی پس جب

7507- سبق تخريجه راجع الفهرس .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، حَتَّى انْتَهَى إِلَى أَوَّلِ صَفٍّ، فَلَمَّا أَكْثَرُوا التَّصْفِيقَ الْتَفَتَ أَبُو بَكْرٍ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَرَّ رَاجِعًا ، فَرَدَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْقِبْلَةِ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ كَرَّ كَرَّةً غَيْرَ مُكَذَّبَةٍ حَتَّى وَلَجَ فِي الصَّفِّ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ ، فَإِنَّ التَّسْبِيحَ لِلرِّجَالِ، وَإِنَّ التَّصْفِيحَ لِلنِّسَاءِ - يَعْنِي التَّصْفِيقَ - ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: مَا مَنَعَكَ أَنْ تَثْبُتَ حِينَ أَمَرْتُكَ؟ قَالَ: مَا كَانَ يَنْبَغِي لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَؤُمَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسلمانوں نے آپ ﷺ کو دیکھا تو تالی بجا کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آگاہ کرنے لگے۔ رسول کریم ﷺ گزر کر پہلی صف تک پہنچ گئے' پس جب تالی بجانا زیادہ ہوا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ متوجہ ہوئے تو انہیں معلوم ہوا کہ رسول کریم ﷺ ہیں' پس وہ واپس پلٹے تو رسول کریم ﷺ نے ان کو قبلہ کی طرف لوٹا دیا۔ آپ ﷺ کے کانوں تک ہاتھ اُٹھائے (تکبیر کہہ کر) ثناء پڑھی' حضرت ابوبکر صدیق پھر واپس پلٹے اور ایسے پلٹے کہ صف میں آ کھڑے ہوئے۔ پس نبی کریم ﷺ نے آگے ہو کر لوگوں کو نماز پڑھائی یہاں تک کہ آپ ﷺ نماز سے فارغ ہو گئے۔ پھر (پہلے) آپ ﷺ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: اے لوگو! جس آدمی کو نماز میں کوئی شی پیش آ جائے تو وہ اپنی زبان سے کہے: سبحان اللہ! کیونکہ تسبیح مردوں کے لیے ہے اور تالی بجانے کا طریقہ عورتوں کیلئے ہے۔ پھر آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: آپ کو اپنی جگہ کھڑے رہنے سے کس چیز نے روکا' جب میں نے آپ کو حکم دیا۔ آپ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کے لائق نہ تھا کہ وہ اللہ کے رسول کا امام بنتا۔

7508 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ عَيَّاشٍ الْحَضْرَمِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ مَيْمُونٍ، قَاضِي مِصْرَ، قَالَ: حَدَّثَنِي، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نماز کے انتظار میں ہوتا ہے وہ نماز ہی میں ہوتا ہے، جب تک بے وضو نہ ہو۔

7508- أخرجه أحمد جلد5صفحه331 قال: حدثنا أبو عبد الرحمٰن .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ انْتَظَرَ الصَّلَاةَ فَهُوَ فِي صَلَاةٍ مَا لَمْ يُحْدِثْ

7509 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيُعَزِّي النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا مِنْ بَعْدِي تَعْزِيَةً بِي فَكَانَ النَّاسُ يَقُولُونَ: مَا هَذَا؟ فَلَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَ بَعْضُنَا بَعْضًا يُعَزِّي بَعْضُهُمْ بَعْضًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب لوگ تعزیت کریں گے، ان میں سے بعض بعض سے۔ میرے بعد میرے حوالے سے کی تعزیت ہوگی۔ لوگ کہتے تھے: یہ کیا ہے؟ یعنی ان کو اس کا مطلب سمجھ نہ آتا تھا۔ جب حضور ﷺ کا وصال ہوا۔ ہم بعض بعض سے تعزیت کرنے لگے، رسول اللہ ﷺ کی تعزیت۔

7510 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِي حَفْصٍ الطَّائِفِيِّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ يَوْمَ عَرَفَةَ غُفِرَ لَهُ سَنَتَيْنِ مُتَتَابِعَتَيْنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نویں ذی الحجہ کے دن کا روزہ رکھتا ہے، اللہ عزوجل اس کے دو سالوں کے لگاتار گناہ معاف کرتا ہے۔

7511 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى أَرْضٍ بَيْضَاءَ عَفْرَاءَ كَقُرْصَةِ النَّقِيِّ، لَيْسَ فِيهَا مَعْلَمٌ لِأَحَدٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو قیامت کے دن لوگوں کو سفید زمین میں جمع کیا جائے گا۔ جیسے کہ قرصہ النقی کی طرح اس میں کسی کے لیے کوئی نشانی نہیں ہوگی۔

7512 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا

حضرت یحیٰ بن میمون المقری فرماتے ہیں کہ

7509- قال فی مجمع الزوائد جلد9صفحہ39: رواہ أبو یعلی والطبرانی فی الکبیر جلد6صفحہ166 .

7510- قال فی مجمع الزوائد جلد3صفحہ189: رواہ أبو یعلی والطبرانی فی الکبیر جلد6صفحہ220 .

7511- أخرجہ البخاری جلد8صفحہ135قال: حدثنا سعید بن أبی مریم .

ابْـنُ وَهْـبٍ، قَـالَ: وَحَـدَّثَـنِـي عَيَّـاشُ بْـنُ عُـقْبَةَ الْـحَـضْـرَمِـيُّ، أَنَّ يَـحْيَـى بْـنَ مَيْمُونِ الْحَضْرَمِيَّ، حَـدَّثَـهُ، قَالَ: مَرَّ بِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ الْأَنْصَارِيُّ وَأَنَا جَـالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ إِلَى الْمَقْصُورَةِ، فَقَالَ لِي: أَلَا أُخْبِـرُكَ مَـا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ؟ فَـقُـلْـتُ لِرَجُلٍ إِلَى جَنْبِي لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ رَسُـولِ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا هَذَا: بَلَى أَصْـلَـحَكَ الـلّٰـهُ، فَأَخْبِرْنِي، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ الـلّٰـهِ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ فِي الْـمَـسْـجِـدِ يَـنْـتَـظِـرُ صَلَاةً فَهُوَ فِي صَلَاةٍ مَا كَانَتِ الصَّلَاةُ تَحْبِسُهُ

میرے پاس سہل بن سعد رضی اللہ عنہ گزرے۔ اس حالت میں کہ میں مسجد میں بیٹھا ہوا تھا ایک کنارے میں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے کہا: کیا میں آپ کو نہ بتاؤں جو میں نے حضور ﷺ سے سنا؟ میں نے ایک آدمی سے کہا جو میرے پاس بیٹھا ہوا تھا، ہمارے اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان صرف یہ واسطہ ہیں۔ ہو سکتا ہے اللہ آپ کی اصلاح کرے، مجھے آپ رضی اللہ عنہ بتائیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو مسجد میں نماز کے انتظار میں ہوتا ہے وہ نماز ہی میں ہوتا ہے جب تک نماز اس کو روکے رکھتی ہے۔

7513 - حَـدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْـمُـفَـضَّـلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَبْـدُ الـرَّحْـمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذُبَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْـدٍ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاهِرًا يَدَيْهِ يَدْعُو عَلَى مِنْبَرٍ، وَلَا عَلَى غَيْرِهِ، وَلَكِنْ رَأَيْتُهُ، يَقُولُ - هَكَذَا- وَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ: بِإِصْبَعِهِ السَّبَّاحَةِ مِنْ يَدِهِ الْيُمْنَى فَقَوَّسَهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو اس حال میں نہیں دیکھا کہ آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ کھولے ہوں، منبر یا اس کے علاوہ پر، لیکن میں نے آپ ﷺ کو اس طرح کرتے ہوئے دیکھا، اور حضرت ابوسعید کا قول ہے: آپ ﷺ نے اپنے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی کے ساتھ اشارہ کیا اور اسے قوس کی طرح بنایا۔

7514 - حَـدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا ابْـنُ أَبِـي حَازِمٍ، قَالَ: قَالَ أَبِي، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَـالَ: قَـالَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ يَزَالُوا بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ بھلائی میں رہیں گے جب تک افطار میں (وقت ہو جانے کے بعد) جلدی کریں گے۔

7513- أخرجه أحمد جلد5صفحه337 قال: حدثنا ربعي بن ابراهيم .

7514- سبق تخريجه راجع الفهرس .

7515 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيمِ فِي الْجَنَّةِ وَأَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے۔ آپ ﷺ نے اشارہ کیا سبابہ اور وسطی کے ساتھ۔

7516 - حَدَّثَنَا الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْكِرْمَانِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ سَنَامًا، وَإِنَّ سَنَامَ الْقُرْآنِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ، مَنْ قَرَأَهَا فِي بَيْتِهِ لَيْلًا لَمْ يَدْخُلِ الشَّيْطَانُ بَيْتَهُ ثَلَاثَ لَيَالٍ، وَمَنْ قَرَأَهَا نَهَارًا لَمْ يَدْخُلِ الشَّيْطَانُ بَيْتَهُ ثَلَاثَ أَيَّامٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر شے کی کوہان ہوتی ہے، قرآن کی کوہان سورۃ بقرہ ہے۔ جس نے اس کو اپنے گھر میں رات کو پڑھ لیا، شیطان اس گھر میں تین راتیں داخل نہیں ہوگا۔ جس نے دن کو ایک مرتبہ گھر میں پڑھ لیا، شیطان اس کے گھر میں تین دن داخل نہیں ہوگا۔

7517 - حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ يَضْمَنُ لِي مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ، وَأَضْمَنُ لَهُ الْجَنَّةَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھے زبان اور شرمگاہ کی ضمانت دے، میں اس کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔

آخر ما كان عند أبي عمرو بن حمدان الحيرى من مسند أبي يعلى الموصلي رحمة الله عليهما والحمد لله حق حمده وصلواته وسلامه على خير خلقه ومظهر حقه محمد وعلى آله وصحبه وهو آخر الجزء الثالث عشر من مسند أبي يعلى وبه يتم الكتاب ولله الحمد والمنة فى

اس کا اختتام جو مسند ابویعلیٰ موصلی رحمۃ اللہ علیہ کا نسخہ حضرت عمرو بن حمدان حیری کے پاس تھا۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں، جیسے اس کی حمد کرنے کا حق ہے، اس کی رحمتیں اور اس کی سلامتیاں، تمام مخلوق سے بہترین اور اس کے حق کا مظہر محمد ﷺ پر ان کی آل اور اُن کے صحابہ کرام پر ہوں۔ یہ مسند ابویعلیٰ شریف کا

7515- أخرجه أحمد جلد5صفحه333 قال: حدثنا سعيد بن منصور .

7516- قال فى مجمع الزوائد جلد6صفحه312: رواه الطبرانى .

7517- أخرجه أحمد جلد5صفحه333 قال: حدثنا عفان . والبخارى جلد8صفحه125 .

الأولى والآخرة

تیرھواں اور آخری حصہ ہے' اس کے ساتھ کتاب مکمل ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے لیے حمد اور پہلی اور آخری گھڑی میں اسی کا احسان ہے۔

آج راقم الحروف نے اپنے کریم خالق و مالک اللہ عزوجل اور حضور پُرنور شافع محشر حضور ﷺ کے فضل وکرم' اہل بیت اطہار خصوصاً سیدنا امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما' جملہ صحابہ کرام خصوصاً خلفاءِ راشدین کے صدقے' جملہ اولیاء کاملین خصوصاً حضور غوث الثقلین سیّدی غوث اعظم اور مرکز تجلیات منبع فیوض برکات حضور سیّدی داتا گنج بخش' فیض عالم نائب رسول فی الہند حضور سیّدی معین الدین چشتی اور محافظ ناموسِ رسالت مجدد وقت محقق وقت حضور سیّدی مہر علی شاہ' گل گلستانِ زہراء وعلی وحسن وحسین' امام العارفین حجۃ الکاملین' سفیر عشق مصطفےٰ ﷺ خواجہ خواجگان محسن مربی حضور پیر سیّد غلام دستگیر چشتی کاظمی موسوی اور نائب سلطان الفقر وارث علوم دستگیر یہ عکس دستگیر حضور سیّدی مرشدی پیر سیّد احسان الحق مشہدی کاظمی چشتی موسوی اور والد ماجد محترم المقام اللہ رکھا اور والدہ ماجدہ اور اساتذہ کرام خصوصاً استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی صاحب' استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث علامہ صاحبزادہ رضائے مصطفےٰ' ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ' صدر تحفظ ناموسِ رسالت اور استاذ الاساتذہ عظیم مذہبی اسکالر شیخ الحدیث والتفسیر مفتی ڈاکٹر محمد عارف نعیمی اور استاذ الاساتذہ مفتی محمد اشرف بندیالوی' استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر مفتی محمد عبدالغفار سیالوی دام اللہ ظلہم کی دعاؤں کے صدقہ سے مسند ابویعلیٰ شریف کا ترجمہ مکمل کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اے اللہ! اپنے ان نیک بندوں کے صدقے سے قبول فرما اور اس کو میرے لیے اور والدین' اساتذہ کرام' جملہ مؤمنین' ناشرین کے لیے ذریعۂ نجات بنا دے اور اسی طرح جو زندگی کی سانسیں باقی ہیں' دین کی خدمت کی توفیق عطا فرما اور حاسدوں کے حسد اور شریروں کے شر' ظالم کے ظلم سے محفوظ فرما۔ آمین بجاہ نبی الکریم!

احقر العباد سراپا تقصیر بندہ چند روزہ:

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی غفرلہ

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج' لاہور

☆☆☆☆☆